سخت الماسی یا دھاتی چمک ، عموماً سرخی مائل بھورے رنگ کی چمک رکھتی ہے ۔

ruttish, a. شہوت پرست؛ اوباش؛ شہوانی مزاج کا یا شہوت کے رجحان والا ؛ شہوت مست ۔

ruttishly, adv. شہوت پرستانہ طور پر ؛ اوباشانہ انداز سے ۔

ruttishness, n. اوباشی ؛ شہوت پرستی ۔

rutty, a. پہیوں کے پڑے ہوئے نشانات سے بھرپور ، جیسے کوئی سڑک یا شاہراہ ۔

ruttiness, n. سڑک یا شاہراہ کے پہیوں کے نشانات سے بھرپور ہونے کی کیفیت ۔

rye, n. تلخہ ؛ رئی ؛ سی کیل (Secale) نامی ایک غذائی پودا جس پر جو کی طرح کے روئیں دار خول میں دانے لگتے ہیں ، مویشیوں کے لیے بطور چارا اگایا جاتا ہے اور اس سے آٹا ، شراب اور الکحل بھی تیار کی جاتی ہے ؛ دیلہ؛ دیوَک ۔

rye grass, n. رئی گھاس؛ چارے یا دیگر مقاصد کے لیے اگائی جانے والی مختلف گھاسوں میں سے کوئی ایک ، خاص طور پر ''لولیم پرینی'' نامی سدابہار رئی/تلخہ گھاس ۔

rye whiskey, n. رئی کی شراب؛ رئی وھسکی ؛ رئی/تلخہ سے جزوی طور پر کشید کردہ خالص یا آمیزش والی شراب ۔

S

S, s, n. انگریزی حروف تہجی کا انیسواں حرف اور پندرھواں حرف صحیح ؛ اس حرف کی آواز جو بولنے سے ظاہر ہوتی ہے ؛ حرف S,s کی وہ اشکال جو لکھائی یا چھپائی میں استعمال ہوتی ہیں ؛ کوئی چیز جو اس حرف سے معروف یا اس شکل کی ہو ؛ اس حرف کی چھپائی کا کوئی طریقہ ؛ ابتدائی رومی گنتی میں ۷ یا ۷۰ کی علامت ۔

S, علامت اور مخفف برائے Saxon, satisfactory, south (کیمیا) Sulpher ۔

's. بیشتر اسمائے واحد اور s یا es پر ختم نہ ہونے والے اسمائے جمع ، اسمائے ضمیر اور اسمیہ کلمات اور s یا z کی آواز نکلنے کی صورت میں یہ ان کے ساتھ اضافی تعلق کو ظاہر کرتا ہے (جیسے : child's, men's, someone's, the man in the street's opinion) ؛ بیشتر اسموں میں جو s یا es پر ختم ہوتے ہیں محض اضافی نشان (,) سے قبضہ ظاہر ہوتا ہے ؛ اردو میں (کا) (کی) (کے)،(جیسے : James' book or the babies' toys) ، لیکن جب مضاف الیہ کے تلفظ کے لیے ایک حرف اضافت کی ضرورت ہو تو s' لگاتے ہیں (جیسے : the witness's testimony or someone else's idea) ۔

's. علامت اختصار ؛ لفظ has کا مخفف (جیسے : He has arrived کی جگہ He's arrived) ؛ لفظ is کا مخفف (جیسے : He is here کی جگہ He's here) ؛ لفظ us کا مخفف (جیسے : Let us go کی جگہ Let's go)-(بول چال) لفظ does کا مُرخّم (جیسے : what does he need کی جگہ what's he need) (بول چال) لفظ as کا مرخم (جیسے : So as to let him know کی جگہ So's to let him know) ۔

sabadilla, n. سبدیلا ؛ شعیرک ؛ خربق ؛ کندش ؛ میکسیکو اور وسطی امریکا کا سوسنی پودا جس کے گھاس کی طرح کے لمبے پتے اور کڑوے بیج ہوتے ہیں ؛ بیج جو ویراٹرین اور ویراٹرڈائن دوا کے ماخذ کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ۔

sabbat, sabbath, n. سبات ؛ جادوگروں اور جادوگرنیوں کی نیم شب کی رنگ رلیاں یا ان کا وہ تہوار جس میں صدر محفل شیطان ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے کہ یہ تہوار سالانہ منایا جاتا ہے اور خوب داد عیش دی جاتی ہے ۔

Sabbatarian, a. سبتی ؛ یوم سبت یا سبتیوں کے اعتقادات سے متعلق ۔ (اسم) سبت پرست ؛ وہ جو ہفتے کے ساتویں دن سنیچر کو یوم سبت مناتا ہے ؛ وہ جو یوم سبت کی پابندی کرتا ہے یا اس دن سے مخصوص احکام دینی کی پابندی کے حق میں ہے ۔

Sabbatarianism, n. عقیدۂ سبت ؛ سبت پرستی ؛ پابندی سبت ۔

Sabbath, n. سَبت ، (کام چھوڑ کر آرام کرنا) ؛ سنیچر ، ہفتے کا ساتواں دن جسے یہودی اور بعض عیسائی فرقے آرام اور عبادات کا دن مانتے ہیں (کتاب خروج : ۲۰:۸ تا ۱۱) ؛ اسی طرح ہفتے کے پہلے دن اتوار کو اکثر عیسائی آرام ، عبادات اور حضرت عیسیٰ کے دوبارہ جی اٹھنے کی یادگار کے طور پر مناتے ہیں (لاوی : ۳۵ : ۴) ؛ قدیم یہودیوں کا سبتی سال (لاوی : ۳۵ : ۳)؛ آرام یا سکون کا وقت یا عرصہ ۔ (صفت) سبت کے متعلق یا سبت کے طور کا (جیسے : Sabbath morning, a Sabbath stillness) ۔

Sabbatic, Sabbatical, a. سبت سے متعلق یا اس کے طور کا ؛ آرام اور تازہ دم ہونے کا وقت فراہم کرنے والا ؛ سبتی سال ۔

Sabbatically, adv. سبتی طور پر ۔

sabbatical year, n. سبتی سال ؛ عام السبت ؛ تنخواہ کے ساتھ ایک سال کی چھٹی جو بعض تعلیمی ادارے اساتذہ کو ہر ساتویں سال تعلیم ، سفر یا تحقیق کے لیے دیتے ہیں ۔ (بائبل) قدیم اسرائیل میں موسوی قانون کے تحت جودی میں ہر ساتویں سال کھیتوں کو بے کاشت/غیر مزروعہ چھوڑنا اور کھیتی باڑی کو روکنا پڑتا تھا ۔ (لاوی: ۲۵) ۔

saber, Brit. sabre, n. تلوار ؛ سیف ، تیغ ؛ رسالے کی ایک چوڑی اور دبیز پشت والی بھاری تلوار ، جس کا پھل تھوڑا خم دار ہوتا ہے ۔ (تیغ بازی) سیف زنی کی ایک ہلکی تلوار جس کی دونوں دھاریں کاٹنے اور کند نوک چبھونے کا کام دیتی ہیں ۔(فعل متعدی) وار کرنا ؛ بھونکنا ؛ حملہ کرنا ؛ کاٹنا یا تلوار سے قتل کرنا ۔

saber rattling, n. تلوار لہرانے کا عمل ؛ جنگ کی زبانی دھمکی یا ملک دشمن طاقتوں کو متاثر کرنے کے لیے فوجی قوت کا جارحانہ مظاہرہ ۔

saber-toothed, a. کچلی دار ؛ نوکیلے دانتوں والا ؛

بہت لمبی کچلیوں والا جو اوپر کے جبڑے سے اور کبھی نچلے جبڑے کے نیچے تک پہنچی ہوتی ہیں ۔

saber-toothed tiger, n. کچلی دار شیر ؛ ایک مفقود درندہ ؛ کوئی ناپید بڑی بلی جیسا گوشت خور درندہ جو تمام مغربی نصف کرے میں اولی گوسین تاپلیسٹوسین یعنی جدید ترین طبقاتی ادوار میں پایا جاتا تھا ، جس کے اوپری کچلے بہت لمبے اور تلوار کی طرح مڑے ہوتے تھے ۔

sabin, n. (طبیعیات)سبن ؛ آواز کے انجذاب کا ایک پیمانہ جس کی اکائی ، ایک مربع فٹ کے مکمل انجذاب کے برابر ہوتی ہے اور جو ایک مربع فٹ کی کھلی کھڑکی سے مہیا ہوتی ہے ۔

Sabine, a. سیبین ؛ وسطی اطالیہ کی ایک قدیم قوم سیبیون کا یا ان کے متعلق ، جو خصوصاً روم کے شمال مشرقی اپینائن میں آباد تھی اور جنھیں رومنوں نے ۲۹۰ ق ۔ م کے قریب مغلوب کر لیا تھا ؛ سیبینوں کی زبان کے متعلق ۔ (اسم) سیبین قوم کا ایک فرد ؛ وہ زبان جو وہ بولتے تھے ۔

sable, n. سیبل ؛ ایک گوشت خور میمل بیشتر ایشیا کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے جسے سیاہ چمکدار سمور کے لیے شکار کیا جاتا ہے ؛ سیبل کی سمور ۔ (جمع) پوشاک خاص کر سیبل کے سمور کا کوٹ ؛ سیاہ رنگ یا سیاہی مائل بھورا ؛ ماتمی رنگ ۔ (صفت) گہرا سیاہ ؛ کالا ؛ سیبل کے سمور کا بنا ہوا ۔

sablefish, beshow, blackcod, n. سابل ؛ سیاہ کاڈ مچھلی ؛ خوردنی سیاہی مائل مچھلی جو شمالی بحرالکاہل میں پائی جاتی ہے ؛ شمالی بحرالکاہل کی مچھلی جو اینا پلوپوما فمریا (Anoplopoma fimbria) کہلاتی ہے ۔

sabot, n. سبوٹ ؛ چوبی جوتا ؛ کھڑاؤں ؛ لکڑی کا جوتا جو فرانس اور بلجیئم کے کسان پہنتے ہیں ؛ جوتا جس کا تلا لکڑی کا اور اوپر کا حصہ چمڑے کا ہوتا ہے ۔ (توپ خانہ) سہارا یا سانچا جس میں گولا رکھا جاتا ہے تا کہ اسے گولے سے بڑے دہانے کی توپ سے داغا جا سکے ؛ ایلومینیم کا ایک خول جو بعض بکتر شکن گولوں کے فولادی قالب کے ارد گرد نصب کرتے ہیں ۔

sabotage, n. سبوتاژ ؛ تخریب کاری ؛ توڑ پھوڑ ؛ شرارت انگیزی ؛ بدنیتی سے کام ، اوزار یا مشین کو پہنچایا گیا نقصان یا کی گئی تباہی ؛ پیداوار یا تجارت میں ڈالی گئی درپردہ رکاوٹ ، جیسا کہ غیر مطمئن ملازمین یا دشمن کے گماشتے دوران جنگ میں کرتے ہیں ؛ معاندانہ حملہ یا بربادی ۔ (فعل متعدی) نقصان پہنچانا ؛ تباہ کرنا ؛ تخریبی حملہ کرنا ۔

saboteur, n. تخریب کار ؛ وہ جو تخریب کرتا ہے ۔

sabra, n. صبرا ؛ قدیم اسرائیلی باشندہ ۔

sabretache, n. تلوار کا تھیلا ؛ سوار کی تلوار کی پیٹی سے لمبے فیتوں کے ساتھ لٹکا ہوا چمڑے کا تھیلا ۔

sabulous, a. ریگی ؛ ذرات دار ؛ ریتلی ؛ کنکریلی ؛ ریت والی ؛ کنکروں والی ۔

sac, n. تھیلی ؛ تھیلا ؛ کیسہ ؛ بوری ؛ جانور یا پودوں میں پائی جانے والی تھیلی یا جوف ، اکثر رقیق مادے کے لیے (جیسے : the lachrymal sack)۔

saclike, a. تھیلی جیسا ۔

sacaton, n. سیکیٹون ؛ ایک سدا بہار گھاس جو جنوب مغربی امریکا اور میکسیکو میں خشک چارے کی بجائے استعمال کی جاتی ہے ۔

saccate, a. (حیاتیات) کیسہ دار ؛ تھیلی والا ؛ تھیلی دار یا تھیلی کی شکل کا ۔

saccharate, n. (کیمیا) شکری نمک ؛ سیکریٹ ؛ کسی شکری تیزاب کا نمک ؛ شکر اور فلزاتی تیزاب کا نمک ۔

saccharic, a. (کیمیا) شکریکی ؛ شکری ؛ سکرین سے متعلق یا اس سے حاصل شدہ یا وہ مرکبات جن میں سکرین ہو ؛ شکری تیزاب یا اس سے متعلق ۔

saccharic acid, n. (کیمیا) شکری تیزاب ؛ سفید قلمی،پانی میں حل پذیر تیزاب ، جو گلوکوز کی شورے کے تیزاب کے ذریعے تکسید سے حاصل ہوتا ہے ۔

saccharide, n. (کیمیا) سکرائڈ ؛ شکری نشاستہ ؛ شکری مرکب ؛ شکری نشاستے کا غذائی مرکب ؛ عام شکر یا مختلف اقسام کی شکر کا آمیزہ ۔

saccharify, v.t. شکرانا ؛ شکر بنانا ؛ شکر میں تبدیل کرنا ۔

saccharification, n. شکرانے کا عمل ؛ شکر سازی ۔

saccharimeter, n. بصری شکر پیما ؛ ایک بصری آلہ جس سے شکری محلول کی قوت کا تعین کسی سطح پر مقطب روشنی کی گردش کی مقدار ناپ کر کیا جاتا ہے،جب اس مقصد کے لیے روشنی کو شکری محلول سے گزارا جاتا ہے ۔

saccharin, n. (کیمیا) سیکرن ؛ سکرین ؛ ایک مصنوعی طور پر بنایا ہوا سفید قلمی مادہ جو حل شدہ حالت میں گنے کے شکر سے ۳۰۰ سے ۵۰۰ گنا تک میٹھا ہوتا ہے اور حرارے سے پاک شکر کے طور پر مستعمل ہے ۔

saccharine, a. مٹھاس والی/سکرینی ؛ شکر سے متعلق یا اس کی خاصیت کی ؛ شکر کی حامل یا اس کے مشابہ ؛ میٹھا ۔ (مجازاً) شکر کی مٹھاس کا (جیسے : his saccharine flattery) ۔ (اسم) سیکرینی مادہ یا سیکرن ۔

saccharinely, adv. مٹھاس کے طور پر ۔

saccharinity, n. مٹھاس ،شیرینی ۔

saccharoid, saccharoidal, a. (ارضیات) شکر نما ؛ دانہ دار ؛ ایسی شکل کا جو مصری کے ڈلے کے مشابہ ہو ۔

saccharometer, n. (کیمیا) شکر پیما/شکر سنج ؛ کسی محلول میں شکر کی مقدار کی پیمایش والا آلہ ۔

saccharomycete, n. سکرومائی سیٹ ؛ سکرومائی سیس کی نوع اور خمیر کے خاندان کی پھپھوندی جس کو شکر کی تخمیر میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

saccharomycetic, a. خمیری نوعیت رکھنے والی ۔

saccharose, n. (کیمیا) سیکروز ؛ شکر ؛ چینی ؛ قند ۔

sacculate, sacculated, a. کیسہ نما ؛ پوٹلی ؛ لفی ؛ چھوٹی جھولیوں والا یا جھولی کی طرح پھیلنے والا ؛ ملفوف ؛ جوف دار ۔

sacculation, n. پھیلاؤ ؛ وسعت پذیری ؛ کیسہ داری ۔

saccule, n. کیسک ؛ چھوٹی تھیلی ۔ (تشریح الاعضا) کان کے اندرون (پُرپیچ) حصّے کی دو چھوٹی تھیلیوں میں سے ایک ۔

sacerdotal, a. مشائخی ؛ مشائخیتی ؛ پاپائی ؛ پاپائیتی ؛ پروہتائی ؛ قدسی ؛ مشائخوں ، پادریوں اور پروہتوں سے متعلق ؛ ملّائی ؛ مشائخانہ ؛ پادریانہ ؛ پروہتانہ ؛ قدسیانہ ۔

sacerdotalism, n. مشائخی نظام ؛ پاپائی نظام ؛ پروہتائی نظام ؛ پاپائیت ؛ پروہتائی طور طریق ؛ قدسیت پرستی ۔

sacerdotalist, n. مشائخ پرست ؛ شیخ پرست ؛ پوپ پرست ؛ پروہت پرست ؛ پیر پرست ؛ مشائخ نواز ؛ قدسیت پرست ۔

sacerdotally, adv. مشائخانہ انداز سے ؛ پاپائی طریق سے ؛ پروہتائی انداز پر ؛ پیر پرستانہ ؛ قدسیانہ انداز سے ۔

sac fungus, n. (نباتیات) جھولی دار کُھمبی ؛ لفی کھمبی ؛ لفی فطرات ؛ ملفوف کھمبی ؛ کھمبی کی ایک قسم کا عمومی نام ؛ لفہ دار کھمبی جس میں خود افزایشی خلیے پیدا ہوتے ہیں ۔

sachem, n. ساچم ؛ قبائلی سردار ۔ (سیاسیات) بعض ریڈانڈین قبائل کا سردار ؛ نیویارک شہر کی تمانی سوسائٹی کے اعلی عہدے داروں کی جماعت کا ایک فرد ۔

sachemic, a. ساچمی ؛ سردارانہ ۔

sachemship, n. ساچمیت ؛ سرداری ؛ سرداریت ۔

sachet, n. خوش بو کی ڈبیا ؛ ساشے ؛ خوش بو دار پاؤڈر رکھنے کی چھوٹی سی تھیلی یا ڈبیا ؛ ساشے پاؤڈر ۔

sack, n. بورا ؛ تھیلا ؛ کسی مضبوط ریشے کا بنا ہوا بڑا تھیلا (اناج ، آٹا ، کوئلہ وغیرہ رکھنے کے لیے) ؛ وہ مقدار جو ایک بورے میں آ جائے ؛ وزن کی مختلف اکائی کے طور پر مستعمل ؛ کوئی بھی تھیلی (جیسے : a sack of candy) ؛ ایک ڈھیلا ڈھالا جامہ جو سترھویں اور اٹھارویں صدیوں میں یورپی عورتیں پہنتی تھیں ؛ ڈھیلا ڈھالا کوٹ یا جیکٹ خاص کر عورتوں اور بچوں کی ۔ نیز : sacque ۔ (عوامی) بستر ؛ برطرفی یا برخاستگی ، جیسے ملازمت سے ۔ (بیس بال) بیس بال کی بنیادی لکیر ۔ (فعل متعدی) بورے یا بوروں میں ڈالنا ۔ (عوامی) برطرف کرنا ؛ برخاست کرنا یا نکال دینا ، جیسے ملازمت سے ۔

hit the sack, سونے کے لیے بستر پر جانا ۔

sack out, (عوامی) سو جانا یا بستر پر لیٹ جانا ۔

sack, v.t. لوٹ مار یا غارت گری کرنا ؛ قبضہ کرنے کے بعد تاخت و تاراج کرنا ؛ لوٹنا ، جیسے کسی شہر کو ۔ (اسم) لوٹ کھسوٹ ؛ کسی مفتوحہ جگہ کی لوٹ ، غارت گری ۔

sacker, n. لوٹنے والا ؛ غارت گر ، لٹیرا ۔

sack, n. شراب ؛ مختلف اقسام کی پھیکی ، ہلکی رنگت والی شرابوں میں سے کوئی سی شراب جو پہلے خصوصاً سولھویں اور سترھویں صدیوں کے درمیان ہسپانیہ اور جنوبی یورپ سے انگلستان میں بھاری تعداد میں درآمد کی جاتی تھی ۔

sackbut, n. ترم ؛ ایک آلۂ موسیقی ؛ ایک ساز ، عہد وُسطی میں آج کے بڑے ترم کا پیش رو ۔ (بائبلی) تاروں والا آلۂ موسیقی (دانیال: ۳ : ۵) ۔

sackcloth, n. ٹاٹ ؛ گدڑی ؛ دلق ؛ ماتمی کپڑا ؛ کھردرا کپڑا ؛ ٹاٹ جس سے بورے بناتے ہیں ؛ موٹا پہناوا یا گدڑی جو ماتم ، کفارے یا نفس کشی کے لیے پہنتے ہیں ۔

in sackcloth and ashes, ندامت ، غم یا توبہ کی حالت میں ۔ (بائبلی) نداءت ، غم یا توبہ کے اظہار کے لیے ٹاٹ کا لباس/گدڑی پہننا اور سر پر راکھ ڈالنا ۔

sack coat, n. ڈھیلا کوٹ ؛ جیکٹ ، مردانہ ڈھیلی صدری یا چھوٹا کوٹ جس کی پیٹھ سیدھی ہوتی ہے اور کمر پر کوئی سلائی نہیں ہوتی ۔

sackful, n. بورے بھر ؛ وہ جنس یا مقدار جو ایک بورے میں آ جائے ۔

sacking, n. سن ؛ پٹ سن ؛ جوٹ یا سن کے ریشے کا بُنا ہوا کھردرا کپڑا جس سے بورے بناتے ہیں ۔

sack race, n. بوری دَوڑ ؛ تھیلا دَوڑ ؛ وہ دوڑ جس میں مقابلہ کرنے والے کے پاؤں بورے میں بند ہوتے ہیں اور دوڑنے والا صرف اچھل اچھل کر یا ٹپا لگا کر ہی آگے بڑھ سکتا ہے ۔

sack racer, n. بوری دوڑ میں بھاگنے والا ۔

sack racing, n. بوری دوڑ ؛ بوری دوڑ کا عمل یا اقدام ۔

sacque, n. دیکھیے : sack ۔

sacral, a. مقدس ؛ متبرک ؛ قدسی ؛ مقدس رسومات یا مقدس رسومات سے متعلق ۔

sacrament, n. شعیرہ ؛ شعائر مقدسہ ؛ حضرت عیسیٰ کی وفات کا یادگاری توشہ ؛ تبرک ؛ مقدس رسومات ؛ حضرت عیسیٰ کی قائم کردہ عیسوی کلیسا کی چند اہم مذہبی رسومات میں سے کوئی ایک جنھیں اندرونی اور روحانی فیوض کا خارجی اور ظاہری نشان سمجھا جاتا ہے ، رومی کیتھولک اور دوسرے راسخ العقیدہ کلیساؤں کی ان رسومات میں بپتسمہ ، مقدس عَشائے ربّانی ، قبولیت ، مناکحت ، پاک سلسلے ، تزکیہ اور بوقت نزع متبرک روغن کا ملنا شمار کیے جاتے ہیں ؛ اکثر پروٹسٹنٹ کلیساؤں میں بپتسمہ اور عشائے ربانی ۔ (بڑے S سے) عشائے ربانی کی نیاز کے اجزا ، خاص کر روٹی ۔ نیز : Blessed Sacrament ؛ یوکارسٹ یا عشائے ربانی ؛ مقدس خصوصیت یا پُراسرار اہمیت کی حامل چیزیں (اشارہ ، نشان یا علامت) ۔

sacramental, a. رسم مقدّسہ کا ؛ سِرّ مقدس سے مخصوص ؛ مقدس رسم کا ، اس جیسا یا اس سے متعلق ، خاص کر رسم عشائے ربانی ؛ فرض کی طرح خصوصیت کے ساتھ مقدس ؛ کسی خارجی نشان یا علامت سے منسوب یا اس کی خاصیت کا ۔ (اسم) کلیسا کی مقدس رسومات کی مانند یا ان کی طرح مگر ان میں شامل نہیں ، جیسے صلیب کا نشان یا آبِ مقدس کا استعمال ۔

sacramentally, adv. مذہبی حُکم کی رُو سے ۔

sacramentalism, n. تقدیسیت ؛ انکارِ حضوری (عیسوی) ؛ کوئی عقیدہ یا اعتقاد جو مقدس رسومات پر زور دیتا ہو ؛ روحانی نجات کے لیے مقدس رسومات کے موثر ہونے پر ایقان رکھتا ہو ۔

sacramentalist, n. عقیدۂ انکار حضوری کا معتقد یا پابند رسومات ؛ رسم مقدس کو ماننے والا ۔

Sacramentarian, n. پابند دینی امور (عیسوی) ؛ رسم مقدس کو ماننے والا ؛ شعائری ؛ منکر حضوری ؛ وہ شخص جو یہ مانتا ہے کہ عشائے ربّانی کی روٹی اور شراب کو علامتی یا تشبیہی طور پر حضرت عیسیٰ کا جسم اور خون کہا جا سکتا ہے ۔ (چھوٹے s سے) عقیدۂ انکار حضوری کا معتقد ۔ (صفت) مقدس رسومات یا منکر حضوری سے

متعلق ۔

sacramentarianism, n. عقیدۂ انکار حضوری ؛ عقیدے کے مطابق پابندیٔ رسومات ۔

sacred, a. مقدس ؛ متبرک ؛ پاک ؛ پوتر ؛ معظم ؛ قابل تعظیم ؛ واجب الاحترام ؛ قُدسی ؛ کسی دیوی ، دیوتا یا مذہبی مقصد کے لیے وقف یا اس سے منسوب ؛ نذر کیا ہوا ؛ الوہیت یا الوہی چیزوں سے تعلق کی بنا پر واجب الاحترام یا مذہبی حرمت کا سزاوار ؛ منزّہ ؛ پاک ؛ مذہب سے نسبت یا مذہب سے متعلق (جیسے : sacred music) ؛ ملحدانہ اور لادینی موسیقی کے برعکس ؛ کسی شخص یا شے کے ساتھ احتراماً وقف (جیسے : a monument sacred to the memory of a person) ؛ مقدس اشیا کی طرح قابل احترام (جیسے : sacred memory of a dead hero) ؛ جن کا تقدس دست اندازی یا بے حرمتی سے پامال نہیں کیا جاتا (جیسے : a sacred oath) ؛ تشدد یا مداخلت سے محفوظ ، جیسے کوئی شخص یا اس کا عہدہ ۔

sacredly, adv. مقدسانہ ۔

sacredness, n. تقدّس ۔

sacred cow, n. مقدّس گائے-(بول چال) کوئی شخص ، جماعت یا ادارہ جو تنقید یا مذمت سے بالا سمجھا جاتا ہو ۔

sacrifice, n. قربانی ؛ نذر ؛ ایثار ؛ صدقہ ؛ بھینٹ ؛ چڑھاوا ؛ کسی دیوی/دیوتا کی خوشنودی کے لیے یا عقیدت مندی میں ، جانور یا کسی اور چیز کا چڑھاوا ؛ وہ چیز جو اس طرح پیش کی جائے ؛ کسی اور چیز کی خاطر جو بالاتر حق رکھتی ہو ، کسی قیمتی یا پسندیدہ چیز سے دست برداری یا اس کی قربانی ؛ اس طرح چھوڑی گئی یا تلف کردہ چیز ؛ کسی چیز کو اس کی قیمت سے کم پر بیچنے کا نقصان ۔ (فعل لازم و متعدی) کوئی قربانی یا پیشکش کرنا ؛ دست بردار ہونا یا چھوڑ دینا ، کسی اور چیز کی خاطر چوٹ کھانا یا نقصان اٹھانا ؛ پیشکش کرنا یا قربانی کرنا ۔

sacrificer, n. قربانی دینے / کرنے والا ؛ نذر دینے والا ۔

sacrifice fly, n. (بیس بال) سیکری فائس فلائی ؛ دور ضرب لگی ہوئی گیند ؛ وہ دور اڑی ہوئی گیند جو بنیادی لکیر پر کھڑے ہوئے دوڑ لگانے والے کو آگے بڑھنے یا اسکور کرنے کا اس وقت موقع دیتی ہے جب کہ میدان کی بیرونی حد پر دوسرا کھلاڑی گیند پکڑ لیتا ہے ۔

sacrifice hit, sacrifice bunt, n. (بیس بال) سیکری فائس ہٹ ؛ ایک دانستہ طور پر لگائی گئی ہلکی ضرب یا قریب گرائی گئی گیند جو دوڑ لگانے والے کو ایک لکیر پر آگے بڑھا دیتی ہے جب کہ بلاّ باز پہلی لکیر پر واپس لوٹ جاتا ہے ۔

sacrificial, a. قربانی کا ؛ قربانی سے متعلق یا قربانی پر مشتمل ۔

sacrificially, adv. نذرونیاز کے طور پر ؛ بھینٹ بنا کر ۔

sacrilege, n. بے حرمتی (مذہبی) ؛ بے ادبی (مذہبی) ؛ کسی متبرک یا قابل تعظیم شے کی ہتک یا بے حرمتی ، اس کی ایک مثال خدا کے نام پر وقف شدہ چیز کی چوری ۔

sacrilegious, a. بے حرمتی کا/بے ادبی کا مرتکب ؛ گنہگار ۔

sacrilegiously, adv. بے ادبی کے ساتھ ؛ گستاخانہ ۔

sacrilegiousness, n. مذہبی امور میں گستاخی کا مرتکب ۔

sacristan, sacrist, n. داروغۂ کلیسا ؛ کلیسا کے کپڑے اور برتن رکھنے کی جگہ کا نگہبان ۔

sacristy, n. سیکرسٹی ؛ کلیسا کا وہ کمرہ جہاں متبرک ظروف اور پادریوں کے لبادے رکھے جاتے ہیں ۔ دیکھیے : vestry ۔

sacroiliac, a., n. (تشریح الاعضا) سیکرولییک ؛ مقعد اور کمر کی ہڈیوں سے متعلق ؛ ان دونوں ہڈیوں کا یا ان دونوں کے درمیانی جوڑ کا یا جوڑنے والی جھلّی کے متعلق ۔

sacrosanct, a. مقدس ؛ متبرک ؛ انتہائی متبرک اور قابل حرمت ؛ مقدس اور واجب التحریم ۔

sacrosanctity, sacrosanctness, n. قدسیت ؛ حُرمت ۔

sacrosciatic, a. (تشریح الاعضا) عجزی وِرکی ؛ مقعد اور سرین دونوں ہڈیوں سے مشترکہ طور پر متعلق ۔

sacrum, n. (تشریح الاعضا) سیکرم ؛ مقعد کی ہڈی ؛ عجز ؛ عَظمِ عجز ؛ صلبی خطے اور پیڑو کے درمیانی حصے میں دو یا دو سے زیادہ مہروں کے جڑ جانے سے پیدا ہونے والی ہڈی جو مرد کے پیڑو کی عقبی دیوار کی تشکیل کرتی ہے ۔

sacral, a. عَظمِ عجز کا ۔

sad, a. اداس ؛ مغموم ؛ رنجیدہ ؛ ملول ؛ غمگین ؛ غمزدہ ؛ سوگوار ؛ غم کا مارا ؛ محزون ؛ غم انگیز ؛ غم آثار ؛ بُرا یا ناکام (جیسے : a sad attempt at success) ۔

sadly, adv. غم گینی سے ؛ رنجیدگی سے ؛ اداسی سے ۔

sadness, n. غمگینی ؛ اداسی ؛ رنجیدگی ؛ افسردگی ؛ اندوہگینی ؛ حُزن ؛ رنج ؛ غم ؛ اندوہ ۔

sadden, v.t., v.i. افسردہ کرنا ؛ غمگین یا غم زدہ کرنا ؛ دل گیر ، آزردہ یا ملول کرنا ؛ غمگین یا غمزدہ ہونا ؛ آزردہ یا ملول ہونا ۔

saddle, n. زین ؛ کاٹھی ؛ پالان ؛ ایک ساز جو گھوڑے یا دیگر جانوروں کی پیٹھ پر کسا ہوا ہو اور سوار کے لیے نشست کا کام دے ؛ اس طرح کی نشست ، جیسے بائیسکل پر ؛ زین کا ایک حصہ جو گھوڑے کی پیٹھ پر رکھا جاتا اور اس کے پیٹ کے نیچے کس دیا جاتا ہے ، جس میں باگ کے حلقے جوڑے جاتے ہیں اور باگ ڈور کو محفوظ کر لیا جاتا ہے ؛ کوئی چیز جو اپنی شکل یا وضع میں زین جیسی ہو ؛ دو بلندیوں کو ملانے والا ابھار ؛ کھجورا ، مگری ، مکھ جوڑ ؛ وہ چول یا بیئرنگ جو ریل گاڑی کے پہیے کے دُھرے میں ہوتا ہے ؛ وہ قالب/سانچا جس کا بالائی حصہ کھوکھلا ہو جس میں وہ گول چیز رکھی جا سکے جس پر کام ہو رہا ہو ؛ بکرے ، ہرن وغیرہ کے گوشت کا ٹکڑا جو پُٹھ سمیت کمر کے دونوں حصوں پر مشتمل ہو ؛ مرغ کی پیٹھ کا پچھلا حصہ ۔ (فعل متعدی و لازم) زین کسنا ، جیسے گھوڑے پر ؛ بوجھ ڈالنا ؛ ذمہ دار ٹھہرانا (جیسے : they saddled him with responsibilities)؛ زین کسنا ؛ زین پر بیٹھنا (اس کے بعد اکثر لفظ up آتا ہے) ۔

saddle-backed, a. زین پشت ؛ کاٹھی پٹھا ؛ کوہان پشت ؛ کوہانی ؛ جس کی پیٹھ یا بالائی سطح زین جیسی پیالہ نما ہو ، جیسے پچک پیٹھ گھوڑا ؛ پشت پر زین کی طرح کا نشان رکھنے والا ، جیسے کچھ جانوروں کے ہوتے ہیں ۔

saddlebag, n. زین کا تھیلا ؛ خورجی ؛ ان دو تھیلوں میں سے ایک جو زین یا کسی جانور کی پیٹھ ، سائیکل یا موٹر سائیکل سے لٹکائے

کا مریضانہ حصول ؛ ظلم سے لطف اندوز ہونے کا رجحان بمقابلہ : masochism ۔

sadist, n. سادیت پسند ؛ ایذا پسند ؛ سادی ۔

sadistic, a. سادیتی ۔

sadistically, adv. سادیتی انداز میں ۔

sadomasochism, سادی مزدکیت ؛ اذیت پسندی ؛ اپنے آپ کو یا دوسرے کو اذیت دے کر مسرت حاصل کرنے کا عمل ۔

sadomasochist, n. اذیت پسند ۔

sadomasochistic, a. اذیت اٹھانے یا دینے والا ؛ ایذا پسندی کا ۔

sad sack, n. (عوامی) بڑبڑیا ؛ بڑبولا ، بے اثر آدمی ۔

safari, n. [عربی] سفری ؛ سفاری ؛ سفر یا مہم (خصوصاً مشرقی افریقہ میں) شکار وغیرہ کے لیے ؛ لوگوں کی جماعت اور وہ سازوسامان جو ایسی مہم میں درکار ہو ۔

safe, a. محفوظ ؛ خطرے سے خالی ؛ چوٹ ، زخم یا نقصان سے بچا ہوا ؛ غیر نقصان دہ ، بے ضرر ؛ امانت دار ؛ قابلِ اعتماد ، بھروسے کے قابل ؛ نقصان پہنچانے کی صلاحیت سے دور ؛ کسی خطرے ، ضرر یا غلطی کے احتمال سے پرے ؛ جس میں نزاع کا ڈر نہ ہو (جیسے : a safe judgement) ۔ (بیس بال) بنیادی لکیر پر کامیابی سے پہنچا ہوا ۔

safely, adv. بلا خوف و خطر ؛ بخیر و عافیت ؛ صحیح سلامت ؛ بحفاظت ۔

safeness, n. عافیت ؛ سلامتی ؛ تحفظ ۔

safe, n. تجوری ؛ نعمت خانہ ؛ سیف ؛ کوئی صندوق ، عموماً دھات کا بکس یا تہ خانہ جس میں نقصان یا چوری سے حفاظت کے لیے قیمتی اشیا رکھتے ہیں ؛ کوئی ذخیرہ گاہ ، نعمت خانہ جسے سڑنے گلنے والی چیز ، جیسے گوشت کو محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

safe-conduct, n. پروانۂ راہ داری ؛ وہ دستاویز جو اجازت نامے یا حفاظت نامے کا اس وقت کام دے جب غیر یا دشمن ملک کے سفر میں ہوں ، خصوصاً جنگ کے دوران ؛ اس جیسی فراغت ؛ ایک دستہ یا محافظ /گارڈ جو سفر میں حفاظت کا ذمہ دار ہو ۔ (فعل متعدی) پروانۂ راہ داری دینا ۔

safe-cracker, safebreaker, n. تجوری شکن ؛ تجوری توڑنے والا ؛ وہ شخص جو چوری کی نیت سے تجوری توڑتا یا کھولتا ہے ۔

safecracking, n. تجوری شکنی ؛ تجوری توڑنے یا کھولنے کا عمل ۔

safe-deposit, safety-deposit, n., a. امانیہ ؛ امانیہ تحویل ؛ محفوظ تحویل ؛ تحویل محفوظ ؛ قیمتی اشیا کی حفاظتی تحویل فراہم کرنے والا (جیسے : safe deposit vaults) ؛ کمرہ یا تہ خانہ جہاں قیمتی چیزیں محفوظ کی جا سکیں ۔

safe-deposit box, safety-deposit box, n. ؛ امانیہ صندوق ؛ تجوری ؛ ایک بکس ، دراز یا اسی طرح کا آگ روک چیزدان جس میں قیمتی اشیا رکھی جائیں ، عموماً یہ بینک یا امانیہ کمپنیوں میں ہوتا ہے ۔

safeguard, n. حفاظت ؛ محافظ ؛ وہ شخص یا چیز جو دفاع یا حفاظت کرتی ہے ؛ دفاع ؛ تحفظ ؛ کوئی دستہ یا محافظ ، بدرقہ ؛ حفاظتی آلہ ؛ مسافر کی حفاظت کا ضمانت نامہ ؛ راہ داری ۔ (فعل متعدی) نگہبانی کرنا ؛ حفاظت کرنا ؛ دفاع کرنا ۔

جاتے ہیں ۔

saddlebow, n. زین کمان یا زین کمانی ؛ کوہانہ ؛ دو خمیدہ ٹکڑوں کو کمان یا محراب کی طرح جوڑ کر بنایا ہوا زین کا اگلا اٹھا ہوا حصہ ؛ زین کا محراب نما حصہ ، گول موٹھ ۔

saddlecloth, n. عرق گیر ؛ پالانہ ؛ زین پوش ؛ غاشیہ ؛ نمدا ؛ گھوڑے کی پیٹھ پر زین کے نیچے بچھائے جانے والا کپڑا ۔

saddle horse, n. سواری گھوڑا ؛ مَرکَب ؛ وہ گھوڑا جو زین کے ساتھ خاص کر سواری میں استعمال ہوتا یا تربیت یافتہ ہو ۔

saddle leather, n. زینی چمڑا ، چرم زین ؛ نباتی اجزا کے ذریعے کمائی ہوئی کھال جو زین سازی کے کام آتی ہے ؛ دوسرے جانوروں کی اس طرح تیار کی ہوئی کھالیں جو نباتی اجزا میں کمائے ہوئے مویشی کے چمڑے کے مشابہ ہو ۔

saddler, n. زین ساز ؛ سراج ؛ زین فروش ؛ وہ جس کا پیشہ زین بنانا (زین سازی) ، اس کی مرمت کرنا یا زین اور گھوڑے کے دوسرے سازوسامان بیچنا ہو ۔

saddle roof, n. کاٹھی چھت ؛ کوہانی چھت ؛ سادہ خیمہ نما چھت جس کے دونوں تکونی سرے ایک درمیانی پشتے سے ملے ہوئے ہوں ۔

saddlery, n. زین اور اس کے حصے ؛ زین ساز کی دکان اور اس کی ساختہ اشیا ؛ زین کی تجارت یا حرفت ۔

saddle shoe, n. سیڈل شُو ؛ آکسفورڈ وضع کا عموماً سفید رنگ جوتا جس کے بالائی حصے پر ایک چوڑی سیاہ پٹی ہوتی ہے ۔

saddle soap, n. زین صابن ؛ ایک قسم کا ملائم صابن جس میں مویشی کی مالش کا تیل ملا کر چمڑے کو صاف اور استوار کیا جاتا ہے ۔

saddle sore, n. کاٹھی چھالا ؛ کاٹھی لاگ ؛ ٹھیک طرح سے نہ کسے ہوئے زین کی رگڑ سے گھوڑے کی پیٹھ پر پیدا ہونے والا گھاؤ ؛ وہ سوزش جو گھڑ سوار کو زین کی رگڑ سے ہو جاتی ہے ۔

saddlesore, a. زین سواری سے پیدا ہو جانے والی یا اُس جیسی اکڑہٹ یا لاگ ۔

saddletree, n. زین کا ڈھانچا ؛ کاٹھی ؛ زین کے لیے لکڑی کا ڈھانچا ۔

Sadducee, n. صَدُوقی ؛ موسوی قانون کی لفظی تعبیر کا معتقد ؛ خصوصاً ربیوں اوراشراف پر مشتمل ایک یہودی فرقہ جو ایک صدی قبل مسیح تا ایک صدی بعد مسیح فروغ پذیر رہا ، یہ فرقہ زبانی روایات جیسے حشر ، حیات بعد الممات ، اخروی زندگی میں جزاوسزا اور فرشتوں کا منکر تھا ۔

Sadducean, a. صَدُوقی ؛ صدوقیت کا پیرو ۔

Sadduceeism, n. صدوقیت ۔

sadhu, n. [اردو ، ہندی] سادھو ؛ ہندو راہب ؛ درویش ، فقیر ۔

sadiron, n. استری ؛ ٹھوس ، دونوں کناروں سے نکیلی ، دستے والی لوہے کی استری جس کا دستہ الگ کیا جا سکتا ہے ۔

sadism, n. (تحلیل نفسی) سادیت ؛ آزار دوستی ؛ ایذا پسندی ؛ دوسروں کو جسمانی یا ذہنی اذیت دے کر جنسی مسرت

safekeeping, n. محافظت ؛ حفاظت سے رکھنے کا عمل ؛ تحفظ کی حالت ؛ حفاظت ۔

safelight, n. (عکّاسی) محفوظ روشنی ؛ وہ چھنی ہوئی روشنی یا سرخ لیمپ/ بتی جو اندھیرے کمرے میں استعمال کی جاتی ہے ، جس سے تھوڑی روشنی ملتی ہے جبکہ وہ شعاعیں جو عکس بندی کے لیے نقصان دہ ہیں باہر رہ جاتی ہیں ۔

safety, n., a. حفاظت ؛ امن ؛ سلامتی ؛ اطمینان ؛ بچاؤ ؛ آسرا ؛ آڑ ؛ حفاظت کی حالت یا کیفیت ؛ خطرے یا گزند سے آزادی/فراغت ؛ خطرہ پیدا نہ کرنے والی حالت یا صفت ؛ حادثے کی روک تھام کا آلہ یا وسیلہ (جیسے : a safety on a gun) ۔ (فٹ بال) ایک کھیل جس میں دفاعی ٹیم کو دو پوائنٹ ملتے ہیں۔اگر جارح ٹیم کا کھلاڑی اپنے ہی گول لائن کے پیچھے گیند گرا دے ، touch back سے ممیز ۔ (بیس بال) کوئی ایسی ضرب جس سے بلّے باز بآسانی دوسرے گھر تک پہنچ سکتا ہو ۔

safety belt, n. حفاظتی پیٹی ؛ بچاؤ پیٹی ؛ کسی شخص کو حفاظت کے لیےنشست یاکسی بے حرکت چیز کے ساتھ باندھنے کی پٹّی/پیٹی ؛ نشست بند ؛ کُرسی بند ۔

safety glass, n. حفاظتی شیشہ ؛ شیشے کےپلّے جن کے اندر حفاظتی عامل جیسے پلاسٹک یا تار پیوستہ ہوتے ہیں تا کہ وہ چوٹ لگنے سے چکنا چور نہ ہو جائیں ۔

safety lamp, n. حفاظتی لیمپ/سیفٹی لیمپ ؛ بند لالٹین ؛ کوئلے کی کان میں روشنی کرنے والا لیمپ جس کی لو باریک تار کی جالی کے خول میں بند ہوتی ہے تا کہ کان میں موجود کوئی آتش گیر گیس بھڑک نہ اٹھے ۔

safety match, n. دیا سلائی ؛ ماچس ، کاڑی ؛ وہ دیا سلائی جو صرف اس وقت جلتی ہے جب اسے خاص طور پر تیار کردہ رگڑنی پر رگڑا جائے ۔

safety pin, n. حفاظتی پن ، سیفٹی پن ؛ محفوظ سوئی ؛ بکسوئے کی طرز کی کوئی سوئی جس کا دوہرا کیا ہوا حصہ کسی آڑ میں چھپ جاتا ہے اور یوں کسی کو چبھ نہیں سکتا ۔

safety razor, n. محفوظ استرا ؛ سیفٹی ریزر ؛ ایک استرا یا ریزر جس میں ایک یا زیادہ رکاوٹیں ہوتی ہیں تا کہ جلد کٹنے سے محفوظ رہے ۔

safety valve, n. محفوظ صمام ؛ حفاظتی والو ؛ سیفٹی والو ؛ ایسا والو ، صمام ، کُھل منِدن جیسا بھاپ بوائلر میں ہوتا ہے ، جو غیر معمولی دباؤ سے از خود کھل کر زائد بھاپ یا سیّال مادے کو خارج ہونے دیتا ہے ؛ زائد جذبے ، توانائی یا تشویش کی نکاسی کا کوئی ذریعہ ۔

safety zone, safety island, n. حفاظتی منطقہ/علاقہ ؛ نشان زدہ حصہ عموماً شارع عام کے وسط میں پیدل چلنے والوں کے لیے مخصوص تا کہ وہ موٹر گاڑیوں سے محفوظ رہیں ۔

safflower, n. کَسم ؛ زعفران کاذب ؛ عُصفر ؛ قدیم دنیا کی ایک گوکھرو جیسی خار دار مرکب بوٹی جس کے سرخ نارنجی پھول کے سرے اور بیج تیل سے بھرے ہوتے ہیں ؛ اس کے سکھائے ہوئے چھوٹے پھول (خشک گلچے) طب میں یا سرخ رنگ کے طور پر مستعمل ہیں ۔

saffron, n. [عربی] زعفران ؛ کیسر ؛ خوبصورت ارغوانی پھولوں والا پودا ، اس کے خشک کیے ہوئے سربقچوں کا حاصل جو مٹھائیوں اور دوسرے کھانوں میں خوشبو اور رنگ کے لیے ڈالتے ہیں ؛ اس پودے کے سربقچوں سے مشابہ نارنجی زرد رنگ ؛ کیسری رنگ ؛ زعفرانی رنگ ۔ نیز : saffron yellow-(صفت) زعفرانی ، زرد نارنجی ، (جیسے : a saffron moon) ۔

safranine, safranin, n. زعفرین ؛ زردی مائل سرخ رنگ ؛ زعفرانی رنگ ؛ کیسری رنگ ؛ فینازین سے بنا ہوا کوئی کیمیاوی رنگ ، عموماً سرخ سے بنفشی تک ، جو کپڑوں کی رنگائی اور خُرد بینی میں استعمال ہوتا ہے ۔

safrole, safrol, n. (کیمیا) سفرول ؛ ایک زہریلا ، ہلکا پیلا یا سادہ سیال مادہ ، جو کافور کی لکڑی کے تیل اور ایسے ہی دوسرے تیلوں میں پایا جاتا ہے ، خوشبویات ، صابن ، دوا اور جراثیم کش ادویات میں استعمال ہوتا ہے ۔

sag, v.i. جُھکنا ؛ خمیدہ ہونا ؛ ناکافی سہارے کی وجہ سے ایک طرف لٹک جانا یا جھک جانا ؛ ڈوبنا یا درمیان سے خمیدہ ہونا ؛ غیر متوازن طریقے سے لٹکا ہونا ؛ مضمحل ہونا ؛ دشواریوں کے زیر اثر دَب جانا ؛ توانائی یا طاقت کھو دینا ؛ قیمت میں گر جانا ۔ (جہاز رانی) ہوا کے دباؤ سے جہاز کا دوسری سمت میں جھک جانا ؛ بے اختیار بہنا ۔ (فعل متعدی) جھکنے یا طرح دینے پر مجبور کر دینا ۔ (اسم) جھکاؤ کی حالت یا عمل ؛ نشیبی یا جھکاؤ والا علاقہ ؛ کسی چیز کے جھکاؤ کا درجہ ؛ تخفیف قیمت یا مالی زوال ۔ (جہاز رانی) بے اختیار بہاؤ یا ہوا سے جہاز کا منحرف پہلو پر جُھکاؤ ۔

saga, n. رزمیہ داستان/مہاتی داستان/ساگا ؛ ازمنۂ وُسطیٰ کی آئس لینڈی یا ناروی نثری داستانیں جو کسی شخصیت یا خاندان کی تاریخ میں رونما ہونے والی کامرانیوں اور واقعات کے متعلق ہوں ؛ بہادرانہ کارناموں کا کوئی تذکرہ یا داستان ۔

sagacious, a. دانش مند ؛ معاملہ فہم ؛ زیرک ؛ سیانا ؛ ذہین ؛ ہوشیار ؛ دانا ؛ معاملہ فہمی میں تیز ؛ شدید امتیازی صلاحیت والا ؛ انسان کی سی ذہانت کا اظہار کرنے والا (جیسے : a sagacious animal) ۔

sagaciously, adv. دانش مندانہ ؛ ہوش مندانہ ۔

sagaciousness, n. دانش مندی ؛ ذکاوت ؛ سمجھ ۔

sagacity, n. دانش مندی ؛ دانش مند ہونے کا وصف ؛ پرکھ کی تیزی ؛ فیصلے کی پختگی/مُحکمی ۔

sagamore, n. سیگمور ؛ نیو انگلینڈ علاقے کے الگون کوئن ریڈانڈین قبائل میں ایک ثانوی درجے کا سردار ۔

saga novel, n. ساگا ناول ؛ خاندانی رزمیہ پر مبنی رومی انداز کا فرانسیسی ناول ۔ دیکھیے : Roman-fleuve ۔

sage, a. بزرگ ؛ عاقل ؛ فہمیدہ ؛ فرزانہ ؛ حکیم ؛ عالم ؛ شیخ ؛ عارف ؛ دانا ؛ دانشمند ؛ معاملہ فہم ؛ دانائی والا ۔ (اسم) ایک نہایت عقلمند آدمی ؛ ایسا شخص جس کی عمر ، پُختہ فیصلوں اور دانائی کا احترام کیا جاتا ہو ۔

sagely, adv. بزرگانہ ؛ عقلمندانہ ؛ حکیمانہ ۔

sageness, n. دانشمندی ؛ دانائی ؛ حکمت ؛ فرزانگی ۔

sage, n. ساج ؛ سمندر سوکھ ؛ ایک سدا بہار جھاڑی جس کی بھوری سبز پتیاں دواؤں اور ذائقہ پیدا کرنے کے کام آتی ہیں ؛ خود یہ

پتیاں ؛ جنس سلویا کی کوئی نوع ؛ ساج برش ۔

sagebrush, n. ساج برش ؛ جنس مروا (Artemisia) کا ، ساج کی مانند، مرکب جھاڑی دار پودا ، جو مغربی امریکا کے خشک میدانوں میں عام طور سے پایا جاتا ہے ۔

sagger, saggar, seggar, n. آتشیں مٹی کا سانچا ؛ آتشیں مٹی کا سانچا جس میں نفیس سنگی برتن بھٹی میں پکانے کے لیے بند کیے جاتے ہیں ؛ آتشیں مٹی جو اس قسم کا سانچا بنانے کے کام آتی ہے ۔ (فعل متعدی) آتشیں مٹی کے سانچے میں رکھنا ۔

sagittal, a. تیر نُما ؛ تیر سے متعلق یا تیر کے مشابہ ۔ (تشریح الاعضا) اس سیون کو کہتے ہیں جو کھوپڑی کی ہڈیوں کو جوڑتی ہے ؛ وہ لکیر جو جانور کے جسم کو دائیں اور بائیں دو مساوی حصوں میں تقسیم کرتی ہے ۔

sagittaly, adv. تیر کی طرح سے ۔

Sagittarius, n. بُرج قوس ؛ رامی ؛ دھن ؛ دائرۂ بروج کا نواں بروجی نشان جس میں سورج بائیس نومبر کو داخل ہوتا ہے ؛ تاروں کا وہ جھرمٹ جو تیر اندازی کرتے ہوئے قنطور (اساطیری : جسم گھوڑے کا سر انسان کا) کی شکل سے مشابہ ہے ۔

sagittate, saggittiform, a. (نباتیات) تیر صورت (جیسے : sagittate leaf) ؛ تیر شکل ۔

sago, n. [ملائی] ساگودانہ ؛ سابو دانہ ؛ نشاستہ دار غذا جو مختلف اقسام کے تاڑ کے تنے کے اندرونی نرم حصے/گودے سے حاصل کی جاتی ہے ، پڈنگ/فرنی/کھیر بنانے کے کام آتی ہے ؛ سابودانہ تاڑ ۔

sago palm, n. سابودانہ تاڑ ؛ ایک درخت عموماً مشرق بعید کا جس سے سابودانہ حاصل ہوتا ہے ۔

saguaro, giant cactus, sahuaro, n. ساگوارو ؛ ستونی تنے ، سفید پھول ، مزیدار رس اور خوردنی پھل والا ، شمالی امریکا کے جنوب مغربی حصے کا ، ایک دیوقامت تھوہر (کیکٹس) ، اس کی لکڑی بھی کارآمد ہوتی ہے ۔

sahib, n. [اردو] صاحب ؛ جناب ؛ احترام کا ایک لفظ ۔

said, a. (قانون) مذکورہ/محولہ ، خاص طور پر قانون میں جس کا پہلے حوالہ دیا گیا یا ذکر کیا گیا ہو (جیسے : the said testimony) ۔

sail, n. بادبان ؛ پال ؛ بادگیر ؛ ہوا کی سمت پھیلا ہوا کپڑے کا ایک ٹکڑا عموماً ولایتی ٹاٹ (کینوس) جو کشتی کو پانی پر چلاتا ہے ؛ شکلاً اور عملاً اس جیسی کوئی اور چیز جیسے ہوائی چکی/پون چکی کے پنکھے کا وہ حصہ جو ہوا کو پکڑتا ہے ۔ (جمع) جہاز یا بڑی کشتی ؛ جہازوں کا بیڑا ۔ (فعل لازم و متعدی) پانی پر کسی جہاز کے ذریعے جانا ؛ ہوا یا موٹر انجن کے عمل سے پانی پر سفر کرنا ؛ بادبانی کشتی کو چلانا ؛ ہوا میں تیرتے چلے جانا ؛ آرام ، سکون اور وقار کے ساتھ گزرنا ۔ (بول چال) تیزی سے گزرنا ؛ پھرتی سے کام میں لگنا (in کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ؛ گزرنا ، جیسے پانی پر سے بادبان کے ذریعے ؛ کھینا جیسے جہاز کو ۔

make sail, ایک یا کئی بادبان کھولنا ؛ دریائی سفر شروع کرنا ۔

sail into, تیزی سے کسی کام میں لگ جانا ؛ حملہ کرنا ؛ تنقید کرنا ۔

set sail, سمندری سفر پر روانہ ہونا ۔

under sail, بادبان کھلے ہونا ؛ پابہ سفر ۔

sailable, a. قابل سفر ؛ قابل بادگیری ۔

sailboat, n. بادبانی کشتی ؛ وہ کشتی جو بادبان سے چلتی ہے یا جس میں بادبان لگے ہوں ۔

sailcloth, n. بادبانی کپڑا ؛ کینوس ، روئی یا کیمیاوی مادّے کی مضبوط بناوٹ کا کپڑا جو بادبان ، خیمے اور لباس بنانے کے کام آتا ہے ۔

sailer, n. بادبانی کشتی یا جہاز (جیسے a fast sailer) ۔

sailfish, n. بادبانی مچھلی ؛ جنس اسٹیفورس (Istiophorus) کی کوئی بڑی سمندری مچھلی جس کی ابھری ہوئی پشت پر ایک بڑا بادبان کی طرح کا پَر ہوتا ہے ، یہ خار ماہی کے خاندان سے تعلق رکھتی ہے ۔

sailing, n. کشتی رانی ؛ دریائی سفر ؛ جہاز رانی ؛ اس شخص اور اس چیز کا عمل جو تیرتا ہے یا آبی سفر اختیار کرتا ہے ؛ جہاز رانی/کشتی رانی کے قواعد اور فن (جیسے طے شدہ فاصلے اور سمت وغیرہ کا تعیّن) ؛ روانگی یا جہاز کی روانگی کا وقت ۔

sailor, n. کشتی بان ؛ ملاح ؛ جہاز راں ؛ جہاز کے عملے کا رکن ؛ تنکوں کی ایک سخت سی ٹوپی جس کی چھت چپٹی ، نیچی اور کنارا گول ہوتا ہے ۔

sailor's-choice, n. پسند ملاح ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کے بحراوقیانوس کے ساحل پر عام طور سے پائی جانے والی مختلف مچھلیوں میں سے کوئی ایک ، خاص کر خنزیر مچھلی اور پن مچھلی ؛ جنوبی بحر اوقیانوس کی ایک مچھلی جو پکڑے جانے پر گڑگڑاتی ہے ۔

sailplane, n. تیراک طیّارہ ؛ ایک گلائڈر جو اس قدر ہلکا ہوتا ہے کہ اوپر اٹھتی ہوئی ہوا کی حرکت یا لہر سے اٹھ جاتا ہے ۔ (فعل لازم) گلائڈر اڑانا ۔

sain, v.t. (برطانوی ، بولی ، قدیم) سان بنانا ؛ بُرے اثرات سے حفاظت کے لیے صلیب کا نشان بنانا ؛ دعا کے ذریعے محفوظ کرنا ؛ برکت کی دعا دینا ۔

sainfoin, saintfoin, n. اسپرس ؛ ایک پھلی دار یورپی بوٹی جس کی کاشت چارے کے لیے کی جاتی ہے ۔

saint, n. بزرگ ؛ ولی ؛ سَنت ؛ درویش ، خدا رسیدہ ؛ رشی ؛ مُنی ؛ صُوفی ؛ غیر معمولی برگزیدگی کی حامل شخصیت جس کا انتقال ہو چکا ہو اور بعض عیسائی کلیساؤں میں تسلیم کیا جاتا ہو کہ اسے جنت میں اعلیٰ مقام حاصل ہے ؛فرشتہ ؛ بعض مذاہب کے اراکین کا خود ساختہ نام ۔ (عہد نامۂ جدید) حضرت عیسیٰ کا کوئی پیروکار ؛ کوئی غیر معمولی طور پر صابر ، فیاض اور بے لوث شخص ؛ کسی تحریک کا پیشرو ، مؤسس یا مربّی ۔ (فعل متعدی) برگزیدہ اصحاب میں اندراج کرنا ؛ اولیا کی فہرست میں باقاعدہ داخل کرنا ۔ (صفت) مقدس ؛ متبرک ۔

saintless, a. بے بزرگ ؛ بے پیر ؛ ولی کے بغیر ۔

Saint Andrew's Cross, n. سینٹ اینڈریو کی صلیب ؛ انگریزی حرف ایکس (×) کی شکل کی صلیب ۔

Saint Anthony's Cross, n. سینٹ انتھونی کی صلیب ؛

انگریزی حرف (T) کی شکل کی صلیب ۔

Saint Anthony's fire, n. (امراضیات) سرخ باد ؛ کُسنبی ؛
گلی ہوئی یا سوجی ہوئی جلدی حالت جو سرخ باد یا اناج روگ میں ہو جاتی ہے ۔

Saint Bernard, n. سینٹ برنارڈ کا کُتّا ؛
بڑی نسل کے کُتّوں میں سے ایک جس کا سر بہت بڑا اور بال لمبے ہوتے ہیں ؛ یہ سوئٹزرلینڈ میں کوہ آلپس میں مسافروں کو برف سے بچانے کا کام کرتا ہے ۔

saintdom, n. ولایت ؛ زمرہ یا حلقۂ اولیا ؛ حلقۂ بزرگاں ؛
عطائے ولایت یا ولایت داری ۔

sainted, a. تقدس مآب ؛ باقاعدہ ولی بنایا ہوا ؛
مقدّس ؛ پارسا ؛ مردہ ؛ اکثر اوقات ''مرا ہوا'' کہنے کا لطیف انداز ۔

Saint El-mo's fire, a. کارپوسانٹ ؛ شعلہ سینٹ ایلمو ؛
سینٹ ایلمو کی آگ ؛ آسمانی بجلی کا شعلہ گوں اخراج جس کا مشاہدہ خاص کر مستول اور جہاز کی بَلیوں پر ہوتا ہے ۔

sainthood, n. ولایت ؛ بزرگی ؛ خدا رسیدگی ؛
ولی کا وصف ، درجہ یا مقام ؛ حلقۂ اولیا ۔

Saint-John's-wort, n. سینٹ جان کی بُوٹی ؛ علفِ چائی ؛
جنسِ ہائِی پریکم (Hypericum) کی مختلف جھاڑیوں ، بوٹیوں میں سے کوئی ایک جس کے زرد پھول اور پتوں پر نیم شفاف نُکتے ہوتے ہیں ۔

saintly, a. بزرگانہ ؛ ولی صفت ؛ قدسی ؛
ولی کے مشابہ ؛ ولی کی حیثیت کے مناسب ۔

saintliness n. بزرگی ؛قدسیت ۔

Saint Patrick's Day, n. یوم سینٹ پیٹرک ؛ ۱۷ مارچ
کو آئرلینڈ والے سینٹ پیٹرک کی یاد مناتے ہیں ، جو آئرلینڈ کے مربّی بزرگ تھے ، اُنھوں نے آئرلینڈ کے لوگوں کو عیسائی بنایا تھا ۔

saintship, n. ولایت ؛ خدا رسیدگی ؛ ولی کا مزاج ،
اوصاف یا مرتبہ ۔

Saint Valentine's Day, n. یوم سینٹ ولینٹائن ؛ یوم عُشّاق ؛
صوفی ولینٹائن کی یاد میں منایا جانے والا ۱۴ فروری کا دن جب لوگ آپس میں اظہار محبت کے لیے محبت ناموں اور تحفوں کا تبادلہ کرتے ہیں ۔

Saint Vitus's dance, n. (امراضیات) سینٹ وائٹس کا رقص ؛
اُمُ الصبیان ؛ رقصہ ؛ رعشہ ؛ جھولا ؛ کوریا نام کی بیماری ؛ بچّوں کی ایک بیماری ؛ پسلی کی بیماری ۔

sake, n. مقصد ؛ فائدہ ؛ مفاد ؛ واسطے/کے لیے
(for کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : for his sake, for the sake of the community) ۔

sake, saki, n. ساکی ؛ خمیر شدہ چاول سے تیار کیا ہوا
جاپان کا ایک الکحلی مشروب جسے عموماً گرم گرم پیش کرتے ہیں ۔

saker, n. [عربی] شکرا ؛ صقر ؛ باز ؛ شاہین ؛
پرانی دنیا کا ایک بڑا باز جو شاہین بازی کے کام آتا ہے ؛ ایک پرانی وضع کی توپ ۔

sal, n. نمک (بلکہ نمکی کے معانی میں بطور سابقہ) ۔

salaam, n. [عربی ، فارسی ، اردو] سلام ؛ مشرق قریب میں سلام
یا اچھی صحت ، مسرت اور آشتی کا خیر مقدمی رسمی کلمہ ؛ غیر
معمولی تعظیمی جھکاؤ یا بندگی کا اظہار ۔ (فعل متعدی و لازم) سلام کرنا یا سلامی دینا ۔

salable, saleable, a. قابلِ فروخت ؛ بکاؤ ؛ بکنے کے لائق ؛
جس چیز کی مانگ ہو ؛ فروخت پذیر ۔

salability, n. بِکری کی صلاحیت یا قابلیت ؛ فروخت پذیری ۔

salably, adv. فروخت پذیری کے ساتھ ۔

salacious, a. شہوانی ؛ شہوت انگیز ؛ عیاش ؛ بدکار ؛
شہوتی ؛ زنا کار ؛ فحش جیسے تحریر یا تصویر ۔

salaciously, adv. عیاشانہ ؛ حسن کارانہ ۔

salaciousness, n. شہوت پرستی ؛ فحاشی ۔

salad, n. سلاد ؛ کچالو ؛ تازہ سبزیوں یا پھلوں کو
کاٹ کر اور ان پر تیل ، سرکہ ، میونیز (mayonnaise) یا دوسرے مسالے ڈال کر تیار کیا ہوا مرکب جسے دسترخوان پر عموماً ٹھنڈا کر کے بطور ذیلی ڈش چنتے ہیں ؛ ایسی ہی ایک ڈش جو پھل ، گوشت اور مچھلی یا مکھن سے تیار کی جاتی ہے ، عموماً بطورِ اصل ڈش پیش کی جاتی ہے ۔

salad days, n. کچّی عمر ؛ ایام ناتجربہ کاری ؛
نوجوانی ، ناتجربہ کاری اور بے عقلی کے دن ۔

salad dressing, n. لازمہ سلادی ؛ تیّاری سلاد ؛ سلاد کے
ساتھ استعمال کیے جانے والا مسالا ، عموماً اس میں میونیز ، سرکہ اور روغن زیتون ہوتا ہے ۔

salamander n. سَمَندر (آگ کا کیڑا) ؛ چھپکلی جیسی بغیر
کھپرے (کھرپٹے) والی جنس میں سے کوئی ایک جو خشکی اور تری دونوں پر رہتی ہے ، جس کی دم لمبی اور ہاتھ پاؤں چھوٹے ہوتے ہیں اور جن میں بعض صرف آبی ہوتی ہیں ؛ چھپکلی یا اس جیسی کوئی مخلوق پہلے جس کے بارے میں سمجھا جاتا تھا کہ آگ میں رہ سکتی ہے ؛ آگ کے اندر رہنے والی فرضی مخلوق ؛ ایسی کوئی چیز جو آگ کے تعلق سے استعمال ہو یا کہ آگ یا بہت زیادہ حرارت برداشت کر سکتی ہو ، جیسے کھانا پکانے کے برتن ؛ دھات صاف کرنے کی بھٹی میں آنچ کم کرنے سے جو میل کچیل یا دھات باقی رہ جائے ۔

salamandarine, a. سَمَندری ؛ سَمَندر صفت ؛ سَمَندر (آگ کے کیڑے)
سے متعلقہ ، اس کے مزاج کا یا اس سے مشابہ ؛ وہ چیز جو آگ میں رہ سکے یا آگ یا بہت زیادہ حرارت کو برداشت کر سکے ۔

salami, n. سلامی/سلامے ؛ گائے یا خنزیر کے گوشت کے
قیمے کا چٹ پٹا اطالوی نژاد ساسیج (sausage)، عموماًلہسن اور سیاہ مرچ ڈال کر بناتے ہیں ۔

sal ammoniac, n. نوشادر ؛ امونیم کلورائڈ ۔

salary, n. تنخواہ ؛ مشاہرہ ؛ یافت ؛
باقاعدہ کام کا معاوضہ جو کسی شخص کو مقررہ میعاد پر دیا جاتا ہے خصوصاً ایسے کام کے لیے جو جسمانی محنت کا نہ ہو ۔

salaried, a. تنخواہ یاب ؛ تنخواہ دار ۔

sale, n. فروخت ؛ بیع ؛ بکری ؛ بیچنے کا عمل ؛
فروخت کی مقدار ؛ متفقہ قیمت پر کسی چیز کا تبادلہ یا منتقلی ؛ کم نرخ پر چیزوں کی فروخت کی پیش کش ؛ سب سے بڑی بولی دینے والے کو سامان کی اعلانیہ منتقلی ؛ نیلام ؛ بیچنے کا موقع ؛ مانگ (جیسے : There is a large sale for this item.) ۔ (جمع) مشتہری فروخت ، تقسیم اور متعلقہ خدمات کا مجموعی عمل ۔

for sale, فروخت کے لیے حاضر کرنا/رکھنا ۔
on sale, نرخ/قیمت کم کر کے بیچنے کی پیشکش ۔
sales, a. بکری ؛ فروخت ؛
salep, n. (طب) ثعلبیہ ؛ ایک نشاستہ دار دوا یا غذا جسے ثعلب مصری کی خشک گنٹھیوں سے تیار کیا جاتا ہے ۔
saleratus, aerated salt, n. میٹھا سوڈا ؛ سوڈا بائی کارب ؛ خمیری سوڈا ؛ سوڈیم بائی کاربونیٹ جو خمیر کے لیے آٹے میں ملایا جاتا ہے ۔
sales clerk, n. خردہ فروش ؛ سیلز کلرک ؛ خردہ فروش دکان میں سودا بیچنے والا ۔
salesman, n. بیچنے والا ؛ فروش کار ؛ بیچل ؛ دست فروش ؛ وہ شخص جس کا کام سودا یا سامان تجارت بیچنا ہو ۔
salesgirl, بیچنے والی لڑکی ۔
salesperson, بیچنے والا/والی ۔
saleswoman, sales lady, n. بیچنے والی عورت ۔
salesmanship, n. سودا فروشی ؛ دست فروشی ؛ سودا بیچنے کا پیشہ ؛ بیچنے کی مہارت ؛ بیچنے کے طریقے ۔
sales promotion, n. فروخت افزائی ؛ وہ عمل اور طریقے جو کسی چیز کو بیچنے یا اس کو مقبول بنانے کے لیے کیے جاتے ہیں ۔
sales resistance, n. مزاحمت فروخت ؛ بکری روک ؛ وہ قوّت یا صلاحیت جو کسی چیز کو خریدنے کی ترغیب اور دباؤ کی مزاحمت کرے ۔
salesroom, n. فروش گاہ ؛ جائے فروخت ؛ وہ جگہ جہاں سامان کی نمایش ہوتی ہے اور بیچا جاتا ہے ۔
sales talk, n. ترغیبی گفتگو ؛ وہ دل فریب گفتگو جو دوسروں کو کسی چیز کے خریدنے ، کسی بات کے تسلیم کرنے یا کسی عمل پر مائل کرنے کی ترغیب دے ۔
sales tax, n. بِکری محصول ؛ محصول فروخت ؛ بکری ٹیکس ؛ وہ محصول جو اشیائے صرف پر ریاستی یا وفاقی حکومتیں نافذ کرتی ہیں اور بیچنے والا خریدار سے وصول کرتا ہے ، عموماً قیمت فروخت پر مقررہ فی صد شرح کے مطابق لگایا جاتا ہے ۔
Salian, a. سیلیائی ؛ فرانکی قبیلے سے متعلق جو چوتھی صدی عیسوی میں رائن کی زیریں وادی میں آباد تھا ۔
Salic, Salique, a. سیلیائی ؛ سیلیائی فرانکوں کا یا ان سے متعلقہ ؛ نیز سالقائی ۔
Salic or Salique law, سیلیائی قوانین ؛ فرانکوں اور دوسرے جرمن قبیلوں کا مجموعۂ قوانین ؛ اس مجموعے کی ایک دفعہ جس کے تحت عورتوں کو زمین کی وراثت سے محروم کیا گیا ہے ؛ فرانسیسی بادشاہت کا قانون جو عورتوں کو تخت نشینی سے خارج کرتا تھا ۔
salicaceous, a. (نباتیات) بید/صفصافی ؛ بیدیہ (سلیکاسیا) سے تعلق رکھنے والا ، درختوں اور جھاڑیوں کا وہ کنبہ جس میں بید اور سفیدہ شامل ہیں ۔
salicin, n. (کیمیا) صفصافیہ ؛ جوہر صفصاف ؛ ایک تلخ قلمی شکر جو مختلف انواع کے بید اور سفیدے کی چھال سے حاصل کی جاتی ہے یا مصنوعی طور پر بنائی جاتی ہے اور گٹھیا کے علاج کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔
salicylate, n. (کیمیا) صفصافی نمک ؛ صفصافی تیزاب کا نمک ۔
salicylic acid, n. (کیمیا) صفصافی تیزاب ؛ پانی میں حل پذیر ، ایک سفید سفوف جو غذا کو محفوظ رکھنے اور اسپرین بنانے کے کام آتا ہے ۔
salience, saliency, n. ابھار ؛ نمایاں خصوصیت ؛ باہر کو نکلا ہونے کی کیفیت ۔
salient, a. نمایاں ؛ ممتاز ؛ اچھلتا ہوا ؛ اوپر اٹھتا یا باہر جاتا ہوا ، جیسے پانی کی دھار ؛ باہر نکلتا ہوا (جیسے a salient angle) ۔ (اسم) کوئی باہر کو نکلا ہوا حصہ یا کونا خصوصاً فوجی دفاعی نظام کا وہ حصہ جو باہر کو نکلا ہوا ہو ۔
saliently, adv. نمایاں طور پر ۔
salientness, n. نمایاں پن ۔
salientian, a., n. (حیوانیات) بربحریے ؛ جل تھلیے ؛ نچلے درجے کے جل تھلیے جن میں چھوٹے اور بڑے مینڈک شامل ہیں ، جن کے دُم نہیں ہوتی اور پچھلے پاؤں لمبے ہوتے ہیں جو چھلانگ لگانے اور تیرنے میں مدد دیتے ہیں ۔
saliferous, a. (ارضیات) نمک دار ؛ وہ چٹانی طبقات جو نمک کے حامل ہوں یا جن سے نمک نکالا جاتا ہو ۔
salify, v.t. (کیمیا) نمکیانا ؛ کسی تیزاب کو اساسی عنصر سے ملا کر نمک بنانا ؛ نمک پیوست کرنا یا انجذابِ نمک کرنا ۔
salification, a. نمک سازی ۔
salifiable, a. نمک آلود ۔
salimeter, n. نمک پیما/نمک ناپ ؛ نمک ناپنے کا آلہ ۔
salina, n. نمک کی جھیل ؛ کھاری دلدل ؛ نمک کا تالاب جو سمندر سے احاطہ کیا گیا ہو ؛ نمک کا کارخانہ ۔
saline, a. نمکین ؛ کھاری ؛ شوردار ؛ نمک کا بنا ہوا ؛ نمک کی صفت رکھنے والا ۔ (کیمیا) کمیاوی نمک رکھنے والا یا اس سے متعلق جیسے الکلی دھات ۔ (اسم) نمک کا چشمہ یا کوئی جگہ جہاں کھارا پانی جمع کیا جاتا ہے ۔ (کیمیا) کسی دھات کا نمک ؛ نمک کا کوئی ادویاتی محلول ۔
salinity, n. نمکینی ؛ کھاری پن ۔
salinometer, salimeter, n. نمک پیما ؛ نمک ناپ ؛ وہ آلہ جس سے کسی محلول میں نمک کی مقدار ناپتے ہیں ۔
Salique, a. دیکھیے : Salic ۔
Salisbury steak, n. سالسبری قتلے ؛ گائے کے قیمے اور دوسرے اجزا سے تیار کردہ بھنے یا تلے ہوئے سموسے یا قتلے ۔
saliva, n. لعابِ دہن ؛ تھوک ؛ رال ؛ ریق ؛ رقیق ، آبی ، قدرے تیزابی لعاب جو منھ کے غدود پیدا کرتے ہیں ، یہ لعاب منھ کو تر اور غذا کو گیلا کرتا ہے ، اس میں ٹائلین (Ptyalin) خامرہ ہوتا ہے جو نشاستے کو ہضم کرنا شروع کر دیتا ہے ۔ دیکھیے : spittle ۔
salivary, a. لعاب دار ؛ لعابی ؛ ریقی ۔
salivate, v.i. تھوک پیدا کرنا ؛ رال بہنا ؛ لعاب دہن یا تھوک خارج کرنا ۔ (فعل متعدی) غیر معمولی طور پر لعاب دہن کا پیدا کرانا اور اخراج کرانا جیسے پارے کے استعمال کے ذریعے ۔

salivation, n. کثرت لعاب ؛ لعاب خیزی ؛ سیلان ریق ؛ تھوک کے نکلنے کا طریقہ یا عمل ؛ تھوک کا بہت زیادہ اخراج جیسا کہ پارے کے استعمال سے ہوتا ہے ۔

Salk vaccine, n. [جونس سالک امریکی طبیب(پیدائش ۱۹۱۴ء)کے نام پر] سالک ٹیکہ ؛ پولیو (ورمِ نخاع) سے بچاؤ کے لیے انجکشن کے ذریعے دی جانے والی ویکسین جو پولیو کے بے ضرر وائرس مادے سے تیار کی جاتی ہے ۔

sallet, n. آہنی کلاہ ؛ خود ؛ مغفر ؛ ایک ہلکا ، گول ، عہدِ وُسطیٰ کا خود جس کاپچھلا حصہ آگے نکلا ہوتا تھا تا کہ گردن محفوظ رہے ۔

sallow, n. بید ؛ بید مجنوں ؛ بید کا درخت ، خصوصاً چوڑے پتوں والا یورپی بید (Salix caprea) ، یہ اکثر لکڑی کا کوئلہ بنانے کے کام آتا ہے ۔

sallowy, a. بید والا ؛ بید صفت ۔

sallow, a. خاکستری ؛ پیلے رنگ کا ؛ پھیکے ، مرجھائے ہوئے ، خاکستری پیلے رنگ کا (جیسے : ,a sallo-complexion) ۔ (فعل متعدی) پیلا کر دینا ۔

sallowish, a. زردی مائل ؛ زرد سا ؛ پیلاہٹ لیے ہوئے ۔

sallowness, n. زردی ؛ پیلا پن ؛ پیلاہٹ ۔

sally, n. دھاوا ؛ تاخت ؛ زقن ؛ محصور فوج کا جارحانہ دھاوا ؛ اچانک جست یا حملہ ؛ غصہ یا بھڑاس ؛ سیاحت یا ضمنی سیر ؛ زیرکی کی بات یا خیال و دانش کی اڑان ۔ (فعل متعدی) جست لگانا ؛ پرجوش پیش قدمی کرنا ۔ (فعل لازم) باہر نکلنا ، جیسے محصور فوج کرتی ہے ۔

sallier, n. دھاوا بولنے والا ۔

sally lunn, Sally Lunn, n. سیلی لیون ؛ ہلکا میٹھا ، گرم ، مکھن لگا ہوا چائے کا کیک جو اٹھارھویں صدی کے انگریز نان بائی سیلی لیون کے نام سے منسوب ہے ۔

sally port, n. چور دروازہ ؛ حملے کا دروازہ ؛ دریچہ ؛ قلعے کا وہ راستہ جہاں سے فوج حملہ کرنے کے لیے باہر آتی ہے ۔

salmagundi, n. سلما گنڈی ؛ گوشت کے پارچوں ، انڈوں ، چھوٹی ہیرنگ مچھلیوں ، سبزیوں اور روغن سے تیّار کی ہوئی قاب جو اکثر بطور سلاد استعمال کی جاتی ہے ۔

salmi, salmis, n. سلمی ؛ بُھنے یا نیم بُھنے شکار ، پرندوں یا مرغ کے گوشت کی ایک چٹ پٹی ڈِش جو دوسرے مسالوں کے ساتھ شراب میں دم دی جاتی ہے ۔

salmon, n. سامن ؛ سمندری اور میٹھے پانی کی خوردنی مچھلی ، سلمو سالار خاندان کی ، زردی مائل گلابی گوشت والی ، شمالی بحراوقیانوس میں بڑے دریاؤں کے دہانے پر عام پائی جاتی ہے ، سامن انڈے دینے کے لیے ان دریاؤں کے اندر کی طرف چلی جاتی ہے ؛ اس نوع کی ایک قسم جو جھیلوں تک محدود ہے اور برسمی سامن کہلاتی ہے ؛ اسی خاندان کی دوسری مختلف مچھلیوں میں سے کوئی سی ، خصوصاً انھی میں سے وہ جو شمالی بحرالکاہل میں اور ان دریاؤں میں،جو اس میں گرتے ہیں'پائی جاتی ہے ؛ ایک سرخی مائل نارنجی رنگ ۔

salmonlike, a. سامن جیسا ۔

salmonberry, n. سامن بَیری ؛ سامن رنگ کا ایک خوردنی پھل (Rubus spectabilis)؛ شمالی امریکا میں بحرالکاہل کے ساحل کی بڑے بڑے سرخ یا ارغوانی پھولوں والی رس بھری ؛ سامن بیری کا پودا ۔

salmonella, n. سالمونی عصبات ؛ سالمونیلا ؛ سالمونیلاجنس کے متعدد جراثیم میں سے کوئی سوئی نما جرثومہ جس کے ذریعے سوئے ہضم ، انتڑیوں کی سوزش یا آلاتِ تناسل کی بیماریاں ، انسان اور دوسرے گرم خون رکھنے والے جانوروں کو لگ جاتی ہیں ۔

salmonellosis, n. مرض سالمونیلا ۔

salmonoid, a., n. سامن نما ؛ سامن کے مشابہ ؛ سامن کی ذیلی نوع سے متعلق جس میں سامن خاندان بھی شامل ہے ۔

salmon pink, n. سامن گلابی ؛ سرخی مائل نارنجی رنگ ؛ سامن کے گوشت سے مشابہ ۔

salmon trout, n. سامن ٹراؤٹ ؛ سامن نما مچھلی ؛ آزاد ماہی ؛ یورپی سامن خاندان سے تعلق رکھنے والی اور عام سامن کے مشابہ مچھلی ؛ شمالی امریکا کی جھیلوں کی مختلف ٹراؤٹ میں سے عام سامن سے مشابہ کوئی مچھلی ۔

salol, phenylsalicylate, n. (کیمیا) سلول ؛ ایک سفید قلمی مادّہ جو سلی سیلک ایسڈ اور فینول کے باہم عمل سے بنتا ہے ، تپ رُبا اور عفونت رُبا کے طور پر مستعمل ہے ۔

salon, n. دیوان خانہ ؛ بیٹھک ؛ استقبالیہ کمرہ جیسا کہ بڑے شاندار اپارٹمنٹ یا مکان میں ہوتا ہے ؛ ایسے کمرے میں مہمانوں کا اجتماع ؛ فن پاروں کی نمایش گاہ یا جگہ ؛ کوئی شان دار دُکان اور کاروبار کی جگہ (جیسے : Parisian dress salon) ؛ کوئی آرایش گاہ ۔

saloon, n. سیلون ؛ بار یا شراب خانہ ؛ ایک بڑا عمومی کمرہ جو کسی خاص مقصد کے لیے مستعمل ہو (جیسے : an exhibition saloon, a dining saloon) ؛ وہ بڑی کیبن جسے جہاز کے سب مسافر عام طور سے استعمال کرتے ہوں ؛ ریل کا ایک ڈبہ جو خصوصاً سونے یا کھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہو ۔ نیز : saloon car ۔ (برطانوی) بار کا ایک علیحدہ حصہ جو خوب آراستہ ہو اور اعلیٰ سماجی درجہ کے لوگوں کے لیے مخصوص ہو ۔

saloop, n. ثعلب ؛ جُوشاندۂ ثعلب ؛ ایک گرم مشروب جو ثعلبِ مصری یا ساسافراس ، دودھ اور چینی سے بنایا جاتا ہے ۔

salpa, n. سلپا مچھلی ؛ سلپا جنس کی آزادانہ تیرنے والی سمندری غلاف دار مچھلی ، یہ گرم علاقوں میں عام ہوتی ہے اور اس کا شفاف جسم تکلے کی شکل کا ہوتا ہے ۔

salpiform, a. سلپا مچھلی کی شکل کا ۔

salpingectomy, n. (جرّاحی) بیض ؛ نالی برآری ؛ بیضہ دان سے رِحم میں آنے والی نالی کو عملِ جرّاحی کے ذریعے نکالنے کا عمل ۔

salpinx, n. (تشریح الاعضا) مجری الھوا ؛ استاخی نلکی ؛ ایک بیض نلکی ۔

salpingian, a. بیض نلکی کا ۔

salpingitis, n. (امراضیات) بیض نلکی یا استاخی نلکی میں سوزش یا ورم ۔

salsify, n. (نباتیات) شِنک ؛ ایک ارغوانی پھولوں والا پودا ، جس کی خوردنی جڑ میں کستورے جیسی مہک ہوتی ہے اور پکانے کی سبزی کے طور پر کام آتی ہے ۔

نیز : goatsbeard, oyster plant ۔

sal soda, n. سال سوڈا ؛ کھاری سوڈا ؛ دھوبی سوڈا ؛ قلمی سوڈیم کاربونیٹ جو دھونے کے عامل کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

salt, n. نمک ؛ نون ؛ لُون ؛ کھار ؛ تھور ؛ سوڈیم کلورائڈ ؛ کھانے کا نمک ؛ ایک قلمی مرکب جو ذائقے اور محفوظ کنندہ کےطورپراستعمال ہوتا ہے ۔(کیمیا) ایک مرکب جو کسی اساس عموماً دھات کے آکسائڈ اور تیزاب کی آمیزش سے بنتا ہے ۔ (جمع) ان نمکیات میں سے کوئی ایک جو جلاب کے لیے استعمال ہوں ۔ (بول چال) نکتہ سنجی یا طعن ؛ تیکھا پن ؛ ہجو ؛ آزمودہ کار ملّاح ۔ (صفت) نمک لگا کر محفوظ کیا ہوا ؛ نمک بھرا ؛ نمک دار ؛ نمک سے تیار شدہ یا نمکین ۔ (متروک) شہوت پرست ۔ (بول چال) تیز ؛ چبھتی ہوئی ۔ (فعل متعدی) نمک سے استوار کرنا ؛ نمک سے تیار کرنا ؛ نمک سے محفوظ کرنا ؛ نمک مہیا کرنا ، جیسے کسی جانور کو ؛ اضافہ کرنا ، جیسے کسی کان میں معدنی اشیا کی قیمت کا غلط اندازہ دینے کے لیے ؛ کشش پیدا کرنا ۔

take with a grain of salt, شک یا بے یقینی سے لینا یا سننا ؛ مبالغہ آمیز گرداننا ۔

worth one's salt, اپنے انعام یا اجرت کا مستحق ۔

salt away, نمک لگا کر محفوظ کرنا ۔ (بول چال) پس انداز کرنا ، جیسے روپیہ پیسہ ۔

saltness, n. نمکینی ؛ ملاحت ؛ نمکینیت ۔

salt-and-pepper, a. دیکھیے : Pepper-and-salt ۔

saltarello, n. سالٹا ریلو (رقص) ؛ اکیلے یا جوڑوں کا ایک جوشیلا اطالوی رقص جس میں اچھل پھاند شامل ہوتی ہے ؛ اس رقص کے لیے بجائی جانے والی دھن ۔

saltation, n. قلانچ ؛ جست ؛ تیز حرکت ؛ اچھل کود ؛ رقص ؛ اچانک حرکت یا تبدیلی ؛ دھڑکن یا اختلاج قلب ۔ (حیاتیات) کوئی بڑی ارتقائی تبدیلی ۔

saltatorial, a. جست یا قلانچ لگانے والا ؛ پھلانگنے والا ۔ (حیوانیات) اچھل پھاند سے متعلق ؛ جس کی خاصیت چھلانگ لگانے کی ہو یا جسے چھلانگ لگانے سے مطابقت ہو ۔

saltatory, a. جستیہ ؛ پھدکنے والا ؛ پھدکیلا ؛ اچھل پھاند سے متعلق ؛ وہ جو اچانک حرکت سے آگے بڑھے ۔

salt box, n. نمک گھر ؛ عموماً نیو انگلینڈ میں بنایا جانے والا مکان ، جس کی سامنے کی جانب دو منزلیں اور عقب میں ایک منزل ہوتی ہے ، اس کی چھت دہری اور پیچھے کی طرف ڈھلوان ہوتی ہے ۔

saltcellar, n. نمک دان ؛ نمک دانی ؛ نمک رکھنے کی ایک چھوٹی طشتری ۔

salted, a. نمک آمیز ؛ نمکین ؛ نمک لگا کر یا ملا کر تیّار شدہ ۔ (بول چال) کسی پیشے میں تجربہ کار/ماہر ؛ گرم و سرد چشیدہ ۔

salter, n. نمک ساز/نمک فروش ؛ وہ جو کسی چیز میں نمک لگاتا ہے ، جیسے مچھلی یا گوشت میں؛ جو نمک بیچتا یا بناتا ہے ۔ (برطانوی) خشک نمک ملانے والا ۔

saltern, n. کارخانۂ نمک ؛ نمک کا کارخانہ ؛ وہ عمارت جہاں ابال کر یا عملِ تبخیر سے نمک بناتے ہیں ۔

salt grass, n. کھاری گھاس ؛ شور گھاس ؛ گھاس کی مختلف قسموں میں سے کوئی گھاس جو شور زدہ ترائی یا دلدلی زمین یا القلی خِطّوں میں پیدا ہوتی ہو ۔

saltigrade, a. (حیوانیات) اچھل کر چلنے والا ؛ جست چال ؛ اچھل کر چلنے والی مکڑی کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) اچھل کر چلنے والا مکڑا ، جست چال مکڑی ۔

saltine, n. نمکین بسکٹ ؛ کرکرا ، پتلا ، نمکین بسکٹ ۔

saltish, a. نمکین ؛ کھاری ؛ نمک آلود ؛ سلونا ۔

salt lick, n. قدرے نمکین ؛ نمک زار ؛ نمک چٹور ؛ شورہ زار ؛ (باڑے میں) قدرتی نمک کا وہ کھلا ہوا ذخیرہ یا پتھر جہاں جانور نمک چاٹتے ہیں ؛ نمکین چشمہ ۔

salt marsh, n. شورہ زار ؛ ساحلی زمین جو موٹی گھاس سے بھری ہو اور جس پر سمندری پانی کا ریلا آتا رہتا ہو ۔

salt mine, n. کانِ نمک ؛ وہ جگہ جہاں سے نمک نکالا جاتا ہو ۔ (مجازاً) جب کوئی اپنے کام کاج کی جگہ کو غیر دلچسپ اور مشقت بھری سمجھتا ہو ۔

salt out, v.t. (کیمیا) اخراجِ رسوب کرنا ؛ نمک ڈال کر کسی محلول سے رسوب/تلچھٹ نکالنا ۔

saltpeter, Brit. saltpetre, n. قلمی شورہ ؛ چوکھار ؛ شورہ ؛ پوٹا شیم نائٹریٹ ؛ سوڈیم نائٹریٹ کا ایک شفاف مرکب جو کھاد کا کام دیتا ہے ۔ دیکھیے : Chile saltpeter ۔

salt shaker, n. نمک پاش ؛ ایسا نمکدان جس کے بالائی حصے میں سوراخ ہوتے ہیں جن سے نمک چھڑکا جاتا ہے ۔

salt-water, a. سمندری ؛ آبی ؛ سمندر باسی ؛ شورابی ؛ اس پانی کا یا اس کے متعلق جس میں نمک موجود ہو ، جیسے سمندر یا بعض جھیلوں کا پانی ؛ کھارے پانی میں رہنے یا اکثر پائے جانے والا ، جیسے جانور وغیرہ ۔ (اسم) آب شور ؛ سمندری پانی ؛ کھارا پانی ۔

saltworks, n. کارخانۂ نمک ؛ وہ جگہ جہاں خصوصاً تجارتی پیمانے پر نمک بنایا جاتا ہے ۔

saltwort, n. شورہ گھاس ؛ جنس خرفہ ، اَشنان ؛ بحری پودا ؛ ساحل سمندر ، کھاری دلدلوں اور القلی خطوں کے مختلف پودوں میں سے کوئی ایک جیسے نمک کالی (s.kali) ؛ ایک جھاڑ بوٹی جس کے پتے خار دار ہوتے ہیں اور سوڈا ایش بنانے کے کام آتے ہیں ؛ نچ بُوٹی ۔

salty, a. نمک دار ؛ نمکین ؛ کھاری ؛ نمک ڈالا ہوا ؛ مزے میں نمکین ؛ ملیح ۔ (مجازاً) تیکھا یا شوخ جیسے ادب ۔ (بول چال) امریکا کی Great Lakes پر چلنے والا سمندری جہاز ۔

saltiness, n. ملاحت ؛ نمکینی ۔

salubrious, a. صحت افزا ؛ راحت بخش ، صحت آور ؛ خوش گوار ؛ موافق ؛ صحت بخش (جیسے : salubrious food) ۔

salubriously, adv. خوشگواری سے ؛ صحت افزایانہ ۔

salubriousness, salubrity, n. صحت افزائی ؛ خوشگواری ؛ صحت بخشی ۔

saluki, n. (بعض اوقات بڑے S سے) سلوکی ؛ تازی ؛ پرانی نسل کا پھرتیلا ، تیز نظر عموماً ترنگا شکاری کتا جس کے کان ، پاؤں اور دُم

دھاری دار ہوتے ہیں ، ابتداً مشرق قریب اور مصر میں اس کی افزائش ہوئی تھی ۔

salutary, a. سود مند ؛ صحت افزا ؛ ایک اچھے مقصد میں مدد گار ؛ مفید ۔

salutarily, adv. فائدہ پہنچاتے ہوئے ۔

salutariness, n. سود مندی ۔

salutation, n. آداب ؛ تسلیم ؛ کورنش ؛ سلام ؛ علیک سلیک ؛ صاحب سلامت ؛ آداب کا عمل ؛ کسی طرح کی تہنیت/خیر مقدمی ؛ خط میں مخاطبت کے القاب ، جیسے ''عزیز گرامی'' ۔

salutational, a. آداب/ علیک سلیک سے متعلق ؛ سلام سے متعلق ۔

salutatorian, n. خیر مقدم کرنے والا ؛ امریکا کے کچھ کالجوں اور ہائی اسکولوں میں اختتامی کلاس کا وہ طالب علم جو اعلیٰ مرتبے میں دوسرے نمبر پر ہوتا ہے اور آغاز سال پر خیر مقدمی/استقبالیہ تقریر کرتا ہے ۔

salutatory, a. تسلیماتی/استقبالیہ ؛ سلام سے متعلقہ یا اس نوعیت کا ، جیسے کوئی خیر مقدمی تقریر ۔ (اسم) کوئی استقبالیہ خطاب/تقریر جو عموماً تقریب کے آغاز میں کی جاتی ہے ۔

salute, v.t. سلامی دینا ؛ کورنش بجا لانا ؛ سلام کرنا ؛ نیک تمناؤں کے اظہار کے ساتھ مخاطبت کرنا ؛ سَرخم کرنا یا اور کسی طرح سے احترام یا قدر افزائی کرنا ؛ خوش آمدید کہنا یا استقبال کرنا ۔ (عسکری) داہنے ہاتھ سے ٹوپی چھو کر عزت کا اظہار کرنا ؛ ہتھیار سے سلامی دینا ؛ جھنڈے سے سلامی دینا ؛ بہت سی گولیاں ایک ساتھ چلا کر سلامی دینا یا اسی قسم کا کوئی اور عمل کرنا ۔ (فعل لازم) سلام کرنا ؛ خوش آمدید کہنا ۔ (اسم) سلام کرنے کا عمل یا انداز؛ تہنیت یا تسلیمات ؛ سلامی ۔

saluter, n. سلام کرنے والا ؛ سلامی دینے والا ۔

salutiferous, a. فائدہ مند ؛ مفید ؛ شفا بخش ؛ سُود مند ؛ اس چیز کے متعلق /بارے میں/حوالے سے جو فائدہ مند یا صحت بخش ہو ۔

salvable, a. جو بچایا جا سکے ؛ قابل باز یافت ؛ وہ جو بچایا جا سکتا ہے یا بازیافت کیا جا سکتا ہے ۔

salvability, n. بچائے جانے کی صلاحیت ۔

salvably, adv. بچاتے ہوئے ۔

salvage, n. بازیافت ؛ بچانے کا عمل/تحفظ ؛ جہاز یا اس کے سامان کو تباہی یا دشمن کے نرغے سے بچانے کا عمل ؛ کسی چیز کا آگ یا خطرے سے بچاؤ ؛ سامان جو اس طرح بچایا گیا ہو ؛ وہ بھتہ یا معاوضہ جو انھیں دیا جائے جنھوں نے رضاکارانہ طور پر جہاز یا اس کے سامان کو بچایا ہو ۔ (فعل لازم) جہاز کی تباہی یا آگ لگنے پر سامان کا بچانا ؛ بچاؤ کرنا ۔

salvageable, a. بچانے کے قابل ۔

salvager, n. بچانے والا ۔

Salvarsan, n. (علمِ ادویہ) سنکھیا ؛ شانی سنکھیا ؛ سنکھیا کا ایک نامیاتی مرکب جو آتشک وغیرہ کے علاج میں استعمال ہوتا ہے ، ابتداً یہ دوا ۶۰۶ کے نام سے رائج ہوئی جو سلسلہ وار تجربات میں مادّے کا نمبر ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔ نیز دیکھیے : arsphenamine.

salvation, n. نجات ؛ مُکتی ؛ بچاؤ ؛ بچانے کا عمل ؛ بربادی ، خطرے یا بڑی تباہی سے بچاؤ ؛ بچاؤ کا سبب یا ذریعہ (جیسے : His agility was his salvation) ۔ (الٰہیات) انسان کی گناہ کی غلامی اور اس کی سزا سے نجات ۔

salvational, a. متعلق بہ نجات ۔

salvationism, n. عقیدۂ نجات ؛ مُکتی ۔

Salvation Army, n. سپاہِ نجات ؛ مکتی فوج ؛ ایک مذہبی جماعت جس کی بنیاد ولیم بُوتھ نے ۱۸۶۵ء میں رکھی ، اس کی تنظیم نیم فوجی انداز پر کی گئی ہے اور اس کا مقصد انجیل کی تبلیغ اور غریب و پس ماندہ لوگوں کی نگہداشت ہے ۔

Salvationist, n., a. سپاہ نجات کا رُکن ؛ وہ جو مکتی فوج سے تعلق رکھتا ہو ؛ اکثر اُسے بھی کہتے ہیں جو احیائے دین یا انجیل کا مُبلّغ ہو ۔

salve, n. مرہم ؛ ضماد ؛ لیپ ؛ شفا بخش ، مُسکّن مرہم جو زخموں یا پھوڑوں پر لگایا جاتا ہے ؛ بام ؛ وہ چیز جو شفا ، آرام یا تسلی دے ۔ (فعل متعدی) مرہم لگا کر/مرہم رکھ کر آرام دینا ؛ سکون پہنچانا ۔

salve, v.t. بچانا ، جیسے جہاز یا سامان کو ۔

salvor, n. بچانے والا ۔

salve, interj. مرحبا ؛ خوش آمدید ؛ تحسین ۔

salver, n. طشت ؛ کشتی ؛ طباق ؛ وہ طشت جس پر خوردونوش کی چیزیں ، ملاقاتی کارڈ یا خطوط پیش کیے جاتے ہیں ۔

salvia, n. سلویا ؛ ساج ؛ سلویا جنس کے پودینہ خاندان کی کوئی سی جڑی بوٹی یا چھوٹی جھاڑی جیسے سرخ ساج اور عام ساج ۔

salvo, n. سلامی ؛ باڑھ ؛ کئی توپوں ، بندوقوں یا دوسرے ہتھیاروں کو ایک ساتھ داغنے/سر کرنے کا عمل ، اکثر سلامی دینے کو ؛ بوچھاڑ ؛ واہ واہ ؛ توصیف کا ایک ساتھ نعرہ یا توصیفی بوچھاڑ ۔

salvo, n. تحفظ ؛ عذرلنگ ؛ وہ ذہنی تحفظ ، ٹال مٹول یا عذر جو ضمیر ، وقار اور انا کی تسلی کرتا ہے ۔ (قانون)وہ شق جس میں بچاؤ کا پہلو ہو ۔

sal volatile, n. خوشبودار نمک ؛ ایک خوشبودار سونگھنے والا نمک جو امونیم کاربونیٹ میں امونیا کا پانی یا الکحل ملانے سے بنتا ہے ۔

samara, n. (نباتیات) سہارا ؛ منھ بند ، ایک بیج والا پردار پھل یا ثمر دیو دار ، غوزہ ، ثمارہ اور چنار کی طرح کا ۔ دیکھیے : Key ۔

samaritan, a. سماروی ۔ (بائبل) سامری ؛ سامریہ (جو پہلے فلسطین کے ایک خطے کا نام تھا) یا وہاں کے لوگوں سے تعلق رکھنے والا ۔ (اسم) سامریہ کا قدیم باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ؛ سامریہ کی زبان ۔ (لاطینی بول چال) مخیّر شخص ۔ دیکھیے : good Samaritan ۔

samarium, n. (کیمیا) سمیریم ؛ نادر خاکی سلسلے کا ایک دھاتی عنصر جو سمر سکائیٹ میں دریافت ہوا ۔ دیکھیے : lanthonide ۔

samarskite, n. سمرسکائیٹ ؛ ایک سیاہ اور قائمہ معینی معدن

جو یورنیم ، تھوریم اور نادر خاکی آکسائیڈ کے حصول کا ثانوی ذریعہ ہے ۔

samba, n. سمبا ؛ ایک مقبول برازیلی رقص جس کا افریقہ میں آغاز ہوا ؛ سمبا ناچ کی دھن ۔ (فعل لازم) سمبا ناچنا ۔

sambar, sambur, n. [اردو] سانبھر ؛ سامبر ؛ ایک سہ شاخہ سینگ دارایشیائی ہرن جس کے گلے پر کھردرے بال ہوتے ہیں ۔

Sam Browne belt, n. سام براؤن پیٹی ؛ شمشیر بند ؛ تلوار کی پیٹی جس میں کاندھے پر باندھنے کا تسمہ ہوتا ہے اور فوجی افسر پہنتے ہیں ۔

same, a. ویسا ہی ؛ وہی ؛ ایک جیسا ؛ غیر مختلف ؛ نادیگر (جیسے : the same man) ؛ اسی قسم ، نوع یا درجے کا ؛ یکساں مگر بالکل وہی نہیں ؛ جیسا کہ مذکور ہوا یا بیان کیا گیا ؛ یک سُرا ۔ (ضمیر) وہی چیز یا شخص ؛ جس کا ابھی ذکر ہوا ۔ (متعلق فعل) اسی طرح ؛ اسی طریقے اور انداز سے ۔

all the same, باوجود اس کے ؛ بے معنی ؛ بے مقصد (جیسے : It is all the same to me) ۔

just the same, کوئی بات نہیں ؛ اسی طرح ۔

sameness, n. یکسانیت ؛ ایک جیسی صورت یا حالت ؛ مشابہت ؛ تنوع کی کمی ۔

samiel, n. دیکھیے : Simoon ۔

samisen, n. سمیسن ؛ جاپانی ستار یا گٹار ؛ گٹار کی طرح کا تین تار والا جاپانی آلۂ موسیقی/ساز جو مضراب سے بجایا جاتا ہے ۔

samite, n. سیہائٹ ؛ بادلا ؛ زری ؛ بانات ؛ ایک قیمتی ریشمی کپڑا جس میں اکثر سونے اور چاندی کے تاروں کی بُنت ہوتی تھی اور جو عہد وسطیٰ میں مستعمل تھا ۔

samlet, n. سامنچہ ؛ سامن مچھلی کا بچہ ۔ دیکھیے : Parr ۔

Samoan, a. سموآن ؛ ساموئی/پولینیشی ؛ بحرالکاہل میں جزیروں کے ایک مجموعے ساموآ یا اس کے پولینیشی باشندوں سے متعلق ۔ (اسم) ساموآ کا قدیم باشندہ ؛ وہاں کی پولینیشی زبان ۔

samovar, n. [روسی] سماوار ؛ چائے کی کیتلی/چائے دان جو روس میں مستعمل ہے ، اس میں پانی ایک ایسی نلکی کے ذریعے گرم کیا جاتا ہے جس میں جلتے ہوئے کوئلے ہوتے ہیں ۔

Samoyed, Samoyede, n. ساموییائی ؛ سوویت یونین کے شمال مغربی سائبریا میں آباد یورال آلتائی قوم کا فرد ؛ اس قوم کی یورالی زبانوں کا مجموعہ ؛ روسی کتوں کی ایک نسل ۔ (صفت) یورال آلتائی لوگوں کی زبانوں سے متعلق ۔

Samoyedic, a. ساموییائی کا ۔

samp, n. دَلیا ؛ تُھولی ؛ موٹی پسی ہوئی امریکی انڈین جوار ؛ اس سے پکا ہوا دلیا ۔

sampan, n. سمپان ؛ چینی ناؤ ؛ ایک چھوٹی ناؤ ، عام طور سے کھلی ہوئی اور ایک پتوار سے چلائی جانے والی ، جاپان اور چین میں دریائی حمل و نقل کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

samphire, n. (حیاتیات) سونف آبی ؛ کَاکُلہ ؛ یورپ کی ایک رس دار بوٹی جو سمندر کے قریب چٹانوں کے شگافوں میں پیدا ہوتی ہے ؛ ایک پودا جس کی راکھ پہلے شیشہ بنانےمیں استعمال ہوتی تھی ۔

sample, n. نمونہ ؛ بانگی ؛ کسی چیز کا ایک چھوٹا حصہ یا تھوڑی مقدار جو پورے کی نمائندگی کرے ۔ (فعل متعدی) نمونہ لینا ؛ نمونے یا مثال کے ذریعے جانچنا ؛ معائنہ کرنا ۔ (صفت) نمونے کا یا نمونے سے متعلق ۔

sampler, n. مشقی نمونہ ؛ کشیدہ کاری کا وہ پارچہ/ٹکڑا جسے نوآموزوں نے مشق کے لیے بنایا ہو ۔

sampler, n. نمونہ گیر ؛ جو نمونہ بندی کرتا ہے ؛ نمونوں کا ایک مجموعہ ۔

sample room, n. نمونہ گھر ؛ نمونہ خانہ ؛ وہ کمرہ جہاں نمونے رکھے جاتے ہوں یا ان کی نمایش ہوتی ہو ۔

sampling, n. نمونہ بندی ؛ تجزیے کے لیے نمونے کے انتخاب کا عمل ؛ ایک نمونہ ۔

samsara, n. سنسارا ؛ تناسخ ؛ آواگون ؛ مشرقی فلسفے میں پیدایش ؛ موت اور پیدایش کا چکر جس سے روح گزرتی ہے ۔

samshu, n. سمشو ؛ ایک چینی شراب جو چاول یا باجرے سے کشید کی جاتی ہے ۔

Samson, n. سیمسن ؛ شمعون ؛ اسرائیلی منصفوں میں سے ایک جو نہایت طاقت ور تھا ؛ کوئی غیر معمولی طور پر طاقت ور آدمی ۔

Samsonian, a. سمسونی ؛ دلیر ؛ بہادر ؛ طاقت ور ۔

samurai, n. سیموری /ساموارئی ؛ جاگیر داری عہد کے جاپان میں پیشۂ سپہ گری کے طبقے سے متعلق کوئی فرد ، خصوصاً کسی سردار کا ملازم سپاہی ۔

sanative, a. شفابخش ؛ شافی ؛ صحت بخش ؛ قدرتِ شفا رکھنے والی ؛ معالجہ ۔

sanatorium, sanitarium, n. دارالصحت ؛ صحت گاہ ؛ دارالشفا ؛ شفا گھر ؛ سَینے ٹوریم ؛ وہ ادارہ جہاں امراض کا علاج ہوتا ہو ، جیسے تپ دق کے لیے یا معذوروں یا روبہ صحت لوگوں کے لیے ، خاص کر ان علاقوں میں جہاں موسم اور دوسرے حالات سازگار ہوں ؛ کوئی صحت افزا مقام ۔

sanatory, n. صحت افزا ؛ صحت پرور ؛ شفا بخش ۔

sanbenito, n. لباس توبہ و سزا ؛ کفنی ؛ ہسپانوی کلیسائی عدالت احتساب کے تحت اقراری ملحد کو پہنایا جانے والا زرد رنگ کا لباس توبہ ؛ سیاہ لباس جس پر شعلوں ، بھوتوں اور اسی قسم کی دوسری اشیا کی شکلیں بنی ہوتی تھیں جو سزایافتہ ملحد کو پہناتے تھے ۔

sanctify, v.t. تطہیر کرنا/تحریم کرنا ؛ پاک یا مَطہر کرنا ؛ مقدس یا مذہبی کام کے لیے مخصوص کرنا ؛ مقدس بنانا ؛ گناہ سے پاک کرنا ؛ تقدیس کا وسیلہ بنانا ۔

sanctification, n. تطہیر ؛ تقدیس ۔

sanctifier, n. مقدس بنانے والا ۔

sanctified, a. مَطہر ؛ پاک کیا ہوا ؛ مقدس بنایا ہوا ۔

sanctimony, n. تقدس کی ظاہری صورت ؛ نمایشی یا منافقانہ پرہیز گاری ؛ ریا کاری ۔

sanctimonious, a. ریا کار ؛ تقدس مآب ؛ ظاہر دار ۔

sanctimoniously, adv. ریا کارانہ ؛ ظاہر دارانہ ۔

sanctimoniousness, n. ریا کاری ؛ ظاہر داری ۔

sanction, n. جواز ، تصدیق ؛ حلّت ؛ مقتدرانہ اجازت ؛ کسی عمل کی پسندیدگی یا اس سے موافقت ؛ کسی عمل کی سرکاری تصدیق یا توثیق ۔ (قانون) کسی قانون کی وہ دفعہ جو اس قانون کی خلاف ورزی کی سزا یا فرماں برداری کا انعام مقرر کرتی ہو ؛ سزا یا انعام ؛ عطا کردہ پابند ساز قوت یا وہ چیز جو پابند ساز قوت مہیا کرتی ہو جیسے کسی حلف کو ۔ (عموماً جمع) عقوبات ؛ وہ طریقہ جو چند قوموں کا گروہ کسی دوسری قوم کو ، کوئی مخصوص بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی سے باز رکھنے کے لیے اختیار کرتا ہے (جیسے : sanctions of boycotting) ۔ (فعل متعدی) توثیق کرنا یا تصدیق کرنا (جیسے : to sanction a law or a covenant) ؛ اختیار دینا ؛ پسند یا منظور کرنا ۔

sanctioner, n. منظور کنندہ ؛ منظوری دینے والا ۔

sanctionable, a. قابل منظوری ؛ قابل توثیق ؛ اجازت دینے کے قابل ۔

sanctity, sanctitude, n. حرمت ؛ عظمت ؛ تقدس ؛ مقدس یا پاک ہونے کی حالت یا صفت ؛ پاکیزگی ؛ وقار ۔

sanctuary, n. حرم/جائے حرمت ؛ مامن ؛ محفوظہ ؛ کوئی مقدس یا پاک جگہ ، جیسے مسجد ، گرجا ، مندر یا کوئی پاکیزہ کنج ؛ کسی مندر یا گرجے میں کوئی مخصوص پاک جگہ جیسے کلیسا میں قربانَ گاہ ؛ صدر کلیسا ؛ وہ جگہ جہاں پچھلے زمانے میں مفرور گرفتاری سے مامون ہوتے تھے ؛ جائے پناہ ؛ وہ پناہ گاہ جہاں سے گرفتار نہ کیا جا سکے ؛ وہ جگہ جہاں شکار کی ممانعت کر کے جنگلی جانوروں کی حفاظت کی جاتی ہے ۔

sanctum, n. جائے پناہ/مقدس جگہ ؛ خلوت ؛ کوئی پاکیزہ جگہ ؛ نجی آرام گاہ یا کمرہ ۔

sanctum, sanctorum, n. مقام مقدس ؛ قدس الاقداس ؛ المحراب ، جائے اطہر ؛ مطہر جگہوں میں سب سے اطہر ؛ یہودی عبادت گاہ کی سب سے اندرونی یا مقدس ترین جگہ ؛ ذاتی خلوت گاہ ۔

Sanctus, n. (کلیسیات) مناجات ؛ بھجن ؛ مناجات کے وہ بول جو عشائے ربانی کی بیشتر دعاؤں کے اختتام پر پڑھے جاتے ہیں اور جو لاطینی لفظ سینکٹس (sanctus) (پاک) سے شروع ہوتے ہیں ؛ موسیقی کی ایک ترتیب جو اس عبادت کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔

Sanctus bell, n. (رومی کیتھولک کلیسا) عبادتی گھنٹی ؛ ایک چھوٹی سی گھنٹی جو عشائے ربانی کے دوران اہم کلمات پر متوجہ کرنے کے لیے بجائی جاتی ہے ۔

sand, n. ریت ؛ ریگ ؛ بالو ؛ پتھر کے کم و بیش باریک ذرے جو عموماً چھوٹے اور بُھربھرے ہوتے ہیں ۔ (عموماً جمع) ریگ زار ؛ ریگ ساحل یا پانی کا اتھلا حصہ ، جو زیادہ تر ریتیلا ہوتا ہے ؛ ریت گھڑی کی ریت ۔ (عموماً جمع) (مجازاً) لمحات زندگی یا لمحات وقت (جیسے : The sands of time are flowing) ۔ (عوامی) ہمت ؛ حوصلہ ؛ سرخی مائل زرد رنگ ۔ (فعل متعدی و لازم) ریت چھڑکنا یا ریت میں دفن کرنا ؛ ریت ملانا (جیسے : to sand sugar) ؛ ریت سے اَٹ جانا ، جیسے کسی گودی کا ؛ ریت یا ریگ مال سے گھسنا یا چمکانا ۔

sandal, n. سینڈل ؛ ایک قسم کا چمڑے کے تلے والا جوتا جو پاؤں کے ساتھ عموماً تسموں سے بندھا ہوتا ہے ؛ مختلف ہلکے سلیپروں یا جوتوں میں سے کوئی سا ؛ چپل یا ہلکے جوتوں کا بند یا تسمہ ؛ جوتے کے اوپر پہننے والا ہلکا ربر کا جوتا ۔ (فعل متعدی) سینڈل پہننا ۔

sandalwood, n. صندل کی لکڑی ؛ چندن ؛ سنٹالم جنس کے بعض ایشیائی درختوں میں سے کسی کی خوشبودار پکی لکڑی جو آرایشی نقاشی کے لیے استعمال ہوتی اور خوشبو کے لیے جلائی جاتی ہے ؛ ان درختوں میں سے کوئی سا ، خاص کر سرخ صندل ؛ برصغیر کا ایک سدابہار درخت ؛ ایسے دوسرے درختوں میں سے کوئی یا ان کی سرخ لکڑی ، خاص کر شرق الہند کے پھلی دار درخت ؛ سرخ صندل یا اس کی بھاری گہری سرخ لکڑی جو رنگ کاری میں استعمال ہوتی ہے ۔

sandarac, n. لال ہڑتال/سرخ زرنیخ ؛ ایک ہلکا زرد خوشبودار گوند جو مراکش کے لال ہڑتال درخت کی چھال سے رستا ہے ، لوبان اور وارنش کے کام آتا ہے ۔

sandarac tree صنوبری درخت ؛ شمال مغربی افریقہ کا صنوبری درخت جس سے خوشبودار گوند نکلتا ہے اور جس کی خوشبو دار ، سخت ، سیاہ لکڑی کثرت سے عمارتی استعمال میں آتی ہے ۔

sandbag, n. ریت بوری ؛ ریت سے بھری ہوئی بوری ، سیلاب روکنے ، حصار بنانے یا بھرائی اور توازن قائم کرنے کے کام آتی ہے ؛ ریت سے بھری ہوئی تنگ بیلنی تھیلی کا ایک ہتھیار یا اس کے جیسا ، جس سے سخت چوٹ لگائی جا سکتی ہے ، لیکن جسم پر اس کا نشان بہت معمولی یا بالکل نہیں پڑتا ۔ (فعل متعدی) ریت بھری بوری کا پشتہ بنانا ، ریت کی تھیلی سے مارنا یا بے ہوش/سن کر دینا ۔ (عوامی) تشدد کے ذریعے مجبور کرنا ۔

sandbagger, n. تشدد کرنے والا ۔

sandbank, n. ساحل ریگ ؛ ریتیلا کنارا ؛ ساحل ، خصوصاً وہ جو مدوجزر یا لہروں سے بنتا ہے ، جیسے زیر آب ریتا ۔

sand bar, n. تودۂ ریت ؛ ریت کا پشتہ/تودہ جو دریا یا سمندر میں مدوجزر یا لہروں کے عمل سے بنتا ہے ۔

sandblast, n. سیل ریگ ؛ زور دار ریتلی ہوا یا بھاپ کا جھونکا جو سخت سطحوں جیسے شیشہ ، پتھر یا دھات کی صفائی ، رگڑائی ، کٹائی یا چمکائی کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ وہ آلہ جس سے یہ کام لیے جاتے ہیں ۔ (فعل متعدی و لازم) سیل ریگ سے صاف کرنا ؛ کندہ کرنا ۔

sandblaster, n. سیل ریگ آلہ ۔

sand-blind, a. چوندھا؛ تاریک بین ؛ ناقص بینائی رکھنے والا ۔

sandbox, n. ریگ دان ؛ ریت دانی ؛ بچوں کے کھیلنے کے لیے ریت کا ایک ڈبہ ؛ ریت کا بکس جو کسی مقصد سے رکھا جائے ، جیسے انجن پر رکھتے ہیں تا کہ چکنی گیلی پٹڑی پر ڈال کر اسے خشک کیا جا سکے ۔

sandbur, sandburr, n. بادنجان ؛ ریگ گیاہ ، پھلیوں والی متعدد اقسام کی خودرو گھاس پھونس میں سے کوئی سی جو ریتیلی جگہوں پر نکل آتی ہیں ؛ امریکا اور میکسیکو کی گھاس کی ایک قسم ۔

sand-cast, v.t. ریگ ڈھلائی کرنا ؛ پگھلائی ہوئی دھات کو ریت کے سانچوں میں انڈیل کر ڈھالنا ۔

sand casting, n. ریگ ڈھلائی ۔

sand cherry, n. آلو بالو ؛ ریگ چیری ؛ شمالی امریکا اور کینیڈا کی بڑی جھیلوں (Great Lakes) کے علاقے کی چیری کی متعدد

جھاڑیوں میں سے کوئی سی جو ریتلی مٹی میں اگتی ہے ؛ ریگ چیری کا پھل ۔

sand crack, quarter crack, n. (بیطاری امراضیات) سم شگاف ؛ بوائی ؛ بیماری کے سبب گھوڑے کے سُم میں اوپر کے جوڑ سے نیچے تلوے تک کا شگاف یا درز جو خاص کر اگلے پاؤں کے اندرونی حصوں اور پچھلے پاؤں کے پنجوں میں ہوتا ہے اور لنگڑاہٹ پیدا کر سکتا ہے ۔

sand dollar, n. سمندری سیپی ؛ بحری خارپشت ؛ متعدد چپٹے ، طشتری جیسے سمندری خارپشتوں میں سے کوئی سا ،خصوصاً وہ جو امریکا کے مشرقی ساحل سے ہٹ کر ریتلی تہ میں رہتا ہے ۔

sander, n. ریگ پالش ؛ ریگ مال ؛ ریت یا ریگ مال استعمال کرنے والا ؛ آلۂ ریگ مال ۔

sanderling, n. چہا ؛ ایک چھوٹا ، خاکستری اور سفید سریلی آواز والا پرندہ جو قطب شمالی میں پیدا ہوتا اور ساحلوں پر رہتا ہے ۔

sand flea, n. ریت پسّو ؛ جلد دوز یا دوسرا پسو جو ریتلی جگہوں یا لب ساحل پر رہتا ہے ۔

sandfly, n. ریت مکھی/بڑمکھی ؛ ایک چھوٹی کاٹنے والی ساحلی مکھی ؛ ایک خون چوس مکھی ، جس کی کاٹ سے بعض انسانی امراض پھیلتے ہیں ۔

sandglass, hour glass, n. ریت گھڑی ؛ شیشے کا ایک آلہ جس کے ایک حصے سے دوسرے حصے میں ریت کے منتقل ہونے سے وقت کی پیمائش ہوتی ہے ۔

sand grouse, n. بَھٹ تیتر ؛ یورپ ، ایشیا اور افریقہ کے بنجر ریتیلے میدانوں میں رہنے والا تیتر کی طرح کا ایک پرندہ ۔

sandhi, n.ساندھی ؛ صوتی مماثلت ؛ ایک صوتی تبدیلی جو لفظوں یا لفظ کے مجموعوں میں اصواتی ماحول کی وجہ سے واقع ہوتی ہے، جیسے حروف 'd' اور 'y' کی مماثلت 'j' سے ہو جاتی ہے جب وہ فقرے 'Did you' میں آتے ہیں ۔

sandhog, n. ریتی مزدور ؛ ریت سرنگی ؛ وہ مزدور جو کھدائی کرتا ہے یا ریت میں کام کرتا ہے ، خاص کر وہ جو آب بند ڈبے (Caisson) میں زیر آب سرنگ بنانے کا کام کرتا ہے ۔

sand launce, sand eel, sand lance, launce, n. سینڈ لانس ؛ ان پتلی سمندری مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو جھنڈ میں تیرتی ہیں اور جذر کے وقت ساحلی ریت کے اندر گھس جاتی ہیں ۔

sand lily, n. ریگ سوسن ؛ مغربی امریکا کا ایک سوسن کے پھول جیسے ڈنٹھل والا پودا ۔

sandlot, n. خالی قطعہ ؛ شہر میں خالی زمین کا ٹکڑا جو کھیلوں کے لیے مستعمل ہو ۔ (صفت) اُس زمین یا ان کھیلوں کے متعلق جو اس زمین پر کھیلے جائیں ، جیسے بیس بال ۔

sandlotter, n. کھلاڑی جو ایسی زمین پر کھیلتا ہو ۔

sandman, n. ریت جھونک ؛ پری کہانیوں کا ایک خیالی کردار جو بچوں کی آنکھوں میں ریت جھونکتا ہے تا کہ وہ نیندوسی ہو جائیں ۔

sand painting, n. ریت مصوری ؛ جنوب مغربی امریکا کے انڈین خصوصاً نواہو (Navaho) کے فن کی ایک صنف جس میں بے رنگ ریت کی سطح پر رنگ برنگی ریت سے نقش بنائے جاتے ہیں ۔

sand paper, n. ریگ مال ؛ مضبوط کاغذ جس پر ریت کی ایک تہ گوند سے چپکائی ہوتی ہے ، جو چکنا کرنے یا چمکانے کا کام دیتا ہے ۔ (فعل متعدی) ریگ مال سے چکنا کرنا یا چمکانا ؛ ایسا چمکانا کہ جیسے ریگ مالی کی گئی ہو ۔

sand pile, n. ریت ڈھیری ؛ بچوں کے کھیلنے کے لیے ریت ؛ نرم زمین میں مضبوط بنیاد فراہم کرنے کے لیے گہرے سوراخ میں ریت کی گٹھی ہوئی بھرائی ۔

sandpiper, n. یلوہ/ریت سریلا ؛ زمارالرمل ؛ ٹٹیری ؛ قطب شمالی میں پیدا ہونے والے ، ساحلوں پر بسیرا کرنے والے ، امریکا اور یورپ کے مختلف چھوٹے پرندوں میں سے کوئی سا جو سیٹی کی آواز نکالتا ہے ۔

sandsoap, n. ریت صابن ؛ ریت کے باریک ذروں والا صابن جو ہاتھوں سے گہرا میل دھونے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

sandstone, freestone, n. ریتیلا پتھر/بھربھرا پتھر ؛ سنگ سیاہ ؛ ریت کے گٹھے ہوئے ذرات کا پتھر جو سلیکا ، کیلسیم یا دوسرے معدنیاتی اجزا سے جڑا ہوا ہو ۔

sandstorm, n. ریت کا طوفان ؛ وہ آندھی جو گردوغبار یا ریت کے بادلوں کے ساتھ آتی ہے ۔

sand table, n. (عسکری) ریگ میز ؛ بچوں کی ریت سے کھیلنے کی میز ۔ ارضی نمونہ میز ؛ وہ میز جس پر کسی علاقے کے جغرافیائی خدوخال کا نقشہ بنا ہوتا ہے تا کہ فوجی چالوں کی منصوبہ بندی کی جا سکے ۔

sand trap, n. (گالف) ریت گڑھا ؛ ایک اتھلا ریت گڑھا جو گالف کے میدان میں آزمائش کے طور پر عموماً سبز قطعۂ زمین سے پہلے بنایا جاتا ہے ۔

sand verbena, n. (نباتیات) سینڈ وربینا؛ ایک پودا جو امریکی ریاستہائے متحدہ کی شمال مغربی ، خشک ، ریتیلی زمین میں ہوتا ہے ۔

sandwich, n. [ارل آف سینڈوچ کے نام پر] سینڈوچ ؛ ڈبل روٹی کے دو پتلے پرت جن کے درمیان گوشت ، مچھلی ، پنیر یا اس قبیل کی چیزیں رکھتے ہیں ؛ کوئی چیز جو سینڈوچ جیسی یا اس کے مشابہ ہو ۔ (فعل متعدی) سینڈوچ بنانا ؛ دوسری دو چیزوں کے درمیان رکھنا (جیسے : (to sandwich a vacation between two jobs ۔

sandwich board, n. سینڈوچ بورڈ ؛ آپس میں تسموں سے بندھے ہوئے دو اشتہاری بورڈ جو آدمی کے کاندھوں سے یوں لٹکے ہوتے ہیں کہ ایک بورڈ سامنے اور دوسرا پیچھے کی طرف ہوتا ہے ۔

sandwichman, n. اشتہاری بورڈ اٹھانے والا ۔

sandworm, lugworm, n. ریگی کرم ؛ ریت کیڑا ؛ کنڈل کیڑا ؛ کنڈیالا ؛ سمندری کنڈیالوں کی متعدد قسموں میں سے کوئی سا خارساق طبقے کا کیڑا جو سمندر کے کناروں پر ریت میں رہتا ہے ، ماہی گیر اسے مچھلی کے طعمے/چارے کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

sandwort, n. ریگ بوٹا ؛ ایک گچھیلی/گچھے دار گیاہی بوٹی جو بیشتر ریتیلی زمین میں ہوتی ہے ۔

sandy, a. بُھربھرا ؛ کرکرا ؛ ریگی ؛ بالو کا ؛ ریتیلا ؛ ریت پر مشتمل یا ریت بھرا ؛ ریت کے مشابہ ؛ ریت کے رنگ کا ؛ زردی مائل سرخ رنگ کا ۔

sandiness, n. ریتیلا پن ؛ کرکراپن ۔

sane, a. ذی فہم ؛ صحیح العقل ؛ دانا ؛ عاقل ؛ معقول ؛

سمجھ دار ؛ صحیح الدماغ ؛ جو دیوانہ نہ ہو ؛ جو عقل اور دوسری ذہنی صلاحیتیں رکھتا ہو۔

sanely, adv. دانائی و حکمت سے ؛ صحیح الدماغی سے ۔

saneness, n. دانائی ؛ زیرکی ؛ فہم و فراست ۔

Sanforize, v.t. سکڑانا ؛ سینفورائز کرنا ؛ میکانی سکڑائی کا عمل کرنا جیسے کپڑے پر تا کہ دُھلنے سے کم سکڑے ۔ (تجارتی نشان) ۔

sangaree, sangaria, n. سنگاری ؛ ایک مفرح ، میٹھا ، مسالے دار ، ٹھنڈا مشروب (شراب اور پانی کا آمیزہ) ۔

sang-froid, n. دل جمعی ؛ سکون ؛ اطمینان ؛ جمیعت خاطر ۔

Sangraal, Sangreal, n. (کلیسیات) سنگرال / پاک پیالہ ؛ مقدس جام ؛ وہ جام مقدس جسے حضرت عیسیٰ نے آخری عشائیے میں استعمال کیا تھا ۔

sanguicolous, a. طفیلی (کیڑا) ؛ خون چوس (کیڑا) ؛ خون باش ؛ طفیلی کیڑے کی طرح دوسرے کا خون چوس کر جینے والا ۔

sanguiferous, a. خون بَر ؛ خون لے جانے والی ؛ خون پہنچانے والی جیسے رگیں اور نسیں ۔

sanguinaria, bloodroot, n. جنس عرق الدم ؛ سنگونیریا ؛ پوست خاندان کا سفید پھولوں ، گوشکی پتوں اور سرخ رس والا پودا ، اس پودے کی جڑ قے آور یا بلغم آور دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے ۔

sanguinary, a. خونخوار ؛ سفاک ؛ قاتل ؛ خون آمیز ؛ خون پر مشتمل ؛ خونی ؛ وہ جس میں بہت خون ریزی ہوئی ہو ؛ قاتلانہ ؛ لہو پیاسا ۔

sanguinarily, adv. سفاکانہ ؛ خون آشام طریق سے ؛ ظالمانہ ۔

sanguinariness, n. سفاکی ؛ خون خواری ؛ خون آشامی ۔

sanguinous, a. سفاک ؛ قاتل ؛ بے رحم ۔

sanguine, a. لہو رنگ ؛ لہو سا ؛ لال ؛ خون کے رنگ کا ؛ چہرے کی سرخ و سفید رنگت والا ؛ خود اعتماد اور توانا ۔

sanguinely, adv. خود اعتمادی یا جوش سے ۔

sanguineness, n. سرخی ؛ لالی ؛ توانائی ؛ توانا پن ۔

sanguinous, a. لال رنگت کا ؛ توانا ؛ خود اعتماد ۔

sanguinolent, a. خون رنگ ؛ خون رنگ یا خون ملا ہوا ؛ خونی ۔

Sanhedrin, Sanhedrim, n. سین ہڈرن ، قدیم یہودی قوم کی بڑی کونسل اور بلند ترین مذہبی اور عدالتی جرگہ ؛ ایسی ہی کوئی زیریں عدالت ۔

sanicle, senicolo, parsley, black snake root, n. سے نی کل ؛ جنس سینکولا اور اجوائن (Parsley) خاندان کی ایک بوٹی ، چند ادویاتی خصوصیات کی حامل ۔

sanies, n. (امراضیات) پنیالی پیپ ؛ زرد آبی ؛ پنچھایا ؛ السریا زخم سے نکلنے والا پتلا ، خونابی ، پنیالہ مواد جو اکثر سبزگوں ہوتا ہے ۔

sanious, a. پیپ بھرا ۔

sanitarian, n. صحت عامہ اور صفائی کا یا اس جیسا کوئی مقتدر ادارہ ۔ (صفت) حفظان صحت کے متعلق ؛ صاف ؛ مفید صحت ۔

sanitarium, n. دیکھیے : Sanatorium ۔

sanitary, a. صحت گاری ؛ صحت کاری ؛ صحت سے وابستہ یا صحت افزائی کے لیے بنایا ہوا ؛ حفظان صحت سے متعلق ؛ صحت بخش ۔ (اسم) عوامی بیت الخلا ۔

sanitarily, adv. حفظان صحت کی رو سے ۔

sanitariness, n. حفظان صحت کا پاس ؛ حفظان صحت کی پابندی ۔

Sanitary napkin, n. ماہواری گدّی ؛ بُجّا ؛ انجذابی مواد کی ایک چھوٹی گدی ، عموماً روئی کی جو عورتیں دوران حیض استعمال کرتی ہیں ؛ پاکینہ ۔

sanitate, v.t. صحت گاری کرنا ؛ حفظان صحت کی تدبیریں اختیار کرنا ؛ صفائی اور صحت گاری کے سامان مہیا کر کے صحت و صفائی کا انتظام کرنا ۔

sanitation, n. صحت گاری ؛ صحت و صفائی ؛ مضر صحت عناصر کو دور کرنے کے لیے حفظان صحت کے انتظامات ۔

sanitize, v.t. صحت گاری کے مطابق بنانا ؛ جراثیم ربائی کرنا ۔

sanity, n. عقل سلیم ؛ ہوش مندی ؛ ذی شعوری یا ذہنی صحتمندی کی حالت ؛ سمجھ داری ؛ معقولیت ۔

San Jose scale, n. سان ہوزے حشرہ ؛ کھپرے دار کیڑا ؛ ایک نقصان دہ کھپرے دار کیڑا ، (خصوصاً پھلدار درختوں کے لیے) ایسپی ڈیوٹس پرنی کیوسس جو پہلے امریکی ریاست کے شہر سان ہوزے (کیلیفورنیا) میں نمودار ہوا ۔

Sankhya, n. سانکیہ ؛ ایک فلسفہ جو چھ قدیم ترین بڑے ہندو نظریات میں سے ہے اور جو روح اور مادے کی دوئی کی تعلیم دیتا ہے ۔

sannup, n. شادی شدہ انڈین ؛ شمالی امریکی انڈین کا شادی شدہ شخص ۔

sannyasi, n. [ہندی ، اردو] سنیاسی ؛ ایک ہندو مذہبی فقیر ۔ (مونث : sannyasin) ۔

sans, prep. بغیر ۔

sans-culotte, n. انقلابی ؛ انقلابیہ ؛ انقلاب پسند ؛ انتہا پسند ؛ یہ ابتداً مذمّتی اصطلاح تھی جو ۱۷۸۹ء کے فرانسیسی انقلاب کے وقت اشراف استعمال کرتے تھے ، بعد میں یہی انقلابیوں کا مقبول عام خطاب بن گیا ؛ کوئی انتہا پسند یا انقلابی ۔

sans-culottic, sans-culottish, a. انقلاب سے متعلق ۔

sansculottism, n. انقلاب پرستی ؛ انتہا پسندی ۔

sans-culottist, n. انقلابی ؛ انتہا پسند ۔

sansei, n. (اکثر بڑے S سے) سانسے ؛ وہ امریکی نژاد جس کے اجداد جاپان سے نقل مکانی کر کے آئے تھے ۔ بمقابلہ : Nisei ۔

sansevieria, n. سانسے وی ایریا ؛ سانسے وی ایریا جنس سے سوسن خاندان کا کوئی منطقۂ حارہ کا پودا جس کے رنگ برنگے بُندکیوں والے سخت تیغ نما پتے ہوتے ہیں ، اکثر آرایش کے لیے اگایا جاتا ہے ۔

Sanskrit, Sanscrit, n. سنسکرت ؛ ہندوؤں کی قدیم زبان جو ہندوستان میں مذہب اور کلاسیکی ادب کی زبان ہے ۔ (صفت) سنسکرتی ۔

Sanskritic, Sanscritic, a. سنسکرت سے پیدا ہوئی والی ہندوستان کی کسی زبان سے متعلقہ جیسے بنگالی ، پالی ، پنجابی یا مشرقی اور مغربی ہندی جو سنسکرت یا اس سے متعلقہ حروف میں لکھی جاتی ہو ۔

sanskritist, n. ماہر سنسکرت ؛ سنسکرت داں ۔

sans serif, n. (طباعت) بلا شوشہ ؛ ٹائپ کا ایک انداز جس میں

حرف کے بالائی اور زیریں حصوں پر شوشے نہیں ہوتے ۔

Santa Claus, n. سنٹا کلاز ؛ بڑے دن (کرسمس) کی علامتی شخصیت ؛ وہ تنومند ، سفید ریش ، خوش مزاج ، بزرگ شخص ، سرخ لباس میں ملبوس ، جو کرسمس کے تہوار میں فرضی طور پر تحفے تقسیم کرتا ہے ۔ برطانیہ میں فادرکرسمس ۔نیز : Saint Nickolas ۔

Santa Gertrudis, n. سنٹاگرٹروڈس ؛ مغربی امریکا میں ایک مخلوط نسل کی چھوٹی سینگوں والی براہمان گائے جو گرم موسم برداشت کرنے کی وجہ سے مقبول ہے اور گوشت کے لیے پالی جاتی ہے ۔

santalaceous, a. سنٹالاشس ؛ صندلی ؛ سنٹالا کے یا صندل خاندان کے درختوں سے متعلق ۔

santonica, n. (نباتیات) درمنہ ؛ ناگدون ؛ افسنتین ؛ پرانی دینا کی ایک قسم کی جڑی بوٹی ، اس پودے کے خشک راس گل پر مشتمل ایک دوا جو آنتوں کے طفیلی کیڑوں کو خارج کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

santonin, n. (کیمیا) جوہر درمنہ ؛ سینٹونین ؛ ایک قلمی مرکب ؛ افسنتین کا جزو عاملہ ۔

sap, n. رس ؛ عرق حیاتی ؛ شیرہ ؛ چوب رس ؛ کسی پودے کا رس یا اس میں گردش کرنے والا عرق حیاتی ؛ کوئی حیاتی عرق ، جیسے خون ؛ طاقت یا جان ؛ چھال ، کچی لکڑی ۔ (عوامی) کوئی بیوقوف شخص یا سادہ لوح ؛ بھولا آدمی ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کا رس نکالنا ۔

sap, n. (قلعہ بندی) سرنگ ؛ وہ تنگ سرنگ جو کسی محصور جگہ یا قلعہ بند دشمن تک پہنچنے کے لیے کھودی گئی ہو ۔ (فعل متعدی) (قلعہ بندی) دمدمے سے محفوظ کی ہوئی تنگ سرنگ کے ذریعے دشمن کی جگہ تک پہنچنا ؛ چپکے چپکے کمزور یا تباہ کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ برباد کرنا ۔ (فعل لازم) (قلعہ بندی) کھودنا یا خندقیں بنانا ۔

sap green, n. ہرا رس ؛ رسوت کے رس سے حاصل ہونے والا رنگنے کا سبز مواد جو رنگ سازی کے کام آتا ہے ؛ ایک زردی مائل سبز رنگ ۔

saphead, n. (عوامی) احمق ؛

sapheaded, a. سادہ لوح ؛ بے وقوف ۔

sapheadedness, n. سادہ لوحی ؛ احمق پن ؛ حماقت ؛ بے وقوفی ۔

saphenous, a. رگوں سے متعلق ؛ ٹانگ کی بیرونی بڑی رگوں سے متعلق ، اندرونی طرف کی 'لمبی' یا 'داخلی' رگ اور اگلی یا پچھلی جانب کی ، 'چھوٹی' ، 'خارجی' یا 'پچھلی' رگوں سے متعلق ۔

saphena, n. ورید صافن ۔

sapid, a. خوش گوار ؛ خوش ذائقہ ؛ خوشگوار مہک والا ؛ ذائقے دار ؛ ذہن کو بھانے والا ۔

sapidity, n. خوشگواری ۔

sapience, sapiency, n. دانش مندی ؛ عقل مندی ؛ شعور ؛ سمجھ داری ؛ دانائی ؛ ذکاوت ؛ اکثر طنزیہ استعمال ہوتا ہے ۔

sapiens, a. انسان ؛ جدید انسان کا مخصوص نام ۔ دیکھیے : Homosapiens ۔

sapient, a. دانا ؛ درویش ؛ عالم ؛ تمیز دار ؛ اکثر طنزیہ ، رمزیہ استعمال ہوتا ہے ؛ بناوٹی دانائی سے متعلق ؛ لال بُجھکڑ ۔

sapiently, adv. دانش مندانہ طور پر ۔

sapless, a. بے رس ؛ سوکھا ؛ بے لعاب ؛ خشک ؛ پژمردہ ؛ جوش یا توانائی سے عاری ؛ غبی ۔

sapling, n. نونہال ؛ نوخیز پودا ؛ نوجوان ۔

sapodilla, sapota, n. نس بری ؛ ساپوڈیلا ؛ گرم علاقوں کا ایک بڑا سدا بہار درخت جو خوردنی پھل اور دودھیا رس دیتا ہے ؛ اس درخت کا پھل ۔ نیز : sapodilla plum ۔

saponaceous, a. صابونی ؛ صابون کے مشابہ ۔

saponaceousness, n. صابونیت ۔

saponifiction, n. صابن گری ؛ صابن سازی ؛ وہ عمل جس کے ذریعے چربی والے مادے کسی القلی کی آمیزش سے صابن بن جاتے ہیں ؛ حرارت ، پانی اور القلی کے عمل سے ایسٹر کی الکحل اور تیزاب میں تحلیل ۔

saponifiable, a. صابن گری پذیر ۔

saponifier, n. صابن گر ؛ صابن ساز ۔

saponify, v.t. صابن بنانا ۔

saponin, a. جوہر صابونیہ ؛ ان مختلف اقسام کی نباتاتی شکروں میں سے کوئی ایک جو صابونیہ اور دوسرے پودوں کی جڑ میں پائی جاتی ہے ، پانی میں ڈال کر ہلانے سے صابن کی طرح جھاگ لانے کا سبب بنتی اور شیرہ ساز کا کام دیتی ہے ۔

saponite, n. (معدنیات) سپونائٹ ؛ مگنیشیم ایلومینم سیلیکیٹ جو چٹان کی دراڑ اور سوراخ میں بے شکل نرم مواد کی صورت میں ہوتا ہے ۔

sapor, Brit. sapour, n. لذت ؛ وہ چیز جو حسِ ذائقہ کو متاثر کرتی ہے ؛ ذائقہ ؛ مزہ ؛ خوشبو ۔

saporific, a. ذائقے دار ۔

saporous, a. پُر ذائقہ ۔

sapota, n. (نباتیات) سپوٹا ۔

sapotaceous, a. (نباتیات) سپوڈیلا ؛ سپوٹیسیا یا سپوڈیلا خاندان کے پودوں سے متعلق ۔

sappanwood, sapanwood, n. رنگ دار لکڑی ؛ شرق الہند کی رنگ دار لکڑی جس سے سرخ رنگ نکلتا ہے ؛ اس لکڑی کا درخت ۔

sapper, n. سرنگ بنانے والا ؛ فوج کے انجینئری شعبے کا سپاہی جو قلعہ بندی اور مورچہ بندی میں تربیت یافتہ ہو ۔

Sapphic, a. سیفوئی ؛ یونانی شاعرہ سیفو کا یا اس سے متعلق ۔ (عروض) اُس بحر کا نام جسے کہتے ہیں کہ سیفو نے ایجاد کیا ۔ (اسم) سیفوئی بحر کا شعر ۔

sapphire, n. (معدنیات) یاقُوتِ کبود ؛ نیلم ؛ لعل کے علاوہ مختلف قسم کے قیمتی پتھروں میں سے کوئی بھی جو گوہر کے طور پر مستعمل ہو ، خصوصاً مختلف نیلے رنگ کے عکس رکھنے والا ؛ ایسا کوئی قیمتی گوہر ؛ گہرا نیلا رنگ ۔

sapphirine, n. (معدنیات) نیلمی ؛ نیلمہ ؛ مگنیشیم اور ایلومینم کا بنا ہوا ایک سبز یا نیلا سلیکیٹ ؛ ایک نیلے رنگ کی دھات ۔ (صفت) نیلم کا بنا ہوا ؛ نیلم کے مشابہ ، خاص کر رنگ کی نسبت سے ۔

sapphism, n. دیکھیے : Lesbianism ۔

sappy, a. رسیلا ؛ رس بھرا ؛ رس دار ؛ رسیلا ؛ پھرتیلا ؛

نوخیز۔ (عوامی) احمق ؛ جذباتی ۔

sappiness, n. نوخیزی ؛ جذباتیت ۔

sapremia, n. (امراضیات) فساد خون ؛ خون کی ایک طرح کی زہرآلودگی خاص کر اس زہر کے انجذاب سے جو بعض جراثیم پیدا کرتے ہیں ۔

sapremic, a. زہرآلود ۔

saprogenic, saprogenous, a. گلانے والا ؛ فاسد کرنے والا ؛ سڑاند یا بوسیدگی پیدا کرنے والے ، جیسے بعض جراثیم ؛ سڑاند سے پیدا ہونے والا ۔

saprolite, n. (صخریات) گلا ہوا پتھر ؛ نرم ؛ انشقاق شدہ عموماً بوسیدہ پتھر ؛ اپنی جگہ پڑی ہوئی چٹان ۔

saprolitic, a. مائل بہ بوسیدگی (چٹان) ۔

saprophagous, a. (حیاتیات) گند خور ؛ غلاظت خور ؛ سڑے گلے نامیاتی مادوں پر پلنے والا ۔

saprophyte, n. پھپھوند خور یا گند خور پودا ؛ بیکٹریا اور پھپھوندی کی طرح کا کوئی پودا جو گلی سڑی سبزیوں پر اگتا ہے ۔

saprophytic, a. گند خورانہ ۔

saprophytically, adv. گند خورانہ طور پر ۔

sapsago, n. سبز پنیر ؛ سوئٹزرلینڈ کا ایک قسم کا سبز اور سخت پنیر ۔

sapsucker, n. رس چوس ؛ ہد ہد/کٹھ پھوڑا ؛ متعدد چھوٹی قسموں کے ہدہد ، جو رس پینے کے لیے اندر کی رسیلی چھال کو کھول کر درختوں کو نقصان پہنچاتے ہیں ۔

sapwood, n. رسیلی لکڑی ؛ چوب خام ؛ کسی درخت کی نئی ، عضویاتی طور پر جاندار ، عموماً ہلکے رنگ کی لکڑی ۔

saraband, n. سارا بند ؛ تین تال کا ایک آہستہ رو ، پرتکلف ، ہسپانی رقص ؛ اس رقص یا اس کے تال کی موسیقی جو کلاسیکی موسیقی میں عموماً کورنٹے کے بعد کا حصہ ہوتا ہے ۔

Saracen, a. شامی ؛ مسلم ؛ شرقی ؛ رومی سلطنت کی شامی سرحدوں پر بسنے والے بدوی قبائل کے کسی فرد کے بارے میں یا اس کے متعلق ؛ عرب سے موسوم کیا جانے والا ؛ کسی عرب مسلم کے متعلق خصوصاً صلیبی جنگوں کے حوالے سے ۔

Saracenic, Saracenical, a. اسلامی ؛ عربی ۔

saran, n. سارن ؛ وینائل کلورائیڈ کا پولی مرائزڈ پائدار ، لچک دار ، مانع آب ، تپش بردار پلاسٹک جو پیکنگ اور کیمیاوی طور پر مزاحمت پذیر پائپوں اور دوسری مصنوعات کے کام آتا ہے ۔

sarape, n. دیکھیے : Serape ۔

saratoga trunk, n. زنانہ صندوق ؛ ایک گول ڈھکنے والا بڑا صندوق جو انیسویں صدی میں خصوصاً عورتیں استعمال کرتی تھیں ۔

sarcasm, n. طنز ؛ طعن ؛ ہجو ؛ تلخ سی چبھتی ہوئی بات ؛ کوئی طنزیہ جملہ ؛ پھبتی ؛ طعنہ ؛ رمزیہ یا طنزیہ زبان کا استعمال ۔

sarcastic, a. طنزیہ ؛ طعن آمیز ۔

sarcasticness, sarcasticalness, n. طنز ؛ طعن ؛ رمز ۔

sarcastically, adv. طنزاً ؛ ازراہ طنز ؛ تمسخرانہ ؛ طنزیہ طور پر ۔

sarcenet, sarscenet, n. سارسینی ؛ ساختۂ ساراسین ؛ ایک نفیس ، باریک ریشمی کپڑا جو خاص کر استر کے لیے مستعمل ہے ۔

sarcocarp, n. گودے والا پھل ؛ بعض پھلوں جیسے آلوچے کا گودے والا حصہ ۔

sarcoid, a. لحمی ۔ (اسم) (امراضیات) دنبل لحمی جیسی رسولی ۔

sarcoma, n. (امراضیات) رسولی ؛ دنبل لحمی ؛ کوئی سی موذی رسولی جو واصلی نسیج میں پیدا ہو گئی ہو ۔

sarcomatoid, sarcomatous, a. رسولی دار ؛ لحمی سلعی ۔

sarcophagous, sarcophagic, n. گوشت خور ؛ لحم خور ؛ گوشت کھانے والا جانور یا پودا ۔

sarcophagus, n. تابوتی پتھر ؛ پتھر کی قبر یا پتھر کا مزین نمایاں تابوت جو یادگار کے طور پر نمایش کے لیے رکھا ہو ؛ تعویز قبر ۔

sarcous, a. لحمی ؛ لحمی یا گوشت یا عضلات پر مشتمل ۔

sard, sardine, sardius, n. (معدنیات) عقیق احمر ؛ عقیق اصفر ؛ پختہ ، نیم شفاف ، نارنجی رنگ کے سرخی مائل عقیق کی ایک قسم ۔

sardine, n. سارڈین ؛ ساردین ؛ رایو ؛ متعدد چھوٹی خوردنی مچھلیوں میں سے ہیرنگ سے تعلق رکھنے والی جو ڈبوں میں تیل کے ساتھ محفوظ کی جاتی ہے ۔

sardine, n. دیکھیے : Sard ۔

Sardinian, a. سارڈینی ؛ اٹلی کے مغرب میں بحیرہ روم کے ایک بڑے جزیرے سارڈینیا یا اس سے متعلقہ ، اس کے باشندے یا ان کی زبان ۔ (اسم) جزیرہ سارڈینیا کا قدیم باشندہ یا وہاں کا رہنے والا یا ان کے عہد رفتہ کی سلطنت ؛ سارڈینیوں کی ایک زبان ۔

sardius, n. نارنجی عقیق /سارڈ ؛ عقیق کی ایک قسم ؛ نارنجی عقیق ۔ (بائبل) ہارون کے ''چار آئینے'' کا ایک پتھر (خروج: ۱۷:۲۸) ۔

sardonic, a. طنزیہ ؛ جلی کٹی ؛ زہر خندکی ؛ انتہائی طنزیہ ؛ طعن آمیز ؛ تمسخرانہ ۔

sardonically, adv. تمسخر کے ساتھ ۔

sardonyx, n. عقیق سلیمانی ؛ سنگ سلیمان ؛ سلیمانی پتھر کی ایک قسم ، جس میں نارنجی اور سفید عقیق کے پرت یکے بعد دیگرے ہوتے ہیں ۔

sargasso, n. سرگاسو ؛ خلیجی خس ؛ بحری خس و خاشاک ۔

sargassum, n. سارگاسم ؛ سمندری خس ؛ سارگاسم جنس کی کوئی بحری خس ، جس کی قسمیں کرہ ارض کے تمام گرم پانیوں پر پھیلی ہوئی ہیں ، جیسے عام خلیجی خس ۔ دیکھیے : Sargasso۔

sari, saree, n. [ہندی ، اردو] ساڑی یا ساری ؛ برصغیر میں عورتوں کا خاص پہناوا ، ایک لمبا کپڑا جو کمر کے گرد باندھا جاتا ہے ، اس کا ایک سرا سامنے کاندھے سے لٹکا ہوتا ہے ، (پلو) جسے سر پر بھی ڈال لیتے ہیں ۔

sarmentose, saromentous, saromentaceous, a. (نباتیات) غلطاں شاخہ ؛ کثیرشاخہ ؛ لمبی ،پتلی ،پھیلی ہوئی شاخوں والا درخت ؛ لپٹی بیل ۔

saramentum, sarment, n. غلطاں ساق ؛ دونده ؛ دراز ساق ؛ کسی پودے کا زمین کے ساتھ لیٹا ہوا تنا ۔

sarong, n. [ملائی] سارنگ (لہنگا) ؛ مجمع الجزائر ملایا کے مرد اور عورتوں کا قومی لباس ؛ وہ پارچہ جسے جسم کے نچلے حصے پر

تہمد (لنگی) کی طرح سے باندھتے ہیں ؛ ایسے ملبوس کا کپڑا ۔

sarracenia, n. (نباتیات) صراحی نما پودا ؛ اس نام و جنس کا
کوئی پودا جس میں شمالی امریکا کا دلدلی پودا ، خصوصاً عام صراحی
نما پودا Sarracenia purpuria شامل ہے ، جس کے صراحی جیسے
کھوکھلے پتوں میں کیڑے مکوڑے پھنس کر ہضم ہو جاتے ہیں ۔

sarraceniaceous, a. صراحی نما ۔

sarsaparilla, n. عُشبہ ؛ جوہر عشبہ ؛ سرسا پریلا ؛ جنس سمیلکس
(Similax) کے بعض پھیلنے یا اوپر چڑھنے والے منطقہ حارہ کے امریکی
پودوں کی خشک جڑیں ؛ ان جڑوں سے حاصل ہونے والا مواد جو ٹھنڈا
مشروب مثلاً روٹ بیئر بنانے کے کام آتا ہے ، نیز دوا سازی میں استعمال
ہوتا ہے ۔

sarsaparallin, n. عُشبین ؛ سرسا پریلین ۔

sartorial, a. خیاطانہ ؛ درزی کا یا اس کے متعلق یا
خیاطی کے بارے میں ؛ لباس کے متعلق خصوصاً مردوں کے ۔ (تشریح
الاعضا) پٹھے کے بارے میں ۔

sartorially, adv. خیاطیہ ۔

sartorius, n. (تشریح الاعضا) عضلہ ؛ ایک چپٹا پتلا پٹھا ،
آدمی میں سب سے زیادہ لمبا ، کولھے کی ہڈی سے پنڈلی کی ہڈی کے
سرے تک ، ران کے سامنے سے ترچھا گزرتا ہوا وہ خاص پٹھا جو ٹانگ
کو ہلانے اور چار زانو بیٹھنے میں مدد دیتا ہے ۔

Sarumuse, n. سارامُس ؛ تجدید مسیحیت سے قبل
سالسبری (Salisbury) کے گرجاؤں میں ادا کیے جانے والے وِرداورِوظیفے ۔

sash, n. کمر بند ؛ پٹکا ؛ شاش ؛ ایک شانہ پوش یا
کمربند جو آرایش یا امتیاز کے لیے کاندھے پر ڈالا یا کمر کے گرد باندھا
جاتا ہے ؛ صافہ ۔

sash, n. سیش ؛ کھڑکی کا وہ فریم جس میں شیشہ لگایا جاتا ہے ۔
(فعل متعدی) کھڑکی میں چوکھٹا لگانا ۔

sashay, n. (بول چال) مٹک چال یا امتیازی ادا والی حرکت ،
جیسے رقص میں ۔

saskatoon, n. ساس کا ٹون ؛ سنجد پیڑ یا اس کا پھل ،
اس کی متعدد اقسام ہیں (جیسے : Juneyberry, serviceberry,
shadberry, shadbush) ۔

sass, n. (بول چال) شوخ ؛ غیر مہذب ؛ الزامی جواب ؛
ترکی بہ ترکی جواب ۔ (فعل متعدی) (بول چال) گستاخی سے بولنا یا
جواب دینا؛ الٹ کر جواب دینا ۔

sassafrass, n. (نباتیات) ساسا فراس ؛ شمالی امریکا کا
ایک سدا بہار پیڑ ؛ اس کے جڑ کی خوشبودار چھال ، دوا کے طور پر اور
خصوصاً مشروبات یا مٹھائیوں میں خوشبو کے لیے مستعمل ہے ۔

Sassenach, n. (برطانوی)سیسینک؛انگریز ؛ سیکسن نسل کا فرد ؛
جزائر برطانیہ کے کلٹی لوگ اکثر یہ نام تحقیراً استعمال کرتے ہیں ۔

sassy, n. (بول چال) شوخ ؛ بے ادب ؛ ڈھیٹ ۔

sassy bark, sassywood, sassy, sasswood, n. پھلی والے
ایک افریقی درخت کی چھال جو قدیم باشندے بُرے وقت میں زہر کے
طور پر استعمال کرتے تھے ؛ یہ درخت ۔

Satan, n. (بائبل) شیطان ؛ انسان کا ازلی دشمن ؛ ابلیس ؛
بدی کی اصلی روح ۔

satanic, satanical, a. شیطانی ؛ ابلیسی ؛ شیطان کا ؛ خبیثانہ ؛
شیطانی فطرت یا شیطان کے مناسب ؛ انتہائی بدخو ۔

satanically, adv. ابلیسانہ طور پر ؛ شیطانی طور پر ۔

satanism, n. شیطان پرستی ؛ شیطانی خصائل ؛ شیطنت ؛ شیطانی
مزاج یا اعمال ۔ (بڑے S سے) شیطان کی پرستش ۔

satanist, n. شیطان پرست ۔

satchel, sachel, n. بستہ ؛ جزدان ؛ تھیلی ؛ ایک چھوٹا سوٹ کیس
یا تھیلا جو ہاتھ میں پکڑ کر یا کاندھے سے لٹکا کر لے جایا جا سکے ۔

sate, v.t. شکم سیر ہونا ؛ اشتہا یا خواہش کو
پوری طرح تسکین دینا ؛ ٹھونسنا یا شکم سیر ہونا ۔

sateen, n. ساٹن ؛ اسی طرح بنا اور تیار کیا ہوا
سوتی کپڑا کہ ساٹن جیسا نظر آئے ۔

satellite, n. (فلکیات) سیارچہ ؛ تابع یا طفیلی سیارہ ؛ طفیلیہ ؛
ثانوی سیارہ ؛ بڑے کے گرد گردش کرنے والا چھوٹا سیارہ ؛ ثانوی سیارہ
یا چاند ؛ کوئی چیز جو دوسرے پر انحصار کرتی ہو ؛ دست نگر ؛ پیرو ؛ وہ
چھوٹا شہر یا چھوٹی قوم جو دوسری بڑی ریاست کے اقتصادی ، فوجی
یا سیاسی غلبے میں ہو ؛ کوئی سی انسان کی بنائی ہوئی چیز جو زمین
یا دوسرے اجرام فلکی کے گرد گردش کرتی ہو ۔ (صفت) سیارچوی ؛
متعلق بہ سیارچہ یا طفیلیہ ۔ نیز: satellitic ۔

satem, a. ساتم ؛ ہند یورپی زبانوں کے مجموعے
البانی ، ہند ایرانی ، سلاوی ، بالٹکی اور آرمینی سے متعلق جن کے
ماقبل تاریخ کے حلقیے (palatal stops) آگے ترقی کر کے حرف صحیح
بن گئے ؛ حروف جو مُنھ کے کم کھلنے میں سانس کی رگڑ سے پیدا ہوتے
ہیں ، یعنی فرکی (fricative) ۔

satiable, a. قابل سیری ؛ تسکین پذیر ؛ سیر ہونے کے لائق
یا جو آسودہ ہو سکے ۔

satiably, adv. تسکین پذیری سے ، سیری سے ۔

satiability, satiableness, n. سیری ؛ آسودگی ؛ تسکین پذیری ۔

satiate, v.t. اشتہا یا خواہش کو آسودہ کرنا ؛
زیادہ پیٹ بھر لینا یا ضرورت سے زیادہ خواہش کی سیری کرنا ۔
(صفت) شکم سیر ؛ پُر شکم ۔

satiated, a. سیر شدہ ۔

satiation, n. تسکین ؛ شکم سیری ۔

satiety, n. شکم سیری/آسودگی ؛ شکم سیر ہونے کی حالت ؛
افراط ۔

satin, n. ساٹن ؛ اطلس ؛ ایک ریشمی کپڑا ، اس طرح بنا اور
تیار کیا ہوا کہ اس کے ایک طرف کی سطح پر مخصوص چکناہٹ اور
چمک ہوتی ہے ۔ (صفت) ساٹن کا یا اس جیسا نرم اور چمکدار ، جیسے
ساٹن ؛ ساٹنی ۔

satinet, satinette, n. ہلکا ساٹن ؛ باریک ہلکا ساٹن یا کمتر درجے
کا ساٹن ؛ اس طرح بنا ہوا کپڑا کہ ساٹن کے مشابہ ہو ۔

satin stitch, n. اطلس بخیہ ؛ اطلس کاری ؛ باہم پیوستہ ،
متوازی لائن والا کشیدے کا کام جو اطلس جیسا معلوم ہوتا ہے ۔

satin weave, n. اطلس بافی ؛ ایک قسم کی بُنائی جس میں اوپر نیچے
جاتے ہوئے تانے بانے کے دھاگے کی بہم پیوستگی سے ملائم اور چکنا
کپڑا تیار ہوتا ہے ۔

satinwood, n. ساٹن لکڑی ؛ چوب اعلیٰ ؛ اطلس چوب ؛ شرق الہند کے مہاگنی خاندان کی ملائم لکڑی جو کیبنٹ سازی اور نفیس فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ؛ یہ درخت ؛ رو خاندان کا ایک درخت جو غرب الہند اور فلوریڈا (امریکا) میں پایا جاتا ہے ۔

satiny, a. اطلسی ؛ ساٹنی ؛ ملائمت اور چکناہٹ میں ساٹن جیسا ؛ چمکدار ۔

satire, n. طنز ؛ ہجو ؛ ہجویہ نظم یا تصنیف ؛ برائی ، حماقت وغیرہ کو فاش کرنے ، اس کی مذمت اور تحقیر کرنے کے لیے رمز ، طنز یا استہزا کا استعمال ؛ نظم اور نثر کا ایک ادبی اسلوب جس سے برائیوں ، ناروائیوں اور حماقتوں کی تنفیر ، تحقیر اور تضحیک کی جاتی ہے ؛ وہ ادبی صنف جو ایسی تحریروں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

satirical, satiric, a. طنزیہ ؛ ہجویہ ؛ طنز کا ؛ اس سے متعلق یا اس سے بھرا ہوا ؛ طنز کی نوعیت کا ؛ طنز کرنے والا یا اس کا عادی ۔

satirically, adv. طنزاً ؛ ہجویہ ۔

satiricalness, n. طنز ؛ ہجویت ؛ ہجوگوئی ۔

satirist, n. طناز ؛ طنز نگار ؛ ہجو گو ؛ طنز لکھنے والا ؛ وہ جو طنز کرتا رہتا ہو ۔

satirize, v.t. طنز کرنا ؛ ہجو لکھنا ؛ طنز کی زد میں لانا ؛ طنز کا شکار بنانا ۔

satirizer, n. طنز گو ؛ ہجو گو ۔

satisfaction, n. تسکین ، سکون ، خاطر جمعی ؛ تسلی ؛ اطمینان ؛ مطمئن کرنے کا عمل یا اطمینان کی حالت ؛ خواہشات ، طلب یا ضرورت کی تکمیل ؛ آسودگی یا مسرت جو کسی واقعے یا حالت سے ہوتی ہو ؛ ایسی آسودگی کا سبب ؛ ادائیگی جیسے قرض کی ؛ فراغت جیسے ذمہ داریوں سے ؛ تلافی/تاوان جیسے کسی زیادتی یا نقصان پر ؛ کسی مفروضہ زیادتی کی تلافی کا موقع جیسے ڈوئل (دوبدومقابلہ) کے ذریعے ؛ شک و شبہ یا مجرم ٹھہرائے جانے سے رہائی ۔ (کلیسیات) کسی تائب کا ارباب کلیسا کی مقرر کردہ سزائیں کاٹنے کا عمل ۔

satisfactional, a. تسلی بخش ۔

satisfactory, a. اطمینان بخش ؛ تسلی بخش ؛ اطمینان دہندہ ؛ تمام طلب یا ضروریات کا پورا کرنے والا ؛ کافی ۔ (الہیات) کفارہ ۔

satisfactorily, adv. قابل اطمینان طور پر ۔

satisfactoriness, n. اطمینان ؛ تسلی ؛ تسکین ۔

satisfy, v.t. اطمینان دلانا ؛ کسی شخص کی خواہشات ، توقعات یا مطالبات کا پورا کرنا ؛ تمام ضروریات پوری کرنا ؛ پوری کفایت کر کے کسی حاجت کو دور کرنا ؛ قرض خواہ کی واجب رقم ادا کرنا ؛ پوری طرح فارغ کرنا/ادا کرنا جیسے کوئی قرض ؛ تلافی کرنا/تاوان بھرنا ؛ یقین دہانی کرنا یا راضی کرنا ؛ تسلی بخش جواب دینا جیسے کسی اعتراض کا ۔ (ریاضی) ضروریات یا شرائط پورا کرنا (جیسے : to satisfy an algebraic equation) ۔ (فعل لازم) اطمینان دلانا یا تشفی کرنا ؛ تاوان بھرنا یا کفارہ ادا کرنا ۔

satisfiable, a. اطمینان بخش ؛ تسلی بخش ۔

satisfier, n. اطمینان دلانے والا ۔

satisfyingly, adv. اطمینان بخش طور پر ۔

satori, n. ساتوری ؛ بدھ مت کے زین فرقے کے مطابق حاصل ہونے والا عرفان یا روحانی جلوہ ۔

satrap, n. صوبے دار ؛ قدیم ایرانی بادشاہت میں ایک صوبے کا والی ؛ ایک چھوٹا حاکم یا والی ریاست جو اکثر مطلق العنان ہوتا تھا ۔

satrapy, n. حدود و نظامت/ولایت ۔

saturable, a. جاذب ، سیر شدنی ؛ معمور پذیر ۔

saturate, v.t. سیر کرنا ؛ سیراب کرنا ؛ معمور کرنا ؛ لبریز کرنا ؛ پوری طرح سرایت کرنے کا عمل کرنا ؛ کسی محلول کو پوری طرح برقیانا ؛ مکمل طور پر رنگ دینا ؛ کسی مادے کو داخل کرنا یا اس کے ساتھ یک جان کر دینا یہاں تک کہ کچھ اور جذب یا شامل نہ ہو سکے ۔ (عسکری) بھرپور گولاباری سے یکسر منہدم کر دینا ۔

saturator, n. سیر/لبریز کنندہ ؛ سرایت کرنے والا ؛ یک جان کرنے والا ۔

saturated, a. سیر شدہ ؛ سیراب ؛ معمور ؛ لبریز ؛ پوری طرح سرایت کردہ ؛ پوری طرح بھگویا یا رنگا ہوا ؛ پورےطورپر بار(چارج)شدہ ؛ سفید رنگ کی شمولیت سے خالی ۔ (کیمیا) اضافی مادے کو جذب کرنے یا اس کے ساتھ ملنے کی گنجایش نہ رکھے ہوئے ۔

saturation, n. سیرابی ؛ لبریزی ؛ معموری ، شرابوری ؛ سَیری ؛ تربتر کرنے کا عمل ؛ شرابوری کی حالت ؛ رنگ کی شدت کا درجہ جس کا سفید کی ناموجودگی سے تعین ہوتا ہے ؛ کسی محلول میں آمیزش یہاں تک کہ آمیزہ اور زیادہ کا حامل نہ ہو سکے ؛ انتہائی مقناطیسیت کی حالت ۔ (موسمیات) فضائی حالت جس میں ہوا میں نمی انتہائی، فی صد تناسب کو پہنچ چکی ہو ۔

Saturday, n. ہفتہ ؛ شنبہ ؛ سبت ؛ سنیچر ؛ ساتواں یا ہفتے کا آخری دن ؛ جمعہ کے بعد آنے والا دن ۔

Saturdays, adv. سنیچروں کو ؛ ہر سنیچر کے دن ۔

Saturn, n. (فلکیات) زحل ؛ سنیچر ؛ کیوان ؛ وہ سیارہ جو مشتری اور یورانس کے درمیان واقع ہے اورجسامت میں مُشتری کے بعد آتا ہے ، اس کے گرد حلقے ہیں جو خیال کیا جاتا ہے کہ برف کے ذرات کے بنے ہوئے ہیں ۔ (رومی اساطیر) زراعت کا دیوتا جو کہتے ہیں فراوانی کے عہد زرین میں غالب تھا ۔ (کیمیا گری) سیسے کا نام ۔

Saturnian, a. زحل کا یا اس سے متعلق ؛ زحل دیوتا یا اس کے عہد کے متعلق جسے عہد زرین کہتے ہیں ؛ سادہ ، نیک خو اور پُرمسرت ۔

saturniid, giant silkworm moth, n. زحلی پتنگا ؛ پروانے کے گھرانے کا ایک پتنگا بڑے بالوں والا اور عموماً بھڑکیلے رنگ کا ۔

saturnine, a. زحلی ؛ کیوانی ؛ سنیچری ؛ سیارہ زحل کے زیر اثر ؛ اداس ؛ غمگین طبیعت کا ؛ کاہل ؛ موٹا ؛ سیسے یا اس کے اثر کے متعلق ، جیسے سیسہ زہر کا مریض ۔

saturninely, adv. کاہلی سے ؛ مردہ دلی سے ۔

saturnineness, n. کاہلی ؛ مردہ دلی ۔

saturnism, n. (امراضیات) سیسہ خورانی ۔

Satyagraha, satyagraha n. ستیا گرہ غیر متشددانہ مزاحمت کے ذریعے سماجی و سیاسی اصلاح کی تحریک جو موہن داس گاندھی نے ہندوستان میں برطانوی عہد میں شروع کی تھی ۔

satyr, n. ساطیر ؛ ستور ؛ یونانیوں اور رومیوں کا ایک صحرائی دیوتا یا نیم دیوتا ؛ نصف آدمی اور نصف بکرا ؛ بدکار ۔

گھاس پات کھانے والا ، ڈینو سار کے ذیلی گروہ میں سے ایک چھوٹے سر ، لمبی گردن اور دم اور پانچ انگلیوں والے ہاتھ پاؤں رکھنے والا جانور ؛ زمین پر معلوم جانوروں میں سب سے بڑا ڈینو سار ۔ (صفت) سارپا یا اس سے تعلق رکھنے والا ۔

sauropodous, a. سارپائی ۔

saury, skipper, n. ساؤری ؛ بحرِاقیانوس کی لمبی تھوتھنی والی ایک خوردنی مچھلی ؛ دیگر ایسی ہی مچھلیوں میں سے کوئی سی ۔

sausage, n. ساسیج ؛ خنزیر، گائے یا دوسرے گوشت کا قیمہ ، اکثر مختلف مسالوں کے ساتھ ذائقہ دار بنایا ہوا ، کسی خول میں (عموماً تیار کی ہوئی آنت میں) بھرا ہوا یا سموسوں کی شکل میں ؛ دیکھیے : wurst ۔ (طیرانیات) ساسیج شکل بیراج یا مقید غبارہ ۔

sausagelike, a. ساسیج نما ؛ مثل ساسیج ۔

saute, a. پتیلی میں تھوڑی سی چربی ڈال کر پکایا یا جلدی سے تلا ہوا ۔ (اسم) بھنے ہوئے کھانے کی ڈش ۔ (فعل متعدی) تھوڑی سی چربی کے ساتھ پکانا یا جلدی سے تلنا ۔

sauterne, sauterness, n. ایک فرانسیسی سفید شراب ، میٹھی یا تیز ۔

savage, a. وحشی ؛ خونخوار یا تند خو (جیسے : savage beast) ؛ جنگلی یا غیر مہذب ؛ غضبناک یا متشدد (جیسے : a savage temper) ؛ جاہل یا اکھڑ (جیسے : savage manners)؛ غیر مزروعہ یا بنجر جیسے کوئی جنگل یا ویرانہ ۔ (اسم) وہ انسان جو اپنی قدیمی غیر مہذب حالت میں ہو ؛ ظالم یا سفاک آدمی ؛ اجڈ ؛ وحشی ؛ وہ جو بدتمیز یا غیر مہذب ہو۔

savagely, adv. وحشیانہ؛ ظالمانہ ۔

savageness, n. بربریت؛ سفاکی؛ خوں خواری ۔

savagery, n. وحشیانہ حالت؛ سفاکانہ کردار۔

savagism, n. بربریت؛ وحشی پن ۔

savanna, savannah, n. سوانا ؛ وسیع و عریض گھاس بھرا علاقہ یا سبزہ زار جس میں کہیں کہیں جھاڑیاں اور درخت ہوں ، منطقہ حارہ یا اس کے ذیلی منطقوں میں ایسے خطے پائے جاتے ہیں ۔

savant, n. علامہ ؛ متبحر ؛ عالم شخص ؛ فاضل اجل ۔

savarin, n. ساورن کیک ؛ ایک ہلکا سا خمیری کیک جو اکثر رَم کے شیرے کے ساتھ سانچے میں بنایا جاتا ہے ۔

save, v.t. بچانا ؛ خطرے سے بچانا ؛ خرابی ، چوٹ ، نقصان یا بربادی سے محفوظ رکھنا ؛ ضرر نا رسیدہ یا مامون رکھنا ؛ نگہ داشت کرنا ؛ حفاظت کرنا ؛ ہارنے سے بچانا ، جیسے کسی کھیل یا مقابلے میں ؛ مستقبل میں استعمال کے لیے علیحدہ کرنا ؛ مختص کرنا یا رکھ چھوڑنا ؛ پیسہ ، سامان یا وقت خرچ ، استعمال یا ضائع کرنے سے باز رہنا ؛ احتیاط سے استعمال کرنا تا کہ گھسائی اور تکان کم ہو ؛ وقوع پذیری سے روکنا ؛ کی ضرورت کو کم کرنا (جیسے : A stitch in time saves nine) ۔ (الٰہیات) گناہ کی گرفت اور نتائج سے نجات دلانا ۔ (کھیل) گیند (برف ہاکی کی گیند) کو اپنے گول سے گزرنے نہ دینا ۔ (فعل لازم) کفایت شعاری سے پیسے بچانا ؛ خرچ میں کفایت کرنا ؛ کسی شخص یا کسی چیز کو چوٹ لگنے یا خطرے سے بچانا ؛ اس طرح رکھنا کہ خراب نہ ہو ، خصوصاً کھانا (جیسے : Ham saves well) ۔ (کھیل) گیند کو گول میں سے ہو کر گزرنے سے روکنا ۔ (اسم) بچانے کا عمل خاص کر بعض کھیلوں میں ؛ بچاؤ۔

(حیوانیات) ایک تتلی جس کے پروں پر چھوٹی آنکھوں کی طرح کی چتیاں ہوتی ہیں ؛ وہ آدمی جس کی شہوانی خواہش بہت بڑھ گئی ہو ۔

satyric, a. شہوانی ۔

satyriasis, n. (امراضیات) جنون شہوت ؛ مردوں میں ناقابل برداشت شہوت کا روگ ۔

satyr play, n. ساطیری کھیل ، ایک قسم کا قدیم یونانی ڈراما جس میں ستور دیوتاؤں کا مزاحیہ کورَس ہوتا ہے جو عموماً سہ المیہ ڈرامے کے اختتام پر پیش کیا جاتا ہے ۔

sauce, n. چٹنی ؛ کوئی چٹ پٹی چیز عموماً رقیق یا گلی ہوئی جسے ذائقے یا مزے کے لیے شوربے اور کھانے کے دوسرے مشمولات کے طور پر کھایا جاتا ہو ؛ وہ چیز جو چٹ پٹے پن میں اضافہ کرے ؛ دم پخت پھل جیسے سیب کی چٹنی ۔ (بول چال) شوخی یا بدتمیزی ۔ (بولی) گھر کی سبزی جو گوشت کے ساتھ کھائی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) چٹنی یا چٹ پٹے مسالے کے ساتھ تیار کرنا ؛ مزیدار بنانا ؛ چٹ پٹا بنانا ۔ (بول چال) بدتمیزی سے بات کرنا ۔

saucebox, n. (بول چال) دریدہ دہن ؛ گستاخ ، شوخ ؛ منھ پھٹ آدمی ۔

sauce pan, n. ساس پین ؛ پکانے کا برتن ؛ تلنی ؛ کڑاہی ؛ ابالنے یا پکانے کی چھوٹی کڑاہی جو تلنے کے برتن سے زیادہ گہری ہوتی ہے ۔

saucer, n. طشتری/پرچ ؛ ایک اتھلا ، چینی یا دوسری چیز کا برتن، شکل میں چھوٹا اور گول جس میں پیالی رکھی جاتی ہے ؛ کوئی ڈش ، رکابی یا طشتری کی شکل کا برتن ۔

saucy, a. بے ادب ؛ ڈھیٹ ، گستاخ ؛ غیر سنجیدہ ؛ منھ پھٹ ؛ بزرگوں کے ساتھ بدتمیزی کرنے والا ۔

saucily, adv. گستاخانہ ۔

sauciness, n. بدتمیزی ۔

sauerbraten, n. ساربریٹن ؛ سرکے یا شراب اور دوسرے مسالوں میں بھگو کر بنایا ہوا گائے کا گوشت ۔

sauerkraut, n. کرم کلہ اچار ؛ گوبھی اچار ؛ روایتی جرمن کرم کلہ باریک کٹا ہوا ، مرتبان کے اندر نمک کی تہوں میں دبا کر تخمیر کے لیے چھوڑا ہوا ۔

sauger, n. ساگر ؛ شمالی امریکا کی ایک برچھا مچھلی ۔

sauna, n. بھاپ غسل ؛ فینیوں کے طرز پر ، گرم پتھر پر پانی انڈیلنے سے جو بھاپ بنتی ہے اس سے غسل لینا ؛ بھاپ کمرہ یا غسل خانہ ۔

saunter, v.i. ٹہلنا ؛ آرام آرام سے چلنا پھرنا ۔ (اسم) مٹر گشت ؛ بے مقصد سیر ۔

saunterer, n. آہستہ خرامی ؛ آوارہ گردی ؛ بوزہ گردی ۔

saurel, n. ساریل (مچھلی) ؛ ایک چھوٹی سمندری مچھلی جیسے اسکاڈ جو شمالی بحرِاقیانوس میں عام ہے ۔

saurian, a. سارپائی ؛ سارپا کا یا سارپا سے متعلق ، رینگنے والے جانوروں کا ایک ذیلی گروہ جس میں چھپکلی ، مگر مچھ اور بعض ناپید اقسام (جیسے ڈینو سار) شامل ہیں لیکن اب عموماً اس سے چھپکلی یا اس جیسے جانور مراد لیتے ہیں ۔ (اسم) ایک سارپائی جانور ۔

sauropod, n. سارپا ؛ ایک ذیلی گروہ سارپا میں سے کوئی ،

savable, saveable, a. بچانے کے قابل ، حفاظت پذیر ۔

saver, n. کفایت شعار ؛ کھیل میں گول بچانے والا ؛ نگہداشت کرنے والا ۔

save, prep. سوائے یا لیکن (جیسے : All the children save two went to the picnic) ۔

save, conj. سوائے ؛ لیکن ۔

save-all, n. کھلی حفاظت ، ایسی تدبیر جو کسی چیز کو ضائع ہونے سے بچا سکے ؛ ایک ثانوی بادبان جو اخراج ہوا کو روک سکے ؛ سامان لادنے کی جگہ کے نیچے لٹکایا ہوا جال ؛ اوپری لبادہ ؛ بالا پوش ۔

saveloy, n. خشک ساسیج ؛ ایک خشک اور بہت خوش ذائقہ بنایا ہوا ساسیج ؛ ابتداً سور کے مغز سے بنتا تھا ، اب سور کے نمک آمیز گوشت کا بنتا ہے ۔

savin, savine, n. سابینہ ؛ ایشیا اور یورپ کا ایک چھوٹا صنوبر جس کی خشک پتیاں دوا کے کام آتی ہیں ؛ دوا کا نام ۔

saving, a. بچت ؛ جو بچاتا ہے ؛ جو رہائی دلاتا ہے ؛ جو محفوظ رکھتا ہے ؛ جو چھڑا لیتا ہے یا تلافی کرتا ہے (جیسے : a saving feature) ؛ بچت کرنے کا عادی ؛ باکفایت ؛ محتاط (جیسے : a saving clause) ۔ (اسم) کفایت شعاری ؛ خرچ میں کمی (جیسے : a saving of 20 per cent) ؛ جو بچایا گیا ہو ؛ کفایت سے کام لے کر پس انداز کیا گیا ۔ (قانون) کوئی شرط ، اختصاص یا استثنا ۔ (حرف جار) بجز یا بہ استثنا (جیسے : none saving imperfect ones) ؛ آپ کی ذات کے تمام واجب احترام کے ساتھ یا کے لیے (جیسے : saving your presence) ۔ (حرف عطف) سوا ۔

savingly, adv. جزرسی سے ؛ بہ کفایت ۔

savings and loan association, n. انجمن پس اندازی و قرض گیری ؛ انجمن امداد باہمی کی ایک تنظیم جو اپنے اراکین کی بچت اور امانتوں کے لیے حصص سرمایہ کا تبادلہ کرتی ہے اور انھیں منافع کے لیے مکانوں کے رہن کے کاروبار میں لگاتی ہے نیز : building and loan association ۔

savings bank, n. بچت بینک ؛ ایک ادارہ جو بچتیں وصول کر کے ان سے سرمایہ کاری کرتا ہے اور جمع شدہ رقوم پر سود ادا کرتا ہے ۔

savings bond, n. بچت بانڈ یا تمسک ؛ ایک تمسک جو امریکی حکومت دس ہزار ڈالر تک کی اصل رقوم میں فروخت کرتی ہے اور جس کی پختگی کی مدت ۱۰ برس ہوتی ہے ۔

savior, Brit. saviour, n. نجات دہندہ/ناجی ؛ وہ جو بچاتا ہے ، رہائی دلاتا ہے یا نجات دہندہ ہے ۔ (بڑے S سے) خدا کا ایک لقب اور خصوصاً عیسیٰؑ کا ، اس لقب کے پہلے اکثر انگریزی کا لفظ the آتا ہے اور اس کو بڑے S سے شروع کرتے ہیں ۔

Savoir-faire, n. نکتہ رسی ؛اس کا علم کہ کسی بھی حالت میں کیا کیا اور کہا جائے ؛ موقع شناسی ۔

savor, Brit. savour, n. ذائقہ ؛ کسی چیز کی قوت یا خوبی جو حسی ذائقے پر خصوصاً خوش گوار اثر ڈالے ؛ کوئی خاص ذائقہ یا بو ؛ کوئی نمایاں خوبی ؛ ابھارنے یا جوش دلانے کی صلاحیت ۔ (فعل لازم و متعدی) کوئی خاص ذائقہ یا خوش بو ہونا ؛ کوئی نمایاں صفت ، عادت یا صورت ہونا (جس کے بعد 'of' آتا ہے جیسے : His conduct savors of pride) ؛ بگھارنا ؛ لذت انگیز مزا یا بو دینا ؛ لطف لینا یا مسرور ہونا ۔

savorer, n. لذت یا خوش بو دینے والا ۔

savory, Brit. savoury, a. خوش ذائقہ ؛ خوش گوار ذائقے اور مہک والا ؛ اچھا ؛ چٹ پٹا ؛ محترم ۔ (اسم) (برطانوی) ایک چٹ پٹی ڈش جو یا تو کھانے سے پہلے اشتہا کو بڑھانے یا کھانے کے بعد میٹھے کے طور پر کھاتے ہیں ۔

savorily, adv. خوش گوار طور پر ۔

savoriness, n. لذت ؛ ذائقہ ۔

savory, Brit. savoury, n.a. (نباتیات) سیووری ؛ جنوبی یورپ کا ایک خوش بو دار پودینے جیسا پودا جو عمدہ ذائقے کے لیے بالافراط کاشت کیا جاتا ہے ۔

savoy, savoy cabbage, n. بند گوبھی ؛ کرم کلا ؛ بند گوبھی کی ایک قسم جو خوب بندھے ہوئے جھری دار پتوں والی ہوتی ہے ۔

savvy, v.t., v.i. (عوامی) جاننا ؛ سمجھنا ۔ (اسم) (عوامی) سوجھ بوجھ ؛ ذہانت ؛ فہم ۔ (صفت) ہوشیاری یا سمجھ بوجھ رکھنے والا ۔

saw, n. آرا/آری ؛ کروت ؛ ایک دستی اوزار یا بجلی سے چلنے والا پھل پٹی یا پتلی دھات کی چکری/طشتری پر مشتمل آلہ جس کے کنارے کھردرے یا دندانے دار ہوتے ہیں ۔ (فعل متعدی) آری سے چیرنا ؛ آری سے کاٹ کر شکل دینا ؛ درمیان سے گزارنا ؛ چیرنا یا قاشیں کاٹنا ، جیسے آرا چلا کر (جیسے : to saw the air) ۔ (فعل لازم) آرا استعمال کرنا ؛ آرے سے کاٹنا ؛ آرے سے کاٹا جانا ، جیسے لکڑی وغیرہ کا ۔

sawer, n. ارا کش ۔

sawlike, a. آرے کی مانند ۔

saw, n. کہاوت ، مقولہ ، ضرب المثل ؛ مثل ۔

sawbuck, n. آرا گھوڑی ، آرے کی گھوڑی جس کے دونوں سروں پر ایک (X) کے شکل کی سہار ہوتی ہے ۔ (عوامی) دس ڈالر کا نوٹ ۔

sawdust, n. برادہ ؛ لکڑی یا کسی اور چیز کے بہت چھوٹے ٹکڑے اور ریزے جو آرا چلانے سے پیدا ہوتے ہیں ۔

sawed-off, a. ایک کنارے پر آرے سے کٹا ہوا ۔ (عوامی) ٹھگنا یا غیر معمولی طور پر چھوٹے قد کا ، پستہ قد آدمی ۔

sawfish, n. آرا مچھلی ،آرا ماہی ؛ آبو منشار ؛ گرم منطقے کے سمندر میں عام پائی جانے والی ، ایک بڑی گاؤدمی، ایلا سمو شاخ کی مچھلی جس کی لمبی ، استخوانی تھوتھنی کے دونوں کناروں پر دانت نما کانٹے ہوتے ہیں ۔

sawfly, n. آرا مکھی ؛ غشائی پردار کیڑا جس کی مادہ انڈے دینے کے لیے آری جیسے عضو بیض سے پودوں میں چھید ڈالتی ہے ۔

sawgrass, n. آرا گھاس ؛ آری بوٹی ؛ دلدلوں یا آبی کناروں پر ہونے والی ایک قسم کی گھاس جس کے پتوں کے کنارے آرے کی طرح دندانے دار ہوتے ہیں ۔

sawhorse, n. آرا گھوڑی ؛ اس لکڑی کو پکڑنے کا چوکھٹا جسے آرے سے چیرا جا رہا ہے ۔

saw log, n. لٹھا ، وہ کندا جو اتنا بڑا ہو کہ اس کے تختے کاٹے جا سکیں ۔

sawmill, n. آرا مشین ؛ وہ کارخانہ جہاں مشین سے لکڑی کے تختے یا بورڈ کاٹے جاتے ہیں ؛ لکڑی چیرنے کی مشین ۔

saw palmetto, n. آرا تاڑچہ ؛ جنوبی ریاست ہائے متحدہ امریکا اور

غرب الہند کا ایک جھاڑی نما تاڑچہ جس کی پت ڈالی کے دونوں کناروں پر خار دار دندانے ہوتے ہیں۔

saw set, n. آری گرداں ؛ دندانہ گرداں ؛ ایک اوزار جو آری کو بٹھانے اور اس کے دندانے کو باہر موڑنے کا کام دیتا ہے۔

sawtimber, n. شہتیری درخت ؛ موزوں قامت کے مناسب درخت جن کے تختے کاٹے جا سکیں۔

saw-toothed, sawtooth, a. آری دانت والا ؛ دندانے دار ؛ آری جیسے دانت رکھنے والا ؛ آری دار کیا ہوا۔

saw-whet owl, saw-whet, n. دھاری دار الو ؛ ایک بہت چھوٹا ، بھوری دھاری والا ، شمالی امریکی الو۔

sawyer, n. آرا کش ؛ وہ جو عموماً پیشے کے طور پر لکڑی چیرتا ہے ؛ مختلف دراز قامت بھونروں میں سے کوئی جس کے لاروے مردہ (خاص کر صنوبری) درختوں کی لکڑی میں سوراخ کرتے ہیں ؛ وہ درخت جو دریا کی تہ میں بیٹھ گیا ہو مگر شاخیں پانی کے اوپر نظر آتی ہوں۔

sax, n. (بول چال) انگریزی باجا ؛ سیکسو فون۔

saxatile, saxicolous, a. چٹان نواسی ؛ پتھر واسی ؛ صخری ؛ چٹانوں پریا ان میں رہنے بسنے والا۔

saxhorn, n. (موسیقی) سیکس ہارن ؛ پیتل کے باجوں میں سے کوئی ایک چوڑے دہانے ، کُھل مندنوں اور سُروں کا وسیع حلقہ رکھنے والا باجا۔

saxicolous, saxatile, saxicoline, a. چٹان نواسی ؛ سنگ باش ؛ چٹانوں پر یا ان میں نشوونما پانے والا۔

saxifrage, n. پنواڑ ؛ سیکسی فراگا جنس کی سدا بہار بوٹیوں میں سے کوئی سی ، جس کے زیریں پتے جھنڈیالے اور پنج کرن تارا پھول ہوتے ہیں اور یہ معتدل اور قطب شمالی کے ذیلی علاقوں کی چٹانوں میں پائی جاتی ہیں۔

Saxon, n. سیکسن ؛ اینگلو سیکسن شخص ؛ انگریز ؛ سیکسنوں کی زبان جدید سیکسن ؛ جدید سیکسن کا باشندہ ؛ ان لوگوں میں سے جو پہلے جرمنی کے شمالی علاقوں میں رہتے تھے اور پانچویں اور چھٹی صدیوں میں انگلستان پر چڑھائی کر کے فاتح بنے۔ (صفت) انگریزی ؛ قدیم سیکسنوں ، ان کے ملک ، ان کی زبان کے متعلق ؛ جدید سیکسنی کے متعلق۔

Saxonism, n. انگریزی کا کوئی محاورہ ؛ فقرہ یا لفظ خصوصاً وہ جو ابتدائی اینگلو سیکسن نژاد کا ہو۔

saxony, n. باریک اون : ایک نفیس اون ، ابتداً سیکسنی ، اب جرمنی کی ،اُس یا اس جیسی اون ؛ نرم گتھی ہوئی بناوٹ کا کپڑا ؛ ایک نفیس بافت کا اونی دھاگا۔

saxophone, n. (موسیقی) سکسو فون ؛ چاندی یا پیتل کا باجا ، جس کا دہانہ نلکی دار اور سُر نکالنے کے لیے انگلیوں سے کام لینے والے سوراخ ہوتے ہیں۔

saxophonic, a. سیکسو فونی۔

saxophonist, n. سیکسو فون بجانے والا۔

saxtuba, n. سک سَنکھ ؛ ایک بڑا بلند آواز والا سیکسو فون۔

say, v.t. کہنا یا بولنا ؛ الفاظ میں بیان کرنا یا اظہار کرنا ؛ اعتقاد یا رائے کا اظہار کرنا ؛ دہرانا یا پڑھنا (جیسے : to say a pledge)؛ اطلاع دینا (جیسے : they say he will be promoted) ؛ منسوب یا رپورٹ کرنا۔ (فعل لازم) بولنا یا اعلان کرنا ؛ کسی رائے کا اظہار کرنا۔ (اسم) بولنے کا موقع یا باری ؛ اختیار ؛ قول ؛ گفتہ (جیسے : He has the final say)۔ (متعلق فعل) تقریباً (جیسے : that will cost say ten dollars)۔

that is to say, a. دوسری صورت میں ؛بالفاظ دیگر۔

sayable, n. قابل اظہار ؛ قابل گفتنی۔

sayer, n. بولنے والا ؛ اظہار کرنے والا ؛ گوینده۔

saying, n. کہاوت؛ وہ بات جو کہی جاتی ہے؛ مقولہ ؛ ضرب المثل۔

say-so, n. (بول چال) قول؛ کسی کا ذاتی بیان یا دعویٰ ؛ فیصلہ کرنے کا حق ؛ مقولہ۔

sayyid, sayid, said, n. [عربی] سید؛ ایک احترام کا لقب : اس شخص کو دیتے ہیں جس کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحب زادی حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالی عنہا کی اولاد میں سے ہے۔

scab, n. کھرنڈ؛ پپڑی؛ کھرنڈ جو زخم کے بھرنے میں اس پر بن جاتا ہے۔ (بیطاری امراضیات) جانوروں کی خارش یا جلدی بیماری خصوصاً بھیڑ کی ؛ پودے کی پھپھوندی والی یا جراثیمی بیماری جس سے متاثرہ جگہ پر کھرنڈ جیسے داغ پڑتے ہیں۔ (عوامی) غدار ؛ ایک غیر یونینی کارکن خصوصاً وہ جو ہڑتالی کی جگہ پر کام کرتا ہے ؛ یونین کا وہ کارکن جو ہڑتال میں حصہ نہیں لیتا ؛ شہدہ یا بد ذات آدمی۔ (فلزیات) لوہے یا فولاد کے کسی ٹکڑے کی سطح پر کھردرا پن یا پپڑی۔ (فعل لازم) کھرنڈ بن جانا؛ ساتھیوں سے غداری کرنا؛ ہڑتال میں حصہ نہ لینا ؛ ہڑتالیوں کی جگہ کام کرنا۔

scablike, a. کھرنڈ کی مانند ؛ غدار۔

scabbard, n. نیام ؛ میان ؛ تلوار یا ایسے ہی کسی دوسرے ہتھیار کا نیام۔ (فعل متعدی) نیام یا میان میں رکھنا۔

scabble, v.t. (فن تعمیر) کھردری اونچی نیچی سطح والے پتھر کو کہیں لگانے ، جمانے کے لیے گھڑ کر حسب حال کرنا۔

scabby, a. خارشی ، کھجلی والا ؛ پپڑی پپڑی ؛ خارش کی بیماری سے متاثر ، جیسے کوئی جانور یا پودا۔ (عوامی) ذلیل یا کمینہ؛ بدمعاش۔

scabbiness, n. خارش زدگی۔

scabies, n. (امراضیات) کھجلی؛ کھجلی کی بیماری؛ ایک زود رس جلدی بیماری خارش،جو خارشی کیڑے کے سبب مویشی اور بھیڑوں کو لگ جاتی ہے بلکہ آدمی کو بھی۔

scabietic, a. خارش زدہ۔

scabious, a. خارشی؛ خارش کے مرض سے متعلق یا اس کی نوعیت کا۔

scabious, scabiosa, a. کھجلی مار پودا؛ اونٹ کٹارے جنس کا کوئی پودا جس کے سرگل بھڑکیلے ، گٹھے ہوئے اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں۔

scabrous, a. درشت/کھردرا ؛ چھوٹے چھوٹے ابھار یا نقطوں والا ؛ کھر درا ؛ درشت ؛ دشواریوں سے بھرا ہوا ؛ نازیبا یا ناشایستہ۔

scabrously, adv. کھردرے پن سے۔

scabrousness, n. کھردرا پن۔

scad, n. اسکاڈ/سارل مچھلی ؛ امریکا اور یورپ کے کھارے پانی کی خوردنی مچھلی ، پوم پینو ، کیوالا ، جیکس وغیرہ ؛ مختلف دوسری کر نجیڈے گھرانے کی مچھلیوں میں سے کوئی سی ۔

scad, n. (عموماً جمع) (عوامی) انبار/ڈھیر (جیسے :scades of morey) ؛ بھاری تعداد یا مقدار میں ۔

scaffold, n. پاڑ ؛ ٹانڈ ؛ قابلا ؛ مچان ؛ کسی عمارت کی تعمیر ، مرمت یا آرایش کے دوران کارکنوں اور تعمیری سامان کے لیے ایک عارضی ڈھانچا ؛ بلند کیا ہوا تختہ جس پر پھانسی دی جاتی ہے ؛ تماشا دکھانے والوں یا تماش بینوں کے بیٹھنے یا ایسے کاموں کے لیے کوئی اونچا چبوترہ ، اسٹیج یا مچان ۔ (فعل متعدی) مچان بنانے کا سامان مہیا کرنا ؛ مچان کے ذریعے سہارا دینا یا اس پر جگہ بنانا ۔

scaffolding, n. مچان بندی ؛ تعمیر کے لیے مچان یا مچان بنانے کا نظام/سامان ؛ مچان کا سامان ۔

scagliola, n. مصنوعی مرمر ؛ کھریا مٹی اور گوند کا بنا ہوا پتھر جو سنگ مرمر کی نقل ہوتا ہے ، اسے ستونوں اور عمارت کی اندرونی دیواروں پر لگاتے ہیں۔

scalable, a. چڑھنے کے قابل (بذریعہ سیڑھی یا رسی) ؛ جس پر چڑھ سکیں ، جیسے پہاڑ یا دیوار ۔

scalad, scalado, n. چڑھائی بذریعہ سیڑھی یا کمند وغیرہ ؛ کسی قلعے کی دیوار پر چڑھنے کا عمل ۔ دیکھیے : Excalade ۔

scalage, n. تناسبی چھوٹ ؛ متوقع نقصان کی نسبت سے چھوٹ جو اُن اشیا کی قیمت میں دی جاتی ہے جو سکڑنے ، بہ جانے یا اور اسی طرح سے کم ہونے والی ہوتی ہیں ؛ لٹھوں یا لٹھوں کے انبار یا کھڑے درخت میں اچھی عمارتی لکڑی کی مقدار یا مقدار کا اندازہ ۔

scalar, a. مقداری ؛ سیڑھی کے مشابہ ، جیسے مقیاس الحرارت پر درجے اور لکیریں ہوتی ہیں ۔ (ریاضی) وہ شے جس کی مقدار ہوتی ہے مگر سمت نہیں ، جیسے درجۂ حرارت ۔ (اسم ، ریاضی) وہ ذات جو مقدار بلاسمت کی نمائندگی کرے ۔ بمقابلہ:vector ۔

scalare, n. اسکیلیر ؛ روپہلی اور کالی ، میٹھے پانی کی امریکی مچھلی ، جو اکثر ماہی خانوں میں رکھی جاتی ہے ۔

scalariform, a. (نباتیات) سیڑھی کی طرح بنے ہوئے یا اس سے مشابہ ، جیسے پودوں میں عروقی خلیے ۔

scalar product, n. (ریاضی) ایک مقداری جو کسی دو سمتوں کی سعتوں اور مثبت سمت میں ان کے درمیانی زاویے کے جیب تمام (cosine) کی حاصل ضرب کے مساوی ہو۔

scalaway,/ Brit.! scallawag, scallywag, n. (عوامی) ناکارہ ؛ آوارہ ، بد ذات یا ناکارہ شخص ۔(تاریخ ریاست امریکا) جنوبی ریاستوں کا وہ سفید فام باشندہ جس نے خانہ جنگی کے بعد کے عہد تعمیر نو میں ریپبلیکن پارٹی کے ساتھ کام کیا ہو۔

scald, v.t. جلانا/کھولانا ؛ گرم سیال چیز سے یا بھاپ سے جلانا یا اذیت دینا ؛ ابلتے ہوئے یا گرم رقیق مادے کے زیر اثر لانا ، جیسے دھلائی کے لیے ؛ اس درجۂ حرارت تک گرم کرنا جو ابال کے درجے سے ذرا کم ہو (جیسے : to scald milk) ۔ (فعل لازم) جھلسنا یا جھلس جانا ۔ (اسم) گرم سیال شے یا بھاپ سے پڑا ہوا چھالا ۔ (نباتی امراضیات) دوران نمو یا دوران ذخیرہ نامناسب جگہ پر رکھنے کے سبب یا پھپھوندی یا کیڑے لگنے سے پتوں کی بدرنگی ۔

scalding, a. جلنے کا احساس پیدا کرنے و الا ؛ ابلتا ہوا گرم ۔ (مجازاً) داغ لگانے والا یا اذیت رساں (جیسے : a scalding reprimand) ۔

scald, scalled, a. خارشی ؛ خارش زدہ ۔

scald, n. دیکھیے : Skald ۔

scaldic, a. شاعرانہ ؛ مداحانہ ۔

scale, n. میزان ؛ ترازو ؛ تکڑی ؛ ترازو یا وزن کرنے کی کوئی چیز ؛ ترازو کے دو پلڑوں میں سے کوئی سا ۔ (فعل متعدی) پلڑوں میں رکھ کر تولنا ؛ یوں تولنا جیسے پلڑوں میں رکھ کر تولا گیا ہو ؛ کسی چیز کا وزن کرنا ۔

tip the scale, موافقت یا مخالفت میں پلّے کو جھکا دینا ۔

turn the scale, کسی متوقع نتیجے کو تبدیل کر دینا ۔

scale, n. فلس ماہی ؛ کھپرا ؛ چاندا ؛ پتلے ، چھِٹے ، سخت کھپروں میں سے ایک جو بعض جانوروں کی پوشش بناتا ہے ، جیسے مچھلیوں کی ؛ کوئی پتلی ، رکابی جیسی چیز ، پتری ، تہ ، پپڑی جو کسی چیز سے جھڑتی ، اترتی ہے ۔ (نباتیات) کسی پودے کا جوڑ والا یا جھلی دار حصہ ، جیسے اس کے لٹکتے ہوئے پھولوں کا ورقہ ؛ وہ مخصوص پتا جو کسی پودے کی کلی کو محفوظ رکھتا ہے ؛ برگ غنچہ ؛ ایک کھپرے دار کیڑا ؛ تہ یا پپڑی کی جماوٹ ، جیسے بوائلر کے اندرونی حصے کی زنگ دار تہ جو گرم کی جانے والی دھات خصوصاً لوہے پر جم جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) چھلکے اتارنا ؛ کھپرے اتارنا ؛ پترا پترا کر کے اتارنا ؛ پپڑی یا کھپروں سے ڈھانپنا ؛ کسی چپٹے پتھر کی طرح پانی پر سے سرکتے ہوئے گزر جانا ۔ (فعل لازم) ورق ورق اترنا/جھڑنا ؛ فلسوں سے بھر جانا ۔

scaled, a. فلس دار ۔

scaleless, a. بے فلس ۔

scalelike, a. فلس نما ۔

scaliness, n. فلس داری ۔

scale, n. درجہ وار پیمانہ ؛ مرحلوں یا درجوں کا تسلسل یا تدریجی سلسلہ ؛ ایک درجہ دار سلسلہ/متواترہ یا جدول ، جیسے قیمتوں کا ؛ نشانوں کا ایک متواترہ/زنجیرہ جن کے درمیان پیمایش کے لیے فاصلے ہوتے ہیں ؛ پیمایش کے لیے درجہ وار فصل والا آلہ ؛ وہ تناسب جو کسی چیز کا نمونہ اپنے اصل سے رکھتا ہے (جیسے : a model on a scale of one inch to a foot)؛ ایک اضافی یا تناسبی سائز یا پھیلاؤ ۔ (ریاضی) اعدادی اظہار کا ایک نظام (جیسے : the decimal scale) ۔ (موسیقی) مقررہ وقفے کے بعد اٹھتے یا گرتے ہوئے سروں کا ایک مخصوص متواترہ یا تسلسل جو ایک خاص لے میں شروع ہوتا ہے (جیسے : major scale of C) ۔ (نفسیات ، تعلیم) لوگوں کے ایک بڑے گروہ کو دی گئی آزمایشیں ، مقررہ کام یا سوالات کے نتائج کا مرتب اور درجہ دار متواترہ جس سے فرد کی تقابلی صلاحیت کا اندازہ ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) سیڑھی سے چڑھنا یا ایسے چڑھنا ، جیسے سیڑھی کے ذریعے چڑھا جاتا ہے ؛ اوپر چڑھنا یا کہیں چڑھ جانا ؛ چڑھنا یا سوار ہونا ؛ تولنا یا ترازو سے تولنا ۔ (چوب سازی) ایستادہ درخت سے حاصل ہونے والی لکڑی کی پیمایش کرنا یا تخمینہ لگانا ؛ پیمانے کے مطابق بنانا ؛ مقررہ پیمانے یا تناسب کے مطابق

مقدار میں کمی کرنا ، عموماً لفظ down کے ساتھ ۔ (فعل لازم) چڑھنا ، اٹھنا یا سوار ہونا ۔

scale insect, n. کھپرے دار کیڑا ؛ پودوں کو تباہ کرنے والے ، مختلف چھوٹے کیڑوں میں سے کوئی سا جس کی مادہ اپنے جسم اور انڈوں کو ایک بڑے کھپرلے یا مومی اخراج سے ڈھانپتی ہے ۔

scale leaf, n. کھپری پتا ؛ ایک متغیر کھپری پتا یا وہ پتا یا کھپرا جو کونپل کو ڈھانپتا ہے ۔

scale moss, n. جگری پودا ؛ ایک پودا جس کے چھوٹے چھوٹے کھپرلے پتے متراکب ترتیب میں ہوتے ہیں ۔

scalene, scalenous, n. مختلف الاضلاع (مثلث) ؛ غیر متساوی الساقین (مثلث) ؛ اس مثلث کا جس کے تینوں اضلاع غیر مساوی ہوں ؛ اس مخروطہ کا جس کا محور جھکا ہوا ہو ؛ مخروطہ غیر متساوی الساقین ۔ (تشریح الاعضا) گردن کے پٹھے سے متعلق ۔

scalenus, n. (تشریح الاعضا) گردن کا پٹھا ؛ عضلۂ مثلثہ ؛ گردن کی ہڈی کے دونوں طرف کے تین پٹھوں میں سے کوئی ایک جو تنفس اور گردن جھکانے میں مدد دیتے ہیں ۔

scaler, n. پیمایش کار ؛ وہ شخص یا چیز جو پیمایش کرتی ہے ؛ ایک برقیاتی آلہ جو وصول ہونے والی جنبش نبض کی مقررہ تعداد کے ہر مجموعے کے لیے ایک جنبش نبض دیتا ہے ؛ نبض پیما ۔

Scales, n. (فلکیات) میزان ؛ ترازو ؛ تُلا ؛ مجموعہ نجوم یا میزان کا بروجی نشان ؛ برج میزان ۔

scall, n. کُھجلی ؛ خارشت ؛ بفا ؛ خشکی؛ جلد پر پپڑی یا خارش ، خصوصاً کھوپڑی پر ؛ جلد کی خشکی ۔

scallion, green onion, n. گندنا ؛ پیاز ؛ لمبے ڈنٹھل اورچھوٹی ،بِھچی گٹھی کا پیاز ۔

scallop, n. سیپ مچھلی ؛ دہرے کُھل مندن یا صمام والا صدفہ ؛ اس کی بعض اقسام میں اندر کھینچنے والا پٹھا جو سمندری غذا کے طور پر مقبول ہے؛ کسی صدفے کا وہ خول یا کُھل مندن جس میں عموماً نصف قطر کی ابھری ہوئی لکیریں ہوتی ہیں اور بیرونی سطح لہردار ہوتی ہے ؛ کسی صدفے کا خول یا وہ رکابی جس میں سمندری غذا پکائی یا پیش کی جاتی ہے؛ حاشیے پر نیم دائری شکلوں کے آرایشی سلسلوں میں سے ایک ۔ نیز: scollup ۔ (فعل متعدی) نشان لگانا، کاٹنا یا آرایش کے لیے کسی لباس کے کنارے پر سیپیوں کی جھالر لٹکانا؛ پکانا عموماً دودھیا چاٹ مسالے کے ساتھ اور اُوپر روٹی کا چُورا ڈالنا ۔ نیز: escallop,scollop ۔ (فعل لازم) سیپیاں اکٹھایا جمع کرنا ۔

scalloper, n. سیپ مچھلیاں جمع یا اکٹھا کرنے والا ۔

scallywag, n. دیکھیے : Scalawag ۔

scaloppine, scallopini, n. اسکالو پینی ؛ بچھڑے یا دوسرے گوشت کے قتلے جنھیں آٹے کے ساتھ عموماً چٹنی میں پکایا جاتا ہے ۔

scalp, n. کاسۂ سر ؛ چوٹی ؛ سر کے اُوپری حصّے کی کھال عموماً اُس سے متعلقہ زیریں ڈھانچے کی شمولیت کے ساتھ ؛ اس کھال کا بالوں سمیت حصہ جو شمالی امریکا کے انڈین فتح کے نشان کے طور پر متعلقہ شخص کے سر سے کاٹتے تھے ؛ فتح کی کوئی یادگار۔ (فعل متعدی و لازم) سر کے اوپر کھال اتارنا یا کاٹنا ۔(بول چال) سستا خریدنا اور سرکاری نرخ سے کم پر بیچنا ، جیسے تھیٹر کے ٹکٹ ؛ حصص کی جلد جلد خرید و فروخت ہونا/کرنا، تاکہ تھوڑا تھوڑا منافع جلدی جلدی حاصل ہو ؛ ٹکٹ کی خرید و فروخت کرنا ۔

scalper, n. چوٹی کاٹنے والا ؛ جلد جلد فروخت کرنے والا ؛ سُرعتی منافع کار ۔

scalpel, n. جرّاحی کا چاقو/نشتر ؛ ایک چھوٹی تیز دھار چھری جو عضویاتی چیر پھاڑ اور عملِ جرّاحی/آپریشن میں استعمال ہوتی ہے ؛ جرّاحی چاقو ۔

scalp lock, n. چوٹی ؛ بودی ؛ لٹ ؛ ایک لمبی لٹ یا بالوں کا گُچھا جو شمالی امریکا کے انڈین اپنے چکنے منڈے ہوئے سر پر حریفوں کو اشارتاً للکارنے کے لیے رکھ چھوڑتے ہیں ۔

scaly, a. فلس دار ؛ کھپرلی ؛ دِرم والی ؛ چھلکوں سے ڈھکا یا بھرا ہوا ، چھلکوں یا کھپروں والی ، جیسے مچھلی ۔ (عوامی) گندا ؛ قابلِ نفرت ؛ کمینہ ۔

scaliness, n. فلس داری ۔

scaly anteater, n. کھپریلا مُور خور ؛ ایک قسم کا مُور خور جس کے جسم پر مچھلی جیسے کھپرے ہوتے ہیں ۔ دیکھیے : Pangolin ۔

scammony, n. عشق پیچا یا پیچاں ؛ ایشیائی نوع کے عشق پیچا کی ایک بیل ؛ وہ ملیّن گوند/رال جو اِس سے حاصل ہوتی ہے ۔

scamp, n. آوارہ گرد ؛ اوباش ؛ ایک بے مصرف آدمی ؛ عیّار ؛ بدمعاش ؛ بدذات ۔ (فعل متعدی) لاپروائی سے یا سرسری طور پر کام کرنا ۔

scamper, n. کام چور ۔

scamper, v.i. بھگدڑ ہونا ؛ تیزی سے بھاگنا یا اچھلتے کُودتے جانا ؛ بعجلت چلے جانا ۔ (اسم) بھگدڑ ؛ پھرتی یا جلدی سے جانے کا عمل ۔

scan, v.t. تقطیع کرنا ؛ جائزہ لینا ؛ بغور معائنہ کرنا ؛ تجزیہ کرنا ؛ تیزی سے نظر دوڑانا (جیسے: to scan a newspaper) ؛ وزن یا رُکنِ بحا کی گنتی کرکے شعر کی تقطیع کرنا ؛ شعر اس طرح پڑھنا کہ اُس کی بحوری ساخت ظاہر ہو ۔ (ٹی-وی) کسی شے یا سطح پر سے برقیاتی شعاع کو یوں گزارنا کہ اس کا نقش گرفت میں آ جائے اور اس کی ترسیل بھی ہو جائے ۔ (ریڈار) کسی ریڈار اسٹیشن کی شعاعوں کو فضا پر تیزی سے پھرانا یا منتشر کرنا ۔ (فعل لازم) شعر کی بحر کو پرکھنا ؛ بحر کے قواعد کی پابندی کرنا ۔ (ٹی-وی) کسی چیز یا سطح پر برقیاتی شعاع دوڑانا ۔

scandal, n. فضیحت ؛ رُسوائی ؛ بدنامی کا یا ذلت آمیز واقعہ ، فعل یا صورت ؛ کسی غلطی یا بد عملی سے پہنچنے والا صدمہ ؛ سرِعام ملامت یا تذلیل ؛ کینہ توز ؛ ہتک آمیز بات ؛ وہ جو ذلیل کرتا یا صدمہ پہنچاتا ہے (جیسے: She was scandal to her family) ۔

scandalize, v.t. رُسوا کرنا ؛ اہانت کرنا ؛ نامعقول یا شرمناک سمجھی جانے والی حرکت سے مجروح کرنا ؛ صدمہ پہنچانا ؛ ذلیل کرنا ؛ تہمت لگانا ؛پگڑی اُچھالنا ۔

scandalizer, n. رسوا کرنے والا ؛ بہتان یا تہمت لگانے والا ؛پگڑی اچھالنے والا ۔

scandalization, n. توہین ؛ اہانت ؛ رسوائی ؛تذلیل ۔

scandalmonger, n. یاوہ گو ؛ رُسوا کُنندہ ؛ وہ جو بیہودہ یا شرمناک باتوں کا چرچا کرتا پھرے ۔

scandalous, a. بیہودہ ؛ بدنام کُن ؛ اہانت آمیز ؛ رسوا یا مجروح کرنے والا ؛ شرمناک ؛ شہرت کو نقصان پہنچانے والا ؛ شرمناک باتوں کو پسند اور اُن کا چرچا کرنے والا (جیسے: a scandalous conduct) ۔

scandalously, adv. اہانت آمیزانہ ۔

scandalousness, n. رسوائی ؛ اہانت آمیزی ۔

scandal sheet, n. بھدنامہ ؛ کوئی اشاعت ، جیسے کوئی رسالہ یا اخبار جس میں گپ شپ یا جگ ہنسائی کی باتیں چھپتی ہوں ۔

scandent, a. (نباتیات) بالا رَو (بیل) ؛ انگور کی طرح اُوپر چڑھنے والی (بیل) ۔

Scandinavion, Scandian, a. اسکنڈے نیویا ؛ اسکنڈینیویا یا اُس سے متعلق (وہ علاقہ جو ناروے ، سویڈن اور ڈنمارک پر مشتمل ہے ؛ بعض اوقات اس میں آئس لینڈ ، فن لینڈ اور فارو کے جزائر بھی شامل کیے جاتے ہیں) ؛اسکنڈینیویا کے باشندوں یا ان کی زبانوں کے متعلق ۔ (اسم)اسکنڈینیویا کا قدیم باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ؛اسکنڈی نیوی زبانیں ۔

scandium, n. اسکنڈیم ؛ ایک نادر سہ گرفتہ دھاتی عنصر ۔

scanner, n. جائزہ کار ؛ وہ جو جائزہ لیتا ہے ؛ ایک آلہ جو کسی خاص عمل یا کیفیت/حالت میں صحت اور صلاحیت کار کو جانچتا ہے ۔

scansion, n. تجزیہ ؛ تقطیع ؛ جائزہ لینے کا عمل ؛ شعر کی بحری ساخت کا تجزیہ ۔

scansorial, a. (حیوانیات) صعودی ؛ اُوپر چڑھنے سے متعلق/ کے لیے موزوں ، جیسے بعض پرندوں کے پاؤں ؛ عادتاً اُوپر چڑھنے والا جیسے کوئی پرندہ وغیرہ ۔

scant, a. ناکافی ؛ غیر مکتفی ؛ مشکل ہی سے کافی ؛ ضرورت کی نسبت سے کم ؛ جس کی فراہمی کم ہو عموماً اس لفظ کے بعد of آتا ہے (جیسے: scant of resources) ؛ قلیل ؛ مقررہ مقدار سے کم (جیسے : a scant cup of flour) ۔ (فعل متعدی) تحدید کرنا ؛ جز رسی کرنا ؛ تھوڑا تھوڑا دینا ؛ بخل کرنا ؛ تحقیر یا سرسری/واجبی سلوک کرنا ۔ (متعلق فعل ، بولی) شاید ہی ؛ مشکل سے ؛ ناکافی ۔

scantly, adv. کم کم ، ناکافی طور پر ۔

scantness, n. قِلّت ؛ جُز رسی ۔

scanties, n زیرجامہ ؛ عورتوں کا مختصر زیر جامہ ۔

scantling, n. قلیل ؛ شہتیری یا تختہ بندی کے کام کی ایک نسبتاً چھوٹی لکڑی ؛ ایسی لکڑیاں ؛ کسی لکڑی کی موٹائی اور چوڑائی یا کسی تعمیری پتھر کی لمبائی ، چوڑائی اور موٹائی ؛ ایک قلیل مقدار ۔

scanty, a. ناکافی ؛ مشکل سے کافی ؛ قلیل ؛ چوڑائی یا پھیلاؤ میں ناکافی ۔

scantily, adv. کمی سے ؛ بہ قلت ؛ ناکافی طور پر ۔

scantiness, n. کمی ؛ قِلّت ۔

scape, n. (نباتیات) زمین سے اٹھا ہوا ایک بے پتے کا ڈنٹھل ۔ (حیوانیات) کسی جانور کے جسم کا چھڑ یا دھڑ جیسا حصہ ، جیسے ایک پر کا چھڑ ۔ (فن تعمیر) ستون کا عمود ۔

scapiform, a. ڈنٹھلی ؛ عمودی ۔

scape, 'scape, v.t. (قدیم) بچ نکلنا ۔ (اسم ، قدیم) بچ نکلنے کا ذریعہ ؛ چھوٹی سی نسیانی غلطی ۔

scapegoat, n. فرضی قصور وار ؛ قُربانی کا بکرا ؛ وہ جو دوسروں کی غلطیوں کا قصور وار ٹھہرایا جائے ۔ (بائبلی) قدیم یہودیوں میں کفارے کے دن ، ایک بکرا ، لوگوں کے گناہوں کو اٹھائے جو علامتاً بڑا رابب اُس کے سر پر رکھتا تھا، ویرانے میں بھیجا جاتا تھا ۔ (لاوی ۸:۲۶) ۔

scapegrace, n. بیہودہ ؛ بے اصولا یا شرارتی آدمی ؛ بدمعاش ؛ بدذات ۔

scaphoid, a. کشتی نما ۔ (تشریح الاعضا) کلائی/ساعد کے نصف قطری رُخ کی ہڈی یا کف پا کے اندرونی جانب کی ہڈی کی طرح ۔ (تشریح الاعضا) (اسم) ایک کشتی نما ہڈی ؛ عظم زورقی ۔

scapolite, wernerite, n. مختلف ترتیب کی معدنیات کا کوئی ایک گروہ خصوصاً ایلومینم ، کیلسیم اور سوڈیم کے سلیکیٹ جو قلمی ذرات یا ڈھیر کی شکل میں ہوتے ہیں اور اُن کا رنگ عموماً سفید یا بھورا سفید ہوتا ہے ۔

scapose, a. (نباتیات) ڈنٹھلوں والی ؛ ڈنٹھل یا اس سے مشابہ ۔

scapula, n. (تشریح الاعضا) کتفی ہڈی/عظم الکتف ؛ اللّوح ؛ شانے کی ہڈی ۔

scapular, n. کفنی ؛ وہ بالاپوش جو بعض خانقاہی پہناوے کا حصہ ہوتا ہے ، عموماً بے آستین کا اور دونوں طرف سے اَن سِلا ؛ کپڑے کے دو چھوٹے ، چوکور ٹکڑے ، ایک دوسرے کے ساتھ فیتے سے جڑے ہوئے جنھیں سینے اور پیٹھ پر مذہبی عقیدت کی علامت کے طور پر ڈالتے ہیں ۔ (طیوریات) ایک چھوٹا پر جو پرندوں کے شانوں پر ہوتا ہے ۔ (جرّاحی) ایک سہارے کی پٹی جو شانے کو تھامے رکھنے یا دوسری جراحی پٹی کو جگہ پر رکھنے کے کام آتی ہے ۔ (صفت) شانے کی ہڈی یا شانے کا یا اُس سے متعلق ۔ نیز: scapulary ۔

scapular medal, n. شانے کی پٹی پر کپڑے کا چوکور ٹکڑے کا جزوِ تمغہ جسے مذہبی برگزیدگی کے نشان کے طور پر لگاتے ہیں ۔

scar, n. داغ ؛ کھرونچ ؛ زخم بھرنے کے بعد جلد پر باقی رہ جانے والا نشان ۔ (طِب) چکتّا ؛ نَدبہ ؛ داغ زخم ؛ زخم کا نشان ۔ (نباتیات) کسی شاخ یا ڈنٹھل کا نشان جو بیج گرنے ، پتے یا شاخ کے ٹوٹنے سے رہ جاتا ہے ؛ ماضی کے عمل ، جذباتی دباؤ یا دماغی صدمے کا کوئی دیر پا اثر ۔ (فعل متعدی) داغ کا نشان لگانا ؛ قائم رہنے والی چوٹ دینا ۔ (فعل لازم) داغ سے نشان زدہ ہونا ؛ داغ بن جانا ۔

scar, n. کڑاڑا ؛ کھڑی چٹان ؛ ڈھلوانی چٹان ؛ الگ تھلگ سی اکیلی چٹان ؛ ایک چٹیل پتھریلا علاقہ (کسی پہاڑی یا کہسار کے ساتھ) ۔

scarab, n. ایک قسم کا بھونرا جسے قدیم مصری مقدس سمجھتے تھے ؛ بھونرے کی شکل پر تراشے ہوئے جواہر یا جواہر پر اس کا کندہ کیا ہوا نقش ۔

scarabaeid, n. بھونرا ؛اسکارابیڈ ۔ (صفت) بھونرے کا یا اس سے متعلق ؛ تنومند ۔
scarabaeoid, a. اسکارابیڈ کا یا اس سے متعلق ؛ مضبوط جسم اور چپٹے محاس والا ۔
scarabaeus, n. بھونرا ۔
scaraboid,a. بھونرے جیسا ؛اسکارابیڈ کے مشابہ ۔ (اسم) بھونرا ؛ اسکارابائیڈ ۔
Scaramouch, Scaramouche, n. شیخی باز ؛ بھانڈ ؛ اطالوی مزاحیہ کھیل اور سوانگ کا ایک خاص کردار ؛ ایک بزدل بڑبولا ، جس کی مسخرا ہاریقون مستقل پٹائی کرتا رہتا ہے ۔ (چھوٹے s سے) کوئی سوانگ بھرنے والا یا مسخرا جو اُس کے جیسا یا اُس کا نمائندہ ہو ؛ کوئی بدمعاش یا آوارہ ۔
scarce, a. کمیاب ؛ قلیلُ المِقدار ؛ نادُر الوجود ؛ عَنقا ؛ طلب کی نسبت سے مقدار میں کم ؛بے کثرت ؛ بے بہتات ؛ ناکافی ؛ نادر ؛ غیر معمولی ۔ (متعلق فعل) کمیابی سے ۔
scarceness, scarcity, n. کم یابی ؛ قلت ؛ کال ۔
scarcement, n. کگر/چھجا ؛ افقی سیدھ میں کسی دیوار ، پشتے ، ساحلی کنارے کی موٹائی یا دوسری سطحوں کی شکل میں ایسی تبدیلی کہ پشتے یا سطح کے بالائی حصے پر ایک کگر/چھجا رہ جائے ۔
scare, v.t. ڈرانا ؛ اچانک خوف زدہ کرنا ۔ (فعل لازم) خوف زدہ یا ہراساں ہونا ۔ (اسم) کوئی اچانک ڈر یا سراسیمگی (اکثر کسی معمولی وجہ سے) ؛ دہشت یا خوف کی حالت یا ساعت ۔ (صفت) ڈراؤنا ۔
scare off or scare away, خوف زدہ کرکے بھگا دینا یا بھاگنے پر مجبور کر دینا ۔
scare up, بمشکل حاصل یا اکٹھا کرنا ۔
scarer, n. ڈرانے والا ۔
scare crow, n. بِھج کاگ ؛ پُتلا ؛ کالی ہانڈی ؛ ہَوّا؛ بڈاوا ؛ کٹھ ؛ ڈراونا/ڈراوا ؛ لُو لُوئے سر خرمن ؛ باگڑبِلّا ؛ ایک بھدا سا عموماً پھٹے پُرانے کپڑے پہنایا ہوا ، آدمی کا ڈھانچا،جسے چڑیوں خصوصاً کوّوں کو پکتی ہوئی فصل سے ڈرا بھگانے کے لیے کھیت میں کھڑا کر دیتے ہیں ؛ کوئی ڈراؤنی چیز یا شکل جو حقیقت میں خطرناک نہ ہو ۔ (مجازاً) وہ جو مثلاً کپڑوں کے لحاظ سے ڈراوے کے مشابہ ہو ۔
scarehead, n. (عوامی) شہ سرخی ؛ اخبار کی غیر معمولی طور پر بڑی سرخی ۔ نیز : screamer ۔
scaremonger, n. خوف پیدا کرنے والا ؛سنسنی باز ؛ دہشت باز ؛ وہ جو افواہیں یا ڈراؤنی خبریں پھیلا کر سراسیمگی پیدا کرتا ہے یا ایسی فضا طاری کرتا ہے ۔
scaremongering, n. ڈراؤنی خبریں پھیلانے کا عمل ؛ سنسنی بازی ؛ دہشت بازی ۔
scarf, n. اسکارف ، گلوبند ؛ گلو پوش ؛ ایک چوکور یا لمبا کپڑا جو عورتیں اپنے سر، گردن یا شانے پر، آرایش ، حفاظت یا گرمائی کے لیے ڈالتی ہیں ؛ ایک پٹکا/کمر بند جو سرکاری مرتبہ ظاہر کرتا ہے؛ نکٹائی ؛ رومال ، گلوبند یا بلا آستین کا زنانہ نیم قبا ؛ فرنیچر پر ڈالنے کی بیل ، جھالر یا کپڑا (جیسے :a dresser scarf) ۔ (فعل متعدی) باندھنا ، تزئین کرنا ، لپیٹنا یا ڈھانکنا ،اسکارف کی طرح استعمال کرنا ؛ اوپر سے اوڑھنا ۔
scarfless, a. بِلا اسکارف ۔
scarflike, a. اسکارف کے مانند یا مشابہ ۔
scarf, n. (نجّاری) دندانہ جوڑ؛ دو ٹکڑوں میں ایسے دندانے بنانا یا کنارے کاٹنا کہ وہ باہم اٹک جائیں اور پیچوں سے کسنے پر ایک جُز بن پائیں ؛ کسی ٹکڑے کا کنارا جو اِس طرح کاٹا گیا ہو ۔ (وھیل شکار) وھیل کی چربی یا چمڑے کی لمبی پٹی ۔ (فعل متعدی) دندانے کے ذریعے جوڑنا ؛ دندانے کاٹنا ۔
scarf joint, وہ جوڑ جو دندانوں سے بنایا گیا ہو ۔
scarfer, n. دندانے دار جوڑ ؛ دندانے بنانے والا ۔
scarfskin, n. بالائی جِلد ؛ برادَمہ ؛ جِلد کا بیرونی طبقہ ؛ خولی جِلد ۔
scarify, v.t. کُھرچنا ؛ جلد کو ہلکے سے چھیدنا جیسے ٹیکہ لگانے میں ہوتا ہے ؛ سخت تنقید کرنا ؛ مٹی اکھیڑنا یا توڑنا ، جیسے دندانے دار سراون سے ؛ اُپج کے عرصے کو کم کرنے کے لیے بیج کی جلد کو کُھرچنا یا نرم کرنا ۔
scarification, n. کھرونچ کاری ؛ چھید کاری ؛ نشتر زنی ۔
scarifier, n. کھرونچ/چھید کار ؛ نشتر زن ۔
scarious, a. (نباتیات) پتلا ، خشک اور جِھلّی دار ، جیسے بعض پتے ۔ (حیوانیات) فلسی ؛ چھلکے والا ۔
scarlatina, n. (امراضیات) تپِ قرمز ؛ لال بخار ؛ قرمزی بخار ؛ ہلکی قسم کا قرمزی بخار ۔
scarlatinal, scarlatinous, a. قرمزی بخار جیسا یا اُس سے متعلق ۔
scarless, a. بلا نشان ؛ بے داغ ؛ داغ نہ پیدا کرنے یا نہ چھوڑنے والا ۔
scarlet, n. قرمزی سے زیادہ روشن سرخ رنگ ؛ ایسے رنگ کا کپڑا یا لباس ۔ (صفت) قرمزی رنگ کا ۔ (مجازاً) اوباش ؛ عیّاش ۔
scarlet fever, scarletina, n. قرمزی بخار، لال بخار ، عموماً بچوں کا ایک متعدی مرض جس سے گلے میں سوزش اور تمام جسم پر سُرخ دانے ہو جاتے ہیں ۔
scarlet letter, n. سُرخ حرف ؛ سرخ رنگ کا حرف 'A' ، ذلت کا نشان ، جو ایک قحبہ کو پیوریٹن (Puritan) عہد میں لگانا پڑتا تھا ۔
scarlet runner, n. قرمزی پھلی؛لال باقلہ ؛ امریکی منطقۂ حارہ کے سیم کی اونچی بل کھاتی ہوئی بیل جس کے پُھول سُرخ ہوتے ہیں ۔
scarlet sage, n. سُرخ سیج جھاڑی ؛ ایک سُرخ پھولوں والی جھاڑی ۔
scarp, n. (قلعہ بندی) کسی فصیل کے گرد خندق کی اندرونی ، ڈھلوانی دیوار ؛ کسی کھائی کی ڈھال ؛ کوئی سیدھی ڈھلان ۔ (فعل متعدی) ڈھلان کاٹنا یا دینا ؛ سیدھی ڈھلان کی شکل دینا ۔
scar tissue, n. (امراضیات) تازہ نسیج ، جس نے ایسی معمول کی نسیج کی جگہ لے لی ہو جو بیماری ، جراحی یا چوٹ کی وجہ سے ضائع ہو گئی تھی ۔
scary, a. (بول چال) دہشت گرد ؛ خوف یا دہشت پیدا

کرنے والا ؛ آسانی سے خوف زدہ ہونے والا ؛ ڈرپوک ۔

scat, v.i. (بول چال) چلے جانا یا تیزی سے گاڑی چلا لے جانا ؛ بعجلت جدا ہونا ۔ (فجائیہ) کسی جانور ، جیسے بِلّی کو بھگانے کے لیے نکالی جانے والی آواز ؛ شِت ۔

scat, n. (عوامی) غیرملفوظ صدا کاری یا مُہمل سرائی ، خاص کر جاز میں ۔ (فعل لازم) (عوامی) اس انداز میں گانا یا ادا کرنا ۔

scatback, n. (فٹ بال) ایک بھاگتا ہوا عقب میں کھیلنے والا کھلاڑی جو عموماً تیز ہوتا ہے اور جُل دے کر نکل جاتا ہے ؛ عقب باز ۔

scathe, v.t. چرکا لگانا ؛ سخت تنقید کا نشانہ بنانا ؛ چوٹ دینا ؛ نقصان پہچانا یا زخمی کرنا ، خصوصاً جلا کر یا داغ کر ۔ (اسم) صدمہ ، نقصان یا آزار ۔

scatheless, a. بِلا ضرر؛ صحیح و سالم ۔

scathing, a. ضرررساں ؛ نقصان دِہ ؛ سخت اذیت ناک (بات یا سرزنش) ؛ مضرت رساں یا جلانے والا ۔

scathingly, adv. ضرررساں طور پر ۔

scatology, n. (حجریات) فضلہ بینی ؛ برازی تشخیص ؛ تحقیق البراز ؛ گوبر/فضلہ کا مُطالعِہ یا ان وحشیانہ رسوم کا مطالعہ جن میں فضلہ یا غلاظت استعمال کی جاتی ہے؛ فحش نگاری خصوصاً ادب میں ۔

scatalogical, a. فُضلیاتی ۔

scatophagous, a. گوبر خور ؛ گوبریلا ۔

scatter, v.t. بکھیرنا ؛ ارد گرد پھینکنا ؛ بے قاعدہ وقفے سے مختلف سمت میں بانٹنا ؛ چھڑکنا ؛ مختلف سمت میں جُدا کرنا ؛ منتشر کرنا ، جیسے کسی مجمع کو ۔ (طبیعیات) روشنی یا دوسری اشعاعی توانائی کو ، منعطف کرنا ، منعکس کرنا، مُنصرف کرنا اس طرح کہ اُسے بکھیر سکیں ۔ (فعل لازم) تتّر بتّر ہونا ؛ جُدا ہونا؛ مختلف سمت میں چلنا ۔ (اسم) بکھراؤ ؛ انتشار ۔

scatterable, a. قابل اِنتشار ؛ بکھیرنے کے قابل ۔

scatterer, n. بکھیرنے والا ؛ منتشر کرنے والا ؛ منعکس کرنے والا ۔

scatterbrain, n. پریشان دماغ ؛ وہ جو سنجیدہ ، منطقی فکر کے ناقابل ہو ؛ بے فکرا، مدہوش آدمی ۔

scatterbrained, a. پریشان ؛ بے فکرا ، مدہوش ۔

scattergood, n. مُصرفِ ؛ فضول خرچ ؛ کھاؤ اڑاؤ ۔

scattering, n. انتشار ؛ بکھراؤ ؛ پراگندگی ؛ بکھرانے کا عمل ؛ وہ جو بکھری ہوئی ہو ، خاص کر ایک تھوڑی مقدار یا تعداد جو بکھری ہوئی یا اِدھر اُدھر پڑی ہو ۔ (طبیعیات) ذرات ، شعاعوں یا موجوں کے رُخ میں دوسرے ذرات یا نظاموں سے ٹکراؤ کی وجہ سے تبدیلی ؛ بے قاعدہ انعکاس ۔ (صفت) مختلف سمتوں میں بکھرا ہوا ؛ بے قاعدہ وقفوں سے اِدھر اُدھر بٹا ہوا یا بہت کم اور بے قاعدگی سے واقع ہونے والا ؛ بے ضابطگی سے پھیلا ہوا، جیسے پرزوں کا پشتارہ ؛ کم تعداد میں ڈالا ہوا ، جیسے بہت سے اُمیدواروں میں ووٹ ۔

scatteringly, adv. منتشرانہ ؛ منتشر طور پر ۔

scatter rug, n. نمدا ؛ فرش کے چھوٹے سے حصّے پر بچھانے کے لیے ایک مناسب سائز کا نمدہ نہ کہ پورے کمرے کا قالین ۔ نیز : Throw rug ۔

scaup, scaup duck, blue bill, n. بط ؛ ڈُبکی لگانے والی بطوں میں سے کوئی سی جس کے نر کا سر اور گردن کالی مگر بدن اور پیٹ سفید ہوتے ہیں ۔

scaur, n. نشان ؛ داغ ۔

scavenge, v.t. صاف کرنا ؛ گندگی یا غلاظت سے صاف کرنا ، جیسے کسی گلی کو ؛ ڈھونڈ نکالنا ، جیسے کسی مفید چیز کو کوڑے میں سے ؛ جلی ہوئی گیس کو نکالنا، جیسے کسی سلنڈر یا دروں احتراق انجن سے ۔ (فلزیات) پگھلائی ہوئی دھات کو آلودگی سے پاک کرنا (ایسے مادّے شامل کرکے جو کیمیاوی طور پر آلودگی سے مل کر اُسے علیحدہ کرتے ہیں) ؛ آلودگی سے نجات حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) جاروب کشی کرنا ؛ جلی ہوئی گیس سے پاک ہو جانا ؛ تلاش کرنا یا ٹٹولنا ، جیسے غذا کے لیے ۔

scavenger, n. جاروب کش ؛ بھنگی ؛ مہتر ؛ خاکروب ؛ وہ جو کوڑے میں قیمتی ، قابلِ استعمال یا کام میں لائی جا سکنے والی چیزیں تلاش کرتا ہے ؛ کُریدیا ؛ وہ جانور جو مردار کھاتا ہے ؛ کوئی شخص یا ادارہ جو گلیوں کی صفائی پر معمور ہو ۔

scenario, n. منظرنامہ ؛ کسی ڈرامائی نگارش کے پلاٹ کا خاکہ ، جس میں مناظر ، کردار ، مواقع اور محل وقوع دیے ہوں ؛ کسی متحرک فلم کا خاکہ جس میں کہانی کے عمل کی ترتیب ، مناظر اور کردار کے کوائف کا بیان اور وہ تحریری مواد موجود ہو جسے پردے پر دکھایا جانا مقصود ہو ۔

scenarist, n. منظر نامہ نویس ؛ متحرک فلم کا منظر نامہ لکھنے والا ۔

scend, send, v.i. (جہازرانی) اُبھرنا یا اُٹھنا ، جیسے جہاز کا موجوں پر (غوطے کے برعکس) ۔ (اسم) (جہازرانی) جھونک ؛ ہولا ؛ جہاز کی ابھرتی حرکت ۔

scene, n. منظر ؛ وہ گرد و پیش جس میں کوئی چیز واقع ہوتی ہے ؛ مقام یا محل وقوع ؛ کوئی منظر یا نظارہ ؛ اعمال اور واقعات کا دکھایا جانے والا ایک مربوط اور متحد سلسلہ ۔ (تھیٹر) کھیل کا ایک جز ؛ ایک ایکٹ کا حصّہ ؛ وہ خیالی جگہ جہاں کسی کھیل کا عمل پذیر ہونا تصور کیا جاتا ہے ؛ رنگے ہوئے سلائیڈ پردے یا دوسری چیزیں جو کھیل کے لیے پس منظر یا منظر کا کام دیتی ہیں ؛ اسٹیج خصوصاً یونان اور روم کے قدیم تھیٹروں کی ؛ شدید جذبات کا ایک مظاہرہ خصوصاً دوسروں کی موجودگی میں (جیسے: He made quite a scene in the restaurant) ۔

scenery, n. نظارہ ؛ سینری ؛ کسی جگہ کی عام ظاہری صورت یا قدرتی خطوط ، جیسے کوئی لینڈ اسکیپ ؛ عقبی پردے ، لٹکے ہوئے مناظر ، پردے اور کھیل یا اسٹیج کے دوسرے لوازم ؛ منظرہ ۔

scene stealer, n. منظر مُوہ ؛ جاذبِ توجُہ ؛ وہ اداکار جو کھلم کھلا یا ہوشیاری کے ساتھ اپنے آپ کو تمام ناظرین کی توجہ کا مرکز بنا لیتا ہے ۔

scenic, scenical, a. دِل کَش ؛ قدرتی منظر کا یا اس سے متعلق ؛ خوبصورت منظر کا رُوکش ؛ کسی منظر ، عمل ، واقعہ وغیرہ کی عکاس (تصویر)؛ نمائندگی کرنے والی جیسے کوئی تصویر ۔

scenic railway, n. تفریحی ریل ؛ ایک چھوٹے پیمانے کی

کا نظام یا ڈھانچا ؛ ایسی ترتیب کی ہیئت یا طرز ؛ کوئی ناقابل عمل منصوبہ ؛ کوئی جدولی حساب یا بیان ؛ کوئی خاکہ یا خاکائی تصویر (جیسے :an astrological scheme of heavens) ؛ کوئی منصوبہ بنانا ؛ تدبیر کرنا یا شکل دینا ؛ چال چلنا ۔ (فعل لازم) منصوبہ بننا ؛ غماض ہونا ؛ سازش ہونا ۔

schemer, n. منصوبہ کار ؛ سازشی ۔

scheming, a. منصوبہ کار ؛ سازشی ۔

scherzando, adv., n., a. مزاحیہ موسیقی ؛ موسیقی مضحکہ خیز یا کھلنڈرے پن سے ؛ موسیقار کو دی گئی ہدایت ۔

scherzo, n. (موسیقی) سبک خرام موسیقی ؛ نسبتاً طویل دورانیے کی موسیقی ، جیسے سمفنی یا سوناٹا میں ایک ٹکڑا سبک خرام یا ہلکے پھلکے طرز کا ہوتا ہے۔

Schick test, n. خُنّاق جانچ ؛ جلد کے ذرا ہی نیچے تھوڑی مقدار میں سمِ خُنّاق کا ہلکا سا انجکشن جو خُنّاق سے محفوظ ہونے کی جانچ کرنے کو لگاتے ہیں ، جلد اگر سُرخ ہو جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ شخص خناق سے محفوظ نہیں ۔

schiller, n. برنجی تاب ؛ شِلّر ؛ قزح رنگی ؛ دھنک رنگی ؛ ایک فلزیاتی ، کانسی جیسی چمک جو کبھی کبھی قزح کے رنگوں میں بعض معدنیات پر پائی جاتی ہے ۔

schillerize, v.t. دھنک رنگی بنانا ؛ برنجی تاب دینا ؛ رنگ دینا ۔

schillerization, n. برنجی تاب کاری ؛ شلراؤ ۔

schipperke, n. شپیرک ؛ چھوٹی ، کالی، چھوٹے بالوں والی، بے دُم نسل کے کُتوں میں سے ایک جن سے پہلے پہل ، ہالینڈ اور بلجیئم میں کشتیوں پر رکھوالی کا کام لیا گیا ۔

schism, n. فرقہ بندی ؛ تفرقہ ؛ تقسیم ؛ تفرقہ یا عدم اتحاد ، خصوصاً کسی جماعت کا باہم مخالف یا متصادم جماعتوں میں بٹوارا ؛ اعتقادات یا تنظیم کے معاملے میں اختلاف رائے کی وجہ سے کسی کلیسا یا مذہبی جماعت میں رسمی تقسیم یا اُس سے علیحدگی ؛ تفرقہ پیدا کرنے یا تفرقہ بازی کا جُرم ؛ ایک فرقہ یا جماعت جو کسی کلیسا یا دوسری تنظیم میں تقسیم کے عمل سے پیدا ہوئی ہو ۔

schismatic, schismatical, a. تفرُقے کا یا اُس سے متعلق ؛ تفرقے کی نوعیت کا ؛ تفرقے کا مجرم ۔ (اسم) وہ جو تفرقہ پھیلاتا ہے ؛ کسی فرقہ پرست جماعت کا پیرو ۔

schismatize, v.i. تفرقہ باز کی طرح عمل کرنا ؛ تفرقے کا پرچار کرنا ؛ کسی تفرقاتی جماعت میں شامل ہونا ۔

schismatically, adv. تفرقہ اندازی کے طور پر۔

schismatist, n. تفرقہ انداز ؛ تفرقہ باز ۔

schist, shist, n. پرت دار چٹان ؛ ورقی چٹان ؛ مصفح ؛ شِسٹ ؛ ان قلمی چٹانوں میں سے کوئی ، جس میں شامل معدنیات کی ترتیب ، خصوصاً قلب ماہیت کی وجہ سے ، متوازی یا پرت دار ہوتی ہے ۔

schistose, schistous, a. پرت دار چٹانوں کے مُماثل ۔

schistosome, n., a. تورّق لونیہ ؛ آدمی اور دیگر میمل جانوروں کی رگوں میں پلنے والے طفیلی جراثیم جو ایسا مرض پیدا کرتے ہیں ۔

schistosomiasis, bilharziasis, n. مرض تورّق لونیہ ؛ تورق لونیوں

ریل گاڑی ، جیسی تفریحی پارک میں چلتی ہے ۔

scenography, n. منظر یا مناظر نگاری ؛ تناظر کے قواعد کے مطابق تصویر یا خاکہ ، یہ فن اسٹیج مناظر کی مصوری سے تعلق رکھتا ہے ۔

scenographic, a. منظر نگارانہ ۔

scenographically, adv. از رُوئے منظر نگاری ۔

scent, n. خوشبو ؛ عطر ؛ مہک ؛ بو ؛ باس ؛ کوئی خاص بو خصوصاً جو خوش گوار ہو؛ وہ بو جو کوئی جانور زمین پر چھوڑ جاتا ہے ، جس سے اس کا تعاقب کیا جا سکتا ہے ؛ وہ نشانِ راہ جو جانور اپنے پیچھے چھوڑ جائے ؛ کاغذ کے چھوٹے پرزے جو خرگوش اور کتے کے کھیل میں بکھیرے جاتے ہیں ؛ حسِ شامہ ۔ (فعل متعدی و لازم) سونگھ کر پہچاننا ؛ بو پانا ، جیسے کسی خطرے کی ؛ خوشبو لگانا ؛ حسِ شامہ کے ذریعے پیچھا کرنا ۔

scented, a. خوشبودار ۔

scentless, n. بے بُو ؛ بے باس ۔

scentlessness, a. بے باسیت ۔

scepter, Brit, sceptre, n. عصائے شاہی ؛ عصا یا چھڑی جو شاہی یا شہنشاہی طاقت کی علامت کے طور پر ہاتھ میں لی جاتی ہے ؛ شاہی یا سامراجی طاقت یا اختیار ؛ خود مختاری ؛ اقتدار اعلیٰ ۔ (فعل متعدی) عصائے شاہی ہاتھ میں لینا ؛ اقتدار یا طاقت کا مظاہرہ کرنا ۔

sceptic, n., a. شک پرست ؛ لاادریہ ؛ لاادری ۔

schedule, n. ترتیب کار ؛ جدول ؛ کسی خاص کام کے سرانجام دینے کا لکھا ہوا طریق کار ، جس میں عموماً ترتیب کار اور ہر کام کا مقررہ وقت درج ہوتا ہے؛ کوئی فہرست؛ کیٹلاگ ، جدول خصوصاً نظام الاوقات ؛ تفصیلات کا ایک لکھا یا چھپا ہوا قسم وار یا جدولی فرد ، جو کسی اور دستاویز کا ضمیمہ یا تشریح ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کے ترتیب کار کا کسی پروگرام میں شامل کرنا ؛ جدول میں شامل کرنا ؛ جدول کے مطابق تعین کرنا ۔

schedular, a. جدول کار ۔

scheelite, n. شیلائٹ؛ ایک معدن ، کیلسیم ٹنگسٹیٹ پر مشتمل ، جو چوگوشہ قلمی ٹکڑوں میں ہوتا ہے ۔

schema, n. خاکہ ؛ کوئی نقشہ ، منصوبہ یا اسکیم ؛ کوئی خلاصہ یا تصوراتی خاکہ یا تجویز ، جیسے نظریات یا کسی طریق کار کے بارے میں ۔

schematic, a. تصوُری یا قیاسی ۔

schematically, adv. تصوُرانہ ، قیاسانہ ۔

schematism, n. کسی چیز کی مخصوص شکل یا فطرت ؛ کوئی تصوُراتی خاکہ یا بیان ، جیسے کسی فلسفیانہ نظام کے اصولوں کا ۔

schematist, n. خاکہ ساز ۔

schematize, v.t. ترتیب دینا ؛ کسی منصوبے کی شکل میں ڈھالنا یا اس کے مطابق ترتیب دینا ۔

schematization, n. ترتیب کاری ۔

schematizer, n. ترتیب کار ۔

scheme, n. کسی مُجوّزہ کام کا منصوبہ ؛ کوئی منصوبہ ؛ کوئی چال خاص کر وہ جو خفیہ یا سازشی ہو ؛ متعلقہ نظریات یا اقوال

کی کثرت سے پیدا ہونے والی بیماری ۔

schizo, n. (عوامی) پراگندہ ذہن شخص ۔

schizocarp, n. (نباتیات) پارہ ثمر ؛ شقاق ثمر ؛ ایک میوہ جو پختہ ہونے پر کئی ایک بیج والے مُنہ بند بقچوں میں پھٹ جاتا ہے ۔

schizocarpous, schizocarpic a. شقاق ثمرانہ ۔

schizogenesis, n. (حیاتیات) شقاقی تولید ؛ افزائش نسل جو پھٹنے سے ہوتی ہے ۔

schizogenic, schizogenetic, schizogenous, a. شقاق زائیدہ ۔

schizogenetically, schizogenously, adv. شقاقی تولید کے انداز پر۔

schizogony, n. (حیاتیات) شقاقی تولید ؛ شقاق کے ذریعے نخز حوینہ کی غیر جنسی تولید جیسا کہ بہت سے بذری حوینہ کے ساتھ ہوتا ہے ۔

schizogonous, schizogonic, a. شقاق تولیدی ۔

schizoid, a. (طبِّ نفسی) مخبوط ، پراگندہ دماغ ؛ شِق ذہنی سے متعلق ، مشابہ یا اس کی طرف مائل ۔ (اسم) (طبِّ نفسی) وہ جس کے اطوار سے ظاہر ہوتا ہو کہ اس کا رجحان شق ذہنی (شیزوفرینیا) کے غیر معمولی کوائف کی طرف ہے ۔

schizomycete, n. شقاقی فُطر ؛ شقاقی کُھمبی ؛ خلق نباتی کے شقاقی فطرات میں سے کوئی ایک جو فُطر/کھمبی کی ایک قسم یا گروہ سے تعلق رکھتی ہے ۔

schizomycetous, a. شقاقی فُطراتی ۔

shizomycosis, n. (امراضیات) مرض شقاقی فُطر۔

schizont, n. شقاقیہ ؛ بعض بذری حوینوں میں پایا جانے والا ایک خلیہ جو اپنی افزایش کرنے کے لیے بار بار غیر جنسی/انشقاق کے ذریعے ٹوٹ کر بہت سے چھوٹے خلیے پیدا کرتا ہے ۔

schizophrenia, n. (طبِّ نفسی) شقاق دماغی ؛ بَلاہَت متبادرہ ؛ پراگندہ ذہنی ؛ ذہنی بے ربطی ؛ دماغی عارضہ ، جس میں جذباتی ، دماغی طرز عمل کا خلل واقع ہوتا ہے ، جیسے حقیقت سے فرار ، توہمات اور تدریجی ابتری ؛ جنون المراہقہ ۔

schizophrenic, schizophrene, a. n. مریضِ شقاق ؛ وہ جسے شقاق دماغی کا عارضہ ہو ؛ دماغی عارضے والا ۔

schizophyte, n. (نباتیات) شقاقی پودا ؛ نبات شقاقی ؛ پودوں کا ایک گروہ جو ٹوٹ کر یا بذرے کے ذریعے اپنی افزایش کرتا ہے ۔

schizophytic, a. شقاقی صفت (پودا) ۔

schizopod, n., a. پارہ پایاں ؛ ایک سابقہ صنف کا کوئی جانور جو ایک قشریاتی بزم ، کھپرے والا اور شاخ دار ، بظاہر دوہری صدری والا ہوتا ہے اور جو تھیلی دار جھینگوں اور ان کے متعلقات میں شامل ہے ۔

schizopodous, a. پارہ پایانی ۔

schizothymia, n. (طبِّ نفسی) پراگندہ خیالی ؛ وہ دماغی خلل جس کی خاصیت داخلیت اور خارج گریزی ہے (جو طبعی حدود کے اندر ہو) ۔

schizothymic, a. پراگندہ خیالی کا ۔

schlemiel, schlemihl, n. (عوامی) بھونڈا شخص ؛ بدقسمت شخص ؛ بھدا شخص ؛ ایک بے تکا پھوہڑ آدمی ۔

schlieren, n. (صخریات) شلیرین ؛ آتش فشانی چٹان میں دھاری دار یا بے قاعدگی سے بنے ہوئے تودے جو بناوٹ یا بندش میں پوری چٹان سے مختلف ہوں ۔ (طبیعیات) کسی شفاف سیال شے میں پائی جانے والی دھاریاں جو حرارت یا دباؤ میں تغیر پذیری سے پیدا ہوتی ہیں اور کسی سیال میں چلتی ہوئی نوری شعاعوں کی تصویروں میں نظر آتی ہیں ۔

schmaltz, n. (عوامی) کوئی چیز جو مبالغہ آمیز جذبات کا اظہار کرے ، جیسے کوئی تحریر یا موسیقی ؛ مُرغ کی چربی ۔

schmaltzy, a. غیر معمولی جذبے والا ۔

Schmidt system, n. شمٹ نظام ؛ انعکاسی دور بینوں اور کیمروں میں استعمال ہونے والا ایک بصری نظام جس میں ماسکہ کے قریب ایک کروی آئینہ اور ایک شفاف تصحیحی رکابی لگائی جاتی ہے تاکہ کروی سقم/ضلالت کم ہو جائے ۔

schmo, schmoe, n. (عوامی) شمو ؛ مغز چٹ ؛ بکّی ؛ بھولا یا احمق ؛ مہمل آدمی ۔

schnapps, n. شناپس ؛ ہالینڈی جن یا دوسری تیز مشروب کا ایک ڈرام ؛ عموماً شراب ۔

schnauzer, n. شنازر ؛ جرمن پاسبان کُتّا ؛ جرمن پاسبان (ٹیریر) کتوں کی ایک نسل جس کی سخت بالوں والی جلد سفید و سیاہ یا سیاہ اور سانولی ہوتی ہے ۔

schnitzel, n. قتلے ؛ پارچے ؛ قتلے، خاص کر بچھڑے کے گوشت کے ۔

schnook, n. (عوامی) حقیر یا احمق آدمی ؛ نشہ خوار ۔

schnorkel, n., v.i. دیکھیے : Snorkel ۔

schnorer, n. (عوامی) بھکاری ؛ گداگر ؛ وہ جو دوسروں سے ناواجب امداد چاہتا ہے ؛ دوسروں کو چوسنے والا ۔

schnozzle, n. (عوامی) ناک ۔

schola cantorum, n. بھجن منڈلی ؛ کلیسائی گانے بجانے والوں کی جماعت ؛ بھجن منڈلی اسکول ؛ کلیسائی عمارت میں بھجن منڈلی کے استعمال کا حصّہ ۔

scholar, n. فاضل ؛ محقّق ؛ عالم ؛ تلمیذ ؛ شاگرد ؛ بہت زیادہ علم رکھنے والا یا عالمانہ فضیلت کا حامل ، خصوصاً علوم انسانیہ میں ؛ وہ عالم جو تحقیق ، مطالعے اور تحریر میں مصروف رہتا ہے اور اکثر کسی شعبے میں اس کی مستند تصنیف ہوتی ہے (جیسے: a Shakespeare scholar) ؛ تعلیم کے حصول کے لیے کوئی اعزاز یا وظیفے کا حامل ؛ وہ جو اسکول جاتا یا کسی اُستاد سے علم حاصل کرتا ہے ۔

scholarism, n. فضیلت ؛ علمیت ۔

scholarless, a. ناقص العلم ؛ نیم عالم ۔

scholarly, a. فاضلانہ ؛ عالمانہ ؛ عالِم و فاضل کے خصائص لیے ہوئے ؛ اچھی علمیت یا فضیلت رکھنے والا ۔

scholarliness, n. علمیّت ؛ فضیلت ۔

scholarship, n. تعلیمی وظیفہ یا امداد ؛ وہ علم اور فضیلت جو تعلیم کے مروجہ طریقے اور مطالعے کے ذریعے حاصل ہو ؛ کسی

school, n. جُھنڈ ؛ قافلہ ؛ کثیر تعداد میں مچھلیاں ، سنگ ماہی یا وھیل مچھلیاں جب وہ ساتھ مل کر کھائیں یا نقل مکانی کریں ۔ (فعل لازم) قافلہ بنانا یا قافلے میں مچھلیوں کی طرح حرکت کرنا ۔

school age, n. مدرسے کی عمر ؛ بچپن کا زمانہ جب اسکول جانا معمول یا ضروری ہوتا ہے ۔

schoolbag, n. اسکول بستہ ؛ وہ بستہ جو طالبعلم اسکول کی چیزیں لے جانے کے لیے استعمال کرتا ہے ۔

school board, n. اسکول بورڈ ؛ شہریوں کی تعلیم کا نگران مقامی بورڈ یا کمیٹی جو اکثر منتخب ہوتی ہے ۔

schoolboy, اسکول کا لڑکا ؛ متعلم مکتب ؛ طِفل مکتب ؛ مدرسے جانے والا لڑکا ۔

schoolboyish, a. طِفلانہ ۔

school bus, n. اسکول گاڑی/اسکول بس ؛ اسکول اور گھر یا اسکول اور اُس سے متعلقہ مشاغل کی جگہ کے درمیان سفر کرنے کے لیے طالب عِلموں کی آمد و رفت کا ایک ذریعہ ۔

schoolchild, n. طفلِ دبستان ؛ طِفلِ مکتب ؛ اسکول جانے والا بچّہ ۔

schoolfellow, n. ہم مکتب ؛ ہم درس ؛ اسکول ساتھی ۔

schoolgirl, n. طالبہ ؛ متعلِّمہ ؛ دُخترِ مکتب ؛ اسکول کی لڑکی ؛ اسکول جانے والی لڑکی ۔

schoolhouse, n. عمارتِ مکتب ؛اسکول کی عمارت ؛ وہ عمارت جس میں اسکول خصوصاً اُس کے ابتدائی درجے قائم ہوں ۔

schooling, n. مکتبی تعلیم ؛ تربیت ؛ پڑھائی ؛ اسکول میں حاصل ہونے والی تعلیم یا سکھلائی ؛ اسکول میں پڑھانے یا پڑھنے کا عمل ۔

schoolman, n. اہل عِلم ؛ عالِم ؛ فاضل ، ماہر علم دین ؛ متکلم ؛ متکلمانہ/روایتی علوم کا ماہر یا ان علوم سے دلچسپی رکھنے والا ازمنۂ وُسطیٰ کے اسکولوں یا جامعات کا کوئی فاضل۔ (بعض اوقات بڑے S سے) عہدِ وسطیٰ کا کوئی مصنف جو الٰہیات اور فلسفے سے متکلمانہ طور پر بحث کرتا ہو۔

schoolmarm, school ma'am, n. (بول چال) قدامت پسند استانی ؛ وہ اُستانی جسے عموماً قدامت پسند سمجھا جاتا ہو ، بڑی عمر کی ناکتخُدا ، بناوٹی حیا کرنے والی ۔

schoolmarmish, a. حیا دار ؛ شرمیلی ؛ بناوٹی ۔

schoolmaster, n. استاد ؛ مُعلّم ؛ مدرس ؛ وہ شخص جو اسکول کا ناظم یا وہاں پڑھاتا ہو؛ کوئی شخص یا چیز جو ہدایت دیتی ہو۔ (سمکیات) ایک خاص قسم کی خوردنی مچھلیاں جو منطقۂ حارہ کے پانیوں میں پائی جاتی ہیں ۔

schoolmate, n. ہم مدرسہ ؛ ہم مکتب ؛ اسکول کا ساتھی یا شریک ۔

schoolmistress, n. مُعلِّمہ ؛ مُنتظمہ ؛ اُستانی ؛ وہ عورت جو اسکول کی نگران یا وہاں پڑھاتی ہو۔

schoolroom, n. درسی کمرہ ؛ کمرہ تعلیم ؛ پڑھائی کا کمرہ ؛ وہ کمرہ جہاں اسکول قائم ہو یا شاگردوں کو پڑھایا جاتا ہو ۔

schoolteacher, n. اُستاد ؛ معلِّم ؛ استانی ؛ مُعلِّمہ ؛

(continued from previous) عالمانہ کام کی خوبی ؛ مدد یا وظیفہ ، عموماً مالی مدد ، جو ایک متعلم کو کسی مد ، اسکول یا ادارے سے ، اس کی اہلیت یا ضرورت کے مطابق دی جاتی ہے ، بعض اوقات یہ صرف اعزاز کے طور پر ہوتی ہے ۔

scholastic, scholastical, a. متکلمانہ ؛ متکلمین ؛ معلمین یا تعلیم کا یا اس سے متعلق ؛ از منہ وسطیٰ کے متکلمین یا اہل مدرسہ کا یا ان سے متعلق یا ان کے خصائص والا ؛ کتابی ؛ فضیلت مآب ۔ (اسم) (بعض اوقات بڑے S سے) معلم ، اہل مدرسہ کا شاگرد یا متکلمانہ طریقے کا پیروکار ؛ متکلم ؛ کتابی شخص ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) متعلّم علم الکلام ۔

scholastically, adv. متکلمانہ طور پر ؛ طالب علمانہ طور پر ۔

scholasticate, n. (رومی کیتھولک کلیسا) کیتھولک عیسائیوں کا مدرسہ یا اعلیٰ تعلیم کا ادارہ جہاں کا نصاب ، دینیات کی تعلیم کا آغاز کرنے سے پہلے، مکمل کرنا ضروری ہوتا ہے ۔

scholasticism, n. (بڑے S سے) علم الکلام ؛ متکلّمانہ تعلیم ؛ الٰہیاتی ، دینیاتی اور فلسفیانہ نظامِ تعلیم جو ازمنۂ وسطیٰ میں غالب حیثیت رکھتا تھا ، جس کی بنیاد کلیسائی بزرگوں کے فرمودات اور ارسطو اور اُس کے شارحین کی کتابوں پر تھی اور طریق تعلیم خاصا رسمی تھا ۔ (چھوٹے s سے) مدرسوں کی تعلیمات یا روایتی نظریات اور طریقوں کی کورانہ تقلید ۔

scholiast, n. شارح ؛ کلاسیکی متن کا قدیم حاشیہ نگار یا شارح ؛ وہ جو وضاحتی رائے لکھتا ہو ؛ حاشیہ نگار ۔

scholiastic, a. حاشیہ نگارانہ ۔

scholium, n. حاشیائی شرح ؛ وضاحت یا رائے ، جیسے کسی ریاضی کے مسئلے کے ثبوت میں ؛ کوئی وضاحتی تبصرہ ، جیسے ابتدائی صرف و نحو کے ماہرین کا ؛لاطینی اور یونانی مصنفین کی کتابوں کا ضمیمہ ۔

school, n. اسکول ؛ مدرسہ ؛ درس گاہ ؛ مکتب ؛دبستان ؛ جگہ یا ادارہ جہاں تعلیم دی جاتی ہے ؛ تعلیم کے لیے مُعلِّم یا معلمین اور متعلمین کے درمیان باقاعدہ اسباق کا ایک مسلسل دور (جیسے : a business school) ؛ کسی ادارے کا ایک تعلیمی میقات (جیسے : no school today) ؛ طالبِ علموں یا شاگردوں کی جماعت جو اسکول میں داخل ہو ؛ کوئی جگہ ، موقع یا تجربہ جو تعلیم یا تربیت کا ذریعہ بن جائے ؛ کسی خاص استاد کے شاگردوں یا پیروکاروں کی جماعت ؛ لوگوں کی ایک جماعت جو ایک سی تعلیمات یا اصولوں کو مانتے ہوں ، جیسے فلسفے یا اقتصادیات کے ؛ وہ لوگ جو ایک سے عام طریق کی پیروی کرتے ہوں ، جیسے موسیقی یا مصوری کے ؛ ایک گروہ یا ٹولہ جو بعض اُن اصولوں ، نظریات یا طریقوں کو مانتا ہو جو کسی خاص وقت رائج ہوں (جیسے : a politician of the old school) ؛ استادوں اور شاگردوں کی مختلف منظم جماعتوں میں سے کوئی جن سے عہد وسطیٰ کی جامعہ تشکیل پاتی تھی ؛ جدید جامعہ کا کوئی خاص حلقہ یا شعبہ (جیسے : the graduate school) ؛ کسی جامعہ کی ایک شعبہ کے استعمال کے لیے یا کسی خاص مقصد سے علیحدہ کی ہوئی ایک عمارت یا کمرہ ۔ (عسکری ، بحریہ) تربیت کے خاص قواعد یا ضوابط جن کا ہر فرد پر اطلاق ہوتا ہو (جیسے : school of the soldiers) ۔ (فعل متعدی) پڑھانا یا تعلیم دینا ، جیسے کسی ادارے یا اسکول میں ۔

وہ جو گرامر اسکول یا ثانوی اسکول میں پڑھاتا ہو۔

schoolteaching, n. پڑھائی ؛ تعلیم ؛ تربیت ؛ تدریس ۔

schoolwork, n. اسکول کا کام ؛ بشمول گھر اور جماعت کے کام کے ہر وہ کام جو اسکول میں پڑھائی سے متعلق ہوتا ہے۔

schooner, n. (جہازرانی) اسکونر ؛ ایک بادبانی جہاز جس کے کم از کم دو مستول ہوں ، آگے اور پیچھے ؛ بیئر کا تقریباً ایک پنٹ کا گلاس ۔ (قدیم) ایک بند گاڑی ۔

schooner-rigged, a. دو مستولی ۔

schorl, n. سیاہ ٹُرملین ؛ شارل ۔

schorlaceous, a. سیاہ ترملین سے مشابہ ؛ شارلی ۔

schottische, n. شوٹِش/گول رقص ؛ ایک گول ناچ ، پولکا کے مشابہ مگر اُس سے دھیما ؛ اِس رقص کے مناسب موسیقی ۔

schuit, schuyt, n. اسکوٹٹ؛ ایک ڈچ (ولندیزی) کشتی جس کا پینـدا چپٹا اور آگـا چوڑا ہوتـا ہے ، خصوصاً نہروں اور دریاؤں میں استعمال ہوتی ہے۔

schuss, n. سیدھی پہاڑی ڈھلان کی برف پر تیز رفتار اسکی؛ برف دوڑ کی پٹی ۔ (فعل متعدی و لازم) اسکی کرنا ۔

schwa, n. (صوتیات) شوا ؛ اکثر رکن تہجی کے درمیانی حرفِ علت کی وہ آواز جس پر انگریزی میں زور نہیں دیا جاتا جیسے schloar میں tetanus 'a میں prominent 'U میں i اور e اور Piston میں o ؛ الٹی ای کی آواز کی علامت ۔

sciaenoid, sciaenid, n. سیانوائڈ مچھلی ؛ گوشت خور ، خار پر مچھلیوں کے خاندان سسیانیڈے میں سے کوئی ، بشمول ڈھول اور راج مچھلیوں کے ۔ (صفت) سیانیڈ کا یا اس سے متعلق ۔

sciatic, a. کُولھے کا ؛ کُولھے پر اثر انداز ہونے والی یا اُس سے متعلقہ یا اعصابِ نسائی کی دو نسوں میں سے کوئی جو ہر ران اور ٹانگ کی پشت پر ہوتی ہیں ۔ (اسم) کُولھے کی ایک نس یا اس کا حصّہ ۔

sciatica, n. (امراضیات) نقرس سُرین ؛ رمینگی ؛ عِرقُ النسـا ؛ کسی عصبِ نسـائی اور اُس کی شاخوں میں درد یا کمزوری ؛ عصبِ نسا کا ورم ؛ عصب نِسا کا درد ۔

science, n. سائنس ؛ حکمت ؛ علم ، خصوصاً حقائق یا اصولوں کا علم جو باقاعدہ مطالعہ سے حاصل ہوتا ہے ؛ کسی خاص شعبے کا علم ، خصوصاً وہ جو حقائق یا صداقتوں سے سروکار رکھتا ہو، باقـاعـدہ مرتّب ہو اور قوانین عامـہ کے عمل کو ظاہر کرتـا ہو (جیسے: science of math) ؛ باقاعدہ علم خاص کر طبیعی یا مادی دُنیا کے قوانین اور حقائق کا ؛ مہارت جو تعلیم و تربیت سے حاصل ہوتی ہے ۔ (بڑے S کے ساتھ) مسیحی علوم ۔

sciential, a. متعلق بہ علم ؛ علمی ۔

science fiction, n. سائنسی افسانہ ؛ سائنسی کہانی ؛ ناول/افسانہ جس میں عجیب و غریب صورتِ حال پیدا کرنے کے لیے سائنسی حقائق اور قیاس کو خیالی طور پر استعمال کیا جائے ۔

scientific, a. سائنسی ؛ سائنٹیفک ، سائنس کی رُو سے ؛ سائنس سے متعلقـہ (جیسے: scientific experiments) ؛ سائنس کا علم رکھنے یا ظاہر کرنے والا (جیسے : scientific mind) ؛ سائنس کے قواعد اور اصولوں کے مطابق ۔

scientifically, adv. علمی طور پر ؛ سائنسی طریقے سے ؛ عالمانہ انداز میں ۔

scientific method, n. سائنسی طریقہ ؛ تحقیق کا ایک طریقہ جس کی خصوصیت یہ ہے کہ مسئلے کی تعریف کی جاتی ہے ، شواہد اکٹھے کیے جاتے ہیں، خاکہ یا مسودہ تیار کیاجاتا ہے اور مفروضوں کی تجزیاتی جانچ کی جاتی ہے ۔

scientism, n. سائنسیت ؛ سائنس دانوں کا ذہنی رجحان یا طور طریقے ؛ تحقیق کے دوسرے میدانوں میں سائنسی طریقے کا استعمال ، چاہے مناسب ہو یا غیر مناسب ۔

scientist, n. سائنس دان ؛ ایک سائنس کا ماہر شخص یا اُس کے لیے وقف ؛ کوئی سائنسی ذہن کا فرد ۔ (بڑے S سے) مسیحی علوم کا معتقد ۔

scilla, n. جنس عُنصل ؛ سوسن خاندان ؛ سِیلا جنس کا کوئی گٹھی یا بصلہ دارپودا جس کا گھنٹی جیسا پھول نیلا ، اُودا یا سفید ہوتا ہے ۔

scimitar, scimiter, simitar,n. سروہی ؛ نیمچہ ؛ تیغہ ؛ ایک مشرقی تلوار ، جس کا پھل ایک دھار والا ، چھوٹا اور مڑا ہوا ہو ۔

scincoid, a. سقنقور نما ؛ ریگ ماہی/چھوٹے قسم کی چھپکلی اور اُس سے ملحقہ رینگنے والے جانوروں سے متعلق ۔ (اسم) سقنقورنما چھپکلی ۔

scintilla, n. شرارہ ؛ شمہ ؛ چنگاری ؛ خفیف ترین ذرہ ؛ شائبہ ۔

scintillant, a. ضیابار ؛ چنگاری چھوڑ ؛ ضَوفشاں ؛ چمکتا ہوا ؛ جگمگاتا ہوا ۔

scintillantly, adv. ضوفشانی سے ۔

scintillate, v.i. چمکنا دمکنا ؛ چنگاری چھوڑنا ؛ چمکنا یا جگمگـانـا ، جیسے ستـارے ؛ شعلے کا بھڑکنا ؛ چمک اُٹھنا ۔ (فعل متعدی) شرارہ چھوڑنا یا ضو دینا ۔

scintillator, n. چمک دمک یا شُعلہ دینے والا ۔

scintillatingly, adv. چمک یا جگمگاہٹ کے طور پر۔

scintillation, n. آتش فشانی ؛ ضوفشانی ؛ نورفشانی یا جگمگـاہـٹ کا عمـل ؛ تابش. یا چنگـاری ۔ (فلکیات) ستاروں کی جگمگاہٹ ۔ (طبیعیات) روشنی کی بھڑک جو فسفری مادے کو برقیانے سے پیدا ہوتی ہے ؛ شرارہ ۔

scintillation counter, n. (طبیعیات) تاب کاری شمارندہ ؛ فاسفوری مادے کے استعمال سے تاب کاری کا پتہ لگانے اور ناپنے کا آلہ ۔

sciolism, n. سطحی عِلم ۔

sciolist, n. لال بجھکڑ ؛ مدعی علمیت ۔

sciolistic, a. نیم مُلا ؛ سطحی عِلم رکھنے والا؛ سطحی علمیت کا ۔

sciomancy, n. ارواحی غیب دانی ؛ فال ؛ مرے ہوؤں کے سایوں یا روحوں یا بھوت پریتوں سے رابطہ کرکے پیش گوئی ۔

sciomantic, a. غیب دانی کا ۔

scion, cion, n. خلف ؛ وارث ۔ (گُل بانی) ایک کونپل

دیتی ہے۔

sclerenchymatous, a.
سخت ریشہ دار۔

sclerite, n.
(حیوانیات) صُلبہ حَشرہ ؛ سینگی ، آہکی یا ایسے ہی سخت مادے کی بنت یا کوئی ابھار۔

scleritic, a.
صلبہ حشرہ کا۔

scleroderma, n.
(امراضیات) ہامَہ ؛ سخت جلد ؛ جلد کی بیماری ؛ ایک بیماری جس میں جلد سخت اکڑ جاتی ہے۔

sclerdoermatous, a.
(حیوانیات) سخت جلدہ ؛ سخت ، کھپریلے یا استخوانی مادّے سے ڈھکا ہوا ، جیسے سانپ یا استخواں پشت آرمیڈیلو۔

scleroid, a.
(حیاتیات) سخت بافتی ؛ سخت ساخت کا ؛ سخت جلد والا ؛ کڑا ؛ سخت کیا ہوا۔

sclerometer, n.
سختی پیما ؛ سختی ناپنے کا آلہ ؛ کسی مادّے خصوصاً معدنیات میں سے کسی کی سختی کے درجے کا صحت کے ساتھ تعین کرنے کا آلہ۔

scleroprotein, n.
نسیجی لحمیہ ؛ بافتی لحمیہ ؛ ریشے دار لحمیہ ؛ ایک ریشے دار لحمیہ ، جو کسی جانور کے جسم میں ، حفاظتی ، مددگاری رابطگی اور لچکدای کا عمل کرتا ہے۔ دیکھیے : albuminoid

sclerose, v.t.,v.i.
(امراضیات) سخت نسیجی ہونا ؛ سخت بافتہ ہونا ؛ خلیے کا سخت ہونا ؛ خلیے کی سختی پیدا کرنا یا اُس کا سخت ہو جانا ؛ سخت کرنا ؛ تصلُّب ہونا۔

sclerosis, n.
(امراضیات) تصلُّب بافت ؛ نسیج کی سختی ؛ کسی نسیج یا اُس کے حصے کا ، عموماً ریشے دار یا رابطے کی نسیج کے زیادہ بڑھ جانے سے ، سخت اور موٹا ہو جانا ؛ ایک قسم کی بیماری جو اس قسم کی سختی ظاہر کرتی ہے۔ (نباتیات) پودے کی کسی نسیج ، جیسے خلیے کی جلد کا سخت ہو جانا ، لکڑی بن جانے سے۔

sclerotic, a.
(تشریح الاعضا) صلبی ؛ تصلب زدہ ؛ سفیدۂ چشم ؛ صلبیہ کے متعلق (جیسے: The sclerotic coat of the eye) ؛ صلبیہ کی طرح سخت اور پختہ۔ (امراضیات) (نباتیات) نسیج کی سختی یا اُس میں سختی کا اثر لیے ہوئے۔

sclerotium, n.
فطرومہ ؛ صُلبہ ؛ جسم صُلبی ؛ فطر/کھمبی میں غذا کے ذخیرے کا سخت مجتمع حصہ ، جس میں سے ایک عرصے کے جمود کے بعد نئی کونپل پھوٹتی ہے۔

sclerous, a.
(تشریح الاعضا ، حیاتیات) استخوانی ؛ سخت۔

scoff, n.
طعنہ/دھتکار ؛ تضحیک ، تمسخر ، طعن یا حقارت کا اظہار ؛ پھبتی ؛ طنز ؛ حقارت کی چیز۔ (فعل لازم و متعدی) طعنہ زنی کرنا/ہونا ؛ فخریہ ہنسی اُڑانا یا تضحیک کرنا۔

scoffer, n.
طعنہ زن ؛ مضحکہ اڑانے والا۔

scoffingly, adv.
طعنہ زنی سے ؛ از راہِ تضحیک۔

scofflaw, n.
(بول چال) قانون شکن ؛ وہ جو قانون کی توہین یا اُس کی برابر خلاف ورزی کرتا رہا ہے۔

scold, v.t.
جھڑکنا ؛ گُھڑکنا ؛ دھمکانا ؛ بے صبری ، جھنجھلاہٹ یا غصے کی وجہ سے بدمزاجی کے ساتھ نقص نکالنا ؛ ڈانٹنا یا سخت سست کہنا۔ (فعل لازم) نقص نکالنا ؛ تنقید کرنا ؛ تنقیص یا بدکلامی کرنا۔ (اسم) ڈانٹ پھٹکار کرنے والا/والی ، خصوصاً وہ عورت

یا پودے کا قلم/تراشہ جو خاص کر پیوند کاری کے کام آتا ہے ؛ نہال۔

scirefacias, n.
(قانون) پروانۂ تعمیل ؛ ایک پروانہ جو اُس فریق سے ، جس کے خلاف جاری ہوا ہو ، اظہارِ وجوہ طلب کرتا ہے کہ کوئی فیصلہ ، پیٹنٹ نامہ یا اس جیسی چیزیں ، کیوں نہ نافذ ، خارج یا کالعدم کر دی جائیں ؛ اس قسم کی قانونی کارروائی۔

scirrhus, n.
(امراضیات) جرد ، گِلٹی ، سرطانی رسولی ؛ ایک نسبتاً سخت غدود ، یہ بیشتر اوقات ریشے دار نسیج کے انجماد سے بن جاتا ہے اور اکثر سرطانی ہوتا ہے یا بالآخر سرطان پر ختم ہوتا ہے۔

scirrhoid, a.
گلٹی نما ؛ جَردنما۔

scirrhous, a.
سخت ؛ گلٹی دار ؛ گانٹھ دار۔

scissile, a.
کاٹے جانے کے قابل ؛ دوٹکڑے ہونے یا بلادشواری دوبرابر حصوں میں کاٹے جانے کے قابل۔

scission, n.
کاٹ ؛ قطع و بُرید ؛ کاٹنے یا تقسیم کرنے کا عمل ؛ کٹی یا پھٹی ہوئی حالت ؛ تقسیم ؛ علیحدگی۔

scissor, v.t.
کاٹنا ؛ قینچی سے کاٹنا ؛ تراشنا یا چرکا لگانا۔

scissors, n.
قینچی ؛ مقراض ؛ کَترنی ؛ کاٹنے کا اوزار ، دستوں سمیت ایسے دو پھل والا ، جو بیچ میں ڈالی ہوئی کیل پر چلتے ہیں اور اُس چیز کو مخالف سمت سے کاٹتے ہیں جو ان کے درمیان رکھی گئی ہو ، انگریزی میں اکثر اس کو a pair of scissors کہا جاتا ہے۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) کُشتی کا ایک داؤ جو مخالف کی گردن یا کمر پر دو طرف سے پاؤں باندھ کر لگاتے ہیں ؛ کسرت میں قینچی جیسی پاؤں کی حرکت ؛ قینچی داؤ۔

scissors kick, n.
(کھیل) مقراضی ضرب ؛ قینچی ضرب ؛ باری باری اور بازوؤں کی ضرب کی طرح لات مارنے کا انداز جو ایک پہلو پر تیرنے میں ہوتا ہے ، جس میں دونوں پاؤں گھٹنے کے پاس جکڑے ہوئے ایک دوسرے سے علیحدہ ، کُھلے اور پھیلے ہوئے ہوتے ہیں اور تیز تیز زور دار طور پر قینچی کی طرح چلائے جاتے ہیں۔

scissortail, scissor tailed,flycatcher, n.
قینچی دُم ؛ مقراض دُم ؛ جنوبی ریاست ہائے متحدہ امریکا اور میکسیکو کی ایک مکھی پکڑنے والی چڑیا جس کی دم کُھلی قینچی کی طرح دو واضح حصوں میں بٹی ہوئی ہوتی ہے۔

sciuroid, sciurine, a.
(حیوانیات) گلہری نُما ؛ کُترنے والی گلہریوں کے خاندان میں شامل بعض گلہریاں جن میں امریکی مارموت (woodchuck) اور دھاری دار گلہری (chipmunk) بھی آتی ہیں۔ (نباتیات) گلہری کی دم کے مشابہ ، جیسے بعض گھاسوں کی کونپلوں کا گچھا۔

sclaff, v.t., v.i.
(گالف) کُھرچنا ؛ اسکلاف ، جیسے گالف کے بَلّے کے سرے سے زمین کو کُھرچنا (گیند مارنے سے پہلے)۔ (اسم) گالف کی ایک کُھرچیلی ضرب۔ (اسکاٹش) ایک ہلکی ضرب یا طمانچہ۔

sclera, sclerotica, n.
(تشریح الاعضا) صُلبیہ ؛ سفیدہ چشم ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا ریشہ دار ، سفید بیرونی پردہ جو قرنیے کے قریب ہوتا ہے۔

sclerenchyma, n.
(نباتیات) ریشۂ سخت ؛ موٹی جلد کے ریشے دار خلیوں کی بنی ہوئی پودے کی نسیج جو حفاظت اور سہارے کا کام

جو برابر نقص نکالتے رہنے کی عادی ہو ۔

scolding, n. سرزنش ؛ گوش مالی ؛ جھڑکی ؛ تنبیہہ ۔

scolder, n. نکتہ چین ؛ ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا ؛ دریدہ دہن ؛ زبان دراز ؛ منہ پھٹ (عورت) ۔

scolecite, n. اسکولیسِٹ/ آبی سلیکا (سلیکیٹ) ؛ ایک معدنی شے ، کیلسیم اور ایلومینیم کا ایک مرکب آبی سلیکیٹ جو سوئی کی شکل کی قلموں یا تودے کی صورت میں ہوتا ہے ۔

scolex, n. سر کرم ؛ سرکدودانہ ؛ سَرگیندوا ؛ جنینی کیچوا ؛ کدودانہ/کرم کدو کے ایک سرے پر گول سَر جیسا حصہ جوالحاقی عضو کا کام دیتا ہے ؛ کدودانے کا پہل روپ /لاروا ۔

scoliosis, n. (امراضیات) ریڑھ کی خمیدگی خاص کر پہلو کی طرف کی ۔

scoliotic, a. خمیدہ ریڑھ کی ہڈی کا ۔

scollop, n., v.t. دیکھیے : Scallop ۔

scolopendrid, scolopendra, n. کنکھجورا ؛ ہزارپا ؛ کن سلائی ؛ کنکھجوروں کے زمرے کا جس میں بہت سی اقسام کے بڑے اور زہریلے ہزار پا شامل ہیں ۔

scolopendriform, a. کنکجھورا صفت ؛ کنکجھورے سے مشابہ یا اس کی مانند ۔

scolopendrine, a. کنکھجورائی ۔

scombroid, a. اسکامبرنما ؛ ماکریل سے مشابہ ؛ ماکریل خاندان کی یا اس سےمتعلق ؛ اسکرومبی خاندان یا ذیلی شاخ سے تعلق رکھنے والی مچھلی سے متعلق جس میں ماکریل خاندان بھی شامل ہے ۔ (اسم) ماکریل یااسکامبری مچھلی ۔

sconce, n. دیوارگیری ؛ چراغ دان ؛ شمع دان ؛ ایک یا اُس سے زیادہ موم بتیوں یا چراغوں کے لیے آرایشی بریکٹ جو دیوار سے لگی ہو ۔

sconce, n. (قلعہ بندی) چوکی ؛ گڑھیا ؛ گڑھی ؛ کوٹ ؛ کوٹلا ؛ معبر (دریا یا نالے پر)؛ ایکچھوٹا ، علیحدہ سا قلعہ یا مٹی کی گڑھی کسی درے یا دریا پار کرنے کی جگہ کی حفاظت کے لیے ۔ (فعل متعدی) کسی گڑھی کے ذریعے دفاع کرنا ۔

sconce, n. جرمانہ ؛ آکسفورڈ یونیورسٹی کے طالب علموں میں آداب و رسوم کی خلاف ورزی پر ایک جرمانہ ۔ (قدیم) سر یا کھوپڑی ، خاص کر سر کا بالائی حصہ ؛ شعور یا ذہانت ۔ (فعل متعدی) رسوم و آداب کی خلاف ورزی پر جرمانہ کرنا ۔

scone, n. چوکور کیک ؛ گندم کے آٹے کا گول چپٹا کیک ؛ جو کی روٹی یا توے پر پکائی ہوئی ایسی ہی کوئی چیز ؛ ایک چوکور شکل کا ٹکڑا جس میں یہ چیز کاٹی جاتی ہے ۔

scoop, n. کفچہ ؛ کرچھا ؛ ڈوئی ؛ چمچہ ؛ کف گیر ؛ کفگیر جیسا برتن خصوصاً چھوٹا ، گہرا ، چھوٹے بیلچے جیسا، آٹا یا چینی جیسی بُھر بھری چیز کو اُٹھانے کے لیے ؛ ایک چمچے یا کرچھے جیسی شے، نرم خوراک نکالنے یا برتن میں ڈالنے کے لیے (جیسے: an ice-cream scoop)؛ وہ مقدار جو ایسے آلے سے ایک وقت میں اُٹھائی جائے (جیسے: double scoop of icecream) ؛ بڑی بیلچے نما بالٹی جو بھاری تعمیراتی مشین کے ساتھ لگی ہوتی ہے ، کھودنے ، گہرا کرنے اور سڑک بنانے کے لیے مٹی ہٹانے کا کام کرتی ہے ؛ وہ جگہ جو اس وجہ سے کھودی یا گہری کی گئی ہو ؛ اٹھائے جانے والا مواد ؛ اُٹھانے کا عمل ؛ اُٹھانے کی حرکت ۔ (جرّاحی) چمچہ نما اوزار جس سے کسی جوف یا تھیلی سے فاسد مادہ نکالتے ہیں ۔ (عوامی) وہ خبر یا واقعہ جو کوئی اخبار یا ذریعۂ ابلاغ دوسروں سے مقابلتاً پہلے نشر کر دے ؛ خبر رسانی ؛ کسی تازہ معاملے کی خبر یا توضیحی تفصیلات (جیسے: What is the scoop on that deal) ۔ (بول چال) چھپر پھاڑ کر جیسے سٹے میں روپیہ کمایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چمچے سے یا چمچے کی طرح اُٹھانا یا نکالنا ؛ چمچے سے جمع یا اکٹھا کرنا ؛ چمچے سے جمع کرنا یا استعمال کرنا ، عموماً اس موقع پر scoop کے بعد in یا up آتا ہے ؛ چمچے سے کھوکھلا کرنا ۔ (عوامی) خبر دینے میں سبقت یا پہل کرکے دوسرے اخبار سے بازی لے جانا ۔

scooper, n. کف گیر سے نکالنے والا ؛ کھودنے والا ؛ کھوکھلا کرنے والا وغیرہ ۔

scoopful, n. کف گیر بھر ؛ چمچہ بھر ۔

scoot, v.t. (بول چال) تیز رفتاری سے بھیجنا یا ہانکنا ۔ (فعل لازم ، بول چال) تیزی یا پھرتی سے لپکنا ، جانا یا نکل بھاگنا ۔ (اسم) (بول چال) تیزی سے حرکت کرنے کا عمل ؛ تیز رفتار ، پھرتیلی حرکت یا طرز عمل/روش ۔

scooter, n. اسکوٹر ؛ عمودی دستے والی بچوں کی سواری جس کے آگے پیچھے دو پہیوں کے بیچ میں ایک تختہ جڑا ہوتا ہے اور یہ ایک پاؤں تختے پر رکھ کر ، دوسرے پاؤں سے زمین پر دھکا مار کر چلائی جاتی ہے ؛ موٹر اسکوٹر ؛ چپٹے پیندے والی بادبان کشتی جس میں لوہے کے پترے لگے ہوتے ہیں تاکہ جمے ہوئے برف یا پانی پر چل سکے ۔

scop, n. گویّا شاعر ؛ مطرب ؛ قدیم انگریزی ادب کا بھاٹ یا شاعر ۔

scope, n. وُسعت ؛ گُنجایش ؛ موقع ؛ نظر ، پیش منظر ، استعمال ، عمل یا اثر کی حد یا پھیلاؤ (جیسے: a mind of limited scope) ؛ حرکت یا کام کرنے کی جگہ ؛ عمل کرنے کا موقع (جیسے: to give one's fancy full scope) ؛ جگہ کی وسعت ؛ قطعہ یا علاقہ ؛ لمبائی یا ایک طول ۔

scopolamine, n. (کیمیا ، دوا سازی) مسکِّن دوا ؛ ایک قلمی قلی نما جو بادنجانی پودوں کے تنے سے حاصل کی جاتی ہے ، اسے سکون آوری، حقیقت افشانی اور آنکھ کی پتلی پھیلانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ نیز: hyoscine ۔

scopula, n. (حیوانیات) زیرہ برشک ؛ بالوں کا ایک گُچھا جو مکڑی وغیرہ کے پاؤں پر ہوتا ہے ۔

scopulate, a. (حیوانیات) جھاڑو کی شکل کا ؛ برش جیسا ۔

scorbutic, sorbutical, a. اسقربوطی ؛ سکروی ؛ خارشتی ؛ اسقربوط سے متعلقہ یا اُس سے متاثرہ ۔

scorbutically, adv. خارشتی طور سے ۔

scorch, v.t. جلانا/جُھلسانا ؛ سطحی طور پر یا معمولی جلانا ؛ تھوڑا جلانے سے رنگ ، مزے وغیرہ میں فرق آنا ؛ حرارت سے خشک ہونا یا مُرجھانا ؛ سخت سست کہنا ۔ (فعل لازم) جل جانا یا جلا ہوا ہو جانا ۔ (بول چال) تیز رفتاری سے سواری کرنا، جیسے کار میں ۔ (اسم) سوزش ؛ جلن ۔

scorched, a. سوزاں ؛ مرجھایا ہو ؛ جھلسا ہوا ۔

scorched-earth policy, n. زمیں سوز حکمتِ عملی ؛ چڑھائی کرنے والے دشمن کے راستے میں ہر قیمتی چیز جیسے فصل یا عمارتیں جلا کر برباد کر دینے کی فوجی حکمت عملی ۔

scorcher, n. جلانے والا ؛ وہ شخص یا چیز جو جلاتی ہے ۔ (بول چال) سخت گرم دن ؛ کاٹ کرنے یا ڈنک مارنے والی سرزنش/ڈانٹ ۔

scorching, a. جلانے والا ؛ جو جلاتا ہے ؛ جلتا ہوا ؛ مرجھایا ہوا ؛ بہت گرم ؛ طعن آمیز یا جلانے والی (جیسے: a scorching criticism) ۔

scorchingly, adv. جلانے کے انداز میں ۔

score, n. گنتی/شمار ؛ کھرونچا ؛ خط ؛ لکیر ؛ دندانہ ، خانہ ، کٹائی یا خراش ؛ ٹھوکا، نشان یا لکیر ، جیسے لکیر جہاں مقابلہ کرنے والے دوڑ کے آغاز پر کھڑے ہوتے ہیں ؛ دندانہ کاٹ یا حساب کتاب کے لیے بنایا ہوا نشان ؛ دندانہ یا نشان لگا کر رکھی ہوئی ادائیگی کی یادداشت یا حساب ؛ قرض دکھانے والا کوئی حساب ، شکایت یا بغض ؛ بیان ، وجہ ، پس منظر یا محرّک ؛ کسی کھیل یا مقابلے میں مقابلہ کرنے والے کے بنائے ہوئے نمبروں کا حساب؛ کُل نمبروں کا میزان جو ایک جماعت یا فرد نے مقابلے میں حاصل کیے ہوں ؛ ایک یا زیادہ نمبر بنانا ؛ کسی امتحان یا جانچ میں حاصل کردہ درجہ یا مرتبہ ؛ بیس کا ایک مجموعہ یا کوڑی ۔ (جمع) ایک غیر معین بڑی تعداد ۔ (موسیقی) وہ لکھی یا چھپی ہوئی موسیقی جس میں ہر آواز اور ساز کے حصے ایک دوسرے کے نیچے نشان کے ساتھ مرتب ہوں ؛ ایک خاص آواز یا ساز کے لیے لکھی یا چھپی ہوئی مربوط ترتیب میں موسیقی ۔ (فعل متعدی و لازم) دندانے یا نشان بنانا ؛ کھڑے خط یا لکیریں بنانا ؛ خط پھیر کر تنسیخ کرنا ؛ شدید تنقیص کرنا ؛ کاٹ یا نشان لگا کر نمبر یا گنتی درج کرنا ؛ کھرونچ یا نشان لگا کر اندراج کرنا ؛ معاف کرنا جیسے قرض ؛ قرض دار کا اندراج کرنا ؛ کھیل میں اپنے نمبروں میں اضافہ حاصل کرنا ؛ نمبر بنانا ؛ فائدہ یا کامیابی حاصل کرنا ؛ درجہ یا قدر و قیمت لگانا ، جیسے کسی امتحان یا آزمائش میں ۔ (طبّاخی) گوشت یا مچھلی کے قتلے بنانا ۔ (موسیقی) سُرتال تحریر کرنا ؛ سنگتی موسیقی ترتیب دینا ؛ کسی چیز پر دندانے ، کاٹ/نشان یا لکیریں بنانا ؛ کسی کھیل میں ہار جیت کے نمبروں کی گنتی رکھنا ؛ کسی مقابلے یا کھیل میں ایک یا زیادہ نمبر بنانا ؛ کوئی فائدہ حاصل کرنا ؛ کوئی کامیابی حاصل کرنا ۔

know the score, (عوامی) اپنے احوال یا کوائف کے حقائق یا اصل واقعات سے پوری آگاہی ہونا ۔

scoreless, a. بلا نمبر ؛ بلا نشان ۔

scorer, n. نشان لگانے والا ؛ نمبر درج کرنے والا ؛ حساب رکھنے والا ؛ درج رجسٹر کرنے والا ۔ (کرکٹ) دوڑیں بنانے والا ۔

scoreboard, n. نمبر تختہ ؛ اسکوربورڈ ؛ کھیل کے میدان یا کھیل کی دوسری جگہ پر ایک بڑا نمایشی تختہ ، جس پر کھیل یا دوسرے مقابلوں میں حاصل کردہ نمبر اور دیگر کوائف کا اندراج کیا جاتا ہے ۔

scorecard, n. نمبروں کا کارڈ ؛ وہ کارڈ جس پر کسی کھیل یا مقابلے کی رفتار/روش کا اندراج کرتے ہیں ؛ ایک کھیل کا کارڈ جس پر کھلاڑیوں کے نمبر، نام اور کھیل میں اُن کی جگہ یا حیثیت درج ہوتی ہے ۔

scorekeeper, n. نمبر لکھنے والا ؛ ایک اہل کار جو کسی کھیل کے مقابلے یا کھیل میں نمبروں کا حساب رکھتا ہے ۔

scoria, n. کِیٹ ، دھاتی میل کچیل ؛ گند ؛ میل یا گندگی جو دھات کو پگھلانے یا سوذھنے کے بعد رہ جاتی ہے ؛ لاوے میں کِھنگر جیسا مادہ ۔

scoriaceous, a. کِیٹ یا کھنگر جیسا ۔

scorification, n. تپاؤ ؛ تفال سازی ؛ کیٹ کاری ؛ وہ عمل یا طریق کار جس سے کچے سونے یا چاندی کی سیسے اور سہاگے کے ساتھ آمیزش کی جاتی ہے تاکہ میل یا فضلہ الگ ہو جائے اور ایک سیسے کا ڈلہ بن جائے جس میں چاندی اور سونا ہوتا ہے ؛ سیسے کا ڈلہ جو اس طرح خالص کرنے کے عمل سے حاصل ہوتا ہے ۔

scorify, v.t. تاپنا ؛ تاؤ دینا ؛ صاف کرنا ۔

scorn, n. توہین ؛ تحقیر ؛ استہزا ؛ کسی کی ، کسی چیز یا شخص کی کمینگی یا بے مائیگی/نااہلیت کے بارے میں رائے رکھنے کی وجہ سے اُس کی شدید اور کُھلی توہین ؛ اِس جذبے کا اظہار ؛ احساسِ حقارت کا موضوع یا ہدف ۔ (فعل متعدی) کسی سے حقارت کا عمل کرنا یا جذبہ رکھنا ؛ استہزا یا حقارت سے مسترد کر دینا ۔

laugh to scorn, ہنسی اُڑانا ، کسی کی تضحیک کرنا ۔

scorner, n. تحقیر کرنے والا ۔

scornful, a. حقارت آمیز ۔

scornfully, scorningly, adv. تحقیر سے ، حقارت آمیز انداز سے ۔

scornfulness, n. حقارت ، تحقیر ۔

scorpaenid, n., a. عقربی مچھلی ؛ ایک بڑے ہی تیز دانتوں والی مچھلی جس کی ڈھیلی ڈھالی لہر دار جلد اسے چٹانوں اور سمندری خس میں چھپ جانے میں مدد دیتی ہے ۔

scorpaenoid, n., a. عقرب نما ۔

Scorpio, n. (فلکیات) عقرب ؛ بچھو ؛ برشچک ؛ برچھک ، راس منڈل کا آٹھواں بُرج ۔ دیکھیے : Scorpius ۔

scorpioid, a. عقرب نما ؛ بچھو جیسا ؛ آخر میں بچھو کی دم کی طرح خم دار یا مڑا ہوا ۔

scorpion, n. عقرب ؛ بچھو ؛ کژدُم ؛ عقربی زمرے کا جانور جس کے دو بڑے چبھنے والے چنگل سے ہوتے ہیں اور ایک لمبی جوڑ دار مڑی ہوئی دم جو ایک زہریلے ڈنک پر ختم ہوتی ہے ۔ (بائبل) ایک قسم کا درد انگیز تازیانہ یا کوڑا ۔ (فلکیات) عقرب نما ستاروں کا جمگھٹا ؛ برج عقرب ۔

scorpionic, a. عقربی ۔

scorpionfish, n. عقرب بحری ؛ بچھو مچھلی ؛ ایک سمندری مچھلی خاص کر عقربینہ جنس کی ، جس کے زہریلے خار اس کے ظہری بازو پر ہوتے ہیں ۔

scorpionfly, n. بچھو مکّھی ؛ ایک کیڑا جس کے نر کی بچھو جیسی مڑی ہوئی دم ہوتی ہے ۔

scorpius, (فلکیات) عقرب ؛ برچھک ؛ ایک مجموعۂ نجوم ، جو بچھو جیسا نظر آتا ہے ، اس کا سب سے چمکدار ستارہ انتارس ہے ۔ دیکھیے : Scorpio ۔

scot, n.
محصول ؛ کسی رقم یا محصول کی ادائیگی ؛ کوئی ٹیکس،اس کا تعین یا قسط ۔

Scot, n.
اسکاٹ ؛اسکاٹ لینڈ کا باشندہ ؛ قدیم گالک پہاڑی علاقے کا رہنے والا ۔

scot and lot, n.
بلدیاتی ٹیکس ۔ (برطانوی) کبھی اس سے وہ بلدیاتی ٹیکس مراد تھا جو شہریوں پر متناسب انداز سے لگایا جاتا تھا ۔

pay scot and lot
پوری ادائیگی کرنا ۔

Scotch, a.
اسکاٹستانی ؛اسکاچ ؛اسکاٹ لینڈ کا ، اسکاٹ ، اسکاتستان یا وہاں بولی جانی والی انگریزی کی مقامی شاخ کے متعلق ۔ (بول چال) جُز رس یا بخیل ۔ (اسم)اسکاچ وھسکی ؛ اجتماعی طور پر اسکاٹ لینڈ کے لوگ ؛اسکاٹ لوگوں کی بولی ۔

scotch, v.t.
کاٹنا ، زخم لگانا یا نشان ڈالنا ، معذور کرنے یا بے ضرر بنانے کے لیے ؛ زخمی کرنا ، ضرب لگانا یا نقصان پہنچانا ، جیسے کسی خطرناک چیز کو دبانا ، کُچلنا یا ختم کر دینا ۔ (اسم) چرکا یا گھاؤ ۔

scotch, n.
روک؛ کُندا ؛ پچر؛ایک روک یا پچر، جو پہیے یا پیپے کے نیچے اسے حرکت کرنے یا پھسلنے سے روکنے کے لیے رکھی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) روکنا یا کندے کے ذریعے اونچا کرنا ، جیسے کسی پہیے کو ۔

Scotch broth, n.
اسکاچ یخنی ؛ گوشت ، سبزی اور جَو کی یخنی/شوربہ ۔

Scotch-Irish, a.
اسکاچ آئرش ؛ شمالی آئرلینڈ میں جا بسنے والے اُن اسکاچ کے متعلق جو بعد میں ریاستہائے متحدہ امریکا میں چلے گئے(لیکن ۱۸۴۶ء کے غذائی قحط سے قبل یا اُن لوگوں کے اخلاف)۔ (اسم) وہ جس کے اجداداسکاچ تھے یا آئر لینڈی ۔

Scotch-man, n.
اسکاچ ؛ اسکاٹی ۔

Scotch tape, n.
اسکاچ ٹیپ ؛ چپکنا فیتہ ؛ پتلی لپٹی ہوئی شفاف یا دُھندلی چپکنی ٹیپ جو سیلولوس یا سلوفین سے بنی ہوتی ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

Scotch terrier, n.
اسکاچ ٹیرئر کُتا ۔

Scotch whisky, n.
اسکاچ وھسکی ؛ شعیر کردہ جَو سے بننے والی وھسکی جس کی اسکاٹ لینڈ میں کشید کی جاتی ہے ۔

Scotch wood cock, n.
توس پر تلے ہوئے انڈے جس پر مچھلی کی چٹنی ڈالی گئی ہو ۔

scoter, coot scooter, n.
ان بڑی مرغابیوں میں سے کوئی ایک جو شمالی امریکی علاقوں اور بحیروں میں عام ہیں ۔

scot-free, a.
بلامحصول ؛ بلاسزا ؛ محصول کی ادائیگی سے مثتنی ۔

scotia, n.
اسکا شا ؛ قدیم کلاسیکی عمارتوں کے ستونوں کی کرسی کا کھانچے دار حاشیہ ۔

Scotism, n.
مذہبی متکلّم جونز ڈنزاسکوٹس (۱۲۶۵ء — ۱۳۰۸ء) کے نظریات ؛اسکاٹ ازم یا نظریۂ اسکاٹ ۔

Scotist, n.
نظریۂ اسکاٹ کا معتقد ۔

Scotistic, a.
نظریۂ اسکاٹ کے متعلق ۔

Scotland Yard, n.
اسکاٹ لینڈ یارڈ ؛ شہر لندن کا پولیس ہیڈ کوارٹر ؛ ۱۸۹۰ء تک یہ ہیڈ کوارٹر چونکہ اسی نام کی گلی میں رہا اسی لیے یوں موسوم ہوا ؛ اس سے وہ گلی بھی مراد ہے ؛نیز لندن پولیس اور بالخصوص اس کا شعبۂ سراغ رسانی ۔

scotoma, n.
(امراضیات) بصری تیرگی ؛ تیرگیٔ چشم ؛ دائرۂ بصارت میں رقبۂ تیرگی ۔

scotomatous, a.
بصری تیرگی کا ؛ تیرگیٔ چشم کا ۔

Scots, a.
اسکاچ ؛اسکاٹی ۔ (اسم) وہ بولی جو اسکاٹستان میں بولی جاتی ہے ۔

Scotsman, Scotchman, n.
اسکاٹ لینڈ کا باشندہ ۔

Scotticism, n.
اسکاٹی محاورہ ، بالخصوص لہجہ،معیاری انگریزی کے مقابلے میں ؛اسکاٹ لینڈ یااسکاٹیوں کے ساتھ وفاداری ۔

scottie, n.
(عموماً بڑے S سے) اسکاٹی ٹیریئر کتا ۔ (بڑے S سے)اسکاٹ لینڈ کا باشندہ ۔

Scottish, Scots, a.
اسکاٹ لینڈ یا اس کے باشندوں سے یا زبان سے مخصوص یا متعلق ؛ اسکاٹ لینڈ کا ۔ (اسم) اسکاٹی بولی ، اسکاچ ۔

Scottish Gaelic, n.
اسکاٹی گائل ؛اسکاٹ لینڈ کی سطح مرتفع میں بولی جانے والی گائل بولی ۔

Scottish rite, n.
میسن برادری میں بلندی درجات کا وہ نظام جس کے ذریعے کوئی رُکن بنیادی تین درجوں سے ترقی کرکے تینتیسویں درجے یا اعزازی درجے تک پہنچ سکتا ہے ؛ اس نظام میں زیر عمل آداب و رسوم ۔

Scottish terrier, Scotch terrier, Scottie, Scotty, n.
اسکاٹی ٹیریئر ایک چھوٹی نسل کا سخت بالوں، کھڑے کانوں اور چھوٹی چھوٹی ٹانگوں والا کُتا جو اصلاًاسکاٹ لینڈ سے تعلق رکھتا ہے ۔

scoundrel, n.
لُچّا ؛ غُنڈا ؛ شہدا؛ بد ذات ؛ پاجی ؛ کمینہ ؛ کم اصل ؛ بدمعاش ؛ بے وصف اور بے آبرو شخص ۔ (صفت) بدمعاشی کے خصائص رکھنے والا ؛ کم اصل ؛ بے اصولا ۔

scoundrelly, adv.
بدمعاشی ؛ بدذاتی یا لُچے پن سے ۔

scour, v.t.
برتن وغیرہ کو ہاتھ یا کسی شے سے مانجھنا ، صاف کرنا یا چمکانا (جیسے : to scour pots and pans) ؛ گرد یا چکنائی کو مل کر یا صفائی کے کسی طریقے سے دور کرنا (جیسے: to scour soiled clothing) ؛ نالی یا بدرو کی گندگی کو صاف کرنا یا بے آلود کرنا ؛ کسی جانور کو جلاّب دے کر اس کی انتڑیاں صاف کرنا ؛ چھٹکارا پانا ؛ کسی چیز کو ہٹانا جیسے صفائی سے ہٹاتے ہیں ۔ (فعل لازم) صفائی یا چمک کے لیے کسی سطح کو مَلنا ، رگڑنا یا رگڑ کر یا صفائی کے کسی طریقے سے گرد یا چکنائی کو دور کرنا ؛ چمک دمک پیدا ہو جانا جیسے رگڑنے سے ہوتی ہے ۔ (اسم) رگڑائی ؛ منجھائی ؛ ملائی ؛ کسی رکاوٹ کو دور کرنے کے لیے پانی کا تیز دھاری عمل ؛ ایسی صاف کی گئی جگہ ؛ صفائی کا آلہ یا صاف کرنے کا سازوسامان۔ (جمع لیکن ترکیب میں واحد یا جمع) اسہال ؛ ایک قسم کا اِسہال مویشیاں ۔

scourer, n.
صفائی کرنے والا ۔

scour, v.i.
تیز تیز پُھرتی کے ساتھ چلنا ؛ چکر کاٹنا جیسے کسی چیز کی تلاش میں ۔ (فعل متعدی) کسی چیز پر سے تیزی سے دوڑ کر گزر جانا یا اس کے ساتھ ساتھ چلنا؛ کسی چیز کی تلاش میں ادھر اُدھر چکّر کاٹنا۔

scourer, n. متلاشی ۔

scourge, n. چابک ؛ دُرّہ ؛ تازیانہ ؛ کوڑا یا اسی قسم کی کوئی اور شے سزا یا اذیت دینے کے لیے ؛ سزا ؛ انتقامی کارروائی ؛ عالم گیر عقوبت یا تباہی لانے والا/والی (جیسے: Disease is a scourge of humanity) ۔ (فعل متعدی) کوڑے لگانا ؛ تازیانہ زنی کرنا ؛ اصلاح کی غرض سے سزا دینا ؛ بہت اذیت دینا ؛ طنز کا ہدف بنانا ۔

scourger, n. سزا دینے والا ۔

scouring rush, n. (نباتیات) اسپ دُم بُوٹی ؛ ایک پودا جس کی شکل گھوڑے کی دُم کی سی ہوتی ہے جسے چمکانے اور پالش کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

scourings, n. اناج کچرا ؛ پسوانے سے پہلے صاف کرنے سے اناج میں سے نکلنے والی مٹی اور کچرا ۔

scouse, n. دیکھیے : Lobscouse ۔

scout, n. اسکاؤٹ ؛ جاسوس ؛ مخبر ، خبر رساں ؛ بھیدی؛ طلایہ ؛ وہ جو خبر حاصل کرنے اور لانے کے لیے بھیجا جائے؛ قراولی ؛ بوائے اسکاوٹ ؛ گرل اسکاوٹ ۔ (کھیل) وہ شخص جسے اس مقصد کے لیے بھیجا گیا ہو کہ وہ ٹیم کے لیے نئے جوہروں کی تلاش کرے اور ان کا پتا لگائے ۔ (عوامی) دوست ، شخص یا فرد ۔ (فعل لازم و متعدی) مخبری یا جاسوسی کرنا ؛ قراولی کرنا ؛ مشاہدہ کرنا یا کڑی نگاہ رکھنا ۔

scout, v.t., v.i. نفرت اور حقارت سے پیش آنا یا ٹھکرا دینا ۔

scout car, n. وہ بکتر بند موٹر جسے قراولی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

scoutcraft, n. اسکاؤٹی ؛ اسکاؤٹی میں کام آنے والی مہارت جیسی کہ گرل اسکاؤٹوں یا بوائے اسکاؤٹوں کے لیے ضروری ہوتی ہے ۔

scouter, n. اسکاؤٹ یا قراول ؛ کم سے کم اٹھارہ سال کا اسکاؤٹ لڑکا ۔

scouting, n. اسکاؤٹی ؛ اسکاؤٹ کی سرگرمیاں (بالخصوص امریکی اسکاؤٹ لڑکے لڑکیوں کی)۔

scoutmaster, n. اسکاؤٹ ماسٹر ؛ کسی اسکاؤٹ دستے کا ذمہ دار لیڈر یا افسر ؛ اسکاؤٹ لڑکوں کے گروہ کا بالغ سرخیل۔

scow, n. گشتی کشتی ؛ ایک بڑے سے چپٹے پیندے والی کشتی جسے خاص طور پر بارجہ یا گشتی آمدورفت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (فعل متعدی) گشتی کشتی سے لانا ، لے جانا۔

scowman, n. گشتی کِشتی چلانے والا ۔

scowl, v.i. تیوری چڑھانا ؛ ابروں پر بل ڈالنا (اظہار ناپسندیدگی میں) ؛ غصے ، دھمکانے یا خشم گینی کے عالم میں ہونا ۔ (فعل متعدی) غصے یا بدمزاجی کا اظہار کرنا ۔ (اسم) قہر آلود نگاہ ۔

scowler, n. تیوری چڑھانے والا ۔

scrabble, v.i., v.t. ہاتھوں ، پنجوں یا چنگلوں سے ادھر اُدھر کُھرچنا ، کریدنا ، کشمکش کرنا ؛ پیٹ کے بل چڑھنا/چلنا؛ آڑھی ٹیڑھی لکیریں کھینچنا ؛ ہاتھ پاؤں مارنا ؛ اُلٹے سیدھے نشانات لگانا ؛ گھسیٹ لکھنا ، جلدی جلدی یکجا کرنا ؛ شکستہ نویسی کرنا ؛ بدخطی سے لکھنا ۔ (اسم) کھرچن ؛ کرید؛ چنگل زنی ؛ شکستہ خط ؛ دوڑ دھوپ یا جدوجہد ۔

scrabbler, n. شکستہ نویس ۔

scrag, n. کوئی دُبلی پتلی ، مریل یا سوکھی ہوئی شے جیسے انسان ، جانور یا پودا ؛ مریل سا جانور ؛ گردن کا نرم گوشت ۔ (عوامی) انسان کی گردن ۔ (فعل متعدی) گردن دبانا ، مروڑنا یا گلا گھونٹنا ؛ گردن سے لٹکا دینا ۔

scraggly, a. کٹا پھٹا ؛ کھردرا ؛ پارہ پارہ ؛ باش باش ؛ لٹکے ہوئے دھاگوں یا رسیوں والا ؛ آشفتہ حال یا پریشان مُو ۔

scraggy, a. دُبلا پتلا ؛ مریل ؛ کُھردرا ؛ بے قاعدہ ؛ بڈی ہی بڈی ؛ گوشہ دار ۔

scraggily, adv. بے قاعدگی سے ۔

scragginess, n. مریل پن ؛ بے قاعدگی ۔

scram, v.i. فوراً چل دینا ؛ جلدی چلے جانا ۔

scramble, v.i., v.t. ہاتھ پاؤں کے سہارے جلدی سے چلنا یا چڑھنا ؛ جھپٹنا یا دوسروں سے پہلے حاصل کرنے کے لیے جدوجہد کرنا ؛ عجلت سے لیکن بھونڈے طریقے سے حرکت میں آنا ۔ (عسکری) دشمن کے طیارے کی بٹ ماری کے لیے پرواز کرنے میں عجلت دکھانا ؛ پھینکنا یا باہم ملا دینا ؛ خلل ڈالنا یا خلط ملط کر دینا (جیسے : to scramble the letters in a word)؛ کھلبلی میں اکٹھے یا یکجا کرنا ؛ ہلانا اور باہم ملانا (عموماً دودھ کے ساتھ اور پکانے سے پہلے یا پکانے کے دوران ، جیسے: to scramble eggs) ؛ راہ میں روک لینے کے اندیشے سے بچنے کے لیے بڑے ڈھب سے تبدیلی کرنا (جیسے to scramble a radio message) ۔ (عسکری) زُود پروازی کے لیے اُکسانا (جیسے:to scramble an interceptor aircraft squadron) ۔

scrambler, a. ہاتھ پاؤں مارنے والا ؛ جدوجہد کرنے والا ۔

scrambling, n. جِدوجہد ؛عجلتی پرواز ۔

scrannel, a. نحیف ؛دُبلا؛ کمزور ؛ بے سُرا (بے آہنگ) ؛ غیر سُریلا ۔

scrap, n. پس ماند ؛ ریزہ ؛ پارچہ ؛ ٹکڑا ؛ بُھگڑی ؛ چھیلن ؛ کترن ؛ ردی ؛ کھرچن ؛ ایک چھوٹا سا ٹکڑا یا ریزہ ؛ بچے کچھے کھانے کا کوئی حصہ یا ریزہ ؛ پگھلی ہوئی چربی کے کُرکُرے ٹکڑے ؛ کسی مطبوعہ یا تحریر شدہ مواد کی کاٹ جیسے اخباری تراشہ ؛ وہ سامان جسے بنانے اور برتنے کے بعد ردی گردان دیا گیا ہو اور اب وہ صرف بازکاری ہی میں برتا جا سکتا ہو (جیسے: scraps of iron) ؛ کسی چیز کو بنانے یا عمل کاری کے بعد بچی کھچی فالتو شے ۔ (فعل متعدی) پس ماند بنا چھوڑنا ؛ ردی ٹھہرا دینا ۔ (صفت) ردی ؛ ناکارہ ٹکڑوں کو ملا کر بنایا ہوا ۔

scrap, n. (بول چال) لڑائی ؛ کھینچا تانی ؛ جھگڑا ؛ کش مکش ؛ جھڑپ ؛ جھنجھٹ ۔ (فعل لازم) (بول چال) اُلجھ پڑنا ؛ لڑ پڑنا ۔

scrapper, n. لڑنے یا جھگڑنے والا ؛ لڑاکا ؛ جھگڑالو ۔

scrapbook, n. مرقع اقتباسات ؛ بیاض ؛ تراشوں کا مجموعہ ؛ تراشوں ، کندہ کاریوں ، دعوت ناموں جیسی یادگار اشیا یا دوسری کتابوں کے اقتباسات کو محفوظ رکھنے والی کتاب ؛ مرقّع ؛ البم ۔

scrape, v.t. کُھرچنا ؛کسی تیز اور سیدھی دھار یا رگڑ دار شے کو (کسی سطح پر) اس طرح کھینچنا ، گھسیٹنا یا دھکیلنا کہ اس سے سطح کا یا اس سے پیوستہ پرت برابر ، کھردرا یا علیحدہ ہو جائے ؛ اس طرح سطح سے ہٹانا ؛ کسی شے پر یا اس کے سامنے گھسنا ، ریتنا یا کھرونچا لگانا ؛ کسی سطح پر سے دباؤ یا سختی کے ساتھ اس طرح ہٹانا یا گھسیٹنا کہ وہ خراب ، داغ دار یا نشان زدہ ہو جائے ؛ تراشے وغیرہ جمع یا اکٹھا کرنا یا ترتیب دینا جسے بڑی دشواری سے یا مناسب موقع و محل کے لحاظ سے کیا گیا ہو ، ایسی صورت میں لفظ کے ساتھ عموماً together لگاتے ہیں ۔ (فعل لازم) کرخت اور ناگوار آواز پیدا کرنے کے لیے کسی شے کو کُھرچنا یا رگڑنا ؛ جھک کر آداب بجا لانے کے لیے ایک پاؤں پیچھے گھسیٹ لینا ؛ کافی جدوجہد کے بعد مشکل سے کامیاب ہونا ؛ بہت زیادہ جز رس ہونا ۔ (اسم) کُھرچنے ، رگڑنے یا گھسیٹنے کا عمل ، طریقۂ عمل یا نتیجہ ؛ گھسائی ، رگڑائی یا منجھائی کی کٹیلی آواز ؛ آداب بجا لانے میں پیر پیچھے گھسیٹنے کا عمل ؛ دشوار اور غیر سکون بخش حالت ؛ جھگڑا ۔

scrapable, a. رگڑنے ، گھسیٹنے ، ریتنے ، پیسنے اور چھیلنے کے لائق ۔

scrapeage, n. چھیلن ، کترن ، کُھرچن ۔

scraper, n. رگڑنے ، چھیلنے ، مانجھنے والا ؛ کھرچنی ؛ جُزرس ۔

scrap heap, n. ناکارہ اشیا کا ڈھیر ، بالخصوص لوہے کے وہ ناکارہ اور بیکار ٹکڑے جن کو دوبارہ ڈھلائی اور قابل استعمال بنانے کے لیے رکھا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) ردی کے ڈھیر میں پھینکنا ؛ ردی اور بیکار سمجھ کر الگ کر دینا ۔

scrapper, n. (بول چال) کُھرچیا ؛ لڑاکا ؛ جدال پسند ؛ جدالی ۔

scrapple, n. خنزیر کے قیمے ، سبزیوں ، رئی اور دوسرے آٹے کے ساتھ توسوں پر تلی ہوئی سموسہ نما چیز ۔

scrappy, a. ٹکڑوں کی شکل میں پارہ پارہ ؛ ایک دوسرے سے الگ الگ ؛ ٹکڑوں پر مشتمل ۔

scrappily, adv. بے کار طور پر ۔

scrappiness, n. بے جوڑ پن ۔

scrappy, a. (بول چال) تکرار پر مائل ؛ الجھنے کا عادی ؛ مقابلہ پسند ؛ لڑاکا ۔

scrappily, adv. کج بحث طور پر ۔

scrappiness, n. کج بحثی ۔

scratch, v.t. کھرچنا ؛ کسی تیز دھار یا کھردری شے کے ساتھ کسی سطح کو رگڑنا ، پھاڑنا یا نشان زدہ کرنا ؛ کھرچنے ، کریدنے یا کسی اور ایسے طریقے سے کھودنا یا چھیلنا ؛ خارش کو سکون دینے کے لیے ناخنوں یا پنجے سے کُھجانا ؛ کسی کُھردری ، رگڑ دار سطح پر کسی شے کو ملنا یا گھسیٹنا ؛ خط تنسیخ یا لکیر کھینچ کر کسی لکھی ہوئی عبارت کو کاٹنا یا رد کرنا ؛ گُھڑ دوڑ یا کسی اور مقابلے میں سے اپنا نام واپس لے لینا ؛ کسی سیاسی ٹکٹ کے امیدواروں میں سے کسی ایک کا نام کاٹ دینا اور باقی ناموں کی منظوری دے دینا ؛ قلم برداشتہ لکھنا ؛ گھسیٹ مارنا یا سرسری سا لکھنا (جیسے : to scratch a note) ۔ (فعل لازم) ناخنوں یا پنجے سے کام لے کر کُریدنا ، پھاڑنا ، کُھرچنا یا خارش والی جگہ کو کھجانا ؛ کرکراہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ مقابلے سے الگ ہو جانا ؛ کوشش کرکے بمشکل کامیاب ہونا ۔ (کھیل) کھیل میں کوئی نمبر نہ جیت سکنا ۔ (بلیئرڈ) کسی کے خلاف تاوانی ضرب کا فیصلہ دینا ۔ (اسم) خراش ؛ کھرونچ ؛ کھرونچا ؛ ہلکا سا زخم یا نشان جو کُھرچنے سے پڑ جائے ؛ کھرچنے کا عمل یا اس سے پیدا ہونے والی آواز ۔ (کھیل) وہ جگہ ، وقت یا حالت جس میں یا جہاں سے بلا رعایت دوڑ کا آغاز کیا جاتا ہے ۔ (بلیئرڈ) وہ باری ، جس پر تاوان لگ جاتا ہے یا اتفاقاً لگ جانے والی اچھی ضرب ۔ (کھیل) بلا نمبر ؛ صفر ۔ (صفت) ابتدائی خاکے بنانے ، مشق کرنے یا اہم نکات کو قلم بند کرنے کے لیے (جیسے : a scratch pad of paper) ؛ بلامنصوبہ ؛ اتفاقیہ ، تقدیری یا جیسے کمیٹی کا افراتفری میں یا ہنگامی طور پر بلایا گیا اجلاس ۔ (کھیل) کھیل میں کسی کو کوئی رعایت دیے بغیر شامل کیا گیا ۔

start from scratch, ابتدا سے شروع کرنا ؛ تہی دستی سے آغاز کرنا ۔

scratchable, a. رگڑنے ، گھسنے ، کھجانے ، کھرچنے کے قابل ؛ نام نکالے جانے کے قابل ۔

scratcher, n. خراشی ؛ کھرونچا لگانے والا ؛شکستہ نویس ؛ جز رس ۔

scratchless, a. بلا خراش ۔

scratchlike, خراش یا کھرونچ کی طرح ۔

scratch hit, n. (بیس بال) بالکل ٹھیک نہ لگائی ہوئی ضرب ، تاہم فائدہ دینے والی ضرب ۔

scratch line, n. (کھیل) خطِ آغاز ؛ وہ خط جو مختلف کھیلوں کے مقابلوں مثلاً گھڑ دوڑ ، چھلانگ لگانے یا نیزہ پھینکنے میں نقطۂ آغاز ہوتا ہے یا اُن کی آخری حد کی نشان دہی کرتا ہے ۔

scratch paper, n. خردہ نویسی کا کاغذ ؛ پرچی ؛ وہ کاغذ جو یادداشتیں ، خیالات یا سرسری باتیں لکھنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

scratch sheet, n. کوائف نامہ ؛ وہ مطبوعہ اندراجیہ جس میں گھڑ دوڑ کی خارج شدہ دوڑوں کے نام اور ہر دوڑ میں شامل ہونے والے گھوڑوں پر لگائی ہوئی شرطوں کا اندراج ہوتا ہے ۔

scratch test, n. (امراضیات) خراشی جانچ ؛ الرجی کی اثر پذیری کو جانچنے کا ایک طریقہ جس میں جلد پر خراش پیدا کرکے اس میں الرجی پیدا کرنے والا مواد داخل کرکے ردّعمل کو جانچنے اور سمجھنے کی کوشش کی جاتی ہے ، بعد میں یہ حصہ متورم ہو جاتا ہے ۔

scratchy, a. کرخت سی رگڑ کی آواز پیدا کرنے والا (والی) ؛ کھرونچ لگا ہوا یا کھرونچوں پر مشتمل (جیسے :a scratchy desk) ؛ خارش یا کھجلاہٹ پیدا کرنے والی (جیسے : a scratchy woolen shirt,) ؛ کھردرا ؛ کٹا پھٹا ؛ خراش پیدا کرنے والا (جیسے:scratchy rosethorns) ۔

scratchily, adv. خراش زدہ طریقے سے ۔

scratchiness, n. رگڑ ؛ خارش ؛ کُھجلی ؛ کھرونچ ۔

scrawl, v.t., v.i. بد خط لکھنا ؛ گھسیٹنا ؛ گھسیٹ لکھنا ؛ عجلت نویسی کرنا ؛ بھونڈے طریقے سے خاکہ کشی کرنا؛ نشان لگانا ؛ شکستہ لکھنا؛ جلدی جلدی اور لاپروائی سے لکھنا ۔ (اسم) عجلتی یا بدخط تحریر یا اس کا نمونہ ؛ شکستہ خط ۔

scrawler, n. بد خط ؛ شکستہ نویس ۔

scrawly, a. بے احتیاطی سے لکھا ہوا ؛ اُلٹا سیدھا لکھا ہوا ۔

scrawny, a. دُبلا ؛ لاغر ؛ ہڈیوں کا ڈھانچا ؛ مشتِ استخواں ؛ سُوکھا ؛ مریل ؛ ہڈی چمڑا ؛ ہڈیوں کی مالا ۔

scrawniness, n. دبلا پن ؛ لاغری ۔

screak, v.i. چیخ اٹھنا ؛ چلا اٹھنا ؛ چرچوں کرنا ۔ (اسم) چیخ پُکار ۔

screakly, چیخ پکار سے ؛ چیخ چلاہٹ سے ۔

scream, v.i. چیخنا ؛ اونچی تیز آواز سے ساتھ بولنا (جیسے : to scream at a person) ؛ ہنستے ہنستے بے دم ہو جانا ؛ خوف یا شدید تکلیف میں اچانک چلاّ اٹھنا ؛ چونک جانا یا دَم بخود ہو جانا ، کسی کان پھاڑ شور سے یا کسی زیادہ چمکدار رنگ سے ؛ تیز کان پھاڑ آواز نکالنا (جیسے : The jets screamed overhead) ۔ (فعل متعدی) اونچی کٹیلی آواز میں کہنا ؛ چیخنا ۔ (اسم) چیخ ؛ تیز اور کانوں میں گُھس جانے والی چلاّہٹ ؛ تیز کرخت آواز ۔

screamer, n. چھکا ، چیخ مار پرندوں میں سے کوئی ایک ۔ (عوامی) وہ بات یا حرکت یا شخص جس پر قہقہہ لگانے کو جی چاہے ۔ (صحافت) اخبار کی کوئی چونکا دینے والی سُرخی ۔

screamingly, adv. حیرت انگیز حد تک ؛ غیر معمولی طور سے (جیسے: screamingly funny) ۔

screaming, a., n. چیخ پکار کرنے والا ؛ قہقہہ انگیز ۔

scree, n. دیکھیے : talus ۔

screech, v.i,v.t. تیز کٹیلی آواز کے ساتھ چلاّنا ؛ چیخنا ، چنگھاڑنا ؛ چیخ کے ساتھ (آواز) خارج کرنا ۔ (اسم) چیخ ؛ چلاّہٹ ؛ کان کھاتا شور ۔

screecher, n. چنگھاڑنے والا ۔

screed, n. گول مول سا بیان ؛ شکایت آمیز ، طوفانی تقریر یا خطاب ؛ پلستر کی یا اس جیسی وہ پٹّی جو کسی زیر تعمیر جگہ پر اس لیے رکھی گئی ہوتی ہے کہ مطلوبہ دبازت کا اندازہ رہے ؛بتا ۔

screen, n. پردہ ؛ آڑ ؛ ٹٹی ؛ چق ؛ چلمن ، اوٹ ؛ قنات ؛ جھانپ ؛ دھوپ، بارش ، سردی ، گرمی کو اندر آنے سے یا کسی چیز کو دوسروں سے اوجھل رکھنے کے لیے کوئی کپڑے یا لکڑی وغیرہ کی آڑ یا کوئی چیز جو اوجھل کرتی ہو ، بچاتی ہو یا چھپا لیتی ہو (جیسے: a screen of mist)؛ وہ پردہ جس پر متحرک دُور بصر تصویریں یا پرتو انداز مشینوں کے ذریعے منعکس ہوتی ہیں ؛ متحرک تصاویری سلسلہ ؛ دھات کا جالی والا چوکھٹا جو عموماً مکّھی مچھر کو اندر آنے سے روکنے کے لیے کھڑکی یا دروازے میں لگایا ہوا ہوتا ہے ؛ اناج ، ریت یا چونا چھاننے کے لیے تار کی چھلنی ۔ (فن تعمیر) لکڑی ، پتھر یا دھات کی وہ آڑ جو عموماً گرجا میں بنائی جاتی تھی ۔ (عکسی طباعت)صاف شیشے کا ٹکڑا جس پر آرپار لکیریں ڈالی ہوتی ہیں اور اسے کیمرے اور اس شے کے درمیان رکھا جاتا ہے جس کی تصویر اتارنی ہوتی ہے ؛اسکرین ۔ (عسکری) وہ حفاظتی دستہ یا بیڑا جو اصل جمعیت یا بیڑے سے آگے یا اس کے اردگرد ہوتا ہے ۔ (طبیعیات) وہ کارپرداز جو مختلف عوامل کو ایک دوسرے میں مداخلت کرنے سے روکے رکھتا ہے (جیسے: a magnetic screen) ۔ (تحلیل نفسی) وہ شخصیت یا شے جو خواب میں کسی اور کی علامت بن کر اصل کو خواب دیکھنے والے کے جذبات کی زد سے محفوظ رکھتی ہے ۔ (فعل متعدی) بے آرامی ، ضرر یا خطرے سے پناہ میں رکھنا یا بچانا ؛ چھپانا ؛ چھاننا ؛ مچھر مکھی کو روکنے کے لیے جالی لگانا ؛ پردے پر تصویر دکھانا یا پیش کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کے ذریعے انتخاب کرنا (جیسے: The company screens all applicants carefully) ۔ (فعل لازم) متحرک تصویر کے پردے پر نظر آنا ۔

screenable, a. لائقِ پردہ ؛ پردہ کرنے ، چھپانے یا اوجھل کرنے کے لائق ۔

screener, n. پردہ یا آڑ کرنے والا ؛ چھلنا ؛ برق روک ۔

screening, n. فلم کی نمایش ؛ دھات یا پلاسٹک کا وہ سامان جو پردوں کی جالی میں استعمال ہوتا ہے ۔ (طبیعیات) وہ عمل یا طریق کار جس کے ذریعے سے عوامل مداخلت کو روکا جائے ؛ پردہ اندازی ۔

screenings, n. (جمع) وہ پس ماندہ مواد جو چھلنی کے ذریعے مطلوبہ مواد سے علیحدہ کر لیا جائے ؛ چھان ؛ مَیل ۔

screen pass, n. (فٹ بال) فٹ بال میں وہ گیند جو اپنے اس ساتھی کھلاڑی کی جانب پھینکی جائے جس کے گرد حریفوں کو جُل دینے اور حفاظت کے لیے اپنے ساتھی موجود ہوں ؛ جُل پاس ۔

screenplay, n. فلمی منظر نامہ ؛ کسی فلم کا منظر نامہ یا ڈرامائی پیش کش ۔

screen test, n. فلمی امتحان ؛ فلم میں اداکاری کی صلاحیتوں کے تعین کی خاطر ایک مختصر آزمایشی عمل ۔

screen-test, v.t. فلمی صلاحیت پرکھنا ۔

screen writer, n. فلم نویس ؛ فلمی ڈرامہ نویس ۔

screw, n. پیچ ؛ چوڑی دار میخ ؛ پیچ دار کیل ؛ ایسی کوئی شے جس کو اس کے پیچوں کی بدولت کسی اور چیز میں جڑا یا کسا جا سکتا ہو ؛ ایک نوکیلا پیچ دار دھاتی اسطوانہ جس کا سرشگاف دار ہوتا ہے جس کو کسی سطح میں پیچ کش کے ذریعہ گُھما کر داخل کیا جاتا ہے ۔ نیز : External screw, male screw۔ وہ پیچدار میخ یا شے جسے کسی سوراخ والی کمانی کے اندر چوڑیوں کے سہارے گزارا جاتا ہے ۔ نیز : internal screw, female screw ۔ وہ پیچدار میخ جس میں بالائی قسم کی میخ کو داخل کیا جاتا ہے ؛ اس قسم کی کوئی اور شے ؛ پیچ کی دُھری ، پیچ کے گھومنے کا ایک مکمل چکر ؛ بل کھاتی اور گھومتی ہوئی حرکت ؛ زور یا دباؤ ۔ (عوامی) مجامعت ؛ جیل چوکیدار ۔ (برطانوی) تھوڑی سی مقدار ، جیسے تمباکو کی جسے کاغذ کے ایک ٹکڑے میں گول کیا جائے ؛ نفع بخش سودا کرنے والا ؛ بوڑھا یا ناکارہ گھوڑا ۔ (عوامی ، برطانوی) تنخواہ ؛ مشاہرہ ۔ (فعل متعدی) پیچ کے ذریعے کسی شے کو دبانا ، لگانا یا پوری طرح کس دینا ؛ گھما گھما کر جوڑنا یا حسب ضرورت کسنا ؛ بل دینا ؛ بل ڈالنا ، جیسے چہرے پر ؛ استحصال بالجبر کرنا ۔ (عوامی) جنسی تعلق قائم کرنا ؛ جُل دینا ۔ (فعل لازم) گھمانا یا گھما کر سُدھارنا ؛ پیچ لگا کر پختہ کیا جانا ؛ یوں کسا جانا جیسے پیچ لگایا گیا ہو ؛ جبر سے حاصل کرنا ۔

get screwed, (عوامی) فریب کھا جانا یا سزا پانا ۔

have a screw loose, (عوامی) نرالا ، سنکی یا فاترالعقل ہو جانا ؛ **پیچ ڈھیلا ہونا** ۔

put the screw on, طاقت استعمال کرنا ۔

screw around, (عوامی) گھومتے پھرنا ؛ بے معنی سی حرکات میں لگے رہنا ۔

screw up, (عوامی) تباہ کرنا ؛ گڑ بڑ کرنا یا ہیر پھیر کرنا ۔

screwer, n. پیچ کش ؛ پیچ کسنے والا ۔

screwball, n, a. (عوامی) متلون مزاج یا من موجی ؛ تلوّن مزاج اور آزاد رو شخصیت ؛ بے پیندا ۔ (بیس بال) وہ گیند جسے یوں ضرب لگائی گئی ہو کہ وہ اسی جانب مڑ جائے جدھر سے اسے پھینکا گیا ہو (curve ball کی ضد) ۔

screw bean, screw-pod mesquite, tornillo, n. جنوب مغربی ریاست متحدہ امریکا کا ایک پھلی دار درخت جس کی پھلیاں بل کھائی ہوئی ہوتی ہیں اور چارے کے کام آتی ہیں ؛ اس درخت کی پھلی ؛ بَل پھلی ۔

screwdriver, n. پیچ کش ؛ پیچ کسنے کا اوزار ؛ سنگترے کے رس اور ووڈکا کا مخلوط آمیزہ ۔

screw eye, n. ناکے والا پیچ ؛ حلقہ دار پیچ ۔

screw jack, n. دیکھیے : Jackscrew ۔

screw pine, n. درختِ کیوڑہ ؛ کاوی ، اصلاً شرق الہند، نیوگنی اور منطقۂ حارّہ کا ؛کیوڑے کی جنس کے مفید درختوں کا ایک مشترک نام ، یہ زمین سے اوپر اپنی ہوائی جڑوں کے سہارے کھڑا رہتا ہے اور اس کی شاخیں کھجور کی طرح ہوتی ہیں اور پتے نوکیلے ہوتے ہیں ۔

screw propeller, n. ہوا کش پنکھا ؛ طیارے کے پنکھے جو اسے اڑنے اور آگے بڑھنے میں مدد دیتے ہیں ۔

screw thread, n. پیچ کی چُوڑی ؛ چوڑی بھر گردش ۔

screwworm, n. مکھی کا بہل روپ ؛ ایک دوپرا کیڑا جو اپنے انڈے جانوروں کے پھوڑوں یا نتھنوں میں رکھ دیتا ہے جہاں سے وہ بڑے ہو کر اسی جانور کے ریشوں کو لقمہ بناتے ہیں اور اکثر مہلک ہوتے ہیں ۔

screwy, a. پیچ چوڑی کی طرح بل کھاتا ہوا ۔ (عوامی) گھڑی ہوئی یا پریشان کن جیسے کوئی کہانی ؛ غیر معقول ؛ مضحکہ خیر ؛ اکھڑے ہوئے ذہن والا ۔

scribble, v.t., v.i. جلدی جلدی لکھنا یا بے توجہی سے لکھنا ؛ ایسا لکھنا کہ پڑھا نہ جا سکے ؛ بدخط یا لاپرواہ تحریر سے بھر دینا ؛ بھدی لکھائی کرنا ؛ بھونڈے طریقے سے لکھنا ۔ (اسم) شکستہ خط ، گھسیٹ ؛ بدخط تحریر۔

scribbler, n. بدخط ؛ شکستہ نویس ۔

scribe, n. منشی (انشا نگار) ، نقل نویس ، محرر ، عہد ماضی میں مسودہ نگاری کرنے والا ؛ پاک نویس ؛ خوش خط لکھنے والا ؛ قدیم یہودیوں میں استاد ، ترجمان یا نقل نویس اس کو کہتے تھے جو اسرائیلی الہامی صحیفوں و قوانین لوگوں کو لکھ کر دیا کرتا تھا ؛ مزاحاً صحافی یا مصنف۔ (فعل متعدی) (نجاری) نوکیلے آلے سے لکڑی پر نشان لگانا ، ٹھیک ٹھیک بٹھانے کے لیے لکڑی پر خط کشی کرنا ۔

scribal, a. کاتب ؛ منشی ۔

scriber, n. (نجاری) کٹائی کے لیے ٹھیک ٹھیک خط کشی کا ایک نوکیلا اوزار۔

scrim, n. نسبتاً کھلی بنائی کا سوتی کپڑا جو کرمچ کی طرح کا ہو اور جو پردے بنانے اور ملبوسات کے کام آتا ہے ۔ (تھیٹر)اسی قسم کا کپڑا جو عقبی پس منظر یا دیوار کی نقل کے لیے استعمال ہو یا روشنی کی مختلف صورتوں میں منعکس ہونے والا ہو۔

scrimmage, Brit. scrummage, n. جھڑپ ؛ بہت سے لوگوں میں باہمی ہاتھا پائی یا کشمکش ۔ (رگبی ، فٹ بال) متحارب کھلاڑیوں کی جدوجہد اس وقت سے جب گیند کھیل کے لیے چھوڑی جائے ، اس وقت تک جب کہ گیند خط ممنوعہ سے باہر نہ نکل جائے ۔ دیکھیے dead ball ۔ مشقی کھیل ؛ غیر رسمی کھیل ۔ (فعل لازم و متعدی) جدوجہد کرنا ؛ جھڑپ ہونا ۔

scrimmage line, (عوامی) جدوجہد کا خط ؛ خطِ کشمکش ۔

scrimmager, n. جدوجہد کرنے والا ۔

scrimp, v.t. کنجوسی دکھانا ؛ جزرسی سے کام لینا ، جیسے خوراک کی مقدار میں ؛ بہت مختصر یا تھوڑا کر دینا ؛ قلیل مشاہرہ پر رکھنا ۔ (فعل لازم) سخت کفایت سے کام لینا ؛ بخل یا کنجوسی کرنا ۔ (صفت) قلیل ، کم مقدار ؛ ضرورت سے کم ؛ تھوڑا ۔ نیز : scrimpy ۔

scrimshaw, n. بڈ نقاشی ؛ ہاتھی دانت ، وھیل ہڈی ، صدف ، لکڑی یا اسی قسم کی دُوسری چیزوں پر کُھدائی یا دُوسرا کام جو وھیل شکاری فارغ اوقات میں کرتے ہیں ۔ نیز : scrimshaw work ۔ (فعل لازم و متعدی) اس قِسم کا کام کرنا یا اسی قسم کی چیزیں تیّار کرنا ؛ بڈ نقاشی کرنا ۔

scrip, n. رقعہ ؛ پرچہ ؛ عارضی صداقت نامہ ؛ کوئی مطبوعہ یا تحریری کاغذ جیسے کوئی رسید یا سرٹیفیکٹ ، صداقت نامہ ؛ کوئی تحریری نظام الاوقات یا فہرست ؛ عارضی صداقت نامہ جو حصص کے سلسلے میں واجب الادا رقم کی پہلی قسط ادا کرنے پر جاری کیا جائے ؛ اس بات کا تصدیق نامہ کہ اسٹاک کے حصے میں سے فلاں کا جزوی حصے پر حق ہے ؛ مجموعی طور پر اس نوعیت کے تصدیق ناموں میں سے کوئی ایک ؛ ایک ڈالر سے کم رقم کے نوٹ جو پہلے ریاستہائے متحدہ امریکا میں جاری کیے جاتے تھے ؛ عارضی ہنگامی ضرورت کے لیے جاری کردہ رقم ۔

script, n. رسم تحریر ؛ رسم الخط ؛ دستاویز ؛ نقل ؛ کوئی تحریر ؛ دست نویسی ؛ اس میں برتے گئے حروف ؛ لکھنے کا انداز ۔ (طباعت) ایسے حروف جو قلمی حروف کی نقل ہوں ۔ (قانون) اصل تحریر یا دستاویز ۔ (تھیٹر) کسی کھیل یا فلم ، ڈرامے یا اداکار کے کردار کا مسودہ ۔

scriptorium, n. دارالانشا ؛ محرر خانہ ؛ کتابت خانہ (خصوصاً خانقاہوں میں) ؛ کسی خانقاہ (راہب خانے) میں وہ کمرہ جو مسودات نویسی یا ان کی نقل کاری کے لیے مخصوص ہوتا ہے ۔

scriptural, a. منصوص ؛ وہ جو کسی مذہبی یا مقدس تحریرمیں موجود ہو ۔ (بڑے S سے) صحائفی ؛ کتاب مقدس کا ۔

scripturally, adv. از روئے نصوص ۔

scripturalness, n. منقولیت ؛ انجیلیت ؛ نصوصیت ۔

scripture, n. (بڑے S سے) انجیل ؛ عہدنامہ قدیم و جدید ، بائبل ؛ انجیل کا کوئی اقتباس ؛ کوئی تحریر خصوصاً مذہبی یا متبرک ؛ وہ تحریریں جو کسی یہودی یا عیسائی گروہ کے نزدیک مقدس ہوں ۔

script writer, n. ریڈیو ، ٹی وی یا فلموں کے لیے لکھنے والا ۔

scrivner, n. خط نویسی ؛ عرضی نویس ؛ مقالہ نویس ؛ پہلے زمانے میں اس سے وہ شخص مراد ہوتا تھا جس کا پیشہ ہی دوسروں کو خطوط و دستاویزات لکھ کر دینا ہوتا تھا ؛ مصدِّق (تصدیق کنندہ) ؛ محرر ؛ منشی یا وثیقہ نویس ۔

scrobiculate, a. (حیاتیات) شکن دار ؛ سلوٹی ؛ شیار دار ؛ گڑھے دار ۔

scrod, n. نوخیز کاڈ مچھلی خصوصاً وہ جسے پکانے کے لیے چیرا گیا ہو ۔

scrofula, n. (امراضیات) خنازیر ؛ کنٹھ مالا ؛ کنسوا ؛ تپ دق قسم کا ایک جسمانی مرض جس میں لمفائی غدود (خصوصاً گردن کے) پھول جاتے اور بدعمل ہو جاتے ہیں ، اسی طرح جوڑ بھی سوج جاتے ہیں ۔

scrofulous, a. کنٹھ مالائی ؛ خنازیری ؛ بداخلاق ۔

scroll, n. طومار ؛ مرغولا ؛ چرمی یا کاغذی طومار یا کوئی اور گول کی ہوئی چیز ؛ گول کر کے رکھی ہوئی کوئی تحریر ؛ ایک بل کھاتی ہوئی یا مخروطی شکل کی سجاوٹ ، جیسے کہ آئیونی اور کورنتھی پایہ تختوں کے مرغولے ؛ کوئی فہرست یا جدول ؛ وائلن قسم کے آلات موسیقی کا خمدار بالائی حصہ ؛ اپنے نام یا دستخط کے ساتھ اضافہ کی گئی لہر یا کشش ۔

scrollhead, n. جہاز کی قوس پر بنائی گئی سجاوٹ ؛ مرغول ۔

scroll saw, n. مرغول آری ؛ خمدار کٹائی کرنے کے لیے استعمال کی جانے والی کم چوڑی آری جس کا پتلا ، لمبوترا سا پھل ہوتا ہے ۔

scrollwork, n. لہریا کام ؛ مرغولی آری سے کی گئی سجاوٹی کٹائی ؛ مرغولے بنا کر پیدا کی گئی زیبایش ؛ مرغول کاری ۔

scrooge, n. [چارلس ڈکنز کے ناول Christmas Carol کے ایک کردار اسکروج کے نام پر] (اکثر بڑے S سے) کنجوس ؛ بخیل ۔

scrotum, n. خصیہ دانی ؛ بیضہ دانی ؛ فوطہ ؛ صَفن ؛ کیسہ خایہ ۔

scrotal, a. خصیہ دانی کا ، صَفنی ۔

scrounge, v.t. v.i. اِدھر اُدھر تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ چارے کی تلاش میں اِدھر اِدھر جانا ؛ اڑا لینا ؛ نہ لوٹانے کی نیت سے ادھار لینا ۔

scrounge around, خواہ مخواہ یا بلامقصد تلاش کرنا ۔

scrounger, n. قبضہ جمانے والا ، مالک بن بیٹھنے والا ؛ نادہند ۔

scrounging, n. واپس نہ کرنے کے لیے لیا ہوا قرض ۔

scrub, v.t., v.i. رگڑ کر صاف کرنا جیسے بدن کے اعضا کو (جیسے : He scrubbed his hands) ؛ برش ، اسفنج ، کپڑے یا اسی طرح کی کسی چیز سے خوب رگڑنا یا کسی سخت سطح کو رگڑنا اور دھونا (جیسے : to scrub a floor) ؛ دھونا یا صاف کرنا ۔ (عوامی) خارج کر دینا ؛ منسوخ کر دینا ؛ تاخیر کرنا ؛ ملتوی کرنا (جیسے : The airline scrubbed the flight) ۔ (فعل لازم) خوب رگڑ رگڑ کر صاف کرنا جیسے برش ، صابن اور پانی سے ۔ (اسم) رگڑائی ؛ دھلائی ۔

scrub, n. پست قد یا کم نمود درخت یا ایسے پستہ قد درختوں اور جھاڑیوں کا جھنڈ یا ان کا وسعت پذیر پھیلاؤ (جیسے : a small glen grown over with a lowoak scrub) ؛ کوئی کم قامت یا کم درجے کی چیز (جیسے : scrubs among domestic animals) ؛ کمینہ ، بے اہمیت انسان ۔ (کھیل) وہ کھلاڑی جسے جامعہ یا اول درجے کی ٹیم میں شامل نہ کیا گیا ہو ۔

scrubbed, a. (قدیم) بے حقیقت ۔

scrubber, n. رگڑائی کرنے والا شخص یا شے یا آلہ ؛ پٹرول یا پٹرول کے آمیزے کو صاف کرنے والا آلہ ۔

scrubby, a. پست قد یا کم نمو جیسے درخت اور جھاڑیاں ؛ ایسے درختوں سے پُر یا ڈھکا ہوا علاقہ (جیسے : a scrubby wood on the hillside) ؛ کم قامت ؛ حقیر ؛ ادنیٰ ، معمولی درجے کی (جیسے : a scrubby cow) ؛ افسردہ ، بدبخت ، بدوضع ؛ کمینہ ؛ بے حقیقت یا غیر اہم ۔

scrub typhus, n. (امراضیات) جنگل بخار ؛ چھوٹا ٹائفس ؛ دھلائی بخار ۔

scrubwoman, n. رگڑائی صفائی کا کام کرنے والی ؛ وہ عورت جس کو صفائی کے بڑے کام کے واسطے ملازم رکھا جائے ؛ مائی ۔

scruff, n. گردن کا عقبی حصہ ؛ گُدی ۔

scruffy, a. پھوہڑ ؛ بدسلیقہ ؛ بدوضع ، پھٹے پرانے کپڑے پہننے والا ؛ فرسودہ پوش ۔

scrummage, scrum, n. دیکھیے : scrimmage ۔

scrummager, n. جدوجہد کرنے والا ۔

scrumptious, a. (عوامی) انتہائی عمدہ یا نفیس ؛ باریک ؛ شاندار ۔

scrumptiously, adv. اعلیٰ نفاست اور عمدگی سے ۔

scrunch, v.t., v.i. کُرم کُرم کرنا ؛ چبانا ؛ کچل دینا یا روند دینا ۔ (اسم) کُرم کُرم ؛ کچلنے یا روندنے کا عمل یا اس کی آواز ۔

scruple, n. وہ احساسِ اضطراب یا حس معقولیت جو ضمیر کو متاثر کرتی ہے اور یوں عنان گیر اقدام ہوتا ہے ؛ تامل ۔ (فعل لازم) پس و پیش میں پڑ جانا ؛ تامل کا شکار ہونا ؛ ضمیر یا اخلاقیات کے تحت کوئی قدم اٹھانے سے جھجھک جانا ۔ (فعل متعدی) کسی معاملے میں ضمیری ردوکد کا شکار ہونا ؛ ہچکچانا ۔

scruple, n. اونس کے چوبیسویں حصے کے برابر کا ایک قدیم رومی بٹّا ؛ آج کا بیس گرین کا بٹّا ، یا ڈرام کا تیسرا حصہ جو دواسازی میں مستعمل ہے ؛ کسی شے کی حقیر مقدار ؛ بہۃ ۔

scrupulous, a. داخلی تحفظات لیے ہوئے ؛ متعامِّل ؛ صداقت یا راہ راست سے سرمو ادھر ادھر نہ ہونے والا ؛ بہت محتاط ؛ بہت بااصول ۔

scrupulosity, scrupulousness, n. حزم ؛ احتیاط ؛ راست پرستی ؛ صداقت پسندی ؛ تامل ۔

scruplously, adv. احتیاط پسندانہ ؛ پوری دیانت داری سے ؛ تامل سے ۔

scrutable, a. وہ جس کا کھوج لگایا جا سکے یا جسے کرید سے سمجھا جا سکے ۔

scrutator, n. کھوجی ؛ پڑتالی ؛ پڑتالیا ؛ موشگاف ؛ مفتش ۔

scrutineer, n. پڑتالیا ؛ ناظر ۔ (خاص طور سے برطانوی) الیکشن میں ووٹوں کی جانچ پڑتال کرنے والا ۔

scrutinize, v.t. پڑتال کرنا ؛ دقیق جانچ کرنا ؛ تنقیدی یا متجسس نظر سے دیکھنا ؛ معائنہ کرنا ۔ (فعل لازم) محتاط طور پر تفتیش کرنا ؛ پوری توجہ سے تہ تک پہنچنا ۔

scrutinization, n. جانچ ؛ پڑتال ۔

scrutinizer, n. جانچ کرنے والا ۔

scrutinizingly, adv. پوری توجہ سے ؛ پڑتال کے طور پر ۔

scrutiny, n. جانچ ؛ پڑتال ؛ گہری کھوج ؛ متجسس نگاہ ۔ (خاص طور سے برطانوی) انتخابی قوانین و ضوابط کو نافذ کرنے کے

لیے ہیئت مجاز کی جانب سے کی گئی ووٹوں کی پڑتال ۔

scuba, n. زیر آب سانس لینے والے آلے کا مخفف ؛
زیر آب سانس لینے کا ایک منضبط آلہ جو غوطہ خور اپنی پشت پر پہن لیتے ہیں جس میں فشردہ ہوا کی دو ٹنکیاں اور منہال سے لگی ہوئی ایک نلکی ہوتی ہے ۔

scud, v.i. تیز تیز یا جلدی جلدی دوڑتے یا حرکت کرتے جانا ؛
تیر کی طرح جانا یا چل دینا ۔ (جہاز رانی) بادبانی جہاز کا ہوا کے زور سے خود بخود یا معمولی حرکت سے تیرتے جانا ۔ (اسم) بالائی فعل کی حالت؛ بادلوں یا پھوار یا اس قسم کی کسی چیز کی ہوائی اڑان؛ دھکیلتی بوچھاڑ ؛ آندھی کا جھکڑ ۔

scudo, n. سولھویں صدی سے انیسویں صدی تک اٹلی
میں رائج سونے یا چاندی کا سکہ اور لین دین کے تصفیوں کا طریقہ

scuff, v.i. جلد پاؤں اٹھائے چلنا ؛ گھسٹنا ؛ گھسیٹ کر یا
رگڑ کر چلنا ؛ رگڑے جانے یا پہنے جانے سے کھردرا ہو جانا ۔ (فعل متعدی) رگڑنے یا بے جا استعمال سے سطح کو خراب کر دینا جیسے جوتوں یا فرنیچر کو؛ پاؤں سے رگڑنا ؛ رگڑتے ہوئے گزر جانا ۔ (اسم) رگڑائی یا اس کی آواز ؛ ایک چپٹا اندرون خانہ سلیپر جو پیر کا صرف اگلا حصہ چھپاتا ہو ؛ رگڑ سے کھردری یا فرسودہ ہونے والی جگہ ۔

scuffle, v.i. گتھم گتھا ہونا یا دھینگا مشتی کرنا ؛ اندھا
دھند لڑنا ؛ گھسٹ کر چلنا ؛ کُشتم کشتا ہونا ۔ (اسم) اندھا دھند لڑائی ۔

scuffle hoe, n. ایک قسم کا باغ بانی بیلچہ جسے کھینچا نہیں
بلکہ دھکیلا جاتا ہے ۔

scull, n. دنبالی پتوار ؛ ایک قسم کا چپو جسے دنبالے
پر بیٹھ کر باری باری دائیں بائیں مارتے ہوئے کشتی کو دھکیلا جاتا ہے ؛ ان چھوٹے چپوؤں کی جوڑی میں سے ایک جن کو ایک ہی شخص دونوں ہاتھوں سے چلاتا ہے ؛ ایسے چپوؤں والی کشتی (خصوصاً وہ ہلکی ناؤ) جو دوڑ میں کام دیتی ہے اور جسے ایک یا دو کشتی ران کھیتے ہیں اور ہر ایک کے پاس دو دو چپو ہوتے ہیں ۔ (فعل متعدی و لازم) چپو یا چپوؤں کے ذریعے چلانا یا کھینا ۔

sculler, n. چپوران ۔

scullery, n. کیلار ؛ کرار ؛ حوضی ؛ ہودی ؛ وہ جگہ جہاں باورچی خانے کے
برتن دھوئے اور رکھے جاتے ہیں ؛ عقبی مطبخ ۔

scullion, n. مشعلچی ؛ ایک گھریلو ملازم جو باورچی خانے
کا عمومی کام کرتا ہے ۔

sculpin, n. خار ماہی ؛ بچھو مچھلی ؛ ان سمندری مچھلیوں میں
سے ایک جن کا سر بڑا اور خار دار ہوتا ہے ، منہ چوڑا اور صورت مکروہ ہوتی ہے ؛ عقربی مچھلی جو جنوبی کیلیفورنیا کے ساحل کے پاس ہوتی ہے ۔

sculpt, v.t., v.i. (روزمرہ) مجسمہ بنانا ، مجسمہ سازی کرنا ۔

sculptor, n. مجسمہ ساز ؛ بت تراش ؛ کٹائی ، گھڑائی
اور کھدائی کے ذریعے سہ ابعادی فن پارہ تخلیق کرنے والا ۔

sculptress, n. خاتون مجسمہ ساز ۔

sculpture, n. مجسمّہ ؛ مُورت ؛ کسی بت تراش کا بنایا ہوا
(حقیقی یا تجریدی) سہ ابعادی فن پارہ ؛ ایسے فن کا مظہر ایک مجسمہ یا کوئی اور شے ؛ مجموعاً ایسی مظہر فن اشیا ؛ بعض خولوں ، گھونگوں اور پتوں کی سطحوں پر مخصوص خدوخال جو ان کی گہرائی اور ساخت کے باہمی اختلاف کا نتیجہ ہوتے ہیں ؛ مجسمہ سازی ، بُت تراشی ، کندہ کاری کا عمل ۔ (فعل متعدی) سہ ابعادی فن پارہ تشکیل یا تخلیق کرنا ؛ اس طرز فن میں کوئی چیز بنانا ۔ (فعل لازم) کسی بت تراش کے انداز میں کوئی چیز بنانا یا ڈھالنا ۔ (طبعی جغرافیہ) سطح زمین میں عمل فرسودگی اور طبقاتِ ارضی کی دوبارہ تقسیم کے ذریعے تبدیلی لانا یا تبدیلی کا آنا ۔

sculptural, a. بت تراشی کا ؛ مجسمہ سازی کا ۔

sculpturally, adv. بت تراشانہ ؛ مجسمہ سازانہ ۔

sculpturesque, a. تمثیلی ؛ مجسماتی ؛ مجسمے
کا رنگ ڈھنگ لیے ہوئے ؛ پُرشکوہ ؛ پُروقار ۔

sculpturesquely, adv. تمثیلی طور پر ۔

sculpturesqueness, n. تمثیلیت ۔

scum, n. بالائی ؛ جھاگ ؛ کف ؛ پھین ؛
وہ بالائی مواد جو کسی سیال شے کو ابالنے یا خمیر کرنے پر سطح پر آ جائے ؛ پگھلی ہوئی دھاتوں کا تفالہ ؛ فضلہ ؛ ذلیل ، اوباش یا قابل نفرت افراد کی منڈلی ؛ وہ جو قابل نفرت ہے ؛ چنڈال چوکڑی ۔ (فعل متعدی) کف گیری کرنا ؛ بالائی اتارنا ؛ جھاگ اتارنا ۔ (فعل لازم) سطح نشین (بالائی) سے بھر جانا یا اس کا پیدا ہو جانا ۔

scummy, a. جھاگ یا پھین دار ۔

scumble, v.t. ہلکا لیپنا ؛ کسی پینٹنگ وغیرہ کے
اثر کو دھیما یا تبدیل کرنے کے لیے دھندلانے والے یا قدرے دھندلا دینے والے رنگوں کا ہلکا سا پچارا دینا ؛ کسی خاکے کے خطوط کو انگلیاں پھیر کر ہلکا کرنا ۔ (اسم) یوں پیدا کیا ہوا تاثر ؛ جھاگ یا خمیر آور مواد ۔

scunner, n. ناپسندیدگی یا نفرت کا احساس ؛ کراہت ۔

scup, n. گٹھے جسم اور ابھری پیٹھ والی خوردنی مچھلی
جو ریاستہائے متحدہ امریکا کے مشرقی ساحل پر پائی جاتی ہے ۔

scupper, n. (جہاز رانی) عرشۂ جہاز کا پرنالہ ۔
(فعل متعدی) (برطانوی ، عسکری ، عوامی) اچانک حملے سے غلبہ حاصل کرنا اور قتل عام کرنا ۔

scuppernong, n. گیدڑ داکھ ؛ روباہی ؛ انگور کی ایک
کاشتہ قسم ؛ اس سے بنائی جانے والی میٹھی سفید شراب ۔

scurf, n. خشکی ؛ سکری ؛ بفا ؛ پپڑی ؛ بھوسی ؛
خشک جلد کے چھوٹے چھوٹے ذرات پر مشتمل جو جلد سے بھوسی کے طور پر اکثر اترتی رہتی ہے ۔ (نباتیات) سطح سے چمٹا ہوا کوئی تہ دار مواد ؛ بعض پودوں میں پایا جانے والا مادہ ۔

scurfy, a. پپڑیلا ؛ پھپھوندی دار ؛ بفا دار ۔

scurfiness, n. پپڑیلا پن ؛ بھوسی کی کثرت ۔

scurflike, a. پپڑی یا بھوسی کی طرح ؛ بفا نما ۔

scurrile, scurril, a. دیکھیے : Scurrilous –

scurrility, n. فحش گوئی ؛ بدلگامی ؛ بدکلامی ؛ دریدہ دہنی ؛
دشنام طرازی ؛ بدزبانی ۔

scurrilous, a. گھٹیا؛ عریاں ؛ توہین آمیز ، فحش زبان یا
مذاق میں رنگا ہوا (رنگی ہوئی) ؛ کھلم کھلا یا اخلاق باختگی کی حد تک پُراز دشنام ۔

scurrilously, adv. بدزبانی یا گندہ دہنی سے ۔

scurrilousness, n. گندہ دہنی ؛ بدزبانی ۔

scurry, v.i. تیز تیز دوڑنا یا حرکت کرنا ؛ عجلت سے کام لینا ؛ براساں ہو کر بھاگ کھڑا ہونا ۔ (اسم) تیز خرامی ؛ تیز روی ؛ دوڑنے کی آواز ؛ بھگدڑ ؛ مختصر سی تیز دوڑ یا گُھڑ دوڑ ۔

scurvy, n. (امراضیات) اسکروی ؛ اسقربوط ؛ گوشت خورہ ؛ ایک مرض جس میں مسوڑھے سوجھ جاتے ہیں اور ان سے خون نکلنے لگتا ہے ، منہ پر نیلے نیلے دھبے سے پڑ جاتے ہیں اور نقاہت محسوس ہوتی ہے ، اس کا باعث حیاتین ج (C) کی کمی بتایا جاتا ہے ۔ (صفت) اوباش ؛ کمینہ ؛ گھٹیا ؛ بدباطن ۔

scurvily, adv. اسقربوطانہ ؛ گوشت خورے کے متعلق ۔

scurviness, n. اسقربوطیت ۔

scurvy grass, n. گیاہِ اسقربوط ؛اسکروی گھاس ، جسے کبھی اسقربوط کی دوا سمجھا جاتا تھا ۔

scut, n. کوتاہ دم ؛ چھوٹی دم (ہرن یا خرگوش کی طرح) ۔

scutage, n. جاگیرداری مزارعوں پر عائد کردہ وہ محصول جس کی ادائیگی سے عسکری خدمات معاف ہو جایا کرتی تھیں ۔

scutate, scutated, a. (نباتیات) ڈھال یا ڈول روپی ۔ (حیوانیات) وہ جانور جس کی کھال پر کھپرے سے ہوں ۔

scutch, scotch, v.t. سن یا کتان کو کوٹ کر لکڑی سے چھال الگ کرنا تا کہ اس کو سوت کے ریشے کی طرح استعمال کیا جائے ۔ (فن تعمیر) کسی شے کو شکل دینے کے لیے چھانا جیسے اینٹوں کو ۔ (اسم) کتان کوب ؛ سن کُوٹ ؛ موگری جس سے سن کو کوٹا جاتا ہے ؛ بسولا جس سے اینٹوں کو (لگانے کے لیے) گھڑا جاتا ہے ۔

scutcheon, n. دیکھیے : Escutcheon نیز : scute ۔

scutcher, scutch, n. سن کُوٹ ؛ کتان کوب ۔

scute, scutcheon, scutum, n. (حیوانیات) ہڈی یا سینگ جیسے قشر،ڈھال یا پلیٹ جو بعض جانوروں کی حفاظتی جلد پر ہوتے ہیں ؛ کوئی بڑی سی فلس ؛ پتری یا طشتری ۔

scutellate, scutellated, a. (حیوانیات) قشر دار ؛ قشر صورت ؛ قشری ۔

scutellation, n. (حیوانیات) قشر زائی ؛ قشری ترتیب ۔

scutellum, n. (نباتیات) وہ چھوٹی چھوٹی طشتریاں یا پتریاں جو بعض درختوں کے تنوں پر ہوتی ہیں اور ڈھال کا کام دیتی ہیں (جیسے چیڑ کے درخت پر) ۔ (حیوانیات) بعض کیڑوں کے گلے کا سپر نما حصہ ۔

scutiform, a. سپر نما ؛ ڈھال روپی ۔

scutter, scuttle, v.i. (برطانوی ، بول چال) تیز تیز دوڑنا ؛ خوف زدہ ہو کر بھاگنا ۔

scuttle, n. کوئلے دان ؛ چوڑی اور اتھلی ٹوکری کوئلے لے جانے کے لیے ؛ دھات کا برتن جس کے آگے کھلے منھ کا پرنالہ سا بنا ہوتا ہے ۔

scuttle, n. دیوار یا چھت میں ایک ڈھکنے دار مربع سوراخ ؛ ڈھکنا بذات خود ؛ ان سوراخوں کا طاق یا ڈھکنا ؛ چھوٹا سا کھلنے بند ہو سکنے والا مدخل ۔ (فعل متعدی) (جہاز رانی) جہاز کو اس کے مدخل کھول کر ڈبو دینا یا پیندے میں سوراخ کر کے ڈبو دینا ؛ کسی خیال یا سوچ کو ترک کرنا ، چھوڑ دینا یا غیر موثر کر دینا ۔

scuttle v.i تیز تیز دوڑنا ؛ جلدی کرنا ؛ عجلت سے کام لینا ۔ (اسم) تیز گام زنی ؛ مختصر دوڑ ۔

scuttlebutt, n. آبخوری کے لیے جہاز میں بنایا ہوا آب گاہ ، سابقاً اس سے روزمرہ کے استعمال کے لیے پانی رکھنے کا مشکیزہ مراد ہوتا تھا ۔ (عوامی) افواہ ؛ گپ ۔

scutum, n. (حیوانیات) سپر ؛ کچھوے یا کسی جانور کی پیٹھ پر سپر نما طشتری ؛ قدیم رومی سپاہی کی ڈھال ۔ (بڑے S سے) (فلکیات) وہ مجمع النجوم جس کی شکل ڈھال کی سی ہوتی ہے اور وہ کہکشاں میں ہوتا ہے ۔

Scylla, n. (یونانی اساطیری) ایک ڈائن جسے یہ نام اٹلی کی سیلا نام چٹان سے ملا جو جنوبی ساحل سے ہٹ کر ہے ، خیال تھا کہ یہ ادھر سے گزرنے والے جہازوں کے ملاحوں کو شکار کر لیتی تھی ۔

between Scylla and Charybdis, برابر کے خطرناک متبادلات میں سے انتخاب کی ناگزیری ؛ آگے کنواں پیچھے کھائی ۔

scyphozoan, a. نجم البحری (فالودہ) مچھلی کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) نجم البحر قسم کا جانور ۔

scyphus, skyphos, n. جام ؛ پیمانہ ؛ ساغر ؛ ایک گہرا (پادار) پیالہ جو قدیم یونانیوں اور رومیوں میں مستعمل تھا ، جس کے کنارے پر دو اُفقی دستے لگے ہوتے تھے ۔ (نباتیات) پُھول کا جام نُما حصّہ جیسے نرگس کا ۔

scythe, n. ہَنسیا ؛ لاونی ؛درانتی ؛ کٹائی میں میں کام آنے والا ایک اوزار جو ایک خم دار پَھل اور دستے پر مشتمل ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) درانتی سے کاٹنا ۔

sea, n., a. سمندر ؛ بحر ؛ ساگر ؛طوفان ؛ افراط ؛ کثرت ؛نمکین پانی کی وہ پہنائی جو زمین کے بیشتر حصے کو لپیٹ میں لیے ہوئے ہے ؛ پانی کا وہ قطعہ جو کسی قدر خشکی میں گھرا ہوا ہو (جیسے : The North Sea)؛ بعض خشکی سے گھری ہوئی جھیلوں کا نام(جیسے : The Caspian Sea)؛پانی کا بڑا ریلا یا تھپیڑا (جیسے : A sea put the deck awash)؛ موجوں کا وسیع تلاطم یا طوفان (جیسے : A heavy sea was running that night)؛ کوئی بہت بڑی مقدار (جیسے : A sea of difficulties) ؛ سیلاب ، ملاح کا پیشہ (جیسے : The Sea is a hard life) ۔

at sea, سمندر میں جہاز پر سوار ؛ سراسیمہ (جیسے : To be all at sea about the matter)۔

follow the sea, بحری زندگی اختیار کرنا ۔

go to sea, سمندری سفر اختیار کرنا خصوصاً پیشے کے طور پر ۔

put to sea, سمندری جہاز کی روانگی ؛ جہاز کا لنگر اٹھانا ۔

seamost, a. سمندر کے بالکل قریب ۔

sea anchor, n. تیرتا لنگر جو سمندر میں جہاز کو ادھر ادھر بہ جانے سے روکے رکھتا ہے تیز اسے بے سمت نہیں ہونے دیتا ، یہ کینوس کی ایک مخروطی‌سی ،چوکھٹے میں جڑی ہوئی ساخت ہے (ایک قسم کا بادبان) ۔

sea anemone, n. پھول مونگا ؛ متعدد مرجانیوں میں سے کوئی ایک ؛ یہ چٹانی درزوں میں پائے جاتے ہیں اور اپنی مخروطی وجودی صورت اور شوخ رنگ مونچھوں کے سبب پھولوں سے مشابہت رکھتے ہیں ۔

sea bag, n. سمندری تھیلا ؛ مخروطی شکل کا کینوس کا بنا ہوا ایک بڑا تھیلا جسے اوپر لگی ہوئی ڈوری کے ذریعے بند کیا جا سکتا ہے ، ملاح اس میں اپنے کپڑے اور دیگر لوازمات رکھتے ہیں ۔

sea bass, n. سمندری کٹیرنا ؛ ایک قسم کی عام خوردنی مچھلی جو بحراوقیانوس میں پائی جاتی ہے ۔

seabed, n. فرشِ بحر ؛ سمندر کی تہ ۔

Seabee, n. تعمیر دستہ ؛ اصل میں یہ C اور B کا مرکب ہے ۔ اول الذکر سے تعمیر مراد ہے اور آخر الذکر سے بٹالین یعنی تعمیراتی بٹالین، مرادوہ شخص جو بحریہ کی کسی تعمیراتی بٹالین میں کام کرتا ہو۔

sea bird, n. ساحل باش پرندہ ؛ بحر دوست پرندہ ؛ سمندری پرندہ ۔

sea biscuit, sea bread, n. سخت اور خشک بسکٹ یا جہازی روٹی ؛ سوکھے جہازی بسکٹ ۔

seaboard, n., a. ساحل بحر ؛ ساحلی ملک ۔

seaborne, a. بحربرداشتہ ؛ سمندر کے ذریعے لایا یا لے جانے والا سامان ؛ بحری سامان ۔

sea bream, n. بحری سیم ماہی ؛ ایک قسم کی خوردنی بحری مچھلی جو یورپی سمندروں میں پائی جاتی ہے ؛ بحر اوقیانوس کے ساحل کے ساتھ ساتھ پائی جانے والی زریں سر یا بعض دیگر اقسام کی مچھلی ۔

sea breeze, n. نسیم بحری ؛ سمندری ہوا ؛ سمندری سے خشکی کی جانب چلنے والی ٹھنڈی ہوا ۔

sea captain, n. جہاز کا کپتان یا سربراہ ؛ ناخدا ۔

sea change, n. سمندری تبدیلی ؛ سمندر کی لائی ہوئی موسم میں بالعموم خوش گوار تبدیلی؛(مجازاً) زبردست تبدیلی ۔

sea chest, n. (جہاز رانی) بحری ملاحوں کے ذاتی سامان کا صندوق ؛ خط آب سے نیچے جہاز کے ڈھانچے سے لگی ہوئی وہ تنصیب جس کے ذریعے سمندری پانی داخل ، خارج ہوتا رہتا ہے ۔

seacoast, n. ساحل سمندر ؛ ساحلی علاقہ ۔

sea cow, n. بحری گائے ؛ سیرینیا (Sirenia) سلسلے کا کوئی بھی آبی ممیل ، جیسے جل گائے یا منائی (سمندری گائے) ۔

sea crayfish, n. چھوٹا ریڑھ دار کیکڑا ۔

sea cucumber, n. خراطین البحری ؛ کھیرے کی شکل کا ایک بحری خار پوست جس کی بڑی بڑی مونچھیں ہوتی ہیں ۔

sea devil, n. ایک قسم کی زہریلی مچھلی ۔

sea dog, n. کتا مچھلی ؛ عام دریائی بچھڑا ؛ بہت تجربہ کار ملاح ؛ دریائی قزاق ۔

seadog, n. سمندری سراب ؛ بحری دھند ۔

seadrome, n. (طیرانیات) سمندری ہوائی اڈا ؛ تیرتا ہوائی اڈا ؛ وہ جگہ جہاں طیارے سمندر پار جاتے ہوئے اتر سکتے ہوں اور بوقت ضرورت ان کی دیکھ بھال بھی کی جا سکتی ہو ۔

sea duck, n. سمندری بط ؛ سمندر پر اکثر آتی رہنے والی غوطہ خور مرغابیوں یا بطخوں میں سے کوئی ایک ۔

sea eagle, gray sea eagle, n. ماہی خور عقاب ۔

sea ear, n. دیکھیے : Abalone ۔

sea fan, n. سمندری پنکھا (مونگا) ؛ مرجانیوں کی وہ قسم جو پنکھ روپی بستی بناتی ہے ، یہ غرب الہند کی نوع ہے ۔

seafaring, a. ملاحی کا ؛ بحری پیشہ اختیار کرنے والا ؛ بذریعہ بحرمسافرت کا ۔ (اسم) بحری سفر ، ملاح کا پیشہ ۔

sea farer, n. ملاح یا بحری مسافر ۔

sea feather, sea fan, n. سمندری پنکھا (مونگا) ؛ بستی بنا کر رہنے والے وہ مرجانیے جن کی کھال پروں جیسی لگتی ہے ۔

sea fight, n. بحری جنگ یا جھڑپ (جہازوں کے مابین) ۔

sea fire, n. وہ ہلکی روشن دار چمک جو بعض گہرے سمندر کی مچھلیوں سے رات کے وقت خارج ہوتی ہے ؛ جگنو مچھلی ۔

seafolk, n. بحریے ؛ ، سمندر پیشہ لوگ ؛ ملاح ۔

seafood, n. بحری خوراک ؛ آبی غذا جیسے مچھلی ، صدف ماہی یا اور کوئی کھایا جانے والا آبی جانور ۔

seafowl, seabird, n. بحری پرندہ ؛ سمندری پرندہ ؛ ایسا کوئی پرندہ جو پانی کے پاس رہتا ہو اور اسی سے اپنی خوراک حاصل کرتا ہو ۔

sea front, n. سمندر رخ ؛ بحر رو یا لب ساحل عمارات یا اراضی ۔

sea gate, n. راہ بحر ؛ وہ رودبار جس کے ذریعے سمندر تک رسائی ہوتی ہو ۔

seagirt, a. سمندر سے گھرا ہوا ۔

seagoing, a. جسے سمندر میں جانے کے لیے بنایا گیا ہو (جیسے : a seagoing vessel) ؛ بحر نوردانہ ۔

seagoer, n. بحری مسافر یا سیاح ؛ بحر نورد ۔

sea-green, a. سمندر رنگ ؛ گہرا سبز رنگ ؛ سمندری پانی کا سا رنگ لیے ہوئے ؛ کبودی ؛ سبز رنگ کا ۔ (اسم) سبز رنگ ۔

sea gull, n. بحری بگلا ؛ کوئی بگلا ؛ جنقلہ ؛ جو اصل ۔

sea holly, n. ایک خار دار پتوں والی جھاڑی کا پودا جس کے نیلے پھول ہوتے ہیں اور اکثر یورپی ساحلی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

sea horse, n. دریائی گھوڑا ؛ فرس البحر ؛ گھوڑ مچھلی ؛ والرس مچھلی ؛ گھوڑے سے مشابہ سر اور گردن والی مچھلی ؛ ایک افسانوی جانور ، آدھا گھوڑا اور آدھی مچھلی ۔

sea-island cotton, n. جزیرہ کپاس ؛ ایک قسم کی لمبے ریشے والی کپاس جو جنوبی کیرولینا ، جارجیا وغیرہ کے ساحلوں سے ہٹے ہوئے جزیروں میں ہوتی ہے ؛ اس کپاس کا پودا ۔

sea kale, n. سمندری گوبھی ؛ رائی خاندان سے ایک قسم کی گوبھی کی طرز کا پودا جو یورپ کے ساحل کے ساتھ ساتھ پایا جاتا ہے ۔

sea king, n. شاہ قزاق ؛ عہد وسطیٰ میں مغربی یورپ کے ساحلوں پر لوٹ مار کرنے والے نارمنی قزاقوں میں سے کوئی ایک ۔

seal, n. سیل ؛ سگ ماہی ؛ دریائی بچھڑا ؛ ایک جسیم سا گوشت خور سمندری ممیل جس کے جال نما پیراکے ہوتے ہیں اور ان کے سہارے وہ سرد پانی میں بآسانی آ جا سکتا ہے ، اس کی ایک قسم بے گوش ہوتی ہے ، ایک اور قسم ملائم سمور والی ہوتی ہے جسے بحری شیر کہتے ہیں ، اس کے عقبی مہپیر آگے کو جھک کر بدن سے لگ جاتے ہیں ؛ اس کی کھال کی بنی ہوئی کوئی چیز ، جیسے سمور یا چمڑا ؛ بہت گہرا شوخ ، خاکستری مائل بھورا رنگ ۔ (فعل متعدی) دریائی بچھڑے کا شکار کرنا ۔

seallike, a. سیل نما ؛ سگ ماہی کی طرح ۔

seal, n. مہر ؛ ٹھپا ؛ نشان ؛ علامت ؛ خاتم ؛ پتھر ، دھات یا کسی اور سخت شے کی بنی ہوئی

انگوٹھی جس میں کوئی شکل ، نشان یا تحریر کنندہ ہوتی ہے تاکہ کسی نرم چیز مثلاً موم ، پلاسٹک یا کاغذ پر اس کا نقش لگ سکے ؛ اس مہر کی لگی ہوئی چھاپ ؛ خط ، لفافے یا دوسری کسی چیز کو بند کرنے والا موم ، لاکھ اور ٹکٹ وغیرہ ؛ بند کرنے ، باندھ دینے یا محفوظ کر دینے والی کوئی شے ؛ وہ جو تحفظ کی ضمانت دے سکے بالعموم مہر کو توڑے بغیر اس کو کھولنے کی ؛ وہ نشان یا علامت جس سے کوئی چیز مستند یا مصدقہ ہو جائے یا جو توثیق اور ضمانت کا باعث بن جائے ؛ کسی منصب اعلیٰ کی علامت ؛ گوند لگا زیبایشی کاغذ پارہ جسے کسی اچھے مقصد کی خاطر رقم اندوزی کے لیے بیچتے ہیں (جیسے :an Easter seal) ۔ (میکانیات) کسی نل یا نلکی کے بالائی دہانے میں کسی سیال مادے کی وہ مقدار جو گیسوں کو نکل جانے سے روکتی ہے ۔ (فعل متعدی) مہر لگانا (مستند بنانے کے لیے) ؛ مہر بستہ کر کے کسی شے کو قطعی اور حتمی کر دینا ؛ مہر زدہ کر کے مطلوبہ تقاضوں کے تکمیل پا جانے کی توثیق کرنا ؛ یوں محفوظ کر کے باندھنا کہ خفیہ طور پر اسے کھولا نہ جا سکے ؛ مہر لگا کر بند کرنا ؛ یوں بند کرنا جیسے مہر لگا دی گئی ہو ؛ کیمیائی طریقے سے بند کرنا ؛ مہر ثبت کرنا ، تعین کرنا اور اختتام تک پہنچانا (جیسے : to seal one's fate) ؛ مہری احکام یا تحریر کے ساتھ کسی کو بااختیار بنانا ۔ (میکانیات) کسی شے کو یوں مضبوطی سے بند کرنا یا اس کی درزبندی کرنا یا اسے بھر دینا کہ اس میں سے کچھ نہ نکل سکے اور کچھ نہ ڈالا جاسکے ۔ (مارمن کلیسا) ہمیشہ ہمیشہ کے لیے پابند کرنا یا ممی بنا دینا ، جیسے کسی شادی یا تبنیت کو ۔

under seal, مہرزدہ ؛ صاحب مہر کے نشان اور اختیار کے ساتھ جاری کردہ ۔

sea ladder, n. جہازی سیڑھی ؛ سمندری سیڑھی ؛ خالی رسے کی یا کسی اور قسم کی سیڑھی جسے عرشۂ جہاز سے پانی میں لٹکایا جا سکے اور سمندر میں، خصوصاً کسی بڑے جہاز پر سوار کرایا جا سکے ۔

sea lamprey, lamprey, n. مرینہ یا بام : ایک بڑی مچھلی جو انڈے دینے کے لیے دریاؤں میں چلی جاتی ہے اور اس طرح یہ عظیم جھلیوں میں داخل ہو گئی ہے ۔

sea-lane, n. دیکھیے : lane ۔

sea lavender, n. بحری اسطوخودوس ؛ قدیم دنیا (یعنی ایشیا اور یورپ) کا ایک سدا بہار پودا جو ساحل سمندر پر ہوتا ہے ، اس پر سرمئی رنگ کے چھوٹے چھوٹے پھولوں کی یک رخی بالیاں سی لگی ہوتی ہیں ؛ اسی قسم کا ایک پودا جو شمالی امریکا کے مشرقی ساحل پر بھی پایا جاتا ہے ۔

sea lawyer, n. (بول چال) جھگڑالو ؛ حُجت باز ؛ اعتراض پیشہ (ملاح) ؛ جو افسران بالا کے احکام کی پرواہ نہ کرتا ہو اور اپنے کام کا رونا روتا رہتا ہو ۔

sealed bid, n. سربمہر پیشکش ؛ کسی خاص ٹھیکے کے لیے بند لفافوں میں ٹھیکے داروں کی جانب سے مسابقت میں بھیجی جانے والی پیش کش یا تخمینہ ، ٹھیکہ بالعموم مناسب تخمینہ دینے والے کو دیا جاتا ہے ۔

sea legs, n. بغیر ڈولے چلنے کی صلاحیت ؛ جہاز کے عرشے پر اس وقت بھی چلنا جب وہ ڈول رہا ہو یا آگے کو جھک رہا ہو ؛ سمندری متلاہٹ کے عارضے سے مامونیت ۔

sealer, n. مہرزن یا وہ مواد جس سے مہر لگائی جائے ؛ باٹ پڑتالیا جو باٹوں اور پیمانوں کو جانچنے کے لیے ،ان باٹوں پر مہر لگاتا ہے جو معیار کے مطابق ہوں ۔

sealer, n. سیل شکار ؛ وہ ملاح یا جہاز جو سیل مچھلی کے شکار میں مصروف ہو ۔

sealery, n. سیل کا شکار کرنے کا پیشہ یا ان کو پکڑنے کی وہ جگہ جہاں سے ان کو عموماً پکڑا جاتا ہو ۔

sea lettuce, n. بحری کائی ؛ اُلوا (Ulva) جنس کی سمندری کائی جس کے بڑے بڑے ڈنٹھل اکثر سلاد کے طور پر کھائے جاتے ہیں ؛ بحری سلاد ؛ آبی سلاد ۔

sea level, n. سطح سمندر ؛ سمندر کی سطح کے مطابق آس پاس کی افقی یا ہموار سطح ، اس سطح کا تعین مدوجذر یا پانی کی بلند سے بلند اور پست سے پست سطح کی درمیانی حالت سے کیا جاتا ہے ۔

sea lily, n. سمندری سوسن ؛ خار پشت کی ایک قسم جس کی شکل للی کے پھول کی سی ہوتی ہے ، یہ سمندر کی تہ سے ایک جوڑ دار تنے کے ذریعے چمٹے ہوتے ہیں ۔ نیز : crinoid ۔

sealing wax, n. مہر لاکھ ؛ لاکھ ؛ مڑے ہوئے کاغذوں ، لفافوں یا اسی قسم کی چیزوں پر مہر لگانے کی لاکھ ۔

sea lion, n. دریائی بچھڑا ؛ بحری شیر ؛ گوش دار جسیم والرس ، یہ کئی اقسام کا ہوتا ہے (جیسے : Steller's sea lion) اور بحرالکاہل کے بعض حصوں میں پایا جاتا ہے ۔

seal ring, n. مہری انگوٹھی ؛ ایسی انگوٹھی جس پر مہر لگی ہوتی ہے اور جس سے لاکھ پر مہر لگائی جا سکتی ہے ؛ چھاپ ۔

sealskin, n. دریائی بچھڑے کی کھال یا کھال سے بنی ہوئی چیز ۔

Sealyham terrier, n. ٹیریئر کی چھوٹی ٹانگوں اور کھردری یا ایال دار کھال کی ایک قسم ۔

seam, n. سیوَن ؛ دو ٹکڑوں کو ایک کرنے والی سلائی یا لگائے گئے ٹانکے ؛ بخیہ ؛ دو ہڈیوں کا جوڑ ؛ داغ یا نشانی ؛ دو کناروں کو جوڑنے والی سلائی یا لکیر ؛ جھری (سلوٹ) ؛ دو تختوں کی جڑن درز ۔ (کشیدہ کاری) اون کی سلائیوں سے دوہری بنائی سے بنائی ہوئی حاشیے کی لکیر ۔ (ارضیات) دو طبقات کا مابینی خط فاصل ؛ کسی خام دھات یا کوئلے کی بچھی ہوئی وہ پتلی سی تہ جو دو ، زیادہ دبیز طبقات کے مابین ہو ۔ (فعل متعدی) سی کر جوڑنا ؛ بخیہ ڈال کر ایک کر دینا ؛ داغ دار کر دینا ؛ سلوٹ ڈالنا ۔ (کشیدہ کاری) دوہری بنائی کرنا ۔ (فعل لازم) شگاف یا درز پڑ جانا ۔ (کشیدہ کاری) دوہرے گھر کی بُنائی سے حاشیہ بنانا ۔

seamer, n. سلائی کرنے یا ٹانکہ لگانے والا ۔

seamless, a. بے جوڑ ؛ بے شکن ؛ بلا سِیوَن ۔

seamlessly, adv. بلا جوڑ کے ؛ بلا سیون کے ۔

seamlessness, n. شگافیت ؛ شکن داریت ۔

seamlike, a. سیونَ کی طرح ؛ شگاف کے مانند ؛ درز نما ۔

sea-maid, sea-maiden, n. جل پری ؛ بنت البحر ؛ جل دیوی ۔

seaman, n. جہازی ؛ بطور پیشہ جہاز رانی میں ہاتھ بٹانے والا ؛

بحریہ میں افسر سے کم منصب کا ملازم ؛ ملاح ؛ چھوٹے افسر سے نچلے درجے کا بحری ملازم ۔

seamanlike, seamanly, a. بحری ملازم یا ملاح کے شانِ شایان ۔

seamanship, n. فن جہاز رانی یعنی جہاز چلانے ، کھینے اور اس کی نگہداشت کا فن ؛ اس فن میں مہارت ؛ بحر کاری ۔

seamark, n. بحری نشان ؛ جہازیوں کی راہنمائی کے لیے خشکی پر بنی ہوئی کوئی بلند سی جگہ یا شے ؛ روشن منارہ ۔

sea mew, n. بحری بگلا ، خصوصاً یورپی سمندروں کا عام بگلا ۔

sea mile, n. سمندری مِیل ۔

sea mount, n. (ارضیات) وہ زیر آب پہاڑ جو فرش بحر سے کم از کم پانچ سو فیدم اونچائی رکھتا ہو ۔

sea mouse, n. موش بحری ؛ موش دریائی ؛ چوہے کی سی شکل کا ایک آبی کنڈلیا ، اس کے جسم پر لمبے باریک کانٹوں کے سے بال ہوتے ہیں ۔

seamstress, n. درزن ؛ سینے میں ماہر عورت ۔

seamster, n. (مذکر) درزی ، خیاط ۔

seamy, a. ادنیٰ ؛ کمینہ ؛ کریہہ ؛ بخیہ دار جیسے سلے کپڑے کے اندر والی سیون جو صاف نظر آتی ہے ۔

seaminess, n. کمینہ پن ؛ کراہیت ۔

seance, n. کسی سرکاری ادارے کا اجلاس ؛ مرحومین کی روحوں سے ہمکلام ہونے کے لیے کسی روحانی شخص کی جانب سے جمائی ہوئی محفل ؛ محفل کشف ۔

sea nettle, n. ایک قسم کی فالودہ مچھلی جس کے گیروں /محاس میں ڈنک ہوتے ہیں ۔

sea onion, n. بحری پیاز ؛ ایک قسم کا پیاز جو بحیرۂ روم کے خطے میں پایا جاتا ہے اور اس کی گانٹھ دواؤں میں کام آتی ہے ۔ نیز : sea squill ۔

sea otter, n. بحری اودبلاؤ جو بہت کم یاب ہے اور شمالی بحرالکاہل کے ساحلوں سے ہٹ کر رہتا ہے ، اس کی بھوری سمور بہت گراں بہا گنی جاتی ہے ۔

sea pen, n. بحری سانپ ؛ مرجانیوں کی ایک قسم جو پرنما بستیاں بنا کر رہتی ہے ۔

seaplane, n. آبی طیارہ : ایک آبی طیارہ جسے سمندر پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے ، اس کی نچلی سمت کشتی نما نہیں ہوتی بلکہ اس میں ،ترنے لگے ہوتے ہیں جن کے سہارے وہ سطح آب پر تیر سکتا ہے ۔

seaport, n. بندرگاہ یا وہ شہر جہاں بندرگاہ ہو ۔

sea power, n. (عسکری) بحری طاقت ؛ وہ ملک یا قوم جس کی بحریہ بہت مضبوط ہو یا سمندری آمدورفت میں جس کا خاصا اثر ہو ۔

sea purse, n. شارک وغیرہ کی بعض قسموں کے بآسانی نہ ٹوٹنے والے بیضہ خول ؛ زیر آبی لہر کی وہ گردش جو سطح آب پر نہانے والوں کے لیے خطرناک ہوتی ہے ؛ زیریں گرداب ؛**چھپا بھنور**۔

seaquake, n. **زیر آب آتش فشانی یا زلزلہ** ۔

sear, v.t. مرجھانا ؛ جلد کو جلا دینا ؛ داغنا ؛ جھلس دینا ؛ محروم الحس کر دینا ؛ سنگ دل یا بے رحم کر دینا ؛ نشان داغنا ۔ (فعل لازم) مرجھا جانا ؛ سوکھ جانا ۔ (صفت) خشک ؛ مرجھایا ہوا (جیسے :a sear leaf) ۔ (اسم) داغ ؛ جلنے کا نشان ۔

sear, n. بندوق کا گھوڑ روک ۔

sea raven, n. بحری کوا ؛ ایک قسم کی سمندری مچھلی جس کی پشت پر بڑا سا نوکیلا پھن ہوتا ہے ، جو امریکا کے شمالی اوقیانوسی ساحل پر عام ہے ۔

search, v.t. تلاش کرنا ؛ ڈھونڈنا ؛ تفتیش کرنا ؛ جستجو کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ کسی کو حاصل کرنے یا پانے کے لیے ادھر ادھر کسی جگہ میں سے گزرنا یا نظر دوڑانا ؛ تلاشی لینا ، جیسے کسی شخص کی جیبوں یا کپڑوں کی تا کہ معلوم ہو جائے کہ اس نے کوئی چیز تو نہیں چھپا رکھی ؛ توجہ سے پڑھنا یا جانچنا ، جیسے کسی ریکارڈ یا رجسٹر یا کسی مجموعے کو معلومات گیری کے لیے ؛ نیت یا اصل مدعا وغیرہ کو پا جانے کے لیے خوب توجہ سے پڑتال کرنا (جیسے : to search one's own heart) ؛ زخم وغیرہ کو کریدنا ؛ ہوا کا یا سردی وغیرہ کا بدن میں گھستے چلے جانا ؛ تلاش کر کے بے نقاب کرنا یا جان جانا (اس صورت میں عموماً بعد میں out لگاتے ہیں) ۔ (فعل لازم) تلاش ہونا ؛ ڈھونڈنا ؛ پڑتالنا ؛ کھوجنا ۔ (اسم) تلاش ؛ تلاشی ؛ پڑتال ؛ کھوج؛معائنہ اور تفتیش ؛ متحارب ملک کے افسروں کی جانب سے سمندر میں غیر جانبدار ملک کے جہاز کے مسافروں اور ممنوعہ سامان کی موجودگی کی تلاشی (جیسے : the right of search) ۔

searchable, a. قابل تلاشی ؛ قابل توجہ ۔

searcher, n. تلاش کنندہ ؛ متلاشی ۔

searching, a. تلاشی ؛ پڑتال ؛ مکمل معائنہ ؛ متجسس نگاہ ؛ گہری نظر ؛ گھس جانے یا چبھ جانےوالی ،جیسے ہوا ۔

searchingly, adv. متجسس طور پر ۔

searchingness, n. تجسس ۔

searchlight, n. تلاش روشنی :کھوج روشنی ؛ ایک آلہ جس کے ذریعےتیز روشنی کی شعاع کسی مخصوص سمت ، جگہ یا شے پر یوں ڈالی جاتی ہے کہ وہ صاف نظر آ جائے ؛ روشنی کی شعاع ؛ سرچ لائٹ ۔

search warrant, n. حکم نامہ تلاشی؛ وارنٹ تلاشی ؛ کسی جج یا مجسٹریٹ کی طرف سے پولیس کو کسی نجی جگہ کی تلاشی کا قانونی اجازت نامہ ۔

sea robin, n. بحری گُل دم ؛ایک امریکی قرمزی مچھلی جس کے باہر کو نکلے ہوئے خوبصورت مہپر ہوتے ہیں اور یہ تین لمبے حساس استخوانی سہاروں پر کھڑے ہوتے ہیں ۔

sea room, n. گنجایش بحری ؛ سمندر کی کوئی (بندرگاہ کے قریب) اس قدر کشادہ جگہ جہاں جہاز بآسانی نقل و حرکت کر سکتا ہو ۔

sea rover, n. بحری قزاق ؛ لٹیرا جہاز ۔

seascape, n. منظر بحری ؛ آب منظر ؛ سمندر یا سمندری ساحل کی حدنگاہ ؛ بحری نظارہ ؛ سمندر یا سمندر سے متعلق کوئی مصوری ۔

sea scout, n. بحری اسکاؤٹ ؛وہ ہوائے اسکاؤٹ جس کو اسکاؤٹنگ کے بحری شعبے میں تربیت دی گئی ہو اور اس نے جہاز رانی اور پانی سے تحفظ جیسے کاموں میں مہارت حاصل کی ہو ۔

seasecouting, n. بحری اسکاؤٹنگ ۔

sea serpent, n. بحری عفریت ؛ عظیم اژدھا ؛ وہ افسانوی بلا جس کے بارے میں ملاحوں اور بعض سائنس دانوں نے چرچے تو بہت کیے ہیں لیکن جس کی ابھی تک تصدیق نہیں ہوئی ؛ بحر ہند کا ایک

زہریلا جل ناگ ۔

seashell, n. سیپی ؛ کسی صدفیے کی کھپڑی ۔

seashore, n. ساحل ؛ سمندر سے ہم کنار ریتیلا یا چٹانی علاقہ ۔ (قانون) سمندر کے خشکی پر چڑھ آنے اور اتر کر سمٹ جانے کا درمیانی علاقہ ۔

seasickness, n. سمندر زدگی ؛جہاز کے ڈولنے اور ہچکولوں سے سمندری متلاہٹ یا مالش جو بعض لوگوں کو سمندری سفر میں پیدا ہو جاتی ہے ۔

seasick, a. سمندر زدہ ۔

seaside, n. سمندر کے کنارے کا علاقہ ؛ ساحل بحر ؛ سمندر کنارا ۔ ریف؛بریتا ۔ (صفت) ساحل بحر سے متعلق یا اس پر واقع ۔

sea slug,nudibranch,holothurian,n. سمندری گھونگا ؛ ایک قسم کا گھونگا ؛ ایک ایسا سمندری معدہ پا جو کئی رنگوں اور شکلوں میں پایا جاتا ہے اور باہر کو نکلی ہوئی نلکی دار شاخوں کے ذریعے سانس لیتا ہے ۔

sea snake, n. منطقہ حارہ کا زہریلا سمندری سانپ ؛ بحری سانپ ؛ سمندری اژدھا ۔

season, n. موسم ؛ رُت ؛ فصل ؛ سماں ؛ سال کے حصوں میں سے کوئی ایک (بہار ، گرمی ، برسات ، خزاں اور سردی) جو مخصوص درجۂ حرارت ، بارش ، نباتات وغیرہ سے متصف ہوتے ہیں اور جو مختلف علاقوں میں مختلف اوقات میں واقع ہوتے ہیں اور اس کا دارومدار سورج کے گرد زمین کے محل وقوع پر ہوتا ہے ؛ سال کا وہ زمانہ جس میں کوئی خاص چیز کثرت سے ہوتی ہے (جیسے : the peach season) ؛ سال کا وہ حصہ جس میں کوئی خاص کام ، پیشے وغیرہ میں سرگرمی آ جاتی ہے (جیسے : the hockey season) ؛ کسی اہم تعطیل کے قبل یا بعد آنے والے ایام (جیسے : the Christmas season) ؛ کوئی خاص زمانہ ؛ مناسب ، صحیح یا درست وقت استعمال کے لیے دستیاب (جیسے:in season)؛صحیح اور بہت زیادہ مناسب وقت ؛ وہ عرصہ جو قانون نے متعین کیا ہو (جیسے : the hunting season) ؛ جانوروں کی جفتی کا زمانہ ۔

season, v.t. ذائقہ یا لذت کو مسالے ، نمک اور پتے وغیرہ ڈال کر بڑھانا ؛ لذیذ بنانا ؛ استعمال کے لیے بہترین صورت دینا (جیسے : to season timber by drying or hardening) ؛ عادی یا آزمودہ کار بنانا (جیسے : to season by experience) ۔ (فعل لازم) پختہ یا تجربہ کار ہو جانا ۔

seasoner, n. مسالا ؛ مسالا ڈالنے یا ملانے والا ۔

seasonable, a.. وقت اور موسم کے حسب حال ؛ مناسب وقت پر ؛ باموقع ؛ موزوں ۔

seasonableness, n. مناسبت موقع ؛ موزونیت وقت ۔

seasonably, adv. حسب موقع ؛ موزوں طور پر ؛ ٹھیک طرح ۔

seasonal, a. موسمی ؛ موسم کے موسم ؛ صرف مخصوص مدت کے لیے ۔

seasonally, adv. موسم کے حساب سے ۔

seasoning, n. گرم مسالا ؛ وہ اجزا جو کسی چیز کا ذائقہ بہتر کرنے کے لیے ملائے جاتے ہوں جیسے مسالے ، نمک ، جڑی بوٹیاں وغیرہ ۔

season ticket, n. میعادی ٹکٹ ؛ ایسا ٹکٹ جو ٹکٹ رکھنے والے کو ایک معینہ مدت میں بعض مخصوص رعایتوں کا مستحق بناتا ہے جیسے ریل سے سفر کرنے کا پاس،جو یک طرفہ کرائے کی شرح سے کم پر جاری کیا جاتا ہے ۔

sea squirt, n. مشکیلا ؛ لفیہ ؛ ایک سمندری لفیہ جو چھیڑنے یا چھونے پر منہ سے پانی چھوڑتا ہے ۔

sea strand, n. دیکھیے : Sea Shore ۔

seat, n. نشست ؛ بیٹھنے کے لیے بنی ہوئی کوئی شے جیسے کرسی ، بینچ وغیرہ ؛ کرسی وغیرہ کا وہ مخصوص حصہ جس پر کوئی بیٹھتا ہے ؛ بدن کا وہ حصہ جس کے بل بیٹھا جاتا ہے ؛ چوتڑیا سرین یا لباس کا وہ حصہ جو اس کو ڈھانپتا ہے ؛ وہ جس پر کسی شے کی بنیاد ہو ؛ بنیاد ؛ وہ جگہ جہاں کوئی شے واقع یا قائم ہو ؛ موقع ؛ مقام (جیسے : the seat of learning) ؛ مسلّمہ مرکز ، حکومت وغیرہ کا ؛ کسی ایک شخص کے بیٹھنے کی جگہ جیسے تھیئٹر وغیرہ میں ؛ کسی ایسی جگہ کو استعمال کرنے کا حق ؛ کسی اسمبلی وغیرہ میں رکن کی حیثیت سے بیٹھنے کا حق ؛ حلقہ انتخاب ؛ بازار حصص میں رکنیتی مراعات کا حق ۔ (فعل متعدی) بٹھانا ؛ بیٹھنے کے لیے نشست مہیا کرنا یا تلاش کرنا ؛ نشستوں کی گنجایش رکھنا (جیسے : the theater seats four hundred people) ؛ نشست لگا دینا ؛ گدّی یا پشت کو بدل دینا جیسے کسی کپڑے کی ؛ کسی منصب پر یا قانون ساز ادارے میں عہدہ یا رکنیت سنبھالنا یا حاصل کرنا ؛ بنیاد پر پختہ جمانا یا بٹھا دینا ۔

seater, n. بیٹھنے والا ؛ رکنیت ۔

sea tangle, n. بحری گھاس ؛ ساگر جھاؤ ؛ ایک سمندری پودا جو بھورے رنگ کا ہوتا ہے اور لامینیریا (Laminaria) جنس سے تعلق رکھتا ہے ۔

sea belt, n. دیکھیے : safety belt ۔

seating, n. نشست یا نشستیں مہیا کرنے کا عمل ؛ نشستوں کی ترتیب جیسے کسی تھیئٹر یا کمرے میں ؛ بیٹھنے والی جگہ پر لگنے یا لگانے والا سامان ۔

seatmate, n. ہم نشیں ؛ ہم نشست ؛ وہ شخص جو برابر میں بیٹھتا ہے یا کسی دوسری نشست میں شرکت کرتا ہے جیسے موٹر یا جہاز کی نشستوں پر ۔

seatrain, n. ٹرین بردار جہاز ؛ ایسا جہاز جس میں ریل کے ڈبوں کی باربرداری کا انتظام ہو ۔

sea trout, n. بحری ٹراؤٹ ؛ سامن مچھلی کی طرز کی کوئی نمکین پانی کی مچھلی ؛ کوئی سی خوردنی مچھلی ۔

sea urchin, n. بحری خار پشت ؛ توتیا البحر ؛ کوئی سمندری جانور جس کا جسم گول سا یا بیضوی ہوتا ہے اور بدن پر کانٹے کانٹے سے اگے ہوتے ہیں ؛ سمندری خارپشت ۔

sea wall, n. بحری پشتہ ؛ سمندر کے تجاوزکو روکنے کے لیے بنایا گیا کوئی مضبوط بند یا دیوار ؛ بحر بند ۔

seaward, seawards, a. بحر رخ ؛ سمندر کی جانب ، سمندر کی طرف سے آنے والا ۔ (متعلق فعل) سمندر کی جانب سے ۔ (اسم) ساحل سے ہٹا ہوا مقام یا راستہ ۔

seaware, n. بحری کھاد ؛ سمندری کھاد ؛ سمندر سے ساحل پر پھینکی گئی بحری کائی جوکھاد کا کام بھی دیتی ہے ۔

seaway, n. بحری راستہ ؛ سمندر میں آمدورفت کا ایک معین راستہ ؛ متلاطم یا طوفانی سمندر ؛ وہ کھاڑی جس میں جہاز بآسانی بندرگاہ تک پہنچ سکتا ہو ؛ لہروں کے علی الرغم جہاز کا طے

کردہ سفر ؛ وہ دریائی راستہ جس میں پانی کی گہرائی اتنی ہو کہ اس میں سے سمندری جہاز گزر سکے ۔

seaweed, n. سمندری جھاڑ ؛ کوئی پودا یا پودے جو سمندر میں اگتے ہیں ، خصوصاً بحری کائی ۔

seaworn , a. بحر خوردہ ؛ آب فرسودہ ؛ جل کھور ؛ سمندر سے کٹا پٹا (جیسے : a sea worn coast) ؛ سمندری سفروں سے فرسودہ یا ناکارہ (جیسے : a sea worn ship) ۔

seaworthy, a. وہ جہاز جو عمدہ حالت میں ہو اور بحری سفر کے قابل ہو؛ قابلِ بحر۔

seaworthiness, n. بحری سفر کے لیے موزونیت ۔

sea wrack, n. بحری خاشاک ؛ ساحل پر پھینکی گئی سمندری گھاس کے انبار۔

sebaceous, a. (فعلیات) چربیلا ؛ چربی سے متعلق ؛ چربی سے بنا ہوا یا چربی خارج کرنے والا ۔

sebacic acid, n. ایک تیزاب جسے کیسٹرائل سے سفید قلمی حالت میں کشید کرتے ہیں اور لاکھ ، نائلون اور پلاسٹک تیار کرنے میں استعمال کرتے ہیں ۔

seborrhea, n. (امراضیات) روغنی جریان ؛ روغنی غدودوں میں سے روغنی اجزا/چربی کا غیر طبعی اور فراواں اخراج ۔

seborrheal, seborrheic, a. روغنی ؛ چرب آلود ۔

sebum, n. (فعلیات) روغنی غدودوں سے خارج ہونے والا روغنی مواد ۔

sec, a. تلخ (شراب) ؛ مٹھاس سے خالی (شراب) ۔

secant, a. کاٹتا ہوا (کاٹتی ہوئی) ؛ دو کرتا ہوا ۔ (اسم) (جیومیٹری) وہ خط جو کسی قوس کو دو یا دو سے زیادہ مقام پر قطع کرتا ہو ؛ وہ سیدھی لکیر جو کسی دائرے کے مرکز سے چل کر اس کے محیط کو کاٹتی ہوئی اسی دائرے کے مماس سے جا ملتی ہے ؛ خط قاطع ؛ نصف دائرے اور مماس کا وتر ۔ (علم مثلثیات) کسی قائمۃ الزاویہ مثلث کے زاویۂ حادہ کے ضلع متّصلہ اور وتر کا تناسب ؛جسے جیب مستوی سے ضرب دی جائے تو یہ ایک کے مساوی ہو ۔

secateurs, n. (برطانوی) ایک قسم کی قینچی یا شاخ تراش ۔

secco, dry fresco, fresco secco, n. خشک پلاسٹر پر جلد خشک ہو جانے والا روغن کرنے کاطریقہ ۔دیکھیے : tempera ۔

secede, v.i. علیحدہ ہونا ؛ کسی انجمن سے باقاعدہ طور پر تعلق توڑ لینا ، بالخصوص کسی مذہبی یا سیاسی تنظیم سے ؛ اس قطع تعلقی کا باقاعدہ اعلان کرنا (جیسے : South Carolina was the first state to secede from the union) ۔

seceder, n. علیحدہ ہونے ، قطع تعلق کرنے والا ۔

secern, v.t. ذہن میں فرق شناسی کرنا ؛ ایک سے زیادہ اشیا یا اشخاص میں امتیاز کرنا ۔ (فعل لازم) الگ ہو جانا ۔

secernment, n. فرق شناسی ۔

secession, n. افتراق ؛ خروج ؛ علیحدگی ؛ اعتزال ۔ (بڑے S سے) امریکی تاریخ میں اس سے وہ علیحدگی مراد ہوتی ہے جو ۱۸۶۱ء میں ہونے والی خانہ جنگی میں جنوبی ریاستوں کے یونین (وفاق) سے الگ ہو جانے کی صورت میں رونما ہوئی ۔

secessional, a. علیحدگی پسند ؛ افتراق پسند ۔

secessionism, n. علیحدگی پسندی ؛ افتراق پسندی ۔

secessionist, n. افتراقی ، خروجی ؛ اعتزالی ؛ علیحدگی پسند ۔

seclude, v.t. الگ کرنا یا رکھنا ؛ دوسروں سے معمول کا رابطہ یا میل جول ختم کر دینا ؛ لوگوں کی نگاہوں سے دور یا ان کے اثرات سے بچ کر رہنا ۔

secluded, a. الگ تھلگ ؛ بے تعلق ؛ نگاہ خلق سے دور ؛ خانہ نشین ؛ عزلتی ؛ گوشہ گیر ۔

secludedly, adv. الگ سے ۔

secludedness, n. بے تعلقی ؛ خانہ نشینی ؛ گوشہ گیری ۔

seclusion, n. عزلت ؛ خلوت ؛ تنہائی ؛ گوشہ گیری ۔

seclusive, a. تنہائی والا ؛خلوتی ؛ گوشہ گیرانہ ۔

seclusively, adv. اکیلے طور پر ۔

seclusiveness, n. اکیلا پن ۔

second, a., adv. دوسرا ؛ پہلے سے بعد کا ؛ جگہ ، وقت ، منصب ، قدر ، وصف ، اہمیت ، ذمہ داری یا اقتدار میں پہلے کے بعد ؛ ہر ایک کے بعد دوسرا (جیسے : every second month) ؛ ایک اور (جیسے : a second car) ؛ پہلے جیسا یا اس کی طرز کا (جیسے : a second home) ؛ اکتسابی لیکن بمنزلہ طبعی (جیسے : a second nature) ۔ (مشین) ٹرک یا موٹر چلانے کے گیئروں میں دوسرا گیئر ۔ (موسیقی) سب سے اونچی تان سے نیچی تان جیسے سنگت میں دوسرے آدمی کی تان ؛ آواز یا ساز کے ساتھ ایسی تان اٹھانا (جیسے : second soprano یا second violin) ۔ (اسم) ڈوئیل میں اصل مبارز طلب کا نمائندہ یا نائب ؛ پیشہ ور باکسر کا معاون ۔ (جمع) وہ مال جو ناقص یا گھٹیا درجے کا ہو ؛ خوراک کی ایک مزید پلیٹ ؛ اسمبلی وغیرہ میں کسی تجویز کی تائید ، ایسی تائید مزید بحث و مباحثے کے لیے ضروری سمجھی جاتی ہے ۔ (مشین) ٹرک یا موٹر وغیرہ کا دوسرا گیئر ۔ (موسیقی) موسیقی میں ایک ہی ساز یا آواز کے لیے اٹھائی جانے والی تان میں سے نیچی یا ہلکی ؛ سرگم میں دو تواتری تانوں کا درمیانی وقفہ ۔

secondly, adv. ثانوی طور پر ۔

second, n. منٹ کا ساٹھواں حصہ ؛ سیکنڈ ۔ (مجازاً) ایک لمحہ یا پل ۔ (ریاضی) کسی درجے کے منٹ کا ساٹھواں حصہ جسے (″) کی علامت سے ظاہر کرتے ہیں ۔

second, v.t. حمایت کرنا ؛ تائید کرنا ؛ بطور نائب کام کرنا ؛ آگے بڑھانا یا لے جانا ؛ تقریر بازی ، مکہ بازی یا یکیّکی (dual) میں بطور نائب کے کام کرنا ؛ کسی تحریک یا تجویز کی تائید یا حمایت کرنا ۔

seconder, n. موئید ؛ تائید کنندہ ۔

secondary, a. ثانوی درجے کا منصب ، اہمیت یاقدرومنزلت وغیرہ میں ؛ ابتدائی سے علیحدہ ؛ ماتحتی ؛ ابتدائی تعلیم اور کالج کی تعلیم کے درمیان کی تعلیم/ثانوی تعلیم ۔ (طیوریات) کسی پرندے کے بازو کے دوسرے حصے کے پر کے متعلق ۔ (برق) امالی رو یا اس کے سرکٹ کا یا اس سے متعلق ، خصوصاً امالی لچھے سے متعلق ۔ (کیمیا) کسی ایسے مرکب کا جو بعض بنیادی جوہری تغیرات سے بنا ہو ۔ (ارضیات) ثانی الاصل (بعداً وجود پذیر ہونے والا) ؛ کسی اور معدن میں ساختی تبدیلیاں پیدا ہونے سے حاصل ہونے والا معدن ۔ (اسم) منصب یا محل کے حوالے سے دوسرا ؛ نائب یا ماتحت یا مددگار ۔ (طیوریات) کسی پرندے کے

اختیار کرنا ؛ بعد کی سوچ کی بنیاد پر تنقید کرنا ؛ بعد از مرگ واویلا کرنا ؛ پیش گوئی کی کوشش کرنا ؛ دوسرے کے دل کو بھانپ جانے یا اس کی چالاکی کو مات دینے کی کوشش کرنا ۔

second guesser, n. بعد میں سوچنے والا ۔

second hand, n. دوسری سوئی ؛ منٹوں کی سوئی ؛ گھڑی کی وہ سوئی جس کی حرکت سے سیکنڈوں کا پتہ چلتا ہے ۔

secondhand, a., adv. جو اصلی یا بنیادی نہ ہو ؛ کسی اور سے حاصل شدہ ، مستعمل ؛ استعمال شدہ ، پرانا ؛ پرانی اشیا کا کاروبار کرنے والا (جیسے : a secondhand book store) ۔

at second hand, adv. کسی درمیانی ذریعے سے ۔

second lieutenant, n. (عسکری) سیکنڈ لیفٹیننٹ ؛ فوج میں ابتدائی منصب کا کمیشن افسر ؛ سیکنڈ لفٹین ۔

second mortgage, n. رہن در رہن ۔ جائیداد کا ایسا مکفولہ رہن جو پہلے رہن کی بھی ضمانت دے ؛ وہ رہن جسے عموماً رہن اول کے بعد واجبات کی وصولی کا حق دار سمجھا جاتا ہے اور جائیداد کی آمدنی سے دونوں کی کفالت ہوتی ہے ۔

secondo, n. (موسیقی) دو گانے کا دوسرا یا جزو ثانی ؛ پہلے کے سُر سے سر ملا کر گانے والا دوسرا صدا کار ۔

second person, n. (گرامر) ضمیر حاضر ؛ ضمیر مخاطب ؛ بیشتر زبانوں کی وہ صورت جو اس امر کا اشارہ کرتی ہے کہ مخاطب ، مقرر یا مصنف ایک ہے یا ایک سے زائد ۔

second-rate, a. دوسرے درجے کا ؛ ادنیٰ ؛ متوسط ۔

second-rateness, n. درجہ ثانی کی حالت ؛ گھٹیا پن ؛ کم تری ۔

second-rater, n. گھٹیا ؛ کم تر ۔

second reading, n. دوسری خواندگی ؛ قانون سازی کے ضوابط میں وہ مرحلہ جس سے ایک مسودہ قانون بالعموم آخری منظوری یا نامنظوری سے قبل گزرتا ہے ، تا کہ اراکین اسمبلی کو اس پر اظہار خیال اور ممکنہ ترمیم کا موقع فراہم ہو سکے ، برطانیہ میں ایسا ، بل کو کمیٹی کے سپرد کرنے سے پہلے ہوتا ہے ، ریاستہائے متحدہ امریکا میں اس کی کمیٹی سے واپسی کے بعد ۔

second sight, n. آئندہ پیش بینی کی صلاحیت ؛ غیب دانی ؛ باطنی نظر ۔

second-story man, n. (عوامی) چور ؛ نچلی منزل کے اوپر کے موکھوں (سوراخوں) سے اندر داخل ہو کر چوری کرنے والا ۔

secrecy, n. راز داری ؛ مستوری ؛ پوشیدگی ؛ خلوت ؛ خلوت نشینی ؛ راز داری کی عادت یا عمل ؛ اخفائیت ۔

secret, a. مخفی ؛ بھید ؛ راز ؛ دوسروں کے علم سے الگ ؛ جس کا ایک یا معدودے چند ہی کو علم ہو (جیسے : secret passward) ؛ جس کا اعلان نہ ہو (جیسے : secret negotiation between Russia and France) ؛ الگ تھلگ (جیسے : a secret hideout) ؛ افشائے راز پر نارضامند (جیسے : a secret rites) ؛ پوشیدہ (جیسے : secret compartment) ۔ (عسکری) وہ کاغذات جن کو عسکری درجہ بندی میں اہمیت اور رازداری کے حوالے سے دوسرے بڑے درجے میں شمار کیا جاتا ہو ۔ (اسم) کوئی شے یا بات جو اہتماماً مخفی رکھی گئی ہو ؛ عوام سے پردے میں رکھی ہوئی بات یا شے ؛ وہ بات یا شے جس کو ابھی تک جانا یا سمجھا نہ جا سکا ہو ؛ معما ۔ (عسکری) اطلاعات و دستاویزات کی درجہ بندی میں دوسرے نمبر پر ۔

بازو کے دوسرے جوڑ میں اگنے والا پَر ۔

secondarily, adv. دوم ؛ ثانیاً ؛ ثانوی طور پر ۔

secondariness, n. ثانوی حیثیت ؛ ثانویت ۔

secondary cell, n. (برق) ثانوی سیل ۔

secondary color, n. ثانوی رنگ ؛ دو رنگوں کی برابر کی ملاوٹ سے پیدا ہو جانے والا نیا رنگ ۔

secondary emission, n. (طبیعیات) ثانوی اخراج ؛ برقائے ہوئے ذرات کی بوچھاڑ کے نتیجے میں کسی شے میں سے برقیوں کا اخراج ۔

secondary radiation, n. (طبیعیات) اتفاقی ابتدائی تابکاری کے نتیجے میں کسی مادے سے نکلے ہوئے مرکزائی (نواتی) ذرات یا فوٹون ۔

secondary road, n. ثانوی سڑک ؛ امدادی سڑک ؛ جو کسی شاہراہ سے نکلتی یا آن ملتی ہے ۔

secondary sex characteristic, n. نر یا مادہ میں رونما ہونے والے ثانوی جنسی خصائص جن کا براہ راست تولید و تناسل سے تعلق نہیں ہوتا لیکن ہر ایک سے مخصوص ہوتے ہیں جیسے بلوغت پر مردوں میں ڈاڑھی اور عورتوں میں پستان ، اسی طرح بعض پرندوں میں اختلاف بال و رنگ یا نر ہرنوں میں سینگ یا شاخ دار سینگ ۔

second base, n. (بیس بال) کھلاڑی کے اپنے گھر سے بعد والا گھر جہاں اسے پہنچنا ہوتا ہے ؛ اس گھر کے آس پاس کے رقبے کی حفاظت کرنے والا کھلاڑی ۔

second-best, a. دوسرا بہتر ؛ دوسرے نمبر کا ؛ سب سے اچھے کے بعد اچھا ؛ سب سے عمدہ کے قریب قریب ۔

second childhood, n. دوسرا بچپن ؛ بڑھاپا ؛ کبرسنی ۔

second-class, a. درجہ دوم کا ؛ دوسرے درجے کی سواری یا جگہ ؛ اخبارون ، رسالوں سمیت ترسیلی حوالے سے ایک نوعیت کی ڈاک ، جسے درجہ اول کے بعد کی ترجیح و سہولت دی جاتی ہے ؛ گریڈ یا وصف میں ثانوی حیثیت کی ؛ کم تر ۔ (اسم) درجہ دوم ؛ دوسرا درجہ ۔

Second Coming, n. قیامت کے دن حضرت عیسیٰ کا زمین پر ظہور ثانی ؛ نزول عیسیٰ ؛ نزول ثانی ۔

second-degree burn, n. (امراضیات) ثانوی درجے کی جلن (جس میں جلد سرخ ہو جاتی ہے یا اس پر چھالے پڑ جاتے ہیں اور اس سے زیادہ جلد کو نقصان نہیں پہنچتا) ۔

seconde, n. (تیغ بازی) شمشیر زنی میں آٹھ پنتیروں کے سلسلوں میں سے دوسرا ۔

Second Empire, a. فرانسیسی فرنیچر کے متعلق ؛ اس فرنیچر اور اندرونی تزئین کے متعلق جس میں سونے کا بہت کام کیا گیا ہو اور اس مرصع طرز میں تیار کیا گیا ہو جو فرانس میں نپولین سوم کے عہد میں بہت مقبول ہوا ۔

second fiddle, n. (بول چال) معاون ، ثانوی یا تحتانی کردار ادا کرنے والا ؛ دوسرے سے دبا دبا سا رہنے والا ؛ تابع حیثیت ۔

second growth, n. بازنموئی ؛ نئی پھوٹ ؛ کسی قدرتی ، ان چھوئے جنگل کے درختوں کی پہلی بار کٹائی یا تباہی کے بعد دوبارہ قدرتی نمو ۔

second-guess, v.t. دوسرا اندازہ/قیاس کرنا ؛ کسی اقدامی فیصلے پر پہنچنے اور اس میں تبدیلی کا امکان نہ رہنے کے بعد کوئی اور صورت یا راہ سوچنا ؛ محض تنقید یا نکتہ چینی کے لیے آخری حربہ

secretly, adv. راز میں ؛ خفیہ یا پوشیدہ طور پر ۔

secretorial, a. سیکرٹری سے یا اس کے کام کے متعلق ۔

secretariat, secretariate, n. معتمدی ؛ سیکریٹریٹ ؛ دفتر یا افسران جن کے کسی سرکاری ادارے کے نظم و نسق ، نگرانی اور معمولات نمٹانے کی ذمہ داریاں سپرد ہوں ؛ عملہ یا سیکرٹریوں کی معقول تعداد ؛ وہ عمارت جہاں سیکرٹری اپنے کاغذات رکھتا ہو اور اپنا کام نمٹاتا ہو ۔

secretary, n. معتمد ؛ سیکرٹری ؛ جو کسی دوسرے کے لیے خط و کتابت یا معمول کے کام سرانجام دیتا ہو ؛ کسی تنظیم یا کاروبار کا افسر جو ریکارڈ کا محافظ ہو اور بڑے بڑے فیصلوں میں معاون ہو ۔ (بڑے S سے) حکومت کا کوئی افسر جس کے ذمے خاص محکمے کا انصرام و انتظام ہو (جیسے : Secretary of Defense) ؛ وہ فرنیچر جس پر لکھنے کی سہولتیں موجود ہوں ۔

secretaryship, n. معتمدی ۔

secretary bird, n. ایک افریقی شکاری پرندہ ؛ منشی پرندہ ؛ یہ نام اس لیے دیا گیا کہ اس کی کلغی کے پاس ایک پر سا اگا ہوتا ہے جو کان میں رکھے ہوئے قلم (پر) کی طرح لگتا ہے ، رینگنے والے جانور اس کی مرغوب غذا ہیں ۔

secretary-general, n. معتمد عمومی ؛ معتمد اعلیٰ ؛ سیکریٹریٹ کا سربراہ یا افسر اعلی ، جیسا کہ اقوام متحدہ کے سیکریٹریٹ کا ۔

secrete, v.t. (فعلیات) بدنی رطوبت خارج کرنا یا پیدا کرنا ۔

secretive, a. (فعلیات) رطوبت کا خارج کنندہ یا پیدا کنندہ ۔

secrete, v.t. چھپانا ؛ کسی پوشیدہ جگہ میں رکھنا ۔

secretin, n. (حیاتی کیمیا) سیکرٹین ؛ آنتوں کے استر میں پیدا ہونے والا ہارمون جو لبلبے کے عمل کو تحریک دیتا ہے ۔

secretion, n. رطوبت ؛ جانداروں کے بدن کے مختلف اعضا میں پیدا ہونے والے سیال مادے جن میں سے بعض بدن کے اندر ہی محو کار رہتے ہیں اور بعض خارج ہو جاتے ہیں ؛ خارج کردہ مواد ۔

secretionary, a. رطوبت زا ۔

secretive, a. راز دار یا راز داری کا عادی ۔

secretively, adv. راز داری کی رُو سے ۔

secretiveness, n. راز داری ۔

secretory, a. رطوبتی ؛ رطوبت زا ۔ (اسم) رطوبتی عضو ؛ غدود وغیرہ ۔

secret police, n. خفیہ پولیس ؛ پولیس کا وہ طبقہ جو پوشیدہ طور پر ، خصوصاً حکومت کے سیاسی مفادات کا تحفظ کرتا ہے ۔

secret service, n. ادارۂ جاسوسی ؛ حکومت کی طرف سے کی جانے والی جاسوسی یا مخبری کا ادارہ ؛ وہ ادارہ یا طبقہ جس کو جاسوسی کے لیے منظم کیا جائے ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی وزارت خزانہ کا ایک شعبہ جس کا کام اس وزارت سے متعلق معاملات میں قانون شکنی کا سراغ لگانا ہے جیسے جعلی کرنسی بنانا یا بینک کے چیکوں میں فریب دہی ، نیز اس ادارے کے وظائف میں یہ بھی ہے کہ وہ صدر ، نائب صدر ، ان کے اہل و عیال ، سابقہ صدر ، ان کی بیویوں اور غیر شادی شدہ بچوں ، بیواؤں اور ان کے ۱۶ سال سے کم عمر نابالغ بچوں کی کانگرس کمیٹی کی رضامندی کے مطابق پاسبانی اور حفاظت کرے ؛ ادارۂ محافظت

secret society, n. خفیہ انجمن ؛ ایسی سماجی تنظیم جس کے حلف ،آداب و رسومات خفیہ رکھی جاتی ہیں ۔

sect, n. فرقہ یا گروہ ؛ ان افراد کا ایک گروہ جو ایک پیشوا یا رہبر کی تقلید کرتے ہیں یا فلسفیانہ یا مذہبی عقائد کی بنا پر متحد ہیں ؛ ایک مکتب فکر ؛ ایسا مظاہرہ جس کو بدعت سے تعبیر کیا جائے ۔ (گل بانی) قلم ؛ شاخ ۔

sectarian, a. گروہی ؛ شعوبی ؛ فرقہ پرست ؛ گروہ پرست ؛ کسی فرقے یا جماعت سے تعلق رکھنے والا ۔(اسم) متعصب ؛ سختی اور متعصبانہ طور پر کسی فرقے یا مذہبی گروہ کا پیروکار ۔

sectarianism, n. فرقہ بندی ؛ فرقہ پرستی ۔

sectarianize, v.t. فرقہ بند کرنا ؛ گروہ پرست بنانا ؛ فرقہ وارانہ اصول یا احساسات رگ و پے میں سرایت کر جانا ۔

sectary, n. شعوبی ؛ علیحدگی پسند ؛ جو کسی ایک فرقے سے متعلق ہو ؛ کسی بھی مسلمہ کلیسا کا مقلد نہ ہو ؛ کلیسائے انگلستان کو تسلیم نہ کرنے والا ؛ غیر مقلد ۔

sectile, a. آسانی اور ہمواری سے کاٹا جا سکنے والا ، جیسے کسی چاقو وغیرہ سے ۔

sectility, n. آسانی سے کٹ جانے والا ؛ نرم ۔

section, n. فریق ؛ کٹوت ؛ قسمت ؛ حصہ ؛ ایک حصہ جو بقیہ سے کٹا ہوا یا علیحدہ ہو ؛ ایک جزو ؛ کسی ملک یا قوم یا گروہ یا طبقے کا دوسروں سے واضح طور پر مختلف حصہ (جیسے : the Italian section of the city) ؛ کٹائی یا علیحدگی جو جراحی یا حیاتیات میں کاٹنے سے ممکن ہو ؛ کسی کتاب یا تحریر کا علیحدہ یا واضح طور پر مختلف حصہ (جیسے : a section of a news paper) ، جسے نشان سے نمایاں کیا جاتا ہے ؛ کسی کتاب کے باب کی ذیلی تقسیم ؛ کسی شے کے اندرونی حصے کی یوں بازنمائی جیسے اسے چیر پھاڑ کر رکھا گیا ہو ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں کسی ٹاؤن شپ کے ۳۶ حصوں میں سے ایک حصہ ؛ وہ ریل کا ڈبہ جس میں اوپر اور نیچے سونے کے لیے بستروں کی گنجایش ہوتی ہے ؛ آرکسٹرا کا وہ حصہ جو ایک ہی قسم کے سازوں پر مشتمل ہو ۔ (عسکری) کسی فوجی جمعیت کا چھوٹا سا حصہ یا تدبیراتی وحدت ۔ (حیاتیات) خردبینی معائنے کے لیے کسی شے کی ایک پتلی سی تراش ۔ (فعل متعدی) حصوں میں الگ یا تقسیم کرنا ۔ (ڈرائینگ) پینسل سے لکیریں ڈال کر (شیڈنگ کر کے) کسی حصے یا حصوں کو باقی سے نمایاں کرنا ۔

sectional, a. سیکشن یا سیکشنوں سے متعلق ؛ علاقائی ، مقامی یا الگ تھلگ ؛ کسی مخصوص حلقے یا دائرہ کار کا ؛ سیکشن یا ان کے اجزا پر مشتمل ۔ (اسم) وہ کاؤچ یا صوفہ جس میں متعدد محرابی فصل ہوں اور جن کو کئی طریقوں سے ترتیب دیا جا سکتا ہو ۔

sectionally, adv. سیکشنوں یا محرابی فصلوں کے طور پر ۔

sectionalism, n. فرقہ پرستی ؛ گروہ مزاجی ؛ تعصب ؛ علاقائی یا مقامی مفادات کا غیر معمولی لحاظ ۔

sectionalist, n. علاقائی یا مقامی مفاد پرست ؛ فرقہ پرست ۔

section gang, n. (ریلوے) ریل پٹڑی کے کسی مخصوص حصے کی دیکھ بھال کرنے والا عملہ ؛ قطعہ مزدور ٹولی ۔

section hand, n. (ریلوے) ریل پٹڑی کی دیکھ بھال کرنے والے عملے کا ایک فرد ۔

sector, n. علیحدہ قطعہ ؛ ایک شناخت پذیر ذیلی حلقہ (جیسے : the government sector of an economy) ۔(جیومیٹری) وہ تکونی سی شکل جو کسی دائرے کی قوس کے دو نصف قطروں سے قطع ہو کر بنتی ہے ؛ ریاضی کا ایک آلہ جس کے دو پاؤں ہوتے ہیں اور جو ایک سرے پر جڑے ہوتے ہیں ، یہ مختلف درجوں اور نیم قطروں پر جم جاتے ہیں اور خاکے بنانے کے کام آتے ہیں ؛ پر کار ۔ (عسکری) مختلف حدود کا مبارزتی علاقہ جس میں جنگی عمل ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) قطعات میں علیحدہ علیحدہ کرنا ؛ ٹکڑوں میں بانٹنا ۔

sectorial, a. رقباتی ؛ کسی رقبے سے متعلق یا اس کی خصوصیات کا حامل ۔ (حیوانیات) کاٹنے کے عمل کے لیے موزوں یا حسب حال ، جیسے بعض گوشت خور جانوروں کے دانت ؛ گوشت خور ؛ مقراضی دانت والا ۔

secular, a. اس جہان یا مادی اشیا سے متعلق ؛ دنیوی ؛ لادینی ؛ مذہبی یا مقدس حوالے سے خالی (جیسے : secular music) ؛ سکہ بند پادریوں کے برعکس ایسے پادریوں کا جنھوں نے ترک دنیا کا عہد نہ کیا ہو اور ان اصولوں کو نہ اپنایا ہو ؛ لمبے وقفوں کے بعد وقوع پذیر ہونے یا مشاہدے میں آنے والا ، جیسے ایک صدی میں ایک مرتبہ ؛ بہت طویل عرصے پر محیط ۔ (اسم) دنیا دار ؛ وہ پادری جس پر کلیسائی قوانین کی پابندی واجب نہ ہو ۔

secularly, adv. دنیا دارانہ ؛ دنیوی اعتبار سے ۔

secularism, n. لادینیت ؛ لادینی جذبہ یا رجحانات بالخصوص وہ نظام جس میں جملہ مذہبی عقائد و اعمال کی نفی ہوتی ہے ؛ یہ نظریہ کہ عام تعلیم اور مدنی مانذبود کے معاملات میں مذہبی عنصر کو دخیل نہیں ہونا چاہیئے ۔

secularist, n. اخلاقیات کا قائل ؛ لادین ۔

secularistic, a. **اخلاقی ؛ لادینی ۔**

secularity, n. لادینیت ؛ لامذہبیت ؛ **دنیاداری ؛** دنیوی معاملہ ۔

secularize, v.t. دنیوی بنانا ؛ غیر مذہبی بنانا ؛ مذہبی یا روحانی تعلقات و اثرات سے الگ کرنا ؛ دنیاوی یا غیر روحانی بنانا ؛ لادینیت کا سرایت کر جانا ؛ مذہبی املاک کو مدنی تصرف میں لے آنا یا دے دینا ؛ کسی پادری کا سکہ بند کلیسائیت سے غیر کلیسائی روش پر چل پڑنا ۔

secularization, n. دنیوی یا لادینی بنانے کا عمل ۔

secularizer, n. دنیا دار ؛ لادین ۔

secund, a. ڈنڈی کے **صرف ایک جانب اُگنے والا ،** جیسے بعض پھولوں کی شگفتگی ؛ یک رخہ (رخی) ؛ یک طرفہ ۔

secundly, adv. یک طرفہ طور پر ۔

secundine, n. (نباتیات) کسی تخمک کا پھلوٹا اندرونی غلاف یا پرت ؛ کسی مادے کی آنول نال یا جفت ۔

secure, a. فکر اور خوف سے آزاد ؛ پراعتماد ؛ خطرے کی زد سے باہر ؛ ازکار افتادہ نہ ہونے والا ؛ دباؤ نہ ماننے والا ؛ جابستہ ؛ محفوظ ؛ قابل اعتماد ؛ حملے یا ہلے کا دفاع کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ پائیدار ؛ یقینی اور پُراعتماد ؛ محفوظ ہاتھوں میں ۔ (فعل متعدی) محفوظ کرنا ؛ موثر طور پر خطرے سے بچانا ؛ یقین دلانا ؛ اطمینان دلانا ؛ موثر طریقے سے گھیرے میں لے لینا ؛ یوں گھیر لینا کہ بچ کر جانا ممکن نہ ہو ؛ ادائیگی کو یقینی بنانا جیسے دین دار کی نقصان کی تلافی کی ذمہ داری لینا ؛ مضبوطی سے اور اچھی طرح بند کرنا (جیسے : to secure a door) ؛ قبضے میں کر لینا ۔ (فعل لازم) محفوظ ہو جانا ۔ (جہاز رانی) جہاز کی تمام ڈھیلی اشیا کو اچھی طرح سے باندھ لینا اور تمام درزوں کو ڈھک دینا ۔

securable, a. قابل تحفظ ۔

securely, adv. حفاظت سے ؛ مضبوطی سے ۔

secureness, n. حفاظت ۔

securer, n. ضامن ؛ تلافی کرنے والا ۔

security, n. حفاظت ؛ مامونیت ؛ بے فکری ؛ تحفظ کا بھروسا ؛ ضمانت ؛ خطرے یا نقصان سے مامونیت ؛ مالی نقصان یا ضرورت کا بار ضمانت ؛ کسی کے واجبات کا ضامن بننے والا ؛ دوسروں کی ذمہ داریوں کی ضمانت دینے والا ؛ املاک جیسے بانڈ ، حصص ، سرٹیفکیٹ وغیرہ کو بطور ضمانت یا کفالت کے رکھنے والا ۔ (عسکری) تخریب کاری یا راز دارانہ (درجہ بند) معلومات کی چوری کے خلاف کیے جانے والے اقدامات ۔ (جمع) اسٹاک سرٹیفکیٹ ، حصص یا نوٹ ۔

Security Council, n. **اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل ؛ سکیورٹی کونسل** ؛اقوام متحدہ کا وہ ادارہ جس کا بنیادی کام بین الاقوامی امن اور سلامتی کو بحال و برقرار رکھنا ہے ، اس کے اساسی ارکان یہ ہیں :روس ، ریاستہائے متحدہ امریکا ، چین ، برطانیہ اور فرانس ، چھ رکن جنرل اسمبلی کے منتخب کردہ ہوتے ہیں اور جن کی میعاد دو سال ہوتی ہے ۔

sedan, n. ایک قسم کی بند موٹر جس کے دو یا چار دروازے ہوتے ہیں ۔

sedan chair, n. پالکی ؛ بودج ؛ ڈھکنی کرسی یا زیبایشی پالکی جسے دو کہار ڈنڈوں کے سہارے اٹھاتے ہیں اور عموماً ایک آدمی ہی اس میں بیٹھتا ہے ؛ ڈولی ؛ پینس ۔

sedate, a. احساسات اور اطوار میں پرسکون و باآرام ؛ غیر مضطرب ؛ غیر متلاطم ؛ متین ؛ پروقار ۔ (فعل متعدی) کسی شخص کو سکون کے لیے مسکن دوائیں دینا ۔

sedately, adv. سکون سے ؛ پروقار طریقے سے ۔

sedateness, n. متانت ، سکون پسندی ۔

sedation, n. مسکن ادویات کے ذریعے درد ، تکلیف یا اعصابی تناؤ کو کم یا رفع کرنے کا عمل ۔

sedative, a. سکون آور ؛ اضطراب ربا ؛ مسکِن ؛ درد ربا ۔ (اسم) وہ دوا جو مسکن ہو ، چڑچڑاہٹ ، جھنجھلاہٹ اور درد کو دور کرتی ہو ۔

sedentary, a. بیٹھے رہنے کا عادی ؛ زیادہ بیٹھنے کا متقاضی ؛ نکما ؛ مجھول ۔ (حیوانیات) مقیم جانور (نقل وطن کرنے والوں کے مقابلے میں) ؛ مستقلاً کسی چیز سے پیوست ۔

sedentarily, a. بے حس و حرکت ۔

sedentariness, n. اقامت ۔

Seder, n. (صیہونیت) یہودیت کے مطابق وہ مقدس کھانا جو اسرائیلیوں کے مصر سے خروج کی یاد میں پکایا جاتا ہے، عیدالفصح یعنی بہ تقریب عید فصح کی تعطیلات کے آغاز ہونے سے قبل پہلی رات کو یہودی مذہب کے لوگوں کی جانب سے منائی جاتی ہے

اور پھر قدامت پرست اور راسخ العقیدہ یہودیوں کی طرف سے دوسرے روز سے قبل۔

sedge, n. سُعادہ ؛ ایک گیاہی پودا جو متعدد اقسام کا ہوتا ہے اور دلدلی جگہوں یا دریا کے کناروں پر پایا جاتا ہے ، عام گھاس سے اس لحاظ سے مختلف ہے کہ اس کے تنے بے جوڑ تکونے اور ٹھوس ہوتے ہیں۔

sedgy, a. تکونیا۔

sedilia, n. وہ نشستیں یا بینچ جو قربان گاہ کے قریب جنوبی دیوار میں بعض گرجوں اور بڑے کلیساؤں میں پادریوں یا قربان گاہ کے منصرم اور اس کے نائبین کے لیے بنی ہوتی ہیں۔

sediment, n. تہ نشین ؛ تلچھٹ ؛ دُرد ؛ رسوب ؛ وہ مادہ جو پانی یا کسی اور رقیق شے کی تہ میں بیٹھ جاتا ہے۔ (ارضیات) وہ مواد یا ذرات جو ہوا اور پانی کے عمل سے کہیں بیٹھ جاتے ہیں۔

sedimentary, sendimental, a. رسوبی ؛ تہ نشین مواد وغیرہ سے متعلق یا اس پر مشتمل ؛ نیچے جا کر بیٹھے ہوئے مواد سے بنا ہوا۔ (ارضیات) رسوبی چٹانوں سے متعلق جو ہوا ، پانی یا برف کے عمل سے بیٹھ جانے والے تہ نشین مواد سے بنی ہوں۔

sedimentation, n. ترسیب ؛ تہ نشینی ؛ تہ اندوزی۔

sedition, n. سرکشی ؛ کسی ملک میں اضطراب انگیزی ؛ وہ حرکت جو غداری کی سمت تو جاتی ہو مگر اس کی حدیں نہ چھوتی ہو۔

seditionary, n. شرانگیز یا اضطراب انگیز شخص۔ (صفت) شرانگیزانہ۔

seditious, a. اضطراب انگیزی سے متعلق یا اس میں ممد و معاون ؛ شرانگیزی کرنے والا۔

seditiously, adv. شرانگیزی کے طور پر۔

seditiousness, n. شرانگیزی ؛ فتنہ پردازی۔

seduce, v.t. گمراہ کرنا ؛ فرض اور راستی سے ہٹانے کی کوشش کرنا ؛ بدقماش کر دینا ؛ بُری ترغیب دینا ؛ بدکاری کی طرف بہکانا۔

seducer, n. اغواہ کنندہ ؛ بہکانے والا۔

seducible, seduceable, a. اغوا پذیر ؛ جو ورغلانے میں آ جائے۔

seduction, seducement, n. گمراہی ؛ بدقماشی۔ ورغلاہٹ ؛ بہکاوا ؛ جھانسا ؛ اغوا۔

seductive, a. پھسلاوا یا بہکاوا لیے ہوئے ؛ گمراہ کن ؛ ورغلاہٹ لیے ہوئے۔

seductively, adv. پھسلاوے یا بہلاوے سے۔

seductiveness, n. گمراہی ؛ بہکاوا ؛ پھسلاوا۔

seductress, n. ورغلانے یا بہکانے والی عورت۔

sedulity, n. جفاکوشی ؛ جدوجہد۔

sedulous, a. منہمک ؛ محنتی ؛ جفاکوش ؛ مستعد ؛ ہمت اور استقلال سے کام لینے والا ؛ جی نہ ہارنے والا۔

sedulously, adv. محنت سے ؛ جفا کوشی سے۔

sedulousness, n. جفا کشی ؛ محنت۔

sedum, n. جنس پتھر بیل ؛ سیڈم ؛ پتھریلی جگھوں میں اگنے والا ایک پودا جو عموماً گودے والا اور سدا بہار ہوتا ہے ، اس کے پھول زرد ، سفید یا نیم گلابی سے ہوتے ہیں جیسے بعض خود رو گھاس کے ؛ سنگ رو۔

see, v.t. دیکھنا ؛ نگاہ ڈالنا ؛ ذہناً دیکھنا ؛ ذہن میں کوئی نقش یا تصور بنانا ؛ سمجھنا ؛ ادراک کرنا ؛ چشم تصور میں لانا ؛ پہچاننا ؛ پا جانا ؛ دریافت کرنا ؛ معائنہ کرنا ؛ تجربانا ؛ یقینی بنانا ؛ ذاتی تجربے کی بنا پر جاننا ؛ ملاقات کرنا ؛ میل جول رکھنا ؛ مشورہ کرنا (جیسے : to see an expert) ؛ رابطہ رکھنا ؛ استقبال کرنا ؛ ملنے کو جانا (جیسے : to go to see a friend) ؛ مہیا کرنا ؛ مدد کرنا (جیسے : to see her through this difficult period) ؛ مشایعت کرنا (جیسے : to see a lady home) ؛ موزوں ، مناسب یا قابل قبول پانا ؛ دیکھنا ، ملنا یا پسند کرنا (جیسے : I would see him in prison before I gave him money)۔ (تاش ، پوکر) پتے دیکھ کر ملانا یا مقابلہ کرنا۔ (فعل لازم) بینا ہونا ؛ ذہنی طور پر دیکھنا ؛ توجہ کرنا ؛ متوجہ ہونا ؛ دھیان میں رکھنا ؛ معائنہ کرنا یا تحقیق کرنا ؛ خبر گیری کرنا ؛ مشاہدہ کرنا۔

see about, توجہ دینا ؛ کھوج لگانا۔

see off, الوداع کہنا ؛ چھوڑنے جانا۔

see out, کسی کام کو تکمیل تک پہنچا کر دم لینا۔

see through, پا جانا ؛ اصلیت جان جانا ؛ بھانپ جانا ؛ لگے رہنا۔

seeable, a. دیکھنے ، سمجھنے ، معائنہ کرنے یا پڑتالنے کے لائق۔

seeableness, n. تصوریت ؛ ادراکیت ؛ احساس۔

see, n. اسقف کا اختیار ، عہدہ یا مسند ؛ اسقف یا اسقف اعظم یا روم میں پوپ کا کلیسائی دائرہ اختیار ؛ اسقفی کرسی۔

seed, n. بیج ؛ دانہ ؛ تخم ؛ گٹھلی ؛ پودے کا کوئی حصہ جس میں پھوٹنے کی صلاحیت ہو جیسے اکھوا یا گنٹھی ؛ نر جانور کا (انسان سمیت) مادہ منویہ ؛ پودے کی بالغ اور حاملہ تخمک جس میں جنین ہوں اور جو ایک نئے پودے کو جنم دے سکے ؛ گندم یا دوسری گھاسوں کا ایک دانہ ؛ اولاد ؛ نسل۔ (فعل متعدی) بونا ؛ بکھیرنا (بیج کو) ؛ بیج لگانا جیسے کھیت میں ؛ بیج نکالنا (پھل میں سے)۔ (موسمیات) مصنوعی بارش برسانے کے لیے فضا میں کیمیائی مواد کے بادل چھوڑنا۔ (کھیل) مقابلے میں ٹیم کو یوں ترتیب دینا کہ بہترین کھلاڑیوں کو آخر میں نبردآزمائی کے لیے رکھ لیا جائے ؛ اس طریقے سے ٹیم یا کھلاڑی کو نبردآزما کرانا۔ (فعل لازم) بیج لانا اور گرانا ؛ بیج بونا یا پودا لگانا۔

go to seed, پھل سے بیج بن کر گر پڑنا ؛ کمزور اور بھدا سا ہو جانا ؛ صحت کا خراب ہو جانا۔

seedless, a. بے بیج۔

seedlike, a. بیج نما۔

seedful, a. بیجوں والا ؛ بیج بھرا۔

seedbed, n. کیاری ؛ بود کیاری ؛ تخم ریزی کے لیے تیار کی گئی زمین ؛ وہ جگہ جہاں پنیری لگائی جاتی ہے کہ ذرا بڑے ہونے پر وہاں سے اکھاڑ کر کسی اور جگہ لگائی جائے۔

seedcake, n. سیاہ زیرہ اور خوشبودار بیجوں سے تیار کردہ کیک ؛ کھل (کھلی)۔

seedcase, n. (نباتیات) پھلی ، تخم دان ؛ بیج دان ؛ بیجولی۔

seedcoat, n. (نباتیات) تخم خول ؛ بیج کا غلاف ؛

بیج لفافہ۔

seedeater, n. تخم خور ؛ دانہ خور ؛ وہ پرندہ جس کی خوراک ہی بیج ہیں اور جس کی چڑیا کی طرح چھوٹی مضبوط چونچ ہوتی ہے۔

seeder, n. بیج بونے والا ؛ بیج بونے یا لگانے والا آلہ ؛ تخم ریزی کی مشین ؛ بیج نکالنے کا ایک طریقہ۔

seed fern, n. ناپید قسم کا کوئی درخت جس میں درخت اور فرن دونوں کی خصوصیات پائی جاتی ہیں ،اس کو صنوبروں کا مورث گنا جاتا ہے۔

seed leaf, n. دیکھیے : cotyledon۔

seedling, n. (نباتیات) تخمی درخت ؛ ایسا پودا جو شاخ کے بجائے بیج سے پیدا ہو ؛ چھوٹے قد کا درخت جس کی اونچائی تین فٹ سے کم ہو ؛ کوئی چھوٹا پودا یا پنیری جو کاشت کے لیے تیار کی گئی ؛ پنیری۔

seed oyster, n. نوعمر صدفہ جو اس قابل ہو کہ اسے کسی اور جگہ لے جا کر دبا دیا جائے اور وہ پنپنے لگے۔

seed pearl, n. چھوٹا سا قدرے عیب دار موتی جسے زیبایش کے کام میں لاتے ہیں۔

seed plant, n. وہ پودا جس کے ساتھ بیج لگتے ہوں ؛ تخم بردار پودا۔

seedpod, n. (نباتیات) پھلی ؛ وہ خول یا کیسہ جو فراش پھلی یا شیر گیاہ کے پودوں میں ہوتا ہے اور جو پکنے پر بالعموم پھٹ جاتا ہے۔

seedsman, seedman, n. بیج بیچنے والا یا بونے کے لیے بکھیرنے والا ؛ تخم فروش؛ بیجل۔

seed stock, n. بیجوں کا ذخیرہ ؛ بیجوں اور پھلیوں کا محفوظ ذخیرہ جو بوائی کے لیے مخصوص ہو۔

seedtime, n. بوائی کا زمانہ ؛ تخم ریزی کا وقت ؛ بوائی کا وقت ؛ بونے کی رُت/موسم۔

seed vessel, n. (نباتیات) بیج دانی۔

seedy, a. بجالا ؛ کثیر تخم ؛ بہت سے بیجوں والا ؛ بیجم بیج ؛ پیدا کرنے والا ؛ بیج ڈالنے والا ؛ بھدا سا ؛ ماندہ ؛ قابل رحم صورت والا ؛ خستہ حال یا بیمار سا نظر آنے والا ؛ کسی قدر بدنام۔

seedily, adv. خستہ حالی میں ؛ پھٹے پرانے کپڑوں میں ؛ بیماری کی حالت میں۔

seediness, n. ناسازئ مزاج ؛ خستہ حالی۔

seeing, conj. چونکہ ؛ بایں خیال ؛ اس لحاظ سے۔

Seeing Eye dog, n. نابیناؤں کی رہنمائی کے لیے ''Seeing Eye'' نامی ادارے کی جانب سے تربیت یافتہ کتّا۔

seek, v.t. طلب یا تلاش میں جانا ؛ تلاش کرنا ؛ دریافت کرنے میں زحمت اٹھانا (بعد میں اکثر out لگاتے ہیں) ؛ التجا کرنا یا آرزو مند ہونا (جیسے : to seek advice) ؛ حاصل کرنے کے لیے جانا (جیسے : to seek a shady spot) ؛ کوئی مقصد رکھنا ؛ کوشش کرنا (بعد میں مصدری حالت آتی ہے) ؛ سعی کرنا ؛ کسی کے حصول کے لیے ہاتھ پاؤں مارنا۔ (فعل لازم) تلاش یا تحقیقات کرنا۔

seeker, n. طالب ؛ تلاش کنندہ ؛ جویا۔

seel, v.t. (شاہین بازی) دھاگے سے بند کرنا یا سینا ، جیسے باز کی آنکھیں۔

seem, v.i. نظر آنا ؛ معلوم ہونا (جیسے : The boys seem happy) ؛ کی مانند لگنا ؛ تصور کرنا ؛ اپنے حواس ، فیصلے یا مشاہدے کے ذریعے معلوم ہونا (جیسے : I still seem to hear his voice.) ؛ موجود ہونے کا اشارہ دینا (جیسے : There seems good reason to fear him) ؛ دُون کی لینا ؛ موجودگی کا احساس دلانا ؛ بالکل عیاں ہونا ؛ بہانہ کرنا۔

seemer, n. دیکھنے ، تصور کرنے یا معلوم کرنے والا۔

seeming, a. بظاہر ؛ نظر آتے ہوئے یا لگتے ہوئے ؛ مشابہت لیے ہوئے (خواہ حقیقی خواہ بناوٹی)۔(اسم) دکھاوا ، خصوصاً جھوٹا ؛ مشابہت۔

seemingly, adv. بظاہر ، ظاہری یا دکھاوے کے طور پر۔

seemingness, n. دکھاوا ؛ ظاہر۔

seemly, a. موزوں ؛ مناسب ؛ گوارا ؛ پروقار ؛ دیکھنے میں خوب صورت یا خوش نما۔ (متعلق فعل) موزونیت کے ساتھ ؛ مناسب طریقے سے۔

seemliness, n. موزونیت ؛ مناسبت ؛ خوش نمائی۔

seep, v.i. کسی مسام دار شے میں سے کسی سیال شے کا آہستہ آہستہ رِستے جانا ؛ چھن چھن کر نیچے گرنا ؛ برسنا۔ (اسم) رطوبت جو باہر نکلتی ہے ؛ رسن ؛ سومہ ،جو رستے رِستے چھوٹے سے چشمے کی صورت اختیار کر گیا ہو ؛ سیم۔

seepy, a. رسنے والا ؛ بہ نکلنے والا۔

seepage, n. رسن ؛ رِسنے کا عمل یا سلسلہ ؛ سیم ؛ رسنے یا بہ نکلنے والا ؛ وہ جو رستا یا بہ کر باہر آتا ہے ؛ بہ نکلنے والی کسی چیز کی مقدار۔

seer, n. بصیر ؛ دیکھنے والا ؛ غیب دان ؛ پیش گو ؛ گہری روحانی بصیرت والا ؛ وہ شخص جس کے متعلق کہا جاتا ہو کہ وہ باطنی قوت کا مالک ہے ؛ حاضراتی ؛ کسی شفاف شے پر نگاہ جما کر غیب گوئی کرنے والا۔

seeress, n. غیب دان عورت۔

seer, n. [اردو] سیر کا بٹہ یا تول ؛ برصغیر میں رائج وزن کے پیمانوں میں سے ایک جو تقریباً دو پونڈ اور ایک اونس کے مساوی ہوتا ہے (اعشاری نظام کے بعد اس کا رواج ختم ہو گیا)۔

seersucker, n. [فارسی] شِیروشکر ؛ ایک دھاری دار کپڑا جس میں متبادل دھاریاں بُنی گئی ہوں ؛ دو دھاریا ؛ دو لہریا۔

seesaw, n. اونچ نیچ ؛ ہنڈولا ؛سی سا ؛ایک تختہ جو کسی سہارے پر ٹکا ہوتا ہے اور بچے اس کے دونوں کناروں پر بیٹھ کر باری باری اوپر نیچے یا آگے پیچھے جاتے ہیں ؛ وہ تختہ جو اس کھیل کے لیے استعمال کیا جائے ؛ اونچ نیچ یا آگے پیچھے کی حرکت یا طریقہ۔ نیز: teeter-board یا teeter-totter ۔ (تاش) ترپ چال کی وہ صورت جس میں دو ساتھی باری باری مخالفوں کے پھینکے پتے پر ترپ کا پتہ مارتے چلے جاتے ہیں ؛ ترپ مار۔ (صفت) اونچ نیچ یا آگے پیچھے کی حرکت والا۔ (فعل لازم و متعدی) اونچ نیچ کے انداز میں حرکت کرنا یا کرانا۔

seethe, v.t. ابالنا ؛ ابال کر پکانا ؛ بھگونا یا شرابور کرنا۔ (فعل لازم) ابلنا ؛ کھولنا ؛ امڈنا یا جھاگ (کف) لانا جیسے ابال آ رہا ہو ؛ شدید ہیجان یا اضطراب میں ہونا۔ (اسم) کھولاہٹ ؛ ہیجان یا اضطراب ؛ ابلنے کا عمل یا ابال۔

seething, a. کھولتا ہوا۔

seethingly, adv. اضطراباً ؛ ہیجانی طور پر ۔

segment, n. قتلا ؛ کٹا ہوا ؛ نشان زدہ ٹکڑا یا حصہ ؛ ایک ٹکڑا یا حصہ جو کاٹ لیا گیا ہو یا نشان زدہ کر دیا گیا ہو ؛ ان میں سے کوئی ایک حصہ جن میں کوئی چیز قدرتی طور پر بٹی ہوئی ہو یا قدرتی طور پر علیحدہ ہو ؛ ٹکڑا ؛ قاش یا حصہ ۔ (جیومیٹری) قطعہ دائرہ یا قطعہ کرویہ ؛ دائرے کا وہ حصہ جو کسی خط کے کھینچنے سے الگ ہو گیا ہو ۔ (حیوانیات) دو جوڑوں کا درمیانی حصہ ؛ جوڑوں کے درمیان ٹانگ کا کوئی حصہ یا اس جیسا ۔ (فعل لازم٫متعدی) قطعات میں علیحدہ کرنا یا تقسیم کرنا ۔

segmentary, a. ٹکڑوں ٹکڑوں والا ، حلقوں والا ۔

segmental, a. قاشی ؛ قاش گوں ؛ قطعات سے متعلق یا قطعات پر مشتمل یا ان کی صورت میں ؛ دائرے کے ایک حصے کی شکل کا (جیسے : a segmental arch) ۔

segmentally, adv. قطعوں کے انداز میں ۔

segmentation, n. انقسام ؛ قاش قاش کرنے کا عمل ۔ (حیاتیات) کیچوے وغیرہ یا ایسے گِل باشیوں میں بلوغت میں پہنچ کر تدریجی قاشوں یا حلقوں میں تقسیم ؛ خلیاتی تقسیم ۔

segmentation cavity, n. (جنین) حلقوی جوف ؛ بلاسٹولا کا جوف درونی ۔ دیکھیے : blastocoel ۔

segno, n. (موسیقی) دہرائی کا نشان ؛ کسی غنائی قطعے کے اول یا آخر میں وہ نشان جس سے مراد ہوتا ہے کہ اس قطعے کو دہرایا جائے ۔

sego, sego lily, n. سیگو سوسن ؛ شمال مغربی امریکا کا ایک سدابہار پودا جس کے پھول گھنٹی کی طرح ہوتے ہیں ؛ ریاست اوٹاہ کا قومی پھول ؛ اس پھول کی جڑ، جو کھائی جاتی ہے ۔

segregate, v.t. منفصل کرنا ؛ دوسروں سے الگ کر دینا یا تنہا کر دینا ؛ نسلی امتیاز کی بنا پر معاشرے کی اکثریت سے علیحدہ کر دینا ۔ (فعل لازم) الگ ہو جانا ؛ اعتزال اختیار کرنا ؛ اکثریت سے کٹ کر کسی ایک جگہ مجتمع ہونا ؛ نسلی (مذہبی) علیحدگی پر عمل پیرا ہونا ۔ (جینیات) خلیائی مرکزے کی خیطی تقسیم کے دوران متبادل جین کا علیحدہ ہونا ۔ (اِسم) کوئی شے ، شخص یا گروہ جو دوسروں سے الگ کر دیا گیا ہو ؛ منفصل ۔

segregated, a. نسلی امتیاز کا شکار ؛ نسلی یا مذہبی بنیاد پر الگ کیا ہوا (جیسے : segregated schools) ؛ ایسے نسلی یا لسانی گروہ کو مہیا کی گئی سہولتیں (جیسے : segregated transportation)؛ کسی مخصوص فرقے یا گروہ کے مفادات کے خلاف عمل پیرا (جیسے : segregated housing ordinance) ۔

segregation, n. صورت یا عمل انفصال وافتراق ؛ تنہا سازی ؛ کسی نسلی یا دوسرے گروہ کو اکثریت سے الگ کر دینے کا عمل جیسے تعلیم ، رہایش یا ملازمت میں ۔ (جینیات) خلیائی مرکزے کی تقسیم کے دوران متبادل جین کی علیحدگی ۔

segregationist, n. علیحدگی پسند ؛ افتراقی ؛ نسلی یا مذہبی بنیادوں پر علیحدگی کا حامی ۔

segue, v.i. (موسیقی) وقفے کے بغیر دوسرے غنائی ٹکڑے کو چھیڑ دینا ۔ (اسم) بلا توقف ادا کیا گیا نغمہ ۔ (صفت) بلا توقف ادا کیا جانے والا ۔ (متعلق فعل) بلا توقف ۔

seguidilla, n. ایک ہسپانوی رقص جس میں دو شخص اور تین تال ہوتے ہیں اور اکثر کھڑتال یا جھانجھے سے بھی اس میں کام لیا جاتا ہے ؛ اس رقص کے حسبِ حال موسیقی ۔

seicento, n. سترھویں صدی (اٹلی کے تعلق سے بالخصوص اس دور کے اطالوی فن یا ادب کے حوالے سے) ۔

seiche, n. کسی جھیل یا محصور آب گاہ میں دفعتاً طرفینی تلاطم جس سے سطح آب کئی فٹ تک اوپر نیچے ہو جاتی ہے اور اس کا باعث فضائی دباؤ یا ہوا میں فوری تغیرات یا چھوٹے چھوٹے زلزلوں کو سمجھا جاتا ہے ۔

seidel, n. شراب (بیئر) پینے کا بڑا پیالہ جس پر عموماً قبضہ دار ڈھکنا ہوتا ہے ۔

Seidlitz powders, n. سڈ لٹس پوڈر ؛ فروٹ سالٹ ؛ دو سفوفوں کا مرکب جن میں سے ایک ٹاٹری ہوتی ہے اور دوسرا میٹھے سوڈے اور روشی (Rochette) نمک کا آمیزہ ، دونوں سفوفوں کو الگ الگ پانی میں حل کرکے آپس میں ملانے پر وہ اُبل اُٹھتے ہیں اور اسی جھاگ دار حالت میں اس کو پیا جاتا ہے (ہاضمے کے لیے) ۔

seigneur, n. (فرانسیسی تاریخ) (سی نیور) فرانسیسی جاگیردار ۔ (کینیڈا) وہ شخص جسے جاگیردارانہ نظام کے تحت جاگیر ملتی تھی ۔

seigneurial, a. جاگیردارانہ ۔

seignior, n. فرانس میں احترام کا لفظِ خطاب (سی نَیر) ؛ جناب ؛ حضور ؛ جاگیرداری عہد میں کسی قطعہ زمین یا موروث کا مالک ۔

seignioral, seignorial, a. جاگیردارانہ ۔

seigniorage, seignorage, n. مالکانہ ؛ وہ رقم جس کا کوئی حاکم یا بالا دست بطور حق مطالبہ یا دعوی رکھتا ہو ؛ نفع جو حکومت کو سکہ سازی میں اصل لاگت کے حوالے سے حاصل ہوتا ہے ؛ حق شاہی یا نفع کا حصہ ۔

seigniory, signory, seigneury, n. صاحبیت ؛ بالادستی ؛ کسی لارڈ (جاگیردار) کا اختیار و اقتدار ۔ (تاریخ) لارڈ کی جاگیر ۔ (کینیڈا) کسی تعلقہ دار کا تعلقہ ؛وہ اراضی جس پر کبھی جاگیردار کے پٹے دار کا قبضہ ہوتا تھا ۔

seine, n. ماہی گیری کا ایک جال جو پانی میں سیدھا کھڑا رہتا ہے جس میں اوپر ترنے اور نیچے آویزے ہوتے ہیں ، مچھلیاں اس میں گھر جاتی ہیں اور جال کے دونوں سروں کو بند کر کے ان کو نکال لیا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) اس جال سے ماہی گیری کرنا ۔ (فعل متعدی) اس جال سے مچھلی پکڑنا ؛ اس جال کو استعمال کرنا ۔

seiner, n. اس جال سے مچھلی پکڑنے والا ۔

seisin, seizin, n. (قانون) منقولہ یا غیر منقولہ جائیداد کی ملکیت ؛ کسی اراضی پر پٹے کا قبضہ رکھنے یا ایسے قبضے کا حق ۔

seism, n. زلزلہ ؛ بھونچال ۔

seismic, seismical, seismal, a. زلزلے سے متعلق یا زلزلے کے نتیجے میں یا اُس کی زد میں ۔

seismically, adv. زلزلے یا بھونچال کے انداز میں ۔

seismicity, n. زلزالیت ؛ کسی مخصوص علاقے میں زلزلوں کی وسعت ، اُن کی شدت اور نسبتی تسلسل ۔

seismism, n. زلزلوں کی مجموعی صورت حال ۔

seismogram, n. زلزلہ نگاری یا پیمائی ؛ زلزلہ پیما سے زمین کے ارتعاش کا اندراج ۔

seismograph , seismometer, n. زلزلہ نگار ؛ زلزلہ پیما ؛ ایک آلہ جو زلزلے کے مظہر کا پتا چلاتا اور اندراج کرتا ہے ۔

seismographic, a. زلزلہ نگارانہ یا نویسانہ ۔

seismography, n. زلزلہ نگاری یا پیمائی ؛ زلزلوں کے مظہر کا سائنسی اندراج ؛ زلزلہ پیما کا استعمال ؛ علم زلزلہ شناسی ۔

seismographer, n. زلزلہ نگاری کا ماہر ۔

seismology, seismography, n. زلزلہ شناسی ؛ زمینی ارتعاشات کے مخرج ، نمو اور خصوصیات کا علم خصوصاً وہ جو زلزلوں سے پیدا ہوتے ہیں نیز وہ ارتعاشات بھی جو انسان کے پیدا کردہ دھماکوں اور موسمی حالات کی بنا پر پیدا ہوتے ہیں ۔

seismological, seismologic, a. متعلق بہ علم زلزلہ شناسی ؛ بھونچالی ۔

seismologically, adv. بھونچالی طور پر ۔

seismologist, n. زلزلہ شناس ؛ عالم زلزلہ شناسی ۔

seismometer, seismograph, n. زلزلہ نگار؛ زلزلہ پیما ؛ زلزلے کے دورانیے یا اس کی شدت اور سمت وغیرہ کا اندازہ لگانے والا آلہ ۔

seismometric, seisometrical, a. زلزلہ پیمائی کے متعلق ۔

seismometry, n. زلزلہ پیمائی ۔

seismoscope, n. زلزلہ نما ؛ زلزے کے وقت اور وقوع کا پتا کرنے والا آلہ ۔

seismoscopic, a. زلزلہ نمائی کے متعلق ۔

seize, v.t. پکڑنا ؛ پکڑ لینا (اچانک یا مضبوطی سے) ؛ گرفت میں لینا (جیسے: to seize a weapon) ؛ ذہن میں بٹھا لینا (جیسے: to seize an idea) ؛ زبردستی سے یا اپنی مرضی سے قبضے میں کر لینا (جیسے: to seize enemy ships)؛ اچانک یا زبردستی دبوچ لینا یا اپنی گرفت میں لے لینا (جیسے: A fever seized him) ؛ توجہ اپنی طرف کھینچ لینا؛ اچانک اور شدت کے ساتھ دماغ کو متاثر کرنا ؛ قانونی اختیار سے قبضہ کر لینا یا ضبط کر لینا (جیسے: to seize smuggled goods) ۔ (قانون) کسی چیز کا قانونی قبضہ دینا ؛ قبضہ کر لینا ؛ قیدی بنا لینا یا زیرحراست رکھنا ؛ موقع سے فوراً فائدہ اٹھانا (جیسے: to seize an Opportunity) ۔ (جہازرانی) باندھنا یا کسی رسی ، طناب میں یا اسی قسم کی کسی شے سے جکڑ لینا ۔ (فعل لازم) من مرضی سے یا جبراً قابو کر لینا ، ایسی صورت میں بالعموم بعد میں on یا upon لگاتے ہیں ؛ کسی تدبیر یا ڈھنگ سے کام لینا (جیسے: to seize on a pretext or excuse ، بعد میں on یا upon لگاتے ہیں)۔

seizer, n. پکڑنے والا ؛ حراست میں رکھنے والا ؛ قبضے میں کرنے والا ۔

seizing, n. پکڑ ؛ گرفت ؛ باندھ ؛ بندھن ۔ (جہازرانی) باندھنے یا کسی رسی ، طناب یا ایسی ہی کسی شے سے کئی مرتبہ چکر دے کر جکڑنے کا عمل ؛ وہ رسی جو اس کام میں استعمال کی جائے ۔

seizer, seisor, seizor, n. (قانون) جو قبضہ کرے یا پکڑے ۔ پکڑنے والا ۔

seizure, n. گرفتاری ؛ پکڑنے یا فوری قبضہ کر لینے کا عمل ؛ کسی فرد یا شے پر کیا گیا فوری قبضہ ؛ کسی بیماری کا اچانک حملہ ؛ دورہ (بیماری کا) ۔

sejant, sejeant, a. (نقابت) اگلے پنجے اٹھا کر بنائیٔ ہوئی (جانور کی تصویر یا مجسمہ) ۔

selachian, n., a. مچھلیوں کا ایک باہم متعلق گروہ جس میں شارک ، سنگ ماہی وغیرہ شامل ہیں ۔

selaginella, n. چھوٹے قد والے پودے کی بے گل و بار قسم جو فرن سے بہت مشابہ ہے ، اسے اکثر پود گھروں میں لگایا جاتا ہے ۔

selah, n. سِلاہ ؛ زبور میں ایک عبرانی لفظ جسے مغنی یا قاری کے لیے ہدایت سمجھا جاتا ہے ۔

seldom, adv. شاذ ؛ کبھی کبھی ؛ بہت کم ۔ (صفت) کم یاب ؛ بہت شاذ ۔

seldomness, n. شاذیت ؛کم یابی ۔

select, v.t. منتخب کرنا ؛چھانٹنا ، ترجیحاً کسی ایک فرد یا شے یا افراد و اشیا میں سے چُن لینا ؛ ایک تعداد میں سے چھانٹ لینا ۔ (فعل لازم) انتخاب کرنا یا چُننا ۔ (صفت) انتخابی ؛ منتخب ؛ پسندیدہ ؛ خاص قدر و عمدگی والا؛ اعلیٰ ؛ چننے میں محتاط اور مین میخ نکالنے والا ؛ انوکھا (نرالا) ۔

selected, a. منتخب ؛ پسندیدہ ؛ چنا ہوا ۔

selectness, n. پسندیدہ پن ؛ عمدہ پن ۔

selector, n. منتخب/انتخاب کنندہ ۔

selectee, n. منتخب شدہ ؛ چنا ہوا جیسے رنگروٹ کو بھرتی کرنے والے انتخابی بورڈ کا ۔

selection, n. انتخاب ؛ انتخاب کرنے کا عمل یا چُن لیے جانے کی حقیقت ؛ پسند ؛ انتخاب کی گئی ایک یا متعدد چیزیں (جیسے: a volume of prose selections) ؛ چُناؤ ؛ انسانی عمل کے ذریعے حیوانوں اور پودوں کی بعض نسلوں کو نمو ، تولد و افزایش کے لیے چُن لینے کا عمل ۔ بمقابلہ : natural selection ۔

selective, a. منتخبہ ؛ انتخابی ؛ انتخاب کرنے کا اختیار رکھنے والا یا اس کا عمل کرنے والا ؛ انتخابی رجحان والا یا صلاحیت والا ۔ (مشین) ترسیل قوت کے اس نظام سے متعلق جو کاروں میں نظر آتا ہے اور جس سے رفتاروں کو بتدریج مختلف گیئروں کی تبدیلی کی ضرورت کے بغیر بدلا جا سکتا ہے ۔ نیز : selective transmission ۔ (برق) انتخابیت کا رجحان لیے ہوئے (جیسے کہ ریڈیو کے اندر محصل ہوتے ہیں) ۔

selectively, adv. منتخب طورپر۔

selectiveness, n. انتخابیت ۔

selective service, n. ترجیحی انتخابی خدمت ؛ کسی عسکری شاخ میں جبری خدمت گزاری ۔

selectivity, n. انتخابیت ؛ چناؤپن ؛ انتخابی رجحان رکھنے کی صلاحیت یا کیفیت ۔ (برق) کسی سرکٹ یا آلے وغیرہ کی وہ خاصیت جس کے باعث وہ کسی خاص (اہتزازی) ارتعاشی تسلسل سے پیدا ہونے والے برقی اتار چڑھاؤ پر کوئی ردِّعمل ظاہر کرتی ہے ؛ ریڈیو کی وہ

صلاحیت جس کی بنا پر وہ کسی ایک بینڈ کی نشریات کو وصول کرکے سننے والوں کے گوش گزار کرتا ہے اور دوسروں کو منقطع کر دیتا ہے ۔

selectman, n. منتخبہ سربراہ ؛ نیوانگلینڈ (امریکا) کی طرح کسی قصبے کے افسروں کے بورڈ میں سے کوئی ایک ،جسے قصبے کے بعض معاملات کی نظامت کے لیے سالانہ چُنا جاتا ہے ۔

selenate, n. (کیمیا) کھریا نون ؛ سیلینک تیزاب کا نمک ۔

selenic, a. (کیمیا) سلینیم کا یا حامل سلینیم ، خصوصاً اونچی گرفت کی حالت میں ؛ سیلینی ۔

selenious, a. سلینیم لیے ہوئے لیکن نیچی گرفت کی حالت میں ؛ سیلینائی ۔

selenic acid, n. (کیمیا) سیلینک تیزاب ؛ ایک تیز دو اساسی تیزاب جو سونے اور پلاٹنیم کو بھی گلا دیتا ہے ۔

selenite, n. حجرالقمر یا قلمی کھریا ؛ جپسم کی ایک قسم جو شفاف قلمون اور ورق در ورق انباروں کی صورت میں پائی جاتی ہے ۔

selenium, n. سلینیم ؛ ایک غیر دھاتی عنصر جو کیمیائی لحاظ سے گندھک اور تلوریَم یا ارضین سے ملتی جلتی ہے ، اس کی برقی مزاحمت میں روشنی کے عمل سے تبدیلی آتی ہے اور اسے فوٹو الیکٹرک سیلوں میں برتا جاتا ہے ۔

seleniferous, a. سلینیم کا یا اس سے متعلق ۔

selenium cell, n. سلینیمی سیل ؛ ایک قسم کا ضیا برقی سیل جس میں روشنی سے متاثر ہونے والے سلینیم کی پلیٹ لگی ہوتی ہے اور یہی اس کا جزوِ اساسی ہے ۔

selenography, n. (فلکیات) جغرافیۂ قمر ؛ قمرنگاری ؛ وہ علمی شاخ جو چاند کے بارے میں معلومات سے متعلق ہے بالخصوص اس کے طبعی خدوخال سے ۔

selenographer, n. قمر نگار ؛ چاند کا نقشہ کھینچنے والا ۔

selenographic, a. قمر نگارانہ ۔

selenology, n. قمریات ؛ علم القمر ؛ فلکیات کا وہ شعبہ جو خصوصی طور پر چاند کے سطحاتی خدوخال سے واسطہ رکھتا ہے ۔

selenologist, n. ماہر قمریات ۔

self, n. خود ، آپ ؛ اپنا ؛ ایک شخص یا شے اپنی ذات ، اپنی شخصیت ، انفرادیت یا شناخت کے لحاظ سے (جیسے : his very self یا religion's self) ؛ خودی یا ضمیر ؛ انفرادی احساس جیسے اپنے نفس یا اغراض کے متعلق ؛ ذاتی مفاد ؛ کسی خاص وقت یا پہلو سے کسی شخص کی فطرت یا اس کا کردار ، اس کی پوری شخصیت کے پہلے یا دوسرے پہلوؤں کے مقابلے میں (جیسے: her better self) ۔ (ضمیر) میں خود ؛ وہ خود ۔ (صفت) ہر حالت میں یکساں جیسے واحد رنگ کا پھول ؛ یکساں ؛ بلا ملاوٹ ؛ ایک ہی مواد یا قسم کا جیسا کہ باقی دوسرا ہے (جیسے: the self belt ، oneself, from, for, to, by, of یا itself کے ساتھ ملا کر بیشتر استعمال ہوتا ہے)۔

self, v.t., v.i. (نباتیات) دروں جنس تولید کرنا ؛ خود بخود اگنے یا بڑھنے کے حالات پیدا کر دینا جیسے بعض پودوں میں ۔

self-abandoned, a. خود فراموش ؛ خود گذاشتہ ؛ اپنے آپ کو کسی طرف لگانے یا لے جانے سے کنارہ کش ؛ بے عنان ؛ بلا امتناع ؛ بے روک ٹوک ۔

self-abandonment, n. خود کنارہ کشی ؛ ترک ذات ؛ بے عنانی ۔

self-abasement, n. خود تحقیری ، خصوصاً جرم ، کمتری یا شرمندگی کے احساس کے باعث ؛ احساس کم تری ، اہانت نفس ۔

self-abnegation, n. خود ایثاری ؛ ایثار ذات ؛ نفس کشی ۔

self-abnegating, a. نفس کشانہ ۔

self-absorbed, a. محو ذات ؛ اپنے خیالات ، معاملات وغیرہ میں غرق ۔

self-absorption, n. محویت ذات ؛ خود مشغولیت ۔

self-abuse, n. خوددُشنامی ؛ خود غارتی ؛ خود اتلافی ؛ اپنی صحت سے لاپروائی ؛ جلق ؛ مشت زنی ۔

self-accusation, n. خود اتہامی ؛ خود الزامی ۔

self-accusative, , self-accusatory, a. خود اتہام ؛ اپنے آپ کو قصور وار گرداننے والا ؛ خود الزامانہ ۔

self-accusing, a. خود گیر ۔

self-acting, a. خودکار ؛ خود کن ؛ خود کنندہ ۔

self-action, n. خود کاری ۔

self-active, a. خود عملی ۔

self-activity, n. خود عملیت ؛ خود فعلی ۔

self-addressed, a. خود اپنے پتے پر (مرسلہ) ۔

self-adjusting, a. خود پیرا؛ اپنے آپ کو خود حسب حال کر لینے والا ۔

self-adjustment, n. خود پیرائی ۔

self-administered, a. خود انتظام کردہ ۔

self-admiration, n. خود آرائی ؛ خود تعریفی ۔

self-admiring, a. خود آرا ؛ شیخی خورہ ۔

self-aggrandizement, n. خود پروری ؛ خود غرضی ؛ دوسروں کے حقوق کا خیال کیے بغیر اپنے مقام ، منصب یا دولت کی افزودگی ۔

self-aggrandizing, a. خود پرور ؛ خود غرض ۔

self-analysis, n. تجزیۂ ذات ؛ اپنے آپ کی داخلی کیفیات وغیرہ کو سمجھنے کی کوشش (کسی کی امداد کے بغیر) ۔

self-analytical, a. تجزیہ کار ذاتی ۔

self-analyzed, a. ذاتی تجزیہ شدہ ۔

self-annihilation, n. نفیِ ذات ؛خود انہدامی ؛ خدا کے تصور میں محو ہونے کے عالم میں ترکِ ذات ؛ تسلیم ذات یا ایثار ذات ۔

self-applause, n. خود تحسینی ؛ خود شاباشی ، خود ستائی ۔

self-applauding, a. خود تحسین ۔

self-appointed, a. خود مقررہ ۔

self-assertion, n. خود ادعائی ؛ اپنی اہمیت ، خواہشات ، آرا یا اپنے دعاوی پر اصرار یا ادعا ۔

self-asserting, a. خود ادعائی ۔

self-assertingly, adv. خود ادعائی کے طور پر ۔

self-assertive, a. خود ادعائی ۔

self-assertively, adv. خود ادعائی کے طور پر ۔

self-assertiveness, n. خود ادعائیت ۔

self-assurance, n. خود اعتمادی ؛ اپنی صلاحیتوں پر بھروسا ۔
self-assured, a. خود اعتماد ۔
self-assuredness, n. خود اعتمادیت ۔
self-centered,(Brit.) self-centred, a. خود غرض ؛ خود پرست ؛محو بالذّات ؛مطلب پرست ؛ مرکوز بالذات ۔
self-centeredly,(Brit.) centredly, adv. مطلب پرستانہ ۔
self-centeredness,(Brit.) self-centredness, n. مطلب پرستی ؛ خود غرضی ۔
self-closing, a. خود بند ؛ خود بست ۔
self-collected, a. مجتمع ؛ آسودہ خاطر ؛ جمعیت قلب کا حامل ۔
self-colored, a. یک رنگ جیسے پھول یا کپڑا ؛ خود رنگ ؛ قدرتی رنگ کا ۔
self-command, n. ضبطِ نفس ؛ خنک مزاجی ؛ ضبط ۔
self-complacency, n. خود تسکینی ؛ خود اطمینانی ۔
self-complacent, a. مطمئن ؛ خود اطمینان ۔
self-complacently, adv. خود تسکینی کے لحاظ سے ۔
self-composed, a. خود گیر ؛ خاطر فراغ ؛ اپنے جذبات کو قابو میں رکھنے والا ؛ خنک طبع ؛ ٹھنڈے دماغ والا ۔
self-composedly, adv. خود گیرانہ ۔
self-composedness, n. خود گیری ۔
self-conceit, n. خود فریبی ؛ خودرائی ؛ شیخیت ؛ نخوت ؛ برخود غلطی ۔
self-conceited, a. خود رائے ، متکبر ؛ برخود غلط ۔
self-concern, n. اپنے بارے میں زیادہ فکر مندی ؛ خود تشویشی ۔
self-concerned, a. مشوش ذات ۔
self-confessed, a. خود اعتراف کردہ ؛ جس کا از خود اعتراف کر لیا گیا ہو ۔
self-confession, a. خود اعترافی ۔
self-confidence, n. خود اعتمادی ؛ زعم خود ۔
self-confident, a. خود اعتماد ؛ زعیم ۔
self-confidently, adv. خود اعتمادی کے ساتھ ؛ بزعم خود ۔
self-congratulation, n. خود تحسینی ؛ اپنی کارکردگی ، خوش بختی وغیرہ پر بلاشبہ یقین اور اطمینان ؛ اپنے مُنہ میاں مٹھو ؛ خود تبریکی ۔
self-congratulatory, a. خود تبریک ۔
self-conscious, a. خود آگاہ ؛ خود احساسی کاشکار ؛ اپنے خیالات اور اعمال ہر وقت جس کے پیش نظر رہیں ؛ جسے ہر وقت یہ احساس ہو کہ وہ دوسروں کی نظر میں ہے ؛ محجوب ؛ حجاب آگیں ۔ (فلسفہ ، نفسیات) اپنے اعمال و خیالات اور اپنی موجودگی کے زیر بارِ احساس شخص ؛ خود شعور ؛ خجل ؛ جھینپو ۔
self-consciously, adv. خود احساسی سے ؛ خود شعوری سے ۔
self-consciousness, n. خود شعوری ؛ شعور ذات ؛ خود آگاہی ۔
self-consequence, n. خود اہمیتی ؛ خود پسندی ۔
self-constituted, a. خود ساختہ ؛ آپ تشکیل دیا ہوا ؛ خود بخود تشکیل یافتہ (جیسے: a self-constituted board of inquiry) ۔

self-contained, a. خود مکتفی ؛ بند طبع ؛ کم گو ؛ ضبط نفس والا ؛ ہر پہلو سے مکمل (مشین وغیرہ) ؛ مستقل بالذات ؛ حال مست ۔
self-containedly, adv. خود مکتفی طور پر ۔
self-containedness, self-containment, n. ضبطِ نفس ؛خوداکتفا ۔
self-contempt, n. خود تحقیری ؛ خود نفرتی ؛ استحقار نفس ۔
self-content, a. خود مطمئن ؛ آسودہ دل ؛ قناعتِ طبع ۔
self-contentedly, adv. آسودہ دلی سے ۔
self-contentedness, n. آسودہ دلی ۔
self-contradiction, n. خود تضادی ؛ خود نقیضی ؛ آپ ہی اپنی تردید کر جانے والی کسی قول یا فعل کی کیفیت ؛ متضاد باتوں پر مشتمل بیان وغیرہ ؛متناقض بذات یا خودتردیدی ۔
self-contradictory, self-contradicting, a. متضاد ؛ متناقض ؛ خود تردیدی ۔
self-control, n. خودضابطگی ؛ اختیار نفس ؛ ضبطِ نفس ؛ اپنے آپ کو زیر رکھنے کی وہ کیفیت جو جذبات کو بہکنے یا بھڑکنے نہیں دیتی ؛ خود اختیاری ۔
self-controlled, a. ضبط نفس کرنے والا ؛ محاسبہ نفس کرنے والا ۔
self-correcting, a. خود اصلاح ؛ اپنی خرابی کو خود ہی دُور کر لینے والی کوئی کل یا مشین ۔
self-created, a. خود تخلیقی ؛ خود پیدا کردہ ؛ خیالی یا وہمی ؛ خود ساختہ ۔
self-criticism, n. تنقید ذات ؛ خود تنقیدی ؛ خود احتسابی ؛ اپنے اعمال یا رجحانات کو معروضی طور پر دیکھنے کا عمل یا صلاحیت ؛ اپنی صلاحیتوں کو کم وزن دینے کا داخلی رجحان ۔
self-deceit, n. خود فریبی ۔
self-deceived, a. خود فریب زدہ ۔
self-deceiver, n. خود فریب ۔
self-deceiving, a. خود فریب زد ۔
self-deception, self-deceit, n. خود فریبی ؛ فریب نفس ؛ اپنے آپ کو بے وقوف بنانے یا دھوکا دینے کا عمل ۔
self-deceptive, a. خود فریبانہ ۔
self-dedication, n. خود انتسابی ؛ کسی مقصد کے لیے اپنے آپ کو وقف کر دینے کا عمل ؛ خود توقیفی ۔
self-dedicated, a. خود انتساب ۔
self-defeating, a. خود شکست ؛ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنے والا ؛ اپنے کیے پر آپ پانی پھیرنے والا؛ اپنی منزل کو کھوٹا کرنے والا ۔
self-defense,(Brit) selfdefence, n. حفاظت نفس ؛ حفاظت ذات ؛ حفاظت خود اختیاری ؛ اپنی ذات ،جائیدادیا شہرت کی مدافعت ؛ ذاتی دفاع کی تدابیر جیسے مکہ بازی یا جوڈو میں ۔ (قانون) یہ بیان صفائی کہ دوسرے پر جو تشدد کیا گیا وہ حفاظت خود اختیاری کے تحت ضروری تھا ؛ دفاعِ ذات ۔
self-defensive, a. حفاظت خود اختیاریٔ کے متعلق ؛ مدافعت ذات کا ۔
self-delusion, n. فریب نفس ؛ نفس فریبی ؛ خود فریبی ۔

self-delued, a. فریب نفسی ۔

self-denial, n. انکارِ ذات ؛ ترکِ خواہشات یا ایسے ترک کا مظاہرہ ؛ نفس کُشی ۔

self-denying, a. نفس کُشانہ ۔

self-denyingly, adv. نفس کُشی کے طور پر ۔

self-dependence, n. خود انحصاری ؛ انحصار ذات ۔

self-dependent, a. منحصر بہ ذات ۔

self-deprecating, a. کسر نفسی لیے ہوئے ؛ منکسر المزاج ؛ خود انکسار ۔

self-deprecation, n. استخفاف ذات ؛ خود انکساری ۔

self-destruction, n. خود کُشی ؛ خود غارتی ؛ اپنی بربادی ؛ اتلاف ذات ؛ خود شکستگی ۔

self-destructive, a. خودشکستگی کا ۔

self-determination, n. خود عزمی ؛ خود مختاری ؛ فعل مختاری ؛ من مرضی ؛ لاکراہیت ؛ خود ارادیت ؛ بلا کسی بیرونی دباؤ یا اثر کے بذاتِ خود فیصلہ کرنے کی اہلیت ؛ آزاد قوت ارادی ؛ کسی دوسری حکومت کے حوالے کے بغیر عوام کا یہ فیصلہ کہ وہ کس قسم کی حکومت چاہتے ہیں ؛خود اختیاری ۔

self-determined, a. بااختیار ؛ خود کیا ہوا ۔

self-determining, a., n. خود مختار ؛ اپنے متعلق خود فیصلہ کرنے والا ۔

self-determinism, n. (فلسفہ) یہ نظریہ کہ نفس کا ہر عمل اور اس کی ہر حالت کا دارومدار اس کے سابقہ عمل یا اس کی سابقہ صورتِ حال سے متعین ہوتا ہے؛ خود قدریت ؛ مبنی بر ذات ۔

self-development, n. خود نموئی ؛ خود بالیدگی ؛ خود تکاملی؛ کسی فرد کی ذاتی صلاحیتوں یا توانائیوں کی نمو، پختگی کا اظہار۔

self-devotion, n. کسی فرد کی کسی مقصد ، کام ، پیشے وغیرہ کے ساتھ وابستگی ، ایثار پیشگی ، خود ایثاری ، جاں سپاری ۔

self-devoted, a. خود وابستگی کے متعلق ۔

self-devotedly, adv. جان سپاری سے ۔

self-devotedness, n. خود ایثاریت ۔

self-direction, n. خود ہدایتی ؛ ذاتی رہنمائی ۔

self-directed, self-directing, a. خود ہدایت شدہ یا ہدایت دینے والا ۔

self-discipline, n. ضبط نفس ؛ خود ضبطی ؛ اپنے آپ کو خود زیر عنان رکھنے کا عمل بایں مقصد کہ ذات میں بالیدگی پیدا ہو ۔

self-disciplined, a. ضبط نفس کرنے والا ؛ منضبط بالذات ۔

self-discovery, n. انکشاف ذات ؛ اکتشاف ذات ؛ خود آگاہی کے ذریعے عرفانِ ذات ۔

self-distrust, n. فقدانِ خود اعتمادی ؛ اپنی صلاحیتوں پر عدم اعتماد ۔

self-distrustful, a. خود سے بدگمان ۔

self-doubt, n. خود تشکیکی ؛ اپنے بارے میں شک و شبہ کا شکار ہونے کی حالت ۔

self-doubting, a. اپنے بارے میں شک کا شکار ۔

self-dramatization, n. خود نمائی ؛ شیخی خوری ؛ جلبِ توجہ یا اثر اندازی کے لیے اپنے رجحانات ، طبعی خصوصیات کے بارے میں مبالغہ آرائی ۔

self-dramatizing, a. خود کے بارے میں مبالغہ آرائی کرنے والا ؛خود نما ؛ شیخی خورا۔

self-driven, a. خود عمل ؛ خود کار ؛ خود ران ؛ اپنی قوت کے ذریعہ حرکت کرنے والا ۔

self-educated, a. تلمیذ الرحمن ؛ خود آموختہ ؛ جس نے کسی رواجی مکتب سے تعلیم حاصل نہ کی ہو بلکہ اپنے طور پر علم حاصل کیا ہو۔

self-education, n. خود آموزی ۔

self-effacement, n. کسرنفسی ؛ حیا اور انکسار سے کام لیتے ہوئے کسی کام یا معاملے میں اپنے آپ کو نمایاں کرنے کی جگہ پس منظر ہی میں رکھنے کا عمل یا رویّہ ۔

self-effacing, a. منکسر۔

self-effacingly, adv. انکساری سے کام لیتے ہوئے ۔

self-employed, a. آزاد پیشہ ؛ اپنا دھندا کرنے والا ؛ آقائے خود ؛ اپنا ملازم آپ ؛ اپنی صلاحیت یا ہُنر شناسی کے بل پر روزی کمانے والا (کسی کی ملازمت کرنے کی بجائے) ۔

self-employment, n. ذاتی کاروبار ؛ اپنی ملازمت ۔

self-enrichment, n. خود افزودگی ؛ اپنی ذہنی اورجمالیاتی صلاحیتوں کو آپ بہتر بنانے کا عمل یا سلسلہ ۔

self-esteem, n. خود توقیری ؛ اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرنے یا سمجھنے کی روش ۔

self-evident, a. عیاں بالذات ، بدیہی ؛ اظہرمن الشمس ؛ خودعیاں ۔

self-evidence, n. خود آشکاریت ۔

self-evidently, adv. بدیہی طور پر۔

self-examination, n. خود احتسابی ؛ احتساب بالنفس ؛ محاسبۂ نفس ؛ احتساب ذات ؛ اپنی روش ، کردار اور رجحانات کی خود احتسابی ۔

self-excited, a. (برق) خود انگیختہ ؛ وہ ڈینیمو جس کا مقناطیسی دائرہ اس کی اپنی پیدا کردہ برقی رَو سے افزوں ہوتا ہے ۔

self-executing, a. نافذ بالذات ؛ خود عمل ؛ جسے عملی جامہ پہننے /پہنانے کے لیے کسی نافذی آئین سازی کی ضرورت نہ ہو بلکہ اس کے اندر ہی اس کے نفاذ کی گنجایش موجود ہو (جیسے :a selfexecuting treaty) ۔

self-existent, a. قائم بالذّات ؛ خود موجود ؛ کسی دوسرے سبب کے بغیر جو خود اپنی جبلت اور فطرت کی بنا پر موجود ہو ۔

self-existence, n. وجوب ۔

self-explanatory, self-explaining, a. خود آشکارا ؛ بدیہی ؛ صریح ؛ خود وضاحتی ؛ اپنی وضاحت آپ کرتا ہوا ؛ واضح ؛ عیاں ۔

self-expression, n. خود اظہاری ؛ اظہار ذات ؛ تخلیقی ذرائع (مثلاً فنون لطیفہ جیسے مصوری یا تحریر) سے اپنی شخصیت کے اظہار کرنے کا عمل ۔

self-expressive, a. خود مظہر ۔

self-feed, v.t. خود سیری ؛ جانوروں کو اس قدر چارا فراہم کرنا کہ کھانا کھانے کے تعدّد اور کھانے کی مقدار پر انھیں کلی اختیار ہو ۔

self-fertilization, n. (حیاتیات) خود باروَری ؛
یک جنس باروَری ؛ کسی پھول کا اپنے ہی زرگل سے بارور ہو
جانے کا عمل ؛ جانور کا اپنے ہی نطفے سے حاملہ ہو جانا (جیسا کہ
بعض ذو جنسوں میں ہوتا ہے) ۔

self-fertilized, a. خود باروَری یافتہ ۔

self-flattery, n. خود ستائی ؛ اپنی شیخی بگھارنے کا رویہ
یا عمل ؛ اپنی خوبیوں کا ڈھنڈورا لیکن خامیوں کی نظر اندازی ۔

self-flattering, a. خود ستائی آمیز ۔

self-forgetful, self-forgetting, a. خود فراموش ؛ اپنے مفاد یا حصے سے
بے نیاز ۔

self-forgetfully, adv. خود فراموشی کے طور پر ۔

self-forgetfulness, n. خود فراموشی ۔

self-forgettingly, adv. از راہِ بے نیازی ۔

self-fulfillment, n. تکمیل ذات ؛ ایفائے ذات ؛ اپنی خواہشات
کا حصول ؛ اپنی داخلی صلاحیتوں کی تکمیل، اپنے بل اور بھروسے پر
کرنے کا عمل ؛ خود تکمیلی ۔

self-fulfilling, a. تکمیل ذات کرنے والا ۔

self-given, a. خود زا ؛ خود دادہ (جیسے: self given power) ۔

self-giving, a. سخی النفس ؛ اپنے وقت اور اپنے دست وپا
سے دوسروں کی مدد کرنے میں وسیع القلب ؛ بے غرض ۔

self-governed, self-governing, a. خود عنان ؛ خود مختار ؛ (ریاست یا
قبیلہ) جو بااختیار ہو یا جہاں ریاست یا جماعت کے طور پر حکومت خود
اختیاری ہو ؛ اپنے عمل یا معاملات میں بطور فرد آزاد یا بااختیار ؛ ضبط
نفس کرنے والا ۔

self-government, n. حکومت خود اختیاری ؛ سَوراج ؛ خود
عنانی ؛ کسی ریاست ، جماعت یا اس کے ارکان کے کسی ادارے کی
مشترکہ حکومت ؛ خود اختیاری حکومت ؛ اسی طرح زیرنگیں ہونے کی
حالت ؛ ضبط نفس ۔

self-gratification, n. خود تسکینی ؛ اپنی ذات یا اپنی ضروریات و
خواہشات کو پورا کرنے کی کیفیت ؛ برخود عطا ۔

self-hardening, a. بعض اس قسم کے فولاد کا یا اس سے متعلق
جو بلا کسی خاص عمل (مثلاً بجُھائی جو معمولی فولاد کے لیے
ضروری ہے) خود بخود سخت ہو جائے ۔

self-heal, n. (نباتیات) شفائی ؛ جنس نعناع (پودینہ) سے
تعلق رکھنے والا پودا جو بڑی طبی خاصیتوں کا حامل تصور کیا جاتا
تھا ؛ ایسے دوسرے متعدد پودوں میں سے کوئی، مثلاً سانی کولا
(Sanicula) وغیرہ جن کے متعلق خیال تھا کہ ان میں شفا بخش
خصوصیات ہیں ۔

self-help, n. اپنی مدد آپ ۔

self-hood, n. خودی ؛ ذاتیت ؛ منفرد ہونے کی حالت ؛
شخصیت ؛ خود غرضی ۔

self-hypnosis, n. خود تنویمی ۔

self-hypnotized, a. خود پر عمل تنویم کرنے والا ۔

self-identical, a. خود آہنگ ؛ خود شناخت ۔

self-identity, n. خود آہنگی؛ خود شناختی ۔

self-identification, n. اپنے آپ کی کسی شے یا شخص کے ساتھ گہری
وابستگی یا ہم آہنگی ؛ تشخص بہ ذات ؛ خود وابستگی ۔

self-ignite, v.i. خود شعلہ افگن ہونا ؛ خود احتراق ہونا ۔

self-ignition, n. خود شعلہ افگنی ؛ خود احتراقی ۔

self-image, n. خود خیالی ؛ اپنے بارے میں خود اپنا
تصور یا خیال ؛ خود تصوری ۔

self-immolation, n. خود سوزی ؛ کسی شخص یا مقصد وغیرہ
کے لیے بے غرض قربانی ؛ جان نثاری ؛ سَتی ۔

self-importance, n. خود پنداری ، غرور بے جا ؛ انانیت ۔

self-important, a. بڑ بولا ؛ انانیت پسند ؛ خود پندار ۔

self-importantly, adv. انانیت کے ساتھ ، از راہِ زعم ۔

self-imposed, a. خود آوردہ ؛ خود کردہ ؛ مطلق برخود ؛ خود ساختہ ۔

self-improvement, n. اصلاح ذات؛ خود اصلاحی ۔

self-improving, a. خود اصلاحی کرنے والا ؛ خود اصلاح کار ۔

self-incrimination, n. خود الزامی ؛خود شہادتی ؛ مجرمانہ کارروائی
میں ایسے شواہد خود مہیا کر دینے کا عمل جو اثبات جرم میں اپنا ہاتھ
ثابت کریں ۔

self-incriminating, a. خود الزامی کرنے والا ؛ خودشہادتی ۔

self-indcued, a. خود انگیختہ ؛ خود ایصالی سے پیدا شدہ ۔

self-induction, n. (برق) کسی برقی سرکٹ میں رَوکی مقدار
یا سمت میں تغیر و تبدل کے ذریعے برانگیختہ وولٹیج کی پیدائش ؛ خود
امالہ ۔

self-inductance, n. خود اِمالیت ۔

self-indulgence, n. آزادانہ جسمانی تقاضوں ، اشتہاؤں
اور خواہشات کی تسکین ؛ تن پروری ؛ خواہش پرستی ؛ عیش
دوستی ؛ لذت پرستی ۔

self-inflicted, a. خود زدہ (زخم وغیرہ) ۔

self-insurance, n. خود بیمہ ؛ کسی بیمہ کمپنی سے اپنی یا اپنی
جائیداد کا بیمہ کرانے کی بجائے اُس کی اقساط کے مطابق، رقم کی
پس اندازی ۔

self-insured, a. خود بیمہ شدہ ؛ مندرجہ بالا طریقے
سے پس انداز کرنے والا ۔

self-insurer, n. مندرجہ بالا طریقے سے پس
اندازہ کرنے والا ۔

self-interest, n. ذاتی مفاد ؛ اپنا یا اپنے مفادات کا خیال
یا اس میں دل چسپی کا اظہار ۔

self-interested, a. مطلبی ؛ خود غرض ۔

self-interestedness, n. خود غرضی ؛ نفس پروری؛ مطلب پرستی ۔

selfish, a. خود غرض ؛ نفس پرور ؛ صرف اور خصوصی
طور پر اپنا یا اپنے فائدے کا خیال رکھنے والا،مطلب پرست ؛ مطلبی ۔

selfishly, adv. خود غرضی سے ؛ خود مطلبی سے ۔

selfishness, n. خود غرضی ؛ مطلب پرستی ۔

self-knowledge, n. خود آگاہی ؛ اپنے اصلی کردار یا
اپنی صلاحیتوں یا اپنی قدر و قیمت کا ادراک ؛ خود ادراکی ۔

selfless, a. بے غرض ؛ بے نفس ؛ خود فراموش ؛ بے مطلب ۔

selflessly, adv. بے غرضی سے ۔

selflessness, n. بے غرضی ؛ بے نفسی ؛ ایثار ۔

self-limited, a. اپنے ہی مزاج سے یا از خود محدود ؛ کسی مخصوص اور محدود راہ پر رواں (جیسے کوئی میعادی بیماری) ؛ خود تحدیدی ۔

self-limitation, n. خود محدودیت ۔

self-limiting, a. از خود محدود کر دینے والا ۔

self-liquidating, a. اُس تجارتی ادارے سے متعلق جس میں اشیا کو محدود عرصے کے اندر اندر نقد رقم میں بدلا جا سکے بشرطیکہ کاروبار کے عام معمول میں کافی فنڈ حاصل ہو جائیں اور اصل راس المال لوٹایا جا سکے ؛ خود دیوالیہ ۔

self-loading, a. خود کار (اسلحہ) ؛ اس اسلحہ کا یا اس کے متعلق جو خود کار ہو ۔

self-loader, n. خود کار اسلحہ ۔

self-love, n. حُب ذات ؛ ذاتی مفاد ؛ انانیت ؛ خود پرستی ۔

self-loving, a. خود پرست ۔

self-luminous, a. خود تاب ؛ منوربالذات ؛ خود روشن ۔

self-luminosity, n. خودتابی ۔

self-made, a. خود پرداختہ ؛ اپنی ذاتی جدوجہد سے کامیابی حاصل کرنے والا (جیسے: a self made man) ؛ خود ساختہ ۔

self-operating, self-operative, a. خود تعاملی ؛ خود کار ۔

self-opinion, n. خودرائی ۔

self-opinionated, self-opinioned, a. خودرائے ؛ خود بین ۔

self-perception, n. ادراک ذات ؛ روح ؛ نفس باطنی کا وسیلہ اور غیر فکری ادراک ۔

self-perpetuating, a. جاوداں ؛ خود آفرین ؛ زندہ جاوید ؛ خود استقرار ؛ ایک ایسی امتیازی خصوصیت کا مظہر جس میں اپنے آپ کو استقراری طور پر ایک خاص حالت میں رکھا جا سکے ۔

self-perpetuation, n. خود استقراریت ۔

self-pity, n. خود ترحمی ؛ اپنے آپ پر ترس کھانے کی حالت ۔

self-pitying, a. خود ترحم ؛ اپنے اوپر آپ رحم کرنے / کھانے والا ۔

self-pityingly, adv. خود رحمی کے ساتھ ۔

self-poised, a. متوازن بالذات ؛ نامتزلزل ؛ کسی بیرونی امداد کے بغیر متوازن ؛ حالات کے علی الرغم دماغی بے اضطراری ؛ استقلال یا اپنے آپ پر قابو رکھنے کا اظہار کرتا ہوا ۔

self-poise, n. توازن ذات ۔

self-pollination, n. (نباتیات) کسی پھول کا اپنے ہی زرگل یا ایک ہی پودے کے کسی اور پھول سے بارورِی ؛ خود زیرگی ۔

self-pollinate, v.i., v.t. خود زیرگی ہونا ؛ اپنے ہی پھول سے بارآور ہونا ۔

self-pollinated, a. خود زیرگی شدہ ۔

self-portrait, n. اپنے ہی ہاتھوں سے بنائی ہوئی اپنی تصویر ؛ مرقع خود ؛ خود مصوری ۔

self-possessed, a. خاطر جمع ؛ نابرانگیختہ ؛ ٹھنڈے مزاج کا ؛ نامضطرب ؛ قادر علی النفس ۔

self-possessedly, adv. نفس کو قابو میں رکھتے ہوئے ۔

self-possession, n. ضبط ؛ قدرت علی النفس ؛ خاطر جمعی ۔

self-praise, n. خود ستائی ؛ مدحِ ذات ۔

self-preservation, n. خود حفاظتی ؛ اپنے آپ کا کسی مصیبت یا ضرر سے بچاؤ ؛ کسی ضرر سے اپنے آپ کو بچانے کی جبلت ؛ حفظ نفس ۔

self-preserving, a. تحفظ نفس کرنے والا ۔

self-propelled, self-propelling, a. خود دھکیل ؛ خود داسر ؛ وہ گاڑی جو انجن یا موٹر کے ذریعے چلتی ہو ۔

self-propulsion, n. خود دھکیل ہونے کا عمل ۔

self-realization, n. تکمیل ذات ؛ اپنی امکانی صلاحیتوں کی تکمیل اور ترقی ؛ خود افروزی ۔

self-realizationism, n. نظریۂ تکمیلِ ذات ؛ خود افروزیت ۔

self-realizationist, n خود افروز ۔

self-recording, a. خود نگار (آلہ) ؛ خود بخود ہونے والے اندراج جیسے کسی آلے سے ۔

self-reflection, n. اپنے جذباتی اور ذہنی باطن کا مشاہدہ ؛ دروں بینی ؛ دروں نظری ؛ مشاہدۂ نفس ۔

self-reflective, a. خود انعکاسی ؛ دروں نظری ۔

self-regard, n. مصلحت ذاتی ؛ منفعت اندیشی ؛ اپنے معاملات یا اپنی ذات کی سوچ ۔

self-regarding, a. منفعت اندیش ؛ منفعت اندیشانہ ۔

self-registering, a. خود اندراج ؛ خود تسجیل ؛ خود بخود درج کرتے جانے والا جیسے تھرمامیٹر ۔

self-registeration, n. خود تسجیلی ؛ خود اندراجی ۔

self-reliance, n. خود اعتمادی ؛ خود انحصاری ؛ اپنی قوت اور صلاحیتوں پر بھروسا ۔

self-reliant, a. خود انحصار ؛ خود اعتماد ۔

self-renunciation. ترک ذات ؛ تیاگ ؛ ترک خواہشات یا ترکِ حقوق ۔

self-renouncing, a. تارک خودی ؛ نفی خودی کرنے والا ؛ خود انکاری ۔

self-reproach, n. ضمیر کی ملامت ؛ خود احتسابی ۔

self-reproachful, a. لائم نفس ؛

self-reproaching, a. تیاگی ؛ ملامتی ۔

self-reproachingly, adv. ملامت نفس کے طور پر ۔

self-reproachingness, n. ملامت آمیزیِ نفس ۔

self-respect, n. عزت نفس ؛ خود داری ۔

self-respecting, n. خود دار ؛ غیرت مند ۔

self-restraint, n. خود لگامی ؛ اپنے آپ پر قابو ؛ ضبط نفس ۔

self-restraining, a. خود آگاہ ۔

self-revelation, n. افشائے نفس (ذات) ؛ اپنے حقیقی کردار ، احساسات یا خیالات کا (عموماً غیر شعوری) افشا ؛ کشف ذات ۔

self-revealing, a. کاشفِ ذات ۔

self-righteous, a. دوسروں کے عقائد اور اعمال کو برداشت نہ کرنے والا اور اپنی راست روی ، اخلاق مندی اور نیکیوں کا ڈھنڈورا پیٹنے والا ؛ مدعئ اتّقا ۔

self-righteously, adv. دعوائے اتقا کے ساتھ ۔

self-righteousness, n. دعوائے اتقا ۔

self-rule, n. خود لگامی ؛ اپنے آپ پر قابو ؛ سوراج ؛حکومت خود اختیاری ۔

self-ruling, a. بااختیار حکومت ؛ خود لگام۔
self-sacrifice, n. ایثار ذات ؛ دوسروں کے لیے اپنے مفادات کی قربانی ؛ قربانی نفس۔
self-sacrificer, n. قربانی نفس دینے والا۔
self-sacrificial, self-sacrificing, a. فدائی۔
self-sacrificingly, adv. فدائیت کے انداز میں۔
self-same, a. بالکل وہی ؛ ہوبہو وہی ؛ مثیل۔
self-sameness, n. خود مماثلت۔
self-satisfied, a. اپنے آپ پر مطمئن ؛ مطمئن بالذات۔
self-satisfaction, n. خود اطمینانی ؛ اطمینان ذات۔
self-satisfying, a. ذات کو مطمئن کرنے والا۔
self-seeker, n. مطلب پرست ؛ مفاد پرست ؛ جسے اپنا مفاد یا اپنی خوشی عزیز ہو۔
self-seeking, a., n. خود غرض ؛ بندۂ غرض ؛ خود مطلبی۔
self-service, n. اپنی خدمت آپ : بعض ہوٹلوں یا دکانوں میں چیزیں یا سامان پیش کرنے کے لیے کوئی ملازم نہیں ہوتا بلکہ گاہک کو خود اپنی ضرورت کی چیزیں اکٹھا کرنی پڑتی ہیں۔
self-serving, a. خود خدمتی۔
self-sown, a. خود کاشتہ ؛ قدرتی کاشتہ ؛ پرندوں اور ہوا وغیرہ کے ذریعے تخم ریز۔
self-sow, v.i. خود کاشتہ ہونا ؛ قدرتی طور پر بکھرنا۔
self-starter, n. خود رواں کار ؛ سیلف اسٹارٹر ؛ گاڑی کے انجن کو چالو کرنے کے لیے ابتدائی آلہ۔(مجازاً)وہ جو دوسروں سے مدد یا مشورہ یا ہدایت نہ لیتے ہوئے خود اپنی جدوجہد کو کام لاتا ہو۔
self-starting, a. خود رواں ؛ خود چالو۔
self-styled, a. خود ساختہ ؛ اپنے منھ آپ (جیسے: self-styled expert)۔
self-sufficient, self-sufficing, a. خود مکتفی ؛ دوسروں کی مدد کا نامحتاج ؛ اپنے وسائل ، صلاحیت یا قابلیت پر اعتماد رکھنے والا ؛ کسی قدر برخود غلط۔
self-sufficiency, خود کفالت
self-sufficingly, adv. خود کفالتی طور پر۔
self-sufficingness, n. خود کفالت پن۔
self-support, n. اپنی مدد آپ ؛ خود انحصاری ؛ خود پروری۔
self-supported, a. خود پروردہ۔
self-supporting, a. خود کفیل
self-sustained, a. اپنا آپ سہارا ؛ منحصر بہ خود۔
self-sustaining, a. خود پرور۔
self-sustainingly, adv. خود پرور انداز میں۔
self-taught, a. خود آموز ؛ کسی مسلّمہ ذریعہ سے تعلیم حاصل ناکردہ ؛ خود آموختہ۔
self-will, n. من مرضی ؛ خودرائی ؛ اپنی راہ کا خود تعین۔
self-willed, a. من موجی۔
self-willedly, adv. من موجی طور پر۔
self-willedness, n. من موجی پن۔
self-winding, a. خود کار چابی والا۔
sell, v.t. بیچنا ؛ بیچ دینا ؛ فروخت کرنا ؛ خریدار کو رقم یا کسی اور شے کے معاوضے میں قبضے ، ملکیت ، استحقاق یا خدمت کے لیے دے دینا ؛ سودا کرنا ؛ حصص یا کسی جنس کی فروخت کا کاروبار کرنا ؛ کسی ایسی شے کی قیمت یا معاوضہ وصول کرنا ، نفع کمانا یا فائدہ اٹھانا جو ایسے استعمال کے لیے نامناسب ہو جیسے کوئی دوست یا کسی کی نیک نامی ؛ قیمت یا کوئی فائدہ حاصل کرنے کی خاطر کسی مقصد سے بے وفائی کرنا (جیسے : to sell a cause) ؛ حریف کے مقابلے میں کسی قیمت پر دست بردار ہو جانا یا قربانی دینا جیسے کسی کی زندگی یا عزت کی۔ (بول چال) فروش کاری کے طور پر کسی شخص یا گروہ سے قبول ، منظور ، پسند یا خریداری کروا لینا ، ایسی صورت میں اس کے ساتھ to آتا ہے (جیسے :to sell an idea,yourself, or a song to the public) ؛ فروش کاری کے طور پر کسی شے کو قبول ، منظور ، پسند یا خریداری کرا لینا (جیسے :to sell the public on a new trend) ۔ (عوامی) دھوکا دینا ؛ جُل دینا ؛ چکما دینا ۔ (فعل لازم) کوئی چیز بیچنا ؛ بکری کرنا ؛ بکاؤ ہونا (کسی چیز کا کسی خاص نرخ پر (جیسے: wool that sell for three dollars a yard) ؛ کسی شے کی بکاؤ مال کے طور پر بہت مانگ ہونا (جیسے :Bathing suits sell in hot weather) ؛ فروش کاری کے ذریعے یا پیش ہونے پر قبولیت ، رضامندی یا اختیار حاصل کرلینا (جیسے :a book that will sell) ؛ کوئی سودا ہونا ۔ (اسم) فریب دہی ؛ چکما ؛ جھانسا ۔
sell short, کم وقعت دینا یا کم قیمت کا سمجھنا ؛ پوری طرح قبضے میں لیے بغیر کسی شے کو بیچنا ، اس امید پر کہ اس فروخت میں نفع بھی ہو گا اور بالآخر فروخت کی شرائط بھی پوری ہو جائیں گی۔
seller, n. بیچنے والا ؛ بکنے والا مال ، بالعموم اس رفتار یا مقدار سے جس سے وہ فروخت ہوتا ہے (جیسے :a car which is a poor seller) ۔
selling-plater, n. بِکری کے لیے لگوائی جانے والی دوڑ میں حصہ لینے والا گھوڑا۔
selling race, n. وہ گھڑ دوڑ جس میں گھوڑے دوڑ کے بعد ان قیمتوں پر فروخت کے لیے پیش کیے جاتے ہیں جو دوڑ سے پہلے بتائی گئی تھی اور جس میں جیت جانے والا گھوڑا نیلام میں فروخت کیا جاتا ہے ۔
sell-off, v.t., v.i. اونے پونے بیچ دینا ؛ قیمت گرا کر بیچ دینا ۔
sell-off, n. تمسّکات کی قیمت میں کمی ؛ تخفیفِ قیمت ۔
sell out, v.t. سارا مال فروخت کر ڈالنا ؛ قرض خواہوں کی ادائگیوں کی خاطر سارا مال بیچ دینا ۔ (بول چال) پوشیدہ سودے سے دھوکا دینا ۔ (فعل لازم) سارے مال کا بک جانا ۔ (بول چال) کسی معاہدے یا اقرار سے پھر جانا ؛ غداری یا دغا بازی کر جانا ۔ (اسم) وہ تھیٹری ، نغماتی پروگرام جس میں تمام جگہیں پہلے ہی سے بِک چکی ہوں ؛ سیل لگانے کا عمل ۔
selsyn, synchro, n. خود کار ہم وقت سازی ؛ ایک برقی ہم وقت سازی طریقہ جس میں ایک جنک زاویائی حرکت کی ترسیل اور ایک موٹر اس کی وصولی اور نقل گیری کے ستعمال ہوتی ہے ۔

Seltzer, seltzer water, n. اب معدن : سیلسر پانی ؛ ایک قدرتی معدنی پانی جس میں نمک ، سوڈیم ، کیلسیم ، میگنشیم کی آمیزش ہوتی ہے اور وہ جرمنی کے اسی نام کے گاؤں کے چشموں سے نکلتا ہے ؛ ایسے ہی مرکب اجزا سے تیار کیا گیا تجارتی مشروب ۔

selvage , selvedge : , a. کسی کپڑے پر اسی کے دھاگوں سے بنایا ہوا حاشیہ جو تاروں کو ادھڑنے سے روکے رکھتا ہے ؛ تالے کا کھٹکا ؛ مواد سے ساختہ پٹی ، جیسے دیواری کاغذ پر ۔

selvaged, selvedged, n. کنارا دار ؛ حاشیے دار ۔

semantics, n. (جمع مگر ترکیب میں واحد) (لسانیات) علم المعانی ؛ مفہوم الفاظ کا مطالعہ (خصوصاً معنوی تبدیلیوں کے حوالے سے) ؛ اشارات و علامات کے باہمی تعلق کا مطالعہ اور ان کا جن کی وہ ترجمانی کرتے ہیں ؛ معنویات ۔

semantical, semantic, a. معنویاتی ۔

semantically, adv. بروئے معنویات ۔

semanticist, n. ماہر علم المعانی ۔

semaphore, n. اشارہ رسانی ؛ (ایک آلہ) جس کے ذریعے بصری اشارے پہنچائے اور کیے جاتے ہیں (یہ کام جھنڈیاں ہلانے ، روشنی کرنے ، چپوؤں یا بازوؤں وغیرہ سے کیا جاتا ہے اور باہمی اشاروں کی مختلف حالتیں یا انداز ، خفیہ ضابطوں کے مطابق ہوتی ہیں) ؛ سیمافور ۔ (فعل متعدی) سیمافور کے ذریعے اشارے کرنا ۔

semaphoric, semphorical, a. سیما فوری ۔

semaphorically, adv. سیما فوری لحاظ سے ؛ بذریعہ اشارہ بردار ۔

semasiology, n. لفظیات ؛ لسانیات کی وہ شاخ جس کا مفاہیم سے تعلق ہے (خصوصاً معنوی تبدیلیوں اور ارتقا سے) ؛ معنویات ۔

semasiological, a. لفظیاتی ؛ معنوی ۔

semasiologically, adv. لفظیاتی /معنوی طور پر ۔

semasiologist, n. لفظیات/معنویات کا ماہر ۔

sematic, a. (حیوانیات) کسی درپیش خطرے کے وقت پیدا ہو جانے والی نمایاں تبدیلی یا کیفیت (جیسے نمایاں رنگ بدلی یا بعض آثار) کا مظہر ؛ خطرنما ۔

semblance, semblative, n. مماثلت ؛ مشابہت ؛ ظاہریت ؛ شکل ؛ صورت ؛ نقش ؛ مانندگی ؛ معمولی سی مشابہت ۔

semblable, a., n. مشابہ یا مماثل ۔

semblably, adv. مشابہت رکھتے ہوئے ۔

seme, a. گل کشیدہ ؛ ایک سے فاصلے پر ایک ہی چھوٹا ڈیزائن ٹانکا ہوا (جیسے خاندانی زرہ بکتر پر قومی پھول) ۔

semen, n. نطفہ ؛ منی ؛ مادہ منویہ ؛ دھات ؛ ویرج ؛ مرد کے عضوتناسل سے خارج ہونے والا سفید ، چپچپا مادہ جس میں منوی حوینات ہوتے ہیں ۔

semester, n. میقات ؛ چھ ماہ کی مدت کا عرصہ یا نصف تعلیمی سال ،عموماً ۱۵ سے ۱۸ ہفتوں کا ؛ سیمسٹر ۔

semestral, semestrial, a. میقاتی ۔

semiannual, a. نیم سالہ ، سال میں دوبار ، چھ ماہ تک رہنے والا ؛ چھماہی ؛ شش ماہی ۔

semiannually, adv. ہر شش ماہی پر ۔

semiaquatic, a. (حیاتیات) نیم آبی ؛ وہ جانور جو پانی کے کنارے رہتے ہیں لیکن کبھی کبھی پانی میں بھی چلے جاتے ہیں جیسے مینڈک ۔

semiarid, a. نیم بارانی ؛ وہ علاقہ جہاں بالعموم دس سے بیس انچ سالانہ کے درمیان بارش ہوتی ہے ۔

semiautomatic, a. نیم خودکار (فائر کرنے والے آلات)؛ (آلات جنگ جن کو تھوڑا ساخود ،عمل آمادہ کرنا پڑتا ہے جیسے رائفل ، توپ وغیرہ) ۔ بارودی

semiautomatically, adv. نیم خود کارانہ ۔

semiautonomous, a. نیم خود مختار ؛ جو مکمل طور پر بااختیار نہ ہو ۔

semibasement, n. نیم تہ خانہ ؛ وہ تہ خانہ جو بالائی عمارت کے سارے حصے کے نیچے نہ ہو ۔

semibreve, n. دیکھیے : breve ۔

semicentenary, a., n. نیم صدی یا پچاس سال بعد ۔

semicentennial, semicentenary, a. پنجاہ سالہ ؛ پچاس سال بعد کا ۔ (اسم) پنجاہ سالہ تقریب یا جشن ۔

semicircle, n. نیم دائرہ ؛ آدھا دائرہ ؛ قوس ؛ دائرے کا وہ حصہ جو قُطر اور اس کے نصف محیط پرمشتمل ہو ؛ نیم دائرے کی شکل کی کوئی چیز ۔

semicircular, a. نیم مُدور ۔

semicircular canals, n. (تشریح الاعضا) کان کی تین خمیدہ نلکی دار نالیاں جن کے ذریعے بدن کا توازن بحال رہتا ہے ۔

semicivilized, a. نیم مہذّب ۔

semicivilization, n. نیم تہذیب ۔

semiclassical, a. (موسیقی) نیم کلاسیکی (کلاسیکی سے کم درجہ) ؛ وہ کلاسیکی نغمہ جو اپنی مقبولیت کے باعث اب عوامی بن گیا ہو ؛ وہ غنائی تشکیل جس میں کلاسیکی اور عوامی موسیقی مِلی جُلی ہو ۔ دیکھیے : classical ۔

semiclassic, n. ادب عالیہ ۔

semicolon, n. وقفِ ناقص: ٹھہراؤ کی ایک علامت جو سکتے سے زائد مگر وقفۂ کامل سے کم ہوتی ہے (انگریزی میں اس کی علامت (;) یعنی واوِ منقوط) ؛ نیم وقفہ ؛ سیمی کولن ۔

semicommercial, a. نیم تجارتی ؛ محدود تجارتی بازار کاری کا یا اس سے متعلق ۔

semiconductor, n. نیم موصل ؛ وہ شے جس کا برقی ایصال ،دھاتی اور غیر موصل شے کے بَین بَین ہو ، بالخصوص جرمینیم اور سلیکون ، اسے بعض برقیاتی اجزا بنانے میں برَتا جاتا ہے جیسے ٹرانسسٹر ، راست گر ۔

semiconducting, a. نیم موصلی ۔

semiconscious, a. نیم شعوری حالت میں ؛ نیم مدہوش ۔

semiconsciously, adv. نیم مدہوشی کے انداز میں ۔

semiconsciousness, n. نیم آگاہی ، نیم شعور ؛ نیم مدہوشی ۔

semidesert, n. نیم صحرا ؛ بہت ہی خشک علاقہ جس میں ریگستان کی خصوصیات پائی جائیں جو عموماً ریگستان سے متصل ہوتا ہے ۔

semidetached, a. نیم علیحدہ ؛ جزوی طور پر علیحدہ ؛ ایسے دومکانوں کو کہا جاتا ہے جن کی دیوار مشترک ہو ۔

semidiameter, n. نصف قطر؛ قوس۔

semidiurnal, a. نیم روزہ ؛ دن میں دوبار ؛ نصف دن پر مشتمل۔

semidivine, a. نیم دیوتا ؛ دیوتا سروپ ؛ مقدس شخصیت ، انسان کی بجائے دیوتا کے مانند۔

semidocumentary, a. افسانوی اظہار میں پیش کردہ حقیقت یا حقیقت بنا کر پیش کیا گیا افسانہ ۔ (اسم) افسانہ نما حقیقت یا حقیقت نما افسانہ۔

semidome, n. (فن تعمیر) نصف گنبد ؛ نیم دائرہ احاطے یا کمرے پر عمودی تعمیر۔

semidomed, a. نیم گنبد نما۔

semidomestication, n. نیم پالن کاری ؛ بعض وحشی جانوروں کی نیم متابلی ؛ نیم پالتو پن۔

semidomesticated, a. نیم پالتو۔

semidry, a. نیم خشک یا نیم تر۔

semidrying, a. تھوڑا بھیگا ہوا۔

semielliptical, a. نصف ناقصی ؛ نصف بیضوی بالخصوص وہ جسے آڑا کاٹا جائے۔

semiellipse, n. نصف بیضوی شکل کا۔

semielliptic, a. نصف بیضوی۔

semierect, a. خمدار ؛ جو پوری طرح سیدھا نہ ہو ؛ جُھکا ہُوا۔

semifinal, a. (کھیل) ٹورنامنٹ میں آخری مقابلے سے قبل دو دو میں مقابلہ (اکثر جمع)۔

semifinalist, n. آخری مقابلے سے قبل مقابلے کا کھلاڑی یا ٹیم۔

semifinished, a. نامکمل یا جزوی طور پر مکمل ؛ نیم تیار مال جس کو مکمل کرکے صنعتی مال تیار کیا جا سکے۔

semifitted, a. کچی سلائی کردہ ؛ وہ ملبوس جس کو جسم پر پہنا کر دیکھنے اور حسب ضرورت تبدیلی کرنے کی غرض سے کچی سلائی کی گئی ہو۔

semiflexible, a. نیم لچک دار۔

semifluid, semiliquid, n. نیم مائع ؛ نیم سیال ؛ گاڑھا جو پورے طور پر سیال نہ ہو ، گاڑھا اور چپچپا ہو تاہم بہنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ نیم رقیق۔

semiformal, a. جزواً رسمی ؛ جزوی یا قدرے تکلف والا ؛ نیم رسمی ؛ دستور یا ضابطوں کی پابندی کرنے والا۔

semifossil, a. نیم متحجر ؛ نیم رکازی ؛ نیم کنجور ؛ جو زمین میں دب کر پوری طرح پتھر نہ بنا ہو۔

semifossilized, a. نیم متحجر ؛ نیم رکاز ؛ نیم کنجور۔ نیم پتھر بنے ہوئے حیوانی یا نباتاتی اجزا۔

semiglobular, a. نصف کُرّے کی شکل میں۔

semigloss, a. نیم چمکیلا ؛ نصف چمک دمک یا آب و تاب والا۔

semigovernmental, a. نیم سرکاری ؛ قدرے سرکاری اختیارات لیے ہوئے۔

semi-independent, a. جزوی خود مختار۔

semi-indirect, a. نیم بالواسطہ ؛ جس میں سے تھوڑی تھوڑی روشنی پار ہو جاتی ہو اور بیشتر واپس ہو جاتی ہو۔

semilegendary, a. نیم فرضی ؛ نیم افسانوی ؛ نیم شفاف (دھندلا)۔

semiliquid, a. نیم سیال ؛ نیم رقیق ۔ (اسم) نیم سیال شے۔

semiliterate, a. نیم خواندہ ؛ لکھنے پڑھنے کی تھوڑی سی مہارت رکھنے والا ؛ پڑھ سکتا ہو مگر لکھنا نہ جانتا ہو ؛ شد بُد رکھنے والا۔

semilunar, a. ہلالی ؛ آدھے چاند کا سا ، پہلے اور آخری ہفتے کے چاند کی طرح۔

semilunar valve, n. (تشریح الاعضا) ان دو صماموں میں سے ایک جو شریان اعظم کے اور پھیپھڑی شریان کے مدخلوں پر واقع ہیں ، ان کی شکل قوسینی ہے ؛ ہلالی صمام۔

semimanufactures, n. نیم تیار اشیا ؛ نیم مصنوعہ اشیا ؛ وہ اشیا جن کو کسی آخری شکل میں تبدیل کرنے سے پہلے بالکل ابتدائی شکل میں تبدیلی پیدا کرکے درمیانی شکل میں ڈھالا جاتا ہے ، جیسے مصنوعی کپڑا ، فولاد ، چمڑا وغیرہ۔

semimanufactured, a. نیم تیار۔

semimat, semimatt, semimatte, a. نیم شفاف ؛ ہلکی ہلکی سی چمک یا تاب والا ، جیسے پینٹ۔

semimonastic, a. نیم راہبانہ ؛ نیم خانَقاہی ؛ خانقاہی سلسلے کی بعض خصوصیات رکھنے والا۔

semimonthly, a. پندرہ روز کے بعد واقع یا ظاہر ہونے والا ؛ پندرہ روزہ اشاعت ؛ ہر وہ چیز جو پندرہ روز یا مہینے میں دوبار واقع ہو ؛ پندرھواڑی ۔ (متعلق فعل) ہر نصف ماہ پر۔

semimystical, a. نیم عارفانہ ؛ صوفیا کی بعض خصوصیات کا حامل۔

seminal, a. بیج سے متعلق ، تخمی ؛ منوی ؛ نموی ؛ نطفی ؛ جرمی ؛ آنے والی تبدیلیوں پر اثر انداز ہونے والا (جیسے : a seminal writer)۔

seminally, adv. تخمی طور پر۔

seminar, n. سیمینار ؛ ان یونیورسٹی کے طلبہ یا کسی شاخ علم سے دلچسپی رکھنے والوں کا گروہ جو کسی نگران معلم کے تحت اعلیٰ تعلیم اور تحقیق میں لگے ہوئے ہوں یا تبادلۂ خیال و تحقیق میں کسی جگہ اکٹھے ہوں ؛ وہ نصاب جو اس غرض سے بنایا گیا ہو ؛ مذاکرہ ؛ وہ جگہ جو اس کے لیے مختص ہو۔

seminarian, n. مذہبی درسگاہ کا رکن یا وہاں کا طالب علم ؛ سیمیناری۔

seminary, n. مذہبی تربیت گاہ ؛ اسکول ، کالج یا یونیورسٹی جہاں افراد کو رَبی (یہودی فقیہ) راہب یا پادری بننے کی تعلیم دی جاتی ہے ؛ زنانہ مکتب/درسگاہ ؛ وہ جگہ جہاں کسی چیز کی ابتدا یا نمو ہوتی ہے۔

seminiferous, a. تخم دار ؛ تخم آور ؛ نطفہ دار ؛ مادۂ منویہ پیدا کرنے والا ؛ مادہ منویہ والا۔

seminivorous, a. تخم خور۔

Seminole, n. امریکی ریڈ انڈین لوگوں کا ایک قبیلہ یا اُن کی زبان ؛ یہ لوگ آج کل فلوریڈا اور اوکلاہوما میں رہتے ہیں ۔ (صفت) اس قبیلے یا زبان کے متعلق ۔

seminomad, n. نیم خانہ بدوش ؛ وہ لوگ یا قبائل جو مستقلاً نہیں بلکہ موسمی خانہ بدوش ہوتے ہیں اور مخصوص موسم کے بعد وطن لوٹ آتے ہیں ، جہاں وہ کھیتی باڑی کرتے یا مویشی پالتے ہیں ۔

seminomadic, a. نیم خانہ بدوشانہ ۔

semiofficial, a. نیم سرکاری ؛ جزوی سرکاری ؛ جس میں کچھ سرکاری اختیارات حاصل ہوتے ہیں ۔

semiofficially, adv. نیم سرکاری طور پر ۔

semiopaque, a. جزواً یا قدرے یا قریب قریب نیم شفاف ۔

semiotic, semeiotic, a., n. علاماتی ؛ اشارتی ۔

semiotics, semeiotics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) علم علامات ؛ علامات و اشارات اور مختلف زبانوں میں ان کے استعمال کے بارے میں عام نظریہ (بشمول استخراجی ، نحوی اور معنوی نظریات) ۔

semiotical, a. علم علامات سے متعلق ۔

semiotician, n. تشخیص علامات کا ماہر ۔

semipalmate, semipalmated, a. نیم کف نما ؛ نیم پنجہ نما ۔

semipalmation n. نیم کف نما حالت ۔

semiparasitic, a. (حیاتیات) نیم طفیلی (عموماً طفیلی لیکن کبھی کبھی مُردہ مواد سے بھی غذا اخذ کر لینے والا) ۔

semiparasite, n. نیم طفیلی ۔

semiparasitism, n. نیم طفیلیت ۔

semipermanent, a. بعض طرح سے مستقل ؛ غیر محدود عرصے کے لیے ؛ نیم مستقل ۔

semipermeable, a. نیم جاذب (وہ جو بعض کو تو گزر جانے دے اور بعض کو روک لے ، جیسے جھلی میں سے محلل تو گزر جاتا ہے لیکن منحل نہیں گزر سکتا) ۔

semipolitical, a. نیم سیاسی ؛ نیم سیاسی کاموں میں حصہ لینے والا ۔

semiporcelain, n. گھٹیا چینی مٹی ، جو اصل کے مقابلے میں کم شفاف اور ناہموار سطح والی ہوتی ہے ؛ مٹی کا برتن جسے چینی مٹی کی سی چمک دے دی گئی ہو ۔

semipostal, n. نیم مقررہ ٹکٹ ؛ ایک قسم کا ڈاک ٹکٹ (امریکا میں) حکومت جسے مقررہ قیمت سے زائد پر جاری اور فروخت کرتی ہے اور یہ اضافی قیمت عموماً خیراتی مد میں چلی جاتی ہے ۔

semiprecious, a. نیم قیمتی ؛ ہیرے اور یاقوت کے مقابلے میں کم قیمت(جواہرات) ۔

semiprivate, a. نیم نجی ؛ کسی قدر نجی ، جیسے ہسپتال میں دو یا تین بستروں والا کمرہ ۔

semiprofessional, a., n. نیم پیشہ ورانہ ؛ کھیل یا کسی اور مشغلے کو آمدنی کی خاطر بطور جز وقتی پیشہ اختیار کرلینے والا ؛ ادائیگی پر جز وقتی کھیل یا رکنیت میں شرکت ؛ جو بظاہر پیشہ ورانہ کام معلوم ہو لیکن اس میں زیادہ مہارت ، علم وغیرہ کی ضرورت نہ ہو ۔

semipro, n., a. (بول چال) نیم پیشہ ورانہ ؛ نیم پیشہ ور ۔

semiprofessionally, adv. نیم پیشہ ورانہ طور پر ۔

semipublic, a. نیم عوامی یعنی وہ جس کو عوام بھی کسی حد تک استعمال میں لا سکتے ہوں (جیسے : a semi -public golf course) ۔

semiquaver, n. دیکھیے ؛ quaver ۔

semireligious, a. نیم مذہبی ۔

semirigid, a. قدرے بے لچک ۔ (طیرانیات) ایک قسم کے طیارے کے متعلق جس کی شکل ایک سخت کشتی نما ساخت کے ذریعے قائم رکھی جاتی ہے ، جیسے ایک قابو غبارہ ۔

semisacred, a. نیم مقدس ۔

semisedentary, a. نیم مقامی ؛ یکجائی ؛ عادات یا ضروریات کے حوالے سے بیشتر کسی ایک جگہ رہنے والے ۔ (حیوانیات) وہ جاندار جو بیشتر زیریں طبقات میں رہتے ہیں لیکن وہاں سے ادھر اُدھر بھی ہو سکتے ہیں ، جیسے سمندری پھول ۔

semiskilled, a. نیم ماہر(مزدور)جو فن جانتا تو ہو لیکن اسے مہارت نہ ہو ۔

semisoft, a. نیم نرم ؛ معقول طور پر چپچپا ۔

semisolid, a. جزوی طور پر ٹھوس ؛ انتہائی لیس دار ۔ (اسم) نیم ٹھوس مادہ ۔

Semite, n. سامی الاصل ؛ ان کاکیشیائی اقوام کا فردیا قبیلہ جو اپنے آپ کو سام بن حضرت نوح کی نسل سے ظاہر کرتے ہیں ، اب یہ زیادہ تر عبرانی اور عربی ہی سمجھے جاتے ہیں لیکن سابقاً بابلی ، کنعانی ، اشوری ، فنیقی اور جنوب مشرقی ایشیا کے بعض اور قبائل بھی ان ہی میں شمار ہوتے تھے ۔

semiterrestrial, a. نیم زمینی ؛ بربحری ۔ (حیاتیات) کچھ وقت خشکی پر گزارنے والے (جاندار) ؛ دلدلی جگہوں میں اُگنے والے (پودے) ۔

Semitic, a. سامی ؛ سامی لوگوں سے یا ان کی زبانوں سے متعلق ۔ (اسم) سامی زبان ؛ زبانوں کے افریقیشیائی قبیلے کی شاخ جس میں عبرانی ، فنیقی ، ارامی ، اکادی ، عربی اور حبشی زبانیں شامل ہیں ۔

Semitics, n. سامی زبانوں ، ادب اور ثقافت کا مطالعہ ۔

Semitist, Semiticist, n. سامی زبانوں کا ماہر ۔

Semitism, n. سامیت ، یہودیت پرستی ؛صیہونیت ؛ سامی ، زبان کا لفظ یا محاورہ (عبرانی میں بالخصوص) ۔

semitone, halftone, halfstep, n. (موسیقی) آدھا سُر ؛ نیم آہنگ ؛ سُرتی ؛ نیم سُر ۔

semitonal, semitonic, a. آدھے سُر کا

semitrailer, n. ٹرالی ؛ عقبی باربردار گاڑی ؛ ایک باربردارہ جس کے صرف پچھلے دو پہیے ہوتے ہیں اور اس کے اگلے حصے کو ٹرک / ٹریکٹر کے عقبی حصے کے ساتھ جوڑ دیا جاتا ہے ؛ پورے ٹریکٹر اور ٹریلر سمیت باربردار گاڑی ۔

semitranslucent, a. نیم شفاف ؛ دُھندلا ۔

semitransparent, a. نیم شفاف یا صاف ؛ دھندلا ۔

semitropics, n. دیکھیے : sub-tropics ۔

semitropic, semitropical, a. نیم حاری ۔

semivowel, n. (صوتیات) نیم حروف علت ؛ حروف علت سے کم وقت میں ادا ہونے والی کم واضح اور مرکزی حیثیت نہ رکھنے والی لیکن اس کی سی بھر پور آواز (جیسے : wish میں red, w میں r اور yellow میں y) ؛ نیم حروف علت کا مظہر حرف ۔

semiweekly, a. ہفتے میں دو بار ۔ (اسم) ہفتے میں دو بار شائع ہونے والی اشاعت ۔ (متعلق فعل) ہر نصف ہفتے میں ۔

semiyearly, a. ششماہی یا سال میں دوبار ؛ سال میں دو مرتبہ ۔ (متعلق فعل) ششماہی طور پر ۔

semolina, n. ایک قسم کی گندم کے کٹے ہوئے دانے (تھولی) جس سے موٹی سویاں بنائی جاتی ہیں ۔

sempiternal, a. جاوداں ؛ دائمی ؛ ابدی ؛ با آغاز مگر بے انجام ۔

sempiternally, adv. دائمی طور پر ۔

sempiternality, n. دوامیت ؛ ابدیت ۔

semplice, a. , adv. (موسیقی) سادہ ؛ سیدھے سادھے طریقے سے یا جوش و جذبے کے بغیر گائی گئی ۔

sempre, adv. (موسیقی) یکساں طور پر ؛ ایک ہی انداز سے ۔

sempstress, n. درزن ۔

senary, a. چھگّا ؛ شش دار ۔

senate, n. سینیٹ ؛ کسی حکومت کا سب سے اونچا قانون سازی یا بحث و تمحیص کا ایوان ، اسمبلی یاکونسل ۔(بڑے S سے) قانون ساز اداروں کے دو ایوانوں میں سے ایوان بالا ، جیسے فرانس ، کینیڈا ، پاکستان ، ریاستہائے متحدہ امریکا میں یا اس کی انفرادی ریاستوں میں ؛ یونیورسٹی یا کالجوں کی مجلس مشاورت یا مجلس نظم و ضبط جس میں یونیورسٹی یا کالج کے طلبہ کے نمائندے اور فیکلٹیوں کے ارکان شامل ہوتے ہیں ؛ قدیم روم میں مملکت کی سب سے بالائی کونسل ۔

senator, n سینیٹ کا رُکن ۔ مخفف : .sen یا .Sen ۔

senatorial, a. سینیٹر کا یا سینٹ سے متعلق ، اس پر مشتمل یا اس کے شایانِ شان ؛ سینیٹر کو منتخب کرنے کا مجاز ۔

senatorially, adv. سینیٹر کے طور پر ۔

senatorial courtesy, n. احترام سینیٹر ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی ایک پارلیمانی روایت جس کے مطابق وہاں کی سینیٹ صدر کے کسی ایسے مامور (فرد) کی توثیق نہیں کرتی جو کسی ایسی ریاست میں سے ہو جس کے دونوں سینیٹر یا صدارتی پارٹی کا ایک سینیٹر اس کی ماموریت یا تقرر کے خلاف ہوں ۔

senatorial districit, n. حلقۂ سینیٹر ؛ کسی (امریکی) ریاست کے انتخابی حلقوں میں سے کوئی ایک مختص حلقہ ، ایسے ہر حلقے سے ایک سینیٹر ووٹوں کے ذریعے منتخب ہوتا ہے ۔

senatorship, n. سینیٹر کا دفتر ، منصب یا اُس کی شرائط ۔

send, v.t. کسی شخص کو بھیجنا ؛ جانے کے قابل بنانا (جیسے :They sent him to college) ؛ پہنچانا ؛ بھجوانا ؛ جانے کے لیے راہ نمائی کرنا، حکم دینا یا مجبور کرنا ؛ ٹھیلنا، ریلنا، پھینکنا یا ضربانا جیسے مُکا یا اسی طرح کی کوئی شے ؛ کسی کو کسی کیفیت سے دوچار کر دینا (جیسے to send one mad) ؛ خارج کرنا یا پھیلانا جیسے روشنی ، خوشبو یا آواز کو (بعد میں عموماً forth یا out لگاتے ہیں) ۔ (عوامی) ایک لہر سی دوڑا دینا ؛ باغ باغ کر دینا ؛ خوش کرنا ۔ (فعل لازم) ارسال کرنا (پیغام، پیغام بر یا کسی کارندے کو) ۔

send down, یونیورسٹی چھوڑ جانے پر مجبور کر دینا ؛ وہاں سے نکال دینا یا معطل کر دینا ۔

send for, بلا بھیجنا ؛ پیغام کے ذریعے آنے کی درخواست کرنا یا منگوا بھیجنا ۔

send in, کسی مرکزی منزل مقصود کو روانہ کرنا (جیسے کسی مقابلے میں داخلے کی رقم) ۔

send out, تقسیم کرنے یا بانٹنے کے لیے ارسال کرنا ؛ کسی مرکزی جگہ سے ارسال کرنا ۔

sendpacking, بے عزتی کرکے نکال دینا ؛ نکال باہر کرنا یا دفعتاً برطرف کر دینا ۔

send up, (بول چال) قید سنانا ؛ سزا سنا کر جیل بھیج دینا ۔

sender, n. بھیجنے والا ؛ ارسال کنندہ، مرسل ؛ فریسندہ وغیرہ ۔

send, n. (جہاز رانی) موج یا موجوں کے اثر سے جہاز کے آگے بڑھنے کا عمل ۔ (فعل لازم) (جہازرانی) تموج سے جہاز کا آگے بڑھنا ۔

sendal, n. [سندھی کپڑے سندھو کے نام پر] (عوامی) حریر (ایک نفیس باریک ریشمی کپڑا) جسے زمانہ وسطیٰ میں کلیسائی رسومات کی پوشاک اور نفیس لباس کے لیے استعمال کیا جاتا تھا ۔

send-off, n. (بول چال) الوداعیہ ؛ کسی کے جانے کے اعزاز میں دی گئی ضیافت ؛ کسی شخص یا شے کو دیا گیا موقع/آغاز ۔

Seneca, n. ایک امریکی انڈین قبیلہ جو کبھی نیویارک غربی میں آباد تھا ؛ اس قبیلے کی زبان جو اس کے دوسرے مساوی قبائل بولتے ہیں ۔

senega snakeroot, Seneca snake root, senega, n. سانپ جڑ ؛ شمال مشرقی ریاستہائے متحدہ امریکا کی ایک شِیرزا بوٹی ، اس کی جڑ جو قے آور اور پیشاب آور ہے (اسے سانپ ڈسنے کا علاج بھی خیال کیا جاتا ہے اور عورتوں کے لیے شیر افزا بھی) دواؤں میں استعمال ہوتی ہے ۔

senescence, n. کبیرسنی ؛ بڑھاپا ۔

senescent, a. بوڑھا ۔

senhor, n. (پرتگالی) سینیور ؛ معزز انسان ؛ ایک قسم کا خطاب جیسے جناب، مسٹر ۔

senhora, n. (پرتگالی) شادی شدہ خاتون ؛ شادی شدہ عورت کے لیے تخاطب کا لفظ ؛ سینیورا ۔

senhorita, n. (پرتگالی) سینیوریٹا ؛ ایک نوجوان خاتون ؛ غیر شادی شدہ کے لیے تخاطب کا لفظ ؛ احترام کا لقب ۔

senile, a. بوڑھا ؛ بڑھاپے سے متعلق یا پیدا ہو جانے والا ؛ اضمحلال (ذہنی و بدنی) ؛ سٹھیایا ہوا ۔ (طبیعی جغرافیہ) کسی مخصوص فرسودگی کے چکر کے اختتام کے قریب ۔

senilely, adv. اضمحلال کی جانب ؛ فرسودگی کی طرف ؛ بڑھاپے کے طور پر ۔

senility, n. بڑھاپا ؛ سٹھیاپا ۔

senior, a. مقدّم ؛ کبیر ؛ بڑا (عمر ، مرتبے ، درجے ، تعلیم یا ملازمت میں) ؛ دوسروں سے بڑا یا معمر یعنی دو میں سے کون ایک بڑا ہے 'ایسی صورت میں اس کا اختصار استعمال کیا جاتا ہے ؛ پرانی تاریخ کا؛ مدت ملازمت ، عہدے یا منصب کے لحاظ سے مقدم یا دوسروں کے مقابلے میں زیادہ درجے کا ؛ اعلیٰ عہدے یا مرتبے کا ؛ جامعات ، کالجوں اور ہائی اسکولوں میں سب سے آخری سال یا سب سے اونچی جماعت کا یا اس سے متعلق ۔ (اسم) وہ شخص جو دوسروں سے بڑا ہو ؛ بوڑھا شخص ؛ وہ شخص جو مدت ملازمت میں سب سے مقدم ہو ؛ وہ شخص جو منصب یا عہدے میں دوسروں سے بلند ہو ؛ جامعہ ، کالج یا ہائی اسکول میں جو سب سے آخری جماعت میں ہو۔ (مخفف : .sr یا .Sr) ۔

senior chief petty officer, n. (بحریہ) نان کمیشنڈ افسر جو درجے میں ماسٹر چیف پیٹی افسر سے مقدم ہوتا ہے ۔

senior citizen, n. بزرگ شہری ؛ ۶۵ سال سے زیادہ عمر کا ؛ جس کی آمدنی پوری یا جزوی پنشن پر مبنی ہو۔

senior high school, n. ایک ہائی اسکول جس میں ۱۰ سے ۱۲ تک جماعتیں ہوں۔

seniority, n. بزرگی ؛ تقدم ؛ عمر ، مرتبے وغیرہ میں دوسروں سے برتری ؛ برتر ہونے کی حالت ؛ مدّت ملازمت میں دوسروں سے سبقت ۔

senna, n. [عربی] سَنا ؛ ایک پھلی دار پودا ؛ اس پودے کے خشک پتے جو اکثر بطور مُلیّن دوا استعمال ہوتے ہیں۔

sennet, n. (موسیقی) قرنا ؛تُرم پر پیش کی جانے والی ایک مخصوص گت جو الزبتھی دور کے ڈراموں میں اسٹیج ہدایت کاری میں مستعمل تھی (بالخصوص اداکاروں کے ورودوخروج کے وقت۔

sennight, se'nnight, n. (قدیم) ہفت شب ؛ ہفتہ ۔

sennit, n. بٹی رسّی ؛ بل دار رسی جو جہازوں میں استعمال ہوتی ہے ؛ ہیٹ بنانے کے لیے بٹے ہوئے تنکے ۔

senor, n. [ہسپانوی] سینور ؛ لفظ احترام ؛ جناب ؛ حضور ۔ دیکھیے : senhor ۔

senora, n. [ہسپانوی] سینورا ؛ ایک خاتون بالعموم شادی شدہ یا معمر ؛ خطابؔ کا ایک انداز۔

senorita, n. [ہسپانوی] نوجوان خاتون بالعموم غیر شادی شدہ ؛ خطاب کا ایک انداز؛ مِس ۔

sensate, a. حواسی ؛ محسوس ؛ حواس یا حوالوں سے محسوس کیا جانے والا ۔

sensation, n. سنسنی ؛ حس ؛ انگیخت ؛ کسی حِسّی محرک سے پیدا ہونے والا کوئی شعوری تجربہ جیسے سمعی ، بصری یا لمسی ۔ (فعلیات) کیفیات محسوس یا قبول کرنے کی استعداد ؛ ایک غیر مرتکزی احساس جو اندروں نفسی ذرائع سے پیدا ہو اور جس کا جسمانی ہیجان سے کوئی تعلق نہ ہو (جیسے :a sensation of awe) ؛ گھبراہٹ یا بہت زیادہ اشتیاق کی کیفیت بالخصوص کسی گروہ یا بہت سے افراد کے درمیان ؛ ایسی کوئی شے جو بہت زیادہ اشتیاق یا جذبات پیدا کرے۔

sensational, a. حواسی ؛ جوش یا حواس سے متعلق ، بہت زیادہ دل چسپی یا جذبات پیدا کرنے والی ُخصوصاً جو غیر فطری ہوں ؛ چونکا دینے والا ؛ جوش دلانے والا ؛ بہت اچھا یا بہترین ۔

sensationally, adv. جوش و جذبے کے ساتھ ؛ چونکانے والے انداز سے ۔

sensationalism, n. کوئی شے ، زبان ، موضوع یا انداز جو متاثرکن یا دل ہلا دینے والے تاثرات پیدا کرنے کا اہل ہوتا ہے ؛ سنسنی خیزیت ۔ (فلسفہ) یہ نظریہ کہ تمام ادراکات اور تصورات کا سرچشمہ حواس ہوتے ہیں ۔ (اخلاقیات) خیر کو تسکین حواس پر منحصر سمجھنے کا نظریہ ؛ حسیت پسندی ۔

sensationalist, n. حسّیت پرست ؛ ہیجان پسند ؛ معتقد محسوسیات۔

sensationalistic, a. حسّیت پسندانہ ؛ محسوساتی ۔

sense, n. حِس؛ مشاہدہ ؛ شعور ؛ عقل ؛ فہم ؛ انسان یا دوسرے جانوروں کی مخصوص قوتوں میں کوئی ایک جو جسمانی اعضا سے تعلق رکھتی ہو اور جس کے ذریعے وہ بیرونی اشیا اور اپنی جسمانی تبدیلیوں کو محسوس کرتے ہوں جیسے دیکھنا ، سُننا ، سونگھنا ، چکھنا اور چھونا ؛ مجموعی طور پر یہ قوتیں (حواس خمسہ) ؛ ان کے اعمال و افعال ؛ احساسات ؛ وہ احساس یا ادراک جو لمس ، ذائقے وغیرہ سے پیدا ہو یا جسم کے کسی حصّے کی ایک مخصوص حالت کا نتیجہ ہو (جیسے : a sense of cold) ؛ مشاہدہ ، اندازہ یا پسند کرنے کی کوئی مخصوص صلاحیت (جیسے: esthetic sense)۔(عموماً جمع) طباعی اور صحیح الدماغی (جیسے: He has lost his senses) ؛ کسی چیز کا فہم ، واضح ادراک یا تاثر ؛ اچھے اور بُرے کی تمیز ؛ ٹھیک ٹھاک عملی ذہانت ؛ معنی ، حقیقت یا مفہوم ؛ کسی لفظ یا ترکیب کا مطلب یا اسی کا کوئی ایک مفہوم ؛ کوئی رائے یا فیصلہ جو کسی اجلاس یا اجتماع میں کیا گیا ہو یا جس کی توثیق کی گئی ہو (جیسے: the sense of a meeting) ؛ تاثر ؛ روح ۔ (ریاضی) دو مخالف سمتوں میں سے کوئی ایک، جدھرکسی خط یا طول و عرض وغیرہ کا جانا، کھینچنا یا تصور کرنا ممکن ہو ۔ (فعل متعدی) محسوس کرنا ؛ جان جانا ؛ سمجھ جانا ؛ پا جانا ۔

sense datum, n. (نفسیات) محسوسہ ؛ کسی محرک کی حِس انگیزی کا فوری نتیجہ ؛ مرکزِانگیخت ۔

senseless, a. بے معنی ؛ بے حواس ؛ بے وقوف ، احمقانہ ؛ محروم الحواس ؛ مدہوش ؛ ذہانت و فراست سے محروم ۔

senselessly, adv. بے حواسانہ ، احمقانہ ۔

senselessness, n. بدحواسی ، بے ہوشی ؛ حماقت ؛ بے وقوفی ۔

senseorgan, n. حسی عضو ؛ خارجی محرکات قبول کرنے والی کوئی حِس جیسے ناک ، کان یا آنکھ ؛ حساسہ ۔

sensibility, n. حسّیت ؛ ذکاوت ؛ حسّاسیت ؛ معقولیت ؛ جذبات اور احساسات کے تجربے میں سے گزرنے کی صلاحیت ؛ شدت یا نزاکت احساس (جیسے: an artistic sensibility) ؛ جذباتیت ، بالخصوص اندوہگیں حالات میں ؛ کسی آلے کی وہ خصوصیت جس میں وہ حالت کی خفیف ترین تبدیلیوں کا اظہار کرتا ہے (جیسے : the sensibility of a thermometer) ۔

sensible, a. احساس دار ؛ باشعور ؛ معقول ؛ دانش ؛ بصیرت یا معقولیت سے متعلق /پر مشتمل(جیسے: a sensible remark) ؛ حواس یا شعور کے ذریعے یا جانے یا جان جانے والا ؛ واقف ؛ آگاہ ؛ باور

کرنے والا ، جس کے بعد عموماً of آتا ہے (جیسے : sensible of his problems) ؛ احساس بیدار کرنے کے قابل ؛ قابل ادراک ؛ محسوس ہونے والی (جیسے: sensible cold) ؛ محسوس یا متاثر ہونے والی (جیسے: the eye is sensilbe to light) ؛ جذبات انگیز ؛ جذباتی ۔

sensibleness, n. ادراک ؛ قوت احساس ؛ شعور ۔

sensibly, adv. محسوس طور پر ؛ صریحاً ۔

sensitive, a. حسّاس ؛ خارجی اثرات کو قبول کرنے کے قابل ، جلد جذبات میں آ جانے والا ؛ فوراً اور شدید طور پر متاثر ہو جانے والا ؛ زودِ حِس ؛ ایسے کام یا اقدام سے متعلق جو بہت نازک ، خفیہ یا خطرنـاک ہوں (جیسے : He was in a sensitive position) ؛ موزوں عوامل سے بہ آسانی اثر پذیر ہو جانے والا (جیسے: photographic paper is sensitive to light) ؛ جلدی اثر قبول کرنے والا ؛ اثرتلے آجانے والا یا بدل جانے والا (جیسے : a sensitive balance) ۔

sensitively, adv. تیز حسّی سے ؛ زود اثری سے ۔

sensitiveness, n. زود حسّیت ؛ سرعت احساس ؛ حساسیت ۔

sensitive plant, n. لاجونتی یا لجونتی ؛ شرمابی ؛ چُھوئی مُوئی ؛ ایک پودا جس کی پتیاں چھونے سے سمٹ جاتی ہیں ، اسے پود گھروں میں لگـاتے ہیں ، منطقه حاره کا یہ پودا کئی اقسام کا ہے اور برصغیر پاک و ہند میں بھی بویا جاتا ہے ۔

sensitivity, n. حسّاسیت ۔ (فعلیات) مناسب کیمیائی یا دیگر موزوں عوامل کے جلد اثر تلے آ جانے کی صورت ؛ اعصاب اور اعضا کا محرکات کا اثر قبول کرنے پر آمادگی ۔ (برق) کسی ریڈیائی آلے کی حد قبولیت جو اشاروں کو محسوس کرنے سے متعلق ہے ۔

sensitize, v.t. حسّاس بنانا ؛ سریع التاثیر بنانا ۔ (عکاسی) پلیٹ کو یا فلم کو روشنی کے اثرات کے سلسلے میں حساس بنانا ۔

sensitization, n. حسّاس کاری ۔

sensitizer, n. حسّاس کار ۔

sensitometer, n. (عکاسی) ایک آلہ یا طریقه جس کے ذریعے کسی پلیٹ یا فلم کی روشنی کے سلسلے میں حساسیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ؛ حساسیت پیما ۔

sensitometric, a. حساسیت کے متعلق ۔

sensitometry, n. حساسیت پیمائی ۔

sensor, n. (برقیات) محرک قبول ؛ کسی محرک کو وصول کرنے اور ردعمل ظاہر کرنے کی صلاحیت والا ، بالخصوص کوئی آلہ جیسے برقی آنکھ ۔

sensorimotor, sensomotor, a. (نفسیات) حِسی حرکی ؛ اس عمل سے متعلق جس کی نوعیت حواسی محرکات کے حرکتی جوابی عمل پر منحصر ہوتی ہو ؛ حِس حرکت ۔ (فعلیات) حسی اور حرکی دونوں خاصیتیں رکھنے والا ۔

sensorium, n. (تشریح الاعضا) حِس گاہ ؛ دماغ میں قیاسی مرکز احساس ؛ جسم کا سارا نظام احساس ۔

sensory, sensorial, a. حس گاہ سے متعلق یا احساس سے متعلق ؛ حسی انگیختوں کا مُرسل (جیسے: sensory nerves) ۔

sensual, a. روحانی تقاضوں کے برعکس جسم اور جسمانی تقاضوں سے متعلق ؛ بمقابلہ معنوی نفسانی ؛ جسمانی اشتہاؤں کی پُر تسکینی سے متعلق ؛ شہوتی ؛ بہت زیادہ عیاشانہ ؛ شہوت پرست ؛ اخلاقی یا روحانی طور سے بے لگام ؛ شہوت پرستی کے فلسفے کا مقلد ۔

sensuality, n. شہوت پرستی ؛ نفس پرستی ؛ ہوس رانی ۔

sensually, adv. شہوت پرستانہ ؛ نفس پرستانہ ۔

sensualism, n. شہوت پرستی ؛ حسیت پرستی ؛ حسی اشتہا پذیری ؛ ایک قسم کی محسوس پرستی ۔

sensualize, v.t. شہوانی رنگ دینا ؛ جسمانی تسکین یا شہوت رانی کے ذریعے پستی کی طرف لے جانا ۔

sensualization, n. شہوانیت ؛ شہوت انگیزی ۔

sensuous, a. حواسی ؛ حواس سے متعلق ؛ اخلاقی نیز جسمانی طور پر حواسوں سے اثر قبول کرنے والا ؛ خواس کے ذریعے فوراً متاثر ہو جانے والا ؛ لذاتِ حواسی کا ملکه رکھنے والا (جیسے a: sensuous nature) ؛ شہوانی ۔

sentence, n. فقرہ ؛ جُملہ ؛ کلام تام ؛ مربوط الفاظ کا مجموعہ جس میں مُبتدا اورفعل ہو ،خواہ وہ ظاہری ہو یا اشاراتی ، الفاظ کا مفہوم معین ہو یا غیرمعین ،جس میں ایک مکمل خیال یا جذبے کا اظہار ہو ،خواہ وہ اپنی ترکیبی نوعیت سے بیانیہ ، فجائیہ ، استفہامیہ یا امر کے صیغے میں ہو ۔ (قانون) عدالتی فیصلہ جو مدعی اور مدعا علیه کے بیانات اور طرفینی جرحوں کی سماعت کے بعد سنایا جاتا ہے ؛ یوں سنائی گئی سزا ۔ (فعل متعدی) تعزیر ، سزا یا سزائے موت کا حکم دینا ؛ سزا سنانا یا فیصلہ سنانا ۔

sentential, a. جملے سے متعلق ۔

sententially, adv. جامعیت کے ساتھ ۔

sentence fragment, n. جزوکلام ؛ کلامِ ناقص ؛ جملے کا نامکمل حصہ (جو تمام تقاضے پورے نہ کرتا ہو) ؛ جس میں اجزائے کلام میں سے ایک یا دونوں نہ ہوں ۔

sentence stress, sentence accent, n. (صوتیات) جملے میں وہ جگہ جہاں زور یا تاکید ضروری ہو ۔

sentential function, n. (منطق) جملاتی یا فقراتی تفاعل ؛ وہ مجموعۂ الفاظ جس میں ایک یا زیادہ متغیرات موجود ہوں اور اگر ان کو مبادیاتِ جملہ سے بدل دیا جائے تو وہ مجموعہ الفاظ بامعنی ہو جاتا ہے ۔

sententious, a. محاروں ، مقولوں اور چٹکلوں سے پُر ؛ ثقه اور پر شکوہ الفاظ لیے ہوئے ، جامع اور بلیغ ۔

sententiously, adv. جامعیت و بلاغت کے ساتھ

sententiousness, n. جامعیت و بلاغت ۔

sentience, sentiency, n. احساس و ادراک کی صلاحیت؛ احساس بِلا تفکّر ۔

sentient, a. مدرک بالحواس؛ ذی حس؛ ادراک یا احساس کے قابل ادراک کی صلاحیت لیے ہوئے ؛ شعور رکھتا ہوا ۔ (اسم) کوئی شخص یا شے جو ذی حس ہو ؛ صاحب شعور یا ادراک ۔

sentiment, n. جذبۂ دل ؛ حِس انگیختہ سوچ (خیال) ؛ کسی شے یا شخص کے بارے میں احترام کا احساس یا رویّہ ۔ (اکثر جمع) کسی شے یا شخص کے بارے میں مخصوص افتاد مزاج (جیسے: these are my sentiments) ؛ احساس پرورده رجحان ؛ جذبه ؛ حساسیت ، بالخصوص وہ جو لطیف اور فنکارانه ؛ خیال یا رائے

جو الفاظ میں تو موجود ہو مگر اس کے برعکس سمجھی جائے ۔

sentimental, a. جذباتی ؛ احساس و جذبے سے پُر یا اس پر مشتمل ؛ جذبات کی رو میں بہ جانے والا ؛ جذبات سے پُر ؛ مصنوعی یا رقت آمیز طور پر نازک ؛ دماغ کی جگہ دل کو متاثر کرنے والا ۔

sentimentally, adv. بہ اعتبار جذبات ، دردمندانہ ۔

sentimentality, n. جذباتیت ؛ جذبات کی حالت یا کیفیت کی فراوانی ؛ اعلی جذبات یا لطیف احساسات سے پیار ؛ کسی قسم کا جذباتی اظہار ۔

sentimentalism, n. جذباتیت ؛ جذبات پرستی ۔

sentimentalist, n. جذباتی ؛ جذبات پرست ۔

sentimentalize, v.t.,v.i. جذبات سے کام لینا ؛ جذبات انگیزی کرنا ؛ جذباتی بنا دینا ؛ جذباتی حوالے سے چیز یا شخص کا احترام کرنا ؛ کسی کو جذباتی بنا دینا ۔

sentimentalization, n. پُرسوزیت ؛ مغلوب الجذبات ہونے کی کیفیت ۔

sentinel, n. سنتری ؛ پاسبان ؛ چوکی دار ، پہرہ دار ، محافظ ۔ (فعل متعدی) پہرہ دینا ؛ سنتری مہیا کرنا یا مقرر کرنا ۔

sentry, n. پہرے دار ؛ دربان ؛ رکھوالا ؛ سنتری ۔

sentry box, n. سنتری گاہ ، سنتری کے کھڑا ہونے اور اس کو دھوپ و بارش سے بچانے والا سائبان ۔

sepal, n. مسند گُل ؛ سبلہ ؛ پھول کے اجزا میں سے ایک ؛ ملفوف گل ۔

sepaled, sepalled, sepalous, a سبلہ دار ۔

sepaloid, a. مسند گل جیسا ؛ ملفوف گُل کا کام دینے والا ؛ سبلہ نما ۔

separable, a. الگ کیا جا سکنے والا ؛ قابل علیحدگی ۔

separate, v.t. تقسیم کرنا ؛ انتخاب کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ غیر وابستہ بنانا ، ایک دوسرے کو کسی روک سے علیحدہ یا جدا رکھنا یا کرنا (جیسے: to separate two houses by a wall) ؛ الگ الگ کر دینا (جیسے: to separate a group of fighting dogs) ؛ جُدا کر دینا یا تفریق کر دینا ، قانونی علیحدگی کے ذریعے ؛ طلاق لینا (دینا) ؛ گروہ کے افراد کو منتشر یا ایک دوسرے سے جدا کرنا (جیسے :to separate members of a group) ؛ کسی مرکب یا آمیزے سے الگ کرنا یا کھینچ لینا ۔ (فعل لازم) رفاقت یا ساتھ سے الگ ہو جانا (جیسے :a husband separated from his wife) ؛ الگ الگ راہوں کو چل دینا ؛ شگاف ڈالنا ، تفریق کرنا یا الگ الگ ہو جانا ؛ الگ ہو جانا یا کسی آمیزے یا مرکب کا ست نکالنا (جیسے:oil separates from water) ۔ (صفت) الگ علیحدہ اور منقطع ؛ واضح یا انفرادی (جیسے :many separate reasons) ؛ دوسروں سے جدا ، ممتاز یا منفرد (جیسے:separate committees) ؛ نجی اور دوسروں سے جُدا (جیسے :separate quarters) ۔ (اکثر بڑے S سے) جو اپنے آبائی ادارے سے کٹا ہوا ہو (جیسے :a separate church) ۔ (اسم) کسی مطبوعہ شے کا اقتباس یا تراشہ ۔ (عموماً جمع) عورتوں کے ملبوس میں شامل وہ چیزیں جن کو ایک دوسرے کے ساتھ مختلف رنگوں کے سیٹ میں پہنا جاتا ہو ۔

separately, adv. الگ الگ ؛ فرداً فرداً ؛ انفرادی حیثیت سے ۔

separateness, n. تفریق ؛ علیحدگی ؛ جدائی ۔

sepration, n. جدائی ؛ علیحدگی ؛ طلاق کا عمل یا وہ خط ، نقطہ ، جگہ یا ذریعہ جو یہ صورت پیدا کر دے ؛ مابینی خلا یا جگہ وغیرہ ۔ (قانون) شوہر اور بیوی کے مابین ازدواجی تعلقات کا انقطاع ؛ طلاق ؛

separation energy, n. (طبیعیات) انفصالی توانائی ۔

separatist, n. علیحدگی پسند (سیاسی یا مذہبی حوالے سے) ؛ علیحدہ ہو جانے والا ؛ معتزل ؛ فرقہ پسند ؛ افتراق پسند ۔

separatism, n. علیحدگی ؛ اعتزال ۔

separatistic, a. معتزلی ؛ افتراق پسندی ۔

separative, a. افتراقی ؛ الگ کرنے یا ہو جانے کا رجحان لیے ہوئے ؛ جسے ایسی صورت حال پیدا کرنے کے لیے برتا جائے ؛ انفصالی ؛ قوتِ منفصلہ ۔

separator, n. الگ کرنے والا ؛ جُدا ساز ؛ ان مختلف طریقوں میں سے کوئی ایک جو الگ کرنے کے لیے استعمال کیا جائے جیسے مکھن کو دودھ سے الگ کرنا ؛ مدھانی ؛ بلونی ۔

sepia, n. قیرماہی ؛ سیپیا ؛ بھورا سا نسیجی رنگ جو بعض مچھلیوں کی رطوبتوں سے تیار کیا جاتا ہے اور نقشہ کشی میں استعمال ہوتا ہے ؛ وہ تصویر یا فوٹوگراف جس میں اس رنگ کی جھلک پیدا کی گئی ہو یا یہ رنگ استعمال کیا گیا ہو ؛ بھورا رنگ ۔ (صفت) بھورا ۔

sepiolite, n. دیکھیے : meerschaum ۔

sepoy [فارسی ، اردو] سپاہی : قبل ازیں یہ نام اُس ہندوستانی سپاہی کو دیا گیاجس کوبرطانوی فوج تربیت دیتی اور ملازم رکھتی تھی ۔

seppuku, n. سپوکا ؛ جاپانیوں کا خود کشی کرنے کا ایک طریقہ ؛ ہارا کری (hara-kiri) ۔

sepsis, n. (امراضیات) عفونت دِم ؛ خون کے ذریعے پیدا ہو جانے والے کسی مرض سے جنم لینے والی مسموم حالت ؛ تعفن ؛ پیپ ۔

sept, n. قبیلہ (اصلاً ان قبائل یا خاندانوں کے حوالے سے جو آئرلینڈ کے تھے) ۔ (بشریات) کوئی معاشرتی گروہ (عموماً وہ جو ایک ہی جگہ مقیم ہو اور ایک ہی نسل سے ہو)۔

septal, a. (حیاتیات) حاجز ؛ جداری ؛ فاصلی ؛ درمیانی دیوار یا پردے والا یا اس سے متعلق ۔

septarium, n. (ارضیات) چُونا پتھر یا لوہ پتھر کا وہ، تودہ جس کے اندر بہت سی درزیں ہوں اور ان میں ایسا معدنی مواد ہو جو اسے الگ کیے ہوئے ہو؛ جداریا

septate, a. (حیاتیات) دیوار دار ؛ پردے یا پردوں کے ذریعے الگ الگ ۔

September, n. ستمبر ، انگریزی سال کا نواں مہینہ (جو رومیوں کا ساتواں مہینہ ہوتا تھا) ۔

septendecillion, n. گنتی کا ایک عدد ؛ برطانیہ اور جرمنی میں اس سے وہ بنیادی عدد مراد ہے جو ایک ملین سِکس ڈیسیلین کے برابر ہوتا ہے اور ایک پر ایک سو دو صفر لگاتے ہیں، فرانس اور ریاست ہائے متحدہ امریکا میں یہ ایک ہزار سِکس ڈیسیلین کا ہوتا ہے (یعنی ایک کے بعد ۵۴ صفروں کے اضافے سے) ۔

septennial, a. ہفت سالہ (سات سال تک جاری رہنے

septum, n. (حیاتیات) وہ دیوار ، جھلی وغیرہ جو نباتات اور حیوانات کی ساخت میں حد فاصل کا کام دیتی ہے ؛ ریشوں یا نسیجوں کی بافت ؛ حجاب ۔

septuple, a. سات پر مشتمل ، سات گُنا ؛ سات بار دہرایا گیا ۔ (فعل متعدی) سات بار ضرب دینا یا اضافہ کرنا ۔ (فعل لازم) سات بار ضرب دینا۔ (اسم) سات گنا مقدار یا تعداد ۔

sepulcher, (Brit.) sepulchre, n. مرقد؛ مقبرہ ، تربت؛ مزار ؛ درگاہ ؛ روضہ ، لحد ؛ مدفن ؛ قبر ؛ سمادھ ؛ قربان گاہی پتھر میں ایک چھوٹا سا جوف جس میں مقدس اسلاف کے تبرکات رکھے ہوتے ہیں ۔ (فعل متعدی) دفن کرنا ؛ جوفِ مقدس میں تبرکات رکھنا ۔

sepulchral, a. تدفینی ؛ لحدی ؛ جس پر قبر کا گمان ہو ؛ اداس ؛ کھوکھلی اور بھدی آواز والا (جیسے a sepulchral: voice) ۔

sepulchrally, adv. ہول ناک طور پر ؛ غم گین انداز میں ۔

sepulture, n. تدفین ؛ دفن کرنے کا عمل ۔

sequacious, a. مقتدی ؛ پَیرو ؛ مُقلد ؛ غلامانہ ؛ فکری وخیالی پیش رفت میں تسلسل دار ۔

sequaciously, adv. مُقلدانہ انداز میں ۔

sequacity, n. مقلدی ؛ پیروی ؛ تسلسل فکر ۔

sequel, n. بعد میں تسلسل کے ساتھ آنے والا ؛ تسلسل قائم رکھنے والا ؛ متواتر ؛ جزومابعد ، نتیجہ ، ثمرہ ؛ وہ ادب پارہ جو بذاتِ خود بھی مکمل ہو لیکن پہلے بیان کی گئی کہانی کو زیادہ واضح یا وسیع کرتا ہو ۔

sequela, n. (امراضیات) کسی مرض کے اثرات مابعد ؛ کسی ایک تکلیف سے پھوٹنے والی کوئی اور تکلیف ، نتیجہ یا انجام کار ۔

sequence, sequency, n. تواتر ؛ سلسلہ ؛ تسلسل ؛ سیاق ؛ تتابع ؛ پس روی کا عمل ؛ بعد میں آنے کی ترتیب یا اسلوب ، سلسلۂ اشیا؛ بعد میں رُونما ہونے والی تبدیلی یا نتیجہ ؛تسلسل کار ۔ (موسیقی) کسی نغمے یا آہنگ کی مختلف سُروں میں تکرار ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) رومی کیتھولک گرجوں میں وہ دعا یا مناجات جو خصوصی اجتماعوں میں عشائے ربانی کے بعد مگر انجیل کی تلاوت سے پہلے گائے جاتے ہیں ۔ (فلم) کسی کہانی کا کوئی ٹکڑا جو کسی مداخلت کے بغیر پیش کیا جائے ۔ (تاش) ہم رنگ تسلسل ؛ ایسا اتفاق جس میں مدراج کے لحاظ سے مسلسل ایک کے بعد دوسرا پتہ آئے بالخصوص ایک ہی رنگ میں ۔

sequencer, n. وہ جس پر ترتیب کا دارومدار ہو ۔

sequent, a. لاحق ؛ تابع ؛ ترتیبی ؛ بعد میں آنے والا ؛ مابعد ؛ متاخر ؛ ماحصل ؛ مربوط سلسلہ بن جانے یا قائم کرنے والا ؛ اجزا کے باقاعدہ تسلسل میں ۔

sequential, a. تواتر سے آنے والا ؛ مابعد ؛ متأخّر ؛ ماحصل ؛ سلسلہ وار ؛ بہ تسلسل ؛ حصّوں کے باقاعدہ تسلسل کا حامل ۔

sequentially, adv. سلسلہ وار طور پر ۔

sequester, sequestrate, v.t. الگ کرنا یا جدا کر دینا ؛ اپنے آپ کو الگ کر لینا یا تنہائی اختیار کر لینا؛ گوشہ گزیں ہو جانا ۔ (قانون) دعاوی کے بارے میں کسی تصفیے پر پہنچنے تک قرض دار کی

والا یا سات سال کے بعد رُونما ہونے والا) ۔

septennially, adv. بہ طریقِ ہفت سالہ ۔

septentrion, n. (متروک) شمال ۔ (بڑے S سے) دُبِّ اکبر (سات ستاروں کا جُھرمٹ) ۔

septentrional, a. شمالی؛باد شمال سے متعلق ۔

septet, septette, n. سات افراد یا اشیا کا مجموعہ ؛ سات گویّوں کی منڈلی ؛ سات آوازوں یا سازوں سے گایا جانے والا نغمہ ۔

septic, a. (امراضیات) متعفن ؛ عفونت دار ؛ وہ زخم یا پھوڑا جس میں گندا مواد پیدا ہو گیا ہو ۔ (اسم) تعفن یا سڑاند پیدا کرنے والا مادہ یاسموم ۔

septically, adv. زہریلے پن یا عفونت کے ساتھ ۔

septicity, n. فساد خون ؛ زہر خون ؛ تعفن ۔

septicemia, septicaemia, n. (امراضیات) خون میں تعفن پیدا کرنے والے خُردنامیوں یا ان کے پیدا کردہ زہریلے مواد کی موجودگی ؛ سُمیت دموی ۔

septicemic, septicaemic, a. سُمیت زدہ ؛ تعفن زدہ ؛ عفونت خون کا ۔

septicidal, a. (نباتات) پھٹنے کے عمل یا طریقے میں بیج وغیرہ کا پرت کے مطابق طولاً چِر جانے کی کیفیت ۔

septicidally, adv. طولاً چرتے ہوئے ۔

septic sore throat, n. (امراضیات) عفونتی درد گلو ؛ ایک مزمن متعدی مرض جو جراثیم زدگی کے باعث پیدا ہوتا ہے اور لوزتین کی سوجن ، بخار اور سَمومیت کی علامتیں ظاہر ہوتی ہیں ۔

septic tank, n. عفونتی حوض ؛ وہ حوض جس میں گندا سیال مواد جمع کیا جاتا ہے جہاں اس کے نامیاتی اجزا اس وقت تک باقی رہتے ہیں جب تک کہ ان کو جراثیم کُش عمل سے تحلیل نہ کر دیا جائے ۔

septifragal, a. (نباتات) حجاب شکن ؛ پھلیوں سے بیج کے الگ ہو جانے اور ان پر سے خول اتر جانے کا عمل ۔

septifragally, adv. حجاب شکن انداز سے ۔

septillion, n. گنتی کا ایک عدد ؛ برطانیہ اور جرمنی میں یہ ایک ملین سیکس ٹیلین کے برابر ہوتا ہے اور ایک کے بعد ۴۲ صفر لگا کر لکھا جاتا ہے ،فرانس اور ریاست ہائے متحدہ امریکا میں یہ ایک ہزار سیکس ٹیلین کے برابر ہے یعنی ایک کے بعد ۲۴ صفر لگا کر لکھا جاتا ہے ۔

septime, n. (تیغ بازی) آٹھ پینتروں کے مقابلے میں ساتواں پنتیرا یا دفاع ۔

septuagenarian, n. , a. ہفتاد سالہ ؛ ستر سال کی عمر کا یا اس کے قریب ۔

Septuagesima, Septuagesima Sunday, n. ایسٹر سے ستر دن پہلے آنے والا اتوار؛ لینٹ (lent) سے پہلے کی تیسری اتوار ۔ دیکھیے : Lent ۔

septuagint n. ہفتادی ترجمہ ؛ قدیم ترین ؛ عہدنامہ قدیم کا وہ یونانی ترجمہ جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ ستر ترجمہ کرنے والوں کی کوشش کا حاصل تھا اور اسکندریہ کے یونانی یہودیوں کی خاطر شاہ مصر Ptolemy philadelphus نے ۲۸۰ ق م میں مکمل کرایا تھا ۔ اس کو LXX کی علامت سے ظاہر کیا جاتا ہے ۔

Septuagintal, a ہفتادی ترجمے سے متعلق ۔

sequestration, n. جائیداد پر قبضہ کیے رکھنا یا کر لینا ۔

sequestered, a. الگ یا جدا ہو جانے والا ؛ گوشہ نشین ۔

sequesterable, a. قابل ضبطی ؛ قابل قرقی ۔

sequestration, n. گوشہ گزینی ؛ خانہ نشینی ۔ (قانون) مال ضبطی یا مال قبضہ ؛ قرقی ۔

sequestrum, n. (امراضیات) مُردہ ہڈی کا وہ الگ ٹکڑا جو ابھی صحت مند ہڈی کے ساتھ ملحق ہو ۔

sequin, n. چھوٹی سی چمکیلی طشتری یا ستارہ جس کو لباس کی زیبایش کے لیے لگایا جاتا ہے ؛ عہد قدیم کا اٹلی میں مروج ہونے کا سکہ جو پہلے پہل وینس میں ۱۲۸۰ء کے قریب ڈھالا گیا تھا ، پھر تُرکی میں مسکوک کیا گیا ۔

sequined, sequinned, a. ستارہ دار؛(وہ لباس) جس میں ایسا ستارہ ٹَکا ہوا ہو ۔

sequoia redwood, n. چوب سُرخ ؛ کیلی فورینا کے صنوبری قسم کے دو قدآور درختوں یعنی پتنگ یا امریکی تاڑ میں سے کوئی ایک ۔

serac, n. (ارضیات) گلیشیر کے ٹوٹنے سے بن جانے والا برف کا بہت بڑا ٹکڑا یا کنگرہ نما تودہ ؛ یخ بُرج ۔

seraglio, serail, n. [ترکی ، فارسی ، اردو] حرم سرائے ؛ پردہ نشیں بیویوں یا داشتاؤں کی خلوت گاہ ؛ قدیم سلاطین ترکی کا قصر ؛ سرائے سُلطانی

serai, n. سرائے ؛ کاروان سرائے ؛ ترکی میں محل ۔

seral, a. دیکھیے : sere ۔

serape, sarape, n. شوخ رنگ اُون سے یا کسی اور وزنی شے سے تیار کیا گیا کمبل یا شال ، اسے میکسیکو اور بعض دیگر جنوبی امریکہ کے ممالک میں بطور بالا پوش استعمال کرتے ہیں ؛ پونچو (جنوبی امریکا کا چوغہ) ۔

seraph, n. [عبرانی] سرافیم ؛ اسرافیل ؛ بلند ترین مقام کا ایک فرشتہ ؛ عرش خداوندی کے قریب رہنے والا فرشتہ ۔ (یسعیاہ ٦ : ٢) ۔

seraphic, seraphical, a. فرشتہ خصلت ؛ پاکیزہ ۔

seraphically, a. پاکیزہ طور پر ۔

Serbian, Serb, a. سرویائی ؛ (یوگوسلاویہ کی ایک وفاقی جمہوریہ) سرویہ کا یا اس سے متعلق ؛ اس علاقے کی زبان یا وہاں کے لوگوں سے متعلق ۔ (اسم) سروی ؛ سَرویہ کا باشندہ ، سروی زبان ۔

sere, a. دیکھیے : sear ۔

sere, n. (ماحولیات) پودے کی تشکیل میں نموئی مدارج ۔

serenade, n. سِرِناد ؛ شبینہ نغمہ ؛ ساز یا آواز سے کسی خاتون کی خوشنودی کی خاطر رات کو گایا گیا عشقیہ نغمہ ، یہ عموماً کھلے آسمان تلے گایا جاتا ہے اور گانے والا پیشہ ور گویا نہیں ہوتا ، اس کا مقصد کسی خاتون کی خوش نودی ہوتا ہے ؛ ایسی کوئی تفریحی یا دل خوش کن نغمہ پیرائی جو کسی ممتاز شخصیت کے اعزاز میں کی گئی ہو ؛ ایسی تقریب کے لیے موزوں کوئی نغمہ ؛ شبانہ نغمہ پیرائی ۔ (فعل لازم) شبانہ نغمہ پیرائی کرنا ۔ (فعل متعدی) شبانہ نغمہ پیرائی سے محظوظ کرنا ۔

serenader, n شبانہ نغمہ پیرائی کرنے والا ۔

serenata, n. (موسیقی) اٹھار ویں صدی کا ایک قسم کا لادینی نوعیت کا اثر انگیز گانا جو عموماً شاہی خاندان کے لوگوں کی سالگرہ پر بطور تحفہ پیش کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کی سازخوانی جس میں بہت سے غنائی اسالیب سے کام لیا جاتا ہے ۔

serendipity, n. [لفظ سرانديپ سے ماخوذ] اتفاقاً یا غیر متوقع طور پر خوشگوار یا دلچسپ دریافتیں کرنے کی صلاحیت ؛ سراندیپیت ۔

serendiptous, a. غیر متوقع انکشاف کرنے والا ۔

serene, a. آسمان کی طرح شفاف اور خوبصورت ، پرسکون ، بے اضطراب ، بے خلل ۔ (عموماً بڑے S سے) ارفع ، اقدس ، بعض شاہی گھرانوں کے لیے یہ لفظ بطور خطاب آتا ہے (جیسے :His Serene Highness) ۔ (شاعری) طمانیت ؛ سکون ؛ بے آلود پہنائی یا وسعت جیسے آسمان یا سمندر کی ۔

serenely, adv. سکون کے ساتھ ؛ اطمینان سے ۔

sereness, n. اطمینان ؛ استقامت؛سکون ؛ طمانیت ۔

serenity, n. طمانیت ، سکون ، اطمینان ۔

serf, n. خانہ زاد غلام ، عہد وسطیٰ میں وہ شخص جو کسی جاگیردار کی خدمت کا پابند ہوتا تھا اور زمین سے متعلق ہوتا تھا اور اس کی املاک کے ساتھ اس کا بھی حق ملکیت انتقال پذیر ہوتا تھا ؛ دست بستہ غلام ۔

serfage, serfdom, serfhood, serfism, n. غلامی ۔

serfish, a. غلامانہ ۔

serge, n. سَرج ؛ ایک قسم کا اُونی کپڑا جو بالعموم مردانہ سوٹ کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛سلک ،سوت یاریان کا کپڑا جو استر کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

sergeant, Brit. serjeant, n. سارجنٹ ؛ نان کمشنڈ فوجی افسر جو بریہ اور بحریہ میں کارپورال کے اوپر اور فضائیہ میں درجہ اول کے ایرمین سے اونچا ہوتا ہے ؛ پولیس افسر ، کپتان یا لیفٹیننٹ سے نچلے درجے کا ؛ گرز بردار ؛ سارجنٹ مچھلی ؛ شاہی خاندان کے ملازموں یا کار پردازوں میں سے کوئی ایک ۔ (برطانوی) انسپکٹر سے کم درجے کا پولیس افسر ۔ مخفف : .Sgt ۔

sergeancy, n. سارجنٹ کا عہدہ یا کام ؛ گرز برداری ۔

sergeant, n. (فضائیات) یک مرحلہ زمین سے زمین پر مار کرنے والا میزائل ۔

sergeant at arms, n. کچہری ، قانون ساز ادارے یا کسی اور سرکاری ادارے کا افسر نظم و ضبط ۔

sergeant first class, n. سارجنٹ درجہ اول ؛ بری فوج کانان کمیشن افسر جس کا عہدہ اسٹاف سارجنٹ سے بڑا ہوتا ہے اور وہ فرسٹ سارجنٹ کا ماتحت ہوتا ہے ۔

sergeant fish, cobia, snook, n. دھاریلی ؛ سارجنٹ مچھلی ؛ ایک مچھلی جس کے پہلوؤں پر لمبی دھاریاں ہوتی ہیں (اور اسی بنا پر اسے یہ نام دیا گیا) ، یہ گرم پانیوں کی مچھلی ہے ۔

sergeant major, n. سارجنٹ میجر ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کی بری اور بحری فوج کا سب سے بڑا نان کمیشن افسر ، یہ کمانڈنگ افسر کا معاون ہوتا ہے اور بٹیلین یا رجمنٹ کے دفتری کام کاج میں ہاتھ بٹاتا ہے ؛ ایک مچھلی کو بھی کہتے ہیں جو سارجنٹ مچھلی سے چھوٹی ہوتی ہے ۔

serial, a. سلسلہ وار ؛ سلسلوں پر مشتمل یا مبنی ؛

serigrapher, n. سیری گرافی کا ماہر یا کارکن۔
serigraphic, a. سیری گرافانہ۔
serigraphy, n. سیری گرافی ؛ ریشمی طباعت۔
serin, n. کالی پڑی ؛ شرشور ؛ نقار ؛ زرد سہرہ ؛ ایک زرد رنگ کی یورپی چڑیا جو کینری سے مشابہت رکھتی ہے۔
serine, n. سیرین ؛ ایک امینو تیزاب جو سفید رنگ اور قلمی ہوتا ہے اور بدن کے لیے بہت ضروری ہوتا ہے، اسے ریشمی گوند (سریش) کے پروٹین میں سے حاصل کرتے ہیں۔
seriocomic, a. نیم سنجیدہ ؛ نیم مزاحیہ ؛ خوش طبع۔
seriocomical, a. دل لگی باز۔
seriocomically, adv. نیم مزاحاً۔
serious, a. سنجیدہ (اطوار و مزاج میں) ؛ متین ؛ غور وفکر کرنے والا ؛ کہے کوکر دکھانے والا ؛ سرسری نہ کہہ دینے والا ؛ مذاق نہ کرنے والا ؛ اہم ؛ بھاری بھر کم ؛ سرگرم اور محنت طلب (جیسے : -seri ous research) ؛ مخدوش ؛ اندیشہ ناک۔
seriously, adv. سنجیدگی کے ساتھ ؛ تامل کے ساتھ۔
seriousness, n. سنجیدگی ، متانت۔
serious-minded, a. سنجیدہ ، متین یا مستعد یا اہم معاملات پر سبک سری سے گزرنے کے بجائے سنجیدگی سے غور کرنے والا
serious-mindedly, adv. سنجیدگی سے غور کرتے ہوئے۔
serious-mindedness, n. سنجیدہ دماغی۔
serjeant, n. برطانوی سارجنٹ۔ دیکھیے : seargant۔
serjeanty, sergeanty, n. (تاریخ) غیر عسکری خدمات شاہی کے صلے میں حصول ملکیت اراضی ؛ معافی یا جاگیر خدمت۔
sermon, n. وعظ ؛ خطبہ ؛ عوام کے سامنے کی جانے والی تقریر خصوصاً عبادت کے دوران کلیسا میں پادری کا وعظ جس میں کتاب مقدس کے حوالے سے مذہبی تعلیمات یا اخلاقیات پر روشنی ڈالی جائے ؛ اخلاقی مذہبی نصحیتوں پر مبنی ایسی ہی کوئی اور تقریر ؛ لمبی اُکتا دینے والی بلند گوئی ؛ غیر دلچسپ مناظرہ۔
Sermon on the Mount, پہاڑی وعظ ؛ وہ خطاب جو حضرتِ عیسیٰ نے حواریوں سے کیا تھا (متیٰ ۵ : ۷)۔
sermonic, a. وعظ کی طرح۔
sermonize, v.i. وعظ کرنا ؛ خطاب کرنا۔ (فعل متعدی) کسی کو وعظ سنانا۔
sermonizer, n. واعظ ؛ خطیب۔
serology, n. خوناب کی نوعیت اور اس کا علمی مطالعہ : مصلیات۔
serosa, n. (تشریح الاعضا) سیری جھلی ، خصوصاً وہ جو انتڑیوں کو جوف شکم میں محیط کیے ہوئے ہوتی ہے ؛غشاء مصلی۔
serotine, n. اخروٹ رنگ چھوٹی سی یورپی چمگادڑ۔
serotinous, a. (نباتیات) پچھیتا (پودا) ؛ زوال موسم میں کھلنے ، بڑھنے والے پودے سے متعلق۔
serotinal, a. اواخر گرما میں ہونے والا یا اس سے متعلق۔
serotonin, n. (حیاتی کیمیا) ایک قلمی مادہ جو میمل جانوروں کے خون ، دماغ اور آنتوں کے خلیوں میں پایا جاتا ہے اور عضلاتی سکڑاؤیا خون کی نالیوں کے سُکڑاؤ کا باعث ہوتا ہے۔
serous, a. خوناب (serum) سے مشابہ ،

یکے بعد دیگرے آنے والا ؛ سلسلہ وار آنے یا چھپنے والا ؛ بالاقساط نکلنے یا چھپنے والا ؛ اقساطی۔ (موسیقی) سُروں کی (نوشتہ) قطاروں کو استعمال کرنے کی ترتیب سے متعلق یا اس کی تکنیک کی بابت۔ (اسم) سلسلہ وار چھپنے یا ٹی وی پر چلنے والی کہانی یا کسی جریدے میں شائع ہونے والی تصنیف ؛ تواتر سے شائع ہونے والی کوئی چیز۔ (برطانوی) کوئی رسالہ۔
serially, adv. سلسلہ وار ؛ تواتر سے۔
serialist, n. سلسلہ نگار۔
serialization, n. تواتر ؛ سلسلہ کاری۔
serialize, v.t. سلسلہ وار یا اقساط سے چھاپنا یا نکالنا۔
seriate, a. سلسلہ وار ترتیب دیا گیا ؛ قطار دار۔
seriately, adv. سلسلے وار ؛ ترتیب سے۔
seriation, n. سلسلہ سازی ؛ ترتیب دہی۔
seriatim, adv. یکے بعد دیگرے ؛ سلسلہ وار ؛ باترتیب۔
sericeous, a. ریشم کی یا ریشم سے متعلق ؛ حریری ؛ مخملی ؛ سلکی ؛ ریشمی۔ (نباتیات) نرم ریشمی روؤں سے ڈھکا ہوا جو سطح سے بالکل قریب ہوں ، جیسے بعض پتے۔
sericin, n. (کیمیا) خام ریشم سے حاصل ہونے والا چپچپا مرکب ، سریش۔
sericulture, n. پیلہ پروری ؛ خام ریشم حاصل کرنے کے لیے ریشم کے کیڑوں کی پرورش اور دیکھ بھال۔
sericultural, a. پیلہ پروری سے متعلق ؛ پیلہ پرورانہ۔
sericulturist, n. پیلہ پرور ؛ ابریشم ساز۔
series, n. سلسلہ ؛ تسلسل ؛ ایک جیسی یکساں اور مشابہ چیزوں کا تواتر ؛ ان اشیا کی تقدیم و تاخیر جن میں ایک خاص ترتیب یا تعلق یا نظم کے ساتھ تدریج موجود ہو ؛ کھیلوں ، کتابوں کی جلدوں ، ٹکٹوں یا ایسی اور چیزوں کی وہ تعداد جو سلسلہ وار مل کر ایک مجموعہ بناتی ہو۔ (ریاضی) اُن لامتناہی اعداد کا تواتر جو ایک مخصوص قانون کے تابع ہوں ؛ ایسے سلسلے کا متوقع مجموعہ ؛ سلسلۂ حسابیہ۔ (برقیات) برقی اجزا کی وہ ترتیب جو ایک سرے سے دوسرے سرے تک ہو اور جس میں کہیں بھی موڑ توڑ نہ ہو تاکہ پوری برقی رو (ہر جُز میں سے) گزر پائے۔ (ارضیات) طبقات زمین کا وہ طبق جو نظام طبقات سے کم عمر ہو لیکن اس میں بعض مشترک معدنی یا رکازی خصائص موجود ہوں۔ (گرامر) قواعد کے لحاظ سے ہم معنی الفاظ یا مجموعۂ الفاظ کا ایک جملے میں تواتر یا تسلسل۔
in series, سلسلہ وار ؛ سلسلہ در سلسلہ۔
series-wound, a. (برقیات) سلسلہ وار لپیٹیں ؛ آرمیچر کے تار اور فیلڈ سرکٹوں کو سلسلے کے ساتھ بیرونی سرکٹ سے منسلک کر دینے کا عمل جیسے ایک برقی موٹر میں ہوتا ہے۔
series winding, n. سلسلہ وار لچھا۔
serif, n. (ٹائپ سازی) وہ چھوٹا سا خط یا شوشہ جو کسی حرف کی کشش کو مکمل کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے جیسے حرف 'M' کے اوپر یا نیچے۔
serigraph, n. سیری گراف ؛ ریشمی طباعت ؛ ایک جدید طباعت جو کئی رنگوں کی ہوتی ہے اور جسے خاص طور پر تیار کی گئی اسکرینی طباعت کے ذریعے تسلسل سے چھاپا جاتا ہے۔

پتلا لعابی سا ؛ جس میں سے سیرم رستا یا موجود ہو ؛ سیرم سے متعلق ۔

serous membrane, n. (تشریح الاعضا) غشاء مَصلی؛وہ باریک جھلی جو جسم کے کسی عضو کے اردگرد ہوتی ہے (خصوصاً اعضائے شکم کے) ۔

serow, n. بز کوہی ؛ بزبہالیہ ؛ ایشیائی بُز آہو ؛ (مینڈھے کی جنس کا) ۔

serpent, n. اژدھا ؛ ناگ ؛ مار ؛ سانپ ؛ چالاک یا مکار انسان ۔ (بائبل) شیطان یا دیو ۔

serpentine, n. سانپ سے متعلق ، مشابہ یا اس کے اوصاف لیے ہوئے ؛ مکار ، عیار ، سانپ کی طرح بل کھاتا ہوا ؛ کج فطرت ؛ خمیدہ۔(اسم) سانپ کی جلد کی سی دھاریوں اور دھبّوں والی ایک چٹان یا معدن جو سجاوٹی مواد کے طور پر مستعمل ہے ، یہ زیادہ آبید میگنیشیم سلی کیٹ پر مشتمل ہوتی ہے اور عموماً سبز رنگ کی ہوتی ہے ۔

serpigo, n. تبخالہ ؛ داد ؛ سیاہی مرض ؛ ایک جلدی مرض جو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتا رہتا ہے جیسے داد کا روگ ۔

serpiginons, a. داد کا ۔

serpiginously, adv داد کے انداز میں ۔

serranid, a., n. (حیوانیات) سیرانڈ ؛سمندری مچھلی کی قسم جس میں کئی ذیلی اقسام شامل ہیں ۔

seranoid, a. سیرانیا ؛ سیرانڈ مچھلی کی طرح کا یا اس سے متعلق ۔

serrate,serrated, a. دندانہ دار ؛ آرے کی طرح دندانی ۔ (نباتیات) وہ پتّا جس کے کنارے آرے کی طرح ہوں ۔ (فعل متعدی) آرا سا بنا دینا ۔

serration, n. دندان داری ؛ کنگھی روپ ؛ دندانہ ؛ کسی سطح یا کنارے کی دندانے دار شکل ۔

serried, a. گنجان ؛ قریب قریب ؛ صف بہ صف ؛ بالکل ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ ، جیسے فوجیوں کی صفیں ۔

serriedly, adv. صفوں کے طریق پر ۔

serriedness, n. قرابت ؛ قرب ۔

serrulate, serrulated, a. سنن ؛ د ندانہ دار ، کنگھی دانتا ؛ نفیس سے چھوٹے چھوٹے دانتوں والا پتّا ۔

serrulation, n. تسنین ؛ دندانہ داری ؛ کنگھی دانت ہونے کی حالت یا صورت ؛ بہت باریک باریک دندانے بنانے کا عمل ۔

sertularian, a. (حیوانیات) مرجانی آبی کثیر پاؤں کی ایک خاص نوع جو شجر نما بستیوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

serum, n. (تشریح الاعضا) خوناب ؛ سیرم ؛ مَصل ؛ ایک صاف پیلا زرد سیال جو خون کے جم جانے پر جسیموں یا لختۂ خون سے الگ ہوجاتا ہے ۔ (امراضیات) ایک سیال جسے کسی ایسے جانور کے خون سے حاصل کیا جاتا ہے جس کو ٹیکہ لگا کر کسی بیماری سے مامون کر لیا گیا ہو ، ایسے خوناب کو ضدمفاسد یا شفا کاری کے عامل کے طور پر برتا جاتا ہے ؛ دودھ کے پھٹ جانے پر دودھ سے الگ ہو جانے والا مائع ؛ عرق شیر ؛ لسی سے مکھن ، دودھ سے پنیر اور انڈے سے سفیدی نکال لینے کے بعد کے اجزا ۔

serum albumin, n. (حیاتی کیمیا) خونابی البومین ؛ پلازمے مایہ) میں اور بدن کی خونابی رطوبتوں میں پایا جانے والا بنیادی لحمیہ ؛ حیوانی خون سے حاصل کیا گیا ایسا مواد جسے تجارتی مقاصد کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

serum globulin, n. (حیاتی کیمیا) خونابی گلوبولین ؛ وہ پلازمائی لحمیہ جسے درّات گردانی کا برقی عمل تین دموی حصوں میں پھاڑ دیتا ہے ، ان میں سے ہر ایک اپنا اپنا وظیفہ ادا کرتا ہے اور ان کو ایلفا ، بِیٹا اور گاما گلوبولین کہا جاتا ہے ، آخری حصہ بعض متعدی بیماریوں کے خلاف بدن میں مزاحمتی صلاحیت پیدا کرتا ہے ۔

serval, n. افریقی جنگلی بلی ؛ چیتا بلی ؛ کاندھوں تک اس کا قد دو فٹ تک پہنچ جاتا ہے ، ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں ، کان کھڑے کھڑے اور بُھوری کھال پر کالے کالے دھبے ہوتے ہیں ۔

servaline, a. افریقی بلّی جیسا ۔

servant, n. خادم ، نوکر ، غلام ، خدمت گار ؛ وہ شخص جو دوسروں کی خدمت کرتا یا خدمات انجام دیتا ہے ؛ وہ شخص جس کو کوئی دوسرا شخص گھریلو خدمات کے لیے ملازم رکھ لیتا ہے ؛ عوامی یا سرکاری ملازم ۔

serve, v.i. خدمت کرنا ؛ نوکری کرنا ؛ کھانے کے وقت گوش برآواز رہنا ، مہمان کو کھانے پینے کے لیے کچھ پیش کرنا ؛ دوسروں کے لیے خدمات بجالانا ؛ سپاہی یا ملاح کے طور پر مخصوص مدت تک کام کرنا ؛ کوئی سرکاری ذمہ داری نبابنا جیسے جیوری کی رکنیت ؛ کسی خاص مقصد یا استعمال کا ہونا یا اسے پورا کرنا (جیسے This apartment will serve for the moment) ؛ کسی چیز کا موافق ، مناسب یا آرام دہ ہونا ؛ ٹینس ، بینڈ بال یا بعض دوسرے کھیلوں میں گیند کو کھیل میں لانا ۔ (کلیسیات) گرجے وغیرہ میں پادری کی نیابت کرنا ۔ (فعل متعدی) خادم ہونا ؛ معاونت کرنا ؛ مدت ملازمت یا قید میں سے گزرنا ؛ فوج یا بحریہ میں کسی کماندار یا شاہ کے ماتحت کام کرنا ؛ بندگی یا اطاعت کرنا جیسے خدا کی ؛ ذمہ داری نبابنا ؛ تقاضے پورے کرنا ؛ کسی کی ضروریات پوری کرنا (جیسے : to serve one's needs) ؛ حصہ لینا ؛ اعانت کرنا ؛ میز پر کھانا یا مشروبات رکھنا یا کسی شخص کو پیش کرنا ؛ دسترخوان چُننا ؛ کوئی چیز کسی کو مسلسل مہیا کرتے رہنا ؛ مخصوص طریقے سے سلوک کرنا ؛ کسی نر جانور کو مادہ سے ملانا یا جفتی کرانا ؛ ٹینس وغیرہ میں گیند کو کھیل میں لانا ۔ (قانون) سمن وغیرہ جاری کرنا یا اس کی تعمیل کرانا ؛ رٹ دائر کرنا ؛ کسی کو قانونی پروانہ پیش کرنا ؛ کام کرنا جیسے بندوق ک ۔ (جہاز رانی) رسّے یا سہارے کو باندھنا یا لپیٹنا (کسی اور چھوٹی رسی وغیرہ کے ساتھ تاکہ وہ مضبوط ہو جائے) ۔ (اسم) ٹینس یا بینڈ بال میں سروس کی باری کے مطابق پہلی گیند پھینکنا ۔

server, n. خدمتگار ؛ کھانا یا مشروب پیش کرنے والا یا پیش کنندہ ؛ ٹینس میں گیند کو کھیل میں لانے والا ۔ (کلیسیات) اجتماعی عبادت میں نائب پادری جو عبادتی انتظامات کرتا اور جوابات دیتا ہے ؛ خادم ؛ شماس الکنیسہ ۔

service, n. ملازمت ؛ نوکری؛ خدمت گزاری؛ معاونت یا امداد ؛ ملازم کی حیثیت سے خدمات کی بجاآوری ؛ میز پر کھانا چُننے کا طریقہ یا عمل ؛ دوسرے فرد یا افراد یا حکومت یا ادارے وغیرہ کے لیے کسی فرض یا خدمت پر ماموری ؛ سرکاری محکمہ ،ملازمت ، یا سرکاری ملازمین کی خدمت یا کام ؛ عسکری ملازمت (جیسے :to be in the

service) ؛ افواج کی کوئی شاخ ۔ (عموماً جمع) دوسروں کے لیے کوئی ایسا کام جس کے مادی نتائج برآمد نہ ہوں ، جیسے میڈیکل سروس ؛ عوام کو ان کی ضرورت کی کوئی شے مہیا کرنے کا انتظام جیسے پانی ، گیس ، رہایش یا ذرائع آمدورفت ؛ کوئی جنس یا رہایش مہیا کرنے کے لیے سازوسامان ، وسائل یا کارکنوں کی فراہمی کا منظم طریقہ ؛ وہ مرمتی دیکھ بھال اور تنصیب کی سہولتوں کی فراہمی جو فروخت کرنے والے کی جانب سے خریدنے والے کو دی جاتی یا دینے کا وعدہ کیا جاتا ہے ؛ مقررہ طور طریقے کے مطابق ادا کی گئیں مذہبی رسومات و عبادات یا سماجی رسوم (جیسے :the marriage service) ؛ خدا کی اطاعت و بندگی ؛ ان مذہبی نغمات یا دعاؤں کی موسیقانہ ترتیب جو گائے جانے والے ہوں ؛ کسی خاص مقصد اور موقع کے لیے مطلوب برتنوں اور دوسری اشیا کا سیٹ (جیسے:a tea service) ۔ (قانون) سمن یا پروانۂ عدالت کا اجرا ۔ (جہازرانی) مضبوطی یا حفاظت کے لیے کسی رَسے کے گرد لپیٹی یا باندھی جانے والی ڈوری یا رسی ۔ (کھیل) سروس ؛ بیڈبال یا ٹینس میں گیند کو کھیل میں لانا ؛ حیوان مادہ کی ،نر کے ساتھ جُفتی ۔ (صفت) تجارت پیشہ لوگوں یا ملازموں کے استعمال میں آنے والا یا اس سے متعلق (جیسے : a service industry) ؛ مرمت یا دیکھ بھال کی سہولت فراہم کرنے والا ؛ عساکر کا یا ان سے متعلق ۔ (فعل متعدی) کام دینے یا چلانے کے قابل بنانا (موٹر وغیرہ کو) ؛ ملازمت مہیا کرنا ۔

at one's service, گوش بر آواز ؛ حکم کا منتظر ؛ خدمت کو حاضر ۔

serviceable, a. قابل خدمت ؛ مفید ؛ ٹھیک طرح کام دینے کے لائق ؛ دیرپا ؛پائیدار، جیسے سامان یا کپڑا ۔

serviceability, serviceableness, n. خدمت کی اہلیت ، فائدہ مندی، دیرپائی ۔

serviceably, adv. خدمت گزارانہ ؛ مفید طریقے پر ۔

service berry, n. دیکھیے : Juneberry ۔

servicebook, n. عبادت نامہ ؛ دعانامہ ؛ وہ کتاب جس میں مذہبی رسومات ادا کرنے کے مختلف طریقے درج ہوں ۔ (دفتر) کتابِ ملازمت ؛ سرکاری ملازموں کا ملازمت نامہ ۔

service ceiling, n. (ہوا بازی) سطح سمندر سے کسی طیارے کے لیے وہ قابل پرواز بلندی، جس کے بعد اس کے لیے معمول کی مقررہ رفتار فی منٹ سے اوپر چڑھنا ناممکن ہوتا ہے ۔

service charge, n. سروس چارج ؛ حق خدمت ؛ خدمتانہ ؛ اصل قیمت کے ساتھ وصول کی جانے والی مزید رقم جو شے مذکور کے خدماتی سلسلے میں لی جاتی ہے ۔

service club, n. خدمت گھر ؛ برادری یاقبیلے کی خدمت کے لیے قائم کیا گیا ادارہ ؛ عساکر کو سماجی اور تفریحی سہولتیں فراہم کرنے والا ادارہ ۔

service door, n. ملازموں کے آنے جانے کا یا سامان وغیرہ لانے ، لے جانے کا دروازہ ۔

service man, n. فوجی آدمی ؛ مرمت کار ؛ وہ فرد جو کسی بھی ملک کی افواج سے تعلق رکھتا ہو ؛ وہ شخص جو مرمت اور دیکھ بھال سے ‌اپنی روزی کماتا ہو۔

service medal, n. تمغۂ خدمت ؛ جنگی کارنامے کے اعتراف میں دیا گیا تمغہ ۔

service station, n. پٹرول پمپ ؛ وہ جگہ جہاں سازوسامان کی مرمت وغیرہ کا بندوبست ہو ؛ خدمت گاہ ۔

service stripe, hash mark, n. فوجی پٹی ؛ خدمت فیتہ ؛ سپاہی کی قمیص وغیرہ کے بائیں بازو پر لگی ہوئی آڑی پٹی جو امریکی افواج میں تین سال اور بحریہ میں چار سال کی مدت کے بعد لگائی جاتی ہے ۔

service tree, n. یورپ میں پایا جانے والا ایک درخت، اس کا پھل چھوٹا لیکن قدرے ترش اور خوردنی ہوتا ہے ۔ دیکھیے : shadbush ۔

serviette, n. (برطانوی ، کینیڈین) خان سامانی رومال ؛ طعامی رومال ؛ نَیپکن ۔

servile, a. غلام یا ملازم سے متعلق یا اس کی خصوصیت لیے ہوئے ؛ غلامانہ ؛ خمیدہ خُو ؛ جی حضوری ؛ اطاعت طبع ؛ خوشامدی؛ ہاں میں ہاں ملانے والا ؛ غلامی کی حدتک فرماں بردار (بعد میں to لگاتے ہیں) ؛ حلقہ در گردن ؛ ستم رسیدہ ۔

servilely, adv. غلامانہ ؛ خوشامدانہ ۔

servility, servileness, n. غلامی ؛ خوشامد ؛ جی حضوری ۔

serving, n. خدمتی ؛ جوشے پیش کی جائے ؛ وہ طعام یا مشروب جوایک فرد کے لیے کافی ہو ؛ ایک بار پیش کیا گیا کھانا ۔

servitor, n. نوکر ؛ حاضر باش (حضوری) ۔

servitude, n. غلام باشی (غلامی) ؛ حلقہ بگوشی ، محکومی کی کوئی صورت (جیسے:intellectual servitude) ؛بیگار ؛مجرموں کے لیے بطور سزا جبری محنت (جیسے :penal servitude) ۔ (قانون) کسی جائیداد پر مالک کے سواکسی اور کا حقِ تصرف ؛ اس قسم کا حقِ تصرف ۔

servomechanism, n. کسی زیادہ پیچیدہ یا زیادہ طاقت ور مشین کو کنٹرول کرنے یا چلانے میں کام دینے والا نظام ؛ کم تواں یا کم خرچ طریقہ ۔

servomotor, servo, n. پیچیدہ یا زیادہ طاقت ور مشین کو بطور جزو چلانے اور طاقت مہیا کرنے والا موٹر ۔

sesame, n. تل (بیج یا پودا) ؛ سمسِم ؛ سِنسم ؛کنجد ؛ تخمِ کَنجد ، منطقہ حارہ کا ایک پودا جس کے چھوٹے بیضوی بیجوں کو کھایا بھی جاتا ہے اور ان کا تیل بھی نکالا جاتا ہے ۔ دیکھیے : open sesame ۔

sesamoid, a. (تشریح الاعضا) تل نما ؛ دانہ دار ؛ کُنجد نما ؛ تل روبی ؛ تل کی شکل کی ، جیسے بعض کرہ دار اور کُرکری ہڈیاں ہوتی ہیں' سَمسانی ہڈی ۔

sesquicentennial, a. ڈیڑھ صدی سے متعلق یا اس کی تکمیل کی علامت دار ۔ (اسم) ڈیڑھ سو سالہ سالگرہ یا اس کی تقریب ۔

sesquipedalian, sesquipedal, a. طویل الفاظ و تراکیب لیے ہوئے ، ایسے الفاظ یا فقرے جن میں طویل ارکان کے الفاظ شامل ہوں ؛ ذوالارکان ؛ بھاری بھر کم الفاظ سے کام لینے والا ۔ (اسم) طویل لفظ ۔

sessile, a. (نباتیات) بے ڈنٹھل ؛ وہ پتا جو براہِ راست تنے میں سے پُھوٹاہوا ہو ؛وہ پُھول جو ڈنڈی کے بغیر ہو ؛ بے ساقہ ؛ چسپیدہ ۔ (حیوانیات) پکی طرح یا مستقل طور پر کسی عضو وغیرہ سے پیوستہ ؛ یکجا باش ؛ غیر مُتحرک ۔

session, n. میقات ؛ عدالت ، کونسل یا مقننہ وغیرہ کا اجلاس ،

کانفرنس یا امور نمٹانے کے لیے (جیسے: Congress is now in session) ؛ کسی ایسے اجلاس کا مسلسل دورانیہ جس میں افراد کانفرنس یا کاروباری امور وغیرہ کے لیے جمع ہوئے ہوں ؛ عدالت ، مقننه وغیرہ کی ایک نشست یا اجلاس ؛ ایسے مسلسل اجلاسوں یا نشستوں کا دورانیہ یا مدت ؛ اسکول میں ایک دن کے دوران اسباق یا مطالعے کا مسلسل وقت یا دورانیہ (جیسے: a morning or afternoon session) ؛ سال کا وہ حصہ جس میں کسی کالج وغیرہ میں تعلیم دی جاتی ہو (جیسے: a summer session) ؛ پریسبیٹیرین خیال کے کلیساؤں میں سب سے ابتدائی درجے کی عدالت جو کلیسا دار اور مقامی کلیسائیوں کی انتظامیہ پر مشتمل ہوتی ہے ۔ (جمع) وہ مقامی عدالتیں جو چھوٹی موٹی بے راہ رویوں کو نپٹاتی ہیں (جیسے: the Court of Sessions) ۔

sessional, a. اجلاس کا ؛ میقاتی ۔

sesterce, n. رومائے قدیم کا ایک سکہ جو ابتداً چاندی کا تھا مگر بعد میں تانبے کا ہو گیا ؛ سَیس ترکہ ۔

sestertium, n. ایک ہزار سیس ترکوں کی مالیت کا ایک قدیم رومی سکّہ ؛ سَیس ترتیوم ۔

sestet, n. (عروض) چھ مصرعوں کا بند ؛ اطالوی سانیٹ کا آخری بند ۔ (موسیقی) دیکھیے : Sextet ۔

sestina, sestine, n. شش بند مسدس ؛ چھ مصرعوں والے چھ بندوں کی نظم جس کا آخری بند تین مصرعوں کا ہوتا ہے ، اس میں ہر بند پہلے بند کے مصرعوں کے آخری الفاظ کو ترتیب بدل کر لاتا ہے ، آخری بند میں چھ لفظوں کو یوں توڑ کر لایا جاتا ہے کہ تین درمیان میں آتے ہیں اور تین آخر میں ؛ ششمینه ۔

set, v.t. رکھنا ؛ کسی چیز کی مالیت یا کسی کام کی تکمیل کے لیے تقرر ، تعین یا مقرر کرنا ؛ جمانا ، قائم کرنا یا مقرر کرنا جیسے حد بندی کی چیز کو ؛ پیش کرنا جیسے مثال کو ؛ تفویض یا سپرد کرنا جیسے کسی کام کو ؛ استعمال کے لیے کسی چیز کو قرینے یا ترتیب سے رکھنا جیسے میز یا جال کو ؛ ہوا کو گرفت میں لانے کے لیے بادبان پھیلانا ؛ بٹھانا یا فریم میں جڑنا جیسے نگینے کو ؛ سجانا جیسے قیمتی جواہرات سے ؛ سَینا جیسے انڈوں کو پرندے کے نیچے یا انکوبیٹر میں ؛ سنوارنا یا گھنگریالے بنانا جیسے بھیگے بالوں کو ؛ معیار کے مطابق درست کرنا جیسے گھڑی کو ؛ بڑی امید باندھنا یا خیال میں سمو لینا (جیسے: to set great store by a thing) ؛ کسی مخصوص اور مضبوط حالت میں رکھنا ، عضلات کو یا ذہن کو ؛ پُختہ کرنا (جما دینا) جیسے سیمنٹ وغیرہ کو ؛ دھار درست کرنا ، استرے وغیرہ کی ؛ دانت کٹکٹانا جیسے آرے کے دندانوں کی طرح ۔ (تھیئٹر) ترتیب دینا یا جمانا جیسے تماشے کے لیے تھیٹر کی اسٹیج کو ۔ (موسیقی) دھن کے لیے الفاظ مہیا کرنا ؛ ساز کو مخصوص آواز یا آہنگ کے لیے آراستہ کرنا ۔ (جرّاحی) ٹوٹی یا ٹلی ہوئی ہڈی وغیرہ کو اصل حالت پر لے آنا ۔ (لوک بولی) بٹھانا ۔ (طباعت) چھپائی کے لیے حروف کو لفظوں کی صورت دینا یعنی جمانا ۔ (فعل لازم) ڈوبنا یعنی افق کے نیچے چلا جانا جیسے سورج کا ؛ زوال پانا یا کم زور ہونا ؛ انڈوں پر بیٹھنا (سینا) ؛ مخصوص انداز میں لٹکنا یا بیٹھنا (کپڑوں کا) ؛ مخصوص صورت اختیار کر جانا، عضلات کا ؛ پختہ ہو جانا ، سیمنٹ وغیرہ کا ؛ بڑھنا یا نشونما پانا ، جیسے کھاد وغیرہ سے پھول یا پھل کا ؛ شروع کرنا ، پہل کرنا یا حرکت کرنا (بعد میں out, off, forth لگاتے ہیں) ؛ شروع کرنا یا کسی کو کسی کام میں لگانا ، جیسے شکار پر کتے کو چھوڑنا کہ شکار کی سمت کا اندازہ ہو جائے ۔ (اسم) عمل یا ترتیب کا عمل یا ترتیب دادہ صورت ؛ ایک دوسرے کے ساتھ ملا کر پہنی یا برتی جانے والی چیزوں کا مجموعہ یا ان کا اجتماع ، جیسے گالف کی چھڑیاں ؛ ایسی اشیا کی تعداد یا ان کا مجموعہ جن کی نوعیت اور مقصد مشترک ہو جیسے کسی ایک مصنف کی کل کتابوں کا مجموعہ یا کسی ایک موضوع پر کل کتابیں ؛ یکساں نوعیت اور باہمی مفاد رکھنے والے افراد یا گروہ کی جماعت ؛ وہ طریقہ جس کے ذریعے کپڑے لٹکتے یا درست ہوتے ہیں ؛ صحیح سمت یا زور جیسے ہوا کا ؛ وضع قطع یا انداز ؛ بے لوچ ، سخت اور کڑی شے کی یکجائی جیسے سیمنٹ کی ؛ ایک عدد ریڈیو یا ٹی وی کا ۔ (ٹینس) چھ بازیوں کا مقابلہ جس میں جیتنے والا اپنے حریف کو کم از کم دو بازیوں سے شکست دیتا ہے جیسے ۸ - ٦ ؛ کسی فلم ، ٹی وی یا تمثیل میں پیش کی گئی وہ جگہ جہاں کوئی واقعہ رُونما ہوا ہو ۔ (میکانیات) آرے کے دندانوں کی باری باری دائیں بائیں حرکت ؛ پَود (پنیری) ، شاخ ، قلم وغیرہ جو شجر کاری کے لیے تیار ہو ، ہوا کا رُخ یا بہاؤ ۔ (نفسیات) عارضی طور پر یا مستقل طور پر کسی خاص محرک سے کسی خاص ردعمل کی وقوع پذیری ۔ (ریاضی) وہ اجزا یا ہندسے جن کو یک جا کر دیا گیا ہو ۔ (صفت) پہلے ہی سے مقرر یا متعین کیا ہوا ؛ شعوری کوشش سے ترتیب دیا گیا ؛ پیوستہ ، سخت یا تبدیل نہ ہونے والا ؛ ثابت قدم یا مستقل مزاج ؛ ہٹ کا پکا (طبعاً یا ضد میں) ؛ تیار یا آمادہ ، ساختہ ، پرداختہ ۔

set about, کچھ کرنے لگ جانا ؛ شروع کر دینا ۔

set against, کسی کے خلاف اُکسانا ؛ متوازن یا مربوط کرنا ۔

set apart, الگ کرکے رکھنا ؛ مخصوص کر دینا ۔

set aside, ایک طرف کرنا ؛ ذہن سے نکال دینا ؛ منسوخ یا کالعدم کر دینا ۔

set back, روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ گھڑی کی سوئیاں پیچھے لے جا کر وقت درست کرنا ۔

set down, تحریر میں لانا یا چھپوانا ؛ غور کرنا ؛ منسوب یا متّصف کرنا ؛ کسی مُسطح جگہ پر ٹکا دینا ؛ طیارے کے ذریعے اُترنا ۔

set forth, اعلان کرنا یا وضاحت کرنا (توجیہہ کرنا) ۔

set forward, گھڑی کی سوئیاں آگے لے جا کر وقت ملانا ۔

set in, شروع کرنا ؛ ساحل کی طرف چلنا ، ہوا کا یا موجوں کا ۔

set off, بھڑکانا یا دھماکا کرانا ؛ تقابلی صورت پیش کرنا ۔

set on, حملہ کرنا ؛ حوصلہ بڑھانا ۔

set out, سفر پر روانہ ہونا ؛ کوشش کرنا ؛ لگ پڑنا ؛ کوئی منصوبہ یا تجویز پیش کرنا یا اس کا خاکہ بنانا ؛ درخت لگانا ؛ نمایش کے لیے رکھنا ۔

set to, آغاز کر دینا یا کام شروع کر دینا ۔

set up, عمودی حالت میں رکھنا ؛ بلند

جگہ یا مقام پر اٹھا لے جانا ؛ بنانا یا تعمیر کرنا ؛ بنا ڈال دینا ؛ کسی عملی سرگرمی میں لگا دینا ؛ کاروبار میں جما دینا ؛ مشورہ یا تجویز دینا ؛ بندوبست کرنا ؛ صورت حال پیدا کرنا ۔ (بول چال) ادا کرنا یا خاطر تواضع کا خرچ برداشت کرنا ؛ خوش کر دینا؛ بانس پر چڑھانا ۔

seta, n. (حیاتیات) ڈُس ؛ سخت بال ؛ سُور کا بال ؛ خار ، کسی جانور یا پودے کا کڑا حصہ ۔ (نباتیات) کائی کی بذرہ دانی والی ڈنڈی/ڈنٹھل ۔

setal, a. سخت بالوں والا ۔

setaceous, a. کٹیلا ؛ کڑبالا ، ڈُسل ؛ سخت مُو ؛ خاردار ۔

setaceously, adv. خاردارانہ ؛ کٹیلے پن سے ۔

setback, n. ترقی میں رُکاوٹ یا مزاحمت ۔ (فن تعمیر) کسی عمارت کی بالائی دیوار کا بنیادی کُرسی سے ہٹاؤ ۔

set-in, a. الگ بنا کر کسی اور کے ساتھ جوڑی گئی کوئی شے (جیسے: a set-in sleeve, set-in bookcase) ۔

setoff, n. پاسنگ (ترازو میں) ؛ متوازنہ ؛ تلافی کُن حالات ۔ (حسابداری) کسی قرضے یا دعوے کو متوازن کرنے کے لیے اٹھایا گیا قدم ۔ (فن تعمیر) دیوار کی موٹائی میں بتدریج کی گئی کمی ؛ کسی دیوار ، پُشتے وغیرہ پر بنائی گئی ڈھلوانی برآمد ، جس کی موٹائی نچلی جگہ سے زیادہ ہو ۔ (طباعت) آفسٹ ۔

setose, a. ڈُسل ؛ کڑبالا ؛ کثیر مُو ؛ خادار ؛ خاردار بالوں سے ڈھکا ہوا ۔

set piece, n. (تھیئٹر)اسٹیج کا کسی سہارے وغیرہ سے خالی حصہ جسے کسی عمارت یا پہاڑی یاچٹان کے منظر کی شکل دی گئی ہو ؛ادب ، موسیقی یا آرٹ کی وہ پیش کش جو کسی مخصوص حوالے یا اسلوب کی جھلک لیے ہوئے ہو (جیسے: the set pieces of pastoral romances) ؛ آتش بازی کی کسی مخصوص انداز سے ایسی ترتیب و نمایش کہ جب اس کو چھوڑا جائے تو وہ کوئی شکل یا نمونہ بنائے ؛ کوئی شکل اور سخت گیر منصوبہ بند فوجی ، عسکری مشق اور اس پر عمل درآمد ۔

set point, n. ٹینس میں وہ پوائنٹ جس کو اگر حاصل کر لیا جائے تو حاصل کرنے والا فریق سیٹ جیت جاتا ہے ۔

setscrew, n. سیٹ پیچ ؛ وہ (پیچ) جس کے ذریعے دو یا دو سے زیادہ تختوں کو باہم خوب پیوست کیا جا سکتا ہو ۔

settee, n. پشت دار لمبی نشست ؛ بہ یک وقت زیادہ آدمیوں کے بیٹھنے کی گنجایش والا صوفہ ؛ سیٹی ۔

setter, n. شکار پر چھوڑنے یا چھوڑا جانے والا کُتا ؛ لمبے بالوں والے شکاری کتوں کی تین اقسام سے کوئی ایک جو کبھی شکار سونگھتے ہی دبک کر بیٹھ جاتے تھے (تاکہ شکار کو پتا نہ چلے) لیکن اب ان کو یوں تربیت دی گئی ہے کہ وہ تن کر کھڑے ہو جاتے ہیں اور اپنی تھوتھنی کو شکار کی جانب کر دیتے ہیں ۔ نیز : English setter, Gordon setter, Irish setter ۔

set theory, n. نظریۂ سیٹ ؛ نظریۂ مجموع ؛ ریاضی کی وہ شاخ جو مجموعوں کے باہمی تعلقات سے سروکار رکھتی ہے ۔

setting, n. ترکیب ؛ ترتیب ؛ رکھنے والے یا چیز کا وہ انداز یا وضع جس میں کوئی چیز رکھی گئی ہو ؛ وہ چیز جس میں کچھ جڑا گیا ہو (جواہرات وغیرہ کو) ؛ کسی چیز کا ماحول یا گرد و پیش کا منظر ؛ منظر ٗ لباس یا ڈرامے کے دیگر لوازمات ؛ نظم کے مطابق تیار کی گئی دُھن ؛ سینے کے لیے ایک خاص جگہ پر رکھے گئے انڈے ؛ میز پر سجائے گئے برتن ، گلاس وغیرہ ۔

settle, v.t. فیصلہ کرنا ؛ تصفیہ کرنا ؛ حتمی طور پر قیمت کے بارے میں سمجھوتہ کر لینا (جیسے: to settle on a selling price) ؛ مناسب جگہ پر رکھنا یا سلیقے سے رکھنا ؛ حساب کتاب یا کسی دعوے کو بے باق کرنا، چکا دینا یا ادا کرنا ؛ کہیں آباد ہونا یا جا بسنا ؛ آباد کار یا بسنے والے مہیا کرنا ؛ کسی طرز زندگی ، کاروبار ، رہایشی جگہ وغیرہ میں پوری طرح ٹِک جانا ؛ کسی جگہ پر پوری طرح اور مستقل طور پر رکھ دینا ؛ کسی چیز کو ایسے صاف کرنا کہ تلچھٹ وغیرہ کو نیچے بیٹھ جانے یا آہستہ آہستہ جم جانے دینا ؛ ہلا جلا کر پاک کرنا ؛ تہ نشیں کرتے ہوئے کسی مواد کو یک جا کرنا یا جما دینا ؛ ختم کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ۔ (قانون) جائیداد وغیرہ کا تصفیہ کرنا یا جھگڑا چکانا (جیسے: to settle property) ؛ باہمی مصالحت سے مقدمے کو ختم کرنا یا کرانا (جیسے: to settle a lawsuit) ۔ (فعل لازم) کسی فیصلے ، عزم یا سمجھوتے پر پہنچنا (بعد میں on یا upon آتا ہے) ؛ ادائیگی کرنا ؛ حساب ، بل یا قرضے کی ادائیگی کرنا یا چکانا ؛ کسی اور جگہ یا ملک میں جا بسنا ؛ چلتے چلتے رُک جانا ،ٹھہرجانا ؛ کسی علاقے یا جگہ کا ہو کر رہ جانا ؛ بس جانا ؛ پرسکون یا اندیشوں سے بے فکر ہو جانا (بعد میں عموماً down آتا ہے) ؛ دھیرے ، دھیرے گرتے بیٹھتے یا ڈوبتے جانا ؛ شفاف یا صاف ہو جانا یا نتھر جانا ، ذرات یا گاد نیچے بیٹھ جانے سے ؛ باہم پیوست ہو جانا یا جم جانا ؛ گابھن ہو جانا ۔

settle down, آزاد زندگی گزارنے کے بعد متاہل ہو جانا (جیسے: to settle down after marriage) ؛ مطمئن اور پر سکون ہو جانا ؛ اپنے کام وغیرہ میں لگ جانا ؛ کُھب جانا یا مگن ہو جانا ۔

settle, n. لمبی سی نشست یا بینچ(بازو اور اونچی پشت والی) یہ لکڑی کی ہوتی ہے ، کبھی کبھی نچلی جانب سے خانہ دار بھی ہوتی ہے اور یوں صندوق کا کام بھی دے جاتی ہے ؛ چبوترا یا باہر نکلا ہوا پتھر یا تختہ ۔

settlement, n. تصفیہ ؛ زندگی یا کاروبار میں پیوستگی یا استقرار ؛ آبادکاری ؛ نو آبادی ؛ وہ قطعۂ اراضی جہاں نو آبادی بنائی گئی ہو ، بالخصوص ایک نو آبادی اپنے ابتدائی مراحل میں ؛ کسی تقاضے یا حساب کی چکائی ؛ چکوتا؛ عمارت کے دھنس کر ٹِک جانے کی صورت ۔ (قانون) املاک کا تصفیہ نامہ (ہبہ نامہ) ؛ تصفیہ شدہ جائیداد ۔ (مذہب) ہم مذہب لوگوں کی بستی ۔ (برطانوی) کسی خاص قصبے یا ضلع میں کنگال کا حق گزر بسر ؛ غریبوں کے علاقے میں تعلیمی اور سماجی رفاہ کا کام کرنے والا ادارہ ۔ نیز : settlement house ۔

settler, n. آبادکار ؛ نومذہب ؛ نو آباد ؛ نو آبادکار ، بالخصوص ایک نئے علاقے یا ملک میں ؛ فیصلہ کن ۔

settling, n. تہ نشینی کا عمل ؛ ڈوبنے کا عمل یا ڈوبتی ہوئی چیز ۔ (جمع) تہ نشیں مواد ؛ دُرد ؛ تلچھٹ ۔

settlor, n. (قانون) املاک کا تصفیہ کرنے والا ۔

set-to, n. مختصر لیکن زوردار تُوتکار یا لڑائی ۔

set up, v.t. بلند جگہ یا مقام پر لے جانا ، پہنچا دینا ؛ کسی مجسمے وغیرہ کو عموداً کھڑا کرنا (رکھنا) ؛ تشکیل دینا یا مستقل بنیاد پر قائم کرنا (جیسے: to set up a govrnment) ؛ نیا کاروبار شروع کرنے کے انتظامات کرنا ؛ زور کے ساتھ بولنا (جیسے: to set up a loud cry) ؛ اعلیٰ عہدے یا منصب پر فائز کرنا ؛ کوئی نظریہ پیش کرنا (جیسے: to set up a doctrine) ؛ ڈیل ڈول بنانا (ورزش کے ذریعے) ؛ نچان سے اٹھانا ؛ صحت و توانائی بحال کرنا ۔ (فعل لازم) نیا کاروبار شروع کرنا ؛ استعمال ہونا ؛ کسی چیز پر حق جانا (جیسے: to set up to: be better than others) ۔

setup, n. اندازِ ترتیب و تنظیم ؛ساخت ؛کسی مخصوص کام یا ذمہ داری سے عہدہ برآ ہونے کے منصوبے کی تیاری یا بندوبست ؛ لائحہ عمل ؛ بدن کی اُٹھان یا وضعیت؛ سر کا خاص انداز سے جھکاؤ ۔ (بول چال) جام اور دیگر لوازمات جو خود اپنے مشروب میں ملانے کے لیے مہیا کیے جاتے ہوں (سوائے شراب کے)؛ وہ مقابلہ ،مبارزہ ، کھیل ، کام یا ذمہ داری جس سے عہد برآ ہونا آسان کر دیا گیا ہو ؛ کسی ریسٹوران میں لگائی گئی میز ۔ (کھیل) گیند وغیرہ کا اس حالت میں ہونا کہ اس سے بآسانی گول کیا جا سکے یا پوائنٹ جیتا جا سکے جیسے ہاکی وغیرہ میں ؛ گول یا پوائنٹ حاصل کرنے پر منتج ہونے والا کھیل ۔

seven, n. سات ؛ سات کا ہندسہ ؛ سات کا عدد ؛ ہفت ؛ سبع ؛ سبت ؛ سات اشخاص یا اشیا پر مشتمل ۔

seven seas, n. (بعض اوقات بڑے S سے) سات سمندر ۔

seventeen, n. سترہ (ہندسہ ؛ عدد ؛ علامت) ؛ سترہ افراد یا اشیا پر مشتمل ۔

seventeenth, a. سترھواں ؛ سترہ برابر کے حصوں میں میں سے ایک ۔

seventeen-year, locust, n. ایک قسم کی ٹڈی کہا جاتا ہے کہ اس کا منجھ روپ (تیتری) تیرہ سے سترہ سال تک بیولائی صورت میں زیر زمین پلتا بڑھتارہتا ہے اور پھر بالغ ہو کر وہ بیولائی لبادہ اُتار پھینکتا ہے ، جُفتی کرتا ہے، انڈے دیتا ہے اور پھر مر جاتا ہے ۔

seventh, a.n.adv ساتواں ، سات برابر حصوں سے کوئی ایک ۔ (موسیقی) پہلے اور ساتویں سُر کے درمیان کا وقفہ ۔

seventh chord, n. (موسیقی) سازینے کا ساتواں تار جو مُول تان (سُر) اور تیسرے ، پانچویں اور ساتویں سُر (تان) پر مشتمل ہوتا ہے ۔

seventh-day, a. (اکثر بڑے S سے) بعض عیسائی فرقوں سے منسوب جو سنیچر کو مذہبی عبادات اور اپنے آرام کا خاص دن مناتی ہیں (جیسے : Seventh-Day Adventists) ۔

seventh heaven, n. ساتویں جنت ؛ عرش بریں ؛ فردوس بریں ؛ انتہائی شادمانی اور مسرت کی حالت ۔

seventieth, a.,n. سترھواں ؛ ستّر برابر کے حصوں میں سے کوئی ایک ۔

seventy, n. ستّر (ہندسہ ؛ عدد یا افراد و اشیا) ۔

seventy-eight, n. ایک قسم کا صوت نگار/ریکارڈ جو ایک منٹ میں ۷۸ چکر لگاتا ہے ؛ اٹھتّر کا ہندسہ یا عدد ۔

seven-up, n. تاش کا ایک کھیل جو دو یا دو سے زیادہ افراد میں کھیلا جاتا ہے اور سات نمبر کا ہوتا ہے (ایک نمبر جیتنے کے لیے چار بار کھیلنے والے کو موقع دیا جاتا ہے) ۔ نیز: all-fours, high-low-jack, old sledge, pitch ۔

sever, v.t. زور لگا کر الگ کرنا ؛ کاٹ کر یا پھاڑ کر ٹکڑے کرنا ؛ قطع تعلق کرنا ؛ ناتا توڑنا ، جیسے رشتوں یا خاندانی تعلق سے ۔ (فعل لازم) جدا ہو جانا ؛ جدائی اختیار کرنا ؛ علیحدہ ہو جانا ؛ منقسم ہو جانا ۔

severability, n. علیحدگی پذیری ؛ قطع پذیری ؛ جداتی پذیری ۔

severable, a. تفریق پذیر ؛ قطع پذیر ؛ علیحدگی پذیر ۔

several, a. کئی ؛ دو سے زیادہ ، متعدد ، الگ الگ یا اپنے اپنے (جیسے: experts in their several areas) ؛ انفرادی یا جداگانہ (جیسے: several attempts) ۔ (قانون) کسی مشترکہ ذمہ داری میں ہر شراکتی سے متعلق الگ الگ ۔ (اسم) تھوڑے افراد یا اشیا ؛ چند ؛ فرداً فرداً ؛کئی ۔

severally, adv. منفرداً ؛ فرداً فرداً ۔

severalfold, a. کئی گُنا ؛ چند در چند ؛ کئی اجزا ، طریقوں یا پہلوؤں پر مشتمل ۔

severalty, n. الگ یا نمایاں ہونے کی حالت یا خصوصیت ۔ (قانون) واحد مالک ہونے کی صورت یا شرط یا اراضی پر قبضہ رکھنے کا انفرادی حق ؛ یوں مملوکہ املاک ۔

severance, n. علیحدگی ؛ قطع تعلقی ؛ جدائی ؛ انقطاع ؛ علیحدگی کا عمل یا اس کی صورت ۔

severe, a. جابر ؛ متشدد؛ شدید؛ سخت گیر ؛ درشت مزاج رویے یا دکھاوٹ والا ؛ بہت سخت یا نظم و ضبط ، حکمرانی یا سزا سنانے میں سخت گیر (جیسے: severe punishment) ؛ مزاج ، طبیعت یا طور طریق میں متین ، ترش یا تُند ؛ مہلک یا خطرناک (جیسے : a severe disease) ؛ سادہ ، سیدھے یا جچے تلے اسلوب یا رکھ رکھاؤ والا ؛ وہ جس سے جسم کو ناآسودگی ، تکلیف یا دشواری ہو (جیسے : severe weather) ؛ جسے کرنا یا جس میں سے گزرنا مشقت طلب ، دشوار یا پُر اذیت ہو (جیسے: a severe test: or examination) ؛ حد سے زیادہ سخت احتیاط پسندانہ ، اصولی اور قطعی ۔

severely, adv. سختی سے ۔

severeness, n. سختی ؛ درشتی ۔

severity, n. شدت ؛ شدیدیت ؛ درشتی ؛ سخت گیری ؛ سادہ ؛ منشی ؛ سادہ روشی ؛ تندی ، سخت گیری کی کیفیت یا نوعیت ؛ سختی یا درشتی کا برتاؤ ، مزاج یا افتاد طبع ، حد سے زائد سادگی یا سادہ لوحی ؛ شدت یا تیزی جیسے موسم یا چوٹ کی ، سنجیدگی یا متانت ؛ قطعیت یا باضابطگی ؛ آداب پسندی ؛ معیارات ، قوانین و ضوابط وغیرہ کے ساتھ شدت سے مطابقت آرائی ۔

Sevres, Sevres ware, n. فرانس کے ایک مقام سورے کے بنے ہوئے چینی مٹی کے برتن جو بہت عمدہ گنے جاتے ہیں ۔

sew, v.t. سِینا ؛ ٹانکے لگانا ؛ بخیہ کرنا ؛ ٹانکوں سے یک جا کرنا یا باندھنا ؛ سوئی اور تاگے سے بنانا یا مرمت کرنا ؛ بخیے سے گھیرنا ۔ (فعل لازم) ٹانکے لگانے کا کام کرنا ؛ ٹانکے لگا کر چیزوں کو یک جا کرنا ۔

sewage, sewerage, n. گند ؛ میل کچیل ؛ گند کا نالیوں سے بہا لے جانے کا عمل ؛گند نکاسی ؛ غلاظت بدری ۔

sewer, n. گند نکاس ؛ ایک مصنوعی نالہ یا بدرو عموماً زمین دوز جو علاقے کی غلاظت اور گندے پانی کو آبادی سے باہر لے جانے کے لیے بنائی جاتی ہے۔

sewer, n. سلائی کرنے والا ؛ درزی ؛ سلائی مشین۔

sewer, n. داروغۂ مطبخ ؛ یورپ میں عہدِ وسطیٰ میں وہ نگران امورِ خانہ جو مہمانوں کے طعام و قیام کا ذمہ دار ہوتا تھا ؛ میر مطبخ۔

sewerage, n. سیوریج ؛ غلاظت بدری ؛ پانی اور دوسری گند نکاسی ؛ سیوریج ؛ غلاظت بدری ؛ پانی اور دوسرے انتظام۔

sewing, n. سلائی ؛ سلی ہوئی چیز۔

sewing machine, n. سلائی مشین ؛ ان مختلف مشینوں میں سے کوئی ایک جو ٹانکے لگانے یا سینے کے کام آتی ہے۔

sew up, v.t. (بول چال) کسی پر بلا شرکت قبضہ کر لینا ؛ کسی کاروباری معاملے کو کامیابی سے نپٹا لینا ، جیسے کاروباری گفت و شنید ؛ ووٹ ٹانک لینا (مطمئن ہو جانا کہ انتخاب میں اس قدر ووٹ مل جائیں گے)۔

sex, n. جنس ؛ نر و مادہ ؛ نر اور مادے کے مابین امتیازات کا وہ حاصل جس سے ان کی تفریق ہوتی ہے ؛ وہ کیفیت ذہنی و بدنی جو دونوں میں وجہ امتیاز ہوتی ہے ؛ مرد اور عورت کی جنسوں میں سے کوئی ایک جن میں عضویے منقسم ہوتے ہیں خصوصاً تولیدی عمل میں ان کے نمایاں وظائف ؛ جنسی کشش پر مبنی یا ان سے متعلق عامل قوتیں ؛ جنسی تعلق اور جنسی عمل تولید سے متعلق /پرمبنی حرکات ؛ مجامعت۔ (فعل متعدی) جنس شناسی کرنا (چوزوں وغیرہ کی)۔

sex up, جنسی حوالے سے اکسانا یا ابھارنا ؛ زیادہ جاذب ، دلکش اور قبول خاطر بنانے کی کوشش کرنا ، جیسے کسی ناول کو۔

sexagesimal, a. ساٹھواں ؛ ساٹھ سے متعلق۔ (اسم) ساٹھ کے نسب نما کی کوئی کسر۔

sex appeal, n. جنسی کشش ؛ جانداروں میں ایک جنس کے لیے دوسری جنس میں فطری کشش۔

sex chromosome, n. لونی جسم ؛ جنسی لونیہ ؛ وہ لونیہ جو جنسی خصائص کا حامل ہوتا ہے اور اولاد میں تعین جنس کرتا ہے۔

sex decillion, n. ایک عدد جو امریکا اور فرانس میں ایک کے بعد ۵۱ صفر لگانے سے بنتا ہے اور برطانیہ اور جرمنی میں ۹۶ صفر لگانے سے۔

sexdecillionth, a,n. سکس ڈیسلینواں حصہ۔

sexed, a. حامل جنسیت ؛ جنسی ؛ جنسی خصائص یا جنسی کشش لیے ہوئے ؛ جنسی طور پُر کشش اور جاذب نظر ؛ پُراز جنسیت۔

sex hormone, n. جنسی ہارمون ؛ وہ ہارمون جو جنسی اعضا کی نمو یا کارگزاری کا یا ثانوی جنسی خصائص کا باعث بنتے ہیں۔

sex hygiene, n. عملِ جنسی کا وُہ حصہ جس سے شخصی یا سماجی صحت متعلق ہو۔

sexisom, n. جنسیت ؛ جنسی امتیاز ؛ جنسی کردار کی بنا پر انسان کی قدروقیمت کا اندازہ لگانے کا عمل ؛ صنف کی بناء پر امتیازی یا متعصبانہ سلوک ،عام طور پر عورتوں کے ساتھ۔

sexless, a. بے جنسا (زنخا) ؛ جنسی خواہش یا کشش سے خالی۔

sexlessly, adv. بے جنسی طور پر۔

sexlessness, n. بے جنسی ؛ عدم جنس۔

sex-linked, a. (جینیات) جنسی لونیوں میں موجود مورثہ (جین) یا ایسے جین کے زیرعنان خصوصیت لیے ہوئے۔

sex-linkage, n. لونی جسم کا مورثہ/جین۔

sexology, n. جنسیات ؛ جنسی رویوں (خصوصاً بشری) سے متعلق علم۔

sexological, a. جنسیات سے متعلق۔

sexologist, n. ماہر جنسیات۔

sext, n. (رومی کیتھولک کلیسا) رومی کیتھولک فرقے کی ظہری عبادت کا مقررہ وقت جو کہا جاتا ہے کہ چھٹے گھنٹے یا دوپہر کو ہوتا ہے۔

Sextans, Sextant, n. (فلکیات) استوائی خطے میں آسمان پر نظر آنے والا ایک چھوٹا سا جُھرمٹ جو برج اسد اور شجاع کے درمیان واقع ہے۔

sextant, n. آلۂ سُدس ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے زاویاتی فاصلے ناپے جاتے ہیں ، اس کے ذریعے جہازران سماوی اجرام کا ارتفاع معلوم کرکے اپنے مقام کا تعین کرتے ہیں ؛ کسی دائرے کا چھٹا حصہ جو دو وتروں اور ایک قوس پر مشتمل ہوتا ہے۔

sextet, n. چھکا (چھ اشیا وغیرہ کا مجموعہ)۔ (موسیقی) شش صدائی آواز لگانے والوں کی منڈلی ؛ چھ آوازوں یا سازوں کے لیے ترتیب دیا گیا نغمہ۔

sextile, n. (فلکیات) کوئی دو سیارے جو ایک دوسرے سے ساٹھ درجے پر ہوں۔ (شماریات) کسی تعددّی اقتسام کے منقسم ہونے والے نقاط یا مجموعۂ اقدار ایسی صورت میں جب کہ واقعات کا مجموعہ چھ برابر حصوں میں تقسیم ہو جائے۔

sextillion, n. ایک عدد جو فرانس اور امریکا میں ایک کے بعد ۲۱ صفر اور جرمنی اور برطانیہ میں ۳۶ صفر لگانے سے بنتا ہے۔

sexto-decimo, n. دیکھیے : Sixteenmo۔

sexton, n. ایک کلیسائی عہدے دار جو گھنٹی بجاتا ہے اور گرجے کی عمارت اور اس کے سامان کی رکھوالی کرتا ہے ، پہلے اس کا کام گورکنی بھی ہوتا تھا ؛ داروغہ کلیسا ؛ محافظِ کلیسا ؛ گورکن۔

sextonship, n. محافظت کلیسا۔

sextuple, a., n. چھ گنا ؛ چھ حصوں پر مشتمل۔ (فعل لازم و متعدی) چھ گنا کرنا۔

sextuplet, sextolet, n. ایک قسم کے چھ ؛ بیک وقت ایک ماں سے پیدا ہونے والے چھ ہم جنم جُڑواں بچوں میں سے کوئی ایک۔ (موسیقی) وہ چھ برابر کے سُر جن کو چار سُروں کے مساوی وقت میں ادا کیا گیا ہو۔

sextuplicate, a. چھ جزی ؛ چھ نقلی ؛ چھ عُنصری ؛ ایک جیسے چھ اجزا یا عناصر والا ؛ ایسے کسی گروہ یا مجموعے میں چھٹا۔ (اسم) چھ بالکل ایک جیسی چیزوں میں سے کوئی ایک۔ (فعل متعدی) چھ(نقلیں) بنانا۔

sextuplicately, adv. چھٹے نمبر پر۔

sextuplication, n. شش/چھ نقل کاری ؛ چھ کاری۔

گول، لمبوترا، پیازی مائل گلابی سا پھل کھایا جاتا ہے اور گرگل (گریپ فروٹ) سے زیادہ ملتا جُلتا ہے، مشرقِ بعید کے حاری اور نیم حاری خطوں میں عام ہوتا ہے۔

shade, n. سایہ؛ تاریکی سی؛ دھندلائی ہوئی جگہ؛ دھندلاہٹ یا نیم تاریکی کی وہ جگہ یا حالت جو دھوپ یا کسی دوسری روشنی کو روکنے سے پیدا ہو؛ کوئی چیز جو روشنی کو روکے (جیسے: window shade)؛ سائبان؛ لیمپ کی روشنی کو براہِ راست آنکھوں پر پڑنے سے روکنے والی آڑ یا ڈھال؛ دھوپ روک جو آنکھوں کو چمک یا دھوپ سے بچانے کے لیے لگائی جاتی ہے؛ تصویر کا سیاہ یا زیادہ سیاہ حصہ؛ روشنی یا رنگ کی تدریجی کیفیت؛ خفیف یا بہ مشکل نظر آنے والا فرق یا مقدار (جیسے: a shade of difference)؛ بھوت؛ بد روح۔ (جمع) بھوتوں کا مسکن؛ عالمِ برزخ؛ جھٹپٹا؛ مکرچاندنی؛ تاریکی کی فزوں کاری۔ (جمع، عوامی) دھوپ عینک۔ (فعل متعدی) سایہ یا تاریکی پیدا کرنا؛ روشنی یا چمک سے بچاؤ کرنا؛ نگاہوں سے اوجھل کر دینا؛ کہیں چھپا دینا؛ دھندلا دینا؛ کوئی چیز پنسل یا رنگوں سے بناتے ہوئے کسی حصے کو لکیریں ڈال کر سیاہ سا بنا دینا۔ (فعل لازم) رنگوں میں کمی بیشی کرتے ہوئے کچھ بنانا۔

shadeless, a. بے سایہ، بلا آڑ۔

shading, n. ہاتھ سے بنائی جانے والی کسی چیز میں روشنی اور سایے کا تاثر؛ مبہم اور غیر واضح سا امتیاز یا تفاوت؛ سایہ۔

shadow, n. پرچھائیں؛ ظل؛ سایہ؛ روشنی کے انقطاع سے زمین پر پڑنے والا ایک رخی خاکہ؛ وہ جگہ جہاں روشنی کے راستے میں رکاوٹ حائل ہو؛ نیم تاریکی؛ دھندلاہٹ؛ پناہ؛ اوٹ، بچاؤ یا محافظت جو کسی چیز سے کی گئی ہو؛ خفیف سا اشارہ، کھوج یا پہلو (جیسے: a shadow of doubt)؛ تصویر کا تاریک رُخ؛ کوئی شے جو بے حقیقت ہو لیکن بظاہر حقیقی لگے؛ بھوت؛ غول؛ نامکمل اور دھندلی سی کسی کی جھلک یا نمود؛ سدا ساتھ رہنے والا یا ساتھ دینے والا یا ہم زاد؛ پس ماندہ آثار (جیسے: a shadow of his former self)؛ ناخوشگواری کا دور؛ خطرناک وعدہ یا دھمکی؛ سر پر منڈلانے والا بھوت۔ (جمع) دھندلکا۔ (فعل متعدی) روشنی میں حائل ہونا؛ بادل کی طرح آگے آ جانا؛ سایہ کرنا؛ تاریک کر دینا؛ اُداسی پھیلا دینا؛ دھندلا دینا؛ پناہ دینا؛ خطرے سے بچا لینا؛ رنگوں میں تدریجی تغیر پیدا کرتے ہوئے روشنی کم کرتے جانا؛ نامکمل طور سے یا نیم دلی سے پیش کرنا؛ جاسوس کی طرح تعاقب میں رہنا؛ پیچھے پیچھے ساتھ جانا۔

shadower, n. سایہ انداز؛ عکس بردار۔

shadowless, a. بلا سایہ؛ بن پرچھائیں۔

shadowlike, a. سائے کی طرح؛ ہم زاد کے مانند۔

shadow box, n. لکڑی کا ایک نمایشی ڈبہ جس کے سامنے کی جانب شیشہ لگا ہوتا ہے، اس میں عام طور پر نمایش کے لیے ایسی اشیا رکھی جاتی ہیں جو کسی فن کی مظہر ہوتی ہیں یا پھر ذاتی قیمتی چیزیں (خصوصاً وہ جو چھوٹی چھوٹی سہ ابعادی اور نازک سی ہوتی ہیں)۔

shadowbox, v.t. مُکہ بازی کی مشق کرتے ہوئے کسی کو فرضی مخالف جان کر مُکے برسانا۔

shadowboxer, n. تمثیلی یا نقلی مُکہ باز۔

shadowboxing, n. تمثیلی یا نقلی مُکے بازی۔

sexual, a. جنسی؛ متعلق بہ جنس؛ جنسی خواہش یا جنسی حوالہ لیے ہوئے۔ (حیاتیات) تولید کا وہ رویہ جس میں نر اور مادے کا جفت ہونا ضروری ہوتا ہے۔

sexually, adv. جنسی یا شہوانی طور پر۔

sexuality, n. شہوانیت؛ جنسی کشش۔

sexual intercourse, n. مجامعت؛ مرد عورت کا باہمی جنسی تمتّع؛ مرد کے عضو تناسل کا عورت کی فرج میں دخول۔

sexy, a. شہوتی؛ شہوانی؛ شہوت انگیز؛ جنسی۔

sexiness, n. شہوت۔

sferics, spherics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ایک برقیاتی آلہ جو فضائی برقی تغیرات کا اندازہ لگا لیتا ہے اور اس کی مدد سے طوفانوں کے بارے میں پیش گوئی کی جا سکتی ہے۔

sforzando, forzando, sforzato, a., adv. (موسیقی) زور سے یا زور دے کر؛ سازندے کو یہ اشارہ کہ زور کے ساتھ یا دباؤ ڈال کر ساز بجایا جائے۔ (اسم) وہ تار جسے اس انداز سے چھیڑا جائے؛ وہ سُر جو اس طرح چھیڑا گیا ہو۔

sgraffito, n. کسی سفالی برتن وغیرہ کی بالائی سطح کو گودنے یا کُھرچنے سے نچلی تہ کے رنگ کے ساتھ تقابلی ڈیزائن بنانے کا فن؛ اس انداز سے بنایا گیا برتن؛ سفالی نقش کاری۔

sh, interj. بش؛ خاموش کرانے کے لیے نکالی گئی آواز۔

shabby, a. گھسا ہوا جیسے کپڑا؛ تار تار؛ خستہ حال اور پھٹے پرانے کپڑوں میں؛ کمینہ؛ حقیر؛ قابلِ نفرت؛ ادنیٰ؛ گھٹیا یا پھوہڑ پن کا۔

shabbily, adv. حقارت سے۔

shabbiness, n. خستہ حالی۔

shack, n. کھپریل؛ جھونپڑی یا کوئی یونہی بنی ہوئی کُٹیا۔ (ریلوے، عوامی) کانٹے والا۔

shack up, (عوامی) مجامعت کرنا؛ ناجائز جنسی تعلقات قائم کرنا۔

shackle, n. زنجیر؛ ہتھ کڑی؛ کوئی رکاوٹ جو ہاتھ پاؤں کو جکڑ ڈالے؛ بندھن۔ (عموماً جمع) وہ جو آزاد فکر و عمل کی راہ میں رکاوٹ کھڑی یا مزاحمت کرے؛ تالے کی نعل کی شکل کی وہ کڑی جو ایک سرے پر چول میں لگی ہوتی ہے، یہ باہر آجاتی ہے تاکہ تالے کے اندر دوسرے چھوٹے کھٹکے کو سرکنے کا موقع مل جائے پھر یہ اپنی جگہ واپس آکر آنکڑے میں پھنس کر تالا بند کر دیتی ہے؛ بندھن یا بند، آنکڑا یا نعل کی شکل کا کندا۔ (فعل متعدی) جکڑنا؛ زنجیر ڈالنا، ہتھ کڑی لگانا؛ فکر اور عمل کی آزادی سلب کر لینا؛ تالہ لگا دینا۔

shackler, n. جکڑنے والا۔

shad, n. شیڈمچھلی؛ ہیرنگ کی طرح کی لیکن اس سے زیادہ لذیذ مچھلی جو شمالی اوقیانوسی ساحل پر پائی جاتی ہے۔

shadberry, n. شیڈ جھاڑی کا پھل۔

shadbush, Juneberry, saskatoon, service tree, service berry, shadblow, n. شیڈ جھاڑی؛ شمالی امریکا کی گلاب کی جنس کی ایک جھاڑی جسے سجاوٹ کے طور پر اور تجارتی پیمانے پر بھی لگایا جاتا ہے، چونکہ یہ اُنھی ایام میں پھولتی پھلتی ہے جن دنوں دریاؤں میں شیڈ مچھلی کا زور ہوتا ہے، اس لیے یوں موسوم ہوئی۔

shaddock, pomelo, n. چکوترا؛ لیموں جنس کا ایک درخت جس کا

ایک قسم کا اخروٹ (کاغذی اخروٹ) یا اس کا درخت ؛ اخروٹ کی لکڑی (اپنی کُھردری سی چھال کے باعث یوں موسوم ہوا)۔

shaggy, shagged, a. اُلجھا ہوا ؛ گچھا ؛ بے ترتیب سا گُچھم گُچھا ڈھیر ؛ لمبی ناتراشیدہ پشم والا یا اس سے ڈھکا ہوا ؛ لمبی ناہموار سی بُر والا ؛ ناتراشیدہ ؛ کنگھی نہ کیا ہوا ؛ گنجان ۔

shaggily, adv. بے ترتیبی سے ۔

shagginess, n. بے ترتیبی ؛ الجھاؤ ۔

shaggy dog story, n. اناپ شناپ ؛ ایک اناپ شناپ سا مذاق جس کی مزاحیہ سطر واہیات حد تک بے محل ہوتی ہے ۔

shaggy-mane, n. ایک قسم کی خوردنی کھمبی جس کی چھتری لمبوتری سی سفید اور اُلجھی ہوئی ہوتی ہے ۔

shagreen, n. کُھردرا ؛ نہ کمایا ہوا ؛ کچا یا غیر دباغت شدہ ؛ ناہموار سی سطح والا چمڑا ؛ بعض مچھلیوں کی کُھردری سی کھال جسے صیقل کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

Shah, n. [فارسی ، اردو] شاہ ؛ بادشاہ ۔

Shaitan, n. [عربی، فارسی ، اردو] شیطان ؛ ابلیس ؛ جن ؛ خبیث ؛ مردُود ؛ سرکش ؛ مفسد ؛ مکار ؛ فریبی ؛ حیلہ گر ۔ (چھوٹے s سے) بدخصائل انسان ۔

shake, v.i. جھٹکے سے ہلنا ؛ جھولنا ؛ مختلف سمتوں میں حرکت آشنا ہونا ؛ لرزنا ؛ کسی بدنی یا ذہنی سبب یا چوٹ سے کانپنا ؛ تھرتھرانا ؛ جھٹکا کھانا ، زور زور سے جھٹکنے پر ردعمل کا اظہار کرنا (بعد میں from, out, off یا down لگاتے ہیں ، جیسے: wrinkles that shake out) ، لڑکھڑانا ؛ رعشہ بر اندام ہونا ؛ مصافحہ کرنا ۔ (موسیقی) سُر چھیڑنا ۔ (فعل متعدی) ہلانا ؛ جُھلانا ؛ تھرتھرانا ؛ لہرانا (تلوار وغیرہ کو) جیسے دھمکی یا جھڑکی کی صورت میں ؛ جھٹکانا (جھٹکنا) ؛ کسی بیٹھی ہوئی چیز کو اُسی حالت میں نہ رہنے دینا ؛ کسی عمل یا ردعمل کے اظہار کی خاطر جھپٹا مارنا یا چھینا جھپٹی کرنا ؛ بے چین کرنا، مضطرب کرنا، درہم برہم کرنا یا ہنگامہ کرنا ؛ ڈگمگا دینا ، چکر کھلانا یا لڑکھڑا دینا ؛ لرزا یا کپکپا دینا ؛ اکھاڑنا ؛ بے جگہ کرنا یا کسی جگہ سے ہٹا دینا (جیسے: to shake salt) ؛ جھٹک دینا ، دور کرنا (جیسے: to shake a fear) ۔ (موسیقی) کھنک کی آواز پیدا کرنا ۔ (اسم) بالائی فعل کی تمام اسمیہ حالتیں ؛ لرزش ؛ کپکپاہٹ ؛ جھٹکا ؛ مصافحہ ؛ تھرتھراہٹ ؛ زلزلہ ؛ وہ چیز جو لرزنے سے پیدا ہو جیسے شگاف یا دراڑ ؛ ملک شیک ۔ (جمع) بخار وغیرہ سے پیدا ہونے والی کپکپاہٹیں (پہلے عموماً the لگاتے ہیں) ۔ (موسیقی) جھنجھناہٹ ۔ (نجّاری) لکڑی کا ایک موٹا اور بھدا کھپرا ۔ (جوہری طبیعیات) ۰۰۰۰۰۰۰۰۱ حصہ سیکنڈ (دس کروڑواں حصہ) ۔ (کھیل) پانسے کی ہلاوٹ اور پھینک ۔ (عوامی) جھٹ پٹ ؛ بہت جلدی سے (جیسے: to be done in a shake) ؛ طُرفۃ العین ؛ نصیب ؛ موقع یا بانٹ (تاش کے پتوں کی ، جیسے : a fair shake) ۔

no great shakes, (عوامی) غیر معمولی قابلیت ، شوق انگیزی یا غیر دلچسپ ۔

shake a leg, (عوامی) تیز قدم اٹھانا یا جلدی کرنا ۔

shakeable, shakable, n. لرزش پذیر ؛ ہلنے ، جھولنے ، تھرتھرانے یا لرزنے والا ۔

shadow cabinet, n. فرضی کابینہ ؛ اقتدار سے باہر کسی سیاسی پارٹی کے وہ سرکردہ افراد جن کے بارے میں توقع ہو کہ انتخاب جیتنے کے بعد ان کو کابینہ میں شامل کیا جائے گا ، ظلّی کابینہ ۔

shadowgraph, n. ظلّی تصویر ؛ روشنی کے مقابل کسی چیز کے آ جانے سے اس چیز کی دوسری جانب پڑنے / بننے والی تصویر یا عکس ؛ ریڈیوگراف ؛ ایسے عکسوں سے ترتیب دیا گیا سلسلے وار ڈرامہ ؛ ظلّی ڈراما ۔ نیز : shadow play ۔

shadowgraphic, a. ظلّی تصویری ؛ سائے والی(تصویر یا عکس)۔

shadowgraphist, n. ظلّی تصاویر بنانے والا ؛ ظلّی مصور ۔

shadowgraphy, n. ظلی تصویر کشی/ظلّی مصوری ۔

shadowy, a. سایہ یا عکس والا ؛ سایہ دار ؛ عکس دار (عکسی) ؛ سایہ افگن ؛ غیر حقیقی ؛ وہمی ؛ دھندلا دھندلا نظر آنے والا ؛ مدھم ؛ مبہم ۔

shady, a. سایہ دار ، سایہ انداز ؛ سایہ ساز ؛ دھوپ اور گرمی سے بچا ہوا (بچایا ہوا) ۔ (عوامی) رسوا ؛ بدنام ۔

shadily, adv. رسوائی سے ، بدنامی سے ۔

shadiness, n. سایہ داری ۔

shaft, n. پھل تیر ؛ ڈھرا ؛ برچھے اورتیر کا لمبا اور تنگ سا دستہ ؛ تیر ؛ برچھی ؛ کوئی چُبھتی ہوئی بات ؛ کرن ؛ کسی آلے یا ہتھیار کا لمبا دستہ ؛ تانگے وغیرہ کی بم جوڑی میں سے ایک (جن کے اندر گھوڑے ، بیل وغیرہ کو جوتا جاتا ہے) ؛ کسی شے کا عمودی حصّہ ، درخت کا تنا ، شمع دان کی سیدھی ٹیک ؛ پرچم کے لیے لمبی چوب ؛ ساقۂ پر ؛ صلیب کی عمودی لکڑی ۔ (تشریح الاعضا) ہڈی کا درمیانی لمبوترا حصہ ۔ (میکانیات) ڈھرا جو گھومتے ہوئے انجن کی طاقت منتقل کرتا ہے ۔ (فن تعمیر) چھوٹاستون ؛ بنیاد اور راس کے درمیان کا ستونی حصہ یا مسلّہ یا عمود ؛ یادگاری ستون ، مینار یا کوئی مخروطی شے ۔ (پارچہ بافی) کھڈی کے تانے کی دونوں جانب کی لمبی لٹیں ۔ (فعل متعدی) بلّی یا بم لگانا یا اس سے دھکیلنا ۔

get the shaft, (عوامی) فریب کھا جانا ؛ نازیبا سلوک کیا جانا ۔

shaft, n. کان یا معدن تک جانے کی سرنگ ؛ روشن دان ؛ بادکش ؛ کسی عمارت میں منزلوں کے درمیان میں سے گزرنے والا راستہ ۔

shafting, n. (مشین) ان ڈُھروں کا وہ نظام جن کے ذریعے قوت منتقل کی جاتی ہے ؛ ڈُھرے بنانے میں کام آنے والا مواد ۔

shag, n. کُچھا یا لچھا ؛ گچھم گچھا بال ، اُون وغیرہ یا ان کی تود ؛ کپڑے کی لمبی یا ناہموار سی بُر ؛ بہت بُر والا کپڑا ؛ نباتات کی ناہموار نمو؛ معمولی قسم کے تمباکو کی پتلی پتلی کترنیں ۔ (طیوریات) کالے چمکدار پروں والا ایک پُر خور پرندہ ۔ (فعل لازم و متعدی) گچھا بنانا/ گچھا بننا یا نظر آنا نیز : صفت ۔

shagged, shaglike, a. گچھا ؛ کُھردرا ؛ ناہموار ۔

shag, v.t. پیچھا کرنا ؛ کھوج لگا لینا اور لے آنا ۔ (بیس بال) بلا بازی کی مشق میں گیندوں کو پکڑ لینا ۔

shag, n. متبادل پاؤں پر زور دار ٹپے لگا کر کیا جانے والا رقص ۔ (فعل لازم) اس قسم کا رقص کرنا ۔

shagbark, shell-bark, shagbark-hickory, n. کھردرا اخروٹ ؛

shake down, v.t. جھاڑنا یا ہلا کر نیچے گرانا (جیسے: to shake down nuts from a tree) ؛ ہلا کر تہ میں بیٹھ جانے دینا ؛ بہترین کارکردگی کی حالت یا صورت میں لانا یا لے آنا (جیسے : to shake down a naval cruiser by a first voyage) ۔ (عوامی) جبراً کسی سے کوئی رقم بٹورنا ؛ استحصال بالجبر کرنا ؛ ناجائز اشیا کی تلاشی لینا ۔

shakedown, n. (عوامی) بٹور ؛ ہتھیاؤ ؛ مکمل تلاشی ؛ جبراً کسی سے رقم ہتھیانے کا عمل بالخصوص ناجائز اور غیر قانونی طور پر ؛ استحصال بالجبر ؛ پیال یا کمبل سے بنایا ہوا یا کوئی اور بستر جو زمین پر پھیلا دیا گیا ہو ؛ عارضی بستر کا کام دینے والی کوئی چیز ؛ جھاڑنے کا عمل ؛ بہترین کارکردگی کی حالت میں لانے کا عمل (جیسے :to give a naval vessel a shakedown by a voyage which permits a trial of the engines and armaments in use) ۔ (صفت) ہلایا ہوا ؛ جھاڑا ہوا ۔

shakeout, n. مندا یا طلب میں تخفیف کے باعث یا بہتر مصنوعات کے بازار میں آ جانے کے سبب بعض کمپنیوں یا مصنوعات کی موقوفی ؛ اسٹاک مارکیٹ یا سٹہ بازار میں بعض تمسکات کی قیمت میں ایک دم تیز فروخت کے باعث کمی ۔

shaker, n. ہلانے والا/والی ؛ چھوٹے چھوٹے سوراخوں والی چیز دانی جس میں گرم مسالا وغیرہ رکھا ہوتا ہے اور اسے جھٹک کر ، ہلا کر وہ مسالا کسی کھانے والی شے پر چھڑکا جاتا ہے ؛ نمک دانی ، مصالحہ دانی ، چھڑکنی ؛ کوئی برتن جس میں مختلف اجزا کو (خصوص سیال حالت میں) ہلاکر باہم ملایا جاتا ہے ۔ (بڑے S سے) ظہوری ؛ ظہور ثانی کے قائل ان عیسائیوں کا متحدہ فرقہ جو حضرت عیسیٰ کے ظہور ثانی پر یقین رکھتا ہے ، یہ لوگ تجرد کا پرچار کرتے ہیں ، سادہ زندگی بسر کرنے کی تلقین کرتے ہیں اور گروہی زندگی بسر کرتے ہیں ، ایک قسم کی بدنی حرکات اور لرزہ براندامیوں کے باعث یوں موسوم ہوئے (جو کبھی ان میں مروج تھیں) ۔

Shakerism, n. شیکری فرقہ ؛ ظہور ثانی کا عقیدہ ۔

Shakespearean, a., n. [انگستان کے معروف ڈرامہ نگار اور شاعر شیکسپیر (۱۵۶۴ء ۔ ۱۶۱۶ء) کی نسبت سے] شیکسپیر شناس ؛ شیکسپیر کی نگارشات کا خصوصی مطالعہ کرنے والا ۔

Shakespearean sonnet, n. انگریزی سانیٹ ۔

shake up, v.t. اجزا کو زور زور سے ہلانا یا ملانا ؛ ڈھیلا کرنا ؛ غیر متوقع اور اچانک تبدیلیوں ، برطرفیوں یا باز ترتیبوں سے کسی کاروبار ، ادارے یا محکمے کو زیر و زبر دینا ؛ جسمانی یا جذباتی طور پر ہلا دینا (جیسے :to be shaken up in foot ball) ۔

shake-up, n. کسی کاروبار یا ادارے کو تہ و بالا کر دینے والی تبدیلی یا تنظیم نو ۔

shaking palsy, Parkinson's disease, n. رعشہ براندامی ؛ جھولنے کی بیماری ؛ رعشہ ۔

shako, n. ایک قسم کی مخروطی سی فوجی ٹوپی جس کے سامنے چھجا ہوتا ہے ۔

shaky, a. متزلزل ؛ لرزاں ؛ جُنباں ؛ کپکپاتی ہوئی(آواز) ؛ گرتی ہوئی جیسے کوئی عمارت ؛ کمزور ، نحیف و نزار یا غیر تندرست ؛ غیر محفوظ یا ناقابل اعتماد ؛ متذبذب یا ڈھلمل یقین یعنی جس کی وفاداری یا وابستگی مشکوک ہو ؛ (خام اعتقاد) کسی موضوع کی پر وثوق معلومات سے خالی ۔

shakily, adv. کانپتے یا کپکپاتے ہوئے ؛ مذبذب طور پر ۔

shakiness, n. لرزش ؛ تذبذب ؛ خام اعتقادی ۔

shale, n. ایک قسم کی چٹان جو پرت پرت سی ہوتی ہے اور باریک دانے کی مٹی کے تہ نشین اجزا کی ہم بستگی سے ترکیب پاتی ہے لیکن بعد میں تبدیلیٔ ہیئت سے سلیٹ بن سکتی ہے ۔

shale oil, n. خام حالت کا ایک معدنی تیل جو شیل چٹان سے حاصل ہوتا ہے ، جو کولتاری ہوتی ہے ۔

shall, aux. v. مستقبل یا فردا کا حوالہ پیدا کرنے والا معاونِ فعل جو ضمیر متکلم کے ساتھ کیفیت وقوع و ظہورِ عام کو ظاہر کرتا ہے (جیسے:we shall ask the waiter ، اس میں محض پوچھنے کا حوالہ ہے) ؛ ضمیرحاضر اور غائب میں اس کے اندر ایک زور ، ایک ارادہ پیدا ہو جاتا ہے (جیسے : then you shall succeed) ؛ وعدے یا پاس عہد کے لیے بھی لاتے ہیں (جیسے:we shall not fail you) ؛ ذمہ داری یا حکم کے لیے (جیسے:then said proprietor shall obtain a license) ؛ غیر مفر یا ناگزیری کے لیے (جیسے : since each shall meet his destiny) ؛ اشارہ طلبی لیکن صرف استفہامی حالت میں(جیسے : shall I pick him up?) ۔

shalloon, n. شیلون ؛ شنون ؛ استر کے کام آنے والا ہلکا اونی کپڑا ۔

shallop, n. سترھویں اور اٹھار ویں صدی میں مروج ایک قسم کا جہاز ؛ اس کے ایک یا دو ستول ہوتے تھے ، بالخصوص اس قسم کا جہاز جس کے دو مستول اور چوکور بادبان ہوتا تھا ؛ اُتھلے پانیوں میں چلائی جانے والی ہلکی سی کشتی (ماہی گیری کے لیے) ۔

shallot, n. عسقلان ؛ خاندانِ سوسن کا ایک پودا جس کی ڈوڈیاں بھینی سی خوشبو لیے ہوتی ہیں اور اسی لیے اسے پکوان اور چٹنی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

shallow, a. اتھلا ؛ کم عمیق ؛ پایاب ؛ کم گہرا (برتن یا پانی) ؛ سوچ ، علم یا احساس کے حوالے سے سطحی ؛ تصور ، مشاہدے ، ادراک یا جذبات میں گہرائی کی کمی ۔ (اسم) (عموماً جمع) پانی کا کم گہرا حصہ ۔ (فعل متعدی و لازم) اُتھلا یا پایاب ہونا یا بنانا ؛ اتھلانا ؛ گہرائی کم کرنا یا ہو جانا ۔

shallowly, adv. اوپرے انداز سے ۔

shallowness, n. پایابی ۔

shalom, interj. [عبرانی] سلام ؛ امْن (ملنے یا جدا ہوتے وقت بولا جانے والا عبرانی لفظ) ۔

shalom aleichem, [عبرانی] سلامٌ علیکم کی عبرانی صورت ۔

shalt. aux.v. (قدیم شاعری) shall کی متروک واحد حاضر کی صورت ۔

sham, n. بناوٹی ؛ نقلی ؛ جھول ؛ کوئی چیز جو وہ نہیں ہے جس کا وہ ادعا کرتی ہے ؛ کسی چیز کو مختلف ظاہری صورت دینے کے لیے غلاف کی پوشش جیسے (a pillow sham) ؛ جعل ساز ؛ جعلی ؛ جُل یا فریب ۔ (قدیم) (صفت) جعلی ؛ جُھوٹ مُوٹ کا ؛ مصنوعی ۔ (فعل متعدی) اصل کی طرح کی کوئی چیز بنانا (دوسروں کو دھوکا دینے کے لیے) ؛ رُوپ

دھار لینا ؛ بھیس بدلنا ؛ جھوٹ موٹ ظاہر کرنا (جیسے :to sham illness) ۔ (فعل لازم) جھوٹا عذر کرنا ؛ اپنے آپ کو وہ ظاہر کرنا جو حقیقت میں نہ ہو۔

shaman, n. شمن ؛ شمالی ایشیا اورشمال مغربی شمالی امریکا کے بعض قبائل میں وہ پادری یا کاہن جو بد روحوں کے اثرات کو دور کرنے کا یا ان کو قبضے میں رکھنے کا ادعا کرتا ہے ؛ سنیاسی ؛ عطائی ۔

shamanism, n. شمن پرستی ؛ شمالی ایشیائی اور شمالی امریکی انڈین کا قدیم مذہب جس میں بد روحوں کو قبضے میں رکھنے کا عقیدہ شامل ہے جو صرف شمن کر سکتا ہے ؛ اس قسم کا کوئی مذہب بشمول شمالی امریکی انڈین کا مذہب ؛ شمنی مذہب ۔

shamanist, n., a. شمن پرست ۔

shamanistic, a. شمنیتی ۔

shamble, v.i. اکھڑے اکھڑے طریقے سے چلنا ؛ لڑکھڑاتے ہوئے جانا، بوجھل پاؤں سے چلنا (بدقت قدم اٹھاتے ہوئے جانا) ۔ (اسم) اُفتاں و خیزاں چال ۔

shambles, n. (جمع) مذبح ؛ بوچڑ خانہ ؛ مسلخ ؛ کمیلا ؛ قتل گاہ یا قتل کا منظر ؛ ابتری یا غارت گری کا سا سماں یا حالت ۔ (برطانوی بولی) گوشت منڈی ؛ گوشت کی دکان (بصورت واحد) ۔

shame, n. شرم ؛ شرمندگی ؛ شرمساری ؛ ندامت ؛ خجالت ؛ رسوائی یا وجہ رسوائی ؛ اس احساس سے پیدا ہونے والی تکلیف دہ صورت کہ کوئی غیر شریفانہ ، غیر مناسب ، غیرمعقول قسم کی حرکت خود اس سے سرزد ہوتی ہے یا دوسرے سے یا ایسی صورت جو شرافت ، عزت نفس یا فخر و مباہات کے منافی ہو (جیسے : to blush with shame) ؛ اس جذبے سے تہی دامنی (جیسے: to be without shame) ؛ ذلت ، بے آبروئی یا رسوائی (جیسے: to bring shame upon one's family) ؛ ایسی حقیقت یا صورت حال جو ذلت یا بدنامی کا باعث ہو یا جس پر افسوس یا تاسف کا اظہار کیا جائے (جیسے : It is a shame that you can't come) ۔ (فعل متعدی) (جیسے : His action sunder the circumstances shamed us all) ؛شرمندہ کرنا ، شرم دلانا ؛ شرم دلا کر کسی کام پر مجبور کر دینا (جیسے: He shamed the child into silence) ؛ بہت بدنامی و ملامت کرنا، بے عزتی کرنا ؛ توہین کرنا ؛ پانی پانی کر دینا ۔

for shame, شرم کرو ؛ شرم آنی چاہیے ۔

put to shame, کسی کو خفیف کرنا، کسی کو ماند یا مات کر دینا (جیسے: Her cooking skills put mine to shame) ۔

shame faced, a. شرمسارانہ ؛ نادم ؛ شرم آگیں (جیسے: shamefaced apologies) ۔

shamefacedly, adv. شرمساری سے ۔

shamefacedness, n. شرمساری ۔

shameful, a. شرمناک ؛ وجہ شرم ؛ وجہ رسوائی ۔

shamfully, adv. شرمناک طور پر۔

shamfulness, n. شرمناکی ؛ ذلت ۔

shammer, n. نقال ؛ جھوٹ موٹ کرنے والا ۔

shammes, shames, shammas, shammash, shammos, n. (صیہونیت) شمس یا یہودیوں میں وہ ہفت شاخی قندیل جس سے دیگر قندیلیں جلائی جاتی ہیں؛ وہ شخص جس کے فرائض یہودی عبادت گاہ/ کنیسے میں اسی نوعیت کے ہوتے ہیں جس نوعیت کے گرجے میں سیکسٹن کے ہوتے ہیں ؛ شمّاس ۔

shammy, n. ایک قسم کا نرم سا چمڑا ۔ دیکھیے : Chamois ۔

shampoo, v.t. [اردو ، ہندی : چاپی یا چمپی کرنا بمعنی مالش کرنا] شیمپو کرنا ؛ بالوں اور سر کو کسی مخصوص محلول کے ساتھ دھونا ؛ قالین کو کسی مخصوص شے سے دھونا ؛ مالش کرنا ۔ (اسم) شیمپو ؛ شیمپو کے طور پر برتا جانے والا محلول یا اسے برتنے کا عمل ۔ (جمع) وہ جگہ جو شیمپو کاری کے لیے استعمال کی جاتی ہے ۔

shampooer, n. شیمپو کرنے والا ۔

shamrock, n. نوع نَفَل ؛ حند قوق ؛ ایک تپتیا (سہ برگہ) پودا ، اس کے پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں اور یہ آئرلینڈ کا قومی نشان سمجھا جاتا ہے ،اس کی ایک قسم کے پھول سفید بھی ہوتے ہیں اور نیم گلابی بھی ۔

shamus, n. (عوامی) پولیس کا سپاہی ؛ سپاہی ؛ غیر اجرتی کھوجی ۔

shandrydan, n. ہلکا دو پہیہ چھکڑا وغیرہ ؛ پُرانی وضع کا کھٹارا ۔

shandygaff, n. مخلوط سامشروب (بیئراور جنجر یعنی سونٹھ بیئر کا آمیزہ) ۔

shanghai, v.t. کسی کو کچھ پلا کر بے ہوش کرنے کے بعد جہاز پر سوار کر لینا اور اس سے جہازرانی میں مددلینا ؛ جبر یا دھوکے سے کوئی چکر چلا لینا ۔

Shangri-la, n. [جیمز ہلٹن کے ناول Lost Horizon میں ایک مقام] شنگریلا ؛ جنت ارضی ؛ کوئی سی مثالی پناہ گاہ ؛ فردوس بر روئے زمین ۔

shank, n. (تشریح الاعضا) ساق ؛ پنڈلی (انسانوں اور حیوانوں کی) ؛ جانور میں اِس جگہ کے گوشت کا ٹکڑا ؛ پاؤں جیسی یا تنے جیسی شکل کا کوئی پُرزہ یا حصہ ، جیسے گالف کا ڈنڈا یا تمباکو کا پائپ ؛ پن ؛ میخ ؛ لنگر ، مچھلی پکڑنے کے کانٹے کی ساق ؛ دستے کے ساتھ کسی اوزار کا رابطہ قائم کرنے والی کوئی لمبی سی شے ؛ جُوتے کا پنجے اور ایڑی کے درمیان کا تنگ سا حصہ ؛ چھاپے کے حرف کا جسم ؛ بٹن کو کپڑے کے ساتھ ڈھیلا رکھنے والا حلقہ یا پھندا ۔ (بول چال) کسی شے کا آخری یا بہترین حصہ (جیسے: the shank of the evening) ۔

shank piece, n. جوتے کے تلوے کے خم کو سہارا دینے والی کوئی چوبی یا دھاتی شے ۔

shan't, (بول چال) shall not کا مخفف ۔

shantey, n. دیکھیے: Chantey ۔

shantung, n. شنٹونگی ؛ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ؛ اعلیٰ درجے کا چینی سلک ؛ اسی قسم کا سوتی یا ریانی کپڑا ۔

shanty, n. کُٹیا ؛ جھونپڑی ؛ سرچھپائی ؛ چھپر؛ معمولی قسم کی بنی ہوئی جھونپڑی ، کیبن یا گھر جو عموماً لکڑی کاٹنے والے علاقوں یا سرحدی اضلاع میں بنا لیے جاتے ہیں ؛ معمولی یا بھدی سی بنی ہوئی کوئی عمارت ؛ جھگیاں ؛ کچی آبادی ۔ (صفت) کٹیا سا ؛ چھپر نما ؛ محروم الوسائل لوگوں کا تحقیری تذکرہ یا حوالہ (جیسے: shanty Irish) ؛ غریب غربا ۔

shanty town, n. جھونپڑیوں کا شہر؛ شہر کا وہ حصہ یا ایسا شہر جس میں زیادہ گھر کُٹیا نما ہوں ۔

shape, n. شکل ؛ ظاہری ڈیل ڈول ؛ صورت ؛ کسی چیز کی شکل و صورت ، ساخت یا نوعیت (جیسے: a present in the shape of money یا the shape danger takes) ؛ باقاعدہ ، صاف اور مناسب ترتیب یا صورت (جیسے: to put one's room into shape) ؛ حالت یا زندگی کی کیفیت خصوصاً بہتر حالت (جیسے: a man out of shape) ؛ انسانی جسم کی ہیئت بالخصوص عورتوں کی ؛ ہیولے (جیسے: shapes romping in the mish) ؛ جن یا بھوت ؛ تجسیم یا بھیس ؛ شکل دینے والی کوئی چیز جیسے سانچا ۔ (فن تعمیر) تعمیرات میں استعمال ہونے والا لوہے وغیرہ کا مختلف شکلوں کا سانچا ۔ (فعل متعدی) شکل دینا ، بنانا ؛ تشکیل کرنا (جیسے: to shape a government) ؛ ٹھیک کرنا ، اصلاح کرنا یا حلیے اور ناک نقشے کے مطابق بنانا (جیسے: to shape a head of hair) ؛ حسب حال تبدیلی کرنا ؛ کوئی واضح شکل دینا (جیسے: to shape the future) ؛ لفظوں میں ڈھالنا (جیسے: to shape a question) ؛ کچھ سے کچھ بنا دینا (جیسے: to shape men in to leaders) ۔ (فعل لازم) نمو پا کر کوئی خاص صورت ، وضع یا کردار اختیار کر جانا ؛ وقوع پذیر ہونا ۔

shapable, shapeable, a. قابل تشکیل؛ ہیئت پذیر ۔

shaped, a. نما ؛ صورت کا ؛ تشکیل یافتہ ۔

shaper, n. بنانے ،سنوارنے یا ڈھالنے والا ؛ تشکیل کنندہ ۔

shapeless, a. بے شکل ؛ بے وضع ؛ جس کی کوئی باقاعدہ اور معین شکل نہ ہو ؛ خوبصورتی اور نفاست کے بغیر ۔

shapelessly, adv. بے شکلی سے ۔

shapelessness, n. بے شکلی ۔

shapely, a. خوش وضع ؛ خوش شکل ۔

shapeliness, n. خوب صورتی ؛ خوش نمائی ۔

shapeup, n. مانجھیوں سے باری یا یومیہ اجرت پر کام لینے کا طریقہ ، جس میں یہ لوگ کنارے پر جمع ہو جاتے ہیں اور ان میں سے حسب ضرورت مانجھی یونین ایجنٹ کے توسط سے منتخب کر لیے جاتے ہیں ۔

shard, sherd, n. مٹی کے برتن کا ٹکڑا ؛ ٹھیکری ۔ (حیوانیات) سیپ یا کھپرا ۔ (حشریات) بعض بھونروں کا سیپ نما سخت بازوپوش ۔

share, n. حصہ ؛ بخرا ؛ سہام ؛ کسی مشترکہ چیز میں وہ جزو یا حصہ جو ایک فرد کو تفویض ہو یا ملے یا اس نے فراہم کیا ہو یا اس کی ملکیت میں ہو ؛ ایک مکمل یا پورا حصہ ؛ مشترک سرمائے کی کمپنیوں یا کارپوریشنوں کے سرمائے کا وہ حصہ جو برابر برابر حصوں میں تقسیم کیا گیا ہو ۔(فعل متعدی) حصوں کی صورت میں الگ الگ کرنا یا تقسیم کرنا ؛ حصّہ لے لینا؛حصہ رسدی دینا ؛ دوسروں کے دکھ سکھ میں شریک ہونا ۔ (فعل لازم) حصہ لینا ؛ شامل ہونا (بعد میں in لگاتے ہیں) ؛ حصہ الگ کرنا ۔

sharer, n. شریک ؛ سہیم ؛ بانٹنے یا تقسیم کرنے والا ۔

share, n. ہل پَھل ؛ پھالی ۔

sharecropper, n. بٹائی دار ؛ حصہ پر کسی کی زمین کاشت کرنے والا ؛ مزارع ۔

sharecrop, v.i., v.t. پٹے پر زمین کاشت کرنا ۔

shareholder, n. حصہ دار (کسی ادارے یا کاروبار میں دوسروں کے ساتھ شریک) ؛ اسٹاک یا تمسک بردار ۔

sharif, n. [عربی] سابق شریف مکہ ؛ سیّد ۔

sharifian, a. سیدوں کا سا ۔

shark, n. شارک (مچھلیوں کی ایک قسم) ؛ کلب البحر ، اس کی بعض قسمیں بہت ظالم اور ضرررساں ہوتی ہیں (انسان اور مچھلیوں دونوں کے لیے) ۔

sharklike n. شارک کی مانند؛ شارک نما ۔

shark, n. دوسروں کا سودخوری ، فریب کاری وغیرہ سے خون چُوسنے والا ۔ (عوامی) کسی خاص میدان کا مرد ۔ (فعل متعدی) دھوکے فریب سے حاصل کرنا ؛ چُرانا ۔ (فعل لازم) چالاکیوں سے وقت گزارنا ؛ لوٹ کھسوٹ پر بسراوقات کرنا ۔

sharkskin, n. شارک کی کھال کا چمڑا ؛ کوئی کپڑا جو بے بُر ہو ، گُتھا ہوا ہو ، سیدھی اُلٹی بنائی کا ہو اور اس کی بُنت صاف ، چکنی اور پائیدار ہو ۔

sharp, a. تیز دھار یا نوک والا ؛ کاٹنے یا بھونکنے کے لائق ؛ تیز ؛ دھاردار یا نوکیلا ؛ جو کند نہ ہو ؛ ایک دم یا دفعةً آنے والا موڑ یا ڈھلان ؛ تیکھے نقوش والا ؛ سخت اور پہلودار دانوں سے مرکب ، جیسے ریت ؛ واضح حدود والا یا باہمی فرق والا ؛ واضح جیسے تضاد ؛ جذبات کو بہت زیادہ متاثر کرنے والا ؛ چرپرے ذائقے والا ؛ ترش ؛ کسیلا ؛ کٹیلا ؛ کرخت یا دل دوز جیسے آواز ؛ نہایت سرد جیسے موسم ؛ شدید جیسے آرزو ؛ تیز تیز(جیسے : sharp walk or run) ؛ شدید پر درد یا اذیت بخش (جیسے : sharp pain) ؛ سخت دلخراش یا طعن آمیز (جیسے : sharp words) ؛ خوفناک یا خونی (لڑائی) (جیسے: sharp struggle) ؛ تیز (سماعت یا بصارت یا ادراک والا ، جیسے: sharp ears) ؛ کائیاں ، ہوشیار ، خواہشمند اور امیدوار ؛ تیز دماغ (جیسے : sharp lad) ؛ چالاک اور تیز (جیسے: sharp at making a bargain) ؛ بددیانتی کی حد تک تیز ۔ (موسیقی) معمول سے بہت اونچی سُر ؛ بم ۔ (عوامی) بانکا (جیسے: a sharp dresser) ۔ (صوتیات) وہ حرفِ صحیح جسے آواز کے ساتھ نہیں بلکہ تنفس کے ساتھ ادا کیا جاتا ہو ؛ مصمتہ ؛ مُختفی ۔ (فعل متعدی و لازم) (موسیقی) اُونچی سُر چھیڑنا یا چھڑنا (معمول یا اصل کے برعکس) ۔ (متعلق فعل) تیزی کے ساتھ ؛ شدت سے ؛ اچانک (جیسے: to pull a horse up) ؛ ناگہانی ؛ ٹھیک وقت پر یا پابندی وقت کے ساتھ (جیسے : at one'o clock sharp) ؛ جلدی سے یا جلدی جلدی ؛ بڑی توجہ کے ساتھ (جیسے : Look sharp) ۔ (موسیقی) معمول سے بلند سُر میں (جیسے : to sing sharp) ۔ (اسم) کوئی تیز یا نوکیلی شے ؛ تکلا ؛ سُوئی ؛ نوسر باز ۔ (بول چال) ماہر ۔ (موسیقی) ڈیڑھ گنا معمول سے اُونچا سُر ؛ اس کا اشاراتی نشان ۔

sharply, adv. تیزی یا جادی سے ۔

sharpness, n. تیزی ؛ جلدی؛شدت ۔

sharpen, v.t. تیز کرنا ؛ آرزو انگیزی کرنا ؛ چمکانا ؛ سان لگانا ۔ (فعل لازم) تیز ہو جانا ؛ چمک اٹھنا (بھوک وغیرہ کا) ۔

sharpener, n. تیز کرنے والا شخص یا آلہ ؛ سان ۔

sharper, sharpie, n. پتے باز ؛ فریبیا ؛ چالباز ؛ دھوکا باز ؛ مکرو فریب پر گزران کرنے والا (خصوصاً جوا بازی میں) ۔

sharp-eyed, a. تیز نگاہ ؛ نگہدار ۔

sharp-fanged, a. تیز دانتوں والا ۔ (مجازاً) کٹیلی بات کرنے والا ۔

sharp-freeze, v.t. تیزی سے جما دینا ۔

sharpie, sharpy, n. پُھرتیلی (ایک لمبی چپٹے پیندے والی کشتی جس سے کبھی نیوانگلینڈ میں ماہی گیری کی جاتی تھی ، اس کے ایک یا دو مستول اور تکونے بادبان ہوتے تھے ؛ دھوکا باز ۔ (عوامی) بہت کائیاں ؛ بانکا ؛ چھیل چھبیلا ؛ بھڑکیلے لباس والا ؛ انتہائی ذہین شخص ۔

sharp-nosed, a. تیکھی ناک والا ؛ تیز حس شامہ والا ؛ جس کا اگلا حصہ نوکیلا ہو (جیسے: a sharp-nosed racing car) ۔

sharp-set, a. غذا کے لیے بے تاب ؛ بہت بھوکا ؛گرسنہ ؛ بہت آرزو مند ؛ ایسی جگہ پر رکھا ہوا جہاں سے تیز دھار سی بنتی ہو یا عمودی زاویہ بنتا ہو ۔

sharp-setness, n. بھوک ؛گُرسنگی ؛آرزومندی ۔

sharpshooter, n. تیر بہدف ؛ پکا نشانے باز ۔ (عسکری) بندوق سے نشانہ بازی کی درجہ بندی جو عام نشانچی سے اوپر اور ماہر نشانہ باز سے نیچے ہو ؛ اس حد تک پہنچنے والا سپاہی ۔

sharpshooting, n. درست نشانہ بازی ۔

sharp-sighted, a. تیز نگاہ ؛ تیز دماغ ۔

sharp-sightedness, n. تیز نگاہی ۔

sharp-tongued, تیز زبان ، طعن وتشنیع کی زبان استعمال کرنے والا ۔

sharp-witted, a. زود فہم ؛ ذکی ۔

sharp-wittedly, adv. زودفہمی سے ۔

sharp-wittedness, n. زود فہمی ؛ ذکاوت ۔

shashlik, n. سیخ کباب ؛ شش کباب ؛ شیشلک ۔

shatter, v.t. ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ؛ پاش پاش کر دینا ؛ سخت نقصان پہنچانا ؛ بالکل تباہ کر دینا (مقدر ، مسرت ، زندگی) ؛ بُری طرح خراب کر دینا (صحت، اعصاب وغیرہ) ؛ روح کو کچل کر رکھ دینا ۔ (فعل لازم) ریزہ ریزہ ہو جانا (شیشے کی طرح) ؛ پاش پاش ہو جانا ؛ تباہ ہو جانا وغیرہ وغیرہ ۔ (اسم) صحت ، اعصاب ، دولت وغیرہ کی تباہ شدہ حالت ۔ (عموماً جمع) پاش پاش کرنے سے ہونے والے ریزے ۔

shatterproof, a. ناقابل انہدام ؛ جو ٹوٹ نہ سکے ؛ ایسے مادے سے تیار کردہ جو پاش پاش نہ ہو سکے (جیسے: shatterproof glass) ۔

shave, v.t. شیو کرنا ؛ اُسترے سے موتراشی کرنا؛ داڑھی بنانا ؛ کسی ایسے ہی تیز دھار آلے سے کسی لکڑی وغیرہ کی پاک تراشی کرنا ؛ تراشے بنا دینا ؛ باریک سا تراشا اتارنا ؛ جڑ تک چر جانا ۔ (بول چال) ہنڈی وغیرہ کو معمول یا قانونی نرخ سے کم پرخریدنا ۔ (اسم) شیو ؛ بال بال بچنے کا عمل ؛ لکڑی چھیل کر صاف کرنے کا آلہ ؛ رندہ ۔

shaveling, n. سرمنڈا ؛ قلندر ؛ وہ نوجوان جو ابھی ابھی سرمنڈوا کر راہب بنا ہو (بطور حقارت یہ لفظ بولا جاتا ہے) ؛ لونڈا ۔

shaver, n. شیو کرنے والا آلہ (شخص) ؛ اُسترا ؛ حجام ؛ نائی ؛ موتراش ۔ (بول چال) نوخیز ؛ نوعمر ۔

shavetail, n. (عوامی) نیا نیا کمیشن پانے والا سیکنڈ لیفٹیننٹ ؛ نوآموز خچر؛ ناتجربہ کار انسان ۔

Shavian, a. جارج برنارڈ شا کا یا اُن سے متعلق (جیسے: shavian humor) ۔ (اسم) برنارڈ شاہ کی شخصیت یا اس کی تخلیقات کا پرستار یا ماہر ؛ شاشناس ۔

shavie, چہل ؛ دل لگی ؛ عملی مذاق ؛ مذاق کی حرکت ۔

shaving, n. ڈاڑھی منڈوائی ؛ حجامت ؛ باریک سی پرت (کسی لکڑی وغیرہ سے کاٹی ہوئی) ۔

shaw, n. (بولی) جھاڑی بن ؛ بنی (جھاڑیوں کا جنگل)؛ غابہ ؛ گھن بیڑی ؛ جھنگی ۔

shaw, n. (برطانوی) شلغم ، آلو وغیرہ کا زمین کے اوپر اُگا ہوا حصہ ؛ ڈنٹھل ؛ پات وغیرہ ۔

shawl, n. [فارسی ، اُردو] شال ؛ دوشالہ ؛ مختلف بافتوں کا بنا ہوا ، لباس کا ایک جزو جو بالعموم چوکور یا لمبا ہوتا ہے ، جس کو عورتیں بطور چادر سر یا کندھوں پر ڈال لیتی ہیں ۔ (فعل متعدی) شال اوڑھنا ۔

shawm, n. قدیم ایام میں مروج ہوا باجا؛جو دو بنسریا ہوتا تھا ؛ بانسری کی ابتدائی شکل ۔

Shawnee, n. شمالی امریکا کے قدیم باشندوں میں سے ایک خانہ بدوش قبیلہ جو آج کل اوکلاہوما میں آباد ہے ؛ شانی ۔

shay, chay, n. (بولی) ایک قسم کی سیر گاڑی ۔ دیکھیے : chaise ۔

she, pron. [ضمیر فی واحد غائب (مؤنث)] وہ عورت یا لڑکی ؛ کوئی شے جو مؤنث بولی جاتی ہو (جیسے: she was a good ship) ؛ کوئی مؤنث انسان یا حیوان ، اکثر مرکب استعمال ہوتا ہے (جیسے : a she goat) ۔

shea butter, n. شی نام کے ایک افریقی درخت کے بیجوں سے حاصل ہونے والی سخت چربی ، افریقی اسے کھاتے بھی ہیں اور اس سے صابن اور موم بتیاں بھی بناتے ہیں ؛ شی چکنائی ؛ پیڑ مکھن ۔

sheaf, n. گندم وغیرہ کے بالوں کا کٹا ہوا گٹھا ؛ پولا یا پولی ؛ کاغذوں کا بندھا ہوا بنڈل یا گولہ ؛ تیروں بھرا ترکش ؛ گٹھے سے مشابہ کوئی شے ۔ (فعل متعدی) گٹھوں یا بنڈلوں میں باندھنا ؛ گٹھے بنانا ۔

sheaflike, a. گٹھے یا بنڈل کی شکل کا ۔

shear, v.t. مونڈنا ؛ کسی تیز دھار شے سے کاٹنا یا الگ کرنا ؛ اُون ، پشم یا بال کترنا جیسے بھیڑوں کے ؛ کاٹ کر دوسرے کو اس سے محروم کر دینا (بعد میں of لگاتے ہیں) ۔ (اسکاچ) درانتی وغیرہ سے گھاس یا فصل کاٹنا ؛ کاٹتے ہوئے راستہ بناتے جانا یا گزر جانا ؛ قینچی چلانا ۔ (فعل لازم) کسی تیز دھار آلے سے کاٹا جانا یا الگ کر دیا جانا ۔ (میکانیات) کسی چیز کے پھسل کر گرنے سے اس کے بوجھ سے بڈی کا ٹوٹ جانا ۔ (اسکاچ) درانتی سے فصل وغیرہ کاٹنا ۔ (اسم) کٹائی ؛ منڈائی ؛ حجامت ؛ بھیڑ وغیرہ کی سالانہ منڈائی، جس سے عمر کا اندازہ لگایا جاتا ہے (جیسے: a sheep of one shear) ؛ اون وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک منڈائی سے حاصل ہوتی ہے ۔ (طبیعیات) کسی ٹھوس شے میں پیدا ہو جانے والی وہ خرابی جس کا باعث دباؤ ہوتا ہے اور جس سے دو باہم ملے ہوئے پرت یا طبقات اپنے مشترک مقام مماس کے متوازی اُلٹی جانب کو سَرک جاتے ہیں ؛ وہ دباؤ جو اس قسم کے بوجھ سے پڑتا ہے ۔

shearer, n. کاٹنے ، کترنے یا مونڈنے والا ۔

shears, sheer, shear legs, n. قینچ ؛ قینچی کی طرح کی کوئی دو پھلوں والی مشین یا اوزار جو عموماً قینچی سے بڑا ہوتا ہے ؛ ایک مشین جس کے ذریعے وزنی چیزوں کو زمین سے اٹھا کر ضروری بلندی تک لے جایا جا سکتا ہے ، یہ دو یا زیادہ بلیوں سے عبارت ہے جن کے اوپر والے سروں کو باہم باندھا ہوتا ہے جبکہ نچلے سرے ایک دوسرے سے ہٹے ہوئے ہوتے ہیں اور رسوں سے چلنے والی چرخی اوپر سے لٹکی ہوئی ہوتی ہے ؛ کرین (crane) ۔

sheared, a. تراش کر ڈھب کی شکل دیا گیا یا مکمل کیا گیا ؛ لمبائی میں ایک سی تراشی ہوئی جیسے باڑ،جھاڑی ۔

shearling, n. بھیڑ کا ایک سال کا بچہ (ایک بار ہی جس کی اُون کاٹی گئی ہو) ؛ ایسے میمنے کی کھال یا تازہ تازہ مونڈی گئی بھیڑ کی کھال جسے کما کر تیار کیا گیا ہو یا ایسی کھال جس کی اُون نہ اتاری گئی ہو ۔

shearwater, n. ماہی بَر ؛ جل چیر ؛ لمبی چونچ والا سمندری پرندہ جو پانی پر سے تقریباً چھوتا ہوا جب اڑ رہا ہوتا ہے تو یوں لگتا ہے جیسے اسے چیرتے ہوئے گزر رہا ہے ۔

sheatfish, n. گربہ ماہی ؛ قرموط ؛ تازہ پانی کی ایک مچھلی جو خاصی جسیم ہوتی ہے اور وسطی اور مشرقی یورپ کے دریاؤں میں پائی جاتی ہے ، بعض اوقات اس کا وزن ۴۰۰ پونڈ تک ہوتا ہے ؛ اس قبیل کی کوئی اور مچھلی ۔

sheath, n. غلاف ؛ تلوار کی نیام ؛ پوشش ۔ (حیاتیات) جانوروں یا پودوں کی وہ پتلی سی جھلی جو بنیادی ڈھانچے سے لپٹی ہوتی ہے ۔ (نباتیات) بعض پتوں یا ان کی جڑ کو لپیٹ میں لینے والا گول غلاف ؛ چُست سِلا ہوا لباس ؛ تار وغیرہ کا غیر دھاتی ہلکا غلاف ۔

sheathless, a. بے نیام ، بلا غلاف ۔

sheathlike, a. میان یا غلاف نما ۔

sheath-bill, n. میانِ چونچ ؛ قطب جنوبی کے ان دو پرندوں میں سے کوئی ایک جن کا سخت خول چونچ کے کچھ حصے کو بھی لپیٹ میں لیے ہوتا ہے ۔

sheathe, v.t. نیام میں ڈالنا ؛ نیام مہیا کرنا ؛ خنجر وغیرہ کو کسی حصۂ بدن میں پیوست کر دینا (بھونک دینا) ؛ کسی غلاف میں لپیٹ کر محفوظ کر لینا ۔

sheather, n. نیام ؛ میان ؛ غلاف ؛ جھلّی ۔

sheathing, n. نیام میں ڈالنے یا غلاف میں لپیٹنے کا عمل ؛ اس مقصد کے لیے استعمال ہونے والا سامان ۔

sheath knife, n. نیامی چاقو ۔

shea tree, n. شی کا درخت ؛ ایک درخت جو افریقہ میں ہوتا ہے اور اس کے بیج میں سے مکھن کا سا مواد حاصل ہوتا ہے جسے کھایا جاتا ہے ۔

sheave, n. ایک قسم کی چرخی جس پر رسّا چلایا جاتا ہے؛ وہ گراری والا پہیہ جو دَوری گردش کو سیدھی گردش میں بدل دیتا ہے ۔

sheave, v.t. گٹھا گٹھا کرنا ؛ گٹھے یا پولیوں کی شکل میں جمع یا اکٹھا کرنا ۔

shebang, n. (عوامی) کوئی مادہ یا معاملہ اپنی پوری شکل میں (جیسے :The whole shebang collapsed) ، پہلے عموماً whole لگاتے ہیں ۔

shebeen, shebean, shibbeen, n. غیر قانونی اور بلا لائسینس کے چلائی جانے والی شراب کی دکان ۔

shed, v.t. بہنے یا گرنے دینا (آنسوؤں کو) ؛ بہانا جیسے خون کو ؛ خارج کرنا ، نکالنا جیسے روشنی یا خوش بو کو ؛ اُتارنا ، اتار پھینکنا یا پھینکنا ؛ الگ کرنا یا علیحدہ کرنا (موسم کے موسم یا زندگی میں ایک ہی بار جیسے بیج ، پتے ، پر ، بال یا سمور وغیرہ) ؛ روکنا ، موڑ دینا ؛ منتشر کر دینا یا کسی اور طرح سے سرایت کو روک دینا (جیسے :a roof or a coat that sheds water) ۔ (فعل لازم) جھڑ جانا (پتے یا بالوں کا)؛ اتر جانا (پروں کا) ؛ زندگی کے کسی دور میں الگ یا علیحدہ ہو جانا ، جیسے پر یا سمور کا ۔ (اسم) (پارچہ بافی) وہ جگہ جو کھڈی کے ساتھ ساتھ طولاً گئی ہوتی ہے اور اس وقت یہ تکونی شکل اختیار کرتی ہے جب تانے والا دھاگا شٹل (نال) کے گزرنے کے لیے اوپر کیا جاتا ہے ؛ ریختہ ؛ ریخت کار ۔

she'd, she had یا she would کا مخفف ۔

shed, n. چھپر ؛ چھپریل ؛ صرف سرچھپانے یا سامان رکھنے کے لیے کھڑا کیا گیا ڈھانچا ، اس کی چھت ہوتی ہے مگر ایک یا زائد طرف سے کھلا ہوتا ہے ؛ اسارا ، سائبان ۔

shedlike a. سائبان یا چھپر کی طرح ۔

shedder, n. کینچلی اتارنے والا یا اتار دینے والا ؛ جھینگا یا کیکڑا عمل جُفتی کے دوران ۔

sheen, n. چمک ، تابش ، تاب ناکی ، فروغ ، آب ؛ روشنی کے عکس سے پیدا ہونے والی چمک یا جگمگاہٹ (جیسے : the sheen of satin or of pearls) ۔ (فعل لازم) چمکنا ۔

sheeny, a. چمک دار ؛ نورانی ؛ منوّر ؛ آب دار ۔

sheep, n. بھیڑ (تمام اقسام سمیت) ؛ بھیڑ کی کھال یا چمڑا ۔ (مجازاً) بزدل ؛ ڈرپوک یا بیوقوف شخص ۔

sheepberry, nannyberry, n. بھیڑ بیری ؛ شمالی امریکا میں ایک جھاڑی جس پر چھوٹے چھوٹے پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ، جو سفید رنگ کے ہوتے ہیں اور کالے کالے بیری کے مانند گودے اور گٹھلی والے پھل لگتے ہیں جن کو کھایا جاتا ہے ۔

sheepcote, sheepfold, n. بھیڑوں کا باڑا ۔ نیز:sheepcot

sheep-dip, n. ایک قسم کا جراثیم کُش سیال جو عموماً بڑے بڑے ناندوں میں ڈالا جاتا ہے اور اس میں بھیڑوں کو ڈبوڈبو کر گزارا جاتا ہے تاکہ ان کے بالوں میں موجود حشرات تلف ہو جائیں ۔

sheepdog, shephered dog, n. بھیڑوں کی رکھوالی کرنے والا ، کتّا ؛ تربیت یافتہ ، گلہ بان کُتّا ۔

sheepfold, n. بھیڑوں کا باڑا ؛ جہاں بھیڑوں کو رکھتے یا بند کرتے ہیں ۔

sheepherder, n. گڈریا ؛ طویل و عریض رقبے میں چرتی بھیڑوں کی نگہبانی کرنے والا ؛گلہ بان ۔

sheep herding, n. بھیڑوں کی رکھوالی ؛ گلہ بانی ۔

sheepish, a. احمقانہ حد تک ڈرپوک یا بزدل ؛ بھیڑ کی طرح عاجز اور جی جنابی ؛ شرمیلا ؛ جھنپو ؛دبّو ۔

sheepishly, adv. شرمیلے پن سے ۔

sheepishness, n. شرمیلا پن ؛ بزدلی ۔

sheep ked, n. بھیڑ کی جوں؛ چچڑی ؛ کِلّی ۔

sheep eyes, n. (عموماً جمع) تقاضائی نگاہیں ؛ محبت بھری نگاہیں ؛ تمنا بھری نظریں ۔

sheepshank, n. رسی کو وقتی طور پر چھوٹا کر لینے کے لیے ڈالی جانے والی گرہ ، گانٹھ یا گُتھی ۔

sheepshead, n. ایک قسم کی سمندری پانی کی خوردنی مچھلی جس کا سر بھیڑ کے سر سے مشابہ ہوتا ہے اور جس پر کالی دھاریاں ہوتی ہیں ، یہ ریاست ہائے متحدہ امریکا کے اوقیانوسی ساحل پر بہ کثرت پائی جاتی ہے ؛ بھیڑسری مچھلی ۔ (مجازاً) بدھو ؛ احمق ۔

sheepshearing, n. بھیڑ مونڈن ؛ بھیڑوں کو مونڈنے کی رُت یا اس وقت منائی گئی تقریب ۔

sheepshearer, n. بھیڑوں کا اُون کترنے والا ۔

sheepskin, n. اُون سمیت بھیڑ کی کھال جسے کما کر لباس کے کام میں لایا جاتا ہے ؛ ایسی کھال کی بنی ہوئی کوئی چیز ۔ (بول چال) کوئی ڈپلوما (کبھی کبھی چمڑے کا بنا ہُوا) ۔

sheep sorrel, n. (نباتیات) ایک تُرش سی بوٹی جس کے پتے تکونے ہوتے ہیں ، یہ خشک بے آب جگہوں پر ہوتی ہے ؛ بھیڑ چَری ۔

sheep tick, sheep ked, n. بھیڑ چچڑی ؛ ایک بے بازو خون چوس طفیلیہ جو بھیڑ کی جلد سے چمٹا رہتا ہے اور اس کے خون پر پلتا ہے ۔

sheepwalk, n. بھیڑ چَر ؛ وہ رقبہ جہاں بھیڑیں چرتی ہیں یا چرائی جاتی ہیں ؛ بھیڑوں کی چراگاہ ۔

sheer, a. شفاف یا نظر پار جس میں بہت کم مادی وجود ہو (جیسے: a sheer fabric) ؛ پورے یا مکمل طور پر کسی دوسرے عنصر سے آزاد (جیسے: streets of sheer ice) ؛ پورے یا مکمل طور پر بلا کسی تحفظ یا صفت کے (جیسے: sheer foolishness) ؛ انتہا کی ڈھلوانی (جیسے : a sheer cliff) ۔ (متعلق فعل) پوری طرح ، مکمل طور سے یا تقریباً (جیسے: a quarrel that split them sheer apart) ؛ عموداً ، سر کی سیدھ میں (جیسے: to climb sheer up the wall) ۔ (اسم) وہ کپڑا جو اس قدر ہلکا اورباریک ہو کہ نظر پار چلی جائے ؛ کوئی سا پتلا اور ہلکا زنانہ کپڑا ۔

sheerly, adv. بالکل ۔

sheerness, n. کھڑا پن ۔

sheer, v.i. راستے سے ادھر ادھر ہو جانا ، خصوصاً سمندری جہازکا ۔ (فعل متعدی) جہاز کو مطلوبہ راہ سے ادھر اُدھر لے جانا یا کر دینا ۔ (اسم) جہاز کا ایک طرف سے دیکھنے پر طولاً نظر آنے والا (شکمی) خم ؛ اپنے ہی ڈالے گئے لنگر سے بچنے کے لیے چلتے ہوئے جہاز کی کوئی ایک پوزیشن ؛ جھوک ؛ انحراف ۔

sheet, n. بستری چادر ؛ کاغذ کا ٹکڑا یا تختہ جو عموماً مستطیل ہوتا ہے ؛ اخبار ، جریدہ یا کوئی گاہ بگاہ شائع ہونے والا رسالہ ؛ ورق ۔ (طباعت) چھپائی میں مستعمل مستطیل سا تختہ کاغذ ، خصوصاً وہ جس پر فرمے کا نشان ڈال دیا گیا ہو لیکن جسے ابھی تہ نہ کیا گیا ہو ، نہ کاٹا گیا ہو اور نہ جلد بندی کی گئی ہو ؛ شیٹ ؛ کسی شے کی کوئی چپٹی پتلی سی پرت یا سطح وغیرہ ؛ شیشے یا پتھر وغیرہ کی بڑی سی مستطیل چادر ؛ کشتی کا بادبان ؛ ڈاک کے ٹکٹوں کا وہ مستطیل ان کٹا تختہ جو پلیٹ کے ایک ہی نقش سے چھاپا گیا ہو ؛ کسی چیز کا دُور تک پھیلتا ہوا لمبا چوڑا سلسلہ (جیسے: a sheet of ice) ؛ پتلا مسطح دھات کا برتن جو پکانے میں استعمال ہو جیسے توا ، پرات(جیسے: a cookie sheet) ۔ (ارضیات) آتشیں یا تہ نشیں چٹان کا افقی تودہ ۔ (فعل متعدی) چادر یا چادریں لگانا یا چادر سے ڈھانپنا ۔ (فعل لازم) چادر پھیلانا یا اس میں لپٹ جانا ۔

sheetlike, a. چادر نما ۔

sheet, n. (جہازرانی) وہ زنجیر یا رسہ جسے بادبان کے نچلے حصے سے باندھا ہوتا ہے تاکہ اس کے ذریعے سمت کو ٹھیک رکھا کیا جا سکے ۔ (جمع) (جہاز رانی) اس سے وہ جگہیں مراد ہوتی ہیں جہاں پتواریوں کی نشستیں نہیں ہوتیں اور یہ عموماً کشتی کے دونوں کونوں کی جگہیں ہوتی ہیں (جیسے : the stern sheets, the fore sheets) ۔ (فعل متعدی) (جہازرانی) رسوں سے باندھنا (بادبانوں کو) ؛ رسوں کے ذریعے بادبانوں کو پھیلانا ۔

three sheets to the wind, (عوامی) نشے میں مخمور ۔

sheet anchor, n. (جہازرانی) جہاز کا سب سے بڑا لنگر جسے صرف ہنگامی صورت ہی میں ڈالا جاتا ہے ۔ (مجازاً) کسی معاملے میں سب سے بڑا اور اہم سہارا ؛ آخری پناہ گاہ ۔

sheet bend, n. (جہازرانی) چادر گرہ؛ایک مخصوص قسم کی گرہ یا روک جس سے ایک رسے کو دوسرے رسے سے باندھا جاتا ہے یا دوسرے کے حلقے میں ڈالا جاتا ہے اور پھر اس میں سے گزار کر اسے چاروں طرف لے جاتے اور پھر خود اسی کے نیچے سے گزارتے ہیں ۔ نیز: mesh knot, netting knot, weavers hitch ۔

sheet glass, n. بھٹی سے نکالے ہوئے چوڑے اور گرم شیشے کی پٹی سے کاٹی گئی چادریں ۔

sheeting, n. چادر (کپڑے یا کسی شے کی) ؛ چادروں سے ڈھانکنے کا عمل یا چادر سازی ۔

sheet lightning, n. چوڑی چمک ؛ چادر کی شکل میں جھلک دیتی ہوئی یا چوڑی چار سو پھیلی ہوئی یا دفعتاً روشنی کی صورت میں (آسمانی) بجلی ؛ دُور کہیں بادلوں میں چمکتی بجلی کی منعکس چمک ۔

sheet metal, n. دھات ، چادروں یا پتلی تختیوں کی شکل میں ۔

sheet music, n. الگ الگ غیر مجلد پلیٹوں پر چھپی ہوئی موسیقی ۔

Sheet rock, n. ایک قسم کا پلاسٹر بورڈ ۔ (تجارتی نشان) ۔

sheik, sheikh, n. [عربی] شیخ ؛ عرب قبائل کے سربراہوں یا سرداروں یا مسلمان علما کے لیے قدر و منزلت کا خطاب جو اب عام طور مسلمانوں میں عزت و احترام کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

sheikdom, sheikhdom, n. وہ علاقہ جس پر شیخ کی حکومت ہو ۔

shekel, n. شاقل ؛ بابل کا ایک قدیم بٹہ یا سکّہ ؛ عبرانیوں کا بعد کے دور کا چاندی کا سکہ جو اندازاً ۲۵۰ گرام ٹرائے کا ہوتا تھا ۔ (جمع عوامی) دولت ، مال ۔

sheldrake, n. شہرمان ؛ دنیائے قدیم میں پائی جانے والی ایک بطخ جو کئی رنگوں کی ہوتی ہے ؛ متعدد انواع میں سے کوئی ایک ؛ بط شہری ۔

shelf, n. تختہ (الماری کا) ؛ طاق ؛ کسی دیوار یا الماری میں افقاً جڑا ہوا کسی قسم کا پتلا تختہ جس پر اشیا رکھی جا سکتی ہوں ؛ اس تختے پر رکھی ہوئی چیزیں ؛ اس قسم کا کسی جگہ کوئی چھجہ جیسے چٹان کا آگے کو بڑھا ہوا حصہ یا سمندر وغیرہ میں ریت کی اندر گئی ہوئی ٹکر ؛ سمندر یا دریا میں چٹانوں کی ٹکر، پتھریلا سلسلہ یا ریتلے تودے ؛ کم گہرے پایاب پانی والی جگہ ؛ دریا برآمد یا ریت تلے کی چٹان ۔

on the shelf, زینت طاق نسیان ؛ ایک طرف رکھ دی گئی کوئی شے ؛ استعمال میں نہ لائی جانے والی شے ؛ وقتی طور پر ایک طرف رکھی گئی شے ۔

shelflike, a. تختے کی طرح۔

shelf ice, n. ساحلی برف ؛ ساحل کنارے کی برف جو تختے کی طرح اندر تک پانی میں چلی گئی ہو۔

she'll, she shall یا she will کا مخفّف ۔

shell, n. خول ؛ گھونگھا ؛ کسی سیپ دار جاندار کا بیرونی خول ؛ وہ مواد جس سے وہ خول بنا ہوا ہو ؛ گٹھلی کا بیرونی سخت چھلکا ؛ انڈے کا بیرونی آہکی چھلکا ؛ کوئی اور شے جو سیپ کی طرح کھوکھلی اور محدب ہو ؛ کوئی بیرونی سخت غلاف ؛ گھر کا وہ بیرونی ڈھانچا جو اندر سے تباہ یا نامکمل ہو ؛ بھاری آرٹلری کے لیے دھماکا خیز مواد والا گولا ؛ چھوٹی بندوق سے چلنے والی چھوٹی گولی (کاغذی یا دھاتی) ؛ آتش بازی کا مظاہرہ کرنے کے لیے آتش گیر مادہ رکھنے والا صندوق ؛ ایک لانبی اور پتلی دوڑ کشتی جو عام کشتیوں سے ہلکی ہوتی ہے اور اس پر کئی پتواری ہوتے ہیں ؛ کھویا کھویا سا ؛ گم سُم سا ؛ کسی داخلی کیفیت سے پیدا ہونے والا رویہ (جیسے: Her gay charms drew him out of his shell) ۔(طبّاخی) جام نما پیسٹری جسے بھرنے سے پہلے پکالیا گیا ہو؛ وہ اکھاڑا یا اسٹیج جو نیم گنبد یا محراب تلے ہو (جیسے : a band shell in the park) ۔ (مجازاً) وہ شخص یا شے جو اب اپنے ماضی کا ڈھانچا سا رہ گیا ہو (جیسے: a shell of one's former self) ۔ (طبیعیات) اُن مدارج توانائی میں سے کوئی ایک جن پر جا کر نظری طور سے برقیے کسی ایٹم کے مرکز کے گرد گھومتے ہیں ؛ کسی ایک مرکزے کے گرد جمع ہو جانے والے اسی طرح کے مرکزے ۔ (فعل متعدی) قدرتی خول سے الگ کرنا یا ہٹا دینا (چھلکے، ڈوڈے وغیرہ کو) ؛ مکی کے دانوں کو سٹے سے الگ کرنا ؛ دھماکے کرنا ؛ بمباری کرنا ۔ (فعل لازم) خول یا کینچلی میں سے نکل آنا؛ پتلے پتلے پرتوں کی صُورت میں یا پتروں کی صورت میں گرنا (اترنا) ۔

shell out, (عوامی) رقم کسی کے حوالے کرنا ؛ کسی معاملے میں اپنا رقمی حصہ ڈالنا ۔

shelled, shell-like, a. چھلکے دار یا خول دار۔

shelly, a. چھلکے یا خول کی طرح؛ سیپیوں بھرا ، صدف بھرا ۔

sheller, n. چھلکے والا ۔

shellac, shellack, n. لاکھ ؛ چپڑا ؛ سریش ؛ الکحل میں لاکھ ملانے سے تیار کیا گیا وارنش یا کوئی اور محلول ؛ وہ سریشی مواد جس سے فونو گرافی ریکارڈ تیار کیے جاتے ہیں ؛ یوں بنایا گیا کوئی ریکارڈ ۔ (فعل متعدی) سریش چپڑنا یا کسی شے پر لگانا ۔ (عوامی) کسی کو شکست دینا ؛ کسی پر غالب آنا یا گلا دبا دینا ۔

shellacking, n. (عوامی) واضح شکست ؛ پٹائی ؛ کوڑا مارنا ۔

shellback, n. تجربہ کار ملّاح ؛ ایسا شخص جس نے خط استوا پار کیا ہو ؛ جہاندیدہ ملاح ۔

shell bean, n. پھلی ؛ مختلف خوردنی پھلیوں میں سے کوئی ایک ؛ ان کے بیج ۔

shellfire, n. (عسکری) گولہ باری ؛ میزائل باری وغیرہ ۔

shellfish, n. پترا مچھلی ؛ خول مچھلی ؛ صدفی ؛ گھونگھا ؛ ایسے آبی جانور جن کے بیرونی حصے سیپ سے بنے ہوتے ہیں ۔

shell game, n. پتے بازی ؛ لوگوں کو ٹھگنے کا کھیل جو انگشتانوں کی بجائے اخروٹ کے خولوں سے کھیلا جاتا ہے ؛ بٹور کھیل ؛ ہاتھ کی صفائی کا کھیل ؛ ایسا کوئی کھیل یا منصوبہ جس کا مقصد سادہ لوح کو ٹھگنا ہو ۔

shell jacket, n. جسم پر آنے والی چُست جیکٹ جو پچھلی جانب سے چھوٹی ہوتی ہے اور نیم رسمی سا لباس ہے ، گرم ملکوں میں عام پہنی جاتی ہے (امریکا کی دفتری جیکٹ یا رات کے کھانے پر پہن کر جانے والی جیکٹ کی جگہ) ؛ فوجیوں کی ایک چُست جیکٹ جو طعام خانہ میں پہنی جاتی ہے ۔

shellpink, n. سامن مچھلی کا نرم و نازک بچہ جس پر پیلے دھبے ہوتے ہیں ۔

shellproof, a. بم روک ؛ بموں یا گولہ باری سے متاثر نہ ہونے والا اور ان کے نقصان سے محفوظ ۔

shell shock, n. جنگی ماندگی ؛ جنگی تھکان ؛ جنگی خستہ حالی ؛ صدمۂ بمباری ۔

shell-shocked, a. جنگ سے خستہ حال ۔

shelter, n. کسی خطرے ، چوٹ ، بے آرامی سے محفوظ رکھنے/ کرنے والی چیز یا جگہ ، جیسے موسم ، بموں یا اسی طرح کی دوسری چیزوں سے ؛ پناہ ؛ مامن ؛اوٹ (جیسے: the cyclist took shelter under an overpass) ؛ الزام یا طعن و تشنیع سے بچاؤ ؛ عارضی پناہ گاہ یا آسرا (جیسے: an animal shelter) ۔ (فعل متعدی) پناہ دینا یا مہیا کرنا، تشدد وغیرہ سے کسی کو بچانا ؛ چھپانا ۔ (فعل لازم) پناہ لینا؛ اوٹ لینا ۔

shelterer, n. پناہ لینے والا ؛ چُھپنے والا ۔

shelterless, a. غیر محفوظ ؛ بے پناہ ؛ بے سایہ ۔

shelter half, n. پناہ خیمے کے دونوں نیمچوں میں سے کوئی ایک ۔

shelter tent, n. پناہ خیمہ ؛ فوجی نقل و حرکت میں استعمال ہونے والا چھوٹا خیمہ جس کے دو متبادل حصے (نیمچے) ہوتے ہیں اور ان کو باہم باندھ کر دو آدمیوں کے لیے گنجایش نکال لی جاتی ہے ۔ نیز: pup tent ۔

shelty, sheltie, n. (بول چال) شِٹلینڈ کا ٹٹو یا رکھوالا کُتا ؛ شیلٹی ۔

shelve, v.t. طاق یا شیلف میں رکھ دینا ؛ روز کے استعمال سے ہٹا دینا ؛ روزمرہ کے کام میں نہ لانا ؛ نظر انداز کرنا ؛ برخاست کر دینا ؛ رکھنے کے لیے خانے مہیا کرنا ۔ (فعل لازم) تدریجاً نشیب کی طرف جانا یا ڈھلان پکڑنا ۔

shelver, n. ملتوی کرنے والا۔

shelving, n. تختہ بندی ؛ تختہ کاری؛ کسی دکان یا کمرے میں کی گئی تختہ کاری؛ تختہ بندی میں استعمال ہونے والا سامان ؛ ڈھلوان کے درجے یا حالت ؛ شیلف پر کچھ رکھنے کا عمل؛ الگ یا ایک طرف کر دینے کا عمل ۔

shelvy, n.. مائل بہ ڈھلان؛ تدریجاً ڈھلتا ہوا۔
shenanigan, n. (بول چال) شرارت ؛ لغویات؛ فریب دہی ؛ فریب کارانہ یا مکارانہ اقدام۔
Sheol, n. (عبرانی الٰہیات) مُردوں کا ٹھکانا ؛ روحوں کا بسیرا ؛ یہودیوں کا برزخ ، دوزخ۔
shepherd, n. گڈریا ؛ آجڑی ؛ بھیڑوں کا رکھوالا ؛گلہ بان ؛ کسی قبیلے کا روحانی پیشوا ؛ کلیسا دار یا گرجے کا منتظم۔(فعل متعدی) گڈریے کی طرح رکھوالی ، نگرانی یا حفاظت کرنا۔
shepherdess, n. گڈرنی۔
shepherd dog, n. گلہ بان کُتا۔
shepherd's check, shepherd's plaid, n. ایک قسم کا چار خانی نمونہ ؛ ایسے ڈیزائن والا کپڑا۔
shepherd's pie, n. قیمے اور کچلے ہوئے آلوؤں سے تیار کیا گیا ایک قسم کا پکوان۔
shepherd's-purse, n. ایک پودا جس پر سفید تکونے پھول لگتے ہیں اور اس کی ڈوڈیاں دل کی سی ہوتی ہیں ؛ آک کی طرح کا پودا۔
Sheraton, a. انگریزی فرنیچر کا ایک ڈیزائن جس کا امتیاز سیدھے خطوط ، سادگی اور خوشنمائی ہے۔
sherbet, n. [عربی ، اردو ، فارسی] شربت ؛ ذائقے دار مشروب۔
sherd, n. خزف ریزہ۔ دیکھیے : shard۔
sherif, n. [عربی] شریف۔ دیکھیے Sharif۔
sheriff, n. شیرِف ؛ کسی بستی کا سردار جسے چند سال کے لیے رائے شماری کے ذریعے چنا جاتا ہے اور وہ اپنے منتخبہ نائبوں کے ذریعے بستی کے نظم و نسق کا ذمہ دار ہوتا ہے، عدالت کے احکام کی تعمیل ، جیل اور قیدیوں کی حفاظت اور ارکان جیوری کو عدالت کے اجلاسوں کے لیے طلب کرنا اس کی ذمہ داری ہے ؛ شیرفِ شہر۔
sheriffdom, n. شیرف کے زیر انتظام علاقہ۔
sherlock, n. (عوامی) شرلک ؛ جرائم اور بعض اور خفیہ کارستانیوں کا کھوج لگا لینے میں ماہر۔
sherry, n. شیری ؛ ایک قسم کی تند ہسپانوی شراب جو عنبرگوں ہوتی ہے ؛ اس قسم کی کوئی اور شراب۔
she's, she is اور she has کا مُرخّم۔
Shetland pony, n. شٹ لینڈی ٹٹو یا یابُو ؛ جھبرے بالوں اور بہت چھوٹے قد کا ایک بوجھ اٹھانے والا ٹٹو، ابتداً جزائر شٹ لینڈ میں پالا جاتا تھا۔
Shetland sheepdog, n. بھیڑوں کی رکھوالی کرنے والے کتے کی ایک نسل جس کا ابتدائی تعلق جزائر شٹ لینڈ سے ہے۔
Shetland wool, n. باریک ڈھیلی بٹائی والا اونی دھاگا جو شٹ لینڈی بھیڑوں کی اُون سے تیار کیا جاتا ہے ؛ شٹ لینڈی اُون۔
shew, v.t., v.i. (قدیم) تماشا یا نمایش کرنا۔ (اسم) ماضی۔
shewbread, showbread, n. بے خمیر یا فطیری روٹیاں جو یہودی راہب خداوند کو پیش کرتے ہیں ؛ خُبز مقدس۔
Shiah, Shia, n. (اسلامی) شیعہ۔
Shiatso, n. شیاٹسُو ؛ مالش کی جاپانی تکنیک جس میں سوزن زنی(acupuncture) کے نازک نقاط پر انگلی کا دباؤ ڈالا جاتا ہے۔

Shiism, n. شیعیت۔
Shiite, n. شیعہ فرقے کا فرد ؛ اہل تشیُّع۔
shibboleth, n. (بائبل) اناجیلی حوالے کے مطابق ایک لفظ جس کے تلفظ سے مقامیوں اور مہاجروں کی شناخت ہو جاتی تھی کیونکہ نئے لوگ ابتدائی آواز کو ٹھیک طرح ادا نہیں کر سکتے تھے اور یوں پکڑے جاتے تھے (کتاب قاضیان باب ۱۲ آیت ۴ ۔ ۶) لہذا کوئی تلفظ ، بول یا رواج جس سے کسی گروہ کی دوسروں سے شناخت ہو جاتی ہو ؛ کسی پارٹی یا جماعت کا نعرہ ؛ جماعت کا مخصوص محاورہ۔
shield, n. ڈھال ؛ سِپر ؛ جنگ میں دشمن کے وار کو روکنے والا دھاتی ہتھیار جسے کندھے پر رکھ کر لے جاتے ہیں ؛ حفاظت یا مدافعت کی کوئی شے ؛ بنیان وغیرہ ایسی کوئی پسینہ چوس شے ؛ ڈھال نما کوئی چیز جیسے کوئی خصوصی نشان یا علامت۔ (نقابت) کوئی منقش ڈھال یا سپر جس پر خاندان کا مخصوص نشان یا علامت موجود ہو۔ (عسکری) توپچی کے بچاؤ کے لیے مستقل طور پر توپ کے ساتھ پیوست دھات کی بنی ہوئی اوٹ۔ (کان کنی) وہ ڈھانچا جس کی پناہ میں کان کن تودہ ریزی سے بے خطر ہو کر کام کرتے رہتے ہیں۔ (حیوانیات) بعض جانداروں کے گرد قدرتی حفاظتی خول جیسے قشریوں کا اوپری خول۔ (برق) وہ حفاظتی پوشش جو کسی برقی سرکٹ کے گرد ہوتی ہے تاکہ وہ برقی رو کے اثرات کو کم کر سکے۔ (فعل متعدی) ڈھال کی طرح ڈھانپ لینا ؛ کسی خطرناک چیز سے یا خطرے سے یا خرابی سے بچانا ، جیسے کپڑوں کی حفاظت کے لیے ربر کا بالاپوش ؛ مدافعت کرنا ؛ حفاظت کرنا۔
shielder, n. حفاظت کرنے والا۔
shieling, shealing, n. (برطانوی بولی) گوبل ؛جھگی ؛عارضی ٹھکانا یا کٹیا وغیرہ۔ (اسکاٹ لینڈ) بھیڑوں کا باڑا یا چراگاہ۔
shift, v.t. ایک جگہ ، ترتیب ، شخص ، سمت یا محل سے کسی اور میں یا اس تک بدل دینا یا بھیج دینا ؛ کسی اور کے ساتھ تبادلہ کر لینا۔ (میکانیات) کسی ترتیب کو بدلنا جیسے کار وغیرہ کا گیئر بدلنا۔ (لسانیات) حروف علت کی آوازوں کی جگہ بدل دینا۔ (فعل لازم) جگہ ، ترتیب وغیرہ بدل لینا ؛ کسی اسلوب کے مطابق تبدیلی اختیار کر جانا ؛ رہنا ، چلتے جانا یا کامیاب ہونا ؛ کوئی راہ عمل اختیار کرنا (کسی دشواری کے وقت) ؛ خرچ کے لیے جتن کرنا یا اختیار کرنا ؛ چلتی موٹر میں گیئر تبدیل کرنا ؛ سبیل پیدا کرنا۔ (اسم) سبیل ، ترکیب ، تبدیلی ، حرکت وغیرہ ، کسی شے ، اشخاص یا مقامات میں (جیسے:a shift of responsibility to the next man.) ؛ کسی شخص کے کام کرنے کے اوقات کا دورانیہ (جیسے:11 P.M. - 7AM. shift) ؛ کسی کارخانے میں کارکنوں کے لیے گروہ وار مقرر شدہ اوقاتِ کار ؛ کسی ایک مقررہ عرصے میں کام کرنے والوں کا گروہ (جیسے : an energetic night shift) ؛ چارہ کار ؛ چال۔ (میکانیات) گیئر بدلی۔ (موسیقی) تاروں پر سے ہاتھ رکھنے کی جگہ کی تبدیلی۔ (لسانیات) کسی زبان میں ایک جیسے اور ایک ساتھ پیدا ہونے والے تغیرات جو کسی اسلوب تغیر کی نشاندہی کرتے ہوں۔
shift for oneself, اپنی مرضی کرنا یا اپنی راہ خود متعین کرنا۔
shifter, n. منتقل یا تبدیل ہونے والا۔
shiftingly, adv. منتقلی یا تبدیلی کرتے ہوئے۔

shiftingness, n. تبدیلی ۔
shiftless, a. غیر حاضر دماغ ؛ نااہل ؛ کاہل ؛ بے تدبیر ۔
shiftlessly, adv. بے تدبیری سے ۔
shiftlessness, n. بے تدبیری ؛ بے تبدیلی ۔
shifty, a. متغیر ؛ پُر تدبیر ؛ پُر کار ؛ حیلہ باز ؛ چالاک ؛ فریبی ؛ متلوّن ۔
shiftily, adv. عیارانہ ؛ مکارانہ ۔
shiftiness, n. عیاری ؛ مکاری ؛ فریب ۔
shikar, n. [اردو] شکار ۔ (فعل متعدی و لازم) شکار کرنا ۔
shikari, shikaree, n. [اردو] شکاری ؛ ہانکا ۔
shill, n. (عوامی) جوئے بازی یا پتے بازی وغیرہ میں پتے بازوں کا وہ ساتھی جو بظاہر تماشائیوں میں کھڑا ہوتا ہے اور ان کو ورغلاتا ہے ؛ ورغلاوا ۔
shillelagh, shillalah, n. شلیلا : آئرستان میں شاہ بلوط کا چھوٹا پودا یا کوئی اور لکڑی جو بطور ڈنڈے/لاٹھی کے استعمال ہو ۔
shilly-shally, v.i. تامل کرنا ؛ توقف کرنا ؛ بادل ناخواستہ کچھ کرنا ؛ ہچکچانا ؛ چھوٹی چھوٹی باتوں پر فکر مند ہونا ۔(متعلق فعل) ہچکچاہٹ سے یا توقف کے ساتھ ۔(جمع ، اسم) ہچکچاہٹ ؛ تامّل ؛ پس و پیش ۔
shim, n. کسی شے مثلاً دھات یا لکڑی وغیرہ کی پتری (دو چیزوں یا حصوں کو ایک سطح پر لانے کے لیے) ؛ چُول ؛ پچّر ۔ (فعل متعدی) پچّر یا بچریں لگانا یا لگا کر ہموار کرنا ۔
shimmer, v.t. چمکنا ؛ جھلکنا ؛ ٹمٹمانا ؛ جھلملانا یا لہرانا ۔ (اسم) طفطفہ ؛ ٹمٹماہٹ ؛ جھلمل یا مرتعش شے ؛ کسی چمکیلی شے کا جھلملاتا پرتو ؛ دھندلی سی روشن لرزش ۔
shimmery, a. ٹمٹماتی ہوئی ۔
shimmy, n. ایک قسم کا پرشور اور پرجوش امریکی رقص جو ۱۹۲۰ء میں پہلی بار مقبول ہوا ، اس میں کولھوں اور شانوں کو خوب تھرکایا جاتا ہے ؛ کسی نقص دار پہیے کی غیر معمولی برخود گردی یا تھرتھراہٹ ۔ (بول چال) شمیض ؛ مستورات کا بنیان ۔ (فعل لازم) شِمی رقص کرنا یا اس طرح تھراتھرانا ؛ پہیے کا تھرتھر گھومنا یا لڑکھڑاتے گھومنا ۔
shin, n. (تشریح الاعضا) مقدم الساق ؛ ٹخنے اور گھٹنے کے درمیان کا سامنے والا حصہ ؛ انسانوں میں پنڈلی کی ہڈی یا عظم القصبہ کا اگلا نوکیلا حصہ ؛ چوپایوں میں اگلی ٹانگوں کا نچلا حصہ ۔ (فعل متعدی) ہاتھ پاؤں کی مدد سے کسی بانس جیسی چیز پر چڑھنا اور پھر اترنا یعنی اس طرح کہ پہلے پکڑے اور پھر اترے ۔
Shin, n. (بدھ مت) شِن ؛ بدھ مت کا ایک جاپانی فرقہ ؛ ان کا عقیدہ ہے کہ سورگ راجہ 'امیدا' پر محض اعتقاد رکھنے ہی سے نجات حاصل ہو جاتی ہے ۔
shinbone, n. پنڈلی کی ہڈی ؛ عظم ساق ۔
shindig, n. (بول چال) رقص و ہنگامے سے بھرپور کوئی اجتماع خصوصاً جس میں بہت شوروغل ہو ۔
shindy, n. (عوامی) دنگا ؛ فساد ؛ غل غپاڑا ؛ دھینگا مشتی ۔
shine, v.i. چمکنا ؛ روشن ہونا ؛ روشنی کی شعاعیں خارج کرنا ؛ روشنی کے عکس سے کسی چیز کا بارونق ہو جانا ؛ چمک یا رونق کو ظاہر کرنا ؛ لوگوں کی نگاہوں کا مرکز ہونا یا لوگوں میں نمایاں ہونا (جیسے : to shine in society) ؛ نمایاں حد تک صاف یا چمکیلا ہونا ۔ (فعل متعدی) چمکانا ؛ روشنی پھیلانا جیسے فلش لائٹ سے ۔ (اسم) چمک ؛ روشنی ؛ تابش ؛ فروغ ؛ دھوپ ؛ کھلتا ہوا موسم ؛ جوتوں پر کی گئی پالش یا ان کو دی گئی چمک ۔ (عوامی) دل لگی ؛ کلیل ؛ ریجھ (جیسے : He takes a shine to you) ۔
shine up to, (عوامی) کسی کو خوش کرنے یا متاثر کرنے کی کوشش کرنا (کوئی مفاد حاصل کرنے کے لیے) ؛ خوشامد کرنا ۔
shiner, n. چمکنے والا یا چمکانے والا ؛ سونے یا چاندی کا سکہ ؛ امریکا کے تازہ پانی کی چمکتے پتروں والی چھوٹی مچھلی ؛ چھوٹی دریائی مچھلی ۔ (عوامی) چوٹ لگنے سے آنکھ پر پڑ جانے والا نیل ۔
shingle, n. کاٹھ کھپریل ؛ لکڑی یا کسی اور عمارتی شے کا ایک پتلا ٹکڑا جس کے دونوں پہلو متوازی ہوتے ہیں مگر ایک سرا دوسرے کے مقابلے میں دبیز ہوتا ہے ، ان کو قطاروں میں رکھ کر چھت بنائی جاتی ہے ؛ چھتے (عورتوں کے چھوٹے کٹے ہوئے بال) ۔ (بول چال) ڈاکٹر یا وکیل کا کلینک کے باہر لگایا ہوا بورڈ ۔ (فعل متعدی) کھپروں سے کھپریل ڈالنا ؛ بالوں کو اس طرح چھوٹے کرنا کہ وہ سر کی شکل اختیار کر لیں ۔
shingler, n. کھپرے دار ؛ کھپریل ۔
shingle, n. کنکر ؛ کنکری ؛ سنگ ریزہ ؛ بجری ؛ پانی سے گھسے ہوئے چھوٹے پتھروں یا سنگ ریزوں کا وسیع پھیلاؤ جیسے ساحل سمندر پر ہوتا ہے ؛ پانی سے گھسے ہوئے گول پتھر ؛ ایسے چھوٹے گول پتھروں سنگ ریزوں کا ڈھیر جیسے ساحل پر ہوتا ہے ۔
shingly, a. گول چھوٹے پتھروں کی طرح ۔
shingle, v.t. (فلزیات) بھٹی سے ڈھیلی ڈھالی حالت میں نکالے گئے لوہے کے تودے کو کوٹ کر اس میں سے آلایش کو الگ کرنا ۔
shingles, n. (امراضیات) جلدی بیماری جو ایک وائرس سے پیدا ہوتی ہے اور مرکزی عصبی نظام کو لپیٹ میں لے لیتی ہے ، اس میں اعصاب متاثرہ کے ساتھ ساتھ جلد پر چھالے بھی پیدا ہو جاتے ہیں ؛ نملۂ منطقی ۔ نیز : herpes zoster ۔
shining, a. تاباں ؛ چمکتا ہوا ؛ بہت عمدہ ، روشن ؛ منور (جیسے : a man of shining talents) ۔
shiningly, adv. چمکتے ہوئے ۔
shinleaf, n. جوڑ پتی ؛ زمستانی بوٹیوں میں سے ایک بوٹی جو شمالی امریکا میں ہوتی ہے ، اس کے پتے چوڑے اور بیضوی ہوتے ہیں ؛ اس جنس کا کوئی پودا ۔
shinnery, n. ناٹے درختوں کا جھنڈ ، گھنی پیدایش ، خصوصاً پست قد شاہ بلوط ۔
shinny, shinney, n. اسکول کے لڑکوں کی ہاکی ؛ کھیل میں خمیدہ لکڑیوں کا استعمال ۔
shinny, v.i. (بول چال) ہاتھ پاؤں کے بل پر کسی بانس (یا درخت وغیرہ) پر چڑھنا ۔
shinplaster, n. پنڈلی کے لیے تیار کیا گیا یا وہاں لگایا گیا پلستر ؛ جزوی کرنسی (سکہ یا نوٹ) ؛ بہت کم تحفظ کے ساتھ جاری کیا گیا (چھوٹا) نوٹ ؛ وہ جس کی قیمت گر گئی ہو ۔
Shinto, n. شنتو ؛ جاپان کا قدیم مذہب جس میں مظاہر پرستی

میں وہ محصول (ٹیکس) جو بندرگاہوں اور آبی قصبوں پر انگلستان میں لگایا جاتاتھا (بایں مقصد کہ قومی دفاع کے لیے جہاز مہیا ہو سکیں)۔

ship of the line, n. لڑائی میں کام دینے کے قابل مسلّح جہاز ؛ بیڑے کا ایک جہاز (دخانی جہازوں سے پہلے)۔

shipable, a. جہاز رانی کے قابل ؛ مال لانے لے جانے کے قابل یا اس کے حسب ضرورت کیا ہوا۔

shipper, n. ترسیل کنندہ ؛ کسی وسیلہ نقل و حرکت (جہاز ، ہوائی جہاز ، ریل یا ٹرک) سے سامان کہیں ارسال کرنے کا کام کرنے والا۔

shipping, n. کسی ملک یا بندرگاہ کی کل جہازی متاع ؛ جہازوں کا کل وزن یا ہر قسم کے جہاز ؛ سامان منتقل کرنے کا کاروبار۔

shipping clerk, n. محرر ترسیل ؛ مال کے آنے جانے کی تفصیلات کا حساب رکھنے والا ملازم۔

ship-rigged, a. تمام مستولوں پر چوکور بادبان رکھنے والے جہاز کی طرح لوازمات سے لیس۔

shipshape, a. جہاز صورت ؛ صاف ستھرا ؛ خوب آراستہ۔

shipside, n. جہازی پھاٹک ؛ جہاز کا پہلو ؛ طرفِ جہاز ؛ جہاز کے ساتھ ساتھ باہر کی جانب کی وہ کھلی جگہ جہاں سے مال اور مسافروں کا آنا جانا ہوتا ہے۔

ship's papers, n. وہ کاغذات جن کا جہاز رانوں کو پڑتال وغیرہ کی خاطر پاس رکھنا ضروری ہوتا ہے۔

shipway, n. جہازی گزرگاہ ؛ وہ ڈھانچا جو دوران تعمیر یا تعمیر کے بعد سمندر میں ڈالتے وقت جہاز کو سہارا دیے ہوتا ہے ؛ وہ راستہ جو اسے پانی میں پہلی بار لے جانے کے لیے بنا ہوتا ہے ؛ جہاز گزر نہر۔

shipworm, n. کرمِ جہازی ؛ ان سمندری کیڑوں میں سے کوئی ایک کیڑا جو پانی میں سے جہاز کی لکڑی کے پیندے میں سوراخ کر کے وہاں ڈیرا جما لیتا ہے ؛ پونکا۔

shipwreck, n. تباہ شدہ جہاز کی پس ماند ؛ جہاز کی سمندر میں تباہی یا نقصان۔ (مجازاً) کوئی تباہی یا ناکامی۔ (فعل متعدی) تباہی سے دوچار کرنا ؛ جہاز کو ڈبو دینا ؛ تباہ کر دینا۔

shipwright, n. جہاز ساز ؛ جہاز کی ساخت پرداخت کا کام کرنے والا۔

shipyard, n. جہاز گاہ ؛ شپ یارڈ ؛ وہ جگہ جہاں جہاز بنائے یا مرمت کیے جاتے ہیں ؛ مسفن۔

shire, n. برطانوی انتظامی ضلع ؛ ان اضلاع یا اقطاع میں سے کوئی ایک جن میں برطانیہ عظمیٰ بٹا ہوا ہے ؛ وہ مقامات یا اقطاع جن کے آخر میں یہ لفظ آتا ہے۔

shire town, n. ضلعی صدر مقام ؛ وہ قصبہ جہاں سے ضلع کا انتظام کیا جاتا ہے۔

shirk, v.t. کترا جانا ؛ پہلو تہی کرنا۔ (فعل لازم) جی چرانا ؛ کسی کام یا ذمہ داری سے بچنا۔ (اسم) کام چور۔

shirker, n. کام چور۔

shirley poppy, n. ایک قسم کا پوست جسے کاشت کیا جاتا ہے،یہ سرخ نیم گلابی یا ارغوانی رنگ کی پتیوں والا ہوتا ہے ؛ گل لالہ۔

کی جاتی تھی بلکہ ارواح پرستی بھی (بالخصوص بڑے لوگوں اور بزرگوں کی روحوں کی) ، راج دیوتا کے ساتھ دلی وفاداری کا اس لیے اظہار کیا جاتا تھاکہ اسے وہ سورج دیوی کی نسل سے مانتے تھے۔

Shintoism, a. شنتومت۔

Shintoistic, a شنتومت والا۔

Shintoist, n., a. شنتوئی۔

shiny, a. چمکیلا ؛ دھوپ دار ؛ روشن ؛ تاباں ؛ لامع۔

shininess, n. چمک ؛ روشنی۔

ship, n. جہاز (سمندری) یا اس کا عملہ ؛ طیارہ ؛ سمندر میں چلنے والا ایک بڑے قسم کا جہاز ؛ ایسا بادبانی جہاز جس کا درمیانی شہتیر اور کم از کم تین مستول ہوں جن میں سے ہر ایک پر چوکور بادبان ہو۔ (فعل متعدی) جہاز میں مال یا افراد کو سمندری سفر پر لے چلنا یا بھیجنا ؛ کسی بھی وسیلۂ نقل و حرکت (جہاز ، ریل وغیرہ) سے کہیں مال لے جانا یا بھیجنا۔ (جہاز رانی) طوفان کے عالم میں پانی کا آس پاس سے جہاز کے اندر آ جانا ؛ کسی چیز کو جہاز یا کشتی کے اندر کھینچ لینا (جیسے : to ship the oars) ؛ جہاز یا کشتی میں استعمال کے لیے کسی مناسب جگہ پر جڑ دینا ؛ جہاز میں ملازم رکھ لینا ؛ چلانے کے لیے چپّوں کو مناسب جگہ پر ٹھیک کر دینا (لینا)۔ (بول چال) بھیج دینا ؛ چھٹکارا پا لینا (کسی سے) (جیسے : to ship the kids to camp)۔ (فعل لازم) جہاز میں سوار ہونا یا ملازمت اختیار کر لینا۔

when one's ship comes in, جب کبھی مالی کامرانی حاصل ہوتی ہے۔

ship biscuit, n. سخت بسکٹ ؛ جہازی بسکٹ ؛ شکرپارہ۔

ship board, n. (قدیم) عرشہ جہاز ؛ جہاز کا پہلو۔ (صفت) جہاز میں رونما ہونے والا کوئی واقعہ (جیسے : a shipboard romance)۔

on ship-board, جہاز میں / پر۔

ship builder, n. جہاز ساز ؛ سفّان ؛ وہ شخص جس کا پیشہ یا کام جہاز یا ان کے نقشے بنانا ہو۔

ship building, n. جہاز سازی ؛ سفینہ سازی۔

ship canal, n. جہازی آبنائے ؛ (مصنوعی) جہازی نہر ؛ جہاز گزر نہر۔

ship chandler, n. جہازوں کے پرزے اور متعلقہ اشیائے ضرورت کا کاروبار کرنے والا یا فراہم کنندہ۔

shipfitter, n. جہاز جوڑ ؛ جہاز کے فولادی اور دوسرے دھاتی حصوں کو جوڑ کر جہاز کی شکل دینے کا کام کرنے والا۔ (بحریہ) بحریہ کا وہ ملازم جو جہاز پر نل سازی اور دوسرے دھاتی جوڑوں کے کام پر متعین ہو۔

shiplap, n. (فن تعمیر) جہاز کے تختوں کو ایک دوسرے پر چڑھا کر ان کے کناروں کو یک جان کرنے کا عمل۔

shipman, n. (قدیم) ملاح ؛ ناخدا۔

shipmaster, n. سامان یا مسافر بردار جہاز کا کپتان۔

shipmate, n. ایک ہی جہاز میں کام کرنے والا (کسی اور کے ساتھ) ؛ ساتھی ؛ مانجھی۔

shipment, n. جہاز لدائی ؛ جہازی سامان ؛ جہاز بار ؛ سامانِ جہاز ؛ جہاز میں لادا گیا یا لے جایا گیا سامان یا اس کی لدائی۔

ship money, n. (قدیم برطانوی قانون) بحری محصول ؛ قدیم ایام

shirr, v.t. کپڑے میں متوازی چُنٹیں ڈالنا ؛ کسی چیز کو اتھلے برتن میں پکانا جیسے انڈے کو چھلکے میں سے نکال کر پکانا ۔

shirring, n. تار دوزی ؛ کسی کپڑے میں متوازی ٹانکے ڈال کر چُنٹ پیدا کر کے یکجا کر دینا ۔

shirt, n. قمیص ؛ پیراہن ؛ چولا ؛ کرتا ؛ زیر قمیص یا بنیان ؛ عورتوں کی قمیص نما صدری ؛ شمیض ۔

keep one's shirt on, n. (عوامی) جامے سے باہر نہ ہونا ؛ صبر سے کام لینا ؛ تحمل دکھانا ۔

lose one's shirt, (عوامی) مالی صدمے سے دوچار ہونا ۔

shirtless, n. بلا قمیص ؛ بلا پیراہن ۔

shirting, n. قمیص کا کپڑا ؛ قمیص جامہ ۔

shirttail, n. قمیص کا دامن ؛ وہ حصہ جسے پتلون کے اندر کر لیا جاتا ہے ۔

shirtwaist, shirtwaist dress, n. زنانہ کرتی جسے لہنگے/اسکرٹ وغیرہ میں دبا دیا جاتا ہے ؛ لمبا بلاؤز ؛ ایسا لباس جو سامنے سے کھلا ہوتا ہے البتہ باقی شکل مردانہ قمیص کی ہوتی ہے ۔

shish kebab, n. دیکھیے : shashlik ۔

shittah, n. بائبل میں مذکور ایک درخت جو غالباً ببولی نوع سے تھا ، اس کی لکڑی سخت اور پائدار ہوتی تھی ، اس کی جمع شیتم ہے (یسعیاہ ، ۴۱ : ۱۹) ۔

shittim wood, shittim, n. سفط کی لکڑی ، یہودی اپنے معبدوں کی محرابیں اور ہیکل اسی لکڑی سے بناتے تھے ۔ (خروج ، ۲۵ ـ ۱۰) ۔

shiv, n. (عوامی) چاقو (خصوصاً کمانی والا) ؛ استرا ۔

shivaree, n. شور ، غل ۔ (فعل متعدی) شور مچانا ۔

shiver, v.i. غیر ارادی طور پر کانپنا یا کپکپانا ، جیسے سردی ، خوف یا اشتعال سے لرزنا ؛ ہلنا جیسے ہوا سے پتیاں ہلتی ہیں ۔ (جہاز رانی) بادبان وغیرہ کا پھڑپھڑانا ۔ (فعل متعدی) لرزانا ؛ ہلانا جیسے بادبان کا ۔ (اسم) پھڑپھڑاہٹ یا کپکپاہٹ کی حرکت یا حالت ؛ غیر ارادی یا ہیجانی کپکپاہٹ جیسے سردی یا بخار سے ؛ لرزش ، رعشہ ۔

shivery, a. کپکپانے والا ؛ لرزہ براندام ۔

shiver, n. ٹکڑا ؛ پھانس ؛ ریزہ (جیسے : to shatter a spear to shivers) ۔ (فعل متعدی) ٹکڑے ٹکڑے کر دینا یا ہو جانا ؛ ریزہ ریزہ کر دینا ۔

shivery, a بے لچک ۔

shoal, n. دریا ، سمندر وغیرہ کی کم گہرے پانی والی جگہ ؛ پایاب جگہ ؛ بریتہ ؛ پانی میں اتار کے بعد ابھر آنے والا ریتی ۔ (صفت) کم گہرا ؛ پایاب ؛ اتھلا (جیسے : shoal water) ۔ (فعل لازم) کم گہرا ہو جانا ؛ پایاب ہو جانا ۔ (فعل متعدی) کم گہرا یا پایاب بنا دینا ؛ کم گہرے پانی میں کشتی یا جہاز لے جانا ۔

shoal, n. مچھلیوں وغیرہ کی جھول ؛ لوگوں کا کسی جگہ ہجوم ؛ چیزوں کا لگا انبار ۔ (فعل لازم) مچھلیوں کے جھنڈ کا ایک ساتھ تیرنا ؛ ہجوم کی صورت میں اکٹھے ہو جانا ؛ ٹھٹ لگ جانا ۔

shoat, shote, n. خنزیر کا ایک سال سے کم عمر کا بچہ (جو اب شیر خوارگی سے نکل رہا ہو) ۔

shock, n. صدمہ ؛ تصادم ؛ ضرب شدید ؛ ذہن و جذبات کو لگا ہوا اچانک دھچکا ؛ تہذیب و اخلاق کی پامالی پر پہنچنے والا شدید صدمہ ؛ ایسے دھچکوں یا صدموں کے اثرات ۔ (امراضیات) اعصابی نظام پر کسی شدید دباؤ کی وجہ سے جسمانی اضمحلال ، جیسے شدید چوٹ ، عمل جراحی یا اچانک جذباتی اختلال کے مابعد اثرات ؛ اعصابی پژمردگی یا افسردگی کے مابعد اثرات ؛ جسم کے اندر برقی رو گزر جانے سے اچانک صدمہ ۔ (فعل متعدی) کسی شدید اور تکلیف دہ صدمے سے دو چار کرنا ؛ زور سے ٹکرا جانا ؛ بجلی کا جھٹکا لگانا ؛ جسمانی یا اعصابی صدمہ پہنچانا ؛ شرافت اور معقولیت کی حدود پھاند کر کسی کو صدمہ پہنچانا ۔ (فعل لازم) صدمے سے دو چار کرنا ۔

shock, n. غلّے کی بالیاں یا پُولے جنھیں کھیت میں سوکھنے کے لیے عمودی طور پر اکٹھا رکھا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) بالائی طریقے سے رکھنا (جیسے : to shock corn) ۔

shock, n. ژولیدہ موئی ؛ الجھی لٹ ؛ کوئی الجھی ہوئی شے ، جیسے بالوں کا گچھا ۔ (صفت) گنجل ؛ گنجلک ۔

shock absorber, n. (میکانیات) صدمہ گیر ؛ صدامہ ؛ صدمہ روک ؛ دھچکا روک ؛ کوئی ترکیب جس سے لگنے یا پہنچنے والے دھکے کے اثر کو روکا کم کیا جا سکے (جیسے : shock absorbers of an automobile) ۔

shocker, n صدمہ رساں چیز یا شخص ۔ (بول چال بالخصوص برطانوی) سنسنی خیز کہانی (ناول) ۔

shocking, n. صدمہ انگیز ؛ حیرت ، دکھ ، خوف وغیرہ میں ڈال دینے والا ، جیسے بہت زیادہ گستاخانہ یا ناشایستہ ؛ سنسنی خیز ۔ (عوامی) خوفناک ؛ ڈراؤنا ۔

shockingly, adv. بے حد ؛ انتہائی درجہ ۔

shock therapy, shock treatment, n. (طِبّ نفسی) بجلی کے جھٹکوں کے ذریعے یا بعض دواؤں ، انجکشنوں جیسے انسولین کے ذریعے ذہنی اختلال کا علاج ؛ علاج بالصدمات ؛ صدماتی معالجہ ۔

shock troops, n. (عسکری) یلغاری دستے ؛ حملہ آور (یلغاری) فوجی دستے (جو اس مقصد کے لیے تیار کیے گئے ہوں) ۔

shock wave, n. (طبیعیات) وہ موج جو کسی وسیلے میں دباؤ کے باعث اس وقت پیدا ہوتی ہے جب کوئی شے اس وسیلے میں سے وہاں پیدا ہونے والے اہتزاز سے زیادہ رفتار کے ساتھ گزرتی ہے ۔

shod, a. نعل دار یا نعل بند ۔

shoddy, n. اونی چیتھڑوں یا اُترنوں کی دُھنائی سے حاصل ہونے والی شے ؛ گھٹیا قسم کا بنا ہوا کوئی کپڑا ؛ کوئی نقلی شے جسے اصل ظاہر کرنے کے لیے بنایا گیا ہو ۔ (صفت) پرانی اون کا یا اس پر مشتمل ؛ گھٹیا مگر اچھے کا مغالطہ پیدا کرنے والا ۔

shoddily, adv. گھٹیا طریقے سے ۔

shoddiness, a. گھٹیا پن ۔

shoe, n. جوتا ؛ جوتی ؛ نعل (کُھری) ؛ کفش ؛ نعلین ؛ جفت ؛ پاپوش ؛ انسانی پاؤں کی بالعموم چرمی پوشش جس کا تلا بھاری اور اوپری حصہ ہلکا ہوتا ہے اور جو بوٹ کے برعکس ٹخنے کے برابر یا اس سے کچھ نیچے ہوتی ہے ؛ گھوڑے یا دوسرے مویشی کے کُھروں میں لگا ہوا نعل یا اس قسم کی کوئی اور شے ؛ جوتے سے ملتی جلتی یا اسی نوعیت یا استعمال کی کوئی چیز ؛ پہیے کا کتا (جو اسے چلنے ، گھومنے سے روک دیتا ہے) ؛ پہیے کی روک ؛ کسی چھڑی ، عصا وغیرہ پر چڑھی ہوئی شام جو اس کی نچلی

نوک کی حفاظت کرتی ہو ؛ برف گاڑی کے نیچے لگی ہوئی لوہے کی پٹری ؛ وہ کھسکنی پلیٹ یا پٹری جس کے ذریعے برقی کار یا انجن برقی رو حاصل کرتا ہے ۔ (فعل متعدی) جوتا پہننا/پہنانا ۔

be in some one's shoes, کسی دوسرے کی صورت حالات میں ہونا یا کسی دوسرے کی مصیبت جھیلنا ۔

fill some one's shoes, کسی اور کا ہم پلہ ثابت ہونا یا کسی کی ذمہ داری کا بوجھ اٹھا لینا ۔

the shoe is on the other foot, حالات بدل گئے ہیں ؛ وہ دن گئے جب خلیل خان فاختہ اڑاتے تھے ۔

shoeless, a. ننگے پیر، بلا جوتے کے ۔

shoebill, n. طائر مائی ؛ ایک جل چل افریقی پرندہ جس کی چونچ جوتے کی سی ہوتی ہے (یعنی بیچ میں سے دبکی ہوئی سارس سے ملتی جلتی) ۔

shoeblack, n. جوتے پالش کرنے والا ؛ ہوٹل میں جوتے صاف کرنے والا ۔

shoehorn, n. شو ہارن ؛ ایک خم دار دھاتی شے جس کی مدد سے جوتا پہننا آسان ہو جاتا ہے ۔

shoelace, n. جوتے کی ڈوری ؛ فیتہ یا تسمہ ۔

shoemaker, n. موچی ؛ کفش دوز ؛ جفت ساز ۔

shoer, n. نعل بند ۔

shoestring, n. جوتے کا تسمہ ، ڈوری یا فیتہ ۔

on a shoestring, (عوامی) بہت ہی معمولی رقم یا سرمائے سے شروع کیا گیا کاروبار ۔

shoetree, n. قالب ؛ قلبوت (جسے جوتے کے اندر پھنسائے رکھنے سے اس کی شکل جوں کی توں رہتی ہے) ۔

shofar, (صیہونیت) ناقوس سنکھ جسے یہودی تقریبات کے وقت بجاتے ہیں، بالخصوص اپنے نوروز پر مینڈھے کے سینگ کو ناقوس کی شکل میں تبدیل کر لیتے ہیں ۔

shogun, tycoon, n. شوگن ؛ جاپانی افواج کا موروثی کماندار اعلیٰ جو عملاً ۱۸۶۸ء تک سیاہ و سفید کا مالک ہوتا تھا کہ اس کے بعد اختیارات بادشاہ کو واپس مل گئے تھے ۔

shogunate, n. شوگن کا عہدہ ۔

shoji, n. متحرک پردہ ؛ جاپانی گھروں میں نیم شفاف سی اور پھسلواں یا حرکت پذیر آڑ جو عموماً چوبی ڈھانچے میں کاغذ جما کر بنائی جاتی ہے اور کمرے یا گھر کے ایک حصے کو باقی حصے سے الگ کرنے یا رکھنے کا کام دیتی ہے ؛ شوجی ۔

sholom, n. دیکھیے : Shalom ۔

shoo, interj. بشت ؛ گھریلو پالتو جانوروں اور مرغیوں وغیرہ کو کہیں سے یا کسی حرکت سے باز رکھنے یا ڈرانے کے لیے بولا جانے والا لفظ ۔ (فعل متعدی و لازم) بشت کہہ کر ڈرانا یا ہانکنا، بشت کہنا ۔

shoofly, n. بچے کا جھولا جو اطراف سے گھرا ہوا اور جانوروں کی تصویروں سے مزین ہوتا ہے ۔ (طباعت) وہ بازو جس کے ذریعے چھپے ہوئے تختے یا کاغذ کو چھاپے سے ہٹایا جاتا ہے ۔ (ریلوے) وہ متبادل راستہ جسے کسی پیدا شدہ رکاوٹ کے وقت اختیار کیا جاتا ہے ۔

shoo-in, n. (عوامی) وہ مبارز جس کا جیت جانا یقینی خیال کیا جاتا ہو ؛ آسانی سے جیت سکنے والا متوقع امیدوار ۔

shook, n. لکڑی کے تختے اور حلقے جو ایک بڑا پیپا ، بیرل وغیرہ بنانے کے لیے کافی ثابت ہوں ؛ صندوق ، فرنیچر یا کوئی اور ایسی چیز بنانے کے لیے فراہم کیے گئے تختوں کا مجموعہ جن کو فوراً جوڑا جا سکے ؛ غلے کی بالیوں کا بنایا ہوا عمودی گٹھا یا پُولا ۔

shook up, a. (عوامی) کسی زیادتی یا خوف وغیرہ سے جذباتی طور پر دہلا ہوا ؛ درہم ؛ جذبات میں آیا ہوا ؛ ہلا ہوا ؛ بعض اوقات پہلے all لگا لیتے ہیں (جیسے : It left me all shook up) ۔

shoot, v.t. گولی مارنا ؛ گولی چلانا یا داغنا (جیسے : to shoot a rifle) ؛ گولی یا میزائل وغیرہ داغ کر کسی کو مارنا یا زخمی کرنا ؛ خارج کرنا یا تیزی سے اور قوت کے ساتھ باہر نکال دینا (جیسے : to shoot a silver bullet) ؛ دھکیلنا ، دھکا دینا یا ناگہانی طور پر پھینکنا ؛ داغنا (جیسے : to shoot a bullet, to shoot a ray of light from behind a cloud) ؛ نکال لینا ، پھیلا لینا (جیسے : a plant shooting up stems and leaves) ؛ کسی چیز کا شکار کرنا یا شکار میں لگے ہونا یا کسی علاقے میں شکار کھیلنا (جیسے : to shoot pheasant) ؛ گولی مار کر توڑ دینا یا تباہ کر دینا ؛ ترک کرنا ؛ ایک طرف پھینک دینا ؛ سلامی آبشار کی سمت ڈال دینا ؛ تیز ندیوں میں سے یا ان کے اوپر نیچے تیزی سے گزرنا (جیسے : to shoot the rapids) ؛ دروازے کی چٹخنی کا پھنسنا یا اس کا باہر نکل آنا ؛ بے خبری میں ایک دم تصویر لینا (متحرک کیمرے سے) ؛ مختلف رنگ کے دھاگوں یا دھاریوں سے جال بنانا، بالعموم صیغہ ماضی میں (جیسے : hair shot with silver) ؛ تھکا دینا ، ختم کر دینا یا اللوں تللوں میں اُڑا دینا (جیسے : to shoot a wad of money) ۔ (کھیل) گیند وغیرہ کو تیزی اور پھرتی سے گول کی طرف مار پھینکنا یا اس طرح مار پھینک کر گول کر لینا (جیسے : to shot a goal) ۔ (گالف) کھیلنا ۔ (مساحت) بلندی معلوم کرنا یا اس کا تعین کرنا ۔ (فعل لازم) نشانہ باندھنا ؛ میزائل ہتھیار میں سے داغنا ، میزائل یا گولی کا داغا جانا ؛ تیزی سے یا اچانک حرکت کرنا یا نکلنا (جیسے : sparks which shoot upward) ؛ زمین سے نکلنا ، پھوٹ پڑنا ؛ اگنا ، پھوٹنا ؛ پھوٹ نکلنا ؛ کھِلنا ؛ شاخ نکالنا (بعد میں عموماً up لگاتے ہیں) ؛ آگے کو نکل جانا ؛ پھیل جانا ؛ باہر کو نکل آنا (جیسے : a capewhich shoots into the sea) ؛ بندوق سے شکار مارنا ؛ تصویر اتارنا یا متحرک کیمرے سے تصویر لی جانا ؛ چٹخنی کا کھٹکے میں جا پھنسنا ؛ جلدی جلدی بات بتانا ۔ (کھیل) گیند ، پانسہ وغیرہ کو گول یا دوسرے کھلاڑی کی طرف پھینکنا ، بڑھانا ؛ چُپ توڑ کر اطلاعات فراہم کرنا (فعل امر کے طور پر استعمال ہوتا ہے) ۔ (اسم) درخت وغیرہ کی کوئی پھوٹ یا شاخ ؛ شاخ ساری کی مقدار ؛ کسی درخت یا اس کی شاخ ، بیج ، گٹھلی وغیرہ سے نئی پھوٹتی ہوئی کونپل وغیرہ ۔ (جنگلات) تین فٹ سے کم اونچا پودا ؛ گولی چلانے کا عمل ؛ شکار پر جانے کی مہم ؛ کسی خاص رقبے میں شکار کھیلنے کا حق ، اجازت یا وہ رقبہ ؛ نشانہ بازی کا مقابلہ ؛ تیز اور فوری حرکت ؛ وقتی جان ماری یا سرتوڑ کوشش ؛ چٹکی (چبھن) ؛ اچھال یا پھینک/انداخت ؛ تیز بہاؤ (پانی کا کسی تنگ نالے میں سے) ؛ سلامی ؛ سرنگ یا اس جیسی کوئی چیز ، کوئلے ، کچ دھات اناج وغیرہ کو بہت نیچے پہنچانے کے لیے ؛ ڈھلوانی ندی ۔ (کشتی رانی) چپو مارنے کے درمیانی وقفے میں کشتی کا خود بخود آگے بڑھنے کا عمل ۔

shoot at, shoot for, آرزومند ہونا ؛ کسی شے کے حصول کی تمنا کرنا ۔

shoot down, مار گرانا (کسی اڑتی ہوئی چیز کو) (جیسے : to shoot down a dove) ۔ (عوامی) کھنڈت ڈالنا ؛ مزاحم ہونا (جیسے : to shoot down an idea) ۔

shoot off one's mouth, بہت اور بے سُری باتیں کرنا ۔

shoot in breeze, بے تکی یا بے معنی باتیں کرنا ۔

shoot the bull, شیخی مارنا یا مبالغہ آرائی کرنا ۔

shoot the works, کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرنا ۔

shoot up, دنوں میں بڑھنا ؛ تیزی سے بڑھنا ۔ (بول چال) مار دھاڑ سے کسی کو لنگڑا کرنا یا نقصان پہنچانا یا کسی علاقے میں دہشت پھیلانا (جیسے : to shoot up a bar) ۔

shooter, n. بندوق چلانے والا ؛ تیزی سے کشتی کو دھارے سے نکال لے جانے والا وغیرہ ۔

shooting, n. شکار ؛ شکار کھیلنے کا عمل ، فائر کرنے کا عمل ؛ فائر ؛ متعلق بہ شکار ؛ فلم بندی ؛ عکس بندی ۔

shooting gallery, n. نشانہ بازی کی مشق کرنے کے لیے بنائی گئی جگہ جیسے تفریح گاہوں میں ۔

shooting iron, n. (عوامی) آتشیں اسلحہ ۔

shooting script, n. مسودہ فلم بندی ؛ کسی فلم وغیرہ کا وہ مسودہ جس پر عکس بندی کی آخری ترتیب دی گئی ہو ۔

shooting star, n. شہاب ثاقب ؛ ٹوٹتا تارا ۔ (نباتیات) شمالی امریکا کی ایک موسمی بوٹی جو آغاز بہار میں پھولتی ہے ۔

shooting stick, n. نشستی چھڑی ؛ ایک قسم کی چھڑی جس کے بالائی سرے پر ایک تہ ہو جانے والی نشست ہوتی ہے اور دوسرا سرا نوکیلا ہوتا ہے جسے زمین میں گاڑ کر وقتی طور پر اس پر بیٹھا جا سکتا ہے ۔ (طباعت) لکڑی یا لوہے وغیرہ کا آلہ جس کے ذریعے آہنی حروف کو ان کی نشست میں ضرورت کے مطابق تنگ یا کشادہ کیا جاتا ہے ۔

shoot-the-chutes, n. میلوں تماشوں میں ایک قسم کی سواری ۔ اس میں کشتی نما سیٹوں پر تماشائی بیٹھ جاتے ہیں اور ان کو ایک ڈھلوان کی طرف دھکیل دیا جاتا ہے جو پانی کے ایک وسیع قطع کے پار پھسلواں ڈھال ہی پر ختم ہوتا ہے ۔ نیز : Chute-the-chutes ۔

shop, n. دکان ؛ کاروبار کی جگہ یا ایک عمارت یا کمرہ جہاں اشیا بنائی ، تیار یا فروخت کی جاتی ہیں ؛ عمارت یا کمرہ جو سامان کی فروخت کے لیے مخصوص ہو ؛ اسٹور یا اسٹور کا سلسلہ جو ایک مخصوص قسم کا سامان فروخت کرتا ہو ۔ نیز : shoppe ؛ عمارت یا کمرہ جو دست کاری یا میکانی صنعت کے لیے علیحدہ کر دیا گیا ہو ؛ ورک شاپ ، کسی کے کاروبار یا پیشے کی جگہ ؛ کسی شخص کے تجارتی یا پیشہ ورانہ امور یا کام سے متعلق یا جیسے ان کی بابت گفتگو (جیسے : to talk shop) ؛ مشین ، اوزار یا کسی مخصوص مہارت میں کام کرنے کی تعلیم و تربیت ؛ وہ جگہ جہاں اس قسم کا درس دیا جاتا ہو ۔ (فعل لازم و متعدی) بیچنے کے لیے رکھی گئی اشیا کی تلاش ، معائنے یا ان کی خریداری کے لیے جانا ؛ دکانوں میں اشیا کا خریداری کے لیے معائنہ کرنا یا ان پر نظر ڈالنا ۔ (برطانوی بولی) کسی عمارت میں بند کر دینا ؛ قید کردینا ؛ جیل میں ڈال دینا ؛ گرفتار کر لینا ؛ غداری کرنا ؛ مخبری کرنا ۔

shopkeeper, n. دکان دار ؛ وہ شخص جو دکان میں اپنا مال فروخت کرتا ہے ؛ کاروباری شخص ۔

shoplifter, n. دکان چور ؛ دکان میں سے آ کر مال اڑا لے جانے والا (گاہک کے روپ میں) ۔

shoplifting, n. دکان میں چوری ۔

shopper, n. گاہک ؛ خریدار ؛ دکان سے سودا لینے والا ؛ دکان کا معائنہ کرنے والا ؛ خریداری کرنے یا دوسروں یا آجر کے لیے قیمتوں کا تقابلی جائزہ لینے والا ۔

shopping bag, n. خریداری تھیلا ؛ سودا سلف کے لیے تھیلا (کاغذ، جال ، نائلون وغیرہ کا) جس میں دستے بھی ہوتے ہیں اور خریدار اپنا خرید کردہ سامان اس میں رکھ کر گھر لاتے ہیں ، برطانیہ میں اس کو carrier bag کہا جاتا ہے ۔

shop steward, shop chairman, n. سوداکار ؛ یونین کا وہ رکن جسے اس کے ساتھیوں نے انتظامیہ سے بات چیت کرنے کے لیے چُنا ہو ۔

shoptalk, n. کسی کاروبار یا پیشے کی مخصوص اصطلاحات یا ان پر مبنی باہمی گفتگو ؛ ان اصطلاحوں میں کسی شخص کے کام کے متعلق گفتگو ،بالخصوص اوقات کار کے بعد ۔

shopworn, a. دکان میں پڑے پڑے یا روزمرہ چھونے سے خراب ، بدنما یا نقصان زدہ ہو جانے والا سامان ۔ (مجازاً) گھسے پٹے الفاظ (جیسے : shopworn expression) ۔

shoran, n. شوران ؛ صحیح صحیح سمت معلوم کرنے کا ریڈاری نظام جو ہوا بازی اور میزائل کی رہبری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

shore, n. ساحل (دریا ، سمندر وغیرہ کا) ؛ سمندر ، بحیرہ ، جھیل یا دریا سے بالکل متصل زمین ؛ کسی معقول قطعہ آب کے کنارے والی اراضی ؛ کنار آب (جیسے : The sailor served on shore) ؛ زمین ، ارض وطن کے معنوں میں (جیسے : native shores) ۔ (صفت) لب آب ؛ زمین کا یا اس سے متعلق (جیسے : The sailor had shore duty) ۔

shoreline, n. خط ساحل ؛ جہاز راں کمپنی ۔

shore, n. ٹیک ؛ ٹیکن ؛ سہارا ؛ آسرا ؛ کسی چیز کو وقتی طور پر سہارا دینے کے لیے بنائی گئی کوئی شے (جو عموماً اس شے کے ساتھ ترچھی ٹکائی جاتی ہے) ۔ (فعل متعدی) سہارے یا سہاروں سے ٹیک دینا (عموماً بعد میں up لگاتے ہیں ، جیسے : to shore up a building) ۔

shore bird, n. ساحل آب پر رہنے والے پرندے یا پرندوں میں سے کوئی ایک ؛ پلوور یا ٹٹیری جیسے پرندوں میں سے کوئی ایک جن کی مرغوب رہایش گاہ ساحل سمندر ہے ۔

shore dinner, n. دریائی خوردنی اشیا پر مشتمل طعام ۔

shore leave, n. جہاز میں ڈیوٹی دینے والے ملازموں کو ساحل پر کچھ وقت گزارنے کے لیے دی گئی چُھٹی (جس میں وہ اپنے گھروں کو نہیں جا سکتے اگر وہ گھر ساحل سے دور ہوں) ۔

shore patrol, n. ریاستہائے متحدہ امریکا کی بحریہ ، میرین کور اور کوسٹ گارڈ کے وہ دستے جو بطور پولیس ساحلی علاقے پر نگرانی کے لیے متعین کیے گئے ہوں ۔

shoring, n. ٹیکوں سے بنا ہوا سہارا ؛ تھم ٹیک ؛ کوئی ٹیک ؛ ٹیکوں کا مجموعہ ؛ سہاروں سے ٹیک دینے کا عمل ۔

short, a. چھوٹا ؛ کوتاہ ؛ پست قامت ؛ کم عمر ؛ کم وقت ؛

مختصر ؛ مجمل ؛ روکھا (جیسے : a short answer) ؛ زود فراموش (جیسے : a short memory) ؛ کسی حد تک نہ جا سکنے والا ؛ تھوڑا ؛ ناکافی ؛ مناسب وزن یا مقدار سے کم (جیسے : short weight, in short supply) ؛ کم مہیا کیا گیا (بعد میں on لگاتے ہیں ، جیسے : short on equipment) ؛ معقول یا مناسب مقدار یا رقم نہ رکھنے والا (جیسے : to be short of money) ؛ خستہ (منہ میں جلد گھل جانے والا) ۔ (فلزیات) زود گسل اور بے لوچ (دھات وغیرہ) ؛ پھوٹک اور بھربھرا ۔ (مالیات) فروخت کی جانے والی اشیا کی ملکیت سے عاری ؛ ایسی اشیا کے متعلق ۔ (صوتیات) حرف علت کی تقصیر (یعنی اسے زیادہ لٹکا یا بڑھا کر ادا نہ کرنے کا عمل جیسے din میں بمقابلہ dine کے) ۔ (عروض) کوتاہ یا بے زور (جیسے : a short syllable) ۔

short of, کم تر یا کسی سے کم (جیسے : His escape was nothing short of a miracle) ۔

shortish, a. چھوٹا سا ؛ ننھا سا ؛ مختصر سا ؛ ذرا سا ۔

short, adv یک دم ؛ اچانک ؛ مطلوبہ معیار سے یا حد سے کم (جیسے : to cut short ، to fall short) ؛ مال پاس نہ ہوتے ہوئے سودا بازی (جیسے : to sell short) ؛ سودا کاری بلا مال ۔

short, n. قلت ؛ کمیابی ؛ کمی ۔ (جمع) نیکر ؛ چھانٹ ؛ مصنوعاتی عمل سے بچی ہوئی پس ماند ، دھجیاں وغیرہ ؛ چھوٹا رکن ۔ (صوتیات) چھوٹی آواز ۔ (فلم) کسی فلمی پروگرام کے ساتھ اضافی دکھائی جانے والی مختصر سی دستاویزی فلم ۔ (مالیات) ہاتھ میں مال یا تمسکات نہ ہوتے ہوئے سودا بازی کرنے والا یا یوں کی گئی سودا بازی ؛ بلا مال فروش کار ؛ اس طرح بیچے ہوئے تمسّک ۔

for short, مختصراً (مجملاً) ۔

in short, قصہ کوتاہ ؛ الغرض ؛ قصہ مختصر ۔

shortness, n. کمی ؛ تخفیف ؛ چھٹائی ؛ چھوٹا پن ؛ تنگی ، قلت ؛ اختصار ۔

short, v.t.,v.i. دھوکا دینا جیسے طے شدہ رقم یا مقدار سے کم ارسال کرنا ؛ قصر دور کرنا ۔

short account, n. بلا مال کے فروش کار کا حساب کتاب ؛ کسی مخصوص جنس یا تمسک یا بازار میں اس طرح کی گئی کل فروخت ۔

shortage, n. کسی قسم کی کمی ؛ رقم جو کم یا موجود نہ ہو ؛ وہ رقم جس کی کمی ہو ۔

short ballot, n. مختصر انتخاب ؛ ووٹ ڈالنے کا وہ طریقہ جس میں صرف اہم منصبوں کے لیے ہی ووٹ ڈلوائے جاتے ہیں جب کہ دوسرے منصبوں کو تقرریوں کے لیے کھلا چھوڑ دیا جاتا ہے ؛ چھوٹا انتخاب ۔

shortbread, n. مکھن وغیرہ کی آمیزش سے تیار کیا گیا موٹا کلچہ یا کیک ۔

shortcake, n. مرغن کیک ؛ پھیکا بسکٹ ۔

short-change, v.t. (بول چال) کسی سکے کی مطلوبہ مقدار سے کم مبادل رقم دینا ؛ دھوکا دینا ۔

short-changer, n. صرّاف ۔

short circuit, n. (برق) قصر دَور ؛ وہ نسبتاً کم مزاحمت والا بغلی سرکٹ جو زیادہ مزاحمت والے برقی سرکٹ کے دو نقطوں کے درمیان بن جاتا ہے اور جس سے کبھی کبھی بہت زیادہ برقی رو بہ نکلتی ہے ؛ شارٹ سرکٹ ۔ (فعل متعدی) کہیں شارٹ سرکٹ مہیا کرنا ؛ شارٹ سرکٹ کا کام دیتے ہوئے تحمیل رَو کرنا (جس طرح کوئی موصل کرتا ہے) ؛ شارٹ سرکٹ قائم کر کے قطع کر دینا ۔ (بول چال) نظر انداز کرنا ؛ بات کا رخ بدل دینا یا کترا کر گزرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ۔ (فعل لازم) (برق) قصر دَور ہونا ۔

shortcoming, n. کسی مطلوبہ مقدار یا رقم تک پہنچنے میں ناکامی ؛ کمی ؛ اپنا فرض ادا کرنے میں کوتاہی ؛ خامی ۔

short covering, n. (کاروبار ، مالیات) عارضی (وقتی) چارہ سازی ؛ تمسکات یا کسی جنس کے اس قدر حصص ، مقدار خرید لینا جس سے بلا مال سودا کاری سے معاہدے کی ذمہ داریاں پوری کی جا سکیں ۔

shortcut, n. کوتاہ راہی ؛ مختصر راستہ ؛ چھوٹی راہ ؛ وہ طریقہ جس سے کوئی کام یا ذمہ داری تھوڑے وقت یا تردد سے پایہ تکمیل کو پہنچ سکے ؛ آسان راہ ۔ (فعل متعدی) آسان راستہ اختیار کرنا ؛ کوتاہ راہی کرنا ۔ (صفت) کوتاہ راَہ ۔

short division, n. (ریاضی) زبانی تقسیم ؛ کاغذ پنسل کا سہارا لیے بغیر کی گئی تقسیم ۔

shorten, v.t. چھوٹا کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ کوتاہ کرنا ؛ کم کرنا یا گھٹا دینا جیسے حد کو یا رقم کو ؛ لپیٹ دینا جیسے بادبان کو ؛ روغن اور مسالے لگا کر کسی خوردنی شے کو خستہ اور لذیذ بنانا جیسے پیسٹری کو ۔ (فعل لازم) چھوٹا یا زیادہ چھوٹا ہو جانا ۔

shortener, n. چھوٹا یا مختصر کرنے والا ۔

shortening, n. چھوٹا کرنے یا ہونے کا عمل ۔ (لسانیات) کسی لفظ کے ابتدائی یا آخری حصے کو گرا کر اس لفظ کا اختصار یا ترخیم ؛ مکھن ، چربی وغیرہ لگا کر پیسٹری کو خستہ بنانے کا عمل ۔

short-hand, n. مختصر نویسی ؛ زود نویسی ؛ شارٹ ہینڈ ؛ تحریر کا وہ نظام جس میں حرفوں اور لفظوں کی جگہ مخصوص اشاراتی لکیروں سے کام لیا جاتا ہے ؛ اسٹینوگرافی ؛ زود نویسی ۔

short-handed, a. جس کے پاس یا جہاں عملہ پورا یا ضرورت کے مطابق نہ ہو ۔

short-handedness, n. قلت عملہ ۔

Short-horn, Durham, n. چھوٹے سینگوں والی جانوروں کی ایک نسل جن کا دودھ اور گوشت دونوں استعمال کیے جاتے ہیں ، ابتداً ان کا تعلق شمالی انگلستان سے تھا ۔

short-horned, grass hopper, n. ایک قسم کا ٹڈا جس کی مونچھیں اس کے جسم کی طوالت سے چھوٹی ہوتی ہیں ۔ دیکھیے : locust ۔

short interest, n. (مالیات) تمسکات یا اجناس کا سٹہ ۔ دیکھیے : short account ۔

short line, n. چھوٹا راستہ (رُوٹ) ؛ بس کمپنی یا ہوائی جہاز کا نسبتاً چھوٹا راستہ ؛ کسی بیوپاری کے کھاتے کے ان حصص کی تعداد جن کی بلا مال فروخت کر دی گئی ہو ۔ (ریلوے) ان دو اسٹیشنوں کے درمیان کا سب سے چھوٹا راستہ جہاں سے ریل شروع ہوتی ہو اور جہاں اس کا اختتام ہوتا ہو ۔

short-lived, a. مستعجل ؛ چند روزہ ؛ کم معیاد ؛ ناپائدار ؛

قلیل الحیات ۔
short-livedness, n. قلیل الحیاتی ۔
shortly, adv. تھوڑے عرصے (وقت) میں ؛جلد ہی؛ مختصراً ؛ مجملاً ؛ دو لفظوں میں۔
shortness, n. اختصار ؛ چھوٹا پن ؛ تنگی ۔
short order, n. زود حاضر : وہ چیز جو ریسٹوران میں فوراً تیار کر کے پیش کی جا سکتی ہو ؛ بلاتاخیر حاضر ۔
in short order, بلا تاخیر ؛ فی الفور ۔
short ribs, n. غائب پسلیاں ؛ ضلع کاذب ؛ وہ پسلیاں جو درمیانی ہڈی سے پیوست نہیں ہوتیں ؛ معلق پسلیاں ؛ گوشت کا ان پسلیوں والا حصہ ؛ چھوٹی پسلیاں ۔
short sharift, n. قلیل مہلت ؛ آخری مہلت ؛ موت کی سزا پا جانے سے پہلے کسی عیسائی قیدی کو دی جانے والی وہ مہلت جس میں وہ اعتراف گناہ کر کے (مذہباً) معافی پا سکتا ہے ؛ سرسری توجہ ، ترس یا خیال (کسی شخص یا صورت حال کی طرف مبذول کردہ) ۔
short-sighted, a. نزدیک بین ؛ کوتاہ نظر ؛ تنگ نظر ؛ وہ شخص یا اقدام یا سوچ وغیرہ جس میں دور اندیشی کا فقدان ہو (جیسے : a short sighted policy) ۔
short-sight, n. تنگ نظر ،عاقبت نا اندیش ۔
short-sightedly, adv. تنگ نظرانہ ۔
short-sightedness, n. تنگ نظری ، کوتاہ بینی ۔
short snorter, n. وہ شخص جو کسی ایسے غیر رسمی سے کلب کا رکن ہو جس کی رکنیت صرف ان لوگوں پر کھلی ہوتی ہے جنھوں نے سمندر پار کا ہوائی سفر کیا ہوا ہو ؛ وہ نوٹ جس پر کلب کے ممبروں کے تصدیقی دستخط ہوں اور جو رکنیت کے تصدیق نامے کا درجہ رکھتا ہے ۔
short-spoken, a. مختصر گو ؛ روکھا ؛ گفتگو میں غیر شایستہ ۔
shortstop, n. (بیس بال) دفاعی کھلاڑی (جسے دوسرے اور تیسرے گھر کے درمیان کھڑا کیا جاتا ہے) ؛ وہ حلقہ جو اس کے دائرہ کار میں ہو ۔ (عکاسی) اجاگر ، روک محلول ۔
short story, n. چھوٹی کہانی ؛ دس ہزار لفظوں کے اندر اندر لکھی گئی کہانی ؛ مختصر افسانہ ۔
short-tempered, a. زود رنج ؛ تنک مزاج ۔
short-term, a. کم میعادی ؛ قلیل المدتی ؛ مختصر عرصے میں قابل ادائیگی ؛ مختصر عرصے یعنی ایک سال کے اندر واجب الادا ہو جانے والے قرضے یا تمسکات ۔
short-wave, n. (ریڈیو) ایک برقناطیسی لہر جو میعاری نشری بینڈ والی لہر سے چھوٹی ہوتی ہے ؛ اس کی لمبائی ساٹھ میٹر سے زیادہ نہیں ہوتی ؛ مختصر طول موج ۔
shortwave, a. چھوٹی لہر کا ؛ مختصر طول موج کا ۔
short-winded, a. جس کی تھوڑی سی جسمانی محنت میں سانس پھول جاتی ہو ؛ ضیق الدم ۔
Shoshoni, Shoshone, n. ایک بڑا امریکی انڈین قبیلہ جو ایک وقت میں کیلی فورنیا اور پانچ دیگر ریاستوں میں پھیلا ہوا تھا ؛ اس قبیلے کا کوئی فرد ؛ اس قبیلے کی زبان ۔
shot, n. شاٹ ؛ گولہ ؛ نشانہ ؛ آتشیں ہتھیار یا دوسرے میزائلی ہتھیار کا اخراج ؛ میزائل ، گولہ یا گولی توپ خانے سے چلانے کا عمل ؛ سیسے کے گول چھوٹے ٹکڑے جو کسی ہوائی بندوق وغیرہ میں استعمال کیے جائیں ؛ چھرا ؛ میزائل کی پرواز ، پہنچ یا اس کا فاصلہ ؛ نشانہ باز ؛ نشانچی ؛ کھیل کے مقابلے میں پھینکا گیا یا جانے والا دھات کا بھاری گولا ؛ گول کرنے یا نمبر جیتنے کے لیے بعض کھیلوں میں لگی یا لگائی گئی ضرب ؛ کوئی کوشش یا قیاس آرائی (جیسے : taking a shot at finding the error) ؛ کسی کے دل میں چبھ جانے والا جملہ ۔ (بول چال) کسی دوا کا لگایا گیا زیر جلدی انجکشن (جیسے : a rabies shot) ؛ شراب وغیرہ کی ایک اونس کے لگ بھگ ایک ہی گھونٹ میں چڑھائی جانے والی مقدار ۔ (عکاسی) کسی جگہ یا شخص کی فوری تصویر لینے یا کیمرے کو تصویر لینے کے لیے روشنی کے سامنے کرنے کا عمل ؛ فلم یا ٹی وی کے لیے ایک منظر یا اکائی کی اتاری گئی تصویر ؛ جوئے میں شرط کاری کا موقع (جیسے : to bet on a horse that is a 10 to 1 shot) ۔ (جہاز رانی) نوے فٹ یا پندرہ فیدم زنجیر یا تار کی لمبائی ۔ (فلزیات) چھرّا (بارود بغیر چھوٹی سی دھاتی گولی) ؛ چٹان وغیرہ کو بھک سے اڑانے کے لیے بارود کی اس مقصد کے لیے تیار رکھی گئی مقدار ۔ (فعل متعدی) بارود بھرنا(آگ لگانے کے لیے) ؛ گولی یا چھرا بھرنا ؛ وزن بڑھانے کے لیے بھرنا ۔ (فعل لازم) گولیاں یا چھرے بھرنا ؛ چھرّوں سے بھاری کرنا ۔
call one's shots, اپنے طریق کار کی پہلے ہی سے وضاحت کر دینا ۔
call the shots, (عوامی) آنے والے واقعات کو من مانا موڑ دینے کے قابل ہونا (جیسے : being in a position where he can call the shots) ۔
like a shot, گولی کی طرح (یزی کے ساتھ) ؛ فوراً ۔
by a long shot, (عوامی) ہر گز نہیں ؛ قطعاً نہیں ۔
shot in the arm, (عوامی) رگوں میں خون دوڑا دینے والی بات (جیسے : Receiving the promotion was a shot in the arm for him) ۔
shot in the dark, (عوامی) تیر تکا ؛ قیاس محض ۔
shot, a. بدلتے رنگ والا (اس کپڑے کی مانند جس کا تانا ایک رنگ کا ہو اور بانا کسی اور رنگ کا اور بنے جانے کے بعد دونوں کے ملاپ سے مختلف رنگ بن جائے) ؛ دھوپ چھاؤں ؛ متنوع (متلون) ؛ بوقلمون ؛ ملے جلے(جیسے : brown hair shot with silver) ؛ سرایت کیے ہوئے (جیسے : a sermon shot through with humor ، بعد میں عموماً with لگایا جاتا ہے)۔ (بول چال) بالکل رہ گیا ہوا ؛ تباہ شدہ ۔ (عوامی) خوب پیے ہوئے (جیسے : He was half shot) ؛ مدہوش ۔
shot-gun, n. دو نالی بندوق : تھوڑے فاصلے سے مار کرنے والی بندوق جو عموماً دو نالی ہوتی ہے ۔ (صفت) دو نالی بندوق سے متعلق یا اس کی طرح ؛ طاقت کے بل بوتے پر ؛ کسی بہت بڑے علاقے میں بلا امتیاز یا تیر تکے کی سی کیفیت میں ، (جیسے : to prescribe a shotgun remedy) ۔ (فعل متعدی) دو نالی بندوق سے کسی کو نشانہ بنانا ؛ کسی پر جبر کرنا ۔
shotgun wedding, shotgun marriage, n. جبری شادی ؛ عورت کے حاملہ ہو جانے پر مجبوراً شادی ؛ حالات کا پیدا کردہ الحاق ، معاہدہ یا سمجھوتا (جیسے : the joining of the two political factions was more or less a shotgun marriage) ۔
shot hole, n. ڈائنا مائیٹ بھرنے کے لیے کیا گیا سوراخ ؛ کسی کیڑے کا لکڑی میں کیا گیا سوراخ ۔ (نباتیات) پتوں میں پیدا ہو

جانے والا ایک عارضہ جس سے ان میں چھید ہو جاتے ہیں ؛ چھید روگ ؛ سوراخ کن روگ ۔

shot put, n. گولہ اندازی ؛ کھیل کے مقابلوں میں لوہے کا بھاری سا گولہ دور تر پھینکنے کا مقابلہ ؛ ایک مرتبہ کی گولہ اندازی ۔

shot-putter, n. گولہ پھینکنے والا ؛ گولہ انداز ۔

short-putting, n. گولہ اندازی ۔

shotten, a. ہیرنگ مچھلی کا اخراج جھول ؛ تخم اندازی ۔

should aux .v. shall کی حالتِ ماضی جسے بالواسطہ اظہار میں برتا جاتا ہے (جیسے : He told me I should never fail) ؛ نیز (۱) اگر (جیسے : She will laugh if I should fall) ؛ (۲) چاہیے کے معنوں میں (جیسے : I shall go home now) ؛ (۳) کوتاہی کا اظہار (جیسے : I should have gone home an hour ago) ؛ (۴) اظہار حیرت و تعجب کے لیے (جیسے : who should appear but my father) ؛ (۵) اظہار امکان اور توقع میں (جیسے : She should arrive tomorrow) ؛ (۶) کسی حکم ، مشورے یا رائے کو نرم کرنے میں (جیسے : I should think you had had enough to eat) ۔ (بول چال) (۷) طنزیہ لہجے میں برعکس اظہار کے لیے (جیسے : with grades like mine, I should talk) ؛ (۸) استفہامی ہدایت طلبی یا موزونیت فہمی اور یہ جاننے کے لیے کہ آیا یوں قدم اٹھانا میرا فرض ہے (جیسے : should I apologize ?) ۔

shoulder, n. شانہ ؛ کاندھا ؛ مونڈھا ، کھوا ؛ دوش ؛ وہ جوڑ جس سے انسان کا بازو یا ممیل جانوروں کا اگلا پاؤں جسم سے ملتا ہے ؛ کندھا یا اس کے عضلات اور ہڈیاں ۔ (جمع) ہر دو شانے بشمول اس سارے حصے کے جو گردن سے نیچے دونوں کے مابین ہے ؛ مویشی کی اگلی ٹانگ کے بالائی جوڑ والا حصہ ؛ کوئی سا کسی چیز کا ابھرا ہوا حصہ (جیسے : the shoulder of a hill) ؛ کندھوں کو ڈھانپنے والا لباس کا حصہ ؛ حیوانی کھال کا اگلا حصہ ؛ سڑک کے ساتھ ساتھ جاتی ہوئی کچی پٹی ۔ (طباعت) ٹائپ بلاک کی بالائی سطح جو حرف کے نچلے حصے سے آگے تک شمار ہوتی ہے ۔ (فعل متعدی) کاندھا مارنا یا مارتے ہوئے گزرنا ؛ دھکا یا ٹھوکا دینا ؛ کندھے سے دھکا دینا ؛ کندھا مارنا ؛ کاندھوں پر اٹھا لینا ؛ کوئی بوجھ یا ذمہ داری اٹھا لینا ۔ (فعل لازم) ہجوم میں سے کاندھا مارتے ہوئے گزر جانا ۔

cry on one's shoulders, (کسی کے کاندھوں پر سر رکھ کر) اپنے درد دل کا حال کہنا ؛ ڈھارس چاہنا ۔

put one's shoulder to the wheel, تندہی سے کام کرنا ؛ خوب محنت کرنا ۔

rub shoulder with, کسی کے ساتھ ربط بڑھانا ؛ گھل مل جانا ۔

shoulder arms, (عسکری) بندوق کو کاندھے کے سہارے ٹکانا (کُندے کے پچھلے حصے کو ہاتھ کی گرفت میں لے کر بازو کو زمین کے متوازی بناتے ہوئے) ۔

shoulder to shoulder, شانہ بشانہ ؛ باہم مل جل کر ۔

straight from the shoulder, صاف صاف ؛ لگی لپٹی کے بغیر ؛ صاف گوئی سے ؛ بلاواسطہ ؛ سیدھا سیدھا ۔

shoulder blade, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) کاندھے کی ہڈی (جو تکونی اور چپٹی ہوتی ہے اور پشت کی بالائی جانب دونوں طرف ٹٹولی جا سکتی ہے) ، اس کے حلقے یا گھیر میں بازو کے بالائی حصے کا گولا ہوتا ہے ؛ دوسرے فقری/ریڑھ والے جانوروں میں اسی قسم کی ہڈی ۔

shoulder board, shoulder mark, n. (عسکری) کندھ پٹی ؛ شانچی ؛ وہ پٹی جو ریاستہائے متحدہ امریکا کی بحریہ اور کوسٹ گارڈ کے افسروں کے فوجی لباس پر شانے کے دونوں جانب ٹنکی ہوتی ہوتی ہے اور اس پر عہدے اور شاخ وغیرہ کی علامت پیوست ہوتی ہے ، اس قسم کی پٹی برّی اور فضائی افواج کے بعض رسمی ملبوسات پر بھی لگی ہوتی ہے ۔

shoulder girdle, pectoral girdle, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) وہ قوس نما سی لچکیلی ہڈی جس کے ساتھ ریڑھ والے جانداروں کے پیش بازو وابستہ ہوتے ہیں ۔

shoulder knot, n. ربن یا فیتے کی سجاوٹی گرہ جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں شانے پر ڈالنے کا رواج تھا ، بالخصوص مردوں میں ؛ ایک گندھی ہوئی سی ڈوری جو پہننے والے کے سپرد کیے گئے فرض کی طرف اشارہ کرتی ہے اور فوجی عملہ اسے تقریبات کی مناسبت سے دائیں یا بائیں شانے پر سجا لیتا ہے ۔

shoulder mark, n. دیکھیے : Shoulder board ۔

shoulder patch, shoulder emblem, n. (عسکری) شانہ پٹی ؛ کپڑے کی بنی ہوئی شناخت پٹی جس پر فوجی یونٹ کا علامتی نشان بنا ہوتا ہے ، اسے بائیں آستین پر ٹانکا جاتا ہے جیسے فوجی لباس کے کوٹ یا قمیص پر شانے کی سیون سے ادھے انچ نیچے لگاتے ہیں ؛ اس قسم کا علامتی نشان جو سمندر پار جانے والے فوجیوں کے لگا ہوتا تھا جو میدان جنگ میں ہوتے تھے ، بالخصوص دوسری عالمگیر جنگ میں اسے دائیں آستین پر سجایا جاتا تھا ۔

shouldn't, should not کا مرخم ۔

shout, n. چلاہٹ ؛ ایک دم بہت اونچی آواز ، گرج ۔ (فعل متعدی و لازم) نعرہ بلند کرنا ؛ انبساط ، فتح ، خوف وغیرہ کا اظہار کرنا ؛ گرج کر بولنا ؛ کڑک کر بولنا ؛ گرجنا ، کڑکنا (کسی آدمی کا) ۔

shouter, n. چیخنے والا ۔

shouting distance, n. اونچی آواز تک کا فاصلہ (پہلے within لگاتے ہیں) ۔

shove, v.t. دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ کسی شے کے ساتھ دبا دینا ؛ دھکم پیل کرنا ؛ جھونکنا ۔ (فعل لازم) زور لگا کر راستہ بنانا یا آگے نکلتے جانا ۔ (اسم) دھکم دھکا ؛ دھکم پیل ۔

shove off, ساحل سے کشتی کو دھکیل لے جانا ۔ (عوامی) چل دینا ؛ چھوڑ دینا ۔

shovel n. جھونک ، بیلچہ ؛ کرچھا ؛ پھاوڑا ؛ مٹی ، کوڑا ، کوئلہ ، ریت وغیرہ اکٹھا کرنے ، پھینکنے یا ہٹانے کے کام آنے والا ایسا اوزار جس کا بلیڈ خالی یا اتھلی شکل کا ہوتا ہے جس میں لانبا دستہ لگا رہتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) بیلچے وغیرہ کے ساتھ اٹھا کر پھینکنا ، بیلچے سے صفائی کرنا جیسے راستے کی ؛ بیلچے سے کام کرنا ؛ یوں کام کرنا جیسے بیلچہ برتا گیا ہو ۔

shovel bill, n. (طیوریات) عام بطخ ۔

shoveler, shoveller, shovelbill, n. بیلچہ چلانے والا ؛ چپٹی چونچ والی عام بطخ ؛ جس کی چونچ بیلچے کی طرح ہوتی ہے ؛ چنیا بطخ ۔

shovelful, n. بیلچہ بھر ۔

shovel hat, n. بیلچے نما ٹوپی ؛ بیلچے کی شکل کی

چوڑے لیکن قدرے اوپر کو مڑے ہوئے کناروں والی ٹوپی جو بعض پادری بالخصوص انگلستان کے پہنتے ہیں ۔

shovelhead, n. سنگ ماہی کی ایک نوع ؛ شارک کی ایک قسم ۔

shovelnose, n. شارک وغیرہ کی طرح لمبوتری تھوتھنی والا کوئی جاندار ؛ امریکی سنگ ماہی ۔

shovel-nosed, a.. لمبی تھوتھنی والا ۔

show, v.t. ظاہر کرنا ؛ دکھانا ؛ پیش کرنا ؛ راستہ دکھانا ؛ کسی شے کو دکھانا یا نظر کے سامنے پیش کرنا ؛ دیکھنے کے لیے پیش کرنا ؛ تفریح کے لیے کسی چیز کو دکھلانا یا نمایش کرنا ؛ فروخت کے واسطے کسی چیز کی نمایش کرنا ؛ رہنمائی کرنا ، راستہ دکھانا یا ہم رکابی کرنا ؛ اطلاع دینے کے لیے اشارہ کرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ ثابت کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ ذہن نشین کرنا یا قول یا فعل سے واضح کر دینا ؛ بخشنا یا عطا کرنا (جیسے : to show favor) ۔ (قانون) کسی عدالتی دستاویز (تحریر) میں کسی پر کوئی الزام لگانا یا دعویٰ کرنا ۔ (فعل لازم) دیکھنے میں آنا ؛ نمایاں ہونا ؛ خاص انداز میں کہیں سامنے آنا یا آنے کا اہتمام کرنا (جیسے : to show to advantage) ؛ بعض قسم کی دوڑوں میں تیسرے درجے پر آنا ؛ نمایش کرنا ؛ دکھاوا کرنا یا کر کے دکھانا ؛ کرتب یا کمال فن دکھانا ۔ (بول چال) شکل دکھانا (بعد میں up لگاتے ہیں ، جیسے : I waited but he did not show up) ۔ (اسم) نمایش ، مظاہرہ یا کرتب ؛ نمایش ، مظاہرے یا ہنر کا کوئی عمل (جیسے : a show of hands) ؛ ریڈیو ، ٹی وی وغیرہ کا کوئی (غیر معلوماتی) پروگرام یا شو ؛ کسی سینما وغیرہ میں لگی ہوئی کوئی فلم یا کوئی تمثیلی کھیل ؛ تھیئٹر یا کمپنی جو اس قسم کی تفریحات پیش کرتی ہوں ؛ وہ نمود یا نمایش جس سے دانستہ یا نادانستہ طور پر کوئی مخصوص تاثر پیدا ہوتا ہو ، جیسے شان و شوکت ، مرعوبیت یا تصنع ، حماقت یا غیر معقولیت کا ؛ کسی قسم کا کوئی اشارہ یا سراغ (جیسے : a show of blood) ؛ ایک خالی خولی ، کھوکھلا یا نیم دلانہ دکھلاوا یا اظہار جو محض اشاروں کنایوں میں ہو یا بربنائے کمزوری یا دھوکا دینے کی غرض سے ہو ؛ وہ دوڑنے والا جو تیسرے درجے پر آئے ۔ (بول چال) دیا گیا کوئی موقع (جیسے : He was given a fair show) ۔

shower, n. دکھانے یا اظہار کرنے والا ؛ نمایش کرنے والا ۔

show bill, n. اشتہار ؛ اعلان ؛ جو عوام کو کھیل یا کسی اور معاملے کی اطلاع دینے کے لیے شائع کیا جائے ۔

showboat, n. سیلانی تھیئٹر ، پانی پر چلتا پھرتا تھیٹر : دریائی دخانی کشتی جس میں اداکار بھی ہوں اور اداکاری کے لیے اسٹیج وغیرہ بھی ۔

showbread, n. دیکھیے : Shew bread ۔

showcase, n. شو کیس ؛ شیشے لگی الماری جس کے اندر فروختنی اشیا رکھی ہوتی ہیں تا کہ لوگوں کی ان پر نگاہ پڑتی رہے ؛ کسی نمونے یا خیال کی مرئی شکل جو لوگوں کو اس سے متعارف کرنے کے لیے کسی شیشے خانہ میں رکھی ہوئی ہو۔

showdown, n. تاش میں اپنے پتے سب کے سامنے رکھ کر اعلان برتری ؛ کسی مسئلے ، مقابلے وغیرہ میں اپنی قوت یا اپنے وسائل کا برملا اظہار ؛ تزاحم (باہمی ٹکراؤ) ؛ آمنا سامنا ؛ ترشح ؛ تقاطر-

shower, n. ہلکا سا چھینٹا (بارش، اولوں یا برف وباراں کا)؛اسی طرح آنسوؤں ، شراروں ، گولیوں وغیرہ کی ہلکی ہلکی بارش ؛ کسی دی گئی شے کی خاصی مقدار ؛ دلہن پر ایک خاص قسم کے تحفوں کی بارش ؛ غسل جس میں بدن پر اوپر سے پانی کی بوچھاڑ ہوتی ہو ؛ نیز : Shower bath ؛ کسی چیز کی فراواں بخشی ۔ (فعل متعدی) چھاجوں برسانا ؛ بوچھاڑ کر دینا ؛ برسات لگا دینا ؛ کھلے دل یا فراخ دلی سے دینا ؛ فوارے کے ذریعے صاف کرنا ؛ بھگونا یا چھڑکنا ۔ (فعل لازم) چھاجوں برسنا ؛ برسات لگ جانا (کسی چیز کی) ؛ فوارے ایسی ٹونٹی سے غسل کرنا۔

showery, a. بارش بوچھاڑ والی ۔

shower bath, دیکھیے : shower ۔

showing, n. دکھاوٹ کرنے والے کا عمل یا حرکت ؛ نمایش ؛ پیش کردہ مظاہرہ ؛ ریکارڈ یا تماشا ؛ اظہارِ حقائق ، اسلوب اظہار ؛ حقائق و واقعات ۔

showman, n. تماشا کار ؛ وہ شخص جو کوئی تماشا یا تمثیل دکھاتا ہے ؛ وہ فرد جو ایسی کسی پیش کش یا ڈرامائی تمثیل پیش کرنے کی مہارت رکھتا ہے ۔

showmanship, n. ڈرامائی انداز میں پیش کرنے کی صلاحیت ؛ تماشا کاری ۔

show-off, n. محض نمود ؛ دکھاوا ؛ نمایش باز ؛ شیخی باز ۔ (فعل متعدی) شیخی بگھارنا ۔ (فعل لازم) نمایشی طریقوں سے جلبِ توجہ کرنا ۔

show piece, n. دکھانے کے لیے کہیں رکھی گئی کوئی شے ؛ ایک جیسی چیزوں میں سے بہترین شے ؛ قابل دید شے (دکھانے جانے کے قابل) ؛ نادر شے ۔

showplace, n. نمایش کدہ ؛ وہ جگہ جہاں کسی خاص قسم کی یا مختلف اقسام کی بہترین نمائندہ چیزیں رکھی ہوئی ہوں ، جیسے فرنیچر ، تنصیبات یا دوسری خوبصورت اشیا ؛ وہ جگہ جو اپنے ذوق جمال یا مذاق تاریخ کے حوالے سے معروف ہو۔

showroom, n. شو روم ؛ فروخت کے لیے تیار کی گئی چیزوں کی نمایش گاہ ۔

show up, v.t. افشا کر دینا یا دوسروں کو بتا دینا (کسی کے نقائص) ۔ (بول چال) نمایاں کرنا یا نمایاں ہونا (جیسے : Are you trying to show me up?) ۔ (فعل لازم) آسانی سے پہچانا جانا یا نمایاں ہونا (جیسے : the sail boats show up well against the setting sun) ۔ (بول چال) منزل تک پہنچ جانا یا شکل دکھانا (جیسے : he will show up)۔

showy, a. بھڑکیلا ؛ متوجہ کر لینے والا (جیسے : showy flowers) ؛ نمود پسند ؛ ٹھاٹ کا رسیا ؛ فوق البھڑک ۔

showily, adv. دکھاتے ہوئے ؛ دکھاوے کے طور پر۔

showiness, n. دکھاوا ۔

shrapnel, n. شریپنل ؛ ایک کھوکھلا گولہ/شیل جس میں لوہے کے ٹکڑے/گولیاں وغیرہ اور پھٹ جانے والا مادہ دونوں اس طرح ترتیب دیے جاتے ہیں کہ ہدف تک پہنچنے سے مناسب وقت پہلے ، پھٹ کر ٹکڑوں کی بوچھاڑ منتشر ہونے لگتی ہے ؛ ایسے دور انداز گلولے ؛ بم کے ٹکڑے۔

shred, n. چیتھڑا ؛ دھجّی ؛ کاغذ پارہ ؛ ٹکڑا ؛ پرزہ ۔ (فعل متعدی) پارہ پارہ کرنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ؛ پھاڑنا یا کاٹنا ، چھوٹے

چھوٹے ٹکڑوں میں خاص طور پر کاغذ کی پتلی دھجیاں ۔ (فعل لازم) آسانی سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (جیسے : Cabbage shreds easily)

shredder, n. چیتھڑے ہو جانے والا ۔

shrew, n. موش کرم خور ؛ چھچھوندر ؛ نوکیلی تھوتھنی اور چھوٹی آنکھوں والا ایک کرم خور جانور جس کا تعلق میمل جانوروں سے ہے ۔ دیکھیے : shrew mouse ۔ بدمزاج اور بدکلام عورت ؛ پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانے والا/والی ۔

shrewlike, a. لڑاکا ؛ بدمزاج ؛ بدکلام ۔

shrewd, a. زیرک ؛ ذی شعور ؛ تیز فہم ؛ صورت حالات کو بھانپ جانے والا ؛ قیافہ شناس ۔

shrewdly, adv. فراست یا ہوشیاری سے ۔

shrewdness, n. فراست ؛ زیرکی ۔

shrewish, a. برافروختہ طبع ؛ بدافتاد ؛ بدمزاج ؛ چڑچڑا ۔

shrewishly, adv. بدمزاجی سے ؛ چڑچڑے پن سے ۔

shrewishness, n. بدمزاجی ؛ چڑچڑا پن ۔

shrewmouse, n. یورپ کا ایک عام کرم خور چوہا ۔

shriek, n. چیخ ؛ چنگھاڑ ۔ (فعل لازم و متعدی) چیخنا ؛ چلانا ؛ چیخ مارنا ۔

shrievalty, n. شیرف کا عہدہ ، حلقہ اختیار یا میعادِ عہدہ داری ۔

shrieval, a. شیرف کے عہدے ، حلقے یا اختیار سے متعلق ۔

shrift, n. (قدیم) اعتراف گناہ کے بعد کسی پادری کی جانب سے نفاذ کفارہ ؛ اعتراف کاری اور کفارہ کے بعد بریت یا معافی ؛ پادری کے سامنے اقبال گناہ ؛ نفاذ کفارہ کا عمل ۔

shrike, n. جلاد پرندہ ؛ سفاک پرندوں کی نوع میں سے کوئی ایک جیسے قصائی پنچھی ، ان کی چونچ دندانے دار ، مڑی ہوئی اور بڑی مضبوط ہوتی ہے ، یہ کرم خور ہوتے ہیں لیکن کبھی چھوٹے پرندوں بلکہ جانوروں پر بھی ہاتھ صاف کر جاتے ہیں ۔

shrill, a. بہت اونچی اور پردے پھاڑ آواز ؛ ایسی صدا والا ؛ ایسی آواز پر محیط یا مشتمل ؛ غیر معتدل ۔ (شاعری) تیز ؛ دل چھید ؛ اثر انگیز ۔ (متعلق فعل) کٹیلی آواز کے ساتھ ۔ (فعل لازم)چیختی آواز میں بولنا ۔ (فعل متعدی) چیخ کر (چلا کر) بولنا ۔ (اسم) چیخ یا چیخنے کی آواز ۔

shrilly, adv. چیخ کی آواز سے ۔

shrillness, n. آواز کی بلندی ، بلند آوازی ۔

shrimp, n. شرمپ ؛ جھینگا ؛ چھوٹا سا لمبی دم والا ، آبی ، دس پاؤں والا کیکڑا ، یہ کئی قسم کے ہوتے ہیں اور بہت لذیذ سمجھے جاتے ہیں ۔ (عوامی) ٹھگنا سا ؛ کسی شمار قطار میں نہ آنے والا آدمی ۔ (صفت) جھینگا شکار کے متعلق جیسے : شرمپ شکاری ، جھینگا شکاری ۔ (فعل لازم) شرمپ کا شکار کرنا ؛ جھینگا گیری کرنا ۔

shrine, n. تبرکات کا ظرف ؛ تبرکات خانہ ؛ کسی متبرک شخص یا شے کی باقی یادگاروں کا دفینہ یا صندوق ؛ مقبرہ ، روضہ ، مزار یا کوئی اور بڑی سی عمارت جس میں ایسی قابل احترام اشیا رکھی ہوئی ہوں ؛ وہ جگہ جسے اس کی قدامت یا کسی سبب سے محترم گنا جاتا ہو (جیسے : a shrine of art) ۔ (فعل متعدی) مزار مقدس میں رکھنا ؛ مقدس گرداننا ؛ تبرک کے طور پر سنبھالنا ؛ متبرک بنانا ۔

shrink, v.i. سمٹ کر پیچھے ہو جانا (کسی خطرے کے باعث) ؛ بازگشت کرنا ؛ سُکڑ جانا (نمی یا گرمی کے زیر اثر یا ہر دو کے باعث جیسے اونی کپڑا گرم پانی میں) ؛ رسائی یا وسعت میں گھٹ جانا (جیسے : Distances have shrunk since the introduction of air travel) ؛ مقدار یا رقم کا کم ہو جانا جیسے کسی ورثے کی ۔ (اسم) سکڑنے یا سمٹنے وغیرہ کا عمل ۔

shrinkable, a. سکڑنے یا سمٹنے والا ۔

shrinker, n. سکڑی یا سمٹی ہوئی کوئی شے ۔

shrinkage, n. سکڑن ؛ سمٹاؤ ؛ سُکڑاؤ ؛ فرسودگی یا تخفیف (قیمت یا قدر کے حوالے سے ، کاروباری اثاثوں کی) ؛ دھونے یا تیاری کے مراحل میں سے گزارنے کے باعث کپڑے کی سکڑن ؛ مویشی کی جہاز میں لادنے سے لے کر ذبح کرنے اور گوشت تیار کرنے کے آخری مرحلے کے دوران تک وزن کی کمی ۔

shrinking violet, n. اپنے آپ کو تاحدامکان دوسروں کی نگاہوں سے دور رکھنے والا جو خود کو نمایاں نہ کرنا چاہے بالخصوص جب اسے عوام کی طرف سے تحسین حاصل ہو ؛ انتہائی شرمیلا شخص ۔

shrink-wrap, n. سکڑ لفاف ؛ پلاسٹک کی پیکنگ جو گرمی سے سکڑ کر اندر موجود اشیا کی شکل و صورت کے مطابق ہو جاتی ہے ۔

shrive, v.t. (کلیسیات) کسی (عیسائی) پر اس کے گناہ کی پاداش میں عقوبت نفس عائد کرنا ؛ عقوبت نفس جھیلنے کے بعد معاف کر دینا ؛ اعترافات یا اقرار گناہ سننا ؛ سزا اور کفارے کے بعد بریت ہونا یا گناہوں سے پاک ہو جانا ۔ (فعل لازم) (کلیسیات) اعترافات سننا ؛ اعترافات کے لیے جانا یا اعترافات کرنا ۔

shrivel, v.t. سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ سلوٹ سلوٹ کر دینا یا ہو جانا ؛ مرجھا جانا یا مرجھانے دینا ؛ ناکارہ ، نکما یا عاجز کر دینا یا ہو جانا ۔

shroff, [اردو] صرّاف ؛ برصغیر میں بینکار یا رقم تبدیل کرنے والا ؛ مشرق میں وہ مقامی شخص جس کو کھرے سکوں سے کھوٹے سکے پرکھنے اور الگ کرنے کا کام سپرد کیا جائے ؛ عیار ۔ (فعل متعدی) صرافی کرنا ۔

Shropshire, n. شراپ شائر (انگلینڈ) نسل کی کالے منھ اور سینگ کے بغیر بھیڑ جو عمدہ اون اور گوشت کی وجہ سے مشہور ہے ۔

shroud, n. کفن ؛ ڈھانپ لینے ، ڈھک لینے ، چھپا لینے والی لمبی ڈھیلی ڈھالی سی چادر ۔ (جہاز رانی) ان سہاری رسوں میں سے کوئی ایک جو جہاز کے دائیں بائیں اطراف سے اٹھ کر مستول کے سر تک چلے گئے ہوں ۔ (فعل متعدی) دفنانے کے لیے کفنانا ؛ پردہ داری کرنا ؛ پردہ ڈالنا یا چھپانا (جیسے : mystery shrouded the incident) ۔ (فعل لازم) (قدیم) پناہ لینا ۔

shroud-laid, a. چار بٹوں والا یا چار لڑا رسّا جس کی سیدھے ہاتھ کی بٹائی کی گئی ہو ۔

Shrovetide, n. رمادی بدھ سے پہلے کے تین دن ۔

Shrove Tuesday, n. رمادی بدھ سے پہلے کا منگل ؛ یوم استغفار ؛ توبہ منگل ۔

shrub, n. جھاڑی : زمین سے پھوٹتے ہی کئی تنوں میں بٹ جانے والا پست قد پودا ۔

shrub, n. [عربی ، فارسی ، اردو] شرب ؛ شربت ؛ پھل رس ،

چینی اور رم وغیرہ جیسے شراب سے بنایا ہوا مشروب ۔

shrubberry, n. جھاڑ جھاڑیاں ۔

shrubby, a. جھاڑ جھنکار سے پُر ؛ جھاڑی کا سا/کی سی ۔

shrug, v.t., v.i. بے اطمینانی ، کراہت یا بے یقینی کا اظہار کرتے ہوئے شانوں کا اچکانا (جنبش دینا) ۔ (اسم) بالائی صورت حال میں شانوں کو دی گئی جنبش ؛ سامنے سے کھلی زنانہ جیکٹ (کُرتی) ۔

shrung off, پروا نہ کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ خاطر میں نہ لانا (اپنے بارے میں ہونے یا کیے جانے والے کسی اقدام کے) ؛ اثرات سے آزاد یا محفوظ ہو جانا ۔

shuck, n. اناج کا چھلکا ؛ اخروٹ وغیرہ کا خول ؛ گھونگھے وغیرہ کا بیرونی خول ۔ (بول چال) ناکارہ سی شے ؛ نکمی ۔ (جمع) تحقیری فجائیہ ۔ (فعل متعدی) چھلکا یا خول اتارنا ؛ چھلکے کی طرح کسی چیز پر سے کچھ اتارنا ۔ (عوامی) کپڑے اتارنا ۔

shucker, n. چھلکے دار ، خول والا ۔

shudder, v.i. کانپ اٹھنا (خوف یا ڈر سے) ۔ (اسم) تھرتھری ؛ کپکپکی ؛ لرزہ ۔

shuddery, a. کپکپا دینے والا ۔

shuffle, v.t. زمین یا فرش پر پاؤں گھسیٹ کر چلنا ؛ پاؤں کو پوری طرح اٹھائے بغیر رقص کرنا (تھرکنا) ؛ ادھر ادھر حرکت کرنا ؛ تاش کے پتے پھینٹنا تا کہ ان کی ترتیب بدل جائے ؛ بلا ترتیب اکٹھا کر دینا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ حیلہ سازی سے ، چپکے سے یا بلاتردد کسی کو کہیں لے جانا ، دھکیل دینا یا ڈال دینا (بعد میں عموماً in, into یا out لگاتے ہیں ، جیسے : to shuffle one self into a position of power) ۔ (فعل لازم) بغیر اٹھائے پاؤں گھسیٹنا ؛ اکھڑی چال چلنا ؛ رقص میں پاؤں کو فرش سے ہی لگائے رکھنا ؛ بھونڈے طریقے سے حرکت میں آنا (بعد میں عموماً into لگاتے ہیں ، جیسے: to shuffle into one's clothes) ؛ پہلو تہی یا گریز کا سا انداز اختیار کرنا ؛ گول مول سا رویہ اپنانا ؛ تاش پھینٹنا ۔ (اسم) بالائی پاؤں گھسیٹنے کی حرکت ؛ رقص یا چال ؛ حیلہ سازی ۔

shuffle off, ایک طرف ہٹا دینا ؛ چھٹکارا پا جانا ۔

shuffler, n. تاش پھینٹنے والا ؛ سخن ساز ؛ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والا ۔

shuffleboard, n. ایک کھیل جسے طشتریوں سے کھیلا جاتا ہے ، جنھیں ایک چھڑی کے ساتھ ۴۵ فٹ کے ڈھلوانی رقبے کے اندر بنائی گئی پانچ نشان زدہ جگہوں میں پھینکنا ہوتا ہے ۔

shul, n. کنیسہ ؛ یہودیوں کا معبد ۔

shun, v.t. دور دور رہنا ؛ احتراز کرنا ۔

shunt, v.t. راستے سے ہٹانا یا ایک طرف دھکیلنا جیسے ریل گاڑی یا اس کے ڈبے کو کسی اور پٹڑی کی طرف یا خاص لائن سے ذیلی لائن پر ہٹا دینا ؛ راستہ بدل دینا ؛ دامن چھڑا لینا ۔ (طب) خون کی رَو کو تبدیل کر دینا (نالی لگا کر) ۔ (برق) برقی رو کی راہ بدلنا ؛ کہیں نالی لگانا یا مہیا کرنا ؛ راستے سے ہٹ جانا یا ایک طرف ہو جانا یا ریل کی پٹڑی ، فون یا بجلی کی رَو بدل دینا وغیرہ ؛ کانٹا بدلنا ۔ (اسم) کانٹا بدل کر ہٹنے ہٹانے کا عمل یا ریل گاڑی کو دوسری پٹڑی پر ڈالنے کا عمل ۔ (طب) سرجری کر کے خون بدلنے کے لیے لگائی گئی نالی ۔ (برق) برقی رو کے دو مقامات کو باہم جوڑنے والا موصل ؛ عاطف ۔

shunter, n. راستہ ، پٹڑی یا کانٹا بدلنے والا ۔

shunt-wound, a. (برق) عاطف پیچاں ؛ یوں ترتیب دیا گیا کہ آرمیچر کے لچھے اور فیلڈ سرکٹ باہم متوازی جڑے ہوئے ہوں اور یوں برقی رَو ان میں بٹ گئی ہو (جیسا کہ برقی موٹر میں ہوتا ہے) ۔

shunt winding, n. وہ تاریں جو برقی رو کا سلسلہ بدل دیں ۔

shush, interj. بش ؛ خاموش ہو جاؤ/رہو ۔ (فعل متعدی) کسی کو خاموش رہنے کو کہنا ۔

shut, v.t. بند کرنا (دروازے ، پھاٹک ، ڈھکنے وغیرہ کو یا آنکھ ، کتاب ، چاقو وغیرہ کو) ؛ دروازے ، پھاٹک یا اور کسی روک کے ذریعے اندر آنے یا باہر جانے سے روکنا یا منع کرنا ؛ قید کر دینا یا گھیر لینا (بعد میں in یا up لگاتے ہیں) ؛ روک دینا یا الگ کر دینا (بعد میں out یا off لگاتے ہیں) ۔ (فعل لازم) بند ہو جانا ؛ مقید ہو جانا ۔ (اسم) بند کرنے کا عمل یا وقت یا جگہ ؛ ویلڈنگ کے ٹانکے کی لکیر ۔ (صفت) بند ۔ (صوتیات) حرف صحیح کی ساکن آواز /سکونی حالت ۔

shut down, عارضی یا وقتی طور پر بند کر دینا (جیسے : to shut down a factory) ؛ چھاجانا ؛ ڈھک لینا یا اپنی لپیٹ میں لے لینا (جیسے : night shut down on us swiftly) ؛ عارضی طور پر بند ہو جانا ، کسی چیز کو روک دینا (لینا) (بعد میں on یا upon لگاتے ہیں) ۔

shut in, گھیر لینا ؛ احاطہ کر لینا ؛ قید کر ڈالنا ۔

shutt off, اندر آنے سے روک دینا ؛ راستہ روک دینا ؛ بند کر دینا ۔

shut out, باہر رہنے دینا ؛ اندر نہ آنے دینا ۔ (کھیل) بیس بال میں کسی ٹیم کو کوئی نمبر نہ جیتنے دینا ۔

shut up, گھر کو اچھی طرح بند کر دینا ؛ قید کر دینا ؛ دربند کرنا ؛ مقید کر لینا ۔ (بول چال) منھ بند کر دینا ؛ چپ کرنا یا کروا دینا ۔

shutdown, n. کسی کارخانے یا کاروبار کی جگہ کی عارضی بندش ۔

shut-eye, n. (عوامی) نیند ۔

shut-in, n. بیماری یا کمزوری وغیرہ کے باعث گھر ہی میں پڑا ہوا شخص ؛ صاحب فراش ۔ (نفسیات) اپنے آپ میں گم ؛ ناآمیز و نااظہار ذہنی مریض ۔

shutoff, n. وہ میکانی عمل یا ترکیب جس سے کسی شے کو دوسروں سے الگ تھلگ کیا جا سکتا ہے ۔

shutout, n. باہر ہونے یا کرنے کا عمل یا حالت ۔ (کھیل) بیس بال میں مخالف ٹیم کو کوئی نمبر نہ جیتنے دینا ؛ ایسی بازی جس میں شٹ آؤٹ (shut out) کی پوزیشن حاصل کر لی گئی ہو ۔

shutter, n. جھلملی ؛ مندن ؛شٹر ؛بند کرنے والا ؛ کھڑکی کا سرکتا پردہ ؛ کسی شگاف وغیرہ کو بند کرنے والی کوئی حرکت پذیر شے مثلاً پردہ وغیرہ ۔ (عکاسی) تصویر لینے کے لیے کیمرے کے عدسے کو کھولنے اور بند کرنے کا میکانکی طریقہ ۔ (فعل متعدی) شٹر لگانا یا اس سے بند کرنا ۔

shutterbug, n. (عوامی) شوقین ناپختہ فوٹوگرافر ۔

shuttle, n. شٹل ؛ نالی ؛ کھڈی کا ایک پرزہ جس کے ذریعے بانا تانے کی ایک جانب سے دوسری جانب لے جایا جاتا ہے ، یہ ایک کشتی نما (لکڑی کی بنی ہوئی) چیز ہوتی ہے جس کے اندر بانے کا دھاگا ایک پھرکی پر لپٹا ہوتا ہے؛ جھالر یا کناری بنانے کے لیے جس پھرکی پر دھاگا لپیٹا ہوا ہو؛ سلائی کی مشین کی دھاگے والی پھرکی؛ دو مقامات کے درمیان آمدورفت کا ایسا ذریعہ جو وقفے وقفے سے کارگزار ہو۔ (فعل متعدی و لازم) کھڈی کی نال کی طرح ایک جانب سے دوسری جانب بار بار آنا جانا یا لانا لے جانا۔

shuttle like, a. شٹل صفت ؛ نال کی طرح ۔

shuttle cock, n. شٹل کاک ؛ پردار گیند ؛ کاک چڑی (بیڈمنٹن چڑی) ؛ کارک یا کسی ہلکی شے کا ٹکڑا جس میں ایک طرف پر لگے ہوتے ہیں جس کو بیڈ منٹن کے بلّے سے ہوا میں مار کر اُچھالتے ہیں ؛ چڑیا ؛ وہ کھیل جو اس کے ساتھ کھیلا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چکروں میں ڈالے رکھنا ؛ گھن چکر بنائے رکھنا ؛ آنے جانے میں لگائے رکھنا یا رہنا ۔

shy, a. شرمیلا ؛ لجیلا ؛ کم آمیز ؛ کم گو ؛ جھجکیلا ؛ ڈرپوک ؛ زود ترس ؛ محتاط ؛ متذبذب؛ کوئی فیصلہ نہ کر سکنے والا ؛ پکی بات نہ کرنے والا ؛ جھینپو ؛ کم یاب ؛کمی کا حامل (اکثر on کے ساتھ مستعمل) ؛ کم زا یا غیر بارور (بعض جانوروں کی طرح) ؛ کم نمو (بعض پودوں کی طرح) ۔ (فعل لازم) پیچھے ہٹ جانا ؛ جھجھک جانا ؛ بدک جانا ،ڈر یا خوف سے جیسے گھوڑا ؛ پرے ہو جانا ، بھاگ جانا ؛ کسی کے لیے اندر ایک جھجک یا دوری رکھنا ؛ جھجھکنا ؛ پرے پرے رہنا (بعد میں عموماً from لگاتے ہیں ، جیسے : to shyaway from political discussions) ۔ (اسم) پس و پیش ؛تذبذب ؛ جھجھک ؛ شرم ؛ جھینپ ۔

shyer, n. شرم کرنے ، ڈرنے یا جھجھکنے والا ؛ جھینپو ۔

shyly, adv. شرمیلے پن سے ؛ جھینپتے ہوئے ۔

shyness, n. شرم ؛ حجاب ؛ جھجک ۔

shy, v.t.,v.i. پھرتی سے پھینکنا ۔ (اسم) تیز انداخت ؛ پھینک ۔ (مجازاً) منھ چڑائی ۔

shyer, n. تیز انداز ۔

Shylock, n. سفاک اور سنگ دل سُودخور ، شیکسپیئر کے ایک ڈرامے Merchant of Venice کا کردار (شائیلاک) ۔

shyster, n. (عوامی) بد دیانت یا بے اصول وکیل یا کوئی اور اسی قسم کا بداخلاق شخص ؛ پتے باز ۔

si, n. (موسیقی) وہ رکن جو ساتویں سُر کی علامت کے طور پر اٹھ سُرے سرگم میں برتا جاتا ہے ۔

sialagogue, sialogogue, n. (طب) تھوک آور ؛ لعاب افزا دوا ۔

sialagogic, sialogogic, a. لعاب دار ۔

siamang, n. انسان نما کالا بندر ؛ سماترا اور ملایا کے جزیرہ نما کا اور دراز دست بوزنوں میں سب سے بڑا جس کی دوسری اور تیسری انگلیاں قدرے جڑی ہوتی ہیں ۔

Siamese, a. سیامی ؛ تھائی لینڈ کا یا اس سے متعلق؛ [جسے کبھی سیام کہتے تھے] تھائی لوگوں یا ان کی زبان سے متعلق ؛ باہم جڑے ہوئے (جیسے جڑواں بچے) ؛ باہم گہرا تعلق لیے ہوئے ۔ (اسم) سیامی : تھائی لینڈ کا باسی ؛ تھائی ؛ تھائی زبان ۔

Siamese cat, n. چھوٹے بالوں والی بلیوں کی ایک نسل جو کہا جاتا ہے کہ اصلاً سیام کی ہے ، یہ بڑی نازک اندام ہوتی ہے ۔ اس کے کان ، پاؤں ، چہرہ اور دُم تو سیاہ ہوتے ہیں لیکن آنکھیں نیلی ہوتی ہیں ؛ سیاہ یا کالی بلی ۔

Siamese twins, n. سیامی توام ؛ سیامی جوڑے (انگ اور چنگ ۱۸۱۱ء-۷۴) یہ دونوں بھائی ایک کرکری پٹی کے ذریعے چھاتی پر سے باہم ملے ہوئے پیدا ہوئے ؛ کوئی توامی بچے جو اس طرح جڑے ہوئے ہوں ۔

sib, n. کوئی رشتہ دار (خصوصاً بھائی یا بہن) ؛ عموماً سارے رشتہ دار ؛ ذات ۔ (بشریات) وہ یک طرفہ عزیز داری ، گوت وغیرہ جو اس گروہ کے ارکان کی شادی اور مذہب کے رواج کو اپنے اختیار میں رکھتی ہے۔ (صفت) خونی رشتہ دار ؛ ہم خون ؛ کفو ؛ ہم ذات ۔

Siberian husky, n. سائبریائی ہسکی ؛ برف گاڑی کو کھینچنے والی سائبریائی نسل کا ایک درمیانے قد کا کتا جو ایلاسکا کے مالامیوٹ (Malamute) سے مشابہ ہوتا ہے ۔

sibilant, a. صفیری ؛ سسکاری ؛ سسکارتے ہوئے۔ (صوتیات) اس قسم کی آواز نکالنے والا جو s, sh, z, zh, ch, یا j کو ادا کرتے ہوئے نکلتی ہے ۔ (اسم) (صوتیات) صفیری آواز یا آواز والے مندرجہ بالا حروف ۔

sibilance, sibilancy, n. سسکاری؛صفیر ۔

sibilanty, adv. سسکاری سے ادا ہوتے ہوئے ۔

sibilate, v.t. سسکاری سے ادا کرنا یا ہونا ؛ سسکارنا ۔

sibilation, n. سسکاری ۔

sibling, n. بھائی یا بہن ۔ (بشریات) خونی رشتے کا عزیز۔ (صفت) ہم مادر پدر ؛ بھائی یا بہن سے متعلق ؛ خوبرانہ یا برادرانہ ۔

sibyl, n. ان عورتوں میں سے کوئی ایک جن کے متعلق یونانی اور رومی لکھنے والوں نے لکھا ہے کہ کہانت کی مالک تھی ؛ اوتارنی ؛ کاہنہ ۔

sibylic, sibyllic, sibylline, a. کہانتی ؛ ساحرانہ ؛ ساحرہ صفت ۔

sic, sick, v.t. پیچھا کرنا ؛ حملہ کرنا (جس طرح کتا شکارنے پر کرتا ہے) ؛ حملے پر اکسانا (جیسے : He sicked his dog on the intruder) ۔

sic, adv. یوں ؛ اس طرح ، اسے عموماً متن میں قوسین کے اندر لکھا جاتا ہے اور مراد یہ ہوتی ہے کہ درج شدہ لفظ ، ہجا ، تاریخ وغیرہ اصل کے مطابق ہیں ؛ مطابق متن ۔

siccative, a. سُکھانے والا ؛ خشک کار ؛ خشک ساز ؛ نمی خارج کر کے آہستہ آہستہ خشک کر دینے والا ۔ (اسم) وہ شے جو کسی میں شامل ہو کر خشک سازی کے عمل کو تیز کر دیتی ہو ، جیسے بعض پینٹوں میں تیل کے بعض اجزا ۔

sick, a. علیل ؛ بیمار ؛ مریض ؛ کسی مرض میں مبتلا ؛ غیر صحت مند ؛ متلاتا ہوا ؛ قے آمادہ (جیسے : being sick to the stomach) ؛ مضمحل ؛ بے چین ؛ افسردہ (جیسے : being heart sick یا home sick) ؛ تنگ آمادہ ؛ اکتایا ہوا ، (بعد میں of لگاتے ہیں (جیسے : sick of rainy weather) ؛ ذہنی ، اخلاقی حوالے سے غیر صحت مند (جیسے : the sick fancies of a sick mind) ؛ غیر صحت مندانہ ، نفرت انگیز یا اذیت کوش (جیسے : sick humor) ؛بیمار کے لیے الگ کیا ہوا یا مخصوص (جیسے : a sick bed,or on the sick list) ؛

کمزور ، ہلکی یا بیماری کی غماز (جیسے : a sick look or sick smell) ؛ بیزار ، نفرت انگیز (جیسے : an attitude that makes one sick) ؛ ایام سے (عورت) ؛ یقیناً بہتر درجے کا (جیسے : his form and speed made the other contestants look sick) ؛ زوال پذیر ، کمزور ، ناطاقت (جیسے : a sick corporation in need of new capital) ۔ (زراعت) زمین جو ایک ہی قسم کی فصل کے تواتر سے قوت نمو کھو چکی یا کھو رہی ہو (جیسے : cotton-sicksoil) ؛ مرض افزا جراثیم وغیرہ سے پُر (جیسے : a sick field) ۔ (اسم ، ترکیب میں جمع) مریض لوگ (ابتدا میں the لگاتے ہیں) ۔

sick bay, n. (جہاز رانی) جہاز کا وہ حصہ جس سے ہسپتال کا کام لیا جاتا ہو ؛ مریض گوشہ ۔

sickbed, n. مریضوں کے لیے خاص بستر جو اسی مقصد کے لیے بنایا جاتا ہے ؛ مریض بستر ۔

sick call, n. (عسکری) دن کا وہ وقت جب بیمار فوجیوں کو علاج معالجے کے لیے رپورٹ کرنا پڑتی ہے ؛ مریض پریڈ ۔

sicken, v.t. بیمار کر دینا ؛ اکتا دینا وغیرہ ۔ (فعل لازم) بیمار پڑ جانا ؛ اکتا جانا وغیرہ ۔

sickner, n. اکتا دینے والا ؛ دل کھٹا کر دینے والا ۔

sickening, a. بیمار کر دینے والا ؛ عاجز کر دینے والا ؛ بیمار کن ۔

sickeningly, adv. اکتاہٹ سے ۔

sick headache, n. متلاتا سردرد ؛ درد شقیقہ ؛ صفراوی سردرد ۔

sickish, a. متلاتا ہوا ؛ مریضانہ ؛ بیمار سا ۔

sickishly, adv. مریضانہ طور پر ۔

sickishness, n. بیماری ؛ روگ ۔

sickle, n. ہنسیا ؛ درانتی ؛ فولاد کا ایک دستہ دار ہُک یا خمیدہ پٹی جو اناج یا گھاس کاٹنے کے لیے استعمال ہوتی ہے ۔ (بڑے S سے) درانتی کی شکل کا تاروں کا جھرمٹ جو برج اسد کہلاتا ہے ۔

sick leave, n. بیماری کی وجہ سے باتنخواہ چھٹی؛ طبّی رخصت ۔

sickle bill, n. درانتی کی سی خمیدہ چونچ والا کوئی پرندہ جیسے جل ککڑی یا شکر خورہ ۔

sickle cell, n. ہلال کی سی شکل کا وہ خون کا سرخ خلیہ جس میں ہیمو گلوبین کی کمی خون کے ایک مہلک مرض کا باعث بن جاتی ہے ۔

sickle feather, n. مرغ وغیرہ کی دم کے طویل خمیدہ پروں میں سے کوئی پر ۔

sickly, a. دائمی مریض ؛ مستقل بیمار یا روگی ؛ غیر صحت مند ؛ بیمار بیمار سا ؛ مریضانہ ؛ بیماری سے اٹھا ہوا زرد رو (جیسے : a sickly complexion) ؛ کسی بیماری سے مشخص کردہ جیسے کوئی علاقہ یا زمانہ ؛ بیماری پیدا کرنے والا ؛ روگ آور ؛ متلاتا ہوا ؛ کمزور ؛ کراہت انگیز (جیسے : skickly sentimentality) ؛ مدہم سا رنگ ؛ مدھم سی روشنی ۔ (فعل متعدی) مریضانہ کیفیت پیدا کر دینا ؛ بیماری کا رنگ چڑھ جانا ، جیسے زردی یا پیلا پن ۔

sickliness, n. روگی پن ؛ بیماری ۔

sickness, n. بیماری ؛ مرض ؛ متلی ؛ خرابی صحت ؛ کوئی مخصوص بیماری یا روگ ؛ امراض معا ؛ بیماری کی کوئی حالت ۔

sick-out, n. وہ کارروائی جس میں ملازمین خود کو بیمار قرار دے لیتے ہیں ، خصوصا جب پڑتال نہ کی جاسکتی ہو ؛ بہانہ بیماری ۔

sickroom, n. مریض کمرہ ۔

sic passim, بعینہ ؛ بالکل اسی طرح ، یہ لاطینی ترکیب یا ورقی میں جہاں لکھی ہو وہاں مراد یہ ہوتی ہے کہ یہ بات یا خیال ساری کتاب میں اسی طرح ہے ۔

siddur, n. [عبرانی] روزمرہ عبادات کی عبرانی کتاب ۔

side, n. پہلو ؛ طرف ؛ فریق ؛ سمت ؛ سلسلہ ؛ رخ ؛ کسی شے یا جگہ وغیرہ کی کوئی ایک طرف (تمام اطراف میں سے) بلحاظ موقع و محل ؛ کاغذ ، کپڑے یا کسی دوسری پتلی شے کی دو سطحوں میں سے کوئی ایک ؛ کسی شے کے آگے ، پیچھے ، اوپر اور نیچے کو چھوڑ کر دو سطحوں میں سے کوئی ایک ؛ کسی چیز کے دونوں پہلوؤں سے جن کو عموماً دایاں اور بایاں کہا جاتا ہے ،کوئی ایک ؛ کسی شخص یا جانور کا عمودی یا افقی نیمہ یا آدھا دھڑ خصوصاً دھڑ ؛ کسی مرکزی جگہ ، خط یا نقطے کے حوالے سے کسی چیز کی سمت ؛ محلِ وقوع یا رقبہ ؛ ڈھلان جیسے کنارے یا پہاڑی کا ؛ پہلو یا رخ کسی معاملے کا (جیسے : to study all sides of a question) ؛ کسی مقدمے یا نزاع وغیرہ میں دو یا دو سے زیادہ فریقوں میں سے کوئی ایک فریق ؛ کسی خاندان کی ماں باپ کے حوالے سے کوئی ایک سلفی شاخ ؛ کسی ایک فرد یا افراد کی حیثیت ، طرز عمل یا حصہ دوسرے فرد یا افراد کے مقابلے میں (جیسے : the losing side in a dispute) ؛ کسی جگہ سے ملحقہ کوئی جگہ ۔ (عموماً جمع) (تھیٹر) وہ اوراق جن پر کسی ایک اداکار کے کسی ایک موقع کی مناسبت سے بولنے کے لیے سطریں اور اشارے لکھے ہوتے ہیں ۔ (برطانوی عوامی) پھوں پھاں کرنا ، شیخی بگھارنا (جیسے : to put on side) ۔ (جہاز رانی) جہاز کا اگلے حصے سے لے کر پچھلے حصے تک کا پانی کے اوپر رہنے والا دایاں یا بایاں حصہ ۔ (بلیرڈ) گیند کے مرکز کی ایک جانب تیزی سے لگائی گئی ضرب سے پیدا ہو جانے والی گردشی حرکت ۔ (صفت) کسی ایک طرف یا پہلو پر (میں) ؛ کسی ایک طرف سے آتا ہوا یا ایک سمت کو جاتا ہوا ؛ اتفاقی یا اضافی ؛ ایک جانب سے دیکھا گیا ۔ (فعل متعدی) پہلو یا رخ فراہم کرنا جیسے عمارت کو ؛ ایک طرف کر دینا/رکھ دینا ۔

on side, (کھیل) خود اپنی یا صحیح جانب ہونا جیسے فٹ بال میں گیند کا (offside کے برعکس) ۔

on the side, اضافی یا ضمنی طور پر (کیا جانے والا کاروبار، مفاد یا مشغلہ وغیرہ) ۔

side by side, ساتھ ساتھ ؛ پہلو بہ پہلو ؛ اکٹھے ۔

side with, ساتھ دینا ؛ حمایت کرنا ۔

take sides, کسی ایک فریق کی طرفداری کرنا یا اس کا ساتھ دینا (کسی نزاعی معاملے میں) ۔

sidearm, a. (بیس بال) اس اسلوب سے متعلق جس میں بازو کو جسم سے ہٹا کر افقاً گھماتے ہوئے گیند پھینکی جاتی ہے ۔

side-arms, n. شانہ بردار اسلحہ (تلوار ، پستول وغیرہ) ۔

side band, sideband, n. (ریڈیو) جانبی بینڈ ؛ سائیڈ بینڈ ؛ وہ بینڈ جو ایصالی تعدُّد کے دونوں طرف کے زیروبم سے پیدا ہوں ۔

sideboard, n. سائڈ بورڈ ؛ وہ خانے دار الماری جو عموماً کمرہ طعام میں رکھی ہوتی ہے اور اس میں کھانے پینے کی میز پر استعمال ہونے والی اشیا خصوصاً چاندی کے برتن ، چادریں وغیرہ رکھی جاتی ہیں ؛ چھکڑے میں بوقت ضرورت دیوار کھڑی کرنے کے کام آنے

sidereal time, n. زمانِ فلکی ؛ فلکی وقت (جس کا فلکی دن کے حوالے سے تعین کیا جاتا ہے) ۔

sidereal year, n. فلکی سال ؛ اس کا تعین ثابت ستاروں کے حوالے سے کیا جاتا ہے اور اس سے وہ عرصہ مراد ہے جس میں سورج کے گرد زمین اپنی گردش پوری کر لیتی ہے ، اسے ۳۶۵.۲۵ دن کا مانا جاتا ہے ۔

siderite, chalybite, n. آہنی شہابیہ ؛ لوہے کا کاربونیٹ ، یہ عموماً بھورے رنگ کا ہوتا ہے ؛ لوہے کی حالت خام ؛ وہ شہابیہ جس میں لوہے کی بڑی مقدار پائی جائے ۔

siderolite, n. شہابِ آہن آمیز ؛ شہاب آہنی ؛ ایک حجری شہابیہ جس میں لوہے کی خاصی مقدار موجود ہو ۔

side saddle, n. بغلی کاٹھی ؛ زنانہ کاٹھی جس کی ایک ہی رکاب ہوتی ہے اور وہ یوں بنی ہوتی ہے کہ سواری کرنے والے کو گھوڑے کی ایک جانب ٹانگیں رکھ کر بیٹھنا پڑتا ہے ۔

side show, n. ثانوی یا ذیلی تماشا ؛ اصل کھیل یا مظاہرے کے سلسلے میں دکھایا جانے والا ذیلی تماشا جیسے سرکس میں کسی بڑے کھیل کے ساتھ دکھایا جانے والا چھوٹا کھیل ؛ ضمنی یا ثانوی مسئلہ یا معاملہ ۔

sideslip, v.i. (طیرانیات) ایک جانب گر پڑنا ؛ طیارے کا موڑ کاٹتے ہوئے نیچے کی جانب ایک طرف کو پھسل جانا ۔ (اسم) آگے بڑھنے کی جگہ ؛ جہاز کے پھسلنے کا عمل ۔

sidespin, n. گیند کے اپنے ہی گرد چکر کھانے کا عمل ۔

sidesplitting, a. قہقہہ آور ؛ بہت زیادہ ہنس مکھ یا بلند قہقہہ لگانے والا ؛ بہت ہنسانے والی بات ؛ ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانے والی بات ؛ ایسی کیفیت پیدا کر دینے والی مزاحیہ بات یا حرکت ۔

side step, n. علیحدگی پسندی ؛ کسی سے بچنے ، قدم ہٹنے یا کترانے کے لیے ایک طرف ہو جانے کا عمل ؛ بغلی زینہ (کسی عمارت یا جہاز میں) ۔

side-step, v.i. ایک جانب ہو جانا ؛ کنارہ کر جانا ؛ کسی مسئلے یا معاملے سے کترا جانا ۔ (فعل متعدی) کسی دشواری ، رکاوٹ یا فیصلہ سازی کے وقت ساتھ چھوڑ جانا ۔

sidestroke, n. بغلی ضرب ؛ تیراکی میں یک رخی بغلی ضرب جس میں بازوؤں کو باری باری آگے لے جا کر واپس لاتے ہیں جبکہ ٹانگوں سے قینچی دار ٹھوکر لگاتے ہیں ۔

sideswipe, n. کسی کو بغل یا پہلو میں لگائی گئی ضرب ؛ کسی چیز کے ساتھ ساتھ کسی چیز سے لگائی گئی ضرب ۔ (فعل متعدی) ایسی ضرب سے ٹکرانا ؛ بغلی ضرب لگانا ۔

sidetrack, v.t.,v.i. ریل گاڑی کو بغلی پٹڑی پر لے جانا ؛ اصل موضوع سے ہٹ جانا ، غلط‌مبحث کرنا ۔ (اسم) ریل کی بغلی پٹڑی ۔

sidewalk, n. پگڈنڈی ؛ پیدلی (پیدل چلنے کے لیے بنا ہوا راستہ) ، عموماً پختہ جو سڑک یا شاہراہ کے بازو میں ہو ؛ روش ۔

side walk superintendent, n. (بول چال) وہ راہ رو جو چلتے چلتے کسی بنتی ہوئی یا گرائی جانے والی عمارت وغیرہ کو دیکھنے کے لیے کھڑا ہو ؛ راہرو تماشا گیر ۔

sideward, adv., a. یک جانب ؛ ایک طرف کو ۔

sidewards, adv. پہلو کی طرف سے ؛ پہلو کی جانب کو ۔

والا تختہ ۔

sideburns, ڈاڑھی منڈے شخص کی ٹھوڑی تک چلی گئی قلمیں ۔

sidecar, n. بغلی گاڑی ؛ موٹر سائیکل کے ساتھ جوڑی ہوئی ایک بغلی نشست جس کو تیسرا پہیہ سہارا دیتا ہے ؛ سنگترے کی شراب ، برانڈی اور لیموں کے رس کا مرکب مشروب ۔

sided, a. پہلو دار ؛ اطراف دار ۔

side dish, n. اضافی ڈش/قاب/پلیٹ (طعام کی) ؛ معمول کے کھانے کے علاوہ کوئی اضافی چیز ؛ ایسی خوردنی شے کے لیے مخصوص برتن یا پلیٹ ۔

side effect, n. ضمنی اثرات ؛ کسی دوائی کے استعمال سے پیدا ہو جانے والا غیر متوقع (عموماً مضر) ثانوی ردعمل ۔

side kick, n. (عوامی) ہر دم کا ساتھی ، گہرا یار ؛ لنگوٹیا ۔

sidelight, n. بغلی روشنی ؛ پہلو سے آنے والی روشنی ؛ کسی موضوع پر ضمنی یا اتفاقی آگاہی یا معلومات ؛ ان دو روشنیوں میں سے کوئی ایک جو رات کے وقت کشتیوں وغیرہ میں ہوتی ہیں (سرخ بائیں جانب اور سبز دائیں جانب) ؛ عمارت ، جہاز وغیرہ میں بغلی روشنی کے لیے دریچہ یا شگاف وغیرہ ۔

sideline, n. کسی چیز کی ایک جانب کھینچی ہوئی لکیر ؛ اصل مشغلے کے علاوہ کوئی اور ثانوی ذریعہ معاش یا مشغلہ ؛ بکاؤ مال اسباب کی ایک الگ سی شاخ (اسی دکان میں) (جیسے : a side line of groceries in a drug store) ۔ (کھیل) وہ حد بند لکیر یا نشان جس کے اندر اندر ہی کھیلا جا سکتا ہو ، جیسے فٹ بال کے میدان یا باسکٹ بال اور ٹینس کے کورٹ میں ۔ (جمع) ان حدوں سے باہر کا علاقہ ۔ (فعل متعدی) چوٹ لگنے یا کسی اور وجہ سے کسی کھلاڑی کو کھیلنے سے روک دینا یا منع کر دینا ۔

side-long, a. ترچھا ؛ آڑا یا پہلو کی طرف جھکا ہوا ؛ ٹیڑھا ؛ کج ؛ اریبی ؛ جو بالکل سامنے نہ ہو ؛ بالواسطہ یا دقیق (جیسے : a side long remark) ۔ (متعلق فعل) ترچھے پن سے ؛ ترچھاہٹ کے ساتھ ؛ آڑی حالت میں ۔

sideman, n. (موسیقی) بڑے سازندے کے ساتھ اس کا نائب یا سنگی ۔

sidepiece , n. پچر ؛ کسی چیز کے پہلو میں لگا ہوا کوئی ٹکڑا ؛ کسی چیز کے پہلو کو مکمل کرنے والا ٹکڑا ۔

sidereal, a. ثوابت یا ستاروں کے جھرمٹ کا یا ان سے متعلق ؛ ستاروں کے ذریعے متعین ہونے والا ؛ فلکی ۔

sidereally, adv. کواکب سے تعلق رکھتا ہوا ۔

sidereal day n. فلکی یوم ؛ روز فلکی ؛ فلکی وقت کی بنیادی اکائی ؛ اس سے خط استوا اور طریق شمس کا نقطہ تقاطع ، جس کا پے در پے دو مرتبہ سمت الراس سے گزرنے کا درمیانی عرصہ یا وقفہ مراد ہے ، یہ اوسط شمسی دن سے تقریباً چار منٹ کم ہوتا ہے ۔

sidreal hour, n. فلکی گھنٹہ ؛ فلکی یوم کا چوبیسواں حصہ ۔

sidereal minute, n. فلکی منٹ ؛ فلکی گھنٹے کا ساٹھواں حصہ ۔

sidereal month, n.. فلکی مہینہ ؛ چاند کے زمین کے گرد گردش کرنے کا ، ثوابتوں کے حوالے سے ناپا گیا ، عرصہ ، یہ دو متواتر نئے چاندوں کے درمیانی عرصہ سے دو دن اور پانچ گھنٹے کم ہوتا ہے ۔

sidereal second, فلکی سیکنڈ ؛ فلکی منٹ کا ساٹھواں حصّہ ۔

sideway, n. ذیلی راستہ ۔ (متعلق فعل) ایک طرف کو۔

sideways, sideway, sidewise, adv. ایک جانب سے یا اس طرف کو ؛ ترچھا بل لیے ہوئے ؛ یک طرفہ ؛ بالواسطہ ؛ پہلو کی جانب رخ کیے ہوئے ۔ (صفت) کسی پہلو کا سامنا کرتے ہوئے ، اس کی طرف جاتے ہوئے یا آگے کو بڑھتے ہوئے ؛ آڑا ، ترچھا ؛ بچتا بچاتا ۔

side-wheel, a. بغلی پہیوں والی کشتی جس میں کشتی چلانے کی چرخی دونوں طرف لگی ہوتی ہے ۔

side-wheeler, بغلی پہیوں والا اسٹیمر۔

shide whiskers, n. دیکھیے : mutton chops, side burns ۔

sidewinder, n. پہلو سے زور کے ساتھ رسید کیا گیا مکا یا کوئی ضرب ؛ ایک چھوٹا سا کھڑکھڑانے والا مونچھل سانپ (مار زنگی)، یہ شمالی امریکا کے جنوب مغربی صحرائی خطوں میں پایا جاتا ہے اور اپنے بدن کو حلقہ حلقہ آگے لے جاتا ہے جس سے یہ گمان ہوتا ہے کہ وہ دائیں بائیں بل کھاتا ہوا چلتا ہے ؛ ٹیڑیا سانپ۔ (بڑے S سے) (طیرانیات) بالا صوتی رفتار کا میزائل جو فضائی جنگ میں استعمال ہوتا ہے اور دشمن کے طیارے پر نشانہ کرنے کے لیے ایک خاص قسم کا زیر احمر رہنمائی نظام استعمال کرتا ہے ۔

siding, n. فریمی (لکڑی کے ڈھانچے والی) عمارت کی دیوار کی بیرونی سطح پر لگائی یا جڑی جانے والی لکڑی یا دھات کی پٹریاں؛ بڑی ریل پٹڑی کے ساتھ بوقت ضرورت استعمال کے لیے ایک زائد چھوٹی پٹڑی ؛ بغلی پٹڑی ۔

sidle, v.i. احتیاط یا جھجھک کے باعث پہلو ترچھا کر کے چلنا ؛ دبک کر چلنا ۔ (اسم) ترچھی چال ۔

siege, n. محاصرہ ؛ کسی قلعے یا گڑھی وغیرہ کا، اسے فتح کرنے کے لیے کیا گیا فوجی محاصرہ ، جس میں رسد روک دی جاتی ہے ، سرنگیں کھودی جاتی ہیں ، توپیں استعمال کی جاتی ہیں اور دوسری جارحانہ تدابیر اختیار کی جاتی ہیں ؛ مزاحمت شکنی کے لیے کی جانے والی طویل اور متواتر کوشش ؛ مصیبت ، بیماری یا مشکل کا صبر آزما طویل سماں ۔ (فعل متعدی) محاصرہ کرنا ؛ گھیرا ڈالنا ۔

lay siege to, محاصرہ کرنا ۔

Siegfried Line, n. خط سیگ فریڈ ؛ دوسری عالمی جنگ میں جرمنی کا وہ قلعہ بندی نظام جو فرانس کی میجی نو لائن کے سامنے تعمیر کیا گیا تھا ۔

sienna, n. سی اینا مٹی ؛ ایک قسم کی لوہے کی ملاوٹ والی مٹی جسے زردی مائل بھورا رنگ یا صبغہ تیار کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ بھٹی میں بھوننے سے پہلے کی حالت کو خام سی اینا کہتے ہیں اور بعد والی کو پختہ سی اینا ؛ ایسے صبغہ کی رنگت ۔

sierra, n. پہاڑوں یا پہاڑیوں کا وہ سلسلہ جس کی چوٹیاں آرے کے دندانوں کی سی نظر آتی ہوں ؛ میکرال مچھلی کی طرح کی کوئی مچھلی ؛ اسقمری ۔

Sierra, n. مواصلاتی ضابطے کا ایک لفظ جس سے S مراد ہوتا ہے ۔

siesta, n. ابتداً ہسپانیہ میں دوپہر کو یا قدرے پہلے کیا گیا آرام یا آنکھ جھپکی ؛قیلولہ ۔

sieve, n. چھلنی ؛ غربال ؛ ایک ایسی شے یا آلہ جس کے تلے میں سوراخ یا چھید ہوتے ہیں جس سے بھربھری اشیا کے نفیس اجز سے موٹی چیزیں علیحدہ کی جاتی ہیں یا سیال اشیا کو باریک چھیدوں والی گول چھلنی سے چھانتے ہیں ۔ (مجازاً) راز نہ رکھ سکنے والا شخص ؛ بات کو رکھ نہ سکنے والا ؛ پیٹ کا ہلکا ۔ (فعل متعدی) چھاننا ۔

sieve cell, n. (نباتیات) غربالی خلیہ ؛ ایک لمبوترا سا خلیہ جس کی دیواریں مسامی ہوتی ہیں ، یہ مسام مختلف گھیروں میں ہوتے ہیں جن کو ''چھان تھالیاں'' یا غربالی الواح کہتے ہیں ، ان جگہوں سے خوراک آس پاس کے اسی قسم کے خلیوں تک جاتی ہے ۔

sieve plate, n. دیکھیے : sieve cell ۔

sieve pore, n. دیکھیے :sieve cell ۔

sieve tube, n. (نباتیات) غربالی نالی ؛ غربالی خلیوں کی ایک سرے سے دوسرے سرے تک پودے کی اندرونی چھال میں نلکیوں کی سی ترتیب جو غذا رسانی کا کام انجام دیتی ہے ۔

sift, v.t. چھاننا ؛ چھلنی میں ہلا کر موٹی چیزوں کو باریک سے الگ کرنا ، جیسے آٹے یا راکھ کو چھاننا ؛ چھلنی میں سے گزر کر گرنے دینا یا الگ الگ کر دینا (جیسے: to sift sugar) ؛ ایک چیز کی دو صورتوں کو الگ الگ کرنا ؛ کسی معاملے میں چھان بین کرنا ، جیسے شہادت کی ۔ (فعل لازم) چھلنی استعمال کرنا ؛ چھلنی میں سے گرانا یا اس میں سے گرنا ۔

sifter, n. چھاننے والا ؛ چھلنی ۔

siftings, n. چھان ؛ بُورا ۔

sigh, v.i. آہ بھرنا ؛ آرزو مند ہونا ؛ رنج ، تھکاوٹ ، اطمینان یا اشتیاق کی صورت میں آہ کی سی آواز نکالنا ۔ (فعل متعدی) آہ بھر کر کہنا یا اظہار غم کرنا ؛ لمبا اور اونچا سانس لینا ؛ آرزو یا اشتیاق ظاہر کرنا ؛ ٹھنڈی سانس بھرنا ۔ (اسم) آہ کا (عمل یا آواز)۔

sigher, n. آہ بھرنے والا ۔

sight, n. بصارت ؛ بینائی ؛ حدنظر ؛ منظر ؛ قوت بصارت یا اس کی صلاحیت ؛ وہ جس جس کے ذریعے سے آنکھ سے چیزیں دیکھی جاتی ہیں ؛ دیکھنے کا عمل یا حقیقت ؛ حد نظر یا نظر کی وسعت (جیسے: land being in sight) ؛ جھلک یا پرتو ؛ ذہنی منظر ؛ اندازہ یا احترام ۔ (جمع) کوئی قابل دید یا دیکھی گئی چیز (جیسے: the sights of the city) ؛ کوئی غیر معمولی یا صدمہ انگیز شے ؛ کوئی خوش منظر (جیسے: she looked a sight in that hat) ؛ کسی مساحتی آلے یا آلۂ سدس وغیرہ کی مدد سے سمت یا محلِ وقوع معلوم کرنے کے لیے لی گئی پیمایش ؛ بندوق سے لیا گیا نشانہ ؛ کسی آتشی ہتھیار یا بصری آلے وغیرہ پر نشانہ کرنے کے لیے یا دیکھنے کے لیے کوئی امدادی ذریعہ ۔ (بول چال) بڑی مقدار یا تعداد (جیسے: to cost a sight of money) ۔ (فعل متعدی) دیکھ لینا، دیکھنا (جیسے: to sight land) ؛ کسی مساحتی آلے سے سمت یا وضع متعین کرنا ؛ بندوق پرشست مکھی لگانا یا اس کی مدد سے شست باندھنا ۔ (فعل لازم) نشانہ باندھنا ؛ شست باندھنا ؛ ٹھیک طرح مشاہدہ کرنا یا نگاہ میں رکھنا (جیسے: to sight along the hedgerow while trimming it in a straight line) ۔ (صفت) سرسری یا محض لفظی ترجمہ (جیسے: a sight translation) ۔

at first sight, پہلی نظر میں ؛ نظر پڑتے ہی ؛ دیکھتے ہی (جیسے: knowing at first sight that he liked her) ۔

at sight, فی الفور ؛ فی البدیہہ (جیسے: to play a composition at sight

(تجارت) پیش کرتے ہی (جیسے: a note payable at sight) ۔

catch sight of, جھلک سی پالینا (جیسے: to catch sight of the deer through the trees) ۔

know by sight, صورت شناسی ؛ شکل آشنائی (صورت آشنائی) ؛ گہرا تعلق نہ ہونا ۔

not by a long sight, (بول چال) ہرگز نہیں (جیسے: I would not take such a risk, not by a long sight) ۔

on sight, نظر پڑتے ہی ؛ جہاں بھی نظر پڑے (جیسے: orders to shoot the escaped killer on sight) ۔

out of sight, بہت دُور (نگاہوں سے اوجھل) ؛ غیرمعقول ؛ بہت زیادہ قیمت والا ۔

sight unseen, دیکھے بغیر ہی (جیسے: property purchased sight unseen) ۔

sightable, a. نظر آنے والی شے ۔

sighted, a. جس پر نظر پڑی ہو ؛ نظر آمدہ ۔

sighter, n. دیکھنے یا نظارہ کرنے والا ؛ ناظر ۔

sight draft, sight bill, n. (تجارت) درشنی ہنڈی ؛ غیر مشروط اور فی الفور ادائیگی والا ڈرافٹ ؛ عندالطلب ۔

sighted, a. نظر یا بصارت رکھنے والا ، عام طور پر مرکبات میں استعمال ہوتا ہے (جیسے: dim-sighted) ؛ آتشی ہتھیار کی طرح مکھی یا مکھیاں رکھنے والا ۔

sightless, a. نابینا ؛ بے بصر ، اندھا ؛ نظر نہ رکھنے والا ۔

sightlessly, adv. بغیر دیکھے ہوئے ۔

sightlessness, n اندھا پن ۔

sightly, a. خوب صورت ؛ خوش نما ؛ نظر کش ؛ نگاہوں کو اچھا لگنے والا ؛ جاذب نظر ؛ خوش منظر ۔ (متعلق فعل) خوش نما طور پر ۔

sightliness, n. خوبصورتی ؛ خوش نمائی ۔

sight-read, v.t., v.i. نفس مضمون ، پہلے سے جانے بغیر پڑھنا یا ادا کرکے دکھا دینا (نغموں یا راگوں کی ترتیب کو) ؛ پہلی بار ہی کر دکھلانا ۔

sight-reader, n. قیافہ شناس ۔

sightseeing, n. مناظر بینی ؛ سیروسیاحت ؛ شہر یا کسی غیرملک میں عام دل چسپی کے مقامات یا جگہوں کو دیکھنا یا وہاں جانا ۔ (صفت) مناظر بینی سے متعلق یا اس کے لیے سہولت فراہم کرتے ہوئے (جیسے بعض بس کمپنیاں کرتی ہیں) ۔

sightseer, n. سیر کرنے والا ؛ سیاح ؛ سیرو سیاحت کا شائق ۔

sigil, n. خاتم ؛ مہر والی انگوٹھی ؛ نقش ؛ تعویذ ، مُہر یا ٹھپہ (چھاپ) ؛ نجوم یا جادو کے حوالے سے اہمیت والا کوئی نشان یا ایسی کوئی علامت ۔

sigma, n. یونانی حروف تہجی کا اٹھار واں حرف جو انگریزی حرف S کا ہم آواز ہے ؛ اس یونانی حرف کی شکل کی کوئی شے ۔ (ریاضی) ریاضی میں اس حرف سے (کسی مخصوص سلسلے یا تربیت میں) میزان کل کا مفہوم ۔

sigmate, a. یونانی حرف سِگما یا انگریزی حرف ''ایس'' کا سا ۔ سگمائی ؛

sigmoid, a. انگریزی حرف c کی شکل کا یا S کی شکل کا ؛ بڑی آنت کے خم بالخصوص آخری خم سے متعلق جو مقعد میں جا کر ختم ہوتا ہے ۔

sigmoidal, a. دوخمہ ۔

sigmoidally, adv. دوخمہ طور پر ۔

sigmoid flexure, n. کنڈل موڑ ؛ S یا C کی شکل کا خم ۔ (تشریح الاعضا) بڑی آنت کی معاءِ غلیظ کا بہت خم دار آخری حصہ جو کولھے کی ہڈی (ایلیئم) کے بالائی سرے کے مقابل سے شروع ہو کر مقعد پر جا کر ختم ہوتا ہے ؛ بل یا بیچ ؛ دوخمہ ۔

sign, v.t. دستخط کرنا ؛ کسی دستاویز پر دستخط ثبت کرنا؛ اپنا نام خود بطور دستخط لکھنا ؛ بقلم خود ؛ کسی دستاویز پر اپنے دستخط کرکے اس کو نپٹا دینا ، اس کے بعد away آتا ہے ؛ تحریری معاہدہ کرکے ملازم رکھنا (جیسے: a baseball club signs a new player) ؛ بتانا یا ظاہر کرنا ؛ نشان لگانا یا دستخط کرنا ؛ صلیبی نشان بنانا ؛ دستخط کرکے یا کوئی نشان ڈال کر دوسرے تک پہنچانا ؛ اشارہ کرکے بتانا ۔ (فعل لازم) اپنے دستخط کرکے اقراری ہونا (دستخط کردہ تحریر وغیرہ کے مندرجات کا) ؛ دستخط کرنا یا اشارے سے کہنا؛ بھرتی کرنا (بعد میں up لگا کر) ۔

sign off, تاوقت ثانی ریڈیو یا ٹی-وی کے پروگرام یا نشریات کے خاتمے کا اعلان کرنا ۔

signer, n. دستخط کنندہ ۔

sign, n. نشانی یا علامت ؛ وہ مخصوص اشارہ جو کسی لفظ یا مفہوم کی جگہ لکھنے میں آتا ہو ، جیسے ریاضی اور موسیقی میں ہوتا ہے ؛ کسی خیال یا بات کو بن کہے دوسرے تک پہنچانے کے لیے برتا جانے والا کوئی اشارہ یا جسمانی حرکت ؛ سگنل ؛ کوئی کرداری شکل یا صورت جو کسی جگہ (دکان یا ہوٹل وغیرہ) کے آگے جلب توجہ کے لیے لگائی یا بنائی گئی ہو ؛ لکھی ہوئی کوئی شے جیسے بورڈ ، تختی یا جگہ جس میں معلومات ، علامات یا اشتہارات درج ہوں ، جوکسی عمارت یا کاروباری جگہ پر یا اس کے اندر یا سامنے یا شاہراہ اور سڑک پر لگی ہو ؛ جانوروں یا پودوں کی بیماری کی موجودگی کا معروضی اشارہ ؛ آثار یا علامت ؛ وحشی جانوروں کے نقوش پا ؛ کسی آنے والی صورت کا اظہار ؛ کل کے بارے میں کوئی اچھا یا بُرا شگون ؛ کوئی کرامت ۔ (فلکیات) بارہ آسمانی برجوں میں سے کوئی ایک ، جن میں سے ہر ایک کسی مجموعۂ نجوم سے موسوم ہے اور ان میں سے ہر ایک تقدیم اعتدالین کے باعث اب اُس مجمع النجوم پر مشتمل ہے جو اس کو نام دینے والے مجمع النجوم کے مغرب میں واقع ہے ۔

signal, n. سگنل ؛ کوئی اشارہ (آواز ، روشنی ، اعضائی حرکت یا ہم فہم لفظ کے ذریعے کیا گیا) جس سے کسی کو آگاہ کرنا، متنبہ کرنا یا راستہ یا سمت دکھانا مقصود ہو یا کوئی چیز جو کسی اقدام پر آمادہ کر دے ، اس کے لیے اُکسائے یا اس کا باعث بن جائے ؛ کوئی علامت یا کنایہ ؛ تار برقی ؛ ٹیلیفون ، ٹیلی ویژن ، ریڈیو یا ریڈار میں ارسال یا موصول ہونے والی برقی لہر ، انگیخت ، صوت یا آواز ؛ تاش میں وہ رمز جس سے اپنے ساتھی کو اطلاع پہنچائی جاتی ہے ۔ (صفت) سگنل کے لیے یا اس کے طور پر مستعمل ؛ نمایاں ، قابل ذکر یا امتیازی (جیسے: a signal success) ۔ (فعل متعدی) سگنل دینا (کرنا) ؛ اشارہ کرنا ؛ سگنل یا سگنلوں کے توسط سے رابطہ پیدا کرنا ؛ حکم دینا یا ظاہر کرنا ۔ (فعل لازم) اشارہ گوئی سے کام لینا ؛ رمز رسانی کرنا ۔

signaler, Brit. signaller, n. سگنل دینے یا کرنے والا ؛ اشارہ کار ۔
Signal Corps, n. سگنل کور ؛ فوج کا وہ شعبہ جو ابلاغ اور مواصلات کا ذمہ دار ہوتا ہے۔ مخفف : sig.c. ۔
signalize, v.t. نمایاں کرنا ؛ صاحب امتیاز کرنا ؛ خاص طور سے کسی جانب یا طرف اشارہ کرنا ۔
signally, adv. نمایاں طور سے ؛ امتیازی شان کے ساتھ ؛ خصوصیات کے ساتھ ۔
signalman, n. سگنل مین ؛ فوج ، بحریہ یا محکمہ ریل میں سگنل دینے یا کرنے پر ملازم یا مامور شخص ۔
signalment, n. کسی شخص کی حلیہ بیانی یا نویسی جس میں اس کے نمایاں خط و خال یا شناختی علامات شامل ہوں جو پولیس کے اغراض کے لیے کی جاتی ہے ۔
signatory, a. دستخطی ؛ کسی دستاویز خصوصاً سرکاری دستاویز مثلاً کسی معاہدے پر دستخط کرنے والا ۔ (اسم) دستخط کرنے والا (کسی مملکت کے نمائندے کی حیثیت سے کسی سرکاری معاہدے پر) ۔
signature, n. دستخط ؛ کسی شخص کا نام یا اِس نام کی مظہر کوئی نشانی جو اس کی خود نوشت ہو یا اس کے مختار کی جانب سے ہو جیسا کہ کسی دستاویزی خط یا کسی دوسری دستاویز میں درج ہوتا ہے؛ کسی دستاویز پر دستخط کرنے کا عمل؛ دستخط کاری ۔ (موسیقی) وہ علامت یا مجموعۂ علامات جن کو زیر و بم کہا جاتا ہے اور جو کسی موسیقی کے ٹکڑے کی کلید یا تال کے عدد کی نشاندہی کرتی ہیں ؛ ترجیعی نغمہ یا دوسرے بصری یا صوتی تاثر جو عموماً کسی پروگرام کے شروع یا آخر میں آرکسٹرا ، ریڈیو یا ٹی وی کی پیش کش میں باقاعدگی سے استعمال ہوتے ہیں ۔ (علم ادویہ) نسخے کا وہ حصہ جس میں طریق استعمال دیا ہوتا ہے؛ کسی پودے یا قدرتی مواد کی وہ خصوصیت جس کے متعلق پہلے یہ خیال تھا کہ وہ اس کی شفائی افادیت کو ظاہر کرتی ہے ۔ (طباعت) حروف یا اعداد کا وہ سلسلہ جو کتابوں یا جریدوں کے طبع شدہ اوراق پر کلیدی طور پر لگائے جاتے ہیں ، تاکہ جب انہیں الگ کرکے جلد بندی کی جائے تو وہ ایک دوسرے کے پیچھے سلسلہ وار آئیں ؛ ایسی ترتیب میں طبع شدہ صفحات کی ایک شیٹ یا تاؤ/تختہ ۔
signboard, n. سائن بورڈ ؛ کسی آگاہی ، راہنمائی یا تشہیر کے لیے تختہ ؛ اشتہار تختہ ۔
signet, n. ایک چھوٹی سی مُہر جیسے انگھوٹی جڑی ہوئی ہوتی ہے ؛ سرکاری کاغذات پر لگائی جانے والی مُہر ؛ مہر کی کسی کاغذ وغیرہ پر پڑنے والی چھاپ ۔ (فعل متعدی) مہر لگانا یا مہر چھاپنا ۔
signet ring, n. مہردار انگوٹھی ؛ خاتم ؛ وہ انگوٹھی جس میں بڑی یا چھوٹی مہر یا پہننے والے کے نام کے ابتدائی حروف کندہ ہوں ۔
significance, significancy, n. اہمیت ؛ اہم ہونے کی خصوصیت ؛ پُر معنی ؛ مفہوم ؛ جوبات کہنا مقصود ہو ؛ وقعت ؛ پرتاثیری ۔
significant, a. اہم ؛ معنی خیز ؛ وقیع ؛ درپردہ مفہوم والا (جیسے: significant look) ؛ مہتم بالشان ۔
significantly, adv. پر معنی انداز سے ۔
significant figures, n. (ریاضی) ملحوظ ہندسے ؛ کسی عدد کے ہندسے ماسوائے اصلی عدد کے بائیں جانب کے صفروں کے اورنقطۂ اعشاریہ کے دائیں جانب کے آخری ہندسوں کے جنھیں بامعنی نہیں سمجھا جاتا ۔
signification, n. اہمیت بخشی ؛ وہ جس کا اظہار یا وضاحت علامات سے ہوتی ہو یا الفاظ سے ؛ مفہوم ؛ مراد ؛ معنی خیزی ۔
significative, n. معنی خیز؛ اہمیت بخش ۔
significatively, adv. معنی خیزی کے ساتھ ۔
significativeness, n. علامت ؛ دلالت ۔
significs, n. دیکھیے:Semantics ۔
signify, v.t., v.i. علامات و اشارات یا قول و فعل سے واضح کرنا ؛ دلالت کرنا یا علامت ہونا ؛ نمائندہ یا مثل ہونا ؛ علامت یا نشانی ہونا ؛ اہم بن جانا؛ کسی شمار قطار میں ہونا ؛ وقیع بن جانا ۔
signifiable, a. اہمیت یا وقعت رکھتا ہوا ۔
signifier, n. اہم ؛ وقیع ؛ اہمیت والا ۔
signior, n. دیکھیے : Signor ۔
sign language, hand language, n. اشاروں کی زبان ؛ ہاتھ کے اشاروں یا علامتوں کا ایک طریقہ جو گونگے' بہرے افراد گویائی کے لیے استعمال کرتے ہیں یا جِس میں اُن لوگوں سے بات کی جاتی ہے جو وہ زبان نہیں جانتے ۔
sign manual, n. انفرادی دستخط خصوصاً کسی فرماں روا یا مجسٹریٹ کے کسی سرکاری دستاویز پر اپنے خود کردہ دستخط ؛ بقلم خود ۔
signor, n. (اطالوی) جناب یا مسٹر؛ ایک تحریمی لفظ جو بذات خود یا کسی مرد کے نام سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے ۔ یہ انگریزی کے لفظ مسٹر کے مماثل ہے ۔
signora, n. (اطالوی) بیگم یا مسز؛ ایک تحریمی لفظ جو بذاتِ خود یا کسی شادی شدہ خاتون کے نام سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے ، یہ انگریزی کے الفاظ مسز یا میڈم کے مماثل ہے ۔
signorina, n. (اطالوی) آنسہ یا مس ؛ ایک تحریمی لفظ جو بذاتِ خود یا کسی غیر شادی شدہ خاتون کے نام سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے ، یہ انگریزی لفظ مس کے مماثل ہے ۔
signorino, n. (اطالوی) نوجوان مرد کے لیے تحریمی لفظ یا اصطلاح ، یہ انگریزی لفظ ماسٹر کے مماثل ہے ۔
signory, n. عہد وسطیٰ کی اطالوی جمہوریہ کی مجلس بلدیہ ۔
signpost, n. وہ بانس یا ڈنڈا جس کے ساتھ راہنمائی ، آگاہی وغیرہ کے لیے لکھ کر کوئی تختی لگائی ہوئی ہو ؛ فوری ظاہرا نشان یا واضح اتاپتا ۔
sike, syke, n. (برطانوی اوراسکنیڈے نیویائی بول چال) آبجو ؛ چھوٹی سی ندی ؛ بارش سے ندی بن جانے والا نالا ۔
Sikh, a. سکھ ۔ (اسم) شمالی ہند کا ایک مذہبی فرقہ جس کی بنیاد ۱۵۰۰ء میں پڑی ؛ اس فرقے کا فرد ۔
silage, n. کسی گڑھے میں دبا کر رکھا گیا چارا ؛ ذخیرہ کاری ۔
Sikhism, n. سکھ مت ۔
silence, n. سکوت ؛ خموشی ؛ چُپ ؛ کسی آواز یا شور کی غیرموجودگی ؛ خاموش رہنے کا عمل یا کیفیت ؛ گفت گو یا بولنے کی ممانعت ، صامت (گونگا پن) ؛ بلا تذکرہ (جیسے: to pass over a matter in silence) ؛ خاموشی کا دور یا عرصہ ؛ گمنامی یا پوشیدگی ؛

اخفا یا رازداری ۔ (فعل متعدی) چپ کروا دینا ؛ کسی قسم کے شوروغل سے روک دینا ؛ خدشات وغیرہ کو ایک طرف کر دینا ؛ منھ بند کر دینا ۔ (عسکری) دشمن کی توپوں کو (زیادہ زور دار حملے سے) خاموش کرا دینا ۔ (فجائیہ) خاموش ہو جاؤ ؛ چپ رہو ؛ شور ختم کر انے کے لیے ندا ۔

silencer, n. خاموش کُن ؛ مصمت ؛ چپ کرا دینے والا؛ بندوق وغیرہ کی آواز کو دبا دینے والا آلہ ؛ سائلنسر ؛ آواز روک ۔ (برطانوی) گاڑی کے انجن کا سائلنسر ۔

silent, a. خاموش ؛ چپ چاپ ؛ لب دوختہ ؛ بے صدا ؛ پر سکوت ؛ بے بات ؛ ناملفوظ ، ساکت ، کسی معاملے میں کُھل کر حصہ نہ لینے والا ؛ غیرفعـال یا خوابیدہ (جیسے آتش فشـاں پہاڑ) ۔ (فلم) غیرمتکلم فلم جس میں نہ مکالمے ہوں اور نہ کوئی ساز ۔

silently, adv. خاموشی سے ؛ چپ چاپ ۔

silentness, n. خاموشی ؛ سکوت ۔

silent butler, n. ریزہ چیں ؛ وہ برتن جس میں میز وغیرہ پر گرے پڑے ریزے اٹھائے اور ڈالے جاتے ہیں ۔

silent partner, n. غیر کار گزار شریک ؛ وہ شخص جس نے کسی کے ساتھ کاروبار میں رقم تو لگائی ہو لیکن اسے چلانے میں شریک نہ ہو ؛ خفتہ شریک ۔

silenus, n. (یونانی اساطیری) سائی لی نس ؛ جنگل کی چھوٹی دیویوں میں سے کوئی ایک ، سائی لی نس ان کی سرخیل ہے اور اس کے حوالے ہی سے اُن کو بھی اسی نام سے پکارا جاتا ہے ، ہر دو کو سال خوردہ شرابی اور گھوڑے کے سے کانوں اور ٹانگوں والا بتایا جاتا ہے ۔

silesia, n. سلیشیا ؛ مشرقی جرمنی میں پہلے تیار ہونے والا کپڑا ؛ کوئی سا کم وزن ، ملائم سوتی کپڑا جو بیشتر استر کے کام آتا ہے ۔

silex, n. سلیکا ؛ حرارت سے نہ ٹوٹنے والا شیشہ ۔ (بڑے S سے) اس شیشے سے بنا ہوا کافی بنانے کا برتن ۔ (تجارتی نشان) ۔

silhouette, n. غیر ابعادی تصویری خاکہ ؛ کسی شخص یا شے کی خطی تصویر ؛ کالے کاغذ پر سے کاٹ کر کسی سفید چیز پر چسپاں کی گئی تصویر ؛ ٹھوس شے کی بنی ہوئی سیاہ رنگ کی کوئی شکل یا اس قسم کا کوئی خاکہ جسے ہلکے رنگ کا پس منظر دیا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) کالے ہیولے سے بنانا یا بنا کر کسی کو دکھانا ۔

silica, silex, n. سلیکا ؛ سلیکون ڈائی آکسائیڈ ؛ ایک سخت سا سفید یا بے رنگ مواد جو سنگ مردہ ، ریت ، چقماق ، دودھیا پتھر وغیرہ کی صورت میں پایا جاتا ہے اور بیشتر شیشہ سازی میں استعمال ہوتا ہے ۔

silica gel, n. (کیمیا) سلیکا کی ایک صورت جس میں انجذاب نمی ، عنصر مائی ، ہوا اور گیس کو ناگوار بو سے پاک کرنے کی صلاحیت پائی جاتی ہے ۔

silicate, n. (کیمیا) سلی کیٹ ؛ سلیکا کا نمک ۔

siliceous, sillicious, a. سلیکائی ؛ سلیکا دار ؛ سلیکا سے مشابہ ؛ اُس زمین میں پایا جانے والا پودا جس میں سلیکا کی فراوانی ہو ۔

silicic, a. (کیمیا) سلیکائی ؛ بعض ایسے ترشوں کے مظہر جو سلیکا سے ماخوذ تصور کیے جاتے ہیں ۔

cilicic acid, n. (کیمیا) سلیکا کا تیزاب ؛ ایک قسم کا لیس دار رسوب جو سلیکائی نمک کے تیزاب بنانے کے عمل سے پیدا ہوتا ہے اور دھیرے دھیرے خشک ہوتا ہوا خود خالص سلیکا بن جاتا ہے ۔

silicide, n. (کیمیا) سلیکون کا کسی اور سے مل کر بنا ہوا مرکب ، عموماً کسی دھاتی مادے یا عنصر یا اصلیے کے ساتھ ۔

siliciferous, a. سلیکا آمیز ؛ سلیکا بخش ، سلیکا دار یا سلیکا سے ملا ہوا ۔

silicified wood, n. سلیکا ملے پانی سے متحجری رکازی لکڑی ۔

silicify, v.t., v.i. سلیکائی بن جانا یا بنانا ؛ سلیکا میں بدلنا یا بدلا جانا ۔

silicification, n. سلیکا آمیزی ۔

silicle, n. (نباتیات) چھوٹی پھلی ؛ قبچہ ڈوڈی ؛ قبچک ۔

silicon, n. (کیمیا) سلیکون ؛ ایک غیر دھاتی عنصر جو قلمی بھی ہوتا ہے اور غیر معین شکل میں بھی ، یہ چٹانوں اور معدنیات میں ملی جلی حالت میں پایا جاتا ہے ، زمین کی بالائی پرت کا ایک چوتھائی یہی سلیکون ہے ۔

silicone, n. (کیمیا) سلی کون ؛ ایک مرکب جو بعض اشیا مثلاً تیل ، چکنائی ، مصنوعی ربڑ اور رال میں کاربن کی جگہ سلیکون کے تبادلے سے بنتا ہے ، اس سے پانی اور حرارت کے انتہائی درجوں کے خلاف مزاحمت میں اضافہ ہوتا ہے ۔

silicosis, n. (امراضیات) سلیکا روگ ؛ سمیّت سلیکون ؛ ایک بیماری جو سلیکا کے ذرات کے سانس کے ذریعے اندر چلے جانے سے پھیپھڑوں کو لاحق ہو جاتی (عموماً سنگ تراشوں کو) ۔

silicotic, a. سلیکا روگ سے متاثر ؛ سلیکا روگ زدہ ۔

siliculose, a. (نباتیات) وہ پودا جس پر ڈوڈیاں لگی ہوئی ہوں یا جس کی شکل اِس پھلی جیسی ہو ؛ قبچہ دار ؛ پھلی دار ۔

silique, n. (نباتیات) سلیکوا ؛ پھلی والے ایک پودے کا پھل جس کا تعلق رائی کی جنس سے ہے ، اس کی پھلی دو خانی اور لمبوتری ہوتی ہے ، یہ خانے پہلے باہم پیوست ہوتے ہیں مگر بعد میں الگ الگ ہو جاتے ہیں اور بیچ میں ایک مستقل سا پردہ آجاتا ہے ۔

sliquose, siliquous, a. سلیکوا کی مانند ۔

silk, n. ریشم یا حریر ؛ ریشم کے کیڑے کے کوئے سے بنایا گیا کپڑا یا دھاگا ؛ حاصل کردہ نرم ، ملائم اور چمکیلا ریشہ ؛ اِس ریشے سے بنا ہوا لباس ۔ (برطانوی ، بول چال) وہ امتیازی چوغہ جو شاہ یا ملکہ کا مشیر قانون وہاں کی عدالت میں پہنتا ہے ؛ شاہ یا ملکہ کا مشیر قانون ؛ اِس قسم کی نفیس اور ملائم چیز جو کسی اور شے ، جانور ، پودے یا عمل سے بنائی گئی ہو ، جیسے مکئی کے بُھٹوں کے بالوں سے ؛ پیرا شوٹ ۔ (جمع) مخصوص رنگ کے ریشمی یا ریشم نما کپڑے کی ٹوپی اور قمیص جو جاکی اپنے اصطبل کی پہچان کے لیے پہنتا ہے ۔ (فعل لازم) ریشم بننے کی صورت میں ہونا ، جیسے بُھٹے کا بالو ۔

hit the silk, (عوامی) پیرا شوٹ کے ذریعے اُترنا ۔

take silk, (برطانوی) شاہ یا ملکہ کے مشیر قانون کا عہدہ سنبھالنا ۔

silklike, a. ریشم کی طرح نرم۔

silkaline, silkolene, silkoline, n. ریشم گوں دھاگا ؛ سُوتی دھاگے سے
ریشم گوں تیار کیا گیا کپڑا .جو پردوں یا رضائیوں کے غلاف کے کام،
آتا ہے۔

silk cotton, n. سُنبل ؛ منطقہ حارہ کے بعض درختوں کے بیجوں کے
اندر پیدا ہو جانے والے نرم و نازک تار جو ریشم کے سے لگتے ہیں جیسے
سُنبل۔

silk-cotton tree, n. مذکورہ بیجوں والا درخت؛سُنبل۔

silken, a. ریشمی ؛ سلکی ؛ ریشم کی سی بعض خوبیاں
لیے ہوئے جیسے چھونے میں نرمی ، ملائمت ، نزاکت ، نفاست یا چمک ؛
نرم زبان ؛ دل میں گھر کر جانے والا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ؛ پُر
تکلف ؛ ریشم میں ملبوس۔

silk hat, n. شام کے لباس کے ساتھ پہنا جانے والا ایک
لمبوترا ، اسطوانی ہیٹ جس پر عموماً چمکیلی سیاہ پلش لگی ہوتی ہے۔
دیکھیے : top hat۔

silkoak, n. ریشمی بلوط ؛ ایک قد آور درخت جس کے فرن
کی طرح کے پتّے ملائم ہوتے ہیں اور پھول چمکیلے' لمبے لمبے' زرد' سرخ
اور سفید رنگ کے ہوتے ہیں ، آسٹریلیا میں اس کی بلندی ڈیڑھ سو فٹ
تک ہوتی ہے۔

silkscreen process, n. کاغذ یا کپڑے پر چھپائی کا ایک انداز
جس میں ایک فریم پر ریشمی کپڑے کو کس کر پھیلا دیا جاتا ہے اور
اس پر روک مسالا مل دیا جاتا ہے یا اسے جزوی طور پر مومی اسٹنسل
سے ڈھک دیا جاتا ہے جس سے نمونے والے حصے چھپ جاتے ہیں ،
چنانچہ جب اسکرین کو نیچے زیر طبع کاغذ یا کپڑے کے ساتھ لگایا جاتا
ہے تو کھلے ہوئے حصوں پر ایک بیلن کے ذریعے رنگ کیا جا سکتا
ہے۔

silk-stocking, a. ریشمی جرابیں پہنے ہوئے ؛ خوش پوش ؛
عشرت پسند ؛ اشرافی مزاج والا ؛ دولت مند۔(اسم) ریشمی جرابیں پہننے
والا ؛ خوش پوشاک انسان ؛ طبقہ امرا سے تعلق رکھنے والا ؛ اشراف ؛
انیسویں صدی میں وگ پارٹی سے تعلق رکھنے والا یا وفاق پرست۔

silkweed, n. شیردار بوٹیوں میں سے کوئی جس کے بیج
کے خول میں ریشمی رُواں سا ہوتا ہے۔

silkworm, n. پیلہ ؛ریشم کا کیڑا ؛ بن بالوں کا پیلہ
جو اپنے گرد ریشم کا جال بن لیتا ہے اور پتنگے کی شکل میں اس سے
باہر نکل آتا ہے؛ ایشیا کا جنس پیلہ (bombyx mori) ؛ ایسا کوئی ریشم
باف پیلہ۔

silky, a. ریشمی ؛ ریشم گوں ؛ چھونے میں نرم
اور ملائم ؛ نازک ؛ باریک۔

silkily, adv. ریشم کی طرح نزاکت لیے ہوئے۔

silkiness, n. ریشم کی سی نرمی ؛ چکنا پن۔

sill, n. سل یا لکڑی جو کس ڈھانچے کا بوجھ اٹھائے
ہوئے ہو ؛ اسی قسم کی شے جو کسی کھڑکی یا دروازے وغیرہ کے نیچے
افقی طور پر لگی ہوئی ہو جیسے لکڑی یا پتھر ؛ دہلیز ؛ پتھر کی سل یا
لکڑی کا تختہ ؛ موہاٹھ ۔(ارضیات) آتشی چٹان کی کسی اور چٹان کے
چپٹے پرتوں میں اُفقاً پیوستگی۔

sillabub, syllabub, n. کھانے کی کوئی شے ، مشروب یا شراب
اور سیب کا رس ، جس کو دودھ یا بالائی ملا کر پتلا دہی بنا لیا جائے
یا پھینٹ لیا جائے ، بعض اوقات اِس میں مٹھاس اور خوش بو بھی ملا
لیتے ہیں۔

sillimanite, n. سلی ما نائٹ ؛ ایک معدن جس میں ایلومینیم کا
سلیکیٹ ہوتا ہے ، یہ لمبی لمبی اور پتلی قلمی سوئیوں کی صورت میں
بھی ہوتا ہے اور گُچھا گچھا انبازی صورت میں بھی۔

silly, a. نادان ؛ ذہنی توانائی سے محروم ؛ عقل
معمولہ سے عاری ؛ دماغی ، عملی ، کلامی حوالے سے کمزور ؛ احمق ؛
سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ سنجیدگی یا خوش ادراکی سے دور یا اس کے
برعکس ؛ نامعقول یا مضحکہ خیز ؛ بیہودہ ؛ فاتر العقل ۔(بول چال)
ششدر۔(اسم) (بول چال) مُورکھ انسان۔

sillily, adv. نادانی سے ؛ حماقت سے۔

silliness, n. بے وقوفی ؛ سادہ لوحی۔

silly season, n. نادان موسم ؛ عموماً وسط گرما کا
موسم جب غیر سنجیدگی اورمبالغہ آمیزی ،روزناموں کی کہانیوں ،
اشتہار بازی اور عوامی تفریحات پر چھا جاتی ہیں۔

silo, n. سیلو ؛ چارا گودام ؛ بندگودام ؛ وہ مخروطی
گڑھا یا اطاق جو عموماً ہوا بند ہوتا ہے اور اِس میں سبز چارا یا غلہ ذخیرہ
کیا جاتا ہے تاکہ آئندہ کام آئے ؛ گڑھایا زیر زمین تہ خانہ جس میں غلہ
محفوظ کیا جائے ؛ کھتی ؛ انبار۔(عسکری) میزائل ، راکٹ وغیرہ کے
لیے بنا ہوا تہ خانہ ۔(فعل متعدی) سیلو/کھتی میں چارا وغیرہ رکھنا یا
محفوظ کرنا۔

silt, n. رسوب ؛ بہتے پانی
کی تہ نشین گاد یا باریک مٹی؛ باریک خاکی تہ نشین ۔(فعل لازم)
گاد سے بھر جانا یا بند ہو جانا ؛ رستے رہنا۔(فعل متعدی) گاد یا کیچڑ
سے بھر دینا یا بند کر دینا۔

siltation, n. ترسیب ؛ تہ نشینی۔

silty, a. رسوبی ؛ گاد سے بھرا ہوا۔

Silurian, a. سلورین(دور)؛ جنوبی ویلز کی ایک قدیم
قوم سلوریکا یا اس سے متعلق یا وہ خطہ جہاں وہ آباد تھے۔(ارضیات)
اس رکازی دور کے پانی یا چٹانی نظام کا یا اس سے متعلق جو دوسرے
مربـوط حیاتی نظام (ڈیوونی دور) اور پہلے مربـوط حیاتی نظام کے
درمیان پڑتا ہے۔(اسم) (ارضیات) عہد سلوری۔

siluroid, a. گربہ ماہی کی مانند ؛ گربہ ماہی کے قبیلے سے۔
(اسم) گربہ ماہی (جنس قرموط)۔

silva, sylva, a. سلوا ؛ کسی خاص علاقے کا جنگلاتی پھیلاؤ ؛
کس علاقے کے جنگل کے درختوں کے بارے میں لکھا گیا تحقیقاتی
مقالہ یا کوئی اور تحریر۔

silvan, a. دیکھیے : sylvan۔

silver, n. چاندی ؛ نقرہ ؛ سیم ؛ سفید رنگ کا ایک
لچک دار اور متورق عنصر، یہ سب سے زیادہ برقی اور حرارتی موصل
بھی ہے؛ دولت خصوصاً سکہ :سرکاری کرنسی کا معیار ؛ کھانے کے برتن ،
خصوصاً کھوکھلے ، اس دھات کے بنے ہوئے یا اس کا ملمع لیے ہوئے ؛
چپٹے برتن خواہ چاندی کے بنے ہوئے یا دوسری دھات کے ؛ اس سے
مخصوص رنگ؛ نقرئی رنگت۔(صفت) چاندی کا یا اس سے متعلق ؛
چاندی کا بنا ہوا یا اس سے ڈھکا ہوا یا چاندی چڑھا ہوا یا اس کی نقل ؛

چاندی کی سی چمک لیے ہوئے ؛ پچیسویں سالگرہ کا یا اس سے متعلق خصوصاً شادی کی ؛ نقرئی ۔ (بول چال) چرب زبان (جیسے: a silver tongue) ۔ (فعل متعدی) چاندی چڑھانا (کسی برتن وغیرہ پر) ؛ چاندی کی تہ چڑھانا (جیسے: to silver a mirror) ؛ چاندی کی چمک پیدا کرنا ؛ سفیدی مائل بنانا ؛ سفید بنانا ۔ (فعل لازم) چمک پکڑنا ؛ نقرئی ہو جانا ؛ سفیدی مائل خاکستری ہو جانا ۔

silverer, n. چاندی کی تہ چڑھانے والا ؛ چاندی کار۔

silver age, n. (اساطیری) نقرئی دور ؛ دورِسیمیں ؛ تاریخ عالم میں دوسرا دور جو طلائی دور کے بعد آتا ہے ۔ (عموماً بڑے S سے) لاطینی ادب کا اگسٹن کے بعد کا دور (۱۴ سن عیسوی سے ۱۸۰ء تک) ۔

silver bell, silver bell tree, n. شجر سیمیں ؛ شمالی امریکی اور چینی خوب صورت جھاڑیوں میں سے کوئی ایک یا پست قد درخت جس کے پھول سفید اور گھنٹی نما ہوتے ہیں ۔

silver berry, n. نقرئی بیری ؛ شمالی امریکا کے شمال وسطی علاقے کی ایک جھاڑی جس کے پتے ، پھول اور بیری تینوں سفید ہوتے ہیں ۔

silver bromide, n. (کیمیا) سلور برومائیڈ ؛ ایک ہلکا زرد مرکب جو سلور نائیٹریٹ میں قلوی برومائیڈ ملانے پر نیچے بیٹھ جاتا ہے ، اسے فوٹو گرافی کی فلموں اور پلیٹوں میں بھی استعمال کیا جاتا ہے کیونکہ یہ روشنی کے سلسلے میں بہت حساس ہے ۔

silver certificate, n. نقرئی نوٹ ؛ ایک زرِ کاغذی جو کبھی ریاست ہائے متحدہ کی حکومت نے جاری کیا تھا اور چاندی کی ایک دی گئی قیمت پر بدل پذیر تھا اور بطور زر قانونی سرکاری ، غیر سرکاری لین دین میں قابل قبول تھا ۔

silver chloride, n. (کیمیا) سلور کلورائیڈ ؛ سلور نائیٹریٹ میں کلورائیڈی محلول ملانے سے یہ سفید مرکب بنتا ہے اور روشنی کے معاملے میں حسّاس ہونے کے باعث اس سے بھی فوٹو گرافی میں کام لیا جاتا ہے ۔

silverfish, n. نقرئی رنگ کی ایک مچھلی جو مرجان ماہی کی نوع سے تعلق رکھتی ہے ، اس کی متعدد اقسام ہوتی ہیں ۔ (حشریات) ایک بے پر چھوٹا سفید رنگ کیڑا جو کاغذوں ، کپڑوں اور کتابوں کو کھا جاتا ہے کیونکہ ان میں موجود نشاستہ اس کی خوراک ہے ؛ کرم کتابی ؛ کتابی کیڑا ۔

silver fox, n. سفید لومڑی ؛ ایک لومڑی جس کی سمور کالی لیکن سفید چتیوں والی ہوتی ہے ، یہ نسل اصلاً سرخ لومڑی ہی کی ایک متبدل جنس ہے ، جسے اس رنگ کی نسلوں ہی میں پیدا کیا جا سکتا ہے ۔

silver iodide, n. (کیمیا) سلور آیوڈائڈ ؛ ایک ہلکا زرد مرکب جو روشنی میں سیاہ ہو جاتا ہے اور سلور نائٹریٹ میں آیوڈینی محلول ملانے سے بنتا ہے ، یہ فوٹو گرافی ، ادویات اور مصنوعی بارش میں استعمال ہوتا ہے ۔

silver-lace vine, n. سفید کناری بیل ؛ یہ بل کھاتی ہوئی سجاوٹی بیل سدا بہار ہے اور اصلاً جنوبی چین کی ہے ، اس پر لگنے والے خوشبودار پھول گچھے دار ہوتے ہیں ۔ نیز : fleece vine ۔

silver lining, n. (مجازاً) ناموافق حالات میں بھی کوئی وجہ تسلّی ؛ اُمید کی کرن ۔

silverly, a. نقرئی آواز یا صورت لیے ہوئے ۔

silvern, a. (شاعری) (قدیم) چاندی کا یا اس جیسا ۔

silver nitrate, n. (کیمیا) سلور نائٹریٹ ؛ چاندی کا ایک سفید رنگ کا قلمی نمک جسے نائٹرک ایسڈ میں چاندی ملا کر حاصل کیا جاتا ہے اور فوٹوگرافی میں ،صنعت و حرفت میں اور دافع عفونت کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ سنگ جہنم ۔

silver perch, mademoiselle, n. (سمکیات) نقرئی مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی (ڈھول کا سا شور کرنے والی) جنوبی ریاست ہائے متحدہ امریکا کی باسی ؛ نقرئی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جو اس کے مماثل ہو ؛ ایک قسم کی چاندی رنگ مچھلی ۔

silver plate, n. نقرئی طشتری ؛ نقرئی ملمع ؛ کھلے مُنھ کے کسی ادنی دھات کے چاندی چڑھے یا خود چاندی کے برتن ؛ چاندی کی قلعی جو ان پر کی جائے ۔

silver protein, n. (طب) نقرئی لحمیہ ؛ پروٹین اور سلور کو ملا کر بنایا ہوا کوئی لسونتی مواد ؛ چپچپا مواد جسے محلول کی صورت دے کر خارجی دافع عفونت کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

silver screen, n. پردۂ سیمیں ؛ وہ پردہ جس پر متحرک تصویریں دکھائی جاتی ہیں ، عموماً فلم وغیرہ (پہلے the لگاتے ہیں) ۔

silversides, silverside, n. نقرئی دھاری مچھلی ؛ مچھلیوں کی ایک قسم جن کے پہلوؤں پر سفید دھاریاں ہوتی ہیں ۔

silver smith, n. سیمی گر؛ چاندی کی اشیا بنانے یا ان کو درست کرنے والا ۔

silver spoon, n. (مجازاً) مال و منال خصوصاً وہ دولت جو ورثے میں پائی ہو (جیسے: to be born with silver spoon in ones mouth) ۔

silver standard, n. معیار نقرہ ؛ نقرئی معیار ؛ وہ مالی نظام یا معیار جس میں بنیادی اکائی چاندی کی ایک مخصوص مقدار کے مساوی ہوتی ہے ۔

Silver Star Medal, Silver Star, , n. (عسکری) ستارۂ سیمیں ؛ کانسی کے تمغے یا پھولوں کے مرکز میں چھوٹے سے نقرئی پھول والا تمغا جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کی عسکریہ میں کسی بہادری کے صلے پر عطا کیا جاتا ہے ۔

silver-tongued, a. چرب زبان ؛ قائل کر لینے والا اور حاضر گو ؛ فصیح ؛ باتونی ۔

silverware, n. نقرئی ظروف ؛ نقرئی برتن ؛ ان ظروف اور دوسری اشیا خصوصاً طعامی ظروف کا مجموعی نام جو یا تو چاندی سے بنے ہوئے ہوں یا ان پر چاندی چڑھی ہوئی ہو ۔

silverweed, n. سفید جھاڑی ؛ ایک گلاب نما پودا ، جس کے پتے ڈالی کے دونوں طرف یوں نکلے ہوئے ہیں جیسے پر پھیلے ہوئے ہوں اور نیچے کی جانب چاندی کے سے روئیں ہوتے ہیں ۔

silvery, a. نقرئی،آواز یا صورت میں چاندی کا سا ؛ چاندی چڑھا ۔

silveriness, n. چاندی کی طرح کی چمکدار سفیدی ؛ نقرئیت ۔

silvicolous, a. دشتی ؛ بن باسی ۔

silviculture, sylviculture, n. جنگل کاری ؛ جنگل

simonically, adv. کلیسائی منصبوں کی خریدوفروخت کے انداز میں ۔

simonize, v.t. صیقل کرنا ؛ چمکیلا بنانا ؛ ہموار بنانا (خصوصاً موم وغیرہ کے ساتھ) ؛ یوں بنانا جیسے اس پر موم لگا ہو ۔

Simon Legree, n. ''انکل ٹامز کیبن'' نام کی ہیرویٹ بیچر اسٹو کی تصنیف میں غلاموں کا ایک سفاک نگران ؛ کوئی سفاک بے رحم آقا ۔

simon-pure, a. [simon pure کا کردار جو ۱۷۱۸ء کے ایک طربیہ سے ماخوذ ہے] (مجازاً) حقیقی ؛ اصلی ؛ مُستند (جیسے: the simon pure heir) ۔

simony, n. کلیسائی منصب کی خرید و فروخت ؛ کسی کو روپے یا انعام کے عوض کلیسائی منصب و عہدہ کی پیش کش ۔

simoom, simoon, n. [عربی] بادسموم ؛ افریقہ اور عرب کی شدید گرم صحرائی ہوا جس میں گرد و غبار شامل ہو اور جس سے گلے میں پھندا لگنے لگے ۔

simpatico, a. (عوامی) ہم درد ؛ دل سوز ۔

simper, v.i., v.t. احمقانہ اور تصنع کے ساتھ یوں مسکرانا کہ اپنے آپ کو بھی اس حرکت کا احساس ہو ؛ کھسیانی ہنسی ہنسنا ؛ دانت نکالنا ؛ تصنع یا بناوٹ سے مسکراتے ہوئے کہنا یا بیان کرنا ۔ (اسم) وہ مسکراہٹ جو احمقانہ ہو یاخود آگاہی پر مبنی ہو ؛ بناوٹی مسکراہٹ ؛ کھسیانی ہنسی ۔

simperer, n. بناوٹ سے مسکرانے والا ۔

simperingly, adv. دانت نکال کر ۔

simple, a. سادہ ؛ جو آسانی سے سمجھ میں آ جائے ؛ غیر پیچیدہ ؛ استعمال کرنے میں یا برتنے میں جو کٹھن نہ ہو ؛ بناؤ سنگھار سے خالی ؛ بے تزئین و آرایش (جیسے: a simple pattern of design) ؛ طور طریقے میں بناوٹ اور تکلف سے پاک ؛ بنیادی یا اساسی (جیسے: the simple truth) ؛ واحد ؛ غیر پیچیدہ یا پیچیدگی سے خالی (جیسے: simple fracture) ؛ دوغلے پن یا دھوکے سے خالی ، مخلص (جیسے: a simple open reply) ؛ محض ، بے تصنع ؛ عام ؛ سادہ لوح ، (جیسے: just simple folk) ؛ ناسمجھ یا ناقابل فہم (جیسے: a foolishly simple brand of logic) ؛ احمق ؛ بھولا ؛ بدھو ؛ کم عقل ؛ کم دماغ ؛ سہل ؛ فاتر العقل ؛ مفرد ۔ (کیمیا) غیرمرکب ؛ بلا ملاوٹ ؛ بے آمیز ؛ ایک ہی عنصر یا جوہر سے بنا ہوا ۔ (نباتیات) تقسیم بندیوں سے آزاد (وہ مفرد پتا جس میں مزید پتیاں نہ ہوں) ۔ (حیوانیات) غیرمنقسم یا غیر مرکب ۔ (اسم) کوئی چیز جو مرکب اور آمیزہ نہ ہو ؛ کبھی اس سے دوا کے طور پر کام آنے والی طبی بوٹی یا وہ دوا بھی مراد تھی جو کسی ایک بوٹی سے حاصل ہوتی تھی ؛ مفرد ؛ بھولا ، احمق ، سادہ لوح شخص ۔

simpleness, n. سادگی ؛ سادہ دلی ؛ بے تکلفی ۔

simple fraction, n. (ریاضی) کسر سادہ ؛ وہ کسر جس میں شمار کنندہ اور نسب نما دونوں عدد سالم ہوں ؛ کسر مفرد ۔

simple honours, n. (کھیل ، آکشن برج) سادہ آنر ؛ ترپ کے پتوں میں سے کسی ایک فریق کے پاس تین آنرز کا ہونا یا تین اِکوّں کا (بشرطیکہ بازی ترپ کے بغیر ہو) ۔

simple interest, n. سود مفرد ؛ سادا سود (یعنی وہ سود جو صرف اصل زر پر لگا ہو) ۔

میں درختوں کی پرورش اور دیکھ بھال ؛ پرورش جنگلات ؛ شجر پروری ۔

silvicultural, sylvicultural, a. شجر پرورر ۔

silviculturally, sylviculturally, adv. شجر پروری کے طور پر ۔

silviculturist, sylviculturist, n. ماہر شجر پروری ۔

silvics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) جنگل کاری کا مطالعہ ۔

silvical, a. جنگل کاری کا ۔

simar, cymar, n. ایک ڈھیلا ڈھالا سا پیراہن جسے زمانہ قدیم میں عورتیں پہنا کرتی تھیں ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) کلیسائی اسقف یا صدر کی قبا ۔

simian, a. بندروں یا بوزنوں سے متعلق یا ان سے مخصوص یا ان کی مانند ۔ (اسم) بندر ؛ بوزنہ ؛ میمون ۔

similar, a. مماثل ؛ مشابہ ؛ مطابق ؛ متشابہ ، ہم شکل ، ہم صورت ، مانند ؛ بالکل وہی نہیں مگر اس سے ملتا جلتا ۔ (جیومیٹری) ایک جیسے اجزا ، مناسبات اور شکل لیے ہوئے مگر وضع اور سائز میں مختلف ،جیسے اشکال ۔

similarly, adv. ایک ہی طرح سے ؛ علیٰ ہذاالقیاس ۔

similarity, n. متشابہت ؛ مشابہت ؛ ہم گُونی ؛ گھری مماثلت ؛ ہم سانی ؛ کسی اور سے ملتا جُلتا نکتہ یا مثال ۔

simile, n. تشبیہہ ؛ ایک صفت کلام جس میں دو باہم مختلف چیزوں میں مماثلت یا موازنے کے لیے like یا as کا استعمال کیا جاتا ہے (جیسے: Her lips are like roses) ؛ شاعرانہ یا تخیلی تقابل ۔

similitude, n. مماثلت ؛ کوئی شخص یا شے جو فطرت ، اوصاف یا شکل و صورت میں کسی اور کے مانند ہو ؛ نظیر یا مثنیٰ ؛ کوئی مثالی پیکر یا مرئی مشابہت ، خیالی ہم گونی جیسے کسی تمثیل یا اخلاقی کہانی میں ہوتی ہے ۔

simmer, v.i. حرارت کے عمل مسلسل سے کسی سیال کا ابلنے تک پہنچنے سے پہلے سُوں سُوں کی ہلکی ہلکی آواز (سنسناہٹ) پیدا کرنا ؛ کسی سیال کا ابلنے کے قریب پہنچتی یا پہنچی ہوئی حالت ہی میں رہنا ؛ عناں گرفتہ اقدام یا دبے ہوئے جوش کی حالت میں ہونا ؛ آہستہ آہستہ بڑھتے ہوئے پھٹ پڑنے کی حالت تک جا پہنچنا جیسے بغاوت کی صورت میں ۔ (فعل متعدی) ابلنے کے قریب پہنچتی یا پہنچی ہوئی حالت میں رکھنا یا اس طرح سیال میں پکانا ۔ (اسم) ابال کی ایسی حالت یا اس میں تسلسل ۔

simmer down, ابالتے ہوئے کسی شے کی مقدار میں کمی کرنا ۔ (عوامی) چپ ہو جانا یا ٹھنڈا پڑ جانا ۔

simnel, n. اعلیٰ قسم کے گندمی میدے کی روٹی یا بسکٹ ۔ (برطانوی) وہ کیک جس میں گھی ، انڈے وغیرہ کے ساتھ کشمش اور میوہ بھی ڈالا گیا ہو ، اسے عموماً کرسمس ، ایسٹر اور لینٹ کے دوران کھایا جاتا ہے ۔

simoleon, n. (عوامی) ڈالر ۔

simoniac کلیسائی منصبوں کا کاروبار کرنے والا ۔

simonical, a. کلیسائی منصبوں کی خرید و فروخت سے متعلق ۔

simple machine, n. سادہ مشین ؛ متعدد بنیادی میکانی آلات میں سے کوئی ایک جیسے بیرم/لیور ، فانہ ، چکر ، محور ، چرخی ، پیچ اور ڈھلوان سطح ۔ دیکھیے : machine ۔

simple minded, a. سادا دل ؛ نمایش اور بناوٹ سے خالی ؛ عقل رسا سے خالی؛ فاتر العقل ؛ بے وقوف ۔

simple-mindedly, adv. بھولے پن یا سادہ دلی سے ۔

simple-mindedness, n. سادہ دلی ؛ سیدھا پن ۔

simple sentence, n. مفردجملہ ؛ سادہ جملہ ؛ وہ فقرہ جس میں ذیلی جُملہ نہ ہو۔

simpleton, n. سادہ لوح ؛ بُدھو ؛ بے وقوف؛ درست قوت فیصلہ سے محروم؛ عقل سلیم سے کورا؛ ضعیف العقل ۔

simple vow, n. (رومی کیتھولک کلیسا) سادہ حلف ؛ عیسائیوں کے رومی کیتھولک فرقے میں اس سے وہ وقتی لیکن سرعام حلف مراد ہے جو کسی مذہبی پیشوا کے سامنے اٹھایا گیا ہو مگر جس کی تجدید کی ضرورت ہوتی ہے، یہ حلف جائیداد کو قبضے میں رکھنے کا اختیار دے دیتا ہے اور شادی کو ناجائز قرار دیتے ہوئے بھی کلیسائی قانون کے لحاظ سے اس کے جواز کو تسلیم کرتا ہے ۔

simplex, a. مفرد ، کسی ایک عنصر یا اقدام پر مشتمل یا اس سے مخصوص (جیسے: simplex telegraphy) ؛ جس میں ایک تار پر بیک وقت ایک ہی پیغام ارسال کیا جاتا ہے ۔ (اسم) مفرد لفظ ۔

simplicity, n. سادگی ؛ سادہ ، غیرمرکب یا غیر مخلوط ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ سادہ پن ؛ تزئین ، تموّل ، نمود وغیرہ سے بریت ؛ چھل بل سے خالی ہونے کی حالت یا خاصیت ؛ فریب ، عیاری یا مکاری کی‌عدم موجودگی؛خلوص ، عدم تصنع ، ذہنی رسائی ، باریکی یا حسنِ فہم کی کمی ۔

simplify, v.t. سادہ کرنا ؛ آسان کرنا ؛ پیچیدگی کم کرنا ؛ سہل کرنا ۔

simplification, n. تسہیل ؛ سادہ کاری؛ آسان کاری ؛ اختصار ۔

simplifier, n. تسہیل کار؛ آسان کنندہ ؛ سادہ کار ۔

simplism, n. نظریۂ تسہیل ؛ زیادہ ہی کسی صورت حال یامسئلے کو سمیٹتے سمیٹتے کسی ایک عامل تک محدود کر کے دوسرے پیچیدہ عوامل کو نظرانداز کر دینے کا عمل یا سلسلۂ کار ۔

simplistic, a. سادہ پرکار ؛ تسہیلی ۔

simplistically, adv. سہل بناتے ہوئے؛ تسہیل کرتے ہوئے ۔

simply, adv. سادہ انداز میں؛ واضح طور سے ؛ لگی لپٹی کے بغیر ؛ صاف صاف ؛ مخلصانہ ؛ محض یا صرف ؛ بے وقوفی سے ؛ یقیناً‌لاریب (جیسے : simply beautiful) ۔

simply ordered set, n. (ریاضی) سادہ ترتیبی سیٹ ؛ کسی سیٹ کو اس وقت منظم کہا جاتا ہے جب اس میں y سے پہلے آنے والے x ارکان ہوں۔ نیز : ordered set, linearly ordered set, totaly ordered set) ۔

simulacrum, simulacre, n. کوئی شبیہ یا مماثلت ۔

simular, n., a. (قدیم) روپ دھاریا ؛ بھیس بدل ؛ جعلی ؛ بہروپیا ؛ نقال ۔

simulate, v.t. بناوٹی طور پر ظاہر کرنا ؛ روپ دھارنا یا انداز اختیار کرنا ؛ بہروپ بھرنا ؛ بھیس بدلنا ۔

simulative, a. نقل کرنے یا بہروپ دھارنے والا ؛ روپ دھار ۔

simulation, n. نقل ؛ بہروپ ؛ بناوٹ ؛ جعل سازی ۔

simulator, n. بہروپ دھارنے والا ؛ مثیل ساز ؛ وہ مشین یا کوئی اور طریقہ جو مخصوص حالتوں کو یا ماحولوں کی مماثلت کو پیدا کرسکتی ہے (منضبط تجربات یا تربیتی مقاصد کے لیے) ۔

simulcast, v.t. بیک وقت نشر کرنا ؛ بیک وقت ریڈیو اور ٹیلی ویژن سے نشر کرنا ۔ (اسم) بیک وقتی نشریہ ؛ یوں نشر کیا گیا پروگرام ؛ بیک وقت ریڈیو ، ٹی-وی سے نشر کردہ پروگرام ۔

simultaneous, a. بیک وقت ؛ ایک ہی وقت میں وقوع پذیر ہونے والا یا کیا گیا ؛ متوارد زمانی ؛ معاصر ؛ ہم وقت ۔

simultaneously, adv. ایک ہی وقت میں ؛ ساتھ ہی ساتھ ۔

simultaneousness, simultaneity, n. ہم وقتی ؛ معاصرت ۔

sin, n. گناہ ؛ عصیاں ؛ پاپ ؛ خطا ؛ کسی مذہبی یا معاشرتی دستور یا فرمان سے ارادی یا دانستہ کسی شخص کی رُوگردانی ؛ اخلاقی بدکرداری ؛ برائی ؛ غلط کاری ؛ تجاوز ؛ کسی معیار کی خلاف ورزی (جیسے: a sin against community standards) ۔ (فعل لازم) ارتکاب گناہ کرنا ؛ فرائض کے کسی معروف اصول کو توڑنا ؛ حدود پھاندنا۔

Sinanthropus, n. (بشریات) چینی آدم نُما ؛ پیکنگ سے دریافت ہونے والا قدیم انسان ۔

sinapism, n. (طب) ضماد خردل ؛ رائی کا لیپ یا سرسوں کا پلستر ۔

since, adv. تب سے اب تک ؛ وقفے میں ؛ اس سے پہلے ؛ اب سے پہلے ؛ اس وقت کے بعد ۔ (حرف جار) کسی وقت سے لے کر لگاتار (جیسے: since yesterday) ؛ نتیجۃً ؛ بعداً ۔ (حرف عطف) اس وقت سے لے کر اب تک کے وقفے میں (جیسے: I have been ill twice since I saw you last) ؛ چونکہ ؛ بایں سبب ؛ جہاں تک اس کا تعلق ہے ۔

sincere, a. مخلص؛ صادق ؛ سچا ؛ بے لاگ ؛ ظاہر و باطن میں ایک ، نامختلف ؛ بے تصنع یا بے ریا ؛ دیانت دار ؛ چھپا کر یا بچا کر نہ رکھنے والا ؛ حقیقی ؛ اصلی ؛ سچا یا کھرا ۔

sincerely, adv. خلوص سے ؛ صداقت سے؛ سچائی سے ۔

sincerity, sincereness, n. اخلاص ؛ سچائی ؛ خلوص ؛ کھرا ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛ بے ریائی ؛ راستی ؛ کھراپن ؛ اخلاص مندی ۔

sinciput, n. (تشریح الاعضا) سرکابالائی حصہ خصوصاً سامنے کا ؛ جلوسر ؛ چندیا ؛ ماتھا ؛ پیشانی ۔

sincipital, a. پیشانی یا ماتھے کا ۔

sine, n. (مثلثیات) جیب ؛ کسی زاویۂ قائمہ مثلث میں حادہ زاویے کا تفاعل : یہ وتر اور اس کے بالمقابل خط کی باہمی نسبت کے مساوی ہوتا ہے ؛ کارتزی محدّد میں کسی زاویے کا تفاعل ، جب کہ زاویہ معلوم ہو : یہ کسی خط پر کسی نقطے کے معین کا نام ہے جسے اصل سے اس کے فاصلے پر تقسیم کیا گیا ہو ۔

sinecure, n. کوئی منصب جس سے بغیر کام کے مفت کی یافت ہوتی ہو ۔ (کلیسیات) وہ کلیسائی جاگیر جس کے عوض پادری وغیرہ کے سر کوئی مذہبی ذمہ داری نہ ہو ۔

sine curve, sinusoid, n. (ریاضی) جیبِ منحنی ؛ کسی

چوکور کے محدّد میں مساوات y = sinx کی ترسیم ۔

sine die, adv.
بلاتعین تاریخ ؛ آئندہ اجلاس یا کسی اقدام کے لیے کوئی وقت مقرر کیے بغیر ؛ غیر معینہ مدت کے لیے (جیسے: to adjourn sine die) ۔

sine qua non, n.
ناگزیر شے ؛ شرطِ لازم ۔

sinew, n.
نس ؛ وَتر ؛ طُنب ؛ تانت؛ بافت ؛ قوت اور مضبوطی دینے والا یا اس کا سرچشمہ ۔ (فعل متعدی) بُننا یا مضبوط کرنا ، جیسے بافتوں سے ۔

sine wave, n.
(طبیعیات) جیبی موج ؛ دَوری ارتعاش جس کی نمائندگی جیبی منحنی کرتا ہے ۔

sinewy, a.
عضلاتی ؛ بافتوں پر مشتمل یا ان سے مشابہ ؛ گُتھے ہوئے پٹھوں والا ، مضبوط ، نمایاں مچھلیوں والا ؛ توانا یا جان دار جیسے بولی ۔

sinfonia, n.
(موسیقی) سازینہ ؛ سمفونی؛ ایک شان دار آرکسٹرائی نغمہ جسے غنائی تمثیل کے آغاز میں چھیڑتے ہیں ۔

sinfonietta, n.
(موسیقی) عام سمفونی سے کم تر سازوں یا دورانیے والا سازینہ ؛ معمول سے چھوٹا سمفونی آرکسٹرا (اس میں صرف تار والے ساز ہی استعمال کیے جاتے ہیں) ۔ دیکھیے: symphony, orchestra ۔

sinful, a.
گناہ گار ؛ عاصی ؛ پاپی ؛ بدکردار ۔

sinfully, adv.
گناہ گاری سے ۔

sinfulness, n.
گناہ گاری ۔

sing, v.i.
گانا ؛ لفظوں یا آوازوں کو غنائی پیرائے میں ادا کرنا ؛ لحنی نغمہ پردازی کرنا ؛ سریلی آوازیں نکالنا (جیسے پرندے)؛ موسیقانہ آوازیں پیدا کرنا (جیسے وائیلن) ؛ تیز یا بھنبھناتی ہوئی آواز نکالنا (جیسے: the kettle sings)؛ بجنا؛ گنگنانا ؛ زنزنانا ؛ شعروں میں کچھ بیان کرنا یا کہنا ؛ شعر کہنا ۔ (عوامی) اقبال جرم کرنا ؛ راز افشا کرنا ۔ (فعل متعدی) آواز کو غنائی اتار چڑھاؤ کے ساتھ نکالنا؛ ایک ہی سُر میں الاپنا یا کہنا؛ شعروں میں کسی کی ستایش کرنا؛ کچھ بیان کرنا یا جشن منانا ؛ گا کر کسی پر اثر انداز ہونا (جیسے: to sing one to sleep) ۔ (اسم) نغمہ سرائی ؛ محفل موسیقی ؛ زنزناہٹ ؛ گنگناہٹ ؛ بجتی ہوئی آواز ؛گونجتی ہوئی آواز ۔

sing out,
زور سے آواز دینا ؛ چلاکر بولنا ۔

singable, a.
گانے کے لائق ؛ نغمہ پذیر ۔

singe, v.t.
ہلکا ہلکا جلانا ؛ سلگانا ؛ اوپر اوپر سے جلانا ، جھلسانا؛ اوپری سطح ، سروں یا بیرونی جانب کو جلا دینا؛ آگ کے شعلوں میں سے گزار کر مرغی وغیرہ کے بالوں اور روؤں کو ختم کرنا ۔ (اسم) جھلساہٹ ؛ سلگاہٹ ؛ جلد یا سطح کا اوپر اوپر سے جل جانے کا عمل ؛ جلنے کا نشان ۔

singer, n.
گویّا ؛ مغنی ؛ نغمہ پرواز ؛ گانے والا خصوصاً ماہر یا پیشہ وار گلو کار یا موسیقار ؛ شاعر ، نغمہ زن طائر ، پیشہ ور گائک ۔

singing, bird, a.
گانے والا پرندہ ، نغمہ سرا طائر ؛ کوئی چہچہانے والا پنچھی ؛ طائر مغنی ۔

single, a.
مفرد ، مجرد ؛ تنہا ، اکیلا ؛ غیر شادی شدہ یا ایسی صورت حال میں ؛ ایک جز ، عنصر یا رکن پر مشتمل ؛ نرالا ، بے مثال ؛ واحد ؛ صرف ایک ؛ الگ ؛ منفرد ؛ ایک شخص کے لیے موزوں (جیسے : a single bed) ؛ ایک کے مقابل ایک (ضرب و حرب میں) ؛ مخلص ؛ دیانت دار یا لگن والا (جیسے: single devotion) ۔ (نباتیات) پنکھڑیوں کے ایک ہی دستے والا پھول ۔ (برطانوی) بیر وغیرہ جس کی نشہ اوری معتدل سی ہو ۔ (اسم) ایک شخص یا شے : ایک شخص ہی کے موزوں اقامت والی کوئی جگہ جیسے ہوٹل ، ریسٹورنٹ یا کسی دوسری جگہ پر ۔ (بیس بال) وہ ضرب جس سے ضارب صرف پہلے بیس تک ہی پہنچ پاتا ہے ۔ (کرکٹ) وہ ضرب جس سے صرف ایک دوڑ (رن) ممکن ہو ۔ (جمع) وہ کھیل یا مقابلہ جس میں دونوں جانب صرف ایک ایک کھلاڑی ہو جیسے ٹینس وغیرہ میں ۔ (گالف) وہ مقابلہ جو صرف دو کھلاڑیوں کے درمیان کھیلا جائے ۔ (فعل متعدی) زیادہ میں سے کسی ایک کو چن لینا (جیسے: to single out a rose) ۔ (بیس بال) ایک ضرب لگا کر دوسرے بیس لائن تک دوڑ پڑنا یا ایک دوڑ بنوا دینا ۔ (فعل لازم) (بیس بال) ایک خطی ضرب لگانا ۔

single-breasted, a.
اکہرے صدر کا (کوٹ) ؛ وہ کوٹ وغیرہ جس کا کوئی پیش دوسرے کے اوپر نہیں جاتا بلکہ وہ بٹن اور کاج کے ذریعے ہی ایک دوسرے سے پیوست ہوتے ہیں (جیسے: a single-breasted coat) ۔

single combat, n.
انفرادی مبارزت ؛ ایسی مبارزت جو صرف دو افراد تک محدود ہو ۔

single entry, n.
اکہرا اندراج ؛ کھاتہ داری (حساب داری) کا سادہ ترین طریقہ جس میں سارا حساب کتاب ایک ہی رجسٹر تک محدود ہوتا ہے اور سارا لین دین اس میں درج ہوتا ہے ۔

single file, n.
اکہری قطار ؛ افراد یا اشیا کا یک قطاری کوچ یا رفت جس میں ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے چلا جاتا ہے ۔

single-foot, rack, n.
رواں چال ، گھوڑے کی چال جس میں ہر پاؤں تنہا پڑتا ہے ۔ (فعل لازم) رواں چلنا ۔

single-footer, n.
رواں چال چلنے والا گھوڑا ۔

single-handed, a.
یک دستی ؛ یکہ و تنہا کیا ہوا کام ، بلا امدادِ غیر؛ صرف ایک ہاتھ سے کام لینے والا ؛ صرف ایک ہاتھ والا ؛ وہ کام جس میں صرف ایک ہاتھ یا ایک شخص کی ضرورت ہو ۔

single-handedly, adv.
یکہ و تنہا طور پر ۔

single-handedness, n.
یک دستی ۔

single-hearted, a.
دل و جان سے مخلص ؛ احساس یا مقصد میں غیر منتشر ؛ لگن والا ؛ وفادار ۔

single-heartedly, adv.
بے لاگ پن سے ۔

single-heartedness, n.
اخلاص ؛ لگن ۔

single knot, n.
یک بندی گرہ ؛ سادہ قسم کی گرہ ، اس میں ایک حلقہ بنا کر اس میں سے خالی سرے کو گزار دیتے ہیں ۔

single-minded, a.
یک رُخا ؛ ایک دُھن کا ؛ ایک مقصد میں لگا ہوا ؛ مستقل مزاج ؛ دھن یا لگن کا پکّا ۔

single-mindedly, adv.
مستقل مزاجی سے ۔

single-mindedness, n.
یک سوئی ؛ یک رنگی ۔

single-name paper, n.
(تجارت) وہ ہنڈی جس پر صرف راقم ہی کے دستخط ہوں اور کسی نے اس کی توثیق نہ کی ہو ۔

singleness, n.
اکیلا پن ؛ اکیلا ہونے کی حالت یا خصوصیت ؛

فردیت ؛ اخلاص ؛ بے ریائی ۔

single-phase, a. (برق) یک ہئیتی ؛ یک مرحلی ؛ (ایک فیز والی) متبادل رَو سے چلنے والی شے یا آلے کے متعلق ۔ دیکھیے: phase ۔

single space, v.i., v.t. یک سطری فاصلہ دینا ؛ متواتر سادہ سطور پر ٹائپ کرنا یا چھاپنا ؛ عام فاصلے سے سطریں ٹائپ کرنا ۔

singlestick, n. موٹا ڈنڈا ؛ وہ چھڑی جسے ایک ہاتھ میں سنبھال کر گتکا کھیلتے ہیں؛ ایسی چھڑی سے کھیلا گیا گتکا ۔

singlesticker , n. (جہاز رانی) یک مستولی جہاز ؛ ایک مستول والا بادبانی جہاز یا کشتی ۔

singlet, n. (خصوصاً برطانوی) بنیان ؛ مردانہ بنیان یا جرسی جسے قمیص کے نیچے پہنا جاتا ہے ؛ فتوحی ۔

single tax, n. مفرد محصول ؛ ٹیکس کا نظریہ جس کے مطابق ذرائع آمدنی میں سے صرف کسی ایک ہی پر ٹیکس لگانا چاہیے ، جیسے زمین پر ؛ اس مخصوص قسم کا ٹیکس ۔

singleton, n. (تاش) منفرد ؛ ہاتھ میں رنگ کا ایک ہی پتا ؛ کسی گروہ میں ایک ہی نمایاں شخص یا شے ؛ اندھوں میں کانا راجہ ۔

single-track, one-track, a. یک راہ ؛ ایک ہی پٹڑی والا (جیسے ریل کی پٹڑی) ۔ (مجازاً) ایک وقت میں ایک ہی سوچ یا عمل والا ، جیسے ذہن ۔

singletree, n. دیکھیے : Whiffle tree ۔

singly, adv. فرداً ؛ انفرادی طور سے ؛ الگ الگ ؛ فرداً فرداً ؛ کسی امدادی یا ساتھی کے بغیر ، بیک وقت ایک ۔

singsong, n. باقاعدگی سے نکلنے والی پُرآہنگ آوازیں ؛ وہ شعر جن کا ایک ہی باقاعدہ اور بے کیف قافیہ اور وزن ہو ۔

singspiel, نیم ڈرامائی غنائی ترتیب و پیشکش جس میں منظوم اور منثور مکالمے بدل بدل کر آتے ہیں ، کبھی جرمنی میں اس کا رواج تھا ۔

singular, a. غیر معمولی یا نمایاں کردار والا یا وسعت والا (جیسے: singular success) ؛ انوکھا یا عجیب (جیسے: singular occurrence) ؛ نرالا ؛ سنکی یا اوٹ پٹانگ (جیسے: a singular person, singular behaviour, taste or dress) ؛ اپنی وضع کا ایک ؛ بے مثل و بے مثیل ؛ منتخب ؛ منفرد ؛ فرد واحد ۔ (گرامر) لفظ کی وہ صورت جس کا ایک شخص یا شے پر اطلاق ہوتا ہو اور وہ ایک ہی کی مظہر ہو ، جیسے اسم واحد یا فعل کا صیغہ واحد (بمقابلہ صیغہ جمع کے یا تثنیہ کے) ۔ (منطق) کسی ایک موجود یا شے سے متعلق یا منسوب ۔ (اسم) (گرامر) صیغۂ واحد ؛ اس صیغے کے مطابق کسی لفظ کی صورت ۔

singularly, adv. عجیب انداز سے ۔

singularness, n. ندرت ؛ نرالا پن ۔

singularize, v.t. غیر معمولی بنانا ۔

singularity, n. غرابت ؛ انفرادیت ؛ واحد یا منفرد ہونے کی حالت ، حقیقت یا خصوصیت ؛ کوئی یکہ و تنہا شے ؛ غیرمعمولی خدوخال یا خصوصیات ؛ انوکھاپن ۔

singular point, n. (ریاضی) نادر نقطہ ؛ کسی مرکب متغیر کے تفاعل کا کوئی نقطہ جہاں تفرقی مشتق (derivative) موجود نہیں ہوتا لیکن اس کے اردگرد کے ہر مقام پر تفاعل کے تفرقی مشتق کے حامل نقطے موجود ہوتے ہیں ۔

singular proposition, n. (منطق) واحد قضیہ ؛ وہ قضیہ جس کے متعینات کوئی نہ ہوں ۔

sinister, sinistrous, a. منحوس ؛ نامسعود ؛ بدشگون ؛ نامبارک ؛ بدی ، تباہی یا بدبختی کا پیش خیمہ ؛ بدخواہ ؛ بدسرشت؛ بُرا ؛ غارتی ؛ بدقسمت؛ بائیں جانب یا بائیں ہاتھ ۔ (نقابت) ڈھال کا وہ پہلو جو سپربردار کے بائیں جانب ہوتا ہے ۔

sinisterly, adv. خباثت یا بدمعاشی سے ۔

sinisterness, n. بدشگونی؛ بدخواہی ۔

sinistral, a. بائیں جانب کا یا اس سے متعلق یا بائیں طرفَ جُھکا ہوا؛ کھبّا؛ بائیں سے دائیں جانب بنی ہوئی دھاریوں والا جیسے بعض صدفیوں کے خول ۔

sinistrally, adv. بائیں طرف سے ۔

sinistrorse, sinistrorsal, a. (نباتیات) پودے یا شاخ وغیرہ کا بائیں جانب کو اوپر اٹھتے ہوئے بڑھنا ۔

sinistrorsely, adv. بائیں جانب کو مُڑتے ہوئے ۔

Sinitic, n. چینی ؛ زبانوں کا وہ جزو جس کا تعلق چینی تبتی قبیلے سے ہے ، اس میں چینی بولیاں اور وہ تمام بولیاں شامل ہیں جن کے بولنے والے چینی زبان کو معیاری تحریری زبان کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔ (صفت) چینی زبان ، ثقافت یا لوگوں سے منسوب ۔

sink, v.i. ڈوبنا ؛ نیچے چلے جانا یا تہ میں چلے جانا (پانی کے اندر) ؛ ڈُوب جانا ؛ نیچے چلے جانا یہاں تک کہ پوری طرح یا کسی حد تک ڈھک جانا ، جیسے ریگ رواں یا دلدل میں ؛ دھنس جانا ؛ جذب ہو جانا ؛ نیچے کی جانب دھیرے دھیرے اور بتدریج گرنا یا جا پڑنا (پتے وغیرہ کا) ؛ کمزوری یاتھکن سے ہولے ہولے گرنا ؛ لیٹنے ، بیٹھنے یا جُھکنے والے انداز میں جم جانا (جیسے: sink into a chair) ؛ نچان کی جانب آہستہ آہستہ چلاجانا (جیسے پانی) ؛ افق کی طرف یا اس کے نیچے کو اتر جانا جیسے سورج ؛ چھا جانا جیسے تاریکی زمین پر ؛ ڈھلواں ہونا (زمین کا) ؛ پچکنا جیسے رخساروں کا ؛ داخل ہونا (عموماً in یا into کے ساتھ) جیسے خیالات یا صداقت کی ذہن میں رسائی ؛ بتدریج کسی اور حالت میں چلے جانا ، جیسے سناٹے میں ؛ کسی نچلی حالت میں چلے جانا یا پہنچ جانا ، جیسےمقدار یا اندازے کا ؛ جسمانی طاقت یا قوت حیات کا نمایاں طور پر جواب دے جانا خصوصا موت کے وقت ؛ جی بجھ جانا ، جیسے افسردگی میں ؛ مقدار ، حد اور درجے میں گرجانا ، جیسے مالیت ، قیمت یا بھاؤ میں ؛ آواز کا ڈوب جانا یا لہجے کا دھیما ہو جانا ؛ بنانا ، سرنگ ، کنواں یا اسی طرح کی کوئی چیز کھود کر یا سوراخ کرکے ۔ (فعل متعدی) ڈبونا یا غرق کردینا (جیسے: to sink the enemy's ship) ؛ گرانا ؛ اتارنا ؛ نیچے کو دھکیلنا ؛ زمین میں گاڑنا (کسی بلّی وغیرہ کو) ؛ کھود کر کسی جگہ کو آس پاس کی جگہ سے گہرا کرنا یا گڑھا بنانا ؛ بد تر یا کم تر حالت میں کر دینا ؛ کم کرنا ؛ نیچا کرنا یامنزلت گھٹانا ؛ تباہ کر دینا ؛ مقدار یا حد میں کمی کر دینا جیسے مالیت یا قیمتیں ؛ دھیما کرنا (آواز کو) ؛ دبا دینا (حقائق کو) ؛ چھوڑ دینا ؛ نظر انداز کرنا یا احتراز کرنا ؛ سرمایہ کاری کرنا ؛ رقم ڈبو دینا (کسی نقصان دہ کاروبار میں) ۔ (اسم) کوئی طاس (بیسن) یا آب

sinuous, a. خم پیچ سے پُر ؛ بل کھاتا ہوا ؛ بالواسطہ موڑ کھاتا ہوا ۔ (نباتیات) لہریا کناروں والا (پتّا) ۔
sinuously, adv. لہر دار طریقے سے ۔
sinuousness, n. لہر داری ؛ لہریا پن ۔
sinus, n. خم ، موڑ یا شکن ؛ خمدار حصہ یا جوف ۔ (تشریح الاعضا) بدن کی مختلف جوفوں یا نسیجوں میں یا گزر گاہوں میں سے کوئی ایک ، جیسے ہڈیوں کا خلا یا خون کی نالیاں وغیرہ ؛ کسی نالی (شریان یا رگ) کا پھیلا ہوا حصہ ۔ (امراضیات) کوئی چھوٹے سے دہانے والا لمبوترا سا پھوڑا ؛ کسی پھوڑے کی طرف جانے والی تنگ سی گزر ۔ (نباتیات) پتے وغیرہ کے دو ابھرے ہوئے حصوں کے بیچ کی چھوٹی سی گول جوف ۔
sinusitis, n. (امراضیات) کسی جوف بدن کی سوزش ، جیسے کہ چہرے کی ہڈیوں میں ہوتی ہے ۔
sinusoid, n. (ریاضی) جَیبیّہ ؛ جیب نما ؛ کسی ایسے تفاعل کی مستطیلی محدّدوں میں ترسیم ، جو کسی متغیر کے جیب کی تبدیلی کے ساتھ ساتھ تبدیل ہوتا ہے ۔
sinusoidal, a. جیبی ۔
sinusoidal projection, n. (نقشہ کشی) تظلیل جیبّیہ ؛ جیب نما تظلیل ؛ مساوی رقبہ تظلیل ؛ جس میں متوازی خطوط مساوی فاصلے کے افقی خطوط کی صورت میں، وسطی نصف النہار خط استوا کے نصف عمودی خط کی صورت میں اور دیگر طول بلد کے خطوط جیب نما قوسین کی صورت میں ،ظاہر کیے جاتے ہیں ، جن کا حیطہ ان کے مشرقی اور مغربی طول بلد کے متناسب ہوتا ہے ۔
Sion, n. دیکھیے : Zion. ۔
Siouan, a. سیوآن : ان قدیم شمالی امریکی لوگوں کے لسانی شجرے سے متعلق یا اس پر مشتمل جو کبھی سارے مرکزی امریکا اور کینیڈا میں پھیلے ہوئے تھے ۔
Sioux, n. سو ؛ قدیم شمالی امریکی لوگوں کی ایک لسانی شاخ ؛ سوآنی وفاق کا ایک قبیلہ ؛ اس قبیلے کا کوئی فرد ؛ ڈکوٹا ۔
sip, v.t., v.i. چُسکیاں لے کر پینا ؛ ہونٹوں سے تھوڑا تھوڑا کھینچ کر پینا ۔ (اسم) چُسکی ؛ چُسکی لینے کا عمل ۔
sipper, n. چُسکی سے پینے والا ۔
sippingly, adv. چُسکی لگاتے ہوئے ؛ چُسکی کے انداز میں ۔
siphon, syphyon, n. سائفن ؛ ایک خمدار نلکی جس کے ذریعے کوئی سیال شے کسی اُونچے برتن کے کنارے کے اوپر سے گزار کر یا بلندی سے نیچے کے برتن میں گراتے ہیں ، اس نلکی کا ایک حصّہ دوسرے سے چھوٹا ہوتا ہے ، اس چھوٹے حصّے والے سرے کو اگر کسی مائع شے والے برتن میں ڈبو دیں اور دوسرے لمبے حصے کو برتن سے باہر نیچے کے رُخ بند رکھ کر یا چُوس کر چھوڑ دیں تو ہوا کے دباؤ سے اس برتن کا سیال مادہ خودبخود بہنے لگ جاتا ہے اور اس وقت تک بہتا رہتا ہے جب تک وہ سارا مائع ختم نہیں ہو جاتا ، لیکن یہ ضروری ہے کہ لمبے حصّے کا سرا اس برتن کی تہ سے نیچے ہو ، جس میں سے کسی سیّال کو بہانا مقصود ہو ؛ گیس بھرے پانی کی بوتل جس میں سے ایک بیرم کے دبانے سے ذخیرہ شدہ گیس کا اخراج ہوا دار پانی کو بوتل کی سائفن سے باہر دھکیل دیتا ہے ۔ نیز : syphon, siphon bottle ۔

گیر ، جیسا کہ باورچی خانے وغیرہ میں ہوتا ہے اور جس میں پانی کی آمد اور اخراج کا انتظام ہوتا ہے ؛ فحاشی یا بدکاری کا اڈہ ؛ پانی کے اکٹھا ہو جانے والی نشیبی جگہ یا ایسی جگہ جہاں پانی مرتا ہو یا بخارات بن کر اڑ جاتا ہو ؛ غرقی ۔
sinkable, a. جو غرق ہو سکے یا ڈوب سکے ؛ اغراق پذیر ۔
sinkage, n. کھدائی کی حد یا اُس کا عمل یا اقدام ؛ نشیب ، گڑھا یا جوف ۔ (طباعت) کسی صفحے پر عبارت کی پہلی سطر کا عام فاصلے سے زیادہ نیچے ہونا ، جیسا کہ کسی باب کے آغاز میں اکثر کیا جاتا ہے ؛ فرو بردی ۔
sinker, n. ڈوبنے یا ڈبونے والا ؛ غرقہ ؛ وہ وزن جو ماہی گیری کے کانٹے یا جال سے بندھا ہوتا ہے تاکہ وہ پانی میں ڈوبا رہے ؛ ڈوبک ۔ (عوامی) میٹھی ٹکیا ۔ دیکھیے : doughnut ۔
sinkhole, n. آبگیرہ ؛ غرقہ ؛ پانی کے عمل سے چٹان میں پیدا ہو جانے والا سوراخ یا قیف جس کے ذریعے بالائی سطح کا پانی زیر زمین سوتے سے جا ملتا ہے ؛ وہ گڑھا یا نشیب جس میں گندا یا نکاس پانی جمع ہوتا رہتا ہے ۔ دیکھیے : swallow , swallow hole ۔
sinking fund, n. سرمایۂ بے باق ؛ غاروقہ ؛ وہ فنڈ جو اس لیے پس انداز کیا گیا ہو کہ زیر باری سے نجات ملے (حکومتیں ، کارپوریشنیں وغیرہ وقتاً فوقتاً کچھ رقم الگ کرتی جاتی ہیں تا کہ اس میں سے اپنے قرض ادا کر سکیں) ۔
sinless, a. بے گناہ ؛ گناہ سے پاک ؛ معصوم ۔
sinlessly, adv. بے گناہی سے ؛ معصومیت سے ۔
sinlessness, n. بے گناہی ؛ معصومیت ۔
sinner, n. عاصی ؛ گناہگار ؛ خطا کار ؛ پاپی ۔
Sinology, n. مطالعۂ چین ؛ صینیات ؛ چین کی زبان ، ثقافت ، تاریخ ، اداروں اور رسم و رواج کو جاننے ، سمجھنے سے دلچسپی رکھنے والے علم کا شعبہ یا مطالعہ ۔
Sinological, a. صینیات سے متعلق ۔
Sinologist, ماہر صینیات ؛ ماہر مطالعۂ چین ۔
Sino-Tibetan, n. (لسانیات) چینی تبتی ؛ وہ لسانی خاندان جس میں چینی ، تھائی ، تبتی ، برمی زبانیں شامل ہیں ، اس خاندان میں چینی زبان بھی شامل ہے اور ایشیا کی بہت سی اور کم معروف زبانیں اور بولیاں بھی ۔
sinsyne, adv. تب سے ؛ اب سے پہلے ۔
sinter, n. وہ سلیکائی یا آہکی مادہ جو چشموں کے ذریعے جمع ہو جاتا ہے جیسا کہ گرم چشموں کے دہانوں کے گرد بن جاتا ہے ۔ (فلزیات) اُس عمل سے وجود پذیر ہونے والے مادے کو بھی کہتے ہیں ؛ حَمّی مادہ ۔ (فعل متعدی) (فلزیات) کسی دھات کے سفوف کو یا اس کے شکنجہ ساختہ ٹکڑے کو حرارت دے کر ذرات کو باہم پیوست کرنا ۔
sinuate, sinuated, a. لہردار ؛ اندر باہر خم کھایا ہوا ، پیچاں ، پُرخم ۔ (نباتیات) زبردست لہری کناروں والا (جیسے پتاّ) ۔ (فعل لازم) اندر باہر خم کھانا ؛ بل کھانا ۔
sinuately, adv. لہردارانہ طریقے سے ۔
sinuosity, n. لہریا پن ، پیچاکی ؛ خم ؛ جھکاؤ ؛ موڑ ، جیسے کسی بل کھاتے دریا یا راستے کا ۔

(حیوانیات) بعض جانوروں جیسے مچھلیوں میں وہ قنات جس کے ذریعے وہ سیال چیزوں کو اندر کھینچ لیتے ہیں یا خارج کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) سائفن کے ذریعے لے جانا ، بٹانا یا خالی کرنا ۔ (فعل لازم) سائفن کے ذریعے خالی ہونا ؛ کسی جگہ سے بٹنا یا چلے جانا (سیّال مادے کا) ۔

siphonal, siphonic, a. سائفن کا یا اس سے مشابہت رکھنے والا ۔

siphonless, a. بلا سائفن کے گزارنا ۔

siphonlike, a. سائفن سے مشابہ؛ سائفن اسا ۔

siphonphore, n. (حیوانیات) سائفن فور ؛ سمندری مرجان جن کا شجرہ سائیفونوفورا سے ملتا ہے ، ان کی کئی قسمیں ہیں ، لیکن تقریباً سب میں ایک کھوکھلی سی نلی ہوتی ہے جس میں سے متعدد نالیاں (زوائد) سی پھوٹی ہوئی ہوتی ہے ،جیسی نجم البحر (جیلی فش) میں ؛سائفن دار ۔

siphonostele, n. (نباتیات) زیادہ ارتقا یافتہ پودوں میں ایک مسام دار سی نالی ہے جو تنے کے جذبی خلیاتی ریشوں کو محیط ہوتی ہے اور اس میں سے غذا ان میں رستی رہتی ہے ؛ سائفنی عروقیہ ۔

siphonostelic, a. سائفنی عروق رکھنے والا ۔

siphonostely, n. سائفنی عروق ۔

sippet, n. چھوٹا سا ٹکڑا ؛ نان پارہ (عموماً تلا ہوا یا سینکا ہوا ، جسے شوربے کے ساتھ یا یخنی وغیرہ میں ڈبو کر کھاتے ہیں) ؛ چُورا ؛ روٹی چُور ۔

sir, n. سر ؛ جناب ؛ ایک احترامی لفظ تخاطب ؛ حضور ؛ جناب محترم ۔ (بڑے S سے) نائٹ یا بیرونیٹ کا لقب جو نام سے پہلے لگایا جاتا ہے (جیسے : Sir Walter Scot) ؛ ایک معزز فرد یا لارڈ ؛ برطانوی حکومت کی طرف سے دیا گیا نائٹ ہڈ کا خطاب ۔

sirdar, n. [اردو ، فارسی] سردار ؛ پاکستان ، ہندوستان اور افغانستان میں فوجی کماندار یا لیڈر ؛ پہلے مصری فوج کے برطانوی کمان دار کو بھی کہتے تھے ۔

sire, n. میمل جانوروں میں نر ؛ حُرمتی لفظ تخاطب (کسی آدمی کے لیے) ؛ پہلے ہر بڑے یا بلند مرتبہ کے لیے بولا جاتا تھا ، اب صرف بادشاہ یا کسی اور حاکم کے لیے بولتے ہیں ۔ (شاعری) شاعری میں باپ یا دادا وغیرہ کے لیے آتا ہے ۔ (فعل متعدی) باعث تولید بننا ؛ سانڈ ہونا (اب خاص طور بر نسل کشی کے گھوڑوں یا دوسرے پالتو جانوروں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے)۔

siren, n. (یونانی اساطیری) عروسۂ بحر ؛ ان متعدد جل پریوں میں سے کوئی ایک جن کا ایک حصہ پرندے کا ہوتا ہے اور ایک دلربا ، دلفریب ، دلکش عورت کا سا ، روایت ہے کہ اپنے سریلے نغموں سے یہ جہازرانوں کو یوں مسحور کرتی تھیں کہ اُن کے جہاز چٹانوں سے ٹکرا کر تباہ ہو جاتے ؛ کوئی موہنی عورت جو بربادی کا باعث بن جائے ؛ بام مچھلی کی شکل کی سمندری مخلوق میں سے کوئی جس کے سامنے کی جانب دو اعضا ہوتے ہیں اور پھیپھڑے اور گلپھڑے دونوں باہر کی جانب ہوتے ہیں ؛ سرینیا سلسلے کا کوئی میمل جانور (جیسے فرس البحر) ؛ ایک ساز جس کے سوراخوں میں سے گیس یا ہوا کے گزرنے سے نغمہ پیدا ہوجاتا ہے ، یہ سوراخ تیز تیز گھومنے والی طشتری میں ہوتے ہیں ؛ ایک اسی قسم کا ساز جو اسی انداز سے اونچی تیز آواز پیدا کرتا ہے اور عموماً کسی خطرے سے آگاہی کے لیے یا ہنگامی صورت میں بجایا جاتا ہے ؛ سائرن ؛ گھگو ۔

sirenic, a. سائرن نما ۔

sirenian, n. (حیوانیات) آبی نباتات خور میمل جانوروں سے کوئی ایک ،جس کا سرینیا سلسلے سے تعلق ہو (جیسے فرس البحر) ۔

Sirius, Dog Star, n. (فلکیات) سگ ستارہ ؛ کلب اکبر والے مجمع النجوم میں سے ایک ستارہ جو سب ستاروں سے روشن گنا جاتا ہے، اسے کلب الجبار بھی کہتے ہیں ۔

sirloin, n. گائے بیل کی ران کے اس حصے کا گوشت جو پُٹھ سے قریب تر ہو ۔

sirocco, n. [عربی] شرقو ؛ وہ گرم خشک غبار آلود ہوا جو شمالی افریقہ سے اٹھتی ہوئی بحیرہ روم کو پارکرکے جنوبی یورپ کے بعض حصوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے ؛ جنوب یا جنوب مشرق سے اٹھنے والی گرم حبس دار ہوا جس کے ساتھ بارش بھی آجاتی ہے اور انھی خطوں میں برستی ہے ؛ کوئی گرم اور حابس ہوا ۔

sirrah, n. (قدیم) یہ لفظ تخاطب اب متروک ہو چکا ہے کبھی عجلت ، حقارت یا غصے کے عالم میں مردوں یا لڑکوں کو مخاطب کرتے ہوئے بولا جاتا تھا ۔

sirree, siree, n. (قدیم) (بعض اوقات بڑے S سے) ''سر'' کے متبادل کے طور پر کبھی کبھی yes یا no کے ساتھ اور زور ڈالنے کے لیے بولتے ہیں ۔

sirvente, sirventes, n. سرونتی ؛ نظم کی ایک قسم جو وسطی دور میں بہت عام تھی اور اس کا موضوع بہادری بھی ہوتا تھا ، طنز بھی اور سیاسی یا اخلاقی معاملات بھی ۔

sisal, n. سیسل ؛ ایک پودے سے حاصل کیا گیا ریشہ ، یہ پودا غرب الہند اور میکسیکو میں ہوتا ہے اور رسّے بنانے کے کام آتا ہے ۔

sisal hemp, n. سیسل سن ۔

siskin, n. ایک نغمہ سراپرندہ ، جس کے بال سبزی مائل اور زردی مائل ہوتے ہیں ، اس کی کئی قسمیں ہیں ، یورپ اور ایشیا دونوں جگہوں میں پایا جاتا ہے ۔

sissy, n. زنخا ؛ زن نما مرد یا لڑکا ؛ نامرد ؛ ہیجڑا ؛ بزدل ؛ چھوٹی لڑکی ۔

ssissified, a. نامرد ۔

sissiness, n. بزدلی ۔

sissyish, a. بزدل ۔

sister, n. بہن ؛ ہمشیرہ ؛ خواہر ؛ کسی گھرانے میں دوسری اولاد کے مقابلے میں ایک ہی والدین سے پیدا ہونے والی لڑکی ؛ کوئی لڑکی یا عورت جسے ہمشیرہ والی محبت اور ملنساری حاصل ہو ؛ ہم عقیدہ عیسائی عورت ؛ راہبہ ؛ کوئی شے جسے اس جیسی دوسری اشیا کے حوالے سے مؤنث گنا جائے (جیسے : This ship is the sister of the other) ۔ (برطانوی) برطانیہ (اور برصغیر پاک و ہند میں بھی) ہسپتال کے کسی وارڈ کی انچارج نرس کو کہتے ہیں ۔

sisterhood, n. بہناپا ؛ رہبنہ ؛ عورتوں کی انجمن جن کو ایک عقیدے اور ایک جمعیت نے یکجا کیا ہو ، جیسے راہبائیں ؛ مشترک مفاد میں بندھی ہوئی عورتوں کا گروہ ۔

sister-in-law, n. خاوند یا بیوی کی بہن ؛ بھائی کی بیوی ؛

نند ؛ سالی ؛ بھاوج ؛ دیورانی ؛ جھٹانی ؛ سلہج ۔

sisterly, a. خواہرانہ ؛ بہن کا سا؛ بہناپے کا (رویہ وغیرہ) ۔

sisterliness, n. خواہرانہ شفقت ۔

Sistine, Sixtine, a. ان متعدد پوپوں میں سے کسی ایک کا یا اس سے متعلق جن کا نام سکسٹس تھا ۔

sistrum, n. غُود مصری ؛ صلاصل ؛ ایک ساز جسے قدیم مصری اپنی مذہبی تقریبات میں بجاتے تھے ، یہ ایک چھوٹے سے دھاتی فریم سے عبارت ہوتا تھا جس میں ڈھیلے ڈھالے دھات ہی کے ڈنڈے جڑے ہوتے تھے ۔

sit, v.i. بیٹھنا ؛ چوتڑوں کے بل یا پہلو کے بل کسی نشست پر بیٹھنا ؛ ٹھہرنا یا آرام کرنا ؛ واقع ہونا یا کسی جگہ پر ہونا ؛ بیٹھنا یا بوجھ ڈالنا (جیسے :grief sits heavily on his heart) ؛ عملی طور پر بیٹھنے کی صورت اختیار کرنا(جیسے :to baby-sit) ؛ اڈے پر بیٹھنا یا بسیرا کرنا ؛ سینا جیسے چڑیا بچے نکالنے کے لیے انڈوں کو سیتی اور گرمی پہنچاتی ہے ؛ ذاتی طور پر موزوں اور مناسب محسوس ہونا (بعد میں عموماً well لگاتے ہیں) ؛ پہننے پر اچھا اور موزوں لگنا ؛ کسی فوٹو گرافر ، مصور یا مجسمہ ساز کے سامنے شبیہہ سازی کے لیے بیٹھنا۔ (موسمیات) ابتدا یا آغاز کرنا (جیسے : The wind sits in or comes from the East) ؛ کسی عوامی اجلاس یا مجلس منتظمہ میں کسی حلقے کی نمائندگی کرنا (جیسے :The senator sits for Ohio) ؛ اجلاس طلب کرنا (جیسے :An assembly sits when in session) ؛ باضابطہ طور پر مصروف ہونا (جیسے :A student sits for examination) ؛ تحکمانہ رائے دینا یا قائم کرنا (جیسے :to sit in judgement) ۔ (فعل متعدی) جا بٹھانا یا کسی نشست تک لے جانا ، ویٹر وغیرہ کا ؛ گنجایش دار ہونا (جیسے :A Theatre that sits 500 people) ؛ بیٹھنے میں مہارت اور اپنا انداز لیے ہونا (جیسے : to sit a horse) ۔ (اسم) بیٹھنے کا عمل ؛ مجلس ؛ بیٹھک ؛ لباس کی لٹک یا نشست ۔

sit on one's hands, ہاتھ پر ہاتھ دھرے رہنا ۔

sit on, دبا دینا ؛ کُچل دینا ۔

sit pretty, مزے میں ہونا ؛ موافق صورت حال میں ہونا ۔

sit tight, صبر سے کام لینا ۔

sit loose, (عوامی) آسودہ خاطر ہونا ؛ سستانا ۔

sit under, کسی کے زیر نگرانی مطالعہ کرنا ، تعلیم دینا یا ملازمت کرنا ۔

sit out, کسی تقریب وغیرہ میں حصہ نہ لینا اور الگ بیٹھے رہنا ۔

sit up, دیر تک جاگتے رہنا ۔ (بول چال) چوکس رہنا (بعد میں and take notice بھی اکثر لگاتے ہیں) ۔

sit in on شامل ہونا یا فریق بن جانا ۔

sitar, n. [اردو ، ہندی] (موسیقی) ستار ؛ برصغیر پاک و ہند کا ایک تار والا ساز ، جس کی شکل ناشپاتی کی طرح کی ہوتی ہے ، گردن لمبی اور اس میں متعدد تار ہوتے ہیں ۔

sit-down strike, n. کام چھوڑ ہڑتال ؛ وہ ہڑتال جس میں ہڑتالی گھر نہیں چلے جاتے بلکہ ملازمت یا مزدوری کی جگہ ہی پر رہ کر اس وقت تک کام نہیں کرتے جب تک ان کے مطالبات تسلیم نہ کر لیے جائیں ۔ نیز : sit down, stay in strike ۔

site, n. موقع ؛ جگہ ؛ وہ جگہ جہاں کچھ بنانے کا منصوبہ بنایا ہو یا کچھ بنا لیا ہو (جیسے : the site of the new bank) ؛ کسی حادثے یا واقعے کی جگہ (جیسے :the site of the explosion) ۔

sit-in, n. دھرنا ؛کسی ایسی جگہ جہاں کسی گروہ کو معمولاً بیٹھنے کی اجازت نہ ہو، وہاں اس گروہ کا منظم ہو کر (اگرچہ غل غپاڑے کے بغیر) آن بیٹھنا (جیسے :a sit in held in a hotel dining room by Negroes protesting racial discrimination) ۔

sitology, n. غذائیات ؛ تغذیہ شناسی ؛ خوراک اور تغذیہ سے تعلق رکھنے والی طب کی شاخ ۔

sitosterol, n. (کیمیا) سیٹو سٹیرول : سٹیرول بہت سے ہیں ، اُن کے کئی گروہ ہیں ، پودوں میں خصوصاً سویابین میں ان کی فروانی ہے اوراسٹیرائڈ ہارمونوں کو خود تیار کرنے میں ان سے بکثرت کام لیا جاتا ہے ؛ ان میں سے کوئی ایک سیٹوسٹیرول ۔ دیکھیے : sterol ۔

sitter, n. بیٹھیا ؛ بیٹھنے والا ؛ شبیہہ سازی کے لیے پوز بنانے والا ؛ انڈوں پر بیٹھنے والی مرغی ؛ بچے کے پاس ماں کی غیر حاضری میں بیٹھنے والا ۔ (عوامی) چوتڑ ؛ سُرین ۔

sitter-in, n. دیکھیے : baby-sitter ۔

sitting, a. بیٹھے ہونے کی وضع میں ؛ بیٹھنے کے لیے ؛ انڈے سیتی ہوئی ؛ سرکاری حوالے سے کہیں براجمان : عدالتی اجلاس کی صدر نشینی کرتے ہوئے ؛ بیٹھک ۔ (اسم) بیٹھنے والے شخص کا عمل ؛ بیٹھ جانے والی شے کا عمل ، نشست ؛ کسی مقصد کے لیے بیٹھ کر گزارا گیا عرصۂ ، جیسے فوٹو اترواتے ہوئے ؛ کسی پرندے کا انڈوں کو سینے یا بچے نکالنے کا وقت ؛ کسی گروہ کا باجواز اجلاس ، جیسے اسمبلی کا ؛ جہاز وغیرہ پر کھانا کھانے کے لیے دیا گیا وقت اور دی گئی گنجایش ۔

sitting duck, n. (عوامی) ترنوالہ ؛ آسان ہدف ؛ وہ شخص یا شے جو بآسانی زد میں آ سکے ۔

sitting room, n. کمرۂ نشست ؛ گھر میں عام نشست و برخاست والا کمرہ (جہاں گھر کے افراد بے تکلفی سے بیٹھتے ہوں) ؛ دالان ۔

situate, v.t. جگہ دینا ؛ کسی مقام پر پہنچانا ؛ پکی طرح گاڑ دینا ؛ کسی مخصوص صورت حال میں ڈال دینا یا لے آنا ۔ (صفت) (قدیم) واقع ۔

situated, a. واقع ؛ محل وقوع لیے ہوئے ؛ جا پذیر ؛ کسی اور شے یا مقام کے حوالے سے مستقل طور پر رکھا گیا یا گاڑا گیا ؛ اشخاص و اشیا کے لحاظ سے کسی خاص صورت یا حالت میں ۔

situation, n. محل و وقوع ؛ صورتِ حال ؛ طبعی ماحول کے حوالے سے محل اور مقام ؛ حالت ، مقام ، صورت یا حیثیت (حالات یا معاشرے کے لحاظ سے) ؛ وقتی صورت یا کیفیت ؛ منصب ، عہدہ یا مستقل ملازمت ؛ اسامی ۔

situational, a. مواقعاتی ؛ صورت حال کے مطابق ۔

situationally, adv. صورتِ حال کے لحاظ سے ۔

situs, n. مقام ؛ جگہ یا محلِّ وقوع ؛ مناسب اور

اصلی مقام (کسی حصے کا یا عضو کا)۔
sitzbath, n. غُسل ورکی ؛ علاج کے طور پر صرف کولھوں اور رانوں کو پانی میں رکھنے کا عمل ؛ بیٹھک نہان ۔
sitzkrieg, بے فیصلہ جنگ ؛ زچ کر دینے والی جنگ ۔
sitzmark, n. برف پراسکی کرنے والے کا وہ نشان جو پیٹھ کے بل گرنے سے پیدا ہوتا ہے ۔
six, n. چھ ؛ شش ؛ چھ کا عدد یا اس کی علامت ۔
at sixes and sevens, پریشانی کے عالم میں ؛ ابتری میں ؛ اختلاف میں ؛ کشیدہ حالت میں ؛ تتّر بتّر ۔
six-pack, n. بنڈل جس میں بالعموم دستہ لگا رہتا ہے ، جس میں کسی مشروب کے چھ بند ڈبے یا بوتلیں رکھی ہوتی ہیں ۔
sixpence, n. چھ پنس کے مساوی رقم ، ایک انگریزی سکہ ۔
sixpenny, a. چھ پنس کی(چیز)سستی یا ناکارہ ؛ اس کیل کا جو دو انچ لمبی ہو ۔
six-shooter, n. ایک ریوالور (پستول) جس میں چھ خانے ہوتے ہیں (جو باری باری چلائے جاتے ہیں)۔ نیز : six-gun ۔ چھ کارتوسی ۔
sixte, n. (تیغ زنی) آٹھ داؤں میں سے چھٹا داؤں یا ہاتھ ۔
sixteen, n. سولہ : عدد اور اس کی علامت ؛ سولہ اشخاص یا اشیا ۔ (صفت) سولھواں ، سولھویں ۔
sixteenmo, n. سولھواں سائز ؛ ایسے سائز کا صفحہ جس کو موڑنے سے طباعت کے سولہ اوراق بن جائیں ، جس میں سے ہر ایک کا سائز ۴×۶ انچ ہو ؛ اس سائز کی کتاب یا صفحہ ۔ (صفت) اس سائز کے صفحات والا ۔
sixteenth, a. سولھواں ۔ (اسم) سولہ مساوی حصوں میں سے ایک ۔
sixteenth note, n. (موسیقی) سولھواں سُر ؛ وہ سُر جو پورے سُر کے سولھویں زمانی عرصے میں ادا ہوتا ہو ؛ نیم گٹکری ۔
sixth, a. چھٹا ؛ ششم ؛ سادس ؛ چھ مساوی حصوں میں سے ایک جن میں کوئی چیز تقسیم کی جائے ۔ (اسم) چھٹا حصہ ۔ (موسیقی) دو سُروں کا درمیانی وقفہ جو اٹھ سرے سرگم میں چھ درجے الگ ہوتا ہے؛ وہ سر جو کسی دیے ہوئے سُر سے پورے چھ درجے دور ہو ؛ ششم سُر ؛ ایک دوسرے سے چھ درجے دوری والے دو سُروں کا ملاپ ۔
sixthly, adv. چھٹے طور پر ؛ سادساً ۔
sixth sense, n. چھٹی حِس ؛ وجدان ؛ واضح حواسی محرکات یا کنایوں کی مدد کے بغیر محسوس کرنے کی صلاحیت ؛ ایسے ادراک کی مثال ؛ ایسا کوئی خدشہ جس کی منطقی توجیہہ ضروری یا ممکن نہ ہو ۔
sixtieth, a., n. ساٹھواں ؛ کوئی چیز جو ساٹھ مساوی حصوں میں تقسیم کی جائے، ان میں سے ایک حصہ ۔
sixtine, n. دیکھیے : Sistine ۔
sixty, n. ساٹھ ؛ ۵۹ اور ۶۱ کے درمیان کا عدد ؛ اسی عدد کی علامت ؛ ساٹھ اشیا یا اشخاص ۔(صفت) ساٹھواں ۔
sixty-fourth note, n. (موسیقی) چونسٹھواں ؛ وہ سُر جو اپنے دروانیے کے لحاظ سے پورے سُر کے چونسٹھویں حصے کے برابر ہو ۔
sizable, sizeable, a. خاصا بڑا ؛ خاصے بڑے سائز کا ۔
sizableness, n. ضخامت ؛ جسامت ۔
sizably, adv. بڑی جسامت لیے ہوئے ۔
sizar, sizer, n. انگلستان کی جامعہ کیمبرج کے کالجوں اور ٹرنٹی کالج پڑھنے والے انڈر گریجوئیٹوں کا وہ طبقہ جس کو کالج کی جانب سے امداد ملتی ہے ۔
sizarship, انڈر گریجوئیٹوں کا وظیفہ ۔
size, n. قد ؛ قامت ؛ ناپ ؛ کسی چیز کا حجم ، اس کی جسامت یا سطحی ابعاد ؛ مروّجہ ناپ ؛ (جیسے جوتوں ، دستانوں وغیرہ کا)؛ درجہ ،حد ، وسعت یا مقدار ؛ گنتی کا مجموعہ یا شمار (جیسے :the size of a class) ؛ سرسری سا ذکر (جیسے :That's about the size of it) ۔ (فعل متعدی) سائز کے مطابق بنانا ؛ ڈھالنا یا ترتیب دینا ۔
size up, (بول چال) بھانپ جانا ؛ جائزہ لے لینا (جیسے:He sized the applicant up from his appearance) ؛ بعض تصریحات کے مطابق یا ان کے مساوی ہونا ۔
size, n. مسام دار چیزوں جیسے لکڑی ، کاغذ یا کپڑے کے مسام بند کرنے والا مسالا، یہ سریش اور وارنش یا کلف ، لیس دار مادے اور جیلاٹین سے مرکب ہوتا ہے ۔(فعل متعدی) ایسے مرکب سے مسام بندی کرنا ۔
sizing, n. ایسے مرکب کا لیپ یا تہ ۔
sized, a. مخصوص سائز ، جسامت یا قامت کا، یہ مرکب صورت میں استعمال ہوتا ہے (جیسے :a middle-sized house): کسی مخصوص سائز کے مطابق یا موزوں کیا گیا ، ان معنوں میں یہ لاحقے کے طور پر کسی اور لفظ کے ساتھ آتا ہے (جیسے : a purse-sized mirror) ۔
sizzle, v.i. چھن چھن یا سُوں سُوں کرنا جیسا کہ تلتے وقت یا جلتے وقت آواز نکلتی ہے ۔ (بول چال) بہت گرمی دکھانا ؛ غصے یا ناپسندیدگی کا اظہار کرنا (جیسے :she is sizzling over the offense) ۔ (اسم) سُوں سُوں کی آواز ۔
sizzler, n. چھن چھن یا سُوں سُوں کرنے والا ۔
skald, scald, n. قدیم اسکنڈے نیویا میں شاعر یا بھاٹ ۔
skaldic, a. شاعرانہ ؛ گُن گانے والا ۔
skat, n. تاش کا ایک کھیل جس میں تین کھیلنے والے ہوتے ہیں اور ۳۲ پتے ، اس میں سات اِکّے ہوتے ہیں اور دو پتے میز پر ڈالے جاتے ہیں ۔
skate, n. اسکیٹ ؛ فولاد کی ایک پتری جو دھاتی فریم میں پیوست اور جوتوں کے تلووں سے جڑی ہوتی ہے ، اس کے ذریعے جمی ہوئی برف پر پھسلنا آسان ہوتا ہے ۔ دیکھیے: roller skate, ice skate ۔ (فعل لازم) سرکتے، کھسکتے جانا ؛ یوں چلتے جانا جیسے اسکیٹیں پہنی ہوئی ہوں ؛ اسکیٹ کرنا ۔
skater, n. اسکیٹ کرنے والا ؛ برف پر پھسلنے والا ۔
skate, n. مِزلج ؛ لقمہ مابی ؛ مچھلی کی ایک قسم جس کا تعلق راجا جنس سے ہے، اس کی نوکیلی سی تھوتھنی ہوتی ہے اور سینے پر چوڑے پَر ہوتے ہیں، جس سے اس کا چپٹا بدن مُعین نما شکل کا سا نظر آتا ہے ۔
skate, n. (عوامی) ادنی نسل کا یا ناکارہ گھوڑا ؛ ٹٹو ؛ کوئی شخص یا بندہ (جیسے :a cheap skate, a good skate) ؛ قابلِ

نفرت انسان ۔

skateboard, n. اسکیٹ تختہ ؛ سواری کا مختصر تختہ جو پہیوں والے (رولر) اسکیٹ پر رکھا جاتا ہے ۔

skatole, n. (کیمیا) ایک قلمی مرکب جس کی بُو بہت تیز اور فُضلے کی سی ہوتی ہے ، انتڑیوں میں لحمیات کی تحلیل سے انسانی فضلے اور بعض پودوں میں پیدا ہوتا ہے ، اسے مصنوعی طریقے سے تجارتی مقاصد کے لیے بنایا جاتا ہے ، عطریات کی بستگی کے لیے مستعمل ہے ۔

skean, skene, n. ایک قسم کا نیمچہ/خنجرجسے کبھی آئر لینڈ اور اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی لوگ استعمال کرتے تھے ۔

skedaddle, v.i. بھاگ جانا ؛ تتر بتر ہو جانا ؛ رفوچکر ہو جانا؛ جلدی میں چمپت ہو جانا ۔ (اسم) (بول چال) بھگدڑ ؛ عجلتی الوداع ۔

Skee-Ball, n. اسکی بال ؛ کمرے کے اندر کھیلا جانے والا کھیل جس میں ڈھلوان پر مختلف سائز کے سوراخوں میں گیندلڑھکاکر نمبر حاصل کیے جاتے ہیں ۔ (تجارتی نشان) ۔

skeet, skeet shooting, n. ایک قسم کی نشانہ بازی جس میں نشانہ باز ان مٹی کی تھالیوں پر فائر کرتا ہے جو مختلف رفتار کے ساتھ اور مختلف زاویوں سے چھوڑی جاتی ہیں (تاکہ پرندوں کی پرواز کی نقل کرتے ہوئے نشانہ پختہ کیا جائے) ۔

skeg, n. (جہاز رانی) جہاز کے پیندے کا پچھلا حصہ ؛ جہاز کے عقب میں باہر کو نکلی ہوئی چھڑ جو سُکان (rudder) کو سہارا دینے کے لیے ہوتی ہے ۔

skein, n. اٹیرن ؛ ریل ، گولہ ؛ لچھا ؛ سوتی یا اونی دھاگے کے ڈھیلے ڈھالے لچھے یا گولے جن کو چکلی پر چڑھا کر اس شکل میں لپیٹا گیا ہو ؛ کوئی شے جس پر اس قسم کے گولوں کا گمان گزرے ؛ جنگلی پرندوں کی قطار ۔

skeleton, n. (تشریح الاعضا) پنجر ، ڈھانچا ؛ کالبد ؛ فقری یا ریڑھ والے جانوروں کا پنجر جو گوشت وغیرہ کو سنبھالے ہوتا ہے؛ ہڈیوں کا یہی ڈھانچا جس کو گوشت سے الگ کرکے مصنوعی طور پر جوڑ کر اس کو اصلی شکل دی جائے ؛ کوئی ڈھانچا جو کسی کو سہارا دیے ہوئے ہو ؛ خاکہ ؛ سرسری تسوید ۔ (بول چال) دبلا پتلا آدمی ۔ (صفت) پورے استخوانی پنجر کا یا اس سے متعلق ؛ کم سے کم ؛ مختصر تعداد (جیسے : Only a skeleton crew operates in the summer) ۔

پنجر کے بارے میں ۔

skeletal, a.

skeletally, adv. ڈھانچے کے طور پر ۔

sketetonize, v.t.. ڈھانچا بنانا ؛ پنجر بنانا ۔

skeletonizer, n. پنجر بنانے والا ؛ خاکے تیار کرنے والا ۔

skeleton key, n. وہ چابی جس سے مختلف تالے کھولے جا سکتے ہوں ۔

skelp, v.t. مارنا پیٹنا ؛ تھپڑ مارنا یا دھپ لگانا؛ دھول لگاتے ہوئے جانوروں کو ہانکنا ؛ (فعل لازم) (اسکاٹ لینڈ ، اور شمالی انگلستان میں) تیز تیز چلنا ۔ (اسم) تھپڑ ؛ چَپت ؛ طمانچہ ۔

skep, n. لکڑی یا بید کی ٹوکری ۔ (اسکاٹ لینڈ) چھتّا (خصوصاً تنکوں سے بنا ہوا) ۔

skeptic,(Brit.)sceptic, n. متشکک ؛ کسی اصول یا نظریے یا نظریاتی نظام کی حقانیت میں شک و شبہ کا اظہار کرنے والا ؛ بد عقیدہ یا متشکک ؛ عیسائیت (یا کسی بھی اور مذہب) کے بنیادی عقائد پر شک کرنے والا ؛ بے اعتقاد ، اِبائی ۔ (بڑے S سے) (فلسفہ) یونان قدیم کے ایک مکتب فکر کارکن، خصوصاً پائروکامقلد ، جس کے خیال میں بعض چیزوں کے علم کا حصول ناممکن ہے ۔ (بعض اوقات بڑے S سے)تشکیکی مکتب فکر کا مقلد ۔

skeptical,(Brit.)sceptical, a. متشکک یا تشکیک پرستی سے متعلق یا مخصوص ؛ متذبذب خیالات والا ؛ شکّی ۔

skeptically, adv. متشککانہ ۔

skepticalness, n. شک پرستی ؛ تشکک ۔

skepticism,(Brit.)scepticism, n. تشکیک پرستی ؛اِبائیت ؛ تشکیکیت؛ مذہبی عقائد اور نظریات کی سچائی کے بارے میں شک کرنے کا مسلک ؛ بدگمانی ؛ بے اعتقادی ؛بے یقینی ۔ (بعض اوقات بڑے S سے) (فلسفہ) متشکک کے افکار و نظریات ۔

skerry, n. (بالخصوص اسکاٹ لینڈ)الگ تھلگ سی چٹان ؛ چٹانی جزیرہ یا سمندر میں اندر تک چلا گیا پہاڑی سلسلہ ۔

sketch, n. خاکہ یا اسکیچ ؛ جلدی جلدی میں لکیریں ڈال کر بنائی ہوئی ڈرائنگ جس سے کسی شے یا جگہ کے بارے میں سرسری آگاہی ہو جائے ؛ پہلی قلم برداشتہ یا نامکمل تسوید (کسی ڈرامے ، تصویر ، کتاب وغیرہ کی) ؛ کسی چیز کی عمومی حد بست ؛ کوئی چھوٹا سا مضمون یا افسانہ ؛ مختصر ڈرامائی تشکیل ، جیسے ایک پارٹ کا ڈرامہ یا ڈرامائی حصوں کے بیچ کی کوئی اور پیشکش ۔ (فعل متعدی) کسی شے کی خاکہ کشی کرنا ؛ سرسری تسوید کرنا ؛ اپنے کیے کی مختصر روداد بیان کرنا (جیسے : to sketch one's role in the incident) ؛ موٹی موٹی باتیں یا نکات تحریر کرنا ؛ نقشہ کشی کرنا ۔

sketcher, n. نقشہ نویس ؛ خاکہ نگار ؛ مصور ۔

sketchbook, sketch book, n. خاکہ کشی کی کتاب ؛ ادبی خاکوں کی کتاب ۔

sketchy, a. خاکے کی نوعیت لیے ہوئے ؛ سرسری سے اشارے لیے ہوئے ؛ نامکمل ؛ تشنہ ؛ سطحی ۔

sketchily, adv. خاکے کے طور پر ؛ مجمل طور پر ۔

sketchiness, n. سرسری ؛ اجمالی ۔

skew, a. ترچھی وضع میں ؛ ایک جانب سے پھرا ہوا یا مُڑا ہوا ؛ آڑا ؛ ڈھلوانی ؛ منحرف ؛ خمیدہ ۔ (فعل لازم) ٹیڑھی راہ اختیار کرنا ؛ ایک جانب مُڑ جانا ؛ ڈگمگا جانا ؛ کسی جانب میلان رکھنا ؛ ترچھی نگاہ سے دیکھنا ؛ کنکھیوں سے دیکھنا ۔ (فعل متعدی) ترچھا کرنا ؛ آڑی طرز یا صورت میں بنانا ؛ بگاڑ دینا ؛ مفہوم بدل دینا ۔ (اسم) ترچھی یا یک سمتی چال ؛ ٹیڑھ یا ڈھلوان ۔

skew arch, n. عقد مائل ؛ ترچھی قوس یا محراب ؛ وہ محراب جو اپنے پایۂ محراب یا ماتھے سے زاویہ قائمہ پر نہ ہو ۔

skewback, n. (فنِ تعمیر) وہ ڈھلوانی سطح جس کے سہارے کسی قوس کا ایک سِرا ٹکا ہوا ہو ؛ پتھر کے وہ ردّے وغیرہ جو اس قسم کی سطح بنا رہے ہوں ۔

skewbald, a. ایسے گھوڑوں کے متعلق جن پر مختلف رنگوں کی چتّیاں ہوں ، خصوصاً سفید اور بھورے رنگوں کی ۔ (اسم) رنگ کی چتّیاں ۔

skew distribution, n. (شماریات) منحرف تقسیم ؛ ایک غیر متشاکل

تعدّدی تقسیم ،جس میں سب سے زیادہ واقع ہونے والی قدر اوسط سے اوپر یا نیچے ہوتی ہے ۔

skewer, n. لکڑی یا دھات کی میخ جس میں پکاتے وقت گوشت کو ایک جگہ رکھنے یا تھامنے کے لیے باندھا یا سنبھالا جاتا ہے ؛ اس قسم کی شکل یا پرت والی کوئی چیز ۔ (فعل متعدی) کنڈے یا سیخ میں پھنسانا ، چھیدنا ؛ آرپار کر دینا ، پار کر دینا ۔

skewness, n. انحراف ؛ ترچھا پن ، بے ڈولی ؛ بے آہنگی ۔ (شماریات) تعددی انقسام کے منحنی میں غیر متشاکل پن یا ایسی کجی کی پیمایش ۔

skew polygon, n. (ریاضی) وہ کثیرالاضلاع جس کے سب ضلعے ترچھے ہوں ۔

ski, skee, n. اسکی : لمبی مگر کم چوڑی پٹریاں جو اگلی جانب سے اُوپر کو مڑی ہوتی ہیں ، ان کو پاؤں کے ساتھ کس کر باندھ لیا جاتا ہے اور برف پر چلنے یا پھسلنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) ان پٹریوں کے سہارے سفر کرنا یا پھسلنا ، جیسے کھیلوں میں کرتے ہیں ۔

skiagram, n. دیکھیے : Skiagraph ۔

skiagraph, n. سایہ انداز ؛ وہ شے جسے دُھندلے نقوش سے ظاہر کیا جاتا ہے ، جیسے ایکسرے یا ریڈیوگراف ، لاشعاعی تصویر ، اس عمل کواسکیاگرافی کہتے ہیں ۔

skiagrapher, n. ماہر سایہ اندازی ؛ دھندلے یا سایہ انداز نقوش کا ماہر ۔

skiagraphical, a. سایہ اندازانہ ؛ بہ صورت دھندلے نقوش ۔

skiagraphically, adv. سایہ اندازانہ طور پر ؛دھندلے نقوش کے طور پر ۔

skiagraphy, n. سایہ اندازی ؛ سایہ آمیز نقاشی کا فن یا عمل ؛ سایہ آمیز نقوش کی بناوٹ ۔

skiascope, n. (امراضیات چشم) انعطافِ چشم بین ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے آنکھ میں موجود انعطافی نقص کا پتہ لگایا جا سکتا ہے (مختلف زاویوں سے پردۂ چشم پر روشنی ڈال کر اس کے مطابق روشنی اور سایہ کی حرکت کا مشاہدہ کیا جاتا ہے) ؛ شبکیہ بین ۔

skiascopy, n. انعطافِ چشم بینی ؛ شبکیہ بینی ۔

skibob, n. اسکیبوب ؛ بائیسکل جیسی برف گاڑی جسے دو چھوٹے اِسکیوں یا تختوں پر چڑھایا جاتا ہے ۔

skiboot, n. اِسکی بوٹ جو ٹخنوں تک اُونچے تہ دار اور موٹے چمڑے کے ہوتے ہیں ، یہ اس طرح بنے ہوتے ہیں کہ اسکیٹوں کے ساتھ چست بیٹھتے ہیں اور آرام دہ ہوتے ہیں ۔

skid, n. پھسلاؤ ؛ گھرنی ، پہیے وغیرہ کا پھسلاؤ ؛ تختہ ، سلاخ ، بلّی یا اسی قسم کی کسی اور شے پر مشتمل عموماً جوڑا ، جس پر کوئی وزنی چیز رکھ کر اسے سرکایا یا لڑھکایا جا سکتا ہے ؛ ان دو گھرنیوں میں سے ایک جو اس طرح لڑھکانے کے لیے استعمال ہوں ؛ ایک پست سا پلیٹ فارم جو کبھی کبھی پہیہ دار بھی ہوتا ہے جس پر چیزیں اوپر تلے جمادی جاتی ہیں تاکہ ان کو لانا لے جانا آسان رہے؛ کوئی تختہ ، چوکھٹا وغیرہ جس پر چیزیں انبار کر دی جاتی ہوں یا ٹھکانے سے لگا دی جاتی ہوں ، جیسے اخباری کاغذ کے ڈھیر۔ (جہازرانی) (عموماً جمع) لکڑی کا تختہ یا ٹکڑا جسے جہاز کی ایک جانب اس لیے لٹکاتے ہیں کہ گودی میں لاتے ہوئے یا سامان اتارتے چڑھاتے وقت اسے نقصان نہ پہنچے ۔ (طیرانیات) طیارے کے اُتار پہیوں کا وہ حصہ جسے اس طرح بنایا جاتا ہے کہ زمین کے ساتھ کھسکتا ہوا چلا جائے (جیسے: a tail skid) ؛ نعل جیسی کوئی شے یا کوئی ایسا آلہ جس سے اُترائی میں گاڑی کے پہیے کو گھوم جانے سے روکا جا سکتا ہو ؛ بریک وغیرہ ۔ (فعل متعدی) گیئر یا پہیہ روک پر رکھنا ، اس سے لیس کرنا یا اس سے رکاوٹ پیدا کرنا ؛ بریک میں ڈال دینا ۔ (فعل لازم) بغیر گھومتے ہوئے آگے کو کھسکتے جانا جیسے کہ تیز رفتار کار کے پہیے جب اسے اچانک بریک لگائی جاتی ہے؛ چلتے ہوئے ایک جانب کو پھسل جانا ، جیسے برف پر گاڑی کے پہیے ؛ ہوا میں طیارے کا ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جانا (جب اسے پوری گنجایش دے کر نہ موڑا گیا ہو) ۔

on the skids, (عوامی) تباہی یا شکست کے دہانے پر ۔

put the skids under, (عوامی) کسی کو ناکامی یا شکست سے دو چار کرنا ۔

skidder, پھسل جانے والا (شخص یا شے) ۔

skiddingly, adv. پھسلتے ، کھسکتے یا روکاٹ پیدا کرتے ہوئے۔

skiddoo, skidoo, v.i. (بول چال) چلے جانا ؛ باہر نکل جانا ؛ کھسک جانا ۔

skid fin, n. (طیرانیات) اسکڈ فِن ؛ ابتدا میں بعض دوپرے طیاروں پر ایک عمودی جگہ، جس سے افقی استحکام کو بڑھانے میں مدد لی جاتی تھی ، اس کی جگہ عموما بالائی پر کے اوپر، سطح کے تناسب سے ، ہوتی تھی ۔

skid road, n. (شہتیر کاری) وہ راستہ جس پر نئے کٹے ہوئے لکڑی کے کندے یا لٹھے لے جاتے یا گھسیٹے جاتے ہیں ۔ دیکھیے: skid row ۔

skid row, n. (بول چال) (بعض اوقات بڑے S سے) کسی قصبے کا وہ علاقہ جہاں سستے ہوٹل ، کلال خانے ہوں اور دوپہر کے معمولی کھانے کا بندوبست بھی ہو ، ایسی جگہوں پر زیادہ تر آوارہ گرد اور شرابی آتے ہیں ۔

skier, n. اِسکی باز ۔ دیکھیے : ski ۔

skiff, St. Lawrence skiff, n. زورق ؛ کوئی چھوٹی سی ہلکی کشتی جسے ایک آدمی بآسانی چلا سکتا ہو ؛ ایسی کشتی جو ہلکے بوجھ کے لیے ہو ، اس میں ایک مرکزی تختہ اور بلّی سے بندھا بادبان ہوتا ہے ، اسے چپوؤں سے بھی چلایا جا سکتا ہے اور بادبان سے بھی ۔

skiing, n. اِسکی انگ ؛ اسکیٹوں سے دوڑنے ، پھسلنے یا اچھلنے کا عمل ، فن یا کھیل ۔

skijoring, n. برف پر کسی گھوڑے یا موٹر گاڑی کے ذریعے کسی اِسکی باز کو کھینچ لے جانے کا کھیل ۔

ski jump, n. اِسکی چھلانگ ؛ وہ مخصوص دوڑ پٹڑی جسے عموماً کسی پہاڑی پر بنایا ہوتا ہے جہاں سے اسکی باز کو اضافی بلندی مل جاتی ہے جس سے وہ کود کر مچان میں زیادہ فاصلے تک جا سکتا ہے ؛ ایسے اچھل پٹڑی سے اِسکی باندھ کر لگائی گئی چھلانگ ۔

ski lift, n. اِسکی لفٹ ؛ انجن سے چلنے والی ایک اختراع جس پر عموماً بہت سی کرسیاں یا سلاخیں لگی ہوتی ہیں جو گولائی میں چلنے والے تار سے بندھی ہوتی ہیں اور وہ اِسکی بازوں کو پہاڑی

ڈھلانوں کے اوپر لے جاتی ہے۔

skill, n. کسی فن ، حرفت وغیرہ میں بڑھائی گئی استعداد یا چابک دستی ؛ کوئی کام کرنے میں مہارت یا مشاقی ؛ کوئی پیشہ یا حرفت جس کے لیے خصوصی تجربے یا تربیت کی ضرورت ہو۔

skilled, a. ہنر مند ؛ ماہر ؛ کسی فن ، حرفت یا پیشے میں تربیت یافتہ فرد ؛ مہارت یا مخصوص ہنرمندی کا متقاضی ۔

skillet, n. فرائی پین ۔ (برطانوی) برطانیہ میں اس سے تین یا چار پایوں والی کڑچھی یا برتن مراد ہے جس میں ایک لمبا دستہ لگا ہوتا ہے ، اس میں کوئی چیز کھلے چولھے پر رکھ کر پکائی جاتی ہے ۔

skillful,(Brit.)skilful, a. ماہر ؛ مہارتی ؛ چابک دست ؛ طاق ؛ گُنی ؛ ہنر مند ؛ ہوشیار ۔

skillfully,(Brit.)skilfully, adv. مہارت سے ؛ ہنر مندی سے ۔

skillfulness,(Brit. skilfulness, n. کاریگری ؛ ہنرمندی ؛ استادی ۔

skilling, n. اسکنڈے نیویائی ممالک کا ایک متروک سکہ جو چاندی کا بھی ہوتا تھا اور تانبے کا بھی ۔

skill-less, skilless, a. اناڑی ؛ بے ہنر ؛ غیر ہنر مند ۔

skill-lessness, n. اناڑی پن ؛ بے ہنری ۔

skim, v.t. کسی سیال پر تیرتی ہوئی کسی چیز کو صاف کرنا یا اس چیز کو اس پر سے اتار لینا یا ہٹا لینا (جیسے : to skim cream from milk) ؛ کسی شے کو تیزی سے چھوتے ہوئے گزر جانا ؛ کسی پر سے بعجلت یا سرسری سا چھوتے ہوئے کسی چیز کو گزارنا (جیسے : to skim a pebble across water) ؛ چھپچھلانا ؛ کسی چیز پر اچٹتی سی نگاہ ڈالنا (جیسے : to skim a newspaper) ؛ پتلی سی تہ یا پرت کا چھانا (جیسے : water skimmed the field) ۔ (فعل لازم) کسی شے پر سے اسے محض چھوتے ہوئے یا دبے پاؤں گزر جانا ؛ اچٹتی سی نگاہ پڑنا ؛ پتلی سی تہ کا جم جانا ۔ (اسم) اتار لینے ، چھوتے ہوئے گزرنے یا ایک نظر ڈال لینے کا عمل ؛ وہ شے جو اتار لی گئی ہو ، جیسے بالائی ۔

skimmed, n. بالائی اترا ہوا ۔

skimble-scamble, a. آوارہ گرد ؛ حواس باختہ ، نکما ۔

skimmer, n. کف گیر ؛ ڈوئی ؛ ایک چپٹا سا چمچہ یا کف گیر جس سے کف یا بالائی اُتارتے ہیں ؛ مضبوط تنکوں کا بنا ہوا ہیٹ (اس کے کنارے چوڑے ہوتے ہیں اور اوپر سے پچکا ہوتا ہے) ۔ (طیوریات) شمالی امریکا کا ایک آبی پرندہ جس کی چونچ کا نچلا جبڑا اوپر والے سے زیادہ چوڑا ہوتا ہے جسے وہ خوراک کی تلاش میں پانی میں سے گزارتا ہے ؛ ابومقص ؛ ماہی بر ۔

skim milk, skimmed milk, n. بالائی اترا دودھ ؛ وہ دودھ جس پر سے بالائی اتار لی گئی ہو یا اس میں سے نکال لی گئی ہو ؛ مہوا دودھ ۔

skimming, n. (عموماً جمع) نتھار ؛ بالائی اُتارنے کا عمل ۔

skimp, v.t. کنجوسی کرنا ؛ کسی کو کچھ دیتے ہوئے خسّت سے کام لینا ؛ کسی کی رقم کو روک لینا یا تھوڑا تھوڑا کر کے لوٹانا ؛ بیگار ٹالنا ؛ بے توجہی سے کرنا ۔ (فعل لازم) سخت کنجوسی یا خست دکھانا ؛ کام چوری کرنا ۔ (صفت) بہت قلیل ؛ بہت کم ۔

skimpily, adv. خسّت یا کنجوسی سے کام لیتے ہوئے ۔

skimpiness, n. خِسّت ، کنجوسی ، بخل ۔

skimpingly, adv. کنجوسی یا خست سے ۔

skin, n. جِلد ؛ کھال ؛ چمڑا ؛ پوست ؛ کسی جانور کے جسم کا بیرونی غلاف یا پوست ؛ اسی قسم کا پوست جو کسی چھوٹے جانور کے جسم سے اُتارا گیا ہو جو کسی بڑے جانور کی کھال سے مختلف ہوتا ہے ؛ جلد یا پشمینی کھال ؛ کسی جانور کی کھال سے بنا ہوا برتن (پانی وغیرہ کے لیے) ؛ کوئی پوستینی غلاف یا بر پوش ؛ بیرونی پرت ؛ اوپر کی تہ ، جیسے کسی حصۂ جسم کی بیرونی جھلی ، کسی پھل کا چھلکا یا چھال یا کسی مائع پر بنی ہوئی پپڑی ؛ سمندری یا ہوائی جہاز کی بیرونی چادر ۔ (عوامی) مکھی چوس ؛ فریب کار ؛ اچکّا ؛ دھوکے بازی کا فعل ۔ (فعل متعدی) ڈھکنا یا منڈھنا ، جیسے کھال سے ؛ کھال ادھیڑنا ؛ چھیلنا ؛ کھال الگ کرنا ؛ غلاف یا کسی اور ڈھانک سے محروم کر دینا یا اتار پھینکنا ؛ کھرچنا یا رگڑ ڈالنا (جیسے : to skin an elbow) ۔ (عوامی) رقم یا مال و اسباب چھین لینا ؛ ہاتھ کی صفائی دکھانا ، جیسے قمار بازی ، چالبازی یا کسی اور چالاکی میں ؛ مایوس کر دینا ؛ سرزنش کرنا ۔ (فعل لازم) زخم کا بھرنا یا زخم پر انگور کا آ جانا ۔ (عوامی) کھسک جانا ؛ تیزی سے چل دینا ۔

by the skin of one's teeth, (بول چال) مشکل سے ؛ بدشواری ۔

get under one's skin, (بول چال) تنگ کرنا ؛ آزردہ کرنا ؛ بہت متاثر کرنا ۔

save one's skin, (بول چال) اپنی جان بچانا ؛ اپنے آپ کو بچا لینا (کسی جسمانی یا ذاتی نقصان وغیرہ سے) ۔

skin-deep, a. سرسری (سطحی) ؛ جو زیادہ گہرا نہ ہو ؛ جلد بھر گہرا ؛ معمولی ۔ (متعلق فعل) سرسری طور سے ؛ اوپر اوپر سے ۔

skindiving, n. غلافی غوطہ زنی ؛ پانی کا ایک کھیل جس میں تیراک کوئی ہلکا سا چشم پوش پہن کر زیر آب چلا جاتا ہے اور آزادانہ ادھر ادھر جا سکتا ہے اور اس کو سانس لینے میں بھی کوئی دشواری نہیں ہوتی ۔

skin-dive, v.i. غلافی غوطہ زن ہونا ۔

skin diver, n. غلافی غوطہ زن ۔

skin effect, n. (برق) برقی بدلتی رَو کا یہ میلان کہ وہ اپنے بہاؤ کو اپنے تعدّدی اضافے کے تناسب سے موصل کی سطح پر یا اس کے قریب مرتکز کر دیتی ہے ۔

skinflint, n. بہت ہی کنجوس یا بخیل ؛ دمڑی کے بجائے چمڑی دینے والا انسان ۔

skinful, n. کسی چرمی مشک وغیرہ کی سیالی گنجایش یا اس میں سمانے والی شے کی مقدار ۔ (عوامی) کسی شخص کی ''پیٹ بھرنے'' یا شراب سہارنے کی بساط ۔

skin game, n. قمار بازی کا ایک پرفریب کھیل ؛ اس قسم کا کوئی اور ٹھگنے والا طریقہ ۔

skin graft, n. (جراحی) جلدی پیوند ؛ جلد کا وہ زندہ حصہ جسے کسی جسم میں کسی جگہ پیوند کیا گیا ہو ۔

skin grafting, (جراحی) جِلدی پیوند کاری ؛ وہ عمل جس میں عطیہ دہندہ یا خود مریض کے جسم کی زندہ جلد سے ٹکڑے کاٹ کر ان حصوں کے لیے استعمال کیے جائیں جن کو نقصان پہنچ چکا ہو ، جیسے جَل جانے سے ۔

skink, v.t. (برطانوی بولی) کشید کرنا یا بیچنا ۔

skink, n. متعدد اقسام میں سے کسی ایک قسم کی چھپکلی ،

اوپر اچھل آتی ہے یا سطح آب کو چھوتی چلی جاتی ہے ، جیسے نیلی مچھلی یا بوزہ ماہی ۔

ski pole, n. اِسکی چھڑی ؛ ایک نوکیلی دھاتی بلی جسے اِسکی میں سہارے کے طور پر ساتھ رکھتے ہیں ، یہ جوڑا ہوتی ہیں ، اس میں اوپر کی جانب دستی تسمہ ہوتا ہے اور نچلی جانب قدرے فاصلے پر ایک طشتری جڑی ہوتی ہے تا کہ چھڑی برف میں دھنس نہ جائے ۔

skipper, n. جہاز کا کپتان، خصوصاً چھوٹے سے تجارتی یا مال بردار جہاز کا ؛ کوئی کپتان یا لیڈر ۔ (فعل متعدی) کپتانی کرنا ، جیسے کسی جہاز کی ۔

skipper, n. پھدکنے والا شخص یا شے ؛ کوئی پتنگا جس کی چال پھدکنی یا جھٹکے والی ہو ؛ جھلی دار پروں والے، جلد جلد اُڑنے والے پتنگے ، جیسے تتلیاں اور کئی پروانے ۔

skirl, v.i. دھونکنی بین کی طرح تیز، کان پھاڑ آواز نکلنا ۔ (فعل متعدی) بین وغیرہ کو بجانا یا اس جیسی آواز نکالنا ۔ (اسم) دھونکنی بین کی آواز ۔

skirmish, n. جنگ میں چھوٹے متحارب گروہوں کی جھڑپ ؛ ایک قسم کا چھوٹا سا چند ساعتی مقابلہ ۔ (فعل لازم) کسی جھڑپ یا مقابلے میں حصہ لینا ۔

skirmisher, n. چھوٹی یا معمولی جھڑپ میں حصہ لینے والا۔

skirr, v.i. تیز تیز جانا ؛ دوڑ کر جانا ؛ اڑ کر جانا ؛ کھسک جانا ۔ (فعل متعدی) جلدی جلدی (کسی تحریر میں سے) گزر جانا ؛ تعاقب میں جلدی جلدی جانا ۔ (اسم) گھرگھراہٹ ۔

skirt, n. اسکرٹ ؛ سایا ؛ دامن ؛ کوٹ یا کسی اور ملبوس کا کمر سے نیچے نیچے کا ڈھیلا ڈھالا سا حصہ ؛ پیٹی کوٹ کا کوئی زنانہ ملبوس ؛ کوئی شے جو اسکرٹ کی سی ہو ؛ کنارا ، حاشیہ یا آخری نچلا حصہ (کسی ملبوس کا) ؛ گوٹ ؛ زین کانیچے کو لٹکتا ہوا چرمی ٹکڑا ؛ کسی جانور کا شکمی پردہ یا قلبی پردہ ۔ (عوامی) عورت ۔ (جمع) شہر کی بیرونی حدود (اطراف و جوانب) (جیسے : the skirts of town) ۔ (فعل متعدی) حاشیہ بنانا ؛ کسی شے کے کنارے یا گوٹ بنانا ؛ کنارے کنارے چلتے جانا ؛ پہلو تہی کرنا یا ٹال کر نکل جانا (جیسے : the speaker skirted any controversial issues) ۔ (فعل لازم) کنارے پر ہونا یا کنارے کنارے گزرنا ۔

skirter, n. حاشیہ ساز ؛ حاشیہ گزار ۔

skirting, n. اسکرٹ کا کپڑا ؛ حاشیہ یا کناری ؛ کسی عمارت کی اندرونی دیوار کے بنیادی حصے پر لکڑی یا کسی اور شے کا بنایا ہوا یا جڑا ہوا حاشیہ ۔ (برطانوی) بنیادی حاشیہ ۔ دیکھیے : baseboard ۔

ski run, n. برف پوش ڈھلوان ؛ نشیب یا مخصوص راستہ جس پر اِسکی دوڑ لگائی جاتی ہے ۔

ski suit, n. اِسکی سوٹ؛ ایک یا دو ٹکڑوں کا گرم لباس جو چھوٹی جیکٹ اور ساتھ ہی سلی ہوئی پتلون پر مشتمل ہوتا ہے اور سرمائی بیرونِ در کھیلوں میں پہنا جاتا ہے ، جیسے اسکیٹنگ وغیرہ میں ۔

skit, n. چٹکلہ ؛ مختصر سادب پارہ جس میں طنزومزاح کی چاشنی ہو ؛ مختصر سا مزاحیہ تمثیلی منظر ۔

ski tow, n. اِسکی لفٹ کی متعدد اقسام میں سے کوئی ایک :

یہ ریاست ہائے متحدہ امریکا کے مختلف علاقوں اور دنیا کے بیش تر علاقوں میں بکثرت پائی جاتی ہے ، یہ چھوٹی اور چھوٹے چھوٹے چپٹے پتروں والی ہوتی ہے ۔

skinker, n. (برطانوی بولی) شراب فروش ؛ شراب نکالنے یا تقسیم کرنے والا ؛ کلال ۔

skinkless, a. بے جلد ؛ بے خول ، جیسے قیمہ بھری آنت ۔

skinner, n. چرم فروش ؛ جانوروں کی کھال اتارنے والا ؛ کھالوں کو بازار میں لانے کے لیے تیار کرنے والا ؛ چمار ۔ (امریکی ، عوامی) خچروں ، بیلوں یا باربرداری کے دوسرے جانوروں کو ہانکنے والا ۔

skinnery, n. دباغت گاہ ؛ وہ جگہ جہاں کھالیں بیچنے کے لیے تیار کی جاتی ہیں (کمائی جاتی ہیں) ۔

skinny, a. جِلدی ؛ بہت دُبلا ؛ ناگوار حد تک پتلا ، مریل ؛ جِلد دار یا جِلد گوں ؛ ہڈیوں کا ڈھانچا ۔

skin test, n. (طب) جلد جانچ ؛ کسی شخص میں موجود حساسیت (الرجی) کا اندازہ لگانے کے لیے کیا جانے والا جلدی ٹیسٹ : اس میں کسی چیز (مثلاً زرگل) کو جلد پر لگا دیا جاتا ہے یا اس کا ٹیکہ دیا جاتا ہے تا کہ معلوم ہو جائے کہ اس میں زود حسی کی صورت حال کیسی اور کتنی ہے ؛ اس قسم کا کوئی اور ٹیسٹ ، جیسے خناق کے لیے شِک ٹیسٹ ۔

skintight, a. بدن پوست ؛ تن چست ؛ جلد ہی کی طرح جسم کے ساتھ چست ہو جانے والا سلا ہوا کوئی کپڑا ۔

skip, v.i. اچھلنا کودنا ؛ پھلانگنا یا کودنا لیکن بے تکلفی سے اور بے تردد ؛ بلکے بلکے اچھلتے چلے جانا ؛ پلٹ کر جھپٹنا ، جیسے کہ میزائل سطح پر سے ٹکراتا ہوا چلا جاتا ہے ؛ ایک چیز یا موضوع سے دوسرے کی طرف نکلتے یا بڑھتے جانا (درمیان آنے والی ہر بات یا شے کو نظر انداز کرتے ہوئے) ۔ (تعلیم) بیک وقت ایک سے زیادہ جماعت پاس کر جانا ۔ (بول چال) جلدی سے یا چپکے سے چل دینا ؛ اڑنچھو ہونا ۔ (فعل متعدی) ہولے ہولے اچھالنا ؛ بلا پڑھے ، توجہ دیے ، ذکر کیے یا بِلا کسی اقدام کے آگے بڑھ جانا ؛ چھوڑنا ؛ نظر انداز کر جانا یا کوئی اہمیت نہ دینا ، جیسے کسی سلسلے میں سے ایک قدم یا عمل کو ؛ کسی میزائل وغیرہ کو یوں چھوڑنا کہ وہ سطح کے ساتھ ٹکراتا ہوا چلا جائے ؛ اچٹتی نظر ڈالنا ۔ (بول چال) کسی جگہ سے بعجلت چلے جانا یا بھاگ جانا ؛ اڑنچھو ہو جانا ۔ (اسم) چھلانگ ؛ پھلانگ ؛ زقند ، جست ، اچھل کود ؛ ایک نکتے سے دوسرے کی طرف نکلتے جانے اور بیچ کی باتوں کو نظر انداز کرنے کا عمل ؛ اچٹتی نظر ۔

skip, n. کرلنگ یا باؤلنگ کھیلنے والی ٹیم کا کپتان ۔ (دیکھیے : bowling, curling) ۔ (فعل متعدی) مندرجہ بالا کھیل میں کسی ٹیم کی کپتانی کرنا ۔

ski pants, n. اِسکی پتلون ؛ تنگ پتلون ؛ وہ پتلون جو سرمائی میدانی کھیلوں میں پہنی جاتی ہے ، خصوصاً اِسکی دوڑ میں ، اس میں بالعموم پاؤں کے نیچے لچک دار تسمے یا پٹیاں ہوتی ہیں ۔

skip-bomb, v.t. اڑتے ہوئے جہاز پر سے اس قدر نیچے جا کر بم گرانا کہ بم پانی یا زمین کی سطح کے اوپر چھچھلتا ہوا بدف پر جا گرے ۔

skip-jack, n. اڑن مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جو پانی سے

یہ ایک طویل ، موٹر سے چلنے والا رسّا ہوتا ہے جسے اسکی باز پکڑ کر نشیب سے اوپر آ جاتے ہیں ۔

skitter, v.i. دھیرے دھیرے یا بعجلت چلنا ، دوڑنا یا سرکتے جانا ؛ کسی سطح کو چھوتے ہوئے گزر جانا ۔ (مچھلی کا شکار) کانٹے سے مچھلی کا شکار کرنے والوں کا ڈیک یا طعمے دار کانٹے کو سطح آب پر آہستہ آہستہ ہلاتے رہنا ۔ (فعل متعدی) چلانا یا سرکانا ۔

skittish, a. فوراً بدک جانے والا (گھوڑا) ؛ شرمیلا ؛ ڈرپوک ؛ چنچل (چلبلا) ؛ متلوّن یا سیمابی ۔

skittishly, adv. ڈرتے ہوئے ۔

skittishness, n. چلبلا پن ۔

skittles, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) ایک نو میخی کھیل ؛ نو کھونٹیوں کا ایک انگریزی کھیل، جس میں کھیلنے والا لکڑی کی گیند یا تھالی لے کر ان کھونٹیوں کو گرانے کی کوشش کرتا ہے ؛ اس کھیل کی کھونٹیوں میں سے کوئی ایک کھونٹی ۔

skive, v.t. چیر یا کاٹ کر پرتیں یا پھانکیں وغیرہ بنانا (چمڑے یا ربڑ کی) ؛ کھال پر سے بال مونڈنا ؛ چھیل کر الگ کرنا ۔

skiver, n. وہ شخص یا شے جو چیرے یا کاٹے ؛ چاقو ، چھری وغیرہ ؛ جلد بندی میں کام دینے والا پتلا چمڑا یا بھیڑ کھال ۔

skivvy, n. (عوامی) مردانہ ، خصوصاً ملاحوں کی بنیان ۔ (جمع) اِس قسم کا جانگیہ اور بنیان ۔

skivy, n. (برطانوی) نوکرانی کے لیے حقارت آمیز اصطلاح ؛ غلام ۔

skoal, interj. نشہ آور مشروب سے کسی کا تجویز کیا گیا جام صحت ۔

skua, n. یاغو ؛ کرکر ؛ ایک جسیم یا غونسل کا سیاہ رنگ سمندری پرندہ ، اس کے متعلق مشہور ہے کہ یہ کمزور پرندوں سے ان کا طعمہ چھین لیتا ہے ۔

skulduggery, skullduggery, n. غیر آبرومندانہ کارروائی ؛ کمینگی والی بد دیانتی یا فریب دہی ۔

skulk, v.i. کسی منفی مقصد کی نیت سے کسی جگہ بیٹھنا یا انتظار کرنا ؛ گھات لگانا ؛ کسی ٹوہ میں ادھر ادھر گھومتے پھرنا یا چھپ کر بیٹھنا ؛ دبک کر بیٹھنا ۔ (بالخصوص برطانوی) کام چوری کرنا ۔ (اسم) گھاتی ؛ وارداتی ؛ لومڑیوں کا غول ۔

skulker, n. تاک میں رہنے والا ؛ گھات لگانے والا ۔

skull, n. کھوپڑی ؛ کاسۂ سر یا استخوانی خول جو سر کا ڈھانچا بناتا اور دماغ کو محیط ہے ؛ دماغ ، مرکز ذہانت کے طور پر (جیسے : can't you get it through your thick skull) ۔ انسانی کھوپڑی ، موت کی علامت کے طور پر ۔

skull and crossbones, n. انسانی کھوپڑی کی سامنے کی جانب کی شکل جس کے نیچے دو ہڈیاں چلیپائی صورت میں بنی ہوتی ہیں ، کبھی یہ بحری قزاقوں کے جھنڈے کا نشان ہوتا تھا ، اب یہ عام طور پر جان کے خطرے سے آگاہی کی علامت تصور کیا جاتا ہے ۔

skullcap, n. سنداره ؛ ایک بے حاشیہ ٹوپی (ریشم ، مخمل وغیرہ کی) جو سر پر چست ہوتی ہے ، اسے کسی زمانے میں یہودی مرد پہنتے تھے ؛ کھوپڑی کا اوپر کی جانب کا گول حصہ جس کے اندر مغز ہوتا ہے ۔ (نباتیات) پودینے کی جنس کا کوئی پودا (منتھولی پودا) جس کے پھول کٹوری خود کی یاد دلاتی ہے ۔

skunk, n. اسکنگ : شمالی امریکا کے میمل جانور جو چھوٹے جسم کے اور ابلقی ہوتے ہیں اور ہمہ خور ویزلی خاندان سے ہیں ۔ (دیکھیے : weasel ان کو بعض ایسے غدود مہیا ہیں جن سے حملہ ہو جانے یا برہمی کی حالت میں بدبودار مادہ خارج ہوتا ہے ۔ (مجازاً) کوئی قابل نفرت اور مکروہ شخص (فعل متعدی) (عوامی) کسی کھیل یا مقابلے میں شکست فاش دینا ، خصوصاً جب کہ فریق مخالف کوئی نمبر حاصل نہ کر سکے ۔

skunk cabbage, n. اسکنک گوبھی ؛ شمالی امریکا کا سوسنی قبیلے کا بڑے بڑے پتوں والا سدا بہار پودا جس کی ناگوار بُو ہوتی ہے ؛ اسی قسم کا ایک اور پودا بحرالکاہل کے ساحلی علاقوں میں بھی ہوتا ہے ۔

sky, n. آسمان ؛ فلک ؛ چرخ ؛ آکاش ؛ گردوں کی ظاہری قوس یا گنبد نما چھت ؛ سپہر ۔ (جمع) بادلوں کا خطہ ، موسم ؛ آب و ہوا ۔ (فعل متعدی) (بول چال) گیند وغیرہ کو یوں ضرب لگانا یا پھینکنا کہ وہ دور فضا میں چلی جائے ؛ کسی تصویر وغیرہ کو ایسی اونچی جگہ رکھنا یا لٹکانا کہ وہ نگاہوں سے اوجھل رہے ۔

sky blue, n. آسمانی رنگ ؛ دن کے وقت کھلے آسمان کا سا رنگ ۔

sky-blue, a. آسمانی ۔

skyborne, a. فضا برداشتہ ؛ ہوا برداشتہ ۔

skycap, n. طیران گاہ یا ہوائی اڈے پر مسافروں کا سامان لے جانے کے لیے رکھا گیا ملازم ۔

skydiving, n. فضائی کرتب ؛ پیراشوٹ کھولنے سے پہلے طیارے میں سے چھلانگ لگا کر کئی قسم کی قلابازیوں کا مظاہرہ ۔

skydive, v.t. فضائی کرتب کرنا ۔

skyey, a. جوی ؛ آسمانی ؛ آسماں گوں ؛ سماوی ؛ ملکوتی ۔

sky-high, a. فلک بوس ؛ بہت بلند ۔

skylark, n. چکارک ؛ لوا ؛ قنبرہ ؛ چنڈول ؛ ایک مغنی پرندہ جو بلندیوں میں پہنچ کر نغمہ سرائی کرتا ہے اور یورپ میں عام ہے ۔

skylark, v.i. (بول چال) چکاوکی کرنا ؛ اٹکھیلیاں کرنا ؛ شوخیاں کرنا ؛ غل غپاڑا مچانا ؛ اودھم مچانا یا کھیل میں مار دھاڑ کرنا ۔

skylarker, n. ہنسی مذاق یا شرارتیں کرنے والا ، دل لگی باز ؛ ٹھٹھول کرنے والا ۔

sky-light, n. روشن دان ؛ خوخہ ؛ چھت میں دن کی روشنی آنے کے لیے بنایا ہوا دریچہ ؛ عرشۂ جہاز میں ایسا ہی روشن دان ؛ آسمان سے منعطف ہو کر بالواسطہ آتی ہوئی روشنی جو سورج کی بلاواسطہ شعاعوں کے برعکس کرہ ہوائی کے انتشاری مادے میں سے نہیں گزرتی ۔

skyline, sky line, n. خط فلکی ؛ خط افق ؛ افق واضح ؛ آسمانی پس منظر میں درختوں یا عمارتوں کا یک رخہ خاکہ ۔

skyphos, n. دیکھیے : scyphus ۔

sky pilot, n. (عوامی) افواج کے ساتھ وابستہ پادری ؛ کوئی پادری ؛ ہوا باز ۔

skyrocket, n. ہوائی فضا میں جا کر پھٹنے جو پھٹ کر روشنیاں اور چنگاریاں بکھیر دیتا ہے ۔ (فعل لازم) تیزی سے چڑھنا یا اوپر جانا ، جیسے اچانک قیمتوں وغیرہ کا آسمان سے باتیں کرنے لگنا ۔ (فعل متعدی) تیزی سے بڑھانا یا بڑھانے کے اسباب پیدا کرنا ۔

skysail, n. (جہاز رانی) مربع بادبانوں والے جہاز کا وہ بادبان جو شاہی بادبان کے فوراً اوپر ہوتا ہے ۔ دیکھیے : royal sail,

royal ۔

skyscraper, n. فلک بوس عمارت ؛ کثیر المنازل عمارت ؛ بہت اونچی عمارت ، خصوصاً دفتر کی ، خاص طور پر امریکا میں جہاں عمارتی اغراض کے لیے زمین کی بڑی قلت ہے ۔

skyward, a., adv. آسمانی جانب ؛ آسمان کی طرف ؛ فلک رو ۔

sky wave, n. ریڈیائی لہر کا وہ حصہ جو زمین سے باہر کی طرف جاتا ہے اور بعض صورتوں میں روان ساز کُرہ اسے واپس موڑ دیتا ہے ۔

skyway, n. شاہراہ ؛ جسے عام آمدورفت میں خلل نہ ڈالنے کے پیش نظر گنجان علاقوں میں اونچا بنایا جاتا ہے ؛ بالائی راستہ ۔ (بول چال) فضائی راستہ ۔

skywriting, n. فضا نوشت ؛ اشتہاری مقصد کے لیے طیارے میں سے بخارات چھوڑ کر لفظ نویسی ؛ نوشتۂ فضائی ۔

skywrite, v.i., v.t. فضائی نویسی کرنا ۔

skywriter, n. وہ جہاز جو فضا نوشت ہو ۔

slab, n. سل مثلاً پتھر ، لکڑی یا کسی دوسری ٹھوس دھات کا موٹا سا ٹکڑا ؛ کسی چیز کا موٹا سا ٹکڑا (جیسے : a slab of meat) ۔ (بیس بال ، عوامی) تھڑا (جس پر باؤلر کھڑا ہوتا ہے) ؛ بجری،سیمنٹ وغیرہ سے بنائی ہوئی پیدل پٹڑی کا ٹکڑا یا حصہ ۔ (فعل متعدی) سِل یا سلیں بنانا یا بچھانا ؛ سلیں یا تختے یا بیرونی حصے کاٹنا ، جیسے کسی لٹھے سے ۔

slab, a. (قدیم) دبیز ؛ چپچپا ۔

slabber, v.t.,v.i. بچوں کی طرح رال ٹپکانا یا ناک بہنے دینا ؛ بچوں کی طرح حماقت آمیز گفتگو کرنا ؛ یاوہ گوئی کرنا ۔ (اسم) یاوہ گوئی ؛ بکواس ۔

slab-sided, a. (بول چال) سِل صورت ؛ سِل کی طرح لمبے اور چپٹے پہلوؤں والا ؛ لمبا پتلا ۔

slack, a. ڈھیلا لٹکا ہوا جیسے رسہ وغیرہ ؛ کساؤ اور تناؤ سے خالی ؛ ڈھیلا ؛ کاہل ؛ غفلتی ؛ فرض ناشناس ؛ توانائی اور قوت سے عاری ؛ سست ؛ آہستہ رو جیسے پانی ، مدوجزر یا ہوا ؛ مندا یا سرد بازاری ، جیسے کاروبار یا کام کی ؛ کند ؛ ناپختہ ؛ ان گھڑا ؛ نرم اور لچکیلا جیسے معانی ۔ (متعلق فعل) سست انداز میں ۔ (اسم) مندی کی حالت ، وقفہ یا حصہ ؛ کسی رسے ، بادبان وغیرہ کا ڈھیلا لٹکتا ہوا حصہ جس پر کوئی دباؤ نہ پڑ رہا ہو ؛ سرگرمی میں کمی ، جیسے کسی کاروبار یا کام میں ۔ (جغرافیہ) رَو کے بہاؤ میں رکاوٹ (جیسا کہ موڑ پر ہوتی ہے) ۔ (جمع) مردانہ یا زنانہ پاجامہ (شلوار) جو عام استعمال کے لیے نہ ہو ۔ (فعل متعدی) کسی معاملے میں سستی یا سہل انگاری کر جانا ؛ غفلت کر جانا یا جی چرا جانا ؛ سست ، کم پرجوش ؛ کم توانا یا کم سرگرم بنا دینا یا ہونے دینا ؛ دوڑ دھوپ میں ڈھیلا پن یا آرام طلبی کا آ جانا ؛ اعتدال پر لے آنا ؛ ڈھیلا کر دینا ؛ تناؤ یا کساؤ میں کمی پیدا کرنا ، جیسے رسے وغیرہ میں ۔ (فعل لازم) سست پڑ جانا ؛ سہل انگار ہو جانا ؛ کام سے جی چرانا ؛ کم ہمت ،کم سرگرم یا کم سرعت کار ہو جانا ؛ تناؤ یا جوش کی حالت میں کمی آ جانا ۔

slackly, adv. سستی یا غفلت سے ۔

slackness, n. سستی ؛ کاہلی ؛ غفلت ؛ سرد بازاری ؛ مندی ۔

slack, n. اسکاٹش وبرطانوی بولی) پہاڑیوں کے درمیان یا ان کے پہلو میں جوف یا سطح زمین پر اس قسم کی صورت حال ؛ دلدلی یا گیلی جگہ ۔

slack, n. کوئلے کا باریک چُورا ۔

slack-backed, a. ادھ پکی یا کچی جیسے روٹی وغیرہ ؛ نامکمل ؛ ٹھیک طرح سے نہ بنی ہوئی (کوئی چیز) ۔

slacken, v.t. غیر توانا ؛ مجہول یا سست بنانا (جدوجہد ، اقدام ، چال یا کیفیت رفتار کو) ؛ ڈھیلا چھوڑنا ؛ اعتدال پر لانا ؛ ڈھیلا کر دینا یا کس کز نہ رکھنا ، جیسے باگ ، رسے یا بادبان کو ۔ (فعل لازم) کم سرگرم ، کم توانا یا کم چست ہو جانا ؛ کم کسا یا تنا ہو جانا ، جیسے کسی رسّے کا ۔

slacker, n. اپنی ذمہ داری یا اپنے کام سے بھاگنے والا ، خصوصاً ایام جنگ میں فوجی خدمات سے ؛ بھگوڑا ۔

slack-jawed, a. حیرت سے کھلے منھ والا ۔

slack suit, n. گھر کے اندر پہننے والا غیر رسمی لباس ۔

slack water, n. جوار اور بھاٹے کے درمیان کا وقفہ ، جب پانی میں کوئی حرکت نہیں ہوتی یا بہت کم ہوتی ہے ؛ وہ پانی جس میں عملاً نہ ہونے کے برابر تموج ہو ۔

slag, n. خام دھات کو عام دھات میں ڈھالتے ہوئے اس میں سے الگ کیا گیا میل کچیل ؛ کسی آتش فشاں پہاڑ کے لاوے کا کھنگر یا اس کے ٹکڑے ؛ کوئلے یا جلتی لکڑی کا کجلایا ہوا حصہ ۔

slake, v.t. بجھانا (پیاس وغیرہ کا) ؛ تسکین دینا ؛ بجھانا جیسے آگ کو دھیما کرنا ؛ چور چور کرنا ، جیسے اَن بجھے چونے کو پانی ملانے سے ۔ (فعل لازم) چُورا چُورا ہو جانا ۔

slalom, n. (اِسکی انگ) ڈھلان یا دوڑ جس میں اِسکی باز کو جگہ جگہ فوراً مڑنا ہوتا ہے ، پہلو بدل بدل کر اور ایک ایسے راستے پر جس پر عمودی کھمبے گاڑے ہوتے ہیں ۔ (فعل لازم) ایسے راستے پر اِسکی دوڑنا ۔

slam, v.t. دروازے وغیرہ کو یوں زور کے ساتھ بند کرنا کہ اس سے کھٹکا پیدا ہو (جیسے : He slammed the window) ؛ یوں پھینکنا یا دے مارنا کہ آواز پیدا ہو (جیسے : He slammed the ball against the wall) ۔ (عوامی) زور سے مارنا یا رسید کرنا ؛ شدید نکتہ چینی کرنا ۔ (فعل لازم) دھڑ کے ساتھ بند ہونا (دروازے وغیرہ کا) ؛ کسی سے شدت یا سختی کے ساتھ جا ٹکرانا (جیسے : shutters slamming in the wind) ۔ (اسم) دھڑاکا جیسے دروازہ بند کرنے سے ؛ شور یا دھماکے کے ساتھ ٹکر یا ضرب ؛ دھماکا ۔ (عوامی) کراری ضرب ؛ شدید اور خدا واسطے کی تنقید ۔

slam, n. (برج) کوٹ ؛ بازی ؛ ایک ہی بازی میں تمام داؤ جیت جانا (ہاتھ بنا لینا) ؛ اسے بڑا کوٹ (سلام) کہا جاتا ہے لیکن اگر ایک کم ہو تو اسے چھوٹا کوٹ (سلام) کہا جاتا ہے ؛ ایسا کرنے کی بولی ۔

slam-bang, adv. (بول چال) زور زور سے ؛ پوری شدت کے ساتھ ؛ جلدی جلدی اور کوئی خیال رکھے بغیر ۔ (صفت) (بول چال) شدید اور بے دھڑک ؛ بے سوچے سمجھے اور جلدی جلدی ۔

slander, n. بہتان ؛ تہمت ؛ اتہام ؛ بدگوئی ؛ غیبت ؛ افترا ؛ کوئی جھوٹی داستان یا رپورٹ جو بدخواہی سے بیان کی گئی ہو اور جس سے کسی کی شہرت متاثر ہو سکتی ہو ؛ ایسی رپورٹوں کا اظہار ۔ (قانون) زبانی بیان کے ذریعے کسی کی بدنامی (بمقابلہ تحریری بیان کے) ؛ ہتک عزت ؛ افترا پردازی ۔ (فعل متعدی) افترا

پردازی سے کسی کو رسوا کرنا ؛ متہم کرنا ۔ (فعل لازم) افترا پردازی کرنا ۔

slanderer, n. مفتری ؛ الزام لگانے والا ۔

slanderous, a. افترا پردازانہ ۔

slanderously, adv. افترا پردازی سے ۔

slanderousness, n. افترا پردازی ؛ ہتک آمیزی ۔

slang, n. عوامی الفاظ ؛ وہ زبان زد الفاظ اور تراکیب جو زیادہ پُروضاحت ، استعاراتی ، پہلو دار ، بے لگی لپٹی ، ناشایستہ، نا دیرپا ہوتے ہیں بمقابلہ ان کے جن کو ٹکسالی کہا جاتا ہے ؛ کسی ایک پیشے یا طبقے سے مخصوص ذخیرہ الفاظ ؛ طبقاتی بولی ؛ کسی مخصوص گروہ کی بولی ؛ عامیانہ بولی ؛ سوقیانہ لہجہ ۔ (فعل لازم) ایسی بولی بولنا ؛ ناشایستہ، دشنامی بولی بولنا ۔ (فعل متعدی) عامیانہ بولی میں کسی کو مخاطب کرنا ؛ گالیاں دینا ۔ (صفت) دشنام آلود ۔

slangily, a.,adv. ناشایستہ زبان میں ۔

slanginess, n. سوقیانہ پن ؛ عامیانہ پن ۔

slangy, a. عامیانہ ۔

slant, v.i. ترچھی وضع اختیار کرنا ؛ ڈھلوان ہو جانا ؛ کوئی ذہنی میلان یا جانبداری لیے ہونا ؛ کسی خاص جھکاؤ ، میلان یا رویے کے مطابق لکھنا ۔ (فعل متعدی) ترچھی یا ٹیڑھی سمت یا رخ بتانا ۔ (اسم) ترچھا پن (وضع یا سمت کا) ؛ ڈھلوان؛ آڑی لکیر ؛ جانب یا سطح ؛ ذہنی جھکاؤ یا رجحان ؛ میلان ؛ جانب داری ؛ کسی چیز پر نگاہ ڈالنے کا طریقہ یا اس کی اہمیت کا اندازہ ؛ نقطہ نظر ۔ (بول چال) نگاہ ؛ جھانک ۔ (صفت) آڑا ؛ ترچھا ۔

slantways, adv. ترچھی طرف کو ۔

slantwise, a., adv. ڈھلوان ؛ ترچھا ۔

slap, n. طمانچہ ؛ چپت ؛ تھپڑ (کھلے ہاتھ کا) ؛ کسی چپٹی شے کی ضرب ؛ چپت کی آواز ؛ چھپنے اور دکھانے والی چوٹ ؛ طعن آمیز ، ملامت آمیز ڈانٹ یا براہ راست جھڑکی ؛ سرزنش یا اہانت ۔ (فعل متعدی و لازم) پٹخنا یا زبردستی پھینکنا ؛ بند کرنا ؛ زور سے تھپڑ رسید کرنا ؛ کسی پر چوٹ کرنا ؛ بے عزتی کرنا ؛ کسی کو ڈانٹ پلانا ؛ زور سے ضرب لگانا ، خصوصاً کھلے ہاتھ یا کسی چپٹی شے سے ؛ ضرب لگانے کے لیے کسی شے جیسے ہاتھ کو کسی چیز کے مقابل لانا؛ لہروں کا تھپیڑے مارنا ؛ کسی چیز کا اس طرح زور سے ٹکرانا کہ آواز پیدا ہو ۔ (متعلق فعل) (بول چال) چپت سے ؛ چپت کی طرح سے ؛ اچانک ؛ براہ راست یا سیدھا ۔

slapper, n. تھپڑ مارنے یا چپت لگانے والا ۔

slapdash, adv. لاپروائی سے ؛ بے سوچے سمجھے اور جلد بازی کے ساتھ ۔ (صفت) بے فکرا ؛ اٹکل پچو ۔

slaphappy, a. (عوامی) دھت ؛ بدمست ؛ غیر ذمہ دار،چکرایا ہوا ؛ حواس باختہ ۔

slapjack, n. تاش کا ایک سادہ کھیل جس پر کھلاڑی کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ اگر کوئی جیک کا پتا پھینکے تو اس کی کاٹ کی جائے ؛ چپاتی ۔

slapstick, n. بھانڈ قمچی ؛ ایک قسم کا طربیہ کھیل جس میں ہاتھا پائی وغیرہ عام ہوتی ہے ، اس میں مسخرے یا بھانڈ کے ہاتھ میں سوٹی یا لکڑی کی چھڑی ہوتی ہے ، جیسے کہ سوانگوں میں ہوتا ہے ، اس سوٹی کو وہ ساتھی بھانڈ پر استعمال کرتا ہے ، کبھی کبھی بہت سی یکجا سونٹیاں ہوتی ہیں جنھیں وہ اس طرح سے مارتا ہے کہ مار کھانے والے کو چوٹ تو نہیں لگتی مگر آواز بڑی زور دار ہوتی ہے ۔ (صفت) پالائی قِسم کا ۔

slash, v.t., v.i. کسی دھار والے آلے کی ضرب سے زخمی کرنا ؛ کسی جگہ کو کاٹ ڈالنا ؛ کاری زخم لگانا ؛ کسی ملبوس میں شگاف ڈالنا تا کہ بالائی سطح کا کپڑا نظر آئے جو مختلف رنگ یا قسم کا ہوتا ہے ؛ کوڑے برسانا ؛ کوڑے کی طرح کسی شے کو تڑاق سے مارنا ؛ سخت تنقید کا نشانہ بنانا ؛ اسٹیج کے لیے کوئی ڈراما لکھتے ہوئے کسی متن یا مسودے کی نوک پلک درست کرتے ہوئے اسے کاٹنا چھانٹنا یا اس میں ردوبدل کرنا ؛ کسی کو کاٹتے ہوئے گزر جانے والی ضرب رسید کرنا ؛ لڑائی وغیرہ میں تیز دھار آلات کے ساتھ نبرد آزما ہونا ؛ کسی شے کو کاٹتے ہوئے اس میں سے گزر جانا ، جیسے لہروں میں سے ۔ (اسم) تیزی سے گھومتی ہوئی ضرب ، جیسے کسی تیز دھار آلے سے یا کوڑے سے ؛ ایسی ضرب سے کیا گیا زخم ؛ خوشنمائی کے لیے کسی کپڑے میں بنائی گئی درز جس سے نچلی سطح کا کپڑا جو مختلف رنگ کا ہو ، نظر آنے لگے ؛ آڑ ۔ (جنگل کاری) وہ کھلی جگہ جہاں درختوں کے گرنے سے ، ہوا کے اڑا لانے سے یا آگ لگنے سے ملبہ جمع ہو گیا ہو ؛ ایسا ملبہ ۔

slasher, n. ضارب ۔

slash, n. (اکثر جمع ، بولی) وہ قطعہ جہاں پانی اکثر کھڑا رہتا ہو ، دلدل ہو اور جھاڑیوں اور درختوں کی کثرت ہو ۔

slashing, a. تیزی سے کاٹ ڈالنے والی ؛ سخت یا شدید جیسے ضرب یا مار ؛ سنگدلانہ جیسے تنقید یا القاب نوازی ؛ نتائج سے بے نیاز حد تک جلد باز یا گرم جوش ۔ (بول چال) بہت بڑا ، جسیم یا عمدہ ۔ (اسم) مارنے ، کاٹنے یا پھیٹنے والا شخص یا شے یا اُس کا عمل ؛ زخم ۔

slashingly, adv. کاٹتے ہوئے ۔

slash pine, n. دلدلی صنوبر ؛ وہ صنوبری درخت جو آبی جگہوں اور دلدلوں میں بہت ہوتا ہے ، اس کی لکڑی بہت مضبوط اور پایدار ہوتی ہے ؛ اس درخت کی لکڑی ۔ دیکھیے : loblolly pine ۔

slash pocket, n. آڑی جَیب ؛ وہ جیب جو آڑی یا عمودی طور پر قمیص وغیرہ میں بنائی جاتی ہے اور باہر سے ایک درز کے ذریعے اس میں چیز ڈالی یا نکالی جا سکتی ہے ۔

slat, n. لمبی پتلی کم چوڑی سی لکڑی یا دھات کی پتری یا پٹی ؛ چارپائی کی ٹیک ؛ پٹی دار چلمن کی افقی پٹّیاں جو پردے کا کام دیتی ہیں ۔ (جمع) (عوامی) چوتڑ ؛ پسلیاں ۔ (فعل متعدی) پٹیاں جوڑنا ؛ پٹیوں سے بنانا ۔

slatted, a. پٹیوں سے بنا ہوا یا پٹی دار ۔

slat, v.t. (برطانوی، بول چال) پورے زور کے ساتھ ٹکرانا ، دے مارنا یا پھینکنا ۔ (فعل لازم) زور سے پھڑپھڑانا (بادبانوں یا پرچموں کا) ۔ (اسم) (برطانوی،بول چال) کراری ضرب ؛ کرارا وار ۔

slate, n. سلیٹ ؛ پرت ؛ باریک دانے والی چٹان جو مٹی ، نرم پر تل ،پتھر یا بعض اوقات کوئلے کے دباؤ سے بنتی ہے اور متوازی سطحوں میں پھٹ کر پرت پرت ہو جاتی ہے ، یہ پھٹی ہوئی سطحیں تہ داری سطح کے ساتھ زاویہ بناتی ہیں ؛ اس چٹان کا پتلا سا ٹکڑا یا پتلی سی پلیٹ ؛کسی اور اسی طرح کے مسالے کی ایسی ہی چیز جسے چھت

slave driver, n. داروغہ غلاماں ؛ غلاموں کا نگراں ؛ کام میں لگے غلاموں کی نگرانی کرنے والا ؛ سخت گیر کار دار۔

slaveholder, n. بردہ دار ؛ غلاموں کا مالک یا آقا۔

slaveholding, n. غلاموں کی ملکیت یا ان کا مالک ہونے کی صفت۔

slave-making ant, n. غلام ساز چیونٹی ؛ وہ چیونٹی جو دوسری قسم کی چیونٹیوں کی بستی پر حملہ کرکے ان کے بچے اٹھا کر لے جاتی ہے اور اپنی بستی میں غلاموں کی صورت میں ان کو پروان چڑھاتی ہے۔

slaver, v.i. مُنہ سے رال بہنے دینا ؛ کَف آلود ہونا۔ (فعل متعدی) رال سے بھر دینا۔ (اسم) رال ، لعاب دہن ؛ بے معنی بات۔

slaver, n. بردہ فروش ؛ بردہ دار ؛ غلاموں کی تجارت میں لگایا ہوا جہاز ؛ سفید فام بردہ دار یا بردہ فروش۔

slavery, n. غلامی ؛ اطاعتِ کامل ؛ گرفتاری ، حلقہ بگوشی ؛ غلام کی حالت یا صورت ؛ زرخرید غلام ؛ غلام رکھنے کا نظام ؛ بردہ دارانہ نظام ؛ گرفت میں آئے ہونے کی وہ حالت جو غلاموں سے ملتی جُلتی ہو ، جیسے کسی عادت ، اثر وغیرہ کی ؛ تھکا دینے والی اور ذلّت بھری مشقت ؛ خدمت گاری ؛ نہایت بے کیف زندگی۔

slave state, n. (اکثر بڑے S سے) ریاست ہائے متحدہ امریکا کی ان پندرہ ریاستوں میں سے کوئی ایک جن میں خانہ جنگی سے قبل غلامی قانوناً جائز تھی ؛ وہ قوم یا ریاست جو کسی ہمہ گیرانہ ریاست کے زیر تسلط ہو۔

slave trade, n. غلاموں کی تجارت ؛ بردہ فروشی۔

slavey, n. (برطانوی بول چال) کنیز ؛ نوکرانی ؛ گھر کا کام کاج کرنے والی خادمہ ؛ ہمہ خدمت خادمہ۔

Slavic, Slavonic, a. سلاوی ؛ سلاوی قوم یا زبان یا فرد سے متعلق ؛ آریائی یا ہند یورپی قبیلے کی یا ان زبانوں کی ایک شاخ جس میں مشرقی سلاوی (رُوسی ، یوکرینی ، بائیلو روسی) ، غربی سلاوی (چیکی ، پولستانی ، ونڈی) ، جنوبی سلاوی (بلغاری ، سلاونی ، سروی ، کروشیائی ، مقدونوی اور سلووینیائی) شامل ہیں ؛ سلافی۔

Slavicist, Slavist, n. سلاوی زبان وادب کا ماہرِ خصوصی۔

slavish, a. غلامانہ ، غلام سے متعلق ، مخصوص یا اس کے حسب حال (جیسے : slavish submission) ؛ غلام صورت یا غلام باش ؛ گری ہوئی حد تک نقال ؛ قوتِ تخلیق سے عاری۔

slavishly, adv. غلام کی طرح ؛ ذلیل طریقے سے۔

slavishness, n. غلامانہ طبیعت ؛ ذلیل ذہنیت۔

slavocracy, n. غلامانہ نظام ؛ غلام داروں کی حکومت یا بالادستی ؛ غلاموں کے آقاؤں کی بالادست جمعیت (جیسی کہ جنوبی ریاست ہائے متحدہ امریکا میں ۱۸۶۵ سے پہلے تھی)۔

Slavonian, a. سلاوینی (کروشیا کے ایک خطے) سلاوینیا کا یا اس سے متعلق ؛ شمالی یوگوسلاویہ یا اس کے باشندوں سے متعلق۔ (اسم) سلاوینیا کا رہنے والا یا باشندہ۔

Slavophile, Slavophil, a. سلاو دوست ؛ سلاو پسند ؛ سلاوی مفادات یا مقاصد کا حامی۔

Slavophilism, n. سلاو پرستی ؛ سلاو دوستی۔

slaw, n. کٹی یا کتری ہوئی گوبھی جسے کچی صورت میں بھی پیش کیا جاتا ہے اور پکا کر بھی ، گرم کرکے بھی اور گرم کیے بغیر بھی ؛ مسالے ملا کر اور خوب مزے دار بند گوبھی کا سلاد۔

slay, v.t. سنگ دلی یا بے رحمی کے ساتھ مار ڈالنا۔

بندی میں یا لکھائی کے لیے برتا جاسکتا ہو ؛ کسی نامزد کمیٹی یا کنونشن کے آگے منظوری کے لیے زیر غور آنے والے امیدواروں ، افسروں وغیرہ کی فہرست ؛ سلیٹی رنگ؛ اعمال و افعال کا ریکارڈ (جیسے : a clean slate)۔ (فعل متعدی) چھت پر سلیٹیں ڈالنا ؛ منسوب کرنا ؛ نام زد کرنا یا نام زدگی ، تقرر یا اقدام کے لیے کسی کو فہرست میں شامل کرنا۔

slatelike, a. سلیٹ کاسا ؛ سلیٹ کے رنگ کا۔

slate, v.t. بُری طرح ہدفِ تنقید بنانا ؛ رگیدنا ؛ سخت سزا دینا یا خوب پیٹنا۔

slate black, n. گدلا سا رنگ جس میں ہلکی سی ارغوانی جھلک ہو۔

slate blue, n. گدلا سا خاکستری مائل نیلا رنگ۔

slater, n. چھتوں پر سلیٹیں بچھانے والا۔ (حیوانیات) یکساں پایہ حشرات میں سے کوئی ایک ، جیسے دیمک یا چچڑ۔

slather, v.t. (بول چال) گاڑھا لیپنا یا بہت زیادہ لیپنا ، جیسے روٹی پرجام کو۔ (اسم) (عموماً جمع) روپے پیسے کا مسرفانہ استعمال ؛ یوں اڑائی گئی رقم۔

slattern, n. صفائی کا خیال نہ رکھنے والی عورت ؛ پھوہڑ ؛ بے سلیقہ۔

slatternliness, n. پھوہڑ پن ؛ بدسلیقگی۔

slatternly, a., adv. پھوہڑ ؛ پھوہڑ پن سے /کا۔

slaty, a. سلیٹی (رنگ کی یا کا) ؛ سلیٹ سے متعلق یا اس سے ملتا جُلتا یا اس پر مشتمل۔

slaughter, n. ذبیحہ ؛ مویشی ، بھیڑوں یا خنزیروں کا خوراک یا بازار کے واسطے مارنے یا کاٹ ڈالنے کا عمل ؛ کسی انسان کو بے رحمی یا وحشیانہ طریقے پر قتل کرنے یا جان سے مار دینے کا عمل ؛ بہت سے لوگوں یا جانوروں کو (کسی لڑائی میں یا قتل عام میں) موت کے گھاٹ اتارنے کا عمل۔ (فعل متعدی) ذبح کرنا یا مار ڈالنا ؛ وحشیانہ طریقے سے یا ظالمانہ طریقے سے قتل کرنا ؛ قتل عام کرنا ؛ خون ریزی کرنا۔

slaughterer, n. ذبح کرنے والا ؛ قاتل۔

slaughterous, a. قاتلانہ ؛ سفاکانہ۔

slaughterously, adv. ذبح یا قتل کرتے ہوئے۔

slaughterhouse, n. مذبح یا بوچڑخانہ ؛ وہ جگہ جہاں جانور ذبح کیے جاتے ہوں ؛ مسلخ ؛ کمیلا۔

Slav, a. سلافی قوم کا ، اس سے متعلق یا مخصوص ؛ سلاوی ؛ سلافی۔ (اسم) ایک نسل جو مشرقی ، جنوب مشرقی اور وسطی یورپ میں کبھی چھا گئی تھی (بشمول روسی ، مشرقی سلاوی ، سروی ، کروٹ ، جنوبی سلاوی ، پولستانی ، چیک وغیرہ)۔

slave, n. غلام ؛ عبد ؛ بردہ ؛بندہ ؛ داس ؛ وہ جو کسی کی ملکیت ہو یا کسی کا پوری طرح زیرعنان ؛ زرخرید ؛ کسی کے اثرتلے پوری طرح آیا ہوا (جیسے : a slave to the use of a drug.) ؛ غلام کی طرح کام کرنے والا ؛ خدمتی ؛ کوئی شے جو کسی ایسی چیز یا ایسے میکانیہ سے چلائی جاتی ہو جو خود کسی اور کے کنٹرول میں ہو۔ (فعل لازم) غلام کی طرح کام کرنا یا جان مارنا ؛ غلاموں کا کاروبار کرنا یا ایسے کام کے لیے ان کو پاس رکھنا۔

slave ant, n. کنیز چیونٹی ؛ وہ چیونٹی جسے اور قسم کی چیونٹیوں نے پکڑ لیا ہو اور اس سے بیگار لے رہی ہوں ؛ بردہ مور۔

(بول چال) طاقت سے اثرانداز ہونا ؛ چھاجانا (جیسے : He slays the women every where he goes) ۔

slayer, n. سنگ دل قاتل یا خونی ؛ متاثر کُن ؛ چھا جانے والا ۔

sleave, v.t. تار تار الگ یا تقسیم کرنا ، جیسے ریشم کو کیا جاتا ہے ؛ سُلجھانا ۔ (اسم) موٹے ریشمی دھاگے کا الگ کیا ہوا تار ؛ تاروں کی صورت میں ریشم ؛ کوئی شے جو باہم اُلجھی یا گُتھی ہوئی ہو ۔

sleazy, a. جھنّا : جس کی بافت کمزور ہو ؛ کمزور (کپڑا وغیرہ)؛ ہلکے کردار یا وصف کا (جیسے : a sleazy middle aged actor) ۔

sleazily, adv. کمزوری یا ہلکا پن لیے ہوئے ۔

sleaziness, n. کمزوری ؛ جھنّاپن ۔

sled, n. سلیج ؛ لکڑی کے پہیّوں والی گاڑی جس پر بوجھ یا لوگوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جاتے ہیں ، بالخصوص برف یا کسی سخت زمین کے اوپر ؛ برف گاڑی ؛ اس قسم کی کوئی گاڑی جسے اترائی میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ برف ریڑھی ۔ (فعل لازم و متعدی) برف گاڑی پر لے جانا ؛ ایسی کسی گاڑی پر سوار ہونا ۔

sledder, n. سلیج والا ؛ ایسی کسی شے پر سوار ہونے والا یا سامان لاد کر لے جانے والا ؛ برف گاڑی کو چلانے والا گھوڑا یا کوئی اور جانور ۔

sledding, n. سلیج رانی ؛ برف گاڑی پر لے جانے یا سوار ہونے کا عمل ؛ سطح زمین یا موسم کی نوعیت کے لحاظ سے برف گاڑی کا سفر ؛ کسی جاری کام کی حالت یا رفتار ۔

sledge, n. گھن (بڑا ہتھوڑا) ؛ موگرا ۔ (فعل متعدی و لازم) گھن یا موگرا چلانا یا چلنا ۔

sledge, sled, sleigh, n. سلیج ؛ برف یا کھردری سی زمین پر کام دینے والی گاڑی جس کے کم اونچے پہیے ہوتے ہیں اور وہ مال یا انسان برداری کے کام آتی ہے ؛ برف گاڑی ۔ (فعل متعدی) اس قسم کی گاڑی پر لے جانا ۔ (فعل لازم) سلیج میں سفر کرنا یا اس کے ذریعے سفر کرنا ۔

sledge hammer, n. گھن ؛ دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر چلانے والا بڑا ہتھوڑا ؛ مگر ؛ موگرا ۔ (فعل متعدی و لازم) ہتھوڑا چلانا یا مارنا ؛ موگرا چلانا ۔ (صفت) کاری (ضرب) ؛ انتہائی ظالم ؛ کرخت ۔

sleek, sleeken, a. نرم یا چکنا (دیکھنے میں یا چھونے پر جیسے بال ، سمور ، کوئی جانور وغیرہ) ؛ خوب تروتازہ شکل و شباہت والا ؛ بات ، اطوار ، چلن وغیرہ میں نرم و شایستہ ؛ چالاک ؛ عیار ۔ (فعل متعدی) چکنا اور چمک دار بنانا ، تسکین یا تسلّی دینا ۔

sleeker, n. تسکین یا تسلّی دینے والا ۔

sleekly, adv. نرمی یا چکنے پن سے ۔

sleekness, n. چکنا پن ؛ نرمی و شایستگی ۔

sleekit, a. عیار ، فریبی ۔

sleep, v.i. سونا ؛ نیند کی کیفیت میں ہونا ؛ وفات پاجانا یا قبر میں آرام کرنا ؛ چپکے سے پڑے رہنا یا آرام کرنا ؛ بے خروش و خموش ہونا (سمندر وغیرہ کا) ؛ دم سادھے ہونا ؛ چپکے پڑے رہنا ؛ معطل ہونا (صلاحیتوں کا) ؛ غافل ، فراموش کار یا آلکسی ہونا ؛ سبک رفتاری سے یوں گھومنا کہ حرکت کرتا معلوم نہ ہو ، جیسے لٹو کا گھومنا ۔ (نباتیات) پودوں کا (رات کے وقت بالخصوص) جانوروں کی نیند کی سی صورت اختیار کر جانا جس کا اظہار پنکھڑیوں کے بند ہو جانے سے ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) کسی مخصوص اندازِ خواب میں استراحت کرنا (جیسے : to sleep the sleep of the righteous) ؛ وقت گزار دینا یا صرف کر دینا (بعد میں عموماً away یا out لگاتے ہیں) ؛ درد سر وغیرہ سے سو کر نجات پانا (بعد میں off یا away لگاتے ہیں) ؛ سونے کی جگہ کا انتظام کرنا ۔ (اسم) نیند ، نیند کی حالت ؛ نیند یا استراحت کا وقفہ ؛ سکونِ مرگ یا قبر ؛ خواب ؛ فارغ ، چپ چاپ یا بے حرکت ، دَم سادھے ؛ آنکھ کے اندرونی کونے میں بن جانے والاجبّہ (خصوصاً عالمِ خواب میں) ۔ (نباتیات) پودے کا عالمِ خواب ۔

sleep on, کسی معاملے یا فیصلے کو ٹالتے جانا ۔

sleep with, ہم بستر ہونا ؛ کسی سے جنسی تمتع کرنا ۔

sleep like, a. نیند یا استراحت سے مشابہ (کیفیت) ۔

sleeper, n. خوابیدہ شخص ؛ ساکت چیز ؛ کوئی چیز جو آلکس یا غنودگی کی حالت میں ہو ، جیسے سرمائی بے حس جانور ؛ ریل کا وہ ڈبہ جس میں سونے کا بندوبست بھی ہو ؛ وہ افقی شہتیر یا تختہ جو بنیاد یا سہارے کا کام دیتا ہو ۔ (اکثر جمع) خواب جامہ ، بالخصوص بچوں کے لیے جس میں ساتھ ہی پاؤں بھی بنے ہوئے ہوں ۔ (نجاّری) لکڑی ، دھات یا پتھر کی وہ سِل جو دہلیز یا پادان (پاداشت) کا کام دیتی ہے ؛ وہ لمبے لکڑی کے ٹکڑے جو چوب فرش کے نیچے دیے ہوتے ہیں ؛ سلیپر ۔ (بول چال) کوئی کتاب ، ڈراما ، گھڑ دوڑ کا گھوڑا ، کاروبار وغیرہ جو ابتدا میں کامیاب نظر نہ آئے لیکن بعد میں مقبولیت اور تحسین حاصل کرے ۔

sleep in, v.t. جس عمارت وغیرہ میں ملازمت ہو اسی میں شب بسری کرنا ، جیسے گھریلو نوکر ۔ (بول چال) صبح کو معمول سے زیادہ وقت تک سوئے رہنا ۔

sleeping bag, n. خوابی تھیلا ؛ ایک بڑا سا تھیلا جس کے اندر گرم نائیلون یا کینوس کا استر لگا ہوتا ہے ، سامنے کی جانب کھولنے بند کرنے والی زپ ہوتی ہے اور کھلے آسمان تلے سونے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

sleeping car, n. خواب گاڑی ؛ وہ ریل جس میں سونے کے لیے ڈبے یا سونے کی جگہ کی سہولت موجود ہو ۔

sleeping partner, silent partner, n. (خاص طور پر برطانوی) غیر کار گزار شریک ، وہ حصہ دار جو کاروبار میں ذاتی طور پر کوئی حصہ نہ لیتا ہو ، جس نے صرف رقم لگا رکھی ہو ، اور عام لوگوں کو اس کے اس کاروبار سے تعلق کا علم نہ ہو ؛ گم پتّی دار ۔

sleeping porch, n. خوابگاہی دالان ؛ گھر کا وہ برآمدہ ، وغیرہ جس سے خواب گاہ کا کام لیا جاتا ہو ۔

sleeping sickness, n. (امراضیات) مرض النوم ؛ ایک بیماری جو عموماً مہلک ہوتی ہے اور افریقہ کے بعض حصوں میں عام ہے ، اس میں بخار رہتا ہے ، وزن کم ہونے لگتا ہے اور آلکس بڑھنے لگتی ہے ، اس کا سبب ایک طفیلی نخز حوینہ بتایا جاتا ہے جو ایک خاص مکھی کے کاٹنے سے جسم میں سرایت کر جاتا ہے ۔

sleepless, a. بے خواب ؛ بیدار ؛ چوکس ؛ جسے نیند نہ آئے ۔

sleeplessly, adv. بے خوابی سے ۔

sleeplessness, n. بے خوابی ؛ نیند نہ آنے کی کیفیت ۔

sleep out, v.i. ملازمت والی جگہ سے باہر کہیں شب بسری کرنا ،

جیسے کہ بعض گھریلو ملازم کرتے ہیں کہ رات کو اپنے اپنے گھر چلے جاتے ہیں اور صبح کو پھر آ جاتے ہیں ۔ (بول چال) کھلے آسمان تلے سونا ۔

sleepwalk, v.i. خواب خرامی کرنا ؛ سوتے سوتے چلنا ؛ مشی فی النوم ہونا ۔

sleepwalker, n. خواب خرام ۔

sleepwalking, n. خواب خرامی ؛ مشی فی النوم ۔

sleepy, a. ناعس ؛ خواب آلود ؛ نیند بھری (آنکھیں) (جیسے : sleepy eyes) ؛ سست ، آلکسی ، سنسان (جیسے : sleepy streets of the village) ؛ خواب آور ؛ اونگھتا ہوا ۔

sleepily, adv. اونگھتے ہوئے ؛ سوتے ہوئے ۔

sleepiness, n. اونگھنے کی حالت ؛ آلکسی ؛ سستی؛ کیفیتِ خواب ۔

sleepyhead, n. غنودہ ؛ خواب آلودہ ؛ نیند کا پیارا ۔

sleet, n. ادھ جمی برف یا بارش ؛ بارش کے جم جانے سے سڑکوں ، درختوں وغیرہ پر پڑی ہوئی پتلی سی برف کی تہ ؛ بارش جس کے ساتھ ژالہ باری یا برف باری بھی ہو رہی ہو ۔ (فعل لازم) برف آمیز بارش کا ہونا یا برسنا ۔

sleety, a. برف و باراں دار ۔

sleetiness, n. برف و باراں زدگی ۔

sleeve, n. آستین ؛ لباس کا وہ حصہ جو عموماً نلبوتری شکل میں ہوتا ہے اور بازو کو ڈھکنے کے کام آتا ہے ؛ وہ لفاف جس میں گراموفون ریکارڈ رکھا ہوتا ہے (یہ عموماً کاغذ یا پلاسٹک کا ہوتا ہے) ۔ (مشین) کسی مشین وغیرہ کا وہ ٹیوبی شکل کا حصہ جو کسی مخروطی دُھرے پر چڑھایا گیا ہو ۔ (فعل متعدی) آستینوں سے ڈھانکنا یا آستینیں فراہم کرنا ؛ لفاف میں ڈالنا (ریکارڈ کو) ۔

laugh in or up one's sleeve, دل ہی دل میں ہنسنا ؛ بغلیں بجانا (اظہار نفرت و حقارت کرتے ہوئے) ۔

up one's sleeve, مستور لیکن فوری طور پر قابل حصول (جیسے : he had several plans up his sleeve) ۔

sleeved, a. آستین دار ۔

sleeveless, a. بلا آستین ۔

sleevelike, a. آستین کی طرح ۔

sleevelet, n. آستینک ؛ کوئی کپڑے ، کاغذ یا پلاسٹک کا بالا پوش جسے پیش بازو پر چڑھا لیا جاتا ہے تاکہ آستین یا کف میلا ہونے یا گھسنے سے بچ جائے ۔

sleeve target, n. آستین ہدف ؛ مخروطی یا گوشہ دار کپڑا جو طیارے کی دُم کے پیچھے بندھا ہوا اڑتا ہے ، اسے طیارہ شکنی کی مشق میں بطور ہدف استعمال کرتے ہیں ۔

sleigh, n. سلیہ ؛ ایک ہلکی سی اور عموماً اوپر سے کھلی گاڑی جس میں پھسلنے تختے لگے ہوتے ہیں اور گھوڑے یا گھوڑوں سے کھینچی جاتی ہے ، اسے برف پر مال یا مسافروں کو لے جانے یا تفریح کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) سلیہ پر سواری کرنا یا چڑھنا ۔

sleigher, n. سلیہ پر سفر کرنے والا ۔

sleigh bed, n. مسہری ؛ چھپر کھٹ ؛ گزشتہ صدی کے اوائل کی ایک چارپائی (اس کے سرہانے اور پائنتی کے تختوں پر کندہ کاری ہوتی تھی) ۔

sleigh bell, n. سلیہ گھنٹی ؛ وہ گھنٹی جو سلیہ کے گھوڑوں کے ساز میں بندھی ہوتی ہے ۔

sleight, n. مہارت ؛ چابک دستی ؛ پھرتی (دماغی یا بدنی) ۔

sleight of hand, n. دستی مہارت ؛ شعبدہ بازی میں مہارت ؛ ہاتھ کی صفائی ؛ایسے شعبدوں کی نمایش؛ شعبدہ بازی یا بازی گری ۔

slender, a. نازک ؛ لمبائی یا اونچائی کی مناسبت سے کم گولائی یا موٹائی لیے ہوئے ؛ چھریرا ؛ کم موٹا ؛ دبلا پتلا ؛ کم ضخیم (کتاب وغیرہ) ؛ سائز ، مقدار یا پہنائی میں کم ؛ ناقابل اہمیت ؛ ناکافی ؛ تشنہ تشنہ ؛ نحیف یا کمزور (آواز) ؛ کم اہمیت ؛ کم قوت یا کم جواز ۔

slenderly, adv. نازک انداز سے ۔

slenderness, n. نزاکت ۔

slenderize, v.t., v.i. نرم و نازک بنا دینا یا ہو جانا ؛ پتلا دبلا کر دینا یا ہونا ۔

sleuth, sleuthhound, n. (بول چال) سراغ رساں کتا ؛ کھوجی کتا ؛ سراغ رساں یا کھوجی ۔ (فعل لازم) سراغ رساں کی طرح سراغ کے ساتھ ساتھ جانا ؛ کھوج لگاتے جانا ۔

sleuth like, a. سراغ رساں کی طرح ۔

slew, slought, n. دلدل ؛ سیم ۔

slew, v.t. گھومنا یا موڑنا ؛ پھیرنا ؛ پھرانا ؛ گھمانا ۔ (اسم) (عوامی) بڑی مقدار یا تعداد ۔

slice, n. کسی چیز کی پتلی ، چوڑی ، چپٹی سی کتر یا کاٹ (جیسے : a slice of bread) ؛ کسی چیز کا کوئی حصہ ، بخرا یا ٹکڑا ؛ قاش ؛ قاشک ؛ ایسی کاٹ یا حرکت جیسی قاش بنانے میں ہوتی ہے ۔ (گالف) گالف چھڑی کے ساتھ گیند کے حصے میں ضرب ؛ ایسی ضرب کے نتیجے میں گیند کی دائیں جانب پرواز ۔ (فعل متعدی) ٹکڑوں وغیرہ میں الگ الگ کرنا ؛ چاقو کی طرح چیرنا یا کاٹنا ؛ قاش قاش کرنا (بعد میں off ، away یا from لگاتے ہیں) ؛ کسی قاشق یا ڈوئی کے ذریعے ہٹانا ۔ (گالف) گیند کو آڑی چوٹ لگانا تا کہ وہ خم کھا کر سیدھی جانے کی بجائے دائیں جانب مڑ جائے یا کھبے کھلاڑی کی صورت میں بائیں طرف مڑ جائے ۔ (فعل لازم) قاش یا قاشیں کاٹنا ؛ کسی چیز کو کاٹتے ہوئے گزر جانا (چاقو وغیرہ کا) ۔ (گالف) گیند کو آڑی چوٹ لگانا ۔

silcer, n. قاشیں یا ٹکڑے ٹکڑے کرنے والا ؛ آڑی چوٹ لگانے والا ۔

slice bar, n. قاشق : ایک لمبی دستے دار شے جس کے آگے پھل لگا ہوتا ہے ، بھٹی میں جلتے کوئلے کے کھنگروں کو توڑنے کے لیے یا الگ کر دینے کے لیے ۔

slick, a. صاف ، نرم یا چکنا ؛ اطوار ، گفتگو یا رویے میں محتاط حد تک شایستہ ؛ چالاک ؛ عیار ؛ اپنی مہارت ، ہوشیاری ، طباعی وغیرہ کا دانشمندانہ استعمال و اظہار کرنے والا ؛ بڑے ڈھنگ سے مرتب کیا ہوا ؛ پھسلنی یا چکنی(سڑک یا راہ) ؛سرسری یا سطحی ، جیسے کسی مصنف کی نگارشات یا وہ میگزین یا کتاب جس میں اس قسم کی چیزیں چھپتی ہوں ۔ (عوامی) بہت عمدہ ؛ اول درجے کا (کسی کی پرجوش توصیف کے لیے کہا جاتا ہے) ۔ (اسم) کوئی پھسلنی یا چکنی ہموار جگہ ، جیسے پانی کی؛ وہ جگہ

جہاں اوپر پر طرف تیل پھیل گیا ہو؛ سہاگا ؛ چوڑے پھل والا وہ آلہ جسے زمین کو ہموار کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (بول چال) چکنے کاغذ پر چھپا ہوا رسالہ ؛ ایسا رسالہ جس میں سطحی ، سرسری ، لفاظی سے پُرتحریر ہو۔ (متعلق فعل) تحریر کے بالائی انداز کے ساتھ ؛ ہمواری سے ؛ زیرکی سے ، تیزی سے ؛ لفاظی سے کام لیتے ہوئے۔ (فعل متعدی) ہموار یا چکنا بنانا ؛ عمدہ اور چست بنانا (بعد میں اکثر up لگاتے ہیں)۔

slickly, adv. چکناہٹ لیے ہوئے۔

slickness, n. چکناہٹ ؛ پھسلن۔

slickenside, n. (ارضیات) (عموماً جمع) وہ چٹان جس کی سطح کسی ساتھ والے تودے کی رگڑ کھا کھا کر چکنی ہو گئی ہو یا اس پر دھاریاں سی پڑ گئی ہوں۔

slicker, n. برساتی ؛ لمبا ڈھیلا سا موم جامے کا یا آب روک اوورکوٹ۔ (بول چال) کوئی چالباز یا شاطر انسان؛ کوئی پرتصنع شہری باشندہ۔

slide, v.i. پھسلنا ؛ ہموار یا پھسلنی جگہ پر ہلی دھکیل یا کوشش کے نتیجے میں چلتے جانا (جیسے: to slide an ice) ؛ لڑھکنا (بعد میں down یا off لگاتے ہیں) ؛ پھسل جانا (پاؤں یا گاڑی وغیرہ کا) ؛ پھسلتے ہوئے یا سبک رفتاری سے گزر جانا (جیسے زمین پر ، پانی پر یا فضا میں)؛ یوں کھسک جانا کہ کسی کو پتا تک نہ لگے (بعد میں away, out, in لگاتے ہیں) ؛ مرکز توجہ بنے بغیر چلے جانا یا اپنی راہ اختیار کرنا (جیسے : to let matters slide) ؛ بتدریج کسی مخصوص صورت حال میں چلے جانا یا اتر جانا ؛ خصلت اختیار کرنا یا عادت بنا لینا۔ (بیس بال) اپنے آپ کو بیس (گھر) کی طرف زمین پر گرادیناتاکہ آؤٹ ہونے کا خطرہ کم ہو جائے۔ (فعل متعدی) پھسلانا یا لڑھکانا (کسی سطح پر یا یکساں اور مسلسل حرکت کے ساتھ) ؛ کسی چیز وغیرہ کا آسانی سے یا شور پیدا کیے بغیر کہیں سرک جانا (بعد میں in یا into لگاتے ہیں)۔ (اسم) پھسلاہٹ ؛ ہموار سطح خصوصاً برف کی جس پر پھسلا،لڑھکا جا سکے ؛ بچوں کے کھیلنے کے لیے پھسلنی۔ (ارضیات) زمیں ریزی ؛ بوربخت ؛ ڈھاب ؛ مٹی کا پھسلتا ہوا تودہ ؛ شیشے کی پلیٹ یا فلم جس پر کوئی تصویر کسی پردے پر عکس اندازی کر کے دکھانے کے لیے تیار کی گئی ہو ؛ شیشے وغیرہ کی بنی ہوئی پلیٹ جس پر خوردبینی معائنے کے لیے اشیا رکھی جاتی ہیں۔ (موسیقی) ان تین یا تین سے زیادہ سُروں کے زیر و بمی سلسلوں پر مشتمل تزئین یا نزاکت جن میں سے آخری مہا سُر ہوتا ہے ؛ گاتے بجاتے ہوئے تان پلٹائی ؛ نقارے کی سی شکل کے ساز میں U کی شکل والا دھونکنی کا حصہ جسے اندر باہر لے جایا جا سکتا ہے اور یوں سُر کے امتداد کو بدلا جا سکتا ہے ، سلیج گاڑی ؛ برف گاڑی ؛ سامان لڑھکانے کے لیے بنائی ہوئی کوئی مسطح شے ؛ پھسل بنڈا ؛ پھسلنی ۔ (میکانیات) کسی کل کا کوئی ٹکڑا یا حصہ جو لڑھکنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ پٹڑی یا نالی جس پر یا جس میں کوئی چیز لڑھکتی چلی جاتی ہے ؛ سلائیڈ۔

slider, n. پھسلنے یا لڑھکنے والا۔

slide fastener, n. زپ ؛ کوئی ایسی بناوٹ جس سے کسی لچک کھا جانے والی شے کے دونوں کناروں کو باندھا یا کھولا جا سکتا ہو ، جیسے اسکرٹ کی جیب پر یا بریف کیس کے پہلوؤں پر۔

slide rule, n. سرکواں مسطر ؛ سلائیڈ رول ؛ ایک سرکتا رولر جو بنیادی طور پر ایک لمبی سی تختی سے بنا ہوتا ہے جس پر ایک سرکواں ٹکڑا لگا ہوتا ہے جو ادھر ادھر حرکت کر سکتا ہے ، دونوں پر لوگارتھمی پیمانے دیے ہوتے ہیں جن کی مدد سے انجینئرنگ وغیرہ سے متعلق بعض حسابی مسائل کو آسانی سے حل کر لیا جاتا ہے ؛ مسطر حاسبہ۔

slide valve, n. (میکانیات) سرکواں صمام ؛ کسی سوراخ پر لگا ہوا وہ صمام جسے اس درز کو کھولنے یا بند کرنے کے لیے اٹھانا نہیں پڑتا اور اسے ادھر ادھر سرکایا یا گھمایا جا سکتا ہے ، اس قسم کے صمام بعض اسٹیم انجنوں کے سلنڈروں کے دہانوں پر لگے ہوتے ہیں ؛ پھسلواں والو۔

slideway, n. پھسلواں جگہ ؛ چیزوں کو لڑھکا کر لے جانے کے لیے مسطح بنائی ہوئی کوئی خمیدہ جگہ یا تختہ۔

sliding scale, n. (معاشیات) تدریجی شیرح ؛ اشیا کی قیمتوں کا پیمانہ جو اشیا کی تیاری میں کام آنے والی چیزوں کی قیمت میں اتار چڑھاؤ کے مطابق کم و بیش ہوتا رہتا ہے ؛ اجرتوں کا پیمانہ جو بازار میں تیار کردہ اشیا کی قیمتوں کے اتار چڑھاؤ ، ضروریات زندگی کے اشاریے یا بعض دیگر متغیرات کے حسب حال متوازن ہوتا رہتا ہے۔

slight, a. خفیف ؛ قلیل ؛ تھوڑا سا ؛ مقدار یا درجے وغیرہ میں کم (جیسے : a slight increase) ؛ کم اہمیت یا کم مرتبہ ؛ حقیر ؛ بے وقعت ، دبلا پتلا یا چھریرا ؛ نازک یا دھان پان ؛ جس میں ٹھوس یا مستحکم اوصاف کی کمی ہو، جیسے کسی ادبی تخلیق یا شخصیت میں ۔ (فعل متعدی) استخفاف کرنا ؛ کم اہمیت دینا ؛ نظر انداز کرنا یا حقیر گرداننا ؛ بے توجہی یا بے توقیری کا نشانہ بنانا ؛ لاپرواہی یا بے توجہی کرنا ؛ بیگار ٹالنا ۔ (اسم) خفت آمیز بے توجہی یا برتاؤ ؛ ایسے برتاؤ کی صورت ؛ جتلانے والی تحقیری نظر اندازی۔

slighter, n. بے توجہی کرنے والا۔

slighting, a. پرحقارت۔

slightingly, adv. حقارت سے۔

slightly, adv. تھوڑا سا۔

slightness, n. کمی ؛ استخفاف۔

slim, a. سبک ؛ دبلا پتلا ؛ لمبائی کے حوالے سے کم موٹائی یا محیط والا ؛ نازک ؛ غیر مستحکم ؛ بودا ؛ ادنی ؛ تھوڑا ؛ کم۔ (فعل لازم و متعدی) دبلا پتلا ہونا یا کر دینا۔

slimly, adv. لاغری سے ؛ نزاکت سے۔

slimness, n. دبلا پا ؛ چھریرا پن ؛ نزاکت۔

slime, n. رقیق ؛ کیچڑ ؛ گاد ؛ رال ؛ کوئی مائع مواد جو لیس دار یا ریشہ دار ہو (بالخصوص بدبودار یا ناگوار قسم کا) ؛ کوئی حیوانی یا نباتاتی اصل کا لیس دار اخراج (جیسے : the trail of slime left by a snail) ۔ (معدنیات) وہ کیچڑی مواد جس میں کوئی خام دھات باریک سفوفی صورت میں موجود ہو۔ (فعل متعدی) لتھیڑ دینا ؛ اس قسم کے مواد سے لت پت کر دینا یا اس مواد سے پاک کرنا ، جیسے ڈبوں میں بند کرتے وقت مچھلی کو۔

slime mold, n. فطر لعاب ؛ کھمبی کی طرح کا نامیہ جو دلدلی جگہوں پر گلتی سڑتی لکڑی یا مٹی میں پیدا ہو جاتا ہے بلکہ

کبھی کبھی جان دار پودوں میں بھی ؛ فطر لعابی ۔

slim-jim, n. (بول چال) بہت ہی دبلا پتلا شخص یا نرم و نازک شے ۔

slimsy, slimpsy, a. دبلا پتلا ؛ کمزور سا ۔

slimy, a. کیچڑ بھرا ؛ لجلجا ؛ کیچ والا ؛ نفرت انگیز ؛ بدطینت ۔

slimily, adv. لجلجے پن سے ۔

sliminess, n. لجلجا پن ؛ نفرت آمیزی ۔

sling, n. گوپیا ؛ فلاخن ؛ گوپھن ؛ پتھر یا غلّے وغیرہ سے دور مار کرنے والا آلہ جو عموماً دو رسیوں اور ایک چمڑک پر مشتمل ہوتا ہے جس میں غُلّہ رکھ کر اسے خوب گھمانے کے بعد ایک رسی کو چھوڑ دیتے ہیں جس سے غُلّہ نکل کر نشانے کی طرف چلا جاتا ہے ؛ غلیل ؛ کسی زخمی عضو کو باندھنے اور سنبھالے رکھنے والی پٹی ؛ کاندھلی جس سے بندوق وغیرہ باندھ کر کندھے سے لٹکائی جاتی ہے ؛ غلیلہ یا غلہ مارنے یا چلانے کا عمل ؛ ایک اٹکل جس میں رسے ، پٹی یا زنجیر کے ایک سرے پر حلقہ سا بنا ہوتا ہے جس میں کسی وزنی چیز کو رکھ کر اوپر یا نیچے لایا لے جایا جا سکتا ہے ؛ جھولا ۔ (جہاز رانی) ان رسوں یا زنجیروں میں سے کوئی ایک جو مستولی موٹے رسے کے وسطی حصے کو سہارا دیے ہوتی ہیں یا اس کا وہ حصہ جسے سہارا دیا جاتا ہے ، یعنی وسطی حصہ (اس صورت میں یہ عموماً جمع کے طور پر آتا ہے) ؛ ایک مشروب جو الکحل ، پانی ، لیموں اور مٹھاس پر مشتمل ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) گھمانا ، اچھالنا یا مارنا ؛ پتھر یا کسی دوسرے غُلّوں کو گوپھن ، فلاخن وغیرہ میں رکھ کر پھینکنا یا مارنا ؛ پھینکنا (ہاتھ سے) ؛ چھینکے میں رکھ کر اوپر یا نیچے لے جانا ؛ چھینکے یا جھولے میں رکھ کر جھلانا یا لٹکائے رکھنا ؛ معلق رکھنا ۔

slinger, n. فلاخن انداز ؛ گوپھن چلانے والا ۔

slinger ring, n. (طیرانیات) طیارے کی دھکیل پھرکی کو محیط کرنے والی نلکی جس میں دافع انجماد محلول ہوتا ہے اور برفانی فضائی حالت میں وہ محلول بلیڈوں پر رس کر ان کو رواں رکھتا ہے ۔

sling shot, n. غلیل ؛ لکڑی کا ایک دوشاخہ ٹکڑا جس کی دونوں شاخوں کے ساتھ لچکدار فیتہ (ربڑ) بندھا ہوتا ہے اور اس میں کنکر وغیرہ رکھ کر چلائے جاتے ہیں ؛ منجنیق ۔ (برطانوی) ربڑ کی غلیل ، دوشاخہ ۔

slink, v.i. بُزدلی ؛ خوف یا شرم کے مارے قابل ملامت انداز میں چپکے سے کھسک جانا ؛ نظر بچا کر دبے پاؤں چلے جانا ۔ (فعل متعدی) گائے وغیرہ کا وقت سے پہلے بچہ جننا ۔ (اسم) قبل از وقت پیدا ہونے والا گائے کا بچہ،سقط ۔ (صفت) قبل از وقت پیدایش کا ۔

slinky, a. بزدل ؛ ڈرپوک ، عیار ؛ مکار ؛ کاہل ۔ (عوامی) خدوخال اور اعضا کی حرکات ظاہر کرنے والا (جیسے : a slinky dress) ۔

slip, v.i. رپٹنا ؛ پھسلنا ؛ آسانی سے یا بلا رکاوٹ جانا یا گزرنا ؛ ریٹ جانا ؛ پھسل جانا ، جیسے اچانک اور غیر اختیاری طور پر کسی ہموار سطح پر ؛ ڈھلکنا ؛ سرکنا (بعد میں over, off, down, away, along لگاتے ہیں، جیسے: a scarf that slips off) ؛ پاؤں اکھڑ جانا ؛ کسی جگہ ، وضع یا بندھن سے ہل جانا ؛ سرک جانا یا چل پڑنا (جیسے : An ax slips from the handle) ؛ چلے جانا ، بچ نکلنا یا کھویا جانا (جیسے : to let an opportunity slip) ؛ غیر محسوس طریقے سے دماغ یا ذہن سے نکل جانا ؛ تیزی سے یا گزرتے پتا نہ چلنا ، جیسے وقت کا (بعد میں by یا away لگاتے ہیں) ؛ آسانی سے یا جلدی سے اتار لینا یا پہن لینا (جیسے : to slip into or out of a garment) ؛ خاموشی سے چلے جانا یا کھسک جانا (جیسے : She slipped in the backdoor) ؛ کسی معاملے یا مسئلے پر سرسری یا سطحی توجہ دینا ؛ غلطی یا بھول چوک کرنا ۔ (طیرانیات) ہوائی جہاز کا ایک جانب پھسل جانا ۔ (فعل لازم) یکساں سی بے تردد یا سرکتی حرکت کے ساتھ گزرنا ، رکھنا یا کھینچنا (جیسے : to slip one's hand into a drawer) ؛ چپکے سے یا نظر بچا کر کہیں رکھنا یا کہیں سے لے لینا (جیسے : to slip a thing out of sight) ؛ لباس آسانی سے یا بلا توقف اتارنا یا پہن لینا (بعد میں on یا off لگاتے ہیں) ؛ پٹہ کھول دینا یا پٹے سے آزاد کر دینا ، جیسے شکاری کتے یا باز وغیرہ کو(شکار کے تعاقب میں جانے کے لیے)؛ پیچھا کرنے والے سے بچ نکلنا یا اسے جُل دے جانا ؛ پٹہ یا رسی توڑ کر بھاگ جانا ۔ (جہاز رانی) سارے کا سارا جانے دینا جیسے لنگری رسے یا لنگر کو؛ توجہ کیے بغیر گزر جانے دینا ؛ غفلت کر جانا یا چوک جانا ؛ لکھتے بولتے ہوئے کچھ چھوڑ جانا یا کسی بات کو ٹال جانا ؛ یاد سے نکل جانا ؛ نظر سے بچ جانا ؛ علم میں نہ آنا ؛ کینچلی اتارنا (بدلنا) ۔ (مکا بازی) باکسنگ میں مخالف کے مکے سے ایک جانب کھسک کر بچ جانا ؛ وقت سے پہلے جانور وغیرہ کا بچہ دے دینا ۔ (اسم) ریٹ ؛ لغزش ؛ زمین ریزی ؛ فیصلے یا طرز عمل میں سہو یا غلطی ؛ ناسمجھی ؛ بولنے یا لکھنے میں ہونی والی غیر شعوری غلطی (جیسے: slip of the tongue or of the pen) ؛ بآسانی پہننے یا اتاری جا سکنے والی شے ؛ ایک قسم کا کتے کا پٹا ؛ مقدار یا میعار میں تنزل ؛ عورت کا زیرپوش یا بے آستین کا اسکرٹ؛ تکیے کا غلاف (اسے pillow slip بھی کہتے ہیں)؛ جہاز رانی کے قابل پانی کے قریب بنائی گئی مصنوعی ڈھلوان جو لنگراندازی کا کام دیتی ہے ؛ پانی کی جانب ڈھلوانی جگہ جہاں جہاز تیار یا مرمت کیے جاتے ہیں ۔ (جہاز رانی) کسی جہاز کے گھومتے دھرے یا پیڈل پہیے کی پانی میں پیش رفت اور کسی ٹھوس چیز کے مقابل میں پیش رفت کا باہمی فرق ؛ دو گھاٹوں کے درمیان یا گودی میں وہ جگہ جہاں جہاز لنگر انداز ہوتے ہیں ۔ (میکانیات) ان دو سطحوں یا حصوں کا ایک دوسرے پر چڑھ جانا جن کو ایک دوسرے کی جانب حرکت نہیں کرنی چاہیے (جیسے : the slip of plates in a riveted joint) ۔ (کرکٹ) وکٹ کیپر کے بالکل پیچھے اور دائیں جانب فیلڈر کے کھڑے ہونے کی جگہ ؛ خود اس جگہ کھڑا ہونے والا کھلاڑی ۔ (ارضیات) چٹان کے ایک طبق کے کسی حصے کے دبک/بیٹھ جانے سے پیدا ہونے والا چھوٹا سا رخنہ ؛ ریزش ۔

give someone the slip, کسی سے آنکھ بچا کر کھسک جانا یا بچ کر نکل جانا ۔

let slip, غیر شعوری طور پر منہ سے نکل جانا ۔

slip something over on, (بول چال) دھوکا دینا ۔

slip, n. (نباتیات) کسی درخت سے کاٹی گئی ایسی قلم جو لگنے کی صلاحیت رکھتی ہو ؛ کوئی قلم یا تراش ؛ لمبی پتلی بُرید یا پٹی (لکڑی ، کاغذ یا زمین کی) ؛ نازک اندام نوجوان لڑکا یا لڑکی ؛ یادداشت کے طور پر رکھی جانے والی کوئی چٹ (جیسے : a sales slip) ؛ گرجے میں رکھی ہوئی لمبی نشست یا کم چوڑی پشتی دار بینچ ۔ (فعل متعدی) (نباتیات) قلم لینا

(جیسے : to slip philodendron) ۔

slip, n.
(ظروف سازی) ظروف ساز کی وہ مٹی جس کو پانی ملا کر گارا سا کر دیا گیا ہو (برتنوں کو لیپ دینے کے لیے یا زینت کاری کے لیے یا دستوں وغیرہ کو جوڑنے کے لیے) ۔

slipcase, n.
کتاب دان ،جس کی ایک جانب کھلی ہوتی ہے اور اس میں سے کتابوں کی پشتیں نظر آتی رہتی ہیں ۔

slipcover, n.
کرسیوں اور صوفوں وغیرہ کے لیے کپڑے یا پلاسٹک کے بنائے ہوئے وہ غلاف جو بآسانی اتارے چڑھائے جا سکتے ہیں، اچھاڑ ۔

slipknot, slip knot, n.
پھسلنی گرہ ؛ سرک گرہ ؛ آسانی سے کھل جانے والی یا کھسک جانے والی گرہ ؛ وہ گرہ جو آسانی سے اس رسی یا ڈوری کے ساتھ ساتھ کھسکتی چلی جاتی ہے جس پر وہ پڑی ہوتی ہے ؛ ناڑا گانٹھ ۔ دیکھیے : running knot ۔

slipnoose, slip noose, n.
پھسلنی پھندا ؛ کھسکن پھندا ؛ وہ پھندا جس کی گرہ کھسکنی ہوتی ہے اور رسی کھینچنے پر کس جاتی ہے ۔

slip-on, a.
بآسانی چڑھا لینے کے لیے بنائی ہوئی کوئی چیز (جیسے وہ دستانے جو کلائی پر ڈھیلے ہوں یا وہ بلاوز یا سویٹر جو بلادقت سر پر سے اتارا ، پہنا جا سکتا ہو) ۔ (اسم) اس قسم کا کوئی ملبوس ۔

slipover, a.
آسانی سے پہنے جانے کے لیے تیار کیا گیا (بلاؤز، سویٹر وغیرہ) ۔ (اسم) سر سے بآسانی نیچے اتر جانے والا ملبوس ۔

slippage, n.
کھسک ؛ سرک (گیئر وغیرہ کی) ؛ کھسک کی مقدار یا حد ۔

slipped disk, n.
سرک مہرہ ؛ اپنی جگہ سے ہٹا ہوا یا سوجا ہوا نخاعی مہرہ جس سے نخاعی اعصاب پر دباؤ پڑتا ہے ۔

slipper, n.
سلیپر ؛ پچھلی جانب سے بالکل کھلی ہوئی اور یوں بآسانی پہنی جا سکنے والی جوتی ، یہ عموماً گھر کے اندر پہنی جاتی ہے (جیسے : bedroom slippers) ؛ ۔ اعلیٰ قسم کا پرتکلف جوتا جو عموما رنگین کپڑے کا ہوتا ہے اور رسمی مواقع پر پہنا جاتا ہے (جیسے :evening slipper) ۔

slippery, a.
پھسلواں ؛ پھسلنی ؛ رپٹیلی (زمین وغیرہ) ؛ چکنی ؛ ایسی ہموار کہ پھسلنے کا اندیشہ ہو ؛ کھسک جانے والا ؛ گرفت میں نہ آنے والا ؛ ناقابل اعتبار ؛ فریبی ؛ چال باز ؛ غیر مستقل مزاج ؛ متلوّن مزاج ۔

slipperiness, n.
چکنا پن ؛ رپٹن ؛ عیاری ۔

slippy, a.
(خصوصاً برطانوی) تیز ؛ پھرتیلا ؛ چالاک ؛ حاضر دماغ (عموماً اس کے پہلے to look یا to be لگاتے ہیں) ۔

slippiness, n.
ذہانت ؛ طباعی ۔

slip ring, n.
(برق) برقی موٹر میں وہ گھومتا ہوا دھاتی چھلا جس کی بدولت بجلی موٹر میں سے گزرتی ہے (جب ساکن برشوں کے ساتھ اس کا اتصال ہوتا ہے) ؛ پھسل حلقہ ۔

slipsheet, n.
(طباعت) تازہ ورق ؛ وہ خالی درمیانی ورق جو دو تازہ چھپے ہوئے ورقوں کے درمیان رکھ دیا جاتا ہے تا کہ دونوں ایک دوسرے کی چھاپ سے بچے رہیں ۔ (فعل متعدی) (طباعت) بیچ میں ورق رکھنا ۔

slipshod, a.
سلیپر یا کھلے جوتے پہنے ہوئے ، خصوصاً وہ جن کی ایڑیاں گھسی ہوئی ہوں ؛ بے سلیقہ ؛ لاپروا ؛ بے قرینہ ۔

slipslop, n.
(بول چال) زیادہ پانی والا اور ناخوش گوار مشروب یا کھانا ؛ گری ہوئی اور بے معنی گفتگو یا تحریر ؛ لفظوں کے استعمال میں کی گئی فاش غلطی ۔

slipsole, n.
وہ پاتابہ جو جوتے کے اندر رکھا جاتا ہے تا کہ وہ کھلا کھلا نہ لگے یا زیادہ گرم نہ ہو جائے ؛ اندرونی اور بیرونی تلوں کے درمیان وہ نیم تلا جو موٹائی میں اضافے کا باعث بنتا ہے ۔

slipstick, n.
(عوامی) سطر حاسبہ ؛ پھسل پیمانہ ۔

slip stitch, n.
(خیاطی) داخلی تُرپائی ؛ چور بخیہ (وہ بخیہ جو باہر کی جانب دکھائی نہ دے) ؛ گم بخیہ ۔ نیز : blind stitch ۔ (فعل متعدی و لازم) اندرونی ترپائی کرنا یا کیا جانا ۔ چور بخیہ لگانا ۔

slipstream, n.
(طیرانیات) ہوائی جہاز کے داسر سے پیچھے کی جانب پھینکی گئی ہوا کا گردابی بہاؤ ۔

slip-up, n.
(بول چال) لغزش یاناکامی جیسے کارروائی کے دوران ؛ غلطی ، سہو یا سہو نظر ۔

slip up, v.i.
لغزش ہونا ؛ غلطی ہونا ؛ سہو نظر ہونا ۔

slit, v.t.
لمبائی کی جانب کاٹنا ؛ بڑی بڑی ٹکڑیوں/پٹیوں کی صورت میں کاٹنا ؛ لمبی درز یا کشاد پیدا کرنا ۔ (اسم) لمبی کم چوڑی کشاد ؛ لمبا سا زخم ؛ شگاف ؛ چاک ؛ چِھری ۔

slitter, n.
شگاف کار ۔

slither, v.i.
کسی سطح کے ساتھ ساتھ یا نیچے کو لڑھکتے جانا ، خصوصاً غیر یکساں انداز میں یا کم و بیش رگڑ یا آواز کے ساتھ ؛ سانپ کی طرح جانا یا چلنا ؛ سرکتے جانا ۔ (فعل متعدی) لڑھکانا ؛ سرکانا ۔ (اسم) ایسی رفتار یا حرکت یا گرز ؛ لڑھکاؤ ۔

slithery, a.
لڑھکتا یا سرکتا ہوا ۔

slit trench, n.
تنگ کم گہری خندق جسے محاذ میں سپاہی گولہ باری سے بچنے کے لیے پناہ کے طور پر بنا لیتے ہیں ؛ شگافی خندق ۔

sliver, n.
لکڑی کا چھوٹا سا ٹکڑا جسے عموماً طولاً کاٹا یا توڑا جاتا ہے یا پھر اندرونی ساخت کے مطابق کاٹا جاتا ہے ؛ کوئی پتلا سا ٹکڑا یا کھپچی ؛ اون ، سوت کا ڈھیلا ان بٹا لچھا جس سے پُونی بنائی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) یون پھاڑنا یا کاٹنا ؛ لچھے لچھے بنانا (اون یا سوت کے) ؛ کھپچیاں بنانا ۔ (فعل لازم) پھٹ جانا ؛ کٹ جانا ۔

sliverer, n.
کھپچیاں کرنے والا ۔

sliverlike, a.
کھپچیوں کی طرح ۔

slivovitz, n.
سلاوی ممالک کی پسندیدہ ناشپاتی کی شراب جو بے رنگ اور خوش مزا ہوتی ہے ۔

slob, n.
بے عقل اور بے قرینہ شخص ؛ اجڈ ۔ (آئرش) کیچڑ ؛ گار ۔

slobber, v.i.
منہ سے لعاب یا کسی اور مائع شے کو بہنے دینا ؛ رال بہنا ؛ رال ٹپکنا ؛ بہت زیادہ جذباتی ہو جانا ۔ (فعل متعدی) رال بہا کر گندہ کر دینا یا تر کر دینا جذباتی انداز میں کہنا ۔ (اسم) رال ؛ لعاب دہن ؛ بے اختیار جذباتی گفتگو یا اقدام ۔

slobberer, n.
رال بہانے والا ؛ جذباتی ؛ مستانہ ۔

slobberingly, adv. رال بہا کر گندا کرتا ہوا ؛ جذباتی گفتگو کرتا ہوا ۔

slobbery, a. رال سے تر ؛ جذباتی ۔

sloe, n. ایک جھاڑی اور اس جھاڑی کا پھل ؛ کالا بیر ۔ دیکھیے : black thorn ۔

sloe-eyed, a. سیاہ ترچھی اور سپاٹ آنکھوں والا ۔

sloe gin, n. ایک الکحلی مشروب یا کالے بیر کی چاشنی والی مفرحات ۔

slog, v.t. باکسنگ یا کرکٹ میں اندھا دھند ہاتھ چلانا ؛ مار مار کر ہانکنا ۔ (فعل لازم) خوب پٹائی کرنا ؛ بوجھل بوجھل قدم اٹھانا یا چلنا ؛ خوب محنت کرنا ؛ مشقت کرنا ۔ (اسم) ضرب کاری ۔

slogger, n. اٹکل پچو ہاتھ چلانے والا ؛ اندھا دھند کام کرنے والا ۔

slogan, n. نعرۂ جنگ یا پہاڑی قبیلے کے لوگوں کو یکجا کرنے کی پکار ؛ کسی سیاسی پارٹی یا اشتہار کا جاذب لفظ یا جملہ ؛ نعرہ ۔

sloganeer, n. نعرہ ساز ؛ نعرہ باز ۔

sloop, n. (جہاز رانی) سلُوپ ؛ یک مستولی جہاز جس کے بادبان آگے اور پیچھے ہوتے ہیں اور عموماً یک رخے ؛ غراب ۔

sloop of war, n. (جہاز رانی) ایام گزشتہ میں وہ بادبانی جہاز جو ہر طرح کیل کانٹے سے لیس ہوتا تھا اور اس میں دس سے بیس تک توپیں ہوتی تھیں ، بعد میں اس سے ہر وہ جنگی جہاز مراد تھا جس کا حربی دستہ ''گن بوٹ'' سے بڑا ہوتا تھا اور جس کی توپیں صرف ایک ہی عرشے پر ہوتی تھیں ۔

slop, n. جیکٹ ، ڈھیلے سے زنانہ کوٹ یا قمیص کی طرح کا کھلا کھلا سا بالا پوش ۔ (جمع) وہ لباس ، بستر جو ملاحوں کو جہازی گودام سے فراہم کیے جاتے ہیں ؛ کوئی سستا بنا بنایا لباس ۔

slop, n. پتلی کیچڑ ، لاپروائی سے ادھر ادھر گرایا یا انڈیلا گیا سیال ؛ سیال گندگی ۔ (عوامی) کم ذائقہ دار یا بے لذت مشروب یا ماکول ۔ (جمع) کھنگال یعنی گندا پانی ؛ باورچی خانے کی بچی کھچی چیزیں ؛ اناج کا پھوک جو کشید کے بعد رہ جاتا ہے ؛ چھان ۔ (فعل متعدی) لنڈھانا ؛ چھینٹے اڑانا ؛ کسی پر پانی وغیرہ گرانا ؛ پھوہڑ پن سے اور سڑپ سڑپ پینا ؛ بچا کُچا کھلانا جیسے مویشی کو ۔ (فعل لازم) کیچڑ ، گار یا پانی میں چلنا یا پار جانا ؛ پانی یا کسی اور سیال کو انڈیلنا یا اس کے چھینٹے اڑانا ؛ کسی سیال کا کناروں سے بہ نکلنا ۔ (بول چال) بے جواز حد تک لبریز جذبات ہونا ؛ مغلوب الجذبات ہونا ؛ اُبل پڑنا ؛ زور سے بہ نکلنا ۔

slop basin, slop bowl, n. (برطانوی) ایک گہری رکابی یا پیالہ جس میں میز ہی پر کافی یا چائے کی پیالیوں کی تلچھٹ یا پس ماند الٹ دی جاتی ہے ۔

slop chest, n. وہ اسٹور جس میں جہاز رانوں کی ضروری اشیا ہوتی ہیں جنھیں دوران سفر جہازی عملہ وہاں سے خرید سکتا ہے ۔

slope, n. ڈھلوان یا ترچھا پن ؛ عمودی یا افقی حالت سے انحراف ؛ کوئی ترچھی سطح ؛ کسی جگہ کی وہ حد جہاں تک اس کے اتار چڑھاؤ کو تدریجی نشان دیے گئے ہوں ۔ (ریاضی) کارٹیزی محدّدوں کے مطابق کھینچے گئے خط کے مثبت لامحور سے زاویے کا مماس ؛ کسی مقررہ نکتے پر ، کارٹیزی محددوں کے مطابق کھینچے گئے ، مقررہ تفاعل منحنی کے خطی مماس کی ڈھلان ؛ اس مقام کے مخصوص تفاعل کا مخرج ۔ (فعل لازم) افقی سمت سے نیچے یا اوپر کی جانب ترچھا یا ڈھلوان ہونا یا بنانا ؛ ترچھا ہونا ؛ ترچھے پن کے ساتھ اوپر یا نیچے کو جانا ۔ (بول چال) رخصت ہو جانا یا بلا بتائے بھاگ جانا ۔ (فعل متعدی) ڈھلوان یا جھکاؤ کی جانب کرنا ؛ عمودی یا افقی حالت سے ترچھا کرنا ؛ آڑی یا ترچھے پن کی سی صورت دینا ۔ (صفت) (قدیم) ترچھا ؛ ڈھلوان ۔

sloper, n. ڈھال بنانے والا ۔

slopingly, a. ڈھلوان طور پر ۔

slopingness, n. ڈھال پن ؛ ڈھلواں پن ۔

slop pail, n. کوڑے دان ؛ گند کی ٹوکری ؛ کوڑا کنستر ۔

sloppy, a. گدلا ؛ کیچڑ سے بھرا ہوا ؛ گار والا یا تربتر (جیسے : the ground is sloppy after heavy rain) ؛ کسی مائع شے سے لت پت ؛ جس پر اس قسم کے چھینٹے پڑے ہوئے ہوں ؛ جس پکوان یا مشروب میں پانی زیادہ ہو ؛ بے مزا ؛ بہت زیادہ جذباتی ، ڈھیلا ڈھالا ؛ لاپروا یا سہل انگار ؛ لباس کے بارے میں لاپروا ۔

sloppily, adv. بے ڈھنگے پن سے ۔

sloppiness, n. بھیگا پن ؛ گنداپن ۔

slopwork, n. ارزاں ملبوس سازی ؛ سستے ملبوسات ؛ کوئی کام جو سستا اور ناقص طریقے پر کیا گیا ہو ۔

slopworker, n. ناقص کاریگر ۔

slopworking, n. سستا یا غیر معیاری ۔

slosh, n. سلوش ؛ کسی مائع کے چھینٹے ؛ برفاب ۔ (بول چال) کوئی پُرآب یا کم تیز مشروب ۔ (فعل لازم) کیچڑ ، سلوش یا پانی میں چھینٹے اڑانا ؛ چھینٹے اڑاتی رفتار یا حرکت کے ساتھ ادھر ادھر جانا ۔ (فعل متعدی) پانی میں چل کر چھینٹے اڑانا یا پانی سے چھینٹے اڑانا ۔

sloshy, a. چھینٹے اڑانے والا ۔

slot, n. تنگ اور لمبی سی درز ؛ دھنس ؛ جھری جس میں کوئی چیز ڈالی جا سکے یا جو کسی چیز کو قبول کر سکے (جیسے : a coin slot) ؛ کسی ترتیب ، سلسلے یا تطابق زمانی میں کسی کی مخصوص وضع یا جگہ ۔ (طیرانیات) طیارے کے بازو میں وہ خلا جس کی بدولت امدادی پَر کو یوں دبک جانے کی گنجایش مل جاتی ہے کہ بالائی سطح پر ہوا کے گزر میں یکسانی رہے ۔ (فعل متعدی) درز یا درزیں بنانا ؛ دھنس پیدا کرنا (کسی شے میں) ۔

slot, n. ہرن وغیرہ کے قدموں کے نشان ؛ لِیک راستہ یا کسی شے کے نشان ؛ لیک یا کھوج ؛ نقش قدم یا نقش پا ۔

sloth, n. کسل مندی ؛ کاہلی ؛ تن آسانی ؛ سستی ؛ امریکا میں پائے جانے والے بعض میمل جانور جو درختوں پر رہتے ہیں اور اپنی سست روی میں مشہور ہیں ۔

slothful, a. سست ؛ کاہل یا تن آسان ۔

slothfully, adv. سستی سے ؛ کاہلی سے ۔

slothfulness, n. کاہلی ؛ احدی پن ۔

slotmachine, n. جِھری کَل ؛ ایک مشین جس کی جھری میں سکہ ڈال کر چھوٹی موٹی چیزیں (لاٹری کے طور پر) حاصل کی جاتی ہیں ، اپنا وزن کرایا جاتا ہے یا قمار بازی کی جاتی ہے ؛ روزن مشین ۔

slouch, v.i. بے ہنگم یا عجیب سی وضع میں خمیدگی کے ساتھ

بیٹھنا یا کھڑا ہونا ؛ راست قامتی اختیار نہ کر سکنا ؛ لاپروا سی چال اور ڈھیلے ڈھالے خمیدہ انداز میں چلنا پھرنا ؛ ہیٹ وغیرہ کا نچلی طرف جھکا ہوا ہونا ۔ (فعل متعدی) کندھوں یا ہیٹ کو جھکانا یا خمیدہ کرنا ۔ (اسم) سر یا کندھوں کا آگے کی طرف جھکاؤ یا خم : خمیدگی کا بے ہنگم انداز یا وضع ؛ بے ہنگم پن ؛ سہل انگار یا ناکارہ سا آدمی ؛ خمیدہ ٹوپی ۔ (بول چال) نا اہل اور کم مرتبہ انسان ؛ اسے تردیدی انداز میں بولتے ہیں (جیسے : He's no slouch at this game) ۔

sloucher, n. بے ہنگم شخص ۔

slouchily, adv. خمیدہ ہوتے ہوئے ۔

slouchiness, n. خمیدہ قامتی ۔

slouchy, a. خمیدہ ؛ بے ہنگم ۔

slouch hat, n. خمیدہ ٹوپی ؛ ایک قسم کا فیلٹ ہیٹ جو نرم ہوتا ہے اور جس کا کنارا لچلیلا اور چوڑا ہوتا ہے ۔

slough, n. نرم کیچڑ دار جگہ یا دلدل کا کوئی حصہ ؛ کسی سڑک وغیرہ پر کیچڑ بھرا گڑھا ؛ دلدل یا دلدلی جگہ ؛ سرکنڈوں کا جوہڑ ؛ دلدلی جوہڑ ، بند بودار تال یا کھاڑی ؛ کسی بظاہر خشک علاقے میں کوئی دلدلی گڑھا ، جیسے کہ بعض گھاس کے میدان ۔ (مجازاً) گراوٹ ، حواس باختگی یا بیچارگی کی حالت (جیسے : being mired in a slough of ignorance) ۔

sloughy, a. دلدلی ؛ جہاں دلدل ہو ۔

slough, sluff, n. سانپ کی کینچلی یعنی باہر کی کھال جو وقتاً فوقتاً اترتی رہتی ہے ؛ جانور کا کوئی ایسا حصہ جو ازخود اترتا یا الگ ہوتا رہتا ہے ؛ اتاری یا الگ کی گئی کوئی شے ۔ (امراضیات) مردہ ریشوں کی کوئی تہ یا حصہ جوآس پاس کے بنیادی زندہ ریشوں سے الگ ہو گیا ہو ؛ کھرنڈ ؛ انگور زخم ۔ (تاش) تاش کے پتے ملانے والے کھیل میں کام نہ آنے والے پتے گرائے جانے کا عمل ۔ (فعل لازم) سانپ کی کینچلی یا کھال کی طرح اتر جانا ، اتار دینا یا گر جانا ۔ (امراضیات) زندہ گوشت سے مردہ گوشت کو الگ کر دینا ۔ (تاش) کام نہ دینے والے پتوں کو پھینک دینا ۔ (فعل متعدی) کینچلی یا کھرنڈ کی طرح اتار دینا یا الگ کر دینا ؛ چھٹکارا حاصل کرنا ؛ گلے سے اتار پھینکنا ؛ جھٹک دینا یا خلاصی حاصل کر لینا (بعد میں عموماً off آتا ہے ، جیسے : to slough off responsibility) ۔

sloughiness, n. کینچلی یا کھرنڈ کی طرح اتر جانے کی حالت ۔

sloughy, a. کھرنڈ کا ؛ مردار گوشت کا ۔

slough of despond, n. انتہائی مایوسی یا بے دلی کی حالت ۔

Slovak, a. سلافی ؛ مشرقی چیکوسلوواکیہ کے ایک خطے سلوواکیہ کے باشندوں کا یا اس سے متعلق ؛ ان لوگوں کی زبان سے متعلق جو چیک یا بوہمی زبان کے بہت قریب ہے ۔ (اسم) ان لوگوں کی زبان یا سلاوی باشندے ؛ سلاف ۔

Slovakian, a., n. سلافی ؛ سلاف قوم کا فرد ۔

sloven, a,n. عادتاً اپنے لباس ، رکھ رکھاؤ ، طور طریقوں میں صفائی ستھرائی کا خیال نہ رکھنے والا ؛ لاپروائی اور دفع الوقتی سے اپنے معمولات میں کام لینے والا ۔

Slovene, ; سلاوینوں کا یا اُن سے متعلق ؛ ان لوگوں کی بولی کے متعلق سلافی نسل کا : سلافی لوگ شمال مغربی یوگوسلاویا کے علاقے سلوین میں آباد ہیں اور یہ لوگ کروشیائی ، سروی اور دوسرے جنوبی سلاوینیوں کے برابر ہیں ۔ (اسم) سلاوی باشندے یا ان کی زبان ۔

Slovenian, a., n. سلافی قوم کا یا اس سے متعلق ۔

slovenly, a., adv. سہل انگار ؛ تن آسان ؛ ہڈ حرام ؛ لباس میں لاپرواہ ۔

slovenliness, n. سہل انگاری ۔

slow, a آہستہ ؛ سست ؛ فطرت ، افتاد یا کام کاج میں تساہل پسند ؛ طبعاً غیر فعال یا توانائی سے عاری ؛ سست ادراک یا سست فہم ؛ متاہل ، تاخیر طبع (جیسے : slow in arriving) ؛ نا زود کوش (بعد میں to آتا ہے ، جیسے : slow to wrath) ؛ حرکت میں آنے ، جانے ، کرنے یا وقوع پذیر ہونے کے لیے مقابلتاً زیادہ وقت لینے والا (جیسے : a slow walker) ؛ جو تیز ، سریع ، سبک رفتار نہ ہو ؛ فراغت پسند ؛ تدریجی (تبدیلی یا نمو میں) ؛ دھیمی رفتار یا کم شدت کے ساتھ جلتا یا گرماتا ہوا ، جیسے آگ یا تنور ؛ مندا (کاروبار) ؛ کم شرح رفتار کا باعث بننے والا (جیسے : a slow track) ؛ عام شرح رفتار سے کمتر شرح پر دوڑنے والا ؛ درست وقت سے کم وقت بتاتی ہوئی (گھڑی) ؛ بوجھل گزرتا ہوا یا گزرنے میں نہ آتا ہوا (وقت) ؛ ترقی نہ کرتا ہوا یا وقت سے پیچھے (جیسے : a slow old town) ؛ بے کیف ، بے رونق ، غیر دلچسپ یا اکتا دینے والی (جیسے : slow company) ۔ (فعل متعدی) آہستہ یا آہستہ تر کرنا ؛ عناں گیری کرنا ؛ رفتار کو کم کرنا ۔ (فعل لازم) آہستہ یا آہستہ تر ہو جانا ؛ زیادہ آہستگی کے ساتھ جانا یا حرکت میں آنا ؛ رفتار کو کم کر دینا ۔

slowish, a. سست رفتار ۔

slowly, adv. سست رفتاری سے ۔

slowness, n. سستی ؛ آہستگی ؛ کند ذہنی ۔

slowdown, n. کوشش یا رفتار میں کمی یا نا پیش رفتی ، بالخصوص مزدوروں کی دانستہ دست کشی تاکہ مالکان سے مراعات منوائی جائیں ۔

slow match, n. رنجکی فلیتہ ؛ بم وغیرہ کو آگ دکھانے کے لیے استعمال ہونے والا فلیتہ ؛ وہ فلیتہ جو بہت سست رفتاری سے جلتا ہے اور بیشتر شورے کے نمک میں بھیگی ہوئی رسی یا ڈوری پر مشتمل ہوتا ہے ۔

slow-motion, a. سست حرکتی ؛ متحرک تصاویر یا ویڈیو ٹیپ سے متعلق جن میں دکھائی گئی کارکردگی اصل سے کہیں زیادہ آہستہ ہوتی ہے ۔

slowpoke, n. سست یا دھیمے مزاج کا آدمی ؛ سست رفتار آدمی ۔

slow-witted, a. غبی ؛ دیر فہم ؛ کند ذہن ؛ سست فہم ۔

slowworm, blind worm, n. سست چھپکلی ؛ کور کیڑا ؛ ایک یورپی چھپکلی جس کا جسم لمبا ، کالا اور بے دست و پا ہوتا ہے ، چھوٹا سا سر اور چھوٹی چھوٹی آنکھیں ہوتی ہیں ۔

sloyd, sloid, slojd, n چوب کاری کی دستی تربیت کا ایک نظام جو سویڈن میں شروع ہوا تھا ۔

slub, v.t. پُونی بنانا ؛ سوت یا اون وغیرہ کو دھنکنے یا پینجنے کے بعد پونی بنانے کے لیے تھوڑا سا بل دینا ۔ (اسم) جزوی طور پر بل دی گئی ، دھنکی ، پینجی ہوئی روئی یا اون ؛ سوت یا اون کی پونی جو کاتنے کے عمل میں دھاگے کی شکل اختیار کر جاتی ہے یا بل کھا جاتی ہے ۔

slubber, v.t. لیپنا ؛ داغدار کرنا ؛ آلودہ کر دینا ؛ جلد بازی یا لاپروائی سے کام نپٹانا ۔

sludge, n. کیچڑ ؛ چکنی کیچڑ ؛ گار ؛ دلدل ؛ سیم ؛ تہ نشین ؛ برفاب یا پھٹی ہوئی برف سطح سمندر پر ؛ کوئی سا دلدلی رسوبی ڈھیر یا مرکب ؛ آبی تہ نشین جیسا سمندر کی تہ میں یا کسی کنستر وغیرہ میں جس میں پانی ہو ؛ فضلات یا گندگی پر کیمیائی عمل کرنے سے پیدا ہونے والا رسوب یا راکھ؛پانی اور کسی باریک سفوفی شے کا محلول ۔

sludgy, a. کیچڑ بھرا ۔

slue, n. دیکھیے ۔ Slough ۔

slue, v.t. گھمانا یا چاروں طرف موڑنا جیسے جہاز کے بادبان کی نچلی لکڑی کو ۔ (فعل لازم) چاروں طرف گھمانا ؛ چکر دینا ؛ پھرانا ۔ نیز : Slew ۔ (اسم) گھمانے سے جو صورت پیدا ہو ؛ گھمانے کا عمل ؛ گھماؤ ۔

slue, n. دیکھیے ؛ slew ۔

slug, n. حلزون ؛ گھونگھا ؛ ایک لمبوترا کیچڑ باش معدہ پا جو ہرچند زمینی گھونگھوں کی برادری سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس پر کوئی خول نہیں ہوتا یا برائے نام ہوتا ہے ؛ اس سے مشابہ کوئی حشراتی لاروا؛سست رو جانور/سواری ؛ مٹّھا ؛ سست الوجود ۔

slug, n. چھّرا ؛ بندوق وغیرہ میں چلانے والی گولی ؛ خام دھات کا کوئی وزن دار ٹکڑا ؛ دھات کا ٹکڑا جسے کُوٹ کر، سکّے کا روپ دے کر پارکنگ کے میٹروں میں اور فون کرنے کے لیے سکّے کے طور پر ناجائز طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (طباعت) ٹائپ دھات کی موٹی پٹری جو طباعت کے حرفوں سے اونچائی میں کم ہوتی ہے ؛ اس قسم کی پٹری جس پر ذرا اونچی طرف عدد ، نشان یا علامت ہو (لیکن عارضی استعمال کے لیے) ؛ کسی ایک ٹکڑی میں ٹائپ کی ایک سطر (جیسی کہ لائنوٹائپ مشین میں طبع ہوتی ہے) ۔ (طبیعیات) کسی کمیّت کی اکائی ؛ کسی بے گرفت وجود کی وہ مادی کمیت جس پر اگر ایک پونڈ کی قوت عمل پیرا ہو تو اس میں ایک فٹ فی سیکنڈ فی سیکنڈ کے حساب سے اسراع ہو گا یعنی تقریباً ۳۲،۱۷ پونڈ ۔

slug, v.t. کاری ضرب لگانا ؛ زور سے مارنا ، بلے سے یا مکے سے (جیسے : He slugged the baseball out of the park) ۔ (اسم) (عوامی) کاری ضرب (خصوصاً مکے کی) ؛ شراب کا ایک جام جس کے بعد کوئی ہلکا مشروب یا پانی نہ پیا جائے ۔

slugabed, n. کاہلی وغیرہ کے باعث دیر تک بستر پر اینڈنے والا ؛ کاہل الوجود ۔

slugfest, n. (عوامی) دنگے فساد اور جارحانہ رویے والا کوئی عمل جس میں خوب مارپیٹ ہو ؛ بیس بال کا وہ مقابلہ جس میں دونوں فریق خوب ضربیں لگائیں اور دوڑیں بنائیں ۔

sluggard, n. عادی کاہل یا آلکسی ؛ مٹھا ۔ (صفت) آلکسی ؛ سست ۔

sluggardly, a. سستی سے ۔

sluggardliness, n. مٹھا پن ؛ آلکس ۔

slugger, n. کاری ضرب لگانے والا (باکسنگ میں مکے سے اور بیس بال میں بلّے سے) ۔

sluggish, a. عادی سہل انگار ؛ کاہل ؛ سست ؛ محنت سے جی چرانے والا ؛ مندا (کاروبار یا تجارت) ؛ سست رو (جیسے : a sluggish stream) ؛ بے حرکت ؛ جامد ۔

sluggishly, adv. سستی یا کاہلی سے ۔

sluggishness, n. سہل انگاری ؛ کاہلی ۔

sluice, n. وہ ندی یا نہر جس کے ذریعے پانی ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچایا جاتا ہے اور اس کے بہاؤ کو روک یا پھاٹک کے ذریعے کم و بیش کیا جاتا ہے ؛ یوں قابو میں رکھا گیا پانی ؛ سیل در ، اب بند؛ایسی کوئی کل جو کسی جگہ سے یا اس میں پانی لانے یا لے جانے کے بہاؤ کو منضبط کرے ؛ نالی ، بالخصوص وہ جو فالتو پانی کی نکاسی کے لیے ہوتی ہے ؛ بد رو ؛ فالتو پانی کی ندی ۔ (کان کنی) وہ لمبوترا سا ڈھلواں برتن جس کی تہ جِھریوں والی ہوتی ہے ، اس میں پانی آنے دیا جاتا ہے تا کہ سونے کو ریت وغیرہ سے الگ کیا جائے ؛ خام دھات کو دھونے والا ایسا کوئی برتن ۔ (فعل متعدی) پانی وغیرہ کو خارج کرنا ؛ مائع کا اخراج کرنا (کسی آب بند کے ذریعے) ؛ کسی کے لیے مخرج وا کرنا ؛ زور سے پانی بہا کر صفائی کرنا ۔ (کان کنی) کسی برتن میں دھونا ، صاف کرنا ۔ (فعل لازم) یوں بہنے لگنا جیسے کسی نالی وغیرہ میں سے بہ رہا ہو ؛ کسی نالی وغیرہ میں سے بہ نکلنا ۔

sluiceway, n. سیل در نالی ؛ وہ نالی جس کو آب بند کے ذریعے پانی ملتا ہو ؛ بہتے پانی کے لیے کوئی چھوٹی سی خود ساختہ نالی ؛ راجباہ ۔

slum, n. (عموماً جمع) کچی آبادی ؛ شہر کا گنجان آباد خستہ حال حصہ جس میں غریب ترین اور پسماندہ لوگ رہتے ہیں ؛ غریب واڑہ ، خستہ حال علاقہ ۔ (فعل لازم) بربنائے تجسس ایسے علاقے میں یا معمول کے ماحول سے حقیر خیال کیے گئے حلقوں میں جانا ؛ جھگی پاڑا ۔

slummer, n. خستہ حال علاقے کا باسی ۔

slumber, v.i. سونا (عموماً ہلکی نیند کے لیے آتا ہے) ؛ اونگھنا ؛ غنودگی میں چلے جانا ؛ بے حرکت ہونا ؛ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنا ۔ (فعل متعدی) سوتے گزار دینا (جیسے : He slumbered the day away) ۔ (اسم) غنودگی ؛ جھپکی ؛ نیند (عموماً ہلکی سی) ؛ استراحت ؛ سکون ۔

slumberer, n. ہلکی نیند سونے والا ۔

slumberless, a. بے خوابی ۔

slumberous, slumbery, a. خواب آور ؛ منوّم ۔

slumberously, adv. خواب آور طور پر ۔

slumberousness, n. خواب آوری ۔

slumber party, n. نوخیز لڑکیاں جو شبینہ لباس پہن کر کسی سہیلی کے ہاں جا کر شب بسری کریں ۔ نیز : pajama party ۔

slum gullion, n. گوشت اور سبزیوں کی یخنی ؛ پتلا یا پانی ملا مشروب ؛ مچھلی یا وھیل کو صاف کرتے ہوئے پانی میں لتھڑی ہوئی پس ماند ؛ دھات دھونے والے برتن میں سرخی مائل تہ نشین مواد ۔

slump, v.i. دھڑام سے گرنا ؛ دلدل ، گار جیسی جگہ میں یا برف اور یخ میں دھنس جانا ؛ یک دم اور نمایاں طور پر تخفیف ہو جانا یا گرنا (قیمتوں یا منڈی کے نرخوں وغیرہ کا) ؛ نوعیت ، مالیت یا صلاحیت وغیرہ میں اچانک کمی یا تنزل پیدا ہو جانا ؛ خمیدہ سی اور لٹکی لٹکی وضع اختیار کرنا ؛ پست ہو جانا جیسے حوصلے کا ۔ (اسم) یک لخت گر پڑنے کا عمل ؛ افتاد ، گراوٹ ، کمی یا زوال ؛ قیمتوں وغیرہ میں اچانک واضح کمی ؛ زوالِ شوق و صلاحیت وغیرہ کا دور ،

(انسان یا حیوان) ؛ دزدیدہ ؛ چور چال ؛ درپردہ یا خفیہ ؛ شرارتی ؛ اوباشانہ یا شوخی بھری چالاکی والا ۔

on the sly, دزدیدہ یا درپردہ طریقے سے ۔

slyly, slily, adv. مکاری سے ؛ عیاری سے ۔

slyness, n. مکاری ؛ چالاکی ؛ عیاری ۔

slype, n. (فن تعمیر) چھتی ہوئی گزر گاہ (خصوصاً وہ جو بڑے گرجے سے مجلس گاہ تک جاتی ہے) ۔

smack, v.i. ذائقہ یا مہک لیے ہونا (جیسے : It smacks of onions) ؛ اشارہ یا سراغ دینا یا لیے ہونا ۔ (اسم) ہلکا سا ذائقہ یا مزا ؛ مہک ؛ چاشنی ؛ تھوڑی سی رقم یا مقدار ؛ شدبد (سطحی علم) ۔

smack, v.t. چٹخارا لینا ؛ ہونٹوں کو یوں ایک دوسرے سے الگ کرنا کہ آواز پیدا ہو (کھاتے وقت چٹخارے کے لیے) ؛ گونجتی ہوئی تیز ضرب یا مار کے ساتھ لانا ، پھینکنا یا بھیجنا ؛ کسی چپٹی شے یا ہاتھ کے ساتھ زور سے مارنا ۔ (بول چال) آواز پیدا کرتے ہوئے بوسہ لینا ۔ (فعل لازم) ہونٹ چٹخارنا ؛ کسی چیز کے ساتھ زور سے ٹکرانا یا جا لگنا ؛ کسی سے ٹکراتے ہوئے آواز پیدا کرنا ۔ (اسم) ہونٹوں کا چٹخارا (لذت لیتے ہوئے) ؛ کسی چپٹی شے سے لگائی ہوئی زور دار ضرب ۔ (بول چال) بوسۂ صدائی ؛ آواز دار بوسہ؛ چمکار ؛ چٹخارے دار بوسہ ۔ (متعلق فعل) اچانک یا تیزی کے ساتھ ؛ براہ راست ؛ بلاواسطہ ۔

smack, n. بادبانی جہاز یا غراب جس سے ماہی گیری اور ساحلی تجارت کا کام لیتے ہیں ، یہ عموماً یک مستولی ہوتا ہے ؛ ماہی گیری کا وہ جہاز جس میں ایک کنواں بھی ہوتا ہے تا کہ مچھلیاں زندہ رکھی جا سکیں ۔

smack-dab, adv. (بول چال) بلا کم و کاست ؛ ٹھیک طرح سے ؛ حسب حال کیا ہوا ؛ بالکل سیدھا (جیسے : to walk smack-dab into a closed door) ۔

smacker, n. چٹخارا لینے والا ؛ چٹخارے دار بوسہ لینے والا ۔ (عوامی) ڈالر ۔

smacking, a. بوسے یا ضرب کی آواز کا حامل ؛ تیز ، زور دار یا خوشگوار ، جیسے بادِ نسیم ۔

small, a. چھوٹا ؛ چھوٹے سائز کا ؛ جو بڑا نہ ہو ؛ مقابلتاً تھوڑی حدود والا (جیسے : one mountain may be small compared to another) ؛ درجے ، مقدار ، مالیت ، دورانیے یا تعداد میں تھوڑا ؛ معمولی ؛ چھوٹا ؛ حقیر سا ؛ کم صلاحیت یا قابلیت کا ؛ ہیچ ؛ کم قوت یا زور والا ؛ ناتواں ؛ مسکین ؛ شایستہ ؛ دھیما ؛ ذہن یا کردار کے حوالے سے چھوٹا ؛ تنگ نظر ؛ بخیل ؛ کمینہ ۔

smallness, n. چھوٹا پن ؛ کمی ؛ کوتاہی ۔

smallage, n. اجوائن یا اجمود خراسانی خصوصاً اپنی جنگلی شکل میں ۔

small arms, n. رائفل ، بندوق ، پستول وغیرہ کی قسم کے وہ چھوٹے ہتھیار جن کو ہاتھ میں پکڑ کر فائر کیا جا سکتا ہے ۔

small beer, n. گھٹیا یا ہلکی قسم کی بیئر ۔ (برطانوی،بول چال) بے حیثیت شخص ؛ معمولی واقعہ ۔

small capital, small cap, n. چھوٹا جلی ؛ بڑا حرف لیکن چھوٹے سائز میں ؛ معمولی جلی سائز کی شکل کا وہ حرف جو ٹائپ کے

خصوصاً کھیلوں میں : غیر معمولی طور پر غیر معیاری اسکورنگ یا کھیل کا کوئی عرصہ ؛ خمیدہ اور کبڑی وضع ۔

slung shot, n. گولی ، دھات کا ٹکڑا یا پتھر جو چھوٹے سے تسمے ، زنجیر یا چمڑے کے تسمے سے بندھا ہوتا ہے اور بطور ہتھیار استعمال ہوتا ہے ؛ گوپیا ؛ گوپھن ۔

slur, v.t. مناسب ذکر یا التفات کے بغیر سرسری گردان کر گزرُ جانا (بعد میں اکثر over لگاتے ہیں) ؛ جلدی جلدی یا بے توجہی کے ساتھ متعلقہ مراحل میں سے گزرنا ؛ غیرواضح طور پر تلفظ ادا کرنا ، جیسا کہ عجلت یا لاپروائی میں زبان سے ادا کرنے مین ہوتا ہے ؛ الزام تراشی کرنا ؛ تہمت باندھنا ؛ بدنام کرنا ؛ خفیف کرنا ۔ (موسیقی) بلا وقفے یا توڑے بغیر ایک ایک رکن تک گانا یا متواتر بجاتے جانا ، جیسے دو یا دو سے زیادہ ایسی تانوں کو جن کی لے مختلف ہو ؛ مرغولی نشان بنانا ؛ داغ دار کرنا ؛ لتھیڑنا ؛ دھبا لگانا ؛ دھندلانا ۔ (فعل لازم) جلدی جلدی اور لاپروائی کے ساتھ ادا کرنا (بات کرتے یا گاتے ہوئے) ۔ (اسم) غیر واضح اظہار یا مدغم آواز ؛ خفیف کرنے والا یا توہین کرنے والا قول یا گفتگو ؛ ہتک ؛ داغ ۔ (مجازاً) شہرت پر بٹہ ۔ (موسیقی) مختلف لے کی دو یا زیادہ تانیں جن کو ملا کر ہر رکن تک گایا جاتا ہے یا متواتر بجایا جاتا ہے ۔ (طباعت) داغ ؛ دھبا ؛ دھندلاہٹ ۔

slurp, v.t. (عوامی) چپڑ چپڑ یا پچ پچ کر کے کھانا یا پینا ؛ یوں کھانا پینا کہ آواز سنائی دے ؛ شڑپے لگانا ۔

slurry, n. کسی مائع شے میں کسی ٹھوس شے کا تعلیقی ملاپ ، جیسے پانی میں مٹی یا پلاسٹر آف پیرس وغیرہ کی ملاوٹ ۔ (ظروف سازی) کسی برتن پر جمائی گئی پتلے مواد کی تہ ۔ (فعل متعدی) اس قسم کا مواد تیار کرنا ۔

slush, n. نیم گداختہ آبی برف ؛ پلپلی کیچڑ یا آبی دلدل ؛ جہاز کے باورچی خانے کی بچی کھچی چیزیں ؛ مختلف چکنائیوں وغیرہ کا آمیزہ (مشینوں وغیرہ کو چکنا کرنے کے لیے) ؛ مشینوں کے چمکیلے حصے کو زنگار سے بچانے کے لیے لگایا جانے والا سیسے اور چونے کا آمیزہ ؛ بہت زیادہ جذباتی ، احمقانہ یا کمزوری کی مظہر جذباتی گفتگو یا تحریر ۔ (فعل متعدی) سلش یا کیچڑ سے لت پت کر دینا ؛ چکنا کرنا ؛ پالش کرنا یا چکنے آمیزے کی تہ جمانا ؛ گارا یا سیمنٹ لگانا ؛ پانی کو زور کے ساتھ ڈالتے ہوئے دھونا ۔ (فعل لازم) کیچڑ میں سے یوں گزرنا کہ شپ شپ کی آواز پیدا ہو ۔

slushiness, n. چکنائی ؛ حماقت ۔

slushy, a. چکنا ؛ احمق ۔

slush fund, n. کُھوہ کھاتہ ؛ وہ فنڈ جو کسی سیاسی محاذ پر یا پروپیگنڈے کے لیے درپردہ اور ناجائز طور پر رشوت کی صورت میں خرچ کرنے کے لیے مہیا ہو ؛ جہاز کی ناکارہ چکنائی یا سلش کی فروخت سے حاصل شدہ رقم جو عملے کی آسایش پر خرچ کی جائے ؛ خر بازاری رقم ۔

slut, n. گندی پھوہڑ عورت ؛ بے سلیقہ عورت ؛ اخلاق باختہ عورت ؛ گستاخ شوخ چشم لڑکی ؛ کُتیا ؛ فاحشہ ۔

sluttish, a. اخلاق باختہ ۔

sluttishly, adv. مکارانہ ۔

sluttishness, n. فاحشہ پن ۔

sly, a. مکار ؛ چالاک ؛ چکری یا پُرفن طور طریقوں والا

ایک مخصوص جلی سانچے کے مطابق ہو مگر نسبتاً چھوٹے سائز کا ہو ، جیسے ''70 B.C. میں ۔

small change, n. ریز گاری ؛ چھوٹے سکے ۔ (مجازاً) کم اہمیت یا کم وقعت شخص یا شے ۔

small clothes, smalls, n. (۱) خُرد ملبوسات ۔ (۲) برجس یا پتلون وغیرہ کی قسم کا چست پہناوا جس کا سترھویں سے انیسویں صدی تک بہت رَواج رہا ۔ (۳) ذاتی استعمال کے چھوٹے کپڑے ، جیسے بنیان ، جانگیا وغیرہ ۔

small fry, n. حقیر مخلوقات مجموعاً ، خصوصاً کم عمر مچھلیاں ؛ نوعمر بچے ؛ غیر اہم اشخاص اور اشیا ۔

small game, n. (شکاریات) شکار کیے جانے والے چھوٹے جانور ، جیسے خرگوش یا گلہری ۔

small hours, n. صبح کے ابتدائی گھنٹے ؛ آدھی رات کے فوراً بعد کی گھڑیاں ؛ رات کا پچھلا پہر ۔

small intestine, n. چھوٹی آنت ؛ بالغ مرد ، عورت میں یہ معدے کے نچلے سرے سے شروع ہوتی ہے اور تقریباً آٹھ فٹ لمبی ہوتی ہے اور بڑی آنت سے جا کر مل جاتی ہے ، اسی میں وہ خامرے رس آتے ہیں جو غذائی اجزا کو ہضم کرنے اور جزو بدن بنانے میں مدد دیتے ہیں ۔

smallish, a. قدرے چھوٹا ؛ چھوٹا سا ۔

small-minded, a. خود غرض ؛ کمینہ یا انتقامی ؛ فرومایہ ؛ تنگ نظر ۔

small-mindedly, adv. خود غرضی یا کمینے پن سے ۔

small-mindedness, n. تنگ نظری ؛ تُھڑدلی ۔

small potatoes, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (بول چال) بے وقعت اشخاص یا اشیا ؛ کوئی غیر اہم اور بے وقعت بات ۔

smallpox, n. (امراضیات) چیچک ؛ ماتا ؛ سیتلا ؛ جدری ؛ گوتی ؛ ایک شدید متعدی بیماری جس میں بخار کے ساتھ آبلے نکل آتے ہیں جو مندمل ہونے پر بھی اپنے مستقل نشان چھوڑ جاتے ہیں ۔ نیز : variola ۔

small-scale, a. چھوٹے پیمانے کا ؛ چھوٹے سائز کا ؛ کارکردگی یا وسعت میں محدود ؛ کسی چیز کو اس قدر چھوٹے سائز میں پیش کرنے والا کہ اس سے تفصیلات کی بمشکل وضاحت ہو پائے ۔

small slam, n. (برج) چھوٹا کوٹ ؛ تاش کے کھیل میں چھوٹی جیت یعنی جب مخالف نے صرف ایک ہاتھ بنایا ہو ۔

small stores, n. متفرق اشیا (صابن ، تمباکو وغیرہ) جو بحری عملہ سپلائی افسر سے یا جہازی اسٹور سے خریدتا ہے ۔

smallsword, n. خنجر ؛ چھوٹی تلوار ؛ تیغچہ : ہلکی سی آگے سے نوکیلی چھوٹی تلوار جو بھونکنے کے کام آتی ہے ، تیغ زنی اور مبارزت (ڈوئل) وغیرہ میں بھی استعمال ہوتی ہے ۔

small talk, n. ہلکی پھلکی اور غیر اہم سی معاشرتی حوالے کی بات چیت ؛ گپ شپ ؛ روزمرہ کی گفتگو ۔

small-time, a. غیراہم ؛ کسی اثر و وقعت سے تہی ۔

small-timer, n. غیر اہم شخص ۔

smalt, n. گہرا نیلا رنگ دینے والا مادہ جسے شیشے یا سلیکا اور پوٹاش کو کوبالٹ کے ساتھ پیس کر تیار کیا جاتا ہے ؛ لاجورد ؛ نیلا شیشہ ۔

smaltite, n. ایک معدن جو ٹین کے سے سفید رنگ سے فولاد کے سے خاکستری رنگ کا ہوتاہے ،یہ عموماً کوبالٹ آرسنائیڈ اور نکل پر مشتمل ہوتا ہے اور قلموں یا دانوں کی صورت کے تودوں میں ملتا ہے ۔

smalto, n. ایک قسم کا رنگین شیشہ یا انیمل وغیرہ جسے پچّی کاری میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ اس قسم کا کوئی ٹکڑا ۔

smaragd, n. زمرد ؛ سبزہ ۔

smaragdine, a. زمردین ۔

smaragdite, n. (معدنیات) سبز سنگیا ؛ سبزا ؛ سبز زمردی قسم کا ، دوجھلک دینے والا پرت دار معدن ۔

smart, v.i. تیز ، مقامی لیکن عموماً سطحی سے درد کا باعث ہونا ، جیسے کوئی زخم ؛ شدید درد کا ہونا ، جیسے کسی سوزش پیدا کرنے والے کے استعمال یا ضرب سے ؛ احساسات کو کٹیلے لفظوں سے مجروح کرنا ؛ ٹیس یا جلن ہونا ، جیسے کسی زخم سے ؛ مجروح احساسات سے اذیت میں ہونا (جیسے : to smart under unjust criticism) ؛ سزا بھگتنا (جیسے : He shall smart for this) ۔ (فعل متعدی) کہیں اذیت ناک درد پیدا کرنا یا ہونا ۔ (صفت) شدید ، چبھتا ہوا (درد) ؛ بہت ہی سخت (ضربیں) ؛ پھرتیلا یا چاق و چوبند (جیسے : a smart pace) ؛ زودعمل ؛ تیز عمل ؛ زود فہم ؛ فوری صلاحیت والا ؛ کائیاں یا تیز (معاملات کاروبار میں) ؛ فائدہ بخش (جیسے : a smart deal or transaction) ؛ برجستہ یا موثر (جواب وغیرہ) ؛ حاضر جواب (لیکن سطحی طور سے) ؛ پرنمود ، خوش وضع ؛ با سلیقہ (دکھاوٹ ، شخصیت ، لباس وغیرہ میں) ؛ بلند حیثیت یا پروضع (جیسے : a smart restaurant) ؛ گستاخ ، دہن دریدہ (کلام وغیرہ) ۔ (بولی) خاصا بڑا (فاصلہ) یا خاصی بڑی (رقم) ۔ (اسم) ایک جگہ پر مرتکز چبھتا ہوا درد ؛ سخت ذہنی کرب ۔

smartly, adv. چابکدستی سے ؛ بانکپن سے ۔

smartness, n. بانکپن ؛ خوش لباسی ۔

smart aleck, n. (بول چال) ناگوار شخص ؛ برخود غلط ، متکبر شخص ۔

smart-alecky, smart-aleck, a. زعیم ؛ متکبّر ؛ زعیمانہ ۔

smarten, v.t. چاق و چوبند بنانا ؛ وضع قطع درست کرنا (بعد میں up لگاتے ہیں، جیسے : to smarten up your hair) ؛ تیز طرار بنانا ؛ گُر سکھلانا (بعد up میں لگاتے ہیں ، جیسے : to smarten up his sales approach) ۔

smart money, n. کیے گئے نقصان پر اضافی قانونی تاوان (مدعا علیہ کی جانب سے واضح بداخلاقی کی بنا پر) ؛ داؤ پر سرمایہ کاری میں لگائی ہوئی رقم (اندرونی معلومات رکھنے والوں یا عیاّر لوگوں کی جانب سے) ؛ وہ لوگ جو ایسے داؤ میں رقم لگاتے ہیں ۔

smart set, n. معاشرے کے خوش پوش افراد بہ حیثیت ایک طبقہ ؛ خوشحال طبقہ ۔

smartweed, n. فلفل آبی ؛ ایک دلدلی پودا جس کے جسم کے ساتھ لگ جانے سے خارش یا جلد متورم ہو جاتی ہے ۔

smarty, smartie, n. (بول چال) نمود پرست ؛ خودرا یا خود پسند ؛ اپنے آپ کو بہت چالاک ظاہر کرنے والا ۔

smartypants, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) دیکھیے : smarty ۔

smash, v.t. توڑ پھوڑ دینا یا ٹکڑے ٹکڑے کر دینا (زور سے مار کر) ؛ اچانک ضرب لگا کر کچل دینا ؛ بے عزت کرنا ؛ مالی طور پر تباہ کر دینا یا دیوالیہ بنا دینا ؛ باطل کر دینا (کسی نظریے کو) ؛ زور سے جا ٹکرانا (بعد میں into یا against لگاتے ہیں) ؛ ٹینس میں پوری قوت سے زمین دوز ضرب لگانا ۔ (فعل لازم) ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ؛ بالکل برباد ہو کر رہ جانا (بعد میں up لگاتے ہیں) ؛ دیوالیہ ہو جانا ؛ مالی لحاظ سے ختم ہو جانا ؛ کراری ضرب لگانا (ٹینس میں) ۔ (اسم) زبردست اور اڑا کر رکھ دینے والی ضرب؛ ایسی ضرب کی آواز؛ تباہ کن شدید تصادم؛ ناکامی یا کامل اقتصادی تباہی ؛ برانڈی ، پانی ، چینی اور ستِ پودینہ ملا کر تیار کیا گیا ٹھنڈا مشروب ؛ ٹینس میں لگائی گئی جانب زمین زور دار ضرب ۔ (بول چال) منہ بولتی کامیابی (جیسے : The party was a real smash) ۔ (صفت) (بول چال) نمایاں ؛ بہت تحسین و آفرین حاصل کیے ہوئے (جیسے : The play was a smash hit) ۔

smasher, n. ٹکڑے ٹکڑے یا پاش پاش کر دینے والا ؛ ضارب ۔

smashing, a. شدید اور کچل دینے والی (جیسے : a smashing blow) ۔ (بول چال) نمایاں طور پر خوب یا کامیاب (جیسے : They had a simply smashing vacation) ۔

smashingly, adv. کاری ضرب یا بھرپور ہاتھ مارتے ہوئے ۔

smash-up, n. (بول چال) پاش پاش ؛ بری طرح کا تصادم یا ٹکراؤ خصوصاً جب دو گاڑیوں کا معاملہ ہو ؛ ناکامی ، سقیم حالت یا عظیم مصیبت ۔

smatter, v.t. سطحی سی معلومات رکھنا ؛ سطحی سی باتیں کرنا ؛ اناڑی پن کا اظہار کرنا ۔ (اسم) سطحی علم ؛ معمولی شد بد ۔

smatterer, n. شد بد رکھنے والا ؛ معمولی لیاقت کا حامل شخص ۔

smattering, n. سطحی یا واجبی سا علم (عموماً بعد میں of لگاتے ہیں) ۔

smaze, n. دھوئیں اور دھند کا امتزاج جس میں نمی کم اور دودی دھند زیادہ ہو ۔

smear, v.t. چکنی ، چپکتی ، چمٹتی چیز کو کسی پر مل دینا یا پھیلا دینا ؛ لس دینا ؛ داغ یا دھبہ لگانا ؛ شہرت کو داغدار کرنا ؛ بدنام کرنا ۔ (عوامی) بری طرح شکست دینا ۔ (فعل لازم) چکنایا جانا ؛ پھیلایا جانا یا لیپا جانا ۔ (اسم) کوئی چکنا ، چپکتا یا چمٹتا مواد ؛ دھبا ؛ خورد بینی تجزیے کے لیے کسی سلائیڈ پر ملا گیا چکنا مواد ؛ وہ مواد جو کسی سطح پر لیپا یا پھیلایا گیا ہو ، جیسے روغنی برتنوں یا فرنیچر پر ؛ ہتک عزت ؛ افترا ۔

smearer, n. لیسنے یا ملنے والا ؛ الزام لگانے والا ۔

smearcase, smiercase, n. (بولی) کٹیلا پنیر ؛ خانہ ساختہ پنیر ۔

smear word, n. رسوا کرنے یا بدنام کرنے والا ، نام یا لقب ۔

smeary, a. آلودہ ، لیس دار ؛ داغدار ؛ جس پر روغنی آلودگی نظر آ رہی ہو ؛ میلا یا آلودہ کرنے پر آمادہ ۔

smell, v.t. سونگھنا ؛ ناک کے شمی اعصاب کے عمل سے پہچان لینا ؛ کسی کی بو سے اندازہ لگا لینا؛ ذہانت سے پا جانا (بعد میں بیشتر out لگاتے ہیں ، جیسے : to smell out the truth) ۔ (فعل لازم) قوت شامہ سے کام لینا ؛ مہک یا بو دینا ؛ کھوج لگانا یا دریافت کرنا (بعد میں عموماً about لگاتے ہیں) ؛ خیال ظاہر کرنا یا اشارہ کرنا (جیسے : a deal that smells of duplicity)؛ ناقابل قبول یا غیر یقینی ہونا (جیسے : In my opinion the entire scheme smells) ۔ (اسم) حس یا قوت شامہ ؛ سونگھنے کی حس یا صلاحیت ، جس سے شمی اعضا متاثر ہوں ؛ بُو ؛ مہک ؛ سونگھنے کا عمل ؛ خفیف سا نشان یا شائبہ (جیسے : There wasn't a smell of cake left) ۔

smeller, n. سونگھنے والا ۔

smelly, a. بُودار ۔

smelling salts, n. لخلخہ ؛ نوشادر جس میں عموماً کوئی خوشبو ملائی ہوتی ہے ،اسے ہوش میں لانے یا تحریک دینے کے لیے سنگھاتے ہیں ۔

smelt, n. غذائی مچھلی جو سامن کی طرح لیکن اس سے چھوٹی ہوتی ہے ،اس کی کئی اقسام ہیں ،بعض یورپ سے مخصوص ہیں اور بعض امریکا سے ؛ اس قسم کی کوئی مچھلی ۔

smelt, v.t. گھلانا یا پگھلانا (خام دھات وغیرہ کو تا کہ دھات کو فالتو اجزا سے الگ کر لیا جائے) ؛ سودھنا ؛ اس طریقے سے دھات حاصل کرنا ؛ گداز گری/کاری کرنا ۔

smelter, n. تصفیہ گر ؛ خام دھات کو پگھلانے یا گلانے والا ؛ ایسے کارخانے میں کام کرنے والا ؛ گداز گر ؛ گداز کار ؛ وہ جگہ جہاں گلائی کا کام ہوتا ہو ؛ بھٹی ۔ نیز : smeltery ۔

smew, n. ایک تیرنے والا غوطہ خور اور ماہی خور پرندہ جو ایشیا اور یورپ کے شمالی علاقے میں پایا جاتا ہے ، اس کے نر کا رنگ سیاہ اور سفید (ابلق) ہوتا ہے اور کلغی پر سفید بالوں کا گچھا ہوتا ہے ؛ ایک قسم کی بطخ ۔

smidgen, smidgeon, smidgin, n. (بول چال) تھوڑی سی مقدار یا رقم ؛ چھوٹا سا ٹکڑا ؛ معمولی سی چیز ۔

smilax, n. چوب چینی ؛ عشبہ بیلوں میں سے ایک جنگلی بیل جس کا تنا خار دار ہوتا ہے ، یہ منطقہ معتدلہ اور حارہ میں جگہ جگہ پائی جاتی ہے ، اس کی کئی اقسام ہیں ۔

smile, v.i. مُسکرانا ؛ چہرے پر بالخصوص ہونٹوں پر ایک خوشگوار سی تبدیلی لا کر اظہار مسرت و شادمانی کرنا ؛ نگاہوں کے ذریعے رحم ، طنز یا حقارت کا اظہار کرنا ؛ خوش و خرم نظر آنا ؛ موافق یا مہربان نظر آنا ۔ (فعل متعدی) مسکراہٹ سے اظہار کرنا (جیسے : to smile contentment) ؛ مسکرا کر بات یا معاملے کو رفع دفع یا ختم کر دینا (بعد میں away آتا ہے) ۔ (اسم) تبسم ؛ چہرے کے خدوخال بالخصوص ہونٹوں کی مخصوص جنبش سے مسرت ، مہربانی یا رضامندی کا اظہار ؛ مسکراہٹ ؛ خوش و خرم صورت ؛ شادابی ؛ نوازش ۔

smiler, n. تبسم فشاں ؛ متبسّم؛ مسکرانے والا ۔

smilingly, adv. مُسکرا کر ۔

smilingness, n. تبسم ؛ مسکراہٹ ۔

smirch, v.t. داغ دار کرنا یا بدرنگ کر دینا ؛ آلودہ کر دینا ؛ مسخ کر دینا یا دھندلا دینا ؛ بے عزت کرنا یا بے آبرو کرنا (کسی کے کردار کو یا شہرت کو) ۔ نیز besmirch ۔

smirk, v.i., v.t. بناوٹ/مصنوعی طور پر یا دل شکن انداز میں مسکرانا ؛ اس انداز کے ساتھ کچھ کہنا ۔ (اسم) اس انداز کی مسکراہٹ ؛ ریش خند یا یوں مسکراتے ہوئے چہرے کی کیفیت ۔

smirker, n. بناوٹی طور پر مسکرانے والا ۔

دانت نکال دینے والا۔

smirkingly, adv.
بناوٹی مسکراہٹ کے ساتھ۔

smite, v.t.
زور سے مارنا؛ ہاتھ سے، ہاتھ میں پکڑی ہوئی کسی چیز سے یا کوئی چیز پھینک کر مارنا؛ مار ڈالنا؛ قتل کر ڈالنا؛ کسی مہلک چیز کے ساتھ حملہ کرنا یا خبر لینا؛ اذیت دینا؛ سزا دینا یا عقوبت دینا؛ محبت یا کسی فوری اور طاقت ور جذبے سے متاثر کرنا یا مغلوب کر لینا۔ (فعل لازم) مارنا؛ ضرب رسید کرنا۔

smiter, n.
مارنے والا۔

smith, smithy, n.
دھات گر؛ دھاتوں کا کام کرنے والا، یہ لفظ عموماً کسی مرکب کے آخری حصے کے طور پر آتا ہے (جیسے: silver smith)؛ لوہار وغیرہ۔

smithereens, smithers, n.
(بول چال) چھوٹے چھوٹے ٹکڑے، ریزے، ریختے۔

smithery, n.
کسی دھات گر کا کام، فن، پیشہ یا کارخانہ۔

smithsonite, n.
(معدنیات) ایک قدرتی زنک کاربونیٹ جو قلمی شکل میں لیکن زیادہ تر تودوں کی شکل میں زمین میں پایا جاتا ہے اور جست کا اہم ماخذ ہے؛ جست کا قدرتی طور پر پایا جانے والا آبدار سلیکیٹ۔

smithy, n.
دھات گر کی دکان (خصوصاً لوہار کی)؛ لوہار۔

smitten, a.
بُری طرح مضروب؛ شدت یا الم ناک طریقے سے متاثر؛ گرویدہ؛ فریفتہ۔

smock, n.
برپوش؛ بالا پوش؛ ایک لمبا سا عموماً گھٹنوں تک نیچا ملبوس جسے دوسرے پہنے ہوئے کپڑوں کی حفاظت کے لیے یا کام کاج کے وقت پہنتے ہیں۔ (فعل متعدی) ٹانکوں کے ذریعے شہد کے چھتے کے نمونے کے مطابق چُنٹیں بنانا؛ برپوش پہننا۔

smock frock, n.
ایک ڈھیلا ڈھالا سا بر پوش جو عموماً لینن یا سوت کا ہوتا ہے اور کام کرنے والے کام کے وقت پہن لیتے ہیں؛ بلاؤز؛ ڈانگری۔

smocking, n.
سوزن کاری؛ اسموکنگ؛ کشیدہ کاری میں لگائے گئے سجاوٹی ٹانکے جن کو کپڑے میں ایک جیسی چُنٹیں پیدا کرنے کے لیے لگایا جاتا ہے۔

smog, n.
دھوئیں اور دھند کا امتزاج جس سے عموماً زیادہ گنجان آبادی والے صنعتی اور مصنوعاتی علاقوں میں واسطہ پڑتا ہے۔

smoggy, a.
دودی؛ دھند والا۔

smoke, n.
دھواں؛ دخان؛ دود؛ بادل کی طرح خاکستری، بھورا یا سیاہی مائل گیسوں اور کاربن کے معلق ذرات کا آمیزہ جو خصوصاً لکڑی، دلدلی کوئلے، کوئلے یا دوسرے نامیاتی مادوں کے جلنے سے پیدا ہوتا ہے؛ اس سے ملتی جلتی کوئی چیز، جیسے دھند یا بخارات؛ کوئی ناپائدار، بے حقیقت یا بے حاصل شے؛ دھندلا دینے والی کوئی شے (جیسے: the smoke of controversy)؛ تمباکو یا دوسری پینے والی دھوئیں دار اشیا کے پینے کا عمل یا اس کی مثال؛ دھواں نکال کر پی گئی کوئی چیز، جیسے سگریٹ، سگار، حقہ۔ (فعل لازم) دھواں نکالنا یا خارج کرنا (جلتے ہوئے)؛ ناگوار یا نامناسب صورت میں دھواں دینا (اسٹوو وغیرہ کا)؛ بھاپ، بخارات، گرد، وغیرہ خارج کرنا؛ کسی پائپ، سگریٹ یا سگار کے ساتھ ذریعے دھواں اندر کھینچ کر پھر باہر نکالنا؛ بڑی تیزی کے ساتھ گھوڑا یا گاڑی چلانا۔ (عوامی) بہت برہم ہونا۔ (فعل متعدی) کسی سگریٹ، سگار وغیرہ کا دھواں اندر کھینچ کر پھر باہر نکالنا؛ دھوئیں دار پینے والی چیزوں کو اس طرح پینا؛ دھوئیں کی زد میں دینا؛ بھپارا دینا؛ دھوئیں میں سکھاکر گوشت خراب ہونے سے بچانا؛ دھوئیں کے ذریعے کالا کرنا یا رنگدار بنانا؛ جانور وغیرہ کو دم گھٹنے والے اور ناک میں دم کردینے والے دھوئیں کے ذریعے پناہگاہ میں سے نکالنا (بعد میں عموماً out لگاتے ہیں)؛ دھونی دینا؛ لوگوں کی نگاہ میں یا علم میں لے آنا (بعد میں out لگاتے ہیں)۔

smokable, smokeable, a.
پینے کے لائق (سگار، حقہ وغیرہ)۔

smokeless, a.
بے دھوئیں کا۔

smokelike, a.
دھوئیں کی مثل/طرح۔

smokechaser, n.
جنگلی آگ بجھانے کا ماہر، خصوصاً وہ جس کے ہلکے پھلکے آلات آگ کی جگہ پر اسے بسرعت جا پہنچنے کے قابل بنا دیتے ہیں۔

smoke-eater, n.
(عوامی) آتشیہ؛ آتش بان؛ آگ دبکانے والا (بھٹی وغیرہ میں)؛ آگ بجھانے والا۔

smoke-filled room, n.
وہ جگہ جہاں درپردہ حکمت عملیاں یا سازشیں تیار کی جاتی ہوں یا گفت و شنید ہو رہی ہو (پارٹی کنونشن کے دنوں میں اور سیاست دانوں کے مابین)۔

smokehouse, n.
دخانیہ، وہ جگہ جہاں دھواں دکھا کر گوشت یا مچھلی وغیرہ کو محفوظ کیا جاتا ہے۔

smokejack, n.
سیخ چرخی؛ گردپز؛ اُڑن پہیّے کے ذریعے پکاؤ سیخ کو گھمانے والی مشین جس میں چمنی میں اوپر اٹھنے والی گیسیں پہیے کو گھماتی ہیں۔

smokejumper, n.
شعلہ افگن چھاتہ بردار؛ وہ آگ بجھانے والا جو پیراشوٹ کے ذریعے ان جگہوں میں جا کودتا ہے جہاں جنگل کی آگ میں کسی اور طرح جانا ممکن نہیں ہوتا۔

smokeless powder, n.
بے دھواں بارود؛ بارود کا ایسا متبادل جو پھٹتے وقت بالکل دھواں نہیں چھوڑتا یا بہت کم چھوڑتا ہے، خصوصاً اکثر بارود روئی پر مشتمل ہوتا ہے۔ دیکھیے: gun-cotton

smokeproof, a.
دخان نا گزر؛ دخان روک؛ جس میں سے دھواں نہ گزر سکے؛ جو اس لیے اور یوں بنایا گیا ہو کہ دھواں آر پار نہ جا سکے (جیسے: a smoke-proof door)۔

smoker, n.
تمباکو نوش؛ تمباکو پینے والا یا جس سے دھواں نکلتا ہو؛ ریل گاڑی یا اس کا وہ ڈبہ جس میں جا کر مسافر سگریٹ وغیرہ پی سکتا ہے۔ نیز: smoking car؛ ہوائی جہاز کا وہ حصہ جس میں بیٹھے ہوئے مسافر سگریٹ پی سکتے ہیں؛ گپ شپ اور تمباکو نوشی کے لیے بیٹھے ہوئے لوگوں کی غیر رسمی منڈلی۔

smoke screen, n.
پردۂ دود؛ دھوئیں کی وہ چادر جس کی آڑ میں دشمن کو فوجی نقل و حرکت کی جگہ اور سرگرمی سے بے خبر رکھا جاتا ہے۔ (مجازاً) ہر وہ قول و فعل یا عمل جس کا مقصد حقیقت حال کو دوسروں سے پوشیدہ رکھنا ہو۔

smoke stack, n.
دود کش؛ چمنی؛ ایک عمودی پائپ یا چمنی جس میں سے، عمل احتراق سے پیدا ہونے والی گیسیں اور دھواں، باہر نکل جاتے ہیں (عمارت، دخانی کشتی یا انجن میں سے)۔

smoke tree, n.
دُودی کاجو؛ کاجو کی نسل کی ایک درخت نما جھاڑی جو جنوبی یورپ اور ایشیائے کوچک میں بہت عام ہے، اس کے چھوٹے

چھوٹے پھول، بڑے بڑے گچھوں کی شکل میں ہوتے ہیں جن کی ہلکی ہلکی متحرک کیفیت پر (دُور سے) دھوئیں کا گماں ہوتا ہے ؛ شمالی امریکا میں بھی اس سے ملتا جلتا پیڑ امریکا نوس ۔

smoking jacket, n. درون خانہ جیکٹ ؛ گھر میں پہنی جانے والی مردانہ جیکٹ ۔

smoking-room, n. کمرہ تمباکو نوشی ؛ تدخین کمرہ ؛ ہوٹل ، کلب وغیرہ میں وہ کمرہ جہاں جا کر تمباکو نوشی کی جاسکتی ہے ؛ کش خانہ ، کش کمرہ ۔

smoking-room, a. ناشایستگی یا فحاشی میں بدنام ؛ اخلاق باختہ ؛ بگڑا ہوا ۔

smoky, a. دُودی ؛ داخِن ؛ بہت دھواں پیدا کرتی ہوئی (آگ یا مشعل) ؛ دھواں دھواں ؛ ناگوار صورت میں یا غلط صورت میں جو دھواں دے جیسے اسٹو یا چمنی ؛ دھوئیں سے بھرا ہوا ؛ بہت دھوئیں والا ؛ دھندلا ؛ دھوئیں سے کالا ؛ دھوئیں کی طرح لگنے والا ؛ دھوئیں کی سی خصوصیت والا ؛ دھوئیں سے متعلق ؛ جس پر دھوئیں کا گماں ہو (جیسے : a smoky appearance) ؛ دھوئیں کی سی رنگت والا ؛ دھندلایا ہوا ۔

smokily, adv. دھواں دیتے ہوئے ۔

smokiness, n. دھواں پن ؛ دھندلا پن ۔

smoky quartz, n. دُودی گار ؛ ایک قسم کا قدرے قیمتی پتھر جو اسکاٹ لینڈ میں پایا جاتا ہے ۔ دیکھیے : Cairngorm ۔

smolder, smoulder, v.i. سلگنا ؛ دھیمی آنچ میں جلتے جانا ؛ دبی ، گھٹی حالت میں اور خارجی اظہار کے بغیر موجود اور جاری رہنا ؛ دبے دبائے احساسات کے آثار ظاہر ہونا ، جیسے نفرت یا غصے کے ۔ (اسم) دھیمی اور دبی ہوئی آنچ سے پیدا شدہ دبیز دھواں ؛ سلگتا ہوا کوئی مواد ۔ (مجازاً) سوزِ نہانی یا احساس کی مسلسل تپش ۔

smolt, n. نقرئی سامن مچھلی جو سال،دوسال کی ہو (دریا سے سمندر میں چلے جانے کے ایام میں) ۔

smooch, v.t., n. دیکھیے : smutch ۔

smooch, v.i. (عوامی) چُومنا ؛ پیار سے ہاتھ پھیرنا ؛ گلے لگانا ۔ (اسم) (عوامی) بوسہ ۔

smooth, a. ہموار ؛ مسطح ؛ چھونے یا ہاتھ لگانے سے جس سطح پر ابھار یا ناہمواریاں نہ ہوں ؛ بالوں یا روؤں سے پاک (جیسے : A smooth face) ؛ وہ سطح جس میں نشیب و فراز نہ ہوں (جیسے : a smooth road) ؛ چپٹی ، عمومی طور سے یکساں اور تموج کے بغیر ، جیسے ساکن سمندر ؛ دشواریوں اور ناہمواریوں سے خالی (جیسے : a smooth voyage) ؛ یک جان اور گُٹھلیوں سے خالی جیسے مکھن ؛ کھٹکے اور بغیر کسی آڑے خموں کے سیدھے آگے بڑھنے والا (جیسے : smooth curves) ؛ آسان اور یکساں ، کسی مشین کی رفتار یا کارگزاری ؛ مداخلتوں اور مشکلوں سے پاک (جیسے : smooth progress) ؛ رواں ، شستہ یا منجھا ہوا (مصنف یا مقرر) ؛ پرسکون ؛ آسودہ ؛ سلیم الطبع (مزاج یا احساس) ؛ مطمئن ؛ خوش گوار ؛ دل پذیر ؛ حد سے زیادہ خلیق جیسے اشخاص ، گفتگو یا اطوار ؛ سکون بخش ؛ غیر تلخ اور بے کاٹ ذائقے والی (شراب وغیرہ) ؛ سماعت کو گراں نہ گزرنے والی (آواز) ۔ (صوتیات) ہائیہ آواز سے خالی ۔ (فعل متعدی) چھیل کر ، رندہ پھیر کر یا رگڑ کر سطح کو ہموار بنانا ؛ راہ کو یکساں آسان اور سپاٹ بنانا (جیسے : to smooth one's path) ؛ کسی چیز کو ہموار کرنے کے لیے رکاوٹوں اور تجاوزات کو دُور کرنا (بعد میں عموماً away یا out لگاتے ہیں ، جیسے : to smooth away difficulties) ؛ زیادہ شستہ اور رواں بنانا (الفاظ و عبارت کو) ؛ جلا دینا ؛ عمدہ اور شایستہ بنانا (طور طریقے کو) ؛ سکون دینا ، رفع اضطراب کرنا ، تسکین دینا (احساس یا مزاج کو) ؛ تقریر یا گفتگو میں نرمی ، خوشگواری یا عمدگی دلیل پیدا کرنا ؛ چکنی چپڑی باتوں سے کسی کو رام کرنا ، داد دینا ؛ تسکین دینا یا خوشامد کرنا ؛ لیپاپوتی کرنا (کسی ناگوار یا غلط صورت حال میں) ؛ اغماض سے کام لینا ۔ (فعل لازم) ہموار ہو جانا ۔ (اسم) ہموار کرنے کا عمل ؛ جو ہموار ہو ؛ کسی شے کا ہموار حصہ ؛ ہموار جگہ ۔ (متعلق فعل) یکسانی کے ساتھ ۔

smoother, n. ہموار کرنے والا شخص یا شے ۔

smoothly, adv. ہمواری ، یکسانی یا شایستگی کے ساتھ ۔

smoothness, n. ہمواری ؛ چکناپن ؛ نرمی ؛ شایستگی ۔

smoothbore, a. وہ آتشی ہتھیار جس کی نالی کی اندرونی سطح ہموار ہو یعنی پیچ دار نہ ہو ۔

smooth breathing, n. بلاہائیہ ؛ کلاسیکی یونانی کی ایک علامت جس سے یہ مراد ہے کہ کسی لفظ کے پہلے حرفِ علت میں ہائیہ آواز نہیں ہے ، اس کی تحریری علامت یہ ہے (ʼ) ۔

smoothen, v.t., v.i. ہموار ہونا یا کرنا ۔

smoothhound, n. سگ ماہی کی ایک قسم جو یورپی پانیوں میں پائی جاتی ہے ، اس کے عقبی مہیبر کے آگے کی جانب کانٹا نہیں ہوتا ۔

smoothie, smoothy, n. (بول چال) وہ شخص جو خوش اخلاق ہو ، اعتماد و صلاحیت سے کام کرتا ہو اور چرب زبان ہو ، خصوصاً وہ شخص جو عورتوں کے ساتھ ایسا رویہ رکھتا ہو ۔

smooth muscle, n. (تشریح الاعضا) ہموار عضلہ ؛ کوئی ایسا غیر دھاری دار عضلہ جو قوت ارادی کے تابع نہیں ہوتا بلکہ غیر ارادی طور پر حرکت کرتا ہے جیسے سانس ، نظامِ ہضم ، صرف دل اس سے مستثنی ہے جو غیر ارادی ضرور ہے مگر اس کے عضلات دھاری دار ریشوں سے بنے ہوتے ہیں ۔

smooth-tongued, a. چرب زبان ؛ خوش کلام ؛ شریں سخن ؛ قائل کرلینے والا ؛ چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ؛ خوش اخلاق ؛ رواں گفتار ؛ خوشامد بھری باتیں یا خوشامد کرنے والا ۔

smorgasbord, n. بوفے ؛ کھانے کا وہ غیر نشستی اہتمام جس میں مختلف قسم کی گرم سرد چیزیں مثلاً لذیذ اشیا ، سلاد ، پنیر ، مچھلی ، گوشت وغیرہ کھانے کو دی جاتی ہیں ؛ وہ ہوٹل جس میں اس طرز کی دعوت کا انتظام کیا جاتا ہو ۔ (مجازاً) کوئی ملے جلے یا مخلوط کھانے ۔

smother, v.t. دم گُھٹنا جیسے دھوئیں سے ہوتا ہے ؛ دھوئیں سے یا سانس بند کر کے دم گھٹانا ؛ ناک اور منہ ڈھانپ کر زندہ رہنے کے لیے ضروری ہوا سے محروم رکھ کر مار دینا ؛ ہوا بند کرکے آگ بجھا دینا ؛ مضبوطی اور سختی سے ڈھانک دینا ؛ لپیٹ لینا (بعد میں in آتا ہے ، جیسے : a house smothered in vines) ۔ (مجازاً) ڈھانپ کر دبا دینا ؛ احساسات و جذبات کو دبا دینا ؛ بغاوت وغیرہ کی کوششوں کو فرو کر دینا ؛ آواز کو نکلنے نہ دینا یا دبا دینا ۔ (طبّاخی) دم پُخت کرنا ؛ کسی چیز کو کسی کے ساتھ سختی سے ڈھانک دینا (جیسے : beefsteak smothered with onions) ۔ (فعل لازم) دم گھٹ جانا یا

گلوگرفت ہونا ؛ ٹھیک طرح سانس نہ لے سکنا (دھوئیں کے باعث) ؛ دب ہوا یا چھپا ہوا ہونا ۔ (بولی) سلگنا ، جیسے گ کا ۔ (اسم) دم گھونٹنے والا دھواں ؛ کسی جلتی چیز کے باعث دھواں نکلنے یا دم گھٹنے کی سی حالت ؛ اندر ہی اندر جلتی ہوئی آگ ؛ دُھند ، غبار ، گرد یا پھوار کا گہرا اور چھایا ہوا بادل ؛ کسی چھا جانے والی چیز کی افراط ؛ افراتفری ۔

smothery, a. سلگتا ہوا ؛ گلوگیر ؛ جس سے دم گھٹ جائے ۔

smudge, n. دھبّا ؛ داغ ؛ چکناہٹ ؛ دھندلاہٹ ؛ دھوانسی آگ (حشرات بھگانے یا پھلوں کو پالے سے بچانے کے لیے) . ایسی آگ کا دھواں ۔ (فعل متعدی) دھندلانا ؛ دھوانسا کرنا ؛ حشرات یا پالے سے دھوانسی آگ سے بچاؤ کرنا ۔ (فعل متعدی و لازم) دھندلا ہونا یا کر دینا ؛ دھبّا لگنا یا لگانا ۔

smudgily, adv. دھبّا لگاتے ہوئے ۔

smudginess, n. داغ دار ہونے کی کیفیت : دھندلا پن ۔

smudgy, a. داغی ؛ دھندلی ؛ چکنی ۔

smug, a. خودرا ؛ خود پسند ؛ صاف ؛ شستہ ؛ خوش وضع ؛ سُتھرا ، لباس میں تصنّع کی حد تک عُمدہ ۔

smugly, adv. خود پسندی سے ۔

smugness, n. خود پسندی ۔

smuggle, v.t., v.i. غیر قانونی طور پر اشیا کی درآمد برآمد کرنا ؛ قانونی محاصل یا واجبات ادا کیے بغیر خفیہ طریقے سے کوئی بندوبست کرنا ؛ کچھ لے جانا یا متعارف کرانا ؛ اسمگل کرنا یا محصول چوری کرنا ۔

smuggler, n. اسمگلر ؛ محصول یا چنگی چور ؛ ناجائز درآمد برآمد کرنے والا ۔

smut, n. کلونس ؛ کوئی کالا یا گندا نشان ؛ دھبّا (چکنائی وغیرہ کا) ۔ (مجازاً) فحش گوئی ؛ فحش نویسی ؛ خرافات ۔ (نباتی امراضیات) ایک نباتاتی بیماری جس میں جگہ جگہ کالے کالے نشان پڑ جاتے ہیں یا بیمار حصّے کالے سفوف میں تبدیل ہوجاتے ہیں ، خصوصاً اناجی پودے ، یہ عارضہ پھپھوندی سے پیدا ہوتا ہے ؛ اس نوعیت کی کوئی پھپھوندی ؛ کالا روگ ۔ (فعل متعدی) (نباتی امراضیات) کسی سیاہ یا گندے مواد سے داغ دار کر دینا ؛ بالائی قسم کا عارضہ پیدا کردینا ؛ کالا روگ لگا دینا ۔ (فعل لازم) (نباتی امراضیات) داغ دار ہو جانا ؛ کالا روگ ہونا ۔

smutch, v.t. مٹیالا کر دینا ؛ گندا کر دینا یا داغ دار کر دینا ۔ (اسم) سیاہ دھبّا یا داغ ؛ کلونس ، کالک ؛ میل کچیل ۔

smutchy, a. داغ دار ۔

smutty, a. داغ دار ؛ دھواں کھایا ہوا ، میلا ؛ گندا ۔ (مجازاً) غیر مہذب یا فحش گفتگو یا تحریر ؛ ایسی گفتگو کرنے یا تحریر لکھنے والا ؛ کالے روگ کا شکار پودا ؛ روگیلا ۔

smuttily, adv. بدتہذیبی کے انداز سے ۔

smuttiness, n. روگ ؛ فحش گوئی/نویسی ۔

snack, n. زودپُخت ؛ ہلکی پھلکی غذا جسے عموماً کھانوں کے درمیان کھایا جاتا ہے ؛ نُقل ؛ کسی چیز کا ٹکڑا یا پارہ یا حصہ ؛ سنیک ۔ (فعل لازم) کھانوں کے بیچ میں کوئی ہلکی چیز (نقل) کھانا ۔

snack bar, n. سنیک بار ؛ وہ طعام خانہ یا کوئی اور جگہ جو ہلکے پھلکے کھانے فراہم کرے ۔

snack table, n. یک فردی میز جو تہ ہو سکتی ہے اور غیر رسمی طور پر اس کو ایک فرد کے کھانے یا مشروبات کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

snaffle, snaffle bit, n. بے خار دہانۂ لگام ؛ کوئی بے کانٹے کی کُچلی دار لگام (یہ سیدھی سادھی سی کمْ وزن کی ہوتی ہے اور اس کے درمیان جوڑ ہوتا ہے لیکن کوئی روک نہیں ہوتی) ۔ (فعل متعدی) لگام ڈالنا یا ڈال کر قابو کرنا ۔

snafu, a. (عوامی) پریشان ؛ ابتر ؛ درہم برہم ۔ (فعل متعدی) (عوامی) ابتر کرنا ۔ (اسم) (عوامی) پراگندگی ؛ابتری ؛ کوئی شے جو ابتری کی حالت میں ہو ۔

snag, n. ٹھنٹھ ؛ چھوٹا سا آگے کو بڑھا ہوا ٹھنٹھ (کسی ٹوٹی یا کاٹی شاخ کا) ؛ کوئی نوکیلی کھردری سی افزایش ؛ دانت کا ٹنڈ ؛ آگے کو نکلا ہوا دانت ؛ ہرن کے شاخدار سینگ یا ایک شاخ یا نوک ؛ درخت یا اس کا وہ حصہ جو کسی دریا وغیرہ کی تہ میں جم کر رہ گیا ہو اور کشتی رانی میں دشواری کا باعث ہو ؛ کوئی کٹا پھٹا سا سوراخ یا درز جو کسی چھجے میں کی گئی توڑ پھوڑ سے پیدا ہو گئی ہو ؛ کوئی رکاوٹ یا مداخلت (جیسے : to strike a snag in carrying out plans) ۔ (فعل متعدی) کسی ٹھنٹھ کے ذریعے نقصان پہنچانا ، اس پر جا چڑھنا یا ٹکرا دینا ؛ ٹھنٹھ کا رکاوٹ بننا یا راہ میں آنا ۔ (فعل لازم) کسی رکاوٹ یا مشکل میں پھنس جانا ؛ گرفت میں آ جانا ۔

snaggy, a. ٹھنٹھ کا سا ۔

snaggletooth, n. دوسروں سے ہٹ کر نکلنے والا دانت ۔

snaggle-toothed, a. جس کا دانت الگ نکل رہا ہو ؛ دنتیلا ۔

snail, n. گھونگا ؛ ایک جل تھلیا صدفیہ معدہ پا ، جس کی صدف حلقہ دار ہوتی ہے ؛ سست اور کاہل انسان ؛ مٹھا ۔

snaillike, a. گھونگھے کی طرح ؛ کاہل ۔

snail-paced, a. گھونگھے کی سی رفتار والا ؛ سست رو ۔

snake, n. سانپ ؛ مار ؛ ناگ ؛ بلا ہاتھ پاؤں کا کوئی فلس دار لمبوترا رینگنے والا جانور ؛ مکار انسان ؛ چھپ کر وار کرنے والا دشمن ۔ (نل کاری) ایک لچکدار دھاتی آلہ جسے خم دار پائپ میں گھسیڑ کر اس میں موجود رکاوٹ کو دور کیا جاتا ہے ۔ (برق) ایک تار نما آلہ جسے کسی نالی میں ڈال کر تاروں کو کھینچتے ہیں ۔ (فعل لازم) سانپ کی طرح بل کھا کر چلنا ۔ (فعل متعدی) سانپ کی طرح چکردار حرکت کرنا ؛ بل کھانا یا لپٹنا ؛ رینگ کر چکر کھاتے ہوئے راستہ بنانا ؛ لکڑی کے لٹھے کی طرح کسی زنجیر یا رسی کے ذریعے کھینچتے یا گھسیٹتے لانا ؛ زور سے کھینچنا یا جھٹکا دینا ۔

snakelike, a. سانپ جیسا ؛ مکار ۔

s..akily, adv. مکارانہ طریقے سے ۔

snakebird, water turkey, anhinga, n. (طیوریات) سارس ؛ ایک ماہی خور پرندہ ، اس کا سر پتلا سا ہوتا ہے اور گردن سانپ کی سی لمبی ، یہ دلدلی جگہوں میں رہتا ہے ۔

snakebite, n. سانپ کا ڈنک (خصوصاً زہریلے سانپ کا ڈس لینا) ؛ سانپ کے زہر سے انسان کے جسم میں پیدا ہونے والا کوئی عارضہ ۔

snake charmer, n. سپیرا ؛ مداری جو موسیقی یا آگے اور پیچھے

کی متناسب حرکت سے زہریلے سانپوں کو مسحور کر دیتا ہے جس کے نتیجے میں سانپ سر اٹھا کر مداری کی مسحّر کر دینے والی حرکات کی پیروی کرتا ہے۔

snake dance, n. مار رقص ؛ سانپ ناچ ؛ امریکی انڈین لوگوں کا ایک تقریبی ناچ، اس میں زندہ سانپ یا ان کی شبیہیں اٹھاتے ہیں یا سانپوں کی نقل کرتے ہیں ، ہوپی قبیلے کے لوگ اس ناچ میں زندہ زہریلے کھڑک سانپ (حیّتہ الجرس) منہ میں دبا کر ناچتے ہیں ؛ ایک قطار میں چلنے ، نکلنے والا جلوس جو بل کھاتے ہوئے گزر رہا ہو۔

snake doctor, n. بھنبھیری ؛ کابل مکھی ؛ نکھٹو۔

snake fence, worm fence, Virginia fence, n. ورجینیا باڑ ؛ سپروک ؛ آڑی ترچھی کھڑی کی گئی باڑ ، یہ اس طرح بنائی جاتی ہے کہ تختیاں افقاً رکھ کر ان کے سروں کو ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ بناتے ہوئے جوڑتے ہیں اور مقام اتصال پر ترچھے بانس گاڑ کر ان کو سہارا دیا جاتا ہے۔

snake in the grass, n. مار آستین ؛ چھپا دشمن یا خطرہ ؛ بظاہر معصوم اور بے ضرر لیکن بباطن خطرناک آدمی۔

snake-mouth, n. شمالی امریکا کا ایک پودا جس کے پھول گلابی رنگ کے ہوتے ہیں اور جھولتے رہتے ہیں۔

snake oil, n. روغن مار ؛ ایک بے کار سا مرکب یا آمیزہ جسے کبھی پھیری والے دوائی کے طور پر بیچا کرتے تھے۔

snake pit, n. (عوامی) ذہنی امراض کا ہسپتال ، بالخصوص وہ جس میں سہولتیں کم ہوں ، سرسری توجہ دی جاتی ہو یا بے رحمانہ سلوک کیا جاتا ہو ؛ بدسلوکی اور بدنظمی والی کوئی جگہ۔

snakeroot, n. مار بیخ ؛ متعدد امریکی پودوں کا عام نام جن کے بارے میں لوگ خیال کرتے تھے کہ ان کی جڑیں مارگزیدگی کا علاج ہیں۔

snakeskin, n. سانپ کھال ؛ سانپ کی کھال سے تیار کیا گیا چمڑا۔

snakeweed, n. دیکھیے : Bistort –

snaky, a. سانپوں کا ؛ سانپوں سے متعلق یا ان پر مشتمل ؛ جس سے سانپ لپٹا ہوا ہو یا جہاں سانپ یا افعی ہوں ؛ جہاں سانپ بہت ہوتے ہوں ؛ سانپ کا سا ؛ بل کھاتا ہوا ؛ لپٹتا ہوا یا پُرپیچ ؛ زہریلا ؛ مکار یا عیار۔

snakily, adv. عیاری سے۔

snakiness, n. عیاری۔

snap, v.i. اچانک اور شدید سی آواز نکالنا ، کوڑے کی طرح کڑکنا ؛ چٹخ دار ہونا ؛ ٹک ٹک کرنا (کسی کل وغیرہ کا) ؛ حرکت کرنا ؛ ٹکرانا یا پکڑ کرنا ، جیسے دروازے ، ڈھکنے یا تالے کا ؛ تڑاق کے ساتھ اچانک ٹوٹ جانا (کسی نازک اور کڑک جانے والی شے کا) ؛ تناؤ سے ٹوٹ کر الگ ہو جانا ؛ چمک اٹھنا (آنکھوں کا) ؛ ایک دم کچھ کرنے لگنا (جیسے : He snapped into action) ۔ (عکاسی) فوری طور پر تصویریں اتارنا ؛ یک دم کاٹ لینا یا جھپٹا مارنا (بعد میں اکثر at آتا ہے) ؛ فوری اور تلخ یا سخت ڈانٹ پلانا یا دنداں شکنی کرنا (بعد میں اکثر at لگاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) اچانک کاٹ کر یا جھپٹا مار کر لے جانا (جیسے : He will snap up their offer) ؛ اس طرح لے جانا جیسے ایک ہی لقمے یا جھپٹے میں (بعد میں عموماً off لگاتے ہیں ، جیسے : to snap off his head) ؛ تازیانے کی طرح تڑقنا ؛ تیز آواز یا حرکت کے ساتھ لے آنا ، مارنا ، بند کرنا ، کھولنا یا عمل میں لانا (جیسے : to snap the jaws together) ؛ فوراً اور تلخی کے ساتھ مخاطب کرنا یا مداخلت کرنا (بعد میں عموماً up آتا ہے) ؛ سریع ، شدید انداز میں کچھ کہنا یا اظہار کرنا (کبھی کبھی بعد میں out آتا ہے) ؛ اچانک توڑ دینا ، خصوصاً تڑاق کی آواز کے ساتھ (جیسے : to snap a pipe stem) ؛ اچانک الگ کر دینا (رسے وغیرہ کو) ۔ (عکاسی) فوراً کوئی تصویر لینا ۔ (فٹ بال) اگلی صف کے مرکزی کھلاڑی کا بال لے کر اپنے سے پیچھے والی صف کے کھلاڑی کی طرف بڑھا دینا ؛ خاص طور پر نشانہ باندھے بغیر ہی بندوق چلا دینا ۔ (اسم) شدید سی کڑکتی ہوئی آواز یا وہ حرکت یا اقدام جس سے ایسی آواز پیدا ہو (جیسے : a snap of whip) ؛ ایسی آواز کے ساتھ لگ جانے والی چٹخنی یا کنڈی ؛ ایک دم کسی شے میں آنے والی شکستگی (کسی درخت یا پھوٹک چیز میں) ؛ اس ٹوٹ پھوٹ سے پیدا ہونے والی شدید کڑکتی آواز ؛ چستی ؛ توانائی یا قوت (اشخاص یا اقدام میں) ؛ بے جھجک اور کاٹ کرنے والی تقریر یا طرز تقریر ؛ فوری اور پھرتیلی کاٹ یا جھپٹ (کسی شے پر) ؛ یوں حاصل کی گئی کوئی چیز ؛ مختصر سا دورانیہ ، جیسے سردی کے موسم کا ۔ (عکاسی) لمحاتی تصویر ، معاً اتاری گئی تصویر ۔ (بول چال) کوئی سا آسان ، نفع بخش یا من مرضی کا منصب یا کام ؛ چھوٹا اور پتلا سا ، کرارا یا خستہ کیک (جیسے : a ginger snap) ؛ ٹکڑا یا لقمہ ۔ (صفت) کھٹ سے بند ؛ بلا کسی خیال کے ۔ (بول چال) سہل ۔ (متعلق فعل) چستی سے ۔

snap one's finger's at, ٹھینگا دکھانا ؛ کسی شے کے بارے میں بے نیاز ہونا۔

snap out of it, (بول چال) چنگل سے نکل آنا یا نکال لانا ۔

snaper, n. چست یا پھرتیلا شخص ۔

snapback, n. اچانک یا یک لخت کی بازیافت یا بازگشت ۔ (فٹ بال ، رگبی) مرکز کے کھلاڑی کا گیند کو جھپٹ کر لینے یا پیچھے کی طرف بڑھا دینے کا عمل ۔

snap bean, string bean, n. ٹک لوبیا ؛ مختلف اقسام کی پھلیوں میں سے کوئی ایک جس کی کچی پھلی ٹک کرکے کھلتی ہے ؛ خوردہ پھلی ؛ سیم ۔

snap brim, n. جھکا ہیٹ ؛ وہ مردانہ ہیٹ جو عموماً فیلٹ کا بنا ہوتا ہے ، اس کا کنارا لچکیلا ، سامنے سے نیچے کو جُھکا ہوا اور پیچھے سے اوپر کو اٹھا ہوتا ہے ۔

snap-brim, snap-brimmed, a. جھکا ہوا ۔

snapdragon, n. گل میمون ؛ ایک پودا جسے عرصہ دراز سے اس کے خوشنما رنگا رنگ کے پھولوں کے گچھوں کی وجہ سے کاشت کیا جا رہا ہے ، اس کی پھول کٹوریاں یوں لگتی ہیں جیسے کسی اژدہے کا منہ ہو۔

snap fastener, n. پچ بٹن ؛ ایک چھوٹا سا بندھن جو ٹکیا کی شکل کا ہوتا ہے ، اس کے دو باہم پیوست ہو جانے والے حصے ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کے ساتھ کھٹ سے مل جاتے ہیں ، اس سے اسکرٹ کی جیب کو بند کرنے کا کام لیا جاتا ہے ؛ کھٹکے دار بٹن ۔

snapper, n. انسانی خوراک کا کام دینے والی بڑے جثے کی کالی یا لال سمندری مچھلی ، یہ فلوریڈا کے ساحل کے پاس پائی جاتی ہے ، اس کی بعض اقسام نیوزی لینڈ اور آسٹریلیا میں بھی ہوتی ہیں ۔

snapper, n. جھپٹ کر لے جانے والا/لے جانے والی شے ؛

چڑچڑا انسان ؛ کٹ کھنا کچھوا ؛ خاطف کچھوا ؛ کٹ بھونرا ۔

snapperback, n. فٹ بال یا رگبی میں وہ مرکزی کھلاڑی جو گیند پچھلے ساتھی کی طرف لڑھکا یا بڑھا دیتا ہے ۔

snapping beetle, n. کٹ بھونرا ؛ بھونروں کی ان اقسام میں سے کوئی ایک قسم جو الٹے ہو جانے پر چٹکتی آواز کے ساتھ اپنے آپ کو سیدھا کر سکتے ہیں ۔ نیز : click beetle ۔

snapping turtle, n. خاطف کچھوا ؛ ایک خوردنی کچھوا جس کے مضبوط جبڑے ہوتے ہیں اور شمالی امریکا کے دریاؤں میں پایا جاتا ہے ؛ اسی قسم کا کوئی دریائی کچھوا ۔

snappish, a. کٹ کھنا ؛ جھپٹ کاٹ کا عادی ؛ جھلا ؛ کٹیلے لفظ بولنے والا ؛ جواب یا تقریر میں تحمل نا آشنا ؛ زود رنج اور تیز مزاج ؛ سڑی ؛ تنک مزاج ۔

snappishly, adv. کٹکھنے پن سے ؛ تنک مزاجی سے ۔

snappishness, n. کٹکھنا پن ؛ جھلا پن ؛ تنک مزاجی ۔

snappy, a. کاٹ کھانے والا (کتا یا انسان) ؛ تڑتڑ ، چڑچڑ کی آواز لیے ہوئے (آگ) ؛ عمل میں یا کارکردگی میں دیر نہ لگانے والا اور زود آمادہ ۔ (بول چال) زندہ دل ؛ چست ؛ خوش لباس اور جامہ زیب ۔

make it snappy, (عوامی) جلدی کرو ؛ تیزی سے کام لو ۔

snappily, adv. تڑ تڑ کرتے ہوئے ۔

snappiness, n. تیزی ؛ طراری ۔

snap roll, n. (طیرانیات) فضائی نقل و حرکت جس میں طیارے سے سریع اور مکمل قلابازی طولاً لگوائی جاتی ہے اور اس انداز سے کہ پرواز کی سطح میں فرق نہ آئے ۔

snapshoot, v.t. فوری عکاسی کرنا ؛ فوری طور پر اور غیر رسمی انداز میں تصویر اتارنا ۔

snapshooter, n. فوری تصویر اتارنے والا ۔

snapshot, n. فوری تصویر ؛ فوری فوٹو ؛ دستی کیمرے کے ساتھ غیر رسمی طریقے سے لی گئی تصویر ، یہ عموماً چھوٹی ہوتی ہے اور فوراً اتاری جاتی ہے ۔ (شکاریات) بے نشانہ فیر ۔

snare, n. پھندے یا پھندوں کی سی کوئی اختراع جس سے کسی پرندے یا چھوٹے جانوروں کو پھانسا جاتا ہے ؛ جال ؛ کوئی شے جو پھانسنے یا قابو کرنے کا کام دے ؛ چاٹ ؛ لاسا ؛ صید فریب ۔ (جراحی) ایک حلقہ دار تار والا آلہ جس کے ذریعے پھوڑے یا گلٹی وغیرہ کو چیرتے ، کاٹتے ہیں ۔ (موسیقی) چکر دار دھات یا تانت کی ڈوریوں سے بنا ہوا ایک تار جسے تانتل ڈھول کے ایک طرف مڑھا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) پھانسنا ؛ جال میں لے آنا ؛ دھوکے فریب سے قابو کر لینا ۔

snarer, n. جال سے پکڑنے والا ۔

snare drum, n. ایک چھوٹا سا دو سرا ڈھول جسے پہلو میں اٹھایا جاتا ہے اور نچلے سرے کے آر پار کسے ہوئے تار کھنک یا گمک پیدا کرتے ہیں ؛ تانتل ڈھول ۔

snarl, v.t. پھنسا لینا ؛ الجھا دینا ؛ رسی وغیرہ کو گرہ در گرہ کر دینا ؛ گڈ مڈ کرنا ؛ پیچیدہ کر دینا ؛ کسی پتلی دھات پر نقش ابھارنا ۔ (فعل لازم) پیچیدہ ہو جانا یا الجھ جانا ۔ (اسم) گرہ ؛ پیچیدگی ؛ انتشاری حالت ۔

snarler, n. گانٹھ دار ؛ گرہ والا ۔

snarly, a. گرہ دار ؛ پیچیدہ ؛ گڈمڈ ۔

snarl, v.i. کھیسیں نکالتے ہوئے غرانا (غصے میں آئے ہوئے کتے کی طرح) ؛ اکھڑ یا فساد آمادہ لہجے میں بات کرنا (جیسے : to snarl a reply) ۔ (فعل متعدی) خشمگیں انداز میں اظہار کرنا ۔ (اسم) خوفناک غراہٹ ۔

snarler, n. غرانے والا ۔

snarlingly, adv. غراتے ہوئے ۔

snarly, a. جھلاّ ؛ چڑچڑا ۔

snatch, v.i. (کوئی چیز حاصل کرنے کے لیے) جھپٹ پڑنا ، گرفت میں لے لینا ؛ چھین لینا (بعد میں at لگاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) اچانک یا تیزی سے ہاتھ بڑھا کر پکڑ لینا یا قابو کر لینا (بعد میں اکثر away, out, of, from, up آتا ہے) ؛ اچانک لے لینا ، حاصل کرنا ، وصول کر لینا (جیسے : to snatch a kiss) ؛ فوری طور پر ہٹا دینا (بعد میں away یا from لگاتے ہیں) ؛ فوری اقدام کے ساتھ کسی کو بچا لینا (جیسے : to snatch from danger or death) ۔ (عوامی) اغوا کرنا ؛ اٹھا کر لے جانا ۔ (اسم) جھپٹ ؛ کسی شے کو قابو کرنے کے لیے اچانک اقدام ؛ پکڑ ، گرفت یا اچک ؛ بلا تاخیر و تامل اچک لی گئی کوئی چیز ؛ کسی چیز کا کوئی ٹکڑا ، بے کار حصہ یا پارہ ؛ کوشش ، سرگرمی یا کسی تجربے کا مختصر سا دور (جیسے : to work in snatches) ؛ تھوڑا سا عرصہ یا دورانیہ ۔ (عوامی) اٹھالے جانے کا عمل ؛ اغوا ۔

snatcher, n. جھپٹ لینے والا ؛ اغوا کنندہ ۔

snatch block, n. (جہاز رانی) وہ بلاک جس میں ایک طرف رسّے کے حلقے کے لیے جگہ بنائی ہوتی ہے ۔

snatchy, a. ٹکڑوں میں بنا ہوا ؛ بے قاعدہ یا غیر مسلسل (جیسے : a snatchy reading) ۔

snatchily, adv. بے قاعدگی سے ۔

snath, snathe, n. درانتی کا پھل یا دستہ ۔

snazzy, a. (عوامی) صاحب طرز ؛ وقتی چمک دمک والا ؛ پُرکار ۔

sneak, v.i. نظریں بچا کر یا چپکے سے کھسک جانا ، شرم یا خوف کے مارے (عموماً بعد میں off, in, along, about یا out لگاتے ہیں) ؛ کھسک جانا ؛ دبے پاؤں چلے جانا ؛ جلدی سے اور چپکے سے چل دینا ؛ ناجائز، درپردہ یا کمینگی کے ساتھ کوئی قدم اٹھانا ۔ (برطانوی،عوامی) مخبری کرنا یا لگائی بجھائی کرنا ۔ (فعل متعدی) غلط طریقے سے یا دزدیدہ طور پر اٹھا دینا ؛ کہیں کچھ رکھنا یا آگے کھسکا دینا (جیسے : to sneak a thing out of the house) ۔ (بول چال) در پردہ لے جانا ؛ چرا کر لے جانا ۔ (اسم) در پردہ کام ؛ قابل نفرت انسان ؛ غلط طریقے سے لینے یا چوری کا عمل ۔ (بول چال) چوری چھپے یا چپکے سے چلے جانے کی حرکت ۔ (جمع) (بول چال) ٹینس کے جُوتے ۔ (صفت) دزدیدہ ؛ بے انتباہ رونما ہونے والا یا اچانک ہو جانے والا ۔

sneaker, n. چوری چھپے کام کرنے والا ؛ ناپسندیدہ شخص ۔ (بول چال) ٹینس کے جوتے ۔

sneaking, a. چوری سے یا درپردہ کرنے والا ؛ فریب کاری سے یا درپردہ کیا گیا (کوئی کام) ؛ قابل نفرت ؛ خفیہ ؛ سرعام جس کا اظہار نہ کیا گیا ہو ، جیسے احساس ، خیال یا شبہ ۔

sneakingly, adv. پوشیدہ طور پر ۔

sneak preview, n. عوام کے ردعمل کا اندازا لگانے کے لیے

کسی فلم کو عام نمایش سے پہلے (صائب الرائے طبقے کو) دکھانا ۔

sneak thief, n. اُچکا ؛ چوری کے لیے قوت یا تشدد سے کام نہ لینے والا ؛ بے قفل دروازوں یا کھڑکیوں میں سے اندر گھس کر ہاتھ صاف کر جانے والا ۔

sneaky, a. چور سے متعلق ؛ چور کی سی حرکت کرنے والا ؛ دھوکا دینے والا ؛ عیار ۔

sneakily, adv. دھوکا دہی سے ؛ عیارانہ طریقے پر ۔

sneakiness, n. عیاری ۔

sneer, v.i. چہرے کے مخصوص اظہار سے اظہار نفرت کرنا ؛ لفظوں میں اپنی نفرت کو سمو دینا ؛ حقارت بھرے انداز میں بولنا یا لکھنا ۔ (فعل متعدی) حقارت کے ساتھ کچھ کہنا ۔ (اسم) حقارت یا نفرت بھری نگاہ ؛ تحقیر آمیز خفگی کا زبانی اظہار ؛ حقارت کا بالواسطہ اظہار ۔

sneerer, n. ہنسی اڑانے والا ؛ طعنہ زن ۔

sneeringly, adv. طعن کے طور پر ؛ طنزاً ۔

sneeze, v.i. چھینکنا ؛ یکایک قوت اور اونچی آواز سے غیر اختیاری اور غیر مسلسل عمل کے طور پر ناک یا منہ سے ہوا یا سانس کا اخراج کرنا ۔ (اسم) چھینک یا اس کی آواز ؛ عطسہ ۔

sneeze at, (بول چال) اظہار حقارت کرنا یا حقارت سے پیش آنا ؛ کوئی پروا نہ کرنا ۔

sneezer, n. چھینکنے والا ۔

sneezy, a. چھینک زدہ ۔

sneezeweed, n. ناک چھکنی ؛ کندس ؛ شمالی امریکا کا وہ پودا جس کے پتوں اور پھولوں کو پیس کر نسوار چڑھانے سے خوب چھینکیں آتی ہیں ۔

sneezewort, n. ناک چھکنی ؛ کندس ؛ یورپ کا اور ایشیا کا ایک سفید پھولوں والا پودا جو سدا بہار ہے اور اس کے پسے ہوئے پتوں کی نسوار سے چھینکیں آتی ہیں ۔

snell, n. تانت ؛ نائیلون یا گھوڑے کے بال کا چھوٹا سا ٹکڑا جس کے ذریعے مچھلی پکڑنے کے کانٹے کو ڈوری سے باندھا ہوتا ہے ۔

snell, a. شدید ؛ چر جانے والا ؛ سریع ۔

snick, n. چھوٹا سا چرکا یا نشان ؛ زخمک ۔ (کرکٹ) کرکٹ میں گیند کو پھرتی سے لگائی گئی ضرب ۔ (فعل متعدی) چرکا لگانا ؛ قینچی سے کاٹنا یا کترنا ؛ تگڑی ضرب لگانا ۔ (کرکٹ) گیند کو تیز ضرب لگانا یا چھچھلتی ضرب لگانا ۔

snick, v.t. کھٹ کی آواز نکلوانا ؛ گھوڑا دبانا (بندوق کا) ۔ (فعل لازم) ذرا سی لیکن تیز آواز نکالنا (چیں کرنا) ؛ کڑک کرنا ۔ (اسم) ٹِک ٹک (آواز) ؛ کھٹ کی آواز ؛ چیں کی آواز ۔

snicker, snigger, v.i. دبی دبی سی حقارت آمیز ہنسی ہنسنا ؛ ہونٹوں میں ہنسنا ؛ مُنہ دبا کر ہنسنا ۔ (فعل متعدی) حقارت آمیزی سے ہنسنا کہ دوسرا سن سکے ۔ (اسم) حقارت آمیز لب خند ۔

snickersnee,snick-a-snee, snick-or-snee, n. چُھرا ؛ بڑا چاقو جو ہتھیار کا کام دیتا ہے ۔

snide, a. بدخواہ ؛ وسوسہ پیدا کرنے والا ؛ مکاری کے ساتھ رسوا کرنے والا ۔

sniff, v.i. سُڑکنا ؛ جلدی جلدی ناک کے ذریعے یوں سانس کو اندر لے جانا کہ آواز آئے ؛ سوں کرنا ؛ بار بارسوں کرنا ؛ ناک چڑھانا ؛ اپنی نفرت کا اس طرح سے اظہار کرنا (بعد میں at لگاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) ناک کے ذریعے اندر کھینچنا ، جیسے خوشبو یا ہوا کو ؛ بھانپ لینا یا سونگھ کر محسوس کرنا (جیسے : to sniff intending danger) ۔ (اسم) سُڑک ؛ زور سے سونگھنے ، سڑکنے کا عمل ؛ اس عمل سے پیدا ہونے والی سوں سوں کی آواز ؛ وہ چیز جس کی درکشی کی جائے (جیسے : a sniff of fresh air) ۔

sniffle, v.i. بار بار سُڑکنا ؛ بار بار درکشی کرنا ، جیسے زکام سے یا جذباتی آنسوؤں کے دبانے سے ۔ (اسم) درکشی کا عمل ؛ سوں سوں ؛ سُڑک ۔ (جمع) ناک میں نزلہ زکام کے باعث وہ صورت پیدا ہو جانا کہ آدمی بار بار سوں سوں کرتا رہے جیسے ناک بند ہو جانا (اس سے پہلے the لگاتے ہیں) ۔

sniffler, n. سوں سوں کرنے والا ؛ سُڑکنے والا ۔

sniffy, a. (عوامی) سوں سوں کرنے والا ؛ تحقیراً ؛ نک چڑھا ؛ کسی کو خاطر میں نہ لانے والا ؛ اینٹھے خاں ۔

sniffily, adv. نک چڑھے پن سے ۔

sniffiness, n. برخود غلط ۔

sniffish, a. نک چڑھا ۔

sniffishly, adv. چڑچڑاتے ہوئے ۔

sniffishness, n. اینٹھوپن ؛ نک چڑھا پن ۔

snifter, n. ایک بڑا سا پیالہ نما گلاس جس کی کمر چھوٹی ہوتی ہے جسے پینے والا دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر مشروب کو گرم رکھ سکتا ہے اور اس کے تنگ منہ سے مشروب کی مہک کو ناک کے ذریعہ اندر کھینچ سکتا ہے ۔ (عوامی) شراب کا چھوٹا سا جام ۔

singgle, v.t., v.i. بام مچھلی کو اس طرح پکڑنا کہ لاسا لگا کر کانٹے کو ان کے سوراخوں یا پناہ گاہوں میں چھوڑ دینا ؛ بام مچھلی کا شکار کرنے کے لیے ڈھیل والے کانٹے کو ان کی پناہ گاہ میں چھوڑنا ۔

snip, v.t. قینچی وغیرہ کے چھوٹے چھوٹے لیکن تیز وار کے ساتھ کاٹنا یا کاٹتے جانا ؛ اس طرح سے ہوا کو کاٹتے ہوئے اڑا لے جانا ۔ (فعل لازم) اس انداز سے کاٹا جانا ۔ (اسم) قینچی کترا ؛ اس طرح کا لگا/لگایا ہوا چھوٹا سا کٹ یا زخم ؛ چھوٹا سا کترا ہوا ٹکڑا ؛ کسی چیز کی چھوٹی سی کترن ، مقدار یا ٹکڑی ۔ (بول چال) نوعمر ؛ کم حیثیت یا کم وقعت آدمی ۔ (جمع) دھاتی چادریں کاٹنے والی دستی مقراض ۔

snipper, n. کترن تراش ؛ درزی ۔

snipe, n. (طیوریات) دلدلی جگہوں پر رہنے والے دراز چونچ پرندوں کا جُھنڈ ، اس میں شمالی امریکا اور یورپ کے متعدد پرندے شامل ہیں جو نوک دراز چھوں سے تعلق یا مشابہت رکھتے ہیں ؛ بٹیر یا ان کی قسم کے جانور ؛ کسی پوشیدہ جگہ سے چلائی گئی گولی ؛ قابل نفرت انسان ۔ (فعل لازم) نوک دراز پرندوں کا شکار کرنا ؛ سپاہیوں یا شہریوں پر یوں گولیوں کی بوچھاڑ کرنا جیسے شکار کیا جا رہا ہو ۔ (فعل متعدی) گولی چلانا ؛ چھپ کر گولی چلانا ۔

sniper, n. چھپ کر گولی چلانے والا ۔

sniperscope, n. ایک دیدبان جو رائفل کے ساتھ لگی ہوتی ہے ۔

اس سے خود پوشیدہ رہ کر ہدف کو دیکھا جا سکتا ہے ۔ دیکھیے : snooperscope۔

snippet, n. کترن ؛ چھیلن ؛ دھجی ؛ چھوٹا یا جزو یا حصہ ۔ (بول چال) بے حیثیت آدمی ؛ بے وقعت سمجھا جانے والا ؛ نو عمر ۔

snippy, a. (بول چال) بات چیت یا اطوار میں کڑوا اور روکھا (حقارت آمیز حد تک) ؛ چیتھڑا سا یا ٹکڑا ٹکڑا ۔

snippiness, n. کڑوا پن ۔

snippily, adv. کڑوے پن سے ۔

snips, n. چھوٹی لیکن مضبوط دستی قینچی ، خصوصاً وہ جسے کاریگر دھاتی چادروں پر استعمال کرتے ہیں ۔

snit, n. ہیجان یا پریشانی کی حالت ۔

snitch, v.t. (بول چال) چرا لے جانا ؛ چھین لے جانا ۔ (فعل لازم) (بول چال) مخبر بن جانا ؛ بک بک کرتے رہنا ؛ خبر کرنا ، بتلا دینا (بعد میں عموماً on لگاتے ہیں) ۔

snitcher, n. چور ؛ مخبر ؛ بکواسی ۔

snivel, v.i. سوں سوں کرتے ہوئے رونا ؛ چلانا ؛ رونی صورت بنا لینا ؛ کُڑھنا ؛ ناک بہنا ؛ ناک سُڑکنا ؛ زور سے ناک سِنکنا ؛ ناک صاف کرنا ؛ ٹسوے بہانا ۔ (فعل متعدی) سوں سوں کرتے ہوئے بولنا ؛ روتے ہوئے بولنا ۔ (اسم) کمزور ، جبری یا بناوٹی گریہ ؛ روتے ہوئے کرنے یا ہونے والی ہلکی سی سوں سوں ؛ مکارانہ اظہار احساسات ؛ بہتی ناک ۔ (جمع) ہلکا سا زکام (اس صورت میں پہلے the لگاتے ہیں) ۔

sniveler, Brit. sniveller, n. ٹسوے بہانے والا ۔

snob, n. ادعا پسند : مجلسی یا ذہنی حوالے سے اپنے آپ سے کم تر لوگوں پر برسنے والا ، جو اپنے سے زیادہ صاحب ثروت و حیثیت اور بلند تر ذہن والوں کے ساتھ روابط پیدا کرے اور ان سے مشابہت پیدا کرے ؛ اپنے بارے میں خود پسندی اور احساس برتری کے فریب میں مبتلا ؛ معاشرتی بلندی اور ذہنی برتری کا جھوٹا ادعا کرنے والا ۔

snobbery, n. ادعا پسندی

snobbish, a. ادعائی ؛ گھمنڈی ؛ برخود غلط ؛ ادعا پسند یا اس کے طور طریقوں والا ۔

snobbishly, adv ادعا پسندی سے ۔

snobbishness, n. ادعا پسندی ۔

snobby, a. کسی کو خاطر میں نہ لانے والا ؛ ادعا پسند ۔

snood, n. موباف ؛ موبند ؛ ایک مخصوص موبند جسے کبھی اسکاٹ لینڈ اور شمالی انگلستان کی کنواری لڑکیاں استعمال کرتی تھیں ۔ (ماہی گیری) مچھلی کانٹے کا تانت ۔ (فعل متعدی) بالوں وغیرہ کو باندھ کر رکھنا ؛ مچھلی پکڑنے کی ڈوری کے ساتھ بڑی تانت کے علاوہ ایک چھوٹی تانت باندھ دینا ۔

snook, n. خار پشت ماہی ، یہ فلوریڈا سے برازیل تک بحر اوقیانوس میں پائی جاتی ہے ، اس کی تھوتھنی لمبی ہوتی ہے ؛ اس نوع کی کوئی اور مچھلی ۔

snook, n. اپنی ناک پر انگوٹھا رکھ کر (اور انگلیاں پھیلا کر) للکارتے ہوئے گستاخانہ رویے کا اظہار ۔

snooker, n. (بلیئرڈ) ایک قسم کا کھیل جس میں پندرہ سرخ گیندوں میں سے ایک کو جیتنا ضروری ہوتا ہے (ہر سرخ گیند کا ایک نمبر ہوتا ہے) اس کے بعد ہی کسی اور رنگ کی زیادہ نمبروں والی چھ گیندیں کھیلی جا سکتی ہیں ، یہ ایک طرح کا پُول (مشترک) کھیل ہوتا ہے ۔

snoop, v.i. (بول چال) تاک جھانک کرنا یا کسی ٹوہ اور تلاش میں لگا رہنا ؛ دخل در معقولات کرنا ۔ (اسم) اس قسم کا عمل یا مثال ؛ اس شغل میں لگا رہنے والا ۔

snoopy, a. تاک جھانک ؛ دزدیدہ نظری ۔

snooper, n. تاک جھانک کرنے والا ؛ دزدیدہ نظر ۔

snooperscope, n. ایک اختراع جس کے ذریعے زیریں سرخ شعاعیں جب منعکس ہوتی ہیں تو اندھیرے میں بھی اشیا دکھائی دینے لگتی ہیں ؛ دوربینِ تاریکی ۔

snoot, n. (عوامی) ناک ۔ (بول چال) حقارت آمیز طور پر مُنھ چڑانے کا عمل ؛ ادعا پسند ۔

snooty, a. (بول چال) حقارت آمیز ؛ مغرور ۔

snootily, adv. حقارت آمیزی سے ۔

snootiness, n. متکبرانہ ۔

snooze, v.i. (بول چال) اونگھنا ؛ جھپکی لینا ؛ قیلولہ کرنا ۔ (اسم) (بول چال) نیند ؛ اونگھ ؛ قیلولہ ؛ جھپکی ۔

snoozer, n. قیلولہ کرنے یا جھپکی لینے والا ؛ اونگھنے والا ۔

snore, v.i. خراٹے لینا ؛ سوتے میں کھلے دہن یا ناک منھ سے تیز آواز نکلنا ۔ (فعل متعدی) سو کر گزار دینا ؛ وقت کو بیکار گنوا دینا (بعد میں away یا out لگاتے ہیں) ؛ خراٹوں میں گزار دینا ۔ (اسم) نیند میں کرخت اور بلند آہنگ تنفس ؛ خراٹے لینے کا عمل ؛ خرخراہٹ ۔

snorer, n. خراٹے لینے والا ۔

snorkel, n. ایک اختراع جس کے ذریعے آب دوز کافی عرصے تک زیر آب رہ سکتی ہے ، اس میں نلکیاں ہوتی ہیں جن کی رسائی سطح آب تک ہوتی ہے اور جن کے ذریعے ہوا کی درکشی اور برکشی ہوتی رہتی ہے ؛ ایک دہاں گیر نلکی جس کے ذریعے غوطہ خور زیر آب رہتے ہوئے بھی سانس لے سکتا ہے ۔ (فعل لازم) زرراٹ سرنا ؛ دمنی کے ذریعے سانس لینا (پہلے حرف کے بعد ch بھی لگا لیتے ہیں) ۔

snort, v.i. نتھنوں کے ذریعے زور زور سے (گھوڑے کی طرح) سانس لینا ؛ اس قسم کی آواز نکالنا ؛ اس قسم کی آواز نکال کر حقارت یا نفرت کا اظہار کرنا ؛ ہونکنا ۔ (بول چال) کھلکھلا کر ہنسنا ؛ کھلکھلانا ؛ نتھنے پھلا کر بات کرنا ؛ کھل کر ہنسنا ؛ ٹھاہ ٹھاہ کر کے ہنسنا ؛ خوب قہقہے لگانا ۔ (فعل متعدی) ایسی آواز نکالتے ہوئے بات کرنا ؛ نتھنوں سے زور کا سانس لینا یا یوں سانس باہر نکالنا جیسے ہونکا جا رہا ہو ۔ (اسم) ہونک کی آواز ؛ ہونک ۔ (بول چال) معمولی قسم کی زود اثر شراب جس کو بلاآمیز پیا جاتا ہے ، ٹھَرّا ۔

snorter, n. اس قسم کی آواز نکالنے والا ؛ ہونکا ۔ (بول چال) کوئی غیر معمولی اور بے مثال شے ۔

snot, n. نک رِس ؛ شوں ؛ مُف ؛ رینٹھ ۔ (عوامی) گھٹیا آدمی ؛ گستاخ ؛ قابل نفرت ۔

snout, n. کسی جانور کے سر کا وہ حصہ جو آگے کو نکلا ہوتا ہے اور اس میں ناک ، جبڑے وغیرہ ہوتے ہیں ؛ تھوتھنی ؛ پوزہ ؛ بوتھی ۔ (حشریات) منقار یا بوتھی (کیڑوں مکوڑوں

snout beetle, n. تھوتھن بھنورا ؛ ان بھنوروں میں سے کوئی ایک جس کا سر لمبوترا ہوتا ہوا چونچ میں مل جاتا ہے ، یہ کاشت کردہ پودوں کے لیے نقصان رساں ہوتا ہے ؛ سُرسُری ؛ گھن ؛ کرم دانہ ۔

کی بالخصوص تھوتھن بھونرے کی؛ کوئی شے جو جانور کی تھوتھنی کی سی ہو یا لگے (شکل میں یا کام میں) ؛ ٹونٹی یا پرنالہ ۔ (بول چال) لمبوتری ناک والا (توتا ناک) ۔

snouted, a. تھوتھنی کا ۔

snoutish, a. تھوتھنی والا ۔

snouty, a. تھوتھنی دار ۔

snow, n. ثلج ؛ یخ ؛ برف ؛ نیم منجمد فضائی آبی بخارات عموماً ہشت پہلو ، سفید ، قلمی پترے ؛ زمین وغیرہ پر جمی ہوئی ان گالوں کی تہ ؛ درجہ حرارت کے ۳۲ درجے فارن ہیٹ نیچے چلے جانے پر ان گالوں کی سطح زمین پر گرنے کی حالت ؛ برف باری ؛ طوفان برف ؛ برف سے مشابہ کوئی شے (رنگ میں یا ساخت میں) ؛ برف گوں کوئی منجمد یا کیمیائی مادہ (جیسے : carbon dioxide snow) ۔ (عوامی) کوکین یا ہیروئن ۔ (شاعری) بڑھاپے کے سفید بال ؛ سفید پھول ؛ برف کا رنگ ۔ (فعل لازم) برف باری ہونا ؛ برف کی طرح گرنا یا برسنا ۔ (فعل متعدی) برف باری کرنا ؛ برف کی طرح گرانا ؛ برف سے بھر دینا ، ڈھک دینا ، رکاوٹ ڈال دینا یا برف میں دبا دینا (بعد میں up, under , over لگاتے ہیں) ۔ (عوامی) چرب زبانی ، دلربائی یا جاذبیت سے رام کر لینا ۔

snowball, n. برف گولا ؛ برف کا کوئی تودا جس کو دبا کر یا یک جا کر کے گول کر دیا ہو ؛ ایک جھاڑی جس کے سفید پھول گول گول گچھوں کی فراوانی کے باعث برف کے گالوں کی طرح لگتے ہیں ؛ گل دنبہ ؛ سفید رنگ کی کوئی گول مٹھائی (رس گلے) ۔ (فعل متعدی) برف کے گولے کسی پر پھینکنا یا ان سے مارنا ؛ تیزی سے مجتمع کرنا ، زیادہ کرنا یا حجم میں بڑھانا ۔ (فعل لازم) برف کے گولے پھینکنا ؛ بڑھنا ، حجم میں اضافہ کرنا ؛ افزایش ہونا یا زیادہ ہونا (تیزی سے) ۔

snowbell, n. کوئی چھوٹا پودا یا جھاڑی جس میں سفید پھولوں کے گچھے لگتے ہیں ۔

snowberry, n. ثلج بیری ؛ ایک میٹھے رس والا پودا جسے اس کے سجاوٹی سفید پھلوں کی بنا پر کاشت کیا جاتا ہے ؛ اس درخت کا پھل ۔

snowbird, n. دیکھیے : snow-bunting - (عوامی) کوکین یا ہیروئن کا عادی ۔

snow blindness, n. ثلج کوری ؛ برف کوری : برف پر سورج کی منعکس شعاعوں کی چمک سے عارضی طور پر لاحق ہو جانے والا ضعف بینائی ۔

snow-blind, a برف کور ؛ ثلج کور ؛ برف چُندّھا ۔

snowblink, n. ثلجی چمک ؛ تابش یخ ؛ مخصوص سا سفید چندھیا دینے والا شعاعی انعکاس جو برف زاروں میں اٹھتا رہتا ہے ۔

snowblower, n. برف دھونکنی ؛ ایک برف شکن آلہ یا مشین جو برف کو اندر کھینچ لیتی ہے اور پھر اطراف میں اڑا دیتی ہے ۔

snowboots, n. ثلجی جوتے ؛ جوتوں کے اوپر پہننے کے ربر کے ہلکے جوتے ۔

snowbound, a. یخ بند ؛ برف نے جسے روک دیا/بند کر دیا ہو یا محصور کر دیا ہو ۔

snow-broth, n. پگھلتا ہوا یا پگھلا ہوا یخ ؛ گداختہ برف ؛ برفابہ ؛ کوئی انتہائی سرد مائع ۔

snow bunting, snowbird, snowflake, n. دُرسہ شمالی ؛ ایک پرندہ جو سرد خطوں میں رہتا ہے ، اس کا رنگ عموماً سفید ہوتا ہے لیکن کالے یا بھورے رنگ کی بھی کہیں آمیزش ہوتی ہے ۔

snowbush, n. سفید خولان ؛ ایسا کوئی پودا جس پر سفید سفید پھول بافراط لگتے ہوں جیسے سینوتھس ویلوٹینوس جو لمبے قد کا ہوتا ہے اور مغربی شمالی امریکا کے خولانی قبیلے سے تعلق رکھتا ہے ۔

snowcap, n. کلاہ برف ؛ غلاف برف جو کسی چیز کی چوٹی کو ڈھکے ہوئے ہو ، خصوصاً کسی قلۂ کوہ کو ۔

snow-capped, a. برف پوش(پہاڑ)۔

snowdrift, n. برفِ رواں؛ موج یخ ؛ یخ کا بہاؤ ؛ برف کا وہ تودہ یا ابھار جو ہوا کے عمل سے کہیں پیدا ہو گیا ہو ؛ برف باد آورد ۔

snowdrop, n. گل حسرت ؛ گل چاندنی ؛ ایک پودا جس پر لگنے والے سفید پھول الگ الگ اور جھکے جھکے ہوتے ہیں اور جو سال کے آغاز ہی میں نمودار ہو جاتے ہیں ۔

snowfall, n. برف باری ؛ کسی جگہ یا وقت پر پڑنے والی برف کی مقدار ۔

snow fence, n. برف روک ؛ ایک ہلکی سی لکڑی کی باڑ جس میں دھاتی تاریں بنی ہوتی ہیں ، اسے سردیوں میں پہاڑی علاقوں میں ریل پٹڑیوں کے ساتھ یا شاہراہوں کے کنارے ہوا کے رخ کھڑا کر دیتے ہیں تاکہ باد آوردہ برف کو روکا جا سکے ۔

snowfield, n. (ارضیات) برف زار ؛ سارا سال پڑی اور جمی رہنے والی اور دور تک پھیلی ہوئی برف کی پہنائی ۔

snowflake, n. برف کا گالا ۔ (طیوریات) سفید رنگ کا ایک پرندہ ؛ سہرہ سفید ۔ (نباتیات) برف گالوں سے مشابہ ایک پودا ؛ گل حسرت ۔

snow job, n (عوامی) غیر مخلص ، مبالغہ آمیز اور گمراہ کن باتوں سے کسی کو پھسلانے یا دام میں لانے کی کوشش ۔

snow leopard, n. ایک بڑی بلّی جو وسطی ایشیا کے پہاڑی علاقوں میں ہوتی ہے ، اس کے جسم پر لمبے ہلکے رنگ کی سفید سمور ہوتی ہے جس میں کالی کالی بندکیاں ہوتی ہیں ؛ برفانی تیندوا ۔

snow lily, n. سفید سوسن : سنگلاخ پہاڑی خطے میں ہونے والا ایک پودا جس کے پھول چمکیلے سفید یا زرد ہوتے ہیں ۔

snow line, snow limit, n. خط برف ؛ وہ خط یا حد جہاں سے اوپر پہاڑ سدا برف سے ڈھکے رہتے ہیں ؛ وہ خط عرض بلد جو سطح سمندر کے حوالے سے برف بار علاقے کی حد متعین کرتا ہے ۔

snowman, n. برفانی پتلا /مجسمہ ؛ برف کا بنایا ہوا انسانی مجسمہ ، جسے برفانی علاقے کے بچے شغلاً بناتے ہیں ۔

snowmobile, n. برف حرکی ؛ برف گاڑی ؛ برف پر چلنے کے لیے بنائی ہوئی موٹر ؛ برفانی موٹر ۔

snow-on-the-mountain, n. مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا کا ایک پودا جو اب مشرقی علاقوں میں بھی بویا جاتا ہے ، اس کی پھول کٹوری کی سبزی مائل زیربرگی کا حاشیہ خاصا سفید ہوتا ہے ،جس سے اسے یہ نام ملا ۔

snowpack, n. یخ آلود قطعہ ؛ وہ فرازی علاقہ جہاں پر برف خوب جم جاتی ہے اور گرمیوں میں بتدریج پگھل پگھل کر نشیبی

علاقے کو سیراب کرتی ہے۔

snow plant, n. برف کائی ؛ ایک چمکیلا سرخ پودا جو کیلیفورنیا کے سیراس کی بلندیوں پر اکثران دنوں میں بھی کھلا ہوتا ہے جب زمین ابھی برف پوش ہوتی ہے ؛ ایک قسم کی نباتاتی کائی جو فراوانی کی حالت میں جس جگہ برف پر پھیلی ہوتی ہے اسے سرخ سی رنگت دے دیتی ہے۔

snowplow, n. برفانی ہل یا قلبہ ؛ ایک خودکار آلہ جس سے سڑکوں ، ریل کی پٹڑیوں وغیرہ پر سے برف کو ہٹایا جاتا ہے۔(اسکی انگ) اسکی دوڑ کی ایک چال جس میں اسکی جوتوں کی ایڑیاں الگ کر دی جاتی ہیں تا کہ مڑنے ، دھیمے پڑنے یا رکنے میں آسانی ہو۔

snow pudding, n. سفید حلوہ ؛ ایک قسم کی نرم گداز سی پڈنگ جو جلیٹن ، شکر اور انڈوں کی سفیدی کی گاڑھی آمیزش سے تیار کی جاتی ہے۔

snowshed, n. برفانی چھپر ؛ ریل کی پٹڑی پر پہاڑی علاقوں میں برف سے بچاؤ کے لیے کہیں کہیں بنایا ہواچھپر۔

snowshoe, n. برفانی چرمی موزہ ؛ ایک ایسی اختراع جس میں ایک قسم کا ہلکا سا ریکٹ کی شکل کا چوکھٹا جس پر چمڑا مڑھا ہوتا ہے اور جسے پاؤں سے باندھ کر دھنس جانے کے خطرے کے بغیر گہرے برف پر چلا جا سکتا ہے۔ (فعل لازم) برفانی موزے پہن کے چلنا یا سفر کرنا۔

snowshoer, n. برفانی جوتے والا۔

snowslide, n. برفانی کڑاڑا ؛ برف کے تودے کا کسی گہری ڈھلوان کی طرف پھسل جانے کا عمل ؛ برف تودہ ؛ برف کا انبار۔

snowsuit, n. برفانی سوٹ ؛ جیکٹ اور لمبے پاجامے پر مشتمل وہ لباس جسے بچے سردیوں میں گھر سے باہر جاتے وقت پہنتے ہیں ، یہ کبھی جڑواں ہوتا ہے اور کبھی الگ الگ۔

snow tire, n. برفانی ٹائر ؛ برف پر چلنے کے لیے تیار کیا ہوا مخصوص موٹر ٹائر جس کے نیچے ایک چوڑی پٹری لگی ہوتی ہے جس کی بدولت اس کو برف پر چلانے میں اضافی مدد ملتی ہے۔

snow train, n. برفانی ٹرین ؛ مسافر گاڑی جس میں بیٹھ کر لوگ زمستانی کھیلوں کے علاقوں میں جاتے ہیں۔

snow-white, a. برف کی طرح سفید۔

snowy, a. برفیلا ؛ جہاں برف ہی برف ہو ؛ برف پوش ؛ برفانی ؛ برف کی طرح کا رنگ ؛ خالص ، بے داغ ؛ بے عیب ؛ بے نقص۔

snowily, adv. برف کی طرح۔

snowiness, n. برف پن۔

snowy owl, n. برفانی اُلّو ؛ ایک قسم کا روز خیز الو جو قطب شمالی اور ذیلی خطوں میں ہوتا ہے ، اس کے پر سفید ہوتے ہیں جس پر کہیں کہیں بھوری یا خاکستری بِندیاں ہوتی ہیں ، سردیوں میں یہ زیریں علاقوں میں چلا جاتا ہے۔

snub, v.t. حقارت سے سلوک کرنا ؛ نظر انداز کرنا ، دانستہ خفیف کرنا ؛ طنزیہ بات کہہ کر روکنا ؛ باز رکھنا یا جھڑک دینا ؛ کسی کی حرکت کو یک دم ختم کر دینا یا روک دینا ، جیسے رسے ، ڈوری وغیرہ کی ؛ کشتی وغیرہ کو رسی سے کسی تھم کے ساتھ باندھ کر کھڑا کرنا۔ (اسم) ڈانٹ ؛ دھتکار ؛ زجر ؛ جھڑکی ؛ دورباش ؛ رسی ڈوری وغیرہ کی حرکت کا دفعتاً خاتمہ یا عنان گرفتگی۔ (صفت) اوپر کو اٹھی ہوئی (ناک وغیرہ)۔

snubbed, a. نظر انداز کیا ہوا۔

snubber, n. ڈانٹ پلانے والا ؛ ڈانٹ ڈپٹ کرنے والا۔

snubness, n. جھڑکی یا ڈانٹ۔

snubby, a. چھوٹی ، چپٹی ، چڑھی ہوئی (ناک) ؛ حقارت آمیز رویے والا۔

snubbiness, n. حقارت آمیز رویہ یا جھڑکی۔

snub-nosed, a. چھوٹی چڑھی ہوئی ناک والا۔

snuff, n. بتی کا جلا ہوا سرا یا کچھ جلا ہوا حصہ ؛ گل ؛ بتی کا گل۔ (فعل متعدی) تراشنا ، جھاڑنا یا الگ کرنا جیسے بتی کی لو (بعد میں out لگاتے ہیں)۔

snuff out, (بول چال) ختم کر دینا اچانک اور مکمل طور پر، جیسے مار دینا۔

snuff, v.t., v.i. ناک کے ذریعہ اندر کھینچنا جیسے ہوا ؛ اوپر کو چڑھانا ؛ سُڑکنا ؛ خوش بو کو درکش کرنا ؛ سونگھنا ؛ سُوں کے ساتھ درکشی کرنا ؛ معائنے کے لیے سونگھنا ؛ خوشبو لینا جیسے جانور کرتے ہیں ؛ ہونکنا ؛ نسوار لینا۔ (اسم) سوں سوں کی آواز ؛ سُڑک ؛ درکشی۔

snuff, n. ناس ؛ ہلاس ؛ نسوار کی ایک چٹکی ، جو ایک مرتبہ لی جاتی ہے۔

up to snuff, (بول چال) میعار کے مطابق تسلی بخش۔ (برطانوی بول چال) کائیاں یا حاضر دماغ۔

snuffbox, n. ناس/نسوار کی جیبی ڈبیہ۔

snuffer, n. (اکثر جمع) گل گیر ؛ شمع یا موم بتیوں کی بتی تراشنے یا بجھانے کا آلہ ؛ وہ شخص یا شے جو بتی کاٹے /بجھائے یا جس سے بتی کاٹی /بجھائی جائے۔

snuffer, n. ناس یا ہلاس سونگھنے والا ؛ ناس یا نسوار لینے والا۔

snuffle, v.t., v.i. ناک سے سانس لینے کی آواز آنا ؛ سوں سوں کرنا ؛ ناک سے بولنا یا منمنانا ؛ زوں زوں کرنا ؛ منمنانا ؛ گنگنانا۔ (اسم) اس قسم کا عمل یا یوں پیدا ہونے والی آواز (جو خود ساختہ ہو)۔ (جمع) زکام میں مبتلا ؛ نزلہ ؛ غنہ۔

snuffler, n. منمنا ؛ ناک میں بولنے والا۔

snuffly, a. منمنی آواز۔

snuffy, a. ناس کا سا ؛ ناس سے آلودہ ؛ ناسی یا نسوار کی سی بدبو یا مہک والا ؛ نسواریا ؛ ناگوار یا ناموافق ؛ میلا۔

snuffiness, n. ناس کی سی کیفیت۔

snug, a. آرام دہ اور پُرسکون جیسے کوئی جگہ ؛ کسی قدر پیوستہ یا واجبی سائز کا ؛ سایہ دار اور گرم ؛ صاف ، ستھرا ، ڈھب سے آراستہ کیا ہوا جہاز یا اس کے حصے ؛ موسم کی زد سے اچھی طرح محفوظ ؛ جسم پر خوب بیٹھتا ہوا(ملبوس)لیکن جو بہت کسا ہوا نہ ہو ؛ راحت بخش طور پر یا ایسے حالات میں (اشخاص) ؛ خوش آئند یا گورا (خصوصاً اپنے مخصوص انداز اور حیثیت میں) ؛ آرام سے دن گزارنے کے قابل بنا دینے والی (جیسے : a snug fortune) ؛ اچھی طرح سے پوشیدہ ؛ خفیہ۔ (فعل لازم) قریب قریب یا آرام سے لیٹنا ؛ ایک دوسرے کے پاس لیٹنا ؛ لپٹ کر بیٹھنا یا لیٹنا۔ (فعل متعدی) آرام دہ بنانا وغیرہ وغیرہ ؛ قابل اطمینان جگہ پر متعین کرنا۔ (جہاز رانی) جہاز کو

طوفان کے مقابلے کے لیے تیار کر لینا ، اس کے حرکت پذیر سامان کو باندھتے ہوئے یا بادبان سمیٹتے ہوئے (بعد میں down آتا ہے) ۔

snugly, adv. بڑے آرام سے ۔

snugness, n. آرام دہ ہونے کی حالت ۔

snuggery, snuggerie, n. (خصوصاً برطانوی) آرام دہ جگہ یا منصب ؛ راحت بخش یا پرسکون کمرہ ، خصوصاً چھوٹا سا جس میں آدمی تنہائی کی خاطر چلا جاتا ہے ؛ خلوت خانہ ؛ کوئی راحت بخش یا آرام دہ مکان یا ٹھکانا ۔

snuggle, v.i. راحت لگاؤ یا گرم جوشی سے ایک دوسرے کے ساتھ لپٹنا یا لپٹ کر لیٹنا یا ہم آغوشی کی حالت میں ہونا ؛ لپٹ جانا ؛ بغل گیر ہونا ؛ ہم آغوش ہونا ۔ (فعل متعدی) بھینچ لینا یا لپیٹ لینا (تسکین کی خاطر یا محبت کے باعث) ۔ (اسم) بغل گیری ؛ ہم آغوشی ۔

so, adv. پس ؛ یوں (غیر مخصوص لیکن معلوم درجے تک یا مقدار تک (جیسے : Do only so much and no more) ؛ اسی انداز میں ؛ یوں ہی (جیسے : He left and so did she) ؛ اس طور سے ؛ جس طرح سے پیش کیا گیا ہے (جیسے : It should be done so) ؛ جیسا ذکر یا بیان ہوا (جیسے : I think so) ؛ بہت زیادہ ؛ خاصی حد تک (جیسے : The cruel remark heart him so) ؛ حد سے زیادہ یا بہت زیادہ (جیسے : you are so pretty) ؛ صورت حالات یوں ہے (جیسے : So you came back did you?) ؛ قطعی طور پر اور پورے وثوق کے ساتھ ؛ کامل یقین کے ساتھ (جیسے : I did so lock the door) ؛ اس طریقے سے (جیسے : So conduct yourself that you won't be noticed) ؛ نتیجةً ؛ نظربریں حالات (جیسے : He is ill and so cannot attend) ؛ کوئی مقصد، مطلب لیے ہوئے (جیسے : a gift so honoring the occasion) ؛ اس طریقے سے جو اس کا نتیجہ یا ثمر ہے (جیسے : as you sow so shall you reap ؛ بلا شبہ ؛ یقیناً ؛ پہلے کہی گئی بات پر زور دیتے ہوئے یا تصدیق کرتے ہوئے (جیسے : He said he will stay and so he will) ؛ اس لیے (جیسے : and so they set out on their journay) ۔ (صفت) مسلمہ یا مانا ہوا ؛ بہت اچھا (جیسے : So be it) ؛ سابقاً کہے یا خدشہ ظاہر کرنے کے مطابق (جیسے : She said it would be hot and so it turned out.) ۔ (حرف عطف) جس بنا پر ؛ لہٰذا (جیسے : it was late so she went home) ۔ (فجائیہ) (بول چال) لاریب ؛ خوب ؛ خبردار ۔ (ضمیر) سابقہ بیان یا اشارے کے مطابق (جیسے : He was the only tenant and remained so) ؛ مقدار یا تعداد میں کسی اندازے کے قریب قریب (جیسے : He bought ten or so items) ۔

so as, تاکہ (بعد میں عموماً مصدری حالت آتی ہے ، جیسے : He came along so as to provide and escort) ؛ تقابل یا توصیف کے طور پر بطور مرجع (جیسے : so far as I know, so new as to be questionable) ۔

so that, اس لیے کہ ؛ نتیجةً (جیسے : She stated early so that she would arrive on time,) ۔

so to speak, یوں کہیے ؛ یوں سمجھیے ۔ (مجازاً) گویا کہ (جیسے : we were all at sea, so to speak, until the situation was explained to us) ۔

so, n. دیکھیے : sol ۔

soak, v.i. پانی یا کسی اور مائع میں پڑے رہ کر سیراب ہو جانا یا شرابور ہو جانا ؛ خوب تر ہو جانا ؛ کسی مائع کی طرح مساموں یا درزوں میں سے گزر جانا (عموماً through, in یا out کے ساتھ) ؛ رچ بس جانا یا ذہن یا شعور میں اتر جانا (بعد میں in یا into لگاتے ہیں) ۔ (بول چال) بے تحاشا پی جانا ؛ بے غل غش چڑھا جانا ۔ (فعل متعدی) کسی مائع میں اس لیے رکھنا کہ وہ اس میں اچھی طرح رچ بس جائے ؛ خوب بھگونا یا تر کرنا ؛ شرابور کر دینا ؛ جذب کر لینا ؛ پوری طرح سرایت کرنا (مائع یا رطوبت کی طرح) ؛ تربتر کر کے کھینچ لینا ، ہٹا لینا یا نکال لینا ؛ عمل انجذاب سے چوس لینا یا پی جانا ، بعد میں up لگاتے ہیں (جیسے : Blotting paper soaks up ink) ۔ (عوامی) پی کر بدمست ہو جانا ؛ حد سے زیادہ پی جانا ؛ گروی رکھنا ؛ بُری طرح پیٹنا یا سزا دینا ؛ بہت زیادہ محصول یا قیمت وصول کرنا ۔ (اسم) شرابور کرنے کا عمل یا ہونے کی حالت ؛ وہ سیال جس میں کسی شے کو بھگویا یا ڈبویا جائے ۔ (عوامی) پُرنوش ؛ بلا نوش ۔

soakage, n. جذب ہونے کا عمل ؛ چھلکا ہوا مائع ؛ جذب شدہ مائع ۔

soaker, n. بھیگنے یا بھگونے والا ؛ خوب پینے والا ۔

soakingly, adv. بھگوتے یا تربتر کرتے ہوئے ۔

so-and-so, n. (بول چال) فلاں فلاں ؛ کوئی غیر شخص یا بے نام کا فرد یا شے ، دق کرنے ، تنگ کرنے یا اکتا دینے والا شخص ؛ ایرا غیرا (حسن بیان کے طور پر مستعمل) ۔

soap, n. صابن ؛ صابون ؛ القلی اور چکنائی کا ایک آمیزہ جو پانی میں حل ہو جاتا ہے اور بطور مصفیٰ اور صاف کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (عوامی) خوشامد ۔ (فعل متعدی) صابن ملنا ؛ صابن لگا کر دھونا ۔ (عوامی) خوشامد یا چاپلوسی کرنا ۔

no soap, نامنظور (تجویز یا خیال) ۔

soapless, a. بے صابن کا ۔

soaplike, a. صابن کی طرح (جھاگ دار) ۔

soapbark, n. صابن چھال ؛ بعض درختوں کی اندرونی چھال جو صابن کے متبادل کے طور پر مستعمل ہے ؛ اس قسم کی چھال والا درخت ۔

soapberry, n. ریٹھا ؛ منطقہ حارہ اور نیم حارہ منطقے کے اُن درختوں میں سے کوئی ایک جن کے پھل صابن کے متبادل کا کام دیتے ہیں ؛ ایسے پھل دینے والے درختوں میں سے کوئی ایک ۔

soapbox, n. صابن پیٹی ؛ لکڑی کا وہ صندوق یا پیٹی جس میں صابن بند کر کے لایا یا بھیجا جاتا ہے ؛ اس قسم کا کوئی خالی صندوق جسے مقرّر وقتی طور پر گلی کوچوں میں لوگوں سے خطاب کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے ۔ (فعل لازم) صندوق پر کھڑے ہو کر خطاب کرنا ؛ غیر رسمی طور پر خطاب کرنا ۔ (صفت) جوشیلے مقرروں ، خطیبوں یا تقریروں سے مخصوص ۔

soapbox derby, n. کسی پہاڑی ڈھلان پر سے بچوں کی دوڑ جو ابتداً خودساختہ لکڑی وغیرہ کی بنائی ہوئی گاڑی پر بیٹھ کر لگائی جاتی ہے اور اس میں چلانے والی کوئی کل نہیں ہوتی ۔

soap bubble, n. صابونی بلبلہ جو پانی ملے صابن سے خود بخود پیدا ہو جاتا ہے ۔ (مجازاً) کوئی عارضی لیکن دل خوش کن شے ۔

soap opera, n. دن کے وقت کا نشریاتی پروگرام جس میں ذاتی یا گھریلو امور کو خوش انجام اور جذباتی انداز میں سلسلہ وار پیش کیا جاتا ہے اور چونکہ اس کے اخراجات صابن ساز برداشت کرتے

تھے اس لیے یوں موسوم ہوا۔

soap plant, n. صابونیہ ؛ وہ درخت جس کے کسی حصے سے صابن کا کام لیا جا سکے ، خصوصاً کیلی فورنیا کا سوسن کے خاندان کا ایک درخت جس کی گانٹھیں صابن کے طور پر استعمال ہوتی تھیں۔

soapstone, steatite, n. سنگ صابون ؛ ایک کثیر النوع قسم کا طلق یا ابرق جو کچے پتھر کی شکل میں پایا جاتا ہے ، اس کو ہاتھ لگائیں تو چکناہٹ یا صابن کا سا احساس ہوتا ہے ، یہ چولھوں ، انگیٹھیوں اور گرم پائے دانوں میں استعمال ہوتا تھا ؛ گل صابون۔

soapsuds, n. کف صابون ؛ آب صابون ؛ صابن جھاگ ، اس جھاگ کے بلبلے۔

soapwort, bouncing Bet, n. غاسول ؛ ایک سدا بہار اور بہت عام پودا جس کے پتوں کو پانی میں کچلیں تو جھاگ دیتے ہیں۔

soapy, a. صابون نما ؛ صابون دار ؛ صابونی خصائص والا ؛ صابون آلودہ۔ (عوامی) خوشامدی ، روغنی ، چکنا۔

soapily, adv. صابون کا ؛ خوشامد سے۔

soapiness, n. صابونیت ؛ خوشامد ؛ تملق۔

soar, v.i. بلند پروازی کرنا (پرندے یا طیارے کا) ؛ پر ہلائے بغیر پرندے کا اوپر کو یا طیارے کا انجن کے سہارے کے بغیر تیرتے جانا؛بلندی کی طرف جانا (جیسے : a mountain soars above a plain) ؛ معمول سے اوپر اضافہ ہو جانا (جیسے : Costs that soar) ؛ اوپر کی جانب اٹھا لے جانا (جیسے : hopes soaring high) ۔ (اسم) بلند پروازی یا اوپر چڑھنے کا عمل ؛ پروازی حد۔

soarer, n. بلند پروازی کرنے والا۔

sob, v.i. سسکیاں بھرتے ہوئے رونا ؛ لرزہ آور طریقے سے سانس لیتے ہوئے رونا ؛ اس قسم کی آواز نکالنا (جیسے : Wind sobs through the trees) ۔ (فعل متعدی) سسکیاں بھرتے ہوئے کسی حالت میں چلے جانا (جیسے : She sobbed herself to sleep) ؛ سسکیوں میں ادا کرنا یا سسکتے ہوئے کچھ کہنا (جیسے : She sobbed out the answer) ۔ (اسم) ہچکیوں کے ساتھ سانس لینے کا عمل ؛ سسکی یا اس قسم کی آواز۔

sober, a. ہوش مند ؛ جس نے پی ہوئی نہ ہو ؛ عادتاً اجتناب پسند،شراب کے استعمال میں ؛ کم گو ؛ ٹھہرے مزاج والا ؛ سنجیدہ ، متین ، صدق دل والا ؛ اپنے آپ کو قابو میں رکھنے والا ؛ تجاوز ، اسراف یا مبالغے سے پاک ؛ دبا دبا سا (رنگ وغیرہ) ؛ بے بھڑک یا بے نمایش (کپڑا) ؛ معقول ؛ سمجھ دار۔ (فعل لازم و متعدی) متین سنجیدہ ہونا یا بنانا۔

soberingly, adv. ہوش مندی سے کام لیتے ہوئے۔

soberize, v.t. سنجیدہ یا کم گو ہونا۔

soberly, adv. ہوش مندی سے۔

soberness, n. سنجیدگی ؛ متانت ؛ کم گوئی۔

sobersided, a. متین طبع یا کردار والا ؛ رشید ؛ سنجیدہ ؛ معقول۔

sobersides, n. (عوامی) عادی ؛ متین یا بے مزاح شخص (روکھا انسان)۔

sobriety, n. متانت ؛ سنجیدہ یا متین ہونے کی حالت ؛ اجتناب پسندی خصوصاً نشہ آور شرابوں کے معاملے میں ؛ سنجیدگی یا گھمبیرتا۔

sobriquet, soubriquet, n. [فرانسیسی] عرف۔

sob sister, n. (عوامی) وہ صحافی جس کو انسانی دلچسپی والی جذباتی کہانیوں میں تخصص حاصل ہو ؛ جذباتی انسان جو اچھے کاموں یا اشغال میں لگا رہتا ہے۔

sob story, n. (عوامی) رحم و ہمدردی پیدا کرنے والی جذباتی کہانی ؛ ہمدردی جسے عموماً عذر غیر موجودگی کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

socage, soccage, n. وسطی دور کے انگلستان میں بعض معیّن غیر عسکری خدمات یا لگان کے بدلے دیا جانے والا کسی زمین کا قبضہ۔

socager, n. مندرجہ بالا نوعیت کی اراضی کا پٹہ دار۔

so-called, a. نام نہاد ؛ الموسوم ؛ عرفاً ؛ یوں مان لیا گیا (جیسے : the so-called birth place of foot ball) ؛ غلط طور پر موسوم کیا گیا (جیسے : robbed by his so-called honest employee) ۔

soccer, n. ساکر ؛ فٹ بال کی طرز کا ایک کھیل جس میں گیارہ گیارہ افراد پر مشتمل دو مخالف ٹیمیں گیند کو آگے بڑھا کر ، مار کر یا ٹھوکر سے مخالف گول میں ڈالنے کی کوشش کرتی ہیں ، اس میں ہاتھ اور بازو کے سوا جسم کا ہر حصہ استعمال ہو سکتا ہے ؛ فٹ بال۔

sociability, n. ملنساری ؛ دوسروں کے ساتھ مل کر رہنے کا رجحان ؛ دوست داری ؛ یار باشی ؛ مجلس پسندی ؛ سماج داری۔

sociable, a. ملنسار ؛ دوست دار ؛ مدنی الطبع ؛ معاشر ؛ سماج دار ؛ دوسروں کے ساتھ مل کر رہنے کو پسند کرنے والا یا یار باش ؛ مجلس پسند یا خوش گوار تعلقات کا خواہاں یا ان میں ممد۔ (اسم) ایک ہی عقیدہ کے لوگوں کی غیر رسمی بیٹھک یا اجتماع۔

sociableness, n. ملنساری ؛ سماج داریت۔

sociably, adv. ملنسارانہ یا صحبت پسندی کے طریقے سے۔

social, a سماجی ؛ معاشرتی ؛ کسی معاشرے میں رہنے والے انسان سے متعلق یا عوام سے بحیثیت ایک مجموعی ادارہ کے ؛ بہت جلد دوستانہ تعلقات بڑھالینے والا ؛ مجلس دوست یا اس رجحان کو آگے بڑھانے والا ؛ مجلسی ؛ فیشن ایبل سوسائٹی سے متعلق (جیسے : a social occasion) ؛ دوسروں کے ساتھ مل جل کر رہنا پسند کرنے والا ؛ مقام و منصب سے متعلق (جیسے : a comparable social group) ؛ جمعیتوں کی صورت میں رہنے والے لوگوں کی بہبود ، باہمی روابط اور رہن سہن کے حالات کے متعلق۔(نباتیات) مدار یا گچھوں کی شکل میں قدرتی طور پر اُگنے والے پودے۔(حیوانیات) گروہ بن کر رہنے والے ، جیسے بھیڑیے ، چیونٹیاں یا شہد کی مکھیاں۔ (تاریخ) اتحادیوں یا وفاقیوں کے مابین وقوع پذیر جیسے رومی جنگیں۔(اسم) کوئی سماجی بیٹھک ؛ مجلسی اجتماع۔

social climber, n. بلند معاشرتی مقام حاصل کرنے کی خاطر بااثر اور بڑے بڑے لوگوں سے زبردستی رسم و راہ پیدا کرنے والا۔

social climbing, n. راہ و رسم سے معاشرتی مقام حاصل کرلینے کا فعل۔

social contract, n. معاہدۂ عمرانی ؛ شعورِ عمرانی ؛ معاشرتی سمجھوتا (جو افراد نے باہمی حفاظت کی خاطر آپس میں کیا ہو) ؛ ہابس ، لاک ، روسو وغیرہ ایسے فلسفیوں کا نظریہ کہ منظم معاشرے یا حکومت نے اس قسم کے ان ڈھیلے ڈھالے معاہدوں ہی سے ارتقا پایا جو

ابتداً مختلف افرادی انجمنوں کے مابین ہوئے تھے ؛ عقدِ اجتماعی ۔

social democracy, n. اشتراکی جمہوریت ؛ ایک سیاسی نظریہ جس کی بنیاد مارکسی اقتصاد پر مبنی سیاسی تخیل پر ہے اور جو سرمایہ داری سماج سے اشتراکی سماج کی جانب جمہوری وسائل اور طریقوں سے تدریجی بیش رفت کی وکالت کرتا ہے ۔

social disease, n. معاشرتی مرض ؛ سماجی روگ ؛ کوئی مرض جس کا سماجی اور اقتصادی حالات سے تعلق ہو، جیسے تپ دق ۔

Social Gospel, n. (مذہب) بیسویں صدی کے اوائل میں شمالی امریکا کے پروٹیسٹنٹ فرقے کی ایک مذہبی تحریک جس کا مقصد یہ تھا کہ لوگوں کے رہن سہن کو حضرت عیسیٰ کی تعلیمات کے مطابق ڈھالا جائے ۔

social insurance, n. سماجی بیمہ ؛ سرکاری بیمہ ؛ حکومت کا ایک رعایتی منصوبہ جس میں ہر مستحق شہری کو بعض خطرات مثلاً بے روزگاری، معذوری اور ضعیف العمری کے اثرات سے مکمل تحفظ فراہم کیا جاتا ہے ۔

socialism, n. اشتراکیت ؛ سوشلزم ؛ معاشرتی تنظیم اور حکومت کا ایک نظریہ یا طریقہ جس میں ذرائع پیداوار اور تقسیم لوگوں کی اشتمالی ملکیت ہوتے ہیں اور انتظامی باگ ڈور ریاست کے ہاتھ میں ہوتی ہے ؛ مارکسیت کے مطابق وہ درمیانی صورتِ حال جس کا سرمایہ داری کے بعد آنا اٹل ہے اور اس کے بعد ہی مکمل غیر طبقاتی معاشرہ ایک حقیقت بن سکتا ہے ۔

socialist, n. اشتراکی ؛ سوشلسٹ ؛ اشتراکیت کا پرچار کرنے والا ۔ (بڑے S سے) وہ شخص جو کسی نام کی سیاسی پارٹی کا رُکن ہو (جیسے: He is a dues-paying socialist) ۔

socialistic, a. اشتراکیت کا ۔

socialistically, adv. اشتراکیت کے اصول سے یا اس کے مطابق ۔

socialite, n. وہ مرد یا عورت جو مجلسی طور پر چیدہ حلقوں میں معروف یا ہم سَر تسلیم کیے جاتے ہوں ۔

sociality, n. معاشرت ؛ معاشرت پسندی ؛ ملنسار ہونے کی خوبی ؛ افراد میں گروہ بند ہونے کا رجحان ۔

socialize, v.t., v.i. معاشری بنانا ؛ سماجی بنانا یعنی کسی شے کو سماج کی ضرورتوں اور فائدوں کے مطابق ڈھالنا ؛ معاشرتی میلان پیدا کرنا ؛ دوسروں کے ساتھ رفیقانہ زندگی کے لیے موزوں بنانا ؛ اشتراکی نظریات کے حسب حال بنانا یا چلانا ؛ دوسروں کے ساتھ دوستانہ میل جول پیدا کرنا ۔

socialization, n. اشتراکی بنانے یا بنائے جانے کا عمل ۔

socializer, n. اشتراکی اصولوں پر ڈھالنے والا ؛ رفیقانہ زندگی کا داعی ۔

socialized medicine, state medicine, n. سماجی طب ؛ سرکاری طب : یہ تصور کہ ڈاکٹری اور بعض دیگر حفظانِ صحت کی سہولتوں کے سلسلے میں سرکاری اعانت ہونی چاہیے تاکہ تمام لوگوں کو طبی امداد میں برابر کی آسانیاں حاصل ہوں اور یوں اس عدمِ مساوات کا سدِّباب ہو جائے جو انفرادی طور پر ان کی قیمت ادا کرنے کی اہلیت کے نظام سے پیدا ہوتی ہے ۔

socially, adv. معاشرتی طور پر یا طریقے پر (جیسے: socially agreeable) ؛ معاشرتی معیارات کے لحاظ سے (جیسے: socially unacceptalbe) ؛ معاشرے میں یا اس کی طرف سے (جیسے: socially active) ۔

social-minded, a. مجلسی ؛ معاشرے کے حالات میں خصوصی دلچسپی لینے والا، خصوصاً فلاحی اداروں یا فلاحی خدمات سے رابطہ رکھنے والا ۔

social science, n. سماجی یا معاشرتی علم ؛ علم کی وہ شاخ جس کا تعلق اِن تمام معاملات سے ہے جو معاشرتی حالات یا ان روابط اور اداروں سے تعلق رکھتے ہیں جو انسان کی ایک منظم جماعت کے رکن کی حیثیت سے اس کے وجود اور بہبود کا احاطہ کرتے ہوں ؛ کوئی شاخِ مطالعہ جو معاشرے یا اس کے اداروں کے حوالے سے انسان کے کسی ایک پہلو سے واسطہ رکھتی ہو، جیسے اقتصادیات یا عمرانیات ۔

social scientist, n. معاشرتی علوم کا ماہر یا محقق ۔

social secretary, n. سماجی معتمد ؛ وہ معتمد جو سماجی طور پر فعال آجر (اعلیٰ منصب کے فرد) کے ذاتی معاملات کو نمٹانے کا ذمہ دار ہو، خصوصاً ذاتی خط و کتابت اور مجلسی ذمہ داریاں ۔

social security, n. (عموماً بڑے S سے) سماجی تحفظ ؛ حکومت کی جانب سے چلائی جانے والی ایک اسکیم جس میں بُڑھاپے کی پنشن، پس ماندگان کے مفادات، صحت یا معذوری کے بیمہ وغیرہ شامل ہیں ۔

social service, n. معاشرتی خدمت ؛ کوئی نظام جو فرد کی بہبود کے لیے سرکاری معاشی امداد یا خدمات فراہم کر رہا ہو، عموماً پیشہ ورانہ راہنمائی میں رضاکار لوگوں یا تربیت یافتہ کارکنوں کی جانب سے فرد کی بہبود کا کوئی منظم عمل جو انجام دیا جائے ۔

social studies, n. معاشرتی علوم ؛ ابتدائی ثانوی یا کالج کے نصاب تعلیم میں درج شدہ وہ نصاب جس کا موضوع انسان اور معاشرے کے باہمی تعلقات و معاملات سے ہو، جیسے تاریخ اور عمرانیات ۔

social welfare, n. سماجی بہبود ؛ کسی ادارے مثلاً بلدیہ کی جانب سے انجام دی جانے والی خدمات جن کا تعلق ضرورت مند افراد کے مفاد یا مجموعی طور پر پورے معاشرے کی بہبود سے ہو ۔

social work, n. سماجی کام/خدمت یا خدمات ؛ کوئی کام، خدمت یا پیشہ ورانہ معاونت جس کا مقصد جماعت کے معاشرتی حالات کی بہتری ہو، جیسے اداروں یا افراد کی طرف سے غربا کی حالت کی اصلاح، بہبودِ اطفال یا انسان دوستی کی دوسری کوششیں ۔

social worker, n. سماجی کارکن ۔

society, n. معاشرہ ؛ سماج ؛ سوسائٹی ؛ رفاقت ؛ سنگت ؛ لوگوں کا گروہ جو کسی مشترکہ مقصد کے لیے باہم متحد ہو، خصوصاً ادبی، سائنسی، سیاسی، مذہبی، فلاحی مقاصد یا شادمانی وغیرہ کے لیے ؛ افراد کا ربط و ضبط، جیسے قوم جو باہمی مفاد اور تحفظ کی بنا پر منظم ہو ؛ کسی خطے کے لوگ یا کسی دور کے لوگ جن میں بلحاظ اطوار، رسومات یا معیاراتِ زیست، یگانگت پائی جائے ؛ پوری نسل انسانی مجموعاً، مشترک خصوصیات کی بنا پر ؛ اپنے آپ کو شرکا، رفقا اور آشنا کے طور پر پہچاننے والے ؛ کسی معاشرے کے فارغ البال، اہلِ ثروت اور فیشن کے دلدادہ لوگوں کا طبقہ ؛ اِس طبقے کا طرزِ رہایش اور اِس کا اثر و رسوخ ؛ کسی انجمن کے اندر لوگوں کے باہمی روابط ۔ (ماحولیات) حیوانات یا نباتات کا وہ گروہ جو انحصار باہمی کے تحت مل کر رہتا ہے ۔

societal, a. معاشرہ یا معاشرت کا ۔

societally, adv. معاشرتی حیثیت لیے ہوئے ۔

society verse, n. وہ شاعری جو اپنی شگفتگی ، لطافت اور شُستگی کے باعث شایستہ لوگوں کو پسند آتی ہو ۔

Socinian, n. سوسینی ؛ اطالوی پروٹیسٹنٹ فقیہوں لیایئس سوسینی یان (۱۵۲۵ء ـ ۱۵۶۲ء) اور اس کے بھانجے فاؤسٹوس سوسینی یان (۱۵۳۹ء ـ ۱۶۰۴ء) کا پیرو ، جنھوں نے بعض عیسوی مسلمات مثلاً حضرت عیسیٰ کی الوہیت ، گناہ ازلی ، تثلیث اور سزا کا انکار کیا ـ (صفت) ان شخصیات کا ، ان سے یا ان کے عقائد سے متعلق ـ

socinianism, n. سوسینیت ـ

socioeconomic, a. سماجی اقتصادی ؛ معاشرتی معیشی ؛ اس نظریه کے متعلق که معاشرتی اور معاشی عوامل اپنے اثرات کے لحاظ سے ایک دوسرے میں اِس قدر پیوست ہیں که ان میں سے ہر جزو دوسرے کی معاونت کرتا ہے اور دوسرے کا اثر بڑھاتا ہے ـ

sociological, sociologic, a. عمرانیات کا یا اُس سے متعلق ؛ عمرانیات کے طریقۂ کار سے متعلق ؛ انسانی معاشرے ، اِس کے موضوعات یا مسائل سے متعلق ـ

sociologically, adv. عمرانیات کے رُو سے ـ

sociology, n. عمرانیات ؛ انسانی سماج کے ارتقاء ، ڈھانچے اور اس کی عمل پیرائی کا علم ؛ ان انسانی اداروں ، معاشرتی تعلقات اور اصولوں کا باضابطه مطالعه جو اُن کی روح رواں ہیں ـ

sociologist, n. ماہرِ عمرانیات ـ

sociometry, n. معاشرہ پیمائی ؛ کسی مجلسی گروہ میں لوگوں کے باہمی تعلق کا مطالعه ، خصوصاً ان کے گروہ کے درمیان رد و قبول کے واضح رویّوں کی کمیّتی پیمایش ـ

sociometric, a. انسانوں کے باہمی تعلقات کے مطالعه سے متعلق ؛ معاشرہ پیمائی کا ـ

sociometrist, n. معاشرہ پیما ـ

sociopolitical, a. معاشری سیاسی ؛ ان عوامل کے متعلق یا ان پر محیط جو سماجی بھی ہیں اور سیاسی بھی ـ

sock, n. جراب ؛ موزہ ؛ پاتابه : ٹخنوں تک یا اس سے کچھ اوپر تک جانے والی جراب ؛ ہلکا سا جوتا جو قدیم یونانی اور رومی مزاحیه اداکار پہنا کرتے تھے ، بعض اوقات اسے مزاح کی علامت بھی تصور کیا جاتا تھا ـ دیکھیے: windsock ـ

socked in, پرواز سے باز رکھا گیا طیارہ (موسمی خرابی کی بنا پر) ـ

sock, v.t. (عوامی) کاری ضرب لگانا ـ (اسم) (عوامی) کاری ضرب ـ

sockdolager, n. (عوامی) کوئی بھی چیز جو بڑی ، بھاری اور قابل ذکر ہو ؛ گرا دینے والی کراری ضرب ؛ حتمی دلیل ؛ فیصله کُن جواب ـ

socket, n. ساکٹ ؛ خانه ؛ کوئی اندر سے کھوکھلا حصه یا ٹکڑا جس میں کسی شے یا حصے کو سنبھالے رکھتے ہیں ، جیسے بجلی کا بلب ـ (تشریح الاعضا) ایک جانب سے خلادار عضو جس میں کوئی اور عضو جا گزیں ہو سکتا ہو (جیسے : the socket of the eye) ؛ کسی جوڑ کا قعر یا جوف (جیسے the socket of the hip:) ـ (فعل متعدی) حلقے سے جوڑنا ؛ خانے میں رکھنا ـ

sockeye, sock-eye salmon, n. سامن ؛ ایک قسم کی اہم تجارتی مچھلی جو بحرالکاہل کے ساحل کے ساتھ ساتھ کیلیفورنیا سے آبنائے بیرنگ تک پائی جاتی ہے ، خصوصاً ان دریاؤں میں جن کی بالائی ترائی میں جھیلیں بن گئی ہوں ، جہاں یه انڈے دیتی ہے ـ

socle, n. (فن تعمیر) ہموار یا کم اونچائی والی کُرسی جس پر کوئی ستون یا مجسمه کھڑا ہوتا ہے ؛ کسی دیوار کی کرسی یا وہ سطح جو دیوار کے نچلے حصے پر ہو ـ

Socratic, a. سقراطی ؛ یونانی فلسفی سقراط ، اس کے فلسفے ، انداز تدریس یا پیروڈی سے متعلق ـ (اسم) سقراط یا اس کی تعلیمات سے متاثر یا رہنمائی حاصل کرنے والا شخص ـ

sod, n. بالائی سبزہ زار ؛ دوب تخته ؛ وہ سطح جس میں دُوب اُگی ہوئی ہو ؛ اس سے اُٹھا ہوا کوئی قطعه ؛ گھاس کا تخته ـ (فعل متعدی) گھاس لگانا ؛ گھاس سے ڈھانک دینا ـ

sod, n. (برطانوی ، عوامی) لوطی ؛ اغلامی ؛ خلاف وضع فطری کا مجرم ؛ لونڈے باز ـ

soda, n. سوڈا ؛ سوڈیم کا مرکب ؛ سوڈیم کے مختلف مرکبات کا عام نام ، عموماً میٹھا سوڈا یا کپڑے دھونے والا سوڈا مراد لیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا مشروب جو پانی میں کاربن ڈائی آکسائیڈ ، کوئی ذائقه اور آئس کریم ملا کر تیار کیا جاتا ہے ؛ سوڈا واٹر ـ

soda ash, n. سجّی ؛ سوڈیم کاربونیٹ کی ایک قدرے مصفّیٰ صورت جسے ساحل سمندر کے مختلف پودوں کی راکھ سے تیار کیا جاتا تھا ؛ آبی سوڈیم کاربونیٹ کا تجارتی نام ؛ دھوبی سوڈا ـ

soda biscuit, n. سوڈا بسکٹ ؛ وہ بسکٹ جو میٹھا سوڈا ، چھاچ یا کھٹا دودھ وغیرہ ملا کر تیار کیے گئے ہوں ـ

soda cracker, n. سوڈا خسته/کرارے بسکٹ ؛ ایک قسم کے بسکٹ جن میں میٹھا سوڈا ڈالا جاتا ہے جو ان کو زود ہضم بنا دیتا ہے ـ

soda fountain, n. سوڈا چشمه ؛ وہ میز یا کاؤنٹر جس پر آئس کریم ، بے نشه مشروبات تیار اور پیش کی جاتی ہیں ؛ سوڈا واٹر والا بڑا برتن ؛ وہ مشین جس کے ذریعے سوڈا واٹر تیار کرتے ہیں اور جس میں بوقتِ ضرورت سوڈا نکالنے کے لیے ٹونٹیاں لگی ہوتی ہیں ـ

soda jerk, n. (عوامی) سوڈا آئس کریم وغیرہ تیار کرکے پیش کرنے والا ملازم ؛ آب دار ـ

soda lime, n. چون سوڈا ؛ سوڈا ہائیڈروآکسائیڈ یا کاسٹک سوڈا اور کیلیسیم ہائیڈروآکسائیڈ یا بجھا ہوا چونا جن کو ملا کر امونیا تیار کیا جاتا ہے جو نمی چُوسنے کا کام آتا ہے ، خصوصاً بعض گیسوں میں سے ـ

sodalite, n. سوڈا سنگ ؛ ایک معدن جو نیلے ، خاکستری یا سفید رنگ کا ہوتا ہے اور آرایشی سنگ کاری میں استعمال ہوتا ہے ـ

sodality, n. رفاقت ؛ اخوت ؛ سنگت ؛ انجمن ؛ سوسائٹی یا برادری ـ (رومی کیتھولک کلیسا) مذہبی اور خیراتی مقاصد کے لیے قائم کیا گیا کوئی ادارہ ـ

soda pop, n. سوڈا واٹر کی بوتل جس میں کوئی ذائقه شامل کیا گیا ہو ـ

soda water, n. سوڈا واٹر ؛ ایک جوش مارنے والا مشروب جو پانی اور کاربن ڈائی آکسائیڈ پر مشتمل ہوتا ہے ؛ میٹھا سوڈا ، پانی اور

کسی تیزاب کو ملا کر تیار کیا گیا معاون ہاضمہ مشروب ۔

sodden, a. نم آلودہ ؛ نمی یا پانی وغیرہ میں خوب تر ؛ جس کا خمیر پوری طرح نہ اُٹھا ہو یا جو کچی پکی ہو ؛ پانی میں خوب ڈوبی ہوئی حالت والی ؛ پُھولا پُھولا سا چہرہ ؛ سپاٹ ؛ غبی ؛ احمق ۔ (فعل لازم و متعدی) نم آلود کرنا یا ہونا ۔

soddenly, adv. نم آلود انداز میں ۔

soddenness, n. گیلا پن ۔

soddy, a. سبزہ زار ؛ گیاہی مٹی کا بنا ہوا ۔ (اسم) گیا ہی مٹی کا بنا یا سبزے سے ڈھکا ہوا مکان ۔ نیز : sod house ۔

sodium, n. (کیمیا) سوڈیم ؛ ایک سفید نقرئی رنگ کا معدن جو بکثرت مرکب صورت میں پایا جاتا ہے ، کیمیائی طور پر بے فعال ہے اور بہت سے مفید مرکبات کا باعث بنتا ہے ۔

sodium benzoate, n. سوڈا بنزول ۔

sodium bicarbonate, n. (کیمیا) (علمِ ادویہ) ایک سفید قلمی مرکب جس کو خمیری سفوف تیار کرنے میں برتا جاتا ہے ، بعض ادویات کی تیاری میں اور آگ بجھانے والے سیالی مواد میں بھی استعمال ہوتا ہے ؛ خمیری سوڈا ؛ میٹھا سوڈا ۔

sodium carbonate, n. (کیمیا) سوڈیم کا ایک قلوی مرکب جس کو متعدد اشیا بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ، جیسے رنگ کاٹ اشیا میں یا پانی کا کھار ختم کرنے میں ؛ دھوبی سوڈا ؛ کھاری سوڈا ۔ نیز: soda ash, sal soda , washing soda ۔

sodium chlorate, n. (کیمیا) ایک بے رنگ قلمی نمک جو میل کاٹ کے طور پر یا آکسائیڈ بنانے میں استعمال ہوتا ہے ، نیز دیا سلائیوں ، آتش گیر مادوں ، خضابوں اور گھاس پات کو تباہ کرنے والی دواؤں میں بطور آمیزہ استعمال ہوتا ہے ۔

sodium chloride, n. (کیمیا) خوردنی نمک ؛ عام نمک ؛ نمکِ دستر خوان ۔

sodium cyanide, n. (کیمیا) سفید رنگ کا زہریلا نمک ؛ سوڈیم سایانائڈ ، اسے برقی قلعی ، دھاتوں کی عمل کاری ، دھونی دینے ، سونا اور چاندی کو صاف کرنے ، خضاب اور رنگ سازی ، کیڑے مار دواؤں کی تیاری اور نائیلون کی مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

sodium cyclamate, n. (کیمیا) اسکرین ؛ سفید رنگ کا ایک انتہائی میٹھا لیکن غذائی اہمیت نہ رکھنے والا سفوف جسے لوگ بعض کھانوں میں چینی کے متبادل کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

sodium dichromate, n. (کیمیا) سوڈیم ڈائی کرومیٹ ؛ سرخ رنگ کا ایک قلمی مرکب جس میں آکسائیڈ بنانے کی زبردست صلاحیت ہوتی ہے اور روشنائیوں ، خضابوں اور چمڑا کمانے میں برتا جاتا ہے ۔

sodium hydroxide, n. (کیمیا) کاسٹک سوڈا ؛ سوڈیم ہائیڈروآکسائیڈ ؛ سفید رنگ کا ایک مرکب جسے کیمیائی اشیا ، پارچہ بافی ، صابن ، چمڑے ، کاغذ اور پٹرولی مصنوعات میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

sodium hyposulfite, n. (کیمیا) سوڈیم ہائپو سلفائٹ ؛ سوڈیم تھائیو سلفیٹ ۔

sodium nitrate, n. (کیمیا) ایک بے رنگ نمک جسے مصنوعی کھاد ، دھماکہ خیز مادے ، شورے کا تیزاب اور دیگر کیمیائی اشیا مثلاً دیا سلائیاں ، شیشہ تیار کرنے اور گوشت کو سُکھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ چلّی کا شورہ ؛ قلمی شورہ ۔

sodium stearate, n. (کیمیا) سوڈیم سٹریٹ ؛ سفید رنگ کا ایک سفوف ، اسے نمی کو روکنے اور جیلی بنانے میں برتا جاتا ہے نیز ادویات ، حسن افروز اشیاء اور پلاسٹک بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

sodium thiosulfate, n. (کیمیا) سوڈیم تھائیوسلفیٹ ؛ ایک سفید سفوف جسے فوٹو گرافی ، خضاب ، چمڑے اور کاغذ بنانے میں نیز جراثیم کش کے طور پر برتا جاتا ہے ۔ نیز: hypo, sodium hyposulphite ۔

sodium vapor lamp, n. سوڈیم لیمپ ؛ ایک لیمپ جس میں سوڈیم کے بخارات ہوتے ہیں ، جب ان کے دو برقیروں کے درمیان برقی رَو دوڑتی ہے تو یہ روشن ہو جاتے ہیں اور ان سے بغیر چکا چوند روشنی نکلتی ہے ، یہ لیمپ گلی کوچوں اور بڑی سڑکوں پر روشنی کے کام آتے ہیں ۔

Sodom, n. سدوم ؛ خطاکاروں کی بستی ۔

Sodomite, n. سدومی ؛ سدوم کا رہنے والا ۔ (چھوٹے s سے) لوطی ۔

sodomy, n. سدومیت ؛ لواطت ؛ غیر فطری جنسی اختلاط خصوصاً مرد کا کسی مرد کے ساتھ یا کسی انسان کا کسی حیوان کے ساتھ ۔

soever, adv. بہر طور ؛ ہرحالت میں ؛ بہرنوع ؛ بہرحال (عمومیت پیدا کرنے کے لیے how, any, where, when, what, who یا all کے ساتھ استعمال ہوتا ہے ، جیسے : choose whatsoever person you please بعض اوقات یوں بھی لکھتے یا بولتے ہیں Choose what person so ever you please) ۔

sofa, n. صوفہ ؛ کاؤچ ؛ ایک لمبی سی نشست جس میں کمانیاں اور گدیاں لگی ہوتی ہیں ، یہ ٹیک اور بازو والی بھی ہوتی ہے ۔

sofabed, n. وہ صوفہ جس کو کھول کر پورا بستر بنایا اور اس کی پشت کو نیچا کرکے ہموار حالت میں لایا جاسکتا ہے ۔

sofar, n. کسی گرنے والے طیارے کا سمندر میں محل وقوع کا اندازہ لگانے کا طریقہ جس میں مثلثی پیمایش سے کام لیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : triangulation ۔ یہ کام ساحلی سماعتی اسٹیشنوں پر کیا جاتا ہے جو ان صوتی اشاروں کی مدد سے ایسا کرتے ہیں جو خطرے کے عالم میں طیارے کے گہرائی نُما بم پھینکنے سے پیدا ہوتے ہیں ۔

soffit, n. (فن تعمیر) شکم محراب ؛ کسی محراب ، محرابی شہتیر ، باہر کو نکلی ہوئی کارنس یا بالکونی یا سیڑھیوں کی نچلی جانب کی سطح ۔

soft, a. ملائم ؛ گداز ؛ نرم ؛ گوارا ؛ کسی لمس یا دباؤ کو قبول کرنے والا ، جس کی شکل میں نفوذ ، تقسیم یا ترمیم بہ آسانی ہو سکے ؛ جو سخت یا کرخت نہ ہو ؛ مقابلتاً کم سخت (دھات وغیرہ) ؛ نرم اور خوش لمس (جلد یا بال) ؛ کھردرے پن سے پاک ؛ خوش گوار حسیات پیدا کرنے والا ؛ دل پذیر ، آرام دہ یا سکون بخش ؛ دھیمی آواز والا ؛ لُبھانے والی اور سریلی ؛ آنکھوں کو ناگوار یا ناپسند نہ لگنے والی ؛ خیرہ نہ کر دینے والی (روشنی یا رنگت) ؛ غیر کرخت اور غیر واضح (خد و خال) ؛ نرم یا خوش گوار (ہوا یا بارش) ؛ راحت بخش یا

فرحت زا (موسم یا ہوا) ؛ پر سکون یا غیر طوفانی (ندی وغیرہ) ؛ آہستہ یا بے تکان (چال یا رفتار) ؛ تدریجی (چڑھائی یا اترائی) ۔ (بول چال) جو کٹھن ، محنت طلب یا شدید نہ ہو (جیسے: a soft job) ؛ نرم خو ؛ ملائم طبع ، حلیم یا رحم دل (انسان یا مزاج) ؛ شرافت ، ملائمت لیے ہُوئے (طبع ، چہرہ ، احساسات و افعال) ؛ نرم ، نرم ساز یا دل خوش کن (الفاظ) ؛ ناشدید اور ناکڑی (شرائط) ؛ رقیق القلب ؛ جذباتی (زبان) ؛ بآسانی متاثر ہو جانے والا یا کہے میں آجانے والا (شخص یا ذہن) ۔ (بول چال) آسانی سے آنکھوں میں خاک ڈالنے والا ؛ زنخایا نامرد ؛ کمزور کاٹھ کا جو تنومند اور توانا نہ ہو ؛ مشقت اور جفاکشی سے عاری ؛ بے وقوف یا احمق ؛ رقم (زر) نوٹوں کی صورت میں (بمقابلہ سکّوں کے) ؛ ان معدنی اجزا سے پاک (پانی) جو جھاگ نہیں بننے دیتے ؛ جو نشہ آور نہ ہو یا جس میں الکحُل نہ ہو ۔ (صوتیات) سسکار سے خالی آواز والا جیسے c اور g کی آواز cite اور gin میں؛ صوتی یا صدائی جیسے b,g اور d بمقابلہ t, p, k (موخرالذکر غیر صدائی اور نفوسی ہیں) ۔ (راکٹ سازی) یُوں آہستگی کے ساتھ اترنا یا گرنے والا کہ کم سے کم نقصان ہو ۔ (اسم) نرم شے ؛ کسی بھی چیز کا نرم حصہ؛ لوچ ؛ سر تسلیم خم کرنے والا شخص ۔

softly, adv. نرمی سے ؛ شفقت سے ، آہستگی سے ۔

softness, n. نرمی، ملائمت ؛ لوچ ؛ لچک ؛ گداز ۔

softball, n. بیس بال کی طرح کا ایک کھیل جس میں گیند قدرے زیادہ بڑی اور نرم ہوتی ہے اور اسے بازو کو نیچے کی طرف کر کرے پھینکا جاتا ہے ، اس میں باریاں بھی کم ہوتی ہیں اور بازی گاہ بھی چھوٹی ہوتی ہے ؛ اس کھیل میں استعمال ہونے والی گیند ۔

soft-boiled, a. (طباخی) ادھ اُبلا انڈا ؛ نیم اُبلا ۔ (مجازاً) جذباتی ؛ نرم خُو ۔

soft coal, n. نرم کوئلہ ؛ رال دار یا نفتی کوئلہ ۔

soften, v.t. نرمانا یا نرم تر کر دینا ؛ شدت کم کرنا ؛ ہلکا کرنا ۔ (فعل لازم) نرم ہو جانا یا سختی میں کمی آجانا ۔

softener, n. نرم کر دینے والا ۔

soft-finned, a. (سمکیات) لچکیلے مہیپر والی (مچھلی) : سخت بے لچک ، بے شاخ خاروں کے بجائے نرم لچکیلی یا پیوست شاخ دار ہڈیوں کا سہارا لی ہوئی جھلی کے پروں والی ۔

soft-headed, a. بُدھو؛ بے وقوف ؛ کم عقل ۔

soft-head, n. سادہ لوح ، کم عقل شخص ۔

soft-headedly, adv. کم عقلی سے ۔

soft-headedness, n. ضعیف العقلی؛ سادہ لوحی ۔

soft-hearted, a (مجازاً) نرم دل؛ غم گسار؛ رحم دل ۔

soft-heartedly, adv. نرم دلی سے ۔

soft-heartedness, n. نرم دلی؛ رحم دلی ۔

softlanding, n. (فضائیات) کسی سیارے کی سطح پر اس طرح اتارنے کا عمل کہ پہیے کے سوا خلائی گاڑی کے کسی حصے کو یا کسی کارآمد شے کو نقصان نہ پہنچے ۔

soft palate, n. دیکھیے : palate ۔

soft pedal, n. پیانو وغیرہ کے کسی ساز کا وہ حصہ جس کے ذریعے لے کو دھیما یا نرم کیا جاتا ہے ۔ (بول چال) کوئی چیز جو کسی اثر کو کم کرے یا قابو میں رکھے ۔

soft-pedal, v.i., v.t. ساز بجاتے ہوئے اس حصے سے کام لینا یا اس کے ذریعے سے آواز کو دھیما کرنا ۔ (بول چال) شدت کو کم کرنا؛ کم مرکز توجہ بنانا یا اہمیت گھٹا دینا (جیسے: to soft- pedal an issue) ۔

soft rot, n. (نباتی امراضیات) نرمیلا روگ؛ پودوں کا ایک روگ جس میں متاثرہ مقامات آبدار سے اور پھولے پھولے سے بن جاتے ہیں (جراثیم اور پھپھوندی کے عمل سے) ۔

soft sell, n. بالواسطہ تشہیر؛ اشتہار بازی اور فروخت کاری میں بالواسطہ اور غیر محسوس ترغیب و تجویز سے کام لینے کا عمل ۔

soft-shell, soft-shelled, a. نرم خولی؛ جس کا خول نرم یا کمزور ہو گیا ہو (جیسا کہ پہلا اترنے کے بعد ہوتا ہے)؛ کچ خولیا ۔ (اسم) وہ جانور جس کا خول فطرتاً نرم یا کمزور ہو جیسا کہ کیکڑا ۔

soft-shelled turtle, n. نرم خولی کچھوا؛ ان متعدد آبی کچھوؤں میں سے کوئی ایک جس کی جلد سخت حفاظتی کھپروں کے بجائے کھال کی ہوتی ہے ۔

soft-shoe, a. نرم جوتے کا ؛ پاکوبی رقص کا یا اس سے متعلق جس میں رقاص،مروجہ دھاتی پتروں والے جوتوں کے بجائے،نرم تلوں کے جوتے پہنے ہوتے ہیں ۔

soft soap, n. نرم صابن ؛ وہ صابن جو نیم آبی یا سیالی حالت میں ہو ۔ (بول چال) خوشامد ۔

soft-soap, v.t. صابن استعمال کرنا یا لگانا ۔ (بول چال) چکنی چپڑی باتوں سے کام نکالنا ؛ خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ۔

soft-soaper, n. خوشامدی ؛ چاپلوس ۔

soft-spoken, a. نرم گفتار ؛ ملائم یا شایستہ لہجے والا ؛ حلیم ؛ ملنسار ۔

software, n. (کمپیوٹر) وہ پروگرام اور پروگرامی سہارے جو کسی کمپیوٹر کو اس کے ذمہ کیے گئے کام سے عہدہ بر آ ہونے کے لیے ضروری ہوتے ہیں (بمقابلہ اصل مشین اور اس کے اجزا کے) ؛ کمپیوٹر کا کوئی پہلو جس کا اصل مشین سے کوئی تعلق نہ ہو ۔

soft water, n. وہ پانی جس میں کیلسیم یا میگنیشیم کے نمکیات بالکل نہ ہوں یا نہ ہونے کے برابر ہوں ، جیسے بارش کا پانی ؛ ہلکا پانی ۔

soft wheat, n. نرم گندم ؛ وہ گندم جس کا گودا مقابلتاً نرم ہوتا ہے اور نشاستی مواد زیادہ ، یہ گودا کم لیس دار ہوتا ہے ، اس گندم کو پیسٹری کے آٹے یا ناشتے کی غذاؤں میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ لیسی ۔

softwood, n. (جنگل کاری) چوب صنوبر ؛ بآسانی کاٹی جا سکنے والی لکڑی ؛ ایسی لکڑی والا درخت ؛ کسی درخت کی نرم لکڑی ۔

soft- wooded, a. نرم لکڑی والا ؛ نرم چوب ۔

softy, softie, n. (بول چال) خوش عنان ؛ بآسانی بات مان جانے والا یا زنخا ؛ مردانگی سے عاری مرد ؛کم عقل ، بے وقوف اور کم ہم انسان ۔

soggy, a. آپ آب ؛ شرابور ؛ خوب بھیگا ہوا ؛

sol, n. (موسیقی) ''پا'' کا پانچواں سُر؛ آٹھ سُرے سرگم پر پانچواں سُر؛ c والی کلید میں G والا سُر؛ پانچویں سُر کو ظاہر کرنے والا رُکن ـ نیز: so ـ

sol, n. (کیمیا) محلول لسوَنت؛ کسی سیال محلل اور جامد منحل سے تیار کیا گیا لسونتی مرکب ـ

Sol, n. رومیوں کا سورج دیوتا؛ سورج ـ

solace, n. دلاسا؛ بے چینی یا بے آرامی میں دلجوئی؛ کوئی شے جو وجہ تسکین، وجہ تسلّی یا وجہ سکون ہو ـ (فعل متعدی) (فرد کا، اپنی ذات کا یا قلب کا) تفریح کا باعث بننا یا خوش کرنا؛ دلاسا دینا؛ وجہ سکون بننا، جی خوش کرنا ـ

solacement, n. تسکین بخشی ـ

solacer, n. تسکین گر ـ

solan, solan goose, n. گانٹ، قاز سفید ـ

solanaceous, a. (نباتیات) عنب یا مکوہ کی جنس سے تعلق رکھنے والا یا اس سے متعلق ـ

solanum, n. (نباتیات) سولانم جنس کا ایک پودا جو جڑی بوٹی سے لے کر چھوٹے درخت تک کی صورت میں پایا جاتا ہے؛ سفید آلو، ٹماٹر، بینگن اور بھلانواں بھی اسی نوع سے ہیں ـ

solar, a. شمسی؛ دھوپ کا؛ آفتابی؛ سورج کا؛ سورج سے متعلق (جیسے: solar phenomena, solar system)؛ سورج پر منحصر (جیسے: the solar day)؛ سورج سے نکلنے والی جیسے روشنی یا حرارت؛ سورج کی روشنی یا حرارت سے چلنے والی کوئی کل؛ سورج کے ذریعے سے یا اس کے حوالے سے وقت بتانے والی (جیسے: solar chronometer)؛ سورج کے تقدس یا سورج کی عبادت سے متعلق (جیسے: a solar deity) ـ (نجوم) سورج کے اثرات کے ماتحت ـ

solar battery, n. (برق) شمسی بیٹری؛ ایک اختراع جس میں ضیا وولٹائی خانوں کے ذریعے سورج کی توانائی کو برقی قوت میں تبدیل کیا جاتا ہے ـ

solar cell, n. شمسی خانہ؛ وہ سیل جس کے ذریعے سورج کی روشنی کو برقی توانائی میں بدل لیا جاتا ہے ـ

solar constant, n. شمسی مستقل؛ سورج سے نکلنے والی توانائی کی وہ مقدار جو معمولاً زمین کے بالائی فضائی طبقے تک اس وقت پہنچتی ہے جب وہ سورج سے اوسط فاصلے پر ہوتی ہے، یہ مقدار ۱ء۹۴ گرام کیلوری بحساب فی مربع سنٹی میٹر فی منٹ ہوتی ہے ـ

solar flare, n. شمسی بھڑک؛ سورج کی سطح پر سے کسی مقام سے وقتی طور پر لیکن شدت کے ساتھ توانائی کی بھڑک ـ

solar house, n. دھوپ گھر؛ وہ گھر جسے اس طرح بنایا گیا ہو کہ اِس میں سورج کی کرنوں سے حرارت کو محفوظ اور جمع بھی کیا جا سکے اور استعمال کیا جا سکے ـ

solarium, n. دھوپ کمرہ؛ آفتابہ؛ کوئی محراب، کمرہ یا کوئی اور ایسی جگہ جس کو شیشے سے بند کر لیا گیا ہو اور وہاں سورج کی کرنیں خوب پڑتی ہوں جیسا کہ ہسپتال میں مریضوں کی سہولت کے لیے ہوتا ہے؛ کوئی بند جگہ جس میں اوپر شمسی لیمپ لگے ہوں جیسا کہ صحت افزا مقامات یا صحت گاہ میں ہوتا ہے ـ

solarize, v.t. آفتاب زدہ کرنا ـ (عکاسی) شمسی شعاعوں

مرطوب یا حبس والا موسم؛ کم ریخت روئی کی طرح بے گداز اور نم دار؛ گیلی مٹی والی گھاس ـ (مجازاً) بے روح؛ کُند ذہن یا احمق ـ

soggily, adv. تربتر یا شرابور ہوتے ہوئے ـ

sogginess, n. تری؛ نمی؛ رطوبت ـ

soi-disant, a. بزعم خود؛ نام نہاد یا خود ساختہ؛ مصنوعی یا فرضی (جیسے: a soi-disant expert in all matters) ـ

soigne, soignee, a. خوش وضع یا خوش اسلوب؛ خوب بنا سنورا؛ خوش پوش؛ غیرمعمولی حد تک صاف ستھرا ـ

soil, n. زمین کا وہ بالائی حصہ جس میں پودوں کی روئیدگی ممکن ہوتی ہے؛ مٹی؛ زمین؛ زمین کی کوئی مخصوص قسم جو بالعموم چٹانوں کے ریزوں اور بوسیدہ نامیاتی مادے پر مشتمل ہوتی ہے (جیسے: a light loose, or sandy soil)؛ زراعتی زمین: نباتات پیدا کرنے یا اِس کی فصلوں کی کاشت کی (جیسے: to till the soil)؛ مُلک یا خطہ (جیسے: to set foot on a foreign soil)؛ نمو اور ارتقا کے لیے ساز گار ماحول ـ

soilless, a. بلازمین کے؛ بے زمینی ـ

soil, v.t. چرنے کے لیے کھلا چھوڑنے کی جگہ؛ مویشیوں یا گھوڑوں کو تازہ گھاس یا سبز چارا چرنی پر کھلا کھلا کر موٹا کرنا؛ سبز چارا کھلا کر جُلاّب دینا ـ

soil, v.t. گندہ یا میلا کر دینا، خصوصاً سطحی حصّے کو (جیسے: to soil a book by handlings)؛ داغ دار کرنا؛ دھبیانا یا دھندلا دینا ـ (مجازاً) کلنک کا ٹیکہ لگانا؛ عزت کو بٹّہ لگانا؛ رسوا کرنا (جیسے: to soil ones name and reputation)؛ اخلاقی بدکاری سے آلودہ کرنا ـ (فعل لازم) میلا ہو جانا یا رسوا ہو جانا ـ (اسم) رُسوائی؛ آلودگی (جیسے: to protect clothes from soil)؛ آلودگی کا داغ، دھبہ یا نشان؛ گند یا غلیظ مواد؛ نجاست؛ غلاظت؛ بدبو؛ کھاد؛ فضلہ؛ بداطوری ـ

soilage, n. چارے کے طور پر برتی جانے والی سبز گھاس یا کوئی اور روئیدگی ـ

soil conservation, n. تحفظ اراضی؛ تحفظ اراضی کی کوئی ایک صورت جیسے فصلوں کی گردش یا فرسودگی، ریختگی اور بُردگی کی روک تھام، جس سے وسائل ارضی سے پوری طرح کام لیا جا سکے اور انسب پیداوار حاصل ہو سکے ـ

soil pipe, n. انسانی فضلات کو گھر سے باہر لے جانے والا پائپ؛ بدررَو

soilure, n. آلودہ کرنے کا عمل؛ آلودہ ہو جانے کی حالت یا داغ دھبّا لگ جانے کی صورت ـ

soiree, n. سر شام اجتماع؛ استقبالیہ یا سماجی اجتماع ـ

sojourn, n. کہیں عارضی طور پر کچھ عرصہ رہنا؛ وقتی قیام کرنا ـ (اسم) کسی جگہ عارضی قیام؛ عارضی قیام گاہ ـ

sojourner, n. عارضی مقیم ـ

soke, n. (قدیم انگریزی قانون) اِس قانون کے مطابق مقدمات کی مقامی سماعت کا حق؛ وہ ضلع جس پر یہ حق لاگو ہوتا تھا؛ سوک ـ

sokeman, socman, n. (قدیم انگریزی قانون) سوک کے علاقے میں رہنے والا مزارع ـ

(جوتے وغیرہ کو) ۔ (گالف) ڈنڈے کے نچلے سرے کو زمین پر ٹکانا ۔

soled, a. تلا لگا ہوا ؛ تلے دار ؛ تلے والا ۔

sole, n. دست ماہی ؛ سول مچھلی ؛ چھوٹی سی تھوتھنی والی مچھلی جو دوسری مچھلیوں کے مقابلے میں چپٹی ہوتی ہے ، یورپ کے ساحلی علاقے میں بہ کثرت پائی جاتی ہے ، اس کی بعض اقسام شمالی امریکا کے بحرالکاہلی ساحل میں بھی ہوتی ہیں ، اس کی کئی قسمیں ہیں ۔

sole, a. واحد ؛ تنہا ؛ اکیلا ؛ ایک ہی (جیسے : the sole reason for his conduct) ؛ بے مثال اور لاجواب ؛ بلاشرکتِ غیرے ؛ کسی ایک فرد یا گروہ کی ملکیت یا اس سے متعلق (جیسے: having the sole right to something)؛ خودمختارانہ اقتدار کے ساتھ اور کسی کی معاونت کے بغیر عمل پیرا (جیسے: the sole decision maker) ؛ دوسروں سے الگ ۔ (قانون) غیر شادی شدہ (عموماً عورت کے لیے آتا ہے) ۔

solecism, n. (گرامر) قواعد و اصول زبان سے ہٹی ہوئی بات جو عام استعمال سے مختلف ہو (جیسے: we were cold کے بجائے we was cold) ؛ آداب و اطوار حسنہ کی خلاف ورزی ؛ کوئی خامی ، ناموزونی یا بے قاعدگی ؛ عدم تسلسل ؛ تضاد ۔

solecist, n. زبان یا صرف و نحو کی غلطی کرنے والا ۔

solecistic, solecistical, a. غلط ؛ خلاف محاورہ ۔

solely, adv. مجرداً (جیسے : the employers are solely responsible,) ؛ بلا شرکتِ غیرے (جیسے: plants found solely in the tropics) ؛ سراسر ؛ محض ؛ صرف اور صرف ۔

solemn, a. مقطع ، سنجیدہ یا بے لُطف ؛ متین ؛ (شخص ، چہرہ ، تقریر ، لہجہ یا مزاج) ؛ گہری سوچوں یا متانت آلود کیفیت کو بیدار کر دینے والا (جیسے : a solemn sight) ؛ اداس کر دینے والا یا گمبھیر ؛ سنجیدہ یا مستعد (یقین دہانیاں ، احساسات یا مقاصد) ؛ پُروقار ؛ رکھ رکھاؤ والی (رسمی تقریبات کی کارروائی) ؛ مناسب قانونی یا دیگر واضح شرائط کے مطابق ، جیسے کوئی اعلان یا اقرار نامہ ؛ مذہبی رسومات کے عین مطابق (تیوہار یا تقریب وغیرہ) ؛ مذہبی انداز لیے ہوئے(رسومات ، تقریبات)؛مذہبی طور طریقے کے مطابق(کھائی گئی قسم یا اٹھایا گیا حلف)۔

solemnly, adv. متانت یا سنجیدگی سے ؛ حلفاً ۔

solemnness, n. متانت ؛ سنجیدگی ؛ اخلاص ۔

solemnity, n. متانت ؛ سنجیدگی ؛ اخلاص ؛ رسم و رواج کی پابندی ؛ کسی تقریب یا موقع کی کماحقہ بجا آوری ۔ (اکثر جمع) پروقار بجاآوری ؛ دستور و آداب کے مطابق کارروائی یا خصوصی وضع داری (جیسے: to comemorate an event with all the solemnities) ۔(قانون) کسی قانون یا دستاویز کو باجواز قرار دینے کے لیے رسمی تقاضا ۔

solemnize, Brit. solemnise, v.t. رسمی تقاضے پورے کرتے ہوئے کسی تقریب وغیرہ کو منانا ؛ شایان شان طریقے سے ادا کرنا (خدمات و تقریبات) ؛ شادی یا کسی اور تقریب کے رسمی تقاضے پورے کرنا ؛ پوری پابندیِ آداب کے ساتھ مراحل طے کرنا ، سنجیدہ ، پُر تمکین یا متین بنا دینا ۔

solemnization, Brit. solemnisation, n. پوری رسومات کے ساتھ ادا کرنے یا کیے جانے کا عمل ؛ تمکین کاری ۔

solemn Mass, n. (اکثر بڑے S سے) (رومی کیتھولک کلیسا) وہ رسم سے متاثر کرنا یا نقصان پہنچانا ؛ فوٹو کو بناتے ہوئے زیادہ روشنی ڈال کر خراب کر دینا ۔ (فعل لازم) فوٹو کا شعاع زدہ ہونا ۔

solarization, n. آفتاب زدگی ۔

solar plexus, n. (تشریح الاعضا) شمسی ضفیرہ ؛ پیٹ کی بالائی جانب معدے کے عقب میں اور قلبی شریان کے سامنے کی جانب بنا ہوا عصبی جال ۔ (بول چال) پیٹ کا درمیانی حصہ ۔

solar system, n. نظام شمسی ؛ سورج مع اپنے گرد گھومنے والے سیاروں اور بعض دیگر اجرام کے ساتھ جو اس کے گرد بالواسطہ یا بلا واسطہ چکر لگاتے ہیں ۔

solar wind, n. شمسی ہوا ؛ سورج سے ہر جانب کو نکل کر جاتے ہوئے اُن برق آمیختہ ذرات کا تانتا جو نظام شمسی کے سیاروں کے مقناطیسی حلقوں کو متاثر کرتا ہے ۔

solatium, n. دل جوئی یا تلافی ۔ (قانون) کسی نقصان یا دکھ کے سلسلے میں وہ معاوضہ جو کسی کے اصل نقصان کی تلافی کے علاوہ اس کے مجروح جذبات کی تسکین کے طور پر ادا کیا گیا ہو ؛ زر تلافی ۔

soldan, n. (بعض اوقات بڑے S سے) (قدیم) سلطان ؛ مسلمان ملک کا حکمران ، بالخصوص مصر کا سلطان ۔

solder, n. ٹانکا ؛ قلعی ؛ پگھل جانے والا کوئی دھاتی مرکب جسے پگھلا کر دو دھاتوں کو جوڑنے کے لیے لگایا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) ٹانکا لگانا ؛ کسی دوسرے مادے یا صورت سے جوڑنا یا ملانا ۔ (مجازاً) آپس میں گاڑھی چھننا ۔ (فعل لازم) ٹانکے سے چیزوں کا جُڑ جانا ؛ شیرو شکر ہونا ۔

solderer, n. ٹانکا لگانے والا ۔

soldier, n. سپاہی ؛ لشکری ؛ فوجی ؛ فوج میں تنخواہ دار ملازم ؛ فوج میں بھرتی ہو کر عسکری خدمات انجام دینے والا (بمقابلہ کمیشن پانے والے افسروں کے) ؛ عسکری مہارت اور تجربے کا مالک ؛ کسی مقصد کی خاطر جدوجہد کرنے والا ۔ (حشریات) کا رُکن چیونٹیوں یا دیمکوں میں سے کوئی جن کے سر بڑے بڑے ہوتے ہیں اور جبڑے دفاعی حوالے سے بہت مضبوط ہوتے ہیں ۔ (فعل لازم) سپاہی کے فرائض انجام دینا ۔

soldierly, a. سپاہیانہ ۔

soldiership, n. سپہ گری ؛ عسکریت ۔

soldier of fortune, n. عسکری طالع آزما جو ہر اس جگہ جانے اور خدمت دینے کو تیار ہو جہاں اسے فائدے ، طالع آزمائی یا کسی اور مفاد کی توقع ہو ؛ کرائے کا سپاہی ۔

soldiers' home, n. سربنگ خانہ ؛ وہ ادارہ جو کار آزمودہ فوجیوں کی دیکھ بھال اور تحفظ کا ضامن ہو ۔

Soldier's Medal, n. ایک عسکری اعزاز جو ریاست ہائے متحدہ امریکا کے فوجی یا کسی اور وابستہ عسکری تنظیم کے اس رکن کو دیا جاتا ہے جس نے دشمن سے جدال کی صورت میں نہیں بلکہ ویسے ہی کوئی بہادری کا کارنامہ انجام دیا ہو ۔

soldiery, n. سپاہ یا سپاہیوں کا دستہ ؛ عسکری تربیت ، مہارت یا تکنیک ۔

sole, n. تَلا ؛ کسی بھی چیز کا نچلا حصہ یا تہ ۔ (گالف) ڈنڈے کا وہ حصہ جو زمین کو چھوتا ہے ۔ (فعل متعدی) تلا لگانا

عشائے ربانی جس میں تقریب منانے والے کے ساتھ ڈیکن (Deacon) بھی ہوتا ہے اور ڈیکن کا نائب بھی)۔

solemn vow, n. (رومی کیتھولک کلیسا) حلف تجرد ؛ وہ اہم حلف عام جس میں کوئی شخص اعلان کرتا ہے کہ وہ عمر بھر شادی نہیں کرے گا اور نہ کسی جائیداد پر آج کے بعد اس کا کوئی حق ہو گا۔

soleness, n. تنہائی ؛ اکلاپا یا بے رفیقی کی حالت یا کیفیت۔

solenoid, n. (برق) پیچواں مقناطیس ؛ بجلی کا تار جسے مرغولی صورت میں بَل دیا جاتا ہے؛ اس کے اندر ایک مقناطیسی میدان اس وقت قائم ہو جاتا ہے جب تار میں سے برقی رو گزرتی ہے۔

solenoidal, a. پیچوانی۔

soleplate, solepiece, n. تل تختی ؛ استری کا وہ چپٹا حصہ جو استری کرتے ہوئے کپڑے پر پھیرا جاتا ہے۔ (نجاری) وہ تختی یا پلیٹ جس پر گُل میخیں کھڑی ہوتی ہیں۔

soleprint, n. نقش پا ، خصوصاً وہ جس کے ذریعے ہسپتالوں میں بچوں کی شناخت کی جاتی ہے۔

sol-fa, n. (موسیقی) ارکان سُر کا گروہ (do, re, mi, fa, sol, la, ti) ، جن کو علی الترتیب سرگم کے اپنے اپنے سُر کے مطابق گایا جاتا ہے (ہمارے یہاں اس کی جگہ یہسُر ہیں: سا ، رے گا ، ما ، پا ، دھا ، نی) ؛ ان ارکان کے مطابق سُرنکالنے کا نظام ؛ اس اسلوب میں گائی گئی سرگم یا مشق۔ (فعل لازم و متعدی) گانے میں ان ارکان سے کام لینا ؛ ان ارکان کے مطابق گانا۔ دیکھیے : tonic sol-fa۔

sol-faist, n. سَرگم کے اصول پر ترتیب دینے والا موسیقار۔

solfatara, n. شقاق گندھکی ؛ وہ آتش فشانی درز یا علاقہ جس میں سے صرف گندھکی گیس ، بھاپ خارج ہوتی ہوں۔

solfataric, a. گندھک شقاقی ؛ گندھکی گیس اور بھاپ خارج کرنے والا۔

solfeggio, solefege, n. (موسیقی) ایک قسم کی سمعی ، بصری مشق جس میں ایک آدمی گاتا ہے اور پھر ارکانی حوالے سے ان کو موسوم بھی کرتا جاتا ہے ؛ اس تکنیک کے مطابق مشق نغمہ گری۔

solicit, v.t. التماس ، ادب ، التجا سے درخواست یا رسمی عرض داشت کے ذریعے کچھ طلب کرنا ؛ کسی چیز کے حصول کے لیے یا کچھ کرنے کے لیے کسی کے آگے التجا یا درخواست کرنا ؛ زور دینا ؛ اصرار کرنا ؛ باتوں میں لگانا ، خصوصاً غیر قانونی یا غلط کاری کے لیے ؛ غیر اخلاقی ارادے سے ترغیب و تحریص سے کام لینا۔ (فعل لازم) کسی مطلوبہ شے کے لیے التجا و التماس سے کام لینا ؛ آرڈر حاصل کرنا یا تجارت کرنا ، کسی کاروباری ادارے کے لیے ؛ غیراخلاقی مقصد کے لیے کسی شخص کے پیچھے پڑنا ؛ غیر اخلاقی نیت سے کسی پر ڈورے ڈالنا۔

solicitation, n. درخواست گزاری ؛ التجا ؛ التماس ؛ تحریک یا ترغیب ؛ عرض داشت یا درخواست ؛ بدکاری کی غرض سے اصرار پیہم۔

solicitor, n. درخواست گزار ؛ عرض گزار ، خصوصاً خیرات کے لیے رقوم طلب کرنے والا؛ تجارتی کاروبار یا اس سلسلے میں آرڈر یا فرمایشیں حاصل کرنے والا ؛ کسی شہر یا قصبے کے قانونی معاملات کا ذمہ دار۔ (برطانوی قانون) موکلوں کو مشورے دینے کا اہل ؛ صرف زیریں عدالتوں میں مقدمات کی پیروی کرنے والا اور بیرسٹروں کے لیے اعلیٰ عدالتوں میں پیروی کے لیے مقدمات تیار کرنے والا ؛ مختار قانونی ؛ تحویل دار ؛ سالیسٹر۔

solicitorship, n. وکالت ؛ تحویل داری۔

solicitor general, n. ریاست ہائے متحدہ امریکا کے محکمہ انصاف کا افسر ثانی جو رُتبے میں اٹارنی جنرل سے دوسرے درجے پر ہوتا ہے ؛ بعض ریاستوں میں سب سے بڑا افسرِ قانون۔ (برطانوی) سرکاری وکیل جو اٹارنی جنرل کے بعد دوسرے نمبر پر ہوتا ہے اور تاج کی نمائندگی کرتا ہے ؛ مشیر قانونی ؛ سرکاری پیروکار۔

solicitous, a. محتاط یا خصوصی توجہ دینے والا ؛ متردّد ؛ کسی بات پر فکر مند یا مضطرب (بعد میں about یا for لگاتے ہیں) بے تابانہ خواہش مند (بعد میں of لگاتے ہیں) ؛ بہت آرزو مند (بعد میں مصدر لگاتے ہیں)۔

solicitously, adv. فکر مندانہ یا خواہش مندانہ طریقے سے۔

solicitousness, n. فکر مندی ، اضطراب ؛ تردّد۔

solicitude, n. التجا ؛ فکر مندی ؛ اضطراب و تشویش۔ (عموماً جمع) ان کیفیات و احوال کے اسباب۔

solid, a. ٹھوس ؛ مجسم ؛ مکسر ؛ جامد ؛ جو اندر سے پوری طرح بھرا ہو اور کھوکھلا نہ ہو ؛ مقابلتاً باہم پیوستہ اور جس کے اجزا باہم چسپیدہ ہوں جیسے مادے کی وہ صورت جو نہ گیسی ہو اور نہ مائع ؛ کسی اقلیدسی شکل یا جسم کی طرح جس میں طول ، عرض اور دبازت پائی جائے ؛ پائے دار ؛ جو زود گسل نہ ہو ؛ متحدہ ؛ پختہ یا متفقہ ، رائے یا پالیسی میں ؛ مضبوط یا باجواز (دلیل وغیرہ) ؛ ہم بستہ ؛ قابلِ اعتماد یا معقول ؛ مالی لحاظ سے مستحکم اور مضبوط ؛ غیر منقسم یا مسلسل ؛ بالکل مکمل یا بلامداخلت ؛ سارے کا سارا یا صرف اس کا جوہر ؛ لہجے یا تاؤ بھاؤ میں یکساں ؛ حقیقی یا اصلی (جیسے: solid comfort) ؛ بلا الحاقی نشان کے لکھا ہوا جیسے غیر منفصل لفظ۔ (طباعت) ذیلی عنوانات سے خالی تحریر ؛ گنجان کتابت یا کمپوزنگ (کشادہ کے برعکس)۔ (اسم) کوئی جسیم شکل جس میں لمبائی ، چوڑائی اور موٹائی کے تینوں ابعاد موجود ہوں ، جیسے مکعب ؛ نسبتاً پختگی اور حجم والی کوئی شے۔

solidly, adv. ٹھوس پن کے ساتھ۔

solidness, n. ٹھوس پن ؛ مُجسمیت ؛ غیر مُجوف۔

solidago, goldenrod, n. (حیاتیات) اس نام کے خاندان کا کوئی پودا ، اس کے پھول زرد اور گُچھیلے ہوتے ہیں؛ شاخ زریں۔

solid angle, n. (جیومیٹری) زاویۂ مجسمہ ؛ وہ زاویہ جو تین یا تین سے زیادہ سطحوں کے مقامِ تقاطع یا کسی مخروط کے راس پر بنتا ہے ، اسے مرکز تقاطع سے شروع ہونے والے کسی نصف قطر کو اکائی مان کر مقطوعہ رقبے کی پیمایش کرکے ناپا جاتا ہے۔

solidarity, n. یک جہتی ؛ مشترکہ ذمہ داریوں اور مفادات سے پیدا ہونے والی رفاقت یا ہم آہنگی جیسی کہ کسی جماعت کے ارکان میں یا کسی مجلس کے افراد میں ہوتی ہے یا پھر جماعتوں ، لوگوں یا گروہوں میں ؛ مفادات ، احساسات ، مقاصد یا اقدام کی

سے میل جول سے گریز کرنے والا خصوصاً مذہبی محرکات کی بنا پر جیسے سنیاسی ، تارک الدنیا ؛ راہب ۔ (بول چال) قید تنہائی(جیل میں)۔
solitarily, adv. تنہائی میں ؛ کسیمپرسی کے عالم میں؛ مجردانہ ۔
solitariness, n. تنہائی ؛ خلوت پسندی ؛ بے کسی ؛ تجرّد ۔
solitude, n. تنہائی ؛ خلوت ؛ لوگوں سے الگ تھلگ جگہ ؛ انسانی آبادی کا فقدان ؛ کوئی غیر آباد اور سنسان سی جگہ ؛ گوشۂ تنہائی ۔
solleret, soleret, n. وسطی دَور کے زرہ بکتر کا وہ حصہ جسے پاؤں یا جوتوں کے اوپر چڑھایا جاتا تھا اور فولاد کی پتریوں کا بنا ہوتا تھا ۔
solmization, n. (موسیقی) بعض ارکانِ الفاظ،بالخصوص ''سولفا'' ارکان کو استعمال کرنے کا عمل ، سلسلہ یا نظام جو سرگم کے سُروں کو (بوقت نغمہ گری) ظاہر کرتے ہیں ۔ دیکھیے : solfa ۔
solo, n. سولو ؛ ایک آواز یا ایک ساز کی نغمہ گری کے لیے ترتیب دیا ہوا نغمہ یا ٹکڑا،لوازمات کے ساتھ یا بلا لوازمات ؛ کوئی غنائی پیشکش یا رقص جس میں صرف ایک شخص نے حصہ لیا ہو ؛ طیّارہ باز کی پہلی تنہا پرواز ۔ (تاش) تاش کا کوئی ایسا کھیل جس میں ایک شخص دوسروں کے مقابلے میں اکیلا کھیلتا ہو۔ (صفت) (موسیقی) تنہا پیش کرنے یا ادا کرنے والا (ساز یا سازندہ) ؛ اکیلے ادا کیا گیا ؛ دوسرے اسی قدر اہم حصوں سے غیر وابستہ ؛ بے شرکت ؛ اکیلا ؛ بلا رفیق و شریک ۔ (متعلق فعل) اکیلے ہی ؛ کسی کو ساتھ لیے بغیر ۔ (فعل لازم) سولو پیش کرنا ؛ تنہا پیش کرنا ۔
soloist, n. ''سولو'' گانے یا بجانے والا ۔
Solomon, n. [حضرت سلیمان علیہ السلام کی نسبت سے] غیر معمولی دانا شخص؛ فرزانہ ۔
Solomonian, Solomonic, a. حضرت سلیمان کا ؛ ان سے متعلق یا ان کی دانائی سے متعلق ۔
Solomon's seal, n. دیکھیے : Star of David ۔
Solomon's-seal, n. خاتمِ سلیمان ؛ سلیمانی بوٹی ؛ سوسنی قبیلے کے پودوں کی ایک قسم ، اس کی جڑ خاصی موٹی ہوتی ہے اور اس پر گول گول مُہر نما داغ ہوتے ہیں ؛ سوسنی بوٹی ۔
Solon, n. (اکثر چھوٹے s سے) صاحب فراست قانون ساز یا مقنن ؛ دانا؛ سولون ۔
Solonian, a. دانائی والا ؛ سولونی ۔
Solonic, a. قانونی فلسفے کا ۔
so long, interj. (بول چال) خدا حافظ ؛ اللہ نگہبان ۔
solstice, n. (فلکیات) انقلاب شمسی ؛ سال کے ان دو زمانوں میں سے کوئی ایک جب سورج خط استوا سے دُور ترین ہوتا ہے ، شمال میں سب سے زیادہ دوری کا یہ نقطہ ۲۱ جون کو اور جنوب میں ۲۲ دسمبر کو ہوتا ہے ، اول الذکر کو گرمائی اور آخر الذکر کو سرمائی انقلاب کہتے ہیں ؛ دور شمسی میں ان دو نقاط میں سے کوئی ایک جہاں ان زمانوں میں سورج ہوتا ہے ، ان کو علی الترتیب راس سرطان اور راس جدی بھی کہتے ہیں ۔ (مجازاً) بعید ترین یا انتہائی مقام ؛ مقام بازگشت (انقلاب) ۔
solstitial, a. دور شمسی کے دو نقاط (سرطان و جدی) کا ۔

یگانگت و اشتراک ۔ (عمرانیات) سماجی ہم آہنگی ۔
solid geometry, n. ٹھوس جیومیٹری ؛ ہندسۂ فراغیہ ؛ علم ہندسۂ مجسمات ؛ مجسم علم ہندسہ، جوسہ ابعادی شکلوں سے واسطہ رکھتا ہے یہ بمقابلہ ہندسہ مسطح یا ہندسۂ مسطحات ۔
solidify, v.t. تجمید کرنا ؛ ٹھوس بنانا یا سخت اور باہم پیوست تودے میں تبدیل کرنا ؛ مادے کو گیس یا مائع حالت سے ٹھوس حالت میں بدلنا ؛ مضبوطی سے یکجا کرنا یا مجتمع کرنا ؛ جامد یا باہم پیوستہ ہو جانا ۔
solidifiable, a. قابل انجماد ۔
solidification, n. انجماد کاری ؛ عمل انجماد ۔
solidity, n. جمود ؛ انجمادی حالت ، خاصیت یا کیفیت ؛ کسی شے کی پختگی ، سختی یا مضبوطی ؛ کردار ، ذہن ، مالیات وغیرہ کے مستحکم ہونے کی حالت ؛ پائداری ۔ (جیومیٹری) کسی ٹھوس شے کی گھیری ہوئی جگہ کی مقدار ؛ حجم ۔
solid-looking, a. بظاہر پائدار یا وقیع ۔
solid propellant, n. (عسکری) راکٹ یا رہبر ؛ میزائل کا ٹھوس شکل میں محرکہ جس میں عموماً ایندھن اور تکسیدی عامل اکٹھے ہوتے ہیں ۔
solid-state, a. (برقیات) ٹھوس حالت ؛ کسی برقیاتی اختراع کے متعلق جس میں گیسی اجزا،حرکت پذیر اجزا ،زرتار اور خلا نلی کی جگہ ٹھوس اجزا سے کام لیا جاتا ہو ، جیسے ٹرانسسٹر۔
solidungulate, a. تک سُم ؛ گھوڑے ، گدھے یا زیبرے کی طرح اَن پھٹے کُھروں والا ۔
soliloquy, n. خود کلامی ؛ خود سے باتیں کرنے کا عمل یا مثال ؛ ڈرامے میں تنہا کلامی کی وہ صورت جس کے ذریعے اَن کہی باتوں کا دُوسروں پر انکشاف ہوتا ہے جس میں یہ کردار اپنے اندرونی جذبات کا اظہار صرف سامعین پر کرتا ہے ، دوسرے کرداروں پر نہیں ۔
soliloquize, v.i. خود کلامی کرنا ؛ اپنے آپ سے باتیں کرنا ۔
soliloquist, soliloquizer, n. اپنے آپ سے باتیں کرنے والا؛ خود کلام ۔
solipsism, n. (فلسفہ) ہمہ انانیت ؛ یہ نظریہ کہ نفس (خودی) کے سوا کوئی موجود نہیں ہے اور اس لیے اصل علم اسی نفس کا ہونا چاہیے ؛ خود آگاہی ؛ خود شناسی ؛ فلسفۂ خودی ؛ فلسفۂ انانیت ۔
solipsist, n. انا پرست ، خود شناس ۔
solipsistic, a. انا پرستانہ ، خود آگاہ ۔
solitaire, n. تاش کے ان متعدد کھیلوں میں سے کوئی کھیل جو اکیلے کھیلا جا سکے ، اسے patience بھی کہتے ہیں ؛ کوئی ہیرا،بالخصوص الماس جو انگوٹھی میں اکیلا جڑا ہو ۔ (برطانوی) ایک کھیل جو ایک ہی آدمی گولیوں یا کھونٹیوں سے کھیلتا ہے جو ایک تختے میں بنائی ہوئی نشیبی جَوفوں یا سوراخوں میں رکھی جاتی ہیں ۔
solitary, a. تنہا ؛ بلا ساتھی یا مجرد ، کسمپرس ؛ دوسروں سے کٹا کٹا اور گریزاں گریزاں رہنے والا ؛ اکیلا ؛ دوسروں سے الگ تھلگ ؛ واحد یا ایک ہی (جیسے : a solitary instance) ؛ جہاں لوگوں کا کم گزر ہوتا ہو ؛ خلوت یا تنہائی والی ۔ (حیوانیات) غول ناپسند ، جیسے بعض بھڑیں ؛ مفرد یا غیر مرکب جیسے بعض لفیے (ascidians) ، گھونگھے وغیرہ ۔ (نباتیات) تنہا تنہا یا اکیلا اُگنے والا (پھول وغیرہ) ۔ (اسم) (جمع) اکیلا یا تنہائی میں رہنے والا یا دوسروں

solstitially, adv. انقلاب شمسی کی بنا پر ۔

solubility, n. حل پذیری ؛ حل ہونے کی صلاحیت ؛ گُھل جانے یا مائع بن جانے کا وصف ۔

soluble, a. حل پذیر؛ کسی سیال میں گھل جانے والا ، حل ہو سکنے والا ۔

solubleness, n. حل پذیری؛ محلول بن جانے کی کیفیت ۔

solubly, adv. حل پذیر ہوتے ہوئے ۔

soluble glass, n. دیکھیے: water glass ۔

solute, n. منحل ؛ گھلا ہوا مادہ ۔ (صفت) محلول میں شامل ۔ (نباتیات) تنہا رو ؛ نابم نمو؛ اکیلا اُگنے والا ۔

solution, n. محلول ؛ سلوشن ؛ حل ؛ حل کرنے ، پیچیدگی دور کرنے یا وضاحت کرنے کا عمل ؛ وضاحت یا جواب ؛ کسی گھتی کو سلجھانے کا طریقہ ؛ نتیجے تک رسائی ؛ گرہ کشائی کا عمل یا گرہ کھل جانے کی حالت ۔ (کیمیا) ٹھوس،مائع یا گیس میں سے کسی ایک کی کسی مائع سے آمیزش یا شاذاً ، گیس یاٹھوس سے آمیزش ،اس آمیزش سے تیار شدہ مرکّب ۔ (طب) بُحران یا مرض کے انتہا کو پہنچنے یا ختم ہونے کی حالت ؛ ہڈی ٹوٹنے یا زخم آنے سے پیدا ہونے والی شکستگی یا ایک دوسرے سے علیحدگی ۔ (قانون) قرض یا تقاضے کا تصفیہ ۔

Solutrean, Solutrian, a. سولیوٹری، ؛ بالائی حجری ثقافت سے متعلق یا اس کی خصوصیت لیے ہوئے ، اس ثقافت کا نمایاں پہلو یہ تھا کہ وہ لوگ پتھر کے اوزار، پترے اور دیگر آلات بنانے میں خوب ماہر تھے ۔

solvable, a. حل پذیر (معاملہ یا مسئلہ) ؛توجیہہ پذیر ۔

solvability, solvableness, n. حل پذیری ؛توجیہہ پذیری ۔

solvate, n. محلول سالمی ؛ کسی محلل اور منحل کو ملا دینے سے تیار ہونے والا مرکب ۔ (فعل متعدی و لازم) ایسا مرکب تیار کرنا یا ہونا ۔

solvation, n. تحلیل سالمی ۔

Solvay process, n. باہمی تعامل ؛ ایک عمل پیرائی جس کے ذریعے عام خوردنی نمک ، امونیا ، کاربن ڈائی آکسائیڈ اور کیلسیم کاربونیٹ کے تعامل سے سوڈیم کاربونیٹ یعنی دھوبی سوڈا تیار کیا جاتا ہے ۔

solve, v.t. حل کرنا ؛ توجیہہ کرنا ؛ کسی بات کا جواب تلاش کرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ عیاں کرنا ؛ حل معلوم کرنا یا حل تک پہنچ جانا ، کسی مسئلے یا معاملے کے سلسلے میں ۔

solver, n. حل تلاش کرنے/ کرلینے والا ؛ متلاشی ۔

solvent, n. محلل ؛ ساکھ دار ؛ تمام واجبی قرضے چکا دینے کے قابل ؛ حل کرنے کی صلاحیت لیے ہوئے ۔ (اسم) محلل چیز ؛ کوئی شے جو دوسری اشیا کو گھلا یا پگھلا سکتی ہے ؛ حل کرنے یا واضح کرنے والا ۔

solvency, n. مقدرت ؛ ادائے قرض کی صلاحیت ۔

solvently, adv. مقدرت سے ۔

solvolysis, lyolysis, n. (کیمیا) محلول پاشیدگی ؛ کسی منحل اور محلل کا وہ باہمی تعامل جو نیا مرکب پیدا کر دیتا ہے ۔

soma, n. [سنسکرت : رس] سوما ؛ سوم رس ؛ ایک نمو پذیر پودا جو مشرقی ہندوستان میں پایا جاتا ہے ، اس کا رس دودھیا اور ترشی مائل ہوتا ہے ؛ ایک نشہ آور مشروب جو اس پودے کے رس سے تیار کیا جاتا ہے اور قدیم ایام میں برصغیر پاک و ہند میں مذہبی تقریبات میں استعمال ہوتا تھا ۔ (بڑے S سے) یہ پودا اور مشروب ایک دیوتا کے روپ میں ، جس کی پوجا کی جاتی تھی ۔

soma, n. (حیاتیات) جسم نباتی ؛ جرثومی خلیے کے علاوہ کسی نامیے کے تمام خلیے ۔

Somali, n. صومالی ؛ ایک حامی الاصل نسل جس میں عربی ، حبشی اور بعض دوسرے خون کی بھی آمیزش ہے ، یہ لوگ مشرقی افریقہ میں رہتے ہیں بشمول صومالیہ اور دیگر نواحی خطّوں کے ؛ ان لوگوں کی زبان ۔

somatic, a. بدنی ؛ جسمانی ؛ مادی؛جسم کا یا اس سے متعلق ۔ (حیاتیات) غیر تناسلی خلیوں کا یا ان سے متعلق ۔ (تشریح الاعضا) (حیوانیات) کسی حیوان کے بدنی جوف سے متعلق ، بالخصوص بدنی جداروں سے ۔

somatically, adv. جسمانیت لیے ہوئے ؛ بدنی یا مادی طور پر ۔

somatic cell, n. (حیاتیات) خلیہ جسمیہ ؛ ان خلیوں میں سے کوئی ایک جس سے جسم کے اعضا ، بافتیں اور دوسرے حصے بنتے ہیں،سوائے تناسلی خلیوں کے ۔

somatogenic, somato-genetic, a. بدنی جینی ؛ بدنی خلیوں میں پیدا ہونے والا یا ان پر اثر انداز ہونے والا ۔

somatology, n. جسمیات ؛ تشریح عضویات ؛ علم الابدان ؛ علم بدن شناسی بشمول تمام فعلیاتی پہلوؤں کے ؛ بشریات کی ایک شاخ جس میں ارتقا پذیر انسان کی طبعی فطرت کا تقابلی مطالعہ کیا جاتا ہے ۔

somatologic, somatological, a. جسمانی ؛ عضویاتی ۔

somatologically, adv. جسمیات کی رو سے ۔

somatologist, n. جسمیات داں ۔

somatoplasm, n. (حیاتیات) کسی بدن کی ترکیب کا باعث بننے والا نخز مایہ ؛ کسی عضویہ کا بدنی خلیہ ، بمقابلہ جنمی یا تناسلی خلیے کے ؛ جسم مایہ ۔

somatoplastic, a. جسم مایہ سے متعلق ۔

somatopleure, n. (جنین) جنین کے بغلی وسطی جنمی پرت کے جداری پرت اور بیرونی جِلد میں سے وجود پذیر ہونے والا جنینی پرت ۔

somatopleural, somatopleuric, a. جنینی پرت کا ۔

somatotype, n. جُثہ ؛ بدنی ڈیل ڈول ؛ بدنی ساخت کے اندازوں میں سے ایک انداز ، جیسے دبلا ، موٹا یا کسا گٹھا ہوا ، سمجھا جاتا ہے کہ جنین کے تین جنمی (تناسلی) پرتوں میں سے کسی ایک کے نمایاں ہونے سے یہ اختلاف و امتیاز پیدا ہو جاتا ہے ۔

somatotypic, a. جُثے والا ۔

somatotypically, adv. جسمانی ڈیل ڈول لیے ہوئے ۔

somber, Brit. sombre, a. تاریک ؛ سایہ دار ؛ کم روشن ؛ تاریک اور ماند سا (رنگ یا کوئی چیز اپنے رنگ کے حوالے سے) ؛ افسردہ ؛ مغموم یا بُجھا بُجھا سا ؛ گمبھیر ؛ سنگین یا اُداس اداس (مزاج یا کردار کے حوالے سے) ؛ متین ، سنجیدہ یا ملول (صورت سے) ۔

somberly, sombrely, adv. اداسی سے یا تاریکی کے ساتھ ۔

somberness, sombreness, n. اداسی ؛ غم گینی ؛ تاریکی ۔

sombrero, n. ایک بڑے کنارے والا ہیٹ جس کی دیوار خاصی اونچی ہوتی ہے اور جو تنکے یا نمدے کا بنا ہوتا ہے ، ہسپانیہ ، میکسیکو اور جنوب مغربی ریاست ہائے متحدہ امریکا میں اکثر پہنا جاتا ہے ۔

some, a. کُچھ : غیر معیّن مقدار یا تعداد میں : کبھی کبھی کافی کے معنوں میں بھی آتا ہے (جیسے:situated at some distance) ؛ کوئی شے یا شخص جس کا ٹھیک ٹھیک اتا پتا نہ ہو (بعد میں or other لگاتے ہیں) ؛ سب میں سے ، چند (جیسے : some people don't think so) ۔ (بول چال) قابل توجہ : اہم یا غیر معمولی (جیسے:that was some game) ۔ (ضمیر) غیر مخصوص شخص یا شے : کوئی (بعد میں اکثر of لگاتے ہیں ، جیسے : some of our provisions,some of us) ؛ تھوڑا سا رقم میں غیر متعین اضافہ (جیسے : a pound and then some) ۔ (متعلق فعل) تقریباً (جیسے:some 20 people) ۔ (بول چال) خاصی حد تک (جیسے : to go some to win) ۔

some body, pron. کوئی ؛ کوئی نامعلوم یا غیر معروف شخص ۔ (اسم) با امتیاز اور باثر شخص ؛ قابل ذکر شخص ۔

someday, adv. کوئی دن ؛ کسی دن ؛ آئندہ کسی روز (غیر معین) ۔

somehow, adv. کسی نہ کسی طرح یا طریقے سے یا صورت میں (جو ابھی معلوم یا ظاہر نہیں) ۔

someone, pron. کوئی شخص ؛ کوئی ایک ۔

someplace, adv. کہیں ؛ کسی جگہ ؛ کوئی جگہ ؛ کسی نہ کسی جگہ ۔

somersault, somerset, n. قلابازی ؛ ڈھینکلی ۔ (فعل لازم) پاؤں اوپر کرکے سر کے بل آگے یا پیچھے بیٹھ کر یا کھڑے ہو کر چکر کھانا ؛ قلابازی کھانا ۔

something, n. کوئی شے ؛ کوئی غیر واضح مقدار یا درجہ : کوئی غیر معروف یا غیر متعین واقعہ یا شے ؛ قدرے ، خاصی اہمیت والی شے یا شخصیت ؛ ایسی اضافی مقدار جو کسی شمار قطار میں نہ آنے والی ہو ۔ (متعلق فعل) کسی حد تک یا کسی درجے تک (جیسے:It was something like that) ۔

sometime, adv. آئندہ کسی غیر مبہم وقت پر ؛ کسی غیر متعین وقت پر ۔ (صفت) کچھ دیر پہلے ہی ؛ پہلے ؛ پیش ازیں ۔

sometimes, adv. بعض اوقات ؛ وقتاً فوقتاً ؛ گاہ گاہ ؛ کبھی کبھی ۔

someway, someways, adv. کسی طرح ؛ کسی طور سے ۔

somewhat, adv. کسی قدر یا کسی حد تک ؛ قدرے ؛ تھوڑا سا ۔ (ضمیر) غیر معین مقدار ، درجہ ، حصہ وغیرہ ؛ کوئی شخص یا شے جس میں کسی قدر یا کسی حد تک ذکر کردہ بات پائی جاتی ہو (جیسے : She is somewhat of a bore) ۔

somewhere, somewheres, adv. کسی غیر واضح یا ان جانی جگہ پر یا اس جگہ میں یا اس طرف کو ؛ کسی ایک یا دوسری جگہ ؛ نامذکورہ یا غیر واضح علاقے میں ۔ (اسم) نامعلوم یا نامتعین جگہ ۔

somewhither, adv. کسی غیر متعین جگہ کی طرف ؛ کہیں بھی ۔

somite, n. (حیاتیات) بعض جانوروں کے جسم کو ترکیب دینے والے ایک سے باترتیب اعضا یا حصوں میں سے کوئی ایک ؛ ہم گُوں حصہ ہائے بدن ، جیسے ہڈیاں ، عضلات ۔

somital, somitic, a. جوڑ یا اعضا کا ۔

sommelier, n. کسی ریستوران میں شراب پلانے یا ذخیرہ کرنے کا مہتمم ۔

somnambulate, v.i., v.t. سوتے سوتے چلنا ؛ خواب خرامی کرنا ؛ خواب یا نیند میں چلنا ۔

samnambulant, a. خواب خرام ۔

somnambulation, n. خواب خرامی ۔

somnambulism, n. نیند میں چلنے کی کیفیت یا اس کی عادت یا نیند کے دوران کوئی اور محرک کام کرنے کی لت ؛ نیندیا چل ۔

somnambulist, n. خواب خرام ۔

somnambulistic, a. خواب خرامی سے متعلق ۔

somnambulistically, adv. خواب خرامی کرتے ہوئے ۔

somnifacient, a. خواب آور ؛ خواب یا غنودگی لانے والی یا اس کی جانب مائل کرنے والی ۔ (اسم) غنودگی ۔

somniferous, somnific, a. خواب آور ؛ غنودہ کر دینے والی (کوئی دوا یا یا نشیلی چیز) ؛ مُنَوِّم ۔

somnolence, somnolency, n. نیم خوابی ؛ غنودگی ؛ اونگھ ، نیند کی خواہش ۔

somnolent, a. نیم خوابیدہ ؛ غنودہ ؛ خواب آور ؛ مائل بخواب ۔

somnolently, adv. نیم خوابیدہ طور پر ۔

son, n. بیٹا ؛ پسر ؛ پُوت ؛ لڑکا ، خلف ؛ فرزند ؛ اپنے والدین کی اولاد نرینہ یا مذکر بچہ ؛ کوئی مرد اولاد ؛ وہ جو فرزندی کے رشتے سے منسلک ہو ؛ وہ نرینہ اولاد یا متنفس جو شادی ، تبنیت یا محبت کے اعتبار سے بیٹا ہو ، جیسے رضاعی ، سوتیلا یا داماد ؛ اپنے سے بہت چھوٹے کو ، عمر رسیدہ لوگوں یا مذہبی منصب والوں کے بلانے کا ایک انداز تخاطب ؛ کسی جگہ یا ملک کا باسی (جیسے:son of the plains) ۔ (بڑے S سے) تثلیث میں دوسری شخصیت یعنی یسوع مسیح ، اس صورت میں پہلے the لگاتے ہیں ۔ نیز:Son of God اور Son of Man

sonant, a. (صوتیات) حرف صوت کا ؛ آواز دینے والا ؛ آواز رکھنے والا ؛ غیرمختفی ؛ صوتی آواز یا صوت سے ادا کیا جانے والا ، جیسے v,z,b کی آواز ؛ حروف مختفی کے برعکس ۔ (اسم) (صوتیات) صدائے جہری یا غیرمختفی ؛ کسی رکن لفظ کی آواز ؛ بند یورپی آوازوں میں جہری صدائیں ۔

sonance, n. جہریت ۔

sonar, n. سونار ؛ ریڈار سے مشابہ آلہ جس سے غرقاب آب دوزوں ، بارودی سرنگوں یا مچھلیوں کے جھنڈ کا پتا لگایا جاتا ہے ، پانی کی گہرائی کی پیمایش کی جاتی ہے اور مواصلات کا کام لیا جاتا ہے ، یہ آواز کی لہروں کے اخراج اور ان کی غرق شدہ اشیا سے ٹکرا کر آنے والی صدائے بازگشت کے اصول پر کام کرتا ہے ۔ (صفت) سونار کے متعلق ۔

sonarman, n. (بحریہ) سونار کی دیکھ بھال کرنے والا اور اسے چلانے والا ایک چھوٹا افسر ۔

sonata, n. (موسیقی) سوناٹا ؛ ایک یا دو سازوں سے ادا کیے جانے والا نغمہ ؛ قدیم ایام میں اس کو زیادہ سازوں سے بھی ادا کیا جاتا تھا ، عموماً اس میں تین یا چار نغماتی حرکات ہوتی

ہیں جس میں ایک یا ایک سے زیادہ سوناٹا ہوتے ہیں ۔

sonata form, n. (موسیقی) تین بڑے انگوں کا نغمہ جن میں پہلا اصل موضوع کو لیے ہوتا ہے دوسرے میں اسے بڑھاوا دیا جاتا ہے اورتیسرے میں اس کی تکرار ہوتی ہے ، اسے عموماً چلتوں میں ادا کیا جاتا ہے خصوصاً پہلے انگ کو ۔ دیکھیے : symphony ۔

sonatina, a. (موسیقی) چھوٹا اور مختصر سوناٹا ۔

sonde, n. دیکھیے : Radio-sonde ۔

sone, n. سون ؛ جہریت یعنی بلند آوازی کی پیمایش کرنے والی ایک فاعلی اکائی جو ایک ہزار سائیکل فی سیکنڈ کی آواز کے برابر ہے ، جس کی اونچائی عام انسانی سماعت سے ۴۰ ڈیسی بل زیادہ ہوتی ہے ۔

song, n. نغمہ راگ ؛ سرود ؛ گیت ؛ گیت گانے کا عمل یا فن ؛ نطقی موسیقی ؛ جو چیز گا کر ادا کی جائے (شعر ، نظم وغیرہ) ؛کوئی غنائیہ ؛ رزمیہ نظم گانے کے لیے تیار کی گئی کوئی قافیہ دار مختصر شے یا جذبات سے بھرا ہوا گیت (جیسے : Mendelssohn's songs without words) ؛ بعض پرندوں اور پتنگوں کی سُریلی آوازیں ۔

for a song, برائے نام قیمت پر ؛ کوڑیوں کے مول ۔

song and dance, اسٹیج ڈرامے کا وہ ایکٹ جس میں رقص و سرود دونوں موجود ہوں بالخصوص کسی ورائٹی شو میں ۔ (بول چال) عذر عدم موجودگی یا وضاحت جو گمراہ کن یا جھوٹی ہو ؛ حماقت ۔

songbird, n. (طیوریات) گانے والا پرندہ ؛ مغنی قسم کا کوئی پرندہ ۔ (مجازاً) گانے والی عورت ؛ گویّن ؛ گائیکہ ؛ کوئل ۔

songfest, n. (بول چال) وہ میلہ یا تقریب جس میں مل کر گانا ہی سب سے بڑی تفریح ہو ۔

songful, a. نغموں سے بھر پور ؛ سُریلا ۔

songfully, adv. نغموں کے ساتھ ۔

songfulness, n. نغمہ سرائی ۔

songless, a. بے نغمہ ؛ وہ جو گا نہ سکتا ہو (جیسے کوئی پرندہ) ۔

songlessly, adv. بغیر نغمے کے ۔

songster, n. گانے والا ؛ گویّا ؛ مرغ نغمہ سرا ؛ نغمہ نگار ؛ شاعر ؛ نغموں کی کتاب ۔

songstress, n. گانے والی ؛ گائیکہ ۔

songwriter, n. گیت نگار ؛ نغمہ نگار ؛ مقبول گانے لکھنے یا اُن کی دُھن بنانے والا ۔

sonic, a. صوتی ؛ صدائی لہروں کا یا ان سے متعلق ؛ آواز کی رفتاروں سے متعلق ؛ صوتی رفتار کے قریب ، یہ رفتار ۷۴۰ میل فی گھنٹہ ہوتی ہے ۔

sonically, adv. صوتی لہروں سے ؛ صوتی رفتار کے لحاظ سے ۔

sonic barrier, sound barrier, transonic barrier, n. (طیرانیات) صوتی موجی روک ؛ سدِّصوت ؛ صوتی روک ؛ وہ مقام جہاں پہنچ کر زیر صوتی رفتار سے بالائے صوتی رفتار پکڑنے والے طیارے کو آس پاس کی ہوا کے دباؤ سے اچانک دھماکے یا ہیجان سے دوچار ہونا پڑتا ہے ۔

sonic boom, n. صوتی دھماکا ؛ صوتی موجی رفتار پر پہنچ کر کسی طیارے کے اردگرد بننے والے دباؤ کے خطے میں اچانک اس دباؤ کے انتشار سے پیدا ہونے والا زور دار دھماکا ۔

sonic depth finder, n. صوتی عمق پیما ؛ گونج پیما ؛ بازگشت شناس ۔

son-in-law, n. داماد ؛ بیٹی کا خاوند ۔

sonless, a. بے پسر ؛ لاولد ؛ اولاد نرینہ سے محروم ؛ بے فرزند ۔

sonnet, n. سانیٹ ؛ وہ نظم جس میں کسی ایک خیال ، تصور یا جذبے کو پوری طرح پیش کیا گیا ہو ، عموماً اس کے چودہ مصرعے ہوتے ہیں ، پانچ رکنی بحر ہوتی ہے اور دو واضح اسالیب میں سے کسی ایک کے مطابق اوزان کی پابندی کی جاتی ہے ۔

sonneteer, n. سانیٹ کہنے والا ؛ ادنی درجے کا شاعر ؛ سانیٹ گو ۔ (فعل لازم) سانیٹ کہنا ، سانیٹ گوئی کرنا ۔

sonnetize, v.t. سانیٹ کہنا یا لکھنا ۔ کسی موضوع یا شخصیت پر سانیٹ تیار کرنا ۔

sonnetization, n. سانیٹ گوئی ۔

sonnet sequence, n. سانیٹ سلسلہ ؛ کسی ایسے شاعر کے لکھے گئے سانیٹوں کا سلسلہ جس کے پاس کوئی ایک بنیادی موضوع ہو اور ایک واضح ارتقائی انداز ہو ۔

sonny, n. (تصغیری صورت) بیٹوا ؛ لالہ ؛ ببوا ؛ کم عمر لڑکے کو بھی یوں کہہ کر مخاطب کر لیتے ہیں اور اس میں ایک طرح کی بے تکلفی پائی جاتی ہے ۔

sonobuoy, n. (جہاز رانی) صوتی تَرنا ؛ زیرآب صداؤں کو موصول کرنے والا آلہ ؛ ایک ترنا جس میں ریڈیو مرسل اور صوتی محصل نصب ہوتا ہے جو زیر آبی صداؤں کا پتا چلاتا ہے اور ان کی آگے ترسیل کرتا ہے ۔

sonorant, n. (صوتیات) وہ حرفِ صحیح جو غیر مختفی ہوتا ہے لیکن حرفِ علت سے کم ملفوظ (جیسے l,m,r بعض انگریزی الفاظ کے غیر تاکیدی آخری ارکان میں) ۔

sonorous, a. بلند صوت ؛ صدائی ؛ آواز نکالنے یا پیدا کرنے کے قابل (شے یا شخص) ، خصوصاً بلند، گہری گونجل (آواز) ؛ آوازوں کی فراوانی والی (زبان یا شاعری) ؛ گونجتا ہوا لہجہ (کسی خطیب کی تقریر یا بیان میں) ۔

sonority, sonorousness, n. بلند آوازی ؛ گونج ۔

sonorously, adv. بلند آواز سے ؛ گونج دار آواز سے ۔

sonovox, n. ایک برقیاتی اختراع جس کے ذریعے ریکارڈ کی گئی آوازوں کو حنجری یا حلقومی خطّے میں ارسال کیا جاتا ہے تاکہ اپنی باری پر وہ الفاظ کے روپ میں ایسے شخص کے منھ کے ذریعے سے ادا ہوں جس کا حنجرہ نکال لیا گیا ہو ۔

sonship, n. فرزندی ؛ اِبنیت ؛ بیٹے کا باپ سے رشتہ ۔

sonsy, sonsie, a. (شمالی انگلستان کی بولی) سعد ؛ خوش قسمتی یا خوش نصیبی لانے والا ؛ خوش حال ؛ خوب موٹا تازہ ؛ قبول صورت یا گداز بدن ؛ ہشاش بشاش ؛ خوش طبع ۔

soon, adv. جلد ؛ کسی وقت ؛ واقعہ کے تھوڑی ہی دیر بعد (جیسے: we shall soon know) ؛ بلاتاخیر ؛ مستقبل قریب میں ؛ جلد ہی کسی وقت یا معمول کے وقت سے پہلے ؛ فوراً ؛

بسرعت ؛ بطیب خاطر ؛ دلی آمادگی سے (جیسے: I would as soon walk as ride) ۔ (بولی) کسی دورانیہ وقت میں پہلے (جیسے: as soon in the morning) ۔

sooner or later, آخر کار ؛ بالآخر ؛ جلد یا بدیر ۔

sooner, n. (عوامی) قانونی اجازت ملنے سے پہلے کسی سرکاری زمین پر اس غرض سے قبضہ جما لینے والا کہ یوں بہتر جگہ ہاتھ لگ جائے گی (خصوصاً وہ جس نے ۱۸۸۹ء میں امریکی انڈین علاقے کے اندر ایسی حق طلبی کی تھی) ؛ دُوسروں سے آگے بڑھ کر ناجائز مفاد حاصل کرنے والا ۔ (بڑے S سے) اوکلا ہوما کا باشندہ ۔

soot, n. ایندھن جلنے سے پیدا ہونے والی کالک جو باریک ذرات کی صورت میں اٹھتی ہے اور دُھواں خارج کرنے والی چمنی کی دیواروں پر جم جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) کالک سے بھر دینا ۔ (فعل لازم) کالک سے کھاد یا حشرات بھگانے کا کام لینا ۔

sooth, a. (قدیم) اصلی یا حقیقی ؛ سکون بخش ؛ نرم یا لذیذ ۔ (اسم) (قدیم) حقیقت ؛ صداقت یا امر واقعہ ۔

soothly, adv. حقیقت سے کام لیتے ہوئے ۔

soothe, v.t. احساسات و تسکین دینا یا ان کی شدت کم کرنا ؛ (کسی شخص کی) کوفت کم کرنا ؛ سُکھی کرنا ؛ راحت دینا ؛ تازہ دم کرنا ؛ دھیما کرنا (درد ، غم یا شک کو) ؛ سکون ، خاموشی اور راحت لانا ۔ (فعل لازم) سکون بخش اثر ڈالنا ؛ تسکین ، راحت یا سہولت پیدا کرنا ۔

soother, n. تسکین دینے والا ؛ سکون آور ؛ راحت بخش ۔

soothfast, a. (قدیم) درست (بیانات وغیرہ) ؛ راست باز یا راست گو (شخص) ؛ وفادار یا باوفا ۔

soothfastly, adv. راست گوئی سے کام لیتے ہُوئے ۔

soothfastness, n. راست بازی ؛ راست گوئی ؛ وفاداری ۔

soothing, a. سکون بخش ؛ افاقہ پیدا کرنے والا ؛ کسی عارضے یا کیفیت کی شدت کو کم یا دُور کرنے والا ، جیسے کوئی مسکّن دوا ۔

soothingly, adv. سکون بخش انداز سے ۔

soothingness, n. سکون بخشی ۔

soothsay, v.i. پیش گوئی کرنا ؛ پیشین گوئی کرنا ۔

soothsayer, n. رمّال ؛ جوتشی ؛ نجومی ؛ فال دیکھنے والا یا پیشین گو ۔

soothsaying, n. پیش گوئی ؛ پیشین گوئی ؛ آئندہ واقعات بتانے کی مہارت ۔

sooty, a. کالک سے لتھڑا ہوا ، اَٹا ہوا یا سیاہ کلونسا ؛ سیاہ گھرے ، بھورے یا قدرے تاریک رنگ کا ۔

sootily, adv. کالک پن سے ۔

sootiness, n. کالک ؛ کلونس ؛ دھوئیں کی سیاہی ۔

sop, n. شوربے وغیرہ میں ڈبو کر نکالی ہوئی کوئی چیز (کھانے کی غرض سے) ؛ رشوت یا رام کرنے کے لیے دی گئی کوئی چیز ؛ کمزور ارادے والا ۔ (فعل متعدی) شوربے وغیرہ میں بھگونا ؛ خوب تر کرنا ؛ جذب کرنا یا چوس جانا (بعد میں up لگاتے ہیں) ۔ (فعل لازم) بالکل بھیگ جانا ؛ شرابور ہو جانا ۔

sopping, a. شرابور ؛ بھیگا ہوا ۔

sophism, n. سوفسطائیت ؛ ایسا استدلال جو بظاہر درست لگے لیکن درحقیقت مغالطہ دار ہو اور جس کا مقصد اپنی حجت آرائی کا اظہار ہو یا پھر فریب دہی کا ؛ کوئی غلط دلیل ؛ مغالطۂ منطقی ؛ سوفسطائیت ۔ (فلسفہ) قیاس منطقی جس کا مقصد فریب دہی ہو ؛ دلیل باطل ؛ غیرموزوں دلیل ۔

sophist, n. سوفسطائی ؛ سفسطی ۔ (اکثر بڑے S سے) استدلالی ؛ عالم ؛ فلسفی ؛ یونان قدیم کے پیشہ ور اساتذہ میں سے کوئی ایک ، یہ لوگ مختلف شعبوں کی تعلیم دیتے تھے جیسے ثقافت عامہ ، خطابت ، سیاست یا مناظرہ ؛ اس جماعت کا کوئی رکن جو استدلالی مہارت کی تعلیم دینے کے مدعی ہونے کے باوجود خود استدلال کی اپج کی بجائے تصنّع اور بناوٹی تاثر سے کام لیتے تھے ؛ وہ جو دلائل کی بے لاگی کی جگہ چکرا دینے کا قائل ہو ۔

sophistic, a. سوفسطائی ؛ سوفسطائیت کا مزاج لیے ہوئے ؛ مغالطہ آمیز ؛ سوفسطائیت کی خصوصیت والا یا اس کی یاد دلانے والا ؛ استدلالیوں کا یا ان سے متعلق ؛ استدلالیت سے متعلق یا اس طرزِ استدلال سے کام لینے والا ۔

sophisticate, v.t. طبعی ، سادہ یا اصلی حالت میں نہ رہنے دینا ؛ تعلیم و تربیت سے بدل کر رکھ دینا جیسے کسی شخص کو ؛ طلسم توڑ دینا ؛ کسی ترکیب ، سلسلۂ عمل یا نظام کو زیادہ پیچیدہ یا گنجلک بنا کر اس کی صلاحیت میں اضافہ کرنا ۔ (فعل لازم) سوفسطائیت سے کام لینا ؛ فقرے بازی کرنا ؛ ملمع کاری کرنا ۔

sophisticate, n. سوفسطائی ؛ دنیاوی معاملات میں کائیاں ۔

sophisticator, n. غلط استدلال سے کام لینے والا ؛ سوفسطائی ۔

sophisticated, a. ثقیف ؛ طبعی سادگی یا چلن سے ہٹا ہوا ؛ جس کے تصورات ، اطوار ، مذاق وغیرہ تعلیم و تجربہ کے زیر اثر بالکل بدل چکے ہوں ؛ اس وصف کا مالک جس کی قدرومنزلت صرف زعیم ذہانت اور سوفسطائی ہی کر سکتے ہوں ؛ پیچیدہ اور گنجلک ، کوئی اختراع یا نظام وغیرہ (جیسے: a sophisticated radar alarm system) ؛ جسے لطیف سے لطیف تر کرتے ہوئے یا آمیزشی عمل سے بالکل ہی بدل دیا گیا ہو ، جیسے کسی صنعت میں کام آنے والے تیل کو ۔ **شایستہ ؛ نفیس**

sophisticatedly, adv. سوفسطائیت سے کام لیتے ہوئے ؛ ثقیفانہ ۔

sophistication, n. تضلیل و تدلیس ؛ دلیل بازی ؛شایستگی ؛ نفاست ؛ فقرے بازی ؛ مغالطہ آمیز استدلال ؛ ثقیف کاری ؛ تعلیم یا دنیاوی تجربے کے زیر اثر تصورات و اطوار وغیرہ میں آئی ہوئی نمایاں تبدیلی ؛ طبعی سادگی یا چلن وغیرہ سے دُوری ؛ خلل اندازی یا آمیزش سے پاکیزگی یا کھرے پن میں تبدیلی (جیسے: sophistication of religion) ۔

sophistry, n. بظاہر درست لیکن بباطن غلط استدلال؛شایستگی ؛ نفاست ؛ قدیم یونانی سوفسطائیوں کا نظریہ ؛ مغالطہ ؛ تضلیل ۔

sophomore, n. سوفومور ؛ امریکی ہائی اسکولوں ، کالجوں ، یونیورسٹیوں میں چارسالہ کورس کا دوسرے سال کا طالب علم ؛ جسے کسی مشغلے میں دوسرا سال ہو ۔

sophomoric, sophomorical, a. سوفومور کا یا اس سے متعلق یا اس سے مخصوص ؛ روایتی قدیم روش کے سوفومور کی مانند یا ان کی

یاد دلانے والا (فکر و دانش میں برخود غلط) ؛ خودفریبی کا شکار اور ادعائی ۔

sophomorically, adv. سوفوموری طریقے سے ۔

sopor, n. (امراضیات) گہری غیر طبعی نیند ؛ بیماری کی غنودگی ؛ خوابِ خرگوش ۔

soporiferous, a. خواب آور ؛ غنودہ ساز ؛ منوّم ۔

soporiferously, adv. خواب آوری کے ساتھ ۔

soporiferousness, n. طویل نیند کی حالت؛ خوابِ خرگوش ۔

soporofic, a. خواب آور ؛ نیند لانے والا رجحان لیے ہوئے ؛ غنودگی آمیز یا غنودہ کر دینے والا ۔

soppy, a. لَت پَت ؛ شرابور ؛ بہت بھیگی ہوئی (زمین وغیرہ) ؛ برسات والا (موسم) ۔ (برطانوی، عوامی) بہت ہی جذباتی ۔

soprano, n. (موسیقی) زنانہ آواز کی آخری حد یا سب سے اونچی آواز ؛ غنائی آواز (عموماً عورتوں اور لڑکوں کی) جس کی اُٹھان وسطی سرگم کے دو آکٹیو یا اس سے زیادہ اوپر ہو ؛ پنچم سُر ۔ دیکھیے : Octave ۔ سپرانو خوان ؛ ایک ساز جس میں سپرانوخوانی کی گنجایش ہوتی ہے ؛ ایسے ساز یا ایسی آواز کے لیے نغمہ یا دُھن ۔ (صفت) (موسیقی) سپرانو کی حد لیے ہوئے ؛ سپرانو کی آواز سے متعلق یا نغمے ، اس کی دھن یا اس کے ساز سے متعلق ۔

sora, n. سورا ؛ شمالی امریکا کا ایک چھوٹے جسم کا چھوٹی چونچ والا پرندہ ، اسے کیرو لینا ریل بھی کہتے ہیں اور سورا ریل بھی ۔

sorb, sorb apple, n. سنجد ؛ ایک یورپی درخت جسے گھروں میں لگایا جاتا ہے اور اس کا پھل کھایا جاتا ہے ؛ پہاڑی دیودار ؛ اس درخت کا پھل ۔

sorbose, n. (حیاتی کیمیا) سوربوز ؛ دانہ دار شکر جو دواؤں میں استعمال کی جاتی ہے اور ساربیٹول کے بکٹیریائی عمل سے کاروباری نقطۂ نظر سے تیاری کی جاتی ہے ، حیاتین سی کی کیمیائی ترکیب میں بڑا عامل بھی ہے ۔

sorcerer, n جادوگر ۔ افسوں گر ؛ سیانا ؛ اُوجھا ۔ ساحر مداری کالا علم یا عمل جاننے یا کرنے والا ۔

sorceress, n. جادوگرنی ۔

sorcery, n. سفلی علم ؛ کالا علم ؛بدروحوں کی مفروضہ مدد سے غیب دانی کا علم یا عمل ؛ منتر ؛ جادو ۔

sordid, a. ملگجا ؛ گندا ؛ بے توجہی کا شکار ؛ غلیظ ؛ خستہ حال ؛ کمینہ یا گھٹیا چلن کا ؛ ذلیل حد تک لالچی یا حریص ؛ خود غرض ۔ گندگی یا کمینے پن سے ۔

sordidly, adv. گندگی ؛ غلاظت ؛ کمینگی ۔

sordidness, n.

sordino, n. (موسیقی) سارڈینو ؛ مختلف سازوں کو بند یا مدھم کر دینے کے لیے کام میں لائی جانے والی ایک شے ، جو عموماً ہڈی یا دھات کی بنی ہوتی ہے اور اسے تار دار سازوں کی گھنڈیوں پر رکھ دینے سے آواز متاثر ہو جاتی ہے ۔

sore, a. دُکھنے والا یا دُکھ جانے والا (زخم ، پھوڑا یا جسم کا کوئی متورم حصہ) ؛ اکڑا ہوا یا دُکھتا ہوا ، جیسے جسمانی مشقت سے ؛ ذہنی اذیت یا غم میں (جیسے : sore in mind and heart) ؛ خستہ حالی اور مصیبت پیدا کرنے والا ۔ (بول چال) برہم ؛ برافروختہ ؛ اظہار آزردگی کرنے والا ؛ سریع التاثر ۔ (اسم) زخم ؛ ناسور ؛ پھوڑا ؛ بدن کی وہ جگہ جہاں جلد یا گوشت خراشیدہ ہو ؛ غم ، درد ، ابتلا یا کوفت کا کوئی سبب ۔ (متعلق فعل) (قدیم) شدت کے ساتھ ؛ بری طرح ؛ شدت سے ۔

sorely, adv. خراش ؛ جلن ۔

soreness, n. (عوامی) زود رنج/زود برہم شخص ۔

sorehead, n.

soreheaded, a. جلد برہم ہو جانے والا ؛ زود رنج ۔

sore throat, n. گلے کی سوزش/خراش ؛ دردِگلو ؛ حلق ، گلے یا لوزوں کا ورم جس کی وجہ سے خصوصاً نگلنے میں تکلیف ہو ۔

sorghum, n. سُرغو ؛ ایک اناجی پودا جسے چارے ، غلے اور رس کے لیے کاشت کرتے ہیں ؛ اس کے رس سے تیار کیا گیا شربت یا شیرہ ؛ جوار ۔

sorgo, sorgho, n. سُرغو کی متعدد اقسام میں سے کوئی ایک ، اسے اس کے میٹھے رس کی بنا پر کاشت کیا جاتا ہے اور اس سے شکر اورشربت تیار کرتے ہیں ، چارے یا سبز چارے کا کام بھی لیتے ہیں ؛ سرغو ؛ چری ؛ جوار ۔

sori, n. sorus کی حالت جمع ۔

soricine, a. چھچھوندر کا ، اس سے متعلق یا اس سے مشابہ ۔

sorites, n. (منطق) قیاس متراکمہ ؛ قیاس پیہم ؛ منطق میں قیاسات کا سلسلہ وار یوں چلتے جانا کہ ایک کا محمول دوسرے کا موضوع بنتا جائے (جیسے ا = ب ، ب = ج ، ج = د لہٰذا ا = د) ۔

soritic, soritical, a. قیاس متراکمہ کے متعلق ۔

soroptimist, n. رکن انجمن خواہران ؛ ایک بین الاقوامی انجمن خواتین کی رکن جس کی پیشہ ور کاروباری اور انتظامی امور میں مامور عورتیں ہی رکن ہیں اوراس کا مقصدملازمتی مفادات اور منصوبے ہیں ۔

sonorate, n. (بشریات) کسی شخص کی اپنی سالی یا سالیوں سے مناکحت ۔

sorority, n. انجمن خواہران ؛ لڑکیوں یا عورتوں کی وہ ٹولی جس کا کسی مقامی یا قومی تنظیم سے تعلق ہو ، عموماً ان کے مقاصد میں سماجی میل جول کو (کالجوں میں) یا باہمی مفاد کو (کسی پیشے میں) ترقی دینا ہو ۔

sorption, n. (طبیعیات و کیمیا) جذب ؛ وہ عمل جس کے ذریعے ایک شے کے سالموں کو دوسری شے قابو کر لیتی ہے جیسا کہ عمل انجذاب میں ہوتا ہے ۔

sorrel, n. سرخی مائل بھورا رنگ ؛ اس رنگ کا گھوڑا ۔ (صفت) سرخی مائل بھورا ۔

sorrel, n. حماض ؛ اُن سدا بہار رسیلے پودوں میں سے کوئی ایک جس کو سلاد کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ؛ ترشک جنس کا کوئی پودا ۔

sorrel tree, n. شجر ترشک ؛ ترش ذائقے والے پتوں اور خوشبودار سفید پھولوں والا امریکی درخت ، اس کا تعلق 'ہیتھ'' قسم سے ہے ۔ دیکھیے : heath ۔

sorrow, n. کسی نقصان ، ناامیدی یا افتاد سے پیدا ہونے والا ذہنی کرب ؛ حُزن ؛ غم ؛ پچھتاوا ؛ اُداسی ؛ کوئی واقعہ جو غم ، بے چینی یا پچھتاوے کا باعث بنے ؛ غم یا اندوہ کا اظہار ؛ ملال ۔ (فعل لازم) غم کرنا ؛ غم زدہ ہونا ؛ ملول ہونا ۔

sorrower, n. ماتم کرنے والا ؛ ملول ہونے والا ؛ غمگسار ؛ رنجور ۔

sorrowful, a. غم گین ؛ اداس ؛ بے چین ؛ ملول ۔

sorrowfully, adv. غم گینی سے ؛ اندوہ ناک طریقے سے ۔

sorrowfulness, n. غم گینی ؛ اداسی ۔

sorry, a. افسوس ؛ پشیمانی ، خلش ، ہمدردی ، ترس وغیرہ کا کسی عیاں یا نہاں سبب سے پیدا شدہ احساس (جیسے: to be sorry for a loss) ؛ قابلِ افسوس ، قابلِ رحم ، ناگفتہ بہ قسم کا (کی) (جیسے : a sorry flight) ؛ حزین ؛ غم گین ؛ غم زدہ یا ملول ؛ اندوہ ناک یا پر ملال ؛ ملال انگیز ؛ بدبخت ؛ گھٹیا یا قابلِ رحم (جیسے: a sorry horse) ۔ (فجائیہ) معافی چاہتا ہوں ! ؛ معاف کرنا ؛ ایک معذرتی لفظ ۔

sorrily, adv. گھٹیا پن سے ۔

soriness, n. گھٹیا پن ؛ غم زدگی ۔

sort, n. کوئی خاص قسم ، نوع ، جماعت یا مختلف نمونہ (جیسے: to have more of that sort in stock) ؛ ایک قسم کی چیزوں یا لوگوں کی یا ایک ہی وصف یا نوعیت والی چیزوں اور شخصیتوں کی تعداد (جیسے: the cases fall into two sorts) ؛ کسی خاص قسم یا وصف والی شے یا شخصیت یا جماعت (جیسے: a good sort of man) ؛ کم و بیش کسی کی موزوں مثال (جیسے: Unicorn is a sort of mythical horse) ۔ (جمع) (طباعت) ایک ہی سانچے کے حروف (طباعت میں کام آنے والے) ؛ یک نوعی حروف ۔ (فعل متعدی) نوعیت ، قسم یا طبقے کے مطابق ترتیب دینا (جیسے: to sort the laundry) ؛ اقسام بندی کرنا ؛ قسم وار الگ الگ کرنا ؛ کسی مخصوص چھانٹ یا درجے میں ڈالنا ؛ دوسروں سے الگ کرنا یا لینا (بعد میں out آتا ہے ، جیسے : to sort out clothes needed for the trip) ؛ قسم یا گروہ وار یا جگہ وار کرنا (بعد میں with یا together لگاتے ہیں) ؛ چھانٹنا۔ (برطانوی بولی) دوسروں کا ساتھ دینا ؛ دوسروں کے ساتھ لگ جانا ۔

after a sort, نامکمّل طریقے سے ؛ فیشن کے طور پر ۔

of sorts of a sort, درمیانہ یا کمتر درجے کا (جیسے : a writer of sorts) ۔

out of sorts, عمدہ صحت ، طبیعت کی شگفتگی یا خوش مزاجی کی عام صورتوں سے ہٹا ہوا ؛ ناساز ؛ ناجنس ۔ (طباعت) ایک ہی سانچے میں سے بعض حروف کا کم ہونا ۔

sort of, (بول چال) کسی حد تک (جیسے : to feel sort of discouraged) ۔

sortable, a. جو چھانٹا جا سکے ؛ قابلِ تقسیم ۔

sorter, n. چھانٹنے یا تقسیم کرنے والا ؛ قسم بندی کرنے والا ؛ چھانٹیا ۔

sortie, n. (عسکری) محصور فوجی دستوں کی اچانک اور بے خبری میں دشمن پر یلغار ؛ ایک ہی طیارے کی دشمن کی فضائی حدود میں پرواز ؛ محصوروں کی محاصرین پر یک لخت یورش ۔ (فعل لازم) ایسی پرواز یا یلغار پر جانا ۔

sortilege, n. قُرعہ ڈالنے یا نکالنے کا عمل ؛ قرعے کے ذریعے نکالی جانے والی فال ؛ جادو ؛ ٹُونا ۔

sortilegic, a. فال بین ۔

sortition, n. قُرعہ اندازی ؛ فال ؛ فیصلہ بذریعہ قُرعہ اندازی ؛ قرعے کی پرچی ؛ قسمت آزمائی ۔

sorus, n. (نباتیات) فرن بُوٹی کی گھنڈیوں کی پُشت پر بنا ہوا بذرہ خانوں کا گُچھا ۔

S.O.S., n. بین الاقوامی ریڈیائی اشارہ جو مصیبت کے وقت ہوائی جہاز یا سمندری جہاز استعمال کرتے ہیں ؛ مدد کے لیے کوئی اشارہ یا درخواست ۔

so-so, soso, a. یونہی سا ؛ گزارے کا ؛ ٹھیک ٹھاک ؛ گوارا سا ؛ نہ بہت اچھا نہ بہت خراب ؛ درمیانی ؛ بس ایسا ہی ۔ (متعلق فعل) سرسری طور سے ؛ بے نیازی سے ؛ کام چلاؤ طریقے سے ۔

sostenuto, a. (موسیقی) کھینچتی ہوئی لَے والا ؛ ایک ہی طویل لَے والا ۔ (متعلق فعل) (موسیقی) بالائی انداز یا اسلوب میں ۔ (اسم) (موسیقی) وُہ ٹکڑا یا نغمے کی حرکت جس کی لَے بالائی انداز میں چھیڑی گئی ہو ۔

sot, n. کثرت مے خواری سے دُھت ہو جانے والا ؛ عادی مے خوار ۔

sotted, a. شرابی ۔

sottish, a. شراب خورانہ ؛ مے خورانہ ۔

sottishly, adv. شرابیوں کی طرح ۔

sottishness, n. شرابی ہونے کی حالت ؛ شرابی پن ۔

soteriology, n. (الٰہیات) عقیدۂ نجات (خصوصاً یسوع مسیح کے ذریعے) ۔

soteriological, n. عقیدۂ نجات کو ماننے والا ؛ شفاعتی ۔

Sothic, a. کلب الجبّاری ؛ شعرائی ، سیریوس یا سوتھیس ستارے کا یا اس سے متعلق (اسے کلب الجبار (Dog star) بھی کہتے ہیں) ۔

Sothic year, کلبی سال ؛ شعرائی سال ؛ مستقل قدیم مصری سال جس کا تعین اس ستارے کے سورج کے قرب میں طلوع ہونے کے وقت سے کیا جاتا تھا اور وہ سال ۳۶۵ ¼ دن کا ہوتا تھا ۔

Sothic cycle, Sothic period, کلبی دور ؛ شعرائی دور ؛ ایک ہزار چار سو ساٹھ کلبی سالوں کا عرصہ یا دور جو ۳۶۵ دنوں کے عام سالوں سے ایک سال زیادہ ہوتا ہے ۔

Sothis, n. سیریوس ؛ کلب الجبار ؛ صبح کا ستارہ ؛ زُہرہ ستارہ ۔

sotol, n. شمالی میکسیکو اور جنوب مغربی ریاست ہائے متحدہ امریکا میں پیدا ہونے والا پودا ؛ اس کا تعلق جنس سوسن سے ہے اور ''اٹ کٹ'' سے مشابہ ہے ؛ کسابی ۔

sotto voce, adv. دبی دبی آواز میں ؛ نرم لہجے میں ؛ سرگوشی میں ۔

souari nut, n. جنوبی امریکا کے حاری خطے کا ایک قدآور درخت ؛ اس کا پھل سخت خول والا ہوتا ہے لیکن مرغن اور خوردنی ۔

soubise, n. ایک پیازی چٹنی جس کو نچوڑے ہوئے پیاز ، مکھن اور آن چھنا یا چھنا ہوا روغنی آٹا ملا کر تیار کرتے ہیں اور گوشت کے ساتھ کھاتے ہیں ۔

soubrette, n. (تھیئٹر)نوجوان سبک مزاج لڑکی جسے کسی کامیڈی وغیرہ میں ناز نخرے کرنے اور لبھانے یا رجھانے کا کردار دیا گیا ہو؛ ایسا کردار ادا کرنے والی اداکارہ؛ کوئی سی ناز نخروں والی دوشیزہ۔

soubriquet, n. عُرف۔

souchong, n. سوچنگ؛چین، پاک و ہند اور سری لنکاکی ایک قسم کی کالی چائے۔

souffle, a. (طبّاخی) سُوفلے؛ پُھلایا ہوا؛ پُھولا ہوا؛ پھینٹ یا پکا کر نرمایا ہوا۔ (اسم) پُھولا ہُوا نرم سا پکوان جس کو انڈوں کی زردی پھینٹ کر سخت کی گئی سفیدی اور دوسرے سفید مسالوں وغیرہ سے ملا کر تیار کرتے ہیں۔

sough, v.i. سائیں سائیں کرنا یا سیٹی کی سی آواز نکالنا (ہوا کی طرح)؛ سمندر کی طرح گونجنا گرجنا۔ (برطانوی) لمبی روہانسی آواز کے ساتھ بات کرنا۔ (اسم) اس قسم کی آواز؛ ٹھنڈی سانس۔ (برطانوی) افواہ؛ نمی والی یادلدلی جگہ، کھائی یا نالی۔

soul, n. رُوح؛ جوہر؛ جان؛ آتما؛ پران؛ انسان کی حیات، احساسات، تصورات اور اعمال کی اصل جس کو انسان کے مادی جسم سے بالکل الگ ایک وجود تسلیم کیا جاتا ہے اور یہ تصور عام ہے؛ انسان کا روحانی حصہ جو جسمانی حصے سے الگ وجود رکھتا ہے؛ وہ مایۂ حیات جس کے بارے میں عقیدہ ہے کہ مرنے کے بعد بھی زندہ رہے گا۔ (عوامی) ایک وسیع اصطلاح جس کے کئی مفاہیم ہیں، جیسے کالا ہونے کی اصلیت و حقیقت اور اس بات کا صاف لفظوں میں اظہار کہ کالا ہونا کیا معنی رکھتا ہے؛ کسی مردہ شخص کے ترکِ جسم کر دینے والی رُوح؛ فطرت انسانی کا جذباتی پہلو یا احساسات و جذبات کا مرکز؛ ارفع جذبات یا احساسات کی استعداد؛ کوئی انسان یا فرد (جیسے: every soul aboard the ship)؛ ذہنی بلندی؛ احساس، جذبے یا حوصلے کی اعلیٰ ظرفی؛ کسی چیز کا ضروری حصہ یا عنصر یا اصولِ محرکہ؛ کسی اقدام، تحریک یا گروہ کی روحِ رواں؛ کسی وصف کی شکل مجسم (جیسے: His borther was the soul of honor)۔ (مسیحی علوم) عیسائیت کے مطابق خدا یا خدا کی الوہیت جو انسان میں منکشف ہے۔ (صفت) کالوں کے متعلق؛ کالوں کی خصوصیت یا کالی ثقافت کی (جیسے: a soul man)۔

souled, a. روحانی، عموماً مرکب لاحقے کے طور پر آتا ہے (جیسے: whole-souled co-operation)۔

soulforce, n. روحانی قُوّت؛ امریکی حبشیوں کی وہ جدوجہد جو معاشرتی انصاف چاہتی ہے؛ اس تحریک سے پیدا ہونے والا جذبہ، احساس، اثر اور زور؛ عدم تشدد پر مبنی تحریک جس میں احتجاجی جلوس اور مظاہرے محض اس لیے ہوتے ہیں کہ امریکی حبشیوں کے لیے نسلی برابری منوائی جا سکے۔

soulful, a. پُر از جذبات؛ گہرے جذباتی مزاج یا کردار والا؛ گہرے احساس و جذبے کا مظہر؛ جان دار۔

soulfully, adv. گہرے احساس سے۔

soulfulness, n. دل نشینی۔

soulless, a. بے روح؛ بے جذبہ؛ احساس اور حساسیت سے تہی؛ بے جان۔

soullessly, adv. بے دردی سے۔

soullessness, n. سنگ جانی؛ بے روحیت؛ عدم احساس۔

soul mate, n. جانی؛ وہ جس کے لیے طاقتور کشش محسوس ہو، عام طور پر جنسی مخالف کا؛ ناجائز جنسی تعلقات والا؛ یارِ بستر؛ آشنا۔

soulsearching, n. اپنے اندرونی محرّکات و عقائد کا عمیق ذاتی تجزیہ؛ من کھوج؛ احتساب بالنفس۔

sound, n. آواز؛ سماعتی اعضا پر ان بعض ارتعاشات یا صدائی لہروں سے پیدا ہونے والا احساس جو خلائے بسیط، پانی یا دوسرے لچک دار واسطوں کے ذریعے موصول ہوتا ہے؛ یہ احساس پیدا کرنے والی صدائی لہر؛ کسی صدائی واسطے یا منبع سے موصول ہونے والا سمعی تاثر (جیسے: the sound of bells)؛ کوئی تاثر یا سماعت پذیر اہتزازاتِ مدرکہ (جیسے: a variety of sounds)؛ شور؛ صوتی آوازیں؛ غنائی تان وغیرہ (جیسے: sounds from the next door)۔ (صوتیات) صوت؛ ان مفرد عناصر میں سے کوئی ایک جو کسی لفظی اظہار کو تشکیل دیتے ہیں؛ اس قسم کا عنصر یا ایسے عناصر جو کسی حرف، لفظ یا لفظ کے کسی حصے کے مطابق ہوتے ہیں؛ کسی واقعے یا ابلاغ کا مفہوم یا تاثر (جیسے: The offer of peace had a glorious sound)؛ بے مفہوم شور (جیسے: His speech was all sound and no substance)۔ (فعل لازم) آواز پیدا کرنا یا نکالنا یا بجنا (جیسے: The gong sounds for lunch)؛ سُنا جانا (آواز کا)؛ کوئی مفہوم یا تاثّر پیدا کرنا (جیسے: a story that sounds false)؛ گونجنا (جیسے: The hall sounded to the beat of the drums)۔ (فعل متعدی) آواز پیدا کرانا یا نکالنا (جیسے: to sound a trumpet)؛ آواز کی طرح نکالنا (جیسے: the soprano sounded high C)؛ اعلان کرنا، حکم دینا یا تاکید کرنا بذریعہ آواز (جیسے: to sound a retreat)؛ سنی جا سکنے والی آواز سے بولنا، ادا کرنا یا کہنا (جیسے: to sound each syllable)؛ ٹھوک بجا کر یا ویسے سن کر اندازہ لگانا (جیسے: A physician sounds the sick man's chest)۔

sound off, (عوامی) پکارنا؛ نام لے کر بُلانا، جیسے کہ کسی گروہ کا ہر رکن باری باری اپنا نام، نمبر بتاتا ہے؛ صاف صاف کہہ دینا، جیسے کسی تکلیف کی شکایت کرتے ہوئے۔

within sound of, قریب ہی؛ سنائی دیے جانے کے قریب؛ حلقۂ آواز کے اندر ہی۔

soundable, a. سماعت کے لائق؛ سماعت پذیر۔

sound, a مستحکم؛ مضبوط؛ گہرا؛ اچھی حالت میں؛ نقص اور خرابی سے پاک؛ ٹھوس (جیسے: sound walls or floors)؛ بیماری، ضرر، انحطاط وغیرہ سے پاک (sound body or mind)؛ مالی لحاظ سے مستحکم؛ محفوظ اور قابلِ اعتماد (جیسے: a sound investment)؛ قابلِ اعتماد، معقول اور باجواز (جیسے: a sound judgement, a sound advice)؛ دیر پا اور معقول قدر و وصف کا (جیسے: a sound value)، نک سک سے درست؛ برمحل اور کسی منطقی خامی کے بغیر (جیسے: sound reasoning)؛ کسی قانونی نقص کے بغیر جیسے کسی ملکیت کا حق؛ لگا تار گہری (جیسے: a sound sleep)؛ زبردست، دل سے اور جامع (جیسے: a sound scolding)؛ مذہبی نقطۂ نظر سے درست یا مسلمہ (عقیدہ وغیرہ)۔ (متعلق فعل) خوب گہرا۔

soundly, adv — پوری طرح ۔

soundness, n. — تندرستی ؛ صحت مندی ؛ معقولیت ۔

sound, v.t. — گہرائی ناپنا (پانی وغیرہ کی یا گہرے سوراخ کی) ، کسی رسی کے ذریعے جس کے سرے پر سیسے کا پنسال یا عُمق پیما بندھا ہو یا کسی اور طریقے سے ؛ جانچنا یا معائنہ کرنا جیسے سمندر کی تہ کا یا کسی گہرے سوراخ کا کسی وزنی شے کے ذریعے جو تہ سے مواد کے نمونے چمٹا کر اوپر لائے ؛ تحقیق کرنا ؛ گہرائی تک جانا ؛ ٹوہ لگانا (جیسے : to sound the depth of a person's faith or character) ؛ کسی شخص کے خیالات و جذبات کا پتا لگانے کی کوشش کرنا (بالواسطہ تحقیقات سے یا اشاروں کنایوں وغیرہ سے (بعد میں اکثر out لگاتے ہیں ، جیسے: to sound out his feelings on the subject) ۔ (جراحی) آواز کی مدد سے بدنی جوفوں وغیرہ کا پتا چلانا یا آواز کی مدد سے سکڑتی نالیوں کو پھیلانا ۔ (فعل لازم) سمندر کی گہرائی کا اندازہ لگانے کے لیے سیسے اور ڈوری وغیرہ کو استعمال کرنا؛ تہ میں اترجانا یا غوطہ مار جانا (وھیل مچھلی وغیرہ کا) ؛ بالواسطہ تحقیقات کے ذریعے معلومات حاصل کرکے صورتِ حال کی تہ تک پہنچنے کی کوشش کرنا ۔ (اسم) (جراحی) ایک لمبا پتلا سا عموماً خمیدہ آلہ جس کے ذریعے بدنی جوفوں اور نالیوں کا سراغ لگاتے ہیں، اور آواز سنتے ہیں ۔

soundable, a. — گہرائی ناپنے یا جانچ کرنے کے قابل ۔

sound, n. — آب نائے ؛ پانی کی وہ رہ گزر یا رود بار جو کسی بڑے خُشکی کے قطعے کو کسی جزیرے وغیرہ سے ملاتی ہو یا دو سمندروں کو آپس میں ملاتی ہو ؛ کسی بحیرے یا بحر کا بڑا سا خُشکی کے اندر چلا گیا حصہ ۔ (حیوانیات) مچھلی کا پُھکنا ۔

sound barrier, n. — دیکھیے: Sonic barrier ۔

sound board, n. — دیکھیے: Sounding board ۔

sound bow, n. — گھنٹی کا وہ حصہ جس سے لٹکن ٹکرا کر آواز پیدا کرتا ہے ۔

soundbox, n. — آواز گر؛ تاردار غنائی ساز کا وہ کھوکھلا حصہ جو آواز کی گمک میں اضافہ کرتا ہے؛ ریکارڈ مشین میں وہ آلہ جو ریکارڈ کی جھریوں کی لہروں کو آواز میں بدل دیتا ہے ، یہ ایک پردے اور مرتعش سوئی کے عملِ باہم سے ہوتا ہے ۔ دیکھیے: Diaphragm ۔

sound effects, n — صوتی اثرات ؛ ریڈیو ، ٹی وی ، متحرک تصویروں ، فلموں وغیرہ کے پروگراموں میں سمندری لہروں، بارش ، دروازوں کی چوں چوں ، سموں کی چاپ وغیرہ کی آوازوں کی ہو بہو نقل ۔

sounder, n. — سماعۃ ؛ آواز پیما ؛ عمق پیما ؛ وہ شخص یا آلہ جو پانی کی گہرائی کو جانچتا یا ناپتا ہے؛ ایک تار برقی اختراع جو برقناطیسی محرکات کے جوابی عمل میں ٹک ٹک کرنے لگتی ہے؛ جراحی میں کام آنے والی سلائی یا آلہ ۔

sounding, n. — (اکثر جمع) آبی گہرائی ناپنے کا عمل یا سلسلہ کار ؛ عمق پیمائی ۔ (جمع) پانی کی گہرائی جو عموماً ایک سو فیدم سے زیادہ نہیں ہوتی ۔ دیکھیے : fathom ۔ اسے پنسال اور ڈوری سے عموماً ناپا جاتا ہے؛ پانی کے وہ قطعات جہاں معمولی گہرے سمندر والا پنسال تہ تک پہنچ جائے ۔ (موسمیات) مختلف بلندیوں پر سے فضائی حالات کی پیمائش ۔

sounding, a. — صدائی ؛ آواز یا آوازیں خارج کرتا یا پیدا کرتا ہُوا خصوصاً زور دار آواز پیدا کرتا ہُوا ؛ گونجتا ہوا ؛ پرشکوہ آواز والا ؛ بلند آواز ؛ طمطراق والی آواز والا ۔

soundingly, adv. — بلند آواز کے ساتھ ۔

sounding board, soundboard, n. — صوتی تختہ ؛ ایک پتلی گمکیا چوبی پلیٹ جو کسی ساز کا حصہ ہوتی ہے اور یوں لگائی گئی ہوتی ہے کہ تانوں کی سکت اور صلاحیت میں اضافے کا باعث بنے ؛ وہ تختہ یا بازگرداں ساخت جسے اسپیکر، آرکسٹرا وغیرہ کے اوپر یا پیچھے لیکن بلند کرکے رکھا ہوتا ہے تاکہ آواز کا رخ سامعین کی طرف موڑا جا سکے ؛ بول تختہ ؛ ایک یا زائد آدمی جن کی طرف خیالات یا آرا کا رخ کیا جاتا ہے تاکہ ان کے ردِعمل کا اندازہ لگایا جا سکے ؛ خیالات و احساسات کو دوسروں تک پہنچانے کا کام دینے والا (شخص یا آلہ) (جیسے: a novelist who is more sounding board than a creator of fiction) ۔

sounding line, n. — عمق پیما ؛ ایک عمق پیما ڈوری یا تار جس پر مختلف جگہوں پر پانی کی گہرائی ناپنے کے لیے نشانات لگے ہوتے ہیں ۔

sounding rocket, n. — (فضائیات) وہ راکٹ جس میں دُور بلندیوں پر فضائی حالات ناپنے اور ان کا تجزیہ کرنے کے آلات لگے ہوتے ہیں ۔

soundless, a. — بے آواز ؛ خاموش ؛ صامت ۔

soundlessly, adv. — بلا آواز کے ۔

soundlessness, n. — خاموشی ؛ سکون ۔

soundless, a. — اتھاہ ؛ اناپ ؛ ناقابل پیمایش ؛ پیمایش کے لیے بہت گہرا ۔

soundlessly, adv. — اتھاہ گہرائی کے ساتھ ۔

soundlessness, n. — اتھاہ گہرائی ؛ ناقابل پیمائش گہرائی ۔

soundproof, a. — صدا ناگزر ؛ جس میں سے آواز آ جا نہ سکے ؛ آواز روک ۔ (فعل متعدی) آواز کا گزر ناممکن بنا دینا ؛ آواز روک لینا ۔

sound track, n. — صوتی کنارا ؛ متحرک تصویری فلم پر لگایا ہوا صوتی ریکارڈ ۔

sound truck, n. — وہ ٹرک جس پر لاؤڈاسپیکر نصب کیا ہوا ہو تاکہ عوامی اعلانات اور اشتہارات دُور دُور تک سنے جا سکیں ۔

sound wave, n. — (طبیعیات) موجِ آواز ؛ صوتی لہر ؛ ایک دباؤ دار لہر (ہوا میں یا کسی اور لچکیلے واسطے میں) جو قابلِ سماعت یا ورائے سماعت آوازوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

soup, n. — شوربہ ؛ یخنی ؛ گوشت ، سبزی ، مچھلی وغیرہ کی وہ سیال غذا جس کو مسالوں اور دوسرے اجزا کے ساتھ اُبال کر بنایا جاتا ہے ۔ (عوامی) گہری دُھند یا ابر آلودگی ؛ نائٹرو گلسرین ۔

in the soup, — (عوامی) مشکل میں ؛ دشواری میں ۔

soup up, — (عوامی) زیادہ تیز چلنے کی صلاحیت بڑھانا یا بہتر کرنا (کسی موٹر وغیرہ کے انجن کی) ۔

soupcon, n. — حقیر مقدار ؛ خفیف سا ذائقہ یا شائبہ ۔

soup kitchen, n. — خیراتی لنگر ، وہ جگہ جو عموماً خیراتی اداروں کے زیر نگرانی کام کرتی ہے اور جہاں کھانا عموماً مفت یا برائے نام قیمت پر دیا جاتا ہے ۔

soupy, a. شوربے کا سا ؛ شوربے جیسا گاڑھا یا ویسے ہی اجزا سے بنا ہوا ؛ گاڑھا یا دبیز جیسے دُھند ۔ (بول چال) جذباتی ۔

sour, a. کھٹا یا تُرش ؛ ترش ذائقے والا (سِرکے یا لیموں کے رَس کا سا) ؛ خمیر سے اُٹھایا ہُوا یا خمیر سے تُرشایا ہوا ؛ بدذائقہ ؛ اس طرح اثر پذیر شے کی **خصوصیت کا حامل ۔ (مجازاً)** بے مزہ یا ناگوار ؛ ناپسندیدہ ؛ تُرش مزاج یا تُرش خُو (شخص) ؛ درشت ؛ روکھا ؛ تنک مزاج ؛ سرد اور مرطوب ؛ بہت ہی تیزابی یا نم دار (مٹی) ؛ مرطوب یا شدید (موسم) ؛ گندھکی مرکبات سے ناخالص کیا ہوا جیسے پٹرول ۔ (اسم) جو ترش ہو ؛ کوئی تُرش چیز ؛ کوئی مشروب وہسکی وغیرہ کی طرز کا جس میں عرق لیموں اور شکر ملی ہوئی ہو ؛ **رنگ کاٹ** یا رنگ کاری کے لیے ایک تیزابی خاصیت کا محلول ۔ (فعل لازم) ترش یا کھارا ہو جانا ۔ (مجازاً) درشت ، روکھا یا چڑ چڑا ہو جانا ۔ (فعل متعدی) تُرش یا کھارا کر دینا ؛ خمیر سے ترشانا یا خراب کر دینا ۔ (مجازاً) بد مزہ یا ناگوار بنا دینا ؛ درشت ، رُوکھا یا چڑ چڑا کر دینا ؛ تلخ کر دینا ۔

sourish, a. تُرش سا ۔

sourly, adv. ترشی سے ۔

sourness, n. ترشی کھٹاس ؛ کھٹا پن ۔

sourball, n. ایک قسم کی قند جس میں پھلوں کی امیزش ہوتی ہے اور ٹاٹری بھی ملائی جاتی ہے ۔ (عوامی) سدا بد مزاج اور بڑبڑیا ۔

source, n. ماخذ یا منبع ؛ مبدأ ؛ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز پھوٹتی یا حاصل ہوتی ہو ؛ وہ چیز جس سے کوئی چیز نکلتی یا پیدا ہوتی ہو ؛ دریا یا چشمے کا منبع ؛ چشمے یا سوتے کی زمین کے اندر سے پُھوٹ یا اس کے نکاس کی جگہ ؛ چشمہ یا سرچشمہ ؛ اصل سبب یا باعث ؛ جس سے کوئی خبر ، اطلاع یا ثبوت (خصوصاً حقیقی نوعیت کا) حاصل ہو ؛ ایسی معلومات مہیا کرنے والی کوئی کتاب وغیرہ ؛ سود، **منافع** مُنقسمہ وغیرہ کی رقوم کی ادائیگی کرنے والا شخص یا کاروبار ۔

source book, n. کتابِ حوالہ یا کتاب منابع و مصادر ؛ کوئی کتاب ، مجموعہ جس میں ایسا اصل مواد جیسے تجربہ گاہ کی یاد داشتیں ، خطوط یا سرکاری دستاویزات شامل ہوں جن سے کسی موضوع یا شعبے میں مستند معلومات پر روشنی پڑتی ہو ۔

sour cherry, n. آش ؛ چیری ؛ چھوٹا سا سُرخ رنگ کا ایک تُرش پھل ، اس کو اگر کچا یا بغیر کوئی شیرینی ملائے کھایا جائے تو سخت تُرش ہوتا ہے ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کی مشہور عام ہائی چیری ؛ اس پھل کا درخت ، اسے سجاوٹ کے طور پر بھی بویا جاتا ہے کیونکہ جب یہ پھولنے پر آتا ہے تو اس کا ابر گوں حُسن دیدنی ہوتا ہے ۔

sourdine, n. (موسیقی) نقارے کا گُمک داب ؛ بانس کا بنا ہوا ایک ساز جو نفیری/شہنائی کی طرز کا ہوتا ہے ؛ سارڈین ۔

sourdough, n. خمیر ۔ (بول چال) **کان جُو** ، مہم جو یا پرانا آباد کار (خصوصاً مغربی کینیڈا یا الاسکا میں) ۔ (صفت) پکی ہوئی ان اشیا کا یا **اُن** سے متعلق جن میں یہ خمیر ملا ہوتا ہے ؛ **خمیری (اشیا) ۔**

sour grapes, n. کھٹے انگور ؛ وہ جسے حاصل نہ کیا جا سکے ؛ کسی چیز میں کیڑے نکالنے کی صورت ۔

sour gum, black gum, cotton gum, n. کھٹا گوند ؛ ایک درخت جس کا گوند ترش ہوتا ہے ۔

sour orange, n. کھٹا ، کھٹی ؛ لیموں کی نوع کا ایک سدا بہار درخت جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور سٹرس کی پیوند کاری کے کام آتا ہے ؛ اس پھل کا درخت ۔ دیکھیے : citrus ۔

sour salt, n. ٹاٹری ؛ قلموں کی شکل میں لیموں کا تیزاب ۔

soursop, n. امریکا کے منطقۂ حارہ کا ایک چھوٹا سا درخت جس کا پھل قدرے ترش گودے والا ، سبز رنگ کا اور خاصا موٹا ہوتا ہے ؛ اس درخت کا کھایا جانے والا پھل ۔

sourwood, n. دیکھیے :sorrel tree ۔

sousaphone, n. ایک مرغولہ نما بڑا باجا جسے بالخصوص فوجی بینڈوں میں بجایا جاتا ہے ۔

souse, v.t. پانی یا کسی مائع میں ڈبو دینا ؛ تر بتر کر دینا ؛ لت پت کر دینا ؛ (کسی مائع سے) شرابور کر دینا ؛ زور سے ڈالنا یا انڈیلنا جیسے پانی ؛ نمکین پانی یا تیزابی محلول میں ڈبو دینا ۔ (عوامی) مخمور ہونا یا کرنا ۔ (فعل لازم) پانی میں گر پڑنا ؛ کسی مائع شے میں ڈبویا جانا ؛ دھڑام سے گرنا ؛ تر بتر ہو جانا ؛ لَت پت ہو جانا ؛ کسی شے میں خوب بھیگا ہونا ۔ (عوامی) پی کر بدمست ہو جانا ؛ نشہ میں دُھت ہونا ۔ (اسم) بھیگنے یا بھگونے کا عمل ؛ لت پت یا شرابور ہونے کی حالت ؛ سرکے میں ڈبوئی ہوئی کوئی چیز خصوصاً اچار؛ سرکے کے طور پر برتا جانے والا کوئی سیال ۔ (عوامی) دھت ؛ بدمست ۔

souse, v.t., v.i. (قدیم) جھپٹنا ؛ اچانک گرنا یا ٹوٹ پڑنا ؛ جھپٹ پڑنا جیسا پرندے کا اپنے شکار پر ۔ (اسم) (قدیم) پرندے کی اُٹھان یا اُڑان ۔

soutache, n. سنجاف ؛ کپڑے کے کنارے لگائی جانے والی کم چوڑائی کی (اونی یا ریشمی) گوٹ ۔

soutane, n. **(کلیسیات)** چوغہ یا جُبّہ جو رُومی کیتھولک اور دوسرے پادری پہنتے ہیں ۔

souter, n. **(اسکاٹ لینڈ ،شمالی انگلستان)** کفش دوز ؛ موچی ؛ کفش ساز ۔

south, n. جنوب ؛ دکھن ؛ قطب نُما کے چار بنیادی نقاط میں سے ایک جو شمال کے بالکل مخالف ہے ؛ وہ خطہ یا علاقہ جو شمال کے بالکل برعکس واقع ہو ؛ وہ ہوا جو جنوب سے چلتی ہے ؛ باد جنوب ۔ (بڑے S سے) ریاست ہائے متحدہ امریکا میں وہ علاقہ جو میسن ڈکسن خط کے نیچے اور دریائے مسی سی پی کے مشرق میں ہے ۔ (صفت) جنوب میں واقع یا جنوب کی جانب ؛ جنوب سے متعلق ؛ جنوب سے آغاز ہوتا ہوا ۔ (متعلق فعل) جنوب میں ، جنوب سے یا جنوب کو ۔

South African, a. جنوبی افریقہ کا یا اس سے متعلق (خصوصاً جنوبی افریقہ کی جمہوری ریاست) ۔ (اسم) اس جمہوریہ کا باشندہ یا بھومی (بالخصوص وہ جو یورپی اصل ، نسل کا ہو) ؛ افریقی ۔

southbound, a. جنوب کو عازم یا سفر کرنے والا ۔

south by east, n. (جہازرانی) جنوب بہ مشرق ؛ سمت نما پر وہ نُقطہ جو جنوب کے ایک درجہ مشرق کی سمت کی نشاندہی کرتا ہے ؛ اسے محفف صورتوں میں S/bW لکھتے ہیں ۔

south by west, n. (جہازرانی) جنوب بہ مغرب ؛ قطب نما پر وہ نقطہ جو جنوب کے ایک درجہ مغرب کی سمت کی نشاندہی کرتا ہے ؛ **مخفف** صورت میں اسے s/bw لکھتے ہیں ۔

southeast, n. (جہازرانی) جنوب مشرق یعنی دونوں سمتوں کے درمیان کی سمت یا درمیانی مقام ؛ اس سمت کا کوئی خطہ

(اٹلس ، سمت نما یا کرۂ ارض پر) ۔ (بڑے S سے) ریاست ہائے متحدہ امریکا کے جنوب مشرق میں واقع علاقے ۔ (صفت) جنوب مشرق میں واقع ؛ جنوب مشرق کی سمت میں یا ادھر کا رخ کیے ہوئے ؛ جنوب مشرق سے آتی ہوئی (ہوا) ۔ (متعلق فعل) اس سمت میں یا اس سمت کو جو جنوب اور مشرق کے وسط میں ہے ۔

southeast by east, n. (جہازرانی) سمت نما پر وہ نقطہ جو جنوب مشرق کے ایک درجہ مشرق کی سمت ظاہر کرتا ہے ؛ جنوب مشرق بہ مشرق ۔

southeast by south, n. (جہازرانی) سمت نما پر وہ نقطہ جو جنوب مشرق کے ایک درجہ جنوب کی سمت ظاہر کرتا ہے؛ جنوب مشرق بہ جنوب ۔

southeaster, n. (جہازرانی) باد جنوب مشرق ؛ امریکا کے جنوب مشرق سے اُٹھنے والی ہوا جو خاصی تیز اور جھکڑ کا انداز لیے ہوتی ہے ۔

southeasterly, a., adv. (جہازرانی) جنوب مشرق کو یا وہاں سے ۔

southeastern, a. جنوب مشرقی ؛ جنوب مشرق میں واقع یا ادھر کو جانے والا (والی) یا ادھر سے آنے والی (ہوا) ؛ جنوب مشرق کی یا اس سے متعلق ۔

southeasterner, n. جنوب مشرقی خطے کا یا اس جانب کا رہنے والا ۔ (بڑے S سے) جو جنوب مشرقی ریاست ہائے متحدہ امریکا میں پیدا ہوا ہو یا وہاں رہتا ہو ۔

southeastward, southeastwards, adv. جنوب مشرق کی طرف ۔ (صفت) جنوب مشرق میں یا سے ۔ (اسم) جنوب مشرق ۔

southeastwordly, adv., a. جنوب مشرق کا انداز لیے ہوئے ۔

souther, n. بادِ جنوبی یا بادِ جنوب ؛ دکھن سے اُٹھنے والا جھکڑ ، ہوا یا طوفان ۔

southerly, southernly, a. adv. جنوب کو رواں ؛ جنوبی رخ کو یا جنوب میں واقع ؛ جنوب کی جانب سے آنے والی (ہوا) ۔ (اسم) بادِ جنوب ؛ جنوب سے چلنے والی ہوائیں ۔

southern, a. (بعض اوقات بڑے S سے) جنوب سے متعلق یا وہاں کا رہنے والا ۔ (فلکیات) استوائے فلکی کے جنوب میں واقع ؛ جنوب سے اٹھنے والا طوفان ؛ جنوب رَویہ ۔

southernmost, a. جنوب بعید ترین ۔

Southern Cross, n. (فلکیات) جنوبی نصف کُرے میں روشن مجمع النجوم جس کے چار بڑے ستارے مل کر صلیب کے مشابہ ہو جاتے ہیں ؛ جنوبی صلیب ۔

Southern Crown, n. (فلکیات) اکلیل جنوبی ؛ جنوبی مجمع النجوم ۔ دیکھیے : Corona Australis ۔

southerner, n. جنوب باسی ؛ دکھنی (دکنی) ؛ دکن باسی ۔ (عموماً بڑے S سے) جنوبی ریاستہائے متحدہ امریکا کا باشندہ یا وہاں کا رہنے والا ۔

southernism, n. جنوب پرستی ؛ جنوبیت کا قائل (امریکا کے لحاظ سے) ۔

Southern Hemisphere, n. جنوبی نصف کرہ ؛ زمین کا وہ نصف حصہ جو خط استوا کے جنوب میں واقع ہے ۔

Souhtern Lights, n. (فلکیات) ۔ دیکھیے: Aurora Australis ۔

southernly, southerly, a., adv. جنوب کو ، جنوب میں یا جنوب سے ۔

southerliness, n. جنوبیت ؛ جنوبی ہونے کی حالت/کیفیت ۔

southernwood, n. ایک پودا جس کا تنا چوبیں ہوتا ہے ۔ یہ اصلاً جنوبی یورپ میں تھا جہاں سے شمالی امریکا میں لایا گیا ۔ اسے خوشبودار اور کٹے ہوئے پتوں کی بنا پر کاشت کیا جاتا ہے ۔ نیز : Old Man, wormwood ۔

southing, n. (فلکیات) وہ وقت جب چاند یا دیگر اجرامِ فلکی کسی مقام کے خطِ نصف النہار سے گزرتے ہیں ۔ (جہازرانی) پچھلی پیمایش کے مقام سے جنوب کی جانب عرض بلدی فرق ؛ جنوب کی جانب حرکت ۔

southland, n. کسی ملک کا جنوبی علاقہ یا خطہ ؛ دکن ۔

southlander, n. جنوبی علاقے کا باشندہ ؛ جنوب باسی ۔

southpaw, n., a. (بیس بال) بیس بال میں بائیں ہاتھ سے گیند پھینکنے والا ۔ (عوامی) چپکار ؛ کھبُو ۔

South Pole, n. قطب جنوبی ؛ زمین کے محور کا جنوبی سرا ۔ (چھوٹے s سے) مقناطیس کا جنوب کی طرف اشارہ کناں قطب ۔

south-southeast, n. (جہازرانی) جنوب جنوب مشرق ؛ سمت نما پر وہ جگہ جو جنوب مشرق اورجنوب کے درمیان واقع ہو ۔

south-southwest, n. (جہازرانی) جنوب جنوب مغرب ؛ سمت نما پر وہ جگہ جو جنوب مغرب اور جنوب کے درمیان واقع ہو ۔

southward, southwards, adv. (جہازرانی) جنوب کی جانب ؛ جنوب جنوب کو عازم ؛ جنوب کی جانب رُخ کیے ہوئے یا جنوب کی طرف واقع ۔ (اسم) جنوبی حصہ ، سمت یا مقام ۔

southwardly, adv جنوبی سمت لیے ہوئے ۔

south-west, n. (جہاز رانی) جنوب مغرب ؛ سمت نما پر وہ مقام جو مغرب اور جنوب کے عین درمیان واقع ہو ۔ (صفت، جنوب مغربی سمت میں واقع یا اس جانب سے آتا ہوا یا ادھر کو جاتا ہوا ۔ (متعلق فعل) جنوب مغرب سے یا اُس کی جانب یا اس کے اندر ۔

southwest by south, n. (جہازرانی) جنوب مغرب بہ جنوب ؛ سمت نما پر جنوب مغرب سے ایک درجے جنوب کی جانب سمت ۔

southwest by west, n. (جہازرانی) جنوب مغرب بہ مغرب ؛ سمت نما پر جنوب مغرب سے ایک درجے مغرب کی جانب سمت ۔

southwester, sou'wester, n. (جہازرانی) جنوب مغربی ہوا ؛ جنوب مغرب کی جانب سے اٹھنے والی تیز ہوا یا جھکڑ ؛ باد و باراں سے بچنے کے لیے ملاّحوں کی جَل روک ٹوپی ۔

southwesterly, a., adv. (جہازرانی) جنوب مغربی ؛ جنوب مغرب سے یا اس کی جانب ۔

southwestern, a. جنوب مغربی ؛ جنوب مغرب سے متعلق یا وہاں سے آنے والا یا وہاں واقع ۔

southwestener, n. جنوب مغربی خطے کا باسی ۔ (بڑے S سے) ریاست ہائے متحدہ امریکا کے جنوب مغربی علاقے کا باشندہ ۔

southwesternmost, a. انتہائی جنوب مغربی ۔

southwestward, southwestwards, adv. (جہازرانی) جنوب مغرب کی جانب ۔ (صفت) جنوب مغرب کی جانب یا اس کے اندر ۔ (اسم) جنوب مغرب ۔

southwestwardly, adv جنوب مغرب کا رُخ لیے ہوئے ۔

souvenir, n. یادگار ؛ یادآور چیز ؛ کسی کی یاد دلانے والا (والی) ؛ یاد دہانی ؛ یادگاری تحفہ ؛ سووینئر ؛ نشانی ۔

sou'wester, n. طوفانی موسم میں جہازیوں کا آب روک کوٹ وغیرہ (برساتی) ؛ اسی مقصد کا چوڑا ہیٹ جو گردن تک کو بارش سے بچائے رکھتا ہے ؛ جنوب مغربی ہوا ۔

sovereign, sovran, a. مقتدر اعلیٰ ؛ بالاترین اختیار و حکمرانی کا مالک ؛ شاہی ؛ فرماں روا ؛ بیرونی مداخلت یا اثر اندازی سے آزاد (جیسے: a sovereign nation) ؛ صاحب اقتدار و اہمیت ؛ ممتاز ؛ سب سے زیادہ مؤثر (جیسے: a sovereign medicine) ۔ (اسم) حاکمِ اعلیٰ ؛ سب سے زیادہ با اختیار ، جیسے شاہ ، ملکہ وغیرہ ؛ حکمران ؛ سونے کا ایک برطانوی سِکّہ جو ایک پونڈ اسٹرلنگ کے برابر ہوتا ہے ، گنی ؛ ساورن ۔

sovereignly, adv. مقتدرانہ ؛ حاکمیت اعلیٰ کے ساتھ ؛ اختیارات اعلیٰ لیے ہوئے ۔

sovereignty, sovranty, n. اقتدار اعلیٰ ؛ اختیار اعلیٰ (ریاست میں) ؛ حاکمیت ؛ اقتدار اعلیٰ کا منصب ؛ آزاد ریاست ؛ خود مختار مملکت ؛ فرمان روائی ؛ مطلق العنانی ۔

soviet, n. [رُوسی] سوویت روس کا منتخب شدہ قانون ساز ادارہ یا مجلس ؛ کوئی بھی اس قسم کا ادارہ ؛ روس کی طرزِ حکمرانی جس میں مقامی ، صوبائی اور قومی کونسلوں کی درجہ وارانہ ، غیر شخصی حکومت ہوتی ہے ؛ یہ ادارے عوام اور عساکر پر مشتمل ہوتے ہیں اور سب سے بڑا ادارہ سپریم سوویت کہلاتا ہے ؛ دوسری اشتراکی حکومتوں میں اس طرح کی کونسلیں ہیں ۔ (بڑے S سے) (جمع) سوویت یونین کے عوام اور عمائدین ۔ (صفت) سوویت کا ؛ سوویت سے متعلق ۔

sovietism, n. سوویتی نظام ۔

sovietize, v.t. سوویت یونین کے عقائد و افکار دوسروں پر لاگو کرنا ؛ اس تصوّر حکومت کے مطابق نظام حکومت ترتیب دینا ۔

sovietization, n. **سوویت سازی ۔**

sow, v.t., v.i. بکھیرنا (زمین پر اُگنے کے لیے بیج) ؛ بیج پھیلا کر اُگانا ؛ نمو کے لیے ادھر اُدھر پھیلا دینا (بیج وغیرہ کو) ؛ تُخم ریزی کرنا ؛ پودے لگانا ؛ افزایش کرنا (جیسے: to sow discord) ۔

sower, n. تخم ریزی کرنے والا ؛ بیجل ۔

sow, n. سُورنی ۔ (فلزیات) ڈلا لوہے کے حوض سے ملحقہ وہ خاص نالی جس میں پگھلا ہوا لوہا ڈلے بننے کے لیے لے جایا جاتا ہے ؛ سانچے میں ٹھنڈا ہو کر سخت ہونے والی دھات ۔

sowbelly, n. (بول چال) سور کا وہ دبیز گوشت جو اس کے پُٹھ سے لیا گیا ہو ۔ نیز: salt pork ۔

sow bug, n. خزخاکی ؛ خزجُوں ؛ خول دار چھوٹا سا حشرہ ، یہ بیشتر مرطوب جگہوں میں عموماً چٹانوں یا لٹھوں کے نیچے رہتا ہے ۔ نیز: wood louse ۔

sow thistle, n. خز جھاڑ ؛ ایک جھاڑی جس کے پتے کانٹوں کے سے ، پھول زرد ہوتے ہیں ، اس میں سے دودھ نما رس نکلتا ہے (یہ گوکھرو کی قسم کی ہوتی ہے) ۔

soy, n. سوئے ؛ سویا بین سے تیار کی گئی چٹنی جو مشرق میں نمکین سیال میں ڈبوئے ہوئے بیجوں کے خمیر سے بنتی ہے اور مچھلی کے ساتھ استعمال میں لاتے ہیں ؛ سویا پھلی چٹنی ۔

soya, n. سویا بین ۔

soyabean, n. سویا بین ؛ روانھ ؛ ایک لحمیات بھرا پودا جس کے ساتھ پھلیاں لگتی ہیں ، اسے چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے ، اس کے بیجوں سے تیل نکالتے ہیں ، آٹا بھی حاصل کرتے ہیں اور بعض اور غذائیں بھی تیار کرتے ہیں ، پیسٹ ، پلاسٹک اور کیمیائی اشیا تیار کرنے میں بھی کام آتا ہے ۔

spa, n. معدنی چشمہ ؛ وہ چشمہ جس میں معدنی اجزا ہوں ؛ وہ جگہ جہاں لوگ اِس کے معدنی پانی کی خاطر جاتے ہوں ۔

space, n. مکان ؛ جگہ ؛ علاقہ ؛ رقبہ ؛ خلا ؛ وہ غیر محدود یا غیر معین طور پر بڑا علاقہ یا وہ سہ ابعادی پہنائی جس میں یا جس کے کسی حصے میں تمام مادی اشیا موجود ہوں ؛ کسی خاص حوالے سے اس کا کوئی حصہ یا حد (جیسے: the space occupied by a body) ؛ ریل ، جہاز یا طیارے میں مخصوص کرائی گئی نشست یا کمرہ ؛ کوئی سہ ابعادی وسعت یا کمرہ ؛ کسی سطح زمین کی مخصوص پہنائی (جیسے: forests covering acres of space) ؛ مساوی فاصلہ یا مخصوص فاصلہ (جیسے: trees set at an equal space apart) ؛ وسعت یا ایک مخصوص وقت کی وسعت (جیسے: a space of two hours) ؛ وقت کا وقفہ یا توقف ۔ (فضائیات) خلا ؛ کرۂ ارض کی فضائی حدود سے باہر کا علاقہ ؛ بیرونی خلا ۔ (طباعت) لفظوں یا فقروں کو ایک دوسرے سے الگ الگ رکھنے کے لیے چھوڑی گئی جگہ ؛ فصل ۔ (موسیقی) موسیقی کی لائنوں کے بیچ کے وقفے یا درجے ؛ بین السطور ؛ وقت یا جگہ جہاں اشتہاروں کی گنجایش موجود ہو ۔ (فعل متعدی) جگہ یا جگہوں کا مقرر یا متعین کرنا ؛ وقفوں میں الگ الگ کرنا ؛ الگ الگ کچھ فاصلہ رکھنا ۔ (طباعت خالی جگہیں چھوڑ کر حرفوں ، لفظوں یا سطروں کو الگ الگ کرنا ؛ بیچ میں زیادہ جگہ چھوڑ کر وسعت دینا (بعد میں out لگاتے ہیں) ۔

Space Age, n خلائی عہد یا دَور ؛ وہ دَور جس کا آغاز خلا میں ۴ اکتوبر ۱۹۵۷ء کو کامیابی کے ساتھ اسپوتنیک چھوڑنے سے ہو گیا تھا اور خلائی تسخیر کا یہ سلسلہ خلائی تحقیقوں اور انسان سوار خلائی جہازوں کے ذریعے جاری ہے ۔

space charge, n. (برقیات) فضائی بار ؛ وہ مثبت یا منفی برق اندود جو کسی سہ ابعادی رقبے (خلانلی میں) یا کم فضائی دباؤ کے علاقے میں روانوں یا برقیوں کی دھار کا تقسیم کردہ مثبت یا منفی بار ہوتا ہے ۔

spacecraft, n. خلائی طیارہ ؛ خلائی جہاز ۔

spaceflight, n. خلائی پرواز ؛ انسان کے ذریعے چلنے والی یا خود کار سواری میں خلائی سفر ۔

space heater, n. گرمالہ ؛ کسی دیوار بستہ جگہ (کمرے کو) گرمانے کے لیے کوئی چھوٹا سا گیسی چولھا یا کوئی متحرک آلہ ۔

space heating, n. کسی جگہ گرمائی پہنچانے کا عمل ۔

space lattice, n. (طبیعیات) جوہری یا سالماتی اکائیوں کی وہ اقلیدسی یا خصوصی ترتیب جو کسی قلمی ساخت میں پائی جاتی ہے ۔

spaceless, a. لامحدود ؛ اننت ؛ لاانتہا ؛ لامکان ۔

spaceman, n. خلا نورد ؛ وہ انسان جو کُرۂ ارض سے باہر خلائے بسیط میں سفر کرتا ہے ۔

space mark, n. (طباعت) علامت فصل ؛ حرفوں یا لفظوں کے مابین خالی جگہ کی علامت یعنی # ۔

space medicine, aerospace medicine, n. خلائی طب ؛ شعبۂ طب کی وہ شاخ جس کا تعلق خلائی پرواز سے جسم انسانی پر مرتب ہونے والے اثرات ، ان کے جسمانی اور نفسیاتی منفی عوارض کی روک تھام اور علاج سے ہے ۔

spaceport, n. خلائی اڈا ؛ خلائی طیارے اتارنے ، ضروریات ذخیرہ کرنے، جانچ پڑتال کرنے اور طیّاروں کو بحال رکھنے کی تنصیب گاہ یا مقام ؛ خلائی بندرگاہ ۔

spaceship , spacecraft, n. خلائی جہاز ؛ راکٹ ؛ انسان کے ذریعے چلنے والی یا خود کار سواری میں سے کوئی جو کرۂ ارض کے بیرونی خلا میں سفر کرے، جیسے راکٹ۔

space station, space platform, n. خلائی اڈا ؛ وہ مصنوعی سیّارہ جسے مدار ارضی ہی میں ضروری آلات سے لیس کیا گیا ہو اور جو خلائی مشاہدات و تحقیقات کے لیے اور خلائی طیّاروں کی دیکھ بھال اور اُن کو چھوڑنے کے لیے اڈّے کا کام دیتا ہے ؛ خلائی اسٹیشن ؛ خلائی پلیٹ فارم ۔

space suit, n. خلائی لباس ؛ وہ دباؤ برداشت کرنے والا لباس جس میں آکسیجن کا بندوبست ہوتا ہے بلکہ دیگر لوازمات بھی ہوتے ہیں جو بیرونی خلا یا خلا کی انتہائی بلندیوں پر انسانی زندگی، کام کاج یا نقل و حرکت کے لیے ضروری ہوتے ہیں ۔

space-time, space-time continuum, n. زمان و مکان ؛ تسلسل زمان و مکان ؛ خلائی وقت ؛ تین خلائی محددات اور ایک ساعتی محدد پر مشتمل چار ابعادی تسلسل کا وہ نظام جس میں مادے اور حادثات کی تمام طبعی حقیقتیں موجود ہیں ۔

space walk, n. خلا قدمی ؛ خلا میں چکر لگانے والے کسی انسان بردار خلائی جہاز میں سے باہر خلا میں نکل کر کی گئی کوئی انسانی نقل و حرکت ۔

space writer, n. وہ مصنف خصوصاً صحافی یا نقل نویس جسے اپنی کاوش کا معاوضہ مطبوعہ جگہ کے حساب سے ملتا ہے ؛ اجرتی مصنف ۔

spacing, n. فصل بندی ؛ فاصلہ بندی یا اس کا انداز ؛ اس شخص یا شے کا عمل جو فاصلہ بندی کرتی ہے ؛ کسی مطبوعہ شے میں مجموعی طور پر کی گئی فاصلہ بندی ۔

spacious, a. کشادہ ؛ فراخ ؛ وسیع ؛ گنجایش لیے ہوئے ؛ بہت جگہ لیے ہوئے جیسے مکان ، کمرہ یا سڑک ؛ خاصا بڑا اور جگہ دار ؛ بہت جگہ لیے ہوئے یا وسیع و عریض (جیسے : this spacious world) ؛ بڑے رقبے یا وُسعت کا حامل (زمین وغیرہ) ؛ حد داری یا گنجایش میں کُھلا ۔

spaciously, adv. کشادگی کے ساتھ ۔

spaciousness, n. کشادگی ؛ گنجایش ۔

spackle, n. (بعض اوقات بڑے S سے) اسپیکل ؛ ایک پلستر کاری مواد کی لئی نما مستقل خصوصیت ، جس سے آرایش سے قبل دیواروں اور چھت میں درزیں وغیرہ بھرنے کا کام لیا جاتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔ (فعل متعدی) اسپیکل استعمال کرنا ؛ اس مواد سے درزیں بھرنا

spade, n. تاش میں حکم کا پتّا یا اس پر بنی ہوئی تصویر جو سیاہ رنگ کے پان (تاش کا پتا) سے مشابہ ہوتی ہے لیکن اس کی نوک اوپر کی جانب ہوتی ہے اور نیچے دونوں سروں کے درمیان نوک کے بالکل مخالف ایک چھوٹی سی ڈنڈی ہوتی ہے ؛ اس رنگ کا کوئی پتّا جس پر ایسی شکل بنی ہوئی ہو ۔ (جمع) اس رنگ کے پتّے یعنی اس تصویر والے تاش کے پتّے ۔

spade, n. پھاوڑا ؛ بیلچہ ؛ مٹی کھودنے کا بڑے پھل والا آہنی اوزار جس میں ایک مضبوط دستہ لگا ہوتا ہے،اس کو دونوں ہاتھوں اور ایک پاؤں سے استعمال کرتے ہیں ؛ کوئی اوزار یا آلہ جو بیلچے کی طرح کا ہو ؛ توپ کی دُنبال کا وہ حصہ جو باہر کو نکلا ہوتا ہے اور جھٹکے کے وقت توپ گاڑی کو مُستحکم رکھتا ہے ۔ (فعل متعدی) بیلچے سے کھودنا ۔

call a spade a spade, جو جیسا ہو اسے ویسا ہی کہنا یا دوسروں کو بتانا ؛ کھری بات کرنا ؛ صاف گوئی سے کام لینا ؛ لگی لپٹی نہ رکھنا ۔

spadeful, n. بیلچہ بھر ۔

spader, n. بیلچہ چلانے والا ؛ بیلچے سے کھودنے والا ؛ بیلچہ بردار ۔

spadefish, n. بیلچہ مچھلی ؛ ایک چکلے وجود والی مچھلی جس کے کثیر خارا پر ہوتے ہیں ، یہ شمالی امریکا کے مشرقی ساحل کے ساتھ ساتھ پائی جاتی ہے ؛ برک ماہی ۔

spadework, n. بنیادی کام ؛ کسی منصوبے کے سلسلے میں ابتدائی کام؛ بیلچے سے کیا گیا یا کیا جانے والا کام ۔

spadix, n. (نباتیات) خوشۂ غلافی ؛ موٹی ڈنڈی والا پھولوں کا گچھا جو عموماً کٹوری کے اندر ہوتا ہے ۔

spaghetti, n. اسپیگٹی ؛ گوندھے ہوئے آٹے کی لمبی پتلی ابلی ہوئی موٹی سویّاں جن کو مختلف چٹنیاں لگا کر کھایا جاتا ہے ۔ (برق) ایک تنگ گھیر والی غیر موصل نلی جس میں ننگا تار داخل کیا جا سکتا ہے ، یہ پلاسٹک یا وارنش چڑھے سوتی کپڑے پر مشتمل ہوتی ہے ۔

spagiric, spagyric, spagyrical, a. کیمیا گری سے متعلق ۔ (اسم) کیمیا گر ۔

spahi, spahee, n. [ترکی ، فارسی، اردو] سپاہی ؛ پچھلے دور میں ترکی رسالے کا ایک سوار ؛ الجزائر کے اس رسالے کا سوارجو فرانسیسیوں کی ملازمت میں ہوتا تھا ؛ برصغیر میں فوج یا پولیس کا ادنیٰ رکن ؛ عموماً فوج کا ہر رکن ۔

spall, n. سنگریزہ ؛ سنگ پارہ ؛ کسی بھی سخت سی چیز کا ٹکڑا جیسے پتھر یا لوہے کا ۔ (فعل متعدی) ریزہ ریزہ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ، جیسے کسی معدن کو ۔ (فعل لازم) ریزہ ریزہ یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔

spallation, n. (طبیعیات) جوہر کے مرکزے کو پارہ پارہ کرکے متعدد مرکزیے (nucleon) بنانے کی حالت ؛ تکہ کاری ؛ ریزہ کاری ۔

span, n. بالشت بھر فاصلہ : اس سے مراد وہ فاصلہ ہے جو پھیلے ہوئے مردانہ ہاتھ میں انگوٹھے کے اور چھوٹی انگلی کے سروں کے درمیان ہوتا ہے جو عموماً نو انچ شمار کیا جاتا ہے ؛ تھوڑا سا عرصہ ؛ کسی شے کی پوری پہنائی ، رسائی یا حدِّ وسعت ؛ پاٹ (پل کے دوستون کے درمیان) ؛ کسی جگہ یا وقت کی حدود کے اندر کا حصہ ۔

(طیرانیات) طیارے کے بازو کی ایک نوک سے دوسرے بازو کی نوک تک کی زیادہ سے زیادہ چوڑائی ۔ (فعل متعدی) بالشت پیمائی کرنا ؛ پیمائی کا ناپ کر اندازہ لگانا ؛ کسی ایسی چیز سے بنانا جو پُل کا کام دے ؛ پاٹنا ۔

span, n. گھوڑوں یا جانوروں کی تقریباً ہم شکل و ہم قد جوڑی جنھیں ہم لگام چلایا جاتا ہو ۔ (جہازرانی) رسہ یا زنجیر جس کو تحفظ کے لیے استعمال کیا جائے ۔ (فعل متعدی) جوتنا یا ساتھ لگا دینا ؛ باندھنا ۔

spandrel, spandril, n. (فن تعمیر) محراب شانہ ؛ برکہان تکون ؛ بے قاعدہ سی تکونی جگہ جو کسی محراب کے بیرونی خم اور اس کو محیط کرنے والی راست پہلو شکل کے درمیان ہوتی ہے؛ اس شکل کی کوئی جگہ جیسی کہ ڈاک کے ٹکٹ پر ہوتی ہے ؛ اس خالی جگہ میں بنائی ہوئی کوئی زیبایش ۔

spangle, n. سلمہ ؛ ستارہ ؛ دھات کا وہ چھوٹا سا گول نقش جسے ملبوس پر سجاوٹ کے لیے ٹانکا جاتا ہے ؛ کوئی چھوٹی سی چمکیلی شے ۔ (فعل متعدی) **سلمہ ستارہ** لگانا؛ چمکانا ۔ (فعل لازم) چمکنا ؛ سلمے ستارے سے چمکنا ۔

Spaniard, n. ہسپانوی :اسپین یا ہسپانیہ کا باشندہ ۔

spaniel, n. ہسپانوی کُتا ؛ چھوٹے یا درمیانے قد کے اُن کتوں کی نسل سے کوئی ایک جس پر عموماً لمبے ریشمی سے بال اور ڈھلکے ہوئے کان ہوتے ہیں ؛اسپینیل ۔ (مجازاً) فرماں بردار قسم کا جی حضور ، جی جناب کرنے والا شخص ۔

Spanish, a. ہسپانوی ؛ ہسپانیہ کا یا اس سے متعلق ؛ ہسپانوی زبان یا لوگوں سے متعلق ۔ (اسم) فلپائن اور لاطینی امریکا میں بولی جانے والی ہسپانوی زبان اور اُس کی بولیاں ؛ ہسپانیہ کے لوگ (عموماً پہلے the لگاتے ہیں) ۔

Spanish America, n. **ہسپانوی امریکا ؛ مغربی نصف کرّے کے** وہ ممالک جہاں ہسپانوی بولی جاتی ہے بشمول میکسیکو ، وسطی امریکا ، جنوبی امریکا اور بیشتر کریبی جزائر ، ماسوائے برطانوی، ہانڈورس ، گیانا اور برازیل ۔

Spanish bayonet, n. ہسپانوی اٹ کٹ ؛ اٹ کٹ قسم کا ایک پودا جس کے پتے کم چوڑے ، سخت اور خاردار نوک والے ہوتے ہیں ۔

Spanish fly, n. سون مکھی ؛ ایک قسم کی بھونرا مکھی جس کے کانٹے سے چھالا ساہن جاتا ہے ، اسے دوا سازی میں استعمال کیا جاتا ہے (سُکھانے اور پیسنے کے بعد) جلن اور خارش روک نیز پیشاب آور کے طور پر اور قوت باہ افزائی کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے ۔ دیکھیے : cantharis ۔

Spanish heel, n. ہسپانوی ایڑی ؛ اُونچی ایڑی ؛ لکڑی کی لیکن چمڑا مڑھی ہوئی جوتے کی ایڑی جو اونچی اور خم دار ہوتی ہے لیکن جس کی سامنے والی جانب بالکل سیدھی ہوتی ہے ۔

Spainsh influenza, n. ہسپانوی انفلوئنزا ؛ ایک متعدی تنفسی بیماری جو ایک وائرس سے پیدا ہوتی ہے اور جس کے نتیجے میں بخار، کھانسی اور بدن میں عام درد کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے خصوصاً وہ جو ۱۹۱۷-۱۸ء میں وبائی طور پر دنیا بھر میں پھیل گئی تھی ۔

Spanish mackerel, n. ہسپانوی ماکریل ؛ ایک قسم کی جسیم اور خوردنی امریکی مچھلی جو بحراوقیانوس کے گرم پانیوں میں پائی جاتی ہے ؛ کیلفورینائی نَرمیکرال ۔

Spanish moss, n. ہسپانوی کائی ؛ جنس اننناس کا نباتی کائی کی مانند کا ایک طفیلی پودا جو جنوبی امریکا میں پایا جاتا ہے ، اس کے لمبے خاکستری رنگ کے تار درختوں کی شاخوں کو لپیٹ میں لے لیتے ہیں ، اسے فلوریڈائی کائی بھی کہتے ہیں ۔

Spanish needles, n. سوزنِ ہسپانیہ ؛ ایک امریکی پودا جس کا تعلق مرکّب خاندان سے ہے ، اس کے پھل پر نیچے کو جھکے ہوئے کانٹے سے ہوتے ہیں ؛ اس کا پھل ۔

Spanish omelet, n. ہسپانوی آملیٹ ؛ ایک قسم کا آملیٹ جس پر ہسپانوی چٹنی کی تہ جمائی ہوتی ہے ، یہ چٹنی پیاز ، ٹماٹر ، سبز مرچ اور دیگر مسالوں سے مرکب ہوتی ہے ، کبھی کبھی اس میں کُھمبی بھی ملا لیتے ہیں ۔

Spanish paprika, n. ہسپانوی فلفل جسے کُوٹ یا پیس کر مسالے کے طور پر استعمال کرتے ہیں ۔

Spanish rice, n. ہسپانوی پلاؤ ؛ پیاز ، ٹماٹر ، سبز اور پسی ہوئی سرخ مرچ ملا کر پکائے ہوئے چاول ۔

spank, v.t. سزا کے طور پر چُوتڑوں پر تھپڑ یا دھپ رسید کرنا ۔ (اسم) دھپ ۔

spank, v.i. پُھرتی سے چلنا ؛ تیز تیز چلنا یا دوڑنا ۔

spanker, n. چوتڑوں پر تھپڑ مارنے والا ۔ (جہاز رانی) دُنبالۂ جہاز کا سب سے نچلا اور بڑا مربع بادبان ۔ (بول چال) تیز رفتار گھوڑا ؛ کوئی شے جو بڑی خوبصورت یا متاثر کرنے والی ہو ۔

spanking, a. تیز تیز چلتا ہوا ؛ تیز خرام ۔ (بول چال) نمایاں یا غیر معمولی ؛ بہت ہی عمدہ ۔ (متعلق فعل) (بول چال) غیر معمولی طور پر یا بہت زائد (جیسے: a spanking new car) ۔ (اسم) سزا کے طور پر چوتڑوں پر تھپڑوں کی بارش ۔

spanner, n. (خصوصاً برطانوی) ڈھبریوں کو کَسنے والا ایک اوزار جس کے ایک سرے پر دانت اور چُوڑیاں ہوتی ہیں ؛ ڈھبرکس ؛ رَینچ ۔

span-new, a. (بولی) بالکل نیا اور تازہ ۔

spanworm, n. کنڈل کیڑا ؛ کنڈل کیچوا ۔

spar, n. کڑی ؛ بڑنگا ؛ مضبوط سی لکڑی جس کی لمبائی موٹائی کے حوالے سے خاصی زیادہ ہو ؛ گیلی ؛ بلی ۔ (جہازرانی) مستول ؛ مستولی بلّی یا بادبانی بَلّی ۔ (طیرانیات) طیارے کے پر کا بُنیادی اُفقی حصہ ۔ (فعل متعدی) بَلّی وغیرہ سے لیس کرنا ۔

spar, v.i. بازوؤں کو حملے یا بچاؤ کے لیے موزوں صورت میں حرکت دینا ؛ مکے بازی کے دستانے پہن کر لڑنا ؛ مُکہ بازی کرنا ؛ ٹانگوں پر خار چڑھا کر لڑنا جیسے مُرغوں کا ؛ تکرار کرنا ؛ تُوتُو مَیں مَیں کَرنا ۔ (اسم) مُکوں کی ابتدائی تا بڑتوڑ ؛ مکے بازی (باکسنگ) کا مقابلہ ؛ تنازع ۔

spar, n. اسپار ؛ بلّور ؛ ان مختلف اقسام کے **قلمی معدنوں میں سے** کوئی ایک ، جو بآسانی (پترے کی شکل میں ، ٹیڑھی مستطیل یا مکعب کی شکل میں) ٹوٹ جاتا ہے ، یہ بے ضو ہوتا ہے ، جیسے فلسپار ، فلور بلور اور آئس لینڈی بلّور ۔

Spar, SPAR, n. متحدہ امریکا کے ساحلی محافظ دستے کی خاتون رُکن ۔

sparable, n. جوتوں وغیرہ کے تلووں میں لگائے جانے والی بے سرکی چھوٹی کیلیں جو گھسائی کو روکنے کے لیے جڑی جاتی ہیں ۔

spare, v.t. نقصان رسانی یا تباہ کاری سے باز رہنا یا ضرر پہنچائے بغیر چھوڑ دینا ؛ سزا دینے سے پرہیز کرنا ؛ بخش دینا (جیسے : spare an enemy) ؛ کسی دباؤ ، بے آرامی یا تکلیف سے یا اس کے سبب سے محفوظ رکھنا ؛ کسی قول یا فعل سے باز رہنا ؛ پرہیز کرنا یا درگزر کرنا ؛ کسی آلے وغیرہ کے استعمال سے باز رہنا (جیسے : to spare no pains,time or expense) ؛ مختص کرنا یا اجازت دینا ؛ کسی خاص مقصد کی خاطر (جیسے : to spare time or money for an undertaking) ؛ ذاتی نقصان یا دشواری کے بغیر کسی شے کو بالکل دے دینا یا ادھاردے دینا یا کسی کے حوالے کر دینا (کسی ذخیرہ وغیرہ سے) ؛ سبک دوش کرنا یا اس کے بغیر گزارا کرنا ؛ کفایت شعاری یا جز رسی سے خرچ کرنا ؛ استعمال کرنے ، استعمال کر ڈالنے یا ضائع کرنے سے گریز کرنا ؛ ضرورت سے زائد بچا دینا یا چھوڑ دینا ـ (فعل لازم) زخم رسانی یا سزا دینے سے باز رہنا ؛ نرمی یا رحم دلی سے کام لینا ؛ کفایت شعاری یا جز رسی کرنا ؛ بچت سے کام لینا ـ (صفت) مستقبل میں ضرورت کے لیے بچا کر رکھا ہوا یا فالتو رکھا ہوا(جیسے : Spare tire) ؛ موجودہ ضرورت سے زیادہ اور دیگر استعمال سے آزاد (جیسے : spare time)؛ کفایت شعار ؛ جزرس یا خسیس، جیسے بعض افراد ؛ کفایت شعارانہ یا گزارے کے اندر (رہن سہن ، کھانا پینا یا کرایہ) ؛ کم مقدار یا کمی جیسے رقم یا لب ریزی میں ؛ دبلا پتلا (شخص) ـ (اسم) فالتو شے یا کوئی جزو ، جیسے کسی موٹر وغیرہ کا ٹائر (ہنگامی صورت کے لیے) ؛ جزرس یا کفایت شعارانہ استعمال ؛ دو گیندوں سے کسی ایک فریم کے اندر رکھی ہوئی تمام بنوں کو گرانے اور اس سے حاصل ہونے والے نمبر ـ

sparable, a. فالتو ـ

sparely, adv. فالتو طور پر ـ

spareness, n. فالتو پن ـ

sparer, n. الگ کرنے والا ـ

sparerib, n. سور کے سینے کے گوشت کا وہ ٹکڑا جس میں اوپری پسلیاں یا اگلی پسلیوں کے سرے ہوں جن پر گوشت کم ہوتا ہے ؛ چانپ ـ

sparge, v.t., v.i. بکھیرنا یا چھڑکنا ـ (اسم) چھڑکاؤ یا بکھراؤ ؛ عرق پاشی ـ

sparger, n. عرق پاش ـ

sparid, n., a. دیکھیے : Sparoid ـ

sparing, a. پس انداز ؛ کفایت شعار ؛ محتاط (بعد میں اکثرof یا in آتا ہے ، جیسے : sparing of words) ؛ کم مقدار ؛ محدود ؛ رحم دل ؛ نرم طبع ـ

sparingly, adv. کفایت شعاری کے ساتھ ـ

sparingness, n. کفایت شعاری ؛ پس اندازی ؛ مُحتاط پن ـ

spark, n. شرر ؛ چنگاری ؛ شرارہ ؛ پتنگا ؛ شعلہ ؛ ایک سلگتا یا جلتا ہوا ریزہ جو کسی جلتی ہوئی لکڑی سے نکل کر باہر آئے یا کسی سخت چیز کے دوسری سخت چیز سے تصادم پر برآمد ہو ـ (برق) ہوا یا دوسرے برق گزاروں میں برقی رو کے اچانک عدم تسلسل سے پیدا ہونے والے ضیائی اثرات ؛ بجلی کے سرکٹ کا تسلسل جہاں ٹوٹ جائے وہاں پیدا ہو جانے والی ایک چھوٹی سی قوس ؛ کسی شے کی حقیر سی مقدار ؛ رمق ؛ شمّہ ؛ زندگی یا توانائی کی کسی شخص میں خفیف سی رمق ؛ کسی روشن شے کی دمک ؛ شعاع یا کوند ـ (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (بول چال) جہاز یا طیارے کا ریڈیو آپریٹر ـ (فعل لازم) شرارے چھوڑنا (آگ کی طرح) ؛ روشنی کی کرنیں پھینکنا یا شعاع اندازی کرنا ؛ کوندنا ؛ شراروں کی طرح خارج ہونا ـ (برق) چنگاریاں چھوڑنا ـ (فعل متعدی) کسی کام یا دلچسپی کے لیے اُکسانا ؛ کارآمادہ کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ـ

sparker, n. چنگاری چھوڑنے والا ـ

spark, n. عاشق مزاج شخص ؛ زن پسند ؛ نمود پرست ؛ بانکا ؛ دل پھینک ؛ یار جو ـ (فعل لازم و متعدی) (بول چال) عشق بازی کرنا ؛ عاشق یا چھیلے کا کردار ادا کرنا ؛ عورتوں پر ڈورے ڈالنا ؛ اظہار عشق کرنا ـ

sparker, n. عشق باز ـ

sparkish, a. عاشق مزاج ـ

spark arrester, n. شرار گیر ، کھلی انگیٹھی ، دود کش وغیرہ میں سے چھوٹنے والے شراروں وغیرہ کو کسی ایسی جگہ گرنے سے روکنے کے لیے بنایا گیا تاروں کا جال جس پر گرنے سے نقصان کا اندیشہ نہ ہو ـ (برق) سرکٹ میں خطرناک شرارفشانی کو پیدا ہونے سے روکنے کے لیے استعمال کی جانے والی اختراع ـ

spark coil, n. امالی لچھا ؛ شرارہ کنڈل ـ

spark gap, n. (برق) شراری فاصلہ ؛ کسی برقی سرکٹ میں وہ کھلی جگہ جس پر شراروں کی صورت میں توانائی کا اخراج ہوتا ہے ؛ شراری فصل ـ

sparkle, v.i. شرارے چھوڑنا ؛ چمکنا یا شراروں کی شکل میں نکلنا جیسے آگ یا روشنی سے ؛ چھوٹے چھوٹے شرارے چھوڑنا جیسے کسی جلتی چیز سے ؛ روشنی کی کرنیں پیدا کرنا یا کوندنا ، ہیرے یا ستارے کی طرح ؛ ضوفگن ہونا (اوس کے قطرے یا لہروں کی طرح جو سورج کی روشنی میں چمکتی ہیں)؛ خوب چمکنا ؛ جگمگانا ؛ چشمے وغیرہ کا چمک اور کوند کے ساتھ بہنا یا حرکت کرنا؛ آنکھوں کا روشنی سے چندھیا جانا ؛شراب وغیرہ کا چھوٹے چھوٹے روشن بلبلے چھوڑنا ؛ ذہین یا نمود پسندی کی حد تک چُست چالاک ہونا (گفتگو یا حاضر جوابی میں) ؛ زندہ دلی سے کام لینا ؛ شگفتہ مزاج ہونا ؛ چمک سے ظاہر کرنا یا ہونا (جیسے : eyes that sparkle with joy) ـ (فعل متعدی) چمکانا یا دَمکانا ـ (اسم) شرر ؛ چنگاری ؛ چمکتی صورت ؛ روشنی کی کوند یا لشکارا (جیسے :the sparkle of a diamond) ؛ تابناک ذہانت ؛ شگفتہ مزاجی یا زندہ دلی ـ

sparkler, n. تابندہ ؛ چمکیلا ؛ وہ آتش بازی جو شرارے چھوڑتی ہو جیسے پُھل جھڑی ؛ دمکتا ہیرا خصوصاً الماس ـ (بول چال) چمکتی یا روشن آنکھ ـ

spark plug, (Brit.) sparking plug, n. اسپارک پلگ ؛ دروں احتراق انجن کے سلنڈر میں ایک چیز جس کے دُوسرے ہوتے ہیں ، ان کے بیچ میں سے برقی چنگاری گزرتی ہے جو بھڑکیلی گیسوں میں آگ پیدا کر دیتی ہے؛ شراری ڈاٹ ـ (بول چال) کسی تنظیم یا کاروبار کی روح رواں ـ

sparkplug, v.t. (بول چال) ابھارنا ؛ سمت دکھانا ؛ کارآمادہ کرنا

spastic, a. (امراضیات) تشنجی ؛ تشنج سے متعلق یا اُس کی صورت حال کا یا اس سے مخصوص ، خصوصاً عضلاتی تشنج ۔ (اسم) کا دیرینہ مریض خصوصاً وہ جو دماغی رعشے کا مریض ہو۔

spastically, adv. تشنجی کیفیت لیے ہوئے ۔

spastic paralysis, n. شلل تشنج ؛ تشنجی فالج ؛ فالج کی وہ حالت جس میں طویل عضلاتی اکڑن اور پٹھوں کا ڈھیلاپن بہت نمایاں ہوتا ہے ۔

spat, n. تلخ کلامی یا تکرار ؛ ہلکی سی ضرب ؛ چپت ؛ چانٹا ؛ بڑے بڑے قطروں کی زور دار بارش ۔ (فعل لازم) تو تُو مَیں مَیں یا معمولی جھڑپ ہو جانا ؛ ڈھول دھپا کرنا ؛ تیزی سے ٹکا دینا ؛ چھینٹے اُڑانا ۔ (فعل متعدی) ہلکی ضرب لگانا ؛ تھپڑ مارنا ۔

spat, n. (عموماً جمع) ایک چھوٹا سا پاپوشہ جسے عموماً پنجے کے اوپر پہنتے ہیں اور اس کو پاؤں کی نچلی جانب کسی تسمے وغیرہ سے باندھ دیا جاتا ہے ۔

spat, n. تخم صدف ؛ کستورا مچھلی یا اس قسم کی کسی اور صدفی مچھلی کے انڈوں کا جھول ؛ صدفوں کا جھول ؛ بچۂ صدف ؛ چھوٹی کستورا مچھلی ۔ (فعل لازم) انڈے دینا (صدفوں کا) ۔

spate, n. سیلاب کی طرح کا کوئی اچانک اُچھال یا بہاؤ وغیرہ (جذبات کا) ۔ (خصوصاً برطانوی) سیلاب ؛ طغیانی ؛ دریائی سیلاب ؛ پور ؛ اچانک مُوسلا دھار بارش ۔

spathe, n. (نباتیات) خوشہ غلافی ؛ گُل پوش ؛ وہ بڑا سا پرت یا اس کی جوڑی جو پھول کی ڈنڈی کے نیچے ہوتا ہے اور پھول کو غلاف کی طرح گھیرے میں لیے ہوتا ہے ۔

spathaceous, spathose, a. (نباتیات) خوشۂ غلافی کی طرح ؛ غلاف دار ۔

spathed, a. غلافی ۔

spathic, spathose, a. (معدنیات) بلور سے ملتا جُلتا ؛ بلوری ۔

spathulate, a. دیکھیے : Spatulate ۔

spatial, spacial, a. مکانی ؛ وسعت یا پھنائی کا یا اس سے متعلق ؛ موجود فی المکان ؛ کسی جگہ میں وقوع پذیر ؛ فضائی ۔

spatiality, n. مکانیت ؛ فضائیت ۔

spatially, adv. فضائی طور پر ۔

spatiotemporal, a. زمانی و مکانی ؛ خلائی وقت کا یا اس سے متعلق ۔

spatiotemporally, adv. خلائی وقت کی مطابقت سے ۔

spatter, v.t. ذرّہ ذرّہ یا قطرہ قطرہ کرکے بکھیرنا ؛ چھینٹے مارنا (جیسے : to spatter mud, water or ink) ؛ چھوٹے چھوٹے ذرّات سے کسی چیز کو خوب لتھیڑ دینا (جیسے : to spatter the ground with water) ؛ مٹی یا کسی آلودگی کا چھڑکنا یا اس سے داغ دار کر دینا ؛ کسی پر کیچڑ اُچھالنا یا اسے بد نام کرنا ۔ (فعل لازم) چھوٹے چھوٹے ذرّے یا قطرے اُڑانا یا ان کی صورت میں اڑنا یا گرنا ؛ گولیوں کی بوچھاڑ ہونا ۔ (اسم) قطرے قطرے گرنے کا عمل یا اس کی آواز ؛ کسی چیز کا چھینٹا یا داغ ۔

spatterdock, n. ایک زرد رنگ کا جوہڑی سوسن ؛ ایک بھداسا پودا جو کھڑے پانی میں ہوتا ہے ۔

(کسی کام کے سلسلے میں ، کاروبار میں یا کسی تنظیم میں) ۔

spark transmitter, n. (ریڈیو) شراری مرسل ؛ اسپارک ٹرانسمیٹر ؛ ایک مُرسل جو مکثفے کے ایک شراری فصل پر ، اہتزازی اخراج کے ذریعے سگنل کی ترسیل کرتا ہے ۔

sparling, n. یورپ کی ایک مچھلی جو سامن کی طرح کی ہوتی ہے ؛ جوان ہیرنگ مچھلی ۔

sparoid, sparid, a., n. زرّیں سر مچھلی ؛ ایک قسم کی **مچھلی ،** اس کے مہیپر خاردار ہوتے **ہیں ،** اس میں مختلف انواع کی مچھلیاں شامل ہیں ۔

sparring partner, n. مشقی حریف ؛ مشقی تربیت میں کسی انعامی مکہ باز کے ساتھ مکے بازی کا ساتھ دینے والا ۔

sparrow, n. چڑیا ؛ گوریا ؛ عصفور ؛ عام معروف چڑیا **جو شمالی امریکا میں** ایشیا اور یورپ سے **گئی تھی ؛ امریکا کی چہچہانے والی چڑیوں میں** سے کوئی ایک ۔ نیز : house sparrow, English sparrow ۔

sparrowgrass, n. (بول چال) مار چوبہ ؛ چڑیا گھاس ۔ دیکھیے : asparagus ۔

sparrow hawk, n. شکرا ؛ کیڑے مکوڑوں اور چھوٹے پرندوں وغیرہ پر پلنے والا چھوٹی نسل کا باز ؛ بازک ؛ چڑی باز ؛ باشا ؛ طوط ۔

sparse, a. چھدرا ؛ کم گنجان ؛ جو گھنا اور گنجان نہ ہو ؛ **چھدرا** یا منتشر (جیسے : sparse population) ؛ غیر گنجان (جیسے : sparse hair) ؛ تھوڑا یا کم مقدار ۔

sparsely, adv. تھوڑی مقدار میں ۔

sparseness, sparcity, n. چھدرا پن ؛ قلّت ۔

Spartacist, n. ۱۹۱۸ء میں جرمنی کے اندر قائم ہونے والی انقلابی اشتراکی پارٹی کا رُکن ۔

Sprtan, Spartanic, a. **اسپارٹائی** ؛ جنوبی یونان کے قدیم شہر **اسپارٹا** کے لوگوں کا یا اُن سے متعلق ؛ ان لوگوں کی سادگی ، کٹر پن ، نظم و ضبط ، پختہ مزاجی اور جرأت مندی کا غماز ؛ بہادر ؛ مدنی الطبع ۔ (اسم) اسپارٹا کا باسی ؛ اسپارٹائی خصائص والا ۔

spartanism, n. **اسپارٹا** کی خصوصیات ۔

sparteine, n. سپارٹین ؛ ایک کڑوا زہریلا القلائیڈ سیال جو جھاؤ جھاڑی سے تیار کیا جاتا ہے اور ادویات میں استعمال ہوتا ہے ۔

spar varnish, n. اسپاروارنش ؛ ایک وارنش جسے عموماً السی کے تیل ، گندھک اور رال کو ملا کر تیار کرتے ہیں اور لکڑی کو موسمی اور آبی اثرات سے محفوظ رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

spasm, n. (امراضیات) تشنج ؛ کسی عضلے کا اچانک غیرمعمولی طور پر خود بخود سکڑاؤ ؛ ایک مرض جس میں تا دیر یہ کیفیت رہتی ہے ؛ بار بار پٹھوں کے اکڑنے اور ڈھیلے ہونے کی صورت ؛ کوئی اچانک لیکن مختصر سا غیر معمولی توانائی ، احساس یا سرگرمی کا دور یا دورہ ۔

spasmodic, spasmodical, a. تشنجی ؛ تشنج گوں ؛ فوری اور شدید لیکن مختصر ؛ وقفے وقفے سے وقوع پذیر ؛ جوش جذبات ۔ غیر معمولی جانے کا عادی یا اس کی خصوصیت لیے ہوئے ۔

spasmodically, adv. تشنج کی طرح سے ۔

spatula, n. کفچہ ؛ پتلے، چوڑے، لچکیلے پھل والا ایک اوزار جس سے کسی پتلی چیز کو کسی اور چیز پر پھیلایا جاتا ہے ؛ کارندی ۔

spatulate, spathulate, a. کفچہ نما ؛ چمچے کی شکل کا ۔ (نباتیات) چوڑے گول سرے اور تنگ پتلی بنیاد والا (پتا وغیرہ) ۔

spavin, n. (بیطاری امراضیات) قرہ قوش ؛ گھوڑوں کی بیماری جو عموماً پچھلے ٹخنوں کے آس پاس کی جگہ کو ہدف بناتی ہے اور جوڑوں پر ہڈیاں بڑھ جاتی ہیں ؛ ایسی کوئی بڑھوتری/افزایش ۔

spavined, a. اس بیماری کا مریض ؛ لنگڑا ۔ (مجازاً) معذور ؛ ٹھہر ٹھہر کر چلنے والا ؛ شکستہ پا ۔

spawn, n. (حیوانیات) تخم ماہی ؛ مچھلیوں، جل تھلیوں، صدفیوں وغیرہ کے انڈے یا ان کے جھول ؛ پر ہجوم نسل یا بے شمار بچے ؛ مخاطب یا موضوع کو حقیر یا گھٹیا خیال کرتے ہوئے، عموماً اظہار حقارت کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ وہ افراد جو اچھے خاندان کی اولاد نہ ہوں ؛ کوئی پیداوار یا حاصل ۔ (نباتیات) پھپھوندی (کھمبی) وغیرہ کا نامی حصہ ؛ فطرومہ ۔ (فعل لازم) انڈے یا بچے دینا ؛ بار آور ہونا، جھول کی طرح ۔ (فعل متعدی) جھول کی طرح پیدا کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ بے حساب افزایش کرنا ؛ جنم دینا، افواہوں کو ۔ (نباتیات) فطرومہ کاری کرنا ۔

spay, v.t. مادہ جانور کی بچہ دانی نکال دینا تاکہ وہ عقیم ہو جائے ۔

speak, v.i., v.t. کہنا ؛ بولنا ؛ الفاظ کا کہنا یا عام طریقے سے کچھ آوازیں نکالنا ؛ گفتگو کرنا یا قوت گویائی سے کام لینا ؛ زبان سے ابلاغ کرنا یا کسی کو کچھ کہنا (جیسے: to speak to someone) ؛ گفتگو کرنا (جیسے: They spoke for hours on the phone) ؛ مجمع سے مخاطب ہونا ؛ خطاب کرنا (جیسے: to speak at a rally) ؛ کوئی بیان دینا (تحریری یا اخباری طور پر) ؛ کسی طریقے سے دوسروں تک بات پہنچانا ؛ دوسرے تک اپنا مفہوم پہنچانا ۔ (صوتیات) کسی زبان کی مخصوص آوازوں کو ادا کرنا (مختلف سلسلہ ہائے کلام میں سے کسی ایک کے ذریعے) ؛ کسی غنائی ساز کی طرح کوئی آواز نکالنا ؛ رُوئداد بیان کرنا یا شورمچانا ؛ بھونکنا (کُتے کی طرح) ؛ ترتیل سے یا زبان سے بول کر کچھ کہنا (جیسے: to speak word of praise) ؛ بول کر ظاہر کرنا یا متعارف و معروف کرنا (جیسے: to speak the truth) ؛ لکھ کر، چھاپ کر یا کسی بھی ابلاغی ذریعے سے کام لے کر بات دوسروں تک پہنچانا ؛ زبانی بات چیت میں برتنا یا برتنے کے قابل ہونا (جیسے: to speak French) ۔ (جہازرانی) آواز یا اشارے (سگنل) سے کسی سمندر پر گزرنے والے جہاز سے رابطہ قائم کرنا ۔

so to speak, یوں سمجھیے ؛ گویا ۔

speak for, کسی کی جانب سے کہنا یا اُس کی ترجمانی کرنا ؛ دعویدار ہونا ۔

speak out, دل کی کہہ دینا ؛ زبانی طور پر اپنے خیال و آرا کا آزادی سے اظہار کرنا ۔

speakable, a. قابل ذکر ؛ گفتنی ۔

speak-easy, n. مقامِ مستی ؛ وہ جگہ جہاں نشہ آور شرابیں غیر قانونی طور پر فروخت ہوتی ہیں (بالخصوص ۳۳ ـ ۱۹۲۰ء کے ان ایام کے حوالے سے جب ریاست ہائے متحدہ امریکا میں شراب پر پابندی لگا دی گئی تھی) ۔

speaker, n. مقرر ؛ خطیب ؛ بولنے والا ؛ خطاب کرنے والا ؛ حاضرین سے مخاطب ہونے والا ؛ مجمع باز ۔ (عموماً بڑے S سے) ایوان نمائندگان یا کسی ملک کی اسمبلی کے اجلاسوں کی صدارت کرنے والا ؛ اسپیکر ؛ خطابتی (تقریری) مشقوں کے مجموعۂ انتخابات ؛ لاؤڈاسپیکر ؛ آلۂ مکبّرالصّوت ۔

speakership, n. دارالعوام، ایوانِ نمائندگان یا کسی اسمبلی کے صدر کا عہدہ یا منصب ۔

speaking, n. گفتگو ؛ بولنے کا عمل، اظہار یا خطاب ؛ تقریر آرائی ۔ (صفت) بولنے والا ؛ جو بولتا ہے ؛ بول کر معلومات پیش کرنے والا ؛ بلیغ یا خوش بیان ؛ ہو بہو ؛ بولنے یا گفتگو کرنے کے لیے موزوں یا اس کی ضرورت سمجھتے ہوئے ؛ تقریر یا خطیبانہ کلام کرتے ہوئے ۔

on speaking terms, بول چال روا رکھنے والی صورت حال میں ؛ علیک سلیک رکھے ہوئے ۔

speakingly, adv. گفتگو کرتے ہوئے ؛ گفتگو کے طور پر ۔

speaking tube, n. وہ نلی یا شے جس کے ذریعے آواز کو کسی عمارت یا جہاز کے ایک حصے سے دوسرے تک پہنچایا جا سکتا ہے ؛ صدا بردار نلی ۔

spear, n. نیزہ ؛ برچھی ؛ بلَم ؛ بھالا ۔ کسی کو نشانہ بنانے، بھونکنے یا پھینکنے والا ہتھیار (یہ ایک لمبی بلّی اور لوہے وغیرہ کے تیز نوکیلے حصے پر مشتمل ہوتا ہے) ؛ ایسے ہتھیار والا سپاہی یا کوئی آدمی ؛ نیزہ بردار ؛ اس قسم کا کوئی آلہ یا اوزار، جیسے مچھلی مار برچھا ؛ نیزہ چلانے کا عمل ۔ (فعل متعدی) نیزے وغیرہ سے چھیدنا ؛ یوں چھیدنا جیسے نیزے سے کرتے ہیں ؛ بلَم وغیرہ سے مچھلی پکڑنا ۔ (فعل لازم) نیزے کی طرح اندر چلے جانا یا پار ہو جانا ۔

spearer, n. نیزہ مارنے والا ؛ نیزہ باز ۔

spear, n. کلّا ؛ کسی پودے کی لمبی پُھوٹ جیسے گھاس کا تنکا ۔ (فعل لازم) کلاّ پُھوٹنا ؛ لغر کی طرح پھوٹنا ؛ نیزے یا نیزوں کی طرح اٹھنا یا اوپر کو جانا ؛ نیزہ مارنا ۔

spearfish, n. سمندری پانی کی کوئی مچھلی جس کی تھوتھنی نیزے کی طرح لمبی ہو ؛ نیزہ مچھلی ۔ (فعل لازم) نیزے وغیرہ سے مچھلی کا شکار کرنا ۔

spearhead, n. نیزے کی انی یا پھل ؛ لیڈر یا قراول ؛ قائد ۔ (فعل متعدی) قیادت کرنا ۔

spearman, n. نیزہ بردار ؛ سناں دار ۔

spearmint, n. پودینہ ؛ نعناع ؛ ایک خوشبودار بوٹی جسے کھانے کو مہکانے کے لیے ڈالا جاتا ہے ۔

spear side, n. ددھیالی شاخ ؛ کسی خاندان کی دادا کی طرف سے شاخ ؛ تولیدی شاخ کا نر حصہ ۔

spearwort, n. گل اشرفی قبیلے کا پودا جس کے پتے لمبے اور نیزے کی طرح نوکیلے ہوتے ہیں ؛ نیزہ تلسی ۔

special, a. مخصوص قسم یا نوعیت والا (جیسے: special type of food) ؛ مخصوص فرد یا اپنی مثال آپ ؛ کسی مخصوص شخص یا شے سے یا مثال سے متعلق (جیسے: special features of a plan) ؛ مخصوص وظیفہ، مقصد یا دائرہ عمل لیے ہوئے

(جیسے : a special messenger) ؛ خاص یا مخصوصات سے سروکار رکھنے والا ؛ نمایاں یا معمول سے مختلف (جیسے: a special occasion) ؛ اضافی ؛ فالتو ؛ غیر معمولی ؛ استثنائی یا خاص در خاص ، مقدار یا درجے میں (جیسے: special care) ـ (اسم) کوئی خاص شخص یا شے ؛ کسی خاص موقع وقت یا مقصد کے لیے چلائی گئی ریل ؛ کسی روز نامے وغیرہ کا خاص اور فیچر ایڈیشن ؛ جریدے کا خاص نمبر ؛ خوراک ، لباس وغیرہ کی قیمتوں میں کی گئی عارضی کمی ؛ ٹی.وی کے معمول کے کسی پروگرام کی جگہ کسی خاص مقصد یا دلچسپی کا چلایا گیا پروگرام ـ

specially, adv. خاص طور پر ؛ خصوصی ـ

special delivery, n. خصوصی ترسیل ؛ ڈاک وغیرہ کی معمول سے ہٹ کر اضافی فیس کے ساتھ کسی مخصوص شخص کے ہاتھ ترسیل ـ (صفت) خصوصی انتظام کے تحت ـ

special handling, n. درجہ چہارم کی ڈاک وغیرہ سے خاص فیس ادا کرنے پر درجہ اوّل کا سا سلوک ـ

special interest, n. لوگوں کا وہ گروہ بطور ادارہ جو حکومت سے عوام کے مفاد کو نُقصان پہنچا کر فائدہ اٹھا رہا ہو یا چاہ رہا ہو ؛ مخصوص مفاد ـ

specialism, n. تخصیص جُوئی ؛ علم یا دلچسپی کی کسی ایک شاخ تک اپنے آپ کو محدود یا مخصوص کرنے کی صورت ؛ تخصیص کاری ؛ کوئی مخصوص میدانِ علم و عمل ؛ خصوصی مہارت یا آگاہی ـ

specialist, n. متخصّص ؛ کسی ایک میدان علم وعمل یا اس کی کسی مخصوص شاخ سے اپنے آپ کو وابستہ کر لینے والا اور اسی میں مہارت بڑھانے والا ، (خصوصاً طب کے سلسلے میں) جب کوئی طبی کارکن اپنی توجہ ایک نوعیت کی بیماریوں پر مرکوز کر دے ؛ ماہر خصوصی ـ (عسکری) وہ بھرتی شخص جسے اس کی فنی استعداد کی بنا پر کسی نان کمیشن افسرکی تنخواہ ملتی ہو لیکن جس کا درجہ کارپورل سے کم ہو ـ

specialistic, a. خصوصی مہارت کا ؛ اختصاصی ـ

specialization, n. تخصّص ؛ کسی خاص شاخِ علم و عمل میں مہارت و معلومات خصوصی کا حصول ـ (حیاتیات) کسی جانور یا پودے کے کسی عضو یا حصے کی اپنے آپ کو مخصوص ماحول کے مطابق ڈھالتے ہوئے نشوونما ؛ اختصاص ـ

specialize, v.i. تخصیص حاصل کرنا ؛ مخصوص ہونا ؛ کسی خاص راہ علم و عمل میں خصوصیت حاصل کرنا یا کرنے میں لگ جانا ـ (حیاتیات) کسی عضویہ یا اس کے جزو کا اپنے آپ میں تبدیلیاں پیدا کرکے نئے ماحول کے مطابق ڈھالنا ـ (فعل متعدی) تخصص پیدا کرنا ؛ مخصوص کر دینا یا بنا دینا ؛ مخصوص یا خصوصی کردار یا کیفیت پیدا کر دینا ـ (حیاتیات) نئے ماحول کے مطابق ڈھال لینا ؛ کسی رقم وصول کرنے والے کی تصدیق کرنا (جیسے: to specialize a cheek) ؛ مخصوص کرنا یا تخصیص کرنا ـ

special jury, n. خصوصی جیوری ؛ وہ جیوری جو مخصوص استعداد اور صلاحیتوں کی بنا پر غیر معمولی طور پر پیچیدہ مقدمات کی سماعت اور فیصلہ دہی کے لیے استعمال کی گئی ہو ـ دیکھیے : blue ribbon jury ـ

special pleading, n. (قانون) مخالف فریق کے لگائے گئے الزامات کو نظر انداز کرتے ہوئے نئے الزامات و معاملات کو سامنے لانے والی وکالت ؛ وہ وکالت یا استدلال جو کسی مقدمے کے ان پہلوؤں کو نظر انداز کرے جو اس کے موکل کے خلاف جاتے ہوں ؛ مقدمے کی غیر مناسب یا یک رُخی وکالت ـ

special privilege, n. مراعاتِ خصوصی ؛ عام حقوق کے علاوہ کسی شخص یا گروہ کو دستوری قانون کے تحت دی گئی خُصوصی رعایت یا مراعات (بصورت اختیار یا تحفظ) ـ

special session, n. اجلاسِ خصوصی ؛ خصوصی اجلاس جو کسی فوری تقاضے یا ضرورت کے پیشِ نظر کسی عدالت یا قانون ساز ادارے نے طلب کیا ہو ـ

specialty, Brit. speciality, n. خصوصیت ؛ خاص ہونے کی حالت یا شرط ؛ مخصوص یا خاص کردار ؛ انفرادیت ؛ مطالعے کا کوئی خاص موضوع یا سمت وغیرہ ؛ کوئی شے جو کسی خاص طرز پر بنائی گئی ہو یا جس پر خصوصی توجہ دی گئی ہو یا جس پر بیوپاری یا صنعت کار نے خصوصی توجہ کا دعویٰ کیا ہو ؛ خاص انداز کی بکاؤ شے ؛ کوئی انوکھی شے ؛ کوئی خاص نکتہ ، بات ، شے وغیرہ ـ (قانون) معاہدۂ خاص ؛ کوئی تحریر یا دستاویز (اقرار نامے یا معاہدے کی صورت میں) جو مُہر بند ہو ـ

specialities, n. (جمع) خصوصیات ؛ مخصوص صفات ـ

speciation, n. (حیاتیات) تخصیص کاری ؛ وہ ارتقائی عمل جس کے ذریعے نئے پودے یا جانور ایک دوسرے سے مختلف اور مُمتاز ہو جاتے ہیں ـ

speciate, v.i. ارتقائی عمل سے الگ صورت اختیار کر لینا ـ

speciational, a. الگ صورت اختیار کر لینے والا ـ

specie, n. نقدی ؛ نوٹ کی جگہ سکوں میں رقم ، پہلے in لگاتے ہیں (جیسے: paid in specie) ؛ روکڑ ـ (قانون) ہم طور ؛ مماثل ؛ مثیل ـ

species, n. نوع ؛ بعض ایک جیسی خصوصیات اور خوبیاں رکھنے والے افراد کا گروہ ؛ نمایاں قسم یا چگونگی والا (والے) ـ (حیاتیات) جنس یا ذیلی جنس کے بعد کی طبقہ بندی بحوالہ ان جانوروں یا پودوں کے جن میں مشترک خصائص پائے جاتے ہوں اور جن میں تناسل باہمی ممکن ہو ـ (منطق) وہ معدود افراد جن میں فطری خواص و اوصاف مشترک پائے جاتے ہوں اور یوں وہ ایک ایسے گروہ میں شمار ہوتے ہوں جو دوسرے اسی انداز کے گروہوں کے ساتھ مل کر ایک جنس گنے جاتے ہوں ـ (کلیسیات) مقدس عشائے ربّانی میں استعمال ہونے والی شراب یا روٹی کی مرئی صورت ؛ عشائے ربّانی کے اجزا میں سے کوئی ایک ـ

the species, نوع انسانی ؛ بنی نوع آدم ـ

specifiable, a. قابل تخصیص ـ

specific, a. مخصوص تعمیل ، حوالے یا جواز والا ؛ تخصیصی ، واضح یا معیّن (جیسے: to be specific in one's statements) ؛ موضح عین بعین ؛ مخصوص (جیسے: a specific sum of money) ؛ نتائج ، اوصاف یا خصائص کے لحاظ سے منفرد یا موزوں ؛ کسی شے یا گروہ اشیا کا امتیاز خصوصی ـ (حیاتیات) کسی مخصوص یا منفرد نوع کا (جیسے: specific characteristics) ـ (طب) کسی خاص سبب یا چھوت کے باعث پیدا ہونے والی (بیماری وغیرہ) ؛ کسی خاص بیماری کے علاج کے سلسلے میں خاص اثر رکھنے والی (دوا وغیرہ) ـ (اسم) کوئی خاص بیان یا خوبی وغیرہ ـ (طب) مخصوص دوا ـ

specifically, adv. بالخصوص ؛ بالصراحت ، تعین کے ساتھ ـ

specificity, n. تعین ؛ خصوص

specification, n. عمل تخصیص :تصریح :جس کی تحصیص کی گئی ہو۔ (عموماً جمع) کسی زیر تعمیر یا زیر ساخت شے کے سلسلے میں مجوزہ مفصّل شق وار تشریح و توضیح (بحوالہ ابعاد ، منصوبے ،مال مسالے وغیرہ کے) ؛ کسی تفصیل وار گوشوارے کے مطابق کی گئی کسی شے کی تخصیص ؛ مخصوص کرنے یا واضح کرنے کا عمل ؛ مخصوص کردار رکھنے کی حالت۔

specific gravity, n. (طبیعیات) کثافت اضافی ؛ ثقل نوعی ؛ کثافت نوعی ؛ کسی شے کے حجم مذکورہ کے وزن کا تناسب کسی اور شے کے اسی قدر حجم کے حوالے سے جسے معیار مان لیا گیا ہو (پانی کو ٹھوس اور مائع چیزوں کا معیار مانا گیا ہے اور ہائیڈروجن یا ہوا کو گیسوں کا) ۔ نیز : relative density ۔

specific heat, n. (طبیعیات) حرارت نوعی ؛ حرارت کی وہ مقدار جو حراروں میں ناپتے ہوئے کسی شے کے ایک گرام کا درجہ حرارت ۱° سنٹی گریڈ زیادہ کرنے کے لیے درکار ہو ؛ پانی کی حرارتی گنجایش کا تناسب کسی اور شے کی اسی قدر مقدار کے حوالے سے۔

specify, v.t. خصوصیت ، وضاحت اور صراحت کے ساتھ بیان کرنا ؛صراحت کرنا ؛ تخصیصات کے ایک گروہ کی کسی حالت خاص کا نام لینا ؛ یوں تفصیل بیانی کرنا کہ بات یا چیز کی پہچان واضح اور معیّن ہو جائے۔

specifier, a. صراحت یا تصریح کنندہ ۔

specimen, n. نمونہ ؛ کسی کُل یا گروہ کا نمائندہ یا مخصوص جُزو ؛ کوئی جانور ، پودا ، معدن یا نامیہ جسے سائنسی مطالعے کی خاطر اپنی قبیل کی مثال کے طور پر سنبھال کر رکھا گیا ہو ۔ (طب) تشخیصی مقصد کی خاطر تجزیے کے لیے لیا گیا جسم انسانی کا کوئی مواد ۔ (بول چال) الگ نمونہ ؛ عجیب سا آدمی ؛ معمول سے ہٹا ہوا انسان۔

specious, a. بظاہر خوش نما ؛ بظاہر ٹھیک اور مناسب لیکن حقیقی صلاحیت سے خالی (جیسے: specious promises) ؛ معقول قبول صورت یا دیکھنے میں بالکل ٹھیک ٹھاک ؛ آنکھوں کو اچھا لگنے والا لیکن اصلاً مغالطہ خیز (جیسے : specious appearance) ۔

speciosity, n. خوش نمائی ۔

speciously, adv. بظاہر صحیح طور پر۔

speciousness, n. ظاہری صحت۔

speck, n. چھوٹا سا دھبّا ؛ ذرہ ؛ داغچہ ؛ چھینٹ ؛ نشانچہ (جیسے : a speck of dirt) ۔ (فعل متعدی) داغ دار کر دینا ؛ چھوٹے چھوٹے دھبّے یا داغ لگا دینا ۔

speckle, n. داغچہ ؛ بُندکی ؛ کسی شے میں وہ چھوٹا سا داغ یا دھبّا جو رنگ میں اصل شے سے مختلف ہو ۔ (فعل متعدی) بندکی لگانا یا بنانا ۔

specs, n. (اسم) (بول چال) چشمہ ؛ عینک ۔ (specifications کا مرخم) ۔

spectacle, n. منظر ؛ تماشا ؛ کوئی شے جو تماشے یا نظارے کے لیے پیش کی جائے خصوصاً کوئی حیرت انگیز چیز؛ کوئی عوامی تماشا یا تمثیل خصوصاً بڑے پیمانے پر (جیسے: a dramatic spectacle) ؛ کوئی شے یا شخص جسے حیرت یا حقارت کے طور پر لوگوں کے سامنے لایا جائے ۔ (جمع) ناقص بصارت کو ٹھیک کرنے کے لیے یا آنکھوں کو روشنی اور گرد وغیرہ سے بچانے کے لیے دو عدسوں پر مشتمل اختراع جیسے عینک یا چشمہ ، عموماً پہلے pair of لگاتے ہیں ؛ کوئی شے جس کے ذریعے کسی شے پر نگاہ ڈالی جائے ؛ جو انسان کی رائے کو کوئی رنگ دے یا متاثر کرے؛ ان مختلف قسم کی اختراعوں میں سے کوئی ایک جو عینک سے مشابہ ہوتی ہیں یا اس کی یاد دلاتی ہیں جیسے وہ جو کسی اشارہ رسانی نظام کے ساتھ وابستہ ہو اور رنگین شیشوں کے ذریعے مختلف رنگوں کی جھلک دینے کے کام آتا ہو۔

spectacled, a. چشمہ لگائے ہوئے یا پہنے ہوئے ؛ عینک دار ؛ وہ جانور جس کے چہرے پر عینک کے سے نشان ہوں ؛ چہار چشم۔

spectacular, a. دیدنی ؛ قابلِ دید ؛ کسی تماشے یا نظارے سے متعلق یا اس کی نوعیت کا ؛ ٹی۔وی وغیرہ کی کوئی عمدہ پیش کش ؛ قابل نظارہ ؛ شان دار۔

spectacularity, n. اعلیٰ تماشا گری ۔

spectacularly, adv. تماشے کی کیفیت لیے ہوئے۔

spectator, n. تماشائی ؛ کسی تماشے یا منظر کو دیکھنے یا مشاہدہ کرنے یا نظارہ کرنے والا ؛ ناظِر۔

spectatorial, a. تماشائی کی حیثیت سے ۔

spectatress, spectatrix, n. ناظرہ ؛ تماشائی عورت۔

spectator sport, n. کوئی کھیل جس میں لوگ بڑی تعداد میں بذاتِ خود شریک ہونے کے بجائے اس کو دیکھنے سے زیادہ لطف اندوز ہوں جیسے بیس بال ، ہاکی یا سوکر؛ ایسا کھیل جو تماشائیوں کے لیے ہو ؛ دیدنی کھیل ؛ تماشائی کھیل۔

specter,(Brit.)spectre, n. بھوت ؛ پریت ؛ آسیب ؛ واہمہ ؛ کوئی شے جو مادی نہ ہونے کے باوجود نظر آئے ؛ خیال میں آ کر ڈرانے والی کوئی (ڈراؤنی) شے۔

spectral, a. بھوت پریت وغیرہ سے متعلق یا ان کی خصوصیت لیے ہوئے ؛ بھوت پریت کی نوعیت کا ؛ بھوت پریت سے مشابہ یا اس کا خیال دلاتے ہوئے۔ (طبیعیات) کسی طیف سے متعلق یا اس کا پیدا کردہ۔

spectrality, spectralness, v.t. واہمہ۔

spectrally, adv. رُوح کی طرح۔

spectrogam, n. طیفی خاکہ ؛ کسی اسپکٹروگراف کے ذریعے اتاری ، حاصل کی گئی تصویر، نقشہ یا خاکہ وغیرہ ؛ طیفی عکّاسی ؛ اسپکٹروگرام۔

spectrograph, n. اسپکٹروگراف ؛ طیف نگار ؛ طیف کی تصویر یا چربہ لینے کا آلہ ؛اسپکٹروگرام۔

spectrographic, a. طیف نگاری کا۔

spectrographically, adv. طیف نگاری کے طور پر۔

spectroheliogram, n. طیف شمسی تصویر/نگارش ؛ طیف نگار کے ذریعے حاصل کی گئی سُورج کی تصویر۔

spectroheliograph, n. طیفِ شمس نگار ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے سورج کی ایک رنگی تصویر یوں اتر آئے کہ اس کی سطح کی جملہ تفصیلات ، بالخصوص اُبھار واضح ہو جائیں۔

spectroheliographic, a. طیف شمس نگاری سے متعلق ۔

spectrohelioscope, n. (فلکیات) طیف شمس بین ؛

speculate, v.t. تفکر یا تأمّل کرنا ؛ سوچنا یا کسی ایک موضوع کے مختلف پہلوؤں پر غور کرنا ؛ تخمینہ لگانا؛ قیاس آرائی کرنا ؛ سامان ، تمسّکات یا دوسری اجناس اس توقع پر خرید لینا کہ ان کو مناسب وقت پر فروخت کرنے سے خاصا منافع ہو گا ؛ سٹّے کا کاروبار کرنا ۔

speculation, n. کسی موضوع کے متعلق سوچ یا قیاس آرائی ؛ خیال آرائی یا غور وفکر کا عمل یا طریق ؛ اس قسم کی سوچ بچار کا کوئی نظریہ یا نظریاتی پہلو ؛ ایسی مالی سرمایہ کاری جو کثیر منافعوں کی امید بندھائے لیکن خطرناک ہو ؛ سٹّہ بازی ؛ سامان تمسکات یا اشیا کی اس توقع پر خرید و فروخت کہ موافق بازار کے حالات سے منافع ہو گا ۔

speculative, a. قیاسی ؛ تخمین کارانہ ؛ سٹے بازانہ ؛ خیالی ؛ نظری ؛ کاروبار میں سٹے بازی کا عادی یا سٹے بازی سے متعلق ۔

speculativeness, n. نظری یا خیالی پن ؛ قیاسی انداز ۔

speculator, n. سٹّہ باز ؛ تخمین سے کام لینے والا یا اس میں لگا رہنے والا ؛ سٹے کا سودا کرنے والا ۔

speculatory, a. سٹّے بازی کا ؛ تخمین کاری کا ۔

speculum, n. پرتو انداز ؛ آئینہ یا پرتو افگن ، خصوصاً جو کسی دھات کو صیقل کرکے تیار کیا گیا ہو ، جیسا کہ عکس انداز دُوربین میں ہوتا ہے ۔(طیوریات) بعض پرندوں کے پروں کا پُر رنگ یا چمکیلا حصہ ۔ (جرّاحی) منظاری آلہ ؛ قابل مشاہدہ ؛ جسم کے کسی حصے کو دیکھنے کا آلہ جیسے کسی سوراخ یا چھید سے دیکھنے والا آلہ ۔

speech, n. تقریر ؛ گویائی ؛ گفتگو ؛ بات چیت ؛ اظہارِ خیال ؛ خطاب ؛ قُوّتِ نطق یا گفتار کے ذریعے خیالات و احساسات کو واضح آوازوں اور الفاظ میں ادا کرنے کا عمل ؛ بولنے کا عمل ؛ کوئی چیز جو بطور بات چیت ادا کی جائے ، جیسے کوئی فقرہ ؛ گفت گو یا کوئی رائے ؛ کوئی خطاب ، عوامی مباحثہ یا سپاس نامہ وغیرہ ؛ کوئی مخصوص زبان یا بولی؛ انفرادی طرزِ تقریر یا گفتگو؛ ابلاغِ زبانی کے مختلف طریقوں اور رواجوں اور نظریے کا مطالعہ ۔

speech community, n. (لسانیات) ہم زبان لوگوں کی برادری ؛ ہم زبان لوگ ؛ ان افراد کی جماعت جو ایک مخصوص علاقے یا مختلف علاقوں میں ایک زبان یا بولی بولتے ہوں ۔

speechify, v.i. (بول چال) تقریر کرنا یا خُطبہ دینا (شدید تُند اور سخت انداز سے) ۔

speechless, a. گویائی سے محروم ؛ گُونگا ؛ خاموش ؛ بہرا ؛ دم بخود ؛ وقتی طور پر لب بند ؛ لاجواب ؛ الفاظ میں ادا کرنے سے قاصر ۔

speechlessly, adv. بے زبانی سے ۔

speechlessness, n. بے زبانی ؛ گونگا پن ۔

speed, n. چال ؛ رفتار ؛ تیز رفتاری ؛ شرحِ رفتار یا اقدام کی تیزی ۔ (عکاسی) عکس گیر کی روشنی کے معاملے میں حساسیت یا وہ سُرعت جس میں کیمرے کا عدسہ فلم کو ہدفِ نور بناتا ہے ۔ (طبیعیات) رفتار جو کسی خاص سمت میں نہ ہو ۔ (خودکاری) وہ گیئر یا گیئروں کا دستہ جو کسی انجن لگی ہوئی گاڑی

spectrohelioscope, n. وہ آلہ جس کے ذریعے براہِ راست سورج کو دیکھا جا سکتا ہے ؛طیف آفتاب بیں یا آفتاب نُما ؛ اسپکٹرو ہیلیو سکوپ ۔

spectroheliosopic, a. اس آلے کے ذریعے سورج کو دیکھنے کے عمل کے متعلق ؛ طیف شمس بینی کا ۔

spectrometer, n. طیف پیما ؛ اسپکٹرو میٹر ؛ ایک آلہ جس کی مدد سے طیف کا مشاہدہ کیا جاتا ہے اور انحرافِ شعاع کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ، نیز منشور کے دونوں رُخوں کے مابین زاویوں اور طُول موجوں کو معلوم کیا جا سکتا ہے ؛ انحراف پیما ۔

spectrometric, a. طیف پیمائی کا ؛ انحراف پیمائی کا ۔

spectrometry, n. طیف پیمائی ؛ انحراف پیمائی ۔

spectrophotometer, n. طیف تصویر پیما ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے مختلف طیوف کے مماثل حصوں یا ایک ہی طیف کے حصوں میں شدّتِ رنگ کا موازنہ کیا جاتا ہے ۔

spectrophotometric, a. طیف تصویر پیمائی کا ۔

spectrophotometry, n. طیف تصویر پیمائی ۔

spectroscope, n. طیف بین ؛ طیف کا تجزیہ کرنے والا ایک بصری آلہ اسپکٹروسکوپ ۔

spectroscopic, spectoscopical, a. طیف بینی کا ۔

spectroscopically, adv. طیف بینی کے ذریعے سے ۔

spectroscopy, n. طیفی بینی ؛اسپکٹروسکوپ اور طیفی تجزیے سے متعلق شاخِ علم ۔

spectroscopist, n. طیف بینی کا ماہر ۔

spectrum, n. استرہ ؛ مسلسلہ (جیسے: idiological spectrum) ۔ (طبیعیات ، کیمیا) طیف ؛ اشعاعی موج کی ہیئتوں کی تقسیم یا شعاع ریزی کی شدت کا ایک بصری خاکے کی صورت میں اظہار یا اسکرین پر نمایش جبکہ اُس کی کسی خاصیت مثلاً تعدّد ، کمیّت یا توانائی میں تغیر پیدا کیا جا رہا ہو ؛ تعدّدوں کا وسیع سلسلہ یا بند جن کی مشترک خاصیتیں ہوں مثلاً مسموعیت ، رونیت یا برقناطیسیت خصوصاً رنگین خطوط یا دھاریاں جن کی تشکیل اس وقت ہوتی ہے جب کسی روشن وجود یا تاباں گیس سے کوئی نوری شعاع کسی منشور میں سے گزر کر منتشر ہوتی ہے یا انکساری جالی سے اس کا انعطاف ہوتا ہے ؛ رنگوں کا وہ سلسلہ جو درجہ بدرجہ سُرخ ، نارنجی ، زرد ، سبز ، نیلا ، اودا اور بنفشی صورت اختیار کرتا جاتا ہے جب سفید روشنی کا کسی منشور میں سے گزر ہوتا ہے ؛ کسی آلے کا اندراج کردہ نمونہ جس کی تشکیل اس وقت ہوتی ہے جب مقررہ کمیت کے ذرّات کو طبعی طور پر مشابہ کمیت کے ذرات سے الگ کیا جاتا ہے جیسا کہ ہم جاؤں کے تجزیے میں ہوتا ہے ۔ (ریاضی) میٹرکس کی ایک خاصیت جو اس میں شامل کیے گئے قیاسی مُتغیرہ سے حاصل ہونے والی مساوات کی تمام قیمتوں کے سَیٹ (set) کے برابر ہوتی ہے ۔

spectrum analysis, a. طیفی تحلیل ؛ اجسام اور اشیائے مادی کی ساخت یا حالت کا ان طیوف کی مدد سے اندازہ لگانے کا عمل جن کو وہ پیدا کرتی ہیں ؛ طیوفی تجزیہ ۔

specular, a. چمکدار ؛ آئینے کی سی انعکاسی صلاحیت والا یا اس سے متعلق ؛ ہموار انعکاسی سطح والا یا چمکیلی فلزی صورت والا ؛ نور افشاں سے متعلق ۔

specularly, adv. منعکس ہوتے ہوئے ؛ انعکاسی طور پر ۔

میں رفتار کی کمی بیشی ممکن بناتا ہے ۔ (فعل متعدی) رفتار تیز کرنا مزید آگے بڑھانا ؛ جلدی کرانا ؛ عجلت سے کام لینا ؛ تیز چلنے پر مجبور کر دینا ؛ نیک تمناؤں کے ساتھ رخصت کرنا ۔ (فعل لازم) تیز چلنا ؛ جلدی کرنا ؛ رفتار زیادہ کرنا (بعد میں عموماً up لگاتے ہیں) ؛ جائز رفتار سے کسی گاڑی کو زیادہ تیز چلانا ۔

speeder, speedster, n. تیز چلانے والا ؛ تیز کرنے کا آلہ ؛ رفتار گر ۔

speedboat, n. تیز روی کے لیے بنائی گئی موٹر بوٹ ۔

speedboating, n. تیز رفتار کشتی رانی ۔

speed light, n. رفتاری لیمپ ؛ وہ لیمپ جس کی روشنی کا مخرج ایک برقی نلکی ہوتی ہے جو فوری طور پر ایک جھلک پیدا کرتی ہے ، یہ عموماً تصویر کشی میں حرکت اور عمل کو گرفت میں لانے کے لیے استعمال ہوتا ہے ۔

speed limit, n. حد رفتار ؛ وہ زیادہ سے زیادہ یا کم از کم شرح رفتار جس کی قانون نے اجازت دی ہو ، یہ بعض سڑکوں ، دریائی گزر گاہوں یا دوسری جگہ مخصوص شرائط کے تحت معیّن ہوتی ہے ۔

speedometer, n. رفتار پیما ؛ وہ آلہ جس سے گاڑی کی رفتار کا اندازہ ہو جاتا ہے ؛ یہ عموماً فی گھنٹہ میلوں میں ہوتا ہے ، یہ بیشتر مسافت پیما کے ساتھ منسلک ہوتا ہے ۔

speed reading, n. تیز خوانی ؛ سیکھنے سکھلانے کی وہ اختراع جس سے پڑھنے کی رفتار میں تیزی آ جاتی ہے اور وہ ایک ہزار لفظ ایک منٹ سے بھی اوپر چلی جاتی ہے ۔

speed trap, n. رفتار گیر ؛ سڑکوں کی وہ جگہیں جو عموماً لوگوں کی نگاہوں میں نہیں ہوتیں لیکن جہاں رفتار چیک کرنے والے آلات لگے ہوتے ہیں یا پولیس والے موجود ہوتے ہیں جو بے خبر ڈرائیوروں کو حدِّرفتار کی خلاف ورزی میں پکڑ لیتے ہیں ۔

speed-up, n. سرعت افزائی ؛ رفتار افزائی ؛ تیز رفتاری (کسی کام یا عمل کے سلسلے میں) ۔ (محنت) اجرتوں میں اضافے کے بغیر پیداوار میں مطلوبہ اضافہ ۔

speedway, n. تیز راہ ؛ موٹروں یا موٹر سائیکلوں کی دوڑ کے لیے مخصوص سڑک یا راستہ جس پر عام آمد و رفت نہ ہوتی ہو ؛ وہ شاہ راہ عام جس پر تیز رفتار آمد و رفت کی اجازت ہوتی ہے ۔

speedwell, n. ترہ تیزکِ آبی ، سبزاب ؛ وہ تمام پودے اور بُوٹیاں جن کا ویرونیکا(veronica) جنس سے تعلق ہے اور جن کے گچھے دار بھول بنفشی ، سفید یا آسمانی رنگ کے ہوتے ہیں ۔

speedy, a. تیز رفتار ؛ حرکت میں تیز ؛ فوری ؛ جلد ؛ عاجل ؛ برجستہ ۔

speedily, adv. تیزی سے ۔

speediness, n. تیز رفتاری ۔

speiss, n. مرکّب سنکھیا ؛ ایک مشتق جو زیادہ تر ایک یا ایک سے زیادہ معدنی آرسینائیڈوں پر مشتمل ہوتا ہے (جیسے لوہے یا نِکل سے) اور اسے بعض دھاتوں کی خام حالت کو پگھلا کر صاف کرکے حاصل کیا جاتا ہے ۔

speleology, n. کہفیات ؛ علمی مقاصد کے لیے غاروں کا مطالعہ اور ان کی تحقیقی چھان بین ۔

speleological, a. غاروں کے متعلق ۔

speleologist, n. غاروں کے علم کا ماہر ۔

spell, v.t., v.i. ہجّے کرنا ؛ حروف کو ان کے معروف انداز ترتیب کے مطابق بولنا ، لکھنا یا چھاپنا ؛ حرفوں سے بنانا ؛ مراد ہونا ؛ مساوی ہونا یا مفہوم لیے ہونا (جیسے: the job spelled success) ؛ لفظوں سے تشکیل دینا ؛ موزوں حروف کے ساتھ تحریر یا تقریر میں الفاظ سازی کرنا ؛ حرف بحرف پڑھنا ۔

spell out, وضاحت سے بیان کرنا (جیسے : objectives that were spelled out) ؛ پہچان لینا ؛ شناخت کر لینا ؛ دشواری یا تردد سے پڑھنا ؛ ہجے کرکے پڑھنا ۔

spell, n. جادو ؛ منتر ؛ سحر ؛ منتر جس میں کچھ الفاظ پُراسرار قوت کے مالک ہوں ؛ افسوں ؛ کوئی ساحرانہ ٹوٹکا ۔

spell, n. موسم ؛ کوئی زمانی عرصہ یا دور ؛ کسی خاص قسم کے موسم کا دورانیہ یا عرصہ (جیسے: a hot spell) ؛ بیماری کا عرصہ ؛ مسلسل کام کا زمانہ ؛ کسی اور شخص کا بوجھ ہلکا کرنے کے لیے کام کی باری ۔ (فعل متعدی) تھوڑے سے وقت کے لیے کسی کا بوجھ ہلکا کرنا ۔ (فعل لازم) سستانا ؛ آرام کرنا ؛ ناغہ کرنا ۔

spellbind, v.t. دم بخود کر دینا یا یوں کر دینا جیسے افسوں کر دیا ہو ؛ مسحور کر دینا ۔

spellbinder, n. افسوں پھونک دینے والا سیاسی مقرر ؛ کوئی مسحور کُن شخص یا شے ؛ جادو بیان مُقرّر ۔

spellbound, a. مسحور ؛ افسوں زدہ ؛ مبہوت ۔

spelldown, spelling bee, n. درست ہجّے کرنے یا تلفظ کرنے کا مقابلہ ۔ نیز : spelling bee ۔ (فعل متعدی) ہجائی مقابلہ کرنا یا ایسے مقابلے میں حصہ لینا ۔

speller, spelling book, n. کتابِ تہجی ؛ ہجے کرنے والا ؛ ہجوں کی ہدایات کے لیے کوئی کتاب یا درسی نسخہ ۔

spelling, n. ہجّے ؛ حروف کے ذریعے لفظوں کی بناوٹ/ساخت ؛ علم حروف ؛ اِملا ؛ لفظ کے اظہار کے لیے حروف کا مجموعہ ؛ اُس (شخص) کا عمل جو ہجے کرتا ہے ۔

spelt, n. چارے کے لیے بوئی جانے والی گندم کی ایک قسم ، یہ بیش تر مغربی ایشیا اور جنوبی یورپ میں بوئی جاتی ہے ۔

spelter, n. تجارتی جَست جو عموماً ڈلوں یا چادروں کی صورت میں ہوتا ہے ۔

spelunker, n. کھوہ یا غار شناس ؛ ماہر کہفیات ۔

spelunking, n. غاروں کی تحقیقی چھان بین ؛ کہفیات ۔

spence, n. (برطانوی بولی) وہ جگہ یا کمرہ جہاں اشیائے خوردنی رکھی جاتی ہیں ؛ بھنڈار ؛ نعمت خانہ ؛ گودام ؛ مودی خانہ ۔

spencer, n. مردانہ اوور کوٹ یا چھوٹا کوٹ یا جیکٹ ؛ زنانہ کُرتی یا اس قسم کا کوئی پہناوا ۔

spencer, n. (جہازرانی) دنبالہ جہاز کا وہ بادبان جس کی نیچے کی لکڑی کا ایک سرا اگلے اور دوسرا سرا پچھلے مستول سے جڑا ہوتا ہے ؛ چھوٹا بادبان جو طوفان میں مستول پر چڑھایا جاتا ہے اور لٹھے سے بندھا رہتا ہے ۔

Spencerian, a. ہربرٹ اسپنسر (۱۸۹۰ء - ۱۹۰۳ء) کے فلسفے

یا اس کی ذات سے متعلق ۔ (اسم)اسپنسر کے فلسفے کا مبلّغ ۔

Spencerianism, n. اسپنسر کا فلسفہ جس کے مطابق کائنات نسبتاً سادہ صورت سے پیچیدہ صورت کی طرف میکانی طور پر ارتقا کرتی چلی آتی ہے ؛ اسپنسری ۔

Spencerian, a. اسپنسری : ایک طرزِ تحریر جس میں حروف گول لیکن دائیں جانب کو جھکے ہوتے ہیں ، اس رسم الخط کو انیسویں صدی میں ایک امریکی پی آراسپنسر نے رائج کیا تھا ۔

spend, v.t. خرچ کر دینا یا ادا کر دینا جیسے رقوم یا دولت کو ؛ صرف کر دینا (طاقت یا توانائی کو) ؛ برباد کر دینا (کوششوں اور وسائل کو) ؛ گزارنا یا گزر جانے دینا (وقت کو) ؛ کام میں لانا (وقت کو ، سعی کو یا سوچ کو کسی منصوبے یا سرگرمی پر) ؛ کسی وجہ یا سبب کی خاطر قربان کر دینا یا ترک کر دینا ۔ (فعل لازم) خرچ کرنا یا رقم تقسیم کرنا ؛ ختم ہو جانا ، خرچ ہو جانا یا ضائع ہو جانا ۔

spendable, a. خرچ کے قابل ۔

spender, n. خرچ کرنے والا ۔

spending money, n. چھوٹی موٹی ذاتی ضرورتوں پر خرچ کی گئی یا اُس کے لیے مہیا رقم ۔

spendthrift, n. خراج ؛ فضول خرچ ؛ بہت خرچیلا ۔

Spenglerian, a. جرمن فلسفی اور مورخ اوسوالڈ اسپنگلر (۱۸۸۰ ۔ ۱۹۳۶ء) کے نظریات سے متعلق ، اس کا نظریہ تھا کہ تمام بڑی بڑی ثقافتوں کے عروج و زوال کا ایک ہی دوری انداز ہے ؛ اسپنگلری ۔ (اسم)اسپنگلر کے نظریات کو ماننے والا ۔

Spenserian, a. انگریز شاعر ایڈمنڈاسپنسر(۱۵۵۲ء ۔ ۱۵۹۹ء) یا اس کی ادبی تخلیقات سے واسطہ رکھنے والا ۔ (اسم) اسپنسر کا مقلد، مداح یا پیرو ۔

Spenserian sonnet, n. اسپنسری سانیٹ : اس میں تین چو مصرعے ہوتے ہیں اور پھر آخر میں دو مصرعے ہوتے ہیں ، اس کی اولیت ایڈمنڈاسپنسر سے منسوب ہے ، ان کی بحر مخصوص ہوتی ہے ۔

Spenserian stanza, n. (عروض) نظم مقفّی کی وہ صورت جواسپنسر سے منسوب ہے ، اس میں آٹھ مصرعے پانچ رکنی محذوف بحر کے اور پھر چھ رکنی بحر کے مصرعے شامل ہوتے ہیں ؛ اسپنسری بند ۔

spent, a. خرچ شدہ ؛ گزرا ہوا یا رفتہ (وقت وغیرہ) ؛ ختم شدہ یا بے حال ؛ صرف شدہ ؛ مشقت یا محنت کے باعث بے تواں (جیسے: a spent swimmer) ؛ قوت ، اوصافِ مؤثرہ یا افادیت سے خالی دامن ؛ خالی یا چلا ہوا ؛ بے اثر (جیسے: a spent bullet) ۔

sperm, n. نَر کا تولیدی مادہ ؛ منی ؛ نُطفہ ؛ تُخم ؛ خرد بین سے دیکھا جانے والا مردانہ تولیدی خلیہ بالعموم حرکیہ ؛ مَنوی حوینات ؛ کرم منوی ۔

spermaceti, n. (کیمیا ، علم ادویہ) موم کافوری ؛ عنبر ماہی کے تیل سے بلکہ بعض دیگر سمندری میمل جانوروں کے تیل سے حاصل ہونے والا کافوری مواد جسے مرہم ، گلگونہ اور بعض دیگر تجارتی اشیا بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے اسے اسپرم بھی کہتے ہیں ۔

spermary, n. خصیے ؛ وہ مردانہ عضو جس میں مادۂ تولید پیدا ہوتا ہے ؛ خایہ ؛ منی دان ۔

spermatic, a. منوی ؛ خصیوی ؛ تولیدی مادے سے متعلق ، مشابہ یا اس کا حامل ؛ نُطفی (منوی) ؛ خصیے سے متعلق ۔

spermatic cord, n. (تشریح الاعضا) حبل المنویہ ؛ وہ تانت جس کے سہارے خصیہ خصیہ دانی میں معلّق رہتا ہے اور جس میں عروق ناقلہ کے علاوہ خون کی رگیں اور خُصیے کے اعصاب ہوتے ہیں ۔

spermatid, n. نہوضِ منوی ؛ وہ خلیہ جو بالآخر کامل تولیدی خلیے کی صورت میں نمو پا جاتا ہے ، یہ ایک ذیلی خلیے سے ارتقا پاتا ہے جسے خلیہ منویہ(spermatocyte) کہتے ہیں ۔

spermatium, n. (نباتیات) تُخمک ؛ بذرک ؛ ایک غیر محرّک نر تولیدی خلیہ جو بعض نچلے درجے کے پودوں میں ہوتا ہے جیسے کہ سرخ کائی میں ۔

spermatocyte, n. (حیاتیات) خلیہ منویہ ؛ مردانہ نطفے کی ابتدائی صورت جو خود مادر خلیے کی دوپارگی سے وجود پذیر ہوتا ہے اور پھر خود منقسم ہو کر منوی خلیہ اور مابعدی منوی حوینات کو وجود آشنا کرتا ہے ۔

spermatogenesis, n. (حیاتیات) تولید نُطفہ ؛ منوی حوینات کی اساس و نمو ۔

spermatogenetic, a. تولید نطفہ سے متعلق ۔

spermatogonium, n. (حیاتیات) مادر خلیۂ منویّہ ؛ ابتدائی تولیدی خلیوں میں سے کوئی ایک خلیہ منویہ ۔

spermatogonial, a. مادر خلیہ منویہ سے متعلق ۔

spermatophore, n. (حیوانیات) کیسۂ منی ؛ وہ مخصوص غلاف یا تھیلی جس میں متعدد منوی جرثومے ہوتے ہیں ۔

spermatophoral, spermatophorous, a. کیسہ منی کے متعلق ۔

spermatophyte, n. (نباتیات) تخم بردار پودوں کی کوئی بھی قسم ۔

spermatophytic, a. تخم بردار ۔

spermatozoid, n. (نباتیات) وہ متحرک ولدیتی خلیہ جو بعض پودوں کے نر کیسہ میں پیدا ہوتا ہے ؛ منوی حوین نما ۔

spermatozoon, n. (حیاتیات) کرم منی ؛ جرثومۂ منی ؛ بے شمار ننھے ننھے لیکن خوب متحرک اجسام جو منی میں پائے جاتے ہیں اور جو نسوانی بیضے کو بارور کرتے ہیں ؛ کوئی بالغ نر تولیدی خلیہ ؛ منوی حوین ۔

spermatozoal, spermatozoic, a. جرثومۂ منی سے متعلق ۔

spermine, n. (کیمیا) ایک بے رنگ ، قلمی مرکب جو تیزاب سے مل جانے کی صلاحیت رکھتا ہے اور مادۂ منویہ ، خمیر مایہ اور لبلبی ریشوں میں موجود ہوتا ہے اسے مقوی کے طور پر دوا سازی میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

spermtogenesis, n. (حیاتیات) نرتولیدی خلیوں کی پیدایش ۔

sperm oil, sperm, n. روغن عنبر ؛ پتلا سا زردی مائل تیل جو عنبر ماہی کے کھوپڑی والے جوف میں بھی ہوتا ہے اور اس کی چربی میں بھی ، اسے نازک مشینوں کو چکنا کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

spermophile, n. (حیوانیات) بل کھودنے یا کترنے والا گلہری خاندان کا کوئی جانور ، جیسے گوفر یا سسلیک ۔

sperm whale, n. عنبر ماہی ؛ قیطس ؛ ایک بہت بڑی ، دندانی وہیل ، اس کے کاسۂ سر کے جَوف میں سفید سا مومی مواد ہوتا ہے ۔ دیکھیے: spermaceti, sperm, cachalot ۔

sperrylite, n. ایک معدن (پلاٹینم) کا آرسنائیڈ جو بہت

ہی چھوٹی چھوٹی یکساں قلموں کی صورت میں ہوتا ہے اور اس کا رنگ قلعی کی طرح سفید ہوتا ہے۔

spessartite, spessartine, n. ایک معدن جس میں لوہے ، میگنیشیم اور ایلومینم کی خفیف سی ملاوٹ ہوتی ہے ، یہ سرخ یا زرد رنگ کا ہوتا ہے۔

spew, spue, v.i., v.t. قے کرنا ؛ معدے کے اندر والی چیزوں کو مُنہ کے ذریعے خارج کرنا ؛ ندی کی طرح بہ نکلنا ؛ یوں باہر نکالنا یا خارج کرنا جیسے قے میں ہوتا ہے (جیسے: The encampment began to spew out men) ۔ (اسم) قے ؛ خارج کردہ اشیا یا اشخاص۔

spewer, n. قے کرنے والا ؛ نکال دیا جانے والا۔

sphagnum, n. دلدلی اُشنہ ؛ دلدلی کائی وغیرہ کی اقسام میں سے کوئی ایک جس کا اس نام و جنس سے تعلق ہو، یہ مرطوب کھاری جگہوں میں ہوتی ہے اور پودوں کو اِدھر اُدھر لے جانے میں بہت استعمال ہوتی ہے۔

sphagnous, a. دلدلی کائی کے متعلق۔

sphalerite, n. زنک سلفائیڈ اور جست کی بنیادی خام صورت ؛ امتزاج جست۔ نیز: blende, zinc blende ۔

sphene, n. سفین ؛ ایک معدنی سلیکیٹ جو کیلسیم ٹائٹینیم سے مرکب ہوتا ہے۔ نیز : titanite ۔

sphenodon, n. دیکھیے : Tuatara ۔

sphenoid, sphenoidal, a. (تشریح الاعضا) فانہ صورت ؛ کھوپڑی کے نچلے حصے والی مرکب ہڈی سے متعلق یا اس کی خصوصیت لیے ہوئے ؛ وتدی۔(اسم) (تشریح الاعضا) سر کی پیندے کی ہڈی ؛ عظم وتدی۔

spheral, a. گولائی سے متعلق ؛ گولائی کا ؛ گول ؛ شکل میں متشاکل یا ہم آہنگ۔

sphere, n. کُرّہ ؛ دائرہ ؛ جیومیٹری کی ایک ٹھوس شکل جو ایک نیم دائرے کے اپنے قطر کے اطراف گھومنے سے بنتی ہو؛ وہ گول شے جو تمام اطراف میں مرکز سے ہم فاصلہ ہو ؛ اس گول شکل کا کوئی وجود ، جیسے گلوب یا گیند ؛ جرم سماوی (ستارہ یا سیارہ) ؛ مدار (کسی سیارے کا) ؛ وہ جگہ ، خطہ یا ماحول جس میں کوئی شخص یا شے موجود ہو یا موجود چلی آ رہی ہو ؛ کوئی مخصوص معاشرتی دُنیا ، معاشرے کا طبقہ یا شعبۂ زندگی ؛ کسی جدوجہد یا سرگرمی کا کوئی میدان ؛ کسی مخصوص شے کا پورا حلقہ یا دائرہ کار (جیسے: the sphere of science or law) ۔ (فعل متعدی) احاطے یا دائرے میں لے آنا ؛ گول دائرہ سے محیط کرنا ؛ اجرام فلکی میں شامل کرانا (قدر و منزلت میں)۔

spheric, a. سماوی ؛ بلند پایہ ؛ عالی مرتبہ۔

sphericity, n. کرویت۔

sphere of influence, n. حلقۂ اثر و اقتدار ؛ کوئی علاقہ جو کسی دوسری طاقت یا مُلک کے اقتدار ، مفادات اور اثرات کے تابع ہو۔

spherical, a. کروی ؛ گول ؛ کروے یا کسی گول شے سے متعلق یا اس کی بابت ؛ فلکی ؛ اجرام سماوی سے متعلق (خصوصاً ان کے علم نجوم کے اثرات کے حوالے سے)۔

spherically, adv. کُرے کے طور پر۔

spherical aberration, n. اجرامی یا کُروی فریب نظر ؛ وہ تبدیلی یا خلل جو کسی پیکر میں کسی آئینے یا عدسے کی کروی شکل کے باعث پیدا ہو جائے ؛ کُروی ضلالت۔

spherical angle, n. (ریاضی) کُروی زاویہ ؛ زاویۂ مُستدیر ؛ کسی کرے پر دو بڑے دائروں کے ایک دوسرے کو قطع کرنے سے بن جانے والا زاویہ۔

spherical coordinate, n. (ریاضی) کروی محدّد ؛ محدّد مستدیر ؛ کسی محددی نظام کے تین محددوں میں سے ایک جس میں ایک مکانی نقطہ کا تعین دو باہم عمودی محوروں کے نقطۂ تقاطُع سے اس کے قطری فاصلے ، افقی یا قطبی محور اور نیم قطر کے درمیانی زاویے اور محور مُستوی اور قطبی محور و نیم قطر مُستوی کے درمیانی زاویے سے ہوتا ہے۔

spherical geometry, n. (ریاضی) کروی جیومیٹری ؛ مستدیر ہندسہ ؛ کسی کروی سطح پر بنی ہوئی شکلوں سے واسطہ رکھنے والی اقلیدس کی شاخ۔

spherical polygon, n. (ریاضی) کُروی کثیرالاضلاع۔

spherical triangle, n. (ریاضی) مثلث کروی ؛ وہ کروی کثیرالاضلاع جس کے تین اضلاع ہوں۔

spherical trignometry, n. (ریاضی) کُروی مثلثوں اور کثیر الاضلاعوں سے تعلق رکھنے والی مثلثیات کی شاخ۔

spherics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) کرویات ؛ کسی کُرے کی سطح پر ہندسی اور مثلثاتی ہندسی اشکال کا مطالعہ۔ (موسمیات) فضائی حالات اور موسمی پیش قیاسیوں کا مطالعہ کرنے کے لیے وہ شاخِ علم جو برقی اختراعوں سے کام لیتی ہے۔ دیکھیے : Atmospherics ۔

spheroid, n. (جیومیٹری) کرہ نما ؛ وہ بیضوی مجسم جو کسی بیضے کے اپنے ایک محور کے گرد گردش کرنے سے بنتا ہے ؛ کوئی کُرہ نُما شے جو کامل کروی نہ ہو۔ (صفت) بیضوی۔

spheroidal, spheroidic, a. کرہ نما شکل سے متعلق ؛ کُرہ نما کی سی شکل کا ؛ تقریباً کروی ؛ بیضوی۔

spheroidally, adv. کُرہ نما کے طور پر۔

spherometer, n. کُرویت پیما ؛ گولائیوں اور خم دار چیزوں یا شکلوں کے خم ناپنے والا آلہ۔

spherule, n. کوئی چھوٹی سی گول یا گولائی لیے ہوئے شے ؛ کُروچہ۔

spherular, a گولائی کا۔

spherulite, n. بعض آتشیں چٹانوں میں پایا جانے والا قلمی گولوں کا کروی مجموعہ جس میں شعاعیں سی پھوٹتی رہتی ہوں۔

supherulitic, a. ایسی چٹانوں کے متعلق یا ان کا۔

sphery, a. کُرہ نما ؛ کُرے کا سا، جیسے اجرام فلکی ؛ اخترگوں۔

sphincter, n. (تشریح الاعضا) (حیوانیات) عاصرہ ؛ عاصر عضلہ ؛ گول ، سکڑ اور سمٹ جانے والا عضلہ جو کسی طبعی سوراخ کے گرد ہوتا ہے اور اسے بوقت ضرورت بند کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

sphincteral, sphincterial, sphincterate, sphincteric, a. عاصر عضلہ کا یا اس سے متعلق۔

sphingid, n. باز پروانہ۔ دیکھیے : hawk moth ۔

sphinx, n. (عموماً بڑے S سے) (یونانی ، اساطیری) میمون ؛ نرسنگھ ؛ یونانی دیومالا کے مطابق ایک عفریت جس کا سر عورت کا ہوتا ہے ، دھڑ شیر یا کُتے کا اور وہ پَر دار ہوتا ہے ، یہ تھیبیز کے قریب سے گزرنے والوں مسافروں سے پہیلی بوجھتا تھا اور جو اسے بوجھنے میں ناکام رہتے ان کو مار دیتا تھا ؛ کوئی اس قسم کی شَے یا شخصیت جو لوگوں کے آگے مشکل مسائل پیدا کرے یا پُراسرار ہو۔ (مصریات) ابوالہول ؛ ایک قیاسی جانور جس کا سر انسان ، مینڈھے یا باز کا ہوتا ہے اور دھڑ شیر کا ۔ (بڑے S سے) غزہ کے اہرام کے قریب اس قسم کا دیوہیکل مجسمہ ۔ (حشریات) صیّاد پروانہ ؛ بازپروانہ ۔

sphinx moth, n. صیّاد پروانہ ؛ باز پروانہ ؛ ایک پتنگا جو اپنے شکار پر باز کی طرح ٹوٹتا ، جھپٹتا ہے ۔

sphragistics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) خاتمیات ؛ کَندہ مُہروں کا عِلم (ان کی تاریخ ، خصوصیات اور امتیازات کے حوالے سے شہروں کا عِلم) ۔

sphragistic, a. عِلم خاتمیات کے متعلق ۔

sphygmograph, n. نبض نگار ؛ ایک آلہ جس کو نَس پر رکھنے سے نبض کی یکسانیت ، قوت اور سرعت ترسیمی شکل میں ظاہر ہو جاتی ہے ۔

sphygmographic, a. نبض نگاری کے متعلق ۔

sphygmography, n. نبض نگاری ۔

sphygmomanometer, n. نبضی فشار پیما ؛ کسی شریان میں خون کے دباؤ کا اندازہ لگانے والا آلہ ۔

sphygmomanometric, a. فشارپیمائی کا ۔

sphygmomanometrically, adv. فشارپیمائی کرتے ہوئے ۔

sphygmomanometry, n. نبضی فشار پیمائی ۔

sphygmometer, n. نبض کی رفتار اور قوت کا اندازہ لگانے والا آلہ ؛ نبض پیما ۔

sphygmometric, a. نبض پیمائی کا ۔

spica, n. (نباتیات) بالی ؛ سنبلہ ؛ دانوں کا خوشہ یا بالی یا کسار ، جیساپھولوں پر ہوتا ہے ۔ (جرّاحی) وہ پلستر جو یوں گھما گھما کر آگے پیچھے کرتے ہوئے لگایا ہو کہ اس پر خوشۂ گندم کا گمان ہو ؛ اس طرز کی باندھی ہوئی پٹی ۔

spicate, a. (نباتیات)(وہ پودا)جس پر بالیاں لگی ہوئی ہوں ؛ گچھوں کی ترتیب لیے ہوئےجیسے (پھول)،سنبلہ دار یا بالی دار جیسے پھولوں کا گچھے کی شکل میں پھولنا ۔

spicato, a. (موسیقی) وائیلن بجاتے ہوئے مضراب کی مختصر اور تیز تیز حرکتوں سے پیدا ہونے والی(آوازیں) ،اس میں مضراب کو اچانک تاروں پرپلٹا بھی دیا جاتا ہے ۔ (اسم) مضراب نوازی کا مذکورہ طریقہ یا وہ قطعہ جو اس ساز و آواز کے ساتھ گایا جائے ۔

spice, n. گرم مسالا ؛ کالی مرچ ،لونگ ، دار چینی وغیرہ پر مشتمل چرپرا یا خوشبودار مخلوطہ یا الگ الگ جسے بعض چیزوں کو جلدی خراب ہو جانے سے بچانے کے لیے یا مزے دار بنانے کے لیے شامل کیا جاتا ہے ؛ گرم مسالے یا اس کی طرح کی مہک ؛ خوش بو ؛ تحریک پیدا کرنے والی کوئی شے ۔ (فعل متعدی) گرم مسالا شامل کرنا ؛ مسالے دار بنانا ۔ (مجازاً) جوش ، جذبہ یا دلچسپی پیدا کرنا (کسی اضافے سے) ۔

spiceberry, n. چھوٹے سفید پھولوں والا غرب الہند کا ایک درخت جسے فلوراِیڈا میں اس کے سیاہ یا زرد رنگ کے پھل کی خاطر کاشت کیا جاتا ہے ؛ اس درخت کا پھل ۔

spicebox, n. مسالے دان ؛ وہ خانہ یا تختہ جس پر گرم مسالے کے مرتبان وغیرہ رکھے ہوئے ہوں ۔

spicebush, n. مسالا جھاڑی ؛ زرد پھولوں والی ایک جھاڑی جو شمالی امریکا میں ہوتی ہے ، اس کی چھال اور پتے گرم مسالے کی طرح تیز مہک والے ہوتے ہیں ، اسے "بنجمن جھاڑی" بھی کہتے ہیں ؛ شمالی امریکا کا ایک لمبے قد کا پودا جس پر ولایتی تُوت لگتا ہے اور اس کے بھورے رنگ کے پھول مہک لیے ہوتے ہیں ۔ نیز: sweet shrub ۔

spicebush, swallowtail, n. ایک قسم کی تتلی ؛ ابابیل دُم تتلی ۔

spicery, n. گرم مسالا ؛ مسالے دار مہک یا باس ۔

spick-and-span, spic-and-span, a. بالکل نیا ؛ تازہ ؛ بنا ٹھنا یا خوش لباس ؛ صاف ستھرا ؛ خوش وضع ۔

spicula, n. چھوٹی سی سُوئی یا کانٹے جیسی شے یا اس کا حصّہ ؛ نوکیلا ٹکڑا (کسی چیز کا) ؛ سوزن نما قلمیہ جیسے برف کا ۔

spicular, a. نوکیلا ؛ نوک دار ؛ سوزنی ۔

spicule, n. کوئی چھوٹی سی نوکیلی شے یا اس کا حصہ ؛ کوئی نوکیلا ٹکڑا ؛ کسی شے کی بڑھی ہوئی نوک ؛ سوئی جیسا قلمیہ، جیسے برف کا ۔ (حیوانیات) کلکیریا یا سلیکا کی وہ قلیل آمیزش والی سخت شے جو بعض غیر فقری جانوروں کے ڈھانچے کے عناصرِ اساسی کا کام دیتی ہے مثلاً اسفنج یا خولک (خولچہ) میں ۔ (نباتیات) شاخۂ گل ۔ (فلکیات) سورج کی سطح سے پھوٹتی ہوئی جلتی گیس کی طویل سی دھار ۔

spiculate, spicular, a. نوک دار ۔

spiculation, n. نوکیلی ؛ نوکیلا پن ۔

spiculum, n. خارچہ ؛ کانٹا ؛ بعض تارا مچھلی وغیرہ کی قسم کے غیر فقری جانوروں کا چھوٹا سا خارنما عُضو ۔

spicy, a. مسالے دار ؛ چٹپٹا ؛ گرم مسالے کی تاثیر والا یا اس سے مشابہ ؛ وہ جگہ جہاں مسالے والے درخت بہت ہوتے ہوں یا وہ درخت جن سے یہ حاصل ہوتا ہو ؛ مسالے کی خاصیت لیے ہوئے یا اس کا خیال دلانے والا ۔ (مجازاً) تیکھا یا دل خراش (جیسے: a spicy speech) ؛ کسی حد تک ناشایستہ یا کیچڑ اچھالتی ہوئی کیفیت والی (جیسے : a spicy story) ؛ خوب نمک مرچ والی (داستان وغیرہ) ۔

spicily, adv. چٹ پٹے پن سے ۔

spiciness, n. چٹ پٹا پن ۔

spider, n. مکڑی ؛ عنکبوت ؛ ہشت پا ، بے پردار شکارخور ، عنکبوتی خاندان میں سے کوئی ایک ، جالے بننے میں قابل ذکر ، یہ جالے ان کا گھر بھی ہوتے ہیں اور کمین گاہ بھی ؛ ہروہ چیز جس پر ان کا گمان گزرے ؛ تپائی ؛ مختلف میکانی نظاموں یا سلسلوں میں سے کوئی ایک، جس کے اشعاعی اجزا ہوں ۔

spider crab, n. سرطان عنکبوتی ؛ لمبی پتلی ٹانگوں اور مختصر سے جسم والے کیکڑوں میں سے کوئی ایک ۔

spider mite, n. سرخ مکڑی ۔

spider monkey, n. لمبے لمبے نازک اعضا اور جسم والے بندروں میں سے کوئی ایک جس کی دُم میں قابو کر لینے کی صلاحیت ہوتی ہے ، انگوٹھا یا تو بالکل نہیں ہوتا یا بھر برائے نام ہوتا ہے۔

spider phaeton, n. مکڑا گاڑی ؛ ایک اونچی ہلکی پھلکی بوجھ لانے ، لے جانے والی گاڑی جس میں ڈرائیور کی جگہ مسقف اور چپراسی کے لیے کُھلی اور پیچھے ہوتی ہے۔

spiderwort, n. مکڑ بوٹی ؛ نیلے ، گلابی ، ارغوانی رنگ کے پھولوں والی کوئی سدا بہار بوٹی۔

spidery, a. عنکبوتی ؛ مکڑی کا سا ؛ مکڑی سے مِلتا جُلتا ؛ لمبا پتلا (مکڑی کی ٹانگوں کی طرح) ؛ مکڑی جالے کی طرح نازک ؛ مکڑی مکڑی ؛ وہ جگہ جہاں مکڑیوں کی کثرت ہو۔

spiegeleisen, spiegel, spiegel iron, n. آہن سفید ؛ خام لوہے کی چمک دار قلمی ڈلی جس میں پندرہ سے تیس فی صد مینگنیز ہوتا ہے اور فولاد سازی میں کام آتا ہے۔

spiel, n. (عوامی) بات یا تقریر (عموماً رواں اور کسی کو دام میں لانے کے لیے) ؛ کہانی۔ (عوامی) (فعل لازم) مبالغے یا چرب زبانی سے باتیں کرتے چلے جانا۔

spieler, n. (عوامی) باتونی ؛ ڈھنڈورچی ، شورمچانے والا ؛ بکواسی ؛ چرب زبان ؛ اعلانچی۔

spier, n. جاسوس ، سُراغی یا تاک میں رہنے والا۔

spiffy, a. (عوامی) بنا ٹھنا ؛ خوش لباس ؛ خوش وضع۔

spiffiness, n. خوش لباسی ؛ چھیلا پن۔

spigot, n. ڈاٹ ؛ گٹا ؛ وہ بندک یا ٹونٹی جس کو چلا کر کسی شے کو بند کیا یا کھولا جاتا ہے یا جس سے کسی سیال دار پیپے وغیرہ کا مُنہ بند کیا جاتا ہے۔

spike, n. لمبی مضبوط سی کِیل یا میخ وغیرہ (خصوصاً لوہے کی) جس سے حلقوں یا کنڈلوں کو باندھا جاتا ہے ؛ کیل وغیرہ سے ملتی جلتی کوئی چیز ؛ بے لچک تیز نوک والا کوئی ٹکڑا یا حصہ (لوہے کا) جس کے باہر کے سرے سے کوئی چیز تحفظ کے طور پر باندھی جائے ؛ جوتے یا بوٹ وغیرہ کے تلوے یا ایڑی پر گڑی ہوئی تیز نوک والی فلزی روک جو گالف وغیرہ میں کھیلنے والے کو پھسلنے سے بچاتی ہے۔ (جمع) ایسی میخوں والا جوتوں کا جوڑا ؛ زنانہ جوتی کی اونچی نوک دار ایڑی ؛ نو عُمر ہرن کے سینگ (سیدھے اور بے شاخ حالت میں) ؛ ماکریل مچھلی جو ابھی کم عمری کے باعث چھ انچ سے بڑی نہ ہوئی ہو۔ (فعل متعدی) میخ یا میخیں لگانا یا لگا کر مضبوط کرنا ؛ میخوں سے لیس کرنا (پھسلنے سے بچاؤ کے لیے) ؛ سوئیاں یا کیلیں ٹھونک کر چھید دینا یا ہلاک کر دینا ؛ کسی میخ نما چیز سے جڑ دینا ؛ جوتوں پر لگی ہوئی میخوں سے کسی دوسرے کھلاڑی یا مقابلہ باز کو کھیل کے دوران زخمی کر دینا ، جیسا کہ بیس بال میں ؛ توپ کے دہانے میں میخ ٹھونک کر اسے چلنے کے ناقابل کر دینا۔ (مجازاً) ناکارہ کر دینا یا کسی کے اقدام یا مقصد کو بے اثر یا ناکام بنا دینا (جیسے:- to spike an attempt)۔ (بول چال) کسی مشروب میں شراب یا الکحل ملا دینا۔

spike, n. (نباتیات) گندم وغیرہ کا خوشہ ؛ کسی بے شاخ لمبے سے ڈنٹھل پر لگے ہوئے پھولوں کا گچھا یا اس سے مشابہ نظر آنے والا جو ٹہنی سے نکلے ہوں۔

spike lavender, n. اسطوخودوس ؛ لیونڈر پودا جس کی گُل دار ڈنڈیوں پر ہلکے ارغوانی رنگ کے پھول لگتے ہیں اور ان سے لیونڈر تیل حاصل ہوتا ہے جسے حسن افزا اشیا اور مصوروں کے رنگوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

spikelet, n. (نباتیات) سنبلک ؛ وہ چھوٹی سی ڈنڈی یا سوئی جو اس بڑی ڈنڈی کا حصہ ہوتی ہے جس پر گھاس وغیرہ کے مرکب (تہ دار پتّیوں والے) پھول لگتے ہیں ؛ بالچھ۔

spikenard, n سنبل الطیب ؛ سُنبل ہندی ؛ بالچھڑ ؛ شرق الہند کا ایک پودا جسے قیاساً ایام قدیم میں ''نارد'' کہا جاتا تھا ، اس کا تعلق خوشبودار پودوں سے ہے ، اس کے خوشبودار مواد کو مرہم بنانے میں استعمال کیا جاتا تھا ، خیال کیا جاتا ہے کہ یہ اسی پودے سے حاصل ہوتا تھا ، کئی اور اقسام کو بھی یہی نام دیا جاتا ہے جس میں شمالی امریکا کا ایک پودا بھی شامل ہے جس کی جڑ مہک والی ہوتی ہے اور اس کو دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

spiky, a. خار یا کیل کی شکل کا (کی) ؛ خاردار ؛ میخ دار۔

spile, n. کھونٹی ؛ لکڑی وغیرہ کی ڈاٹ یا میخ جس سے کسی پیپے وغیرہ کا سُوراخ بند کیا جاتا ہو ؛ بہت بڑا وزنی ستون یا ٹیک ؛ ٹونٹی ؛ وہ پَرنا جسے کسی رس دار (خصوصاً میٹھے میپل) درخت میں گاڑ دیا جاتا ہے تاکہ اس کے ذریعے رس نیچے رکھے ہوئے برتن میں گرتا رہے ؛ شیرہ گیر۔ (فعل متعدی) ڈاٹ لگانا ؛ ستونوں یا کھونٹیوں سے سہارا دینا ؛ رس حاصل کرنے کے لیے شیرہ گیر لگانا۔

spiling, n. میخ لگانے کا عمل۔

spill, v.t. گرانا (گرنے دینا) یا اُنڈیلینا (کسی سیال یا بکھر جانے والی شے کو دانوں دانوں میں یا کُھلی شکل میں خصوصاً کسی صراحی یا مرتبان سے عموماً اتفاقیہ طور پر یا اسراف سے کام لیتے ہوئے) ؛ زخمی کرتے یا مار ڈالتے ہوئے کسی کا خون بہانا ؛ بکھیر دینا۔ (جہازرانی) بادبان سے ہوا خارج ہونے دینا۔ (بول چال) گھوڑے ، گاڑی وغیرہ سے گرا دینا۔ (عوامی) کسی راز کی بات یا بھید کو افشا کر دینا۔ (فعل لازم) کسی مائع وغیرہ کا برتن وغیرہ میں سے بہ جانا یا انڈیلا جانا (اتفاقاً یا بے احتیاطی وغیرہ سے)۔ (اسم) انڈیل (کسی سیال یا بکھر جانے والی شے کی) ؛ انڈیلی گئی شے کی مقدار یا وہ نشان جو پڑ گیا ہو۔ (بول چال) گھوڑے گاڑی وغیرہ سے گر پڑنے کا عمل ؛ فالتو پانی نکالنے کا راستہ۔

spill the beans, (بول چال) نادانستہ طور سے کوئی راز افشا کر دینا۔

spill, n. لکڑی کا نوکیلا ٹکڑا،جیسے کھپچی ؛ لیمپ ، موم بتیاں وغیرہ جلانے کے لیے لکڑی کی پتلی سی تراش یا کاغذ کا گول مول کیا ہوا ٹکڑا وغیرہ ؛ کوئی دھاتی میخ یا سوئی ، ڈاٹ (کسی برتن کا منہ بند کرنے یا اس میں ٹھونکنے کے لیے) ؛ کھونٹی۔

spillage, n. کسی شے کو انڈیلنے یا گرانے کا عمل ؛ گرنے والی شے کی مقدار۔

spillikin, spiliken, spilliken, n. چوبک گیری (ایک کھیل جس میں چھوٹی چھوٹی لکڑی کی تیلیوں کو اکٹھا رکھ دیا جاتا ہے اور ایک ایک کرکے یوں اُٹھانے کو کہا جاتا ہے کہ دوسری

کوئی ہلنے نہ پائے) ؛ یوں رکھی گئی چوبکیں ؛ خود یہ کھیل ۔

spillway, n. آب گزر ؛ کسی جھیل ، ذخیرہ آب ، ڈیم ، سد یا دریا کے فالتو پانی کو کسی اور طرف نکال یا بہا دینے کے لیے بنائی گئی نالی یا راستہ ۔

spilosite, n. (ارضیات) وہ چتکبری سی چٹان جو سلیٹ کے سنگ خارہ سے ناقص ملاپ کے سبب مقامی تقلب کے باعث یوں ہو گئی ہو ۔

spilth, n. انڈیلنے یا گرانے کا عمل یا انڈیلی / گرائی گئی شے ؛ فالتو ، برانداز ؛ فاضل ۔

spin, v.t. کاتنا (اون ، سوت ، سن وغیرہ کے ریشے کو ہاتھ سے یا کسی کل سے دھاگے یا سوت کی شکل دینا) ؛ کسی شے کو دھاگے کی شکل دینا (جیسے: to spin glass) ؛ کھینچ کر ، بل دے کر یا کسی اور طریقے سے دھاگے یا سوت کی شکل میں لانا ؛ جالے ، لعاب خورشید (مہین جالا) یا ریشم سے اس طرح دھاگے پیدا کرنا کہ جسم سے قدرتی لعاب کی ایک لمبی اور پتلی سی ڈوری نکلے جو ہوا میں سخت ہو جاتی ہو جس طرح مکڑیاں یا ریشم کے کیڑے کرتے ہیں ؛ تیز گھما نا (جیسے: to spin a top) ؛ چکرانا ؛ چھوٹی سی شے کو یوں بڑھاتے جانا جیسے سُوت کی کتائی میں ہوتا ہے ؛ چھوٹی سی بات کو پھیلا کر داستان بنا دینا) اس میں اکثر out لگاتے ہیں ، جیسے: to spin out a story) ۔ (فعل لازم) تیزی کے ساتھ گھومنا ، جیسے محور پر زمین یا لٹو ؛ مکڑی اور ریشم کے کیڑے وغیرہ کی طرح بدن سے مواد نکال نکال کر اسے دھاگے میں بدلتے جانا ؛ اون ، سن وغیرہ کو کھینچ کر یا بل دے کر دھاگے یا سوت کی شکل دینا ؛ تیزی سے حرکت کرنا ، دوڑنا ، سواری کرنا یا سفر کرنا ؛ سر وغیرہ کا چکرانے کی حالت محسوس کرنا ؛ گھومتی یا چکر کھاتی ڈوری سے ماہی گیری کرنا ۔ (اسم) گھمانے یا چکرانے کا عمل ؛ گیند کا گھماؤ ؛ کسی چیز کا گھوم چکر ؛ تیز دوڑ ، سواری ، چلائی وغیرہ (ورزش کے لیے) ؛ تیز چال ، سریع السیری ۔ (طیرانیات) فضائی مظاہرہ جس میں ہوا باز طیّارے کو عموماً نیچے کی طرف لے جاتا ہے اور وہ اس عالم میں چکر کھا رہا ہوتا ہے ، اسے ''دُم کاٹ'' (tail spin) بھی کہتے ہیں ۔ (طبیعیات) کسی برقیے یا جوہر میں ذاتی زاویائی حرکت (جیسے: In a stable molecule of hydrogen, the two electrons have opposite spins) ۔

spinach, n. پالک ؛ بتھوا ؛ ایک موسمی پودا ، اس کا تنا کھوکھلا اور خوردنی ہوتا ہے پتے گودے والے اور سبزی کے طور پر استعمال ہوتے ہیں ؛ اسفناج ۔

spinal, a. ریڑھ کی ہڈی سے متعلق یا مشابہ ؛ فقری ؛ نخاعی ۔ (اسم) حرام مغز میں لگایا گیا ٹیکہ ۔

spinally, adv. فقری یا نخاعی طور پر ۔

spinal canal, n. نخاعی قنات ؛ ریڑھ کی نالی : وہ نالی جس میں حرام مغز اور اس کی جھلّیاں ہوتی ہیں ، یہ ریڑھ کے مہروں سے تشکیل پاتی ہے جو محرابی شکل کے ہوتے ہیں ۔

spinal column, n. ریڑھ کی ہڈی ؛ چھوٹے چھوٹے مہروں یا ہڈیوں کا وہ سلسلہ جو انسانی ڈھانچے کے مرکز کا کام دیتا ہے اور حرام مغز کی حفاظت کرتا ہے ؛ پیٹھ کی ہڈی ۔

spinal cord, n. حرام مغز ؛ نخاع ؛ حبل شوکی ؛ عصبی ریشوں کا سلسلہ جو قناتِ نخاعی میں سے گزر کر ایک طرف پورے جسم اور دوسری طرف دماغ تک پہنچتا ہے ۔

spindle, n. تکلا ؛ ایک گول سا چوب پارہ جو دونوں جانب سے مخروطی ہوتا ہے ، اس پر ہاتھ سے کتائی کی جاتی ہے اور کاتے ہوئے سُوت کو اسی پر لپیٹتے جاتے ہیں ؛ چرخے کی وہ لکڑی یا پن جس سے دھاگا بٹا جاتا ہے اور جس پر لپیٹا بھی جاتا ہے ؛ کتائی کی مشین کے ڈنڈوں میں سے ایک یا وہ شٹل جس پر وہ چرخیاں سنبھلی رہتی ہیں جن پر کتائی کے ساتھ دھاگا لپٹتا جاتا ہے ۔ (میکانیات) کوئی ڈنڈا یا سوئی (پن) جو محوِ گردش ہو یا جس پر کوئی چیز محو گردش ہو (جیسے دُھرا ، محور یا شافٹ)؛ کوئی چھوٹا سا محور یا دُھرا وغیرہ ؛ سوئے کی طرح کی میخ جو ایک چوڑی اور بھاری بیندی میں لگی رہتی ہے جس میں حسابی اور یادداشتی پرچیاں یا دوسرے کاغذوں کو پرو دیا جاتا ہے ، دھاگے کا ناپ جو سوتی دھاگے کی صورت میں ۱۵,۱۲۰ گز اور لِنن کی صورت میں ۱۴,۴۰۰ گز ہوتا ہے ۔ (حیاتیات) خیطی یا بالواسطہ تقسیم کے دوران کسی خلیے میں بن جانے والے بے رنگ مادے کے ریشہ دار تار ۔ (جہازرانی) وہ لوہے کا ڈنڈا یا پائپ جس پر کوئی گولا ، لالٹین یا کوئی اور نظر آ جانے والی شے چڑھا دی جاتی ہے اور اسے کسی چٹان یا ڈوبی ہوئی چٹانوں کے سلسلے پر باندھ دیا جاتا ہے تاکہ جہازرانوں کے لیے راہنمائی کا کام بھی دے اور انتباہ کا بھی ۔ (فعل لازم) لمبے پتلے تنے یا ڈنٹھل کی طرح دیکھتے ہی دیکھتے بڑھ جانا (کسی پودے کا) ؛ لمبائی کے ساتھ بڑھنا ۔ (فعل متعدی) تکلے کی شکل دینا ؛ تکلا لگانا ؛ نتھی تار میں کاغذات وغیرہ کو پرونا ۔

spindlelegs, spindleshanks, n. لمبی پتلی ٹانگیں یا ایسی ٹانگوں والا شخص ۔

spindle-legged, spindle-shanked, a. لمبی پتلی ٹانگوں والا ؛ لم ٹنگا ۔

spindle tree, burning bush, wahoo, n. افونموس ؛ ایک چھوٹے قد کا یورپی درخت جس کی لکڑی سے تکلے اور بعض دیگر اشیا بناتے ہیں ،اس کی ایک قسم کو گھروں میں سجاوٹ کے لیے بھی لگاتے ہیں ، یہ دواؤں میں بھی استعمال ہوتی ہے ۔

spindling, a. لمبا ؛ پتلا ؛ جو لمبا پتلا ہو ؛ بے ڈھنگے پن سے) ۔ (نباتیات) لمبے پتلے تنے یا ڈنٹھل کی صورت میں بڑھتا ہوا (اکثر بہت نازک اور کمزور سا) ۔ (اسم) جو اس طرح بڑھا ہوا ہو ؛ ڈنٹھل ۔

spindly, a. بہت ہی دبلے کمزور جسم کا ۔

spindrift, spoondrift, n. (جہازرانی) امواج کی بھوار ؛ باریک سی بھوار جو تیز ہوا کے زور سے رخ بدلنے والے سمندر سے اُٹھ اُٹھ کر ہوا میں ملتی رہتی ہے ۔

spine, n. ریڑھ ؛ شوکہ ؛ ریڑھ والے جانداروں کی پیٹھ کی ہڈی جو اُن کے جسم کو سہارا دیے ہوتی ہے ؛ کوئی بے لچک نوکیلی سی جسم حیوانی پر نکلی ہُوئی شے ، جیسے خارپُشت کے تکلے یا مچھلی کے پَر ؛ لکڑی میں سخت اور نوک دار حصہ جیسے کسی پودے یا درخت پر ؛ سُول یا کانٹا ؛ قلہ کوہ ؛ پہاڑی سلسلہ یا پہاڑیوں کی لمبی ، مگر کم چوڑی برآمد یا بڑھوتری ۔ (مجازاً) مستقل مزاجی ، ارادے کی پختگی ، کردار کی توانائی ۔ (جِلد بندی) پُشتی (جہاں عموماً کتاب اور مصنف کا نام لکھا ہوتا ہے) ؛ پُشتہ ۔

spinel, spinnelle, n. ایک معدن جو میگنیشیم اور ایلومینم کے آکسائیڈوں پر مشتمل ہوتا ہے ، اس کی اقسام میں بعض ہیرے،

بھرا ہوا ؛ خار دار (پودا) ؛ وہ(جانور)جو تیز نوک والے خاروں سے لیس ہو یا ان سے مخالف کو مار سکتا ہو ؛ خاروَش یا خارصُورت ؛ تیز نوک والا (کسی ہڈی کا اُبھار)۔

spinous process, n. (تشریح الاعضا) عظم وتدی ؛ کسی ریڑھ مُہرے کی عقبی محراب کے درمیان سے اُبھری ہوئی عقبی ہڈی۔

spinster, n. وہ غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی عمومی یا رواجی عمر گزار چکی ہو ؛ نقلہ ؛ سال خوردہ کنواری ؛ کات کر پیٹ پالنے والی عورت ؛ غزالہ۔

spinsterhood, n. ناکتخدائی۔

spinstrish, a. سال خوردہ کنواری۔

spinthariscope, n. (طبیعیات) وہ آلہ جس کے ذریعے الفا شعاعوں کے کسی تیار کردہ اسکرین سے ٹکرانے پر پیدا ہونے والی چمک کا مشاہدہ کیا جاتا ہے ؛ پرتوبین۔

spinthariscopic, a. پرتو بینی۔

spin the bottle, n. بوتل گردش ؛ لڑکے لڑکیوں کا ایک کھیل جس میں سب دائرہ بنا کر بیٹھ جاتے ہیں اور لڑکے بوتل کو گھماتے ہیں اور اس لڑکی کا بوسہ لیتے ہیں جس کی طرف مُنھ کرکے بوتل گھومنا ختم کر دے۔

spin the plate, spin the platter, n. قاب گردش ؛ لڑکے لڑکیوں کا ایک کھیل جسے عموماً ڈیوڑھی میں کھیلا جاتا ہے ، اس میں ایک جنس پلیٹ کو کنارے پر گھماتی ہے اور مخالف جنس میں سے جس کا نام پکارا جائے اسے وہ پلیٹ گرنے سے پہلے پکڑنی پڑتی ہے اور ایسا نہ کر سکنے کی صورت میں بوسہ دینا ہوتا ہے۔

spinule, n. (حیاتیات) خارک ؛ خارچہ۔

spinulose, a. (حیاتیات) خار خار ؛ کانٹوں سے پُر ؛ چھوٹی چھوٹی کیلوں سے بھرا ہوا ؛ خارچہ دار۔

spiny, a. خارپُشت ؛ چھوٹے چھوٹے کانٹوں سے بھرا ہوا جیسے بیری کا درخت یا خار والا خارپشت۔ (مجازاً) پریشان کر دینے والا ؛ تکلیف دہ۔

spininess, n. خارداری ؛ پریشان سازی ؛ تکلیف دہی۔

spiny anteater, n. (حیوانیات) مورخور ؛ خارپشت۔

spiny-finned, a. خاردار مہیر مچھلی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کے مہیر تیز ، سخت لیکن شاخدار کانٹوں والے ہوتے ہیں۔

spiny lobster, n. عام کیکڑے کی طرح کا خوردنی سمندری کیکڑا لیکن بغیر سامنے کی چمٹیوں کے۔

spiracle, n. نتھنا ؛ سانس لینے کا سوراخ۔ (حیوانیات) ایک بیرونی شگاف جس سے سانس لینے میں ہوا یا پانی گزر سکے ؛ وھیل کے گل پھڑے ؛ شارک یا فرخوں کے گلپھڑوں کا راستہ ؛ کیڑوں کے پہلوؤں پر ہوا کی نالی کی درز۔

spiracular, a. نتھنے کے متعلق یا سانس کا کام دینے والا۔

spiral, n. (جیومیٹری) مرغولہ ؛ لولب ؛ مرغولے دار کوئی لچھّا یا پیچ ؛ حلزونہ۔ (معاشیات) لاگتوں، اجرتوں یا قیمتوں میں تیزی سے مسلسل اضافہ یا تخفیف۔ (فٹ بال) گیند کی لمبائی میں گھمائی ہوئی ضرب۔ (طیرانیات) مرغولے کی شکل بناتے ہوئے جہاز کی اوپر نیچے کی طرف پروازی مشق۔ (صفت) مرغولہ نما ؛ مرغولے کی شکل بنائے ہوئے(ہوائی جہازوں کی پیش قدمی)۔ (فعل لازم) مرغولے

جواہرات شمار ہوتے ہیں جن میں لعل اور یاقوت نمایاں ہیں اور یہ زیورات میں استعمال ہوتے ہیں۔

spineless, a. بے ریڑھ یا بے خاردار ؛ عقبی ہڈی کے بغیر ؛ بے فقاریہ ؛ ریڑھ کی قدرتی توانائی سے محروم ؛ ڈھیلا ڈھالا۔ (مجازاً) اخلاقی قوّت سے تہی ؛ خام ارادہ ؛ بے حوصلہ ؛ کم زور طبیعت ؛ ناتواں۔

spinelessly, adv. کم زور طریقے سے ؛ بزدلانہ طور پر۔

spinelessness, n. بے جانی ؛ کم زوری ؛ ناتوانی ؛ بزدلی۔

spinescent, a. (حیاتیات) فقاری ؛ ریڑھ دار ؛ خاردار بنتا ہوا ؛ ریڑھ پر ختم ہوتا ہوا (نوک کی صورت میں ختم ہوتا ہوا)۔

spinescence, n. خاری ؛ فقاریت۔

spinet, n. ایک قسم کا قدرے چھوٹا مضرابی ساز ؛ چھوٹا پیانو جو بڑے کی تقریباً تمام خوبیوں کا حامل ہوتا ہے اور اس کے تار عمودی ہوتے ہیں۔

spinifex, n. خارگیاہ ؛ ایک دوسرے سے ملتی جلتی ان گھاسوں میں سے کوئی ایک جن کا شجرہ خار گیاہی جنس سے ملتا ہے یا تیر تنا گھاس سے ،جس کے پتوں کی نوک بہت تیز ہوتی ہے،، یہ آسٹریلیا میں بہت پائی جاتی ہے۔

spinnaker, n. (جہازرانی) ایک مثلثی بادبان جسے دوڑ کی کشتیاں بڑے مستول کی مخالف سمت میں رکھتی ہیں جب اُنھیں باد مخالف کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

spinner, n. تار کش ؛ کاتنے والا شخص یا کاتنے والی شے ؛ مچھلیوں کو پھانسنے کا ایک آلہ جو ایک بلیڈ یا ایک چمچی پر مشتمل ہوتا جسے مچھلی کے شکار میں استعمال کرتے ہیں ؛ ایک مخروطی سی شے جسے طیارے کے پروپیلر کے محور پر فٹ کیا جاتا ہے۔ (فٹ بال) فٹ بال میں کھلاڑی کا گیند لے کر یوں بل کھاتے ہوئے جانا کہ مخالف ٹیم کو پتہ نہ چل سکے کہ کھلاڑی کدھر جا رہا ہے ؛ مکڑ چال۔

spinneret, n. تارکش عضو ؛ بعض مکڑیوں ، کملوں وغیرہ ایسے جانوروں کا وہ عضو جس کے ذریعے وہ اندر سے نکالے گئے مواد سے جالا یا پیلہ،ریشم بناتے ہیں ؛ ایک فلزی اختراع جس میں چھوٹے چھوٹے سوراخ ہوتے ہیں جن میں سے مصنوعی دھاگا (ریان وغیرہ) بناتے ہوئے ایک محلول کو زور سے داخل کیا جاتا ہے۔

spinney, spinny, a. بیشہ ؛ بنی ؛ جھنگی ؛ وہ جگہ جہاں درختوں کے نیچے بہت گھاس پھوس اُگا ہوا ہو جیسا کہ بعض پودوں میں یا جھاڑوں میں ہوتا ہے۔

spinning frame, n. تکلا ؛ دھاگا کاتنے ، لپیٹنے اور بٹنے کی مشین۔

spinning jenny, n. کات مشین ؛ بہت سے دھاگوں کو ملا کر کاتنے والی ایک مشین جو ۱۷۶۷ء میں انگلستان کے ایک شخص جیمز ہر گریوز نے ایجاد کی تھی اسے صرف ''جینی'' بھی کہتے ہیں۔

spinning wheel, n. چرخہ ؛ روئی ، اُون ، پٹ سن وغیرہ کو کات کر دھاگوں میں تبدیل کرنے والی ایک چھوٹی سی مشین جسے ہاتھوں سے یا پاؤں سے چلاتے ہیں۔

spin-off, n. (مالیات) کسی بُنیادی کارپوریشن کا اپنی کسی ذیلی کارپوریشن کے حصص کی اپنے حصے داروں میں تقسیم۔

spinose, a. خاردار ؛ خاروں یا میخوں سے بھرا ہوا۔

spinosity, n. خار دار ہونے کی حالت۔

spinous, a. (حیاتیات) سول دار ؛ کانٹوں ، سولوں سے

کی شکل بن جانا یا اس شکل کے راستے پر بڑھنا ۔ (فعل متعدی) مرغولہ شکل بنانا یا اس طرح کی حرکت کرانا ۔

spirally, adv. مرغولے کے انداز میں ۔

spiral galaxy, spiral nebula, n. (فلکیات) حلزونی کہکشاں ؛ ستاروں کا وہ دور دراز واقع نظام جس کی شکل یا ساخت مرغولہ نما ہوتی ہے ؛ لولبی سحابیہ ۔

spirant, n. (صوتیات) وہ حرفِ صحیح جس کو ادا کرتے ہوئے سانس کا اخراج مسلسل ہوتا ہے جیسے sh کی آواز shoes میں ؛ سانس کی رگڑ کے بغیر ادا ہونے والے حروف صحیح کے برعکس جیسے ch کی آواز choose میں ہے ۔

spire, n. حلزونہ ؛ مخروطہ ؛ گاؤ دُم ؛ پتلی ، مخروطی شے جو اُوپر کو جاتی ہوئی نوک کی صورت اختیار کر گئی ہو ؛ کسی مینار یا چھت کی اہرامی یا گاؤ دُم ساخت ؛ کسی مینار وغیرہ کے بالائی حصّے کا اختتام ؛ کسی پودے کا پتّا ، تنا ، شاخ یا ٹہنی ۔ (فعل لازم) مخروطی شکل میں اوپر کو جانا ؛ اہرام گوں ہونا ؛ تیزی سے بڑھنا (گھاس کے پتے کی طرح) ۔

spired, a. مخروطی ؛ گاؤ دم ۔

spire, n. مخروطہ ؛لچھا ؛ پیچ ؛بَل ۔ (حیوانیات) بعض صدفیوں پر پڑی ہوئی سلوٹیں ؛ حلزونۂ صدف ۔

spirea, spiraea, n. ایک آرایشی جھاڑی جس کا تعلق گلاب خاندان سے ہے ، اس کے پھول سفید یا ہلکے گلابی ہوتے ہیں ، جیسے دُلھن کا ہار ۔

spireme, n. (حیاتیات) لولبی خیطہ ؛ کسی خلیے کے مرکزے کا لونین (کرومیٹین) جب وہ خیطی تقسیم میں مسلسل یا پارہ پارہ ہو کر دھاگے کی شکل اختیار کر لیتا ہے ۔

spiriferous, a. (حیوانیات) لولبی زوائد دار ؛ حلقہ دار یا مخروطی بالائی حصے والا جیسا کہ واحد صمامی صدفیہ ؛ مخروطی دھاریوں والا جیسے بازوپایاں ۔

spirillum, n. لولبی جرثومہ ؛ ایک خرد بینی جرثومہ جس کی ساخت حلقہ دار ہوتی ہے ۔

spirit, n. روح ؛ نفس ؛ آتما ؛ ہم زاد ؛ انسان کی شعوری زندگی کی اصل وہ جسے انسان اور انسان کی زندگی کا جوہر سمجھا جاتا ہے (جیسے: to be present in spirit if not in body) ؛ رُوح (جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ مرنے کے بعد بدن سے جدا ہو جاتی ہے) ؛ مادے کے برعکس باشعور غیر مادی ہستی (جیسے: the world of spirit) ؛ وہ فوق الفطرت ، غیرمادی ہستی یا وجود جو کسی جگہ یا چیز میں جاگزیں ہو یا جس کا کوئی مخصوص انداز ہو (جیسے: spirits of the air or water) ؛ پری ؛ پریت یا بُھوت ؛ فرشتہ یا شیطان ؛ رُوح یا دل (جذبات اور احساسات کے مرکز کی حیثیت سے یا بدن کو زندگی دینے کے حوالے سے ، جیسے: to break a person's spirits) ؛ حوصلہ یا کس بل (جیسے: man of spirit) ؛ توانائی یا سرگرمی ، جیسے اقدام یا الفاظ یا موسیقی میں ؛ مزاج ؛ رویہ (جیسے: something done in the right spirit) ۔ (جمع) احساسات ، دل شکستگی یا دل افزائی کے حوالے سے (جیسے: to be in high or low spirits) ؛ کردار یا افتادِ طبع (جیسے: meek in spirit) ؛ روح افزا ؛ روح پھونکنے والا یا جوش دلانے والا شخص یا تاثیر (جیسے: the leading spirit in an under taking) ۔ (بڑے S سے) امرِ ربیّ (انسان میں محوِ عمل قوت عاملہ کے طور پر) ؛ جوہر روحانی ؛ تثلیث کی تیسری شخصیت ، روح القدس ؛ ابھارنے یا روح پھونک دینے والا اصول (جذبہ) جو خیالات ، احساسات یا اعمال میں جاری وساری ہو (جیسے: the spirit of love or the spirit of reform) ؛ کسی چیز کا رجحان غالب (جیسے: the spirit of the age) ؛ کسی ضابطے ، بیان وغیرہ کا عمومی مفہوم اور مقصد بمقابلہ ظاہری یا لفظی تعبیر کے (جیسے: the spirit not the letter of the law) ۔ (کیمیا) سیّال صورت میں بالخصوص عمل تقیطر سے کسی مادے کا کشید کیا ہوا ست ، جوہر، عطر یا اثر آفریں جزو ترکیبی ۔ (عموماً جمع) کشید : وہ شراب جو عملِ تقطیر سے تیار کی جاتی ہے ، خصوصاً وہ جس کی تاثیر شدید ہوتی ہے ؛ الکحل ؛ ان اخلاط لطیفہ میں سے کوئی ایک جن کے متعلق کبھی خیال کیا جاتا تھا کہ بدن میں جاری و ساری ہیں (جیسے: natural or animal spirits) ۔ (دواسازی ، کیمیا) الکحل میں کسی بنیادی یا اڑ جانے والی شے کا تیار کیا گیا محلول ؛ جوہر ۔ نیز : essence ۔ (بڑے S سے) (مسیحی علوم) خُدا ۔ (فعل متعدی) پر اسرار یا خفیہ طریقے سے اڑا لے جانا (بعد میں عموماً away لگاتے ہیں ، جیسے: the witnesses were spirited away) ؛ نئی روح یا نیا جذبہ بھر دینا ؛ حوصلہ بڑھانا ؛ ہمت افزائی کرنا ؛ کسی اقدام پر ابھارنا یا اکسانا ۔ (صفت) اس سے متعلق جو کسی آتش گیر سیال کو جلا کر فعال ہو جیسے اسپرٹ لیمپ یا گیس کا چولھا ۔

spirited, a. پُر جوش ؛ زندہ دل ؛ باحوصلہ ، توانا ؛ ۔ی دار ؛ مخصوص داخلی مزاج کا مالک (عموماً بصورت مرکب ، جیسے: high-spirited) ۔

spiritedly, adv. زندہ دلی سے ۔

spiritedness, n. زندہ دلی ؛ خوش دلی ؛ جوش ۔

spirit gum, n. ایک خاص قسم کا گوند یا ایتھر میں ملی ہوئی صمغ عربی جسے مصنوعی بالوں کو انسانی جلد سے پیوستہ رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

spiritism, n. علم رُوحانی ؛ ارواحیت ؛ باطنیت کا نظریہ یا اس کے طور طریقے ؛ حاضرات ۔

spiritist, a. ارواحی ؛ روحانیت پسند ۔

spiritistic, a. روحانیت پسندی سے متعلق ۔

spirit lamp, n. اسپرٹ لیمپ ؛ وہ لیمپ جس میں عام تیل کی جگہ الکحل یا کیمیاوی عرق سیال صورت میں جلائے جاتے ہیں ۔

spiritless, a. رُوح ، جذبے ، توانائی یا جوش سے خالی ؛ افسردہ یا بے شوق ۔

spiritlessly, adv. کم ہمتی سے ۔

spiritlesness, n. افسردگی ؛ بے شوقی ۔

spirit level, n. اسپرٹ لیول ؛ ایک شیشے کی نلی جس میں الکحل بھری ہوتی ہے ، یہ نلی کسی ہموار سطح والے چوکھٹے میں رکھی ہوتی ہے ، اس کو کسی جگہ پر رکھ کر اندازہ لگایا جاتا ہے کہ وہ جگہ ہموار ہے یا کسی جانب سے اونچی نیچی ہے ؛ میزان الماء ۔

spirit of hartshorn, n. (کیمیا) امونیا کی مائع شکل ۔

spiritoso, a. (موسیقی) پُر جوش ؛ پُر مزاج ۔

spiritous, a. الکحل یا شراب کا یا اس سے متعلق ۔

spirit rapping, n. ارواح آوری ؛ روحانیات کی نمایش جس میں مُردوں اور زندوں کے درمیان ابلاغ ہوتا ہے اور مُردے تختوں یا میزوں کو بجاتے یا ان پر دستک دیتے ہیں ؛ حاضرات ۔

spirits of turpentine, n. تارپین کا تیل ۔ دیکھیے : Turpentine ۔

spirits of wine, n. رُوح شراب ؛ الکحل ۔

spiritual, a. رُوحانی ؛ غیرجسمانی ؛ روحانی بمقابلہ جسمانی ؛ اخلاق و مذہب کا مرکز ؛ رُوح کے حوالے سے اشاراتی یا سرّی خصوصیت جس کو مذہبی حیثیت حاصل ہو چکی ہو ؛ مذہبی ؛ عباداتی ؛ متبرک ؛ مقدس یا تقدیس دار ؛ کلیسیائی یا کلیسا کے مذہبی مناصب کی یا ان کے متعلق ۔ (اسم) کوئی رُوحانی یا مذہبی گیت (جیسے : Negro spirituals) ۔ (عموماً جمع) روحانی اشیا یا امور بالخصوص کلیسا کے ۔

spiritually, adv. روحانی طور سے ۔

spiritualness, n. روحانیت ۔

spiritual bouquet, n. روحانی گلدستہ ؛ کسی مخصوص موقع پر (جیسے کسی کی برسی یا کسی مقدس مقام پر جا کر)کسی زندہ یا مُردہ شخص کی خاطرکسی رُومی کیتھولک کا مقدس مذہبی رسومات ادا کرنے کا عمل ۔

spiritualism, n. روحانیت ؛ یہ عقیدہ یا نظریہ کہ مردہ لوگوں کی روحیں ان کے مرنے کے بعد بھی زندہ رہتی ہیں اور پس ماندگان کے ساتھ رابطہ رکھتی ہیں (خصوصاً کسی وسیلے یا واسطے سے) ؛ اس عقیدے کے ساتھ وابستہ رسوم و اعمال و مظاہر ؛ یہ نظریہ کہ حقیقت رُوحی ہے مادی نہیں ہے (یعنی روح قائم بالـذات ہے) ۔ (فلسفہ) رُوحیت ؛ ایک طرح کی مثالیت جس کے مطابق حقیقت کل رُوح ہے اور یہ دنیا خیالات اور تصورات کی دنیا ہے ؛ مایا ؛ روحانی وصف یا رُجحان ؛ اشیا کے روحانی رُخ پر اصرار (جیسا کہ فلسفے یا مذہب میں کیا جاتا ہے) ۔

spiritualist, n. روحانیت کا قائل ۔

spiritualistic, a. ارواحیت سے متعلق ۔

spirituality, n. رُوحانی خاصیت ؛ روحانیت ؛ روحانی ہونے کی خوبی یا حقیقت ؛ غیرمادی یا غیر جسدی کیفیت ؛ خیالات ، تعلیمات ، زندگی یا ظاہریت میں روحانی کردار کی بالادستی کا اظہار؛ روحیت ۔ (اکثر جمع) کسی کلیسا یا مذہبی ادارے یا شخص کی عہدہ دارانہ حیثیت سے ملکیت یا آمدنی ۔

spiritualize, v.t. رُوحانی بنانا خصوصاً غیر مذہبی اثرات کی تباہ کاری سے نجات دلانا ؛ روحانی مفہوم یا معنی پہنانا ؛ تطہیر کرنا ۔

spiritualization, n. روحانیت پیدا کرنے کی کیفیت ؛ مادی شے کو روحانی مفہوم پہنانے کا عمل ۔

spiritualty, n. (عموماً جمع) کلیسائی جائیداد یا آمدنی ؛ کلیسائی منصب داروں کی انجمن ؛ پادری یا راہب (بحیثیت مجموعی) ۔

spirituel, spirituelle, a. [فرانسیسی] نفیس ؛ شوخ ؛ نازک ؛ ذہن و عقل کی لطافت لیے ہوئے ؛ شُستہ اور پسندیدہ ذہنی صلاحیت میں ممتاز؛ حاضر دماغ ؛ لطیف ۔

spirituous, a. اُس شے سے متعلق جس کا جزو مخصوص الکحل ہو ؛ الکحلی مقطر مشروبات وغیرہ بمقابلہ خمیری مشروبات کے ۔

spirituousity, n. تندی و تیزی (شراب) ؛ الکحولیت ۔

spirit writing, n. حاضراتی تحریر ؛ سروشی تحریر ؛ وہ بے ارادہ تحریر جس کے بارے میں کہا گیا ہو کہ کسی غیر مرئی اور ماورائی قوت کا کرشمہ تھی ؛ غیبی تحریر ؛ الہامی تحریر ۔

spirochete, spirochaete, n. (جرثومیات) مرغولی جرثومہ ؛ دھاگے کی طرح وہ پتلا دبلا سا جرثومہ جس کی شکل و صورت کسی حلقہ دار شے یا پیچ جیسی ہوتی ہے ، ان میں سے بعض آتشک اوریاز (yaws)جیسے امراض کا باعث بنتے ہیں ۔

spirochetal, spirochetic, a. مرغولی جرثومے سے متعلق ۔

spirochetosis, n. تپ راجعہ ؛ مرغولی جراثیم سے پیدا ہونے والی کوئی بیماری ، چُھوت یا کسی قسم کے اثرات ۔

spirograph, n. تنفُس نگار ؛ حرکاتِ تنفس کو ریکارڈ کرنے والا آلہ (بلحاظ تکرار و حدود) ۔

spirographic, a. تنفس نگارانہ ۔

spirogyra, n. (نباتیات) مرغولی کائی ؛ ایک قسم کی سبز رنگ کی کائی جو تازہ پانی میں اُگتی ہے اور اس پر گول گول سبزمایہ (chloroplast) پٹیاں سی ہوتی ہیں ۔

spirometer, n. مقیاس تنفُس ؛ تنفُس پیما ؛ پھیپھڑوں کی گنجایش کا اندازہ لگانے والا آلــہ ۔

spirometric, a. تنفس پیما سے متعلق ۔

spirometry, n. تنفس پیمائی ۔

spirt, n., v.t., v.i. دیکھیے : Spurt ۔

spirula, n. پیچاں ؛ ایک صدفی مخلوق جس کا قدرے اندر کی جانب زیادہ خانوں والا گھر سا بنا ہوتا ہے جو چپٹا لیکن حلقہ دار ہوتا ہے ۔

spiry, a. مخروطی ؛ گاؤ دُم ؛ نوکیلی یا پتلی نوک والی شکل ؛ مینار کی طرح ایک نقطے پر ختم ہو جانے والا؛ الفی نوکیلا ؛ وہ جگہ جہاں کلس ہی کلس ہوں یا مینار ہی مینار ہوں ؛ اونچی اونچی چوٹیوں والا علاقہ ؛ اہرامی ؛ پیچ دار ؛ پیچاں ؛ حلقہ دار ؛ گھنگھریالی ۔

spit, v.i. تھوکنا ؛ منہ کا لعاب پھینکنا ؛ بلغم وغیرہ خارج کرنا ؛ حقارت ، نفرت وغیرہ کے اظہار کے طور پر کسی پر یا کسی کی جانب تھوکنا ؛ قطرہ قطرہ یا گالوں میں گرنا (بارش یا برف کا) ؛ سی سی کی آواز نکالنا ۔ (فعل متعدی) منہ سے لعاب وغیرہ خارج کرنا یا پھینکنا ؛ غصے یا حقارت سے کچھ کہنا (بعد میں عموماً out لگا کر) ؛ جلانا یا لگانا (جیسے:spit a fuse) ۔ (اسم) لعاب دہن (خصوصاً جو تھوکا گیا ہو) ؛ تھوک یا تھوکنے کا عمل ؛ کیڑوں مکوڑوں کے مُنہ سے نکلا ہوا اس قسم کا اخراج ؛ لعاب انداز کیڑا ؛ ہلکی برف باری یا بوندا باندی ۔

spit and image, spitting image, n. (بول چال) کامل مشابہ ؛ نقل یا مثیل ۔

spitter, n. تھوکنے والا ۔

spit, n. کباب سیخ ؛ پتلی سی نوک دار کوئی سیخ یا سلائی جس میں گوشت پُرو ، چھبو یا رکھ کر آگ پر بریاں کرتے ہیں ؛ کوئی سیخ ، سوئی وغیرہ جو نوکیلی پتلی ہو ؛ خشکی کی وہ تنگ سی نوک جو پانی کے اندر چلی گئی ہو ؛ لمبی تنگ سی کم گہرے پانی کی ،

ساحل سے سمندر میں بڑھی ہوئی پٹی ؛ خاکنائے ۔ (فعل متعدی) بھونک دینا یا چھیدنا ؛ برمانا ؛ پرولینا ؛ کسی تیز دھار شے پر لٹکا لینا ؛ برچھی چبھونا یا پار کر دینا ۔

spit and polish, n. صفائی ؛ مُستعدی ؛ انضباط پسندی اور ظاہری صورت پر بہت زیادہ بلکہ انتہائی حد تک توجہ (خصوصاً عسکری معاملات میں) ۔

spitball, n. چبائے ہوئے کاغذ کا بنایا ہوا ایک چھوٹا گولا جو شرارتاً بطور میزائل استعمال ہوتا ہے ۔ (بیس بال) ایک قسم کا انحراف جو گیند کو لعاب یا پسینہ لگا کر اسے پھینکتے ہوئے پیدا کیا جاتا تھا (اب اس کی اجازت نہیں) ۔

spit curl, n. وہ نم دار بالوں کی لٹ (زلف) جو ماتھے یا رخسار پر چپکا دی گئی ہو ۔

spite, n. بدخواہی ؛ کینہ پروری ؛ بدنیتی ؛ کسی کو ناکام ، تنگ یا نامراد بنانے کی خواہش ؛ بداندیشی پر مبنی تلخی ؛ بُدخواہی یا عداوت کا عمل یا اقدام ۔ (فعل متعدی) بدخواہی وغیرہ کا اظہار کرنا ۔

in spite of, علی الرغم ؛ باوجود ؛ تاہم ۔

spiteful, a. کینہ ور ؛ بداندیش ۔

spitefully, adv. کینہ پروری سے ۔

spitefulness, n. کینـہ پروری ؛بداندیشی ۔

spitfire, a. آتش مزاج (عموماً عورت) ۔ (بڑے S سے) جنگ عظیم دوم میں برطانوی رائل ایئرفورس کا ایک انجن والا لڑاکا طیارہ ۔

spittle, n. تھوک ؛ تُف ؛ لعاف دہن ۔ (حشریات) وہ مواد جو نوبلوغت کے ایام میں بعض لعاب انداز حشرات کے منہ سے نکلتا ہے ۔

spittlebug, n. دیکھیے : Froghopper ۔

spittle insect, n. لعابی کیڑا ؛ ان چھوٹے کودنے والے حشرات میں سے کوئی جو ایام کم عمری میں لعاب اندازی کرتے ہیں اور اس لعاب کو اپنے اردگرد پھیلا لیتے ہیں ۔ دیکھیے: Froghopper ۔

spittoon, cuspidor, n. اُگال دان ؛ پیک دان ۔

spitz, n. نوک گوش کُتا ؛ پومیرینین (pomeranian) نسل کا چھوٹا اور گٹھے جسم کا کُتا جس کا رنگ عموماً سفید ، بال لمبے لمبے گھنے ہوتے ہیں ، پیٹھ کی جانب مُڑی ہوئی دُم اور سیدھے نوکیلے کان ہوتے ہیں ۔

spiv, n. (برطانوی،عوامی) روزی کے لیے اپنی لطیفہ بازی کا سہارا لینے والا فریبی (کارحلال کی بجائے) ؛ ٹھگ ؛ بٹوریا ؛ نوسرباز ۔

splanchnic, a. (تشریح الاعضا) انتڑیوں سے متعلق یا انتڑیوں کا ؛ امعائی ۔

splash, v.t. چھینٹے اُڑانا ؛ چھپاکے مارنا ؛ پانی ، کیچڑ یا دوسرے سیال یا نیم سیال کو اڑا کر یا گرا کر کسی شے یا شخص کو لت پت یا تربتر کر دینا ؛ بکھرے ہوئے مادے یا ذروں کی صورت میں کسی پر گرنا (کسی سیال کی طرح) ؛ ایسی حالت بناناجیسے چھینٹے پڑنے سے بنی ہو ؛ ادھر اُدھر (پانی کی طرح) ذروں کی صورت میں زور سے مارنا ؛ چھپ چھپ کرتے ہوئے کہیں سے گزر جانا ۔ (فعل لازم) کسی سیال یا نیم سیال شے کو ادھر ادھر پھینکنا ؛ چھپ چھپ کرکے چلنا ؛ گرنا یا حرکت کرنا ؛ زور کے ساتھ بکھرے ذروں یا لچھوں کی صورت میں گرنا ۔ (اسم) چھپاکا ؛ چھپ چھپ کا عمل یا اس کی آواز یا وہ مقدار جو اس طرح گرائی گئی ہو ؛ اس طرح گرانے سے پڑا ہوا نشان ؛ روشنی یا رنگ کا دھبّا ۔ (بول چال) جاذب توجہ تماشا وغیرہ ۔

splasher, n. چھینٹے اڑانے یا روکنے والا؛کیچ روک ۔

splashy, a. کیچڑ آلودہ ۔

splashily, adv. چھینٹے اڑاتے ہوئے ۔

splashiness, n. کیچڑ آلودگی ۔

splashboard, n. چھینٹے وغیرہ روکنے کا تختہ ، پردہ یا آڑ وغیرہ ؛گاڑی کے کسی پہیے کے اوپر رکھا ہوا مڈگارڈ یا کیچڑ روک ؛ وہ آڑ جو پانی کو عرشۂ کشتی پر آنے سے روکنے کے لیے ہوتی ہے ؛ کسی نالی وغیرہ میں پانی کے درآنے کو روکنے یا قابو میں رکھنے والا اڈہ ۔

splashdown, n. خود کار یا انسان کے ذریعہ چلنے والے خلائی طیارے کے سمندر میں اُترنے کا عمل ۔ (فعل لازم) خلائی طیارے کا سمندر پر اتر پڑنا ۔

splash guard, n. کیچ روک ؛ موٹر سائیکل وغیرہ کی پچھلی جانب لٹکا ہوا ربڑ کا ٹکڑا جو پچھلے پہیے یا پہیوں کے ذریعے اُڑنے والے پانی یا کیچڑ کو موٹر یا موٹر سائیکل کی پچھلی جانب سے اُڑ کر لگنے سے روکتا ہے ؛ مڈگارڈ ؛ مڈفلیپ ؛ چھپاکا روک ۔

splat, n. کرسی کی پشت کا وسطی عمودی پتلا اور چپٹا لکڑی کا ٹکڑا ۔

splater, v.t., v.i. کیچڑ میں لت پت کرنا ؛ چھینٹے اڑانا ؛ چھپ چھپ کی آواز کرنا ؛ چھپاکے مارنا ۔

splay, v.t. پھیلانا ؛ وسعت دینا یا بڑھانا ؛ زاویۂ منفرجہ بناتے ہوئے کوئی شکل یا شے بنانا ؛ کشادہ کرنا ؛ آڑا بنانا ؛ ڈھال بنانا ؛ ٹیڑھے پیر یا پیروں سے کوئی چیز بنانا ؛ اصل جگہ سے ہٹا دینا (ہڈی وغیرہ کو) ۔ (فعل لازم) ترچھی یا منفرجہ سمت میں ہونا ؛ پھیلنا ۔ (اسم) (فنِ تعمیر) زاویہ منفرجہ بنانے والی سطح ، جیسے اس جگہ جہاں کسی دیوار میں کھڑکی یا دروازے کے لیے رکھی گئی جگہ ان کی اصل جگہ سے دیوار کے ماتھے کی جانب چوڑی ہو جاتی ہے ؛ پھیلاؤ یا تدریجی پہنائی ؛ کُشادگی ۔ (صفت) پھیلی ہوئی ؛ چوڑی اور چپٹی ؛ باہر کو نکلے ہوئے ؛ بے ڈھب یا بے ڈھنگ ؛ ترچھا یا ٹیڑھا ؛ کُشادہ ۔

splayfoot, n. کشادہ پاؤں ؛ چوڑا چپٹا پاؤں (جو کسی قدر باہر کو رُخ کیے ہوئے ہو) ؛ پاؤں کا نقص ۔ (صفت) کشادہ پا ؛ چپٹا پا ۔

spleen, n. تلی ؛ طحال ؛ پیٹ کی بالائی جانب کا گم غدود جو خون میں جزوی تغیر و تبـدل لاتـا ہے؛ قدیم ایام میں اسے افسـردگی ، غصے ، بدمزاجی یا سرشت کا گھر سمجھا جاتا تھا؛ کسی قسم کی بدمزاجی ، خوابیدہ بداندیشی ، بد دلی یا تنک مزاجی ۔

spleenful, a. افسردہ ، بد مزاج ۔

spleenwort, n. چترک ؛ طحال بوٹی ؛ تلی بوٹی کی جنس سے تعلق رکھنے والی کوئی فرن یا سرخس ؛ اسے سجاوٹ کے لیے اُگایا جاتا ہے ۔ اس کی رگوں کے ساتھ ساتھ دھاریوں والے تخمک لگے ہوتے ہیں ۔

spleeny, a. تنک مزاج یا چڑچڑا ؛ مراقی ۔

splendent, a. درخشاں ؛ تاباں یا نورافشاں ، جیسے سُورج ؛ چمکیلا ؛ چمک دار یا دمک لیے ہوئے ، جیسے کوئی دھات ؛ شکل یا رنگ میں تاب ناک ، زرق برق ؛ شان دار ؛ ٹھاٹھ دار ؛ ممتاز ؛ نمایاں ۔

splendid, a. شان دار ؛ ٹھاٹھ دار ؛ پُر تکلف یا شاہانہ ؛ دل کش اور دل فریب (حسن و جمال میں) ؛ روشن نام والا ؛ بہت ہی عمدہ یا نفیس (جیسے: a splendid idea) ؛ بہت ہی اچھا یا اعلیٰ (جیسے: a splendid chance) ؛ روشن ؛ تاباں یا درخشندہ ۔

splendidly, adv. شان سے ۔

splendidness, n. شان داری ۔

splendiferous, a. (بول چال) شان دار ؛ ٹھاٹھ والا ؛ عمدہ ۔

splendiferously, adv. بڑی شان سے ۔

splendiferousness, n. بڑی شان داری ؛ٹھاٹھ ۔

splendor, Brit. splendour, n. تاب ناکی ؛ درخشانی ؛ ٹھاٹھ ؛ شکوہ ؛ شوکت ؛ جلال ؛ سربرآوردگی ۔

splendorous, splendrous, a. شان و شوکت والا ۔

splenctomy, n. آپریشن کے ذریعے تلی کو نکال دینے کا عمل ؛ طحال شگافی ؛ طحال برآری ۔

splenetic, a. طحالی ؛ تلیک ؛ بدمزاج ؛ چڑچڑا ؛ تنک طبع ؛ غصیل (شخص) ۔ (ادب) مراقی ۔

splenetical, n. طحالی مریض ۔

splenetically, adv. بدمزاجی سے ؛ چڑچڑے پن سے ۔

splenic, a. تلی سے متعلق ؛ تلی میں یا اس کے قریب واقع ؛ طحالی ۔

splenitis, n. (امراضیات) تلی کی سوزش یا سُوجن ؛ ورم طحال ۔

splenius, n. (تشریح الاعضا) عصاب ؛ بدن کی پچھلی جانب اوپر کی طرف گردن کے قریب ایک چپٹا چوڑا پٹھا جو گردن کی جانب اوپر جاتا ہوا دو حصوں میں بٹ جاتا ہے اور سر اور گردن کو گھمانے کا بلکہ اسے پیچھے کو جھکانے کا بھی کام دیتا ہے ۔

splenomegaly, n. تلی کے بڑھ جانے کا روگ ؛ عظم الطحال ؛ کبر الطحال ؛ طحال روگ ۔

splice, v.t. دورسیوں وغیرہ کے سروں کو ایک دوسرے میں بٹ کر ایک کر دینا ؛ بل دے کر ، بٹ کر یا ٹانکا لگا کر دو تاروں کو جوڑنا ؛ لکڑی یا پٹڑی کے ایک ٹکڑے کو دوسرے پر چڑھا کر ایک کر دینا ؛ فلم یا ٹیپ کو ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا یا ملانا ؛ فلم میں آواز کی نئی پٹی داخل کرنا ؛ پیوندکاری کرنا ؛ جوڑنا ۔ (عوامی) شادی کرنا ۔ (اسم) جوڑ میل کا عمل یا اس کا نتیجہ (جیسے : the splice in a rope) ۔ (عوامی) مناکحت ؛ بیاہ ۔

splicer, n. جوڑ میل سے ایک کر دینے کا عمل ۔

spline, n. (مشین) چپٹی مستطیل سی دھات کی پٹی جو دو حصوں میں موجود جھری یا درز میں لگا دی جاتی ہے ، جیسے دُھرے اور نابھ میں ۔ (میکانی ڈرائینگ) لچکدار لمبی سی شے جسے گولائیوں کا خاکہ کھینچنے میں برتتے ہیں ۔ (فنِ تعمیر) کوئی لمبی ، کم چوڑی ، پتلی لکڑی یا دھات وغیرہ کی پٹری/پچر جو درز بندی کرتی ہو ؛ پنّی ؛ دانتہ ؛ کلید چرخ ۔ (فعل لازم) پنّی سے جڑ دینا یا کسی جھری یا نالی کو پتلی لکڑی سے بند کر دینا ۔

splint, n. (جرّاحی) ٹوٹی ہوئی یا ہٹی ہوئی ہڈی کو اپنی جگہ پر بے حرکت رکھنے کے لیے اس پر باندھی گئی چپٹی کھپچی یا کوئی اور سخت شے ؛ لکڑی کی ان پتلی (لچک دار) کھپچیوں میں سے کوئی ایک جس سے کرسی کی نشست ، ٹوکری یا اسی قسم کی دوسری چیزیں بُنی جاتی ہیں ۔ (بیطاری طب) گھوڑے وغیرہ کی گھٹنے سے نیچے کی چھوٹی ہڈی کی بڑھوتری ۔ (فعل متعدی) ایک یا زیادہ کھپچیاں لگا کر کسی شے کو ایک حالت یا جگہ پر رکھنا یا سہارا دینا ۔

splint bone, n. شظیہ ؛ گھٹنے سے نیچے کی دو چھوٹی ہڈیوں میں سے کوئی جو گھوڑے کے گھٹنے سے ٹخنے کے بالوں تک اندر کی جانب اور پنڈلی کے سامنے والی ہڈی کی پچھلی جانب ہوتی ہے ۔

splinter, n. کھپچی ؛ کُھردری سی لکڑی ؛ ہڈی وغیرہ کی عموماً لمبی، پتلی اور تیز نوک والی ٹکڑی جو کسی زیادہ بڑی شے سے توڑی یا ٹوٹی ہو ؛ چھپٹی ؛ ریزہ ؛ چوب پارہ ۔ (فعل متعدی) پارہ پارہ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ کھپچیاں بنانا ۔ (فعل لازم) پارہ پارہ ہونا ؛ کھپچیاں ہونا ۔ (صفت) معتزلہ ؛ کسی بڑی یا خاص جماعت سے کٹ کر الگ ہونے والا (جیسے: a splinter group) ۔

splintery, a. چھپٹیوں جیسا ۔

split, v.t. علیحدہ کرنا یا ایک سرے سے دوسرے سرے تک پھاڑنا یا پرتوں میں چیرنا (عموماً بزور یا کاٹ کر)؛ لمبائی میں پھاڑنا یا چیرنا (جیسے: to split a piece from a block) ؛ توڑ کر یا پھاڑ کر الگ کرنا ؛ واضح حصّوں میں الگ الگ کرنا ؛ پھوٹ سے جماعتوں ، گروہوں یا لوگوں کو الگ الگ کر دینا ؛ دو یا دو سے زیادہ لوگوں میں بانٹنا (جیسے: to split a bottle of wine with a friend) ؛ ایک دوسرے سے جدا یا فاصلے پر کر دینا ، بیچ میں کسی کو لا کر (جیسے: to split an infinitive) ۔ (بازار حصص) حصص کے ضمنی حصوں کو اضافی قیمت کے بغیر اپنے حصہ داروں میں بانٹ دینا ۔ (فعل لازم) ٹوٹنا یا الگ ہونا (لمبائی کے رُخ) ؛ اس طرح الگ ہو جانا (جز کا اپنے کل سے) ؛ ٹوٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا (جہاز وغیرہ کا کسی چٹان سے ٹکرا کر یا طوفان کی شدت سے) ؛ کسی طرح الگ ہونا، بٹ جانا یا جدا ہو جانا؛ اختلاف کی وجہ سے الگ الگ ہو جانا ؛ کسی شے کو ایک شخص یا اشخاص کے درمیان برابر برابر حصوں میں بانٹنا یا بٹ جانا ۔

split hairs, مُوشگافی سے کام لینا (دلائل وغیرہ میں) ؛ بال کی کھال اتارنا ۔

split the difference, تفاوُت کو طرفین میں برابر برابر بانٹ دینا تاکہ سمجھوتا طے پا جائے ۔

splittable, a. قابل تقسیم ۔

splitter, n. چیرنے یا پھاڑنے والا ۔

split, n. ٹوٹ پھوٹ یا اس کا عمل ؛ شگاف ، درز یا جھری جو ایک دوسرے سے الگ ہونے کے عمل سے پیدا ہو گئی ہو ؛ بید کی کترن یا تار جو ٹوکری یا کُرسی وغیرہ بُننے کے لیے کاٹی گئی ہو ؛ کسی جماعت میں پھوٹ یا اختلاف یا لوگوں میں مناقشت ؛ باہمی مناقشت یا پھوٹ کے باعث الگ ہو جانے والا گروہ ؛ اعتزالی ؛ چمڑے کی کوئی سی

دبازت جس کے مطابق کھال کو کاٹا یا چیرا جاتا ہے ۔ (بول چال) مقدارِ معمولہ سے آدھا مشروب ؛ معمول کے سائز سے آدھی شراب کی بوتل ؛ ادّھا ؛ ایک قسم کی مٹھائی جو کیلے کو کاٹ کر آئس کریم ، شربت ، پھینٹی ہوئی کریم اور مغزیات سے بنائی جاتی ہے ۔ (اکثر جمع) ٹانگیں پھیلانے کی حالت ، جو قلاباز کے فرش سے جا لگنے پر ، جسم سے زاویہ قائمہ بناتی ہیں ۔ (باؤلنگ) ایک گیند پھینکنے کے بعد کھڑی کھونٹیوں (پنوں) کی حالت جو دوسرے گیند سے ساری کھونٹیوں کو اڑا دینا دشوار بنا دے ۔ (صفت) چرا ہوا ؛ لمبائی میں کاٹا ہوا ؛ شگاف شدہ ؛ منقسم (جیسے: a split vote) ۔ (بازارِ حصص) اُن اسٹاک کوٹیشن کے حوالے سے جو سولھویں کسر میں دی گئی ہو نہ کہ آٹھویں کسر میں (جیسے: the stock quotation 20 1/16 is a split quotation) ۔

split decision, n. باکسنگ میں وہ فیصلہ جس پر ججوں اور ریفری کے درمیان اتفاق نہ ہو ؛ اختلافی فیصلہ ۔

split infinitive, n. (گرامر) متبادرہ مصدر ؛ وہ مصدر جس میں to اور فعل کے درمیان کوئی اورلفظ آ کر اس کے مفہوم میں کوئی تبدیلی پیدا کر دے (جیسے: to readily understand) ، قواعد کے لحاظ سے یہ غلط نہیں ہے لیکن محتاط لکھنے والے اس سے احتراز برتتے ہیں ۔

split-level, a. (فنِ تعمیر) نیم چھتی سطح ؛ کسی مکان کی وہ ترتیب /پھیلاؤ جس میں متصلہ سطحوں کا فاصلہ آدھی منزل کے قریب ہو۔

split pea, n. مٹر دال ؛ سُوکھا ہوا پُھول مٹر جسے دوپارہ کرکے اس کا شوربہ بناتے ہیں ۔

split rail, n. کھپچی باڑ ؛ کسی شہتیر کو لمبائی میں کاٹ کر تختوں سے بنائی گئی باڑ ۔

split second, n. جزو دقیقہ ؛ سیکنڈ کا ایک حصہ ؛ مختصر سا وقت ۔

split-second, a. پابند وقت ؛ وقت سے آگے نہ پیچھے (جیسے: split second timing) ۔

split shift, n. منقسم شفٹ ؛ اوقاتِ کار کا وہ حصہ جو کتنے ہی حصوں میں بٹا ہوتا ہے اور ان میں ایسے اوقات یا وقفے ہوتے ہیں جب کارکن کام نہیں کر رہے ہوتے۔

split ticket, n. مقسومہ رائے ؛ وہ انتخابی رائے دہی جس میں کسی ایک سیاسی پارٹی کے امیدواروں ہی کو کُل ووٹ نہ پڑے ہوں بلکہ بٹ گئے ہوں ۔

splotch, n. کوئی سا داغ یا دھبّا (بڑا اور بے ترتیبی شکل کا) ؛ کلونس ؛ نشان ؛ آلود ؛ رنگ وغیرہ کا چھینٹا ۔ (فعل متعدی) داغ لگانا ؛ دھبّا لگانا ۔

splotcly, a. داغ دار، دھبّے والا ۔

splurge, n. (بول چال) دکھاوا ؛ نمود ؛ نمایش ؛ اسراف ۔ (فعل متعدی و لازم) دکھاوا کرنا ؛ نمود سے کام لینا ۔

splutter, n. تتلاہٹ ؛ مبہم سی آواز ؛ شور ؛ ہنگامہ ۔ (فعل لازم) خوف یا ہراس سے تیز تیز گھبرا کر بولنا ؛ پُھل جھڑی کی طرح چھوٹنا ؛تلتے ہوئے چربی کا تڑ تڑ کرنا/کڑکڑانا ۔ (فعل متعدی) تتلانا ؛ تتلا کر بات کرنا ؛ تیز تیز اور گھبرائے ہوئے بولنا ۔

splutterer, n. توتلا ۔

spodumene, n. ایک معدن ؛ ایلومینیم اور لیتھیم کا حل ناپذیر سلیکیٹ ، یہ کئی رنگوں کے منشوری قلموں کی صورت میں پایا جاتا ہے ، یہ برتن ، شیشہ بنانے میں اور بطور جواہر استعمال ہوتا ہے ۔

spoil, v.t. بگاڑنا ؛ عمدگی ، وقعت یا افادیت کو نقصان پہنچانا یا خراب کرنا (جیسے: to spoil a cake in making) ؛ غیر دانشمندانہ سلوک سے ، خصوصاً حد سے زیادہ لاڈ سے مزاج و کردار کو خراب کر دینا ۔ (فعل لازم) لوٹنا ؛ تاراج کرنا ؛ چھین لینا ؛ خراب ہو جانا یا استعمال کے قابل نہ رہنا (خوراک وغیرہ یا جلد خراب ہو جانے والی چیزوں کا) ۔ (اسم) (اکثر جمع) لوٹ ؛ لُٹس ؛ مالِ غنیمت (جنگ یا لُوٹ میں) ؛ سرکاری عہدے مع ان مالی سہولتوں کے جو جیتنے والی سیاسی پارٹی کو حاصل ہو جاتی ہیں (جیسے: the spoils of office) ؛ بننے میں خراب شے ؛ بیکار یا بچا کھچا (کان کنی یا کُھدائی میں) ۔

spoiling for, (بول چال) بے تابانہ کسی کی خواہش کرنا یا التجا کرنا ۔

spoilage, n. خرابی ؛ خراب شدہ چیز ؛ انحطاط ؛ خرابی سے پیدا ہونے والا نقصان ؛ بگاڑ ۔

spoiler, n. بگاڑنے والا ؛ وہ شخص یا شے جو خراب کر دے ؛ لُوٹ مار کرنے والا یا غارت گر ۔ (طیرانیات) طیارے کے بازو کی بڑھوتری جس سے طیارے کے اردگرد ہوا کے دباؤ کو کم کیا جاتا ہے تاکہ اس کی رفتار کو اترتے یا چڑھتے وقت حد میں رکھا جا سکے ۔

spoilsman, n. غنیمت خواہ ؛ سیاسی تمتّع میں سے اپنا حصہ لینے یا طلب کرنے والا ؛ سیاست میں اس غنیمت خواہی نظام کا حامی ۔

spoilsport, n. اپنے کیڑے نکالنے والے رویے اور غیر مجلسی اطوار سے دوسروں کے رنگ میں بھنگ ڈالنے والا شخص ۔

spoils system, n. سیاسی عہدے داروں یا صاحب اقتدار لوگوں کی جگہ آنے والی انتظامیہ کے حامیوں کو صلۂ خدمت کے طور پر لگانے کا رواج ۔

spoke, n. ارّا ؛ پہیے کے مرکز سے نکل کر اس کے چکر میں جا ملنے والی سلاخ یا تاروں میں سے کوئی ایک جو اسے سہارا دیے ہوتی ہیں ؛ چلانے والے پہیے سے باہر کو نکلے ہوئے دستوں میں سے کوئی ایک ؛ سیڑھی کا ڈنڈا ۔ (فعل متعدی) ارّے جڑنا یا لگانا ۔

spoken, a. زبانی (تحریری کے مقابلے میں) ؛ بولنے وغیرہ کے مترادف ، عموماً مرکب صورت میں استعمال ہوتا ہے (جیسے : civil-spoken) ۔

spokeshave, n. ارّا رندہ ؛ ایک آلہ جو کاٹنے یا چھیلنے کے کام آتا ہے ، اس میں ایک تیز دھار پھل (بلیڈ) لگا ہوتا ہے جو دو دستوں کے بیچ میں ہوتا ہے ، پہلے اس سے ارّوں کو گول بنانے کا کام لیا جاتا تھا لیکن اب عام رندے کا کام لیا جاتا ہے ، خصوصاً خم دار جگہوں کو برابر کرنے کا ۔

spokesman, n. نمائندہ ؛ دوسروں کی جانب سے بات کرنے والا ؛ ترجمان ؛ دوسروں کی نمائندگی کرنے والا ۔

spokeswoman, n. نمائندہ خاتون ؛ نیابت کرنے والی خاتون ۔

spoliate, v.t., v.i. لوٹ مار کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ چھین لینا ۔

spoliation, n. لوٹ مار ؛ تاخت و تاراج ؛ چھین جھپٹ ؛ غیر جانبدار جہازوں کی ایام جنگ میں باجواز غارت گری یا ان پر

قبضہ ؛ استحصال ؛ لوٹ کھسوٹ ۔ (قانون) کسی وصیت یا ہنڈی کی تلفی یا اس میں ہیراپھیری ؛ تحریف ۔

spondee, n. (عروض) ایک وزنِ شعر جس میں دو لمبے ارکان یا دوُ دو موکدہ ارکان ہوتے ہیں ۔

spondoic, a. مندرجہ بالا وزن کی(نظم)۔

spondylitis, n. (امراضیات) ریڑھ کی ہڈی کی ایک بیماری یا فقری مہروں کی بیماری جس سے ورم، سختی اور بدہیئتی پیدا ہو جاتی ہے ؛ ورم فقرہ ۔

sponge, n. اسفنج ؛ آبی جانوروں کی وہ قسم جس کا ڈھانچا کلسی اور سوراخ دار ہوتا ہے ، یہ باہم متصل رہتے ہیں ؛ ان جانوروں کا ڈھانچا جو سینگ جیسے اور لچکدار ریشوں کا بنا ہوتا ہے اور دبانے سے دب جاتا ہے ، فوراً سیال چیزوں کو جذب کر لیتا ہے اور دبانے پر اُن کو تیزی کے ساتھ خارج کر دیتا ہے ، اسے نہانے اور عام صفائی میں استعمال کیا جاتا ہے ؛ جراحی میں زیر استعمال جراثیم سے پاک مرہم پٹی ؛ چلانے کے بعد توپ کو صاف کرنے والی ایک قسم کی کُوچی ؛ ابرمردہ ؛ اسفنجی غسل ؛ برائے نام غسل ۔ (بول چال) دانستہ دوسروں کا سہارا لینے والا ؛ طفیلی یا کاسہ لیس ؛ خوشامد کی روٹیاں توڑنے والا ۔ (طباخی) مخصوص شکل دینے سے پہلے کی حالت میں خمیر اٹھا آٹا جس میں خمیر مایہ سے بنے ہوئے کاربانک ایسڈ کے بلبلے سے ہوتے ہیں ۔ (فلزیات) بھٹی میں سے پگھلی ہوئی حالت میں نکالا ہوا ڈھیلا ڈھالا نرم لوہا ۔ (فعل متعدی) اسفنج سے دھونا یا صاف کرنا ؛ مٹانا ؛ تمام آثار مٹا دینا ۔ (بول چال) در پردہ طریقے سے حاصل کرنا ؛ خوشامد یا کاسہ لیسی سے حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) اسفنج کی طرح جذب کر لینا ؛ اسفنج حاصل کرنے کے لیے غوطہ لگانا یا اسفنج اکٹھا کرنا ۔ (بول چال) طفیلی بن کر دن گزارنا ۔

throw in the sponge, (بول چال) ہار مان جانا ؛ کہا مان جانا ؛ کوشش ترک کر دینا یا ہاتھ میں لیا کام چھوڑ دینا ۔

sponger, n. اسفنج اکٹھا کرنے والا شخص یا کشتی ۔ (بول چال) دوسروں کے مال پر بسراوقات کرنے والا ۔

sponge cake, n. ہلکے میٹھے کا ایک کیک جس کو بہت سے انڈے ملا کر تیار کیا جاتا ہے لیکن اس میں ایسی چکنائی نہیں ڈالی جاتی جو حجم کو کم کرے ۔

sponge cloth, n. اسفنج کپڑا ؛ ایک مسام دار سوتی کپڑا جسے خانہ دار نمونے میں بُنا اور گرمیوں میں پہنا جاتا ہے ۔

sponge rubber, n. اسفنجی ربڑ ؛ اسفنج کی طرز کا لچکیلا مسام دار ربڑ جسے گدّیوں اور گدوں کے لیے استعمال کیا جاتا ہے، اسے فوم ربڑ بھی کہتے ہیں ۔

spongin, a. اسفنجین ؛ ایک قسم کا سخت سا لحمیہ جو اسفنج کے ڈھانچے کے لچکیلے ریشے کا جزو اعظم ہوتا ہے ۔

spongy, a. اسفنج گوں ؛ نرم اور مسام دار ؛ کھلی ڈھیلی ڈھالی اور بآسانی دب جانے والی بنت والا ؛ مسامدار ۔

sponginess, n. اسفنجیت ۔

sponson, n. اڑن کشتی کے ڈھانچے کے دونوں جانب کی لریں جو خطِ آب کے قریب ہوتی ہیں اور جہاز کو پانی میں استوار رکھتی ہیں ؛ اس قسم کے سمندری جہاز کے پہلوؤں پر باہر نکلے ہوئے حصے ؛ ڈونگے کے پہلو کے بالائی جانب کے کناروں پر ہوا دان ؛ کسی ٹینک ، جنگی جہاز یا بحری جہاز کے پہلو میں ، توپ کے لیے پارچہ یا پلیٹ فارم ۔

sponsor, n. ضامن ؛ کفیل ؛ سرپرست ؛ وہ جو کسی کی جگہ جواب دہ یا اس کی خطا کے لیے اپنے آپ کو ذمہ دار ٹھہرائے ؛ ریڈیو ، ٹی وی پر اپنے اشتہار کے بدلے ان کے پروگراموں میں مالی معاونت کرنے والی فرم ؛ بپتسمہ کے وقت کسی بچے کا سرپرست ؛ دینی باپ یا دینی ماں ۔ (فعل متعدی) ضامن بننا یا ضمانت دینا ۔

sponsorial, a. ضامن سے متعلق ۔

sponsorship, n. ضامنی ، ضمانت ؛کفالت ۔

spontaneity, n. برجستگی کی حالت ، کیفیت یا نوعیت ؛بے ساختگی ؛ خودبخود آمد یا وقوع ؛ خود روی ؛ خود خیزی ۔

spontaneous, a. برجستہ ؛ خودرو ؛ خود خیز ؛ ازخود ؛ بلا سوچے سمجھے یا جبر و اکراہ یا بیرونی کوشش کے بغیر اپنے رجحانات یا جذبات سے خودبخود پیدا ہونے والا ؛ فطری خوبیوں سے پیدا ہونے والا ؛ خود زا ؛ طبعی قوتوں کا تخلیق کردہ ؛ اپنے آپ ، بے ساختہ ؛ بلا آورد ۔ (نباتیات) خود رو ؛ انسانی کوشش کے بغیر از خود اگنے والا ، جیسے گھاس وغیرہ ۔

spontaneously, adv. اپنے آپ ؛ از خود ؛ خودبخود ۔

spontaneousness, n. برجستگی ؛ خود روی ؛ بے ساختگی۔

spontaneous combustion, n. از خود احتراق ؛ خارجی ذریعے سے استعمال حرارت کے بغیر کسی مادے یا جسم کا اپنے ہی اجزا کی تیز تکسید سے پیدا ہونے والا عمل احتراق ۔

spontaneous generation, n. (حیاتیات) از خود تولید ؛ ایک متروک نظریہ کہ انحطاط پذیر مادے سے نئے نامیے پیدا ہوتے رہتے ہیں ؛ حیات از ممات ؛ لاحیاتی تولید ؛ خود بخود تخلیق ۔

spontoon, half-pike, n. نیم بھالا ؛ ایک چھوٹا نیزا جو سترھویں اور اٹھار ویں صدی میں پیادہ فوج کے افسروں کے ہاتھ میں ہوتا تھا ۔

spoof, n. (بول چال) شرارت آمیز جھانسا ؛ پُرمذاق جُل ؛ خوش طبعی کی چھیڑ ؛ فریب ۔ (فعل لازم و متعدی) (بول چال) جھانسا دینا ؛ جل دینا ؛ چھیڑ کرنا ۔

spook, n. (بول چال) بھوت یا پریت ؛ ہم زاد ۔ (فعل متعدی) (بول چال) آسیب کی طرح سوار ہونا ؛ چونکا دینا ؛ ڈرا دینا یا بھگدڑ مچا دینا خصوصاً حیوانوں میں ۔

spookish, a. آسیب زدہ ؛ بھوت پریت سے متعلق ۔

spooky, a. (بول چال) بھوت کی طرح ؛ آسیب گوں ؛ بھوت سے متعلق ؛ پرآسیب ؛ آسیب زدہ ؛ بھیانک ؛ پُراسرار ؛ بے چین یا بھگدڑ میں ، جیسے جانور خصوصاً گھوڑے ۔

spookily, adv. بھاگتے ہوئے ۔

spookiness, n. آسیب زدگی ؛ پُراسراریت ۔

spool, n. پھرکی ؛ چرخی ؛ رِیل جس پر تار ، سوت ، دھاگا ، رسی ، ٹیپ وغیرہ چڑھا ہوتا ہے ؛ کوئی مخروطی سی شے جس پر کوئی چیز اس طرح چڑھی یا چڑھائی ہوئی ہو جس طرح پھرکی پر دھاگا چڑھا ہوتا ہے ؛ چڑھائی ہوئی چیز کی مقدار ۔ (فعل متعدی) پھرکی وغیرہ پر چڑھانا ۔

spoon, n. چمچہ ؛ چمچی ؛ کف گیر ؛ ڈوئی ؛ چمچہ یا اس سے ملتی جلتی کوئی اور شے جو کھانے ، ناپنے ، نکالنے ، گھونٹنے

کے کام آتی ہو ۔ (ماہی گیری) ایک چمکیلی چمچی کی سی شکل والی جھانس جسے مچھلیاں پکڑنے میں استعمال کرتے ہیں ، اسے spoon bait کہتے ہیں ۔ (گالف) ایک ڈنڈا جس کا سرا لکڑی کا ہوتا ہے اور جو پیتل نوک والے ڈنڈے کے مقابلے میں زیادہ اٹھا ہوا ہوتا ہے ۔ نیز: number three wood ۔ (توپ خانہ) تارپیڈو ٹیوب کے اوپر کی خم دار اٹھان جس کی مدد سے میزائل کو افقی راستے پر بھیجا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی) چمچی میں ڈالنا یا اس سے اٹھانا ؛ چمچی کی طرح بیچ میں سے خالی شکل دینا ۔ (کھیل) گالف یا ''کروکے'' میں گیند اوپر اُٹھا کر پھینکنا یا دھکیلنا ؛ کرکٹ وغیرہ میں گیند کو ضرب لگا کر ہوا میں اچھالنا ۔ (بول چال) کھلم کھلا جذباتی انداز سے کسی سے محبت کرنا ۔ (فعل لازم) (بول چال) کھلم کھلا جذباتی انداز سے اظہار محبت کرنا یا پینگیں بڑھانا ۔ (کھیل) گیند کو ہوا میں اچھالنا ۔ (ماہی گیری) چمچے کی سی بنسی سے مچھلی پکڑنا ۔

spoonbill, n. لمبی لمبی ٹانگوں والے جل چل پرندوں میں سے کوئی جس کی چونچ چمچے جیسی ہوتی ہے ، خصوصاً چنیا بطخ وغیرہ ؛ پرک ماہی ۔

spoon-billed, a. چمچ نما چونچ والا ۔

spoonbill cat, n. دیکھیے : Paddle fish ۔

spoon bread, n. دلیہ ؛ مکئی کے آٹے ، انڈے اور دودھ ڈال کر بنایا گیا کھانا ،کبھی کبھی اس میں چاول اور مکئی کا دلیہ بھی ملا لیا جاتا ہے اور اسے چمچے کے ساتھ پیش کیا جاتا ہے ۔

spoondrift, n. دیکھیے : Spin drift ۔

spoonerism, n. لغزش زبان ؛ ایک انداز اظہار جس میں بولے جانے والے لفظوں میں سے دوسرے کی ابتدائی بجائی آواز کو پہلے سے جوڑ دینا اور پہلے کی آواز کو دوسرے سے (لیکن دانستہ نہیں) ، جیسے cats and dogs کی جگہ dats and cogs کہہ جانا ؛ زبان کا غوطہ ۔

spooneristic, a. زبان کی لغزش کرنے والا ۔

spoon-fed, a. جسے چمچی سے کھلایا گیا ہو ۔ (مجازاً) بہت لاڈ پیار سے پالا گیا ؛ ناز نخروں میں رکھا گیا ؛ جس میں خود اعتمادی یا خود انحصاری نہ پیدا ہونے دی گئی ہو ۔

spoon-feed, v.t. چمچی سے کھلانا ۔ (مجازاً) حقائق یا معلومات مہیا کرنا اور یوں آزادانہ تحقیق و تجسس کے دروازے کسی پر بند کر دینا ۔

spoonful, n. چمچہ بھر ۔

spoony, spooney, a. (بول چال) احمقانہ حد تک یا نازیبا حد تک اظہار عشق کرنے والا ۔ (برطانوی) بُدھو ؛ مورکھ ؛ سادہ لوح ؛ احمق ۔ (اسم) (بول چال) احمقانہ یا نازیبا حد فریفتہ شخص ۔ (برطانوی) مورکھ انسان ؛ سادہ لوح آدمی ۔

spoor, n. سراغ ؛ کُھرا ؛ کھوج ؛ کسی جانور خصوصاً جنگلی جانور کا سراغ یا کھوج (جب شکاری اس کا پیچھا کر رہے ہوں) ۔ (فعل لازم و متعدی) بُو پانا ؛ سراغ پر جانا ؛ کھوج کا تعاقب کرنا ۔

sporadic,sporadical, a. خال خال ؛ اکا دکا ؛ بلا تسلسل وقفوں کے ساتھ وقوع پذیر ہونے والا ؛ وقفے وقفے سے ہونے والا ؛ گاہ بگاہ؛ کبھی کبھار ہونے یا ہو جانے والا ، جیسے کوئی مرض ۔

sporadically, adv. کبھی کبھی ، اتفاقاً ۔

sporangium, spore case, n. (نباتیات) تخمک دان ؛ وہ خول یا غلاف جس میں کائی،فرن وغیرہ کے جنسی تخمک پیدا ہوتے ہیں ۔

sporangial, a. تخمک دان سے متعلق ۔

spore, n. (نباتیات) تخمک ؛ بذرہ ؛ الجی؛ فرن،کائی وغیرہ کا تناسلی خلیہ (اصل بیج کے مقابلے میں) ۔ (جرثومیات) وہ دبیز دیوار والا بکٹیریا جو ابھی محو کار نہ ہو اور خوابیدہ حالت میں ہو ۔ (فعل لازم) بذروں کی ، پودوں میں نمو ہونا ۔

sporal, sporoid, a. بذرہ یا تخمک سے متعلق ۔

spore case, n. اسپوریہ ؛ بذرہ دانی ؛ تخمک خانہ ؛ بذرہ دان ۔

spore fruit, n. (نباتیات) وہ مخصوص سانچا جس میں بذرے پیدا ہوتے ہیں اور بڑھ کر لفہ ثمر بن جاتے ہیں ؛ لفہ ثمر ۔

sporicidal, a. بذروں کو ہلاک کرنے کے حوالے سے ؛ بذرہ کُش ۔

sporicide, n. بذرہ مار دوا یا شے ۔

sporiferous, a. بذرک دار ؛اسپوری ؛ بذروں والا ؛ تخمک دار ۔

sporocarp, n. (نباتیات) سرخ کائی اور بعض کھمبیوں میں تخمک پیدا کرنے والا حصۂ جسم ؛ بذری ثمر ۔

sporocyst, n. (حیوانیات) بعض کیچوؤں میں ایک تناسلی سی بناوٹ ؛ بعض تخمکوں میں پیدا ہو جانے والی ایک تھیلی ۔ (نباتیات) بعض کائیوں میں وہ خوابیدہ خلیہ جو کئی تناسلی بذرے پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ بذری مادہ خلیہ ۔

sporogenesis, n. (حیاتیات) بذرہ زائی ؛ بذروں کے ذریعے تناسل یا نسل افزائی ؛ تخمک زائی ۔

sporogenic, sporogenous, a. بذرہ زا ؛ تخمک زا ؛ بذرے پیدا کرنے والا ؛ بذروں کے ذریعے نسل افزائی کرنے والا ۔

sporogony, n. (حیاتیات) بذرہ زائی ؛ بذروں کے ذریعے نسل افزائی جیسے بعض بذری حوینات میں ہوتا ہے جہاں ایک بالغ کیسہ بند جفت بذرے کے کثیر انقسام سے بذرک کی تشکیل ہوتی ہے ۔

sporophore, n. (نباتیات) بذرہ بردار ؛ وہ تنا یا ڈنڈی جس پر بذرے لگے ہوئے ہوں ؛ بعض فطرات میں ان کے کیسہ دانوں کا وہ حصہ جو بذرے پیدا کرتا ہے ۔

sporophoric, sporophorous, a. بذرہ برداری ۔

sporophyll, sporophyl, n. (نباتیات) تخمک دان ؛ ایک پتا (اکثر ترمیم شدہ) جس پر تخمک دان لگے ہوتے ہیں ؛ تخمک دان برگ ۔

sporophyte, n. (نباتیات)اسپوروفائیٹ ؛ تخم پودا ؛ پودے کی زندگی کی تاریخ میں غیر جنسی تخمک پیدا کرنے والی نسل ، متبادل زواجی نسل کے برعکس ، اس کے دوران افزایش ان دونوں طریقوں کے تبادل کے ذریعے ہوتی ہے ۔

sporozoan, n., a. بذرہ حوین ؛اسپوروزوا ؛ ایک طفیلی صنف جن کے تناسلی دور کا ایک حصہ ، بذرے ہوتے ہیں ۔

sporozoal, a. بذری حوینات سے متعلق ۔

sporozoite, n. (حیوانیات) ان ننھے ننھے فعال جسمیوں میں سے کوئی ایک جن میں بعض بذری حوینات منقسم ہوتے ہیں ، جن میں سے ہر ایک نمو پا کر بالغ فرد بن جاتا ہے ۔

sporran, n. ایک بڑا سا مردانہ تھیلا جو عموماً سمور کا

بنا ہوتا ہے اور گھگرے کی پیٹی کے ساتھ سامنے کی جانب لٹکا ہوتا ہے اور اسکاٹ لینڈ کے پہاڑی افراد سے مخصوص ہے ۔

sport, n. بہلاوا یا تفریح ؛ کوئی خوشگوار وقت گزاری ؛ کھلی جگہ کا کوئی مشغلہ جس میں کھیل کود کا انداز پایا جاتا ہو جیسے شکار ، ماہی گیری ، دوڑ ، بیس بال ،باکسنگ یا مکہ بازی ؛ خوش طبعی کی ہنسی ، ٹھٹھول یا نوک جھونک یا گپ شپ (جیسے : to say a thing in sport) ؛ تمسخر یا تضحیک ؛ کوئی شے جس کے ساتھ شغل بازی کی جائے یا شغلاً کھیلا جائے ؛ خوش طبعی یا تضحیک ؛ نکو ؛ ہدف مذاق ؛ کھیلوں میں دلچسپی رکھنے والا ؛ کھلاڑی ۔ (بول چال) کھلاڑیوں کی سی یا قابل ستایش خوبیوں کا مالک یا جسے اس حوالے سے یاد رکھا جائے (جیسے : a good sport) ؛ فراخ دل آدمی ؛ قمار پسند یا شرط باز ؛ نمایشی یا گنوار حد تک دکھاوا کرنے والا ؛ نمود یا دکھاوے کے لیے کپڑے پہننے والا ؛ اپنی خوش پوشی کو جتانے والا ؛ بہلاووں پر بڑی رقم خرچ کردینے والا ۔ (حیاتیات) اپنی نسل سے ہٹ کر یا غیر معمولی انداز میں انفرادیت ظاہر کرنے والا پودا یا حیوان ۔ (صفت) کھیل یا کھیلوں سے متعلق (خصوصاً کھلے میدان کے کھیلوں سے) ؛ ان کپڑوں سے متعلق جو کھلی جگہ کے کھیلوں کے لیے ہوں یا گھر سے باہر کا غیر رسمی پہناوا ہوں (جیسے : a sport shirt)۔نیز : sports – (فعل متعدی) تفریح یا کھیل میں وقت کاٹ دینا (جیسے : to sport the hours away) ؛ لاپرواہی سے خرچ کر دینا (بعد میں away کے ساتھ)۔(بول چال) لوگوں کو دکھاتے پھرنا (جیسے : to sport a roll of money) ۔ (فعل لازم) کسی دل چسپ وقت گزاری یا تفریح سے خود کو محظوظ کرنا ؛ بچے یا حیوان کی طرح کھیلنا ، اچھل کود کرنا ؛ کھلے میدان کے کھیلوں یاکسرتی مشغلوں میں مشغول ہو جانا ؛ کم اہمیت کا سمجھنا یا زیادہ اہمیت نہ دینا ؛ کسی سنجیدہ معاملے کو مذاق میں اڑا دینا ۔ (حیاتیات) کسی جانور یا پودے کی تفریح کے طور پر پرورش کرنا ؛ کھیل ، تفریح وغیرہ کا اہتمام کرنا ۔

sporter, n. کھلاڑی ، کھلنڈرا ۔

sportful, a. خوش مزاج ، چنچل ۔

sportfully, adv. تفریحاً ؛ دل لگی سے ۔

sportfulness, n. شوخی ؛ اٹکھیلی ۔

sport fish, n. وہ مچھلی جس کو ماہی گیر محض کھانے یا منافع کی خاطر نہیں بلکہ مہم جوئی اور اپنی مہارت کا مظاہرہ کرنے کے لیے پکڑتے ہیں (اسے game fish بھی کہتے ہیں) ۔

sporting, a. کھلے میدان کے کھیلوں یا کسرتی کھیلوں میں دلچسپی لینے والا یا مصروف ؛ ایسے کھیلوں سے متعلق یا ان کے لیے موزوں (جیسے : sporting goods) ؛ کھیل کے مزاج شناس کی طرح (اوصاف یا چلن) ؛ ایسے کاموں میں دلچسپی لینے والا جن میں شرط بازی یا قمار بازی چلتی ہو (جیسے : sporting man) ۔ (بول چال) نقصان کا احتمال لیے ہوئے ؛ خطرہ مول لینے پر اکساتے ہوئے (جیسے : a sporting proposition) ۔

sportingly, adv. خوش مزاجی سے ؛ اچھے کھلاڑی کے انداز میں ۔

sportive, a. کھلنڈرا ؛ بازی دوست ؛ غل غپاڑے والا یا بنسوڑ ؛ خوش باش ، کھیل کود سے متعلق ؛ غیر سنجیدہ اور ہنسی مذاق میں کیا گیا ۔ (حیاتیات) معمول یا پدری طرز سے انحراف کا رجحان لیے ہوئے ۔

sportively, adv. کھلنڈرے پن سے ۔

sportiveness, n. کھلنڈرا پن ۔

sports car, sport car, n. ہلکی ، تیز رفتار ، پست قد ، دو نشستی کار ۔

sportscast, n. ریڈیو یا ٹی وی کا وہ پروگرام جس میں کوئی کھیل یا کھیلوں کی خبریں پیش کی جائیں ؛ کھیلوں کی خبریں/کا نشریہ ۔

sport shirt, sports shirt, n. غیر رسمی قمیص ؛ چھوٹی یا لانبی آستینوں والی قمیص جو غیر رسمی پہناوا ہے ، عموماً یہ نیچے سے چوکور ہوتی ہے ، اس کو پتلون کے اندر بھی کر لیا جاتا ہے اور باہر بھی رکھتے ہیں ۔

sportsman, n. کھلاڑی ؛ کھیلوں میں حصہ لینے والا یا ان سے منسوب خوبیوں کا مالک ، جیسے انصاف پسندی ، ضبط نفس اور خوش اخلاقی وغیرہ ۔

sportswoman, n. کھلاڑی عورت ۔

sportsmanship, n. شرفِ ریاضت ؛ کھلاڑی کے شایان کردار یا مہارت ، چابک دستی ؛ کھلاڑیوں کے اطوار جیسے معقولیت ، ضبط نفس اور خوش دلی سے اعتراف شکست ؛ کھلاڑی جذبہ ۔

sportswear, n. کھلاڑیوں کا پہناوا یا غیر رسمی تقریبات کا لباس ۔

sportswriter, n. کھیلوں ، کھلاڑیوں یا ان لوگوں کے بارے میں کالم یا مضامین لکھنے والا جن کو کھیلوں سے دل چسپی ہو ۔

sporty, a. (بول چال) نمایشی ؛ بے سلیقہ ؛پرنمود ؛ بھڑکیلے لباس والا ؛ لباس ، دکھاوٹ ، اطوار وغیرہ میں طرح دار ؛ صاحب طرز ؛ کھیل یا کھلاڑی کے شایاں ؛ کھلاڑی کے شایان شان ۔

sportily, adv. دکھاوے کے ساتھ ۔

sportiness, n. کھلنڈرا پن ۔

sporulate, v.i. (حیاتیات) تخمک یا تخمچے بنانا یا ان میں بدل دینا خصوصاً کسی خلیے کی تقسیم در تقسیم کے ذریعے ۔

sporulation, n. (حیاتیات) اصل خلیے کے پہلے مادری تخمک سے عملِ تقسیم کے ذریعے نئے تخم کُوں کی وجود پذیری ؛ تخم زائی ۔

sporule, n. (حیاتیات) چھوٹا تخمک ؛ تخمیہ ۔

spot, n. دھبا ؛ نشان ؛ ٹیکا ؛ کسی خارجی مادے سے پڑ جانے والا نشان (کیچڑ ، خون ، پینٹ ، سیاہی وغیرہ سے) ؛ نقص یا عیب ، جیسے کوئی چھوٹا سا نشان ، ابھار یا پیدایشی نشان ؛ کلنک کا ٹیکا (کردار یا شہرت پر) ؛ کسی سطح کا حصہ جیسے رنگ یا روشنی کا ؛ کوئی جگہ یامقام ؛خصوصی دلچسپی والا مقام (جیسے : a spot for sight seeing) ؛ ترتیبی حیثیت (کسی کہانی یا پروگرام میں)؛ تاش کے پتے یا پانسے کے مہرے پر لگی ہوئی بندی ۔ (عوامی) کرنسی نوٹ یا تاش کے پتے کے عدد کا ، حوالہ (جیسے : a five spot) ؛ ماتھے پر بندکی والا پالتو کبوتر ؛ وہ غذائی مچھلی جس کے بر مہپر کے اوپر نشان سا ہوتا ہے ۔ (برطانوی،بول چال) معمولی سی شے (جیسے : a spot of lunch) ۔ (فعل متعدی) کسی خارجی چیز جیسے کیچڑ ، خون ، رنگ ، روشنائی سے دھبا یا نشان وغیرہ لگانا ؛ داغ ، دھبّا ، نشان ، ٹیکا ، چتّی ، بندکی وغیرہ لگانا ؛ کسی فرد کا آئندہ غور کے لیے نام لکھ لینا ؛ صحیح سمت کا اندازہ لگا لینا (جیسے : to sport a billiard ball on the table) ؛ کمزور کو کسی کھیل میں دوسروں کے مقابلے میں

رعایت دینا ۔ (عسکری) نشانے پر بٹھانے کے لیے راکٹ ، میزائل ، مشین گن وغیرہ کا مشاہدہ کر کے انحراف کو دور کرنا (جیسے : to spot and adjust the deviation) ۔ (فعل لازم) دھبّا لگنا ؛ نشان زدہ ہو جانا (جیسے : silk spotted by water) ۔ (صفت) فی الفور بنایا ، ادا کیا یا حوالے کیا گیا (جیسے : a spot sale) ؛ بلا ترتیب کیا گیا (جیسے a spot check) ؛ مقامی(نشریہ)(جیسے : a spot news announcement, a spot commercial message) ۔

in spots, وقفے وقفے سے (جیسے : sleeping in spots) ۔

in a spot, (بول چال) مشکل صورت حال میں ۔

on the spot, (بول چال) موقع پر ؛ فی الفور ؛جب اور جہاں ضرورت ہو۔

high spot, (بول چال) قابل یاد ؛ یادگاری ۔

hit the spot (عوامی) کسی ضرورت یا طلب کی تسکین کرنا ۔

spottable, a. قابل شناخت ۔

spot check, n. بانگی ؛ بعض مخصوص اشیا وغیرہ کی یہاں وہاں سے جانچ پڑتال (یہ اندازہ لگانے کے لیے کہ مال معیاری ہے یا نہیں) ؛ پھٹکل جانچ ۔

spotless, a. بے داغ ؛ بے آلود ؛ خالص ؛ بے آمیزش ۔

spotlessly, adv. داغ دھبے کے بغیر ۔

spotlessness, n. بے داغی ؛ انتہا درجے کا صاف ہونے کی خاصیت ۔

spotlight, n. دائرہ نور ؛ کسی خاص جگہ ، شے ، شخص یا گروہ پر ڈالی گئی تیز روشنی جس سے وہ زیادہ نمایاں نظر آئے (اسٹیج وغیرہ پر) ؛ وہ اضافی روشنی جو کسی گاڑی وغیرہ پر لگا دی جاتی ہے تا کہ خاص سامنے والی روشنی کی براہ راست زد میں نہ آنے والی چیزوں کو منور کیا جا سکے ۔ (مجازاً) ایسی غیر معمولی یا بڑھی ہوئی تشہیر جس سے لوگوں میں دلچسپی پیدا ہو جائے ۔ (فعل متعدی) کسی پر تیز روشنی ڈالنا ۔ (مجازاً) کسی کو مرکز توجہ بنانا ۔

spot pass, n. (فٹ بال ، باسکٹ بال) گیند کو کھلاڑی کی جگہ کسی خاص مقام کی طرف اس اعتماد سے پھینکنا کہ اپنی ٹیم کا کوئی کھلاڑی وہاں پہنچ جائے گا ۔

spotted, a. بندکی بندکی ؛ داغ دار ؛ گُل دار ؛چتی دار ؛ دھبے یا دھبوں سے پُر یا ان کی نوعیت والا ؛ چتّل ؛ چتکبرا ؛ عیب دار ۔

spotted adder, n. دیکھیے : Milk snake ۔

spotted fever, Rocky Mountain spotted fever, n. بخار کی وہ قسم جس میں بدن پر داغ سے پڑ جاتے ہیں ؛ کوہی بخار ؛ تپ محرقۂ دماغی ؛ چچڑی تپ ۔

spotter, n. جنگ کے ایام میں دشمن کے طیارے کی تاک میں رضاکارانہ رہنے کی پیش کش کرنے والا ۔ (بول چال) افسران کی طرف سے اپنے ساتھیوں کی بددیانتیوں کا نگران کو پتا دینے کے کام پر لگایا ہوا ملازم ۔ (عسکری) وہ شخص جو گولوں کے گرنے سے یہ اندازہ لگانے میں مدد دیتا ہے کہ توپوں کا رخ کدھر کو ہونا چاہیے اور ان کی مار کہاں تک ہونی چاہیے ۔ (طیرانیات) وہ شخص جو کسی طیارے میں بیٹھ کر دوسرے طیاروں ، لشکروں ، توپخانے کے ٹھکانوں کا پتا لگاتا ہو ؛ وہ طیارہ جس میں بیٹھ کر ایسا کیا جاتا ہو ؛ ڈرائی کلین کرنے والوں کا وہ ملازم جس کا یہی کام ہوتا ہے کہ دھلائی کے لیے آئے ہوئے کپڑوں پر موجود دھبوں کو دور کرے ۔ (کھیل) وہ شخص جو کھیل کی تفصیل بیان کرنے والے کی دورانِ نشریات میں مدد کرتے ہوئے کھلاڑیوں کو نشان دہی کرتا ہے ۔

spot test, n معلومات حاصل کرنے کے لیے کی گئی رائے شماری یا نمونہ گیری ۔ جزاتی تحقیق ؛ فوری اور تجرباتی طور پر شماریاتی

spotty, a. داغ داغ ؛ داغ یا داغوں سے بھرا ہوا ؛ دھبے دھبے ؛دھبے دار ؛ اجزا میں یکسانیت یا ہم آہنگی سے خالی ؛ اپنی کیفیت یا کردار کے لحاظ سے غیر مسلسل یا غیر یکساں (جیسے : a spotty market for wheat) ۔

spottily, adv. داغوں کے ساتھ ۔

spottiness, n. داغ داری ۔

spousal, n. (اکثر جمع) رسم مناکحت ؛ عروسی ۔ (صفت) شادی کا یا اس سے متعلق ؛ بیاہ کا ؛ ازدواجی ۔

spouse, n. زوج ؛ قرین ؛ شادی شدہ فرد ؛ خاوند یا بیوی ۔ (فعل متعدی) شادی کرنا یا شادی ہونا ، رشتہ ازدواج میں بندھنا ۔

spout, n. ٹونٹی ؛ پرنالہ ؛ نالی ؛ نل ۔ (برطانوی) گروی گھر ۔ (فعل متعدی) زور سے اور دھار باندھ کر بہانا ؛ نالی یا پرنالے کے ذریعے خارج کرنا ۔ (بول چال) شان دار طریقے پر کسی اداکار یا مقرر کی طرح اظہار کرنا ۔ (برطانوی) گروی رکھنا ۔ (فعل لازم)دھار کی طرح خارج ہونا ؛ یوں بہنا ، جیسے پرنالے میں سے ؛ زور دے کر نکلنا ۔ (بول چال) زبردست تقریر کرنا ؛ دھواں دھار تقریر کرنا ۔

spouter, n. پُرجوش تقریر کرنے والا ؛ راہن ۔

sprag, n. روک ؛ اڑّا ؛ لوہے وغیرہ کا ڈنڈا جو گاڑی یا ٹرک کی پچھلی جانب یا دھرے کے ساتھ ہوتا ہے اور اگر گاڑی پچھلی جانب پھسلنے یا ڈھلان کی طرف کھسکنے لگے تو اس کو نیچا کر کے یا زمین میں گاڑ کر گاڑی کو روکا جا سکتا ہے ؛ کوئی اس قسم کی روک جو پہیے کی گردش کو بوقت ضرورت روکنے یا روکے رکھنے کا کام دیتی ہو ۔ (کان کنی) کوئی شے جو کان کی دیوار یا چھت وغیرہ کو سہارا دینے کے کام آتی ہو ؛ ٹُکّا ۔

sprain, v.t. حد سے زیادہ تناؤ یا جھٹکے سے ٹخنے ، کلائی یا جسم کے کسی اور عضو کے جوڑ پر زور ڈالنا ؛ بغیر ہڈّی اُتارے ضرر پہنچانا ۔ (اسم) موچ ؛ موچ کی حالت ۔

sprat, n. ہیرنگ جنس کی ایک چھوٹی سی مچھلی جو بہت لذیذ سمجھی اور یورپ کے پانیوں میں بہ کثرت پائی جاتی ہے ؛ کم عمر سباموره (مچھلی) ۔ (مجازاً) وہ جو بہت کم عمر ہو اور کسی شمار میں نہ آتا ہو ۔

sprawl, v.i. بدن کا لاپرواہی اور نامناسب طور سے پھیلنا ؛ اینڈنا ؛ پاؤں پھیلائے ہوئے لیٹنا یا بیٹھنا ؛ پھولوں ، بیلوں کا یوں پھیلنا اور تحریر کا یوں ہونا کہ اس میں بے سلیقگی اور پھوہڑ پن پایا جائے ۔ (فعل متعدی) پھیلانا ؛ پسارنا ۔ (اسم) بے ڈھنگی انگڑائی ؛ بے قاعدہ پھیلاؤ ۔

spray, n. پھوار ؛ چھڑکاؤ ؛ پانی وغیرہ کی چھوٹے چھوٹے قطروں کی شکل میں اڑ کر کہیں گرنے کی حالت ؛اسپرے ؛ کسی طبی معالجے کے طور پر یا جراثیم کشی اور صفائی کے لیے کسی عرق پاش وغیرہ کے ذریعے کسی سیال شے کی پھوار ؛ اس قسم کا کسی آلے یا نلکی میں برتا جانے والا سیال مواد ؛ ہوا میں اڑتے ہوئے

باریک باریک ذرات یا کسی اور شے کی مقدار (جیسے : a spray of
sand) ۔ (فعل متعدی) پھوار یا باریک ذرات کی شکل میں اڑانا ،
بکھیرنا ، سپرے کرنا یا اس کے اثر میں لانا (جیسے : to spray an insec-
ticide on plants)؛اسپرے چھڑکنا یا اس سے علاج کرنا (جیسے : to
spray the throat)؛ گولیوں ، میزائلوں وغیرہ کی بوچھاڑ کرنا (جیسے :
to spray the enemy's lines with artillery fire) ۔ (فعل لازم) اسپرے
چھڑکنا ؛ پھوار خارج کرنا ؛ پھوار کی شکل اختیار کرنا یا اس طرح
نکلنا ؛ بوچھاڑ ہونا ۔

spray, n. کسی پودے کی پھولوں ، پتوں یا پھلوں
والی چھوٹی سی ڈالی ، شاخ یا کونپل (خواہ پیڑ کے ساتھ ہو یا کٹی ہوئی
ہو (جیسے : a spray of holly or roses)؛ پھولوں اور پتوں کا سجایا ہوا
گلدستہ یا گجرا ؛ اس قسم کی شاخ یا ٹکڑے کی نقل جیسی کلاہ سازی
یا زیورات میں ہوتی ہے یا کوئی آرایشی شکل جو اس سے مماثل ہو
جیسی کپڑوں پر ہوتی ہے ۔

spray gun, n. اسپرے مشین ؛ ایک میکانی اختراع جس میں
سیال کو باہر نکالنے کے لیے ہوا کا دباؤ استعمال کرتے ہیں جیسے اسپرے
برائے کرم کُشی یا پینٹ (اس کی شکل بندوق کی سی ہوتی ہے) ۔

spread, v.t. پھیلانا (کپڑے ، لپیٹی ہوئی کسی شے ،
نقشے ، پروں کو) زیادہ سے زیادہ جگہ یا وسعت تک لے جانا ،
بعد میں اکثر out آتا ہے (جیسے : to spread out a group of papers
to spread payments over a term of years)؛ مکمل طور پر ظاہر یا
واضح کرنا جیسے ریکارڈ پر ؛ بکھیرنا یا پھیلانا پرت کی صورت میں
(جیسے : to spread hay to dry)؛ کسی شے پر
ہلکی ته جمانا (جیسے : to spread plaster on walls) ؛ کسی کے اوپر
کوئی اور شے ڈال دینا یا اس کو ڈھانک دینا ؛ کسی شے کو جمانا یا تیار
کرنا جیسے کھانے کی میز کو ؛ کسی جگہ یا علاقے تک پھیلا دینا ؛
مختلف سمتوں میں پہنچانایا پھیلانا (روشنی یا آواز کو) ؛ علم ، خطرے
یا بیماری کو ہر سو پھیلا دینا ؛ دباؤ سے ہٹا دینا جیسے ریل پٹڑی کو ؛
چپٹا کرنا (جیسے : to spread the end of a rivet by hammering) ۔
(فعل لازم) ہوا میں پرچم کی طرح پھیل جانا ؛ وسیع تر رقبے یا عرصے
تک پھیلے ہوئے چلے جانا ؛ کسی منظر یا قدرتی مناظر کا دور تک پھیلے
ہونا یا نظر میں ہونا یا دکھائی دینا ؛ نرم مواد کی طرح ہلکی ته میں
پھیلنے یا لگنے کی صلاحیت لیے ہونا ؛ پورے خطے میں منقسم یا پھیلے
ہونا (آبادی ، حیوانات یا نباتات کا) ؛ روشنی ، اثرات ، افواہ ، خیالات یا
چھوت کا چار سو پھیل جانا ؛ ریل کی پٹڑیوں کا ایک دوسرے سے الگ الگ
ہونا ۔ (اسم) پھیلاؤ ، وسعت ، پہنائی ، نفوذ پذیری ؛ حد وسعت (جیسے :
the spread of the branches of a tree) ۔ (مالیات) کسی ذخیرے کی
سرکاری طور پر دی گئی قیمت اور بولی کا فرق ؛ حصص یا تمسک کی
دو مختلف منڈیوں میں قیمت کا فرق ؛ اختیار یا حق خریدوفروخت کا معاہدہ؛
پھیلانے کی گنجایش (جیسے : the spread of an elastic material) ؛
کسی چیز کی کشادگی ، فراخی یا وسعت ؛ چارپائی ، میز وغیرہ پر
بچھانے والا کپڑا (خصوصاً پلنگ پوش) ۔ (بول چال) ضیافت ؛ خصوصاً
بہت عمدہ ؛ کوئی غذائی شے جسے ڈبل روٹی وغیرہ پر پھیلایا جا
سکتا ہو (جام ، مکھن وغیرہ) ۔ (صحافت) وہ تصاویر یا نمایاں کہانی
جسے کئی کالموں پر پھیلایا گیا ہو یا جو آمنے سامنے کے صفحات پر ہو
(جیسے : center spread) ۔ (بول چال) مویشی پروری کا ڈیرا یا باڑا
خصوصاً مغربی امریکا میں ۔

spread oneself thin, (مجازاً) کسی کام کی
عمدگی میں اپنے آپ کو ہلکان کر لینا یا درد سر بنا لینا ۔

spread eagle, n. ریاستہائے متحدہ امریکا کا قومی نشان
(پرفشاں عقاب کی شبیہہ) ؛اسکیٹنگ میں بنائی جانے والی شکل یا
خاکہ ۔

spread-eagle, a. پر کھولے ہوئے عقاب کی طرح ؛ ہاتھ پاؤں
پھیلے اور جسم سے پسرے ہوئے ۔ (بول چال) لاف زن ؛ ڈھینگیں مارنے
والا ، خصوصاً حب الوطنی کے حوالے سے یا گھمنڈ جتاتے ہوئے ۔ (فعل
متعدی) پر فشاں عقاب کی طرح کسی شخص یا شے کا پھیل جانا ۔
(فعل لازم) پَر کشادہ عقاب کی نقل کرنا ، اسکیٹنگ میں ایسا خاکہ
بنانا ۔

spreader, n. ڈبل روٹی ، بسکٹ وغیرہ پر
جام لگانے والی کند چھری ؛ کھاد یا بیج بکھیرنے والا ایک میکانی آلہ ؛
چیزوں میں فاصلہ رکھنے یا ان کو الگ الگ رکھنے والی شے ۔

spree, n. رنگ رلیاں ؛ محفل ناؤ نوش ؛
مجلسِ خوش وقتی ؛ کسی مخصوص سرگرمی میں شدت سے مصروفیت
(جیسے : a shopping spree) ۔

sprig, n. شاخ ؛ ٹہنی ؛ ڈالی ؛ اس قسم کی شکل والا زیور یا
کسی درخت کی کوئی چھوٹی سی شاخ جس پر پتے ، پھول اور پھل
لگے ہوتے ہوں ؛ سجاوٹ کی کوئی شے ۔ (مجازاً) کسی خاندان یا طبقے
کا رکن (جیسے : a sprig of nobility) ؛ کوئی نوخیز یا نوجوان ؛ بے سَری
میخ جس کا اوپر کا سرا مڑا ہوا ہو تاکہ شیشے کو فریم میں سنبھالے
رکھے ۔ (فعل متعدی) کپڑے یا برتن پر پھول پتیاں بنانا ؛ بے سَری کیلیں
یا میخیں لگانا ؛ قلمیں کاٹنا (کسی درخت وغیرہ کی) ۔

sprightful, a. زندہ دل ؛ پرجوش ؛ خوش طبع ۔

sprightfully, adv. زندہ دلی کے ساتھ ۔

sprightfulness, n. زندہ دلی ، خوش طبعی ۔

sprightly, a. شگفتہ مزاج ؛ جوشیلا ، ہشاش بشاش ۔
(متعلق فعل) زندہ دلانہ پھرتی سے ؛ خوش مزاجی سے ۔

sprightliness, n. خوش مزاجی ؛ بشاشت ۔

spring, v.i. اچھلنا یا یک لخت اُٹھنا
(جیسے : spring into the air) ؛ چھلانگ یا زقند لگانا ؛ جست لگانا یا
یک دم قلانچیں بھرتے ہوئے آنا یا جانا ؛ کسی مجبور کن حالت سے
چھٹکارا پاتے ہوئے تیزی کے ساتھ واپس آنا یا دور چلے جانا ، جیسے
کسی باز جستی یا بازکش یا اسپرنگ کے عمل سے ؛ کسی کل یا اور
کسی شے میں سے چلتے چلتے کسی پرزے یا حصے کا ٹل
جانا ؛ ٹوٹ جانا یا شگاف پڑ جانا ، جیسے بیس بال کے بلے میں ؛ خم کھا
جانا یا ٹیڑھا ہو جانا (تختوں کا) ؛ پھٹ پڑنا (کان کا) ؛ پھوٹ نکلنا
(جیسے پانی ، خون ، شرارے یا آگ ، بعد میں عموماً out, forth یا up کے
ساتھ) ؛ دھار بن کر نکلنا ، زور دے کر نکلنا یا پھٹ نکلنا ؛ وجود میں
آنا ؛ ابھرنا یا نمودار ہو جانا (بعد میں up لگا کر ، جیسے : ,towns, sects
or industries spring up) ؛ نمو پذیر ہونا یا جنم لینا (بیج ، تخم ، جڑ یا
گانٹھ سے) ؛ نمو پانا (پودے کا) ؛ کسی منبع یا ماخذ سے پھوٹنا یا آگے
بڑھنا ؛ کسی خاندان ، شخص یا نسل سے صلبی تعلق رکھنا یا اس کی
پشت سے ہونا ؛ اوپر کو اٹھنا یا بڑھنا (کسی مخروطی شے کا) ۔

(فن تعمیر)محراب کی طرح بنیاد سے اوپر کو جانا ۔ (فعل متعدی) پیچھے جست لگانا ؛ اچھالنا ؛ باز کش قوت سے یا اسپرنگ سے واپس لانا (جیسے : to spring a trap or lock) ؛ بگہ سے ٹال دینا یا ڈھیل پیدا کر دینا ؛ توڑ دینا یا شگاف دار کر دینا ؛ زور لگا کر خمیدہ کرنا ؛ خمیدہ کر کے کہیں جبراً داخل کرنا (کسی سلاخ وغیرہ کو) ؛ظاہر کرنا ، افشا کرنا یا یکا یک کوئی شگوفہ چھوڑنا (جیسے : to spring a serprise or a piece of news on a person) ؛ جست لگانا یا پھلانگ جانا ۔ (اسم) چوکڑی ؛ چھلانگ ؛ اچھال ؛ اچھلنے کاعمل ؛ زقند ؛ جست ؛ برجست ؛ مجبوری کی حالت میں پچھلی جست ؛ الاسٹک والی یا اسپرنگ والی حرکت یا کیفیت ؛ الاسٹک والی کوئی شے یا وجود ، جیسے کہ فیتے یا فولاد کا پیچ دار تار جو دبانے یا جھکانے یا جبراً اصلی وضع سے ہٹانے پر واپس اپنی حالت پر چلے جانے کی صلاحیت رکھتا ہے ؛ اپنی جگہ سے اچانک جست یا اچھال ؛ درز یا شگاف ، جیسے مستول میں ؛ خم یا جھکاؤ ، جیسے کسی تختے میں ؛ چشمہ ؛ سوتا ؛ سُوبا ؛ چشمے کا منبع (جیسے : hot springs) ؛ کسی چیز کا سرچشمہ ؛ پھوٹنے یا بہ نکلنے کا عمل یا وقت ؛ سال کا پہلا موسم یعنی بہار (جو عموماً مارچ سے مئی تک سمجھا جاتا ہے) ۔ (فنِ تعمیر) محراب کی اٹھان یا وہ خط یا مقام جہاں سے وہ اٹھتی ہے ۔ (صفت) بہاریہ ؛ بہار سے مخصوص یا متعلق ۔

spring beauty, n. بہار میں کھلنے والے پھول ؛ کلیٹونی جنس کے امریکی پھول ؛ ایک چھوٹی سی بوٹی جس کے ساتھ رس دار سفید یا گلابی پھولوں کے گچھے لگے ہوتے ہیں ؛ جان بہار ۔

springboard, n. تختۂ زقند ؛ تختۂ جست ؛ اسپرنگ دار یا لچک دار تختہ جسے قلاباز چھلانگ لگانے ، قلابازی کھانے یا جست لگانے میں استعمال کرتے ہیں ؛ غوطہ خوری کا تختہ جو پانی پر کنارے سے اگے کو بڑھا ہوتا ہے اور اس پر سے پانی میں کودا جاتا ہے ۔ (مجازا) وہ مقام جہاں سے نئی طرز زندگی یا کسی تبدیلی کا اغاز ہوتا ہو ۔

springbok, springbuck, n. جنوبی افریقہ کا غزال جو کھیل کود میں یا خطرے کے وقت بلند جست لگانے میں معروف و ممتاز ہے ۔

spring-cleaning, n. سالانہ صفائی ؛ بہار میں ہر سال کرائی جانے والی کسی گھر کی روایتی مکمل صفائی ستھرائی ۔

springe, n. جال ؛ لاسا ؛ شکار پھندا ؛ شکار جالی جسے کسی ٹہنی سے باندھ دیا جاتا ہے اور چھوٹا شکار کیا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) شکاری جالی میں پھانسنا ۔ (فعل متعدی) پھندا بنانا یا لگانا ۔

springer, n. جست خیز ؛ وہ شخص یا شے جو جست لگاتی ہو ؛ اچھلنے والا ۔ (فن تعمیر) محراب کی بنیاد یا محراب کا وہ پتھر جس پر وہ کھڑی ہوتی ہے ؛ چھلانگیں لگانے والا کوئی جانور ۔ (موسیقی) ایک فالتو سُر جو ہلکی آواز میں ہوتا ہے اور اصلی سر میں وقفہ پیدا کر دیتا ہے ؛ Spanial نام کے چھوٹے کتے ، ہرن ، افریقی غزال ، گاؤ ماہی میں سے کوئی ایک ۔

springer spaniel, n. شکاری کتا ؛ جو شکار کو اڑانے ، بھگانے اور گولی کھائے شکار کو ڈھونڈ کر پکڑ لانے کے کام اتا ہے ؛ انگلستان یا ویلز کے بڑے اسپینل کتوں کی نسل کا کوئی کتا ۔

spring fever, n. آغاز بہار میں جسم میں محسوس ہونے والی کسل مندی ۔

Springfield rifle, n. چور بندوق ؛ ۱۸۶۷ء سے دوسری عالم گیر جنگ تک ریاستہائے متحدہ امریکا کی فوج میں استعمال ہونے والی کوئی سی رائفل خصوصاً ۳۰ بور کی ؛ میگزین والی رائفل ۔

springhalt, n. دیکھیے : String halt ۔

springhead, n. سرچشمہ ؛ چشمے کا منبع یا سوتا ۔

spring house, n. کسی چشمے یا ندی پر بنا ہوا مکان جس کو ڈیری/شیر خانے کی بنی ہوئی اشیا اور گوشت وغیرہ ٹھنڈے رکھنے کے لیے استعمال کرتے ہیں ۔

spring line, n. (فنِ تعمیر) وہ سطح جہاں سے محراب اوپر کو اٹھتی ہے ۔

springlet , n. چھوٹا سا چشمہ یا ندی ۔

spring peepir, n. ایک قسم کا چھوٹا بھورا شجری مینڈک جو شمالی امریکا کے مشرقی علاقے میں بہار کے ایام میں پایا جاتا ہے ، اس کی پشت پر × کا نشان ہوتا ہے اور اس کی آواز تیز اور اونچی ہوتی ہے ۔

springtail, n. جست دمہ ؛ چھوٹے چھوٹے بے پر حشرات جن کے پیٹ تلے ایک دوشاخہ اور دم نما دنبالہ سا ہوتا ہے جو عام حالات میں تو لپٹا ہوتا ہے لیکن ضرورت پڑنے پر اسے پھیلا کر یہ حشرات فضا میں پھدک/کود سکتے ہیں ۔

spring tide, n. مدوجزر اعظم ؛ کامل جوار بھاٹا ؛ نئے یا پورے چاند کا جوار بھاٹا جو عام جوار بھاٹوں سے بلند تر ہوتا ہے ؛ جذبات و احساسات میں پیدا ہونے والا کوئی بڑا ہیجان ؛ ایام بہار ۔

springtime, n. بہار ؛ موسم بہار ۔ (مجازا) ابتدائی دور (جیسے : the spring time of life) ۔ نیز : spring tide ۔

spring wagon, n. ہلکا وزن اٹھانے والی کمانی دار ویگن ۔

springwood, n. ربیعی لکڑی ؛ کسی درخت کی لکڑی کا وہ حصہ جو اغاز موسم بہار میں بڑھتا ہے ، یہ باقی لکڑی سے زیادہ نرم اور مسام دار ہوتا ہے ۔ بمقابلہ:summerwood ۔

springy, a. کمانی دار ؛ لچک دار ؛ کمانی کی طرح حرکت میں انے والا ہلکا اور چست (جیسے : a springy step) ؛ وہ جگہ جہاں بہت سے چشمے ہوں ؛ اسفنج کی طرح پاؤں کو نرم محسوس ہونے والا جیسے سبزہ ۔

springily, adv. ملائمت لیے ہوئے ۔

springiness, n. لچک ؛ نرمی ۔

sprinkle, v.t. چھڑکنا ؛ برکنا ؛ کسی سیال یا سفوف کو قطروں یا ذروں کی شکل میں منتشر کرنا ؛ کھلا کھلا اور تھوڑا تھوڑا بکھیرنا ؛ یہاں وہاں ڈال دینا یا منتشر کرنا ؛ پانی یا سفوف وغیرہ کو کسی پر قطروں یا ذروں کی صورت میں ڈالنا ؛ ادھر ادھر چیزوں کو بکھیر کر تنوع پیدا کرنا یا بوقلمونی کرنا ۔ (فعل لازم) چھڑکا جانا ؛ قطروں یا ذروں کی شکل میں گرنا ؛ بوندا باندی ہونا ۔ (اسم) چھڑکاؤ ؛ جو کچھ چھڑکا گیا ہو ؛ بوندا باندی ؛ تھوڑی سی مقدار یا تعداد ۔ (عموماً جمع) وہ قندی یا مٹھائی جو کسی اور چیز کے اوپر سجا کر رکھی گئی ہو ۔

sprinkler, n. پاش ؛ چھڑکنے والا (شخص یا آلہ وغیرہ) ؛ فوارہ ۔

sprinkler system, n. چھڑکاؤ نظام ؛ پائپوں اور فواروں کا ایک بالائی نظام جو ایک مخصوص درجۂ حرارت پر خودبخود کام کرنے

لگتا ہے اور کمرے ، حصے یا عمارت کی آگ پر پانی یا بُجھاؤ کیمیائی مادوں کو برسانے لگ جاتا ہے ؛ ان فواروں سے جڑی ہوئی زیر زمین پانپ لائن جو کوٹھیوں کے لانوں کو پانی دینے کے لیے زمین سے قدرے بلند ہوتی ہے ۔

sprinkling, n. قطروں یا ذروں کی صورت میں گرنے یا برسنے والی تھوڑی سی مقدار ؛ ادھر ادھر بکھری ہوئی کسی شے کی تھوڑی سی تعداد یا مقدار جیسے اس کو چھڑکا گیا ہو ؛ قطروں یا ذروں کا چھڑکاؤ ۔

sprint, v.i. دوڑنا ؛ حرکت میں آنا ؛ مقابلے میں دوڑنا ؛ تھوڑے تھوڑے وقفے سے تیز دوڑنا یا تھوڑے فاصلے تک دوڑنا ۔ (اسم) مختصر لیکن تیز رفتار دوڑ (ریس) ؛ جان توڑ دوڑ ؛ کسی سرگرم جدوجہد کا مختصر سا عرصہ ۔

sprinter, n. دوڑ لگانے والا ۔

sprit, n. (جہاز رانی) آگے پیچھے کی طرف کے بادبان کے کونے تک ، مستول سے باہر کی جانب آڑی بلّی جو اسے پھیلائے رکھنے کے لیے ہوتی ہے ۔ دیکھیے : bowsprit ۔

sprite, n. پری ؛ پریت ؛ بدروح (چڑیل) ۔

spritsail, n. (جہاز رانی) آڑی بلّی والا مستول ۔

sprocket, n. (مشین) دندانہ دار پہیہ ؛ پہیے کے رم پر آگے کو نکلے ہوئے وہ دندانے جن پر زنجیر کے حلقوں کو بٹھا دیا جاتا ہے ۔

sprocket wheel, n. دندانے دار پہیہ ۔

sprout, v.i. نمو پذیر ہونا ؛ پھوٹنا (بیج کا) ؛ اُگنا (کسی درخت کی طرح) ؛ تیزی سے بڑھ آنا (داڑھی کا) ۔ (فعل متعدی) کلے نکلنا (جیسے آلو کے) ۔ (اسم) پودے کی پھوٹ یا شاخ ؛ کسی درخت یا پودے کی تازہ کونپل ؛ اس طرح کی یا اس سے مشابہ کوئی نمو یاب شے ؛ کلّا ۔

spruce, n. سفیدا ؛ صنوبر کی قسم کا کوئی سدا بہار نوکیلے پتوں والا درخت ، جیسے ناروی صنوبر ؛ اس قسم کے درختوں میں سے کوئی ایک ؛ ایسے درختوں کی لکڑی ۔

spruce, a. صاف ستھرے لباس والا ؛ بنا سنورا ؛ بنا ٹھنا ؛ نک چڑھا ؛ چھیل چھبیلا ۔ (فعل متعدی و لازم) بناؤ سنگھار کرنا ؛ خوش لباسی اختیار کرنا ۔

sprucely, adv. خوش لباسی کے ذریعے سے ۔

spruceness, n. خوش لباسی ۔

spruce bear, n. ایک خمیر خیز شراب جسے چینی یا راب وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے اور اس کو سفیدے کے پتوں اور شاخوں کی مہک دی جاتی ہے ۔

sprue, n. (ڈھلائی) وہ نالی (دہانہ) جس میں سے پگھلا ہوا لوہا قالبوں میں ڈھالا جاتا ہے ؛ اس دہانے میں رہ جانے والا بے کار حصہ ۔ (امراضیات) منطقہ حارہ کا ایک مرض جس میں انہضامی نالی متورم ہو جاتی ہے ؛ قلاع ؛ منہ اور گلے کو لگ جانے والا ایک مرض ؛ سنگرہنی ۔

sprung rythm, n. (عروض) ایک آہنگ جس کے رکن وقت کے لحاظ سے آپس میں برابر لیکن ہر رکن میں شامل ہجا کے لحاظ سے مختلف ہوں اور ہر ایسا پہلا ہجا موکد ہو ۔

spry, a. (بول چال) چُست ؛ چاق و چوبند ؛ زندہ دل ؛ پُرہمت ۔

spryly, adv. پھرتی سے ۔

spryness, n. چالاکی ؛ زندہ دلی ۔

spud, n. کھرپا ؛ کھرپی ؛ بیلچہ ؛ چھوٹا پھاوڑا ؛ سیدھا مگر کم چوڑا پھاوڑا جو بیکار گھاس نکالنے اور جڑیں کاٹنے کے کام آتا ہے ؛ لمبے دستے کا ایک بھاری اوزار جس کی چھینی دھار دار ہوتی ہے اور اس کو درختوں کی چھال اتارنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔ (بول چال) آلو ۔ (فعل متعدی) گوڈی کرنا ؛ گوڈنا ؛ کھرپے سے فالتو جڑی بوٹیوں کو گوڈ کر نکالنا ؛ نلانا ؛ نلائی کرنا ۔

spue, v.t., v.i. دیکھیے : Spew ۔

spume, n. کف ؛ جھاگ ؛ طوفانی پانی یا شراب پر آنے والا پھین ۔ (فعل لازم) جھاگ دینا یا پھین پیدا کرنا ۔ (فعل متعدی) قے کرنا ؛ خارج کرنا یا نکال دینا ۔

spumous, spumy, a. جھاگ ہی جھاگ ؛ پھین سے ڈھکا ؛ پھین کا سا ۔

spumone, spumoni, n. ایک اطالوی مٹھائی جس میں آئس کریم یا میٹھی برف کی مختلف تہیں ہوتی ہیں اور ان کے اندر پھینٹی ہوئی کریم کی کافی مقدار ملائی جاتی ہے ،اس میں شکر آلود پھل اور کتری ہوئی گریاں اور مغزیات ڈالے جاتے ہیں اور اسے عموماً تکونی ٹکڑیوں میں کاٹا جاتا ہے ۔

spun glass, n. شیش کتان ؛ شیشے کے باریک تار جو دھونکنی سے بنائے جاتے ہیں اور باناتی نمونہ کے حامل ہوتے ہیں ۔

spunk, n. کائی زدہ لکڑی ؛ چوب شعلہ گیر ؛ ایک قسم کی الجی سے بنی ہوئی شعلہ گیر لکڑی ۔ (بول چال) تیز و تند مزاج ؛ دلیر یا باہمت ۔ (فعل لازم) جلنا ؛ آگ پکڑنا ۔

spunkey, a. (بول چال) جیوٹ ؛ دلیر ؛ جی دار ؛ باہمت ؛ باحوصلہ ؛ جوشیلا ۔

spunkily, adv. جی داری سے ۔

spinkness, n. جی داری ۔

spun rayon, n. ریانی سوت ؛ ریانی ریشوں کو کات کر بنایا گیا سوت ۔

spun sugar, n. تار قند ؛ پگھلی ہوئی چینی کے وہ لانبے اور پتلے تار جن کو کیکوں ، قندیوں یا مٹھائیوں وغیرہ پر رنگ ملا کر سجاوٹ کے لیے لگایا جاتا ہے ۔

spun yarn, n. (جہاز رانی) سوت ڈوری ؛ رسے بنانے والے سوت کو باہم نرم سے بل دے کر بنائی گئی رسّی جو بلّیوں اور بادبانوں کو جھکانے کے لیے جہازوں پر ہوتی ہے ؛ ریشوں سے کتا ہوا سوت جو ڈوری کی شکل میں ڈھال دیا گیا ہو ۔

spur, n. مہمیز ؛ ایڑ ؛ دندانہ دار گھرنی ؛ چھوٹے سے پہیے والا ایک آلہ جس کے تیز دندانے ہوتے ہیں ، گھوڑ سوار اسے اپنی ایڑی پر چڑھا لیتا ہے اور اس کی چبھن سے گھوڑا تیز چلنے لگتا ہے ۔ (مجازاً) کوئی ترغیب یا تحریک ؛ بعض پرندوں اور کیڑوں کے خار جو ان کی ٹانگوں پر اُگے ہوتے ہیں اور حملے یا دفاع کا کام دیتے ہیں ؛ وہ آہنی خار جو مرغوں کی لڑائی میں ان پر باندھ دیا جاتا ہے ۔ (ارضیات) کسی بڑے پہاڑ سے نکلا ہوا (اس سے چھوٹا) سلسلہ کوہ جو کچھ دور

تک چلا گیا ہو ؛ شاخ کوہ ؛ کوئی باہر کو نکلی ہوئی چیز ؛ ٹھونٹھی ؛ ٹنڈ ؛ ٹھنٹھ ؛ درخت کی باہر کو بڑھی ہوئی کوئی شاخ یا جڑ ۔ (فنِ تعمیر) پشتۂ دیوار ؛ چھوٹا سا چوبی جوڑ جو ڈنڈوں کو مضبوط کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ؛ دیوار کی سلامی یا پشتہ ۔ (نباتیات) خار کی طرح کا کسی پھول کا کوئی جزو ؛ ثمر ساق ؛ ریل کی پٹڑی کی چھوٹی سی بغلی پٹڑی ۔ (فعل متعدی و لازم) مہمیز کرنا یا ایڑ لگانا ۔ (مجازاً) اکسانا ، تحریک دینا (کسی کام کے لیے) ؛ مشتعل کرنا یا ابھارنا ؛ ایک یا ایک سے زیادہ ایڑیں لگانا ؛ ایڑ (مہمیز) چڑھا لینا ؛ مہمیزوں سے لیس کرنا ؛ گھوڑے کو تیز دوڑانا ؛ آگے کو بڑھنے کے لیے دباؤ ڈالنا ؛ جلدی کرنا ۔

on the spur of the moment, ارتجالاً ؛ بے سوچے سمجھے ؛ جلد بازی میں ؛ اضطراری طور پر ۔

win one's spurs, اعزاز یا امتیاز جیتنا (خصوصاً پہلی بار) ؛ اپنے جوہر دکھانا ۔

spurage, n. (نباتیات) دودھ رس والے پودوں یا جھاڑیوں میں سے کوئی ایک ۔ دیکھیے : euphorbia ۔

spur gear, n. (مشین) دندانہ دار گیئر ؛ ایک گیئر جس کے دندانے پہیے کے دھرے کے متوازی اور مرکز سے محیط کی جانب ہوتے ہیں ۔

spurge laurel, n. مازریون ؛ ایک جھاڑی جس کے پتے بیضوی اور سدابہار ہوتے ہیں اور پھول زرد ، یہ یوریشیا میں پائی جاتی ہے ۔

spurious, a. ناجائز ؛ دوغلا ؛ حرامی ؛ نقلی ؛ جعلی ؛ اصلی سے یا دعویٰ کردہ اصل سے نسبت نہ رکھتا ہوا ؛ بناوٹی ؛ ملاوٹی ۔ (نباتیات) وہ دو پودے جو بظاہر ایک سے ہوں لیکن جن کی ساخت یا فعلی وظیفہ مختلف ہو ۔

spuriously, adv. ناجائز طور پر ۔

spuriousness, n. دوغلا پن ۔

spurn, v.t., v.i. حقارت سے رد کر دینا ؛ توہین آمیز سلوک روا رکھنا ؛ ٹھوکر مار دینا ؛ ٹھکرانا ۔ (اسم) حقارت آمیز استرداد ؛ توہین آمیز سلوک ؛ پاؤں کی ٹھوکر ۔

spurner, n. ٹھکرا دینے والا ۔

spurred, a. مہمیز دار ؛ مہمیز چڑھائے ہوئے ؛ بڑے بڑے خاروں والا ؛ اصیل مرغ ۔

spurrier, n. مہمیز ساز ۔

spurry, spurrey, a. ''اسپرگولا'' جنس کی بوٹیوں میں سے کوئی ایک جو گلابی پھولوں والے قبیلے میں سے ہو ۔

spurt spirt, v.i. کسی سیال کا دھارے یا دھار کی صورت میں زور سے یا اچانک بہ نکلنا ؛ تھوڑے سے عرصے کے لیے خوب سرگرمی ، توانائی اور جدوجہد کا مظاہرہ کرنا ۔ (فعل متعدی) دھارے یا دھار کی طرح کسی سیال کو خارج کرنا ؛ فوارہ چھوڑنا ۔ (اسم) کسی سیال وغیرہ کی زور سے چھوڑی یا چھُوٹی ہوئی دھار ؛ فوارہ ؛ پھوار وقتی غیر معمولی سرگرمی ، تھوڑے فاصلے یا مدت تک کی سعی جیسے دوڑ یا کشتی رانی میں ؛ اچانک برانگیختگی (جذبات کی) ۔

spurter, n. تیز دھار ؛ فوارہ ۔

spurtive, a. فوارے کی طرح بہتا ہوا ۔

spur track, spur, n. (ریلوے) ریل پٹڑی کی چھوٹی شاخ جو بڑی سے نکلتی ہے اور پھر اس سے ایک سرے پر جا ملتی ہے ۔

sputnik, n. اسپوتنک ؛ ان مصنوعی سیاروں میں سے کوئی ایک جو روس نے مدار میں چھوڑے ، ان میں سے پہلا اکتوبر ۱۹۵۷ء میں چھوڑا گیا تھا ۔

sputter, v.i. جوش جذبات میں تیز تیز ، بے ربط اور اکھڑے انداز میں بولنا ؛ جلتی ہوئی موم بتی یا گیلی لکڑی کی طرح چڑچڑاہٹ کے ساتھ رطوبتی قطرے یا اجزا خارج کرنا ؛ باتیں کرتے ہوئے غیر ارادی طور سے لعاب یا غذائی ذروں کا منہ سے نکلتے رہنا ۔ (فعل متعدی) بک بک کرنا ؛ تیز تیز ، غیر واضح طور سے یا جوش میں آ کر کچھ کہنا ۔ (اسم) بکواس ۔

sputterer, n. بکواسی ؛ چٹر پٹر کی آواز نکالنے والا ۔

sputum, n. لعاب دہن یا خارج شدہ تھوک

spy, n. جاسوس ؛ مخبر ؛ بھیدیا ؛ کسی شخص یا جگہ پر خفیہ نگاہ رکھنے والا خصوصاً جسے حکومت کی جانب سے ایسا کرنے کی ذمہ داری دی گئی ہو کہ وہ دوسرے ملکوں اور خصوصاً جنگ کے دوران متحارب ملکوں کی سرکاری دستاویزی اطلاعات ، عسکری یا بحریہ کی معلومات یا راز کی باتیں چوری چھپے یا بہانے بازی سے حاصل کر لے ؛ سراغ رسانی یا جاسوسی کا عمل ۔ (فعل لازم و متعدی) خفیہ طور پر مشاہدات کرنا ؛ جاسوسی کرنا ؛ ہوشیاری سے کسی چیز کی تاک میں رہنا ؛ نگاہ رکھنا ؛ جاسوس بن کر کسی پر نگاہ رکھنا ؛ کسی نقل و حرکت سے خفیہ طور پر باخبر رہنے کی کوشش کرنا ، مخاصمانہ نیت کے ساتھ ؛ خفیہ مشاہدے یا پڑتال سے معلوم کرنا یا کرانا ؛ معائنہ کرنا ، نگاہ ڈالنا یا جانچ کرنا ؛ دیکھ لینا یا تاڑ لینا ۔

spyglass, n. دوربین خصوصاً چھوٹی قسم کی ۔

squab, n. کبوتر کا بچہ جس کے پر نہ نکلے ہوں؛ چھوٹا مگر موٹا شخص ؛ ایک قسم کا صوفہ یا کاؤچ ؛ نرم گدیلا ؛ گدی ؛ پن ڈکی ۔ (صفت) موٹا ؛ چھوٹا اور تنومند ؛ جسیم ؛ بے بال و پر ؛ نوخیز ۔

squabble, v.i. تو تو میں میں کرنا ؛ جھڑپ ہو جانا ۔ (فعل متعدی) (طباعت) ٹھیک جوڑے گئے حرفوں کو گڑبڑ کر دینا ۔ (اسم) جھڑپ ؛ تکرار ؛ جھپٹ ؛ لپاڈگی ؛ تو تو میں میں ۔

squabbler, n. جھگڑالو ۔

squad, n. اسکواڈ ؛ قواعد ، معائنہ یا ڈیوٹی کے لیے صف بستہ کیا گیا سپاہیوں کا ایک چھوٹا دستہ ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی فوج بالخصوص پیادوں میں سب سے چھوٹا تدبیراتی دستہ یا وحدت ؛ کسی مشترکہ مہم میں لگے ہوئے لوگوں کا چھوٹا سا گروہ (جیسے : a police squad) ۔ (فعل متعدی) دستوں میں صف بند ہونا ؛ کسی دستے میں متعین کرنا یا کوئی ذمہ داری سونپنا ۔

squad car, prawl car, n. گشتی کار ؛ اسکواڈ کار ؛ پولیس کے گشت کے لیے کار جس میں ریڈیو ٹیلیفون لگا ہوتا ہے تا کہ صدر دفتر سے دو طرفہ رابطہ رہے ۔

squadron, n. (فضائیہ) اسکواڈرن ؛ عموماً ایک ہی قسم کے طیاروں کی باترتیب پرواز ؛ گروپ کے ماتحت تدبیراتی وحدت (گروپ میں دو یا دو سے زیادہ فضائی دستے ہوتے ہیں) ۔ (بحریہ) ایک یا ایک سے زیادہ ابی جہازوں یا طیاروں کا ڈویژن ؛ کسی مخصوص ڈیوٹی پر متعین بحری جہازوں کا دستہ ۔ (بریّہ) ایک فوجی وحدت جس میں

squamously, adv. فلوسیت لیے ہوئے۔

squamousness, n. فلس داری ؛ فلوسیت۔

squamulose, a. (حیوانیات) چھوٹے چھوٹے کھپروں والی (مچھلی یا کوئی شے) ؛ فلوس دار ؛ فلس پوش ؛ کھپرے دار۔

squander, v.t. فضول اڑانا یا خرچ کرنا ، دولت یا وقت کو (جیسے : to squander an entire inheritance) ۔ (قدیم) منتشر کرنا یا پراگندہ کرنا ۔ (اسم) فضول خرچی ؛ اسراف ؛ مسرفانہ کیا گیا خرچ ۔

squanderer, n. فضول خرچ ؛ مسرف ۔

square, n. مربع ؛ چاروں اطراف اور چاروں کونے مساوی رکھنے والی شکل یا جگہ ،جس کے چاروں زاویے قائمہ ہوں ؛ کوئی مستطیل رقبہ ، شے یا قطعہ جس کی شکل ایسی یا اس سے مشابہ ہو ؛ کوئی مکعب یا مستطیل پتھر ؛ شہر یا قصبے میں وہ چوکور جگہ جو آس پاس کی گلیوں کے درمیان لیکن ان سے الگ اور نمایاں ہو ؛ چوک ؛ چورنگی ؛ ایسے رقبے کی ایک طرف کا فاصلہ (جیسے : a house two square from here) ؛ شہر یا قصبے میں اس قسم کی کوئی کھلی جگہ جہاں گھاس اور درخت اگائے گئے ہوں ؛ L یا T شکل کی شے جس سے زاویہ قائمہ متعین کیا جاتا یا جانچا جاتا ہے ؛ کوئی مربع شکل یا کیفیت ۔ (عسکری) چوکور انداز میں صف آرا کیے گئے فوجی دستے ۔ (حساب ، الجبرا) کسی عدد یا مقدار کی وہ دوسری قوت جو اس عدد یا مقدار کو اپنے ہی ساتھ ضرب دینے سے حاصل ہوتی ہے (جیسے : The square of 4 ; 4 x 4 is 16) ۔ (صفت) چار برابر اضلاع اور چار برابر زاویوں والا (رقبہ وغیرہ) جس کی اطراف کی تخصیص کی گئی ہو (جیسے : An area 2 feet squares which contains 4 square feet) ؛ کسی اکائی کی چاروں اطراف کی(مخصوص پیمایش)(جیسے : square inch, square foot, square mile) ؛ چار غیر متساوی اضلاع اور قائمہ زاویوں والی (شکل یا جگہ) ؛ مکعبی یا تقریباً مکعبی یا مستطیل اور سہ ابعادی (جیسے : a square box) ؛ مربع حصے والا یا وہ جو صرف چوکور ہو (جیسے : a square file) ؛ گٹھے ہوئے سیدھے قد کاٹھ اور واضح خطوط والا (جیسے : a man of square build) ؛ قائمہ زاویے کی شکل کا ایک یا ایک سے زیادہ مستطیل حصوں والا (جیسے : a square corner) ؛ زاویہ قائمہ یا عمود بناتے ہوئے (جیسے : one line square to another) ؛ سیدھا ، ہم سطح یا ہموار (ایک جگہ کے دوسری جگہ کے حوالے سے) ۔ (مجازا) طرفین میں سے کسی کا کسی کے ذمے قرضے کا کوئی بقایا نہ رکھتے ہوئے ؛ لین دین میں بے باق (جیسے : to make accounts square) ؛ سارے حساب چکائے ہوئے (جیسے : to get square with a person) ؛ جائز ، درست اور کھرا (جیسے : a square dealing) ؛ دیانت دار ؛ باعزت یا کھرا ؛ صاف گو ؛ ایچ پیچ کے بغیر یا واضح (غیر مبہم) ۔ (بول چال) خاصا یا سیر کر دینے والا (جیسے : a square meal) ۔ (جہاز رانی) مستول اور جہاز کے پیندے سے زاویہ قائمہ پر ، جیسے بادبانی بلّی ۔ (گالف) برابر کا اسکور والا ۔ (حساب ، الجبرا) مربع ؛ مربع سے متعلق ۔ (عوامی) نئے فیشن ، رہن سہن ، رسم و رواج اور روشن خیالی سے بے بہرہ یا ان کو ناپسند کرنے والا ؛ دقیانوس ؛ قدامت پرست ۔ (متعلق فعل) مربع کے انداز میں ؛ مربع یا مستطیل صورت میں ؛ زاویہ قائمہ پر ۔ (بول چال) دیانت داری ، انصاف پسندی یا کھرے پن سے ۔ (فعل متعدی) چوکور یا مستطیل شکل دینا ؛ مکعبی یا تقریباً مکعبی بنانا ؛ زاویہ قائمہ یا قائمہ زاویوں کی شکل پر لانا ؛

ایک ہیڈکوارٹر اور دو یا دو سے زیادہ بکتر بند رسالے کے گروہ ہوتے ہیں ؛ صف بستہ سپاہیوں کا کوئی بھی گروہ ؛ کسی خاص مقصد کے لیے منظم کردہ گروہ ۔ (فعل متعدی) اسکواڈرن میں منظم کرنا ، اسکواڈرن سازی کرنا ۔

squadron leader, n. (عسکری) طیاروں کے ایک اسکواڈرن کا کمان دار پائلٹ ؛ برطانوی یا کنیڈین فضائیہ کا کوئی کمشنڈ افسر جس کا درجہ امریکی فضائیہ کے میجر کے برابر ہو ؛ جنگی جہازوں یا بکتر بند رسالوں کی جمیعت کا کمان افسر ؛اسکواڈرن لیڈر۔

squad room, n. (عسکری) بیرکوں میں وہ بڑا کمرہ جس میں پورے اسکواڈ یا کئی دستوں کی نفری سما سکتی ہو ؛ پولیس اسٹیشن پر وہ کمرہ جہاں ڈیوٹی پر جانے والے سپاہیوں کی حاضری لی جاتی ہے ؛ اسکواڈ روم ۔

squalene, n. (حیاتی کیمیا) ایک بے رنگ تیل جو انسان کی چربیلی ریزش میں پایا جاتا ہے اور بالخصوص شارک مچھلی کے جگر میں موجود ہوتا ہے ، اسے حسن افزا اشیا بنانے نیز ادویہ سازی میں استعمال کیا جاتا ہے ، یہ کولیسٹرول کا ترکیبی عامل بھی ہے ۔

squalid, a. غلیظ ، چرک ؛ پست ؛ بے توجہی کے باعث گندا ؛ بدحال ؛ بدنصیب ؛ بداخلاق یا مکروہ ؛ کمینہ ۔

squalidly, adv. غلیظ طور پر ۔

squalidness, squalidity, n. غلاظت ؛ گندگی ۔

squall, n. جھکڑ (جس کے ساتھ عموماً بارش بھی آجاتی ہے بلکہ برف یا اولے بھی) ۔ (مجازا) کوئی گڑبڑ یا ہل چل ۔ (فعل لازم)جھکڑ کی طرح چلنا ۔

squall, v.i., v.t. زور زور سے بے ہنگم طور پر چلّانا یا فریاد کرنا یا چیخنا ؛ تیز چیختی ہوئی آواز میں بولنا ۔ (اسم) چیخ ؛ فریاد وغیرہ ؛ اختلاف و نزاع کی دُہائی ۔

squaller, n. بے ہنگم چیخنے والا ۔

squally, a. جھکڑ لیے ہوئے ؛ جھکڑ کے خصائص لیے ہوئے ؛ طوفانی ؛ جھکڑی ، آندھی ۔ (بول چال) ہول ناک ؛ ڈرا دینے والا ۔

squalor, n. غلیظ و مکروہ ہونے کی حالت ؛ بدبختی ؛ گندگی ۔

squama, n. (حیاتیات) پھرا ؛ فلس ؛ ہڈی یا جلد پر بنے ہوئے پترے ،کھپرے ۔

squamaceous, a. کھپروں دار ، پترے والی ، پتریلی ۔

squamate, a. کھپرے دار ؛ فلس دار ؛ وہ جانور جس کے بدن پر پترے سے بنے یا اگے ہوتے ہوں ؛ پترے کی شکل کی کوئی شے فلوس دار ۔

squamation, n. فلس داری ؛ فلوسیت ۔

squamosal, a. (تشریح الاعضا) انسانی کھوپڑی کی کنپٹی کی پترے کی طرح ہڈی کا یا اس سے متعلق ؛ کسی اور فقاری جانور کی اسی قسم کی ہڈی کا ۔ (اسم) اس قسم کی پترا ہڈی ؛ عظم غشائی قحف ۔

squamous, a. (حیوانیات) فلوسی : وہ جانور جس کی جلد پترے پترے ہو یا ایسی ہو کہ اس پر اس کا گمان گزرتا ہو ؛ پتریل ؛ فلسی ؛ پترے /فلس جیسی ۔

زاویہ قائمہ کی صورت میں کہیں یا کسی کے ساتھ پیوست کرنا یا کھڑا کرنا (جیسے : to square the yards of a vessel) ؛ ایسے رکھنا کہ مربع یا مستطیل خطوط نظر آئیں ؛ سیدھا مسطح یا ہموار رکھنا ؛ مربع نما سے مربع کو جانچنا ؛ کسی معیار کے مطابق بنانا ؛ کسی کے ساتھ ہم آہنگ یا مطابق ہونا ؛ ٹھیک طرح کہیں یا کسی صورت حال میں ڈھل جانا ؛ بے باق کر دینا جیسے حسابات کا ؛ قرضہ چکا دینا (بعد میں up اکثر لگاتے ہیں) ۔ (ریاضی) کسی عدد کا مربع بنانا ؛ کسی عدد یا مقدار کو اسی عدد یا مقدار سے ضرب دینا ۔ (فعل لازم) اتفاق کرنا یا متفق ہونا (بعد میں with لگاتے ہیں) ۔ (مُکا بازی) مدافعتی وضع اختیار کرنا (بعد میں off لگاتے ہیں) ۔

on the square, زاویۂ قائمہ پر یعنی زاویۂ حادہ یا منفرجہ نہ ہونا ۔ (بول چال) دیانت داری اور کھرے پن سے ؛ دیانت دار ؛ صاف گو ۔

out of square, غیر مربع ؛ جو زاویۂ قائمہ پر نہ ہو ؛ ترچھا ؛ اکھڑی ہوئی حالت میں ؛ مناسب حالت سے ہٹا ہوا ؛ غیر صحیح یا غیر صحیح حالت میں ۔

squarely, adv. چوکور ؛ بالکل مقابل ۔

squareness, n. مربعیت ؛ معاملے کی صفائی ؛ ایماں داری ۔

square away, v.t. کسی چیز کو سیدھا کرنا یا تیار کر دینا ؛ مدافعت یا جارحیت کی وضع یا پہلو اختیار کرنا (انعامی مقابلوں میں) ۔ (جہاز رانی) جہاز کی بادبانی بلیوں کو زاویۂ قائمہ پر رکھنا تا کہ جہاز ہوا کے بل پر چل سکے ۔

square dance, n. مربع رقص ؛ چوکور ناچ ؛ ایک گروہی رقص جیسے چار جوڑوں والا ، جس میں متعدد جوڑے مربع یا کسی اور معینہ ترتیب کے ساتھ رقص کرتے ہیں ۔

square-dance, v.i. مربع رقص میں حصہ لینا ۔

square dancing, n مربع رقص کرنے والے ۔

squared circle, n. (بول چال) مُکے بازی کا اکھاڑا ۔

square deal, n. (بول چال) دیانت دارانہ یا کھرا لین دین یا کاروبار ۔

square knot, reef knot, n. مربع گرہ ؛ وہ گرہ جو دو رسیوں کے کونوں کو ایک دوسرے کے دو بار اوپر نیچے کر کے لگائی جاتی ہے ؛ دوہری گرہ ؛ بادبانی گرہ ۔

square meal, n. (بول چال) جی بھر خوراک ؛ شکم سیر کھانا ۔

square measure, n. سطح کی پیمائش کی اکائی ؛ مربع پیمائی ؛ ایسی اکائیوں کا نظام ۔

square number, n (ریاضی) مربع عدد ؛ وہ عدد جو کسی چھوٹے عدد کی خود ضربی کا حاصل ہو یا ہو سکتا ہو (جیسے : ۱۶ ، ۹ ، ۴ ، ۱) ؛ مجذور صحیح ۔

square-rigged, squarerig, a. (جہازرانی) مربع شکل کے بڑے بادبانوں والا ۔

square-rigger, n. چوکور بادبانوں والا جہاز ۔

square root, n. (ریاضی) جذر ؛ وہ عدد جو کسی عدد کی خود تقسیمی کا حامل ہو ، جیسے ۳ کا عدد ۹ کا جذر ہے ۔

square sail, n. (جہاز رانی) مربع ؛ بادبان ؛ افقی مستول پر پھیلا ہوا بادبان جسے یوں معلق کیا گیا ہو کہ جہاز پر آڑا پھیل جائے ۔

square shooter, n. (بول چال) کھرا انسان ؛ خوش معاملہ یا خوش رویہ انسان ؛ انصاف اور دیانت کو ہاتھ سے نہ چھوڑنے والا ؛ معاملات میں کھرا ۔

square-shouldered, a. بلند ؛ سیدھے اور قدرے پیچھے کو ہٹے ہوئے شانوں والا (جس سے راست قامتی پیدا ہو جاتی ہے) ۔

square-toed, a. چپٹے پاؤں والا ؛ پاؤں کی چوکور اور چپٹی انگلیوں والا ؛ کسی پابند رسوم اور پرانی روش کے شخص سے متعلق ۔

square-toes, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) (بول چال) رواج پرست ؛ قدامت پرست ؛ پرانی طرز کا آدمی ۔

squarish, a. مربع کون ؛ تقریباً مربع ؛ مربع نما ۔

squarishly, adv. مربع کی صورت لیے ہوئے ۔

squarrose, a. (نباتیات) کھردرا ؛ وہ غیر ہموار پودا یا درخت جس کی سطح پر ابھرے ہوئے فلوس ہوں یا جس کی شاخیں اور پتے خمیدہ اور کھپرے دار بن گئے ہوں ۔

squarrosely, adv. فلس پوش کی خصوصیات لیے ہوئے ۔

squash, v.t. دبا کر چپٹا کر دینا ؛ گودا بنا دینا ؛ کچلنا ؛ دبا دینا ؛ زیر کرنا ؛ ختم کر دینا ۔ (بول چال) ایسا جواب دینا کہ دوسرے کو بات کی ہمت نہ رہے ؛ لاجواب کر دینا ۔ (فعل لازم) شڑاپ کی آواز نکالنا ؛ چپٹا یا گودا بنا کر رکھ دینا ۔ (اسم) شڑاپ ؛ پھس ؛ چھینٹے اڑانے کا عمل ؛ چھپاکا ؛ پھس پھس کرنے یا ہونے کی آواز ؛ کسی نرم بھاری شے کے زمین پر گرنے کا عمل یا اس کی آواز ؛ کسی دبی یا کچلی ہوئی یا کچلی گئی شے کا ڈھیر ؛ نرم اور بآسانی کچلی جانے والی شے ؛ اسکواش ؛ ایک کھیل جو ریکٹس سے مشابہ ہے جو دیواروں سے محیط کورٹ میں چھکوں اور ربڑ کی کھوکھلی گیند سے کھیلا جاتا ہے ۔ نیز : squash rackets ۔ ایک کھیل جو ٹینس اور اسکوش ریکٹس سے مشابہ ہے لیکن بہ نسبتاً بڑی گیند سے کھیلا جاتا ہے ۔ نیز : Squash tennis ۔

squasher, n. کچلنے یا دبانے والا ؛ اسکواش کا کھلاڑی ؛ توڑ پھوڑ کرنے والا ۔

squash, n. حلوہ کدو ؛ پیٹھا ؛ ایک پودا جسے غذا کے لیے کاشت کیا جاتا ہے ، اس کے پھل کا گودا ابال اور کچل کر سبزی کے طور پر کھایا جاتا ہے اور مربوں اور مٹھائیوں میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔

squash bug, n. تیلیا ؛ ایک بدبودار کالا کیڑا جو میٹھے کدو اور اس قسم کے دوسرے کدو کے پتوں کے لیے نقصان دہ ہوتا ہے ۔

squashy, a. فشردہ ؛ زیادہ پکے ہوئے پھل کی طرح نرم اور پلپلا ؛ نرم اور تر کیچڑ والا ؛ دلدلی ۔

squashily, adv. نرمی یا پلپلاہٹ لیے ہوئے ۔

squashiness, n. پلپلاہٹ ۔

squat, v.i. پالتی مار کر بیٹھنا ؛ پاؤں اکٹھے کر کے ، سکڑ سمٹ کر بیٹھ جانا ؛ دو زانو بیٹھنا ؛ اکڑوں بیٹھنا (جانور کی طرح) ؛ زمین پر جا کر ڈیرا ڈال لینا (خصوصاً سرکاری اور غیر آباد زمین پر بغیر کسی حق و اختیار کے) ؛ کسی سرکاری زمین پر سرکاری قانون اور ضابطے کے مطابق آباد ہونا (قبضہ یا ملکیت حاصل کرنے کی خاطر) ؛ دھرنا مار کر بیٹھ جانا ۔ (فعل متعدی) کسی کو پالتی مار کر بٹھانا یا اس وضع میں لانا ۔ (برطانوی بولی) چپٹا کرنا ؛ کچلنا ؛ پیس ڈالنا ؛ ضرب لگانا ؛ دے مارنا ؛ پھینکنا ۔ (صفت) گٹھا ہوا موٹا اور چھوٹا جسے کوئی شخص یا جانور ؛ جسم یا شکل وغیرہ ؛ پست اور دبیز اور

چوڑا ؛ پالتی مارے ہوئے یا اکڑوں ۔ (اسم) پالتی یا دوزانو ہو کر بیٹھنے کی صورت ؛ دھرنا دینے کا رویہ یا پہلو ۔ (برطانوی بولی) خراش ؛ دھکا ؛ دھچکا یا ہچکولا ۔

squatly, adv. پالتی مار کر ؛ دو زانو ۔

squatness, n. پالتی ؛ دوزانو پن ؛ دھرنا ۔

squatter, n. دخیل بلا استحقاق ؛ پالتی مار کر یا اکڑوں ہو کر بیٹھنے والا ؛ بغیر ملکیت یا اجازت کے کسی زمین بالخصوص سرکاری یا غیر آباد پر ڈیرے ڈال دینے والا ؛ وہ شخص جو حکومت کے ضابطوں کے مطابق کسی زمین پر آباد ہو تا کہ اس کو حق ملکیت مل جائے ۔

squatter sovereignty, popular sovereignty, n. امریکی خانہ جنگی سے قبل کے نظریۂ عمومی حاکمیت کے مخالفوں کی طرف سے اس نظریے کے لیے تحقیری نام ۔

squatty, a. گٹھا ہوا ؛ چھوٹا اور دبیز ؛ کم اونچا مگر چوڑا (جیسے : a squatty house) ۔

squaw, n. امریکی انڈین عورت بالخصوص زوجہ ۔ (عوامی) کوئی عورت (مزاحاً کہا جاتا ہے) ۔

squawfish, n. اسکوا مچھلی ؛ ایک قسم کی غذائی مچھلی ؛ یہ بڑے جسم کی ہوتی ہے اور شمالی امریکا کے بحرالکاہلی جانب کے دریاؤں میں پائی جاتی ہے ، انڈوں کی جگہ بچے دیتی ہے ۔

squawk, v.t., v.i. ناگوار لگنے والی اونچی آواز نکالنا (ڈری ہوئی مرغی یا بطخ کی طرح) ۔ (عوامی) باآواز شدید احتجاج کرنا یا شکایت کرنا ؛ چیخ کر بولنا ۔ (اسم) ناگوار اونچی سی چیخ یا آواز ۔ (عوامی) شدید اور بلند آواز میں شکایت ۔ (طیوریات) ایک طرح کا بگلا جو رات کو پایا جاتا ہے ۔

squawker, n. بطخ کی سی آواز میں چیخنے والا ۔

squawk box, n. (برقیات) لوگوں سے خطاب کرنے یا باہمی رابطے کے سلسلے میں صوتی نظام ۔

squawky, a. سماعت پر گراں ؛ ناگوار حد تک کرخت یا ناپسندیدہ آواز ۔

squaw man, n. وہ غیر انڈین شخص جس نے امریکی انڈین عورت سے شادی کرلی ہو (اکثر عورت کے قبیلے کے حقوق حاصل کرلینے کے بعد) ۔

squawroot, cohosh, n. مشرقی شمالی امریکا کا ایک گودے دار اور پتوں کے بغیر پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور یہ طفیلیوں کی طرح دوسرے درختوں کی جڑوں خصوصاً شاہ بلوط پر پلتا ہے ۔

squeak, v.i. چیخنا ؛ سور یا چوہے کی طرح تیز کٹیلی آواز نکالنا ؛ اَن چکنائے دروازے یا گراری یا پہیے کی طرح چوں چوں کرنا ۔ (عوامی) مخبری کرنا یا اطلاعات بہم پہنچانا ۔ (فعل متعدی) تیز، کانوں میں گھس جانے والی چیخ نکالنا یا اس قسم کا شور پیدا کرنا ۔ (اسم) تیز گہری چیخ یا شور ۔ (بول چال) بال بال بچاؤ (پہلے عموماً close یا narrow لگاتے ہیں) ۔

squeaker, n. کٹیلی آواز میں چیخنے والا ۔

squeakingly, adv. کٹیلی آواز کے ساتھ ۔

squeaky, a. کٹیلی آواز والا ۔

squeal, n. کم و بیش لمبی ، تیز ، کٹیلی چیخ یا چلاہٹ ۔ (عوامی) کسی شخص کی مخبری ؛ شکایت ۔ (فعل لازم و متعدی) چیخنا یا چلانا ، جیسے انسان یا حیوان خوف ، درد وغیرہ کے عالم میں کرتے ہیں ؛ کٹیلی آواز نکالنا ۔ (عوامی) مخبر بن جانا ؛ شکایت یا احتجاج کرنا ۔

squealer, n. چیخنے چلانے والا ۔

squeamish, a. زود رنج یا زود حس ؛ کچھ زیادہ ہی محتاط ؛ جلد بددل ہو جانے والا ؛ اخلاقی پہلو کی طرف حد سے زیادہ توجہ دینے یا رکھنے والا ؛ اپنے مذاق اور اپنے تقاضوں کے بارے میں نازک مزاج ؛ تنک مزاج ؛ وسواسی ؛ وہمی ؛ چڑچڑا ۔

squeamishly, adv. زود رنجی یا تنک مزاجی سے ۔

squearmishness, n. تنک مزاجی ؛ زود رنجی ؛ چڑچڑاپن ۔

squeegee, squilgee, n. آب روب ؛ پانی سوتنے والا ایک آلہ جس کے ایک سرے پر ربڑ یا چمڑے کی روب کار ہوتی ہے ، جس سے بھیگے ہوئے فرشوں اور دھلائی کے بعد کھڑکیوں وغیرہ کا پانی پونچھا جاتا ہے ؛ متعدد ایسی اختراعوں میں سے کوئی ایک (مثلاً وہ جس سے فوٹو پرنٹوں میں سے پانی نچوڑا جاتا ہے) ۔ (فعل متعدی) صفائی کرنا ؛ آب روبی کرنا ؛ جھاڑو دینا ؛ پونچھنا جیسے کسی آب روب کے ساتھ ۔

squeeze, v.t. نچوڑنا ؛ زور سے باہم دبانا ؛ بیلنا ؛ نچوڑنا (جیسے : to squeeze a lemon) ؛ گھسیڑنا یا سختی سے داخل کرنا (جیسے : to squeeze one's hand into a tight glove.) ؛ ہاتھ میں لے کر دبانا (جیسے : She sqeezed his hand when she said good night.) ؛ اکٹھا دینے والی ذمہ داریوں میں جکڑ دینا ؛ کسی چیز کی ہوبہو نقل حاصل کرنا ۔ (برج) تاش میں دوسرے کو کوئی اہم پتا بدرنگی میں پھینکنے پر مجبور کر دینا ۔ (بیس بال) آڑے وقت اسکور بنانے دینا (جیسے : with a bunt, the batter squeezed the run across the plate) ۔ (فعل لازم) دباؤ ڈالنا ؛ کسی تنگ یا پرہجوم جگہ میں سے دب دبا کر نکل جانا (جیسے : to squeeze between the two cars) ؛ دباؤ تسلیم کر لینا ۔ (اسم) دبانے یا دب جانے کا عمل ؛ دباؤ ؛ دوستی یا محبت میں دوسرے کا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر زور سے دبانے کا عمل ؛ بغل گیری ؛ کسی سے مجبوراً حاصل کی گئی کوئی تھوڑی سی چیز ؛ پلاسٹک وغیرہ سے دبا کر اٹھایا گیا کسی سکے وغیرہ کا نقش ۔ (برج) ایک کھیل جس میں فریق مخالف ایک کھلاڑی کو مجبور کر دے کہ وہ اپنا اہم پتا بدرنگی میں پھینک دے ۔ (بول چال) دباؤ ڈال کر حاصل کی گئی رقم یا رعایت ؛ استحصال بالجبر ۔

squeezer, n. نچوڑنے والا ۔

squeezingly, adv. نچوڑتے ہوئے ۔

squeeze bottle, n. فشار بوتل ؛ کسی لچک دار شے ، پلاسٹک وغیرہ سے بنی ہوئی بوتل جو دباؤ سے اپنے اندر کی چیز کا کچھ حصہ خارج کرتی ہے ؛ لچکیلی بوتل ۔

squeeze play, n. (بیس بال) وہ کھیل جب دوڑ لگانے والا تیسرے گھر میں ہو اور ایک سے زیادہ کھلاڑی آؤٹ نہ ہوا ہو تو دوڑ لگانے والا گیند پھینکنے والے کی حرکت کے ساتھ ہی دوڑ پڑتا ہے تا کہ اپنے گھر واپس آ جائے جبکہ بلے باز پھینکی جانے والی گیند پر ضرب لگاتا ہے ؛ برج (تاش) میں چکر چال جس میں مخالف اپنے اس پتے کو پھینکنے پر مجبور ہو جائے جس پر اس کی جیت متوقع ہو ۔ (بول چال) کوئی مفاد حاصل کرنے کے لیے ڈالا گیا کسی قسم کا دباؤ ۔

squelch, v.t. چوڑنا ؛ کچل کر رکھ دینے والی قوت سے مارنا یا دبانا ۔ (بول چال) پوری طرح دبا دینا یا ختم کر دینا ؛ دندان شکن

جواب دینا ۔ (فعل لازم) کسی گیلی شے پر پاؤں پڑنے سے پھچر پھچر سی آواز پیدا کرنا ؛ بوجھل قدموں سے ایسی آواز کے ساتھ چلنا ، جیسے پانی ، کیچڑ میں یا گیلے جوتوں کے ساتھ ؛ کچلا یا مسلا جانا ۔ (اسم) کسی چیز کا کچلا یا مسلا ہوا ڈھیر ؛ پھچر پھچر سی آواز ۔ (بول چال) دندان شکن دلیل یا جواب ۔

squelcher, n. کچل دینے والا ؛ دندان شکن جواب دینے والا ۔

squeteague, n. ایک عام قسم کی مچھلی جو شمالی امریکا کے اوقیانوسی ساحل کے پاس پائی جاتی ہے ؛ اس جنس سے ملتی جلتی کوئی مچھلی ۔

squib, n. ہجو قبیح ؛ کوئی تقریر یا تحریر جس میں طنز اور کاٹ ہو ۔ (صحافت) اخبار میں وہ مختصر سی خبر جسے خانہ پُری کے لیے شامل کر لیا گیا ہو ؛ آتش بازی کی بارود بھری نال یا کوزی جو آگ دکھانے پر سوں سوں کی سی آواز پیدا کرتی ہے اور آخر میں پھٹ جاتی ہے ؛ وہ پٹاخہ جو بیچ میں ٹوٹا ہوتا ہے اور آگ دکھانے پر سوں سوں کرتے ہوئے جلنے لگتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) ہجو لکھنا ؛ (نثر یا نظم میں) کسی پر چوٹ کرنا ۔

squid, n. قیر ماہی ؛ طعمہ ماہی ؛ دہ پایاں قسم کے حشرات میں سے کوئی ایک ، ان کے بدن نازک سے ہوتے ہیں اور پچھلی جانب کھپرے ہوتے ہیں ، ان کو مچھلی کے طعمے کے طور پر بہت استعمال کیا جاتا ہے ؛ ایک قسم کا مصنوعی طعمہ جو اس سے ملتا جلتا ہے ۔ نیز : Calamary ۔ (فعل لازم) طعمہ دکھا یا لگا کر مچھلی پکڑنا ۔

squiffy, squiffed, a. (عوامی) مخمور ؛ مے خوردہ ۔

squiggle, v.i., v.t. الجھی ہوئی آڑی ترچھی حرف نویسی کرنا ؛ بے قراری سے حرکت کرنا ؛ شکستہ لکھنا ؛ نشان بنانا ۔ (اسم) شکستہ تحریر ؛ پڑھا نہ جا سکنے والا الجھا الجھا سا انداز تحریر ۔

squilgee, squillagee, n. آب روب ۔ (فعل متعدی) نچوڑنا ۔

squill, n. (نباتیات) پیاز عنصل ؛ ایک پودا جو بحیرۂ روم کے ساحلی خطوں میں پایا جاتا ہے ، اس کی گنٹھی سے بلغم خارج کرنے والی دوا تیار کی جاتی ہے اور مقویات میں بھی استعمال ہوتا ہے ، اسے سمندری پیاز بھی کہتے ہیں ؛ اس کی ایک اور قسم کے سرخی مائل پودے کی گنٹھی سے چوہوں کا سریع الاثر زہر تیار کیا جاتا ہے ، جسے سرخ پیاز بھی کہتے ہیں ؛ جنگلی پیاز کی جنس کا کوئی پودا جو موسم بہار میں پھولتا ہے ۔

squilla, n. (حیوانیات) سرطان بحری ؛ دہن پا قشریوں میں سے کوئی ایک ۔

squinch, n. (فنِ تعمیر) ترچھی ڈاٹ ؛ کسی مربع مینار پر کسی زاویے کے آر پار بنی ہوئی ڈاٹ جس کا مقصد اوپر والی ہشت پہلو تعمیر کو سہارا دینا ہوتا ہے ۔

squint, v.i. ادھ کھلی آنکھوں سے دیکھنا ، جیسے کسی چمکتی چیز یا روشنی کی طرف دیکھتے ہوئے ؛ بھینگے پن کا شکار ہونا ؛ جلدی سے دائیں بائیں جھانکنا یا دیکھنا ؛ تلمیح میں بات کرنا ؛ بالواسطہ حوالہ لیے ہونا ؛ کسی جانب جھکنا ۔ (فعل متعدی) اطراف کی جانب دیکھنے پر لانا ۔ (اسم) (امراضیات چشم) آنکھوں کو نیم بند کر لینا ؛ بھینگا پن ۔ (بول چال) سرسری نگاہ (جیسے : I took a squint at the report) ؛ اچٹتی نظر ؛ کج نگاہی ؛ کج سرشت ۔ (صفت) کج بین (بے اعتمادی کے باعث) ؛ بھینگا ؛ احول ؛ کج نگاہ ۔

squinter, n. بھینگا ۔

squintingly, adv. بھینگے پن سے ۔

squinty, a. بھینگا پن ۔

squint-eyed, a. بھینگا ؛ نیم وا آنکھوں والا ؛ ادھر ادھر دیکھتا ہوا یا دیکھنے والا ؛ کج رجحان ۔

squinting construction, n. (گرامر) بھینگا فقرہ یا بھینگی ترکیب (کسی جملے میں کسی لفظ یا ترکیب کا یوں آنا کہ ان کا مرجع غیر معین یا دو طرفہ ہو (جیسے : Exercising frequently helps prevent obesity) میں دوسرا لفظ متعلق بہ اول بھی ہو سکتا ہے اور بے لیکن بہ تیسرے لفظ کا ساتھ بھی دے سکتا ہے) ؛ ناقص ترکیب ۔

squire, n. صاحب ؛ نواب ؛ ایام گزشتہ میں وہ اشراف زادہ جو نائٹ (نواب) بننے کا تمنائی ہوتے ہوئے کسی نواب کی خدمت میں رہتا تھا ؛ ایک خطاب جو مفصلات کے منصف ، مقامی جج یا دیگر معززین کے لیے بولا جاتا تھا (خصوصاً دیہاتی اضلاع میں یا چھوٹے قصبوں میں) ؛ کسی بڑے منصب دار کا حاضر باش (مصاحب) ؛ گھر سے باہر کسی معزز خاتون کے جلو میں ساتھ ساتھ جانے والا ۔ (برطانوی) معزز دیہاتی (خصوصاً کسی ضلع میں سب سے زیادہ اراضی کا مالک) ؛ اسکوائر ؛ تعلقہ دار ۔ (فعل متعدی) صاحب کی طرح خدمت میں رہنا یا یہ حیثیت رکھنا ؛ کسی دوشیزہ یا عورت کے ساتھ جلوداری کرتے ہوئے کسی تقریب یا محفل رقص تک جانا ۔

squirearchy, squirarchy, n. (برطانوی) اسکوائر شاہی ؛ مجموعی حیثیت سے نوابین (اسکوائروں) کا طبقہ ؛ معززین دیہہ ؛ جاگیرداری ؛ تعلقہ داری ؛ ایک یا کئی تعلقہ داروں کی حکومت یا حکم رانی ۔

squirm. v.i. کسی کرم یا بام مچھلی کی طرح اینٹھتے یا بل کھاتے ہوئے چلنا ؛ لہرانا ؛ کسی توہین یا درد یا الجھن کے باعث پیچ و تاب کھانا یا اس کا اظہار کرنا ۔ (اسم) بل کھاتی حرکت ؛ بل کھانے کا عمل ۔

squirmy, a. بل یا پیچ و تاب کھانے والا ۔

squirrel, n. گلہری ؛ شجرباش ، پھولی دم والی کترنی جنس کے جانوروں میں سے (جن کی متعدد اقسام ہیں) کوئی ایک ؛ گلہری کی سمور ۔

squirrel cage, n. گلہری پنجرہ ؛ گلہری یا اس قسم کے چھوٹے جانوروں کے لیے بنایا ہوا پنجرہ ۔ (مجازاً) بے مقصد یا بے کار صورت حالات ۔

squirrel corn, n. گلہری بوٹی ؛ شمالی امریکا کی سدا بہار بوٹی ، اس کے پتے بڑی عمدگی سے بیچ میں سے کٹے ہوتے ہیں ، دل کی شکل کے دودھیا سے پھول ہوتے ہیں ، جڑوں کے ساتھ متعدد چھوٹی چھوٹی گرہیں ہوتی ہیں جو مکئی کے دانوں کی طرح معلوم ہوتی ہیں ۔ نیز : turkey corn ۔

squirrelly, a. (عوامی) قدرے سنکی ؛ پل میں تولا پل میں ماشا ؛ سربھرا ۔

squirrel rifle, squirrel gun, n. چھوٹا شکار کرنے والی رائفل ۔

squirt, v.i., v.t. کسی تنگ منہ والی شے یا نلکی میں سے پانی کی دھار نکلنا ؛ فوارے کی طرح پچکاری مارنا ؛ کسی تنگ منہ والی شے میں سے سیال وغیرہ کی دھار چھوڑنا ؛ یوں چھوڑے گئے پانی

سے کسی شے کو تر کرنا یا بھگو دینا ۔ (اسم) آب اندازی ؛ پانی کی پچکاری ؛ یوں چھوڑا گیا تھوڑا سا پانی یا کوئی اور سیال جیسے پچکاری ۔ (بول چال) کوئی بے اہمیت مگر برخود غلط انسان : کوئی نوعمر یا کم حیثیت آدمی ۔

squirter, n. پچکاری ؛ برخود غلط شخص ۔

squirting cucumber, n. بھوٹ کھیرا ؛ قثاالحمار : کدو کے قبیلے کا پودا جو بحیرۂ روم کے خطے میں ہوتا ہے ، پکنے پر اس کے پھل میں سے رس اور بیج خود بخود بھوٹ پڑتے ہیں ۔

squish, v.t., v.i. کچلا جانا یا کچلنا ؛ مسلا جانا یا مسلنا ۔ (اسم) کسی نرم سی شے کے گرنے کی سی آواز ۔

squishy, a. کچلا یا مسلا ہوا ۔

stab, v.t. کسی نوکیلی شے سے چھیدنا یا زخمی کرنا یا مار ڈالنا ؛ چبھونا ، کسی کو شدید تکلیف یا درد میں مبتلا کر دینا ۔ (مجازاً) چھیدنا ۔ (فعل لازم) کسی نوکیلے ہتھیار سے مارنے کے لیے نشانہ باندھنا ؛ بری طرح کٹیلا ہونا ۔ (اسم) کسی نوکیلے ہتھیار کی چبھن یا بھونک : کٹیلا ؛ چبھتا ہوا درد ۔ (بول چال) مختصر سی کوشش یا جہد (جیسے : He took a stab at writing) ۔

stabber, n. بھونکنے والا ؛ بھونک دینے والی شے جیسے خنجر وغیرہ ۔

stabile, a. مضبوط ؛ ایک جگہ جما ہوا ؛ ثابت ؛ خوب مستحکم یا قائم ۔ (طب) عام حرارت سے متاثر نہ ہونے والی کوئی لعابی شے ؛ بجلی لگانے کے اس طریقے سے متعلق جس میں مستعد عامل برقیرے کو اس حصے میں ساکن رکھا جاتا ہے جس پر بجلی کا اطلاق ہو رہا ہو ؛ labile کی ضد ۔ (اسم) (فن) تجریدی مجسمہ جو کسی جگہ پر رکھا ہوا ہو ۔ (عموماً دھات یا لکڑی کا اور بے حرکت اجزا والا ، بمقابلہ متحرک کے)۔

stability, n. مضبوطی ؛ استقلال ؛ قیام پذیری ؛ ثبات ؛ پائیداری ؛ استحکام ؛ بے تغیری ؛ یک جائی ۔ (کیمیا) کسی شے کی وہ خاصیت جس کی بنا پر رد عمل کی شرح ماند پڑ جاتی ہے یا کیمیائی اعتدال بحال رہتا ہے (کسی محلول وغیرہ میں) ؛ برداشت یا تحمل ؛ کردار یا مقصد میں استقلال ۔ (طیرانیات) دوران پرواز طیارے کی وہ خصوصیت جو اسے اعتدال سے ادھر ادھر ہو جانے یا اعتدال سے ہٹ جانے کی صورت میں واپس اصلی حالت پر لے آتی ہے ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) کسی راہب کا یہ عہد کہ وہ اب عمر بھر ایک ہی خانقاہ میں رہے گا ۔

stabilize, v.t. پختہ ، یک جائی ، مستقل مزاج یا غیر متذبذب رکھنا یا کرنا ؛ اعتدال دائم میں رکھنا (طیارے ، جہاز ، کیمیائی اشیا ، نرخ ، حکومت یا ہر ایسی چیز کو جس میں تغیر کا امکان ہو) ۔ (فعل لازم) بالائی صورت یا کیفیت میں ہونا ۔

stabilization, n. استحکام ۔

stabilizer, n. موازن ؛ وہ شخص یا شے جس سے استحکام پیدا ہو ۔ (طیرانیات) کوئی ایک یا ایک سے زیادہ کسی طیارے کے بازو یا حصے جن کو واحدہ سمجھا جاتا ہے اور جس کا بنیادی کام یہی ہوتا ہے کہ طیارے کا توازن بحال رکھے ، جیسے افقی اور عمودی موازن ؛ اعتدال دار ؛ استحکام دار ۔ (جہاز رانی) ایک اختراع (جیسے جانرواسکوپ) جو بحری جہاز کو ڈولنے سے روکے رکھتی ہے ۔ (کیمیا) کوئی شے جسے کسی اور شے میں ملا دیں تو وہ پھٹنے ، آگ لگنے یا کیمیائی تبدیلی کو سست کر دیتی ہے ؛ قیام گر ۔

stable, n. اصطبل یا باڑا جس میں مویشی (بالخصوص گھوڑے) رکھے اور پالے جاتے ہیں : ایسی جگہ میں رکھے گئے مویشی ۔ (گھڑ دوڑ) گھوڑوں کی دوڑنے میں تربیت کرنے کے لیے بنائی گئی مخصوص جگہ : اس جگہ میں رکھے جانے والے گھوڑے یا اس سے متعلق لوگ ۔ (فعل متعدی) اصطبل میں رکھنا ۔ (فعل لازم) اصطبل میں رہنا ۔

stableman, n. اصطبلیا ؛ اصطبل دار ۔

stabler, n. اصطبل میں رہنے والا (آدمی یا مویشی) ۔

stable, a. ثابت قدم ؛ محکم ؛ بے لغزش یا مستحکم ؛ کسی جگہ پر مضبوطی سے گاڑا ہوا ؛ پائیدار ؛ قائم ؛ قیام پذیر ؛ مضبوط (جیسے : a stable government) ؛ بدل جانے ، ناکام ہو جانے یا ختم ہو جانے کے خطرے سے خالی ؛ دیرپا یا مستقل ؛ غیر متذبذب ، استوار ، پختہ ؛ قابل اعتماد ؛ متوازن مزاج ۔ (طبیعیات) جس میں یہ رجحان طبعی یا صلاحیت ہو کہ وہ اپنے مقام کو بحال رکھ سکے اور اس میں ہونے والی تبدیلی کی مدافعت کر سکے یا وہاں سے ہل جانے کے بعد اسے دوبارہ حاصل کر سکے ، جیسے ایک جسم ؛ کسی جسم کی حالت یا توازن کو قائم رکھنے کی ایسی خصوصیت کا اظہار ۔ (کیمیا) زود ناگسل (کوئی مرکب) ؛ سالماتی یا کیمیائی تبدیلیوں کی مزاحمت کرنے والا ۔

stably, adv. استحکام یا مضبوطی سے ۔

stableness, n. استحکام ؛ ثابت قدمی ۔

stabling, n. اصطبل داری ؛ کسی اصطبل یا عمارت میں مویشیوں کے لیے گنجایش ؛ اصطبلات ۔

staccato, a., adv. (موسیقی) کسی دھن یا نغمہ سے متعلق جسے توڑ توڑ کر یا بے جوڑ اور بے ربط انداز میں پیش کیا گیا ہو ۔ (legato کے برعکس) ۔ مختصر ، تیز یا واضح آوازوں پر مشتمل (جیسے : a staccato burst of machinegun fire) ۔ (اسم) (موسیقی) گائیکی کا ایک اسلوب ؛ اسٹاکیٹونی طرز ؛ کوئی آواز جو مختصر ہو ، تیز ہو یا بے ربط انداز میں ادا کی گئی ہو ۔

staccato mark, n. (موسیقی) وہ نقطہ جو کسی تحریری سُر پر لگا ہوتا ہے اور اس سے یہ مراد ہوتا ہے کہ اس کو اسٹاکیٹو طرز میں یعنی جدا جدا ادا کرنا ہے ۔

stack, n. چٹا ؛ ٹال ؛ گٹھا ؛ گنجی : سوکھی گھاس پھوس کا بڑا سا گول یا مستطیل پشتارا ؛ کوئی قدرے ترتیب یا ڈھنگ سے یک جا ڈھیر یا انبار ؛ کتابی تختوں کا سلسلہ جو ایک دوسرے کے اوپر ٹکایا ہوا ہو (لائبریری وغیرہ میں) ۔ (جمع) لائبریری کا کوئی ایک حصہ جہاں کتابیں رکھی جاتی ہیں ؛ دود کش ؛ چمنی ؛ متعدد چمنیوں یا دود کشوں یا حرارت پہنچانے والی نالیوں کی یکجائی ؛ دھونیں کے لیے عمودی باد انداز یا اخراجی نالی ۔ (بول چال) بڑی مقدار یا تعداد ؛ ایک دوسرے سے جوڑ کر رکھی گئی بندوقیں (عموماً تین) ؛ ہوائی اڈے پر باری باری اترنے کے لیے منڈلاتے ہوئے طیارے ؛ ایک برطانوی تول جس سے کوئلے اور لکڑی کو تولا جاتا ہے اور وہ ۱۰۸ کیوبک فٹ کے برابر ہوتا ہے ۔ (ارضیات) سمندر میں خاصی ابھری ہوئی واحد چٹان ؛ پوکر (تاش) میں کسی کھیلنے والے کے

پاس موجود یا خریدے گئے تراشے ۔ (فعل متعدی) گنج یا گنجیاں بنانا (جیسے : to stack hay) ؛ گٹھوں یا انبار کی صورت میں یک جا کرنا یا اوپر نیچے رکھنا یا لادنا ؛ اترنے کی ہدایات کے مطابق مختلف بلندیوں پر طیاروں کی ترتیب بندی کرنا ۔

blow one's stack, (عوامی) بہت برہمی کا اظہار کرنا ۔

stack the cards or duck, ناجائز فائدہ اٹھانے کی نیت سے تاش کے پتوں کو خاص ترتیب دینا ۔ (مجازاً) حالات کو اپنے مفاد کے مطابق ڈھالنا (ناجائز طریقے سے) ۔

stacker, n. گنج یا ڈھیر کی شکل میں اکٹھا کرنے والا؛ پھاوڑا؛ پشتارا۔

stacte, n. لوبان یا دارچینی کا تیل ؛ ایک قسم کا خوشبو دار مسالا جسے قدیم ایام میں یہودی مذہبی تقریبات میں جلایا کرتے تھے ؛ عود ۔

staddle, n. گھاس کے پولے کا نچلا حصہ ؛ لکڑی وغیرہ کا چبوترہ جس پر گھاس کے پولے رکھے جاتے ہیں تا کہ زمینی رطوبت اور حشرات اسے خراب نہ کر دیں ؛ کوئی ڈھانچا یا بنیاد جو کسی کو سہارا دینے کے لیے ہو ۔

stadholder, stadtholder, n. ہالینڈ کے اضلاع متحدہ کا بڑا مجسٹریٹ (سابقاً اس ملک کے صوبے یا قصبے کا گورنر یا وائسرائے) ۔

stadholderate, stadholdership, n. مذکورہ بالا عہدہ یا منصب ۔

stadia, a. (سول انجینئری) تھیوڈولائٹ شکل کا ایک آلہ جس میں دو افقی بال نصب ہوتے ہیں اور ایک درجہ بند عمودی سلاخ کے ساتھ فاصلہ ناپنے کے لیے استعمال ہوتا ہے ؛ فاصلہ بین ؛ اس آلے کی درجہ بند سلاخ ۔

stadimeter, n. ایک بصری آلہ جس کے ذریعے کسی معلوم جسامت والی شے کے فاصلے کا اندازہ اس زاویے کی پیمائش سے کیا جاتا ہے جو شے معلومہ مشاہدہ کرنے والے کی آنکھ پر بناتی ہے ، یہ آلہ فاصلے کے حوالے سے درجہ بند ہوتا ہے ؛ فاصلہ پیما ؛ بُعد پیما ۔

stadium, n. بازی گاہ؛ اسٹیڈیم ؛ عموماً اس سے وہ حصاری جگہ مراد ہے جس میں معروف کھیلوں کے لیے مخصوص جگہ ہوتی ہے اور دیکھنے والوں کے لیے نشستیں بھی ہوتی ہیں ، یہ جگہ عموماً بیضوی ہوتی ہے ؛ قدیم یونان میں یہ ایک ناپنے کا پیمانہ بھی تھاجو موجودہ ۶۰۷ فٹ کے برابر ہوتا تھا ؛ قدیم یونان میں پیدل دوڑنے کےمقابلوں کا میدان ۔ (طب) کسی مرض کے بڑھنے کا ایک مرحلہ ۔

staff, n. عصا ؛ محس ؛ لڑائی یا سہارے کے لیے ہاتھ میں پکڑا ہوا ڈنڈا یا چھڑی ؛ وہ عصا جسے منصبی حوالے سے پاس رکھا جاتا ہو ، جیسے عصائے شاہی یا عصائے سپاہی ؛ کسی اور چیز کو سہارا دینے والا بانس (جیسے : flag staff) ؛ سروے کرنے میں برتی جانے والی لمبی تختی جس پر درجہ بندی کی ہوتی ہے اور اس سے سطح کی ہمواری کا پتا چلاتے ہیں ۔ (موسیقی) وہ پانچ متوازی خطوط جن کے بیچ میں چار خالی جگہیں ہوتی ہیں جن پر سُر اور موسیقی کے دوسرے حروف لکھے جاتے ہیں ؛ سُر اور بعض غنائی حروف ۔

staff, n. عملہ یا اسٹاف؛ کسی کام کے سلسلے میں کسی نگران کی امداد کرنے والا لوگوں کا گروہ (جیسے : a hospital staff)؛ فوجی افسران کی جمعیت جو کسی (فوجی) کارروائی کی منصوبہ بندی کرنے ، نافذ کرنے اور مربوط کرنے میں کمانڈر کی مدد کرتی ہے ۔ (مجازاً) جو سہارا دیتا ہو یا لائق گزارا ہو (جیسے : bread, the staff of life) ۔ (فعل متعدی) عملہ مہیا کرنا (جیسے : to staff an office with clerks) ۔

staff, n. تزئینی لیپ ؛ پلاسٹر اور کسی ریشہ دار مواد کا مرکب جسے عارضی کھڑی کی گئی عمارتوں کی لپائی یا سجاوٹی چیزوں پر استعمال کیا جاتا ہے ۔

staffer, n. کسی عملے کا ایک فرد خصوصاً کسی اخبار کا لکھنے والا مدیر۔

staff officer, n. (عسکری و بحریہ) وہ کمیشن آفیسر جو کسی کمان افسر کے مشاورتی عملے میں کام کرتا ہو؛ اسٹاف آفیسر۔

staff of life, n. بنیادی غذا ؛ روٹی جو انسانی غذا کی بنیاد خیال کی جاتی ہے ۔

Staffordshire terrier, n. ایک انگریزی نسل کا کتا جو متوسط قد کا ہوتا ہے اور جس کے بال چھوٹے اور مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں ؛ بُل ٹیریئر۔

staff sergeant, n. (فضائیہ) اسٹاف سارجنٹ ؛ فضائیہ کا ایک غیر کمیشن یافتہ عہدے دار جو درجہ اول ایرمین سے بڑا ہوتا ہے لیکن تکنیکی سارجنٹ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔ (برّیہ) بری فوج کا غیر کمیشن یافتہ عہدیدار جو سارجنٹ سے بڑا اور سارجنٹ درجہ اول سے چھوٹا ہوتا ہے ۔ (بحریہ) بحریہ کا غیر کمیشن یافتہ عہدے دار جو سارجنٹ سے بڑا اور توپ خانے کے سارجنٹ سے چھوٹا ہوتا ہے ۔

staff tree, n. عصائی درخت ؛ سیلسٹریشیا پودوں کا عرف عام جن میں بھلاواں اور آتشی جھاڑی شامل ہیں ۔

stag, n. نر سرخ ہرن ؛ ہرن قبیلے کی کسی نسل کا نر ، کبھی کبھی جنوبی افریقہ کے پنج سالہ بارہ سنگھے کو بھی کہتے ہیں ؛ گوزن ؛ خصی سانڈ ؛ وہ مرد ، محفلِ رقص میں جس کے ساتھ کوئی خاتون نہیں ہوتی ؛ مردانہ محفل ۔ (فعل لازم) جنس مخالف کے بغیر کسی محفل میں شامل ہونا ۔ (فعل متعدی) (برطانوی) کسی کی مخبری کرنا ۔ (صفت) صرف مردوں کے لیے ۔

stag beetle, n. ابومقص ؛ ایک قسم کا بھونرا جس کے نر کے چانبے خار دار اور سخت ہوتے ہیں ۔

stage, n. مرحلہ ؛ کسی ترقی ، اقدام یا پیش رفت کے سلسلے میں ایک مخصوص دور ؛ مرحلے وار سلسلوں میں سے ایک ؛ کسی مقصد کی خاطر بنا ہوا یا بنایا گیا چبوترا (پلیٹ فارم) خصوصاً ناٹک کے لیے اونچی کرسی کا فرش ؛ ایسا پلیٹ فارم جس پر ڈراما کرنے کے تمام تقاضے پورے ہوں ۔ (مجازاً) تھیٹر ؛ ڈراما ؛ ناٹکی کا پیشہ ؛ کسی اداکاری کا منظر ؛ سفر کی عارضی منزل یا قیام گاہ ؛ ایسی منزلوں کا مابینی فاصلہ ؛ موٹر بس ؛ سفر کا کوئی حصہ ؛اسٹیج کوچ ؛ گھاٹ ؛ کشتیوں کے ٹھہرنے کی جگہ ؛ معبر ؛ دریا میں مسلمہ سطح سے زیادہ بلند سطح ۔ (خرد بینی) وہ تھڑا جس پر کوئی چیز رکھ کر اسے خرد بین سے دیکھا جاتا ہے ۔ (حیاتیات) حیوانوں اور پودوں کی افزایش کے ترتیب وار مراحل میں سے کوئی ایک ۔ (فضائیات) سوقی اجزا میں سے کوئی ایک جو عموماً راکٹ گاڑی سے الگ ہو کر گر پڑتا ہے (جب اس کا ایندھن ختم ہو جاتا ہے ۔ (ارضیات) زمانہ ؛ عصر ؛ طبقات نگاری میں کسی دور کی وہ تقسیم جو کسی سلسلے کے معاً بعد آتی ہے ؛ پلیسٹوسین عہد کی ایک ذیلی تقسیم (امریکی ارضیاتی جدولوں کے لحاظ سے) ۔ (فعل متعدی) ڈراما کرکے دکھانا ؛ کسی قسم کی کوئی چیز

کر کے دکھانا ؛ اسٹیج لگانا یا کرنا ۔ (فعل لازم) مرحلہ وار جانا ؛ اسٹیج کوچ میں سفر کرنا ۔

stagecoach, n. اسٹیج کوچ ؛ ایک قسم کی کوچ جسے گھوڑے کھینچتے تھے ، قدیم ایام میں مخصوص جگہوں کے درمیان اس کی مقررہ آمدورفت ہوتی تھی ، سامان ، مسافر اور ڈاک اسی سے جایا کرتے تھے ۔

stagecraft, n. اسٹیج کیے جانے والے ڈرامے لکھنے ، ڈھالنے یا ان کو بہتر رخ دینے یا بہتر طریقے سے پیش کرنے کے فن میں مہارت ۔

stage direction, n. اسٹیج ہدایت کاری ؛ اسٹیج کیے جانے والے ڈرامے کے سلسلے میں ہدایت کاری جس سے ڈرامے کی پیش کش اور کرداروں کی اداکاری موثر ہو جائے۔

stage director, n. اسٹیج ہدایت کار۔

stage fright, n. اسٹیج گھبراہٹ ؛ حاضرین و سامعین کو دیکھ کر پیدا ہو جانے والی اعصابی گھبراہٹ (اداکاروں وغیرہ پر) ۔

stagehand, n. اسٹیج کارکن ؛ اسٹیج کے کام کاج میں حصہ لینے والا کارکن خصوصاً سین ، سیٹ وغیرہ بدلنے والا ۔

stage manager, n. اسٹیج منتظم ؛ کسی ڈرامے کے تکنیکی اور پیش کش کے تقاضوں کی نگرانی کرنے والا اور پس پردہ تمام معاملات بشمول روشنی وغیرہ کو درست رکھنے والا ۔

stagemanage, v.t. اسٹیج کے جملہ تقاضوں کا خیال رکھنا ؛ اسٹیج کا انتظام کرنا ۔

stager, n. تجربہ کار یا طویل تجربے سے مہارت حاصل کرنے والا شخص ۔

stage-struck, a. اسٹیج دیوانہ ؛ اسٹیج رسیا ؛ تھیٹر وغیرہ کا رسیا ؛ اداکار بننے کا بری طرح خواہش مند ؛ تھیٹر کے بارے میں ناپختہ اور حقیقت سے دور خیال یا احساس کا مالک ۔

stage whisper, n. اسٹیج سرگوشی ؛ وہ الفاظ جو بظاہر سرگوشی میں ادا کیے جائیں لیکن جو سامعین و ناظرین تک تو پہنچ جائیں مگر دوسرے اداکاروں تک نہ پہنچیں ۔

stagger, v.i. لڑکھڑانا ، چکرانا ؛ ڈگمگاتے ہوئے چلنا ؛ ہچکچانا ؛ کھڑے ہوئے یا چلتے ہوئے ایک طرف سے دوسری طرف جھومنا ؛ خود اعتمادی اور ارادے کی پختگی میں کمی آ جانا ۔ (فعل متعدی) شک میں ڈال دینا ؛ تذبذب کرنا ؛ بے اعتماد کر دینا ؛ حیرت میں ڈال دینا ۔ (اسم) جسم کی اچانک ایک جانب لڑکھڑاہٹ ، جیسے آدمی گرنے کو ہو ؛ سیدھے پن سے انحراف جیسے کسی وسطی خط کے دونوں طرف تاروں یا رپٹوں کی ترتیب ۔ (جمع) گھوڑوں اور مویشیوں کا ایک عارضہ جس میں وہ جھومتے ہیں اور حواس باختہ ہوتے ہیں ۔

staggerer, n. چکرا دینے والا (معاملہ) ۔

staggering, a. جھومتے ہوئے چلنے والا ۔

staggeringly, adv. لڑکھڑاتے/جھومتے ہوئے انداز میں ۔

staggerbush, n. شمالی امریکا کی ایک بوٹی جس کے پھول سفید یا ہلکے گلابی سے ہوتے ہیں اور ہلتے رہتے ہیں ، اس کے پتے مویشیوں کے لیے زہریلے ہوتے ہیں ۔

staghound, n. کتوں کی ایک نسل جس سے پہلے ہرنوں کا شکار کرنے میں کام لیا جاتا تھا ۔

staging, n. ڈراما اسٹیج کرنے کا عمل یا طریقۂ عمل ؛ کسی جگہ وقتی طور پر ستونوں یا تختوں کا کوئی عارضی چبوترہ یا ڈھانچا جو کسی عمارت کو سہارا دینے کے لیے بنایا جائے ؛ مچان بندی ؛ اسٹیج کوچ چلانے کا کاروبار ؛ مرحلہ وار یا منزل بہ منزل سفر یا اسٹیج کوچ کے ذریعے سفر ۔ (فضائیات) دھماکے سے راکٹ کے اڑانے کے بعد کسی حصے/مرحلے کی علیحدگی ۔

staging area, n. (عسکری) پڑاؤ ؛ وہ علاقہ یا جگہ جہاں فوجی دستوں یا سازوسامان کو مزید آگے کسی محاذ پر لے جانے کے لیے لایا جاتا ہے یا یہ عمل شروع کرنے سے پہلے جمع کیا جاتا ہے؛فرودگاہ ۔

stagnant, a. بے حرکت (پانی) ؛ چشمے کی طرح نہ بہنے والا ؛ دھارے یا بہاؤ کی طرح نہ چلنے والا ، جیسے پانی یا ہوا ؛ گندا (پانی) ؛ بساندا ؛ راکد ؛ بند ؛ آلسی ؛ غیر متحرک ؛ مٹھا ؛ مندی (جیسے : Trade is stagnant) ۔

stagnancy, n. جمود ؛ بے حرکتی ؛ مندا ۔

stagnantly, adv. حالتِ بے حرکتی میں ۔

stagnate, v.i. چلنے ، بہنے سے رک جانا ؛ بے روانی کے باعث گندا ہو جانا ؛ کاروبار کا مندا ہونا ؛ سست یا ٹھنڈا پڑ جانا ۔

stagnation, n. جمود ؛ سکون ؛ مندی ۔

stagy, stagey, a. اسٹیج کا حوالہ لیے ہوئے ؛ اطوار اور خصائص میں ادکارانہ ؛ اداکاری کی سی بناوٹ اور دکھاوٹ والا ۔

stagily, adv. تھیٹر کی طرز لیے ہوئے ۔

staginess, n. تھیٹر کی مانند ہونے کی حالت ؛ بناوٹ یا لگاوٹ ۔

staid, a. متحمل یا مستقل مزاج ؛ ٹھہری ہوئی طبیعت والا ؛ غیر مشتعل ؛ غیر متلون ؛ مستحکم ؛ قائم ۔

staidly, adv. تحمل سے ۔

staidness, n. متانت ؛ مستقل مزاجی ؛ ٹھہراؤ ۔

stain, v.t. گرد یا خون وغیرہ سے بدرنگ کر دینا ؛ کسی کو رسوا کرنا ؛ بے عزت کر دینا ؛ اس طرح رنگ کرنا کہ وہ پوری طرح سرایت کر جائے ؛ خردبینی نمونے کی طرح کسی اثرانگیز شے یا رنگ کو یوں زیر عمل لانا کہ تمام یا بعض حصے اس طرح رنگ آمیز ہو جائیں کہ ریشوں میں تفریق اور امتیاز ممکن ہو ۔ (فعل لازم) داغ لگ جانا یا داغ دار ہو جانا ؛ دھبہ لگ جانا ۔ (اسم) نشان ؛ بدنامی کا ٹیکہ ؛ داغ ؛ دھبّا ؛ رسوائی یا بدنامی کا باعث ؛ زنگ ؛ کسی سے پیدا ہونے والا رنگ ؛ کسی چیز پر دھبّا کاری ؛ وہ رنگ یا روغن جو خرد بینی کے لیے نمونوں پر لگایا جائے ۔

stainable, a. رنگ پکڑنے کے لائق ؛ داغ پذیر ۔

stained, a. رنگ دار ؛ زنگ آلود ۔

stainer, n. رنگ لگانے والا ؛ رنگ ریز ۔

stainless, a. بے داغ ؛ بے زنگ ۔

stainlessly, adv. بلا داغ لگے ۔

stained glass, n. رنگ دار شیشہ؛ ایسا شیشہ جس کو دھاتی آکسائڈ یا کسی دوسرے رنگوں سے رنگین بنایا گیا ہو ، یہ زیادہ تر کلیسا کی کھڑکیوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔ (صفت) رنگدار شیشے کا ۔

stainless steel, n. بے زنگ فولاد ؛ زنگ یا خوردگی سے محفوظ رہنے والا ملاوٹی فولاد جس میں کرومیَم اور بعض اور اجزا کا تھوڑا سا حصہ شامل ہوتا ہے ؛ بے داغ فولاد ۔

stair, n. سیڑھی ؛ زینہ ؛ کسی عمارت میں مختلف اونچائی کے دومقاموں کے درمیان سیڑھیوں کے سلسلے پر مشتمل راستہ ۔ (جمع) سیڑھیاں ؛ زینہ یا قدمچوں کا سلسلہ ۔

staircase, n. زینے کے ساتھ ساتھ کھڑا کیا گیا ڈھانچا جو سہارا بھی دیتا ہے اور محفوظ بھی رکھتا ہے؛ جنگلا ؛ زینے کا ہتّھا ۔

stairway, n. وہ راستہ جہاں ایک سطح یا فرش سے دوسری جگہ جانے کے لیے سیڑھیاں بنی ہوئی ہوں ۔

stairwell, n. (فن تعمیر) عمودی راستہ یا شگاف یا محصور علاقہ جہاں سیڑھیاں یا زینہ ہو ۔

stake, n. کھونٹی ؛ نوکیلی لکڑی جسے باڑ بازو کے طور پر یا کسی اور چیز کو سہارا دینے کے لیے زمین میں گاڑا جاتا ہے ؛ وہ ستون یا کھمبا جس کے ساتھ کسی سوختنی مجرم کو باندھا جاتا تھا ؛ شرط یا داؤ کی رقم ؛ وہ شے یا رقم جس کے ہارنے یا جیتنے کا دار و مدار کسی مقابلے میں ہارجیت پر ہو ؛ وہ جسے داؤ پر لگایا گیا ہو ؛ داؤ میں لگائے جانے کی حالت ؛ خطرے میں یا داؤ پر لگی ہوئی چیز (جیسے : His honor is at stake) ؛ مارمن کلیسائی حلقوں کا وہ علاقہ جو ایک صدر اور دو مشیروں کے دائرہ اختیار میں آتا ہے ۔ (فعل متعدی) باڑ کی طرح گاڑنا ؛ باندھنا یا جانا ؛ کھونٹیوں یا نوکیلی بلّیوں سے سہارا دینا یا ان کے ذریعے مدافعت کرنا ؛ نوکیلی باڑ سے کسی رقبے کی حد بندی کرنا (بعد میں out لگـاتے ہیں ، جیسے : to stake out a land) ؛ شرط لگـانـا (باندھنا) ؛ شرط یا داؤ کے طور پر رکھ دینا ؛ کسی مقابلے کے سلسلے میں بدھنا یا سٹہ کھیلنا ۔

stake body, n. کھونٹی دار ٹرک ؛ وہ ٹرک جو اوپر سے بھی کھلا ہو اور پہلوؤں سے بھی لیکن جس کے فرش کے دونوں جانب ایسے سوراخ ضرور ہوں جن میں بلیاں ڈالی جا سکیں جو سامان کو گرنے سے روکے رکھیں ۔

stake driver, n. (طیوریات) امریکی بوتیہار پرندہ (بگلے کی قسم میں سے) ۔

stakeholder, n. شرطی رقم بردار ؛ وہ شخص جس کے پاس شرط کی رقم یا مال رکھا جاتا ہے ۔

stake race, n. (گھڑ دوڑ) وہ گھڑ دوڑ جس میں رقم ان مالکوں کی طرف سے فراہم کی جاتی ہے جن کے گھوڑے دوڑ میں حصہ لے رہے ہوں ۔

stalactite, n. کلسی رسوب ؛ وہ کلسی مواد جو عموماً مخروطی شکل میں غاروں کی چھت سے لٹک رہا ہوتا ہے اور چونے دار پانی کے چٹانوں کی درزوں اور شگافوں میں سے رسنے یا ٹپکنے سے بن جاتا ہے (stalagmite کی ضد) ۔

stalactitic, stalactitical, a. کلسی رسوب صفت ۔

stalag, n. عالمی جنگ دوم میں بالخصوص جرمنی کے اندر جنگی قیدیوں کا بندی خانہ جس میں غیر کمیشن یافتہ افسروں اور دوسرے ماتحت قیدیوں کو رکھا جاتا تھا ۔

stalagmite, n. رسوب کلسی فرش ؛ وہ کلسی مواد جو فرشِ غار پر بنتا ہے اور وہاں سے قلموں کی شکل میں اٹھتا ہوا سقفی مواد سے جا ملتا ہے ۔

stalagmitic, stalagmitical, a. کلسی فرش کے متعلق ۔

stale, a. باسی ؛ پرانا ہو جانے کے باعث بے مزہ ؛ دیر تک رکھا رہنے سے جس میں نہ چاشنی رہی ہو ، نہ روح،نہ مہک استعمال پیہم یا ربط پیہم سے گھسا ہوا یا بے وقعت ؛ فرسودہ ۔ (قانون) طویل لاپروائی اور کارروائی نہ ہونے کی وجہ سے غیر موثر ۔ (فعل متعدی) بے مزہ کر دینا یا ہو جانا ؛ بے کار یا باسی ہو جانا یا کر دینا ۔

stalely, adv. بدمزہ یا بے روح کی طرح ۔

staleness, n. فرسودگی ؛ خستگی ۔

stale, v.i. مُوتنا ، گھوڑوں اور مویشیوں کا ۔ (اسم) گھوڑوں یا مویشیوں کا مُوت یا پیشاب ۔

stalemate, n. (شطرنج) شطرنج میں وہ صورت حال جب بادشاہ کو شہ ملے بغیر کوئی مہرہ نہ چلایا جا سکے ؛زچ ؛معلق بازی ۔ (مجازاً) ایسی صورت حال جس میں کوئی کارروائی نہ کی جا سکے ؛ تعـطـل۔(فعل متعدی) تعطل پیدا کر دینا ؛ صورت حال کو معلق رکھنا ؛ چوپٹ کر دینا ؛ زچ کر دینا ۔

Stalinism, n. اسٹالن ازم ؛ جوزف اسٹالن کے اصول و طور طریقے ، بالخصوص مستبدانہ اور آمرانہ ، جن پر چل کر وہ سوویت روس کی سیاسی ، اقتصادی ، فکری اور معاشرتی زندگی پر قابو رکھتا تھا ۔

Stalinist, n., a. اسٹالن پرست ؛اسٹالینی نظریات و افکار کا پیرو ۔

stalk, n. ڈنٹھل ؛ ساقہ ؛ کسی پودے کی بڑی ڈنڈی ؛ تنا ؛ وہ حصہ جس نے اسے سہارا دیا ہوتا ہے (پھول ، پتے یا خود پودے کو) ؛ حیوانوں کا اسی قسم کا حصہ (دھڑ) ؛ کسی شے کا اسے سہارا دینے والا حصہ ؛ ڈالی ۔

stalked, a. ڈنڈی کے سہارے کا ۔

stalkless, a. بلا ڈنٹھل ؛ بے ڈنڈی ۔

stalky, a. ڈنٹھل والا ؛ ڈنٹھلی ۔

stalk, v.i. شکار کے پاس دبے پاؤں یا چپکے سے اور پس پردہ جا پہنچنا یا تعاقب کرنا ؛ تن کر چلنا ؛ محتاط انداز میں یا دل میں کھوٹ لیے ہوئے آگے بڑھنا ۔ (فعـل متعـدی) شکـار وغیرہ کا دزدیدہ تعاقب کرنا یا ٹٹی وغیرہ کی آڑ میں چھپ کر شکار کھیلنا ۔ (اسم) چھپ شکار ؛ اکڑ چال ۔

stalker, n. آڑ میں شکار کرنے والا ۔

stalking-horse, n. وہ گھوڑا جس کی آڑ میں شکار کیا جائے ۔ (مجازاً) کسی اقدام کے پس پردہ کوئی اور اہم اقدام یا مقصد ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ آڑ ۔ (سیاسیات) وہ امیدوار جسے کسی اور کو پس پردہ رکھنے یا مخالف پارٹی میں تفرقہ پیدا کرنے کے لیے کھڑا کیا گیا ہو ۔

stall, n. تھان ؛ کسی اصطبل وغیرہ میں ایک جانور کے لیے مخصوص کی گئی جگہ ؛ اصطبل ؛ دکانچہ جس میں مال برائے فروخت رکھا جاتا ہے یا کچھ سامان کی نمایش کی جاتی ہے یا اسٹال (جیسے : a butcher's stall) ؛ وہ میز یا اڈا جس پر اشیا (برائے فروخت) رکھی ہوئی ہوں (جیسے : a book stall) ؛ان نشستوں میں سے کوئی ایک جو حد بند ہوتی ہیں (جیسی کہ کسی گرجے میں یا بڑے گرجے کے کٹھرے میں بالخصوص پادری طبقے کے لیے) ؛ کسی مقصد کے لیے کوئی کمرہ یا حصہ (جیسے : a shower stall) ؛ کوئی جگہ (گیراج یا پارکنگ والے مقام پر) جو ایک کار کے کھڑا کرنے کے لیے مخصوص کی گئی ہو ؛ اسٹال میں رکھے جانے کی حالت ؛ انگشتانہ ۔ (طیرانیات) طیارے کا پیش روی کی رفتار کے ناکافی ہونے یا زاویۂ پرواز کے بہت زیادہ ہونے کے باعث بے قابو ہونے اور بلندی کھو بیٹھنے کی کیفیت ۔ (برطانوی) کرسی نما نشست خصوصاً تھیٹر کی اگلی نشستوں میں جنھیں بازو

دوسری نشستوں سے علیحدہ کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) جانوروں کو تھان پر باندھنا ؛ کاروں کو ان کی مخصوص جگہ پر کھڑا کرنا ؛ مویشیوں کو ٹھکانے ہی پر باندھے رکھنا تا کہ موٹے ہو جائیں ؛ تھیٹر وغیرہ میں بازو دار کرسیاں لگانا ؛ بالکل بے حرکت کر دینا ؛ غیر ارادی طور پر رفتار یا پیش رفت کو روک دینا ؛ کسی انجن یا موٹر کو غیر ارادی طور پر کھڑا کر دینا ؛ دلدل یا برف میں پھنسا دینا ۔ (طیرانیات) طیارے کو دشواری میں ڈال دینا ۔ (فعل لازم) تھان پر جا کھڑا ہونا (جانور کا) ؛ بالکل رک جانا ؛ بے ارادہ رک جانا ؛ دلدل میں پھنس جانا ؛ پھنس کر رہ جانا ۔ (طیرانیات) طیارے کا دشواری میں پھنس جانا ۔

stalled, a. رکا ہوا یا روکا ہوا ۔

stall, n. (بول چال) کوئی بات جسے عذر یا بہانے یا چال کے طور پر استعمال کیا جائے ۔ (فعل متعدی) (بول چال) ٹال دینا یا کترا جانا ؛ دھوکا دینا (بعد میں عموماً off لگاتے ہیں) ؛ نظر ہٹا لینا ، جیسے کسی چوری کرتے شخص سے ۔ (فعل لازم) (بول چال) فریب دہی یا دھوکے سے کام لینا ۔

stall-feed, v.t. اصطبل یا تھان پر باندھ کرکھلا کھلا کر موٹا کرنا ۔

stallion, n. نسل کشی کے لیے رکھا ہوا غیر آختہ جوان گھوڑا ۔

stalwart, a., n. قوی الجثہ ؛ ہٹا کٹا ؛ شہ زور ؛ خوب قد اور کاٹھ کا ؛ لحیم ؛ تنومند ؛ بہادر ؛ نڈر ؛ دلیر ؛ پختہ ارادے کا ؛ پرعزم ؛ نہ بکنے والا ؛ طرف دار ؛ ساتھ نہ چھوڑنے والا ۔

stalwartly, adv. دلیری یا بے خوفی سے ۔

stalwortness, n. تنو مندی ؛ استقامت ۔

stamen, n. (نباتیات) حامل زر ؛ پودے کا وہ حصہ جس پر زرگل لگتا ہے جو پھول کا نر حصہ ہوتا ہے اور ایک پتلے سے تار اور پوٹ پر مشتمل ہوتا ہے جس میں زیرے بھرے ہوتے ہیں ؛ زر ریشہ ۔

staminiferous, staminate, a. زر ریشہ دار ؛ زر ریشہ زا ۔

stamina, n. سکت ؛ بدنی توانائی ؛ جان ؛ دشواری اور تکلیف ، بیماری ، تھکن اور عسرت کو برداشت کرنے کی طاقت ؛ قوت برداشت ؛ تحمل ۔

staminal, a. قوت برداشت سے متعلق ؛ متحمل ۔ (نباتیات) زر ریشوں سے متعلق ۔

staminodium, staminode, n. (نباتیات) غیر بار آور ؛ بے ثمر زر ریشہ یا ان کے جزو سے مشابہ ؛ بے ثمر زر ریشہ ۔

staminody, n. (نباتیات) پھول کے مختلف اعضا کا تبدیلِ ماہیت کی بدولت زر ریشہ میں تبدیلی ، جیسے پھول کٹوری یا پنکھڑی کا ؛ زر ریشی ۔

stammer, v.i., v.t. ہکلانا ؛ تتلانا ؛ غیر ارادی طور پر رک رک کر بولنا ؛ ہچکچاتے ہوئے ، ٹھہر ٹھہر کر یا دہرا دہرا کر کہنا ۔ (اسم) تتلاہٹ ؛ ہکلاہٹ ؛ لکنت ۔

stammerer, n. ہکلا ؛ توتلا ؛ لکنت زدہ ۔

stammeringly, adv ہکلے پن سے ۔

stamp, v.t. زمین پر زور سے پاؤں مارنا ؛دباؤ ڈال کر قدم رکھنا ؛ مہر لگانا ؛ نقش ابھارنا ؛ ٹھپا لگانا ؛ نقش کر دینا (جیسے : to stamp in memory) ؛ سکہ سازی کرنا ؛ ٹکٹ چسپاں کرنا ، جیسے ڈاک کا یا رسید کا ؛ کاٹنے والی مشین سے کاٹ دینا ؛ موسلی وغیرہ سے کوٹنا یا کچلنا ؛ کوٹنے والی مشین سے ۔ (فعل لازم) زور سے پاؤں مارنا یا قدم مارتے ہوئے چلنا یا پیر پٹخنا ، جیسے غصے سے ۔ (اسم) مہر لگانے کا عمل ؛ مہر لگانے والا ٹھپا ؛ مہر ؛ مہر کا نشان یا نقش ؛ کوئی سرکاری نشان جو ان چیزوں پر لگایا جاتا ہے جن پر کوئی محصول یا چونگی عائد ہوتی ہو ، یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ ان پر چونگی ادا کر دی گئی ہے ، بعض وقت محاصل حاصل کرنے کے لیے بھی ایسا کیا جاتا ہے ؛ اشٹام ؛ ڈاک کا ٹکٹ ؛ دباؤ ڈال کر کٹائی کرنے والا اوزار ؛ کسی شے یا شخص کی مخصوص چھاپ (جیسے : the stamp of genius) ؛ مخصوص وضع یا چلن (جیسے : man of the same stamp) ۔ (فلزیات) دھاتوں کو کوٹ کوٹ کر سفوف کر دینے والا موسل ۔

to stamp out, بجھا دینا (پاؤں مار کر) جیسے آگ کو ؛ نابود کر دینا ؛ جڑ سے اکھاڑ دینا ؛ کسی بغاوت وغیرہ کو بزور شمشیر دبا دینا یا ختم کر دینا ۔

stampede, n. افراتفری ، جانوروں کے جھنڈ میں جیسے مویشی ، گھوڑوں ، ہاتھیوں میں ڈر کی وجہ سے دفعتاً بھگدڑ یا سرپٹ دوڑ ؛ کوئی عام بھگدڑ جیسے خوف و ہراس میں فوجیوں کی ؛ بے سوچے سمجھے کی حرکت ؛ کسی مشترک جذبے کے تحت بل چل ؛ بڑبڑی ۔ (فعل لازم) بڑبڑا کر ، کھلبلا کر بھاگ اٹھنا ، جیسے مویشی یا انسانوں کا ؛ کسی مشترک جذبے کے تحت انسانوں کا ایک دم بھاگ پڑنا ۔ (فعل متعدی) کھلبلا دینا ؛ بڑبڑ مچا دینا ؛ہل چل مچا دینا ۔

stampeder, n. بھگدڑ مچانے والے انسان یا جانور ۔

stampedingly, adv. بڑبڑاتے ہوئے بھاگنا ۔

stamper, n. موسل ؛ وہ شخص یا شے جو کوٹتی ہے ؛ کوٹنے والی کوئی موسلی ؛ موگری یا مشین کوب ؛ مشین میں ایک چھوٹی سی موسلی ؛ مہریں لگانے والا ؛ ٹکٹوں کو مہر زدہ کرنے والا ؛ مہر زن ۔

stamping ground, n. انسانوں یا حیوانوں کی مانوس اٹھنے بیٹھنے کی جگہ یا معمول کا ٹھکانا (جہاں وہ بے تکلفی سے وقت کاٹتے ہوں) ۔

stamp mill, quartz battery, n. (فلزیات) کوب مشین ؛ اوکھلی ؛ وہ کل یا مشین جس میں موگریوں سے دھات کوٹی جاتی ہے اور اسے چورا چورا کیا جاتا ہے ؛ چھڑنی ۔

stance, n. انداز ؛ رویہ ؛ نقطۂ نظر ؛ کھڑے ہونے یا جسم کو ایک خاص وضع میں رکھنے کا انداز ؛ کسی کے بارے میں مخصوص جذباتی یا ذہنی رویہ ۔ (کھیل) کھیلتے ہوئے کسی کھلاڑی کا اپنے پاؤں یا اپنے جسم کو کسی خاص انداز میں سے رکھنے کی کیفیت ۔

stanch, staunch, v.t. کسی سیال شے کا بہاؤ روکنا بالخصوص خون کا ؛ زخم سے خون کے بہنے کو بند کرنا ؛ جریان روکنا ۔

stancher, n. خون روک ؛ بہاؤ روک ؛ جریان روک ۔

stanch, a. دیکھیے : Staunch ۔

stanchion, n. عمودی سلاخ ، شہتیر ، کھمبا یا سہارا ، جیسا کسی کھڑکی ، اصطبل یا کسی عمارت وغیرہ کے ڈھانچے یا کسی جہاز میں یا اس پر ہوتا ہے ؛ کھڑ ڈنڈا ؛ تھونی ؛ تھم ۔ (فعل متعدی) تھونیاں/تھم لگانا ؛ تھونیاں لگا کر محفوظ بنانا ۔

stand, v.i. پاؤں کے بل سیدھا کھڑا ہونا ؛ کھڑی حالت میں کوئی خاص لمبائی رکھنا (جیسے : He stands six feet in socks) ؛ حرکت کرنے سے گریز کرنا ؛ رک جانا ؛ ٹھہر جانا ؛ کسی کے

مطابق وضع اختیار کرنا (جیسے : to stand aside or back) ؛ کسی مقصد میں مستقل مزاج اور پختہ عزم رہنا ؛ کسی مسئلے میں یا دوسروں کے متعلق اپنا ایک مخصوص رویہ رکھنا ؛ حمایت ، طرف داری ، مخالفت یا مزاحمت کی خاص راہ اختیار کرنا ؛ چیزوں کی طرح سیدھا ہونا ؛ ایک سرے پر کھڑا کرنا ؛ کسی چیز کا سہارا لیے ہونا ؛ کسی کے بل ہونا ؛ کسی جگہ جانا ، رکھنا یا نصب کرنا ؛ کسی محل وقوع پر ہونا یا واقع ہونا ؛ کسی خاص درجے پر ہونا ، میزان پیمایش میں یا مالیت کے لحاظ سے (جیسے : the temperature stands at 80°) ؛ متعلقہ پوزیشن واضح کرنا (جیسے : The score stands 14 to 12 at the quarter) ؛ تبدیلی ، انحطاط یا تباہی کا مقابلہ کرنا ؛ نافذ العمل یا برقرار رہنا (جیسے : The rule still stands) ؛ پانی وغیرہ کا ایک جگہ رکا ہوا رہنا ؛ کسی ایک ہی مخصوص حالت یا صورت ، کیفیت یا جگہ میں رہنا (جیسے : He stood alone in that opinion) ؛ شکاری کتے کا شکار کی نشان دہی کرنا ۔ (برطانوی) کسی سیاسی عہدے کے لیے انتخابی امیدوار ہونا ۔ (جہاز رانی) کسی خاص سمت میں جانا یا سمندر میں کوئی راستہ اختیار کرنا ۔ (فعل متعدی) کھڑا کرنا ؛ کسی چیز کو سیدھا جمانا ؛ سامنا کرنا یا مقابلہ کرنا (جیسے : to stand an assault) ؛ برداشت کرنا ، جھیلنا یا تسلیم کر لینا (جیسے : to stand trial) ؛ ٹھیک حالت میں رہنا یا بغیر کسی نقصان یا خرابی کے گزر جانا یا کمزوری نہ دکھانا (جیسے : Material that will stand wear) ؛ کسی کے ساتھ نباہنا ؛ کسی کو برداشت کرنا ۔ (بول چال) خرچ کرنا (جیسے : to stand him to a dinner) ۔ (اسم) سیدھا کھڑا ہونے یا سیدھا ہونے کی کیفیت ؛ اقامت ، سکون ، ٹھہراؤ ، قیام ؛ کسی چیز کے خلاف یا اس کی خاطر غیر متزلزل کوشش جیسے پسپا ہونے والی فوج کی دفاع یا مزاحمت کے خلاف ؛ دوسروں کے متعلق یا کسی شے کے متعلق کسی خاص رویے کا اظہار ؛ قیام گاہ ؛ مقام ؛ عدالت میں وہ کٹہرا جہاں گواہ شہادت کے وقت کھڑا ہوتا ہے ۔ نیز : witness stand ۔ (عموماً جمع) وہ چبوترے یا جگہیں جو گھڑ دوڑ ، کھیل کے میدان یا پریڈ کے راستے پر یا خطابت کے موقع پر تماشائیوں کے واسطے بنائی جائیں ؛ وہ چوکھٹا یا ڈھانچا جس میں نمایش کے لیے چیزیں رکھی گئی ہوں (جیسے : a wash stand) ؛ دو مختلف اشیا رکھنے کے لیے بنی ہوئی کوئی چیز ؛ چھوٹی ہلکی میز ؛ کاروباری اڈا ؛ کرائے کی موٹروں وغیرہ کے کھڑے ہونے کا اڈا ؛ میز ، بوتھ ، اسٹال وغیرہ (جیسے : a fruit stand, news stand) ؛ کسی مخصوص علاقے میں نمو پذیر درخت یا کسی مخصوص قسم اور نوعیت کے درخت ؛ کھڑی فصل ، گندم یا گھاس کی ؛ کسی تھیٹر کمپنی کا سفر میں کسی جگہ عارضی قیام (جیسے : a one-night stand) ۔

stand a chance or a show, امکان ہونا (خصوصاً جیتنے کا یا زندہ بچ رہنے کا وغیرہ) ۔

stand for, کسی کی علامت ہونا ؛ کسی کی ترجمانی کرنا یا نمائندگی کرنا ؛ نباہنا یا گوارا کرنا ۔

stand on, اپنی حیثیت کو کسی پر منحصر رکھنا ؛ کسی پر بھروسا رکھنا یا منحصر ہونا ؛ رسم پرست ہونا ؛ اپنے حقوق پر زور دینا یا ان کا احترام چاہنا ۔ (جہاز رانی) ایک ہی راستے پر چلتے رہنا (جہاز کا) ۔

stand over, سوچ بچار ؛ تصفیے یا عہدہ برآ ہونے کے لیے ملتوی کرنا ۔

stand to reason, عقل و دلیل کے مطابق ہونا ۔

stander, n. کھڑا ہونے والا ؛ مستحکم ۔

standard, n. معیار ؛ معیاری چیز ؛ کسی چیز کو اجتماعی اصول کے مطابق مماثلت کی بنیاد یا مسلمہ جانچ کے مطابق قرار دینے کا عمل ؛ معیاری اکائی (وزن یا ناپ کی) ؛ سکوں کی ذاتی قدر کی قانونی شرح ؛ سونے یا چاندی کے خالص ہونے کی سرکاری یا معیاری حد ؛ کوئی جنس جسے باہمی لین دین کے معاملے میں غیر متبدل قیمت کا اور دوسری جنسوں کے لیے معیار سمجھا جائے ، جیسے سونا'چاندی ؛ عمدگی یا ترقی کا وہ حصہ یا مقام جسے درست یا موزوں گردانا جاتا ہو (جیسے : the standard of living in a community) ؛ کوئی چیز جو سیدھی وضع کی ہو ، جیسے موم بتی ، بلی یا لکڑی ، بانس وغیرہ ۔ (گل بانی) کوئی روئیدگی جس کا تنا اونچا ، سیدھا ہو اور وہ کسی کا سہارا لے کر اوپر نہ اٹھے اور نہ جھاڑی کی طرح پھیلی ہوئی ہو ۔ (نباتیات) پھلی دار پودوں کے پھولوں کی بالائی چوڑی پنکھڑی ؛ لوا ۔ (طیوریات) پرندے کے بازو کا لمبا پر ؛ پرچم ؛ جھنڈا ، علم وغیرہ جسے بلی پر بلند کیا جائے یہ بتانے کے لیے کہ یہ کسی فوج یا بحریہ کا مرکز اجتماع ہے ؛ علم بردار سپاہی ۔ (برطانوی) حصول تعلیم کے مدارج میں سے کوئی ایک درجہ جس سے اسکول کے طالب علموں کی درجہ بندی ہوتی ہو ۔ (صفت) بالائی اسمی صورت کی تمام وصفی صورتیں ؛ کسی ایسے معیار کے مطابق اور اس پر پورا اترنے والا ؛ مسلمہ عمدگی یا مسلمہ اقتدار کے مطابق ؛ مستقل یا سیدھا ۔ (گل بانی) بالکل سیدھی نمو رکھنے والا ، جیسے معیار،وزن یا پیمایش ؛ معیاری تقابل ، اندازہ وغیرہ ۔

standard-bearer, n. سربراہ ؛ کسی تحریک کا نمایاں لیڈر ۔ (عسکری) فوج میں وہ شخص جو اپنے دستے کا پرچم بردار ہوتا ہے ؛ گاؤ دُم جھنڈا ؛ کسی جلوس کے آگے علم اٹھائے چلنے والا ؛ ایک افریقی پرندہ جو پشہ خوار نوع سے تعلق رکھتا ہے ۔

standardbred, n. (عموماً بڑے S سے) اچھی نسل کا گھوڑا ؛ تازی گھوڑا ؛ تیز رفتار گھوڑوں کی ایک نسل جو دلکی اور قدم باز چال میں مشہور ہے اور ان کی قوت برداشت بھی اچھی ہوتی ہے ۔ (صفت) اچھی نسل کے گھوڑوں کے تعلق سے ۔

standard candle, n. روشنی کی شدت کا اندازہ لگانے کی بین الاقوامی معیاری اکائی ۔ (طبیعیات) ضیائی شدت جو ۱۷۷۳٫۵ ڈگری سنٹی گریڈ پر گرم کیے گئے سیاہ جسم کے ایک مربع سنٹی میٹر کی ضیائی شدت کے ساٹھویں حصے کے برابر ہوتی ہے ، اس درجۂ حرارت پر پلاٹینم میں ٹھوس پن آ جاتا ہے ۔

standard deviation, n. (شماریات) معیاری انحراف ؛ کسی تعددی تقسیم کے اپنے حسابی اوسط کے گرد پھیلاؤ کے درجے کا پیمانہ جو تقسیمی اوسط سے انحراف کے مربع کی اوسط کے جذر کے مساوی ہے ۔

Standard English, n. معیاری انگریزی ؛ انگریزی زبان کے لسانی نمونے (زبانی اور تحریری) جن کو تعلیم یافتہ اور اہل گفتار نے انگریزی کو مادری زبان کے طور پر برتتے ہوئے تسلیم کیا اور استعمال کیا ہے ۔

standard gauge, n. (ریلوے) معیاری پٹڑی ؛ ریل کی پٹڑی کی معیاری پیمایش ؛ ریل پٹڑی کی چار فٹ ساڑھے آٹھ انچ چوڑائی جو معیاری سمجھی جاتی ہے ؛ کوئی ریل گاڑی یا انجن جو اس معیاری پیمایش کی پٹڑی پر چلتی ہو ؛ وہ مقیاس جس سے اوزاروں کے معیاری سائزوں

کا تعین کیا جاتا ہے۔

standardize, v.t. معیار کے مطابق بنانا یا ہو جانا ؛ معیاری کرنا ؛ کسی مسلمہ معیار کی مطابقت کرنا ، جیسے سائز ، ساخت ، وزن ، نوعیت یا قوت (جیسے : to standardize manufactured articles or parts) ؛ کسی معیار یا پیمانے کے حوالے سے جانچ کرنا یا مقابلہ کرنا ؛ معیار بندی کرنا ؛ استناد کرنا۔

standard of living, standard of life, n. معیار زندگی ؛ مادی اشیا کی وہ مقدار اور وہ خوبی مع بعض دیگر سہولتوں کے جس کی کسی شخص ، گروہ ، جماعت یا قوم کو ضرورت ہوتی ہے اور جنھیں زندگی بسر کرنے کے لیے کام میں لایا جاتا ہے (اگرچہ اپنے اپنے انداز کے مطابق)۔

standard time, n. معیاری وقت ؛ شمسی وقت کا وہ اوسط جو سورج کے ایک مخصوص طول پر گزرنے میں صرف ہوتا ہے ؛ اس کو نصف النہاری وقت بھی کہا جاتا ہے اور یہ ایک بڑے علاقے یا میقاتی منطقے میں رائج ہے ؛ کسی منطقے کا مقامی وقت جو انگلستان کے گرینچ کے بنیادی طول البلد کے تقریباً °۱۵ کے حاصل ضرب پر مشتمل ہوتا ہے کیونکہ °۱۵ درجے کا ہر طول البلد ایک گھنٹے کا تفاوت پیدا کر دیتا ہے ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں ۷۵ طول البلد کا مقامی وقت°۶۷ء۵ اور °۸۲ء۵ مغربی طول البلد کے درمیان استعمال ہوتا ہے اور اس کو مشرقی معیاری وقت (E.S.T) کہا جاتا ہے ؛ ۹۰ طول البلد کا مقامی وقت °۸۲ء۵ اور °۹۷ء۵ مغربی طول البلد کے درمیان رائج ہے جس کو مرکزی معیاری وقت (C.S.T) کہا جاتا ہے ؛ ۱۰۵ طول البلد کا مقامی وقت °۹۷ء۵ سے °۱۱۲ء۵ مغربی طول البلد کے درمیان رائج ہے جس کو ماؤنٹین معیاری وقت (M.S.T) کہتے ہیں ؛ °۱۲۰ طول البلد کا وقت °۱۱۲ء۵ سے °۱۲۷ء۵ مغربی طول البلد کے درمیان استعمال ہوتا ہے جس کو بحرالکاہلی معیاری وقت (P.S.T) کہا جاتا ہے۔

stand by, v.t. کسی شخص کا ساتھ دینا ؛ کسی کی مدد کرنا یا حمایت کرنا ؛ کسی معاہدے یا قول کا پاس کرنا ؛ کسی عقیدے کا ایجاب کرنا یا اس پر قائم رہنا۔ (فعل لازم) قریب یا پاس کھڑے ہونا ، موجود ہونا ؛ تیار رہنا ؛ ایک طرف کھڑا ہو جانا ؛ چپکے سے منتظر رہنا ؛ مستعد رہنا۔ (ریڈیو ، ٹی وی) نشری تعمیل کے لیے اشارے کا منتظر ہونا ؛ نشری خلل کی صورت میں بھی ریڈیو یا ٹی وی کو چلائے رکھ کر پروگرام کا منتظر رہنا۔

standby, n. مستعد ؛ وہ جو کسی کے پاس اعانت کے لیے موجود ہو ؛ کسی شخص یا شے کا پکا حمایتی یا ساتھ دینے والا ؛ کوئی شے یا شخص جس پر بھروسا کیا جا سکے ؛ وہ صورت حال جس میں کسی شے یا شخص کو تیار رکھا جاتا ہے کہ ضرورت پڑے تو پیدا ہونے والی کمی یا خالی نشست کو اس سے پورا کر لیا جائے جیسے ہوائی جہاز وغیرہ میں (اس سے پہلے عموماً on لگاتے ہیں)۔ (ریڈیو ، ٹی وی) نشریات میں وہ پروگرام یا شخص جسے شیڈول میں گڑبڑ ہو جانے کی صورت میں متبادل کے طور پر تیار رکھا جاتا ہے۔ (صفت) ضرورت پڑ جانے پر کام دینے کے لیے رکھا ہوا۔

stand down, v.i. (قانون) گواہی کے کٹہرے سے چلے جانا۔

standee, n. (بول چال) کسی عوامی سواری یا تھیٹر میں جگہ خالی نہ ہونے کے باعث کھڑا رہنے والا۔

stand-in, stand in with, n. متبادل اداکار ؛ وہ شخص جسے اس کام پر مامور کیا گیا ہو کہ وہ کسی فلمی اداکار کا اس وقت متبادل بنے جب کوئی خطرناک اقدام ممکن ہو یا جب کیمرے اور روشنیاں درست کی جا رہی ہوں ؛ قائم مقام ؛ متبادل۔ (بول چال) پسندیدہ اور بارسوخ حیثیت۔ (فعل لازم) متبادل کے طور پر اداکاری کرنا۔ (بول چال) کسی کے اثر سے یا عنایت سے فائدہ اٹھانا ؛ کسی کے ساتھ شراکت دار ، رفاقت کار یا سازش دار ہونا۔

standing, n. مقام یا منصب ، معاشرتی پیشہ ورانہ یا ذاتی ناموری کے حوالے سے (جیسے : His standing as a lawyer) ؛ نیک نامی ؛ خوش مقامی یا ساکھ ؛ موجودگی ، تسلسل ، رہایش ، رکنیت یا تجربے کی طوالت (جیسے : a friend of long standing) ؛ ایستادگی یا قیام کی حالت۔ (کھیل) کھیل کے کسی خاص عرصے میں ٹیموں یا فرداً فرداً مقابلوں میں حصہ لینے والوں کی کارکردگی کے مطابق درجہ بندی۔ (صفت) راست ایستادہ ؛ ایستادہ ہونے کی حالت میں کیا گیا (جیسے : a standing jump) ؛ غیر متحرک ؛ ساکن ؛ کھڑا (پانی) ؛ غیر محدود عرصہ تک جاری ، دائم یا رہنے والا ؛ زیر عمل ، نافذ یا زیر استعمال (جیسے : a standing rule)۔

standing army, n. عساکر قائمہ ؛ مسقل فوج ؛ قائم فوج۔

standing committee, n. مجلس قائمہ ؛ مستقل طور سے تشکیل دی گئی چند افرادی مجلس (عارضی) ؛ ایڈہاک کے برعکس۔

standing crop, n. کھڑی فصل ؛ ان کٹی فصل (وہ فصل جو کاٹی نہ گئی ہو یا ویسے ہی کھیت میں چھوڑ دی گئی ہو)۔

standing order, n. (عسکری) عمل درآمدی طریق کار کے بارے میں نسبتاً پکا حکم۔ (پارلیمانی قانون) کسی اسمبلی کے تمام اجلاسوں میں ملحوظ رکھے جانے والے ضوابط کے بارے میں قائم احکام ؛ مستقل حکم۔

standing room, n. کھڑا ہونے کی جگہ ؛ صرف کھڑے ہو سکنے کی گنجایش (تھیٹر میں جہاں سب نشستیں پُر ہو چکی ہوں)۔

standing wave, n. (طبیعیات) مقیم موج ؛ کسی طبیعی مظہر جیسے ہلتے ہوئے پنڈولم کی اہتزازی حرکت کی ترسیمی وضاحت ؛ کسی داب پذیر شے پر چالو ارتعاش گر کا مادی طور پر نظر آنے والا اثر (جیسے کہ ''سائرن'' پر)۔

standish, n. (قدیم) قلم دان ؛ دوات ؛ قلم اور دوسرے آلات نوشت کے لیے بنی ہوئی کوئی چیز۔

stand off, v.t. ٹال دینا ؛ کترانا ؛ کسی کیے گئے اقرار نامے سے پھر جانا یا اس پر عمل کرنے سے مکر جانا۔ (فعل لازم) قدرے فاصلے پر رہنا۔ (جہاز رانی) ایسی راہ اختیار کرنا جو ساحل سے دور ہو۔ (اسم) دور باشی ؛ کسی کھیل میں قرعہ اندازی یا برابری ؛ کوئی شے جو کسی اور کا توڑ ہو۔ (صفت) فاصلے پر ؛ دور ؛ الگ تھلگ۔

stand-offish, a. الگ تھلگ سا ؛ کسی سے نہ کھلنے والا ؛ غیر دوستانہ ؛ بے مروت ؛ اکل کھرا۔

stand-offishness, n. بے مروتی ؛ روکھائی ؛ اکل کھرا پن۔

stand oil, n. خشکاندہ روغن ؛ ایک خشک کن تیل ، یہ السی کے تیل اور روغن چوب کے آمیزے کو گاڑھا کر کے تیار کیا جاتا ہے اور طباعتی روشنائی ، پینٹ اور وارنش وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے۔

stand out, v.i. باہر کو نکل آنا ؛ آگے کو بڑھ جانا ؛ ابھرا ہوا یا نمایاں دکھائی دینا (پہاڑی سلسلے میں) ؛ سبقت لے جانا ؛

گرفت دو ہو۔

stanza, n. (عروض) بند ؛ چند مصرعوں (عموماً چار یا اس سے زیادہ) کا بند جو ایک ہی بحر اور وزن میں ہو اور کسی نظم کا ایک حصہ ہو۔

stanzaed, a. بندوں پر مشتمل ۔

stanzaic, stanzaical, a. متعلق بہ بند۔

stanzaically, adv. بندوں کی صورت لیے ہوئے۔

stapelia, n. دودھ والی بوٹیوں میں سے کوئی ایک جو اسی جنس میں سے ہیں اور جنوبی افریقہ کی مقامی ہیں ، ان کے ڈنٹھل چھوٹے ، پلے پلے سے اور بے برگ ہیں ، پھولوں کا رنگ متنوع اور بے ڈھب ہوتا ہے ، بعض اقسام میں سے ایک خاص قسم کی گندی ، مردار کی سی بو آتی ہے ۔

stapes, n. (تشریح الاعضا) رکیب ؛ رکابی ہڈی ؛ میمل جانوروں کے کان کے وسطی حصے کی تین ہڈیوں میں سب سے اندر والی ہڈی ۔

stapedial, a. کان کی ہڈی کے متعلق ۔

staph, n. دیکھیے : Staphylococcus ۔

staphylococcus, staph, n. (جرثومیات) مکروب عنبی ؛ عنبی نبقہ ؛ بے قاعدہ طریقے سے جھرمٹ بنا کر رہنے والے جراثیموں میں سے کوئی ایک ؛ ان میں سے ''اوریوس'' نوع سوزش اور پیپ کا موجب ہوتی ہے ۔

staphylococcic, staphylococcal, a. پیپ جرثومہ کا ۔

staple, n. کنڈا ؛ قلابہ ؛ دھات کی بنی ہوئی چھوٹی سی کڑی جس کے دونوں سرے نوکیلے ہوتے ہیں تا کہ وہ کسی چیز میں گاڑے جا سکیں ؛ اس قسم کی (کسی اور مقصد کے لیے بنائی گئی) کوئی اور چیز ؛ کسی تار کا مڑا ہوا ٹکڑا (کاغذات ، جرائد یا کسی کتاب کے اجزا کو یک جا رکھنے کے لیے) ؛اسٹیپل ۔ (فعل متعدی) اسٹیپل وغیرہ سے باندھنا یا اکٹھا رکھنا ۔

stapler, n. جکڑ بند ؛ جلد سازی میں استعمال ہونے والی ایک مشین جو تار کے ٹانکے لگاتی ہے ؛ ہاتھ کے ذریعہ کاغذوں کو اسٹیپلوں سے باندھنے کا آلہ ؛ تار آلہ ۔

staple, n. (عموماً جمع) کوئی ضروری یا بنیادی شے (خصوصاً خوردنی جیسے شکر) ؛ کسی ملک ، علاقے یا قصبے میں زیادہ تر ہونے یا بنائی جانے والی شے ؛ کسی چیز کا جزو اعظم ؛ خام یا مصنوع مال ۔ (پارچہ بافی) اون ، کپاس یا سن کا دھاگا یا گچھا (جیسے : wool of a long staple) ۔ (قدیم) وہ مقام جہاں بعض اشیا (خصوصاً اون) فروخت کے لیے لے جایا کرتے تھے ؛ مستقل منڈی ؛ بازار ؛ فروش گاہ ۔ (صفت) تجارت میں مسلّم (جیسے : a staple trade) ؛ اہم ؛ خاص ؛ منڈی کے لیے باقاعدگی سے تیار کی جانے والی یا بنائی جانے والی ۔ (فعل متعدی) اُون وغیرہ کے ریشوں کو چھانٹنا یا قرینے سے پک جانا ۔

stapler, n. پشم فروش ؛ اہم اجناس کا بیوپار کرنے والا ؛ قسم کے لحاظ سے اون کو الگ الگ کرنے والا ۔

star, n., a. ستارہ ؛ تارہ ؛ کوکب ؛ نجم ؛ آسمان پر رات کو چمکنے والی کوئی شکل جس کی روشنی بظاہر متعین ہو ؛ چاند ، سیاروں ، شہابوں ، دمدار ستاروں اور سحابیوں کے سوا ، رات کو چمکنے والا کوئی جرم فلکی ؛ سورج کی طرح اجرام فلکی میں سے کوئی خود تاب ۔ (علم نجوم) کوئی وجود تاباں جس کے بارے میں خیال

مقابلے پر ڈٹے رہنا ۔ (عوامی) اکثریت کی ماننے سے انکار کر دینا ۔

standout, stand-out, n. نمایاں ؛ ممتاز ؛ نامور (خصوصاً اپنی فضیلت کی بنا پر) ۔

stand-pat, a. (بول چال) کسی تبدیلی کے بارے میں سوچنے یا اس پر اتفاق کرنے سے انکار کرنے والے مزاج کا ۔

standpatter, n. تبدیلی کی مزاحمت کرنے والا ۔

stand pipe, n. کھڑا نل ؛ (آگ بجھانے کے لیے) نل یا پانی کی ٹنکی جس میں پانی اوپر پہنچایا جاتا ہے تا کہ مناسب دباؤ کے لیے مطلوبہ سطح حاصل ہو جائے ۔

standpoint, n. نقطۂ نظر؛ کسی کے بارے میں اپنا نظریہ ؛ وہ ذہنی رویہ جس کے مطابق کوئی شخص چیزوں کو دیکھتا اور ان کے متعلق کوئی رائے قائم کرتا ہے ۔

standstill, n. بے حرکت کھڑے ہونے کی حالت ؛ کسی اقدام یا حرکت کی موقوفی ؛ رکاؤ ؛ توقف ۔

stand-up, a. سیدھے کھڑے ہونے کی حالت ؛ بالکل سیدھا؛ یوں کلف لگایا ہوا کہ کوئی سلوٹ نہ رہ گئی ہو (کالر وغیرہ میں) ؛ اس بذلہ سنج اداکار کے متعلق جو اسٹیج پر خود کلامی کرتا ہے ۔ (فعل لازم) سالم یا ثابت رہنا ؛ دباؤ میں ڈٹے رہنا ؛ سیدھی راہ اختیار کرنا ۔ (فعل متعدی) (بول چال) کسی کے ساتھ پیمان ملاقات کر کے یا وقت لے کر اس پر پورا نہ اترنا ۔

stand up for, نکتہ چینی کے خلاف کسی کا ساتھ دینا ، حمایت کرنا ، مدافعت کرنا ، کسی بیاہ کی تقریب میں دلہا یا دلہن کا شہ بالا یا شہ بالی بننا ۔

stand upto, دلیری سے سامنا کرنا یا نمٹنا ۔

Stanford-Binet test, Stanford revision, n. (نفسیات) سوالات اور خوش ادائیگی کے حوالے سے ذہنی آزمایش کا سلسلے وار مقابلہ ، یہ ۱۹۱۶ء میں اسٹینفورڈ یونیورسٹی (امریکا) میں فرانسیسی بینے سائمن کے مقیاس ذہانت کا نظر ثانی شدہ امریکی سلسلہ تھا؛ اس ذہنی آزمایش کی مزید ترمیمی صورتیں ۔

stanhope, n. دو یا چار پہیوں والی سُبک وزن گاڑی جس پر چھت نہیں ہوتی ہے اور پیچھے سے بند اور اونچی نشست ہوتی ہے ؛ بے چھت بگھی ۔

stanine, n. رجحان شناسی کا مسلمہ معیاری سلسلہ جو مفرد اکائی کے اعداد پر مشتمل ہوتا ہے اور ادنیٰ ترین یعنی ایک سے شروع ہو کر بیش ترین یعنی ۹ تک جاتا ہے ، پانچ سے اوسط مراد لیتے ہیں ، اسے پہلی دوسری جنگ عظیم میں ریاستہائے متحدہ امریکا کی فضائیہ کے لیے تیار کیا گیا تھا ۔

stannary, n. وہ علاقہ جہاں قلعی کی کانیں ہوں ؛ قلعی کی کان ؛ قلعی سوندھنے والی جگہ ۔

stannic, a. قلعی سے متعلق ؛ قلعی کا ؛ وہ قلعی جس کی گرفت (Valence) چار ہو ۔

stannite, tin pyritis, n. چقماق قلعی ؛ ایک دانے دار معدن ، اس کا رنگ لوہے کی طرح سیاہ یا فولاد کی طرح خاکستری یا کانسی کی طرح زرد ہوتا ہے ، اس میں بیشتر قلعی ، تانبے اور لوہے کے سلفائیڈ ہوتے ہیں اور دھاتی چمک ہوتی ہے ۔

stannous, a. قلعی سے متعلق مرکب ؛ وہ قلعی جس کی

کیا جاتا ہو کہ وہ کسی انسان کی زندگی پر منفی یا مثبت اثر ڈال سکتا ہے ؛ ستارے سے مشابہ کوئی شے ؛ کوئی شکل جس کی نوکیں اس طرح ہوں جیسی پہیے کی تیلیاں ؛ منصب یا اعزاز نمائی کا کوئی نشان (جو ستارے کی شکل کا ہوتا ہے) ؛ تحریر یا طباعت میں کسی جگہ ستارے جیسا ڈالا گیا نشان جو کوئی حوالہ لیے ہوتا ہے یا اس بات کا اشارہ کہ اس جگہ کوئی اندراج رہ گیا ہے یا کسی خانہ پری کی صورت ہے ؛ نجمہ ؛ کوئی ممتاز ، معروف یا اہم شخص ؛ کسی مخصوص میدان میں نام پیدا کرنے والا ؛ غنائی تمثیل یا تھیٹر وغیرہ میں خوب نمایاں شخص؛ فلمی اداکار ۔ (فعل متعدی) ستارے جڑنا ؛ ستاروں سے سجانا ؛ تارے کا نشان لگانا تا کہ اس جگہ نگاہ ضرور رکے ؛ بڑے اداکار کی حیثیت سے کام کرنا ۔ (فعل لازم) تارے کی طرح چمکنا ؛ نامور ہونا ؛ کم درجے کے اداکاروں والے تھیٹر میں نامور اداکار کی حیثیت سے سامنے آنا ۔

starless, a. بلا ستارہ (آسمان) ؛ بلا اعزاز ۔

starlike, a. ستارہ نما ۔

star apple, n. ستارہ سیب؛ جزائر غرب الہند کا ایک درخت جس کا خوردنی پھل سیب جتنا اور اندر سے ستارے کی شکل کا ہوتا ہے ۔

starboard, n. (جہاز رانی) جہاز کا دایاں پہلو ، پیش جہاز کی طرف دیکھتے ہوئے : بندرگاہ کے برعکس ۔ (صفت) جہاز کے دائیں پہلو سے متعلق یا اس طرف واقع ۔ (متعلق فعل) دائیں پہلو کی طرف ۔ (فعل متعدی و لازم) دائیں جانب کو جہاز کا رخ موڑنا ۔

starch, n. نشاستہ ؛ میدہ ؛ غلے وغیرہ کی مہین پسائی ؛ ایک سفید بے ذائقہ نشاستہ دار غذا جو چھوٹے چھوٹے دانوں کی شکل میں بیجوں ، پھلیوں اور درختوں کے دوسرے حصوں میں پائی جاتی ہے ، یہ چاول ، مکئی ، گندم ، پھلیوں ، آلو اور بہت سی دوسری غذائی ترکاریوں کا ایک اہم جزو ہے ؛ اس مواد کا ایک تجارتی مرکب جسے دھلائی کے بعد کپڑوں کو سخت کرنے اور تجارتی مقاصد میں استعمال کرتے ہیں ؛ کلف ۔ (مجازاً) اکڑ یا رکھ رکھاؤ ؛ تکلف داری ۔ (بول چال) سکت ؛ توانائی ؛ قوت حیات ۔ (فعل متعدی) اکڑانا ؛ کلف لگانا ۔ (مجازاً)نہایت رسمی یا پرتکلف بنانا ۔

starchiness, a. سرد مہری ؛ کم آمیزی ؛ کھڑا پن ۔

starchy, a. کلف دار؛ پابند آداب ؛ پرتکلف ۔

Star Chamber, n. اسٹار چیمبر ؛ ماضی میں دیوانی اور فوجداری مقدمات کی سماعت کرنے والی برطانوی عدالت جس کا تعلق تاج برطانیہ سے ہوتا تھا ، اسے ۱۶۴۱ء میں توڑ دیا گیا تھا ؛ کوئی کمیٹی یا ٹربیونل جو استبدادی یا ناجائز طریقے استعمال کرے ۔

star-crossed, a. بداختر ؛ وہ شخص جو ستاروں کے اچھے اثرات سے محروم ہو (جیسے : star-crossed lovers) ۔

stardom, n. فلمی دنیا ؛ کھیل یا فلمی ستاروں کی دنیا ؛ کسی فلمی ستارے کا منصب ۔

star dust, n. کہکشاں ؛ ستاروں کا وہ جھرمٹ جو دیکھنے میں اتنا باریک ہو کہ گرد کے ذرات کے مانند نظر آئے ؛ افشاں ۔ (بول چال) خوابناک ؛ رومانی ؛ طلسمی کیفیت مزاج ۔

stare, v.i. ٹکٹکی باندھے دیکھنا ؛ بہت نمایاں نمایاں سا ہونا ؛ بہت کی نظروں میں ہونا ؛ رونگٹوں کا اس طرح کھڑے ہو جانا جیسے پر یا بال ؛ ستایش ، تعجب ، خوف یا شوخ چشمی کے ساتھ نظریں گاڑنا ۔ (فعل متعدی) ٹکٹکی باندھ کر کسی کو مضطرب یا پریشان کرنا ؛ گھورنا ؛ کسی کو دیکھتے ہی چلے جانا ؛ دل کی چاہت کے ساتھ دیکھنا ۔ (اسم) ٹکٹکی ؛ تاک ۔

starer, n. گھور کر دیکھنے والا ؛ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنے والا ۔

stare decisis, n. (قانون) نظیری فیصلے ؛ یہ نظریہ کہ سابقہ عدالتی فیصلوں میں روا رکھے گئے اصولوں کی مطابقت کی جانی چاہیے تاوقتیکہ وہ فیصلے انصاف کے بنیادی تصورات کی نفی نہ کرتے ہوں ۔

star facet, n. کسی تراشیدہ ہیرے کے آٹھوں پہلوؤں میں سے کوئی ایک پہلو ۔

starfish, n. نجم البحر ؛ ستارا مچھلی ؛ ایک مچھلی جس کی بناوٹ پر ستارے کا گمان ہوتا ہے ۔

starflower, n. ستارہ پھول ؛ وہ پودا جس کے پھول ستارے کی طرح پہلودار ہوں ۔

stargaze, v.i. ستارہ بینی کرنا ؛ ستاروں کی طرف دیکھتے جانا ۔ (مجازاً) دن کو سپنوں میں کھوئے رہنا ۔

stargazing, n. ستارہ بینی ؛ نجوم ۔

stargazer, n. ستاروں کی طرف دیکھتے رہنے والا ؛ نجومی ؛ نمکین پانی کی مچھلی (اس کی چھوٹی چھوٹی آنکھیں سر کے اوپر کی جانب ہوتی ہیں اور یوں لگتا ہے جیسے ستاروں کو دیکھ رہی ہیں) ۔ (مجازاً) عالم خیالات میں گم ؛ شیخ چلی ؛ دن کو سپنوں میں گم رہنے والا ۔

star grass, n. ستارہ گھاس ؛ وہ گھاس جس کے پھول ستاروں کی طرح پہلو دار ہوں یا پتوں کی ترتیب اس طرح کی ہو ۔

stark, a. محض ؛ نرا یا سراسر (جیسے : stark nonsense) ؛ نظر پر گراں ؛ اجاڑ منظر ؛ سادہ یا بلا تصنع ؛ بے لچک اور اکڑا ہوا (مردے کی طرح) ۔ (متعلق فعل) تماماً ؛ پوری طرح ؛ مکمل طور پر ۔

starkly, adv. اکڑاہٹ لیے ہوئے ۔

starkness, n. سادگی ؛ بے رونقی ۔

starlet, n. نئی ابھرتی ہوئی نوخیز اداکارہ جسے مستقبل کی فلم اسٹار بن کر چمکنے کے لیے تربیت دی جا رہی ہو ۔ (فلکیات) ستارچہ ؛ ننھا سا تارہ ۔

star light, n. ستاروں کی روشنی ۔ (صفت) ستاروں سے منور ۔ نیز : Star lit ۔

starling, n. شارق ؛ مینا ؛ شاخ نشین پرندوں میں سے کوئی ایک ؛ عام اور غول پسند پرندے جن کی متعدد اقسام ہیں جیسے جنگلی مینا ۔

starling, n. لہروں کی روک کے لیے گاڑی ہوئی باڑ کی صورت میں بلّیاں ۔

star of Bethlehem, n. ستارہ بیت اللحم ؛ ایک پودا جس کا سوسن خاندان سے تعلق ہے اور جو یورپ سے شمالی امریکا کے باغوں میں پہنچا ، اس کے پھول ستارہ نما ، اندر سے سفید اور نچلی جانب سے سبزی مائل ہوتے ہیں ۔

star of Bethlehem, n. نجم بیت اللحم ؛ وہ ستارہ جو عہد نامہ جدید کے مطابق داناؤں کو بیت اللحم میں نظر آیا

اور وہاں سے اس اصطبل کی جانب راہنما ہوا جہاں عیسیٰ علیہ السلام پیدا ہوئے تھے (متی — ۲ = ۱ تا ۱۰) ۔

Star of David, n. داؤدی ستارہ ؛ شش کونا ستارہ ؛ شش پہلو اقلیدسی شکل جو دو مساوی تکونوں کے ایک دوسرے میں پیوست ہو جانے سے بنتی ہے یا ایک کے دوسری پر بٹھا دینے سے ؛ یہودیوں کا مقدس نشان یا تعویذ ؛ سابقاً اس سے کوئی ٹونا بھی مراد لیا جاتا تھا ۔ نیز : Magen David, Mogen David, Solomon's seal ۔

star route, n. ریاستہائے متحدہ امریکا کی ڈاک سروس میں عام راستوں سے الگ وہ راستہ جس پر مخصوص معاہدوں کی بنا پر غیر سرکاری افراد کے ذریعے ڈاک پہنچائی جاتی ہے (عموماً ریلوے اسٹیشن سے ڈاک خانے تک یا ڈاک خانے سے دوسرے ڈاک خانے تک ، دیہاتی علاقے میں اور بالعموم نجی لیٹر بکسوں میں ڈالنے کے لیے جو سڑکوں کے کنارے لگے ہوتے ہیں) ۔

starry, a. ستاروں بھرا ؛ تاروں سے روشن ؛ ستاروں سے متعلق یا ستاروں سے پھوٹتا ہوا ؛ ستارہ مثال ؛ ستاروں سے مرکب (جیسے : starry worlds) ؛ تاروں کی شکل یا نشانوں سے پُر ؛ ستارہ گوں ؛ کوکبی یا کوکب صورت ؛ کوکب کی طرح فروزاں (جیسے : starry eyes) ؛ تاروں کی سی شکلوں یا نشانوں سے پُر ۔

starrily, adv. کوکبی صورت لیے ہوئے ۔

starriness, n. کوکبیت ۔

starryeyed, a. خیالی دنیا میں رہنے والا آدرشک ۔

Stars and Bars, n. امریکی وفاقی ریاستوں کے متحدہ جھنڈے کا غیر سرکاری یا عام نام ، یہ تین افقی خطوط (سرخ ، سفید اور سرخ) اور نیلی پٹی پر سات ستاروں پر مشتمل ہے ۔

Stars and Stripes, n. امریکی پرچم ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کے پرچم کا غیر رسمی نام ، اس پر تیرہ دھاریاں ہوتی ہیں (باری باری سرخ اور سفید) اور نیلی پٹی پر ۵۲ سفید ستارے یعنی ۵۲ ریاستوں کی علامت ۔

star sapphire, n. نیلم ؛ ایک محدب شکل کا قیمتی پتھر جسے یوں تراشا گیا ہو کہ چھ کونے تارے کی طرح لگے ۔

star shell, n. ستارہ بم ؛ نور بم ؛ ایک گولا جسے یوں بنایا گیا ہو کہ وہ فضا میں جا کر پھٹے تو ستاروں کی سی روشنیوں کی بوچھاڑ کرے تاکہ دشمن کے ٹھکانوں کا پتہ چل جائے ۔

star-spangled, a. ستاروں سے سجا ہوا ۔

The Star-Spangled Banner, n. امریکی قومی ترانہ ؛ گیت جو ۱۸۱۴ء میں فرانسس اسکاٹکی ، نے لکھا تھا اور ۱۹۳۱ء میں کانگرس کے قانون کے مطابق اسے متحدہ امریکا نے قومی ترانہ بنا لیا ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کا پرچم ۔

start, v.i. شروع کرنا ؛ بے اختیار یا اچانک چل پڑنا ؛ یک دم گامزن ہو جانا اور تیزی کے ساتھ چونک جانا (حیرت ، درد وغیرہ کے باعث) ؛ سمٹ جانا یا جھرجھری لینا ؛ اچانک غیر متوقع طور پر جگہ بدلنا ؛ اچھل پڑنا ؛ باہر کو نکل آنا (آنکھوں کا) ؛ فوراً حالت بدلنا ؛ روانہ ہو جانا ؛ دوڑ یا سفر کا آغاز کرنا ؛ دوڑ کے اصل شرکا میں سے ہونا ؛ مخصوص جگہ سے ہٹ جانا یا کود پڑنا ؛ بے ربط ہو جانا ۔ (فعل متعدی) شروع کرنا ؛ چلا دینا ؛ چھپنے کی جگہ سے اچانک اٹھانا یا بھگا دینا (جیسے : to start a hare) ؛ آغاز کرنا ؛ چلانا ؛ کسی شے کی ابتدا کرنا ؛ قائم کرنا یا متعارف کرانا ؛ نکال لینا (کسی شے میں سے کسی چیز کو) ؛ جگہ تبدیل کرنا ؛ امداد کرنا یا حوصلہ بڑھانا ۔ (اسم) آغاز ؛ ابتدا ؛ حیرت ، خوف یا درد سے پیدا ہونے والی اچانک بے ارادہ حرکت ؛ اچانک / جگہ بدلی ؛ تیز حرکتی ؛ بھڑک ؛ تشنجی حرکت ؛ کسی میں دراڑ یا شگاف کا آغاز ؛ آغاز حرکت ؛ کسی چیز کی حرکت آشنائی ؛ دوڑ میں یا کسی جگہ سے اٹھایا گیا پہلا قدم ۔

starter, n. چل پڑنے والا ؛ گامزن ؛ خراکہ ؛ وہ جو اشخاص یا اشیا کو حرکت میں لائے جیسے بس اور ٹرین کو روانہ کرنے والا یا دوڑ کا اشارچی ؛ وہ برقی خود کار پرزہ جو درون احتراقی انجن کو حرکت میں لاتا ہے ؛اسٹارٹر ؛ گھڑ دوڑ میں فوراً آغاز کرنے والا گھوڑا ؛ دودھ کی بعض مصنوعات تیار کرنے کے لیے خمیر انگیز خردنامیہ ۔

star thistle, n. تارا بوٹی ؛ ایک نیچا پھیلنے والا پودا جو یورپ سے امریکا میں پہنچا ، اس کے ارغوانی رنگ کے سرگل ہوتے ہیں ؛ اسی سے ملتا جلتا ایک زرد پھولوں والا پودا ۔

startle, v.t. چونکا دینا (خطرے ، حیرت یا خوف سے) ؛ متوحش کر دینا ۔ (فعل لازم) چونک کر حرکت میں آنا (حیرت یا خطرے کے باعث) ؛ بے ارادہ چل پڑنا ۔ (اسم) اچانک صدمہ یا حیرت ؛ خطرہ ۔

startling, a. فوری خطرہ یا تعجب کا باعث ۔

startlingly, adv. وحشت ناک طور پر ۔

starvation, n. فاقہ ؛ فاقہ کشی ؛ فاقہ زدگی ؛ فاقہ زدگی کی حالت یا بھوکوں مرنے کی حالت ؛ غذا کی قلت کی وجہ سے دم لبوں پر آنے کی حالت ۔ (صفت) فاقہ انگیز ؛ گزارے کی عام سطح برقرار رکھنے کے ناقابل (جیسے : starvation wages) ۔

starve, v.i. فاقے سے کافی اذیت میں ہونا یا مر جانا ؛ افلاس یا قلت سے تکلیف اٹھانا ؛ احساس محرومی میں دبا ہونا (بعد میں عموماً for لگاتے ہیں ،جیسے : starving for attention) ۔ (برطانوی بولی) سردی سے چل بسنا یا بُری طرح اذیت میں ہونا ۔ (فعل متعدی) بھوکوں مرنا یا بھوک سے اذیت دینا ؛ فاقے دے دے کر رام کرنا ؛ احتیاج سے تلف کرنا ؛ کسی اہم ضرورت سے محروم کرنا ۔ (برطانوی بول چال) سردی سے شدید اذیت پہنچانا یا مرنے دینا ۔

starveling, a. بھوکا ؛ احتیاج زدہ ؛ دبلا ؛ گھٹیا کیفیت یا حالت کا ؛ فاقہ زدہ ۔ (اسم) غذائی قلت کی بنا پر دبلا اور کمزور انسان یا حیوان ۔

stash, v.t. (عوامی) کل کے لیے یا محفوظ رکھنے کے لیے کہیں چھپا دینا ۔ (اسم) (عوامی) چھپائی گئی چیز یا وہ جگہ جہاں کوئی چیز چھپائی گئی ہو ؛ گنجینہ ۔

stasis, n. مخالف قوتوں کے مساوی عمل سے پیدا ہونے والی بے حرکتی یا جمود ۔ (امراضیات) سدالنمو ؛ سکون خون ؛ سُداد ؛ بدن میں لعابوں (رطوبتوں) کے عمومی بہاؤ میں کمی یا رکاوٹ ، جیسے انتڑیوں کے اندر یا گردشی نظام میں خون کی (کسی بیماری کے باعث) ۔

state, n. حالت ؛ کیفیت ؛ صورت حال ؛ کسی شخص یا شے کی حالت (جیسے : a state of repair) ؛ صورت حالات (جیسے : a state of bankruptcy) ؛ مخصوص کیفیت (جیسے : an anxiety state) ؛ شکل ، صورت یا فطری کیفیت (جیسے : a liquid state) ؛ ایک مخصوص دور ، مرحلے یا زمانے میں (جیسے : an embryonic state) ؛

امارت ، عہدے اور شان و شوکت کو ظاہر کرنے والی حالت (جیسے : lying in state, travelling in state) ؛ کسی ملک کی قومی سیاست کا رخ ؛ ریاست ؛ کسی تسلیم شدہ جغرافیائی اکائی کا خود مختار سیاسی تشخص (مملکت) ؛ کسی مخصوص جغرافیائی رقبے کے سیاسی طور پر منضبط لوگوں کی،تسلیم کردہ سب سے بڑی مدنی ہیئت ؛ مذہبی یا فوجی راج کے برعکس جمہوری حکومت ۔ (بعض اوقات بڑے S کے ساتھ) دولت مشترکہ یا کسی اتحاد کے ارکان ممالک میں سے کوئی ایک ملک یا ریاست (جیسے : a state of the U.S.) ؛ وفاقی کے مقابلے میں کسی علاقائی سرکار کی حکم رانی یا عمل داری ۔ (بڑے S سے) (بول چال) ریاستہائے متحدہ امریکا کا State Department یعنی وزارت خارجہ ۔ (صفت) ریاست کا/کے لیے/سے متعلق ؛ کسی سرکاری ادارے یا مقتدرہ کی مظہر (جیسے : State police) ؛ معروف آداب و ضوابط کی پابندی لیے ہوئے (جیسے : a state dinner) ۔

state, v.t. بیان کرنا ، کسی شے کی تفصیلات تحریر یا تقریر میں (جیسے : to state the problem) ؛ تفصیل سے کام لینا ؛ رسم معمولہ کے مطابق پیش کرنا ؛ سنانا ؛ بول کر بتانا ، ادعا کرنا ، الزام لگانا یا اعلان کرنا ؛ نپٹا دینا ۔

statable, stateable, a. قابل بیان ۔

stated, a. مبیّنہ ؛ مسلّمہ ؛ مقررہ یا تصفیہ شدہ (جیسے : stated rule) ؛ سرکاری جسے امر واقعہ کے طور پر مان لیا گیا ہو یا ایسا کہہ دیا گیا ہو۔

statedly, adv. مبینہ طور پر۔

state aid, n. سرکاری امداد جو کسی ادارے مثلاً لائبریری ، اسکول یا ہسپتال کو ریاستی حکومت کی طرف سے دی جائے ۔

State bank, n. مملکتی بنک : جس مملکت میں واقع ہو وہاں کی حکومت کا منشوری بنک ہو اور اس مملکت کے بنکاری کے قوانین کے ماتحت کام کرے ۔

state capitalism, n. ریاستی سرمایہ داری ؛ سرمایہ داری نظام کی وہ صورت جس میں صنعت ، قدرتی وسائل اور سرمائے پر حکومتی گرفت ہوتی ہے ۔

state church, n. وہ کلیسا جسے حکومت نے تسلیم کیا ہو ؛ مملکتی مذہب ۔

statecraft, n. ملکی معاملات سے عہدہ برآ ہونے کا فن ؛ مدنی صلاحیت ؛ سیاسی تدبیر ؛ ریاست کاری ۔

Stateflower, n. قومی پھول ؛ وہ پھول جسے کسی مملکت نے اپنا قومی نشان قرار دیا ہو۔

State guard, n. قومی محافظ دستہ ؛ وہ عسکری جمعیت جس کی ضرورت اس وقت پڑتی ہے جب ریاست کی نیشنل گارڈ جنگ چھڑ جانے کے باعث یا کسی قومی ابتلا کے ایام میں وفاق کے سپرد کر دی جاتی ہے ۔

statehood, n. ریاست پن ؛ریاستی حیثیت (خصوصاً ریاستہائے متحدہ امریکا کی کسی ریاست کی) ۔

State house, n. وہ عمارت جس میں کسی مقننہ کا اجلاس ہوتا ہے ؛ اجلاس گھر۔

stateless, a. بے ریاست ؛ کسی قومیت یا ملکی حوالے سے محروم ؛ بے ملک و قوم (فرد یا افراد) ۔

statelessness, n. لاقومیتی ؛ عدم قومیتی ۔

stately, a., adv. ٹھاٹھ دار ؛ پُروقار ؛ پرتمکنت ؛ بلند مرتبہ ؛ شاہانہ ؛ شان دار۔

stateliness, n. شان و شوکت ؛ شکوہ ۔

state medicine, n. دیکھیے : Socialized medicine ۔

statement, n. بیان ؛ انداز بیان ؛ اعلان نامہ ؛ وضاحت ؛گوشوارہ ؛ تختہ ؛ فرد جو میزان مطلوبہ ظاہر کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً جاری کی جاتی ہے ؛ کسی گانے میں کسی چیز یا موضوع کا ذکر ۔ (تجارت) گوشوارہ حسابات جو وقتاً فوقتاً واجب الادا بقایا کو ظاہر کرنے کے لیے تیار کیا جاتا ہے ۔

state of war, n. حالات جنگ ؛ حالت اعلان جنگ ؛ دو خودمختار مملکتوں یا متحارب طاقتوں میں کھلم کھلا فوجی تصادم بالخصوص رسمی اعلان جنگ کے بعد ؛ خود مختار مملکتوں کے مابین شدید اور متحارب نزاع ؛ ایام حالت جنگ ۔

State prison, n. (بعض اوقات چھوٹے s سے) ریاستی جیل ؛ کسی ریاست/صوبے کے زیر انتظام جیل ۔

stater, n. قدیم یونانی ریاستوں یا شہروں کے طلائی یا نقرئی سکوں میں سے کوئی ایک ۔

stateroom, n. کسی بحری جہاز یا ریل میں نجی کمرہ ۔

State's attorney, State attorney, n. (قانون) ریاستی اٹارنی ؛ امریکا میں وہ مقرر کردہ وکیل جو کسی قانونی کارروائی میں ریاست کی نمائندگی کرتا ہے ۔

state's evidence, n. (قانون) سلطانی شہادت ؛ وعدہ معاف گواہی ؛ فوج داری مقدمات میں سرکار کی جانب سے دی گئی شہادت ۔

State-General, n ۱۷۸۹ء والے انقلاب فرانس سے پہلے وہاں کی قانون ساز اسمبلیاں ؛ ہالینڈ کی پارلیمنٹ ۔

stateside, a. ریاست ہائے متحدہ امریکا کی جانب ، وہاں جانے والا یا وہاں موجود ۔ (متعلق فعل) ریاست ہائے متحدہ امریکا کی سمت یا اس طرف ۔

statesman, n. مدبر ؛ ریاست کار ؛ حکومت اور معاملات حکومت کے نظم و نسق میں ماہر ؛ حکومت کے معاملات کا عنان دار ؛ بے غرضی کے ساتھ ، مفاد عامہ میں دلچسپی لینے والا سیاسی لیڈر ؛ سیاست مدار۔

statesmanlike, statesmanly, a. مدبرانہ ۔

statesmanship, n. تدبر۔

state socialism, n. ریاستی اشتراکیت ؛ کسی ملک کی صنعت اور مفاد عامہ کی خدمات پر قبضہ کر کے ملک کی معیشت کو سرکاری گرفت میں رکھنے والا طرز حکومت ۔ دیکھیے : socialism ۔

States' righter, n. صوبائی ، ریاستی حقوق کا علم بر دار ؛ وفاقی مداخلت کا (امریکا کے مخصوص طرز حکومت کے حوالے سے) مخالف ؛ ہر ریاست کے جائز اختیارات پر وفاقی استحصال پر معترض ۔

States' rights, state rights, n. صوبائی یا ریاستی حقوق ؛ وہ تمام حقوق جو آئین کے مطابق امریکی وفاق کو نہیں مل سکتے اور نہ ریاستوں/صوبوں کو ان سے محروم رکھا جاتا ہے ؛ آئین کی وہ تعبیر

جس میں ریاستی حقوق کے بارے میں انتہائی کشادہ رو تصور نمایاں ہو اور جس میں وسعت قلب پر مبنی تعبیر کے ذریعے ان اختیارات پر وفاقی دعوؤں کی مخالفت کی گئی ہو ؛ کسی ریاست کے اس حق کو تسلیم کرنا کہ وہ وفاقی حکومت کے کسی ایسے اقدام کو کالعدم قرار دے سکتی ہے جو اس کے خیال میں غیر آئینی ہو۔

State university, n. ریاستی یونیورسٹی ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا میں وہ جامعہ جس کی نظام تعلیم کے سلسلے میں کفالت اور انتظام اعلیٰ تعلیمی ادارے کی حیثیت سے کسی ریاست کے ذمے ہو۔

static, statical, a. جامد ؛ بے حرکت ؛ ساکن ؛ بے تغیر ؛ بہت خفیف یا بلا تغیر ؛ بلا حرکت اور بلا نمو ؛ان اجسام کے متعلق جو حالت سکون میں ہوں یا جن کی قوتیں حالت اعتدال میں ہوں۔ (عمرانیات) معاشرتی زندگی کے اس انداز سے متعلق جس کی جڑیں روایت میں ہوں۔ (برق) بجلی کی حالت سکونی سے متعلق (یعنی وہ جو رگڑ سے پیدا ہوتی ہے) ؛ فضائی بجلی سے متعلق جو ریڈار ، ریڈیو یا ٹی وی کی نشریات میں خلل انداز ہوتی ہے۔ (طبیعیات) بلا حرکت پیدا کیے محض وزن سے عمل پیرا (جیسے : static pressure)۔ (معاشیات) تغیر پذیر صورتوں کی جگہ مستحکم یا مستقل۔ (اسم) ریڈیو یا ٹی وی کی نشریات میں فضائی برقی مداخلت کے باعث خلل۔ (برق) سکونی حالت میں فضائی بجلی۔ (عوامی) دشواری ؛ غیبت۔

statically, adv. سکونی طور پر۔

static line, n. قائم ڈوری ؛ وہ لچکیلی رسی جو پیراشوٹی بستے سے بھی پیوست ہوتی ہے اور جہاز کے داخلی حصے سے بھی ، اس کے ذریعے رسد کو گرانے یا چھاتا فوج اتارنے کے لیے بستے کو کھولا اور واپس لایا جا سکتا ہے۔

statics, n. سکونیات : میکانیات کی وہ شاخ جو متوازن قوتوں کے باہمی تعلق سے بحث کرتی ہے جبکہ وہ شے ، جس پر یہ قوتیں عمل پیرا ہوں، حالتسکون میں ہو۔

static tube, n. (طبیعیات) سکونی نلی ؛ ایک ٹیوب جو تصادمی دباؤ کی جگہ سکونی دباؤ کو (کسی سیال کے بہاؤ میں) ناپتی ہے۔

station, n. قیام ؛ اقامت گاہ ؛ مقام ؛ کھڑے ہونے کا عمل یا طریقہ ؛ وہ جگہ جہاں کسی چیز کو کھڑا کیا جائے۔ (عسکری) وہ جگہ جہاں فوجیوں کی چھاؤنی قائم کی گئی ہو ؛ فوجی چوکی ؛ پولیس یا کسی بلدیہ یا ضلع میں کسی عوامی خدمت کا صدر مقام ؛ کسی خاص قسم کے یا تحقیق وغیرہ کی خاطر لوازمات سے آراستہ کی ہوئی جگہ یا عمارت (جیسے :a postal station) ؛ ریڈیائی اور ٹی وی کی نشریات کے لیے پوری طرح آراستہاسٹوڈیو ؛ اشخاص یا اشیا کا رتبے اور حیثیت کے اعتبار سے تعین ؛ معاشرتی حوالے سے کسی کا مقام ؛ وہ جگہ جہاں کوئی (متحرک) چیز آ کر رک جاتی ہے ؛ باقاعدہ رکنے یا ٹھہرنے کی جگہ یا اڈا ، جیسے ریل کا اسٹیشن ؛ ایسی جگہ بنی ہوئی عمارت یا عمارتیں۔ (مساحت) وہ جگہ جہاں کھڑے ہوکر مشاہدہ کیا جائے۔ (فعل متعدی) کسی کو کوئی مقام دینا (کسی جگہ پر متعین کرنا) ؛ کسی مقام یا جگہ پر لگانا۔

stationary, a., n. مقیم ؛ ساکن ؛ ایک ہی جگہ پر رہنے والا ؛ حرکت نہ کرنے والا ؛ ایک ہی حالت میں رہنے والا جامد ؛ غیر متحرک ؛

stationary engine, n. جامد انجن ؛ ایسا انجن جو ایک جگہ قائم ہو ، جیسے کسی عمارت کے سب سے نچلے حصے میں۔

stationary engineer, n. کوئی انجینئر جو ایک ہی مقام پر متعین ہو۔

stationary front, n. (موسمیات) ساکن محاذ ؛ وہ فضا جہاں مختلف المزاج ہواؤں کے سلسلے ایک دوسرے کو قابل ذکر حد تک بے دخل نہ کر رہے ہوں۔

stationary wave, n. دیکھیے : Standing wave –

station break, n. (ریڈیو ، ٹی وی) اعلان مقام ؛ ریڈیو یا ٹی وی کے نشر ہوتے ہوئے پروگراموں کے درمیان مداخلت اس غرض سے کہ نشر کرنے والے اسٹیشن یا نشریاتی حلقے کی نشان دہی کی جائے۔

stationer, n. لکھنے لکھانے سے متعلق اشیا فروخت کرنے والا ؛ قرطاسی ؛ کاغذی ؛ سامان تحریر فروش۔

stationery, n. لکھنے لکھانے سے متعلق اشیا ؛ اسٹیشنری ؛ سامان تحریر۔

station house, n. کسی مرکز یا صدر مقام کے طور پر کام میں آنے والی عمارت خصوصاً پولیس اسٹیشن۔

stationmaster, n. ریل کے اسٹیشن کا نگران افسر ؛ اسٹیشن ماسٹر۔

stations of the cross, n. (اکثر بڑے S سے) مراحل کرب مسیح ؛ مقامات صلیب ؛ چودہ صلیبوں یا تصویروں کا وہ سلسلہ جس میں حضرت عیسیٰ کے صلیب پر کرب سہنے کی کیفیتیں پیش کی گئی ہیں ؛ سرِدار کے ہر مرحلے کے حسب حال ادا کی گئی عبادت اور دعا۔

station wagon, n. اسٹیشن ویگن ؛ ایسی بڑی کار جس کی پچھلی نشستیں تہ کی جا سکتی یا ہٹائی جا سکتی ہوں تا کہ پچھلی جانب سامان رکھنے کے لیے کافی گنجایش ہو جائے۔

statism, n. ریاست پسندی ؛ ریاستی اشتراکیت ؛ ریاستی اقتدار اعلیٰ کے ساتھ وابستگی۔

statist, n. ریاست پسند ؛ اس نظریے کا علم بردار ؛ ماہر شماریات۔ (صفت) اس نظریہ کا پیروکار یا اس کی خصوصیات رکھنے والا۔

statistic, n. شماریات کا جزو یا اکائی ؛ شماریاتی حقیقت ؛ ایسی حقیقت جسے اعداد و شمار سے ثابت کیا جا سکے جیسے اوسط ، وسطانیہ یا معیاری انحراف۔ (صفت) شماریاتی ، شماریات سے متعلق۔

statistical, statistic, a. شماریاتی ؛ شماریات کا یا اس سے متعلق ؛ شماریات کو لیے ہوئے ، اس پر مشتمل یا اس سے آغاز کرتے ہوئے۔

statistically, adv. اعداد و شمار کی رو سے۔

statistician, statist, n. ماہر شماریات ؛ شماریات دان ؛ وہ شخص جو شماریات اور اس کے اصولوں سے واقف اور ان کے استعمال کو جانتا ہو۔

statistics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) شماریات ؛ کمیتی مواد کی سائنسی انداز میں فراہمی ، ترتیب دہی اور ریاضیاتی تجزیہ کاری تا کہ جس آبادی کے کسی حصے سے یہ نمائندہ اعداد و شمار اکٹھے کیے گئے ہوں ، اس کی اکثریت کے خصائص کے بارے میں کوئی نتیجہ نکالا جا سکے یا ان درپردہ عوامل کی اہمیت کے بارے میں قیاس آرائی کی جا سکے جن کے اثرات کی ان اعداد و شمار سے وضاحت

ہوتی ہو۔ (ترکیب میں جمع) شماریاتی اعداد و تفاصیل۔

statoblast, a., n. (حیوانیات) قائم نہوضہ ؛ بعض دریائی کائیوں کے جوف شکم میں پیدا ہونے اور بالآخر پانی میں باہر آنے والا نامیہ جہاں یہ پورے زمستانی دور میں خوابیدہ رہتا ہے اور بہار میں نئی نوع کے طور پر ابھر آتا ہے۔

stator, n. (برق) برقی جنریٹر یا موٹر کا غیر متحرک حصہ (rotor کی ضد) ؛ سکونیہ ؛اسٹیٹر۔

statoscope, n. (موسمیات) بہت ہی حساس قسم کا ایک بے مائع بیرومیٹر جس سے فضائی دباؤ میں رونما ہونے والے تغیرات کا پتہ لگتا رہتا ہے۔ (طیرانیات) ایک آلہ جو طیارے کی فضائی بلندی میں معمولی سے فرق کی بھی نشان دہی کر دیتا ہے (اس کے اندر بھی بے مائع بیرومیٹر لگا ہوتا ہے)۔

statuary, n. مجسمات ؛ مجسموں کا مجموعہ ؛ مجسمہ سازی ؛ مجسمہ ساز ؛ بت تراش۔ (صفت) مجسموں یا مجسموں کا یا اس سے متعلق ، اس پر مشتمل یا ان کے لیے موزوں۔

statue, n. مجسمہ ؛ کسی انسان کا یا حیوان کا سنگ تراشیدہ یا چوبی یا کسی دھات یا پلاسٹک کو پگھلا کر کسی قالب میں ڈھال کر بنایا ہوا پیکر جو خاص طور پر معقول جسامت کا اور گول سا ہو ؛ مورت ؛ بت ؛ پُتلا۔

statued, a. مجسمہ صورت ؛ مجسمایا ہوا یعنی جس کا مجسمہ بنایا گیا ہو ، مجسمے کی صورت میں یا مجسّمات کی صورت میں۔

statueless, a. بلا مجسمہ۔

statuelike, a. مجسمے کی شکل کا۔

Statue of Liberty, n. مجسمہ آزادی ؛ نیویارک (امریکا) کی بندرگاہ پر (لبرٹی جزیرے میں) ایستادہ تانبے کا عظیم نسوانی مجسمہ جو امید اور آزادی کی علامت ہے ، یہ مجسمہ ۱۸۸۶ء میں فرانس نے ریاستہائے متحدہ امریکا کو پیش کیا تھا۔

statuesque, a. ظاہری تمکنت ؛ محنت سے حاصل کردہ تجمل یا کمال و جمال کے حوالے سے کسی مجسمے کی مانند یا اس کی یاد دلانے والا ؛ مجسمہ وش۔

statuesquely, adv. مجسمے کی وضع سے۔

statuesqueness, n. مجسمہ تراشی ؛ مجسمہ وش ہونے کی کیفیت۔

statuette, n. چھوٹا مجسمہ۔

stature, n. قدوقامت ؛ کسی حیوانی جسم کی قدرتی اٹھان ؛ جسمانی طوالت ؛ نمو ؛ بلوغت ؛ تکامل (جیسے : professional stature)۔

status, n. رتبے یا حیثیت کے مطابق مقام یا منصب (جیسے : status of a minister) ؛ شہرت یا منزل ؛ مقام یا صورت حال۔

status quo, status in quo, n. علیٰ حالہٖ ؛ علی الحال ؛ غیر مبدّل حالت یا صورت حال ؛ بدستور ، حسب سابق حالت۔

status symbol, n. حیثیت نما ؛ علامت رتبہ ؛ وہ عادت یا صورت یا شے جس سے کسی شخص کے معاشی یا سماجی مرتبے کا پتا چلتا ہو ؛ وہ انداز جو کسی شخص نے منصب نمائی کے لیے اختیار کر لیا ہو ، خواہ حقیقتاً وہ اس منصب پر ہو یا نہ ہو ؛ مقدرت نما۔

statute, n. (قانون) ایوان مقننہ میں منظور کیے گئے مسودہ قانون کا رسمی کارروائی پوری کرتے ہوئے قانونِ وقت و ملک قرار دیا جانا ؛ قانون ؛ آئین ؛ قانون مسطور ، کلیسائی قانون کے برعکس ؛ دستور ؛ کسی بین الاقوامی سمجھوتے کے سلسلے میں کی گئی دستوری کارروائی جو بطور ضمیمہ شامل ہو ؛ کسی ادارے یا کارپوریشن کی ہیئت حاکمہ کا بنایا ہوا قانون یا ضابطہ مستقل۔

statutable, statutory, a. آئینی ؛ دستوری ؛ مقررہ ؛ مخصوص ؛ دستور پذیر ؛ دستوری قانون کے ذریعہ۔

statute book, n. کتاب دستور ؛ مقننہ میں منظور کردہ قوانین کا مجموعہ۔

statute mile, n. دیکھیے : mile۔

statute of limitations, n. (قانون) قانون تحدید مدت ؛ ایک قانون جو کسی عرصہ زمانی کی حد لگا دیتا ہے جس میں بعض حقوق (مثلاً قرضوں کی وصولی) کو قانونی طور پر نافذالعمل کیا جا سکتا ہے۔

statutory offence, statutory crime, n. (قانون) دستوری خلاف ورزی ؛ وہ خلاف ورزی جو کسی دستوری قانون کی رو سے تصور کی جائے نہ کہ (انگلستان کے) رواجی قانون کی رو سے۔

statutory rape, n. (قانون) زنا بالجبر ؛ قانونی عمر رضامندی سے چھوٹی لڑکی کے ساتھ جنسی تعلقات۔

staunch, stanch, a. پن روک یا مائع نا گزر ؛ مضبوط ؛ پختہ بافت یا ساخت والا ؛ مستحکم ؛ ٹھوس ؛ اصول ، وفاداری یا وابستگی میں پکا اور مصمم (فرد) ؛ پختگی اور ثابت قدمی میں مشہور ؛ کٹر۔

staunchly, adv. سختی سے۔

staunchness, n. پختگی ؛ ثابت قدمی۔

staunch, v.t. دیکھیے : Stanch۔

staurolite, n. سنگ صلیبی ؛ ایک معدن جس میں لوہے اور ایلومنیم کا اساسی سلیکیٹ موجود ہوتا ہے اور وہ بھورے یا سیاہ منشور کی قلموں کی صورت میں پایا جاتا ہے جو اکثر صلیب کی طرح باہم جڑے ہوتے ہیں۔

staurolitic, a. سنگ صلیبی کا یا اس سے متعلق۔

stave, n. لکڑی کے پتلے ، کم چوڑے سے ٹکڑے جو کسی شے، مثلاً پیپے یا ناند یا اسی قسم کے کسی برتن کے کنارے یا کناروں پر لگے ہوئے ہوں (پٹیاں) ؛ عصا ، ڈنڈا یا بلی وغیرہ ؛ سیڑھی کا ڈنڈا ؛ پوڑی ؛ کرسی کا پایہ۔ (عروض) کسی نظم یا گیت کا شعر یا بند۔ (موسیقی) وہ متوازی خطوط والا نقشہ جس پر غنائی دھنیں تحریر کی جاتی ہیں۔ (فعل متعدی) کسی پیپے وغیرہ میں پٹی یا پٹیاں جوڑنا ؛ اندر کی جانب توڑنا یا دبا دینا (بعد میں in لگا کر) ؛ کشتی کے پیندے میں سوراخ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛چھپٹیاں بنانا ؛ پٹیاں لگانا۔ (فعل لازم) لکڑیوں کا خم دار ہو جانا (کشتی کی) ؛ ڈبے کا اندر کی طرف خم کھا جانا یا بالکل ٹوٹ جانا ؛ تیز تیز چلنا یا حرکت کرنا۔

stave off, قوت کے ساتھ یا کترا کر ٹال دینا ، ہٹا دینا یا پرے کر دینا۔

stavesacre, n. (نباتیات) ایک لمبے قد کا گل میمون کا پودا جو مغربی یورپ اور ایشیائے کوچک میں پایا جاتا ہے ، اس کے پھول ارغوانی اور بیج زہریلے ہوتے ہیں ، ان کو قے آور یا مسہل کے طور پر برتا جاتا ہے ؛ جنگلی کشمش ۔ نیز دیکھیے : Parkspur۔

stay, v.i. رکنا ؛ رک جانا ؛ ٹھہرنا ؛ بسنا ؛

ٹھہر جانا ؛ کسی مقام ، جگہ یا کمپنی کو چھوڑ کر چلے جانے کی بجائے جمے رہنا ؛ رہنا یا سکونت اختیار کرنا ؛ کسی ایک ہی حالت میں مسلسل رہنا (جیسے : to stay young) ؛ مقابلے یا دوڑ میں کسی کے شانہ بشانہ ہونا (بعد میں with لگاتے ہیں) ؛ ٹھہرنا یا برداشت کرنا جیسے کسی دوڑ یا دوسرے مقابلوں میں (بعد میں with لگاتے ہیں)؛ ٹھہر جانا؛ رک جانا ؛ آگے بڑھنے یا جاری رکھنے سے پہلے پل بھر کو ٹکنا یا انتظار کرنا ؛ ڈھیل سے کام لینا یا تاخیر کرنا ۔ (پوکر) تاش میں کسی کے ہاتھ میں پتا یا پتے رہ جانا ۔ (فعل متعدی) روک لینا یا ٹھہرا لینا ؛ جانے یا آگے بڑھنے میں مزاحمت کرنا ؛ کسی کارروائی وغیرہ کو معطل یا معلق کر دینا ؛ دبا دینا یا فرو کر دینا (تشدد ، نزاع یا جذبات کو) ؛ عارضی طور پر تسکین دینا یا پورا کر دینا (معدے یا اشتہا کی طلب کو) ؛ روکنا ، باز رکھنا یا ٹھہرانا کسی حرکت ، اقدام یا عمل کو ؛ ٹھہرے رہنا یا رک جانا جیسے کسی وقت کا عرصہ ؛ آخر تک ، بعد تک یا معینہ وقت سے زیادہ عرصہ تک رہنا (بعد میں out لگاتے ہیں) ۔ (اسم) ٹھہراؤ ؛ قیام ؛ توقف ؛ ٹھہرنے کا اقدام ؛ رکاؤ ؛ اٹکاؤ یا وقفہ ؛ کسی ایک جگہ پر استمرار ؛ جمود ؛ عارضی ٹھکانا یا قیام ۔ (بول چال) قوت برداشت یا معاونت ۔ (قانون) کسی اقدام کا عدم نفاذ یا تعطل ؛ کسی عدالتی کارروائی کی معطلی ؛ حکم التوا یا امتناع ۔

stay put, (بول چال) جس حال میں جہاں رکھ دیا گیا وہیں رہنا ؛ ایک ہی جگہ پر رہنا ۔

stayer, ٹھہرنے والا ؛ برداشت کی قوت رکھنے والا وغیرہ ۔

stay, n. (جہاز رانی) ایک مضبوط سا رسّا یا تار جس سے مستول یا دود کش کو سہارا دیا جاتا ہے ؛ طناب ؛ سہارا ۔ (فعل متعدی) (جہاز رانی) مستول یا دود کش کو مضبوطی سے باندھنا ؛ بادبانی جہاز کی سمت تبدیل کرنا ۔ (فعل لازم) (جہاز رانی) جہاز کی سمت کا تبدیل ہو جانا ۔

in stays, (جہاز رانی) ایک رسے سے دوسرے رسے پر جانے کا عمل ۔

stay, n. سہارا ؛ ٹیکن ؛ تکیہ ؛ پلاسٹک ، ہڈی یا دھات کا ٹکڑا جو کالر ، زنانہ کمر پیٹی اور دوسرے کپڑوں کو کھڑا رکھتا ہے ۔ (جمع) (زیادہ تر برطانوی) زنانہ کمر پیٹی ۔ (فعل متعدی) سہارا دینا ، مضبوط بنانا یا آسرا دینا ؛ ذہنی یا روحانی طور پر کسی کو اکھڑنے نہ دینا یا مضبوط رکھنا ؛ سہارے کے طور پر کسی شے کو کسی شے پر رکھنا یا اس سے جوڑ دینا ۔

stay-at-home, a. اقامت پسند ؛ سکونی ؛ خانہ نشین ؛ گھر گھسنا ؛ جس کو ادھر اُدھر گھومنے یا سفر کرنے کا شوق نہ ہو ۔ (اسم) عادتاً گھر ہی میں رہنے والا شخص ۔

staying power, n. ناموافق حالات میں بھی کام کرنے والا اور ثابت قدم رہنے کی صلاحیت یا اہلیت رکھنے والا ۔

stay-in-strike, sit-down, stay-in, n. (برطانوی) دھرنا مار ہڑتال ؛ کام چھوڑ ہڑتال ۔

staysail, n. (جہازرانی) کوئی سا بادبان جو ٹھہرنے کے بعد کھول دیا جاتا ہے ۔

stead, n. بجائے ؛ جگہ ؛ بدل ؛ کسی شخص یا شے کی وہ جگہ یا وضع جس کے لیے کسی شخص یا شے کو بدل ٹھہرایا جائے (پہلے in لگاتے ہیں ، جیسے : David died and Solomon reigned in his stead) ۔ (فعل متعدی) (قدیم) استعمال ، بھلے یا مفاد کے قابل ہونا ؛ کسی کے لیے مفید ہونا ۔

stand in good stead, مدد کرنا یا کام آنا (جیسے : All that work should stand him in good stead) ۔

steadfast, stedfast, a. مستحکم ؛ مضبوط ؛ پختہ ؛ مصمّم ارادے والا ؛ پُر عزم یا غیر متذبذب (جیسے : a steadfast person) ۔

steadfastly, adv. ثابت قدمی سے ۔

steadfastness, n. ثابت قدمی ۔

steadings, n. کھیت سے ملحقہ مکان ؛ باڑی ؛ ڈیرا اور ذیلی عمارتیں ؛ زراع خانہ ۔

steady, a. اچھی طرح جما ہوا یا نصب شدہ ؛ اپنی جگہ مستحکم یا متوازن ؛ اپنے مقام یا حرکت میں ہموار یا باقاعدہ ؛ تغیّر ، تبدیلی یا مداخلت سے پاک ؛ ایک سی یا باقاعدگی والی رفتار لیے ہوئے ؛ یکساں یا مسلسل (جیسے : a steady wind) ؛ دائمی ؛ باقاعدہ یا عادی (جیسے : steady attendance) ؛ ہیجان و طغیانی سے پاک (جیسے : steady nerves) ؛ پکا ؛ غیر متلون ؛ ثابت قدم ؛ ٹھہراؤ والا ؛ متین ؛ سنجیدہ (شخص) ۔ (جہازرانی) سمندری طوفان میں جہاز کو سیدھا رکھنے والا ؛ راست وضع ۔ (فجائیہ) کسی کو تحمل سے کام لینے اور جذبات کو قابو رکھنے کی تلقین کے لیے کہا جانے والا کلمہ ۔ (جہازرانی) جہاز چلانے والے کو جہاز کو اپنے راستے پر رکھنے کا حُکم ۔ (اسم) (بول چال) کسی شخص کی باقاعدہ آشنا یا محبوبہ (متواتر ملنے والی) ۔ (فعل متعدی) مستحکم بنانا ۔ (فعل لازم) مستحکم ہونا ۔ (متعلق فعل) مستحکم طور پر ۔

steadier, n. ثابت قدم رکھنے والا ؛ مستحکم کرنے والا ۔

steadily, adv. باقاعدہ ؛ یکساں طور پر ۔

steadiness, n. باقاعدگی ؛ یکسانی ۔

steak, n. گوشت پارہ جو بُھوننے ، تلنے کے لیے موزوں ہو ؛ قتلہ ۔

steak knife, n. چُھرا ؛ کھانے کی میز کی وہ تیز دندانے دار چُھری جس سے گوشت کاٹتے ہیں ۔

steal, v.t. چُرانا (اشیا ، خیالات ، الفاظ ، ستایش وغیرہ) ؛ مکر و حیلہ و فن سے لے لینا ، حاصل کر لینا یا جیت لینا ؛ چوری چھپے لے لینا ؛ قابو کر لینا ؛ ناگہانی طور پر لے لینا یا اڑا لینا (جیسے : to steal a kiss) ؛ خاموشی سے چل پڑنا ؛ لانا ؛ لے جانا ؛ ڈالنا ، رکھنا وغیرہ (بعد میں into, in, from, away لگاتے ہیں) ؛ ڈھنگ یا چال یا خوش قسمتی سے حاصل کر لینا (کھیل وغیرہ میں کوئی نمبر یا بالادستی) ۔ (بیس بال) کسی دوسرے کھلاڑی کی کسی غلطی یا ضرب کی صورت میں کسی مدد کے بغیر دوڑ لگانے والے کا گھر تک پہنچ جانا ۔ (فعل لازم) چوری کرنا ؛ چوری چھپے یا چپکے سے کھسک جانا یا چلے جانا یا آ جانا؛ غیر محسوس ، آہستگی یا تدریجی طور پر گزر جانا ، آنا یا پھیلنا ؛ (جیسے: the years steal by) ۔ (اسم) (بول چال) چوری ؛ چرائی گئی چیز؛ سودا ۔ (بیس بال) بیس بال میں چپکے سے گھر جا پہنچنے کا عمل ۔

stealer, n. چور ؛ سارق ؛ دُزد ۔

stealing, n. چوری کرنے والے کا عمل ؛ چوری ۔

(عموماً جمع) اشیائے مسروقہ ۔ (صفت) سرقے سے متعلق یا سرقے کی کیفیت لیے ہوئے ۔

stealth, n. درپردگی ؛ خفیہ کاری ؛ دزدیدگی ؛ کارروائی کا مخفی یا رازدارانہ طریقہ ؛ خفیہ کارروائی ۔

stealthy, a. چوری چھپے کیا گیا ؛ خفیہ رکھنے کے ارادے سے کیا گیا ؛ مکار ؛ عیار ۔

stealthily, adv. خفیہ طور سے ۔

stealthiness, n. اخفا ؛ پوشیدگی ؛ عیاری ؛

steam, n. بھاپ ؛ بخارات ؛ دخان ؛ تبخیر ؛ بخاراتی یا گیس کی حالت جس میں پانی ، حرارت اور دباؤ کے بعض حالات میں ، تبدیل ہو جاتا ہے ؛ پانی کو ۲۱۲ درجے فارن ہائیٹ پر گرم کرنے سے بخارات میں تبدیلی ۔ (بول چال) توانائی ۔ (فعل لازم) بھاپ خارج کرنا ؛ بھاپ سے بھر جانا ؛ بخارات کی شکل میں اُٹھنا ؛ گزر جانا ؛ مرئی بخارات کی شکل میں اٹھنا ؛ بھاپ کے بل پر سمندر میں چلنا ۔ (بول چال) اظہار برہمی کرنا ۔ (فعل متعدی) بھاپ کی زد میں لانا ؛ بھاپ کا اطلاق کرنا ؛ بھاپ خارج کرنا ۔ (صفت) بھاپ نکالتا یا خارج کرتا ہوا ؛ بھاپ سے اثر پذیر ؛ بھاپ سے گرم ہونے یا چلنے والا ۔

steamboat, n. دُخانی کشتی ؛ اگن بوٹ ؛ بھاپ سے چلنے والی کشتی ۔

steamboat Gothic, n. ایک طرز تعمیر جو انیسویں صدی کے گھروں میں کافی مروّج تھا (مسی سی پی اور او ہایو کے دریائی علاقوں میں) ، اس میں دخانی کشتیوں کے تفصیل کے ساتھ نقش و نگار بنائے جاتے تھے ۔

steam boiler, n. دُخانی جوش دان ؛ پانی کو بھاپ میں تبدیل کرنے والا کوئی مضبوط سا برتن ؛ جو شارہ ؛ بھاپ بائلر ۔

steam chest, steam box, n. دخانی جوش دان (اسٹیم بوائلر) کے اوپر کا خانہ جس میں سے گزر کر بھاپ انجن میں جاتی ہے ؛ بھاپ دان ۔

steam engine, n. بھاپ سے چلنے والا انجن ؛ دخانی انجن ؛ ایسا انجن جس میں طاقت پیدا کرنے کے لیے بھاپ کے دباؤ کو چرخاب یا پسٹن کی جانب موڑ دیا جاتا ہے ۔

steamer, n. دخانی جہاز ؛ وہ گاڑی جو بھاپ کے ذریعہ چلتی ہو ؛ وہ برتن جس میں اشیا کو بھاپ کے عمل سے گزارا جاتا ہے ؛ بھپارا دان ؛ بھاپ میں پکایا گیا صدفہ ۔

steamer rug, n. کمبل ؛ دُھسہ یا لوئی جسے عرشہ جہاز پر بیٹھے ہوئے لوگ اوڑھتے ہیں ؛ سفری کمبل ۔

steamer trunk, n. صندوقچہ جسے کبھی جہاز میں تختۂ خواب کے نیچے رکھا کرتے تھے ۔

steam fitter, n. بھاپ مستری ؛ بھاپ نالیوں وغیرہ کی مرمت اور جڑائی کرنے والا نیز ان کے لوازماتی نظاموں (جیسے ہوا کی آمدو رفت ،حرارت اور برودت) کی دیکھ بھال کرنے والا ۔

steam fitting, n. بھاپ نالیوں کی تنصیب یا دیکھ بھال ۔

steam heating, n. بھاپ حرارت زائی ؛ بھاپ کے ذریعے عمارت کو گرم رکھنے کا عمل یا نظام جو نلکیوں کے ذریعے گردش کرتی ہے ۔

steam iron, n. بھاپ استری ۔

steamroller, n. بھاپ سے چلنے والا رولر ؛ ایک بھاری مشین جس میں ایک یا زائد چوڑے رولر لگے رہتے ہیں جو کچلنے دبانے یا ہموار کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جیسے سڑک کوٹنے والا انجن ،ابتدا میں یہ بھاپ سے چلا کرتے تھے مگر ان میں اب پٹرول یا ڈیزل استعمال ہونے لگا ہے ۔ (مجازاً) مخالف کو بزور کچل دینے والا کوئی ادارہ (حقوق کا خیال کیے بغیر) ۔ (فعل متعدی) (عموماً مجازاً) کچل کر رکھ دینا ، بھاپ رولر سے ۔ (صفت) استبداد پسند ۔

steamship, steamer, n. دخانی جہاز ؛ بھاپ سے چلنے والا جہاز ۔

steam shovel, n. بھاپ سے چلنے والی زمین کھود مشین ۔

steam table, n. بھاپی میز ؛ وہ لانبی سی میز یا تختہ جس پر کھانے کو بھاپ کے ذریعے گرم رکھنے کا انتظام کیا ہوتا ہے ، اس کے نیچے بھاپ یا گرم پانی گردش کرتا رہتا ہے ۔

steam turbine, n. بھاپ سے چلنے والی ٹربائن ؛ بھاپ چرخاب ۔

steamy, a. بخاراتی ؛ بھاپی ؛ دُخانی ؛ پُراز دخان ؛ دُھند بھرا ۔

steamily, adv. دخانی طور پر ۔

steaminess, n. دخانیت ؛ بھاپ داری ۔

steapsin, n. (حیاتی کیمیا) پَترس (لبلبی رس) کا چربی توڑ ، مشتملہ ؛ ہاضم شحم ۔

stearate, n. (کیمیا) نمک شحم ؛ اسٹیرک ایسڈ کا نمک یا ایسٹر ۔

stearic, a. شحمی ؛اسٹیئرین سے متعلق ؛ چربی سے مشابہ یا اس کا مشتق ۔

stearic acid, n. (کیمیا) شحمی تیزاب ؛ چربی کا تیزاب ؛ ایک یَک اساس نامیاتی تیزاب جو چکنائیوں ، صابنوں ، غازوں اور ربڑ وغیرہ کے بنانے میں کام آتا ہے ۔

stearin, stearine, n. (کیمیا) شحمین ؛اسٹیرک ایسڈ کے تین گلیسرینی ایسٹروں میں سے کوئی ایک خصوصاً وہ نرم ، سفید اور بے بُو جسے موم بتیاں ، صابن ، پالش اور چپک جانے والی لئی بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

steatite, n. ابرق ۔ دیکھیے : Soapstone

steatitic, a. ابرق آمیز ۔

steatopygia, steatopyga, n. فربہی سُرین ؛ شحمتِ کفل ؛ عورتوں کے چوتڑوں کی غیرمعمولی موٹائی ہونے کی کیفیت جیسے بعض افریقی قبیلوں میں بھاری چوتڑ ۔

steatopygic, steatopygous, a. شحیم کفل ؛ فربہ سُرینی ۔

steatorrhea, steatorrhoea, n. (امراضیات) چربیلے دست ؛ اسہال شحمی ؛ فضلے میں روغنی اجزا کی فراوانی ، اس کا باعث انتڑیوں یا لبلبے میں کوئی نقص ہوتا ہے ۔

stedfast, a. دیکھیے : Steadfast ۔

steed, n. (زیادہ تر ادب) توسن ؛ گھوڑا (بالخصوص جی دار) ؛جنگی گھوڑا ؛ شاہی گھوڑا ۔

steel, n., a. فولاد :لوہے اور کاربن کا آمیزہ جس میں اور بھی کئی اجزا شامل ہوتے ہیں اور کاربنی جزو کے مطابق ہی اسے سخت ، نرم یا بَین بَین کیا جاتا ہے ،اس میں دوسری دھاتوں کی آمیزش سے مختلف النوع قوت ، سختی ، لچک اور ورق پذیری کی اشیا بنائی جاتی ہیں ؛ ہتھیار ، جیسے تلوار یا نیزہ ؛ چاقو ، چُھریاں تیزکرنے کی ایک قسم کی فولادی ریتی ؛ فولاد پارہ جس کو چقماق پر رگڑ کر شعلہ پیدا

کرکے آگ جلا لیتے ہیں ۔ (مجازاً) انتہائی سختی ، درشتی یا تُند مزاجی (جیسے: a heart of steel) ۔ (فعل متعدی) فولاد کی تہ جمانا ؛ نوک بنانا ؛ کناری بنانا ؛ سخت بے حس اور سخت دل یا ضدی کر دینا ؛ بے اثر بنا دینا (جیسے: to steel one's heart against mercy) ۔

steel band, n. (موسیقی) ایک قسم کا آلۂ موسیقی جو فولادی پیپوں کا بنا ہوتا ہے ،جنھیں مختلف اونچائیوں پر کاٹ لیا جاتا ہے تاکہ ان سے مختلف آوازیں پیدا ہوں، جزائر غرب الہند میں عام طور پر لوگ بجاتے ہیں ؛ فولادی بینڈ ۔

steel blue, n. چمکیلا نیلا خاکستری رنگ جس میں فولادی جھلک پائی جائے ۔

steel engraving, n. فولاد کی چادر یا ڈلے پر کندہ کاری؛ کندہ شدہ فولاد ؛ فولادی چادر پر کندہ نشان ۔

steel guitar, n. جزیرہ ہوائی کا مخصوص گٹار۔

steelhead, n. ایک دھنک رنگ مچھلی جو بحرالکاہلی امریکی اطراف میں پائی جاتی ہے ؛ نُقرہ سر مچھلی ۔

steel wool, n. مہین فولادی تاروں کا گچھا جس سے دھاتی چیزوں کو چمکاتے یا رگڑ کر میل وغیرہ اتارتے ہیں ؛ جُونا ۔

steelwork, n. کار فولاد ؛ کوئی فولادی چیز ، جزو یا ڈھانچا وغیرہ یا ساختہان ۔

steelworks, n. فولادی مصنوعات کا کارخانہ ۔

steelworker, n. فولاد کے کارخانے میں کام کرنے والا ۔

steely, a. فولادی ؛ فولاد گوں ؛ فولاد رنگ ؛ فولاد کی طرح سخت ۔

steeliness, n. فولادیت۔

steelyard, n. لوہے کا کانٹا ؛ تول مشین ۔

steenbok, steinbok, n. مٹیالا ہرن ؛ ایک چھوٹے قد کا غزال جس کا رنگ ہلکا بھورا ہوتا ہے اور افریقہ کے جنوبی اور مشرقی علاقوں میں پایا جاتا ہے ۔

steep, a. ڈھلوان ؛ اوپر چڑھتا ہوا یا نیچے اترتا ہوا جیسے چھت کا ڈھلان ۔ (بول چال) آسمان کو چھوتی ہوئی (قیمتیں) ؛ ناقابلِ یقین ؛ مبالغہ آمیز (بیان وغیرہ) ۔ (اسم) بہت ڈھلوانی جگہ یا نشیب ۔

steeply, adv. ڈھلوان کے مانند ؛ نشیبی ۔

steepness, n. ڈھلان ؛ نشیب ؛ اترائی ۔

steep, v.t. کسی مائع شے میں خوب تر کرنا یا ڈبونا ؛ بھگو کر ملائم کرنا ؛ ڈبو کر کسی شے کا جوہر نکال لینا (جیسے: to steep tea) ؛ شرابور کرنا ؛ تربتر کرنا ۔ (فعل لازم) شرابور ہونا۔ (اسم) ڈبونی ؛ ڈُبک ؛ ڈُبکی ؛ سیال جس میں چیزیں ڈبوئی جائیں ؛ ڈبونے کا عمل؛ ڈبوئے جانے کی حالت ۔

steeper, n. ڈبونے والا ۔

steepen, v.i., v.t. ڈھلوان بنانا یا ہو جانا ۔

steeple, n. کلس ؛ لمبا سا مخروطی ڈھانچا جو کسی عمارت کے گنبد یا مینار وغیرہ کی نوک پر جا کر ختم ہوتا ہے(خصوصاً گرجے کی عمارت میں) ؛ سب سے اوپر والا نوکیلا حصہ یا کسی عمارت کا ایسا کوئی حصّہ ۔

steeplebush, hardhack, n. کلس جھاڑ ؛ شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جس کا گلاب خاندان سے تعلق ہے ، اس کے پتے پھولے پھولے سے رنگا رنگ اور پھول نیم گلابی رنگ کے اور گچھے دار ہوتے ہیں ۔

steeplechase, n. رکاوٹی دوڑ ؛ وہ گھُڑ دوڑ جس میں گھوڑوں کو ان مصنوعی رکاوٹوں کو پھلانگنا پڑتا ہے جو دوڑ کے راستے میں آتی ہیں؛ اس قسم کی پیدل دوڑ ایسے ہی راستے پر یا دیہات میں ۔

steeplechaser, n. رکاوٹوں کی دوڑ میں حصہ لینے والا ۔

steeplejack, n. کلس کار؛ وہ شخص جس کا کام یہ ہو کہ لاٹھوں ، میناروں پر چڑھ کر ان کی حالت وغیرہ کو دیکھے اور ان پر رنگ و روغن یا مرمت کرے ۔

steer, v.t. سمت اندازی کرنا ؛ پتوار یا سکان سے کسی جہاز وغیرہ کی رہنمائی کرنا یا کسی اور طریقے سے جہاز کی سمت کی رہنمائی کرنا ؛ رہ نمائی کرنا ؛ قیادت کرنا یا راہ دکھانا ؛ کسی معاملے یا کارروائی کی سمت متعین کرنا ؛ زیرِ عنان رکھنا یا کرنا ؛ باگ ڈور تھامنا ، سنبھالنا ؛ نظام سنبھالنا ؛ حکومت کرنا ؛ قابو میں رکھنا ؛ پتوار یا کسی اور ذریعے سے تعاقب کرنا یا پیروی کرنا ۔ (فعل لازم) کسی جہاز ، گاڑی یا ہوائی جہاز کا راستہ پتوار یا کسی اور ذریعے سے متعین کرنا ؛ رہ نمائی کرنا یا کسی راہ کی پیروی کرنا؛ کسی کے اقدام کی راہ متعین کرنا ؛ پتوار سے چلانے کو تسلیم کرنا (جیسے: the ship would not steer at all) ؛ کسی خاص سمت میں چلایا جانا ۔ (اسم) (بول چال) معلومات ؛ مشورہ ؛ نصیحت (کسی رہنمائی کے سلسلے میں) ؛ مفید اطلاع ۔

steer clear of, کنارہ کش ہونا ؛ بچ کر نکل جانا ؛ کترا کر گزرنا ؛ دانستہ کسی سے پرے رہنا ۔

steerer, n. رہنمائی کرنے والا (جہاز وغیرہ کی) ؛ سمت انداز ۔

steer, n. جوان خصّی جانور جو خصوصی طور پر گوشت کے لیے پالا گیا ہو ؛ خصّی بچھڑا (کسی عمر کا) ۔

steerage, n. (جہازرانی) سمت انداز (مقام) ؛ جہاز وغیرہ کا کوئی حصہ (بالخصوص وہ جہاں اسٹیرنگ ہوتا ہے) ؛ مسافر جہاز میں کبھی اس سے وہ جگہ مراد ہوتی تھی جہاں سستے کرائے پر مسافروں کو کم از کم جگہ دی جاتی تھی ؛ کسی جہاز کو پتوار سے چلانے کا عمل یا طریقہ ؛ وہ انداز جس میں جہاز پتوار یا رہنمائی کرنے والے آلات کا اتباع کرتا ہے ۔

steerageway, n. (جہازرانی) جہاز کو پتوار کے زیراثر لانے کے لیے کم سے کم ضروری حرکت ۔

steering committee, n. مجلس کار پرداز ؛ وہ کمیٹی جس کی یہ ذمہ داری ہوتی ہے کہ اجلاس کے لیے قرطاسِ کار تیار کرے اور اس پر عمل کرائے ۔

steering gear, n. کسی جہاز ، موٹر یا طیّارے وغیرہ کو چلانے والے آلات یا میکانی طریقہ ۔

steering wheel, n. سمت انداز پہیّہ ، کسی موٹر کا وہ پہیہ جو ہاتھ سے گھمایا جاتا ہے تاکہ موٹر کی سمت مُتعین ہو سکے ؛ اسٹیرنگ ۔

steerman, n. جہازران ؛ جہاز چلانے والا ؛ سُکان گر۔

steeve, v.t. جہاز کے گودام میں (کپاس یا دوسرے سامان کو) ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ۔ (اسم) مال کو دبا دبا کر بھرنے والی لمبی

سی بَلّی جس کے اگلے سِرے پر ایک کُندہ ہوتا ہے۔

steeve, v.i., v.t. (جہازرانی) بادبانی بانس کو عمودی زاویے پر کھڑا کرنا۔(اسم) (جہازرانی) بادبانی بانس کا اُفق کے ساتھ بننے والا زاویہ۔

stegosaurus, n. پوشہ سوسمار ؛ دوسرے ارضیاتی دور کے وسطی اور آخری عہد کے بڑے بڑے نبات خور دینو سارون میں سے کوئی ایک ، ان کا سر چھوٹا ہوتا تھا اور پُشت کی ہڈی کے ساتھ ساتھ لمبی سیدھی پسلیاں ہوتی تھیں۔

stein, n. جامِ سفال ؛ پیالہ ؛ جامِ شراب ، خصوصاً بیئر کے لیے ؛ پیالہ بھر شراب یا بیئر۔

stele, stela, n. تعوِیذ ؛ کوئی سیدھی سل یا حجری ستون جس پر کوئی نقش بنا ہوا ہو یا کوئی چیز لکھی ہوئی ہو؛ کسی عمارت کے ماتھے پر اس قسم کی کوئی چیز یا کسی چٹان پر ایسی کوئی شے؛ نقشین لوح۔

stele, n. (نباتیات) عروقی قلب ؛ کسی پودے کی جڑ یا اس کے تنے کے اندر سے خالی ریشے کا مرکزی استوانہ ؛ قلب عروقی پودا۔

stelar, stelic, a. قلب عروقی (جڑ)۔

stellar, a. نجمی ؛ کوکبی ؛ ستاروں سے متعلق ، ان پر مشتمل یا اُن کے مشابہ؛ تاروں بھرا ؛ کسی معروف فلمی ، تھیٹری یا کھلاڑی، شخصیت سے متعلق۔

stellate, stellated, a. ستارہ گوں؛ اشعاعی ؛ شعاع دار۔

stellately, adv. ستارے کی شکل میں۔

stelliform, a. ستارہ شکل ؛ ستارے کی سی شکل لیے ہوئے۔

stellular, a. چھوٹے ستاروں کی سی صورت لیے ہوئے ؛ ستاروں سے ملتے جلتے نشانوں والا ؛ **ستارچہ گوں**۔

stem, n. تنا ؛ ساق۔ (نباتیات) کسی پودے ، درخت یا جھاڑی کا وہ حصہ جو زمین سے باہر ہوتا ہے اور عموماً اس پر پتے نہیں ہوتے لیکن شاخیں ہو سکتی ہیں ؛ وہ مضبوط حصّہ جو شاخوں کو سہارا دیتا ہے ؛ کسی پودے کا اُبھرتا محور جو عموماً جڑ کی الٹی سمت کو بڑھتا ہے خواہ وہ زمین کے اوپر ہو یا نیچے ؛ پتے، پھول یا پھل کو سہارا دینے والا ڈنٹھل ؛ برگ ساق ؛ گُل ساق ؛ ساقچہ ؛ ڈنڈی ؛ سلسلۂ نسب ؛ اجداد ؛ شجرۂ نسب۔ (فن تعمیر) کسی پودے ، پھول وغیرہ یا تنے سے مشابہ کوئی آرایش یا تعمیر۔ (طباعت) کسی حرف کا بنیادی یا نسبتاً **موٹا قط** ؛ کسی شے کا لمبا اور پتلا حصہ (سر اور اطراف کے بغیر) جیسے تمباکو پائپ کی نلی ؛ کسی جام و مینا وغیرہ کا سیدھا حصہ جو اس کے جسم کو پیندے سے ملاتا ہے ؛ گھڑی کی چابی۔ (موسیقی) کسی دُھن پر لگی ہوئی عمودی لکیر۔ (لسانیات) لفظ کا کوئی حصہ جو عموماً کسی مادے سے مشتق ہوتا ہے اور مختلف تصریفی صورتوں کی بنیاد بنتا ہے۔ (فعل متعدی) کسی پھل کی ڈنڈی الگ کرنا یا تمباکو کے پتے کے درمیانی ڈنٹھل کو علیحدہ کرنا۔ (فعل لازم) کسی نسل سے ہونا ؛ کسی نسبت سے ہونا ؛ کہیں سے آغاز یا ابتدا کرنا۔

stemless, a. بے ڈنڈی کا ؛ بلا نام و نسب۔

stemmer, n. ڈنڈی توڑ ؛ وہ شخص(یاشے) جو پھلوں سے ڈنڈیاں الگ کرتا ہے۔

stem, v.t. بند باندھنا ؛ روکنا یا بڑھنے نہ دینا (پانی وغیرہ کے بہاؤ کو)۔ (فعل لازم) (اسکی اِنگ) برف دوڑ میں مُڑنے، آہستہ ہونے یا رک جانے کے لیے مخصوص انداز اختیار کرنا۔ (اسم) پن روک۔

stem, n. (جہازرانی) لکڑی یا دھات کا وہ خم دار ٹکڑا جس کے ساتھ جہاز کے دونوں پہلو آخری سرے پر آ کر مل جاتے ہیں ؛ قوسِ جہاز ؛ جہاز کا اگلا حصہ۔ (فعل متعدی) بہاؤ ، جھکڑ یا کسی رکاوٹ کے علی الرغم آگے بڑھنا یا ترقی کرنا۔

from stem to stern, پوری طرح ؛ سَرسے پاؤں تک ؛ ایک سرے سے دوسرے انتہائی سرے تک ؛ اول سے آخر تک۔

stemmed, a. تنادار ؛ تنے والا (جیسے: longstemmed) ؛ بے ڈنڈی کے (جیسے: stemmed string beans)۔

stemson, n. (جہازرانی) قوسِ جہاز کی خم دارلکڑی جس کا نچلا سرا جہاز کے زیریں ڈھانچے میں پیوست ہوتا ہے۔

stem turn, n. (اسکی اِنگ) وہ موڑ جس میں ''اسکی'' کرنے والا اوپر والی ''اسکی'' کی ایڑی کو اترائی کے خط سے باہر کی جانب کر لیتا ہے اور دوسری ''اسکی'' کو مڑنے کا رخ دے دیتا ہے اور مڑنے کے بعد دونوں ''اسکی'' متوازی کر لیتا ہے۔

stemware, n. کُوزے ، لوٹے وغیرہ کی طرز کا دستہ دار برتن جیسے ساغر یا جامِ شراب۔

stem-winder, n. چابی والی گھڑی۔

stem-winding, a. چابی سے چلنے والی۔

stench, n. بد بُو؛ گندی بُو ؛ سڑاند ؛ عفونت۔

stenchful, a. بدبودار ؛ عفونت دار۔

stencil, n. اسٹینسل ؛ دھات یا کاغذ وغیرہ کی پتلی سی پلیٹ جس کو چھید کر نقوش یا حروف بنائے جاتے ہیں ، اسے ایک گھومتی مشین پر چڑھا دیتے ہیں ، ان پر سیاہی یا رنگ پھیرا جاتا ہے اور یہ نقشوں یا حرفوں کو نیچے رکھی ہوئی چیز پر ثبت کر دیتی ہے ؛ یوں ثبت ہونے والے نقوش یا حروف۔ (فعل متعدی) اسٹینسل کے ذریعے چھاپنا یا پینٹ کرنا۔

stenciler,(Brit.)stenciller, n. اسٹینسل کاٹنے والا۔

steno, n. (بول چال) مختصر نویس ؛ زود نویس ؛ اسٹینوگرافر۔

stenograph, n. مختصر نگار ؛ کلیدی تختے والی کوئی مشین جسے مختصر نویسی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے (یہ مشین ٹائپ رائٹر کی سی ہوتی ہے) جس میں صوتی یا مخصوص اشارے استعمال کیے جاتے ہیں ؛ مختصر نویسی میں لکھی گئی کوئی تحریر۔ (فعل متعدی) مختصر نویسی لکھنا۔

stenographer, n. مختصر نویس۔

stenography, n. مختصر نویسی ؛ اس کا کوئی نظام۔

stenographic, stenographical, a. مختصر نویسانہ۔

stenographically, adv. مختصر نویسی کے طور پر۔

stenosis, n. (امراضیات) کسی نالی یا مجری کا سکڑاؤ۔

stenosed, a. منقبض ؛ قبض ؛ سُکڑا ہُوا ؛ تنگ۔

stenotic, a. سُکڑا ہوا۔

stenotherm, n. (حیاتیات) محدود حر ؛ وہ نامیہ جو تبدیلیِ حرارت کے محدود سے دائرے کے اندر ہی زندہ رہ سکتا ہو۔

Stenotype, n. ٹائپ رائٹر سے مشابہ کلیدی تختہ جس میں

نسبتاً کم کلیدیں ہوتی ہیں ، جو الفاظ ، آواز اور جملے کی رمزیں ٹائپ کرتی ہیں ۔ (تجارتی نشان) ۔

stenotypist, n. ٹائپ مشین استعمال کرنے والا مختصر نویس ؛ مختصر ٹائپ کار ۔

stenotypy, n. مختصر ٹائپ کاری ۔

stentor, n. بہت اونچی اور زور دار آواز والا شخص ۔

stentor, n. (حیوانیات) تُرم شکل کا ایک نُخز حوین جس کا اسی نام کی ایک جنس سے تعلق ہے ۔

stentorian, a. بہت اونچی اور زور دار آواز لیے ہوئے ۔

stentorianly, adv. اونچی اور زور دار آواز سے ۔

step, n. قدم ؛ چلنے ، دوڑنے ، ناچنے وغیرہ کی حالت میں پاؤں کو زمین سے اُٹھا کر دوبارہ نئی جگہ رکھنے کا عمل ؛ چلنے میں پاؤں کو اُٹھا کر آگے رکھنے کا درمیانی فاصلہ ؛ پاؤں کا وُہ نشان یا نقش جو زمین پر بنے ؛ نقش یا چال ؛ رفتار ؛ طرز خرام ؛ دوسروں کے ساتھ قدم ملا کر چلنے کا عمل یا موسیقی میں قدم کی ہم آہنگی ۔ (جمع) حرکات یا راستے (جیسے:to retrace one's step) ؛ تدبیر یا کسی اقدام کے سلسلے میں کوئی درمیانی مرحلہ ؛ ایک ناپ (پیمانہ) ؛ کسی عمل میں ایک مرحلہ ؛ درجہ ، گریڈ یا منصب ؛ تھوڑا سا فاصلہ ؛ناچ میں تھرک کا انداز؛ چڑھنے یا اترنے میں پاؤں ٹکنے کے لیے کوئی چیز جیسے سیڑھی کا ڈنڈا یا زینے کی سیڑھی ۔ (موسیقی)اسٹاف یا اسکیل(سرگم) کا کوئی درجہ ؛ سرگم کے دو تواتری درجوں کا درمیانی وقفہ ؛ کسی شے کا آگے بڑھا ہوا حصہ ۔ (جہازرانی) مستول کے نچلے سرے کو تھامنے والا ساکٹ ، فریم یا پلیٹ فارم ۔ (فعل لازم) قدم کو اٹھا کر نئی جگہ رکھتے ہوئے چلنا یا باری باری اس طرح پاؤں اٹھانا اور رکھنا ؛ آگے کو بڑھنا یا قدم بڑھانا (جیسے:to step forward) ؛ چند قدم چلنا (جیسے:to step to the corner store) ؛ نپے تُلے قدم اُٹھانا (رقص وغیرہ میں) ؛ تیز تیز چلنا (گھوڑے وغیرہ کا) ؛ بآسانی آنا یا وقوع پذیر ہونا (جیسے:to step into a fortune) ؛ پاؤں نیچے رکھنا ؛ ارادی یا حادثاتی طور پر قدم اٹھانا ؛ کسی کل کو چلانے کے لیے اسے پاؤں سے دبانا ۔ (فعل متعدی) قدم اٹھانا؛ قدم قدم چلنا ؛ لمبے لمبے ڈگ بھرنا ؛ تال پر ناچنا ؛ قدموں سے زمین یا فاصلہ ناپنا (بعد میں off یا out لگاتے ہیں) ؛ سیڑھیوں کے طور پر بنانا یا ترتیب دینا ۔ (جہازرانی) مستول کو حلقے میں بٹھانا ۔

in step, قواعد ، پریڈ اور رقص میں موزوں گام زنی یا آہنگ یا تال میل لیے ہوئے قدم ۔

take steps, کسی منصوبے یا مسئلے میں کوئی قدم اٹھانا؛ اقدام کرنا ۔

watch one's step, احتیاط سے کام لینا ؛ سوچ کر قدم اٹھانا ؛ پُھونک پُھونک کر قدم رکھنا ۔

step on it, (عوامی) تیز تیز چلنا یا جلدی کرنا ۔

steplike, a. سیڑھی یا زینے کی طرح ۔

stepbrother, n. سوتیلا بھائی ؛ سوتیلی ماں یا سوتیلے باپ کا لڑکا، سابقہ شادی سے ۔

step-by-step, a. درجہ بہ درجہ ؛ مرحلہ وار ؛ قدم بقدم ؛ رفتہ رفتہ ؛ بتدریج ۔

stepchild, n. سوتیلا بچہ ؛ شوہر یا بیوی کی سابقہ شادی سے اولاد ۔

stepdaughter, n. سوتیلی بیٹی ؛ شوہر یا بیوی کی سابقہ شادی سے ہونے والی لڑکی ۔

step down, v.i. آہستہ یا بتدریج کم ہونا ؛ اپنے منصب ، مقام یا اختیار سے دست بردار ہونا ۔ (فعل متعدی) وولٹیج کم کرنا ۔ (صفت) رُوبہ زوال ۔ (برق) کم ہوتا وولٹیج ۔

stepfather, n. سوتیلا باپ ۔

stephanotis, n. تاج پھول ؛ دودھیا رس والی اس جنس کی کوئی بُوٹی جس کے پتے موٹے اور لچکدار ہوتے ہیں اور پھول خوشبودار ، چکنے اور سفید یا سفیدی مائل ۔

step-in, n. (بالعموم جمع) کوئی ایسا لباس جس کو پہلے پاؤں داخل کرکے پہنا جائے جیسے مغربی عورتوں کی قدرے ڈھیلی پتلون یا ڈانگری سی یا کُھلی پشت کے سلیپر ؛ آرام سے پاؤں ڈال کر پہننے والی کوئی چیز پاجامہ یا پاپوش ۔ (فعل متعدی) بیچ بچاؤ کر دینا ، بیچ میں آ جانا ؛ کسی نزاع کو رفع دفع کرنے کے لیے خود بخود مداخلت کرنا ۔

stepladder, n. گھوڑی ؛ چار پایوں اور چپٹے ڈنڈوں والی متحرک سیڑھی ، یہ اوپر کی جانب حلقہ بند ہوتی ہے اور کھل کر اپنے سہارے سے کھڑی ہو جاتی ہے ۔

stepmother, n. سوتیلی ماں ؛ کسی شخص کے باپ کی دوسری یا بعد والی بیوی ۔

step out, v.i. تھوڑے وقت کے لیے گھر وغیرہ سے باہر جانا ؛ تیز تیز قدم اٹھاتے ہوئے چلنا جیسے ''کوئک مارچ'' میں ۔ (بول چال) میل ملاقات کو جانا ؛ اپنے زوج کے علاوہ کسی اور کے ساتھ مصاحبت چاہنا (بعد میں on لگاتے ہیں) ۔

step parent, n. سوتیلا باپ یا سوتیلی ماں ۔

steppe, n. دشت ؛ گھاس میدان ؛ جنوب مشرقی یورپ اور ایشیا کے ان وسیع و عریض مسطح میدانی خطوں میں سے کوئی ایک جو بے شجر ہیں ؛ کوئی ایسا وسیع میدانی علاقہ خصوصاً بے اشجار ؛ اسٹیپ ۔

stepped-up, n. (بول چال) مستعجل ؛ پھیلا ہوا ؛ پھیلایا ہوا ؛ مزید کیا ہوا ؛ بڑھایا ہوا ۔

stepper, n. گام زن ؛ تیز رفتار اور طناز گھوڑا ۔ (بول چال) رقاص یا رقاصہ ۔

stepping stone, n. آسرا ؛ سہارا ؛ کسی ندی یا دلدلی جگہ میں وہ اونچا پتھر جس پر قدم رکھ کر پار جانا ممکن ہو ؛ کوئی آسرا جس سے کوئی مقصد حاصل ہو سکے ؛ پیش رفت میں دست گیری ۔

step rocket, n. (فضائیات) مرحلی راکٹ ؛ ایک راکٹ جس کے دو یا زیادہ مرحلے ہوتے ہیں ، ہر مرحلہ باری باری چُھوٹتا ہے اور جب اس کا ایندھن ختم ہو جاتا ہے تو اصل راکٹ سے الگ ہو جاتا ہے ۔

stepsister, n. سوتیلی بہن (ماں یا باپ کی طرف سے) ۔

stepson, n. سوتیلا بیٹا (باپ یا ماں کی طرف سے) ۔

stepstool, n. گھوڑی ؛ اونچی اشیا تک پہنچنے کے لیے استعمال کیا جانے والا اسٹول جو عموماً دو سیڑھیوں کا ہوتا ہے ،یہ سیڑھیاں استعمال نہ ہونے کی حالت میں تہ ہو جاتی ہیں ۔

stereology, n. علم مجسمات ؛ دو ابعاد میں دیکھی جانے والی سہ العبادی اشیا ۔

stereometry, n. مجسم پیمائی ؛ حجمی جیومیٹری ۔

stereometric, a. مجسم پیما ؛ مجسم نما ۔

stereometrically, adv. مجسم پیمائی کے طور پر ۔

stereomicroscope, stereoscopic microscope, n. سہ ابعادی خردبین؛ وہ خردبین جس میں عدسے اس طرح ترتیب دیے جاتے ہیں کہ کسی شے کی تینوں جہات کو دیکھا جا سکتا ہے ؛ مجسماتی خردبین ۔

stereophonic, a. مکانی صوتی ؛ اس صوتی نظام سے متعلق جس میں کچھ صوتی عناصر یوں مرتب کیے جاتے ہیں کہ اصلی آواز اپنی مکانی تقسیم کے ساتھ جوں کی توں سنی جاتی ہے ۔

stereophony, n. مکانی صوتی نظام ۔

stereophotography, n. حجمی عکّاسی ؛ سہ ابعادی تصویر کشی ۔

stereopsis, n. مجسم رؤیت ؛ ایسا منظر جس کی تینوں جہات نظر آئیں ۔

stereopticon, n. مثنیٰ عکس انداز ؛ طلسمی لالٹین کی ایک ترقی دادہ صورت ، اس میں عموماً دو عدسے ہوتے ہیں جن کی مدد سے تحلیلی تظلیل کی جاتی ہے ۔

stereoscope, n. مجسم بین ؛ مجسم نما ؛ ایک بصری آلہ جس کے ذریعے دونوں آنکھیں کم فاصلے کی ایسی دو تصویروں کو الگ الگ دیکھ سکتی ہیں جو قدرے مختلف زاویوں سے لی گئی ہوں، ہر آنکھ صرف ایک تصویر دیکھتی ہے تاہم بصارت کی مدد سے ان کے نقوش دماغ تک یک تصویری پہنچتے ہیں اور وہ اشیا یوں ہو بہو اسی طرح نظر آتی ہیں جیسی کہ اصل میں ہوتی ہیں ۔

stereoscopic, a. مجسم بینی کا ؛ مجسم نما یا مجسم بین ۔

stereoscopically, adv. مجسّم بین طریقے سے ۔

stereoscopy, n. مجسم بینی ۔

stereoscopic microscope, n. مجسم بین خردبین ؛ سہ ابعادی خردبین ۔

stereotaxis, n. (حیاتیات) ٹھوس رخی ؛ صلدی ترتیب ؛ کسی ٹھوس جسم یا سطح کے ساتھ لگنے سے کسی متحرک (حرکیہ) نامیے یا خلیے میں پیدا ہونے والی جوابی حرکت ۔

stereotomy, n. ٹھوس تراشی ؛ کسی سخت اور کسی ٹھوس شے کو کاٹنے کا عمل یا فن،بالخصوص پتھر کو ؛ سنگ تراشی ۔

stereotropism, n. (حیاتیات) ٹھوس رخی ؛ صلدی ترتیب ؛ کسی نامیے کی وہ خمیدہ نمو جو کسی ٹھوس جسم کے ساتھ رابطے سے پیدا ہوتی ہے ۔

stereotype, n. اسٹیریو ٹائپ ؛ مسبوکہ ؛ کلیشہ ؛گھسی پٹی چیز یا بات ؛ طباعت کے لیے دھات پلیٹیں تیار کرنے کا سلسلہ ، ان کو پہلے پلاسٹر لُبدی وغیرہ میں ڈھال کر قالب تیار کر لیا جاتا ہے اور پھر اس کی مدد سے دھات کے حروف تیار کیے جاتے ہیں ؛ اس طریقے سے تیار کی جانے والی طباعتی پلیٹ ؛ ایک بندھی ٹکی صورت ؛ کسی خاص گروہ کے لوگوں کے بارے میں قائم کی گئی غیر مبدل رائے اور اس رائے یا رویے کا اطلاق ؛ مصحف؛ کلیۃً کوئی چیز ؛ دقیانوسی شے ۔ (فعل متعدی) بالائی طریقے سے ڈھالنا یا بنانا ؛ پکی صورت دے دینا ؛ یکساں رکھنا ۔

stereotyper, stereotypist, n. اسٹیریو ٹائپ پر چھپائی کا کام کرنے والا ؛ مسبوکہ ساز ؛ کلیشہ ساز ۔

step turn, n. (اسکی انگ) موڑ میں لائی گئی تبدیلی جس میں اسکی باز ایک اسکی کو اٹھا لیتا ہے اور مڑنے والی جانب قدم زن ہو کر دوسری اسکی کو اس کے برابر لے آتا ہے ۔

step up, v.t. مرحلہ وار رفتار میں تیزی پیدا کرنا ، اضافہ کرنا یا پیش قدمی کرنا ۔ (برق) بدلتی رَو والے سرکٹ کی وولٹیج کو زیادہ کرنا (ٹرانسفامر کے ذریعے) ۔ (فعل لازم) زیادہ ہو جانا ؛ ملازمت میں ترقی پا جانا ؛ آگے آنا (جیسے: step up and be counted) ۔ (صفت) پیش قدم ۔ (برق) وولٹیج میں اضافہ ۔ (اسم) مقدار یا حجم میں اضافہ ۔

stepwise, a. مرحلہ وار ۔ (موسیقی) موسیقی میں ایک سُر سے بتدریج دوسرے سُر کی جانب بڑھنے والا؛ بتدریج ۔

stercoraceous, a. (حیوانیات) فضلاتی ؛ فُضلہ گُوں ؛ گوبر کاسا یا اس کی مانند ؛ گوبر میں رہنے والا یا اس پر چلنے والا جیسے بعض حشرات ؛ گوبریلا ۔

stere, n. اسٹیر ؛ فرانس کی ایک پیمائشی اکائی جو ایک مکعب میٹر کے برابر ہوتی ہے (یعنی ۱٫۳۱ مکعب گز یا ۳۵٫۳۱۵۶ مکعب فٹ) ، اس سے ٹھوس چیزوں کو ناپا جاتا ہے ۔

stereo, n. اسٹیریئوفونک ؛اسٹیریئوٹائپ اور اسٹیریئوسکوپ کا مخفف ۔

stereobate, n. (فن تعمیر) مجسم پایہ ؛ وہ بنیاد یا کُرسی جس پر کوئی عمارت وغیرہ کھڑی کی جاتی ہے؛ وہ ٹھوس چبوترہ یا ڈھانچا بشمول اس ستونی کرسی کے جس پر کلاسیکی عمارتوں کے ستون کھڑے ہوتے ہیں ؛ ٹھوس کرسی ۔

stereochemistry, n. وضعی کیمیا ؛ تجسیمی کیمیا ؛ عِلم کیمیا کی وہ شاخ جو سالمے کے جواہر (ایٹموں) کی ہندسی ترتیب اور اس ترتیب کے کیمیائی خواص سے واسطہ رکھتی ہے ۔

stereogram, n. تصویر مجسمہ ؛ وہ نقشہ یا خاکہ جو اشیا کو اس انداز سے پیش کرتا ہے کہ اس سے اُبھرواں ہونے یا مجسم ہونے کا تاثر پیدا ہو ؛اسٹیریئوسکوپ کے لیے بنائی گئی تصویر؛ اسٹیریئوگراف ؛ مجسم نگارش ۔

stereograph, n. تصویر تجسیمی ؛اسٹیریئو سکوپ کے لیے اتاری گئی تصویر (اکہری یا دوہری) ؛ مجسم نگار ۔ (فعل متعدی) تجسیمی تصویر تیار کرنا ۔

stereography, n. مجسم نگاری ؛ کسی ہموار شے پر ٹھوس جسم والی اشیا کی اشکال کو خطوط میں واضح کرنے کا فن ؛ تناظر ؛ جیومیٹری کی وہ شاخ جو واضح خدوخال کی سہ ابعادی چیزوں سے واسطہ رکھتی ہے ۔

stereographic, a. مجسم نگارانہ ۔

stereographically, adv. مجسم نگارانہ طور پر ۔

stereoisomer, n. تجسیمی ہم ترکیب ؛ ایک کیمیائی مرکب جو ترکیب میں تو کسی اور مرکب کا سا ہو لیکن اس کے ایٹموں کی ترتیب مختلف ہو ۔

stereoisomerism, n. (کیمیا) تجسیمی ہم ترکیبی ؛ ایک ہم ترکیبی جس کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ یہ کسی سالمے میں ایٹموں یا ایٹموں کے گروہوں کی مختلف اضافی مکانی حالتوں کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے ۔

stereoisomeric, a. تجسیمی ہم ترکیب ۔

stereotyped, a. دقیانوسی ؛ لکیر کا فقیر ؛ ڈھلا ڈھلایا ؛ اسٹیر یو ٹائپ پلیٹوں میں تیار کیا گیا ؛ مقررہ صورت کا ؛ گھسا پٹا ؛ رسمی۔

stereotypy, n. مسبوکہ سازی ؛ کلیشہ سازی ؛ پلیٹیں ڈھالنے کا فن یا کاروبار ؛ ڈھالی گئی پلیٹوں کے ذریعے طباعت کا سلسلۂ عمل۔ (نفسیات) کسی وضع پر یوں قائم رہنا یا کسی قول یا فعل کو یوں بار بار کہنا یا کرنا کہ وہ غیر معمولی نظر آئے (جیسا کہ بعض امراض ذہنی میں ہوتا ہے) ؛ اعادیت ؛ تکرار۔

steric, sterical, a. (کیمیا) وضعی ؛ کسی سالمے میں جوہری ترتیب کے متعلق

sterically, adv. وضعی طور پر۔

sterilant, n. بانجھ گر ؛ کوئی عامل (کیمیائی یا غیر کیمیائی) جو بانجھ کر دینے کی صلاحیت رکھتا ہو ، جیسے بعض بُوٹی مار جو زمین میں اپنے اثرات چھوڑ جاتے ہیں یا وہ عامل جو کیڑوں کی افزایش کو ختم کر دیتے ہیں۔

sterile, a. اَوسر ؛ عقیم ؛ جراثیم نامیہ سے بلکہ خردنامیوں سے بھی پاک (جیسے sterile needles:) ؛ بانجھ (عموماً مادہ کے لیے آتا ہے) ؛ بنجر ؛ غیر زرخیز ؛ بلاثمر۔ (مجازاً) بے نتیجہ ، بے ثمر (کوشش)۔ (نباتیات) وہ پودا جس میں پھلنے کی صلاحیت نہ ہو ؛ بارناآور۔

sterility, n. بانجھ پن۔

sterilize, sterilise, v.t. جراثیم ربائی کرنا ؛ جراثیم وغیرہ سے پاک کرنا (حرارت سے یا الکحل میں ڈال کر جیسا کہ ٹیکے والی سوئیوں کو کرتے ہیں) ؛ اپریشن کرکے بارآوری کی صلاحیت کو ختم کر دینا ؛ زمین کو بنجر بنا دینا ؛ بانجھ کر دینا۔

sterilization, n. جراثیم ربائی ؛ اتلافِ جراثیم ؛ تعقیم ؛ بانجھ کاری ؛ تطہیر۔

strilizer, n. جراثیم رُبا (آلہ یا دوا) ؛ جراثیم کش۔

sterlet, n. سگ ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی جو انڈے دینے کے لیے دریا میں چلی جاتی ہے ، یہ بحیرۂ اسود ، بحیرہ کیسپین اور نواحی پانیوں میں ہوتی ہے .یہ کھانے میں بہت لذیذ ہوتی ہے ،اس کے انڈوں سے ایک نمکین ڈش caviar تیار کی جاتی ہے۔

sterling, a. اسٹرلنگ ؛ خالص ؛ کھرا ؛ خالص چاندی کےسکے سے متعلق جو انگلستان میں رائج ہے ، اس سکے کی بنی ہوئی یا اس معیار پر اُترنے والی کوئی شے۔ (اسم) اس معیاری چاندی سےبنی ہوئی کوئی شے یا زیورات ، ظروف وغیرہ۔

sterlingly, adv. اصلیت لیے ہوئے۔

sterlingness, n. کھرا پن ؛ خالص پن۔

stern, a. (کرخت چہرے کے تاثرات کے حوالے سے) درشت رُو ؛ بے رونق ؛ جابر ؛ سخت گیر ؛ بے لچک حد تک اٹل ؛ غیر متحرک۔

sternly, adv. سختی سے ؛ کرختگی سے۔

sternness, n. درشتی ؛ کرختگی۔

stern, n. دُنبالہ ؛ جہاز کا عقبی حصہ ؛ کسی شے کا پچھلا حصہ یا سکان ؛ عقب ؛ کفل ؛ سُرین ؛ چُوتڑ۔

ternal, a. قصی ؛ سینے کی ہڈی کا یا اس سے متعلق۔

stern chase, n. (جہازرانی) وہ تعاقب جس میں پچھلا جہز اگلے جہاز کا پیچھا کرتا آ رہا ہو۔

stern chaser, n. (جہازرانی) دنبالۂ جہاز کی وہ توپ جس کا رخ پیچھے کی طرف ہوتا ہے تاکہ تعاقب میں آنے والے کے خلاف استعمال ہو سکے۔

sternforemost, adv. (جہازرانی) پیش عقبہ ؛ وہ صورت جس میں پچھلا حصہ اگلی جانب ہو گیا ہو یعنی افراتفری کی حالت میں ؛ اُلٹی سیدھی حالت میں۔

sternmost, a. دُور عقب کا ؛ دُور پیچھے کا۔

sternocostal, a. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) قصی ضلعی؛ صدری ہڈی اورپسلیوں کے درمیان کی جگہ میں یا اس کے دائرۂ عمل میں۔

sternpost, n. (جہازرانی) دُنبالۂجہاز کا لوہے یا لکڑی کا بڑا ٹکڑا جوپیندے سے پیوست ہوتا ہے اور عموماً سکان یا دنبالہ کو سہارا دیتا ہے ؛ دُنبالک۔

sternson, (جہازرانی) دنبالک زاد ؛ جہاز کے چکّل (کیل) کا بڑھا ہوا حصہ جس کے ساتھ دنبالہ جُڑا ہوتا ہے۔

sternum, n. (تشریح الاعضا، حیوانیات) قص ؛ عظم القص ؛ صدری ہڈی (یا ہڈیاں) جو بیشتر فقاری جانوروں میں شکمی حصے کے درمیان بڑھی ہوتی ہے اور انسان میں چپٹی لیکن کم چوڑی ہڈی کی صورت میں گردن کی جانب ہنسلی کی ہڈیوں سے مل جاتی ہے اور حقیقی پسلیوں سے بھی وابستہ ہوتی ہے ؛ صدری ہڈی ؛ حیوانی جسم کے آنکڑے کا عمودی حصہ۔

sternutation, n. چھینکنے کا عمل ؛چھینک ؛ عطسہ۔

sternutator, n. چھینک آور ؛ معطّس ؛ کیمیائی جنگ میں لوگوں کو چھینک ، کھانسی اور دیگر ناک اور تنفس کے عوارضات کر دینے والا مواد۔

sternutatory, sternutative, a. چھینک آور ؛ معطس ؛ بلاس ؛ ناس یا نسوار۔ (اسم) چھینکیں لانے والی شے یا دوا جیسے نسوار۔

sternward, sternwards, a., adv. (جہازرانی) دُنبالے کی جانب ؛ سکان کی جانب۔

sternway, n. (جہازرانی) پس روی؛ جہاز کا الٹی جانب یُوں چلنا کہ دنبالہ چلنے کی سمت میں ہو۔

stern-wheel, n. (جہازرانی) وہ کشتی جس کے دنبالے میں انجن سے چلنے والا دھکیل پہیہ ہوتا ہے۔ بمقابلہ:side-wheel ۔ پس پہیہ۔

stern-wheeler, n. (جہازرانی) وہ کشتی جس کے دنبالے میں انجن سے چلنے والا دھکیل پہیّہ ہو۔

steroid, n. (کیمیا) چربی گھلانے والے اسٹیرائڈ ؛ نامیاتی مرکبات میں سے کوئی بشمول اسٹیرول ،صفرائی ترشہ ؛ جنسی ہارمون اور بعض زہر الکشاتبین مرکبات۔

sterol, n. (کیمیا)اسٹیرول ؛ مخلوط حلقیٔ الکحل مرکبات کی نوع میں سے کوئی ایک جو نباتات اور حیوانات میں پائے جاتے ہیں۔

stertor, n. خراٹے کا عمل۔ (امراضیات) بعض امراض میں پیدا ہو جانے والی وہ ضمنی صورت جس میں سانس کے ساتھ گہرے خراٹوں کی آواز آتی ہے۔

stertorous, a. خراٹے لینے والا۔

stertorously, adv. خراٹے لیتے ہوئے۔

stertrousness, n. خرخراہٹ۔

stet, v.t. بحال کرنا ؛نقطے لگانا ، یہ لفظ یا نقطے چھپائی والے پروف پر و ہاں لکھے یا لگائے جاتے ہیں جہاں یہ کہنا مقصود ہو کہ قلم زد کیے گئے حروف یا الفاظ کو قلم زد نہ سمجھا جائے اور جوں کا توں سمجھ کر چھاپ دیا جائے۔ (طباعت) جوں کا توں رکھنا۔

stethoscope, n. (طِب) ایک آلہ جسے بدن انسانی کے کسی حصے پر لگا کر (بالخصوص سینے پر) اس کے ذریعے کانوں تک پہنچنے والی آوازوں کے حوالے سے مرض کا اندازہ لگایا جاتا ہے ؛اسٹتھسکوپ ؛ صدربین ؛ سماع الصدر۔

stethoscopic, stethoscopical, a. صدربینی سے متعلّق۔

stethoscopically, adv. صدر بینی کرتے ہوئے۔

stethoscopy, n. صدر بینی۔

stevedore, n. جہاز کے مال (گودام) میں سامان وغیرہ لادنے والا ؛ جہاز پر سامان اتارنے چڑھانے والا؛ جہاز قلی۔ (فعل متعدی) مال اسباب جہاز سے اتارنا یا چڑھانا۔ (فعل لازم) مال بردار جہاز سے سامان کا لادا یا اتارا جانا۔

stevedor's knot, stevedore knot, n. لابن گانٹھ ؛ مال کو کھسکنے یا ڈھیلا ہونے سے روکنے کے لیے لگائی گئی گرہ؛ پکی گانٹھ۔

stew, n. اسٹیو ؛ گوشت ، مچھلی یا کسی اور شے کا نرم آنچ کا پکوان ؛ دھیمانچہ ؛ نرم جوش ؛ آب گوشت ؛ شوربہ گوشت۔ (بول چال) بے چینی، ہلچل یا اضطراب کی حالت۔ (فعل متعدی) دھیمی آنچ پر پکانا ؛ نرم اُبال سے پکانا۔ (فعل لازم) دھیمی آنچ پر پکنا ؛ نرم جوش پکنا۔ (بول چال) بے چین ہونا یا کرنا ؛ ہلچل پیدا کرنا یا ہو جانا ؛ گرمی سے بے حال ہونا۔

stew in one's own juice, (مجازاً) اپنے کیے کا پھل پانا یا سزا بھگتنا ؛ اپنی جلائی میں جلنا۔

steward, n. کام دار ؛ کارندہ ؛ مختار؛ منشی ؛ داروغہ ؛ کسی بڑی جائیداد یا جاگیر کی دیکھ بھال کرنے والا منتظم ، مختار جو دوسرے کے مالی اور دیگر امور کی دیکھ بھال کرے ؛ کسی کلب ، ہوٹل ، مسافر جہاز وغیرہ کا مہتمم جو شراب و خوراک وغیرہ کی فراہمی اور تیاری کا ذمہ دار ہوتا ہے ، بلکہ گاہکوں تک ان کے سہولت سے پہنچنے کا بھی ؛ جہاز کا ویٹر یا بیرا ؛ کسی معاملے کا زمام دار ، جیسے گھُڑدوڑ کے راستے کا منصرم ؛ کسی کارخانے میں یونین کا ذیلی عہدہ دار ؛ فورمین ؛ بعض کلیساؤں میں مالی یا اسی قسم کے معاملات کا انچارج۔ (برطانوی) برطانیہ میں کوئی منتخب بلدیاتی عہدہ دار۔ (برطانوی تاریخ) ریاست کا افسرِاعلیٰ۔ (فعل متعدی و لازم) کسی کے لیے مہتمم یا داروغہ وغیرہ کی خدمات انجام دینا ؛ کسی کا مہتمم یا داروغہ کے طور پر کام کرنا۔

stewardship, n. داروغگی ؛ مہتممی۔

stewpan, n. دھیمی آنچ پر پکانے والا برتن ؛ کڑاہی ؛ کڑچھی۔

sthenic, a. (طِب) دل اور شریانوں کے عمل میں غیر معمولی شدت کے ساتھ ؛ بہت توانا ؛ مصبوط۔

stibine, n. (کیمیا) ایک بے رنگ ، زہریلی ، بدبودار گیس جو نمک کے تیزاب میں سرمئی مرکب کے سڑنے گلنے سے پیدا ہوتی ہے۔ نیز: antimony hydride۔

stibnite, n. نمک سرمہ ؛ سیاہی مائل خاکستری رنگ کا قلمی کچ دھات سرمہ جس سے متعدد سُرمے تجارتی نقطۂ نظر سے تیار کیے جاتے ہیں۔

stichomythia, stichomythy, n. (یونانی ادب) منظوم مکالمہ ؛ منظوم سوالاً جواباً مکالمہ (مصرع کے جواب میں مصرع ، بیت کے جواب میں بیت اور بند کے جواب میں بند کی صورت میں)۔

stick, n. چھڑی ؛ لکڑی کا نسبتاً لمبا اور پتلا ٹکڑا ؛ درخت سے توڑی ہوئی یا ٹوٹی ہوئی شاخ ؛ سوختنی چوب یا بڑھئی کے کام کے لیے لمبی سی لکڑی ؛ قمچی ؛ ڈنڈا ؛ سونٹا ؛ عصا ؛ اپنی جسامت کے حوالے سے کوئی لمبی سی شے جو چھڑی سے مشابہ ہو (جیسے: a stick of candy) ؛ کسی اجوائنی پودے کا تنا۔ (بول چال) فرنیچر کی کوئی ایک شے ؛ بے لچک،بے روح آدمی ؛ کسی غیر الکحلی مشروب میں ڈالی گئی الکحل کی مقدار۔ (عوامی) گالف کا ڈنڈا ؛ بیس بال بلّا ؛ ہاکی ؛ عصائے منصبی ؛ بلیئرڈ کھیلنے والی چھڑ۔ (برطانوی) چہل قدمی کی چھڑی یا بید۔ (جہازرانی) مستول یا بادبانی بلّی۔ (طیرانیات) طیارے کا چلانے والا بیرم۔ (عسکری) بموں کا وہ تسلسل جو اس طرح چھوڑے جائیں کہ وہ ہدف پر ایک قطار کی صورت میں گریں۔ (طباعت) حرف جوڑ مسطر ؛ مِسطر بھر حروف۔ (فعل متعدی) کسی پودے وغیرہ کے ساتھ سہارے کے لیے لکڑی یا لکڑیاں کھڑی کرنا ؛ حروف جوڑ مِسطر میں حروف ترتیب دینا۔

the sticks, (بول چال) گھنے جنگل ؛ دیہی علاقے۔

stick, v.t. گھونپنا یا گڑنا ؛ یوں چبھونا کہ پار ہو جائے یا زخمی کر دے ؛ یوں مار ڈالنا ؛ ٹانکنا (جیسے: to stick a pin on a dress)؛ کوئی چیز پھنسا کر کہیں لگا دینا (جیسے: to stick the sign on the wall with a thumbtack) ؛ سوئی چبھو دینا جیسے غبارے میں ؛ باہر نکال دینا جیسے کھڑکی وغیرہ سے بازو کو ؛ اس طرح جوڑ دینا کہ سطح سے چپک جائے ؛ چپکانا ؛ کچھ مقدار میں شے کو کہیں جما یا سجا دینا ، بعد میں عموماً full of لگاتے ہیں (جیسے : to stick the wall full of pictures) ؛ کسی مقررہ جگہ رکھنا یا جما دینا (جیسے : stick the box behind the door) ؛ گاڑ دینا (جیسے: to stick the peg in the hole) ؛ کسی نوکیلے آلے پر ٹکا دینا یا چڑھا دینا ؛ راستہ روک دینا ؛ کھڑا کر دینا ؛آگے نہ بڑھنے دینا (عموماً مجہولی حالت میں ، جیسے: to be stuck in a traffic jam) ۔ (بول چال)پریشان کر دینا ؛ کچھ سوچنے نہ دینا (عموماً مجہولی حالت میں ، جیسے : to be stuck for an answer)۔ (عوامی) دھوکا دینا یا فریب دے جانا ؛ کسی پر کوئی کام ، ذمہ داری یا خرچ ڈال دینا (جیسے : to stick him with the job or the bill)۔ (فعل لازم) کسی جگہ سے چپکے یا چمٹے رہنا جیسے مضبوطی یا لگاوٹ سے ؛ پیوست رہنا ؛ چبھ جانا ؛ اپنی جگہ پر رہنا یا ٹھہرنا ؛ اپنے نظریات یا اپنے وعدے پر قائم رہنا یا ڈٹے رہنا (بعد میں with یا at آتا ہے) ؛ کسی کام یا مشغلے میں لگے رہنا یا استقلال دکھانا (بعد میں with یا at یا to آتا ہے) ؛ کسی کا تعاقب کرتے ہوئے یا چپکے سے پیچھا کرتے ہوئے اس کے بالکل قریب رہنا (بعد میں with یا to آتا ہے) ؛ آگے کو نکلنا یا بڑھ آنا یا نمایاں ہونا (بعد میں through, in, out, from یا up آتا ہے) ؛ رکاوٹ کے باعث

ترقی نہ کرنا ؛ کسی سدراہ کے باعث ٹھہرا دیا جانا ؛ تذبذب یا تامل کا شکار ہونا (بعد میں at آتا ہے) ۔

stick around, (عوامی) انتظار کرنا یا کہیں پاس ہی ہونا ۔

stick by, وفادار یا وابستہ رہنا ۔

stick it out, (بول چال) کسی چیز کو تابہ انجام لے جاکر دم لینا یا اس پر اَڑے رہنا ۔

stick up, (عوامی) بندوق دکھا کر روک لینا اور لوٹ لینا ۔

stick up for, (بول چال) حمایت کرنا یا مدافعت کرنا ۔

stickability, n. چپکنے کی صلاحیت ۔

stickable, a. چپکنے والا ۔

sticker, n. چسپاں ہو جانے والا ؛ چسپندہ ؛ چپک جانے والا (لیبل ، ٹکٹ وغیرہ) ؛ وہ جو کوئی چیز چپکا دے جیسے لئی سے کاغذ وغیرہ ؛ وہ جو مستقل اور وابستہ رہے ؛ غیر متزلزل ؛ دل جمعی سے کسی کام پر ٹکنے والا ؛ سُور کو برچھی وغیرہ سے بھونک کر یا گھونپ کر مارنے والا ۔ (بول چال) گومگو میں ڈال دینے والی شے ؛ معمّہ ؛ جُز رس ؛ ضدّی ۔

stickfull, a. (طباعت) حرفی مسطر بھر(حروف)۔

stickiness, n. چپچپاہٹ ؛ لسلسا پن ؛ چسپیدگی ۔

stickily, adv. لسلسے پن سے ۔

sticking plaster, n. چپک جانے والا پلاسٹر ؛ چسپاندہ پلاسٹر؛ چپکنی پٹی ؛ زخم سے چمٹ جانے والا پھاہا ؛ لسوق ۔

stick insect, n. عصا حشرہ ؛ دُبلا پتلا لمبا سا کیڑا (جھینگر ، ٹڈا ، ٹڈی وغیرہ) ، اس کے بازو نہیں ہوتے ۔ نیز: walking stick ۔

stick-in-the-mud, n. (بول چال) مٹّھا یا لکیر کا فقیر ؛ سُست ۔

stickle, v.i. معمولی سی شے یا بات کی ضد لے بیٹھنا یا اس پر اڑ جانا ؛ پس و پیش سے کام لینا ۔

stickleback, stickleback fish, n. ماہی آبنوس ؛ زمیر ؛ خارپشت مچھلی : یہ بہت چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں ، یہ اپنے لیے گھر بنانے میں مشہور ہے اور جوہڑوں ، ندیوں میں پائی جاتی ہے ۔

stickler, n. کمال پسند (بعد میں for لگاتے ہیں (جیسے: a stickler for manners) ؛ کم اہم چیزوں کی طلب میں ہلکان ہونے والا ۔ (بول چال) کوئی شے جو ذہنی طور پر پریشان کرکے رکھ دے ؛ ضدّی ۔

stickman, n. قماری میز کے پاس کھڑا رہنے والا ملازم ، اس کے ہاتھ میں ایک چھڑی ہوتی ہے جس کو وہ مہرے تک لے جاتا ہے اور رقم اٹھا لیتا ہے ۔ (کھیل) ایسا کوئی کھیل کھیلنے والا جس میں اسٹک (ہاکی) یا اسی قسم کی کسی چیز سے کام لیا جاتا ہو ۔

stick pin, n. سجاوٹی پن جو عموماً ٹائی پرلگائی جاتی ہے ، بعض‌اوقات‌اس میں ہیرے بھی ہوتے ہیں ؛ ٹائی پن ۔

stickseed, n. گوکھرو ؛ ہر وہ بوٹی جس کا بیج چپھنے ، چمٹنے والا ہو اور کپڑوں یا جانوروں کے بالوں سے چمٹ جائے ۔

sticktight, bur marigold, n. گوکھرو ؛ ایک بوٹی جس کا بیج خاردار ہوتا ہے اور بند رہتا ہے اور کپڑوں یا جلد سے چمٹ جاتا ہے ۔

stick-to-it-iveness, n. (بول چال) انتہائی ضد اور اصرار کرنے والا ؛ چم چیچڑ ؛ ضِدی ؛ ہٹ دھرم ۔

stick-up, n. (عوامی) ڈاکا ؛ بٹ ماری ؛ رہ زنی ۔

stickweed, n. دیکھیے: Ragweed ۔

stickwork, n. (کھیل) بیس بال ، ہاکی یا کرکٹ وغیرہ میں بلّے یا ہاکی سے کام لینے کا فن ۔

sticky, a. چمٹنے والا ؛ چپکنے والا ؛ جس پر گوند لگی ہوئی ہو ؛ مرطوب جیسے موسم ۔ (بول چال) بینڈا ؛ بے ڈھب ، غیر دلچسپ (جیسے : a stickysituation) ۔

stickily, adv. چپک جانے والے انداز سے ۔

stiff, a. سخت ؛ کرخت ؛ بے لوچ ؛ بے لچک ؛ خم ناپذیر؛ ٹھیک طرح چلنے یا کام نہ دینے والی جیسے کوئی مشین یا میکانی عمل ؛ غیر لچکیلا ؛ اکڑا ہوا ؛ بہ آسانی حرکت نہ کرنے والا (جیسے: stiff joints and muscles) ؛ جکڑا ہوا ؛ نازیبا ؛ غیر رواں اور پر تکلف (جیسے: a stiff style of writing) ؛ گاڑھا ؛ دبیز ؛ منجمد ؛ متکبر ؛ ضدی ؛ میل ملاپ میں روکھا ؛ کشیدہ یا بہت کھنچا ہوا ؛ قیمت یا مانگ گرنے کے خدشے سے محفوظ یا مستحکم جیسے بازار میں حصص کی قیمتیں ؛ شکست ناقبول ؛ بے لچک یا جارحانہ انداز کو برقرار رکھے ہوئے (جیسے : a stiff fight) ؛ مؤثر (جیسے: a stiff remedy) ؛ توانا یا پُر زور یا تیز حرکت کرنے والا (جیسے : a stiff current) ۔ (عوامی) غیر معمولی طور پر کرخت یا درشت ؛ بہت زیادہ دشوار یا مشقت طلب ؛ بدمست یا مخمور ؛ مہنگا یا نہایت قیمتی ۔ (جہازرانی) بادبانوں کو بلا لپیٹے یا ہوا اور موجوں کی طاقت سے بلا مڑے لے کر جانے والا ، جیسے جہاز ۔ (متعلق فعل) بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ ؛ پوری طرح (جیسے: bored or scared stiff) ۔ (اسم) (عوامی) لاش ؛ بے ڈھب سا اکھڑ قسم کا یا اکتا دینے والا شخص بالخصوص بے ہنر مزدور ؛ آوارہ گرد ۔

stiffish, a. اکڑا سا ۔

stiffly, adv. سختی سے ۔

stiffness, n. سختی ؛ درشتی ۔

stiff-arm, n., v.t. دیکھیے: straight-arm ۔

stiffen, v.t. اکڑانا ؛ سختی یا لچک کم کرنا ۔ (فعل لازم) اکڑ جانا ؛ جکڑ جانا یا سخت ہو جانا ؛ زیادہ بے لچک ہو جانا؛ رسے وغیرہ کا بہت کسا جانا ؛ زیادہ ضد کا مظاہرہ کرنا ؛ اڑ جانا ۔

stiffener, n. اکڑیا جکڑ جانے والی شے یا شخص ۔

stiff-necked, a. ضدّی ؛ ہٹ دھرم ؛ متکبر ۔

stifle, v.t. دم گھونٹ کر مار دینا ؛ مضر صحت یا گھٹی ہوئی ہوا کے باعث گلا گھٹنے یا حبسِ دم کی سی کیفیت پیدا کر دینا؛ سانس نہ لینے دینا ؛ شعلے یا آواز کو دبا دینا ؛ دبا دینا یا چھپا دینا؛ آواز نہ نکلنے دینا ؛ شعلہ اُٹھنے نہ دینا ؛ قابو سے باہر نہ ہونے دینا ؛ روکنا یا فرو کرنا ؛ پتا نہ لگنے دینا ۔ (فعل لازم) دم گھٹنا ؛ حبسِ دم سے مر جانا ؛ بدقت سانس لینا (ہوا کی آمدورفت نہ ہونے کے باعث) ۔

stifler, n. دم گھونٹ ۔

stifling, a. دم گھونٹ دینے والی (شے یا شخص) ۔

stiflingly, adv. دم گھٹتے ہوئے ۔

stifle, stifle joint, n. زانوئے اسپ ؛ جانور کا سُرین کے بعد کا

نچلی جانب کا جوڑ جو انسان میں گھٹنے کا جوڑ ہوتا ہے۔

stigma, n. کلنک کا ٹیکہ ؛ داغ یا دھبا (کردار وغیرہ پر) ؛ جلد پر کوئی قدرتی نشان ۔ (امراضیات) حصبہ ؛ ددوڑا ؛ بدن پر گومڑ یا رسولی سی ۔ (نباتیات) زیرہ گیر ؛ تخم دانی کی گردن کا بالائی حصہ جس میں زر گل ہوتا ہے ؛ سر بقچہ ۔ (حشریات) کیڑوں مکوڑوں کے بدنوں کے روزنوں میں سے کوئی ایک جن کا ہوا کے ساتھ رابطہ ہوتا ہے ؛ منفس حشرہ ۔

stigmal, a. داغ دار ۔

stigmata, n. (جمع) حضرت عیسیٰ کے مصلوب بدن پر زخموں جیسے نشانات ، کہا جاتا ہے کہ اس قسم کے نشانات بعض لوگوں کے جسموں پر قدرت کی جانب سے نقش کر دیے جاتے ہیں ، جیسے کہ سینٹ فرانسس کے بدن پر تھے ۔

stigmatist, n. وہ شخص جس کے بدن پر مصلوب مسیح کے زخموں کے سے نشانات ہوں ۔

stigmastral, n. (حیاتی کیمیا) پانی میں حل ہو جانے والا نباتاتی اسٹیرول ، یہ سویابین سے حاصل ہوتا ہے اور پروجسٹران تیار کرنے کے کام آتا ہے بلکہ بعض اوراسٹیرائڈ بنانے میں بھی کام آتا ہے ۔

stigmatic,stigmatical, a. داغ دار ؛ داغ کا سا انداز لیے ہوئے ۔ (بصریات) واضح ؛ غیر ابہامی ۔ (نباتیات) ؛ زیرہ گیر سے متعلق ۔

stigmatist, n. داغی ۔

stigmatically, adv. داغ دارانہ انداز میں ۔

stigmatism, n. (امراضیات) بدن کی وہ کیفیت جس میں وہ داغ داغ ہو۔ (بصریات) آنکھ کی بے اَحولی ؛ غیر ابہامیت ۔

stigmatize, v.t. داغنا ؛ ٹھپا لگانا ؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا ؛ کسی رسوا کن فقرے کا ہدف بنانا ؛ نشانات یا دھبے پیدا کرنا ؛ کرشماتی داغ پیدا کر دینا جیسے کہ حضرت عیسیٰ کے مصلوب بدن پر ہو گئے تھے ۔

stigmatization, n. بدنامی؛ رسوائی ۔

stigmatizer, n. بدنام کنندہ ۔

stilbene, n. (کیمیا) رنگوں کی تیاری میں کام دینے والا ایک قلمی مرکب ۔

stilbestrols, diethylstilbestrol, n. (کیمیا) ایک مصنوعی قلمی مرکب جو اسٹروجن سا ہوتا ہے لیکن اس سے زیادہ قوی ہوتا ہے ۔

stilbite, n. گٹھا نُما پتھر ؛ ایک قسم کا زیولٹ پتھر جو ایلومینیم ، کیلسیم اور سوڈیم کا آبیدہ سلیکیٹ ہوتا ہے اور یوں یک جا حالت میں پایا جاتا ہے کہ اس پر گیہوں کے گٹھوں/دستیوں کا گمان ہوتا ہے ۔

stile, n. پیڑی ؛ کھڑیا ؛ اردو ہندسے آٹھ (۸) کی شکل کی سیڑھی جس کی مدد سے ادمی تو باڑ کے آرپار جا سکتا ہو لیکن مویشی کے لیے ممکن نہیں ہوتا ۔ دیکھیے : turnstile ۔

stile, n. (نجاری ، فرنیچر) دریچوں ، دروازوں اور فرنیچر میں لگی ہوئی کھڑی سلاخوں میں سے کوئی ایک ۔

stileto, n. پتلے پھل والا خنجر ؛ پیش قبض ؛ کٹار؛ سُوجا ؛ چھوٹا سا سوراخ کرنے والا نوک دار آلہ ۔ (فعل متعدی) پیش قبض بھونکنا یا گھونپنا ؛ سُوجے سے سوراخ کرنا ۔

still, a. ساکن ؛ بے حرکت ، چُپ ، نرم یا دھیما (جیسے: a still small voice) ؛ پُر سکون ؛ جس میں سے جھاگ یا بُلبلے نہ نکل رہے ہوں ۔ (عکاسی) بے حرکت یا جمی ہوئی تصویر کا یا اسے ظاہر کرتا ہوا ۔ (فعل متعدی) خاموش یا چُپ کرا دینا (جیسے : Death stilled his voice in the senate) ؛ دھیما کرنا یا سکون دینا ۔ (فعل لازم) چپ ہو جانا یا ٹھنڈا پڑ جانا ۔ (اسم) (شاعری) سکوت یا خاموشی ۔ (عکاسی) بے حرکت یا ساکن تصویر ۔ (متعلق فعل) لگاتار ؛ ابھی تک (جیسے: the boys are still here) ؛ بایں ہمہ ؛ باوجود اس کے ؛ تاہم ؛ چپکے سے ؛ کافی حد تک ۔ نیز : stilly ۔

stillness, n. گہری خاموشی ؛ سناٹا ۔

still, n. تقطیرہ ؛ قرنبیق ؛ آلۂ کشید ؛ تبخیر یا کشید کرنے کا آلہ ؛ بنیادی طور پر یہ دو برتنوں پر مشتمل ہوتا ہے ، ایک میں کسی چیز کو ڈال کر اسے ابلنے دیا جاتا ہے اور دوسرے میں بھاپ اٹھ اٹھ کر تبریدی عمل سے کثیف ہو جاتی ہے ، جسے بعد میں کسی بوتل وغیرہ میں محفوظ کر لیا جاتا ہے ؛ دونوں میں سے کوئی ایک برتن ؛ شراب کی کشید گاہ ——(خصوصاً ناجائز کشید کی)؛ شراب کی بھٹی ۔(فعل لازم و متعدی)کشید کرنا ؛ تقطیر کرنا ۔

still alarm, n. بے شور الارم ؛ آتش زدگی کی اطلاع کے معروف طریقے (سائرن) کے علاوہ کسی اور طریقے یا آلے سے خبردار کرنا ، جیسے ٹیلیفون کے ذریعے ۔

stillbirth, n. مردہ پیدائش ؛ کسی مردہ جنین یا بچے کی ولادت ؛ وہ جنین یا اولاد جس کی پیدائش مردہ حالت میں ہوئی ہو ۔

stillborn, a. مُردہ زاد ؛ اسقاطی ؛ ناکامی سے پیدا شدہ ۔ (مجازاً) ناتمام ؛ غیر تکمیل یافتہ ۔

still hunt, n. (بول چال) دبے پاؤں کا شکار ؛ بے آہٹ صید گیری؛ کسی مقصد کا چپکے چپکے تعاقب ۔ (فعل لازم و متعدی) دبے پاؤں شکار کرنا وغیرہ ؛ بے آہٹ صید گیری پر جانا ۔

still hunter, n. دبے پاؤں شکار کرنے والا ۔

still life, n. (فن) ایسی بے جان چیزوں مثلاً پھل ، پھول یا سجاوٹی اشیا کی عکاسی ، مصوّری یا تصویر ؛ شبیہ سازی ۔

stillman, n. کشید کار ؛ شراب کی بھٹی کا مالک یا کارکن ۔

still water, n. ساکن پانی ؛ کسی دریا کا وہ حصہ جو بے موج ہو (پاٹ کے زیادہ ہو جانے سے یا ڈھلوان بہت ہی کم ہو جانے سے) ۔

stilly, a. خاموش ؛ بے حرکت ۔ (متعلق فعل) خاموشی سے ؛ چپ چاپ ؛ دھیمے دھیمے ؛ بے آواز ۔

stilt, n. طُوالہ ؛ لکڑی یا لوہے وغیرہ کی لمبی چھڑی جس پر پیر ٹکانے کی جگہ ہوتی ہے اور اس پر پاؤں زمین کے اوپر رکھ کر شغلاً یا ضرورتاً چلتے یا کھڑے ہوتے ہیں ، یہ جوڑے میں استعمال ہوتی ہے ؛ پابانسا ؛ ڈگر ؛ ان ستونوں میں سے کوئی ایک جن پر کسی ڈھانچے کو پانی یا سطح زمین سے اوپر کھڑا کیا یا رکھا جاتا ہے (جیسے : stilts hold the boathouse above water) ۔ (فعل متعدی) پا بانسا مہیا کرنا ؛ ڈگرانا ۔

stilted, a. طُوالہ یا بانسوں پر بلند ؛ پر تکلف ؛ سخت اور ثقیل (جیسے: stilted language) ۔ (فن تعمیر) پایہ دار محراب

کے بالائی حصے پر جھکا ہوا حصّہ جو سیدھا اوپر کی طرف جاتا ہوا معلوم ہو۔

stiltedly, adv. سخت اور ثقیل الفاظ لیے ہوئے ۔

stiltedness, n. ثقیل پن (زبانی یا عبارتی)۔

stilt, n. لم ڈھینگ ؛ لمبی لمبی ٹانگوں والے پرندوں میں سے کوئی ایک جو عموماً پانی میں بے تکلف چلتے پھرتے ہیں ،ان کے پاؤں میں بظاہر تین انگلیاں ہوتی ہیں ، باریک لمبی سی چونچ ہوتی ہے اور یہ کم گہرے پانیوں والی جگہوں پر ڈیرا ڈالے رہتے ہیں ۔

Stilton, n. اسٹلٹن ؛ لیسٹرشائر انگلستان کا سفید اور مرغن پنیر جو بہت پسند کیا جاتا ہے ، پہلے چونکہ یہ اسٹلٹن میں تیار ہوتا تھا اس لیے اسی نام سے معروف ہوا ۔ (صفت) پنیر نُما ۔

stimulant, n., a. محرک ؛ جو تحریک پیدا کرے۔ (طب) کوئی ایسی شے مثـلاً کیفین جسے استعمال کریں تو بدن میں تحریک یا انگیخت سی محسوس ہونے لگے اور آدمی یا کوئی مخصوص عضو بدن وقتی طور پر چست ہو جائے ۔

stimulate, v.t. کسی زبردست جذبے یا ترغیب کے ذریعے آمادۂ کار کرنا یا کام کے لیے اکسانا ؛ اپڑ لگائے جانا ؛ ابھارنا ؛ بر انگیخت کرنا ؛ بیدار کرنا ؛ زیادہ جوش و جذبہ پیدا کرنا۔ (طب) کسی دوا وغیرہ کے ذریعے بدن میں یا کسی عضو بدن کو انگیخت آشنا کرنا اور اس میں کام کاج کے لیے توانائی پیدا کر دینا۔ (فعل لازم) بطور محرک کام کرنا۔

stimulation, n. ہیجان ۔

stimulative, a. ہیجان انگیز ؛ محرّک ۔

stimulator, n. ہیجانی ، محرک دوا وغیرہ ۔

stimulus, n. مُہیج ؛ محرّک ؛ کوئی شے جس سے ہیجان پیدا ہو یا جو کام کاج کے لیے اکساہٹ پیدا کردے ؛ ترغیب آفریں ۔ (نباتیات) پودوں کی سوئیاں /کانٹے ۔

sting, v.t. ڈنکنا ، ڈنک مارنا ؛ کسی تیز نوکیلے عموماً زہریلے عضو کو چبھونا یا اس سے زخمی کرنا(جیسے مکھیوں یا بعض جانوروں کا ڈنک یا سانپ کے دانت) ؛ چھوت (لمس) سے درد جلن وغیرہ پیدا کرنا (بعض پودوں کے پتوں کا ، جیسے: to be stung by nettles) ؛ دُکھانا ؛ ٹیسیں پیدا کرنا ؛ شدید ذہنی کرب میں مبتلا ہو جانا (جیسے: to be stung with remorse) ۔ (عوامی) زچ کرکے عمل پر مائل کرنا ؛ رُعب جمانا ؛ دھونس جمانا ؛ بہت زیادہ دام وصول کرنا ۔ (فعل لازم) ڈنک رکھنا یا مارنا جیسے مکھیوں کا ؛ تیز کٹیلا سا درد پیدا ہونا ، جیسے بعض تیزاب اثر سیال کرتے ہیں ؛ شدید ذہنی کرب میں مبتلا ہو جانا (کسی تنقید کے نتیجے میں) ؛ کسی ضرب یا ڈنک سے ٹیس سی محسوس کرنا۔ (اسم) نیش ؛ ڈنک ؛ ڈنک مارنے کا عمل ؛ ڈنک سے پیدا ہونے والا زخم ؛ ڈنک ٹیس ؛ کسی قسم کی دُکھن ، چبھن یا ذہنی،بدنی کرب ؛ زہریلے جانوروں کا وہ عضو جس سے وہ ڈنک مارتے ہیں اور جس سے تکلیف دہ درد یا زخم ہو جاتا ہے ؛ بعض پودوں کے غدودی روئیں جن میں ٹیسیں پیدا کرنے والا رس ہوتا ہے ، جیسے بچھو بوٹی ؛ کوئی شے یا اس کا کوئی عنصر جو زخم ، درد یا خارش پیدا کر دیتا ہے ؛ زخم یا درد پیدا کرنے کی قابلیت ؛ جلن پیدا کرکے عمل انگیز کرنے والی کوئی شے ؛ تیز اثر محرک یا اشتعال انگیز (جیسے: to be driven by the sting of jealousy) ۔

stingingly, adv. چبھتے ہوئے ۔

stingless, a. بے نیش ؛ بے ڈنک ۔

stingaree, n. دیکھیے: Stingray ۔

stinger, n. ڈنک مار ، ڈنک مارنے والا یا ڈنک مارنے والی شے ، (جاندار ، پودا وغیرہ)۔ (بول چال) کراری ضرب یا کٹیلی بات وغیرہ ؛ ایک شراب آمیز تیز مشروب جو برانڈی اور کسی دوسری شراب سے بنتا ہے۔

stinging hair, n. (نباتیات) بعض بوٹیوں پر اُگے ہوئے روئیں جن میں کٹیلا،زہریلا رس ہوتا ہے جو پودے کو چھونے پر مدافعت کا کام کرتا ہے ۔

stingray, stingaree, n. سمندری مچھلی کی وہ قسم جس کی پشت پر کوڑے نما دم کے قریب کانٹے ہوتے ہیں جن سے وہ دوسروں کو مضروب کرتی اور بعض اوقات زہریلے زخم لگا دیتی ہے ۔

stingy, a. نہایت کنجوس ؛ تنگ دل ؛ کشادہ دستی سے عاری ؛ مُمسک ؛ بہت قلیل ؛ بخیل ؛ جزرس ۔

stink, v.i. تیز ناگوار سی بُوخارج کرنا ۔ ناگـوار بُو والا ؛ بُو دار یا کراہت انگیز ہونـا ؛ بُری شہرت والا ہونا ۔ (عوامی) بد ذوقی کی حد تک پست معیار والا ہونا (جیسے a movie that stinks) ؛ ناگوار حد تک کسی چیز کی مقدار کثیر کا مالک ہونا (عموماً بعد میں of یا with آتا ہے ، جیسے: to stink of money, to stink with culture) ۔ (فعل متعدی) ناگوار بُوباس پیدا کر دینا (بعد میں up لگاتے ہیں ، جیسے: to stink up the kitchen) ۔ (اسم) تیز ناگوار سی بُو ؛ سڑاند ؛ عفونت ؛ تعفن ۔ (عوامی) ناپسندیدہ اور رسوا کن ہنگامہ (جیسے: They made a stink about the dismissal) ۔

stink out, ناگوار بُو کے طفیل کسی کو باہر نکلنے پر مجبور کر دینا یا پیچھے ہٹا دینا ۔

stinking, a. بدبو دار۔

stinkingly, adv. تعفن کے ساتھ ۔

stinky, a. بدبودار ۔

stink bug, n. بدبودار حشرات میں سے کوئی، خصوصاً چوڑے چپٹے کیڑے ؛ چچڑی ۔

stinker, n. بدبودار ۔ (عوامی) وہ شخص جس کی شہرت اچھی نہ ہو یا جو نفرت انگیز یا قابلِ اعتراض کردار کا مالک ہو ؛ کوئی ناقص قسم کی چیز (جیسے: a stinker of a play) ؛ نامناسب حد تک مشکل (جیسے: a stinker of a math problem) ؛ کوئی شے جو اس طرح بنائی گئی ہو کہ اس میں سے ناگوار بو نکلے ۔ (بولی) بطریل قسم کا کوئی پرندہ ۔

stinkhorn, n. بدبودار کُھمبی ؛ ''فیلوس'' قسم میں سے کوئی بدبودار کُھمبی ، اس کا ڈنٹھل موٹا ہوتا ہے اور اس میں بہ مشکل تنے کے برابر چھتری ہوتی ہے ۔

stinking smut, bunt, n. پھپوندی ؛ فطر گندم ؛ ایک بیماری جو گندم کے دانوں کو لگ جاتی ہے اور ایک پھپھوندی کے باعث دانوں کی جگہ کالے کالے باریک بذرے لے لیتے ہیں ۔

stinkpot, n. (حیوانیات) جنوب مشرقی ریاست ہائے متحدہ امریکا میں عام پایا جانے والا کستوری کچھوا ۔

stinkstone, n. بدبُوئی پتھر ؛ ایک قسم کا پتھر جسے رگڑنے یا ٹکرانے سے ناگوار سی بُو پیدا ہوتی ہے (جیسی کہ کسی گلی

پتّے کی ڈنٹھل کے نیچے ایک مزید چھوٹی سی پتی ؛ گوشک۔

stir, v.t. حل کرنا ؛ ملانے ، حل کرنے یا اچزا کو ملانے کی غرض سے کسی برتن کو ہلانا (جیسے:to stir paint with a paddle) ؛ موجودہ صورتِ حال میں قدرے تبدیلی پیدا کر دینا (جیسے:the morning breeze stirred the curtains) ؛ جگا دینا ؛ کسی اقدام پر اُکسانا یا ابھارنا ؛ برانگیختہ کرنا (بعد میں up لگاتے ہیں ، جیسے: to stir up dissention) ؛ بھڑکانا ، جذبات کو (جیسے:to stir one's anger) ۔ (فعل لازم) جنبش کرنا (جیسے:No one stirred when the bell rang) ؛ چُستی دکھانا (جیسے: to be up and stirring) ؛ ہوتے رہنا یا جاری رہنا (جیسے:what is stirring in that part of the world) ؛ بہت زیادہ متاثر ہونا یا جوش میں آنا ۔ (اسم) اکسانے ، ہلانے ، چلانے وغیرہ کا عمل ، سرگرمی یا دوڑ دھوپ ؛ ہنگامہ ، شورش ، عام افراتفری یا کھلبلی ۔

stirrer, n. ہلانے یا چلانے والا ؛ ہلانی ۔

stir, n. (عوامی) قید کی جگہ ؛ عقوبت گاہ ؛ بندی خانہ ؛ جیل؛ قیدخانہ ۔

stir-crazy, a. (عوامی) جذباتی طور سے اکھڑا ہوا (کسی طویل قید کاٹے ہوئے کی طرح)۔

stirabout, n. (برطانوی) دلیے وغیرہ کی کھیر (جسے دودھ یا پانی میں پکاتے ہوئے ہلاتے رہتے ہیں)۔

stirk, n. (برطانوی) ایک اور دو سال کے درمیان کا بیل یا بچھڑا (بچھڑی) ۔

stirps, n. نسل؛ کسی کا حسب نسب ، خاندان یا اس کی شاخ ؛ شجرۂ نسب ؛ مورث اعلیٰ ۔ (قانون) جداعلیٰ ۔

stirring, a. فعال یا مصروف ؛ گرم کار ؛ گرما گرم ؛ انگیزہ کار ؛ پُرجوش ۔

stirringly, adv. گرم بازاری لیے ہوئے ۔

stirrup, n. رکاب ؛ رکاب سے ملتی جلتی اور وہی مقصد پورا کرنے والی کوئی شے ۔ (جہازرانی) وہ چشمی گرہ والا (حلقہ دار) رسّا جس کے حلقے میں ایک اور رسّا ڈال لیا جاتا ہے اور وہ ملاحوں کے لیے پاؤں رکھنے کا کام دیتا ہے ۔

stirrup cup, n. جامِ رکاب ؛ وداع ہوتے ہوئے سوار کو پا برکاب ہو جانے کے بعد دیا جانے والا جامِ شراب ؛ جامِ رخصتی؛ الوداعی جام ۔

stirrup leather, stirrup strap, n. رکاب گیر تسمۂ چرم۔

stirrup pump, n. چھوٹا سا آگ بجھانے والا متحرک پمپ جسے ادھر اُدھر آسانی سے لے جایا جا سکتا ہے، اسے پائے دان کے سہارے کھڑا کرکے ہاتھ سے چلایا جاتا ہے۔

stitch, v.t. بخیہ کرنا ؛ سینا؛ ٹانکنا؛ سِی کر جوڑنا ۔ (فعل لازم) سوزن کاری کرنا ؛ سینا ۔ (اسم) ٹانکا ؛ سلائی ، بنائی ، سوزن کاری وغیرہ میں سوئی یا سلائی کا دھاگہ لے کر ایک ٹانکا پورا کرنے یا ایک گھڑی بنانے کا عمل ؛ پہلو وغیرہ میں اُٹھنے والی ٹیس یا چُبھن ۔ (زراعت) دو سیاڑوں کے درمیان ابھرنے والی مینڈھ ۔ (بول چال) تھوڑا سا حصہ (جیسے:not willing to do a stitch of work) ؛ لباس (جیسے : not a stitch to wear)۔

a good stitch, (برطانوی بولی) خاصا فاصلہ پیدل

سڑی شے سے)۔

stinkweed, n. دھتورا ؛ کوئی بدبودار بُوٹی ۔ دیکھیے : ailanthus ۔

stinkwood, n. بدبودارلکڑی ؛ ان درختوں میں سے کوئی ایک جس کی لکڑی بدبودار ہو ؛ بدبودار درخت کی لکڑی۔

stint, v.t. کسی خاص مقدار یا تعداد تک محدود کر دینا (بیشتر غیر ضروری یا نامناسب طور سے) پابندی لگا دینا (جیسے : to stint one's efforts)۔ (فعل لازم) پابندیاں لگانا؛ حد لگانا ۔ (اسم) لگائی گئی پابندی یا حد (جیسے:to give money with out stint) ؛ کسی معیّنہ وقت کے لیے تفویض کیا گیا کام (جیسے:one's stint for the day) ۔

stintedly, adv. پابندی لگاتے ہوئے ۔

stinter, n. پابندی لگانے والا ۔

stintingly, adv. بہت کم مقدار میں ۔

stint, n. ٹٹیری ۔

stipe, n. (نباتیات) فرن کے گُمساق (frond) کی پَت ڈنڈی یا اس پودے کا تنا ؛ بعض کُھمبیوں اور کائیوں کا ڈنٹھل یا ساق ۔ (حیوانیات) تنے سے مشابہ کوئی شے (شکل یا عمل کے حوالے سے) ۔

stiped, a. ڈنٹھل یا تنے والا ؛ ساق دار۔

stipel, n. (نباتیات) گوشکچہ ؛ زیرِ گوشک ؛ وہ چھوٹی سی زائد پتی جو پتے کی نچلی تہ میں نکل آئے ۔

stipellate, a. گوشکچہ دار ۔

stipend, n. وظیفہ ؛ خدمات کے صلے میں وقفے وقفے کے ساتھ کی گئی ادائیگی یا حق رسی ؛ کسی طالب علم کو وقفے وقفے کے ساتھ اس کے اخراجات کے لیے باقاعدگی سے دی جانے والی مالی امداد ۔

stipendiary, a. وصولی اجرت سے متعلق ؛ کسی معینہ رقم کے معاوضے میں خدمت گزار ؛ وظیفہ دے کر جس کی تلافی یا ادائی کر دی گئی ہو ۔ (اسم) وظیفہ یاب شخص ۔

stipes, n. (نباتیات) ساقہ ؛ پَت ڈنڈی ۔ (حیوانیات) کسی حیوانیے کا تنے کی قسم کا حصہ جیسے پنڈلی ؛ کسی کیڑے کا ساقچہ ؛ کسی قشریے کا جبڑا ۔

stipitate, a. ساقہ دار ۔

stipple, v.t. نقطہ کاری کے ذریعے تصویر بنانا یا نقاشی اور کندہ کاری کرنا (خطوط نقاشی کے برعکس) ۔ (اسم) کوئی تصویر یا نقاشی یا کندہ کاری جو لفظوں سے تیار کی گئی ہو؛ نقطہ کاری سے بنائی گئی تصویر۔

stippler, n. نقطہ کار ؛ نقطہ کاری کا آلہ ۔

stipulate, v.i. کوئی کام کرنے یا نہ کرنے کا اقرار یا عہد کرنا (بعد میں for آتا ہے)۔ (فعل متعدی) کسی معاہدے کے لیے عائد کرنا ؛ حالات پیدا کرنا یا صراحت کرنا یا شرط پیش کرنا ؛ وعدہ کرنا ۔

stipulator, n. اقرار یا عہد کرنے والا ۔

stipulation, n. اقرار ؛ عہد ؛ وعدہ ؛کسی معاہدے کی کوئی دفعہ ؛ کوئی شرط ۔

stipulatory, a. مشروط ؛ شرط والا ۔

stipule, n. (نباتیات) پودوں کی بعض انواع میں

جنس کی ابتدا ہوتی ہو ؛ ہم جنس جانوروں یا پودوں کا گروہ یا نسل ؛ ہم اصل زبانوں کا گروہ ؛ کسی شے کا بڑا عمودی حصہ ، جیسے صلیب کی کھڑی چوب ؛ مختلف قسم کا سہارا دینے والے ڈھانچے ؛ سندان کو جمائے رکھنے والے کُندے کا سہارا یا خود سندان کا سہارا ؛ چرخے کا ڈھانچا (فریم) ۔ (جمع) وہ قالب جس پر کشتی یا جہاز کو دوران ساخت ٹکایا جاتا ہے ؛ وہ چوکھٹا جس میں قابو کرکے گھوڑے کی نعل بندی کی جاتی ہے یا عمل جراحی کیا جاتا ہے ؛ کاٹھ یا شکنجہ : سزا کا ایک قدیم آلہ جو ایک ڈھانچے سے عبارت ہوتا تھا ، یہ ڈھانچا دو چوبوں کے بیچ میں ہوتا تھا ، اس میں سوراخ ہوتے تھے جن میں ٹخنوں کو ٹھونس دیا جاتا تھا بلکہ کبھی کبھی کلائیوں کو بھی ، مجرم کو سر عام بٹھا دیا جاتا تھا تاکہ لوگ اس کو نشانۂ تضحیک بنائیں ؛ وہ مواد جس سے کوئی چیز بنائی جاتی ہو ؛ سبزیوں سمیت یا سبزیوں کے بغیر گوشت کو اُبال کر تیار کی گئی یخنی جو شوربوں وغیرہ کے بنیادی جز کا کام کرتی ہے؛ ناموافق اقدام یا توجہ کا نشانہ یا موضوع ؛ نکّو. (جیسے: laughing stock) ؛ چمڑے کو کمانے کے لیے بنایا ہُوا حوض یا ناند ؛ نشانی (ٹوکن) جو انگریزی خزانہ میں رقم جمع کرانے والے شخص کو قدیم ایام میں دی جاتی تھی ۔(تھیٹر) وہ تھیٹریکل کمپنی جس کے پاس دکھانے کے لیے تماشوں کا وافر ذخیرہ ہو ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کا ڈھیر لگا دینا ؛ بہت سا مال مہیا کرنا ؛ دکان کو مال سے بھر دینا ؛ مستقبل کے لیے ذخیرہ کر لینا ؛اسٹاک میں ہونا ؛ باندھنا یا لیس کرنا ؛ بندوق ، آڑی کمان ، ہل یا لنگر کو چوبی دستے وغیرہ مہیا کرنا ؛ لوازمات فراہم کرنا جیسے کسی فارم میں گھوڑے، مویشی بلکہ بعض وقت آلات بھی؛ بونا ,جیسے زمین میں بیج ۔(فعل لازم) ضروریات روزمرہ ذخیرہ کر لینا ؛ پودوں کا پھوٹنے لگنا ۔ (صفت) اسٹاک کا یا اس سے متعلق ؛ استعمال یا فروخت کے لیے قریب یا گودام میں موجود (مال) ؛ خاص ؛ معیاری ؛ عام یا معمولی ؛ عام استعمال والی ؛ جو بہت عام ہو ۔ (تھیٹر) کسی ڈرامے یا پیشکش کا حصہ ؛ جائنٹ اسٹاک کمپنی کے کچھ یا پورے حصص کے متعلق ۔ (متعلق فعل) پورے کا پورا ، مرکبات میں مستعمل (جیسے: stock-sitll) ۔

in stock, دستیاب ؛ حاضر مال جیسے استعمال یا فروخت کے لیے، تاجر کے ذخیرے میں حقیقتاً موجود ۔

out of stock, وقتی طور پر نایاب ۔

stock up, ذخیرہ کرنا یا کسی مال کی رسد فراہم کرنا ۔

take stock, جائزہ لینا ؛ وسائل اور مستقبل کا اندازہ لگانا ؛ کوئی رائے قائم کرنے کے لیے معائنہ کرنا ۔

take stock in, کسی معاملے میں دلچسپی لینا ؛ کسی کو اہمیت دینا ؛ کسی پر اعتماد کرنا ۔

stock, n. (نباتیات) کسی درخت یا پودے کا اصل تنا یا ساق ؛ زمیں ساق یا جس کی جڑیں زمین میں پیوست ہوں ؛ وہ تنا جس میں پیوند کاری کی گئی ہو اور وہ اس کا سہارا ہو ؛ وہ پودا جس سے قلمیں کاٹی یا حاصل کی جاتی ہوں ؛ سرسوں نسل کا ایک معروف پودا (شب بو) ۔ نیز: gilly flower ۔

stockade, n. روک یا باڑ ؛ مضبوط لکڑیوں وغیرہ کو کھڑا کر کے یا گاڑ کر بنائی گئی دفاعی باڑ ؛ اس طریقے سے بنایا گیا باڑا یا احاطہ ۔ (فعل متعدی) رکاوٹیں کھڑی کرکے احاطہ بنانا یا مورچہ قائم کرنا۔

stockbroker, n. دلّال حصص ؛ اسٹاک بروکر ؛ کمپنی کے اسٹاک

چلنے کے حوالے سے ۔

in stitches, قہقہوں کے سیلاب میں ۔

sticher, n. خیاط ؛ سوزن کار ؛ ٹانکا لگانے والی مشین ۔

stitchwork, n. سوزن کاری ؛ بخیہ کاری ؛ کشیدہ کاری ۔

stitchworth, lesser stitchwort, n. لونگ ؛ قرنفل ؛ پرانی دنیاکی ان مختلف اقسام میں سے کوئی ایک پودا جس کے ستارہ نما سفید پھول ہوتے ہیں ۔

stithy, n. لوہار خانہ ؛ لوہار سندان یا بھٹی ؛ نہائی ۔

stoa, n. (یونانی فن تعمیر) رواق (پورچ) ؛ لمبی چھتی ہوئی گزر گاہ جس کے آغاز میں ستون بنے ہوتے ہیں اور آخر میں دیوار ہوتی ہے ؛ غلام گردش ۔

stoat, n. قاقم ؛ گلہری کا سا ایک جانور ,اس کی سمور گرمیوں میں بھوری ہو جاتی ہے اور اسی حالت میں اسے اس نام سے موسوم کرتے ہیں ,ورنہ ارمائین (ermine) کہا جاتا ہے ۔

stob, n. (زیادہ تر بولی) کھمبا ؛ بلّی ؛ پیڑ کا ٹھنٹھ یا مڈھ ۔

stoccado, stoccata, n. (قدیم) خنجر ، کٹاری وغیرہ کو سنگین کی طرح بھونکنے یا گھونپنے کا عمل ۔

stochastic, a. قیاسی ؛ اتفاقی ؛ احتمالی ۔ (شماریات) اس طریقے سے متعلق جس میں درست نتیجے پرحتی الامکان پہنچنے کے لیے ان قابلِ اطلاق مشاہدات سے کام لیا جاتا ہے جو معین نہیں ہوتے بلکہ محض اتفاقی ہوتے ہیں ؛ بے ترتیب متغیرات سے متعلق یا ان کا حامل ۔

stock, n. ذخیرہ ؛ ممسک ؛ راس المال ؛ اسٹاک ؛حصص ؛ زر یا جائیداد جو بطور اصل کام کرے؛ کسی کمپنی یا کارپوریشن کا وصول شدہ سرمایہ جو مساوی رقم کے قابلِ انتقال حصوں میں بٹا ہوتا ہے ؛ کسی کمپنی یا کارپوریشن کے خصوصی طور پر وہ حصص جو سرمایہ کاری میں لگے ہوتے ہوں یا جن میں بازار کی قیمت کے تحت تغیر و تبدل ہوتا ہو ؛ کمپنی یا کارپوریشن کے وہ حصص جو بطور اصل یاجائیداد یا سرمایہ کاری یا بشکل اشیائے خرید یا فروخت موجود ہوں ؛ کسی چیز کی وہ مقدار جو آئندہ استعمال کے لیے جمع کی گئی ہو یا ایسا ذخیرہ جو حسبِ ضرورت استعمال میں لایا جا سکے؛ اس اسباب کی مجموعی تعداد جو کسی تاجر یا تجارتی ادارے میں خریداروں کو فروخت کے لیے رکھا گیا ہو ؛ کسی کاروبار کو چلانے میں کام دینے والی جان دار اور بے جان اشیا اور آلات وغیرہ ؛ کسی مزرع (فارم) کے گھوڑے اور مویشی ؛ کسی شے یا اوزار کا وہ حصہ جس میں دُوسرے حصے یا اجزا لگائے جا سکتے ہوں یا جس کے ساتھ وہ وابستہ ہوں ؛ وہ چوبی ٹکڑا جس سے بندوق یا کسی اور داغے جانے والے ہتھیار کی نالی اور گھوڑا پیوست ہوتے ہیں ؛ وہ ٹیک جس پر آڑی کمان چڑھی ہوتی ہے ؛ ہل کا وہ دستہ جس سے پھالا اور ہتھی وغیرہ پیوست ہوتے ہیں ؛ پہیے کا ڈھرا ؛ گھنٹی لٹکانے والی لکڑی ؛ رندے کا چوبی یا دھاتی حصہ جس میں رندا جڑا ہوتا ہے ؛ ٹی اسکوئر کا موٹا اور چھوٹا حصہ ؛ وہ دستہ جس کے سہارے برمے کو تھام کر گھمایا جاتا ہے؛ تطابق پذیر دستہ جس سے ڈائی کو تھاما ، گھمایا جاتا ہے اور پیچ ڈھالے جاتے ہیں؛ چابک کا دستہ ؛ مورثِ اعلیٰ جس سے کسی خاندان کی نسل چلتی ہے ؛ کسی خاندان ، قبیلے یا نسل کا جدامجد ؛ وہ شخص جس کی ملکیت سے وراثت کے تسلسل کا آغاز سمجھا جاتا ہے ؛ کسی مشترک جد کے اخلاف ؛ نسبی سلسلہ جس سے جانوروں یا پودوں کی نسل یا

کے کل وسائل ؛ کُل ذہنی بساط ۔

stockish, a. کندۂ ناتراش ؛ احمق ؛ بُدّھو کا بدّھو ؛ وہ شخص جو اسٹاک کے کاروبار میں غیر محتاط ہو ؛ وہ جو آدابِ کاروبار کو ملحوظ نہ رکھے ۔

stockjobber, n. (برطانوی) صرف دلّالوں کے مابین لین دین کرنے والا ۔

stockjobbery, stockjobbing, n. اسٹاک کی دلالی ۔

stockman, n. گئوپال ؛ کسی بڑے مویشی خانے یا فارم پر مویشیوں کا نگران ؛ وہ شخص جس کے پاس کثرت سے مویشی ہوں ؛ وہ شخص جو گودام وغیرہ میں کام کرتا ہو ۔

stock market, n. بازارِ حصص ؛ وہ بازار جہاں اسٹاک یا حصص کا لین دین ہوتا ہے ؛ اسٹاک ایکسچینج ؛ حاضر مال یا حصص کا لین دین (جیسے : the stock market was dull today) ۔

stockpile, n. آئندہ کے لیے ذخیرہ اندوزی ؛ سامانِ جنگ وغیرہ کی ذخیرہ اندوزی ۔ (فعل متعدی و لازم) مستقبل کے لیے ذخیرہ اندوزی کرنا یا کرکے رکھ لینا ؛ اہم سامانِ حرب کو جمع کر لینا ؛ مال ذخیرہ کرنا ؛ ذخیرہ اندوزی کرنا ۔

stockpot, n. وہ برتن جس میں یخنی تیّار کی جاتی ہو یا بنا کر رکھ لی جاتی ہو ۔

stockproof, a. مویشی روک ؛ وہ جگہ جہاں مویشی کی پہنچ ناممکن بنا دی گئی ہو (بجلی کی باڑ وغیرہ لگا کر) ۔

stockroom, n. گودام ؛ مال گھر ؛ وہ کمرہ جہاں سامان یا اسباب استعمال یا فروخت کی خاطر جمع کیا جاتا ہو ۔

stock split, n. محدود شراکت کی کمپنی کے حصص کی وہ مزید تقسیم جس میں ہر حاضر حصّے کی بنا پر مخصوص قیمت کے اضافی حصص دیے جاتے ہیں ۔

stock-still, a. کھمبے کی طرح بے حرکت ؛ بالکل بے حرکت ؛ بُت کا بُت ۔

stocky, a. مضبوط ڈیل ڈول کا ؛ گٹھا ہوا ؛ کوتاہ قد (شخص) ؛ مضبوط تنے والا (پودا یا درخت) ۔

stockily, adv. ڈیل ڈول لیے ہوئے ۔

stockiness, n. گٹھیلا پن ؛ موٹاپا ۔

stockyard, n. مویشی باڑا ؛ مویشی خانہ ؛ کھڑے ڈنڈوں سے بنا ہوا ڈنگر خانہ بالخصوص وہ جو مذبح ، ریل یا منڈی وغیرہ کے قریب عارضی طور پر گھوڑوں ، مویشی یا بھیڑ بکریوں کے لیے بنایا گیا ہو ؛ عارضی باڑا ۔

stodge, v.t. ٹھونس کر بھرنا ؛ حلق تک کھا لینا ۔ (مجازاً) کوئی ثقیل یا دیر ہضم شے کھا کر معدے کو بوجھل کر دینا ۔ (فعل لازم) دشواری سے چل سکنا ؛ روندنا یا پامال کر دینا ۔ (اسم) کوئی بھاری ثقیل غذا ؛ کوئی کٹھن ، غیر دلچسپ اور تھکا دینے والا دھندا ۔

stodgy, a. دبیز ؛ نیم جامد حالت والا ؛ ثقیل (غذا) ؛ خشک ، بے کیف یا غیر دلچسپ ؛ احمقانہ حد تک یا اُکتا دینے کی حد تک بے مزا (تحریر وغیرہ) ؛ جسیم ؛ توندل یا بھاری بھر کم ؛ حد سے زیادہ رسمی ؛ دقیانوسی ؛ اسلوب اور چاشنی سے کورا ؛ پھوہڑ ؛ بد لباس (عورت) ۔

stodgily, adv. بے کیفی لیے ہوئے ۔

یا حصص کی اپنے گاہکوں کی جانب سے اسٹاک یا حصص خریدنے، فروخت کرنے والا دلّال ؛ اسٹاک دلّال ۔

stockbrokerage, n. حصص کی دلّالی ۔

stockbroking, n. حصص کی خرید و فروخت ۔

stock car, n. اسٹاک کار ؛ معیاری طور پر تیار کی گئی کار جس میں دوڑ کے لیے ترمیم کی گئی ہو ۔ (ریلوے) مویشی لانے لے جانے کے لیے لکڑی کی بنی ہوئی ویگن ؛ مویشی بردار ڈبّہ ۔ (صفت) اسٹاک کار کی طرح ۔

stock certificate, n. کسی کارپوریشن کے سرمائے میں ایک یا ایک سے زیادہ حصص کی ملکیت کی قانونی شہادت کی دستاویز ؛ اسٹاک سرٹیفکٹ ؛ دستاویز حصص ۔

stock clerk, n. گودام میں مال کا کرتا دھرتا شخص ۔

stock company, n. (مالیات) وہ کمپنی یا کارپوریشن جس کا سرمایہ حصص کی صورت میں بٹا ہوتا ہے ۔ (تھیٹر) وہ لوگ جو تقریبا مستقل طور پر ایک ہی انتظامیہ کے ماتحت اور اکٹھے ایک ہی تھیٹر میں کام کرتے ہوں ۔

stock dividend, n. (مالیات) وہ حصۂ منافع جس کی ادائیگی کارپوریشن کے حصہ داروں کو نقد کی جگہ اپنے مزید حصوں کی صورت میں دی جاتی ہے ؛ ایسے منافع میں سے جاری کیا گیا حصّہ ۔

stocker, n. ذخیرہ اندوز (خصوصاً بندوقوں کو اسٹاک کرنے اور ان کو جمع کرنے والا) ؛ وُہ مویشی جسے جوان ہونے یا موٹا ہو جانے کے عرصے تک رکھا یا پالا گیا ہو (ذبح کرنے کے لیے) ۔

stock exchange, n. صرافہ ؛ حصص یا تمسکات کے لین دین کا مرکز ، ٹھکانا یا عمارت ؛ دلالوں اور بیوپاریوں کی انجمن (جو حصص اور تمسکات وغیرہ باہم خریدتے ، بیچتے رہتے ہیں) ؛ اسٹاک ایکسچینج ۔

stockfish, n. کاڈ یا کوئی اور مچھلی جسے کاٹ کر اور بغیر نمک لگائے، ہوا میں سُکھا کر ایسا کر لیا گیا ہو کہ وہ خراب نہ ہو ۔

stockholder, n. حصے دار ؛ کسی کارپوریشن کے اسٹاک کے حصص کا مسلّمہ مالک ۔ نیز : Shareholder ۔ (آسٹریلیا) مویشی پالنے یا بیچنے والا ۔

stockinet, stockinette, n. (برطانوی) لچک دار اور مشین کا بنا ہوا وہ کپڑا جو زیر جامہ وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے ؛ بنائی میں مستعمل سلائی سے بننے کا وہ طریقہ جس میں باری باری اُلٹی اور سیدھی سلائی سے بُنا جاتا ہے ۔

stocking, n. پیتابہ ؛ موزہ ؛ پنڈلی اور پاؤں کے ساتھ خوب پیوست ہو جانے والی جراب عموماً نائیلون ، اونی یا سوتی، جو بنی ہوئی ہوتی ہے ؛ اس سے ملتی جُلتی کوئی پہننے والی شے ، جیسے ٹانگوں پر لپٹنے والی الاسٹک کی طبی پٹی ؛ مویشی کی ٹانگ کے نچلے حصے پر مختلف رنگ کی گول دھاریاں ۔

in one's stocking feet, جرابیں پہنے ہوئے مگر جوتوں کے بغیر ۔

stockinged, a. جراب کی مانند ۔

stocking less, n. بلا جراب ۔

stocking cap, n. ایک لمبوتری سی بنی ہوئی ٹوپی جو مخروطی شکل کی ہوتی ہے اور اوپر پُھندنا بنا ہوتا ہے ۔

stock in trade, n. مالِ تجارت ؛ کسی گودام میں فروخت کی خاطر ذخیرہ کیا ہوا مال ؛ کسی کام، کاروبار یا مقصد کے سلسلے میں آدمی

stodginess, n. روکھا پن ؛ دقیانوسیت ۔

stogy, stogey, stogie, n. لمبوترا ، پتلا سا سگار جو سلیقے سے بنا ہوا نہیں ہوتا اور اس لیے سستا ہوتا ہے ؛ عام استعمال کے بھدے بھاری بُوٹ یا جُوتے ۔

Stoic, n. رواقی ؛ یونانی فلسفی زینو کا چیلا : زینو نے ۳۰۸ ق م میں ایک مکتب فکر پیدا کیا تھا جس کے مطابق نیکی (خیر) سب سے اعلیٰ اچھائی تھی، اس کا درس یہی تھا کہ لوگوں کو ضبطِ نفس سے کام لینا چاہیے، خوشی یا غمی کو خاطر میں نہیں لانا چاہیے اور بلا شکوہ اس اٹل مقدّر کو قبول کرنے ہمت پیدا کرنی چاہیے جو ہر کسی پر قادر ہے ۔ (چھوٹے s سے) دُکھ سُکھ سے بے نیاز ؛ راضی برضا ۔ (صفت) رواقی مسلک سے متعلق ؛ رواقیین سے متعلّق ۔

stoical, a. مسرّت و درد ؛ دکھ سکھ کے معاملے میں بے اندیش و بے نیاز ؛ راضی برضا رہنے والا ؛ غیر جذباتی ۔ (بڑے S سے) رواقی ۔

stoically, adv. ضبطِ یا استقلال سے ۔

stoicalness, n. رواقیت ؛ رواقی فلسفہ ۔

stoichiometry, n. وہ سائنس یا علمِ جس میں اس بات کا پتا لگایا جاتا ہے کہ کسی کیمیائی تعامل میں کتنے کیمیائی اجزا یا مرکب حصہ لیتے ہیں ؛ کیمیائی مقادیر پیمائی ۔

stoichiometric, stoichiometrical, a. مقادیر پیما ۔

stoichiometrically, adv. مقادیر پیمائی کے ساتھ/سے ۔

Stoicism, n. رواقیت ؛ رواقی آرا اور اقوال کا مجموعہ ؛ غم و شادی سے بے نیازی ۔

stoke, v.t. جھونکنا ؛ آگ میں اور ایندھن ڈالنا: آگ کو تیز کرنا یا اس کو جلتے رکھنا جیسے بھٹی کی ۔ (فعل لازم) آگ کا بھٹی وغیرہ میں جلائے رکھنا ؛ جھونکیے کا کام کرنا ۔

stokehold, n. (جہازرانی) وہ جگہ جہاں بھٹیاں اور جوشارے (بائلر) ہوتے ہیں (دخانی جہازوں میں) ۔

stokehole, n. انگیٹھی ، بھٹی ، تنور وغیرہ میں ایندھن جھونکنے والا سوراخ ؛ دہانِ بھٹی ۔

stoker, n. وقاد ؛ جھونکیا ؛ فائرمین ؛ ایک کل جو آگ جھونکنے کا کام دیتی ہے ۔

Stoksia, Stokes aster, n. ایک بوٹی جو مرکب قبیلے سے تعلق رکھتی ہے اور نیلے نیلے خوشنما پھولوں کے باعث ریاست ہائے متحدہ امریکا میں بوئی جاتی ہے ۔

STOL, n. اسٹول ؛ ایک ہوائی جہاز جو ۵۰۰۰ فٹ لمبی دوڑ گاہ کی بجائے ۱۵۰۰ فٹ لمبی دوڑگاہ میں حفاظت سے پرواز کر سکتا ہے اور زمین پر اتر سکتا ہے ۔

stole, n. اسٹول ؛ کلیسائی رسمی پٹکا جو کام دار ریشم یا کسی اور شے کی کم چوڑی پٹی کا بنا ہوتا ہے اور شانوں سے لٹکا ہوتا ہے ، ڈیکن اسے صرف بائیں شانے پر پہنتا ہے اور سامنے کی جانب وہ گھٹنوں تک لٹکا رہتا ہے ؛ سمور، مرابو کا یا کسی اور پارچے کا گردن پوش جسے عورتیں شانوں کے گرد لپیٹ لیتی ہیں ۔ دیکھیے : tippet ۔

stoled, a. اسٹول پہنے ہوئے ۔

stolid, a. دیر احساس ؛ بے حس ؛ ٹھس ؛ مٹھا ؛ کُند ؛ ناقابل انگیزش ؛ ناقابلِ انگیخت ۔

stolidity, n. بے حسی ۔

stolidness, n. مٹّھا پن ؛ بے حسی ۔

stolidly, adv. بے حسی سے ۔

stolon, n. فرخ ؛ نازک سی شاخ یا ٹہنی جو زمین سے لگ کر جڑ پکڑ گئی ہو اور بالآخر ایک نئے پودے میں تبدیل ہو گئی ہو ۔ (حیوانیات) جراثیمی نو آبادیوں کی طول پذیری جس سے اور نامیے جنم لے لیتے ہیں ، جیسے مونگے ؛ اویخت ۔

stolonate, a. فرخ دار ۔

stoloniferous, a. فرخ زا ؛مفرخ ۔

stoloniferously, adv. فرخ زا طور پر ۔

stoma, n. (نباتیات) مسام برگ (جس سے گیسوں کی آمد و رفت ہوتی ہے) ۔ (حیوانیات) کیچوؤں،مکوڑوں وغیرہ کا تنفسہ ۔

stomatous, a. مسام دار ۔

stomach, n. (تشریح الاعضا) (حیوانیات) معدہ : انہضامی نالی کا وہ جوف جس میں غذا کو جزو بدن بننے کے قابل بنایا جاتا ہے ؛ غیر فقری جسم میں غذا ہضم کرنے کے لیے اس سے مشابہ کیسہ یا جوف ؛ بھوک سے پیدا ہونے والی غذا کی آرزو ؛ اشتہا ؛ رغبت ؛ میلان ۔

stomach, v.t. کھانے قبول کرنے یا ہضم کرنے کے قابل ہونا ؛ کھلم کُھلاّ ناپسندیدگی یا مخالفت کا اظہار کیے بغیر برداشت کر جانا؛ سہہ جانا یا پی جانا (جیسے: to stomach an affront) ۔

stomach ache, n. پیٹ کا درد ؛ درد معدہ ؛ دردِ شکم ؛ مڑوڑ ؛ قولنج ۔

stomacher, n. سینے اور معدے کو ڈھکنے والا ایک جڑاؤ پیش پوش جو کبھی زن و مرد پہنا کرتے تھے لیکن بعد میں صرف عورتوں کے لیے مخصوص ہو گیا ۔

stomachic, a. معدے سے متعلق یا مقوی معدہ ؛ معدے کے عمل کو تیز کرنے والی ۔ (اسم)ہاضم ، مقوی ومحرک معدہ دوا ؛ ہاضم دوا ۔

stomachically, adv. ہاضمے کی خصوصیت لیے ہوئے ۔

stomachy, a. توندل ؛ بڑے پیٹ والا ؛ بڑھے ہوئے پیٹ والا ۔ (برطانوی بولی) زود رنج ؛ چڑچڑا ۔

stomatal, a. دہانی ؛دہن گوں ۔

stomatic, a. مُنہ والا ۔

stomatitis, n. (امراضیات) ورمِ دہن ؛ قلاع ؛ مُنہ کی سوزش ۔

stomatology, n. مُنہ اور اس کے امراض کا علم ؛ فمیّات ۔

stomatopod, n. دہن پا ؛ قشریوں کی ایک قسم جن کی بعض ٹانگیں منہ کے پاس ہوتی ہیں اور گلپھڑے شکمی حصے میں ہوتے ہیں (سمندری کیکڑے کی طرح) ؛ دہن پایہ ۔ (صفت) دہن پا سے متعلق ۔ نیز : stomatopodus ۔

stomodeum, n. (جنین) انہضامی نالی کا دہانی حصہ (جنینی حالت میں بیرونی جلد کے غلاف کی صورت میں جس کا آغاز ہوتا ہے) ۔

stomodeal, n. انہضامی نالی والا ۔

stomp, v.t., v.i. (بول چال) پاؤں مارنا (کسی کو اس طرح

استعمال کرتے ہیں ۔

stone fruit, n. نوائی پھل ؛ گٹھلی والا گودے دار پھل ؛ گٹھلی والا کوئی پھل ، جیسے آڑو، آلوچہ وغیرہ ۔

stonelily, n. خارپشتی ؛ سوسنیہ کے پتھرائے ہوئے مخروطی تنے جو قطری بازوؤں سے جڑے ہوئے سمندر کے فرش پر ڈنٹھلوں سے ٹھہرے رہتے ہیں ۔

stone mason, n. معمار سنگ ؛ جو عمارتوں کے لیے پتھر تیار کرتا ہے یا ان سے تعمیر کا کام کرتا ہے ۔

stonemasonry, n. سنگ تراشی ؛ پتھروں کی تعمیر ۔

stone parsley, n. ایک یورپی پودا جس کے بیج خوش بو دار ہوتے ہیں اور کھانوں میں بطور مسالا ڈالتے ہیں ۔

stone roller, n. جھینگے کی نسل کی چھوٹی جوبڑی مچھلی ؛ ابو شکوش ۔

stonewall, v.i. (کرکٹ) بلے باز کا گیند کو ضرب لگانے کی جگہ محض دفاعی طور پر گیند کو مسلسل روکتے رہنا ۔ (برطانوی) سیاست میں کسی شخص کا تاخیری حربے استعمال کرنا ؛ روڑے اٹکانا ۔

stonewaller, n. احتیاط سے کھیلنے والا ؛ ٹھک ٹھک کرنے والا ۔

stoneware, n. پتھر چینی ؛ نیم شفاف روغنی برتن جو ریت، مٹی اور چقماق پتھر کے مرکب سے تیار کیے جاتے ہیں ۔

stonework, n. پتھر کاری؛ پتھر کا کام ؛ پتھر سے تیار کی گئی کوئی شے یا عمارت ؛ پتھر کی کٹائی ، تراش خراش ، نمونہ سازی ، ان کی تنصیب کے سلسلے میں پیش آنے والے مختلف طریقے ۔

stoneworker, n. سنگ کار ؛ پتھروں کی تراش کرنے والا ۔

stonewort, n. پتھر کائی ؛ سبز پھپھوندی جو تازہ پانی میں پیدا ہو جاتی ہے اور اس کے ہم پیوست وجود پر چونے کی تہ سی جمی ہوتی ہے ۔

stone, stoney, a. پتھر یا چٹان سے مشابہ یا متعلق یا ان سے بھر پور ؛ سنگ دل ؛ کٹھور ؛ سخت دل ؛ بے احساس ؛ گُم سم ؛ ششدر کر دینے والا ۔ (عوامی) قلاش ۔

stonily, adv. بے حسی کے ساتھ ۔

stoniness, n. سنگ دلی ۔

stony-hearted, a. سخت دل ؛ بے حس ؛ سنگ دل ۔

stony-heartedly, adv. بے حسی یا سخت دلی کے ساتھ ، سنگ دلانہ ۔

stony-heartedness, n. سخت دلی ؛ بے حسی ؛ سنگدلی ۔

stooge, n. کسی مسخرے کا جوڑی دار ۔ (عوامی) دبَیل ؛ چمچہ ؛ دلاّ ؛ دست آموز ؛ مخبر ۔ (فعل لازم) مخبری کرنا ؛ فریب کاری میں ساتھ دینا ؛ کسی کے لیے کام کرنا ۔

stook, n. (برطانوی) اناج کا گٹھا یا اناج کے پولوں کا گٹھا ۔ (فعل متعدی) (برطانوی) گٹھا گٹھا کرنا (اناجی پولوں کو) ۔

stooker, n. گٹھے بنانے والا (اناج کے پولوں کے) ۔

stool, n. اسٹول ؛ بے بازو کی تپائی جس پر ایک ہی شخص بیٹھ سکتا ہے؛ کم اونچائی والا پایدان ، گھٹنوں کے لیے جھکنے میں کام دینے والا سہارا ؛ قدمچہ ؛ سنڈاس ؛ پاخانہ ؛ فضلہ ؛ اجابت ؛ براز ۔ (نباتیات) کسی درخت کا ٹنڈ جس میں سے شاخیں

ایذا دینے کی نیت سے) ؛ تھرکنا (بعد میں on لگاتے ہیں) ۔ (اسم) (بول چال) بازنی ؛ پاکوبی (جاز موسیقی کی دھن کے مطابق) ؛ تیزاور زور دار پاکوب رقص ۔

stone, n. پتھر ؛ سنگ ؛ مٹی یا کسی معدنی شے جیسے چونا ، سلیکا یا چکنی مٹی کا جما ہوا ٹکڑا ؛ عام طور پر اس قسم کی چیزوں کا ڈھیر ؛ پتھروں یا چٹانوں سے حاصل ہونے والا مواد ؛ اس مواد کو استعمال کرنے والی اشیا (جیسے:paving stone) ؛ گودے والے پھل کی گُٹھلی ؛ سخت خول والا بیج ؛ مہرہ یا پانسہ ۔ (طب) پتھری (گردے ، مثانے وغیرہ میں بن جانے والا ایک ریزہ) ؛ پتھری سے پیدا ہو جانے والا عارضہ ۔ (طباعت) چھاپ پتھر (وہ سل جس پر مکتوبہ مواد الٹایا جاتا ہے اور پھر عام کاغذ پر اتارا جاتا ہے) ۔ (کھیل) وہ ورزشی پتھر جسے مقابلوں میں قوت آزمائی کے لیے اٹھایا جاتا ہے ، جیسے اسکاٹ لینڈ کے کھیل ، پتھر کنڈلی میں ۔ (برطانوی) وزن کا ایک عام پیمانہ ؛ برطانوی معیاری اسٹون جو چودہ پونڈ کا ہوتا ہے ۔ (شیشہ سازی) شیشوں میں کہیں کوئی نقص رہ جانے کے باعث پیدا ہو جانے والی خرابی یا داغ ۔ (فعل متعدی) سنگ سار کرنا ؛ پتھر مارنا ؛ پتھر مار مار کر مار دینا یا بھگا دینا ؛ گٹھلی وغیرہ کو گودے ، دانے ، پھل میں سے الگ کرنا ؛ پتھر سے تعمیر کرنا (جیسے:to stone a drive way) ۔ (فعل لازم) پتھر کو رگڑائی یا صیقل کے لیے استعمال کرنا ۔

cash the first stone, الزام تراشی میں پہل کرنا ؛ پہلا پتھر مارنا ۔

leave no stone unturned, کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا ؛ کوئی کسر نہ چھوڑنا ۔

stoned, a. (عوامی) خوب پیے ہوئے ؛ کسی نشہ آور دوا کے زیر اثر ؛ مدہوش ۔

Stone Age, n. حجری عہد ؛ پتھر کا زمانہ ؛ انسانی تاریخ کا وہ دور جب انسان کو پتھروں کے اوزار وغیرہ بنانے کا ڈھب آ گیا تھا ؛ دھات کے زمانے سے پہلا دور ؛ حجری دور ۔

stone-blind, a. بالکل اندھا ؛ نابینا ؛ چوپٹ اندھا ۔

stone-blindness, n. نابینائی ؛ اندھا پن ۔

stone-broke, a. (بول چال) پھانگ ؛ کنگال ؛ نردھن ؛ تہی کیسہ ؛ قلاش ۔

stonechat, n. چکچکی ؛ ترغہ کی نوع کا ایک چمکیلا یورپی پرندہ جس کی پشت بھوری ہوتی ہے اور سینہ سرخ ، خطرے کے وقت کنکروں کے باہم ٹکرانے کی سی آواز نکالتا ہے ۔

stonecrop, n. پتھر بیل ؛ کائی کی سی ایک روئیدگی جس کے پتے گودے دار ہوتے ہیں اور پھول زرد ، یہ چٹانوں اور دیواروں پر پھیلتی ہے ۔

stonecutter, n. سنگ تراش (انسان یا آلہ) ۔

stonecutting, n. سنگ تراشی ۔

stone-deaf, a. بالکل بہرا ؛ نپٹ بہرا ۔

stonefish, n. سنگ ماہی ؛ منطقۂ حارہ کی زہریلے کانٹوں والی عقربی مچھلی ۔

stonefly, n. سنگ مکھی ؛ ندیوں وغیرہ میں چٹانوں تلے بیج چھوڑنے والے حشرات ، جن کو ماہی گیر مچھلی کے طعمے کے طور پر

پھوٹتی ہوں ؛ اس قسم کی کونپلوں کا مجموعہ ؛ نئی شاخیں نکالنے
والا پودا ۔ (فعل لازم) پودے کا پھوٹنا ۔ (عوامی) مخبر بننا یا فریب کاری
میں ساتھ دینا ۔

stool pigeon, stoolie, n. پھندیت ؛ بلارا ؛ وہ کبوتر جسے دوسرے
کبوتروں کو دھوکا دینے کے لیے سدھایا گیا ہو ۔ (عوامی) پولیس کے لیے
مخبری کرنے والا ؛ کسی جواری کے ساتھ ساز باز کرنے یا رکھنے والا ۔

stoop, v.i. خم ہونا ؛ خمیدہ ہونا یا جھکنا
(جیسے: to stoop down to pick a flower) ؛ اپنے سر اور کندھوں کو
سیدھی حالت سے خمیدہ حالت میں لانا (جیسے: to stoop for a lower
door) ؛ عادتاً جھک جانا یا خم کھا جانا (جیسے: to stoop from age) ؛
گوارا کرنا یا کر لینا ؛ کسی کے لیے کچھ کرنا ؛ اپنے آپ کو دوسرے کی
سی پست سطح تک جھکا لینا ؛ وقار کے منافی رویہ اختیار کرنا
(جیسے: to stoop to another's level یا to stoop to flattery) ؛ جھپٹنا یا
جھپٹا مارنا (جیسے: A hawk stoops on prey) ۔ (فعل متعدی) جھکانا ؛
خم دینا/ڈالنا ؛ ٹکانا ، ٹیک لگانا ؛ معروف مقام یا درجے سے نیچے
لے آنا یا لے جانا (جیسے: to stoop the head) ؛ بادبان یا جھنڈے کو نیچا
کرنا ۔ (اسم) جھکنے کا عمل ؛ جھکاؤ ؛ خم ؛ پست رویہ ؛ خمیدگی (جسم
کی) ؛ عزت و منصب سے تنزل (گراوٹ) ؛ رضا مندی ؛ انکسار ؛ ہبوط ؛
جھپٹ (شکاری پرندے کی) ۔

stoop-shouldered, a. خمیدہ شانوں والا ۔

stoop, n. پیش چبوترا ؛ تھڑا ؛ گھر کے دروازے یا
داخل ہونے کی سیڑھیاں جو پلیٹ فارم/چبوترے پر جا ختم ہو جاتی ہوں ؛
گھر کے دروازے سے اندر تک بنی ہوئی چھوٹی سی ڈیوڑھی (پورچ) ۔

stop, v.t. ٹھہرا لینا ؛ روک لینا ؛ مداخلت کرنا
یا قابو میں رکھنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ آگے بڑھنے ، کچھ
کرنے یا عمل پیرا ہونے میں عناں گیر ہونا ؛ کاٹ لینا ؛ مائل ہونا ؛
ادائیگی نہ کرنا (جیسے: to stop payment on a check) ؛ ترک کرنا ،
باز آنا، ختم کر دینا (جیسے: to stop gambling) ؛ روک دینا (جیسے: to
stop manufacturing) ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ سدباب کرنا ؛ بند کرنا ، بہاؤ
روک دینا (خون وغیرہ کا) ۔ (کھیل) روکنا ، ٹالنا (ضرب وغیرہ کو) ؛ گرا
دینا یا چت کر دینا (باکسنگ میں) ؛ مخالف کو کوئی نمبر نہ جیتنے
دینا ؛ مخالف کے جیتنے والے ہاتھ یا چال کا خاتمہ کر دینا (برج کے کھیل
میں) ؛ شکست دینا (مخالف کو) ۔ (موسیقی) کوئی خاص سر نکالنے کے
لیے کسی ہوا باجے کے ایک سوراخ کو بند کرنا ؛ تار دار ساز کے کسی
تار کو دبا دینا (سُر بدلنے کے لیے) ؛ بجانا ، ارگن کی روک کے مقام میں
تبدیلی کرکے ۔ (صوتیات) سانس کو پہلے روک کر پھر یوں لینا کہ
دھمک کے ساتھ حرف صحیح ادا ہو ۔ (گرامر) عبارت میں اوقاف لگانا
یا تار کے متن میں اسٹاپ کا لفظ استعمال کرنا ۔ (جہازرانی) بادبان
سمیٹنا یا باندھنا ۔ (فعل لازم) سفر میں کہیں ٹھہر جانا ؛ چلنے ، کچھ
کرنے، بولنے سے رک جانا ؛ انجام پر جا پہنچنا ؛ کسی ایک جگہ قیام
کرنا ؛ رہ پڑنا ، ٹھہر جانا یا عارضی طور پر راستے میں رک جانا ۔

stopdown, (عکاسی) عدسی سوراخ کو محدود کر دینا
(ڈایا فرام کے ذریعے) ۔

stop, n. رکاؤ یا ٹھہراؤ ؛ بندش (سوراخ وغیرہ کی) ؛
رکاوٹ یا راہ بندی ؛ مسدودی ؛ جام ہو جانے کی حالت ؛ حرکت ، عمل
یا کارکردگی میں رکاوٹ ؛ خاتمہ ؛ وقفہ ؛ قیام ؛ کسی درز یا شگاف کو
بند کرنے والا ڈاٹ یا پلگ جیسے سلپچی میں ؛ کوئی روک یا رکاوٹ ؛
کسی میکانی عمل کو روکنے ،جانچنے یا اس کی حرکت یا عمل کو روک
دینے والی اٹکل ۔ (کھیل) مخالف کو نمبر بنانے سے روکنے کے لیے چلی
گئی چال یا پیش کی گئی رکاوٹ ۔ (جہاز رانی) وہ رسی یا ڈوری جس
سے بادبان کو باندھتے ہیں ۔ (گرامر) علامت اوقاف ۔ (موسیقی) ہوائی
باجے میں بنے ہوئے سوراخوں میں سے کوئی سوراخ ؛ اس سوراخ کو بند
کرنے کا عمل یا سازینے کے تاروں میں سے کسی تار کو کسی مخصوص
سُر کے لیے دبانے کا عمل ؛ ارغنون (باجے) پر لگی ہوئی نلیوں کی
قطار ۔ (صوتیات) سانس اندر لینے اور باہر نکالنے کا عمل ؛ تلفظ میں
سانس کو روک کر چھوڑنے سے پیدا ہونے کی آواز جیسے p اور b
لبوں سے ، g اور k زبان سے اور t اور d
زبان اور مسوڑھوں کے عمل سے بولے جاتے ہیں ۔ دیکھیے : suction
continuent-stop, glottal stop سے موازنہ کیجیئے ۔

stop knob, کلید ؛ کسی بیرم یا لیور کی ڈاٹ جو ارغنونی
نلیوں کی قطار کو قابو میں رکھتی ہے ۔

stop bath, n. (عکّاسی) اجاگر روک ؛ وہ تیزابی دھلائی
جو کسی فوٹو گرافی کے منفیہ (نیگے ٹو) یا پرنٹ کو اور واضح کرنے سے
روک لینے کے لیے کی جاتی ہے ۔ نیز: short stop bath ۔

stopcock, n. ٹونٹی (بہاؤ کو روکنے یا چلانے کے
لیے) ؛ ڈاٹ ؛ نلکہ ۔

stope, n. (کان کنی) زیر زمینی کھدائی جس میں
کچ دھات افقی زینوں کی صورت میں خواہ اوپر سے یا
نیچے سے نکالا جاتا ہے ۔ (فعل متعدی و لازم) (کان کنی) زینہ بزینہ
کھدائی کرنا یا کام کرنا ۔

stopgap, n. دفع الوقتی انتظام ؛ خانہ پری ؛
عارضی مصلحت یا متبادل ۔

stop-light, n. روک بتی ؛ سرخ بتی (جو اس بات کا
اشارہ ہے کہ چلنے والوں کو رک جانا چاہیے) ؛ موٹروں وغیرہ کے
عقب میں اس کا روشن ہونا اس کو ظاہر کرتا ہے کہ موٹر یا ٹرک وغیرہ
کی رفتار کم ہو رہی ہے اور اسے رکنا یا مڑنا ہے ۔

stop-loss order, n. (بازارِ حصص) مندا روک حکم ؛ موکل کی
آڑھتی کو مستقل ہدایت کہ اگر ایک معینہ حد سے بھاؤ گرنے لگے
تو وہ اس کا حاضر مال بیچ دے ۔

stop order, n. موکل کی آڑھتی کو یہ ہدایت کہ وہ بازار کے
ایک معینہ نرخ پر اس کے اسٹاک کی خرید و فروخت کرے ۔

stopover, n عارضی قیام ؛ دوران سفر کہیں عارضی اور مختصر قیام ؛
کسی جگہ قیام کرنے کے بعد کسی مزید کرائے کی ادائیگی کے بغیر
سفر جاری رکھنے کی سہولت ۔

stoppage, n. رکاوٹ ؛ ترقی یا حرکت یا کام کے بند
ہو جانے کی حالت ؛ وقفہ یا ٹھہراؤ (جیسے: work stoppage) ؛ تنخواہ یا
بھتے میں سے کی گئی کٹوتی ۔

stop payment, n. ادائیگی روک ؛ بینک کو اپنے ہی کسی جاری
کردہ چیک کی ادائیگی روکنے کی ہدایت ۔

stopper, n. ڈاٹ ؛ بوتل (نالی وغیرہ کا مُنھ
بند کرنے کے لیے) ؛ منھ بند (ڈھکنا) ؛ وہ شخص یا شے جو روک دے ۔
(بول چال) وہ مخصوص اداکار، منظر یا گیت جس پر یوں تالیوں کا تانتا

بندھ جائے کہ کھیل وقتی طور پر وہیں ٹھہر جائے ۔(تاش) ایک رنگ کا وہ پتہ جو کسی بازی میں فریق مخالف کے اس رنگ کے دوسرے ہاتھ بنانے کی راہ بند کر دے ۔ (فعل متعدی) بوتل وغیرہ کا منھ بند کرنا/ڈاٹ لگانا ۔

stopple, n. کاگ ؛ڈاٹ ؛ مُنھ بند ؛ بوتل وغیرہ کا ڈھکنا ؛ پلگ ۔ (فعل متعدی) کاگ پھنسانا ؛ ڈاٹ لگانا ۔

stop street, n. روک گلی ؛ وہ چھوٹی گلی جس میں سے گزرتے ہوئے موٹروں وغیرہ کو داخل ہونے یا وہاں سے پار جاتے ہوئے رکنا ضروری ہوتا ہے ۔

stopwatch, n. اسٹاپ واچ ؛ روک گھڑی ؛ ساعت اسباق ؛ وہ گھڑی جسے گھڑ دوڑ یا کھیل مقابلوں میں وقت کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے اور اس کی گھنڈی دباتے ہی رکنے یا چلنے لگتی ہے ۔

storage, n. ذخیرہ خانہ ؛ ذخیرہ کاری ؛ ذخیرہ میں رکھنے یا ذخیرہ کرنے کا عمل ؛ وہ مخصوص مقام یا جگہ جہاں کوئی چیز رکھی جائے ۔ (کمپیوٹر) کمپیوٹر کا وہ حصہ جو فوری رسائی اور ضرورت کے لیے معلومات ذخیرہ کرتا ہے ، اسے ''میموری'' بھی کہتے ہیں ؛ دوسروں کا مال ذخیرہ رکھنے کا معاوضہ ؛ تذخیر یا ذخیرہ اندوزی ؛ بیٹری کو چارج کرنے (برق اندوز کرنے) کا عمل ۔

storage cell, storage battery, n. (برق) برق خانہ ؛ برقی ذخیرہ ؛ ایک برق خانہ یا برق خانوں کا سلسلہ جس کو برق پاش میں الٹی سمت میں برقی رو گزار کر بار آور کیا جا سکتا ہے ۔

storax, styrax, n. ثعلبی گوند جو چھوٹے قد کے گوندل درخت سے حاصل ہوتا ہے اور دوا سازی اور عطر سازی میں استعمال ہوتا ہے،اس کے پھول سفید اور گچھے دار ہوتے ہیں ؛ لعابی بلسان جو ایک سیال عنبری درخت کی لکڑی اور اندرونی چھال سے حاصل ہوتا ہے ، یہ درخت ایشیائے کوچک میں بہت عام ہے ۔

store, n. گودام ،اسٹور ؛ ذخیرہ؛ فروش گاہ (دکان) ۔ (جمع) روزمرہ کی غذائی اور لباس کی ضروریات کی فراہم کاری کی جگہ ؛گھر ، ادارے ، فوج یا جہاز میں ذخیرہ کی گئی اشیا (مستقبل کی ضرورت کے لیے) ؛ جمع کردہ یا حاصل کردہ کسی شے کا انبار (جیسے:a store of information) ۔ (فعل متعدی) مستقبل کے لیے فراہم کرنا یا جمع کرنا ؛ انبار لگانا ؛ مہیا کرنا ؛ جوڑنا ؛ ذخیرہ اندوزی کرنا ؛ ذخیرہ کرنا یا کر لینا (بعد میں up یا away لگاتے ہیں) ؛ کسی گودام ، مال خانے یا کسی اور جگہ میں رکھ دینا یا رکھوا دینا ۔

in store, ذخیرہ ہونے کی حالت ؛ تہ دست یا ذخیرہ میں محفوظ ہونے کی حالت (جیسے:No one knows what is in store for him) ۔

set store by, احترام سے دیکھنا ؛ اعتماد کرنا ؛ وقعت دینا (جیسے:to set much great or little store by a thing) ۔

storer, n. ذخیرہ کرنے یا جمع کرنے والا ؛ ذخیرہ کار؛ ذخیرہ اندوز ۔

storehouse, n. گودام کوٹھی (غلہ وغیرہ کی) ؛ خزانہ ؛ معلومات کا ذخیرہ ۔

storekeeper, n. محافظ ذخیرہ ؛ گوداميا ؛ پرچون فروش ؛ دار ؛ بحریہ یا بّریہ میں ایسی ذمہ داری رکھنے والا عہدے دار ۔

storeroom, n. گودام ؛ مال خانہ ؛ جنس کی کوٹھی ؛ کباڑ خانہ ؛ وہ کوٹھڑی جہاں گھریلو اجناس ، گھریلو سامان یا گھر کا فالتو سامان رکھا جائے ۔

storied, a. مذکور زمانہ یا تاریخ اور قصے کہانیوں میں شہرہ آفاق (جیسے:a storied monarch) ؛ نقاشی ، مجسمہ سازی ، سوزن کاری یا فن کے کسی اور عمل سے ،تاریخی ، روایتی یا اس قسم کے موضوعات کے نمونوں سے مزین (جیسے:a storied urn) ۔

storied, storeyed, a. منزلہ ؛ جس میں کئی منزلیں ہوں (لفظ عموماً کسی لفظ کے لاحقے کے طور پر آتا ہے)(جیسے:two storied) ۔

stork, n. سارس ؛ بگلا (عموماً سفید رنگ کا) ؛ لق لق ؛ پرانی دنیا کے لم ڈھینگ خاندان کے پرندوں میں سے کوئی ایک ۔

stork's-bill, n. لق لقی چونچ کی طرح کی پھلی والا ایک پودا ۔

storm, n. طوفان ؛ جھکڑ ؛ طوفان باد و باراں ؛ شدت برف و باراں ؛ گرج چمک کے ساتھ ژالہ باری وغیرہ ؛ آندھی ؛ تیز بارش ؛ برف باری ؛ ژالہ باری یا گرج دھمک کا طوفان اور ساتھ ہی ہوائی جھکڑ ؛ ہوا اور پانی کے طوفان سے مشابہ کوئی افراتفری (جیسے:a magnetic storm) ۔ (مجازاً) شدید بوچھاڑ (تیر و تفنگ وغیرہ کی) ؛ ہلچل یا تلاطم جیسے مدنی (سیاسی ، سماجی یا گھریلو) ؛ ہنگامہ خیزی (آوازوں ، باتوں یا جذبات کی) ؛ جذباتی دورہ یا ذہنی خلجان ۔ (فعل لازم) شدت سے برسنا ؛ چلنا ، گرنا (بارش ، ہوا اور اولوں وغیرہ کا) ۔ (مجازاً) غصے ہونا ؛ کسی پر خوب برسنا ؛ انتہائی غصے سے چلا جانا (جیسے:to storm out of a room) ؛ غصیلی رفتار سے چلنا ۔ (عسکری) گولیوں وغیرہ کی بوچھاڑ کرنا ؛ طوفانی حملہ کر دینا ؛ بم باری کرنا ۔ (فعل متعدی) بم باری کا نشانہ بنانا ؛ غصے میں آپے سے باہر کرنا ؛ برافروختہ گوئی کرنا ۔ (عسکری) (مورچہ بند مقام پر) ٹوٹ پڑنا یا حملہ کرکے قبضہ کر لینا ۔

storm and stress, n. دیکھیے: Sturm and Drang ۔

storm boat, n. (عسکری) وہ کشتی جو حملہ آوری میں استعمال ہوتی ہے ۔

stormbound, a. محصور طوفان ؛ طوفان وغیرہ میں گھرا ہوا ۔

storm cellar, n. طوفان پناہ ؛ پناہ گاہ یا زیر زمین کمرہ جہاں بمباری یا شدید طوفانِ باد وباراں میں پناہ لی جاتی ہے ؛ تہ خانہ ۔

storm center, n. (موسمیات) طوفانی بگولے کا مرکز؛ گڑ بڑ کی جگہ ؛ وہ جگہ جہاں سدا ہلچل رہتی ہو ۔ (مجازاً) کم دباؤ والا نسبتاً پُر سکون علاقہ ۔

storm door, n. طوفانی موسم اور زمستانی ٹھنڈک سے بچاؤ کے لیے بیرونی یا اضافی دروازہ ۔

storm petrel, mother carey's chicken, n. (طیوریات) طوفان بطریل ؛ ایک سمندری پرندہ جو طوفانی موسم میں بیشتر جہاز کے قریب پایا جاتا ہے ۔

storm trooper, n. جرمنی کی سابقہ نازی پارٹی کی ملیشیا فوج کارکن جو sturmabteilung کہلاتی تھی ۔ نیز:Brown Shirt

storm window, n. طوفان باد وباراں سے بچاؤ اور علیحدگی کے لیے دوہری کھڑکی ۔ (بول چال) طوفان ۔

stormy, a. طوفانی ؛ بادوباراں لیے ہوئے ؛ شور انگیز؛ شدت احساس میں نمایاں ؛ جذباتی ؛ برافروختہ ۔

stormily, adv. شدت سے ۔

storminess, n. جذباتیت ؛ ہنگامہ خیزی ۔

stormy petrel, n. (طیوریات) دیکھیے : storm petrel ۔ (مجازاً) وہ شخص جس کی آمد کسی مصیبت کا پیش خیمہ ہو ۔

story, n. کہانی ؛ قصہ (فرضی یا حقیقی ، منثور یا منظوم)؛ داستان،مختصر یا طویل جو قاری کا دل خوش کرے؛ افسانوی کہانی جو ناول سے مختصر ہو ؛ ایسی کہانیاں یا داستانیں جو ادب کا حصہ ہوں (جیسے: a character famous in story and song) ؛ کسی ناول، ڈرامے، مثنوی وغیرہ میں واقعات کا تواتر؛ کسی شخص کی زندگی میں رونما ہونے والے واقعات یا کسی قابل ذکر و اہمیت بات کا بیان ؛ کوئی حقیقی یا فرضی واقعہ جسے دلچسپی ، تفریح یا کسی نقطے کی تشریح کی خاطر بیان کیا جائے ؛ حکایت ؛ کسی معاملے کے بارے میں رپورٹ یا مربوط تفصیل ؛ بیان ؛ الزام ؛ کسی خبر پر مبنی داستان یا تفصیل ؛ کچا چٹھا ؛ افسانہ ؛ رومان ۔ (صحافت) کسی چیز کا بیان جیسے کسی اخبار میں چھپنے والی کوئی خبر ۔ (بول چال) جھوٹ یا من گھڑت کہانی ، تاریخ ، داستان یا قِصہ ۔ (فعل متعدی) تاریخی یا داستانی بات کو جزئیات کے ساتھ پیش کرنا

storywriter, n. کہانی نویس ؛ افسانہ نگار ؛ قصہ طراز ۔

story,(Brit.)storey, n. منزل ؛ کسی مکان یا عمارت کے اوپر بنایا گیا ایک اور مکان ؛ عمارت کے ایک ہی فرش یاسطح پر بنے ہوئے کمروں کا سلسلہ ؛ کسی عمارت کی بلندی پر بنا ہوا کوئی تعمیراتی ڈھانچا ؛ کسی چیز کے ان حصوں یا درجوں میں سے کوئی ایک جو عمودی طور پر ایک دوسرے کے اوپر رکھ دیے گئے ہوں ۔

story book, n. کہانیوں کی (عموماً باتصویر) کتاب (بالخصوص بچوں کے لیے) ۔

story line, n. کسی ناول ، ڈرامے وغیرہ میں نمایاں واقعات اور ان کا اہم تسلسل ۔

storyteller, n. داستان گو ؛ داستان نگار ؛ جھوٹی سچی ہانکے جانے والا ؛ بچوں کو کہانیاں سنانے والا یا ان کے لیے لکھنے والا ؛ قدیم ایام میں (بالخصوص مشرق میں) مجمع کو داستانیں سنانے والا ؛ قصہ خواں ؛ داستان طراز ۔ (بول چال) جھوٹ بولنے والا ؛ بہتان باز ؛ دروغ گو ۔

storytelling, n. داستان گوئی ؛ قصہ خوانی ؛ داستان طرازی ۔

stoss, a. (ارضیات) ڈھلوان یا کراڑ ؛ کسی پہاڑی وغیرہ کا وہ پہلو جو گلیشیر یا کسی اور متحرک شے کی زد میں رہتا ہو ۔

stound, a. (برطانوی بولی) اچانک حیرت زدگی یا تعجب انگیزی ۔ (متروک) لمحہ ؛ تھوڑا سا عرصہ ؛ پل بھر ۔

stoup, n. وہ برتن جس میں رومی کیتھولک مسلک کے گرجوں میں داخلے کے طاقچے میں آب مقدس رکھا ہوتا ہے ۔ (برطانوی بولی) سیال اشیا کے لیے کم چوڑا گہرا برتن ؛ صراحی ؛ بڑا جام ؛ سیال اشیا کو ناپنے کا پیمانہ (جیسے: a pint of stoup) ۔

stout, a. ہٹا کٹا ؛ گٹھا ہوا ؛ موٹا تازہ ؛ دلیر ؛ نڈر ؛ جری (جیسے: a stout heart) ؛ پختہ ؛ باعزم ؛ ہٹیلا؛ بے لچک (جیسے: a stout resistance) ؛ شدید یا زور دار (جیسے: a stout storm) ؛ مضبوط ؛ جسیم ؛ جیالا ؛ جفاکش یا ان تھک (گھوڑا) ؛ بناوٹ یا تعمیری مسالے کے لحاظ سے استوار (جیسے: stout walls) ؛ موٹا ؛ مضبوط یا بھاری (جیسے: stout club) ۔ (اسم) تیز اثر (شراب جیسے ایل ، بیئر یا پورٹر وغیرہ) ؛ مضبوط یا جسیم شخص یا ایسے شخص کا لباس ۔

stoutish, a. مضبوط سا ۔

stoutly, adv. دلیری سے ۔

stoutness, n. دلیری ؛ بہادری ۔

stout-hearted, a. بہادراور مستقل مزاج ؛ جری ؛ ہمت والا ۔

stout-heartedly, adv. ہمت سے ۔

stout-heartedness, n. ہمت ؛ بہادری ۔

stove, n. اسٹوو؛ ولایتی چولہا ؛ حمامہ ؛ ایک حرارت زا ساخت (کمرہ گرم کرنے کے لیے یا کھانا پکانے کے لیے) جو بجلی یا ایندھن سے چلتا ہے ؛ مصنوعی حرارت سے سخت تپایا ہوا وہ کمرہ یا گھر جس سے سکھانے یا پکانے وغیرہ کا کام لیا جاتا ہو؛ تنورہ ۔ (برطانوی) (گلبانی) وہ گرم خانہ جس میں حرارت مسلسل زیادہ درجے پر رکھی جاتی ہے (سرد ممالک میں پودوں کی پروش کے لیے) ۔ (فعل متعدی) اسٹوو جلانا یا اس کی طرح گرمانا ۔

stovepipe, stove-pipe hat, n. لوہے وغیرہ کا بنا ہوا دود کش یا چمنی ۔ (بول چال) مردانہ ہیٹ (جو لمبوترا اور ریشمی ہوتا ہے) ۔

stover, n. مویشیوں کا چارا ؛ پرالی ۔

stow, v.t. (جہاز رانی) لدے ہوئے مال کو بحری جہاز میں ٹھکانے پر رکھنا یا ٹھیک طرح رکھنا ؛ پتواروں اور بندوقوں کو ان کی مناسب جگہوں پر لٹکانا ، ذخیرہ کرنا ، محفوظ کرنا ؛ خوب دبا دبا کر یا جما کر رکھنا ؛کسی جگہ یا عرشے میں کسی شے کے لیے گنجایش نکالنا ۔ (عوامی) باز رہنا ، جانے دینا (جیسے: Stow it) ۔

stowage, n. جہاز پر مال کی لدوائی ؛ کسی چیز کو موزوں طریقے سے یا موزوں جگہ رکھنے کا عمل ؛ سامان رکھنے کے لیے کوئی جگہ یا گنجایش ؛ وہ چیز جو جما کر رکھی گئی یا رکھوائی گئی ہو ؛ لدائی کے اخراجات ۔

stowaway, n. کسی جہاز یا سواری میں چھپ کر کرایہ بچانے کی غرض سے جانے والا ؛ کہیں سے چوری چھپے کھسک جانے والا ۔ (فعل لازم) جہاز یا کسی اور سواری میں چھپ کر (مفت) بیٹھ جانا ؛ کسی محفوظ جگہ پر رکھ دینا یاایسی جگہ رکھنا جہاں لوگوں سے چھپا ہوا ہو ؛ چھپا دینا (کسی پوشیدہ جگہ میں کسی شخص کو) ۔

strabismus, n. (تشریح الاعضا) بھینگا پن ؛حوَل ۔

strabismic, strabismal, strabismical, a. بھینگا ۔

straddle, v.t. ٹانگیں پھیلانا یا پھیلا کر چلنا ؛ بیٹھنا یا کھڑے ہونا ؛ ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہونا یا بیٹھنا ؛ کسی معاملے میں دو طرفہ ہونا (جیسے: to straddle a touchy question) ۔ (فعل لازم) ٹانگیں پھیلائے چلنا یا بیٹھنا یا کھڑے ہونا (جیسے: a child straddling across a room) ؛ ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہونا یا بیٹھنا ؛ ٹانگوں کے درمیان فاصلہ رکھ کر کھڑے ہونا (جیسے: legs straddled wide) ۔ (بول چال) کسی معاملے میں دو طرفہ رویہ اختیار کرنا ؛ دو ٹوک بات نہ کرنا ؛ دونوں جانب کی طرف داری کرنا ۔ (اسم) ٹانگیں پھیلانے کا عمل ؛ ٹانگیں پھیلانے کا فاصلہ ۔ (بول چال) تذبذب یا اپنے آپ کوکسی طریقہ کا پابند نہ کرنے کا عمل ۔ (مالیات) کسی شے کا

کاروبار میں دیا گیا یہ اختیار کہ وہ کسی معینہ مدت کے اندر اندر معینہ قیمت پر حاضر مال خرید یا فروخت کر سکتا ہے؛ اختیار خرید و فروخت۔

straddler, n. متذبذب ؛ متلون مزاج۔

Stradivarius, n. ایک خاص قسم کا وائلن جو اپنی عمدگی کی وجہ سے مشہور ہے اور جسے اس کے موجد اسٹراڈی وری کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے (یہ اطالوی تھا اور ۱۷۲۷ء میں ترانوے سال کی عمر پا کر فوت ہوا)۔

strafe, v.t. زبردست بمباری کرنا ؛ حملہ آور جہازوں کے ذریعے مشین گنوں سے گولیاں برسانا ۔ (عوامی) ڈانٹ ڈپٹ کرنا یا کان کھینچنا ۔ (اسم) زبردست گولہ باری ۔ (عسکری) دشمن کے دستوں پر ہوائی حملہ (بالخصوص مشین گنوں سے)۔

strafer, n. مشین گن سے گولیاں برسانے والا جہاز۔

straggle, v.i. جانوروں یا آدمیوں کا ادھر اُدھر بے مقصد آوارہ پھرنا ؛ سڑک یا فوجی قطار سے بھٹک جانا ؛ کسی فرد کا اپنے ساتھیوں سے جھٹ جانا ؛ بکھرے بکھرے چلنا ؛ جانا یا آنا ، بے اطواری سے ؛ منتشر ہو جانا ؛ تتر بتر ہو جانا ؛ حرکت کرنا یا گزرنا، غیر منظم ، بے قاعدہ یا اٹکل پچو طریقے سے ؛ بے قاعدگی سے چاروں طرف پھیلانا ؛ غیر منظم طریقے سے پھیلانا۔

straggler, n. پیچھے رہ جانے والا ؛ منتشر کرنے والا۔

straggly, a. منتشر؛ تتر بتر ؛ غیر منظم ؛ بے ترتیبی سے بکھرا ، پھیلا ہوا۔

straight, a. سیدھا ؛ بے خم و پیچ ؛ مستقیم ؛ باہم برابر (جیسے: straight shoulder) ؛ بلاواسطہ یا کسی ایک خاص سمت کو جاتا ہوا (جیسے: a straight path to ruin) ۔ (مجازاً) بے لاگ ؛ بے ایچ پیچ ؛ صاف صاف ؛ دو ٹوک (جیسے: a straight talk) ؛ نیکوکار یا پارسا جیسے ایک خاتون ؛ درست یا بجا (استدلال) ؛ ٹھیک صورت یا حالت میں (جیسے: straight accounts) ؛ مسلسل یا غیر منقطع (جیسے: a straight flush in poker) ؛ پکا اور یقینی (جیسے: a straight republican) ؛ بلا ترمیم و تنسیخ (جیسے: a straight comedy) ۔ (بول چال) خالص ، بے آمیز (شراب) ؛ قابل اعتبار (خبر یا اطلاع) ۔ (اسم) سیدھی لکیر ؛ خط مستقیم (جیسے: a straight line) ؛ سیدھا ہونے کی حالت ؛ سیدھی شکل یا وضع ؛ موٹر دوڑ کے راستے کا وہ حصہ جہاں کوئی موڑ نہ ہو۔ (پوکر) مختلف رنگوں کے پانچ علی الترتیب پتے۔ (متعلق فعل) خط مستقیم میں ؛ بلا خم ، موڑ یا جھکاؤ کے (جیسے: to walk straight) ؛ سیدھی یا ہم وار شکل یا وضع میں (جیسے: to sit straight) ؛ کسی مقام تک براہ راست یا بالکل سیدھے (جیسے: to go straight to a place) ؛ راستے میں ادھر ادھر ہوئے بغیر۔ (مجازاً) کسی ایچ پیچ کے بغیر ؛ دیانت داری سے؛ باعزت یا نیکو کارانہ طریقے سے ؛ نیک نیتی سے (جیسے: to go straight)؛ تسلسل کے ساتھ (جیسے: to keep straight on) ؛ بلاتاخیر ؛ فوراً (بعد میں of لگاتے ہیں) ؛ بلا شرط و حیلہ (جیسے: selling cigars at ten cent straight) ۔ (عوامی) ایسے شخص سے متعلق جو پابند دستور ہو ، خصوصاً نشہ آور دوا کا عادی یا ہِپّی جو ہم جنسیہ نہ ہو۔

straightly, adv. سیدھے انداز سے۔

straightness, n. سیدھا پن ؛ مستقیم پن۔

straightish, a. سیدھا سا۔

straight angle, n. (جیومیٹری) زاویۂ مستقیم ؛ سیدھے درجے کا زاویہ۔

straight-arm, stiff-arm, v.t. (فٹ بال) بازو مضبوطی سے پھیلا کر مخالف کھلاڑی کو آگے بڑھنے سے روک دینا۔

straightaway, a. بالکل سیدھا ؛ بے خم و پیچ ؛ بلا موڑ ، جیسے گھڑ دوڑ ، کشتی رانی کا راستہ ۔ (اسم) گھڑ دوڑ کا بے خم و پیچ راستہ یا ایسے راستے پر دوڑ مقابلہ ؛ گھوڑ دوڑ کے راستے میں بالکل سیدھا کوئی حصہ ۔ (متعلق فعل) (بالخصوص برطانوی) فی الفور ، اسی وقت۔

straight chain, n. (کیمیا) ایٹموں (بیشتر کاربنی) کی ایسی لڑی جس میں سے اور لڑیاں یا شاخیں پھوٹی ہوئی نہ ہوں۔

straightedge, n. لکڑی، پلاسٹک یا دھات کا بالکل سیدھے کنارے والا ٹکڑا جس سے سطح کی ہمواری کا اندازہ لگایا جاتا ہے یا لکیریں کھینچی جاتی ہیں ؛ خط کش ؛ مسطر۔

straighten, v.t., v.i. سیدھا کرنا یا ہونا۔

straightener, n. سیدھا کرنے والا۔

straight face, n. سپاٹ،بے اظہار چہرہ؛ ایسا چہرہ جس پر کوئی علامت نہ ہو، بالخصوص مسرت کو چھپائے ہوئے۔

straight-faced, a. سپاٹ چہرے والا۔

straight forward, a., adv. راست رو ؛ غلط روی نہ کرنے والا ؛ دیانت دار ؛ صاف دل ؛ نیکو کار ؛ فریب سے خالی ؛ صاف گو۔

straightforwardly, straight forwards, adv. صاف صاف ؛ بے لاگ طریقے سے۔

straight forwardness, n. کھرا پن ؛ سیدھا سادھا ہونے کا عمل یا حالت ؛ صاف دلی ؛ راست روی ؛ صاف گوئی۔

straight-line, a. (مشین) سیدھی لکیروں والا ؛ اس مشین یا کل کے متعلق جس کے بڑے بڑے اجزا یا تو خط مستقیم پر ہوتے ہیں یا سیدھ میں کام کرتے ہیں ؛ ایسا وضع کردہ میکانی رابطہ جو حرکت یا بازگشت سیدھے خط میں کرتا رہے ؛ کسی معینہ عرصۂ زمانی میں ایک ہی انداز سے کم و بیش ہونے والا (جیسے: a straight line amortization)۔

straight man, n. مسخرہ ؛ کسی مزاحیہ کھیل میں دوسرے مزاح کار کو لقمے دینے والا اور اس کا ساتھی ؛ ذیلی مزاح کار ؛ بھانڈ۔

straight off, adv. فی الفور؛ فوری۔

straight-out, a. (بول چال) کٹر ؛ پکا ؛اٹل۔

straight razor, n. عام استرا ؛ فولاد کا استرا جس کا پھل سیدھا ہوتا ہے اور دستے میں بند ہو جاتا ہے۔

straight ticket, n. ایک ہی سیاسی جماعت کے تمام امیدواروں کو ڈالا گیا ووٹ ؛ نامزدگان کی وہ فہرست جس میں تمام امیدوار جماعت کے باقاعدہ رکن ہوتے ہیں۔

straightway, adv. فی الفور ؛ اسی وقت۔

strain, n. حسب نسب (جیسے: a man of noble strain) ؛ ہم سلف (خاندان، نسل ، ذات وغیرہ) ؛ موروثی یا طبعی افتاد یا خصوصیت یا میلان یا انداز، رنگ ، طبیعت (جیسے: to have a strain of melancholy)؛ قسم یا نوعیت؛لیکھ یا لکیر ؛ یکساں یا ایک ہی نسل یا قسم میں شمار ہونے والے جانوروں یا پودوں کا گروہ ؛ پالتو جانوروں کی کسی ایک اصل یا نسل سے پیدا کی گئی کوئی نئی (قدرے مختلف) نوع ؛ وہ کاشتہ پودے جو اپنی قسم

کے دوسرے پودوں سے کسی پہلو میں مختلف ہوں (مثلاً زیادہ پھل دینے والے ہوں)۔

strain, v.t. کسی ڈوری کو خوب زور لگا کر کھینچنا ؛ تاننا ؛ تناؤ پیدا کرنا ؛ بہت زور مارنا یا ڈالنا (جیسے: to strain every nerve to accomplish something) ؛ کھینچ کر یا زیادہ زور لگا کر توڑ دینا ، کمزور کر دینا یا نقصان پہنچانا ، جیسے کسی پٹھے یا نس کو ؛ بہت زیادہ دباؤ دے کر جسم یا ساخت میں کوئی عملی نقص پیدا کر دینا ؛ کسی چیز کے اندر کوئی میکانی نقص پیدا کر دینا ۔ (مجازاً) حد سے تجاوز کرنا (جیسے: to strain one's authority) ؛ چادر سے زیادہ پاؤں پھیلانے کی کوشش کرنا ؛ اپنے وسائل یا ساکھ پر بساط سے زیادہ دباؤ ڈالنا ؛ آغوش میں یا ہاتھ میں لے کر خوب زور سے دبانا ؛ کسی گاڑھی شے کو کسی چھلنی ، جالی یا کپڑے میں سے گزارنا تاکہ گاڑھے یا ٹھوس اجزا سے صاف سیال علیحدہ ہو جائے ؛ چھاننا ۔ (فعل لازم) کھینچنے والی طاقت استعمال کرنا ؛ کسی چیز کو کھینچنے کے لیے زور لگانا (جیسے: a dog straining at a leash) ۔ (مجازاً) کترانا (جیسے: to strain at doing unpleasant chore) ؛ بہت زیادہ ذہنی یا جسمانی تگ و دو کرنا ؛ دباؤ یا تناؤ کا شکار ہونا ؛ کچھاؤ سے تکلیف اٹھانا جیسے پٹھے یا رگ کے چڑھ جانے سے ۔ (اسم) کھچاؤ ؛ تناؤ ؛ دباؤ ؛ زور سے کھینچنے یا دباؤ ڈالنے کا عمل یا اس عمل سے کسی پٹھے ، رگ یا عصبے وغیرہ کا ماؤف پن ؛ کسی شے یا ساخت میں دباؤ ڈالنے یا پڑنے سے پیدا ہونے والا بگاڑ ۔ (میکانیات) کسی مکانی دباؤ سے کسی شے کی بد ہیئتی ؛ عضلاتی یا بدنی سخت کوشی ؛ کسی قسم کی شدید تگ و دو ؛ توانائی ، وسائل ، احساسات ، کرداری خائص پر ہونے والا شدید تقاضا یا بوجھ (جیسے: a strain on one's pocketbook credulity or good nature) ؛ کوئی سی صورتِ حال جو ایسا تقاضا کرے ؛ کوئی نغمہ ، دھن یا گیت ؛ کوئی منظوم ٹکڑا یا بند ؛ روانی و سیل زبان ؛ فصاحت ؛ اسلوب ؛ پیرایہ و جذبۂ اظہار ۔

strainer, n. چھلنی ؛ چھاننے والا شخص یا شے بالخصوص مقطار (فلٹر) ؛ چھلنی یا کپڑا جو سیال چیزوں کو چھانے ؛ چیزوں کو پھیلانے یا کسنے کے لیے بنائی ہوئی کوئی چیز ۔

strainometer, n. کشید پیما ۔ دیکھیے : Extensometer ۔

strait, n. آبنائے ؛ پانی کے دو بڑے قطعات کو ملانے والا ؛ پانی کی ایک پتلی سی گزر گاہ ۔ (اکثر جمع) احتیاج یا مشکل ؛ کٹھنائی (جیسے: in desperate strait) ۔ (صفت) معیار میں سختی کرنے والا ؛ محدود گنجایش والا ۔

straitly, adv. مشکل سے ؛ سخت گیری سے ۔

straitness, n. سختی ؛ تنگی ۔

straiten, v.t. جکڑ دینا ؛ سکیڑنا ؛ محدود کرنا ؛ حد بند کرنا ؛ تنگ کر دینا ؛ تنگ دستی یا ضرورت کے دباؤ میں لے آنا ؛ مالی دشواریوں میں ڈال دینا ۔

strait jacket, n. جکڑ جیکٹ ؛ متشدد ہیجانی لوگوں کو پہنائی جانے والی جیکٹ یا کوٹ جس میں بازو جکڑ دیے جاتے تھے یا پھر ان کی بڑی بڑی آستینوں میں قابو کر دیئے جاتے تھے (آگے سے باندھ کر) ۔

strait-jacket, v.t. ہاتھوں کو جیکٹ میں یا آستینوں میں جکڑ دینا ۔

strait-laced, a. طور طریقوں میں سخت ؛ حد سے زیادہ معروف و منکر کا خیال رکھنے والا ؛ ضابطہ پرست ؛ سخت گیر ۔

strait lacedly, adv. سختی پن سے ؛ ضابطہ پرستی سے ۔

strait lacedness, n. سخت گیری (اصولوں میں) ؛ ضابطہ پرستی ۔

strake, n. (جہازرانی) وہ تختے یا پترے جو جہاز کی اطراف میں آگے سے پیچھے تک مسلسل جڑے ہوتے ہیں ۔

stramonium, n. دھتورا ، اس کے خشک کٹے ہوئے پتوں سے حاصل کردہ قلوی مواد ، جو بطور منشیات اور دمہ کے تدارک میں استعمال ہوتا ہے ۔

strand, n. کنار آب ؛ ساحل ؛ وہ زمین جو سمندر یا پانی کے کسی دوسرے بڑے قطعے کے کنارے پر ہو ؛ وہ ساحلی حصہ جہاں تک سمندر کا پانی حالت مد میں چڑھ آتا ہے (اس حصے سے لے کر جہاں تک وہ حالت جذر میں سمٹ جاتا ہے) ۔ (فعل متعدی) کسی چیز کو (جیسے جہاز یا مچھلیاں) ساحل زمین پر لے آنا یا چھوڑ دینا ؛ بے چارگی و بے کسی کی حالت میں چھوڑ دیا جانا (عموماً مجہولی صورت میں) ۔ (فعل لازم) کنارے جا لگنا یا چڑھ جانا ؛ مصیبتوں میں گرفتار ہو جانا ۔

strand, n. لچھی ؛ لڑ یا لڑی ؛ سوت یا دھاگوں کی باہم بٹی ہوئی لڑی جو دوسری ایسی ہی لڑیوں کے ساتھ مل کر رسے یا ڈوری کی صورت اختیار کر لیتی ہے (جیسے: a rope of three strands) ؛ اسی طرح کی لڑی یا لڑی رسہ ؛ پشم ؛ دھاگا ؛ بال ؛ ریشہ ؛ موتیوں یا منکوں کی لڑی ۔ (فعل متعدی) لڑی لڑی کرنا ؛ لڑ کھولنا یا لڑیوں کو ملا کر بٹنا ۔

strand line, n. کسی جھیل یا سمندر اور اس کے ساحل کے درمیان کی حد فاصل یعنی وہ جگہ جہاں تک پانی کبھی نہ کبھی چڑھ آیا ہو ؛ خط ساحل ؛ خط آب ۔

strange, a. غیر مانوس ؛ اجنبی ؛ عجیب سا یا انجانا ؛ نیا یا عجیب لگنے والا (جیسے: a strange place) ؛ انوکھا ، غیرمعمولی یا عجیب (جیسے: a strange accident) ؛ حیرت انگیز ؛ ناقابل یقین ؛ خلافِ عادت یا خلافِ تجربہ ۔

strangely, adv. انوکھے یا عجیب طریقے سے ۔

strangeness, n. انوکھا پن یا نرالاپن ؛ اجنبیت ۔

strange particle, n. (طبیعیات) مَیسون اور ہائیرون میں سے کوئی ایک جن میں بعض ایسے خواص پائے جاتے ہیں جو معروف ایٹمی نظریات کے مطابق نہیں ہیں یا جن کی ابھی تک مکمل طور پر توثیق نہیں ہو سکی ، جیسے یہ کہ ان کا عرصۂ حیات دوسروں سے زیادہ ہے ۔

stranger, n. اجنبی ؛ بیرونی ؛ پردیسی ؛ غیر ملکی ؛ نووارد (اس لیے ابھی غیر معروف) ؛ ناشناسا یا جس کے نام اور کردار و خصوصیات سے ناواقفیت ہو ؛ جس سے جان پہچان نہ ہو ؛ جس سے نہ ابھی تک تعارف ہوا ہو اور نہ ملاقات ؛ وہ شخص جس سے ابھی تک کوئی ذاتی تعلقات قائم نہ ہوئے ہوں ؛ باہر کا خاندان، معاشرے یا کسی مشترکہ جماعت کے حوالے سے ؛ ملاقاتی یا مہمان جس کا گھر سے تعلق نہ ہو ؛ جس کے لیے کوئی کام یا وہ کسی کام کے لیے نیا ہو (جیسے: a stranger to hand work) ۔ (قانون) کسی کام یا کارروائی سے جس کا کوئی تعلق نہ ہو ۔

strangerlike, a. اجنبی سا ۔

strangle, v.t. گلا گھونٹ کر مار دینا ؛ ٹینٹوا دبانا ۔ (مجازاً) دبانا ؛ دم گھونٹ دینا ۔ (فعل لازم) گلا گھونٹے جانے سے مر جانا ؛ دم کشی سے مر جانا ۔

strangler, n. گلا گھونٹ دینے والا ۔

strangle hold, n. (کُشتی) مخالف کا گلا دبانے کا داؤ جس کی اجازت نہیں ہوتی ۔ (مجازاً) کوئی ایسا دباؤ جس سے ترقی یا آزادئ عمل متأثر ہو ۔

strangles, n. (بیطاری امراضیات) گھوڑوں کے نتھنوں کی سوزش (جس سے سانس لینا دشوار ہو جاتا ہے اور جو بعد میں آنکھوں کو بھی متأثر کرتی ہے) ؛ گھوڑوں کا زکام ۔

strangulation, n. گلا گھونٹنے کا عمل ؛ دم گھٹنے ہونے کی حالت ۔ (امراضیات) اختناق ؛ بدن کی کسی نالی یا گزر کے سکڑ جانے کی حالت جیسے فتق میں آنت ؛ خنق ۔

strangulate, v.t., v.i. گلا گھونٹنا ۔

strangury, n. (امراضیات) تقاطر البول ؛ عسر البول ؛ تکلیف کے ساتھ پیشاب کا قطرہ قطرہ گر جانے کا عارضہ (نالی کے سکڑنے کے باعث) ۔

strap, n. چمڑے کی پٹی ، تسمہ ، کوئی ایسی چیز جس سے باندھنے ، سنبھالے رکھنے وغیرہ کا کام لیا جاتا ہو اور جس کے ساتھ بکسوا لگا ہوا ہو ؛ تختی ، پٹی یا دھات کا تسمہ جو دوسرے حصوں کو جوڑنے کے لیے استعمال کیا جائے ؛ پٹاس (استرا تیز کرنے کے لیے) ؛ بس میں چمڑے وغیرہ کا وہ حلقہ یا چھلا جسے کھڑے مسافر پکڑے رہتے ہیں ؛ قلابے کا قبضہ ۔ (فعل متعدی) چمڑے وغیرہ کے ایسے تسمے سے مارنا (سزا دینا) یا باندھنا وغیرہ ؛ استرا تیز کرنا (پٹاس پر لگا کر) ؛ کمی پیدا کر دینا یا محسوس کرنا (جیسے: strapped for cash) ۔

strapless, a. بے تسمہ ؛ بے بند ؛فیتے بغیر۔

strapper, n. لمبا تڑنگا آدمی ۔

straphanger, n. (بول چال) کسی بس یا سواری میں کھڑا وہ مسافر جس کو سہارے کے لیے بالائی حلقے کو پکڑنا پڑے ۔

strappado, n. قدیم دور کی ایک سزا ، اس میں ملزم کے ہاتھ پچھلی جانب باندھ دیے جاتے اور اس کے بازوؤں میں رسے ڈال کر زورسے کھینچتے ہوئے یوں یک دم رسوں کو چھوڑتے کہ وہ گر پڑتا ، بعد میں اس مقصد کے لیے ایک مشین ایجاد ہوئی جو اس نام سے موسوم ہے ۔

strapping, a. (بول چال) تنومند ؛ توانا ؛ جسم جان والا ۔

strass, n. ایک قسم کا چقماقی شیشہ جس سے مصنوعی جواہرات بنائے جاتے ہیں ۔

stratagem, n. حربی تزویر ؛ ہوشیار سپہ سالاری کی مثال ؛ جنگی حکمت عملی یااس کا کامیاب اظہار ۔ (مجازاً) مفاد حاصل کرنے کے لیے اختیار کی گئی کوئی چال ؛ فریب ؛ حیلہ ۔

strategic, strategical, a. تزویراتی ؛ حکمت عملی سے متعلق یا اس کا انداز لیے ہوئے یا اس کی خصوصیت والا (والی) یا اس پہلو سے اہم (جیسے: strategic maneuvers) ۔

strategically, adv. حکمت عملی کے طور پر؛ تزویراتی انداز سے ۔

strategics, n. دیکھیے: strategy ۔

strategy, n. (عسکری) تزویرات ؛ فن حرب اور اس پر عمل درآمد کا علم ، جنگی حربوں سے ممتاز ؛ کسی منصوبے کو چلانے میں برتی جانے والی دانشمندی اور ہنر مندی ؛ کسی مقصد کو حاصل کرنے کی تدبیر ، حکمت یا چال ۔

strategist, n. تزویر کار ۔

strath, n. (اسکاٹ لینڈ) وسیع گھاٹی یا وادی ، بالخصوص جس میں سے دریا گزرتا ہو ؛ اکثر جگہوں کے ناموں میں مستعمل ہے (جیسے: strathspey, Sirath-dom) ۔

straticulate, a. (ارضیات) طبق در طبق ؛ پرت درپرت ۔

straticulation, n. طبق بندی ۔

stratification, n. (ارضیات) طبقہ بندی ؛ طبقات سازی یا ان کی ترتیب یا طبقات بند ہونے کی حالت یا سلسلہ کاری ۔ (عمرانیات) آمدنی ، تمدن یا دیگر خصائص کے حوالے سے معاشرے کی درجہ بندی ؛ طبق بندی ۔

stratiform, a. طبقہ بندی کے لحاظ سے ؛ یکساں متوازی، ہم مرکز پرتوں کی صورت میں ؛ طبقہ صورت یا طبقی ۔ (ارضیات) وہ چٹانی پھیلاؤ جو طبق در طبق ہو یا سلسلہ وار پرتوں کی صورت میں ہو ۔ (تشریح الاعضا ، طِب) پرت پرت ؛ طبق طبق (جیسے: stratiform cartilage or strati form stab culture) ۔ (موسمیات) تہ بہ تہ بادلوں سے مشابہ یا ان کی خصوصیت لیے ہوئے ۔

stratify, v.t. (ارضیات) طبق طبق یا پرت پرت کرنا (زیر زمینی مواد کو) ؛ بیجوں کو سنبھالنے کے لیے درجہ بدرجہ ترتیب دینا یا رکھنا ۔ (عمرانیات) معاشرتی لحاظ کے مطابق معاشرے کی طبقہ بندی کرنا ۔ (فعل لازم) طبق طبق ہو جانا یا ترتیب پانا یا منقسم ہو جانا ۔

stratigraphy, n. طبقات شناسی ؛ ارضیات کی وہ شاخ جو ترتیب و ماہیتِ طبقات ارضی سے تعلق رکھتی ہے ۔

stratigrapher, n. ماہرِ طبقات شناسی ؛ طبقات شناس ۔

stratigraphic, stratigraphical, a. طبقات شناسانہ ۔

stratigraphically, adv. طبقات شناسی کے طور پر ۔

stratocracy, n. عسکر شاہی ؛ وہ نظام حکومت جس میں فوج حکمرانی کے اختیار رکھتی ہے ۔

stratocratic, a. عسکری حکومت کا حامی ؛ عسکر شاہی سے متعلق ۔

stratocumulus, n. طبق تودہ ابر ؛ بڑے بڑے کالے گول تودوں والا بادل جو آٹھ ہزار فٹ سے کم بلند ہوتا ہے اور ہر طرف چھا جاتا ہے ۔

stratosphere, n. کُرۂ قائمہ ؛ کُرۂ ہوائی کا سطح زمین سے سات میل کے قریب بلندی پر وہ طبق جس میں درجۂ حرارت تقریباً یکساں رہتا ہے ، یہ طبق کُرۂ اول اور کُرۂ ثالث کے درمیان ہے ۔

stratospheric, a. کرہ قائمہ کے متعلق ۔

stratum, n. کسی (ایک طرح کے) مواد کا طبق (طبعی یا مصنوعی) یا ایسے طبقات میں سے ایک ۔ (مجازاً) لوگوں کا مالی ، تہذیبی ، تعلیمی یا دیگر مخصوص حوالوں سے نمایاں طبقہ ۔ (ارضیات) ایک قسم کی گار کی بنی ہوئی چٹانوں یا مٹی کے وہ پرت جن کا ہر طبق اپنی تشکیل کے کسی معین دور کا پتا دیتا ہے ۔ (حیاتیات) ریشوں کی تہ ؛ ورقہ ۔

stratus, n. نچلی سمت کا گھنا افقاً پھیلا ہوا بادل ۔

straw, n. بھوسا ؛ پیال ؛ بعض اناجوں کے بودوں کا تنایا ڈنٹھل ؛ مجموعی طور پر ایسے کٹے اور کچلے ہوئے ڈنٹھل ؛ ایسے تنے کا چھلکا یا مصنوعی چھلکا جس سے ٹوکری یا ٹوپی وغیرہ بُنی/ بنائی جاتی ہے ۔ (مجازاً) تنکے جیسا حقیر یا بے وقعت (جیسے: I don't

care a straw) ؛ کسی شے کی بنی ہوئی نلکی (مشروب پینے کے لیے) ۔ (صفت) تنکے کا یا اس سے بنا ہوا یا مشابہ یا اس کی طرح زرد ؛ بے کار ؛ فضول ۔

strawy, a. پیال کا ؛ پیال کی قسم کا ۔

strawberry, n. توت فرنگی ؛ ایک پودا اور اس کا پھل جو رسیلا اور خوردنی ہوتا ہے ؛ اسٹرابیری ۔

strawberry bush, n. شمالی امریکا کی ایک جھاڑی جس میں گہرے سرخ رنگ کا پھل اور اس میں نارنجی مائل سرخ رنگ کا تخم پوش ہوتا ہے ۔

strawberry mark, n. سرخ سا اُبھرا ہوا پیدائشی مسّا ۔

straw berry roan, n. بُھوری کھال میں سفید سفید بُندکیوں والا گھوڑا، چتکبرا گھوڑا ۔

strawberry shrub, n. ایک قسم کی کاشتنی جھاڑی جس کے پھول گہرے بادامی رنگ کے یا ارغوانی مائل سرخ اور منفرد خوشبو والے ہوتے ہیں ۔

strawberry tomato, n. ٹماٹر کی طرح کا ایک چھوٹا سا خور نی پھل جو عنب الثعلب (مکو) کی قسم کے ایک پودے پر لگتا ہے ؛ اس کا پودا ۔

strawberry tree, n. جنوبی یورپ کا ایک سدابہار درخت جس پر نارنجی مائل سرخ بیر سے لگتے ہیں ۔

straw board, n. گتہ ؛ موٹا پٹّھا ؛ بورڈ ؛ بھوسے سے بنا ہوا کاغذی موٹا گتہ جس سے ڈبے بناتے ہیں یا اسے جلد سازی میں استعمال کرتے ہیں ۔

straw boss, n. (بول چال) کسی بڑے کارندے یا نگران کا وہ نائب جس کا کارکنوں میں کوئی منصب یا کوئی اختیار تو نہ ہو لیکن وہ نگرانی میں مدد کرتا ہو ۔

straw flower, n. ایک قسم کا سدابہار پھول جس کے پتے لمبے اور مخروطی اور پھول زرد ، سرخ ، نارنجی یا سفید ہوتے ہیں

strawhat theater, n. وہ (گشتی) تھیٹر جو عموماً وقتی طور پر شامیانوں میں اور چھوٹے شہروں میں دکھایا جاتا ہے ؛ منڈوا ؛ نوٹنکی ۔

straw man, n. کٹھ پتلی ؛ بُھوسے کا بنا ہوا انسانی پیکر ؛ وہ شخص جسے کسی اور شخص کی سرگرمیوں پر پردہ ڈالنے کے لیے پیش کیا گیا ہو ؛ جھوٹا گواہ ؛ کمزور حریف یا دلیل (جس کا توڑ آسان ہو) ۔

straw vote, n. غیر سرکاری رائے شماری جس سے محض یہ اندازہ لگانا ہوتا ہے کہ کسی معاملے میں رُجحان غالب کدھر ہے یا امیدوار کتنے پانی میں ہے ۔

straw wine, n. ان انگوروں کی میٹھی شراب جن کو ادھ پکی حالت میں اتار کر پیال پر بچھا کر سکھایا گیا ہو ۔

strawworm, n. اناجی پودوں کو لگ جانے والا کیڑا (یہ عموماً تنے کو لگتا ہے اور کئی قسموں کا ہوتا ہے) ؛ کیڈس کیڑا ۔

stray, v.i. آوارہ گردی کرنا ؛ ہرزہ گردی کرنا ؛ بہک جانا ؛ بھٹک جانا ؛ اصل ٹھکانے یا موضوع سے ادھر ادھر ہو جانا ۔ (صفت) بھٹکا ہوا ؛ واقعاتی ۔

stray, n. آوارہ پالتو جانور یا گم شدہ پالتو جانور ؛ وہ شخص یا جانور جس کا کوئی پرسان حال نہ ہو ؛ آوارگی ۔ (قانون) لاوارث پالتو جانور ۔ (ریڈیو) وہ نشری آوازیں یا لہریں جو کسی نشریے میں داخل ہو کر خلل پیدا کر دیتی ہیں ۔

strayer, n. آوارہ گرد ؛ گم ہونے والا ۔

streak, n. کوئی سا قدرے لمبا ، پتلا ، بے ترتیبا سا نشان یا داغ یا اسی قسم کی کوئی پٹی یا دھاری یا کترن ؛ کسی چیز کا لمبا بے ترتیب سا کوئی حصہ یا پرت جو اپنے رنگ یا اپنی ماہیت کے لحاظ سے بقیہ حصے سے مختلف نظر آ رہا ہو (جیسے: a streak of fat in lean meat) ؛ کسی چیز کی کسی اور چیز میں کسی قدر چاشنی ، آمیزش یا موجودگی (جیسے: a streak of humor) ۔ (بول چال) دَور ؛ سماں (جیسے: a streak of hard luck) ۔ (معدنیات) رنگ دار سفوف کی وہ دھاری جو عموماً آس پاس کے تودۂ سنگ سے مختلف ہوتی ہے اور بڑے اہم امتیازی وصف کا کام دیتی ہے (اسے کُھرچ کر یا کسی سخت اور کُھردری چیز پر رگڑ کر حاصل کیا جاتا ہے) ۔ (جرثومیات) کسی نمو پذیر واسطے میں بکٹیریا یا وائرس کی آلایش ۔ (فعل متعدی) دھاری یا دھاریاں سی بنا دینا ۔ (فعل لازم) دھاری پڑ جانا یا دھاری دار ہو جانا ؛ دھاری کی طرح چمکنا یا کوند جانا ، جیسے آسمانی بجلی ۔

streaky, a. دھاری دھاری ؛ دھاری دار یا دھاریوں سے مزین ؛ اپنے کسی وصف یا چلن میں غیر یکساں ۔

streakily, adv. دھاریوں کے ساتھ ۔

streakiness, n. دھاری دار پن ۔

stream, n. ندی ؛ چشمہ ؛ نالہ یا بہتے ہوئے پانی کا راستہ ؛ دریا ؛ کسی سیال شے کا پُرزور بہاؤ ؛ ہوا ، گیس یا روشنی کی موج رواں ؛ دریا یا سمندر میں ایک انداز سے اٹھتی ہوئی رو (جیسے : The Gulf Stream) ؛ کسی چیز کا سیلاب (جیسے : streem of words) ؛ بہت سے افراد کا یکساں اور ایک ہی رفتار سے بغیر وقفے کے بڑھتا ہُوا جلوس ؛ عوام کا غالب رجحان (جیسے: stream of public opinion) ۔ (فعل لازم) ندی بن کر بہ نکلنا ؛ مسلسل رواں دواں رہنا یا جاری رہنا ؛ دھاریوں یا کرنوں کی طرح پھوٹ پڑنا ؛ لمبی قطار سی بن جانا ؛ ہوا میں پوری لمبائی تک پھیل جانا ۔ (فعل متعدی) رو سی پیدا کر دینا یا رَو کی طرح چلا دینا ؛ پوری لمبائی تک پھیلا دینا یا لہرا دینا (پرچم کو) ۔

streaming, n. ندی سازی ۔

streamer, n. لہرانے ، بہنے والی کوئی چیز ؛ جھنڈی ؛ پرچم ؛ افق سے اوپر کو چھوٹتی ہوئی روشنی کی دھار (جیسی کہ قطبین پر سے چھوٹتی ہوئی مختلف شکلوں میں دکھائی دیتی ہے) ۔

streamlet, n. جھرنا ؛ چھوٹی ندی ؛ جُو ؛ نہیر ۔

streamline, n. دھارا ؛ سیل ؛ رَو ؛ کسی تیز رفتار شے کی وہ بناوٹ جس سے اس پر ہوا یا سیال کے رخ کی مزاحمت میں کمی پیدا ہو جاتی ہے (جیسا کہ کشتی یا طیارے یا جہاز کی بناوٹ سے) ؛ ہوا یا پانی کی رو کا قدرتی گزر ۔ (طبیعیات) رُخ آب یا ہوا ؛ وہ راستہ جسے سیال کی ایک خفیف مقدار کسی ٹھوس شے کے گرد ، کسی گرداب یا بھنور کے بغیر اختیار کرتی ہے ۔

streamlined, n. دھارے کی خصوصیت والا ؛ نرم رو (جیسے: a streamlined method of operation) ؛ مزاحمت یا رکاوٹ پیدا

کرنے والے اسباب سے پاک (جیسے: a streamlined chassis) ۔

streamline, v.t. مزاحمت کو روکنے والی شکل دینا ؛ بہاؤ میں رکاوٹ ڈالنے والی چیزوں کو ہٹا کر ہمواری پیدا کرنا ؛ زیادہ موثر اور بہتر کارکردگی کے لیے کوئی ترمیم ، تنسیخ کرنا یا آسانی پیدا کرنا ؛ جدت پیدا کرنا یا جدید تقاضوں کے مطابق کرنا؛ زیادہ مؤثر بنانا ۔

streamline flow, n. (طبیعیات) سیال وغیرہ کا کسی شے کے پاس سے گزرتے ہوئے ہموار اور نسبتاً یکساں حال پر رہنا ۔ بمقابلہ : turbulent flow ۔

streamliner, n. تیز رو ٹرین ؛ تیز رفتار بنائی گئی ٹرین ؛ کوئی شے جسے تیز روی کے لیے مناسب طور پر بنایا گیا ہو۔

stream-of-consciousness, a. شعور کی رَو ؛ ایک ادبی اسلوب سے متعلق جس میں پلاٹ اور کردار کو کردار کے ادراکات ، محسوسات اور دوسرے فکری انداز سے پیش کیا جاتا ہے لیکن روایتی ترتیب کی پابندی نہیں کی جاتی ۔

street, n. شاہ راہ ؛ سڑک ؛ طریق عمومی ؛ گلی ؛ شہر کی وہ راہ گزر جس کے دونوں طرف عمارتیں ہوں یا محض ایک طرف اور وہ شارع عام ہو (بمقابلہ کسی بند کوچہ یا بندگلی کے) ؛ ایسی گزرگاہ مع دو رویہ مکانات یا دوسری عمارتوں اور کھلے مقامات کے؛ سڑک پر رہنے والے لوگ (جیسے: the whole street contributed) ۔ (بڑے S سے) شہر کا کوئی علاقہ جو کسی نام یا کام سے منسوب ہو (جیسے : wall street ، اس سے پہلے عموماً the لگاتے ہیں)۔(صفت) باہر نکلنے کے لیے غیر رسمی طور پر پہنی جا سکنے والی (شے)

street Arab, n. کوچہ گرد ، بے گھر ، بے یار و مددگار گلیوں میں پھرتے رہنے والا بچّہ ؛ کس مپرس انسان ۔

streetcar, n. ٹرام ؛ بجلی سے پٹڑی پر شہر کے اندر چلنے والی مسافر گاڑی ۔

street railway, n. سڑک ریل ؛ وہ ریل جو شہر کے اندر سڑک پر چل رہی ہو ؛ ایسی ریل یا بس چلانے والی کمپنی۔

street theater, n. گشتی ناٹک ؛ مختصر تمثیلیں یا خاموش ناٹک جو شارع عام یا پارکوں میں پیش کیے جاتے ہیں اور جن کا کسی تنظیم یا کمپنی سے تعلق نہیں ہوتا ۔

street virus, n. طاقتور وائرس جو اپنی حالت طبعی میں ہو اور لیبارٹری کے مصنوعی ماحول نے جسے کمزور نہ کیا ہو۔

streetwalker, n. گشتی ؛ گھوم پھر کر لوگوں کو دام میں لانے والی فاحشہ ۔

streetwalking, n. فحش کاری کے لیے پھرنے کا عمل ؛ گشتی پن ۔

strength, n. طاقت ؛ قوت ؛ زور ؛ پشت پناہی ؛ طاقت ور ہونے کی حالت یا جبلّی استعداد ؛ بغیر شکست تسلیم کیے، پسپا ہوئے اپنی قوت کا اظہار کرنے کی صلاحیت ؛ مضبوطی (جیسے: strength of bone and muscle) ؛ کسی قسم کی توانائی ، زور یا طاقت ؛ سعی کی استعداد (جیسے: strength of mind, memory, evidence, agrument or affection) ؛ حملہ ، دباؤ یا بگاڑ کی مزاحمت کرنے کی قوت ؛ جس پر اعتماد یا بھروسا کیا جا سکے (جیسے: on the strength of: encouragement or logic) ؛ مدد یا حمایت ؛ پشت پناہی ؛ زوربیان ؛ چمک ، جیسے روشنی یا رنگ کی ؛ آواز یا خوشبو کی شدت ؛ تیزی یا زود اثری (جیسے : the strength of wine) ؛ قانونی یا اخلاقی قوت یا اثر انگیزی ؛ قوت جو ناپی جاسکے یا اعداد میں ظاہر کی جاسکے (جیسے : the organisation is up to its full strength) ؛ قوت جو حرکت سے پیدا ہو (جیسے: on the strength of momentum) ؛ قیمت کے معیار میں استحکام یا اضافے کا رجحان جیسے دلالی میں ۔

strengthen, v.t. مضبوط کرنا ؛ طاقت میں اضافہ کرنا ؛ پختہ کر دینا ؛ ثابت قدم کر دینا ؛ زیادہ بڑا بنا دینا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ مستحکم کر دینا ؛ شدت میں اضافہ کرنا ۔ (فعل لازم) مضبوط یا مضبوط تر ہونا ۔

strengthener, n. قوی یا مضبوط کرنے والا۔

strengthless, a. بے طاقت ؛ کمزور۔

strengthlessness, n. بے طاقتی ؛ بودا پن؛کمزوری ۔

strenuous, a. مستعد ؛ پُر جوش ؛ سرگرم ؛ دل لگا کر کام کرنے والا ؛ توانا ؛ ہمتی ؛ جفا طلب ؛ جفاکش ۔

strenuously, adv. جفاکشی سے؛ ہمت سے ۔

stranuousness, n. مستعدی ؛ جفاکشی ۔

strep, a. دیکھیے : streptococcal ۔

strep throat, n. گلے کی ایک متعدی بیماری جو ''اسٹریپٹوکوکس'' سے پیدا ہوتی ہے ۔

streptobacillus, n. ایک بکٹیریا جو لڑیوں کی صورت میں پایا جاتا ہے ملاخ نما شکل کا آکسیجن گریز، مرض انگیز اور طفیلی)۔

streptococcus, n. زنجیری نبقہ ؛ ایک قسم کا بیضوی یا گول بکٹیریا ، یہ جوڑوں کی شکل میں یا لمبی زنجیر کی صورت میں پایا جاتاہے ، اسکی بے حرکت اور گرام مثبت اقسام صرف ایک ہی سطح پر منقسم ہوتی ہیں (بشمول ان کے جو انسانوں میں مرض پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں) ؛ اسٹریپٹوکوکس ۔

streptococcal, streptococcic, a. زنجیری نبقی ۔

streptokinase, n. (علم ادویہ) ایک خامرہ جو بعض اسٹریپٹو کو کسی فعل جراثیم میں موجود ہوتا ہے ، اسے خون کی پھٹکیوں اور ریسے دار مواد کی توڑ پھوڑ میں استعمال کیا جاتا ہے (تجزیۂ کاری کے سلسلے میں)۔

streptomyces, n. (جرثومیات) ایک ارضی خردنامیوں کا گروپ جس میں سے بعض اس لیے کاشت کیے جاتے ہیں کہ وہ ضد نامی یا ضد حیوی مواد پیدا کرتے ہیں ،جو دافع امراض ادویات میں استعمال ہوتا ہے ۔

streptomycin, n. (علم ادویہ) ایک ضدنامیہ جو ارضی پھپھوندی سے حاصل ہوتا ہے اور تپ دق میں بالخصوص مفید سمجھا جاتا ہے ؛اسٹرپیٹو مائسین ۔

streptothricin, n. ایک قسم کا ضد نامیہ جو ایک ارضی پھپھوندی (بالائی سے مختلف) سے حاصل ہوتا ہے ۔

stress, n. دباؤ؛ شدت ؛ زور ؛ ذہنی دباؤ ؛ قدرتی طاقت سے دباؤ ، زوریا دھکیل ۔ (میکانیات) وہ قوت جو دباؤ ڈال کر یا تناؤ پیدا کرکے کسی ٹھوس شے کی شکل یا اس کے ابعاد میں تبدیلی پیدا کر دے ؛ ایسی دباؤ قوتوں کے خلاف ٹھوس شے کی مزاحمت سے ظاہر ہونے والی دباؤ کی شدت کی مقدار ؛ کوئی بات جو ذہنی یا جذباتی دباؤ کا باعث بنے ؛ اس صورت حال سے پیدا ہونے والی ذہنی اور جسمانی کیفیت ؛ کسی چیز کو دی جانے والی اہمیت (جیسے: to lay stress on certain facts) ۔ (صوتیات) کسی لفظ یا اس کے کسی رکن

پر بولتے ہوئے ڈالا گیا زور ۔ (عروض) وہ زور جس سے وزن اور بحر کی وضاحت ہوتی ہو ؛ تاکید ۔ (فعل متعدی) زور دینا (کسی لفظ ، خیال ، سُر وغیرہ پر) ؛ تاکید ڈالنا ؛ دباؤ ڈالنا (جسمانی یا میکانی ، جذباتی طریقے سے) یا ایسے دباؤ کو قبول کرانا ۔

stressful, a. تاکیدی ؛ پُرزور ؛ دباؤ والا ۔

stressfully, adv. تاکیدی طور پر ؛ پُرزور طریقے سے ؛ دباؤ ڈالتے ہوئے ۔

stressless, a. بے زور ؛ بے تاکید ۔

stresslessness, n. بے زوری ؛ بے تاکیدی ۔

stretch, v.t. زور لگا کر پھیلانا یا پھلانا ؛ زور سے کھینچنا ، کسنا ؛ ہر طرف سے پوری طرح پھیلا دینا (بعد میں out لگاتے ہیں) ؛ معمول کے حجم یا حدود سے باہر پھیلا دینا (جیسے: stretch one's patience) ؛ ایک کھمبے سے دُوسرے تک تار کو کھینچ لے جانا ؛ معمول کی حد سے آگے تک لے جانا (جیسے: to stretch one's patience) ، پھلانا یا بڑھانا جیسے تار کو ایک کھمبے سے دوسرے تک ؛ آگے بڑھانا یا پھیلانا بعد میں out لگاتے ہیں (جیسے: to stretch out a hand) ؛ ملاوٹ کرکے زیادہ بنانا (جیسے : to stretch the soup by adding water) ؛ مزید زور لگانا یا کوشش کرنا (جیسے: to stretch one self to win) ۔ (فعل لازم) لمبائی یا چوڑائی میں زیادہ پھیل جانا ؛ ٹوٹے بغیر پھیل جانا ؛ بڑھ یا پھیل کر کسی رقبے کے آرپار ہو جانا ؛ کسی عرصۂ زمانی یا مکانی تک پھیل جانا ؛ کسی کا اپنے بدن کو پوری طرح پھیلا دینا (بعد میں out آتا ہے) ؛ انگڑائی لینا تاکہ جکڑے ہوئے رگ پٹھوں کو سکون مل سکے ؛ بڑھی ہوئی ضروریات کے لیے کافی ہو جانا (جیسے: a budget stretching to cover expenses) ۔ (اسم) پھیلاؤ ؛ لچک ؛ پہنائی یا وسعت (وقت، سڑک ، پانی وغیرہ کی) ؛ کسی چیز کی انتہائی حد یا وسعت ۔ (گھڑ دوڑ) گھڑ دوڑ راستے کا بے موڑ حصہ ۔ (عوامی) جیل میں قید کا عرصہ ۔ (بول چال) کھیل کا تیز یا دھیما دور (جیسے: the seventh inning stretch at a baseball game) ۔

stretchability, n. لچک پذیری ؛ کھینچنے یا پھیلنے کی صلاحیت ۔

stretchable, a. لچک پذیر ؛ کچھاؤ یا پھیلاؤ کے لائق ۔

stretcher, n. وہ شخص یا شے جو کھینچتی ہے ،بالخصوص وہ طریقہ یا مشین جس سے کھینچا جائے ؛ ڈولی ؛ اسٹریچر (کینوس لگی ہوئی ایک قسم کی ڈولی جس پر کسی مریض ، معذور یا مردے کو ڈال کر لے جایا جاتا ہے) ؛ وہ چوکھٹا جس پر پینٹنگ بنانے کے لیے کینوس کسا جاتا ہے ۔(نجاری) چوکھٹے میں لگی ہوئی لکڑی کی کڑی ۔ (معماری) دیوار میں سامنے کی طرف طولاً لگی ہوئی اینٹ ۔ بمقابلہ : header ۔

stretcher-bearer, n. اسٹریچر بردار ؛ جنگ وغیرہ میں زخمیوں کو اسٹریچر پر لے جانے والا خصوصاً اسٹریچر کہار ۔

stretch-out, n. ایک صورتِ کار جس میں ملازموں کو مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ اجرت میں اضافے کے بغیر زیادہ کام کریں ؛ ملازموں کا دانستہ سست رفتاری سے کام لے کر عرصہ کار کو بڑھا لینا ۔

stretto, stretta, n. (موسیقی) ''فوگ'' یا اس سے ملتے جلتے گانے کے اختتامی حصوں میں موضوع کا باہمی اختلاط جس میں ہر صدا وقت سے قبل پہلی صدا میں جا ملتی ہے ۔ دیکھیے : fugue ۔ اختتامی بند کو تیز تر ادا کرنے کی ہدایت ۔

strew, v.t. چھڑکنا یا بکھیرنا ؛ ہمیشہ کسی ایک خشک شے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے جس کے اجزا الگ الگ حصوں یا ٹکڑوں کی شکل میں ہوں ؛ بکھیر کر ڈھانپ دینا یا بکھیر کر پھیلا دینا ؛ ادھر اُدھر پھینک دینا ؛ پھیلا دینا ؛ ہر طرف منتشر کر دینا ۔

stria, n. دھاری ؛ جھری ، لکیر ؛ سیاڑ ؛ پتلی نالی یا سطح کا ابھرا ہوا حصہ ؛ کم چوڑی پٹی یا دھاری (کسی رنگ کی یا بُنت کی) ، خصوصاً متوازی صورت میں سے کوئی ایک ۔ (ارضیات) شیار ؛ کسی چٹان کی بالائی پرت پر پڑی ہوئی ان متعدد متوازی خراشوں یا وقفہ دار جُھریوں میں سے کوئی ایک جو برفانی طبقات کی رگڑ سے پیدا ہو گئی ہوں ۔ (معدنیات) کسی قلم کی ساری سطح پر یا شگاف دار پہلو پر پڑی ہوئی چھوٹی چھوٹی متوازی لکیروں میں سے کوئی ایک ۔ (فنِ تعمیر) ستونوں میں ڈالی گئی سجاوٹی جھریوں کی درمیانی پٹی ۔

striate, v.t. جھریاں ڈالنا ؛ نالیاں ، دھاریاں یا پٹیاں بنانا ۔

striated, a. نالی دار ؛ دھاری دار ؛ مخطط ؛ پٹی دار ۔

striation, n. پٹی یا دھاری ڈالنے کا عمل ؛ خط بندی ؛ تخطیط یا ایسی صورت حال یا وضع ؛ ایک دھاری یا جھری یا متعدد متوازی جھریوں میں سے کوئی ایک ۔

strick, n. رُوئی ، پٹ سن یا کسی ریشہ دار چیز کا کمائے جانے کے عمل میں سے گزرتا ہوا گچھا ۔

stricken, a. زدہ ؛ کسی بیماری ، مصیبتُ یا دُکھ کی زد میں آیا ہوا ؛ بُری طرح اثر گرفتہ (خوف ، خطرے یا جذبات وغیرہ سے) ؛ کسی افتاد ، مصیبت ، سختی ، بدقسمتی ، ذہنی صدمے وغیرہ کے اثراتِ بد جو حالت سے عیاں ہوں (جیسے : a stricken look) ؛ ضرب یا زخم رسیدہ (کسی آلہ ضرب ، میزائل وغیرہ سے) ۔

strickle, n. ٹوپہ ؛ وہ پیمانہ جسے اناج سے لبالب بھر کر فالتو اناج کو گرا کر کناروں کے برابر کیا جاتا ہے ؛ لکڑی کا وہ ٹکڑا جس پر سریش اور ریت وغیرہ چپکی ہوتی ہے اور اس سے درانتی کی دھار تیز کی جاتی ہے؛ سان ۔ (ڈھلائی) لکڑی کا ٹکڑا یا قالب جس پر کوئی خاص خاکہ بنا ہوتا ہے اور اس کو اوپر رکھ کر پتھر ، دھات یا لکڑی پر نمونہ تراشی کی جاتی ہے ؛چھاپا ؛ پدھری ۔ (فعل متعدی) ٹوپے یا پدھری سے سطح برابر کرنا قالب یا چھاپے سے نمونہ تراشی کرنا ۔

strict, a. محتاط طور پر حدود کے اندر اندر (جیسے: a strict construction of the constitution) ؛ ہُو بہُو ؛ بالکل ٹھیک (جیسے: the strict meaning of a word) ؛ قریب ، محتاط ، مفصّل ؛ قطعی ؛ کامل یا مکمل (جیسے: strict neutrality) ؛ اصول و قوانین سے اِدھر اُدھر ہونے کی گنجایش نہ دینے یا رکھنے والا (جیسے: strict observance) ؛ سخت یا سخت گیر ، شرائط یا ذمہ داریوں میں (جیسے: strict rules) ؛قاعدے ، تنظیم یا انتظام میں بہت سخت (جیسے: to be strict with a child) ؛ حد سے زیادہ محتاط ؛ بے حد اصول پرست یا کٹر (بہ حیثیت فرد یا اس کے نظریات کے) ؛ سختی کے ساتھ یا نافذ یا بحال کردہ (نظم و ضبط ، نگرانی ، قید)۔

strictly, adv. صحیح معنوں میں ؛ سختی سے ۔

strictness, n. سختی ؛ سخت گیری ۔

stricture, n. تیز تنقید ؛ شدید نکتہ چینی یا اعتراض ؛ جھاڑ ؛ کسی اقدام پر لگائی گئی پابندی ۔ (امراضیات) کسی بدنی نالی

یا غدود میں پیدا ہو جانے والا انقباض ؛ تضیّق ۔

stride, v.t. لمبے لمبے قدم اُٹھانا (تیزی ، توانائی ، بے تابی یا نخوت کے عالم میں) ؛ ڈگ بھرنا ؛ لمبا ڈگ بھر کر کسی پر سے گزر جانا یا کسی کو عبور کر جانا ؛ اُلانگنا یا پھلانگنا (جیسے: to stride a ditch) ۔ (مجازاً) قوس کی طرح کی شکل میں بنے ہونا (جیسے: an arch striding over a temple entrance) ۔ (فعل متعدی) کسی جگہ پر یا اس پر سے لمبے قدم اُٹھائے چلنا (جیسے: to stride the deck of a ship) ؛ ڈگ میں پھلانگ جانا (جیسے: to stride a ditch) ؛ اُلانگنا ؛ گھوڑے پر پھلانگ کر سوار ہونا ؛ ایک ٹانگ ایک طرف دوسری دوسری طرف کرکے سوار ہونا ۔ (اسم) پھلانگ ؛ شتر گام ؛ لمبا قدم (جیسے: his natural stride) ؛ چلنے میں لمبا قدم ؛ ڈگ میں طے کردہ فاصلہ ، بعض اوقات اس کو پیمایش کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں ؛ بھاگنے میں ایک واحد حرکت یا قدم ۔ (مجازاً) ترقی یا پیش رفت ؛ کام کاج میں باقاعدگی یا باضابطگی ؛ پوری رفتار (جیسے: to get into one's stride) ۔

take in stride, غیر ضروری دشواری کے بغیر عہدہ برآ ہونا ۔

strider, n. ڈگ بھرنے والا ۔

strident, a. کرخت اور بہت اونچی (آواز) ؛ کان کے پردے پھاڑ دینے والی (آواز) ؛ چرچراہٹ ۔

stridence, stridency, n. کرختگی ۔

stridently, adv. کرختگی کے ساتھ ۔

stridor, n. کرخت آواز ؛ چرچراہٹ کی آواز ۔ (امراضیات) گلے میں یا تنفس میں کسی رکاوٹ کے باعث غرغراہٹ ؛ خرخراہٹ ۔

stridulate, v.i. چرچرانا ؛ بدن کے بعض حصوں کی باہمی رگڑ سے تیز چرچری سی آواز نکلنا (جھینگر کی طرح) ۔

stridulation, n. چرچراہٹ ۔

stridulatory, a. چرچراتی ہُوئی ۔

stridulous, a. کرخت ؛ پردے پھاڑ آواز والا ؛ غرغر کرتا ہوا (گلے یا تنفس کی خرابی سے) ۔ (امراضیات) گلے یا تنفس کی خرابی سے متعلق یا اس کی خصوصیات والا ۔

stridulousness, n. غرغراہٹ ۔

strife, n. نزاع ؛ جھگڑا ؛ فریقین کی تکرار ؛ اُلجھاؤ؛ نااتفاقی ؛ اختلاف ؛ تصادُم ؛ جدال ۔

strifeless, a. بلا اُلجھاؤ کے ۔

strifeful, a. نزاع والا ؛ نزاعی ۔

strigil, n. غسل کے وقت برتا جانے والا جھانواں ، یونانیوں اور رُومیوں میں اس کا ایام قدیم میں بہت رواج تھا اس سے غسل کے وقت جِلد کو رگڑتے تھے ۔ (فن تعمیر) کنڈل روپی (S) عمودی جھریاں جو رومی طرز تعمیر میں سجاوٹ کے طور پر بنائی جاتی تھیں ۔

strigose, a. (نباتیات) ماہی پشت ؛ سخت مُو ؛ جس پر کانٹے سے اُگے ہوئے ہوں ، جیسے کہ بعض پودوں کے ڈنٹھلوں یا پتوں اور پھلوں پر ہوتے ہیں ۔ (حیوانیات) باریک (کنگھی کے سے دانتوں کی طرح) گھنی نوکوں ، جھریوں یا رووں والا ۔

strike, v.i. ٹکرانا ؛ کسی چیز سے ٹکرا جانا یا جا لگنا ، جیسے کوئی تیز حرکت والی شے کرتی ہے ؛ تصادم کرنا/ ٹکر مارنا ؛ زور سے جا ملنا ؛ مکے یا ہتھیار وغیرہ سے ضرب لگانا یا لگانے کی کوشش کرنا ؛ ہاتھاپائی کرنا ؛ کھٹکا کرنا ؛ دستک دینا یا کھٹکھٹانا ۔ (عسکری) کہیں حملہ کر دینا ؛ مطالبات منوانے کے لیے تمام ملازمین کا ایک ساتھ کام چھوڑ دینا تاکہ آجر کو مطالبات تسلیم کرنے کے لیے مجبور کیا جائے ؛ ہڑتال کرنا ؛ ٹک ٹک کرنا یا بجنا (جیسے: the clock strikes) ؛ رگڑ سے (دیا سلائی وغیرہ کا) جل اُٹھنا یا جلانا ؛ زور کے ساتھ حرکت میں آنا (گویا کسی کو مارنا مطلوب ہے) ؛ اچانک اور بڑی تیزی کے ساتھ گزرنا (بعد میں in یا through آتا ہے) ؛ دفعتاً گفتگو میں شامل ہو جانا (بعد میں up لگاتے ہیں) ؛ اچانک پالینا یا مل جانا ؛ ذہن میں بٹھالینا ؛ گِر پڑنا (رنگ وغیرہ کا) ؛ بادبان یا جھنڈے کو خم کرنا (احتراماً یا اطاعت قبول کرنے کی علامت کے طور پر) ؛ نئی راہ اختیار کرنا (بعد میں عموماً into یا out لگاتے ہیں)؛ کسی فوجی کا اپنے افسر کی خدمت پر مامور ہو جانا ۔ (فعل متعدی) کسی شخص یا شے کو مارنا ؛ ضربانا ؛ کاٹ کر الگ کر دینا (بعد میں off آتا ہے) ؛ رگڑ سے پیدا کرنا (آگ کا) بالخصوص دیا سلائی رگڑ کر ؛ زور دار طریقے سے جا ٹکرانا (جیسے: the ship struck a rock) ؛ فوج کے ساتھ حملہ کر دینا ؛ فضا سے بمباری کرنا؛ ٹھپا لگانا یا نقش ثبت کرنا (سکّے وغیرہ کو) ؛ سکّے ڈھالنا ؛ ٹائپ وغیرہ سے چھاپ لینا (بعد میں عموماً off لگاتے ہیں) ؛ تیز دھار آلے سے بھونکنا یا چھیدنا (گز سے) ہموار کرنا ؛ خط کشید کرنا ؛ رسی یا ڈوری سے نشان لگانا ؛ نقشہ بنانا (قوس وغیرہ کا) ؛ فہرست وغیرہ میں سے نام کاٹ دینا ؛ کانٹے کو جھٹکے دے کر مچھلی کو پھنسا لینا ؛ دستک دینا ؛ کھٹکھٹانا یا کھڑکھڑانا ؛ ساز بجانا ، جیسے بربط وغیرہ ؛ گھنٹی بجا کر وقت بتانا ، جیسے گھڑی کا ؛ یکایک مبتلا ہو جانا ، جیسے کسی بیماری یا مصیبت میں ؛ کسی قدرتی سبب کا نشانہ بننا ، جیسے بجلی کا؛ شدّت سے متاثر کرنا یا چھا جانا ؛ اندھا،بہرا وغیرہ کر دینا ؛ کوئی احساس بیدار کرنا یا ایک دم داخل ہو جانا ؛ ایک دم تیزی سے چل پڑنا (بعد میں out لگاتے ہیں) ؛ کوئی روّیہ یا انداز اختیار کرنا ؛ تیزی سے سرایت کر جانا ، جیسے سردی کا ؛ نکالنا یا چھوڑنا ؛ روشنی کا کسی شے پر پڑنا ؛ ذہن میں آنا یا سوچنا ؛ بہت متاثر کرنا ، جیسے کسی خوبصورت منظر کا ؛ کسی کچ دھات کے ذخیرے کا انکشاف ہو جانا ؛ اچانک سامنا ہو جانا یا مل جانا ؛ تلاش کر لینا یا پتا چلا لینا ، جیسے کسی معدنی ذخیرے کا ؛ سودا کرنا ، چکانا یا معاہدہ کرنا ؛ شناسائی پیدا کرنا یا دوستی کر لینا ؛ قیمت مقرر کرنا یا پکی کر دینا ؛ تطبیق کرنا ، جیسے کھاتے کے حسابات ؛ اندازہ لگانا یا تعین کرنا ، جیسے اوسط کا ؛ پرچم یا بادبان خم یا نیچا کرنا ؛ پڑاؤ اُٹھانا ؛ تھیٹر وغیرہ کی اسٹیج سمیٹنا ؛ ہڑتال کر دینا ۔ (اسم) ضرب ؛ چوٹ ؛ ہڑتال ؛ تالے کا چٹخنی میں پڑنے والا حصہ ؛ گھڑیال میں گھنٹہ بجانے والا آلہ ؛ جڑوں کے پھوٹنے کا عمل ؛ اجناس برابر کرنے والا گز ۔ (بیس بال) بلّے باز کی پھینکی گئی گیند کو ضرب لگانے میں ناکامی یا اس سے ملتی جلتی صورت ۔ (باؤلنگ) گیند پھینکنے والے کی ایک ہی پھینک میں ساری گُلّیاں اُڑا دینے کی صورت ۔ (مجازاً) غیر متوقع کامیابی یا خوش بختی ۔ (کان کنی) تیل یا کسی قیمتی دھات کی دریافت ۔ (عسکری) فضائی بمباری ؛ ہوائی جہازوں کا مشین گنوں سے حملہ ۔ (ڈھلائی) مٹی ، ریت وغیرہ کی سطح ہموار کرنے والا آلہ ۔ (برطانوی) ایک پیمانہ جو ایک بُشل کے برابر ہوتا ہے ۔ (ارضیات) خم خوردہ طبق کی سطح اور افقی سطح کے مابین خطِ متقاطع ۔ (ٹکسال) ایک وقت میں ڈھالے گئے سکّوں کی تعداد یا مقدار ۔ (ماہی گیری) طُعمے کو حاصل کرنے کے لیے مچھلی کی اچھل کود ۔

strikless, a. بلا ٹکرائے یا حرکت کیے۔

strikebound, a. ہڑتال زدہ ؛ ہڑتال کے باعث ہڑتالیوں کے گھراؤ یا دھرنے کی زد میں آیا ہوا کوئی کارخانہ ، کاروباری ادارہ یا زیر تعمیر علاقہ۔

strikebreaker, n. ہڑتال توڑ ؛ ہڑتال ختم کرنے / کرانے میں کوشاں شخص یا گروہ (کارخانہ دار کو کارکن مہیا کرتے ہوئے یا خود کام پر حاضر ہوتے ہوئے)۔

strikebreaking, n. ہڑتال کے ختم کرنے یا روکنے کا عمل۔

strike off, v.t. جلدی یا بآسانی کچھ کرنا یا بنا لینا ؛ ٹائپ ہی سے کچھ چھاپ لینا ؛ فہرست وغیرہ سے خارج یا قلم زد کر دینا ؛ کاٹ کر الگ کر دینا یا کر لینا ؛ ٹھکرا دینا۔

strike out, v.i. (بیس بال) بلّے بازی کرتے ہوئے تین ضربوں کے بعد آؤٹ ہو جانا۔ (فعل متعدی) بلّے باز کو گیند دے کر آؤٹ کر دینا۔ (اسم) آؤٹ کرنے یا ہو جانے والا۔

strikeover, n. (ٹائپنگ) ٹائپ میں اصلی حرف یا لفظ کی غلطی کو مٹائے بغیر دوبارہ اسی پر ٹائپ کرنے کا عمل ؛ مکرّر ٹائپ۔

striker, n. ہڑتالی ؛ مارنے والا شخص ؛ جا لگنے والی شے۔ (عسکری) کسی افسر کا خدمتی سپاہی ،اردلی۔ (بحریہ) تکنیکی سُوجھ بُوجھ میں درجہ بند ہونے کے لیے زیر تربیت بحری ملازم ؛ گھڑی یا گھنٹی میں لگا ہوا لٹکن ؛ توپ یا تار پیڈو میں فائر کرنے والی پن۔

strike up, v.i. گانے بجانے لگ جانا ؛ ٹوں ٹاں کرنے میں مصروف ہونا (ساز چھیڑتے ہوئے)۔ (فعل متعدی) کوئی نغمہ یا سُر چھیڑ دینا ؛ کسی سے شناسائی پیدا کر لینا ؛ گفتگو میں لگ جانا ؛ دوستی جوڑ لینا۔

strike zone, n. (بیس بال) وہ جگہ جو بلّے باز کے گھٹنوں اور کندھوں کے درمیان ہوتی ہے (جب وہ ہٹ لگانے کو آمادہ ہوتا ہے اور پھینکے گئے گیند کو لامحالہ اسی میں سے گزرنا ہوتا ہے ورنہ ضرب ناکارہ سمجھی جاتی ہے)۔

striking, a. حیرت انگیز ؛ تحسین آفریں ؛ قابل ذکر ؛ زور دار ؛ ڈرامائی یا متاثر کن (خصوصاً ظاہری شکل میں)۔

strikingly, adv. موثر طریقے سے۔

string, n. ڈوری ؛ رسی ؛ ستلی ، تانت یاایسی کوئی چیز جیسے ٹیپ ، فیتہ ؛ کپڑے ، چمڑے وغیرہ کی کترن ، باندھنے ، جوڑنے ، کسنے ، ملانے وغیرہ کے لیے (جیسے : shoe string, apron strings, a purse string) ؛ دھاگے میں گندھی ہوئی موتیوں کی لڑی یا ہار ؛ لڑی کی طرح آگے پیچھے آنے والی چیزیں یا ہونے والے واقعات ، اظہارات (جیسے : a string of bad luck, a string of islands,a string of oaths) ؛ کسی بجائے جانے والے ساز کا مضبوطی سے کسا ہوا تانت یا تار جس کو جنبش دینے سے سُر کی آواز نکلتی ہے (جیسے : a guitar, piano or violin string) ؛ کمان کی تانت۔ (جمع) تانتل ساز یا ان کو بجانے والی منڈلی (جیسے : to call the strings to rehearsal)۔ (بول چال) (اکثر جمع) دُم چھلا ؛ کسی تجویز کے ساتھ لگائی شرط یا متبادل تجویز (جیسے : a gift with strings attached) ؛ کسی شے کی تعداد یا مجموعہ (جیسے : own a string of race horses) ؛ پودے کا ریشہ یا تار۔ (کھیل) اپنی مہارت کے مطابق درجہ بند کیے گئے کھلاڑی (جیسے : to make first string on the team)۔ (فن تعمیر) زینے کا ابھر ہوا حاشیہ ؛ زینے کے اس ڈھلواں پہلو میں سے ایک جو سیڑھیوں اور ارتفاع کو سہارا دیتا ہو۔ (بلیئرڈ) ابتدائی آزمایشی ضرب جس سے پہل کرنے کا فیصلہ ہوتا ہے ؛ وہ حد خط جس کے باہر رہ کر گیند کو دوبارہ کھیل میں لایا جاتا ہے (اس کے حد باہر ہو جانے کے بعد) ؛ متحرک شمارندوں کی قطار جو اسکور دکھاتی ہے۔ (فعل متعدی) دھاگے یا رسی میں پرونا (جیسے : to string beads) ؛ رسی وغیرہ کو ایک کونے سے دوسرے تک پھیلانا ؛ ڈوری ڈالنا (مہیا کرنا) ؛ ڈوریاں لگانا یا سلسلہ وار کرنا (جیسے : to string phrases) ؛ کسی چیز پر سجاوٹی چیزیں لٹکانا (جیسے : to string the tree with tinsal) ؛ چھیل کر دانے نکالنا ، پھلیوں وغیرہ میں سے (جیسے : to string the beans) ؛ لٹکا کر مار ڈالنا (بعد میں up لگاتے ہیں)۔ (فعل لازم) کسی لیس دار شے کو تار کی طرح لمبا کرنا ؛ قطار بن کر چلنا یا تسلسل سے کڑی در کڑی آنا ، خیالات وغیرہ کا (جیسے : thoughts that string together)۔ (بلیئرڈ) یہ فیصلہ کرنے کے لیے کہ کون پہل کرے گا اپنی گیند کو میز کے کنارے سے ٹکرانا ؛ پھانسی دینا یا پھانسی لے کر مر جانا۔

on a string, (عوامی) کسی اور کے زیر اثر یا قبضے میں۔

pull strings, اپنے اثرو رسوخ کا ناجائز فائدہ اٹھا کر کام نکالنا (مطلب براری کرنا)۔

string along, (عوامی) وعدوں پر رکھنا ؛ چکروں میں ڈالے جانا ؛ بے جا شہ دینا۔

string along with, (عوامی) معاہدے یا اعتبار پر کسی کے ساتھ چلتے جانا۔

string out, لمبا کرنا ؛ طول دینا ؛ پھیلانا۔

string bass, n. (موسیقی) ایک قسم کی سارنگی۔ دیکھیے : double bass۔

string bean, n. سیم پھلی ؛ ان مختلف اقسام کے پودوں میں سے کوئی ایک جس کی پھلیوں کے دانے نکال کر پکائے،کھائے جاتے ہیں ؛ ایسے پودے کی پھلیاں یا ڈوڈے۔ (بول چال) لمبا پتلا آدمی۔

stringboard, n. (فن تعمیر) زینے کی سیڑھیوں کے کناروں پر لگی ہوئی لکڑی یا سہارا۔

stringcourse, cordon, n. کسی عمارت کے ماتھے پر اینٹ یا پتھر کا بنایا ہوا افقی حاشیہ ؛ دیواری حاشیہ ؛ کنگنی۔

stringed, a. تار دار ؛ تانتل ؛ تاروں سے نکلنے والا (سُر ، نغمہ وغیرہ)۔

stringed instrument, n. تانتل ساز ؛ موسیقی کا ساز جس میں کسے ہوئے تاروں سے سروں کی آواز نکالی جاتی ہے جیسے گٹار یا بربط۔

stringendo, adv. (موسیقی) لے کی چڑھت کے ساتھ آواز کو اور اونچا لے جاتے ہوئے (حد امکان تک) ؛ ایک زبانی اشارہ کے طور پر مستعمل جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ لَے اور تیز اور بلند کی جائے۔

stringent, a. مجبور کن ؛ تاکیدی ؛ شدید (جیسے :

stringent necessity) ؛ قائل کر دینے والی زور دار دلیل ؛ کڑا ؛ سخت ادھر ادھر نہ ہونے دینے والا (جیسے : stringent regulations or obligations)۔ (تجارت) مندا یا کڑا وقت جس میں بینک وغیرہ سے مالی سہولت کم ہو گئی ہو اور ادائیگی قرض اور سرمایہ کاری میں دقت محسوس ہو رہی ہو ؛ مالی تنگی۔

stringency, n. سختی ؛ تنگی۔

stringently, adv. سختی سے ؛ دباؤ سے۔

stringer, n. (فن تعمیر) وہ شخص یا شے جو باندھتی ، جوڑتی یا کستی ہے ؛ سہارا (وہ لمبا افقی شہتیر جو عمودی ڈنڈوں یا چوبی فرش کو سہارا دیتا ہے) ؛ چھت کی کڑیوں کو سہارا دینے والا (ان سے اُلٹی سمت میں رکھا ہوا) ؛ شہتیر ؛ بیل پائے کی دھنی/کـڑی ؛ ڈوری کا ٹکڑا ؛ دیواری حاشیہ ؛ زینے کا حاشیہ ؛ ترد بند۔ (ریلوے) ریل پٹڑی کو عرضاً پکڑے رکھنے والے چوبی شہتیر۔ (صحافت) جزوقتی نامہ نگار (کسی اخبار کا)۔

stringhalt, stringhalt, n. (بیطاری امراضیات) گھوڑے کی پچھلی ٹانگوں میں پیدا ہو جانے والا خم (جو کسی عصبے میں گڑبڑ سے پیدا ہو جاتا ہے)۔

stringhalted, a. خم دار گھوڑا۔

stringing, n. (ٹینس) ٹینس کے ریکٹ میں بنی جانے والی تانت یا نائیلون کی ڈوری۔

string line, n. دیکھیے : balkline ۔

string piece, n. (فن تعمیر) لکڑی کا ایک لمبا افقی ٹکڑا یا اس قسم کی کوئی اور شے جو کسی چوکھٹے ، تھم یا دوسرے ڈھانچے کو مضبوط کرنے ، جوڑنے یا اس کے حصوں کو سہارا دینے کے لیے استعمال کی جائے۔

string quartet, n. (موسیقی) وہ نغمہ نگاری جو عموماً چار تانتل سازوں (پہلا اور دوسرا وائلن بجانے والا وائیولا اور سیلو) کے لیے ہو ؛ چار موسیقاروں کی منڈلی جو تانتل سازوں کی چوکڑی پر نغمہ سرائی کرے یا محفل میں سرود پیش کرے۔

string tie, n. کم چوڑی بو ٹائی ، جس کے لانبے سرے بغیر گرہ لٹکے رہتے ہیں۔

stringy, a. ریسہانی ؛ ریسماں گوں ؛ ریشہ دار (گوشت وغیرہ) ؛ رسے کی طرح یا اس کے متعلق ؛ عضلاتی ؛ تار دار۔

stringiness, n. ریشہ دار ہونے کی حالت۔

striolate, striolated, a. باریک باریک لکیروں ، دھاریوں ، پٹیوں والا۔

strip, v.t. لوٹ لینا ؛ چھین لینا ؛ تہی دست کر دینا (جیسے : to strip a man of his possession) ؛ کسی چیز پر سے اس کی پوشش یا ڈھکنے کو اتارنا ؛ درخت وغیرہ سے اس کے پھل جھاڑ ، اتار لینا ؛ کسی کو پوشش یا لباس سے محروم کر دینا ؛ ننگا یا برہنہ کر دینا ؛ لباس اتارنا ؛ کسی سے اس کا اعزاز واپس لے لینا (جیسے : to strip a soldier of his rank) ؛ بے سازوسامان کرنا (جیسے : to strip a ship of rigging) ؛ کپڑے یا بالوں سے (دوبارہ رنگنے کے لیے) پہلے رنگ کو اتارنا ؛ گائے وغیرہ کو یوں دوھ لینا کہ تھنوں میں کچھ نہ رہے۔ (ماہی پروری) مچھلی سے اس کے انڈے نچوڑ نکالنا۔ (تمباکو سازی) پتوں کو ڈنٹھل سے الگ کرنا یا پتوں کا درمیانی موٹا ڈنٹھل توڑ دینا ، خصوصاً تمباکو کے۔ (مشین) زیادہ زور لگا کر کسی پیچ وغیرہ کی جھری توڑ دینا یا گیئر کے دندانے توڑ دینا۔ (فولاد سازی) دھات کے ڈلے کو قالب سے الگ کرنا۔ (فعل لازم) ننگا ہو جانا ؛ کسی کا بے لباس (عریاں) کر دیا جانا ؛ رقص میں رفتہ رفتہ عریاں ہونا۔

strip, n. کپڑے ، کاغذ ، دھات وغیرہ کی کم. چوڑی ، نسبتاً لمبی مگر برابر بر کی کترن ؛ زمین یا جنگل کی لمبی اور پتلی پٹی ؛ تصویروں یا کارٹونوں کا مربوط سلسلہ (جیسے : a film or comic strip)۔ (طیرانیات) طیارے کے اترنے کی پٹی۔ (ٹکٹ اندوزی) متعدد ٹکٹوں کی عمودی یا افقی جڑی ہوئی قطار ، لچھے یا ورق کی صورت میں۔ (عموماً بڑےS سے) شہر کی بڑی گزرگاہ یا شاہ راہ (جیسے : Los Angles Sunset Strip) ؛ کاروں کی چھوٹی ، تیز دوڑ کا سیدھا راستہ۔ (فعل متعدی) کترنوں میں کاٹنا۔

strip cropping, strip farming, n. پٹی دار کاشت ؛ کٹی ایک چارے والی فصلوں کی متبادل پٹیوں میں احاطہ بند کاشت (برسات کے پانی اور زمین کے عمل فرسودگی کو روکنے کے لیے)۔

stripe, n. دھاری ؛ مختلف رنگ ، شکل ، بنت ، مواد یا ماہیئت کی لمبی ،کم چوڑی،پتلی پٹی جو آس پاس کی سطح سے مختلف ہو (جیسے : the stripes of a zebra) ؛ کسی شے میں اس سے مختلف نوعیت کی کوئی دھاری یا پرت۔ (مجازاً) اسلوب ، روش یا امتیازی وصف میں اختـلاف (جیسے : a man of different stripe)۔ (جمع) مختلف رنـگ اور طرز کی پٹیاں یا فیتے جو فوجی یا غیر فوجی وردیوں پر منصب اور ملازمت یا اچھے کردار کو ظاہر کرنے کے لیے بطور علامت لگائی جاتی ہیں یا جن سے زخموں وغیرہ کو باندھا جاتا ہے ؛ دھاریوں والی وردی (جیسے : pris on stripes)۔ (فعل متعدی) پٹی یا پٹیوں کے ذریعے دوسروں سے ممیز کرنا یا بنانا۔

striped, a. ننگا۔

stripeless, a. بلا لباس کے ؛ بغیر پٹی کے۔

stripe, n. کوڑے ، چابک ، سلاخ وغیرہ کی ایک ضرب (جو سزا کے طور پر لگائی گئی ہو) ؛ ایسی ضرب کا نشان۔

striped bass, rockfish, striper, n. دھاری دار کٹیرنا ؛تازہ امریکی پانیوں کی ایک مچھلی جس کے پہلوؤں پر سیاہ دھاریاں ہوتی ہیں، یہ پچیس سے تیس پونڈ وزن کی ہوتی ہے۔

striper, n. (عوامی) کوئی فوجی جس کا عہدہ ظاہر کرنے کے لیے کوئی فیتہ لگا ہوا ہو ؛ دھاری دار مچھلی۔

stripfilm, n. دیکھیے : Filmstripe ۔

striping, n. کوئی ڈیزائن یا سطح پر دھاریوں کا اضافہ کرنے کا عمل یا اضافہ شدہ دھاریاں (جیسے : the striping on a model plane)۔

stripling, n. نوخیز ؛ عنفوانی ؛ طفولیت سے گزرتا ہوا لڑکا ؛ ایک لڑکا۔

strip mining, n. پٹی دار معدن کاری ؛ زمین کی سطح سے پتھر اور مٹی صاف کرنے کا عمل تاکہ اس کے اندر کے معدنی ذخائر سے فائدہ اٹھایا جاسکے۔

stripper, n. دھاریاں وغیرہ ڈالنے والا (شخص یا آلہ)۔ (عوامی) جامہ کند ؛لباس اتارنے والی رقاصہ۔

stripteas, n. جامہ کندی رقص ؛ ماضی کی مضحک حرکت جس میں

تماشا کرنے والی عورت رفتہ رفتہ انگڑائیاں لے کر کپڑے اتارنے لگتی تھی ، ساتھ ساتھ ساز بجتا رہتا اور لوگ شور مچا کر داد دیتے۔

stripteaser, n. جامہ کند ؛ محولہ بالا انداز میں کپڑے اتارنے والی۔

stripy, a. دھاری دار ؛ لکیر دار ؛ جس پر دھاریوں کے پڑے ہونے کا گماں گزرتا ہو۔

strive, v.i. جدوجہد کرنا ؛ دل جمعی سے محنت کرنا ؛ کوشش کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ؛ مدمقابل ہونا۔

striver, n. جدوجہد کرنے والا ۔

strobe, n. دیکھیے stoboscope ۔

strobe light, n. (عکاسی) چکا چوند روشنی ؛خیرہ کُن روشنی ؛ ایک برقیاتی ٹیوب جو چند ساعتی لیکن شدید ضوافگنی کرتی ہے ۔

strobila, n. (حیوانیات) مخروطہ ؛ کیچوے وغیرہ میں وہ سلسلۂ اجزا جو ایک جز سے بڑھتے ہوئے بن جاتا ہے ؛ ایک سی ساختوں کا مسلسل لانبا سلسلہ جو ایک ہی مادری عضو سے پیدا ہو جاتے ہیں ، جیسے ایک کیچوے کے جسمانی اجزائی سلسلے سے ۔

strobilar, a. لٹونی ، دوار ؛ گرداں ۔

strobilization, n. حلقہ سازی ۔

strobile, n. (نباتیات) مخروط ؛ مخروطہ ؛ جُنحل پودے کی مخروط نما مادہ پھول داری جس میں کنار پوش کھپرے ہوتے ہیں۔

strobilus, a. (نباتیات) مخروطی شکل کا وہ بذروں کا مجموعہ جیسے دُم اسپ یا نبات کبریت میں ہوتا ہے ؛ ایسے کھلے ہوئے بیجوں کا جنس بردار مخروطہ جیسے صنوبر کے مخروطے ہوتے ہیں۔

stroboscope, n. گردش نما ؛ ایک آلہ جس سے کسی (تیز رفتار) شے کی گردشوں اور تھرتھراہٹ کا اندازہ لگایا جاتا ہے اور وہ یوں کہ گھومتی شے پر وقفے وقفے کے ساتھ ضیا پاشی کی جاتی ہے اور گھومتی طشتری میں رکھے ہوئے روزنوں میں سے اسے دیکھا جاتا ہے۔

stroboscopic, a. گردش نمائی ۔

stroboscopically, adv. گردش نمائی کے ذریعے سے ۔

strobotron, n. (برقیات) گردش نما میں برتا جانے والا ایک آلہ ؛ ایک گیس بھرا چہار قیرہ جسے وولٹیج کا تَموج حسب تقاضا فعال رکھتا ہے اور اس میں سے خیرہ کن روشنی پھوٹتی ہے ۔

stroganoff, a. ترش کریم ، مسالا جات ، پیاز اور کھمبیوں میں ملا کر پکایا ہوا (جیسے : beef stroganoff) ۔

stroke, n. ضرب ؛ دھکا ؛ بلہ ؛ مکے ، ہتھیار یا ہتھوڑے سے ضرب لگانے کا عمل ؛ وار ؛ ہتھوڑی یا گھنٹی بجانے والی موگری کی گھنٹی پر ضرب ؛ دل کی دھڑکن ؛ موسیقی میں تھاپ یا تال؛ کوئی بات جس سے ضرب جیسا صدمہ یا تکلیف ہو ؛ آفت سماوی یا قہر الٰہی ؛ مرگی /رعشے کا دورہ ؛ بجلی کی کوند ؛ قسمت کی دین (جیسے : a stroke of good or bad luck) ؛ زور آوری جس کا مظاہرہ عموماً ضرب لگاتے ہوئے کیا جاتا ہے ؛ کسی کام میں بار بار دہرائی جانے والی ایک ہی حرکت یا عمل ؛ تیرتے ہوئے مسلسل ہاتھ پاؤں مارنے کا عمل ؛ کچھ حاصل کرنے کے لیے سرتوڑ کوشش (جیسے : a bold stroke for liberty)؛ کسی خاص مقصد کے لیے کی گئی تدبیر (جیسے : a stroke of policy)؛ کوئی انجام دیا گیا کارنامہ یا کارکردگی (جیسے : a stroke of genius) ؛ کوئی کارگزاری ، اقدام یا مقدار کار ؛ قلم ، پنسل ، برش یا چھینی کی جنبش سے نشان (کچھ لکھتے ، کھینچتے یا تصویر بناتے ہوئے) یا ان چیزوں کی جنبش کا نتیجہ ؛ ادبی تخلیق میں کوئی ممتاز یا موثر پیرایہ ۔ (کشتی رانی) چپو کی ایک جنبش یا ایسا کرنے کا انداز (طول ، رفتار یا چپو رانی کے وقفوں کے لحاظ سے) ؛ دنبالہ کشتی کے قریب ترین پتوار (جس سے ہم آہنگ ہو کر دوسروں کو چپو چلانے ہوتے ہیں) ؛ کشتی میں دنبالی پتواریے کے بیٹھنے کی جگہ ۔ (میکانیات) کسی ایک ہی جگہ یا ایک ہی طریقے سے کسی چیز کی متبادل آگے یا پیچھے حرکت کا لگاتار تسلسل ؛ کسی متحرک حصے، خصوصاً آگے پیچھے ہونے والے فاصلے تک ایک مکمل گردش ۔ (فعل متعدی) نرم سا ہاتھ پھیرنا یا ملنا ؛ سہلانا ؛ چپو مارنا ؛ قلم وغیرہ سے نشان لگانا یا قلم زد کرنا ۔

stroke oar, n. (کشتی رانی) دنبال کے قریب ترین چپو ؛ ناخدا کے عین مخالف سمت کا پتواری جو اپنے چپو سے دوسروں کی رفتار متعین کرتا ہے ؛ دنبالی پتواریا ۔

stroll, v.i. مٹر گشت کرنا ؛ مزے ، آرام سے چلنا ؛ آوارہ خرامی کرنا ؛ اہلے گہلے پھرنا ؛ بلا تعجیل پھرنا ؛ جگہ جگہ پھرنا ، گھومنا یا چکر لگانا ، جیسے کوئی آوارہ گرد یا خانہ بدوش (جیسے : Gypsies strolling, players strolling) ۔ (فعل متعدی) بے کار کسی طرف یا کسی مقام میں سے گزرتے جانا (جیسے : Stroll the woodland paths) ۔ (اسم) آہستہ خرامی ؛ مزے مزے کی مٹر گشت ؛ سیر ؛ آوارہ گردی ؛ ہرزہ گردی۔

stroller, n. آوارہ گرد ؛ مٹر گشتیا ؛ آوارہ خرام ؛ ہرزہ گرد ؛ گھوم پھر کر اپنے کرتب دکھانے والا ؛ چھوٹے بچوں کی کرسی نما ایک ہلکی اور بند ہو جانے والی سواری یا گاڑی ۔

stroma, n. (تشریح الاعضا) اسٹروما؛ کسی عضو کے گرد بنا یا بُنا ہوا سارابط ریشوں کا جال ؛ سرخ خون کے خلیے یا کسی اور خلیے کے گرد بنا ہوا بے رنگ سا پلپلا ڈھانچا ۔

stromal, stromatal, stromatic, a. نسیجی ۔

stromeyerite, n. اسٹرومی رائٹ ؛ ایک فولاد رنگ معدن (چاندی اور تانبے کا سلفائڈ) اس میں دھات کی سی چمک ہوتی ہے ، یہ گتھے ہوئے تودوں یا قلموں کی صورت میں پایا جاتا ہے ۔

strong, a. مضبوط ؛ توانا ؛ مستحکم ؛ پکا ؛ زور مند ؛ زور آور ؛ تن درست ؛ سخت ؛ ٹھوس ؛ پختہ ؛ راسخ ؛ لحیم شحیم ؛ ہٹا کٹا ؛ بڑی صلاحیت والا ؛ (بدنی ، ذہنی ، اخلاقی لحاظ سے) بڑی طاقت یا صلاحیت والا (جیسے : a strong mind memory or imagination) ؛ قدرتی طور پر تنومند یا صحت مند ؛ مستحکم ۔ (قلعہ بندی) آسانی سے مطیع یا فتح نہ ہونے والا (جیسے : a strong fortress or position) ؛ بڑی فوجی قوت یا طاقت والا ؛ بہت زیادہ دولت یا وسائل والا ؛ بآسانی سر یا زیر نہ ہونے والا ؛ تیز رو ، تیزی سے حرکت کرنے والی (ہوا) ؛ گہرا اثر چھوڑنے والا (خیال یا تصویر پر) ؛ زبردست ؛ سرگرم اور پُرجوش ؛ معمول سے زیادہ تند (جیسے : a strong supporter) ؛ وصف یا اوصاف لیے ہوئے (جیسے : strong tea) ؛ پرقوت (قوی) ؛ نشہ آور ؛ حواس متاثر کرنے والا (جیسے : a strong light, scent or flavor)؛ کافی مقدار میں ؛ قائم ؛ جو آسانی سے ہٹایا یا بدلا نہ جا سکے ؛ زور دار ؛

مستعد : باوسائل : طاقت ور : باجبروت : بڑی قوت اظہار والا یا زور دار طریقے سے بیان کیا گیا : ایک مقررہ تعداد کا تعین کرنے والا (جیسے an army 10,000 strong) ـ (تجارت) بھاؤ میں تیزی کا رجحان لیے ہوئے : چڑھتا بازار (جیسے : strong market) ـ (گرامر) ایسے افعال کے متعلق جن میں تصریف زمانی ، داخلی حروف علت کی تبدیلی سے ہوتی ہے اور کوئی رکن تہجی جوڑنا نہیں پڑتا ، جیسے run, ran, swim, swam, swum ـ (متعلق فعل) زور دار طریقے سے ـ

strongish, a. کسی قدر مضبوط : تن درست ـ

strongly, adv. مضبوطی سے ـ

strongness, n. مضبوطی : تن درستی ـ

strong-arm, a. (بول چال) زور بازو والا یا اس کو استعمال کرنے والا یا درمیان لانے والا (جیسے : strong-arm methods) : زبردستی کرنے والا ـ (فعل متعدی) (بول چال) کسی کے خلاف طاقت استعمال کرنا : (زبردستی کرنا) زبردستی کے طریقوں سے کسی کو لوٹ لینا ـ

strongbox, n. تجوری : قیمتی اشیا جیسے زیورات یا دستاویزات رکھنے کے لیے مضبوط دھات کی قفل دار پیٹی یا صندوق ـ

strong breeze, n. (موسمیات) تیز ہوا ، ۲۵ سے ۳۱ میل فی گھنٹہ کی رفتار والی (بمطابق بیو فورٹ پیمانہ)۔

strong drink, n. الکحلی مشروبات : شراب ـ

strong gale, n. (موسمیات) تیز جھکڑ ، ۴۷ تا ۵۴ میل فی گھنٹہ کی رفتار والا (بیو فورٹ پیمانہ کے مطابق)ـ

stronghold, n. قلعہ : گڑھ : مستحکم جگہ : محفوظ مقام : کسی جماعت کے حامیوں کی اکثریت والی جگہ ـ

strong-minded, a. مضبوط دل : ازاد خیال ـ

strongmindedly, adv. ازاد خیالی سے ـ

strongmindedness, n. آزاد خیالی ـ

strongroom, n. (برطانوی) وہ کمرہ جس میں آگ یا نقب لگنے کا اندیشہ نہ ہو : جہاں قیمتی اشیا رکھی جاتی ہوں ـ

strong suit, n. (تاش) برج میں کسی کے پاس ایک رنگ کے زیادہ سے زیادہ پتے یا بڑے سے بڑے پتے آ جانے کی حالت ـ (مجازاً) کوئی غیر معمولی مہارت یا استعداد ـ

strongyle, strongyl, n. خیطیہ : اشنہ نما کیڑوں میں سے الگ گول کیڑا جو انسان بلکہ بعض حیوانوں (بالخصوص گھوڑوں) کے اعضا اور ریشوں میں گھر بنا لیتا ہے اور کئی مریضانہ کیفیات کا باعث بنتا ہے ـ

strongylosis, n. خیطیہ زدگی ـ

strontia, n. (کیمیا) اسٹرونشیا : اسٹرونشیم آکسائیڈ : ایک سفید قلمی / بے شکل سفوف جو چونے سے ملتا جلتا ہے : اسٹرونشیم ہائیڈرو آکسائیڈ ـ

strontian, n. خام اسٹرونشیم کاربونیٹ : اسٹرونشیا نائٹ : اسٹرونشیا : اسٹرونشیم ـ

strontianite, n. اسٹرونشیم کاربونیٹ پر مشتمل ایک معدن جس کے مختلف رنگ ہوتے ہیں ، سفید سے زرد اور زردی مائل سبز : اسٹرونشیم کی خام دھات ـ

strontium, n. (کیمیا) اسٹرونشیم : ایک ہلکا زرد فلزی ارضی کمیاب عنصر جو خالص حالت میں نہیں ملتا ، اس کے مرکبات نہ صرف ادویات ، شعلہ گیری ، آتش بازی اور برقیاتی ٹیوبوں میں کام آتے ہیں بلکہ چقندری شکر کی صفائی کے لیے بھی استعمال ہوتے ہیں ـ

strontic, a. اسٹرونشیم صفت ـ

strontium, n. (کیمیا ، طبیعیات) اسٹرونشیم ۹۰ : بالائی معدن کا ایک تابکار ہم جا جو بعض جوہری تعامل کے نتیجے میں پیدا ہوتا ہے اور نباتات اور حیوانات میں سرایت کر جانے کی صلاحیت کی وجہ سے خطرناک ہوتا ہے ـ

strop, n. پٹاس : استرے کو تیز کرنے والی (لکڑی پر لگی ہوئی) چمڑے کی پٹی ـ (فعل متعدی) استرے کو پٹاس پر تیز کرنا ـ

strophanthin, n. (علم ادویہ) ایک گلائیکو سائیڈ دوا جو ایک افریقی پودے (کچلے کی قسم) کے بیجوں سے حاصل کی جاتی ہے اور امراض قلب کے علاج میں استعمال ہوتی ہے ـ دیکھیے : Glycoside

strophe, n. اسٹروفے : اس یونانی غنائیہ کا ایک بند جسے چند گلوکار اس وقت مل کر گایا کرتے تھے جب وہ دائیں سے بائیں جانب مڑتے تھے : وہ بند جسے پنڈاری غنائیے میں جوابی بند کے اسٹروفے کی طرز کا ـ

strophic, strophical, a. اسٹروفے کی طرز کا ـ

stroud, n. دُھسہ : موٹی جھوٹی اون کا ملبوس یا کمبل جسے کبھی شمالی امریکی انڈین لوگوں کے ساتھ چیز کے بدلے چیز کے کاروباری لین دین میں استعمال کیا جاتا تھا ـ

struck, a. کارکنوں کی ہڑتال کے باعث بند (کوئی فیکٹری یا کاروبار) ـ

structural, a. بناوٹ ، ساخت یا ڈھانچے کا یا اس سے متعلق : ڈھانچے کے لیے ضروری ـ (حیاتیات) جسمانی ڈھانچے سے متعلق : حیوانات و نباتات کی صورت پذیری سے متعلق ـ (ارضیات) چٹانی ساخت سے متعلق ـ (کیمیا) کسی شے کے سالموں کو تشکیل دینے والے ایٹموں کی ترتیب یا طریق وابستگی سے متعلق (جیسے : a structural formula) : کسی ساخت یا تشکیل کا ثمر یا اس کے باعث (ہونے والی کوئی کفایت) ـ

structurally, adv. ساخت کے لحاظ سے ـ

structural formula, n. (کیمیا) کسی سالمے میں ایٹموں کے روابطی تعلقات کا ، خاکے کی شکل میں بطور علامت : اظہار : ترکیبی ضابطہ ـ

structural iron, n. سریا : گارڈر : تعمیرات میں کام آنے والا یا اس مقصد کے لیے ڈھالا گیا لوہا ـ

structural steel, n. عمارتی فولاد : عمارتی تعمیر میں استعمال ہونے کے لیے ڈھالا یا ساخت کردہ فولاد ـ

structure, n. ڈھانچا : ترتیب : بناوٹ : عمارت : تعمیر یا کسی تنظیم کا انداز : اجزا ، ٹکڑوں یا عناصر ترکیبی کی ترتیب : دستور : اجزا یا عناصر کی ایک خاص ترتیب : بُنائی ، تعمیر کی گئی کوئی شے : عمارت ، بڑی عمارت ، پُل : اجزا کے باہم ملا دینے یا جوڑ دینے سے تشکیل پانے والی کوئی شے : پشتہ یا ڈھانچا : کسی قسم کی تعمیر : تنظیم ـ (عمرانیات) عقائد ، قوانین یا اصولوں کا اور بین

الجماعتی ، بین الافرادی اور بین الاداراتی تعلقات کا ایک نسبتاً مستحکم نمونہ جو کسی معاشرتی گروہ کے لیے تعاون باہمی کے ڈھانچے کا کام دیتا ہے ۔ (حیاتیات) عضویاتی ساخت ؛ اعضا اور ریشوں کی ترتیب اور تشکیل ؛ کوئی وجود نامیہ (جزوی یا کلی طور پر) ۔ (کیمیا) کسی سالمے میں ایٹموں کی نسبتی ترتیب ؛ سالمی ساخت ۔ (طبیعیات) ترتیب اجزا ؛ ایسی ترتیب اجزا کے نقاط ترتیب ۔ (ارضیات) ان اجزا کی ترتیب جن سے کوئی معدن یا چٹان بنی ہوئی ہو ؛ چٹانوں کے مختلف مجموعی خصائص ، جیسے طبقات بندی اور ان کے شگاف ؛ ان خصائص کے حوالے سے کسی چٹانی تودے کی کوئی خصوصیت ؛ تہوں یا طبقات کی ترتیب ۔ (فعل متعدی) ڈھانچا مہیا کرنا ؛ تعمیر کرنا ۔

structured, a. ساخت کا ۔

structureless, a. بے ترتیب ؛ بلا خاص بناوٹ والا ۔

structurelessness, n. بلا ساخت ؛ بلا ترتیب ۔

strudel, n. گوندھے ہوئے میدے کی پتلی سی پرت میں ، پھل ، پنیر وغیرہ ڈال کر اور گول کر کے تیار کی گئی پیسٹری ۔

struggle, v.i. کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ کسی مخالف کے ساتھ مقابلہ کرنا (کشتی وغیرہ میں) ؛ کسی مخالف قوت کے خلاف طاقت کا استعمال کرنا ؛ زبردست مدافعت یا مزاحمت کرنا ؛ کسی کام یا مسئلے میں جان مارنا ؛ کسی مشکل کام میں ہاتھ ڈالنا (جیسے : to struggle for existence) ؛ پوری کوشش اور جدوجہد سے کام لیتے ہوئے آگے بڑھنا (جیسے : to struggle through the snow) ۔ (فعل متعدی) کش مکش سے باہر نکلنا (جیسے : to struggle oneself out of a tight place) ؛ جان مار کر اپنے لیے کوئی راستہ نکالنا ۔ (اسم) جدوجہد یا سعی ؛ جسمانی زور آزمائی کا سلسلہ (پہلوانوں یا باہم مزاحم قوتوں کے درمیان) یا بقائے ذات کی خاطر یا حصول مقصد کے لیے حالات کے خلاف مسلسل کوشش ۔

struggler, n. زور آزما ؛ زور آزمائی یا جدوجہد کرنے والا یا ہاتھ پیر مارنے والا ۔

struggling, a. زور آزما ؛ جدوجہد میں لگا ہوا ؛ روزی کمانے کے لیے ہاتھ پاؤں مارتا ہوا (جیسے : a struggling professional man) ۔

strugglingly, adv. بڑی کش مکش سے ؛ بڑی کوشش سے ۔

strum, v.i., v.t. کسی تانتل ساز پر ہلکے ہلکے انگلیاں پھیرتے جانا (جیسے : to strum a guitar) ۔ (اسم) چھلنی (کسی خول وغیرہ میں لگی ہوئی) ۔

strummer, n. دھیرے دھیرے ساز بجانے والا ۔

struma, n. (امراضیات) گلٹی یا خنازیری ورم ؛ کنٹھ مالا ؛ گلھڑ ؛ گھینگا ۔ (نباتیات) ڈوڈے کی ایک جانب پیدا ہو جانے والا ابھار (جیسا کائی وغیرہ میں ابھر آتا ہے) ۔

strumatic, strumous, strumose, a. خنازیر کے مرض والا ؛ خنازیری ۔

strumpet, n. کسبی ؛ کنجری ؛ فاحشہ ؛ رنڈی ۔

strung out, a. (عوامی) (۱) نشہ آور دوا کا عادی ۔ (۲) جسے نشہ آور دوا نے کمزور کر دیا ہو ۔

strut, v.i. مٹکنا ؛ ناز و انداز سے تن کر چلنا ۔ (فعل متعدی) اکڑ دکھانا ؛ اکڑ کا مظاہرہ کرنا ۔ (اسم) پُرغرور ، طمطراقی چال یا قدم ؛ اکڑ ؛ رعونت ۔

strutter, n. اکڑ کر یا اترا کر چلنے والا ۔

strut, n. اڑواڑ ؛ سہارن (ڈھارس) جو عام طور پر طولاً لگائی جاتی ہے ؛ آڈ (وزن یا دباؤ کو بانٹ لینے کے لیے) ؛ ڈابی ۔ (فعل متعدی) ڈھارسیں لگانا (دینا) ؛ اڑواڑ لگانا ۔

struthious, a. نعامی ؛ شترمرغ نما یا اس سے متعلق ؛ کسی جسیمہ سے ، نہ اڑنے والے پرندے سے متعلق ؛ شتر مرغ کا ۔

strychnine, strychnia, n. (علم ادویہ) جوہر کچلا ؛ ایک بے رنگ زہریلا قلوی زہر جو قلمی صورت میں ہوتا ہے اور شرق الہند میں پائے جانے والے ایک درخت سے حاصل ہوتا ہے ؛ یہ زہر بھی ہے اور فاد زہر بھی ؛ خود اس کا درخت ۔

strychnic, a. کچلے کا ۔

strychninism, n. (امراضیات) کچلے کی زیادہ خوراک یا زائد استعمال سے پیدا ہونے والی مریضانہ کیفیت ؛ سمیّت ، اثر کچلا ۔

stub, n. درخت کا ٹھنٹھ ؛ ٹوٹا ؛ استعمال کے بعد کسی چیز کا باقی ٹکڑا ، جیسے سگریٹ یا پنسل کا ؛ کند نوک والا قلم ؛ ٹکٹ یا چیک سے اس کا الگ کر لیا جانے والا حصہ ؛ استعمال شدہ (گھسی ہوئی) نعل ۔ (فعل متعدی) کسی ابھری یا آگے کو نکلی ہوئی رکاوٹ سے پاؤں ٹکرانا ؛ سگریٹ کو کچل دینا ؛ جڑوں سے صاف کر دینا ۔

stubby, a. ٹھنٹھ کا سا ۔

stubble, n. مُڈھ ؛ کٹائی کے بعد کھیت میں باقی رہ جانے والی جڑیں ؛ کوئی بھی کھردری ابھرتی شے ، جیسے ڈاڑھی کی کھونٹیاں یا خشخشی بال ؛ نرانی ۔

stubbled, stubbly, a. خشخشی یا کھونٹی دار (بال) ۔

stubborn, a. متمرد ؛ ضدی ؛ خود سر ؛ کسی کی نہ سننے والا ؛ ہٹیلا ؛ قابو میں نہ آنے یا رہنے والا ؛ بہت سخت ، جیسے زرعی زمین یا دھات ۔

stubbornly, adv. سختی سے ؛ ضد کے انداز میں ۔

stubbornness, n. ضد کا مادہ ؛ ہٹیلا پن ؛ تمرّد ۔

stucco, n., a. گھروں کی دیواروں پر استرکاری کرنے میں برتا جانے والا مسالا (سیمنٹ ، بجری وغیرہ) یا کوئی بینٹ ، بالخصوص کنگنیوں ، حاشیوں کی سجاوٹوں میں لگایا جانے والا مسالا ، خصوصاً جو بجھے ہوئے چونے ، کھریا ، سفید مرمر کے برادے یا پلاسٹر آف پیرس اور گوند سے بنا ہو ؛ کسی دیوار پر کیا گیا پلستر کا آخری لیپ ۔ (فعل متعدی) پلستر کرنا ؛ حاشیہ کاری کرنا ۔

stuccowork, n. استر کاری ؛ پلستر کاری ۔

stuck-up, a. (بول چال) خود بین ؛ متکبر ؛ خود پسند ۔

stud, n., a. نسل کش گھوڑا ؛ وہ جگہ جہاں اچھی نسل کے گھوڑے پالے جاتے ہوں ؛ ایسی جگہ پالے جانے والے کل گھوڑے جو شکار یا دوڑ کے لیے مخصوص ہوں ؛ کسی دوسری قسم کے پالے گئے جانوروں کی کل راس ؛ دوسرے پالتو جانوروں کی نسل کشی کے لیے رکھا گیا سانڈ یا مینڈھا ۔

at stud, نسل کشی کے لیے موجود (نر جانور) ۔

stud, n. گھروں میں ذیلی تقسیم کے لیے کھڑی کی گئی وہ کڑی یا کھمبا جو عموداً ہوتا ہے اور اس پر افقاً پٹیاں یا تختے لگا دیے جاتے ہیں ؛ پردہ چوب ؛ سجاوٹ کے لیے جڑی ہوئی گل میخ ؛

گُھنڈی ؛ کسی چیز پر بنایا ہوا کوئی سا آرایشی ابھار ؛ اسٹڈ ؛ ایک سجاوٹی بٹن یا بندھن ، جس کے سرے پر ایک چھوٹی سی گُھنڈی ہوتی ہے جو زنجیر سے منسلک ہوتی ہے ، یہ لباس یا قمیص کے حصوں کو جوڑے رکھتا ہے ؛ مشینوں وغیرہ میں مختلف سانچے ، سوئیاں وغیرہ جو ابھری ہوئی ہوں ۔ (فعل متعدی) پردۂ چوب گاڑنا ؛ گل میخی کرنا ؛ گھنڈیاں بنانا یا لگانا ۔

studding, n. پردہ چوب کاری ۔

studbook, n. نسل نامہ ؛ ایک رجسٹر جس میں گھوڑوں ، مویشیوں اور دوسرے پالتو ، بالخصوص اعلیٰ نسل کے جانوروں کا شجرہ نسب رکھا جاتا ہے ۔

studdingsail, stunsail, n. (جہاز رانی) ھلکی ہوا کے وقت بڑے بادبانوں میں سے کسی ایک کے کنارے پر ، اٹھا کر لگایا گیا بادبان ۔

student, n. طالب علم ؛ علم حاصل کرنے والا ؛ متعلّم ؛ وہ شخص جو کسی تعلیمی ادارے ، خصوصاً ہائی اسکول یا کالج میں زیر تعلیم ہو ؛ کسی سنجیدہ اور باضابطہ مطالعہ میں منہمک شخص ؛ آموزگار ۔

studentship, n. طالب علمی ؛ تعلیمی وظیفہ ۔

student lamp, n. چراغ متعلّم ؛ میز پر رکھا جانے اور حسب ضرورت اونچا نیچا کیا جانے والا لیمپ ۔

student teacher, practice teacher, n. متعلم مُعلم ؛ استاد بننے کے لیے تحصیل علم کرنے والا اور تربیتی پروگرام میں حصہ لینے والا ؛ زیر تربیت استاد ؛ زیر مشق متعلّم ۔

studhorse, n. نسل افزا گھوڑا ؛ اصیل گھوڑا ؛ سانڈ ۔

studied, a. سوچی سمجھی ؛ دانستہ ؛ جان بوجھ کر (جیسے : a studied insult) ۔

studiedly, adv. دانستہ طور پر ؛ عمداً ۔

studiedness, n. دانستگی ۔

studio, n. کسی پینٹر یا مجسمہ ساز وغیرہ کا اطاق کار ؛ مطالعہ خانہ ؛ تصویریں اتارنے والا کمرہ ؛ وہ جگہ جہاں سے ٹی وی یا ریڈیو کے پروگرام نشر کیے جاتے ہیں ؛ اسٹوڈیو ۔

studio couch, n. اسٹوڈیو کاؤچ ؛ ایک بے پشت صوفہ جس کے نیچے ایک اور اسی قسم کا صوفہ ہوتا ہے جسے ضرورت کے وقت باہر کھینچ کر دوہرا بستر بنا لیا جاتا ہے ۔

studious, a. مطالعہ دوست ؛ حصول علم میں مصروف یا اس کا شائق ؛ مستعدی اور تن دہی سے علم کا جویا ؛ سوچ سمجھ کر بنایا گیا منصوبہ وغیرہ ؛ غوروفکر کا یا مطالعہ کا نتیجہ ۔

studiously, adv. سرگرمی اور مستعدی کے ساتھ ۔

studiousness, n. مطالعے کا شوق ؛ علم دوستی ۔

stud poker, n. (تاش) پانچ پتی ؛ ایک کھیل جس میں پانچ پتے ہر کھلاڑی کو بانٹ دیے جاتے ہیں اور پہلے پتے کو الٹا رکھ کر داؤ لگایا جاتا ہے ؛ باقی چار بار بھی ایسا ہی کیا جاتا ہے ؛ بعض اسی طرح سات پتی بھی کھیلتے ہیں ۔

studwork, n. وہ عمارت جس میں لکڑی کا پردہ لگایا گیا ہو یا گل میخی کی گئی ہو یا ان کے ذریعے سے آرایش کی گئی یا سہارا دیا گیا ہو ۔

study, n. مطالعہ ؛ مطالعہ کتب ؛ پڑھائی کی سنجیدہ کوشش ؛ عرق ریزی ؛ کوئی شاخ مطالعہ ؛ موضوع مطالعہ ؛ مطالعہ خانہ ؛ اطاق مطالعہ ؛ دور تامل و فکر ؛ خیال بافی ؛ کسی تحقیق کے بارے میں لکھی گئی رپورٹ ؛ مکالمے یاد کر لینے والا اداکار ۔ (موسیقی) وہ نغمہ یا ترتیب جس کا خاص مقصد مہارت کو ابھارنا ہو ؛ ریاض ۔ (آرٹ) کسی تصویر کا ابتدائی خاکہ ؛ کچی تصویر ۔ (فعل لازم) مطالعہ کرنا ؛ غور کرتے رہنا ، غوروفکر میں محو ہونا ؛ سرگرم ہونا ۔ (فعل متعدی) تحصیل علم کے لیے کسی خاص موضوع پر دماغ لڑانا ؛ گہرائی سے غور کرنا ؛ گہرائی سے معائنہ کرنا ؛ زبانی یاد کرنا ۔

study hall, n. اطاق مطالعہ ؛ بعض مدارس میں صرف مطالعے کے لیے مخصوص کیا گیا کمرہ ؛ طالب علم کے لیے دن بھر میں مطالعہ کا مقررہ دورانیہ ۔

stuff, n. غیر محدود طور پر کوئی مادہ یا مواد ؛ وہ شے جس سے کوئی شے بنی یا بنائی گئی ہو ؛ مواد ؛ فرنیچر ؛ بے کار یا ناکارہ مواد ؛ احمقانہ یا غیر معقول زبان ؛ ردی ؛ ذاتی املاک یا سامان ۔ (برطانوی) صرف کی جانے والی چیزیں جیسے غذا ، مشروب یا دوائیں ؛ اونی یا ریشمی کپڑے کا عام نام ۔ (بول چال) کوئی مخصوص گفتگو یا اقدام ؛ کسی کا دائرہ کار یا دائرۂ صلاحیت ۔ (فعل متعدی) ٹھونسنا (ندیدوں کی طرح) ؛ کسی ایک جگہ بھر دینا ؛ کسی چیز کو مکمل کرنے کے لیے اس میں ضروری بھرائی کرنا (جیسے : to stuff a cushion) ؛ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا (کسی شے میں کسی اور شے کو) ؛ کھال بھرنا (کسی مردہ جانور کو اصل صورت میں رکھنے یا پیش کرنے کے لیے) ؛ دماغ کو بھر دینا ؛ جعلی ووٹ ڈالنا (جیسے : to stuff the ballot box) ؛ فرضی داستانوں ، بے بنیاد خیالوں یا حقائق کی بھرمار کر دینا ؛ کسی پکانے والی چیز کو مسالوں وغیرہ سے بھر دینا (جیسے : to stuff a leg of veal) ۔ (فعل لازم) حلق تک ٹھونس لینا ۔

stuffer, n. بھرنے یا ٹھونس لینے والا ۔

stuffless, n. بغیر مسالوں کے ۔

stuffed shirt, n. (بول چال) نمودیا شخص ؛ خود پسند شخص ۔

stuffing, n. بھرت (بھرتی) ؛ وہ شے جسے کسی اور شے کے اندر کھانے پکانے کی غرض سے بھرا گیا ہو ؛ یوں بھرنے کا عمل ؛ ڈبل روٹی کا مسالے دار چورا یا دوسری چیزیں جو بھنے مرغ یا دوسرے گوشت میں پکانے سے پہلے بھری جائیں ۔

stuffing box, n. (مشین) بھرت ڈبہ ؛ اس جگہ یا سوراخ میں رکھی یا لگائی جانے والی کوئی چیز جس کی بدولت وہاں سے کسی پسٹن گولے وغیرہ کے گزرتے وقت گیس ، پانی یا ہوا کا خفیف سا گزر بھی ناممکن ہو ؛ ایک ایسا ظرف جس میں ایک مخروطی جگہ ہوتی ہے جس میں گولہ حرکت کرتا رہتا ہے ان دونوں کے مابین خلا کو کسی شے سے یوں بھر دیا جاتا ہے کہ وہاں ذرا بھی خلا نہ رہے ۔

stuffy, a. حبس دار ؛ ایسی جگہ یا صورت حال کہ سانس لینا دشوار ہو ، جیسے کسی کمرے کی ہوا ؛ دم گھونٹ ۔ (بول چال) قدیم وضع کا ؛ دقیانوسی ۔

stuffily, adv. دم گھٹتے ہوئے ۔

stuffiness, n. حبس ؛ گھٹن ۔

stull, n. (کان کنی) دیوار یا سامنے کے حصے کو

stumpy, a. ٹُنڈا ؛ لنجا ؛ ٹُنڈ ؛ پست قد اور موٹا ؛ ٹنڈ منڈ ؛ گٹھا ہوا ؛ مُڈھ کی کثرت والا ۔

stumpily, adv. گٹھے ہوئے جسم کے ساتھ ۔

stumpiness, n. گٹھا پن ؛ ٹنڈ منڈ ہونے کی حالت ۔

stun, v.t. قوت یا زور کے استعمال سے بے حواس کر دینا ؛ حواس باختہ کر دینا ؛ بالکل حیرت زدہ کر دینا ؛ شور سے کچھ پلے نہ پڑنے دینا ؛ سر چکرا دینا یا بے ہوش کر دینا ۔ (اسم) حیرت ؛ حواس باختگی ۔

stunner, n. حواس باختہ کر دینے والا شخص یا شے ۔ (بول چال) دم بخود کر دینے والی حسین شے یا شخصیت ۔

stunning, a. حیرت انگیز کمال ، جمال ، اسلوب یا جاذبیت وغیرہ لیے ہوئے ؛ حواس باختہ کر دینے والا ؛ تعجب اور تحیر پیدا کرنے والا (والی) ؛ حیرت زا ۔

stuningly, adv. بے حد ؛ بے انتہا ۔

stunsail, stuns'l, n. دیکھیے : Studding sail ۔

stunt, v.t. آزاد طبعی یا بالیدگی میں رکاوٹ ڈالنا ؛ ٹھٹھرانا ؛ تکامل اور نمو کو روکنا ۔ (اسم) رکاوٹ ؛ روک (نمو،تکامل یا ترقی کی راہ میں) ۔ (نباتی امراضیات) طبعی بالیدگی سے محروم ؛ ایک بیماری یا طریقہ جس سے پودے چھوٹے رہ جاتے ہیں ۔

stunted, a. غیر کامل نمو والا ۔

stuntedness, n. غیر کاملیت ۔

stunt, n. کرتب بازی ؛ کھیل کے مقابلوں میں اپنی طاقت ، مہارت وغیرہ کا رعب جمانے کے لیے کیا گیا مظاہرہ ؛ کوئی سا غیر معمولی یا جرأت آزما کرتب (جو لوگوں کی توجہ اپنی طرف کرنے کے لیے یا شہرت کرِ لیے دکھایا گیا ہو) ؛اسٹنٹ ۔ (فعل لازم)اسٹنٹ دکھانا ۔ (فعل متعدی) موٹر وغیرہ کو کرتب نمائی میں لے آنا ۔

stupa tope, n. اسٹوپا ؛ گوتم بدھ یا اس کے کسی سنت کی یاد میں کوئی گنبد نما اور مقدس یادگار ؛ ٹوپ ۔

stupe, n. (طب)رفادہ ؛ ٹکورپٹی ؛ زخم وغیرہ پر لگائی یا رکھی جانے والی گرم اور تر پٹی جس میں کبھی کبھی کوئی دوا بھی ڈال دی جاتی ہے ۔

stupefacient, stupefactive, a. مخدّر ؛ حواس باختہ یا حیرت زدہ کر دینے والا ؛ سکتے میں ڈال دینے والا ؛ ہوشربا ۔ (اسم) مخدر دوا ؛ بے ہوش کر دینے والی دوا یا کوئی عامل ۔

stupefaction, n. تخدیر ؛ حیرت زدگی ؛ حواس باختگی یا ایسا کر دینے کا عمل ؛ بے ہوشی ؛ تعجب ؛ ہوشربائی ۔

stupefy, v.t. دم بخود کر . نا ؛ مخدّر کرنا ؛ بدحواس کر دینا ؛ حواس کو مختل کر دینا ؛ صلاحیتوں کو منجمد کر دینا ؛ نشے والی ادویات ،شدید صدمے یا انتہائی جذبات انگیزی کے ذریعے مدہوش کر دینا ؛ حیران کر دینا ؛ انتہائے تعجب میں گرفتار کر دینا ؛ ہکا بکا کر دینا ۔

stupefiedness, n. مدہوشی ؛ تخدیر ۔

stupefier, n. مدہوش کر دینے والا ۔

stupefyingly, adv. مدہوش کرتے ہوئے ۔

stupendous, a. عظیم اور حیرت انگیز ؛ حیران کن رفعت اور منزلت والا ؛ پرشکوہ ؛ رفیع الشان ۔

سہارا دینے والی بلّی ؛ شہتیر کھڑے کر کے ان کے اوپر تختے رکھ کر سہارے یا حفاظت کے لیے بنایا ہوا کان کے اندر کا چار چوبی سلسلہ ۔

stultify, v.t. بے وقوف و بے ہنگم بنانا یا بنا کر دکھانا ؛ بالکل بے کار و بے اثر کر دینا جیسے کوشش ۔ (قانون) خرابئ دماغ کا الزام لگانا یا ثابت کر دینا ۔

stultification, n. تضحیک ۔

stultifier, n. مضحک بنانے والا یا جس کی تضحیک کی جائے ۔

stum, n. بلا خمیر انگوری رس ؛ کچی یا تازہ شراب ؛ افشردہ شراب ۔ (فعل متعدی) پُرانی شراب میں نئی انگوری افشرد ملا کر خمیر اٹھانا ۔

stumble, v.i. ٹھوکر کھا جانا ؛ اوچھا قدم پڑنا ؛ لڑکھڑانا ؛ ڈانواں ڈول چلنا ؛ جھجک جھجک کر بات کرنا؛ اتفاقاً پا لینا ، (بعد میں on یا upon لگاتے ہیں) ۔ (فعل متعدی) لڑکھڑانے کا باعث بننا؛ الجھن میں ڈال دینا ۔ (اسم) ٹھوکر؛ اوچھا قدم؛ لڑکھڑاہٹ ؛ بڑی غلطی ۔

stumbler, n. ٹھوکر کھانے والا ۔

stumblingly, adv. ٹھوکریں کھاتے ہوئے ۔

stumblebum, n. (عوامی) مخبوط الحواس کی سی حرکت کرنے والا؛ اوچھے وار کرنے والا، پیشہ ور مکہ باز ۔

stumbling block, n. سنگ راہ ؛ راہ کا روڑا ؛ راستے کا پتھر ؛ سد راہ ۔ (مجازاً) ترقی کی راہ میں رکاوٹ ۔

stump, n. ٹھنٹھ؛ مُڈھ ؛ درخت یا پودے کا نچلا حصہ جو تنے کے گرنے یا کٹنے کے بعد رہ گیا ہو ؛ جسمانی اعضا میں سے کسی ایک کے کٹ جانے یا کاٹ دیے جانے کے بعد باقی رہنے والا ٹنڈ ؛ کوئی نیم بالیدہ عضو یا حصہ ؛ کسی شے کا چھوٹا سا باقی ماندہ حصہ ، جیسے سگریٹ کا ٹوٹا ؛ کسی لنگڑے یا مصنوعی ٹانگ والے انسان کا قدم یا ڈگ ؛ گٹھا ہوا پست قد آدمی ؛ مصنوعی ٹانگ ؛ دعوت مبارزت ؛ سیاسی تقریروں کے لیے بنا ہوا پلیٹ فارم یا ایسی کوئی جگہ ۔ (کرکٹ) وکٹ ؛ ان تین عمودی چوبکوں میں سے کوئی ایک جو اوپر رکھی گلیوں کے ساتھ مل کر وکٹ کہلاتی ہیں ؛ ایک بیلن جو چھوٹے دبیز کاغذ یا چمڑے وغیرہ کے لپٹے ہوئے بلندے سے عبارت ہوتا ہے ، اس کے دونوں جانب کند نوکیں ہوتی ہیں اور اس سے خاکہ کشی میں‌پنسل ،رنگین کھریا یا کوئلے سے خاکے کو حسب تقاضا ہلکا،گہرا ، بہت گہرا کیا جاتا ہے ؛اسٹمپ ۔ (فعل متعدی) ٹنڈ منڈ کر دینا ؛ سربریدہ کر دینا ؛ اوپر سے کاٹ دینا ؛ کھیت میں سے ٹھنٹھ یا مڈھ اکھاڑنا ؛ سراسیمہ کر دینا ؛ ششدر کر دینا یا ہراساں کر دینا ۔ (بول چال) پاؤں کی انگلی کو ٹھنٹھ سا کر لینا ؛ چیلنج کرنا ؛ کوئی کام کر لینے کو میدان میں اتر آنا ؛ بے سروپا کی باتیں کرنا ؛اسٹمپ کے ذریعے پنسل کے بنائے ہوئے خاکے کو حسب تقاضا کرنا ۔ (فعل لازم) یوں شکستہ پائی کے ساتھ اور بے ڈھب طریقے سے چلنا ، جیسے مصنوعی ٹانگ سے چل رہا ہو ؛ سیاسی پلیٹ فارم سے تقریر کرنا ۔

stumper, n. لنگڑاتے ہوئے چلنے والا ؛ سیاسی پلیٹ فارم سے تقریر کرنے والا ۔

stumpage, n. کسی کی زمین پر سے عمارتی لکڑی یا مُڈھ کاٹنے کا حق ؛ اپنی مالیت کے لحاظ سے ایستادہ عمارتی لکڑی ؛ ایسی کاٹنے والی عمارتی لکڑی کی قیمت ۔

stump speaking, n. سیاسی مبارزت کے دوران تقریر بازی ۔

stupendously, adv. نہایت پرشکوہ طور پر ۔

stupendousness, n. عظمت ؛ شکوہ ؛ رفعت ؛ منزلت ۔

stupid, a., n. ادراک اور فہم سے عاری ؛ کم فہم ؛ بے سمجھ ؛ بونگ ؛ نادان ؛ بے وقوف ؛ کم عقل ؛ ناسمجھ ؛ بدھو ؛ مخبوط ؛ اکتا دینے والا ؛ سپاٹ (جیسے : a stupid movie) ؛ سکتے کے عالم میں ۔

stupidly, adv. بے وقوفی سے ۔

stupidness, n. بے وقوفی ؛ کند ذہنی ؛ بونق پن ۔

stupidity, n. حماقت ؛ احمقانہ حرکت ، رویہ ، خیال ، رائے یا گفتگو ۔

stupor, n. سکتہ ۔ سکتے کی حالت (مرض ، نشیلی شے ، مخموری وغیرہ کے باعث) ؛ فقدان یا تعطل حواس ؛ ذہنی بے اثری یا بے حسی ؛ خبط الحواسی ؛ مدہوشی ۔

stuporous, a. حواس باختہ ؛ سکتے میں یا ایسی کیفیت پیدا کر دینے والا ؛ مدہوش ۔

sturdy, a. قوی الجثہ ؛ مضبوط قد کاٹھ کا ؛ تنومند ؛ مضبوط ، قوی بنیاد اور تعمیر والا (جیسے : sturdy walls) ؛ پختہ ؛ شجاع ؛ ناقابل تسخیر (جیسے : sturdy resistance) ؛ سخت جان (پودا وغیرہ) ۔

sturdily, adv. مضبوطی سے ۔

sturdiness, n. مضبوطی ؛ قوت ؛ سخت جانی ۔

sturdy n. (بیطاری امراضیات) بھیڑوں کی ایک بیماری (جس میں ان کا سر چکرانے لگتا ہے) ۔ دیکھیے : gid ۔

sturgeon, n. سنگ ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کے انڈے اور مانڈ بہت پسندیدہ غذا ہے ، یہ شمالی خطوں کے نمکین اور میٹھے پانیوں میں پائی جاتی ہے ۔

Sturm und Drang, Storm and Stress, دور جوش و خروش ؛ جرمن ادب کی ایک تحریک اور اس کا ایک دور (۱۷۷۰ تا ۱۷۹۰) ، یہ تحریک بے لچک رسمیت کے خلاف ردعمل کے طور پر ابھری تھی اور اسی لیے شدید جذباتیت اس کا امتیاز تھا ، لہذا اب اس سے کوئی بھی جذبات پرست اور بغاوت پسند بے چینی مراد لی جاتی ہے بلکہ کسی شخص کی ذاتی زندگی میں پیدا ہونے والا ہیجان یا ابھرنے والی تکلیف بھی مراد لی جاتی ہے ۔

stutter, v.t., v.i. ہکلانا ؛ تتلانا ؛ غیر شعوری طور پر یا کسی نقص کا بنا پر رک رک کر ، ٹوٹ ٹوٹ کر لفظوں کا ادا ہونا یا ادا کرنا ۔ (اسم) ہکلاہٹ ؛ تتلاہٹ ۔

stutterer, a. ہکلا ؛ توتلا ۔

stutteringly, adv. ہکلا کر ۔

sty, n. خنزیر باڑا ؛ سور باڑا ؛ کوئی سی گندی اور غلیظ جگہ ؛ قحبہ خانہ ؛ چکلا ؛ وحشیانہ بدکرداری کا اڈا ۔ (فعل لازم و متعدی) سور باڑے میں بند کرنا یا رکھنا یا رہنا ۔

sty, stye, n. (امراضیات) انجن ہاری ؛ گوھیری ؛ گوہانی ؛ گوہانجنی ؛ شعیرہ ؛ پپوٹے پر نکل آنے والی پھنسی ۔

stygian, a. (بعض اوقات چھوٹے s سے) جہنمی ؛ بھیانک ؛ اسٹائکس دریا کے متعلق ؛ جہنم کا سا ؛ دوزخ سے متعلق ؛ غمگین اور افسردہ ؛ واجب التعمیل ؛ جس کی پابندی لازم ہو ، جیسے حلف یا بیمان ۔

stylar, a. اسٹائیلوس سے متعلق ؛ اسٹائیلوسی ؛ اسٹائیلوس کا سا ۔ دیکھیے : stylus ۔

style, n. اسلوب تحریر و تقریر (بلحاظ زبان) ؛ ادب میں موضوع سے زیادہ اسلوب پر زور دینے والا یا اس سے تعلق رکھنے والا ؛ کسی ادیب یا ادیبوں کے گروہ کا شناختی اسلوب ؛ فنون میں خارجی اسلوب ، روش یا انداز ؛ کوئی مخصوص طرز ادا ؛ وہ طور طریقہ جسے موزوں اور شستہ سمجھا جاتا ہو ؛ فیشن (جیسے : a person dressed in style) ؛ کوئی منصبی یا رسمی لفظ ؛ خطاب ؛ عنوان یا نام (جیسے : a company operating under the style of Brown and Smith) ؛ وہ جو اپنے لیے موزوں ہو ؛ کسی ناشر یا طابع کا اختیار کیا گیا مخصوص ٹائپ (طباعت کے سلسلے میں) ؛ لکھنے ، کندہ کرنے یا خاکہ کشی کے لیے مخصوص نوکیلا قلم (اسٹائیلوس) ؛ دھوپ گھڑی کی ایستادہ چھڑی ۔ (جراحی) ایک کند نوک والی سلائی (اسے stylet بھی کہتے ہیں) ۔ (نباتیات) ایک نازک سی پھننگ جو تخم دانی سے پھوٹتی ہے اور اس میں سے زردانوں کی نالیاں نمو پاتی ہیں ۔ (حیوانیات) ایک نازک سا لمبوترا بڑھا ہوا حصہ جو عموماً کسی اور عضو کا حصہ ہوتا ہے ۔ (تقویم) سال کی طوالت کو اس طرح ترتیب دینے کا نظام کہ وہ حقیقی شمسی سال کے مطابق رہے (''نیو اسٹائل'' تقویم جس نے ''قدیم اسٹائل'' تقویم کی جگہ ۱۵۸۲ء میں لے لی تھی) ۔ (فعل متعدی) نام لے کر بلانا یا پکارنا ؛ کسی لباس وغیرہ کو کوئی مخصوص طرز دینا (جیسے : to style a dress) ۔ (فعل لازم) اسٹائیلوس سے کام کرنا ۔

styleless, a. بلا کسی وضع یا انداز کے ؛ بے اسلوب ۔

stylelessness, n. بھدا پن ۔

stylelike, a. اسٹائیلوس کی طرح کا ۔

styler, n. صاحب طرز ؛ خاص اسلوب کا مالک ۔

style book, n. ایک حوالہ نامہ جو ایڈیٹروں ، ادیبوں اور ناشروں کے پاس ہوتا ہے اور اس میں طباعت ، تہجی اور تلفظ کے مروجہ معیار دیے ہوتے ہیں ؛ طرز نامہ ۔

stylet, n. کٹار یا خنجر یا اسی قسم کا کوئی نوکیلا آلہ ۔ (جراحی) لچکیلے قاساطیر میں اسے سخت رکھنے والا تار یا سلائی ؛ سوا ۔

styliform, a. ابرہ نما ؛ گردن نما ؛ اسٹائیلوسی شکل کا یا اس سے مشابہ ۔

stylish, a. کسی وضع یا طرز کا ؛ انوکھا ؛ مروجہ فیشنی معیاروں کے مطابق یا اس سے متعلق ؛ طرحدار ؛ کسی ایک خاص طرز سے متعلق ۔

stylishly, adv. ایک خاص وضع سے ۔

stylishness, n. وضع داری ۔

stylist, n. صاحب طرز ؛ کسی طرز پر کاربند رہنے والا ؛ طرز پیدا کرنے والا یا طرز کا ماہر (خصوصاً ادیب یا مقرر) ؛ فیشن کا موجد ۔

stylistic, stylistical, a. خاص طرز کا ۔

stylistically, adv. اسلوب بیان کے لحاظ سے ۔

stylite, n. منارہ نشین راہب ؛ ستون نشین راہب یا سنت (قدیم ایام کے وہ راہب جو مناروں یا ستونوں پر رہا کرتے تھے) ۔

stylitic, a. منارہ نشینی کرنے والا ۔

stylize, v.t. کسی مخصوص طرز کی پابندی کرنا یا دوسروں کو اس کی پابندی پر مائل کرنا (آرٹ کی پیش کش یا اظہار میں) ؛ طرز ایجاد کرنا ؛ قابل تقلید یا رسمی بنا دینا ۔

stylization, n. تقلید پرستی ۔

stylizer, n. تقلید یا رسم پرست ۔

stylobate, n. (فن تعمیر) وہ مسلسل سی کرسی یا وہ اساسہ جس پر ستونوں کی قطار کھڑی ہوتی ہے ؛ ستونوں کی کرسی ۔

stylograph, n. سوئی قلم ؛ ایک قسم کا خود نویس قلم جس میں لکھنے کے لیے نوکیلی سی کھوکھلی سوئی بنی ہوتی ہے ۔

stylography, n. ابرہ نویسی ؛ اسٹائیلوس (اسٹائل) سے لکھنے یا کندہ نویسی کرنے کا انداز ؛ میخ نویسی ؛ خط میخی ۔

stylographic, stylographical, a. ابرہ نویسی کا ؛ اسٹائیلوگراف سے متعلق یا میخ نویسی میں کام آنے والا ۔

stylographically, adv. ابرہ نویسی کے طور پر ۔

styloid, a. میخی قلم یا اس قسم کے قلم سے قدرے مشابہ ۔ (تشریح الاعضا) بدن میں موجود بعض اسٹائیلوسی شکل کی نمو (مثلاً بازو کی وہ دونوں ہڈیاں جو کہنی سے کلائی تک ہوتی ہیں یا کنپٹی کی ہڈی) ؛ ابریہ ۔

stylolite, n. (ارضیات) سنگ عمودی ؛ مختلف چٹانوں خصوصاً چونے کے پتھر میں ایک طولاً ستون نما رنگین دھاری اور بعض چٹانوں میں اسی مواد کی دھاری جس سے چٹان بنی ہوتی ہے ۔

stylolitic, a. رنگین یا دھاری دار ۔

stylopodium, n. (نباتیات) گھنگا ؛ ایک غدودی طشتری یا پھیلاؤ جو چھتر دار پودوں کی تخم دانیوں کو محیط کیے ہوتی ہے اور زردانی ابریہ کو سہارا دیے ہوتی ہے ۔

stylus, n. اسٹائیلوس ؛ ناقلہ ؛ سوئی ؛ ابرہ نویس ؛ ایک نوکیلا آلہ جس سے موم پر لکھا جاتا ہے ؛ وہ سوئی جس سے صوت نگار ریکارڈ بناتے ہوئے جھریاں سی ڈالتے ہیں ؛ اس قسم کی ایک اور صوت نگاری کی سوئی جس کے ذریعے اس قسم کے ریکارڈ میں سے آواز نکلتی ہے ؛ ایک نوکیلا آلہ جو آرٹ ، ڈرائینگ یا کندہ کاری میں استعمال ہوتا ہے ، جیسے اسٹینسل یا کاربنوں پر لکھنے کے لیے ۔

stymie, stymy, stimy, n. (گالف) اسٹائمی ؛ مخالف کی گیند کی اس وقت سبز پٹی پر موجودگی جب وہ کھلاڑی کی اپنی گیند اور اس گچی کے بالکل درمیان ہو جس کی طرف وہ اسے لے جا رہا ہے اور جب کہ دونوں گیندوں کے درمیان چھ انچ سے زیادہ فاصلہ ہو ؛ گیند کا ایسا محل وقوع یا جگہ یا گیند کی ایسی صورت ۔ (مجازاً) ایسی دشوار صورت جس کے حل ہونے کے امکانات قدرے کم ہوں ۔ (فعل متعدی) راستہ روکنا یا ایسے راستہ روکنا جیسے مخالف کا گیند گالف میں کرتا ہے ؛ اسٹائمی سے مزاحم ہونا ۔

styptic, styptical, a. حابس ؛ زخم سے بہتے خون کو بند کر دینے کی صلاحیت والا ؛ بدنی ریشوں کو سکیڑنے والا ۔ (اسم) حابس دوا ؛ حابس خون (دوا) ۔

stypticity, n. حبس خون ؛ قبض ۔

styptic pencil, n. خون روک پنسل ؛ پنسل کی سی شکل کی ایک ڈنڈی جو استرے وغیرہ سے لگے زخم پر لگائی جاتی ہے تا کہ خون بہنا بند ہو جائے ۔

styracaceous, a. ایک قسم کے درخت یا جھاڑی سے متعلق جس سے رال نکلتی یا نکالی جاتی ہے اور اس پر بڑے بڑے خوشنما پھول لگتے ہیں ؛ عود دار ؛ لوبانی ۔

styrax, n. دیکھیے Storax ۔

styrene, n. (کیمیا) لوبانین ؛ ایک خوشبودار بے رنگ سیال ہائیڈروکاربن جو مصنوعی ربڑ ، پلاسٹک اور رال بنانے کے کام آتا ہے ۔

Styrofoam, n. ہلکا پولسٹرین پلاسٹک جو حاجز شے کے طور پر اور سجاوٹ کے کام آتا ہے ۔ (تجارتی نشان) ۔

Styx, n. (یونانی اساطیر) دوزخ کے پانچ دریاؤں میں سے ایک ، اس پر قارون ملاح مردہ روحوں کو لاتا لے جاتا تھا ؛ دریائے دوزخ ؛ دریائے اسفل (یہ دریا عالم سفلی کو محیط ہیں) ؛ دریائے جہنم ؛ وہ دریا جس کے کنارے دیوتا حلف اٹھایا کرتے تھے ۔

suable, a. عدالتی چارہ جوئی کے قابل ؛ جس پر عدالتی چارہ جوئی کی جا سکتی ہو ؛ قابل دعویٰ ؛ دعویٰ پذیر ۔

suability, n. قابلیت دعویٰ ؛ دعویٰ پذیری ۔

suably, adv. عدالتی چارہ جوئی کرتے ہوئے ۔

suasion, n. ترغیبی عمل ؛ ترغیب کاری ۔

suasive, a. ترغیبی ۔

suasively, adv. ترغیب دلاتے ہوئے ۔

suasiveness, n. ترغیب ۔

suave, a. خوش اطوار ؛ خوش اخلاق ؛ میٹھے سبھاؤ کا ؛ نرم خو ؛ خلیق ؛ بظاہر شایستہ ۔

suavely, adv. خوش اخلاقی سے ۔

suaveness, n. ملائمیت ؛ نرمی ؛ خوش اطواری ؛ خوش اخلاقی ۔

suavity, n. خوش اخلاقی ؛ شایستگی ۔

sub, a. ذیلی ؛ تحتانی ؛ ضمنی ؛ نچلا ؛ ماتحت ؛ مرتبے میں ثانوی (یہ ایک سابقہ ہے اور بعض الفاظ سے پہلے لگایا جاتا ہے ، جیسے sub plot) ۔

sub, v.i. (بول چال) بدل یا متبادل کے طور پر کام کرنا ؛ کسی کی جگہ کام کرنا ؛ قائم مقامی کرنا ۔ (فعل متعدی) (عکاسی) (بول چال) فلم کو زیریں لیپ دینا ۔ (اسم) (بول چال) متبادل ؛ کسی کی جگہ کام کرنے والا ؛ قائم مقام ؛ فلم پر کا نچلا لیپ ۔

sub, n. (بول چال) آب دوز ؛ غوطہ خور کشتی ؛ ڈبکنی کشتی ؛ سب میرین کا مخفف ۔

subacetate, n. (کیمیا) اساسی ایسٹی ٹیٹ ؛ نمک سرکہ ۔

subacid, a. نیم ترش ؛ قدرے ترش (پھل وغیرہ) ۔ (مجازاً) کسی حد تک تیز یا کٹیلا (جیسے a subacid reply) ۔

subacidity, subacidness, n. نیم ترشی ۔

subacidly, adv. نیم ترشی لیے ہوئے ۔

subacute, a. قدرے شدید یا تیز ؛ حاد ۔ (امراضیات) حاد اور مزمن کے درمیان (کوئی مرض) ۔

subacutely, adv. کچھ تیزی سے ۔

subagent, n. نائب گماشتہ ۔

subahdar, subadar, n. [اردو] مغلیہ دور میں حاکم صوبہ دار؛ برطانوی ہندی فوج میں سب سے بلند منصب ہندوستانی فوجی افسر۔

subalpine, a. نیم الپائن؛ کوہ آلپس کی وادیوں یا دامن سے متعلق؛ اس خطۂ کوہ سے متعلق جو بڑے بڑے درختوں کی بالیدگی کے حلقے سے نیچے ہوتا ہے مگر دامن کوہ سے اوپر۔

subaltern, a. ماتحت۔ (برطانوی. عسکری) نچلے مرتبے پر (کا)؛ کپتان سے چھوٹے درجے کا۔ (منطق) اس قضیۂ صغری سے متعلق جو ایک ہی قضیہ کبری سے تعلق رکھتا ہو۔ (اسم) تحتانی؛ ذیلی؛ ماتحت۔ (برطانوی. عسکری) کپتان سے چھوٹا کمیشن افسر۔ (منطق) ایک ہی قضیۂ کبری سے متعلق قضیہ صغری۔

subalternate, a. ادنی؛ تحتانی؛ بعد میں آنے والا۔ (نباتیات) کسی ڈالی پر ایک دوسرے کے بعد لیکن ایک دوسرے سے مخالف سمت پر اگے ہوئے (پتے)۔ (اسم) (منطق) قضیہ خاص (بمقابلہ قضیہ عام)۔

subalternately, adv. ماتحت حیثیت لیے ہوئے۔

subalternation, n. نوبت؛ باری؛ تہ متبادل۔

subapical, a. تحت الراس؛ قریب الراس۔

subapically, adv. تحت الراسی۔

sub-aquatic, a. نیم دریائی؛ تقریباً آبی یا دریائی؛ نیم آبی (جانور)۔

subaqueous, a. زیر آب؛ پانی تلے بنا، جمع یا بیٹھا ہوا؛ پانی تلے موجود یا محو کار یا استعمال میں آنے والا۔

subarctic, a. نیم قطبی (آبی و ہوائی خطہ)؛ دائرہ قطب شمالی سے نیچے کی جانب کا(خطہ)یا اس خطے جیسے حالات والا۔

subassembly, n. ذیلی جماعت (جمیعت)؛ وہ جماعت جو کسی بڑی جماعت کا ایک حصہ ہو۔

subassembler, n. ذیلی جماعت کا رکن۔

subaudition, n. ان کہی کو سمجھ جانے یا پا جانے کی صورت؛ مفہوم مستور؛ درپردہ معنی۔

subaverage, a. اوسط سے کم؛ معمول سے کم تر۔

subbase, n. کسی تعمیر کا سب سے نچلا حصہ (ستون وغیرہ کا) جس کی دو شاخیں ہوں۔ (عسکری) فوجی کارروائی کے لیے بنایا گیا نقل و حمل میں معاونت کے لیے ذیلی اڈا۔

subbasement, n. زیر چھتی؛ بغلی تہ خانہ یا اصلی تہ خانے کے نیچے تہ خانوں کے سلسلے میں سے کوئی ایک۔

subbass, n. (موسیقی) وہ روک جس کے ذریعے کسی ساز کی زیرترین آواز پیدا کی جاسکتی ہے یا کی جاتی ہے۔

subbing, n. (بول چال) عوضی نوکری یا کام (خصوصاً تدریسی)؛ قائم مقامی۔ (عکاسی) فوٹو فلم کو دیا گیا پہلا لیپ یا اس کے لیے استعمال کیا گیا مواد۔ (زراعت) ذیلی آب پاشی۔

subcaliber, a. (عسکری) کم حجم؛ کم بساطی؛ وہ گولہ جس کا قطر اس توپ کے دہانے سے کم ہو جس میں سے اسے داغا جائے، ایسی حالت میں گولے کو یا تو کسی بڑی طشتری کے ساتھ جڑ لیا جاتا ہے یا توپ کے دہانے میں کم چوڑی نالی لگا دی جاتی ہے؛ ایسی توپ یا ایسی گولہ اندازی کے متعلق۔

subcartilaginous, a. (تشریح الاعضا) زیر غضروفی؛ لچک دار ہڈی کے نیچے واقع؛ جس میں ابھی پوری لچک پیدا نہ ہوئی ہو؛ نیم کُرکری۔

subcelestial, a. زیر افلاک؛ ارضی؛ دنیوی۔ (فلکیات) سمت الراس کے عین نیچے۔ (اسم) ارضی مخلوق۔

subcentral, a. مرکز کے نیچے؛ کم و بیش مرکزی۔

subcentrally, adv. کم و بیش مرکزی حیثیت لیے ہوئے۔

subchaser, n. آبدوز کا پیچھا کرنے والا۔

subchloride, n. (کیمیا) وہ کلورائیڈ جس میں کلورین نسبتاً کم ہو۔

subclass, n. ذیلی درجہ۔ (حیاتیات) درجہ کی ذیلی لیکن ہم قسمی تقسیم۔ (فعل متعدی) ذیلی درجوں میں تقسیم کرنا۔

subclavian, a. (تشریح الاعضا) ہنسلی کی ہڈی کے نیچے واقع یا اس رگ وغیرہ کے متعلق جو ہنسلی کی ہڈی کے نیچے ہوتی ہے۔ (اسم) (تشریح الاعضا) ہنسلی ہڈی کے نیچے موجود کوئی رگ وغیرہ یا اس کے نیچے سے گزرنے والی شریان؛ زیر ترقوی۔

subclavian artery, n. (تشریح الاعضا) زیر ترقوی شریان؛ ہنسلی کے نیچے بازو کی بڑی شریان۔

subclavian vein, n. (تشریح الاعضا) ہنسلی کے نیچے سے بازو کی طرف جانے والی بڑی ورید؛ زیر ترقوی ورید۔

subclimax, n. (ماحولیات) وہ شجر یا جانور وغیرہ جو خارجی اسباب مزاحمت کے باعث پورے طور سے بڑھنے نہ پائے؛ نیم رستہ۔

subclinical, a. (طب) وہ خرابی جس کا سراغ عام آزمایشی تجربوں کے ذریعے ممکن نہ ہو (علامات کے بہت خفیف ہونے کے باعث)؛ تحت سریری؛ غیر طبی؛ غیر علاماتی۔

subclinically, adv. تحت سریری یا غیر طبی انداز میں۔

subcommittee, n. ذیلی مجلس؛ خاص کام کے لیے ذیلی کمیٹی۔

subcompact, a. آٹوموبائل جو مختصر کار سے چھوٹی ہو۔

subconscious, a. نیم شعوری حالت میں؛ نیم بے ہوشی میں۔ (اسم) ذہنی کار پردازیوں کا وہ حصہ جو حدود شعور سے باہر ہوتا ہے؛ تحت الشعور۔

subconsciously, adv. تحت الشعوری طور پر۔

subconsciousness, n. تحت الشعور۔

subcontinent, n. برصغیر؛ برکوچک؛ نیم قارہ؛ کسی براعظم کا نسبتاً اس سے بے تعلق قطعہ، جیسے برصغیر پاک و ہند یا خشکی کا وہ قطعہ جو براعظم سے چھوٹا ہو، جیسے گرین لینڈ۔

subcontinental, a. برصغیر کا۔

subcontract, n. ذیلی ٹھیکہ (سابقہ ٹھیکے یا اس کے کسی جزو کے لیے)۔ (فعل لازم و متعدی) ذیلی ٹھیکہ کرنا/لینا۔

subcontractor, n. ذیلی ٹھیکیدار۔

subcontrariety, n. نیم متناقضی؛ دو نیم متضاد قضیوں میں باہمی تعلق۔

subcontrary, n., a. نیم متناقض؛ نیم متضاد قضیہ؛ وہ قضیہ جس کا دوسرے کے ساتھ اس قسم کا تعلق ہو کہ ان میں سے دونوں

subduct, v.t. (قدیم) ہٹا دینا ؛ واپس لے لینا ؛ ریاضی کے طریقے سے تفریق یا منہا کرنا ۔
subduction, n. منہائی ؛ تفریق ۔
subdue, v.t. زیر کر لینا یا فتح کر لینا ؛ زیر نگیں کر لینا ؛ عمل داری میں لے آنا ؛ بڑی طاقت سے غلبہ پا لینا ؛ رام کر لینا ؛ کسی نرم یا نرمانے والے طریقے سے دام میں لے آنا ؛ غالب آ جانا ؛ نظم و ضبط سے قابو کر لینا ؛ دل نرم کر دینا یا پگھلا لینا ؛ شدت کم کر دینا یا فرو کرنا ۔
subduable, a. غلبہ پذیر ؛ جس پر غلبہ پایا جا سکے ۔
subduer, n. مغلوب کن یا غالب ۔
subdual, n. تسخیر ؛ تغلب ۔
subentry, n. ذیلی اندراج ۔
suber, n. کاک ؛ کارک ۔
suberous, suberic, a. کارک کی طرح کا ۔
suberect, a. نیم ایستادہ ؛ گویا سیدھا ، جیسے درخت ۔
suberic acid, n. (کیمیا) دو ہائیڈروجنی ایٹموں والا تیزاب جسے شورے کے تیزاب کے کارک یا کسی اور روغنی مواد پر ردعمل سے حاصل کیا جاتا ہے، یہ سفید قلمی شکل میں ہوتا ہے ۔
suberin, n. کاکی مادہ ؛ سبیرین ؛ ایک روغنی آب روک مواد جو موم سے ملتا جلتا ہے اور پودوں کی چھال کے ایک پرت میں موجود ہوتا ہے ۔
suberize, v.t. (نباتیات) کارک کے ریشے میں تبدیل کرنا ۔
suberization, n. کارک شدگی ۔
suberose, a. کارکی ؛ کارک کا سا ۔
suberous, suberic, a. کارک کی طرح ؛ کارک صفت ۔
subfamily, n. (حیاتیات) ذیلی خاندان ؛ کسی جاندار کی فرع یا ذیلی شاخ جو خاندان (نوع) سے نیچے اور جنس سے اوپر ہو ۔ (لسانیات) ہم شجرہ زبانوں کی درجہ بندی میں شاخ سے پہلے کی تقسیم ۔
subfix, n. پس نوشت ؛ پس تحریر ؛ حرف ؛ علامت یا نشان ۔
subfossil, a., n. نیم متحجر حالت میں ؛ نیم رکازی ؛ قدرے پتھرایا ہوا ۔ دیکھیے : fossil ۔
subfreezing, a. سیال کے لیے نقطۂ انجماد سے کم درجۂ حرارت ۔
subfuse, a. دھندلا ؛ قدرے سیاہ ؛ سیاہی مائل ۔
subfuscous, a. نیم دھندلاہٹ لیے ہوئے ۔
subgenus, n. (حیاتیات) تحتانی جنس ، گروہ یا قسم جو جنس سے نیچے لیکن نوع سے اوپر ہو ۔
subglacial, a. تحت گلیشیر (جیسے : a subglacial stream) ۔
subglacially, adv. گلیشیر کے نیچے بہتے ہوئے ۔
subgrade, n. چٹان یا زمین کی وہ سطح جس سے سڑک بنانے میں بنیاد کا کام لیا گیا ہو ۔
subgroup, n. ذیلی گروہ ؛ گروہ کا کوئی ایک جز ۔

درست تو ہو سکتے ہیں لیکن دونوں غلط یا باطل نہیں ہو سکتے ۔
subcool, v.t. یخ ٹھنڈا کرنا ۔
subcordate, a. تقریباً قلب کی صورت کا ، جیسے پتے ۔
subcortex, n. (حیاتیات) نیم قشرہ ؛ دماغ کے وہ حصے جو براہ راست مغز کی جھلی (قشرۃ الدماغ) کے نیچے واقع ہیں ۔
subcortical, a. (حیاتیات) نیم قشری ؛ مغز کے بالکل نیچے ۔
subcritical, a. (طبیعیات) نیم نازک ؛ تابکاری مواد کی ایسی حالت یا مقدار سے متعلق جو کسی مواد میں تعامل کے سلسلے کو سطح تسلسل پر قائم رکھنے کے لیے کافی ہو ۔
subculture, v.t. فرعی کِشت کرنا ؛ کسی مختصر حصے کو منتقل کرنا جیسے جراثیم کی کشت کو کسی نئے واسطے میں ۔ (اسم) (جرثومیات) جراثیم کی وہ کشت جو کسی دوسری فصل سے حاصل کی گئی ہو ؛ فرعی کشت ۔ (عمرانیات) کسی نسلی گروہ کا وہ حصہ جو اپنی بیشتر ممتاز خصوصیات کی بنا پر اپنے بڑے گروہ سے مختلف ہو ؛ ذیلی ثقافت ۔
subcultural, a. ذیلی ثقافتی ۔
subcutaneous, a. زیرِ جلدی ؛ جلد کے عین نیچے موجود یا بنا ہوا ؛ زیر جلد داخل کیا گیا جیسے ٹیکا ۔
subcutaneoulsy, adv. مندرجہ بالا طریقے سے ۔
subcutis, n. جلد ثانی کا سب سے نچلا حصہ ۔
subdeacon, n. نائب ڈیکن ۔
subdebutante, subdeb, n. نوعمر لڑکی ؛پندرہ،سولہ سال کی لڑکی ؛ نیم بالغ ۔
subdentate, a. نیم دندانہ دار ؛ جس کا کٹاو پوری طرح نہ بن پایا ہو ؛ نامکمل یا جزوی طور پر دندانے دار (جیسے : subdentate leaf) ۔
subdepot, n. (برطانوی،عسکری) ذیلی ڈپو ؛ بڑے ڈپو کے ماتحت چلنے والا چھوٹا ڈپو (عموماً فوجی اور کسی مخصوص مقصد کے لیے) ۔
subdiaconal, a. نائب ڈیکن سے متعلق ۔
subdiaconate, n. نائب ڈیکن کا مقام اور منصب یا ان کا گروہ بحیثیت مجموعی ۔
subdivide, v.t. ذیلی تقسیم کرنا ؛ تقسیم در تقسیم کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے یا حصے حصے کر دینا ؛ زمین کو قطعہ قطعہ کرنا ۔ (فعل لازم) تقسیم در تقسیم ہونا ۔
subdividable, a. قابلِ ذیلی تقسیم ۔
subdivider, n. ذیلی تقسیم کار ۔
subdivision, a. ذیلی تقسیم یا ذیلی قسمت ؛ تقسیم در تقسیم کا حاصل ؛ مکانات بنانے کی خاطر پلاٹوں میں تقسیم کی گئی زمین ؛ کسی بڑی انتظامی وحدت کی ذیلی وحدت ۔
subdivisional, a. سب ڈویژنل ۔
subdominant, n. (موسیقی) سرگم کا چوتھا سر جو پانچویں سر کے تابع ہوتا ہے ۔ (صفت) جو بہت زیادہ حاوی نہ ہو ؛ نیم حاوی ۔

ذیلی تقسیم ۔ (کیمیا) دوری جدوَل میں عمودی طور پر موجود درجہ بندی میں سے کوئی عنصر ۔ (ریاضی) وہ گروہ جس کے تمام اجزا کسی اور گروہ کے بھی اجزا ہوں ۔

subhead, n. ذیلی مَد یا عنوان (کسی بڑی مد یا بڑے عنوان کے ذیل میں) ؛ رئیس مکتب کا ماتحت ۔

subhuman, a. نیم بشری ؛ انسانی نسل یا قسم سے کم تر ؛ فروتر ؛ ایسا رویہ جو انسان کو زیب نہ دیتا ہو ؛ ایسی زندگی جو انسانی معیار سے پست تر ہو ؛ انسانی سطح سے قدرے نیچے ؛ انسانی سطح کے قریب قریب ۔

subindex, n. دیکھیے: subscript ۔

subinfeudate, subinfeud, v.t., v.i. ذیلی پٹے پر دینا ؛ پٹے پر لی ہوئی زمین کو آگے پٹے پر دے دینا ۔

subinfeudation, n. ذیلی پٹہ داری ؛ کسی جاگیر کے کچھ حصے کو پٹے دار کا کسی اور کو ذیلی (شکمی) پٹے پر ان ہی شرائط کے تحت دے دینے کا عمل جو خود اس کو حاصل ہوں؛ اس طرح حاصل ہونے والا حق ملکیت؛ یوں پیدا کی گئی ملکیت یا زمینداری ۔

subinfeudatory, n. ذیلی یا شکمی پٹہ داری ۔

subinterval, n. ذیلی وقفہ؛ ایسا وقفہ جو خود کسی دوسرے وقفے کا حصہ یا ذیلی تقسیم ہو ۔

subirrigate, v.t. زیرزمینی آب پاشی کے طریقے سے کام لینا؛ زمین دوز نالیوں کے ذریعے یا نچلی مٹی کے ذریعے گڑھوں میں سے آب رسانی کرنا؛ آب پاشی کرنا بذریعہ کاریز؛ زیر زمین آبپاشی کرنا ۔

subirrigation, n. آب پاشی بذریعہ کاریز؛ زیر زمین آبپاشی ۔

subito, adv. (موسیقی) یک دم؛ فوراً ۔

subjacent, a. نیچے واقع یا رونما ہونے والا؛ تہ میں موجود ؛ بنیادی ؛ براہ راست جو کسی اور کے تلے نہ ہو مگر نشیب میں ہو ۔

subjacency, n. تہ نشین ؛ نشیب ۔

subjacently, adv. تہ میں ہوتے ہوئے ۔

subject, n. رعایا ؛ رعیت ؛ وہ جو کسی حاکم کی عمل داری یا حکومت میں ہو، بالخصوص جس نے کسی حکومت سے وفاداری کا عہد کیا ہو اور اس کی حفاظت میں رہتا ہو ؛ وہ شخص یا شے جو کسی دوسرے کے اقتدار یا اثر میں ہو ؛ زیر اثر ؛ معمول؛ جو طبی یا جراحی علاج یا نفسیاتی آزمایش اور تجربے میں آیا ہو ؛ چیر پھاڑ کے عمل میں لائی جانے والی اور زیر معائنہ یا مطالعہ لاش ؛ موضوع ؛ مضمون (جیسے: a subject of conversation, the subjects taught in a college course) ؛ کسی وعظ ، کہانی یا کتاب کا مافیہ ؛ کوئی معاملہ ، منظر یا واقعہ جسے کسی فن کار نے اظہار کے لیے چنا ہو یا جو کسی فن کا مظہر ہو ؛ باعث یا سبب (جیسے: to give one a subject for complaint) ۔ (موسیقی) وہ موضوع یا غنائی ترکیب یا اس کی روانی جس پر سارا نغمہ منحصر ہو ۔ (گرامر) کسی فقرے میں موجود وہ لفظ یا مجموعۂ الفاظ جس کے ذریعے کسی کام کا ہونا یا کرنا پایا جائے ۔ (منطق) وہ مبدا یا خبر (کسی قضیے میں) جس کے بارے میں انکار یا اقرار کیا گیا ہو ۔ (فلسفہ) انا یا خودی ، جسے تمام ذہنی عکسوں ، فعالیتوں اور کارفرمائیوں کا منبع سمجھا جاتا ہے ۔

subject, a. تحت ؛ کسی حاکم ، حکومت یا انتظامیہ کے ماتحت ؛ اطاعت گزار یا وفا شعار (کسی مقتدر اعلیٰ کا)؛ زیر عنان ، زیر اختیار ، زیر اثر (بعد میں to لگانے سے یہ مفاہیم بنتے ہیں، جیسے: subject to laws)؛ کسی کے آگے سپرانداز ی پر مجبور (جیسے: All men are subject to death)؛ متصف یا رجحان رکھنے والا (جیسے: subject to headaches)؛ عیاں ، خطرے میں ، ہدف (جیسے: subject to attack or ridicule)؛ کسی اور صورت حال کے ساتھ مشروط (جیسے: His consent is subject to your approval) ۔

subject, v.t. زیر کرنا ؛ تابع بنانا ؛ ذیل کے تمام مفاہیم میں بعد میں to لگاتے ہیں جیسے کسی انتظامیہ کی طرف سے عمل داری ، حاکمیت یا اقتدار میں لانا یا تسلط ، انتظام یا اثر میں لانا یا کسی تجربے یا عمل سے گزارنا (جیسے: to subject metal to heat)؛ زد میں لانا ، ظاہر کرنا یا نشانہ بنانا (جیسے: to subject oneself to unpleasant comment) ۔

subjection, n. مغلوبیت ؛ محکومی ؛ تابع داری ۔

subjective, a. داخلی ؛ درونی ؛ ذہنی ؛ وہ جس کا تعلق کسی کی اپنی سوچ ہی سے ہو نہ کہ خارجی موضوع فکر سے ۔ بمقابلہ: objective کے ۔ ذاتی ؛ انفرادی ؛ اپنی ہی ذہنی دنیا میں مگن رہنے والا ؛ دروں بیں ؛ داخلیت دوست ؛ داخلیت پسند ۔ (فلسفہ) موضوعی؛ نفسی؛ اس سے متعلق جسے صرف ذہن ہی جانتا ہو یا جو ذہن ہی میں ہو نہ کہ اس شے کے متعلق جس کا وجود ذہنی دنیا سے باہر ہو ؛عمومی یا ہمہ گیر تجربے کی جگہ ذہنی احوال و خصائص سے متعلق ؛ انا سے متعلق یا اس ذات کل سے متعلق جو تمام صفات کی مصدر ہے ؛ اساسی ۔ (گرامر) کسی جملے کے فاعل سے متعلق (فاعلی) ؛ فاعلی حالت کا مظہر ۔ (ادب ، آرٹ) کسی قلمکار یا فن کار کی انفرادیت و ذات کا مظہر (بالخصوص جذبات و احساسات کا)(جیسے: subjective poetry, a subjective painter)؛ بے حقیقت؛ بے بنیاد ؛ خیالی ۔ (اسم) دروں بین شخص؛ موضوعی امر یا نقطۂ نظر ۔

subjectively, adv. داخلی طور پر؛ موضوعی طور پر ۔

subjectiveness, n. داخلیت ، موضوعیت ۔

subjectivity, n. موضوعیت ؛ داخلی پن ۔

subjectivism, n. (فلسفہ) موضوعیت ؛ داخلیت پسندی ؛ یہ نظریہ کہ علم موضوعی ہے اور معروضی آگاہی ناممکن ہے ؛ تجربے میں داخلی عناصر پر زور دینے والا کوئی نظریہ ؛ یہ عقیدہ کہ خیر برتر بعض احساسی کیفیات یا داخلی تجربات کے حصول ہی کا اکتساب ہے ؛ یہ عقیدہ کہ خیر اور راستی کے بارے میں فیصلہ ذاتی احساس اور ادراک ہی کی بنا پر کیا جا سکتا ہے اور وہی اس کا معیار ہیں ۔

subjectivist, n. داخلیت پسند ۔

subjectivistic, a. داخلیت پسندانہ ۔

subject matter, n. کسی مکالمے ، کتاب ، تحریر وغیرہ کا موضوع (اسلوب اور ہیئت کے برعکس)؛ موضوع بحث؛ وہ مواد جو کسی مکالمے ، تحقیق ، مطالعے وغیرہ کی بنیاد ہو ، خصوصاً وہ جس سے مزید بحث ، تحقیق اور مطالعے کی گنجایش پیدا ہو ۔

subjoin, v.t. ایزاد کرنا ، اضافہ کرنا (کسی پہلے کہی یا لکھی گئی چیز کے آخر میں)؛ کسی اور شے کے فوراً بعد یا بالمقابل کچھ رکھنا ، لانا ؛ ضمیمہ لگانا ؛ پس تحریر کرنا ۔

subjudice, adv. عدالت کے زیر فیصلہ ۔

subjugate, v.t. زیر کرنا یا محکوم بنانا ؛ مطیع کرنا ؛ فتح کرنا ؛ ہتھیار ڈالنے پر مجبور کر دینا ؛ غلام بنا لینا ۔

subjugation, n. تسخیر ؛ محکومی ۔

subjugator, n. مغلوب یا زیر کرنے والا ؛ غالب ؛ فاتح ۔

subjunction, n. ایزاد ؛ اضافہ کرنے کا عمل ، مزید کیے جانے کی صورت ؛ ایزادی شے ۔

subjunctive, a., n. (گرامر) شرطی یا احتمالی خیال کیا گیا ، چاہا یا ممکن گردانا گیا ، ایسے فعل کی حیثیت تحتانی ہوتی ہے اور اس سے پہلے عموماً that آتا ہے (جیسے : I suggested that he be consulted) ۔

subkingdom, n. عالم ذیلی ؛ عالم نباتات و حیوانات کے ان بنیادی گروہوں میں سے ایک جن میں ان کو تقسیم کیا گیا ہے (نوعی تقسیم سے اوپر) ۔

sublease, n. ذیلی پٹہ ؛ پٹے پر پٹہ ؛ شکمی پٹہ ؛ ذیلی اجارہ ۔ (فعل متعدی) ذیلی پٹہ پر دینا ؛ کرایہ یا پٹہ پر لینا ۔

sublessee, n. شکمی یا ذیلی پٹے دار ۔

sublessor, n. شکمی پٹہ دہندہ ؛ ذیلی اجارہ دہندہ ۔

sublet, v.t. شکمی یا ذیلی طور پر کرائے پر دینا ؛ کسی ٹھیکے دار کا کسی دوسرے کو ذیلی ٹھیکہ دے دینا ۔ (اسم) شکمی کرایہ ؛ شکمی پٹہ ؛ ذیلی اجارہ ۔

sublimate, v.t. (نفسیات) تطہیر ، ترفع یا تنزیہہ کرنا ؛ کسی بنیادی جبلت وغیرہ کی توانائی کو بلند تر ، نکوتر یا اعلیٰ تر اخلاقی مقصد کی جانب موڑنا ؛ با عظمت بنانا ۔ (کیمیا) سلیمانی زہر بنانا ؛ کسی ٹھوس مواد کو بہتر صورت میں ڈھالنا ؛ عمل تصعید سے حاصل کرنا ؛ مصفیٰ اور جوہردار بنانا (کسی مواد کو) ۔ (فعل لازم) بالائی صورت میں ڈھل جانا یا اس عمل میں سے گزرنا ۔ (اسم) (کیمیا) عمل بالا سے گزرنے کے بعد کسی شے سے حاصل شدہ قلمی یا دوسرا مواد ؛ سلیمانی زہر ۔

sublimation, n. تصعید ؛ ترفع ؛ تنزیہہ ؛ تطہیر ؛ رفعت ؛ تجلیل ۔

sublime, a. ارفع (سوچ ، احساس ، زبان یا اسلوب کے حوالے سے) ؛ بلند مقام یا بعض اوقات تعلی سے بھری ہوئی (شاعری) ؛ پرشکوہ ؛ پُرجلال ؛ اپنے حسن ، جمال ، شوکت وغیرہ سے ایک قسم کی ہیبت ؛ تقدیس اور بلند احساسی پیدا کر دینے والا (منظر یا فن پارہ وغیرہ) ؛ تقدس مآب ؛ پُرہیبت ؛ پُرجلال ؛ لاثانی ؛ لاجواب (جیسے : sublime moment) ۔ (اسم) صاحب جلال و عظمت ؛ کبریا (پہلے the لگاتے ہیں) ؛ ان اوصاف کی حد آخر ، درجہ یا مثال (بعد میں of لگاتے ہوئے) ۔ (فعل متعدی) رفعت آشنا کرنا ؛ بلند کردار بنانا ۔ (کیمیا) عمل تصعید کرنا ؛ کسی ٹھوس مواد کو حرارت دے کر بخارات میں بدل دینا ، جو بعد میں عمل تکاثف سے مصفیٰ ٹھوس صورت اختیار کر لیتا ہے ؛ اس قسم کے عمل سے بخارات بنا کر اڑا دینا ؛ کسی چیز کا جوہر حاصل کرنا ۔ (فعل لازم) مصفیٰ ہو جانا ؛ صعود کر جانا ۔

sublimely, adv. رفعت کے ساتھ ۔

sublimeness, n. رفعت ؛ بلندی ؛ عظمت ۔

sublimer, n. بلند یا ارفع بنانے والا (عمل) ؛ تصعید کرنے والا ؛ صاعد ۔

subliminal, a. (نفسیات) تحت الشعوری ؛ وہ نہاں محرکات جن میں اسقدر شدت نہیں ہوتی کہ وہ واضح حسّی آگاہی یا ادراک پیدا کر سکیں ۔

subliminally, adv. تحت شعوریت لیے ہوئے ؛ تحت الشعوری انداز کے ساتھ ۔

sublimity, n. ترفع ؛ اعلیٰ ہونے کی حالت یا خوبی ؛ جلال و جمال ؛ کسی لاجواب اور لاثانی شے سے پیدا ہونے والے لطیف احساسات ۔

sublingual, a. زیر زبان ؛ تحت اللسان ؛ جیبھ تلے ۔

sublunary, sublunar, a. تحت قمر ؛ چاند تلے ؛ زمین اور چاند کے بیچ ؛ دنیاوی ، مادی ؛ ارضی ۔

submachinegun, n. ہلکی مشین گن ؛ چھوٹی اٹھا کر لے جا سکنے والی خودکار یا نیم خودکار بندوق ، اس میں پستول کا میگزین استعمال ہوتا ہے ، یہ چھوٹے دستے اور چھوٹی نالی والی ہوتی ہے اور کولھے یا کندے پر رکھ کر چلائی جا سکتی ہے ۔

submarginal, a. حد کے قریب ؛ مختتم یا گنجایش سے کم ؛ غیر پیداآوری جیسے زمین ۔ (نباتیات) کنارے کے قریب (پودا) ۔

submarginally, adv. غیر پیداآوری کا امکان لیے ہوئے ۔

submarine, a. آب دوز ؛ زیر سمندر ؛ تحت آب ؛ سمندر کی تہ میں یا زیر آب کسی اور جگہ واقع ، موجود یا رہنے والی کوئی شے (جیسے : submarine volcano) ؛ پانی میں سطح آب کے نیچے چلنے ، کام کرنے کے لیے بنائی گئی (کوئی چیز) (جیسے : submarine telegraph) ؛ آب دوزوں سے متعلق یا ان کے ذریعے کی جانے والی کوئی کوشش (جیسے : submarine warfare) ۔ (اسم) ایسا بنایا ہوا جہاز جو سمندر میں غوطہ لگا سکے اور زیر آب چل سکے ، خصوصاً وہ جو جنگ میں استعمال ہو ؛ آب دوز کشتی ۔ (فعل متعدی) آبدوز سے حملہ کرنا ؛ تارپیڈو کرنا یا ڈبو دینا یا آب دوز کی طرح کام کرنا ۔ (فعل لازم) آب دوز چلانا ۔

submariner, n. آب دوز کا ملاح ۔

submarine chaser, subchaser, n. آبدوزوں کا پیچھا کرنے والی چھوٹی تیز رفتار گشتی کشتی ؛ عاقبہ آبدوز ۔

submaxillary, a. (تشریح الاعضا) نچلے جبڑے کے نیچے والی جگہ کا یا اس سے متعلق ؛ اس جبڑے کے نیچے والے غدود کے قریب واقع ؛ زیر فکی ؛ فک اسفل ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) نچلے جبڑے کی ہڈی یا غدود ۔

submaxilla, n. فک اسفل کا ؛ نچلے جبڑے کے نیچے کا ۔

submediant, n. (موسیقی) آٹھ سُرے سرگم کا چھٹا سر یا آٹھویں اور چھٹے سر کا درمیانی سر ؛ ششم ۔

submerge, submerse, v.t. غرقاب کرنا ؛ کسی چیز کو پانی یا کسی اور شے میں جو اسے چاروں طرف سے محیط ہو ، دھنسا دینا یا سطح سے نیچے ڈبو دینا ؛ تہ آب کر دینا یا سیلاب سے غرق کر دینا ؛ چھپانا یا دبا دینا ۔ (فعل لازم) ڈوب جانا ؛ دھنس جانا ؛ پانی میں یا کسی ایسی شے کی سطح کے نیچے چلا جانا جو اس کو چاروں طرف سے گھیرے ہوئے ہو ۔

submergence, n. غرقابی ۔

submergible, a. غرقاب پذیر ؛ بمقابل غرقابی ۔

submerged, a. زیر آب ؛ غریق ؛ دھنسا ہوا ؛ غربت و افلاس میں دن کاٹتا ہوا یا کاٹتے ہوئے (جیسے : submerged classes

of society) ؛ لوگوں سے پوشیدہ (واقعہ) ؛(وہ بات)جو لوگوں تک نہ پہنچی ہو۔

submerse, v.t. دیکھیے : Submerge ۔

submersed, a. زیر آب ۔ (نباتیات) پانی تلے رہنے ، اگنے والا ۔

submersible, a. زیر آب عمل کے قابل ؛ آب دوز کی طرح کا۔ (اسم) زیر آب چل سکنے کے قابل جہاز جیسے آب دوز۔

submersion, n. زیر آب ہونے یا کر دیے جانے کا عمل ؛ اغراق ؛ ڈبکی ؛ غرقابی ۔

submicroscopic, a. عام خرد بین سے نظر آ سکنے والی شے سے بھی چھوٹا ۔

subminiature, a. کوئی بہت چھوٹی سی چیز ، جیسے بعض برقیاتی اجزا اور کیمرے ۔

submission, n. اطاعت ؛ گزارش ، حوالگی ؛ اطاعت گزاری ؛ اطاعت قبول رویّہ یا چلن ؛ غور ، تنقید یا منظوری کے لیے پیش کی گئی کوئی چیز۔ (قانون) ثالث یا مقتدر و مجاز کے فیصلے پر پابند ہونے کا اقرار نامہ ۔

submissive, a. اطاعت شعار ؛ مان جانے والا ؛ ضد نہ کرنے والا؛ تسلیم پیشہ یا تسلیم خو ؛ اطاعت کی غمازی کرنے والا (جیسے : a submissive reply) ۔

submissively, adv. اطاعت شعاری سے ۔

submissiveness, n. عجز و انکسار ؛ عاجزی ؛ اطاعت شعاری ۔

submit, v.t. کچھ پیش کرنا (عجز و انکساری کے ساتھ تعمیل حکم میں یا اطاعت گزاری میں) ؛ عائد شدہ شرائط یا سلوک کا پابند بنانا ؛ کسی اور کا فیصلہ یا اس کی منظوری حاصل کرنے کے لیے درخواست پیش کرنا (جیسے : to submit a plan) ؛ ادب کے ساتھ اپنی رائے پیش کرنا یا اظہار کرنا ۔ (فعل لازم) ہتھیار ڈال دینا ؛ اظہار اطاعت کر لینا یا فرماں بردار بن جانا ؛ کسی عائد کردہ شرط یا سزا وغیرہ کو قبول کر لینا (جیسے : to submit to punishment) ؛ کسی اور کے فیصلے یا رائے کو تسلیم کر لینا ۔

submontane, a. زیر کوہ ؛ پہاڑ تلے ؛ دامن کوہ میں یا اس کے نزدیک ؛ پہاڑوں کی نچلی ڈھلوانوں سے متعلق ؛ ترائی کے متعلق ۔

submontanely, adv. ترائی کے تعلق سے ۔

submultiple, n. (ریاضی) کسر ؛ جزو ضربی ؛ وہ عدد جو کسی دوسرے عدد میں متعدد بار اس طرح شامل ہو کہ بڑے عدد کو اس پر تقسیم کریں تو باقی کچھ نہ بچے ، جیسے چار آٹھ کا جزو ضربی ہے ۔

subnormal, a. حالت معمولہ سے نیچے ؛ تحت معمول ۔ (نفسیات) ذہانت معمولہ سے کم ؛ زیر نارمل ۔

subnormality, n. تحت معمول ہونے کی حالت ۔

suboceanic, a. تحت بحری ؛ سمندر کی تہ کے نیچے ؛ سمندر کی تہ سے متعلق۔

subocular, a. تحت چشمی ؛ آنکھ کے نیچے واقع ۔

suborbicular, a. تقریباً کروی ۔

suborbital, a. بیرون مدار ؛ جو مدار میں نہ ہو ؛ زمین کے گرد پورا چکر نہ لگانے والا (راکٹ وغیرہ) ۔ (تشریح الاعضا) آنکھ کے حلقے کے نیچے واقع ۔

suborder, n. (حیاتیات) ذیلی فصیلہ ، زیر قبیلہ ؛ درجہ بندی میں بڑے نظم کی ایک چھوٹی اکائی ؛ پودوں یا جانوروں کا وہ گروہ جو خاندان سے بڑا ہو لیکن فصیلہ سے چھوٹا ہو۔ دیکھیے : class, family, order ۔

subordinate, a. ماتحت ؛ نچلے درجے یا مرتبے والا ؛ کم اہم ؛ ثانوی ؛ اپنے سے زائد حیثیت والے کا معین ؛ دست نگر یا متوسل۔ (گرامر) وہ جملہ یا لفظ جو تحتانی/ذیلی حیثیت رکھتا ہو (جیسے : a subordinate clause, or subordinate conjunction) ۔ (اسم) ماتحت شخص ؛ ثانوی حیثیت کی کوئی چیز۔ (فعل متعدی) ماتحت درجے یا منصب پر لگا دینا؛ ثانوی اہمیت بنا دینا ، کسی اور کے مقابلے میں (بعد میں to لگاتے ہیں)؛ ماتحت ، متوسل یا دست نگر کر دینا (بعد میں to لگاتے ہیں) ۔

subordinately, adv. ماتحتی کرتے ہوئے ۔

subordinateness, n. ماتحتی ؛ کم تری یا تاخر ؛ کم مرتبہ۔

subordinative, a. ماتحت ؛ دست نگر ؛ موخر ؛ ذیلی۔

suborn, v.t. رشوت دے کر یا کسی اور غیر قانونی طریقے سے کسی کو کوئی غیر قانونی حرکت یا کوئی جرم کرنے پر آمادہ کرنا ؛ رشوت یا ترغیب دے کر کسی شخص کو جھوٹی گواہی دینے پر مجبور کرنا ۔

subornation, n. جرم کی ترغیب ۔

suborner, n. جرم کی ترغیب دینے والا ۔

suboxide, n. (کیمیا) نیم کشتہ ؛ وہ آکسائیڈ جس میں اپنے اساسی آکسائیڈ کے مقابلے میں آکسیجن کی مقدار تھوڑی ہو ؛ نیم تکسید یافتہ ۔

subphylum, n. (حیاتیات) ذیلی نسل ؛ فائیلم کا ایک ذیلی گروہ ؛ جانوروں یا پودوں کا وہ گروہ جو ''درجہ'' سے بڑا ہو اور ''نسل'' سے چھوٹا ۔

subplot, n. کسی ڈرامے ، ناول وغیرہ میں ذیلی پلاٹ ۔

sub-poena, subpena, n. (قانون) عدالت کی جانب سے شہادت کے لیے انتباہی طلبانے کا اجرا جس کی عدم تعمیل مستوجب سزا ہوتی ہے ؛ پروانۂ حاضری ؛ عدالتی طلبانہ یا سمن ۔ (فعل متعدی) سمن کے ذریعہ حاضر عدالت ہونے کا حکم دینا ؛ طلبانہ جاری کرنا ۔

subprincipal, n. نائب پرنسپل ، ڈپٹی پرنسپل ۔ (نجاری) اضافی شہتیر ۔ (موسیقی) کسی ارغنون میں حیطۂ سُر کی نیم آروبی ۔

subregion, n. ذیلی خطہ ؛ حیواناتی جغرافیائی حوالے سے کسی خطے کی ذیلی تقسیم ؛ ذیلی علاقہ ۔

subregional, a. ذیلی خطے کا ۔

subreption, n. فریب کاری سے اخفائے حقائق کر کے یا ان کو دبا کر کوئی مفاد حاصل کرنے کا عمل ، جیسے کلیسا کی جانب سے عائد کردہ کسی تعزیر سے معافی ؛ غلط بیانی اور اس سے اخذ کردہ نتیجہ؛ استخراج ۔

subreptitious, a. جعل سازی سے حاصل کردہ ؛ جس میں اخفائے حقائق سے کام لیا گیا ہو ؛ فریب کاری اور اخفا پر مبنی ۔

subreptitiously, adv. فریب کاری یا اخفائے حقائق سے کام لیتے ہوئے ۔

subrogate, v.t. کسی اور کی جگہ کسی کو کھڑا کر دینا ؛ کسی قانونی یا شرعی دعوے کے سلسلے میں ایک کو دوسرے کی جگہ پر لے آنا ؛ متبادل بنا دینا ۔

subrogation, n. متبادل ۔

sub rosa, adv. درپردہ ؛ خفیہ طور سے ۔

subroutine, n. (کمپیوٹر) ریاضیاتی گوشواروں کا معمولہ(routine) جسے بڑے معمولے میں لگایا گیا ہو ؛ ذیلی معمولہ ۔

subsaturated, a. شرابور سا ؛ نیم شرابور ؛ نیم سیر شدہ ۔

subsaturation, n. نیم سیری ۔

subscapular, a. کندھے کی ہڈی کے نیچے ؛ زیر کتفی ۔

subscribe, v.t. چندہ دینا ؛ تحریری معاہدہ کر کے کوئی وعدہ کرنا ؛ کوئی رقم چندے کے طور پر دینا یا کیے گئے کسی وعدے کی بنا پر دینا؛ کسی دستاویز وغیرہ پر اپنے دستخط کرنا؛ دستخط کر کے اظہار رضامندی کرنا ؛ توثیق یا تصدیق کرنا (بذریعہ دستخط)۔ (فعل لازم) کسی معاہدے پر دستخط کر کے پابند ہو جانا ؛ کسی خاص مقصد کے لیے کوئی رقم دینا ؛ چندہ دینا (کسی اخبار ، رسالے کی کسی معینہ مدت تک کی آئندہ خریداری کے سلسلے میں) ؛ کسی تحریر کے نیچے دستخط کرنا ؛ بذریعہ دستخط کسی تحریر کی توثیق یا تصدیق کرنا ؛ رضا مندی کا اظہار کرنا یا منظوری دینا ۔

subscriber, n. چندہ دہندہ ؛ استعمال کنندہ

subcript, a., n. کسی اور تحریر کے نیچے لکھی گئی کوئی چیز یا کوئی علامت ؛ زیر نوشت ؛ نیچے کوئی اور لکھا ہوا حرف۔

subcription, n. چندہ دینے کا عمل یا فعل ؛ کسی تحریر پر یا نیچے کیے گئے دستخط (بطور منظوری ، توثیق ، تصدیق یا کسی اور مقصد کے لیے) ؛ کسی کاغذ کے ساتھ منسلک دستخط یا کسی خاص مقصد کے لیے کوئی رقم یا حصص ؛ کتاب ، جریدے یا کسی خدمت کے لیے کوئی ادائیگی ؛ چندہ یا چندہ کر کے اکٹھا کی گئی کسی مقصد کے لیے رقم (جیسے : a public ball held by subscription) ؛ چندے میں دی ہوئی رقم ؛ چندہ ادا کر کے کسی حق کا حصول (جیسے : ones subscription to a magazine) ؛ حصص ؛ کسی کتاب یا جریدے کی اشاعت یا خدمت کو یقینی بنانے کے لیے لوگوں سے خریداری کا پیشگی لیا گیا چندہ یا رقوم یا ایسی رقوم کا متبادل حق ؛ ایسا فنڈ ؛ کسی کتاب کی طباعت یقینی بنانے کے لیے کافی تعداد میں جلدوں کی پیشگی خرید ؛ گماشتوں کے ذریعے کتابوں کی فروخت ۔ (قانون) کسی دستاویز کو اپنے اوپر قانوناً لاگو بنانے کی خاطر اس پر دستخط ۔ (مذہب) کسی خاص عقیدے کے کلیسا پر اعتقاد کا اظہار کرنے کے لیے دستخط ۔ (طب) ڈاکٹر کی جانب سے کسی مرض کے علاج کی خاطر لکھا گیا نسخہ جس میں ضروری ہدایات لکھی گئی ہوں ۔

subsequent, a. زمانی یا مکانی یا ترتیبی لحاظ سے کسی کے بعد آنے یا ہونے والا ؛ متاخر ؛ مابعد ۔

subsequence, n. تاخر؛ بعد میں ہونے کی حالت ۔

subsequently, adv. بعد میں ؛ آگے چل کر؛ بالآخر؛ آخرکار ۔

subsequentness, n. انجام ؛ نتیجہ ۔

subserve, v.t. کسی کے کام آنا ؛ کسی کے لیے مفید بننا؛ تعاون کرنا ؛ آگے بڑھانا۔

subservient, a. کسی مقصد کو آگے بڑھانے میں ایک وسیلے کے طور پر مفید ؛ کسی مقصد کی خاطر کام میں لگا ہوا ؛ ماتحتی میں کام کرنے والا ؛ خدمت گزار ؛ جی حضور یا ؛ اطاعت شعار ۔

subservience, n. اعانت ؛ ماتحتی؛خدمت گزاری ؛ اطاعت شعاری ۔

subserviently, adv. ماتحت کے طور پر ؛ چاپلوسی سے ۔

subset, n. (ریاضی) ذیلی سیٹ ؛ کسی بڑے سیٹ کا ذیلی مرتب حصہ ؛ وہ مجموعہ یا سیٹ جس کے اجزا کسی مذکورہ سیٹ کے رکن ہوں ۔

subshrub, n. سدا بہار چھوٹی سی جھاڑی ؛ جھڑ بوٹی ؛نیم چوبی‌جھاڑی ؛ سدا بہار پودا جس کے نچلے حصے میں لکڑی ہو۔

subshrubby, a. نیم چوبی جھاڑیوں والا ۔

subside, v.i. ڈوب جانا یا تہ میں گر جانا ؛ تہ نشین ہو جانا ؛ نچلی سطح پر ڈوب جانا یا جم جانا ؛ بیٹھ جانا ؛ بالکل خاموش ہو جانا ؛ ساکن ہو جانا ؛ تھم جانا (فروکش ہو جانا)۔

subsidence, n. تہ نشینی ؛ سکوت ؛ فروکشی ۔

subsidiary, a. امدادی یا بطور امداد یا معاونت دی گئی (رقم وغیرہ) ؛ اعانت یا امداد کرتے ہوئے ؛ ماتحت ؛ مد ؛ اعانت (subsidy) سے متعلق ۔ (اسم) شخص یا شے جو ضمنی ہو ؛ مد ؛ معاون ؛ نائب ۔ (موسیقی) ضمنی نغمہ یا خیال ؛ وہ کمپنی جو کسی اور کمپنی کی زیر عنان ہو بایں سبب کہ حصص اس کی ملکیت میں ہیں ؛ ذیلی کمپنی۔

subsidiarily, adv. ذیلی حیثیت سے ۔

subsidiariness, n. ثانوی حیثیت ۔

subsidize, v.t. اعانت (subsidy) کی سہولت دینا یا یہ سہولت دے کر معاونت خریدنا ؛ کسی کی اس طرح بلکہ بعض اوقات بذریعہ رشوت خدمات حاصل کرنا ؛ اعانت کرنا ۔

subsidization, n. اعانت کاری ۔

subsidizer, n. اعانت کار۔

subsidy, n. اعانت؛ کسی حکومت کی طرف سے کسی تنظیم کو دی گئی امدادی رقم ، خصوصاً اس ملک کے فلاحی اور صحت کے کاموں کے لیے جیسے خیراتی ادارے ، ہسپتال اور مفاد عامہ کی خدمات ؛ عطیہ ؛ گرانٹ ۔ (برطانوی) وہ امداد یا محصول جو کبھی پارلیمنٹ کی جانب سے بادشاہ کو مخصوص مواقع کے لیے دی جاتی تھی ؛ ایک حکومت کی طرف سے دوسری حکومت کو دی جانے والی وہ امداد جس کے صلے میں بعض کاروباری یا دیگر سہولتیں حاصل کی جاتی ہیں ۔

subsist, v.i. موجود ہونا ؛ زندہ رہنا ؛ جیتے رہنا ؛ موجودہ حالت کو بحال رکھنا ؛ روٹی،کپڑا ملتے رہنا ؛ کسی کا سہار حاصل ہونا ؛ کسی کے سہارے جینا ؛ بسر اوقات کرنا ؛ گزارا کرنا ؛ کسی چیز میں حصہ ہونا۔ (فعل متعدی) گھر کا خرچ چلانا ؛ موٹا جھوٹا کھلانا ؛ گزر بسر کا سامان مہیا کرنا۔

subsistence, n. وجود؛ بقا؛ گزراوقات کا وسیلہ ؛ روٹی کا سہارا ؛ذریعۂ معاش ؛ بسر اوقات کرنے کی حالت ؛ روزی ۔

subsistent, a. موجود ؛ حقیقی ؛ سرشت میں داخل ۔

subsoil, undersoil, n. زیریں سطح ؛ زمین کا وہ طبق جو بالائی طبق یعنی سطح زمین کے بالکل نیچے اور اس سے ملحق ہے ؛ طبق زیریں ـ

subsoiler, n. زیر سطحی ہل ـ

subsolar, a. سورج تلے یا زمین اور سورج کے مابین ؛ استوائی ؛ منطقات حارہ میں واقع ـ

subsonic,infrasonic, a. (طبیعیات) زیر رفتارِ آواز ؛ فضا یا کسی اور واسطے میں ایسی رفتار یا اس سے متعلق جو آواز کی رفتار سے کم ہو ؛ اس طرح کی رفتار کے ساتھ چلنے یا چل سکنے والا ؛ آواز کی ان لہروں سے متعلق جن کا تعدد انسانی صلاحیت سماعت سے کم ہوتا ہے ؛ زیر صوتی ؛

subspace, n. (ریاضی) کسی مکان میں ذیلی سیٹ ـ

subspecies, n. ذیلی نوع ؛ جغرافیائی محل وقوع کے حوالے سے کسی نوع کی کوئی ذیل (قسمت) ـ

subspecific, a. ذیلی نوع سے متعلق ـ

substance, n. جوہر ؛ کسی شے کا مشمولہ ؛ مادہ ؛ مواد ؛ کیمیائی ترکیب کے لحاظ سے مادے کی مخصوص وضع ؛ جنس ؛ وجود حقیقی ؛ مجموعی اجزائے خصوصی ؛ اساسی یا مادی حصہ (کسی شے کا) ؛ غایت ؛ استواری یا ٹھوس پن (جیسے : Their suggestions have sub- stance) ؛ پختگی ؛ محکمی ؛ مادی اسباب و ذرائع ؛ مال و منال ؛ املاک ـ (فلسفہ) مظاہرات میں موجود جوہر حقیقی ؛ صاحب صفات و اوصاف ـ (الہیات) جس میں صفات الہیّہ ودیعت ہوں ـ

substandard, a. معیار سے کم ؛ معمول یا ضروریات سے کم یا منحرف ـ (لسانیات) روزمرہ سے ہٹی ہوئی ؛ غیر ٹکسالی (زبان) ؛ غیر معیاری (زبان) ـ

substantial, a. خاصی جسامت ، مقدار یا اہمیت یا قدر والا ؛ موجود فی الحقیقت ؛ حقیقی ؛ جو قیاسی یا خیالی نہ ہو ؛ مادی ؛ دنیوی (دنیاوی) ؛ مضبوط ساخت کا ؛ صاحب املاک (صاحب اموال) ـ (فلسفہ) غیر تجریدی ؛ حقیقی ؛معقول ـ

substantiality, n. اصلیت ؛ اہمیت ؛ معقولیت ـ

substantially, adv. معقول حد تک ـ

substantialness, n. معقولیت ؛ مضبوطی ؛ حقیقت ـ

substantiate, v.t. قرائن اور دلائل سے ثابت کرنا ؛ کسی کو شکل یا پیکر محسوس دینا ؛ حقیقی یا موجود بنا دینا (یا کر دکھانا) ؛ توثیق کرنا ؛ ثابت کرنا ـ

substantiation, n. اثبات ؛ توثیق ـ

substantiative, a. حقیقی ؛ موجود ـ

substantive, n. (گرامر) اسم ذات (ان معنوں میں آنے والا لفظ یا مجموعۂ الفاظ) ـ (صفت) (گرامر) ذاتی ؛ اسم ذات کا مفہوم لیے ہوئے ، اس کی کیفیت والا ، اس کے برابر یا اس کے طور پر لایا گیا (جیسے : a substantive adjective) ؛ وجود ظاہر کرتا ہوا (جیسے : the substantive verb) ـ (فعل to be) مستقل وجود والا ؛ آزاد ؛ کسی شے کے اساسی حصے یا ماہیت اصلی سے متعلق ؛ اساسی ؛ اصل یا حقیقی ؛ بقائی ؛ دائمی ؛ خاصی رقم یا مقدار میں ـ (قانون) ضوابط استحقاق سے متعلق جن پر عمل درآمد عدالت کا فریضہ ہوتا ہے (بمقابلہ ضوابط طریق کار) ـ (رنگ کاری) کسی شے پر محرک کی مدد کے بغیر براہ راست رنگ چڑھانے کا عمل ؛ adjective کی ضد ـ

substantival, a. اسم ذات کا ـ

substantivally, substantively, adv. اسم ذات کے طور پر ـ

substantiveness, n. اثبات ذات ـ

substivize, v.t. مساوی بنانا ؛ پائدار بنانا ـ (گرامر) اسم موصوف بنانا ـ

substation, n. ذیلی اسٹیشن ؛ ذیلی مرکز ـ

substituent, n. (کیمیا) اصلی مرکب کے سالمے کے اندر موجود کسی ایٹم یا ایٹموں کے گروہ کی جگہ لے لینے والا ایٹم یا گروہ ؛ بدل عوض ـ

substitute, v.t. کسی کی جگہ کسی اور کو لانا (لگانا) ؛ تبادلے میں لگانا (لانا) ؛ عوض میں لگانا ـ (فعل لازم) عوضی کام کرنا ؛ کسی کی جگہ کام کرنا ـ (کیمیا) بدل کا کام دینا ـ (اسم) عوض ؛ کسی کی جگہ کام کرنے والا شخص یا کام دینے والی شے ؛ متبادل شے ؛ کبھی اس سے وہ عوضی مراد تھا جو جبری فوجی خدمت میں کسی اور کی جگہ کام کرتا تھا ـ (گرامر) کسی لفظ ، مجموعہ الفاظ ، جملہ ، ذیلی شق کی جگہ لگایا گیا متبادل ـ

substitutable, a. بدل پذیر ؛ عوض پذیر ـ

substitution, n. بدل ؛ عوض ـ

substitutional, a. عوضی ؛ قائم مقام ؛ بدل بنانے کا ـ

substitutionally, adv. بدل کے طور پر ؛ عوض کے طور پر ـ

substitutionary, a. قائم مقام یا بدل بنا ہوا ؛ عوضی ـ

substitutive, a. عوضی یا متبادل کام کرنے والا یا اس کی صلاحیت والا ؛ عوضی سے متعلق یا اس کا شمول ـ

substitutively, adv. بدل کے طور پر ؛ عوضی طور پر ـ

substrate, n. ذیلی یا زیریں طبق ـ (حیاتی کیمیا) زیر خامرہ ؛ وہ مواد جس پر کسی خامرے یا خمیر مایہ نے عمل کیا ہو ـ

substratosphere, n. ذیلی کرۂ قائمہ ؛ کرہ ہوائی کا بالائی حصہ ؛ یہ اصطلاح اب تکنیکی استعمال میں نہیں آتی ـ

substratospheric, a. ذیلی کرہ کے متعلق ـ

sub-stratum, n. طبق ذیل ؛ تحت طبق ؛ کسی اور کے نیچے بچھائی ہوئی (کوئی چیز) ؛ بنیاد ـ (ارضیات) چٹان کی وہ پرت جو کسی اور پرت کے نیچے ہو ؛ زیر طبق ـ (زراعت) سطح زمین سے ملحق نچلی زمین ـ (مابعد الطبیعیات) مادہ یا جوہر جس میں صفات اصلاً موجود ہوں ـ (حیاتیات) وہ مادہ یا مواد جس پر کسی پودے یا جان دار کی نمو کا انحصار ہے ـ (لسانیات) زبان غالب پر اثر انداز ہونے والی مغلوب زبان ـ

substruction, n. نچلی / زیریں تعمیر ؛ تحت عمارت ؛ کسی عمارت کے نیچے بنی ہوئی عمارت ؛ بنیاد ـ

substructional, a. زیریں تعمیر کا ـ

substructure, n. زیریں ڈھانچا ، بنیاد یا زیریں عمارت ـ

subsume, v.t. تعمیم کرنا ؛ کسی منفرد خیال ، اصطلاح ، مفروضے کو کسی اور زیادہ عمومی اصطلاح کے تحت شامل کر لینا ، کسی ایک مثال یا امر واقعہ کو زیادہ وسیع ، زیادہ بلند یا زیادہ کشادہ زمرے کے اندر لے آنا ؛ اطلاق کرنا ـ

subsumable, submative, a. شمولیت کے لائق ؛ تعمیم پذیر ـ

subsumption, n. شمول ؛ تعمیم ـ

subsurface, n. زیر سطحی حصہ ؛ سطح کے عین نیچے ـ

(صفت) زیر سطحی حصے میں پڑا ہوا ؛ رونما یا محوکار ، جیسے پانی یا مٹی ۔

subteen, n. نیم بالغ ؛ عنفوانِ شباب کے قریب لڑکا یا لڑکی ؛ تیرہ سال کی لڑکی کے ناپ کا لباس ۔

subtemperate, a. نیم معتدلہ ؛ منطقہ معتدلہ کے نسبتاً سرد حصوں میں واقع یا ان سے متعلق ۔

subtenant, n. شکمی کرایہ دار ؛ کرایہ دار کا کرایہ دار ؛ ذیلی کرایہ دار ، پٹے دار کا پٹے دار ؛ شکمی پٹے دار یا کرایہ دار ۔

subtenancy, n. شکمی پٹے داری/کرایہ داری ۔

subtend v.t. (جیومیٹری) محاذی یا مقابل ہونا جیسے مثلث کے کسی ایک زاویے کے سامنے ہونا ۔ (نباتیات) نچلی جانب یا بالکل قریب واقع ہونا ، جیسے فلس پھول کے نیچے ۔

subterfuge, n. حیلہ ؛ داؤ ؛ ڈھنگ ؛ چھپانے یا کسی دشواری ، ناخوشگواری سے بچنے کے لیے سوچی گئی چال یا ترکیب ؛ حجت ؛ عذر ۔

subterranean, subterraneous, a. زمین دوز ؛ تحت الارضی ؛ زیر زمین ؛ مخفی ؛ پوشیدہ ۔

subterraneanly, substerraneously, adv. زمین دوز ہوتے ہوئے ۔

subtetanic, a. (طب) نیم تشنجی ؛ پٹھوں کے رہ رہ کر تشنجی ہونے کا عارضہ یا اس عارضے سے متعلق ۔

subtherapeutic, a. تحت علاجی ؛ مانع مرض (دوا کی خوراک) مثلاً مویشی کے چارے میں استعمال کی جانے والی ۔

subtile, a. دیکھیے : Subtle ۔

subtilely, adv. نزاکت لیے ہوئے ۔

substileness, subtility, n. نزاکت ؛ لطافت ۔

subtilize, v.t. ہلکا کرنا ؛ مصفی کرنا ؛ (ذہن کو) رسا بنانا ؛ قابل فہم انداز میں بحث کرنا یا دلیل دینا ۔ (فعل لازم) بحث میں شایستگی سے کام لینا ؛ نفیس اور نازک امتیازات پیدا کرنا ۔

substilization, n. تلطف ؛ موشگافی ؛ نازک یا باریک کام ۔

subtitle, n. ذیلی سرورق ؛ ضمنی یا ذیلی عنوان جو عموماً وضاحتی رنگ لیے ہوتا ہے (کسی کتاب یا مقالے وغیرہ کا) نفس مضمون شروع ہونے والے پہلے صفحے کی پیشانی پر کتاب کے پورے عنوان کے اہم الفاظ کا مکرر اندراج ۔ (فلم) کسی غیر زبان کی فلم وغیرہ میں مکالموں کا ترجمہ جو پردے پر نیچے درج ہوتا ہے ؛ خاموش فلم میں جگہ جگہ دیے جانے والے وضاحتی عنوانات یا جملے ۔

subtle, a. دقیق ؛ عیار ؛ پرفن ؛ مکار ؛ پرمکر طریقے سے وضع کیا ہوا ؛ چالاک ؛ ساخت میں نازک یا لطیف ؛ سبک یا رقیق ؛ نازک بافت (باریک بُنت کا) ؛ بات کو پا جانے والا ؛ نکتہ رس ؛ فہم سے بالا تر پراسرار نکتہ سنج ۔

subtleness, subtlety, n. نزاکت ؛ لطافت ؛ عیاری ؛ پراسراریت ؛ نزہت ؛ نکتہ رسی ۔

subtly, adv. پُراسرار طریقے سے ؛ نکتہ رسی سے ۔

subtonic, n. (موسیقی) سرگم کا ساتواں درجہ ؛ آخری بم سے نیچے کا سُر ؛ سُرگم کا اگوائی سُر ؛ تحت سُر ؛ زیر کھرج ؛ ہفتم ۔

subtract, v.t. کل میں سے جز کو نکال لینا ۔(ریاضی) تفریق کرنا ؛ کسی رقم یا عدد میں سے کوئی رقم یا عدد کم کرنا ؛ منفی کرنا ؛ واپس لے لینا ؛ منہا کرنا ۔ (فعل لازم) کل میں سے جز کا نکلنا یا کم ہونا ؛ نفی ہونا ؛ تفریق ہونا ۔

subtractor, n. فارق ؛ منہا کنندہ ؛ تفریق کنندہ ۔

subtraction, n. (ریاضی) تفریق ؛ تفریق کا عمل ؛ کسی عدد یا مقدار کو کسی عدد یا مقدار میں سے کم کرنے کا عمل ؛ دو مقداروں ، رقموں یا عددوں کا باہمی فرق معلوم کرنے کا عمل ؛ منہائی ؛ نفی ۔

subtractive, a. (ریاضی) تفریقی ؛ تفریق کرنے کے رجحان والا یا اس کی صلاحیت والا ؛ تفریق کی جانے والی مقدار یا رقم ؛ تفریق یا منفی کی علامت لیے ہوئے ۔

subtrahend, n. منہائیہ ؛ تفریق کی جانے والی رقم یا مفروق عدد ؛ minuend کا متضاد ۔

subtropical, subtropic, a. نیم حاری ؛ منطقہ حارہ سے ملحق یا وہاں کے سے خصائص والا ۔

subulate, a. سوزن صورت ؛ سوئی نما ؛ آر نما ۔ (حیاتیات) نوک کی جانب آہستہ آہستہ پتلا ہو جانے والا ؛ تیکھا ؛ نوکیلا ۔

suburb, n. (اکثر جمع) کسی شہر یا قصبے کے مضافات (خصوصاً رہایشی حصہ یا علاقہ) ؛ شہر کے بیرون جات ؛ مفصّلات ۔

suburban, a., n. مضافاتی ۔

suburbanite, n. مضافاتی لوگ ۔

suburbia, n. کل مضافات یا مضافاتی لوگ ؛ سرگرمیاں ، معیارات و زاویہ ہائے نگاہ وغیرہ جو ان سے مخصوص ہوں ۔

subvention, n. اعانت مالی ؛ کسی منصوبے کے لیے حکومت یا کسی ادارے کی جانب سے دی گئی مالی امداد ؛ سب سِڈی ۔

subventionary, a. مالی امداد پانے والا ۔

subversion, n. تخریب کاری ؛ تخریب ؛ تہ و بالا کرنے کے اقدامات ؛ تباہی یا تخریب کی سی صورت حال ؛ کوئی شے جو تہ و بالا کرے یا تباہی پیدا کرے یا کر سکے ۔

subversionary, a. تخریب کی صورت پیدا کرنے والا ؛ تخریبی ۔

subversive, a., n. مخرب ؛ تخریبی ۔

subversively, adv. تخریب کاری کے طور پر ۔

subversiveness, n. تخریب پسندی ؛ تباہ کاری ۔

subvert, v.t. تباہی مچا دینا (کسی ملک میں) ؛ برباد یا تباہ کر دینا ؛ الٹ دینا (تختہ الٹ دینا) (جیسے : to subvert a government) ؛ تباہی ، زوال یا خرابی پیدا کرنا ؛ اصولوں کی بیخ کنی کرنا ؛ تخریب کرنا ۔

subverter, a. تخریب کار ۔

subway, n. کسی بڑے شہر میں زمین دوز برقی ریل ۔ (برطانوی) برطانیہ میں زیر زمینی آمدورفت کا سلسلہ ؛ آبی سلسلہ ؛ بجلی وغیرہ کا سلسلہ ؛ ریل یا سڑکوں کے نیچے پیدل آنے جانے کی سرنگ یا رہ گزر ۔

succedaneum, n. کوئی متبادل چیز ؛ عوضی ؛ قائم مقامی ۔

succedaneous, a. بدل پذیر یا قائم مقامی کے قابل ۔

succeed, v.t. کامیاب ہونا ؛ اپنی خواہش کے مطابق کسی

ہے لیکن مصنوعی طور پر بنایا بھی جاتا ہے اور عطریات ، خضاب ، ادویات وغیرہ کے بنانے میں استعمال ہوتا ہے ۔

succor, Brit. succour, n. مدد ؛ دستگیری (پریشاں حالی وغیرہ میں) ؛ دست گیر ؛ امداد کو پہنچنے والا ؛ باعث افاقہ بننے والی شے ۔ (فعل متعدی) مشکل وقت میں مدد کرنا ؛ مدد پہنچانا ؛ افاقہ دلوانا ؛ دستگیری کرنا ۔

succorer, n. مددگار ؛ ناصر ؛ دستگیر ۔

succory, n. دیکھیے : chicory ۔

succotash, n. ایک پکوان (مکئی کے ابلے ہوئے بھٹوں اور سفید لوبیے پر مشتمل) ۔

succubus, succuba, n. مردوں کے ساتھ خواب میں جنسی اختلاط کرنے والی ایک افسانوی چڑیل ؛ کوئی بھوت یا پریت ؛ بھوگ پری ۔

succulent, a. رس والا ؛ رسیلا ؛ مزے دار ؛ شیرے دار ؛ مقوی دماغ ۔ (نباتیات) گوشت کی طرح کے اور رسیلے ریشے والا ۔ (اسم) ناگ پھنی کی طرح کا ایک پودا جس کے گودے دار اور رسیلے ریشے ہوتے ہیں ؛ ناگ پھنی ؛ کوار گندل ۔

succulence, succulency, n. رس داری یا گودے داری ۔

succulently, adv. رس دار چیزوں کی طرح ۔

succumb, v.i. غالب طاقت کے آگے ہار جانا ؛ مغلوب ہو جانا؛جانبر نہ ہونا؛ بیماری ، زخم ، بڑھاپے وغیرہ کے آگے ہتھیار ڈال دینا؛ مر جانا ؛ پس پا ہو جانا ؛ شکست تسلیم کر لینا ۔

succursal, a. ذیلی ادارہ خصوصاً وہ دینی ادارہ جو کسی بڑے ادارے پر منحصر ہو ۔

succusion, n. خوب جھنجھوڑنے کا عمل ۔ (طب) یہ جاننے کے لیے کہ آیا جوف شکم میں کوئی سیال مواد یا گیس ہے کہ نہیں مریض کو زور زور سے ہلانے کا عمل ؛ جھنجھوڑ ؛ زلزال ۔

such, a. ایسا ؛ اس قسم کا کردار ، درجے یا وسعت کا جو مشارٌ الیہ ہے (جیسے : Such a woman is dangerous) ؛ ایک ہی یا اسی قسم یا صفت کی (جیسے : tea, coffee and such commodities) ؛ اس طرح کی یا اس جیسی پہلے بیان کی گئی یا بتائی گئی (جیسے : such nonsense is the case) ؛ جس کا پہلے یا ابھی ذکر ہو چکا ہو یا ہوا ہو (جیسے : If any member is late, such member shall be suspended)؛ اتنے بڑے درجے یا قسم کا (جیسے : such honor) ۔ (ضمیر) اسم ما قبل کی جگہ (جیسے : once a friend but no longer such) ۔ (متعلق فعل) اس انداز سے ؛ اس حد تک ؛ اس مفہوم میں ؛ کسی صفت کے پہلے عموماً آتا ہے (جیسے : such terrible deeds)۔

as such, ایسا شخص یا شے یا اشخاص اور اشیا (جیسے : The leader, as such, is entitled to respect) ؛ بذات خود (جیسے : Vice, as such, does not appeal to him) ۔

such as, ایسی (جیسے : a picture such as this one) ۔

such and such, a. فلاں اور فلاں ؛ واضح اور قطعی ۔ ہو مگر نام نہ لیا جائے یا تعین نہ کیا جائے (جیسے : It happened in such and such a place) ۔ (ضمیر) فلاں شخص یا فلاں چیز (بلا نام اور تعین کے) (جیسے : If such and such should occur, be prepared) ۔

suchlike, a. اس قسم کا ؛ اسی طرح کا (کی) ۔ (ضمیر) ایسی ہی قسم کی شے یا شخصیت

معاملے کا رونما یا انجام پذیر ہونا ؛ ہاتھ میں لیے کام کی تکمیل کر لینا ؛ کسی کی جگہ لے لینا (جانشینی ، انتخاب یا ملازمت کے ذریعے سے ، بعد میں عموماً to آتا ہے) ؛ ترتیباً کسی کے بعد آنا ۔ (فعل لازم) کسی عہدے یا جائیدادمیں کسی کے بعد آ کر وہاں متمکن ہو جانا ؛ ترتیباً کسی شے ، شخص یا واقعے کا کسی کے بعد آنا ؛ پیچھے پیچھے چلنا ۔

succeeder, n. وارث یا جانشین ہونے والا ؛ بعد میں آنے والا ۔

succes d'estime, n. [فرانسیسی] کسی اظہار فن کی وہ کامیاب پذیرائی جس کا باعث عوام کی پسند نہ ہو بلکہ صاحب اظہار کے بارے میں موجود حسن ظن ہو ؛ یوں کامیاب رہنے والی شے یا شخصیت ۔

success, n. کامیابی ؛ کوششوں کا خاطر خواہ نتیجہ ؛ دولت ، منصب وغیرہ کا حصول ؛ کامیاب اظہار فن یا اکتساب و حصول (جیسے : The program was a success) ؛ کامرانی ؛ حصول مراد ۔

successful, a. کامیاب (حصول دولت ، منصب ، مراد وغیرہ میں) ؛ کامران ۔

successfully, adv. کامیابی سے ۔

successfulness, n. کامیابی ؛ کامرانی ۔

succession, n. جانشینی ؛ کسی شخص یا شے کا آگے پیچھے آنا ، (بلحاظ ترتیب زمانی و مکانی یا مقام و منصب وغیرہ ؛ جیسے : five sunny days in succession) ؛ متعدد افراد یا اشیاکے تواتر کے ساتھ ایک دوسرے کے بعد آنے کی حالت ؛ تسلسل یا ایک دوسرے کے بعد آنے کا ترتیب وار سلسلہ ؛ وہ عمل ، حق یا اصول جس کے تحت کوئی شخص کسی دوسرے شخص کا جانشین بنے یا اس کے عہدے ، منصب یا جاگیر پر متمکن ہو ؛ ان لوگوں کی ترتیب یا سلسلہ جو جانشینی کے حق دار ہوں ؛ تخت ، منصب ، جاگیر وغیرہ کا توارث یا انتقال ؛ مسلمہ رواج یا قانون کے مطابق کسی موروثی منصب یا بادشاہت پر جانشین ہونے کا عمل یا صورت حال ۔

successional, a. جانشینی کا ؛ تسلسل یا تواتر کے ساتھ ۔

successionally, adv. تسلسل یا تواتر لیے ہوئے ۔

successive, a. لگا تار یا تسلسل کے ساتھ (جیسے : four successive failures) ؛ یکے بعد دیگرے ؛ بالترتیب کسی ایک کے بعد آنے والا (جیسے : on the second successive day) ؛ جانشینی سے متعلق ؛ جس میں جانشینی در آتی ہو ؛ متواتر ؛ علی التواتر ۔

successively, adv. پے در پے ؛ یکے بعد دیگرے ۔

successiveness, n. تواتر ؛ تسلسل ۔

successor, n. جانشین ؛ بعد میں آنے والا شخص ؛ چھوڑی ہوئی جگہ کو لینے والا (جیسے : He was the President's successor) ؛ وارث ۔

succinate, n. (کیمیا) سکسینک تیزاب کا نمک ؛ سکسینیٹ ۔

succinct, a. مجمل ؛ چند لفظی ؛ مختصر ؛ جامع ۔

succinctly, adv. مختصر اور جامع طور پر ۔

succinctness, n. اختصار ؛ ایجاز ۔

succinic acid, n. (کیمیا)سکسینک تیزاب ؛ پانی میں حل ہو جانے والا ایک قلمی مرکب جو قدرتی طور پر کہربا میں پایا جاتا

suck, v.t. چوسنا ؛ چسکنا ؛ چوستے ہوئے اندر لے جانے کی کوشش کرنا ؛ سانس اندر کھینچنا ؛ جذب کرنا ؛ گرداب وغیرہ کا اپنی طرف کھینچنا ؛ نگل جانا ؛ بھنور میں پھنس جانا ۔ (فعل لازم) چوسنا ؛ بچے کا چھاتی سے دودھ چوسنا ؛ اندر کھینچنا ۔ (اسم) منہ سے چوسنے کا عمل ؛ چوسا ۔

suck in, (عوامی) دھوکا دینا ؛ فائدہ اٹھا جانا ۔

sucker, n. چوسنے والا (والی) ؛ تھن ، پستان ؛ سکشن پمپ کا پسٹن ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کا منھ چوسنے کے لیے ہوتا ہے ۔ (نباتیات) تنے کے نچلے حصے سے پھوٹ کر اوپر کو جانے والی شاخ ؛ چُسنی ؛ شیر خوار ۔ (عوامی) سہل فریب آدمی ؛ جلدی دھوکا کھا جانے والا ۔ (بول چال) ایک قسم کی چوسنی مٹھائی (لولی پاپ) ۔ (فعل متعدی) درخت کے تنے پر پھوٹی ہوئی شاخوں کو توڑ پھینکنا ۔ (فعل لازم) تنے پر شاخوں کا پھوٹ آنا ۔

suckfish, n. مصاص ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی جو بحرالکاہل کے امریکی ساحل کے ساتھ ساتھ پائی جاتی ہے ، اس کے پیٹ پر ایک چوسنی طشتری سی بنی ہوتی ہے جس کے ذریعے وہ سمندر کی تہ سے چمٹ جاتی ہے ؛ ریمـوار مچھلی جو جہازوں بلکہ شارک مچھلیوں سے بھی چمٹ جاتی ہے ۔

sucking louse, n. جونک ؛ ایک قسم کی جونک جو اپنے تغیر پذیر منھ کی بدولت میمل جانوروں کے جسم سے ان کا رس (خون) چوستی ہے ۔

suckle, v.t., v.i. چسانا ؛ دودھ چسوانا ، کھلانا پلانا (بچے کو) ؛ چھاتیوں سے دودھ پلانا ۔

suckling, n. شیر خوار (انسان یا حیوان کا بچہ) ۔

sucrase, n. (حیاتی کیمیا)اسکرین ؛ شکر معکوس ؛ چینی کی کیمیائی طریقوں سے بنائی ہوئی گلوکوز ۔

sucrate, n. (کیمیا) دھاتی آکسائیڈ کا ایک مرکب جس میں شکر ہوتی ہے (جیسے :calcium sucrate) ۔

sucrose, n. (کیمیا) ایک قلمی مرکب ؛ گنے ، چقندر یا چینا سے تیار کی گئی عام شکر ؛ قند ؛ چینی ؛ کھانڈ ۔

suction, n. چوسنے کا عمل ، سلسلہ یا حالت ؛ وہ قوت جو کسی شے کو درکشی سے اندر کھینچ لاتی یا لے جاتی ہے یا اندرونی خالی جگہ کے آس پاس کے حصوں کو مزید جکڑ لیتی ہے کیونکہ وہاں عارضی خلا کی سی حالت پیدا ہو جاتی ہے ؛ اس قوت کی پیدائش ؛ مص ؛ امتصاص ؛ چساؤ ۔

suction pump, n. چوس پمپ ؛ آب کش پمپ ؛ ایک پمپ (نلکا) جس کے ذریعے درکشی کے عمل سے پانی وغیرہ کو اونچی جگہ پر چڑھایا جاتا ہے ، یہ ایک مخروطی سلنڈر اور ایک پسٹن پر مشتمل ہوتا ہے جو پانی کو اوپر کھینچتا ہے اور وہ پانی صمام یاوالو کے ذریعے واپس لوٹنے نہیں دیا جاتا ۔

suction stop, n. (صوتیات) وہ آواز جو چوسنے کی حالت میں زبان کو واپس لے جاتے ہوئے منہ کے کسی حصے کے ساتھ لگنے سے پیدا ہوتی ہے ؛ چوس بند ۔

suctorial, a. چوسنے کے عمل کے مطابق یا اس عمل میں چمٹ جانے کی صلاحیت والا ؛ چوسنے کے عمل کے مطابق ڈھلے ہوئے (اعضا) ؛ رس چوس یا خون چوس ، جو پودوں کے رس یا جانوروں کے خون پر ہی زندہ رہتے ہیں ۔

sudan grass, n. سوڈانی گھاس ؛ سرغوم یا اس قسم کی گھاس جو سوڈان سے لا کر امریکا میں خشک چارے کے لیے کاشت کی گئی ۔

sudatorium, n. پسینہ لانے کے لیے یا لانے والا گرم ہوا کا غسل ؛ گرمابہ ؛ پسینہ آور حمام ۔

sudatory, n. پسینہ آور ۔

sudd, n. [عربی] سد ؛ دریائے نیل میں آمدورفت میں رکاوٹ ڈالنے والی تیرتی ہوئی گھاس ، سبزہ وغیرہ ۔

sudden, a. اچانک رونما ہونے والا ؛ غیر متوقع طور پر ہو جانے والا ؛ حیرت انگیز یا صدمہ انگیز ؛ عجلت میں استعمال ، تیار یا کام میں لایا گیا ؛ عاجلانہ ؛ بہت تیز ؛ فوری ۔

all of a sudden, on a sudden, دفعۃً ؛ یک لخت ؛ ناگہانی ۔

suddenly, adv. ایک دم سے ؛ اچانک طور پر ؛ یکا یک ۔

suddenness, n. اچانک پن ؛ غیر متوقع پن ۔

sudden death, n. ناگہانی موت ۔ (کھیل) کھیل میں برتا جانے والا کوئی سا مسلمہ طریقہ جس سے مقابلے میں برابر رہنے کی صورت میں کسی فیصلے پر پہنچنا ممکن ہو (عموماً وقت میں اس وقت تک توسیع کہ مقابلہ کنندوں میں سے کوئی اسکور کر لے)؛ بلا تشدد خاموش اور غیر متوقع موت ۔

sudden infant death syndrome, n. اچانک مرگ طفلاں روگ ؛ بچوں کی نیند میں واقع ہونے والی غیر متوقع اموات ۔

sudoriferous, a. معرق (عرق آور) ؛ پسینہ لانے والا ۔

sudorific, a. عرق آور ؛ معرّق ۔ (اسم) پسینہ لانے والی دوا ۔

suds, n. صابن کی جھاگ یا پھین ؛ صابن والا پانی ؛ کف صابون ۔ (عوامی) بیئر ۔ (فعل متعدی) صابونی پانی سے دھونا ۔ (فعل لازم) جھاگ پیدا کرنا ۔

sudsy, a. جھاگ دار ؛ کف دار ۔

sue, v.t. حق و انصاف کے لیے عدالتی چارہ جوئی کرنا ؛ کسی کے خلاف مقدمہ دائر کرنا ؛ شادی کے لیے اظہار آرزو کرنا ۔ (فعل لازم) نالش کرنا ؛ استغاثہ کرنا ؛ دعویٰ دائر کرنا ؛ درخواست پیش کرنا ؛ عرضی دعویٰ گزرانا ؛ عذر پیش کرنا ۔ (قدیم) شادی کا پیغام دینا ۔

suede, n. سویڈ ؛ الٹی جانب سے کمایا ہوا پوست یا چمڑا ؛ گوشت والی جانب سے یا سیدھی جانب سے باہر والی پتلی سی پرت اتار کر کمایا ہوا ؛ کچا چمڑا (بکرے یا میمنے کا) ؛ ایسی مشابہت اور وضع کا اونی کپڑا ۔ نیز : suede cloth ۔

suet, n. شحم الکلیہ ؛ بیل ، بھیڑ ، ہرن وغیرہ کے گردوں یا کولھوں پر کے چربیلے ریشے جو دوسری کسی جگہ کی چربی سے زیادہ سخت ہوتے ہیں اور ان کو پگھلا کر چکنائی بنائی جاتی ہے ۔

suffer, v.t. مبتلا ہونا؛ تکلیف دہ ، ناگوار یا اذیت دہ اثرات کے ساتھ محسوس کرنا یا برداشت کرنا ؛ کسی شے سے دکھ پانا ؛ متاثر ہونا ؛ مجبوراً اجازت دینا ۔ (فعل لازم) جسمانی یا ذہنی اذیت جھیلنا ؛ سزا بھگتنا ، خصوصاً سزائے موت ؛ زخمی ہونا ؛ نقصان یا ضرر کو برداشت کرنا ۔

sufferable, a. قابل برداشت ۔

sufferableness, n. قوت برداشت ۔

sufferably, adv. دکھ جھیلتے ہوئے ؛ برداشت کرتے ہوئے ۔

sufferer, n. مصیبت زدہ ۔

suffering, n. مصیبت ؛ اذیت ۔

sufferingly, adv. بہ اذیت ؛ دکھ سے ۔

sufferance, n. برداشت ؛ منع نہ کرنے یا رکاوٹ نہ ڈالنے میں مضمر رضامندی یا منشا ؛ تسلیم و رضا ؛ برداشت کرنے کی حالت ۔

suffice, v.i. مکتفی یا کافی ہونا ؛ پیش نظر مقصد کی ضرورت کے مطابق ہونا ۔ (فعل متعدی) مطمئن کرنا ؛ ضرورتوں یا تقاضوں کے مطابق ہونا ۔

sufficer, n. مکتفی ؛ کافی ؛ بقدر ضرورت ۔

sufficiency, n. کافی ہونے یا حسب ضرورت ہونے کی حالت ؛ اکتفا ؛ گنجایش ؛ وسائل یا اشیائے صرف کی کافی مقدار ؛ معقول املاک ؛ ضروریات کے مطابق فراہمی ؛ خود اعتمادی ۔

sufficient, a. کافی ؛ پیش نظر مقصد کی ضرورت کے مطابق ؛معتدبہ ؛ ضروریات کے لیے کافی ۔ (قدیم) لائق یا صاحب استعداد ۔

sufficiently, adv. کافی طور پر ۔

suffix, n. (گرامر) لاحقہ ؛ کسی لفظ کے حاصل مصدر یا مادے کے آخر میں لگایا جانے والا حرف ، رکن یا حرفوں اور رکنوں کا مجموعہ (مفہوم میں کوئی ترمیم کرنے کے لیے یا مشتق بنانے کے لیے) جیسے : warmth میں th (فعل متعدی) (گرامر) لاحقہ لگانا ؛ آخر میں اضافہ کرنا

suffixal, a. لاحقی

suffixion, suffixation, n. لاحقہ داری ۔

suffocate, v.t. گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار دینا ؛ سانس بند کر کے مار دینا ؛ دم بندی کرنا ۔ (فعل لازم) دم بند ہو جانا ؛ گلا گھٹ جانا یا دم بندی سے مر جانا ۔

suffocatingly, adv. دم گھوٹتے ہوئے ۔

suffocation, n. حبس ؛ گلا یا دم گھٹنے کا عمل ۔

suffocative, a. گلا گھونٹنے والا (شخص یا شے) ؛ دم گھونٹ ۔

Suffolk, n. ایک مضبوط قد کاٹھ کا لادو انگریزی گھوڑا ؛ عمدہ گوشت کے لیے ایک مشہور انگریزی نسل کی بھیڑ ۔

suffragan, n. (کلیسیات) نائب بشپ ؛ آرچ بشپ ؛ نائب اسقف اعظم (کسی مذہبی تعلقے یا اس کے کسی حصے میں ان لوگوں کی نیابت کرنے والا یا ہاتھ بٹانے والا) ۔

suffrage, n. حق رائے دہی ؛ ووٹ دینے (ڈالنے) کا حق یا دیا یا ڈالا گیا ووٹ ۔ (کلیسیات) گرجے وغیرہ میں مانگی گئی اجتماعی دعا (پادری کی مانگی گئی دعا کے جواب میں یا پادری کی جانب سے) ۔

suffragette, n. عورت کے حق رائے دہی کی حمایتی عورت ۔

suffragist, n. حامئ رائے دہی ؛ کسی قسم کی حق رائے دہی کا حامی ۔

suffrutex, n. (نباتیات) نیم جھاڑی ؛ ایک قسم کی پست قد جھاڑی جس کا بنیادی یعنی نچلا حصہ چوبی ہوتا ہے اور ہر سال اس میں سے نئی شاخیں پھوٹتی رہتی ہیں ۔

suffruticose, a. (نباتیات) بالائی قسم کی جھاڑی کے حوالے سے یا اس کی سی ماہیت کا ؛ جھاڑی نما ۔

suffuse, v.t. بچھانا ؛ منتشر کرنا ؛ رنگ ، روشنی یا کسی سیال کو کہیں پھیلا دینا ؛ سیال وغیرہ سے کسی شے کو بھر دینا خصوصاً نیچے کی جانب سے ؛ چہرے پر دوڑا دینا ۔

sugar, n. شکر ؛ قند ؛ کھانڈ ، چینی ، گڑ وغیرہ جیسے گنے ، چقندر ، جوار ، میپل اور بعض دیگر نباتاتی چیزوں کے رس سے تیار کرتے ہیں یہ ایک سفید قلمی صورت میں تیار ہوتی ہے ؛ کاربوہائیڈریٹ والی کوئی شے ، جیسے گلوکوز ، لیکٹوز وغیرہ ؛ شکر کی طرح کا مادہ (جیسے : sugar of lead) ؛ پیار جتلانے کے لیے یا لاڈ پیار کا نام ۔ (فعل متعدی و لازم) شکر سے ڈھانپنا ، چھڑکنا ، ہلانا وغیرہ ۔ (مجازاً) شیریں بنانا جیسے کہ شکر سے ؛گوارا بنانا ۔

sugarless, a. بے شکر کا ؛ روکھا ۔

sugarlike, a. شکر کی طرح کا میٹھا ۔

sugar apple, n. دیکھیے : sweetsap –

sugar beet, n. چقندر ؛ ایک پودا جس کی شلغم کی طرح موٹی سفید جڑ سے شکر تیار کی جاتی ہے ۔

sugarberry, n. دیکھیے : Hackberry –

sugarbush, n. قند جھاڑ ؛ (میٹھے) میپل کا جھنڈ ؛ ایک سدا بہار جھاڑی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور پھل سرخ ، یہ جنوب مغربی ریاستہائے متحدہ امریکا میں ہوتی ہے ۔

sugar-cane, n. گنا ؛ گرم علاقوں کی ایک طویل قامت گھاس جس کے گانٹھوں والے مضبوط تنے اور میٹھا رس ہوتا ہے ، تجارتی شکر بنانے کا سب سے بڑا ذریعہ یہی ہے ؛ نیشکر ۔

sugar coat, v.t. شکر آمیز کرنا ؛ کسی چیز کو شکر میں ملفوف کر دینا یا اس پر شکر وغیرہ کا لیپ کر دینا ۔ (مجازاً) جُل دینے والی فضا پیدا کرنا یا کسی بات یا عمل کو بظاہر قابل قبول بنانا ۔

sugarhouse, n. کھنڈ سار ۔ وہ عمارت جہاں شکر کو صاف کیا جاتا ہے ؛

sugaring off, n. میپل کے رس کو ابال کر تیار ہو جانے کی وہ حالت جب گرم کیا گیا رس ٹھنڈا ہو کر میپل کی شکر بنانے کی منزل پر آ جاتا ہے ؛ وہ اجتماع جس میں لوگ شکر بنانے میں مدد دینے کے لیے آئے ہوں ۔

sugar loaf, n. مصری ؛ کوزہ مصری ؛ صاف شدہ شکر کی بھیلی ؛ تیار شکر کی مخروطی سی جمی ہوئی ڈلی ؛ اس شکل کی بنی ہوئی کوئی چیز ؛ پیلی ۔ (صفت) مصری کے ڈلوں کی طرح ؛ مصری کا کوزہ ۔

sugar maple, rock maple, n. شکری میپل ؛ شکری افرا ؛ شمالی امریکا کا ایک درخت جس کے رس والے گودے سے شکر تیار ہوتی ہے ؛ اس درخت کی لکڑی جو سخت ہونے کے باعث فرنیچر بنانے کے کام آتی ہے ۔

sugar of lead, n. دیکھیے : lead acetate –

sugar archard, n. میٹھے میپل کا جھنڈ یا ذخیرہ ۔

sugarplum, n. دیکھیے : Sugar bush –

sugary, a. شکریں ؛ شکردار ؛ شکر گوں ؛ شکر سے متعلق ؛ بہت زیادہ میٹھی ؛ شہد کی مانند ؛ فریب میں لانے کی حد تک شیریں ؛ جی بھر دینے والی ۔

suggest, v.t. تجویز کرنا ؛ کسی کے آگے خیال ، مفروضہ یا منصوبہ سوچ بچار کے لیے پیش کرنا یا زیر عمل لانے کے لیے دینا ؛

مشورہ دینا (کسی شے یا شخص کی موزونیت کے بارے میں) ؛ خیال ، تجویز یا فکر کو بروئے کار لانے پر آمادہ کرنا (جیسے The success of his first book suggested a second) ؛ بالواسطہ اور کسی واضح اشارے کے بغیر کسی کے ذہن میں کوئی بات یا خیال ڈالنا ؛ مطلع کرنا ؛ یاد آ جانا (کسی کے تعلق یا خیال سے کسی اور شے کا) ؛ کسی چیز کے متعلق کچھ کہنا ۔

suggester, n. تجویز کنندہ ؛ مجوّز ؛ تجویز کرنے یا خیال دلانے والا ۔

suggestible, a. تجویز پذیر ؛ قابل تجویز ؛ بات یا مشورے کو مان جانے کے قابل ۔

suggestibility, n. تجویز پذیری ۔

suggestion, n. تجویز ؛ مشورہ ؛ پیش کردہ کسی خیال کو ذہن میں لا کر اس پر کیا گیا فکر و عمل ؛ یاد آوری ؛ مجوزہ بات یا عمل ؛ بالواسطہ اطلاع یا خیال رسانی ؛ اشارہ ؛ واضح اشارہ ۔ (نفسیات) کسی خیال ، عقیدے یا تحریک کی معمول کے ذہن میں سرایت کاری (الفاظ یا اشاروں وغیرہ کے ذریعے لیکن کسی تنقیدی خیال ، اقدام یا حکم کے بغیر) ؛ ترغیب ۔

suggestive, a. مجوز (جو تجویز کرے) ؛ خیال انگیز ؛ کسی بات کو کسی کے ذہن میں ڈالنے والا یا اس سے باخبر کرنے والا ؛ کسی نامناسب یا غیر شایستہ چیز کی جانب واضح اشارہ کرتا ہوا ؛ معنی خیز ۔

suggestively, adv. معنی خیز طور پر ۔

suggestiveness, n. معنی خیزی ۔

suicidal, a. خود کشی کے متعلق یا مرادف یا اس کی ترغیب لیے ہوئے ؛ مائل بہ خود کشی ۔

suicidally, adv. خود کشی کے ذریعے ؛ خودکشی کے انداز میں ۔

suicide, n. خودکشی ؛ جان بوجھ کر اپنی جان لینے والا ؛ خودکشی کرنے والا ؛ اپنے مفادات اور امنگوں کا خود گلا گھونٹ دینے کا عمل ۔ (فعل متعدی و لازم) خود کشی کرنا ؛ اپنے آپ کو مار ڈالنا ۔

suicide seat, n. (بول چال) نشستِ خُود کُشی ؛ موٹر کار میں ڈرائیور کے برابر کی نشست ۔

sui generis, a. [لاطینی] اس کا ؛ ان کا اپنا یا کسی مخصوص قسم کا ؛ منفرد (بے مثال) ۔

sui juris, a. (قانون) خود مختار ؛ بالغ و عاقل ؛ قانوناً اپنے معاملات خود نباہنے یا سلجھانے کی صلاحیت اور حق رکھنے والا ۔

suint, n. بھیڑ کے بالوں کی قدرتی چکنائی ؛ اس میں چونکہ قلوی نمک اور روغنی مادہ ہوتا ہے اس لیے اس سے قلویہ (پوٹاش) حاصل کرتے ہیں اور بعض مربوں کی تیاری میں استعمال کرتے ہیں ۔

suit, n. جوڑا ؛ سوٹ ؛ پوشاک ، رسمی لباس یا غوطہ خوری کا وہ جوڑا جو ایک ساتھ پہنا جاتا ہو خصوصاً وہ رسمی جوڑا جو کوٹ ، واسکٹ اور پتلون پر مشتمل ہو ؛ وردی ، یونیفارم یا خصوصی پوشاک جیسے زرہ بکتر ۔ (قانون) مقدمہ حق و انصاف رسی کے لیے (کسی عدالت میں دائر کیا گیا) یا اس کے سلسلے میں کرنے یا ہونے والی کارروائی ؛ قانونی چارہ جوئی ؛ وہ معاملہ جو عدالت انصاف میں تعمیل یا حق داد رسی یا دعویٰ یا رفع شکایات کے لیے پیش کیا جائے ؛ درخواست گزارنے یا اپیل کرنے کا عمل ؛ تاش کے پتوں کے چاروں رنگ یعنی (اینٹ ، پان ، پھول اور حکم) میں سے کوئی ایک رنگ ؛ کسی کھلاڑی کے ہاتھ میں بیک وقت ان چاروں رنگوں میں سے کسی ایک رنگ کے کل پتے ۔ (مجازاً) کسی شخص کی کل بساط ؛ ترتیب ، تسلسل یا تواتر ؛ ایک سے زیادہ تعدادِ اشیا جن کی عمومی ماہیت ایک سی ہو یا جن کی غرض ایک ہو اور جن کو ملا کر استعمال کیا جاتا ہو یا جانا ہو ؛ کسی عورت کا (بغرض مناکحت) اظہار قرب ۔ (جہاز رانی) ایک کشتی کے بادبانوں کا مکمل دستہ ۔ (فعل متعدی) قرینے یا سلیقے سے ترتیب دینا ؛ ایک چیز کو کسی اور چیز یا شخص کے حسب حال یا حسب ضرورت کرنا ؛ ڈھالنا یا بنانا ؛ مناسب یا جچتا ہوا بنانا یا ثابت کرنا ؛ خوش کرنا یا مطمئن کرنا ؛ مطلوبہ یا خواہش کردہ چیز مہیا کرنا ؛ کپڑوں کا جوڑا مہیا کرنا ۔ (فعل لازم) موزوں ہونا یا راس آنا ؛ موافق آنا ؛ اطمینان بخش ، گوارا یا قابل قبول ہونا ۔

follow suit, (تاش) جس رنگ کا پتا پہلے پھینکا گیا ہو اسی رنگ کا پتا پھینکنا ؛ ریس کرنا ؛ تقلید کرنا ؛ دوسرے کی نقل کرنا ۔

suitable, a. موزوں ؛ موافق ، مناسب ؛ خوش آئند ۔

suitability, suitableness, n. موزونیت ، مناسبت ۔

suitably, adv. موزوں طور پر ؛ مناسب انداز سے ۔

suitcase, n. سوٹ کیس ؛ سفر یا گھریلو استعمال کے لیے کپڑے رکھنے کا ہلکا صندوق ۔

suite, n. [فرانسیسی] اشیا کا دستہ یا سلسلہ (جن کو ملا کر رکھا یا استعمال کیا جاتا ہو یا جانا ہو) ؛ باہم ملحق کمروں کا سلسلہ ، جو مجموعی طور پر ایک فرد کے استعمال میں ہوں یا متعدد افراد کے ؛ ملازموں یا ہم رکابوں کا گروہ ؛خدم و حشم یا نوکر چاکر ؛ کمروں کا ایک سیٹ (خصوصاً ہوٹل میں) ؛ سویٹ ۔ (موسیقی) ساز کے ساتھ مخصوص انداز اور ترتیب سے موزوں کیا گیا سلسلۂ رقص ؛ ایک ہی آہنگ میں یا باہم ملتے آہنگوں میں (عموماً پیش سرود کے ساتھ) ؛ کسی قسم کی سلسلہ وار سرود کاری ۔

suiting, n. سوٹ بنانے کا کپڑا ۔

suitor, n. عورت سے شادی کا طلب گار ؛ مناکحت طلب مرد ۔ (قانون) فریق مقدمہ ؛ مدعی ؛ مستغیث ؛ دعویٰ دائر کرنے والا ۔

sukiyaki n. ایک جاپانی پکوان جو گوشت کے پتلے قتلوں کو سبزیوں میں ملا کر پکایا جاتا ہے (اور عموماً دسترخوان پر ہی) اس میں سویا ساس ، شکر اور ساکی (چاولوں کی شراب) ڈالی جاتی ہے ۔

Sukkoth, n. [صیہونیت] فصل کی کٹائی کے موقع پر یہودی تقریب ، نیز دشت گردی کی یاد جسے ستمبر کے اواخر میں یا اکتوبر کے اوائل میں ''طشری'' (Tishri) کے پندرھویں دن مناتے ہیں (اسے Feast of the Tabernacles بھی کہتے ہیں) ۔

sulcate, sulcated, a. (حیاتیات) جھری دار ، لمبی ، کم چوڑی نالیوں یا جھریوں والا ؛ گھوڑے کے سُم یا پودے کے تنے کی طرح ؛ خیارہ دار ۔

sulcation, n. خیارہ داری ۔

sulcus, n. جھری ؛ شیار ۔ (تشریح الاعضا) دماغ کے دو پیچاکوں کی درمیانی درز ؛ درز دماغی ؛ تجویف ؛ ناب ؛ میزاب ۔

sulfa, sulpha, a. (علم الادویہ) سلفا ؛ کیمیائی طور پر سلفا نیلامائیڈ سے متعلق ؛ سلفا دواؤں کا یا اس سے متعلق ؛ سلفا دوا یا ادویات پر مشتمل ۔ (اسم) (علم الادویہ) سلفا دوا ۔

sulfa drug, sulfa, n. (علم الادویہ) سلفا دوا ؛ سلفا نیلمائیڈ سے اپنی کیمیائی ساخت میں بہت قربت رکھنے والی جراثیم کش دواؤں کی قبیل میں سے کوئی ایک ۔

sulfanilamide, sulphanilamide, n. (علم الادویہ) ایک بے رنگ قلمی مرکب جسے سلفانیلک تیزاب سے حاصل کیا جاتا ہے اور متعدد بکٹیریائی عوارض میں بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے (نمونیا ، سوزاک وغیرہ) ؛ سلفا نیلمائیڈ ۔

sulfanilic acid, n. (کیمیا) پانی میں قدرے حل پذیر نیلے سفید رنگ کا قلمی مرکب جسے رنگ سازی اور دوا سازی میں استعمال کرتے ہیں ؛ سلفانیلک تیزاب ۔

sulfarsenide, sulpharsenide, n. (کیمیا) آرسینائیڈ کے ساتھ ساتھ سلفائیڈ رکھنے والا کوئی مرکب ؛ سلفرسینائڈ ۔

sulfate, sulphate, n. (کیمیا) سلفیٹ ؛ زاج ؛ توتیا ؛ گندھک کے تیزاب کا نمک ۔ (فعل متعدی) (کیمیا) گندھکی نمک کے ساتھ ملانا ، شامل کرنا ؛ خوب بھر دینا یا کسی شے پر گندھکی سیسے کی تہ جمانا ، جیسے خشک بیٹریوں پر سیسے کی پلیٹیں ۔ (فعل لازم) (کیمیا) گندھکی ہو جانا ۔

sulfide, sulphide, n. (کیمیا) سلفائڈ ؛ گندھک کا ایک مرکب ، زیادہ برق مثبت جز یا ایٹم کے ساتھ ۔

sulfinyl, sulphinyl, n. (کیمیا)گندھک اور آکسیجن کے اصلیے والا گروہ ۔

sulfite, sulphite, n. (کیمیا) وہ نمک جس میں سلفیورس ایسڈ بطور بنیاد موجود ہو ؛ سلفائیٹ ۔

sulfonamide, sulphonamide, n. (کیمیا) ان نامیاتی مرکبات میں سے کوئی ایک جن میں سلفانا مائیڈ ہوتا ہے ۔

sulfonate, sulphonate, n. (کیمیا) وہ نمک جس میں گندھک کا تیزاب بطور بنیاد استعمال ہوا ہو ۔ (فعل متعدی) (کیمیا) سلفونک ایسڈ میں بدل دینا یا بنا دینا ؛ کسی میں سلفونک گروپ کا اضافہ کرنا ۔

sulfone, sulphone, n. (کیمیا) نامیاتی مرکبات میں کوئی ایک جن میں دو عنصری گروپ دو ہائیڈروجنی کاربونی اجزا کے ساتھ ملا ہوتا ہے ۔

sulfonic, sulphonic, a. (کیمیا) SO_2OH کے گروپ سے متعلق ؛ کسی ایسے تیزاب سے متعلق جس میں یہ گروپ موجود ہو ۔

sulfonic acid, sulphonic acid, n. (کیمیا) سلفونک تیزاب ؛ سلفونک اصلیے والے تیزابی گروہ میں سے کوئی ایک جسے سلفیوزک ایسڈ گروپ کو بے دخل کر کے بنایا جا سکتا ہے ۔

sulfonium, sulphonium, n. (کیمیا) یک گرفتہ اصلیہ سلفونیم ؛ جو بعض نامیاتی مرکبات میں موجود ہوتا ہے ۔

sulfonmethane, n. ایک قلمی مرکب جو مسکن یا خواب آور دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

sulfonyl, sulphonyl, n. دیکھیے ؛ Sulfuryl ۔

sulfonylurea, n. ذیابیطس کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویہ میں سے کوئی دوا جو اندرونی انسولین کے اخراج میں اضافہ کرکے خون میں شکر کے عنصر کو کم کرتی ہے ۔

sulfur, sulphur, n. (کیمیا) گندھک ؛ کبریت ؛ ایک غیر دھاتی عنصر جو کئی صورتوں میں ہوتا ہے ، عام طور پر زرد رنگ کی قلمی ٹھوس صورت میں پایا جاتا ہے اور جلنے پر نیلا دھواں چھوڑتا ہے ، اس کی بُو سے دم گھٹنے لگتا ہے ، یہ ادویات سازی میں استعمال ہوتا ہے نیز ربڑ کو یک جان کرنے ، دیا سلائیاں بنانے اور بارود بنانے میں بھی استعمال ہوتا ہے ۔ (فعل متعدی) (کیمیا) گندھک سے صاف کرنا ؛ گندھک آمیزی کرنا ۔

sulfur butterfly, n. گندھکی تتلی ؛ ان مختلف اقسام میں سے ایک تتلی جس کے پر زرد یا نارنجی اور سیاہ حاشیے والے ہوتے ہیں ۔

sulfur dioxide, n. (کیمیا) سلفر ڈائی آکسائڈ ؛ ایک گیس جو بے رنگ ، بھاری' دم گھونٹنے اور پانی میں حل ہو جانے والی ہوتی ہے ، یہ گندھک جلانے سے حاصل ہوتی ہے ، غذاؤں کو دیر تک محفوظ رکھنے ، رنگ کاٹنے ، جگہوں کو بے عفونت کرنے اور گندھک کا تیزاب بنانے میں استعمال ہوتی ہے ۔

sulfureous, sulphureous, a. گندھکی ؛ گندھک پر مشتمل یا اس کی خصوصیات والا سلفیورس ۔

sulfureously, sulphureously, adv. کبریت لیے ہوئے ؛ گندھک آمیزانہ ۔

sulfureousness, sulphureousness, n. کبریت ؛ گندھک آمیزی ۔

sulfuret, sulphuret, n. (کیمیا) ایک سلفائیڈ ۔ (فعل متعدی) گندھک کے ساتھ ملانا ؛ گندھکانا ؛ گندھک سے صاف کرنا ۔

sulfuric, sulphuric, a. (کیمیا) گندھک کا یا اس جیسا خصوصاً زیادہ گرفت والی گندھک کا ۔

sulfuric acid, n. (کیمیا) گندھک کا تیزاب ؛ ایک بے رنگ روغنی اور گلا دینے والا مرکب ، اسے دھماکا خیز اشیا ، کیمیائی کھاد اور دیگر کیمیائی چیزوں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

sulfurize, sulphurize, v.t. (کیمیا) گندھک کے ساتھ ملانا ، صاف کرنا یا مملو کرنا ؛ گندھک جلا کر اس کی دھونی دینا ۔

sulfurous, sulphurous, a. گندھکی ؛ گندھک سے بھرا ہوا ؛ جلتی گندھک کی حرارت یا اس کے دم گھونٹنے والے شعلوں کی طرح ؛ نار دوزخ سے متعلق ؛ دوزخی یا شیطانی ؛ بہت گرم یا آتشین ؛ فحش یا گندی ۔

sulfurous acid, sulphurousacid, n. (کیمیا) سلفیورس تیزاب ؛ ایک ہلکا ، بے رنگ تیزاب جسے رنگ کاٹنے میں استعمال کیا جاتا ہے اور اپنے نمکوں اور سلفائیڈوں ہی کی بدولت زیادہ معروف ہے ۔

sulfur (sulphur) yellow, n زرد رنگ ؛ زرد اور شوخ سبز کے درمیان کی حالتوں والا رنگ ۔

sulfuryl, sulphuryl, n. (کیمیا) دو گرفتہ اصلیہ گروہ جسے گندھک کے تیزاب سے بناتے ہیں ۔ نیز sulfonyl ۔

sulk, v.i. روکھے ، اکھڑے اکھڑے مزاج کے ساتھ الگ الگ سا رہنا ؛ بدمزاج انداز میں دوسروں کے ساتھ بند بند سا رہنا ؛ بسورتے رہنا ۔ (اسم) افسردگی کی حالت یا اس کا دورہ ۔ (جمع) آزردگی سے بدمزاجی کا اظہار ۔

sulky, a. تنہائی پسند ؛ اکھل کُھرا ؛ تیوری چڑھا ؛ روکھا ؛ بدمزاج ؛ الگ الگ سا ؛ تیکھا ؛ روٹھا روٹھا سا ۔ (مجازاً) اداس اداس سا (موسم وغیرہ) ۔ (برطانوی بولی)کام کے لیے سخت ۔ (اسم) دو پہیوں کی ایک گھوڑے والی ہلکی گاڑی جس میں ایک ہی آدمی بیٹھتا ہے اور جسے عموماً پویا چال گھوڑوں کی رفتار آزمائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

sulkily, adv. آزردگی یا افسردگی سے ۔

sulkiness, n. روکھا پن ؛ آزردگی ۔

sullage, n. غلاظت ؛کوڑا کباڑ ؛ گاد ۔ (فلزیات) پگھلائی ہوئی دھات یا کڑچھے پر تیرتا ہوا میل یا فضلہ ۔

sullen, a. روکھا ؛ روٹھا سا ؛ اکل کُھرا ؛ مستقل طور پر بے زاری یا خاموشی سے ناراضگی کا اظہار کرتا ہوا ؛ بدمزاج ؛ ترش رو ۔ (مجازاً) اداس اداس سا (موسم ، مقام یا آواز) ؛ بھرنے کی طرف نہ آنے والا زخم ؛ افسردہ افسردہ سا یا افسردگی پیدا کرنے والا(رنگ اور صورت کے حوالے سے ، جیسے : sullen skies) ؛ سست رو (ندی وغیرہ) ۔

sullenly, adv. خفگی یا آزردگی سے ۔

sullenness, n. خفگی ، آزردگی ، برہمی ، اداسی ؛ افسردگی ۔

sully, v.t. داغ دار کرنا ؛ میلا کرنا ؛ مٹیالا کرنا ؛ دھبّا لگانا ؛ آب و تاب گنوا دینا ۔ (فعل لازم) داغ دار، میلا ، مٹیالا وغیرہ ہو جانا ۔ (اسم) داغ ؛ دھبّا ؛ عیب ؛ بے حرمتی ۔

sultan, n. [عربی] سلطان ؛ حاکم ؛ ایک چھوٹے قد و قامت کا پالتو مرغ جس کے پر سفید ہوتے ہیں اور ٹانگوں پر بال ہی بال ہوتے ہیں ؛ پاپوش (کبوتر وغیرہ) ۔

sultana, n. سلطانہ ؛ کسی سلطان کی ماں ، بہن ، بیوی یا بیٹی ؛ قرمزی مرغابی ؛ کشمش بیدانہ ؛ منقیٰ ۔

sultanate, n. سلطنت ؛ سلطان کی قلمرو ۔

sultry, a. سخت گرم؛ تپش ناک اور گھبرا دینے والا؛ سخت گرم مرطوب یا گرم اور حبس والا(موسم یا فضا)(جیسے : sultry atmosphere)؛ اُمسی؛ گُھمسی ؛ غصے یا جذبات سے گرم و تپاں ؛ آگ بگولا ۔

sultrily, adv. گھمس کے ساتھ ؛ آگ بگولا ۔

sultriness, n. گرمی اور حبس ۔

sum, n. انتہا ۔ (ریاضی) کل مقدار یا رقم ؛ دو یا دو سے زیادہ اعداد ؛ جسامتوں ، مقداروں یا چیزوں کا مجموعہ جو ریاضی کے طریقے سے جوڑ کر نکالا جائے ؛ حساب وغیرہ کا حل طلب سوال یا ریاضی کا مسئلہ ؛ کسی دیے ہوئے لامتناہی سلسلے کے مجموعے کی جزوی حد ؛ غیر متعین مقدار یا مجموعہ خصوصاً رقم کا (جیسے : to lend small sums)؛ نتیجہ ؛ میزان ؛ خلاصہ ؛ لب لباب ؛ نچوڑ یا مختصر سی صورت ، کسی بڑی شے کی (جیسے : the sum and substance) ۔ (فعل متعدی) جمع کرنا ؛ میزان نکالنا (بعد میں up لگاتے ہیں) ؛ مختصر کرنا ؛ تھوڑی جگہ میں کھپانا (سمیٹنا) ؛ خلاصہ کرنا ، اجمالاً بیان کرنا ؛ پایۂ تکمیل کو پہنچانا ۔ (فعل لازم) میزان لگا کر کل رقم نکالنا ؛ سوال حل کرنا جیسے ریاضی میں ؛ خلاصہ کرنا یا نکالنا ؛ ماحصل بیان کرنا ۔

sumac, sumach, n. سماق ؛ شجر السماق ؛ ایک قسم کا درخت جس کے پتوں کو پیس کر چمڑا رنگنے ، کھانے میں استعمال کرتے ہیں ۔

sumerian, sumirian, a. سمیری ؛ قدیم بابل (سمیر) کے ابتدائی باشندوں سے متعلق ، کہا جاتا ہے کہ یہ لوگ غیر سامی تھے ؛ ان لوگوں کی زبان جو قدیم آشوری کتبوں کی صورت میں محفوظ ہے اور غیر سامی قیاس کی جاتی ہے ۔ (اسم) سمیری قوم کا کوئی فرد ؛ سمیری زبان ۔

summa, n. ملخص ؛ جامع ؛ کسی موضوع پر مبسوط مقالہ (بالخصوص کسی صاحب علم و فضل کا لکھا ہوا) ۔

summa cum laude, adv. بلند ترین اعزازات کے ساتھ ؛ علمی امتیاز کے مدارج ثلاثہ میں سے سب سے ارفع کے لیے آتا ہے ۔ دیکھیے : magna cum laude,cum laude ۔

summarize, v.t. اختصار کرنا ؛ اختصاریہ لکھنا ، مجمل بنانا ؛ مختصر طور پر کسی مفصل بات کو لکھنا یا بیان کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ خلاصہ کرنا ۔

summarization, n. اختصار ؛ تلخیص ۔

summarizer, summarist, n. تلخیص کرنے والا ۔

summary, a. خلاصہ ؛ مختصر ؛ تلخیصی ؛ اجمالی ؛ مجمل ؛ فوری طور پر اور رسمی مراحل میں سے گزرے بغیر کیا جانے والا ؛ سہل اور آسان طریقے سے کیا جانے والا ۔ (قانون) قانونی موشگافیوں کی طوالت پسندی سے ہٹ کر ایسا طریقہ اختیار کر کے بلاتاخیر اور بسہولت کی گئی (کارروائی) ۔ (اسم) مختصر یا مجمل بیان یا رپورٹ ؛ خلاصہ؛ اختصاریہ ؛ تلخیص؛ لب لباب ؛ اجمال ؛ اختصار۔

summarily, adv. سرسری طور پر ؛ بہت عجلت سے ؛ کھڑے گھاٹ ۔

summariness, n. اجمالیت؛ اختصاریت ۔

summation, n. جمع کرنے کا عمل ؛ حاصل جمع ؛ سابقہ دلائل یا واقعات کی ماحصل نگاری (بشمول اخذ کردہ نتائج کے کسی عدالت ، بحث یا مقدمے میں) ۔

summer, n. گرمی ؛ موسم گرما ؛ گرمیوں کی رت ؛ صیف ۔ (مجازاً) بمعنی سال (جیسے : seventeen summers) ؛ کسی تنزل کے آغاز سے پہلے کا ، ترقی ، تکمیل اور حسن کا بہترین دور (جیسے : the summer of life) ؛ موسم گرما یا گرمی ؛ موسم گرما کی طرح کا موسم یا زمانہ ؛خصوصاً موسم سرما کے آخر میں یا اوائل کا معتدل خوش گوار موسم (جیسے : Indian summer) ، (امریکی انڈین کے لحاظ سے) ۔ (صفت) صیفی ؛ تابستانی ؛ گرم موسم کے مطابق یا اس کی سی کیفیت (جیسے : summer warmth or summer clothing) ؛ تابستان کی گرمی لیے ہوئے ؛ وہ پھل جو گرمیوں ہی میں پکتا ہے ۔ (فعل لازم) گرمیاں گزارنا یا بسر کرنا ۔ (فعل متعدی) گرمیوں میں پالنا ، دیکھ بھال کرنا یا سنبھالنا (مویشی وغیرہ کو) ؛ موسم گرما جیسا بنانا ۔

summerly, summery, a. موسم گرما کا ؛ گرمیوں سے مخصوص ۔

summer, n. (فنِ تعمیر) شہتیر ؛ بڑی کڑی ؛ گاڈر ؛لینٹل ؛ کسی ستون وغیرہ کا سب سے بالائی پتھر۔

summer cypress, n. قبرصی خرفہ ؛ ایک یوریشیائی بوٹی جو شمالی امریکا میں بہت عام ہے ، یہ خرفہ بیری جنس سے تعلق رکھتی ہے ، بڑی گھنی ہوتی ہے ، سجاوٹ کے لیے گرمیوں میں لگائی جاتی ہے ۔

summerhouse, n. کشک باغ ؛ سایہ خانہ ؛ گرمیوں میں دھوپ اور گرمی سے بچنے کے لیے پارک یا باغ میں بنایا ہوا سیدھا سادا اور معمولی سا سائبان ۔

summer kitchen, n. گرمیوں میں باورچی خانے کے طور پر استعمال کی جانے والی اصل مکان سے ملحق کوئی عمارت ۔

summersault, n., v.i. دیکھیے : somersault ۔

summer school, n. مکتب گرما ؛ وہ اسکول یا مطالعاتی پروگرام جو گرمیوں میں چلایا جاتا ہے ، اس کے ذریعے طالب علم کو جلدی ڈگری حاصل کرنے کی سہولت ہو جاتی ہے نیز وہ کریڈٹس حاصل کر سکتا ہے یا اپنی تعلیم کی کمی کو پوری کر سکتا ہے ۔

summer squash, n. پیٹھا ؛ ایک پودا جس کا پھل پکنے اور سخت ہو جانے سے پہلے سبزی کے طور پر کھاتے ہیں ۔ چھال

summertime, n. موسم گرما ۔ (برطانوی) دن کی روشنی بچانے اور اس سے فائدہ اٹھانے کا زمانہ ۔

summerwood, n. نشوونما پانے کے موسم کے آخری دنوں میں بننے والی زیادہ گتھی ہوئی اور زیادہ سخت لکڑی کا حلقہ ۔

summit, n. چوٹی ؛ منتہا ؛ نقطۂ عروج (جیسے : the summit of success) ؛ سب سے اونچی جگہ یا اونچا مقام ۔ (صفت) سب سے اونچا مقام یا منصب والا ؛ چوٹی کا ؛ سربراہی(ملاقات)؛ دو ملکوں کے سربراہوں یا اعلیٰ عہدے داروں کی کسی سیاسی سلسلے میں (گفتگو)(جیسے : summit meeting) ۔

summital, a. سب سے اونچے مقام والا ؛ چوٹی کا ۔

summon, v.t. پروانہ طلبی یا حاضری بھیجنا ؛ طلبانہ بھیجنا ؛ سمن بھیجنا ؛ حاضر ہونے کے لیے کہنا یا بلا بھیجنا ، عدالت میں طلب کرنا ؛ اجلاس بلانا (جیسے : to summon congress) ؛ تعمیل حکم کے لیے کہنا جیسا ہتھیار ڈالنے کے لیے ؛ کسی کام کو کرنے کے لیے آمادہ کرنا ؛ ابھارنا یا ہمت بندھانا (بعد میں up لگاتے ہیں ، جیسے : summon up your courage) ۔

summoner, n. طلب کرنے والا ؛ بلانے والا ۔

summons, n. (قانون) سمن ؛ طلبی ؛ طلبانہ ؛ پروانہ طلبی ؛ کسی عدالت یا ہیئت مجاز کی جانب سے کہیں حاضر ہونے کا حکم ؛ پروانہ حاضری کی تحریری یا مطبوعہ دستاویز ؛ پروانہ حاضر باشی ۔ (فعل متعدی) عدالت طلب کرنا ؛ بلانا ۔

summum bonum, n. [لاطینی] خیر اعلیٰ ؛ سب سے بڑی نیکی ؛ خیر کثیر ؛ فوز ۔

sumo, n. سمو ؛ ایک قسم کی جاپانی کُشتی : اس میں جیتنے کے لیے ضروری ہوتا ہے کہ پاؤں کے سوا حریف کے کسی حصہ جسم کو زمین سے لگا دیا جائے یا حریف کو کھیل کے حلقے سے باہر نکلنے پر مجبور کر دیا جائے ۔

sump, n. گڑھا ؛ جوہڑ ؛ تالاب ؛ کوئی جگہ جہاں گندا پانی یا دوسرا کوئی سیال جمع کیا جاتا ہو ؛ کنواں ۔ (میکانیات) سب سے نچلے مقام پر بنا ہوا حوض جس میں فالتو تیل یا پانی (جس کے لیے وہ بنایا گیا ہو) گرتا رہتا ہے ۔ (کان کنی) ستون کے نیچے بنائی ہوئی وہ جگہ جہاں پانی کو جمع ہونے دیا جاتا ہے ۔ (برطانوی بولی) دلدل ؛ جوہڑ ؛ تلیا ۔

sump pump, n. کسی حوض وغیرہ سے جمع شدہ یا فالتو پانی کو ہٹانے کے لیے لگایا گیا نلکا ۔

sumpter, n. لدو یا لداؤ گھوڑا یا خچر ۔

sumptuary, a. اخراجاتی ؛ اخراجات یا مصارف کو باضابطہ کر دینے والا (جیسے : sumptuary laws) ۔

sumptuous, a. گراں قیمت ؛ قیمتی ؛ گران قیمت دکھائی دینے والا ؛ پرتکلف ؛ پرتعیش ؛شاندار ۔

sumptuously, adv. قیمتی سازوسامان سے ؛ نہایت تکلف سے ۔

sumptuousness, n. تکلف ؛ بیش قیمت ہونے کی کیفیت

sum total, n. کل میزان ؛ کل حاصل یا کل مجموعہ ۔

sun, n. سورج ؛ آفتاب ؛ شمس ؛ مہر ، نظام شمسی کا مرکزی ستارہ جس کے گرد زمین اور دوسرے سیارے گردش کرتے ہیں اور جس سے وہ روشنی اور حرارت حاصل کرتے ہیں ؛ دھوپ (جیسے : to stay out of the sun) ؛ سورج کی نمائندہ تصویر ؛ سورج کی طرح روشن ، ذی شان یا زندگی بخش کوئی شے ۔ (فعل متعدی و لازم) گرمی یا دھوپ میں ڈالنا یا کھڑا کرنا ؛ شمسی چراغ کی روشنی کی زد میں لانا ۔

place in the sun, نمایاں حیثیت ؛ لوگوں کی جانب سے قدرشناسی ۔

under the sun, روئے زمین پر کسی جگہ ۔

sunbaked, a. دھوپ پخت ؛ دھوپ میں ڈال کر خشک یا سکھائی گئی شے ۔

sun bath, n. غسل آفتابی ؛ شمسی غسل ؛ دھوپ اشنان ۔

sunbathe, v.i. جسم کو براہ راست سورج کی کرنوں یا شمسی چراغ کے سامنے لانا ؛ غسل آفتابی کرنا ؛ دھوپ اشنان کرنا ؛ سورج کی شعاعوں کے سامنے لیٹنا ۔

sunbather, n. غسل آفتابی کرنے والا ۔

sunbeam, n. سورج کی کرن یا شعاع ؛ سورج کی وہ شعاع جو روشنی کی ایک مرئی کرن کی طرح دکھائی دے ؛ دھوپ شعاع ۔

sunbird, n. ثمیرا ؛ ایک قسم کا شوخ رنگ ، چمک دار پروں والا پرندہ جو شکر خورے سے ملتا جلتا ہے ، یہ افریقہ اور مشرق بعید کے گرم خطوں میں پایا جاتا ہے ۔

sunbonnet, n. چھتر ٹوپ : ایک قسم کی سوتی یا دوسری شے سے بنی ہوئی بڑی اور آگے پیچھے سے بڑھی ہوئی ٹوپی جو چہرے اور گردن کو دھوپ سے بچائے رکھتی ہے ۔ عورتیں اور لڑکیاں دھوپ میں جاتے ہوئے اسے پہن لیتی ہیں ۔

sunbow, n. سورج دھنک ؛ دھنک یا قوس قزح جو سورج کی کرنوں کے کسی آبشار کی پھوار یا اٹھتے ہوئے آبی بخارات پر پڑنے سے منعکس ہوتی ہے ؛ پھواری دھنک ۔

sunburn, n. دھوپ جلن ؛ دھوپ میں زیادہ دیر رہنے یا کام کرنے سے جلد پر پیدا ہو جانے والی سنولاہٹ یا ورم ۔ (فعل متعدی و لازم) دھوپ سے سنولانا یا دھوپ میں سنولا دینا ۔

sunburst, n. سورج کی ایک دم روشنی ؛ اچانک دھوپ ؛ سورج کی بادلوں میں سے یکایک نمودار ہونے کی حالت ؛ پُھل جھڑی یا مہتابی ؛ ایک قسم کا زیور جس کی شکل کرنیں چھوڑتے سورج کی سی ہوتی ہے ۔

sundae, n. آئس کریم کا وہ خاص حصہ جس پر پھل اور شربت وغیرہ ڈالتے ہیں ، کبھی کبھی اس میں پھینٹی ہوئی کریم ، کٹی ہوئی گریاں یا دوسری چیزیں بھی ڈال دیتے ہیں ۔

sundance, n. آفتابی رقص ؛ شمسی ناچ ؛ سورج کے حوالے سے شمالی امریکا کے قدیم باشندوں کی ایک مذہبی تقریب جس میں رقص کیا جاتا ہے اور بعض اور رسومات ادا کی جاتی ہیں ، عموماً اس میں جسمانی اذیت کوشی بھی شامل ہوتی ہے ۔

Sunday, n. اتوار ؛ یک شنبہ ؛ یوم الاحد ؛ عیسائیوں کا یوم السبت ؛ انگریزی ہفتے کا پہلا دن ؛ ہفتے کا بڑا دن ۔

Sundays, adv. اتواروں کو ، ہر اتوار کو ۔

Sunday-go-to-meeting, a. (بول چال) پوری زیب و زینت کے ساتھ (جیسے : sunday-go-to-meeting clothes) ۔

Sunday punch, n. (مکا بازی) جتا دینے والا مکا ؛ مکے باز

کی سب سے کاری ضرب ؛ کوئی چیز جو حریف کو شدید ضرب پہنچائے ۔

Sunday School, n. دینی مدرسہ (عیسائیوں کا) جو صرف اتوار کے اتوار ہوتا ہے ؛ ایسے اسکول کے استادوں اور شاگردوں کی کل نفری ۔

sun deck, n. غسل آفتابی کے لیے برتی جانے والی جگہ جہاں جم کر دھوپ پڑتی ہو (جیسی عرشہ جہاز یا کھلی چھت پر) ۔

sunder, v.t., v.i. جدا ہونا یا کرنا ؛ الگ الگ کرنا یا ہو جانا ؛ علیحدہ علیحدہ کر دینا یا ہو جانا ؛ کسی طریقے سے الگ کرنا جیسے پھاڑنے ، کاٹنے یا توڑنے سے ۔ (اسم) علیحدگی ، جدائی (پہلے in لگاتے ہیں) ؛ حصوں میں انقسام ۔

sunderance, n. علیحدگی ؛ جدائی ؛ اختراق ؛ انشقاق ۔

sundew, n. شبنمی بوٹی ؛ ایک بوٹی جو اکثر دلدلی جگہوں میں ہوتی ہے ، اس کے پتوں پر چپکنے روئیں سے ہوتے ہیں جن میں حشرات پھنس جاتے ہیں ۔

sundial, n. دھوپ گھڑی ؛ ساعت شمسی ؛ ایک آلہ جو دن کا وقت اس سائے سے بتاتا ہے جو اس کے ڈائل پر پڑتا ہے ۔

sun disk, n. قرص آفتاب ؛ سورج تھال ؛ طشتری کی طرح سورج کی بنی ہوئی شکل جس سے سورج دیوتا مراد لیا جاتا ہے خصوصاً مذہبی اشاریت میں ۔

sundog, n. آفتاب کاذب ؛ چھوٹی سی قوس قزح ۔

sundown, n. غروب آفتاب یا غروب کا وقت ؛ بڑے حاشیے والا ایک زنانہ ہیٹ جو پہلے استعمال ہوتا تھا ۔

sundowner, n. (آسٹریلوی) غروبیہ ؛ وہ آوارہ گرد جو دانستہ کسی ٹھکانے پر شام کے وقت پہنچتا ہے اور بظاہر کار جوئی کے لیے لیکن بباطن نان جوئی اور شب بسری کے لیے آتا ہے ۔

sundries, n. (جمع) متفرقات ؛ چھوٹی موٹی چیزیں جو انفرادی طور پر گنی نہ جا سکیں ۔

sundrops, n. شام کھِل پودوں میں سے ایک پودا جس کے زرد پھول دن کے وقت کھلتے ہیں ۔

sundry, a. متفرق ؛ متعدد ؛ غیر واضح تعداد میں ۔

sunfast, a. پکا رنگ ؛ دھوپ میں نہ اڑنے والا (رنگ) یا اس قسم کے (کپڑے) ۔

sunfish, n. قیصانہ ؛ ایک قسم کی تازے پانی کی بڑی مچھلی جس کا جسم بڑا ، پیچھے سے مخروطی ، پشت اور دبری حصہ اٹھا ہوا ہوتا ہے ؛ شمالی امریکا کے تازہ پانی کی مچھلیوں میں سے کوئی ایک جس کا جسم دبا ہوا ہوتا ہے ۔

sunflower, n. سورج مکھی : اس کے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں اور گول پھول کے گرد سورج کی کرنوں کی طرح نوکیلی پتیاں ہوتی ہیں ، اس کے بیجوں میں خوردنی تیل ہوتا ہے ، انھیں چارے کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور جب سوکھ جاتے ہیں تو بطور نُقل کھائے جاتے ہیں ۔

sunglasses, n. (جمع) دھوپ عینک ؛ رنگ دار شیشوں والی عینک ، جو آنکھوں کو دھوپ کی تیز چمک سے محفوظ رکھتی ہے ۔

sunglow, n. شفق ؛ طلوع آفتاب سے پہلے اور غروب آفتاب کے فوراً بعد افق پر پھیل جانے والی ایک دھندلی روشنی جو فضا میں ننھے ننھے ذرات کی بدولت پیدا ہوتی ہے ؛ سورج کی روشنی کی تپش ۔

sungod, n. سورج دیوتا ؛ سورج ایک دیوتا کے روپ میں یا دیوتا سورج کے روپ میں ۔

sun grebe, امریکا اور افریقہ کے گرم خطوں کا ایک جل چل پرندہ ۔

sunken, a. دھنسا ہوا ؛ زیر آب ؛ کھوکھلا ؛ پیچھے ہٹا ہوا ؛ عام سطح سے نیچے گیا ہوا ؛ نچلی سطح پر تعمیر کیا ہوا ۔

sunk fence, n. ایک نالی جس کے ایک جانب منڈیر ہوتی ہے اور اسے زمین کو تقسیم کرنے کے لیے بنایا جاتا ہے ؛ باغ کے گرد کا نشیبی احاطہ یا جنگلا جو دور سے دکھائی نہ دے ۔

sun lamp, n. چراغ شمسی ؛ ایک برقی لیمپ جس میں سے بالائے بنفشی شعاعیں پھوٹتی ہیں ، اسے یا تو معالجاتی مقاصد کے لیے یا درون خانہ جلد سنولانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ۔

sunless, a. بے آفتاب ؛ بن سورج کے ؛ بے دھوپ کا ؛ تاریک ؛ افسردہ ؛ بے رونق ۔

sunlessness, n. بے آفتابی ؛ سورج کی گرمی اور روشنی سے محرومی ۔

sunlight, n. سورج کی روشنی ؛ دھوپ ۔

sunlit, a. سورج سے روشن ۔

sunn, n. [اردو] سن کا پودا : اس کی اندرونی چھال رسیاں ، رسے ، ٹاٹ بنانے کے کام آتی ہے ؛ پٹ سن کا ریشہ ۔

Sunna, Sunnah, n. سنت و شریعت ۔

Sunnite, Sunni, n. سُنّی ؛ اہل سنت ۔

Sunny, a. آفتاب گوں ؛ تاباں ؛ روشن ؛ دھوپ کی زد میں ؛ براہ راست سورج کی حرارت سے گرم اور روشنی سے منور ہونے والا ؛ خوش بخوش ؛خوش طبع (جیسے : a sunny disposition) ۔

sunnily, adv. خوش دلی سے ۔

sunniness, n. شادمانی ؛ شگفتگی ۔

sunny-side up, a. ایک ہی طرف سے تلا ہوا (انڈا) ؛ جس کی زردی نہ پھیلی ہو ۔

sunny parlor, sun porch, sun room, n. دھوپ کمرہ ؛ روشن کمرہ ؛ وہ کمرہ یا پورچ جو سورج کی کرنوں کی پوری طرح زد میں ہو اور اس میں بڑی بڑی (شیشوں) والی کھڑکیاں لگی ہوئی ہوں ۔

sunrise, n. طلوع آفتاب یا طلوع آفتاب کا وقت ۔

sunset, n. غروب آفتاب یا غروب آفتاب کا وقت ۔ (مجازاً) وقت زوال یا وقت آخر ۔

sunshade, n. دھوپ روک ؛ شامیانہ ؛ سائبان ؛ زنانہ چھتری ؛ نم گیرہ (خصوصاً عرشۂ جہاز پر) ۔

sunshine, n. دھوپ ؛ سورج کی روشنی ؛ وہ جگہ ، مقام یا سطح جو سورج کی براہ راست زد میں ہو ؛ سورج کی کرنوں کی طرح گرما دینے والی ، شگفتہ کر دینے والی یا مسرت افزا چیز ؛ چمک یا خوشی ۔

sunshiny, a. سورج کی روشنی کا ؛ مسرت خیز ۔

sunspot, n. داغ آفتاب ؛ سورج کی سطح پر گاہ بگاہ پیدا ہو جانے والے دھبوں میں سے کوئی ایک ، کہا جاتا ہے کہ کرۂ ارض کی مقناطیسیت ان سے متاثر ہوتی ہے ۔

sunstroke, n. لُو زدگی ؛ رعن ؛ آفتاب زدگی ؛ لُو ؛

دھوپ کی براہ راست زد میں رہنے سے پیدا ہو جانے والا عارضہ۔

sunstruck, a. لُو زدہ ؛ جسے لو لگ گئی ہو۔

sunsint, n. بچوں یا عورتوں کا ایک یا دو ٹکڑوں کا بنا ہوا چھوٹا سا کھیل کا لباس۔

sun tan, n. دھوپ سنولاہٹ ؛ دھوپ یا شمسی چراغ کی زد میں آ جانے سے جلد کا بھورا یا سیاہی مائل رنگ۔

sunup, n. طلوع آفتاب۔

sunward, sunwards, adv. آفتاب سمت۔ (صفت) آفتاب کی جانب رخ کیے ہوئے۔

sunwise, adv. سورج کی یومیہ گردش کے مطابق ؛ گھڑی چال۔

sup, v.t. شام کا کھانا کھانا ؛ رات کا کھانا یا اول شب میں کوئی ہلکی غذا کھانا۔ (فعل متعدی) رات کا کھانا مہیا کرنا یا رات کے کھانے پر بلانا۔

sup, v.t., v.i. چُسکی لگا کر اندر لے جانا (کسی سیال شے کو) ؛ چسکی لگانا۔ (اسم) چسکی ؛ جُرعہ ؛ گھونٹ۔

super, n. (بول چال) سُپر ؛ بہت اعلیٰ یا بہت بڑا ؛ فوق ؛ مزید ؛ ورا ؛ مہا ؛ اوپر۔ (حشریات) چھتے کا شہد والا بالائی حصہ۔ (جلد سازی) پشتہ لگانے یا اس کے کام آنے والا کلف دار کپڑا۔ (فعل متعدی) (جلد سازی) کتاب کو کلف دار پشتی لگانا۔ (صفت) (بول چال) بہت ہی عمدہ ؛ انتہائی اچھا ؛ اپنے فن میں کمال درجے کا ؛ بہت ہی اعلیٰ قسم یا اعلیٰ درجے کا (جیسے : super spy)۔

superable, a. قابل تسخیر یا سر ہو جانے والا۔

superableness, n. تسخیر پذیری

superably, adv. دقت یا مشکل سے۔

superabound, vi. بہت ہی بافراط ہونا۔

superabundant, a. ضرورت سے زیادہ بافراط۔

superabundance, n. افراط ؛ بہتات۔

superabundantly, adv. بہت کثرت سے ؛ بافراط۔

superadd, v.t. بہت زیادہ اضافہ کرنا ؛ مزید اضافہ کرنا۔

superaddition, n. مزید اضافہ۔

superalloy, n. اعلیٰ بھرت ؛ شدیددباؤ ، حرارت وغیرہ کی مزاحم بھرت۔

superannuate, v.t. کبر سنی کی بنا پر ریٹائر کرنا یا سبکدوش کرنا ؛ کسی شخص کو بوجہ پیرانہ سالی یا جسمانی معذوری پنشن پر ملازمت سے سبکدوش ہونے کی اجازت دینا ؛ سبک دوشی کی پنشن دینا ؛ بہت زیادہ پرانا ہونے کی بنا پر چھوڑ دینا یا الگ کر دینا۔ (فعل لازم) ریٹائر یا سبکدوش ہو جانا۔

superannuated, a. ملازمت سے سبکدوش ؛ ریٹائر ؛ ضعیف ؛ فرسودہ یا ناکارہ۔

superannuation, n. پیرانہ سالی کی پنشن۔

superb, a. شان دار ؛ پرشکوہ ؛ کمال درجے کا ؛ گراں قیمت ؛ بھڑکیلا ؛ بہت عمدہ ؛ اول درجے کا۔

superbly, adv. شان داری سے۔

superbness, n. نفاست ؛ عمدگی۔

super calender, v.t. کاغذ کو کمال درجے کی چمک دینا یا روغنی کرنا۔

supercargo, n. تجارتی جہاز پر لین دین اور سفر کے جملہ کاروباری معاملات کا ذمہ دار شخص۔

supercharger, n. ایک طریقہ جس کے ذریعے دروں احتراق انجن کے سلنڈروں کو مزید ہوا فراہم کی جاتی ہے اور جس سے انجن کی قوت میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ (طیرانیات) طیاروں کے اندر دباؤ بڑھانے کے لیے استعمال ہونے والا کمپریسر/فشارگر۔

superciliary, a., n. ابرو سے متعلق ؛ خانۂ چشم پر یا اس سے اوپر واقع۔

supercilious, a. نخوت پسند ؛ دوسروں کو اپنے سے فروتر سمجھنے والا ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ خودسر۔

superciliously, adv. تحقیر یا نخوت کے انداز سے۔

superciliousness, n. تکبر ؛ نخوت۔

superclass, n. (حیاتیات) فوق درجہ ؛ درجہ سے اوپر کے درجے والا گروہ۔ دیکھیے : class۔

supercluster, n. مجمع اعظم ؛ کہکشاؤں کا ایک بڑا مجموعہ۔

superconductivity, n. (طبیعیات) مکمل موصلیت ؛ کسی دھات میں مطلق صفر درجۂ حرارت پر تقریباً ہر قسم کی مزاحمت کا خاتمہ۔

superconductive, a. مکمل ایصالی۔

superconductor, n. مکمل موصل۔

supercool, v.t., v.i. (طبیعی کیمیا) انتہائی سرد کرنا ؛ کسی سیال کو نقطۂ انجماد سے نیچے یوں ٹھنڈا کرنا کہ وہ ٹھوس نہ ہونے پائے۔

supercurrent, n. مافوق رَو ؛ کسی دھات میں سے بلا مزاحمت رواں برقی رَو صفر مطلق پر یا اس کے قریب۔

superdominant, n. (موسیقی) حاوی سے بھی بلند سُر ؛ آٹھ سر کے سرگم میں سے چھٹا سر ؛ ششم۔

superego, n. (تحلیل نفسی) فوق انا ؛ ماورا خودی ؛ دماغ کا ایک داخلی نظام جو شعوری یا غیر شعوری طور پر عمل پیرا ہوتے ہوئے خودی کے فیصلوں اور اقدامات پر اثر انداز ہوتا ہے ؛ فوق ایغو۔

supereminent, a. نہایت اعلیٰ ؛ درجے میں ممتاز ؛ فضیلت ، طاقت ، اقتدار میں دوسروں پر فائق۔

supereminence, n. انتہائی امتیاز یا فضیلت۔

supereminently, adv. بہت ممتاز طور پر۔

supererogation, n. فرائض کے تقاضوں سے بڑھ کر کارکردگی ؛ غیر ضروری عمل۔

supererogatory, a. فرائض منصبی سے زائد۔

superfamily, n. (حیاتیات) خاندان سے اوپر مگر درجے سے نیچے والا گروہ۔

superfecundation, n. دوحملی ؛ حمل بر حمل؛ دو بیضوں کی ایک ہی حیضی دور میں دو مجامعتوں سے نطفہ پذیری۔

superfetation, n. حمل در حمل ؛ پہلے حمل کے دوران دوسرا استقرار جس کے ذریعے رحم میں دو جنین ایک ساتھ موجود ہوں۔

superficial, a. سطحی ؛ گہرائی سے خالی (علم کے اعتبار سے) ؛ بات کی تہ تک نہ پہنچ سکنے والا ؛ ناپ تول میں غیر محتاط۔

superficiality, n. سطحیت ؛ اوپری پن۔

superficially, adv. سطحی طور پر۔

superficialness, n. سطحیت ؛اوپری پن۔

superficies, n. [لاطینی] سطح ؛ ظاہری صورت ؛ کسی شے کی خارجی ماہیئت (طول اور عرض کے لحاظ سے لیکن دبازت کے بغیر اور اس لیے کسی جسم کے سہ ابعادی انداز سے خالی) ۔

superfine, a. نہایت باریک اور عمدہ ؛ باریکی میں دوسروں سے اعلیٰ ؛ کچھ زیادہ ہی ، عیب کی حد تک دقیق ۔

superfluid, n. (طبیعیات) گاڑھی ، متحولہ گیس،جس کی نظری طور پر بوس اور آئن سٹائن نامی ماہرین طبیعیات نے تفصیل بیان کی تھی؛فوق مائع ؛ وہ مائع جس میں زیادہ حرکت پذیری ، قوت شعری اور ایصالیتٌ ہو۔

superfluidity, n. پرگدازی ؛ فوق مائعیت ۔

superfluity, n. مقدار فاضل ؛ زوائد ؛ فالتو ہونے کی حالت ؛ افراط ۔

superfluous, a. فالتو ؛ فاضل ؛ ضرورت سے زیادہ ؛ غیر ضروری ؛ غیر لازم ۔

superfluously, adv. ضرورت سے زیادہ طور پر ۔

superfluousness, n. فالتو پن ؛ فاضلیت ۔

supergalaxy, n. (فلکیات) کہکشانی نظام یا ان کا گروہ ؛ بڑی کہکشاں ۔

superheat, v.t. انتہائی حد تک حرارت دینا (گرم کرنا) ، بالخصوص پانی کو بھاپ بننے سے پہلے اس قدر حرارت پہنچانا کہ وہ بالکل گیس معلوم ہونے لگے ؛ کسی سیال کو اس کے نقطۂ جوش سے اوپر تک حرارت دینا لیکن بھاپ نہ بننے دینا ۔ (اسم) فوق حرارت ۔

superheater, n. نقطۂ جوش سے اوپر گرم کرنے والا ۔

super heterodyne, a. (برقیات) فوق مختلف الحرکاتی ؛ ریڈیائی سگنل کی وصولی کے ایک طریقے سے متعلق جس کے ذریعے موصولہ موج کو مختلف الحرکاتی عمل سے ادنیٰ یا درمیانی تعدّد میں بدلا جاتا ہے ، جو غیر مسموع ہوتی ہے لیکن جسے زیادہ آسانی کے ساتھ بڑھایا جا سکتا ہے اور پھر اسے متعدد ریڈیائی تعدّد افزونی کے مراحل سے گزارا جا سکتا ہے جس کے بعد ازالہ زیر و بم اور صوتی تعدّد افزونی کی جاتی ہے ۔ (اسم) فوق مختلف الحرکاتی محصل ۔

superhigh frequency, n. (ریڈیو) فوق اعلیٰ تعدّد ؛ ریڈیو کے بینڈ میں تین ہزار سے تیس ہزار میگا سائیکل کے درمیان کے برقناطیسی تعدّدات ۔

superhighway, n. اعلیٰ شاہراہ ؛ بہت تیز رفتار آمدورفت کے لیے مخصوص شاہراہ جس میں ایک ایک سمت میں جانے والی سڑک کی کئی پٹّیاں ہوں اور جس میں درمیانی حفاظتی انتظامات اور معدود بغلی سڑکیں ہوں ۔

superhuman, a. فوق البشر ؛ ملکوتی ۔

superhumanity, n. فوق بشری ۔

superhumanly, adv. فوق بشری طور پر ۔

superhumanness, n. فوق بشریت ۔

superimpose, v.t. کسی شے پر کسی اور شے کو لا کر رکھ دینا یا اس میں اضافہ کرنا ؛ برنہادی کرنا ؛ منڈھ دینا ؛ متراکب کرنا ۔

superimposable, a. برنہاد پذیر ؛ منڈھے جانے کے قابل ؛ تراکب پذیر ۔

superimposition, n. برنہادی ؛ تراکب ۔

superincumbent, a. کسی اور پر لگا یا ٹکا ہوا ؛برنہاد ۔

superincumbence, superincumbency, n. برنہادی ۔

superincumbently, adv. برنہادی طور پر ۔

superinduce, v.t. کسی چیز کے ساتھ کسی اور چیز کو ملا دینا یا اس میں شامل کر دینا ۔

superinduction, n. کسی نئی چیز کا اضافہ ۔

superintend, v.t. نگرانی کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ؛ اپنے ساتھ کام کرنے والوں کے کام پر نگاہ رکھنا اور حسب ضرورت ہدایت دینا ؛ اہتمام کرنا ۔

superintendency, superintendence, n انتظام ؛ نگرانی ؛ اہتمام ۔

superintendent, n. مہتمِم ؛ نگران کار ؛ منتظم ؛ وہ شخص جو کسی چیز کا نگران یا منتظم ہو ؛ منیجر ؛ اپارٹمنٹ والی عمارت میں مالک کے گماشتے کے طور پر کام کرنے والا ۔ (صفت) نگران ؛ انتظامی ۔

superior, a. برتر یا اعلیٰ (بلحاظ مقام ، منصب یا خوبی) ؛ بڑا ؛ بالادست ؛ فائق ؛ اونچا ؛ جو اثر و رسوخ سے بالاتر ہو (بعد میں to لگاتے ہیں ، جیسے : superior to revenge) ؛ نخوت پسند (جیسے : putting on superior airs) ۔ (طباعت) بالانوشت ۔ (نباتیات) بالا رو ؛ بیضہ دانی کی پھول کٹوری اور کاسۂ گل کی جگہ سے اوپر اُگنے والا۔

superiority, n. تفوّق ؛ برتری ۔

superiorly, adv. اوپر؛ اوپر سے ۔

superior, n. برتر ؛ اعلیٰ ؛ بالائی ؛ افضل ؛ وہ جو مقام و منصب ، مرتبے یا خوبی میں بڑا ہو ۔ (کلیسیات) کسی مذہبی ادارے کا سربراہ ۔

superior conjunction, n. (فلکیات) قران اعلیٰ ؛کسی سیّارے یا سماوی جرم اور سورج کا اجتماع جس میں سورج اس جرمِ فلکی اور زمین کے درمیان حائل ہو جاتا ہے ۔

superior court, n. اعلیٰ عدالت ؛ جیوری کے ذریعے سماعت کرنے والی وسیع اختیار کی عدالت ۔

superior general, n. کسی مذہبی سلسلے یا اجتماع کا سرخیل ۔

superiority complex, superiority feeling, n. احساسِ برتری، عقدہ برتری ؛ یہ احساس کہ میں دوسروں سے اعلیٰ ہوں ، عموماً اس کا اظہار حد سے بڑھی ہوئی خود سَری یاخود پسندی سے ہوتا ہے ۔

superior planet, n. (فلکیات) بالائی سیارہ ؛ زمین کے مقابلے میں سورج سے زیادہ دُور سیّاروں میں سے کوئی ایک ، مریخ ، زحل ، یورے نس ، نیپچون ۔

superjacent, a. کسی کے بالکل اُوپر یا اوپر کی جانب واقع ؛ برنہادہ ۔

superlative, a. تفضیلی ؛ اعلیٰ درجے یا منصب کا ؛ بہت نمایاں ؛ دوسروں سے کہیں آگے یا بلند ؛ بہت زائد ۔ (گرامر) تفضیل کُلّی سے متعلق(صفت یا متعلّق فعل کی حالت)۔

superlatively, adv. بہ درجۂ اعلیٰ؛تفضیلی طور پر

superlativeness, n. تفضیلیّت ۔

superlative, n. بلند ترین مقام والا شخص یا شے ۔ (گرامر) صفت یا متعلّق فعل کی حالتِ تفضیل کُلّی ؛ اس درجۂ تفضیلی میں کوئی لفظ ۔

superliner, n. پر تکلف اور غیر معمولی رفتار اور جسامت والا سمندری جہاز ۔

superlunar, a چاند سے پرے ؛ افلاکی ؛ سماوی ؛ sub lunary کے متضاد ۔

superman, n. فوق البشر ؛ ایسا انسان جس کا تصور انیسویں صدی کے فلسفیوں نے پیش کیا (بالخصوص جرمن فلسفی

نطشے) جو عمل ارتقا کا منطقی ثمر ہو گا اور جو بے رحم ، خود پسند ، چالاک اور اعلیٰ قوت و پختہ عزم کا مالک شخص ہو گا ۔

supermarket, n. بڑا بازار ؛ خردہ فروشی کا بڑا مرکز یا سلسلہ جہاں چیزیں خود اُٹھا کر اور نقد قیمت ادا کر کے خریدی جاتی ہیں ؛ سپرمارکیٹ ۔

supernal, a. افلاکی ؛ افلاک سے آنے والا ؛ اوپر سے آنے والا ؛ بالائی ، دنیوی تردّدات سے بلند چیزوں کے متعلق ؛ غیر سفلی ؛ ملکوتی ۔

supernally, adv. دنیوی چیزوں سے برتر طور پر۔

supernatant, a., n. سطح پر تیرتی ہوئی ۔

supernatural, a. فوق طبعی ؛ فوق الفطرت ؛ ملکوتی ؛ جنّاتی یا خرق عادت لیے ہوئے ؛ فطرت یا روزمرّہ کے قوانینِ معمولہ سے ہٹا ہوا بلکہ اسے توڑتا ہُوا ؛ کرشماتی ۔ (اسم) کوئی مافوق الفطرت وقوعہ ، وجود ، قوت ، ہستی ، حرکت (پہلے the لگاتے ہیں) ۔

supernaturally, adv. خرق عادت کے ذریعے سے ؛ فوق الفطری انداز سے ۔

supernaturalness, n. مافوق الفطرت حالت ۔

supernaturalism, n. نظریۂ فوق الفطرت ؛فوق الفطرت قوّتوں کی مداخلت کے نفوذ کا عقیدہ ؛ فوق الفطرت ہونے کی حالت ۔

supernaturalist, n., a. قائل مافوق الفطرت ۔

supernaturalistic, a. مافوق الفطرتی ۔

supernormal, a. فوق معمول ؛ فوق طبعی ؛ معمول اور عادی سے بلند یا پرے ؛ اُوسط انسانی ذہانت یا قابلیت سے پرے۔

supernormality, n. فوقیّت طبعی ۔

supernormally, adv. معمول کے معیار سے زیادہ ۔

supernova, n. (فلکیات) عظیم نو تارا ؛ شاذ نظر آنے والا ایک انفجاری ستارہ جس کے پھٹنے سے ہمارے سورج کی روشنی سے ایک سو ملین گنا سے بھی زیادہ روشنی ہوتی ہے ۔

supernumerary, n. تعداد مطلوبہ یا ضرورت سے زائد شے یا شخص ؛ اسٹیج پر مختصر عرصے کے لیے آنے والا خاموش اداکار۔ (صفت) مطلوبہ ضرورت سے زائد ؛ فالتو ؛ غیر ضروری یا عارضی ۔

superorder, n. (حیاتیات) فصیلہ سے اوپر اور درجہ سے نیچے والی نباتاتی یا حیوانی پیدایش ؛ صنفِ کبیر۔

superordinate, a. فوق محدّد ؛ منصب ، طبقے یا حالت میں زیادہ بلند ۔ (منطق) مساوی شرائط پر باہمی تعلق والا ؛ہم حد ، قضیّۂ کُلیہ اور قضیّہ خاص کے۔ (اسم) بلند منصب ؛ فوق منصبی ۔ (فعل متعدی) بلند منصب کرنا ۔

superordination, n. (منطق) مساوی شرائط پر قضایائے کُلی و جزوی کا باہمی تعلق ۔ (کلیسیّات) موجودہ کار گزار راہبوں کے سلسلے ہی سے پادری کے جانشین کا تقرّر۔

superphosphate, n. کیلسیم فاسفیٹ اور کیلسیم سلفیٹ کے ایک زُود حل آمیزے والی کیمیائی کھاد ؛ سُپر فاسفیٹ ۔

superphysical, a. فوق الطبعی ؛ عالَم طبعی سے پرے یا بلند ؛ ورائے طبعی ۔

superpose, v.t. کسی چیز کو کسی دوسری چیز کے اُوپر رکھنا ؛ ایک دوسرے کے اوپر رکھنا ؛ بر اندازی کرنا ۔ (جیومیٹری) کسی ایک شکل کو کسی دُوسری پر یوں رکھنا کہ تمام یکساں حصے ایک دوسرے پر منطبق ہو جائیں ؛ منطبق کرنا ؛ بالا مقامی کرنا ۔

superposable, a. انطباق پذیر۔

superposed, a. منطبق ۔

superposition, n. انطباق ؛ براندازی ۔

superpower, n. سُپرپاور ؛ اعلیٰ طاقت؛ وسیع اور غیر معمولی طاقت ؛ کوئی قوم یا قوموں کا گروہ جو بہت زیادہ سیاسی قوت کا حامل ہو اور چھوٹے ممالک پر اثرانداز ہوتا ہو ؛ غیر معمولی برقی توانائی جو متعدّد علیحدہ علیحدہ نظام ہائے توانائی کو باہم منسلک کرکے حاصل کی گئی ہو تاکہ کارکردگی اور کفایت بہتر ہو سکے ۔

supersaturate, v.t. (کیمیا) پُر سیر کرنا ؛ غیر معمولی حد تک لیکن درجۂ حرارت اور دباؤ کے معلوم حالات میں کسی چیز کو سیر کرنا (جیسے : to super saturate a solution) ۔

supersaturation, n. پُرسیری ۔

superscribe, v.t. اوپرکی جانب ، باہر کی جانب یا سطحِ کاغذ پر اپنا نام یا پتہ لکھنا ؛ کہیں نام وغیرہ کندہ کرنا ۔

superscript, n., a. بالانوشت ؛ سرنامہ ؛ کوئی علامت ، حرف یا عدد جو سطر سے اوپر کسی حرف یا لفظ پر تحریر ہو ، جیسے x^2 میں 2 ۔

superscription, n. بالانویسی ؛ سر نویسی ؛ کسی چیز کے باہر یا کسی دوسری چیز کے اوپر لکھی یا کندہ کی گئی تحریر ؛ خط یا پارسل پر مکتوب الیہ کا نام ، پتہ ۔ (دوا سازی) کسی بیمار کے لیے لکھے گئے نسخے پر R_x کی علامت جس سے مراد ہوتا ہے کہ استعمال کیا جائے ۔

supersede, v.t. ہٹا کر آجانا ؛ اختیار ، اقتدار ، تاثیر ، قبولیت یا استعمال میں کسی شخص یا شے کی جگہ لے لینا ؛ کسی شے کو ناکارہ ، فضول یا فرسودہ ہونے کی بنا پر علیحدہ کر دینا یا رکھ دینا ، عموماً کسی دوسری چیز کے بدلے میں (جیسے : the incompetent officer was superseded by an other) ؛ منصب ، کام یا عہدے پر کسی کا جانشین ہونا ؛ کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا (سازش وغیرہ سے) ۔

superseder, n. وہ شخص یا شے جو کسی کی جگہ لے ۔

supersedeas, n. (قانون) کسی عدالتی کارروائی کو روک دینے کاحکم ؛ حُکم امتناعی ۔

supersedure, n. تسابق ؛ کسی کو ہٹا کر جگہ لینے کا اقدام ۔

supersensible, a. فوق الادراک ؛ رُوحانی (معنوی) ۔

supersensitive, a.- حد سے زیادہ یا غیر معمولی طور پر یا فوق حسّاس

supersensitiely, adv. فوق حسّاسی سے ۔

supersensitiveness, n. فوق حسّاسیت ۔

supersensory, a. وراء الحواس ؛ حواسی رسائی سے پرے ۔

superserviceable, a. خدمت گزاری کے لیے ہر دم مستعد ؛ فضول کار ۔

superserviceableness, n. فضول کاری ۔

supersession, n. کسی کو ہٹا کر آنے کاعمل ؛ کسی کی جگہ لینے کاعمل ؛ تسابق ۔

super sonic, a. (طیرانی حرکیات) بالائے رفتار آواز ؛ فوق صوتی ؛ آواز سے زیادہ تیز رفتار شے سے متعلق (جیسے : supersonic aircraft) ـ (سمعیات) انسانی سماعت میں آ سکنے والے تعدّد سے بھی تیز تعدّد کے متعلق ـ دیکھیے : ultrasonic ـ

supersonically, adv. رفتار کی آواز سے بالا یا انسانی سماعت سے بالاتر انداز میں ـ

supersonics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) فوق صوتیات ؛ بالا صوتی رفتاروں یامظاہروں سے تعلق رکھنے والا علم ـ

supersonic transport, n. (طیرانیات) بالائے صدا رفتار طیّارہ ؛ بالا صوتی طیّارہ ؛ ایسا وضع کردہ طیارہ جو مسافروں یا سامان دونوں کو طویل فاصلوں تک صدائی رفتار سے بھی زیادہ رفتار سے لے جائے ـ

superstar, n. ستارۂ اعظم ؛ وافر توانائی خارج کرنے والا کوئی جرم فلکی، مثلاً کواسر ؛ سپراسٹار ؛ کوئی نابغہ روزگار شخصیت ـ

superstition, n. توہم ؛ ضعیف الاعتقادی ؛ توہم پرستی ؛ ان جانے یا پُراسراریت کا غیر معقول خوف ؛ ایسے خوف پر مبنی کوئی مذہبی نظام ، عقیدہ یا عمل ؛ ایسے عقیدے کی کوئی ایک واضح صورت یا اس جذبے سے متاثر کوئی رسم یا کوئی طرزِ عمل ؛ سحر پرستی ؛ گنڈوں ، شگونوں اور نقوش کا احترام ؛ کسی خاص شے یا واقعہ ، ماحول یا عمل وغیرہ کے ساتھ ، بلا کسی وجہ یا علم کے وابستہ ، عوامی یا انفرادی شگونی اہمیت ، جیسے جمعہ یا ۱۳ کا عدد ، کالی بلّی یا چار پتّی والی گھاس وغیرہ کے توہمات ؛ کوئی غیر عقلی اعتقاد (جیسے : the divine right of kings) ـ

superstitious, a. توہم پرست؛ ضعیف الاعتقاد ـ

superstitiously, adv. توہم پرستی سے ـ

superstitiousness, n. توہم پرستی ؛ ضعیف الاعتقادی ـ

superstratum, n. طبق بالائے طبق ؛ پرت پر پڑا ہوا کوئی اور پرت ـ

superstructure, n. ماورائی ڈھانچا یا تعمیر ؛ بالائی تعمیر ؛ کسی ڈھانچے پر بنا ہوا کوئی اور ڈھانچا ، خصوصاً تہ خانے یا بُنیاد کے اوپر بنی ہوئی پوری عمارت ؛ کوئی چیز جو کسی بنیاد یا اصل پر مبنی ہو جیسے کوئی تصور ؛ ریل کے انجن ، ڈبّے ، پٹڑیاں یا ریل کے سلیپر یا ریل کی اور چیزیں بہ مقابلہ سڑک کی چیزوں کے ـ (جہازرانی) اصلی عرشے کے اوپر الگ سے بنا ہوا کوئی عرشہ (جیسے : the super structure of an aircraft carrier) ـ

superstructural, a. بالائی ڈھانچے سے متعلق ـ

supersubtle, a. حد سے زیادہ رقیق و دقیق ؛ ہوشیار کار ـ

supertanker, n. (جہازرانی) ۷۵۰۰۰ ٹن سے زیادہ گنجایش کا تیز رفتار تیل بردار بحری جہاز ـ

supertax,surtax, n. (خصوصاً برطانوی) اضافی ٹیکس جو عموماً تدریجی ہوتا ہے اور ایک خاص رقم سے زائد آمدنی پر لگایا جاتا ہے؛ سَر محصول ـ

supertonic, n. (موسیقی) بنیادی سُر سے اوپر کسی یک آہنگ سرگم کا دُوسرا سُر ـ

supervene, v.i. کسی اُفتاد کے بعد کچھ اور افتاد پڑنا ؛ اضافی طور پر کچھ ہونا ؛ غیر متعلق طور پر یا غیرمتوقع طور پر ہونا ؛ انہونی ہونا ؛ کسی چیز کے فوراً بعد ظہور پذیر ہونا یا رُونما ہو جانا ـ

supervention, n. درمیان آ جانے یا حائل ہو جانے کی کیفیت ـ

supervenient, a. اضافی ، بیرونی یا غیر متوقع طور پر ظہور پذیر؛ کسی اور کے فوراً بعد رُونما ہونے والا ـ

supervenience, n. ظہورِ ناگہانی ؛ دخل در معقولات ـ

supervise, v.t. نگرانی کرنا ، ملازموں وغیرہ کی (ضرورت پڑنے پر راہنمائی کرنے کے لیے) نگرانی کرنا ؛ ایسی ذمہ داری سونپی جانا؛ انتظام کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ؛ معائنہ کرنا ـ

supervision, n. نگرانی ؛ نظارت ـ

supervisor, n. نگران کار ؛ ناظر ؛ وہ شخص جس کی بیشتر ذمہ داری دوسروں کے کام پر نگاہ رکھنا اور اُنہیں مصروف کار رکھنا ہو ؛ اوورسیئر ؛ انسپکٹر ؛ سپرنٹنڈنٹ ؛ کوئی انتظامی افسر ؛ منتظم ؛ سپروائزر ـ

supervisory, a. نگرانی کا ؛ ناظرانہ ـ

supinate, v.t. چت لِٹا دینا ؛ اوپر کے بل کرنا ، رکھنا (ہاتھ یا بازو وغیرہ کو) اس طرح کہ ہتھیلی اوپر کی طرف ہو ؛ کسی عضو یا جوڑ کو گھما کر کمر سے اوپر کی جانب اور پرے لے جانا ـ (فعل لازم) چت لیٹ جانا یا کسی عضو کا اوپر کے بل ہونا یا گھومنا ـ

supination, n. پھیلے ہوئے ہاتھ میں ہتھیلی کے اوپر کو ہونے کی وضع ؛ کسی جوڑ یا عضو کا کمر سے دُور اور اوپر کی جانب گھماؤ ـ

supinator, n. (تشریح الاعضا) وہ پٹھا جو ہتھیلی کو اوپر کے بل ہونے یا کرنے میں مدد دیتا ہے ؛ عضلۂ باطح ـ

supine, a. چت خوابی ؛ پیٹھ کے بل یا چہرہ اور دھڑ اوپر کی طرف ؛ چت ؛ ہتھیلی اوپر کی جانب کیے ہوئے ـ (مجازاً) الکسائے ہوئے ؛ بے حرکت ؛ تن آسان ؛ لاپروا ؛ بے فکرا ، خصوصاً مجہول ـ (اسم) (گرامر) لاطینی فعل کا ایک جزو جو حقیقتاً حاصل مصدر ہوتا ہے ـ

supinely, adv. تن آسانی سے ـ

supineness, n. تن آسانی ـ

supper, n. شام کا کھانا ؛ دن کا آخری کھانا ؛ ضیافتِ شام ـ

supplant, v.t. نکال دینا یا برطرف کر دینا ، کسی جگہ سے کسی کو اور اس کی جگہ لینے کی غرض سے کوئی چال چل کر یا سازش سے ؛ سازش یا حکمتِ عملی سے کسی دوسرے کی جگہ لے لینا جیسے دفتر میں ، شفقت و محبت میں ؛ کسی چیز کا کسی اور چیز کو کسی جگہ سے ہٹا یا سرکا دینا ؛ کسی چیز کی جگہ کوئی اور چیز کسی جگہ لا رکھنا ـ

supplantation, n. کسی شخص یا شے کو ہٹانے کا عمل ـ

supplanter, n. وہ شخص یا شے جو کسی کو ہٹا کر اس کی جگہ لے ـ

supple, a. لچک دار ؛ بغیر ٹوٹے اور بلا شکل بگاڑے باسانی مُڑ جانے والا (جیسے : supple leather) ؛ آسانی سے مُڑ جانے کی خصوصیت رکھنے والا (جیسے : supple joints) ؛ لچکیلا ؛ ملائم ؛ لوچ دار ؛ تسلیم خُو (جیسے : supple mind) ؛ حالات سے بہت جلد مطابقت پیدا کرنے والا یا دُوسروں کے مزاج اور مذاق کو ہنسی خوشی برداشت کرنے والا ؛ دبُّو ؛ پابوس ؛ جی حضوریا ؛ چاپلوس ؛ خوشامدی ـ (فعل

متعدی و لازم) لچکدار کرنا یا ہو جانا ۔

supplely, supply, adv. لچک یا لوچ کے ساتھ ؛ دبُو پن سے ۔

suppleness, n. لچک ؛ لوچ ؛ چاپلوسی ؛ دبو پن ۔

supplejack, n. سیر کی چھڑی ؛ کوئی سی مضبوط بید کی چھڑی ؛ ایک اوپر چڑھنے والی جھاڑی جس کا تنا مضبوط ہوتا ہے اور اس کی چھڑیاں بنائی جاتی ہیں ۔

supplement, n. ضمیمہ (کسی کتاب جریدے وغیرہ کا)،جس سے بعض معلومات میں اضافہ ہو جاتا ہے ، کسی کمی کی تلافی ہو جاتی ہے اور اس کے مندرجات کوتابہ حال کر لیا جاتا ہے ؛ کسی کمی یا نامکمل جزو کی تلافی کرنے والا ۔ (ریاضی) کسی قوس یا زاویے کے ۱۸۰ درجے کا ہونے میں یا نیم دائرہ بننے میں رہ جانے والی کسر ؛ تکملہ ۔ (فعل متعدی) ضمیمہ لگا کر مکمل کرنا یا اضافہ کرنا ؛ کمی پوری کرنا ۔

supplemental, supplementary, a. تکملے یا تتمّے کا ؛ تکملی یا ضمنی ۔

supplementation, n. تکمّل یا تتمہ کاری ؛ ضمیمہ کاری ۔

suppletory, a. اضافہ شدہ ۔

supplementary angles, n. دو زاویے جو مل کر ۱۸۰ درجے کے بن جاتے ہیں ؛ تکملی زاویے ۔

suppletion, n. (گرامر) فعل کی ایک ہی گردان میں اَن مل بے جوڑ صورتِ حال (جیسے: go سے haste -went کے ساتھ hasten) ۔

suppletive, a. اَن مِل انداز لیے ہوئے ۔

suppliance, suppliancy, n. التجا ؛ التماس ؛ عرض داشت ؛ گزارش ۔

suppliant, a. عرض گزار ؛ ملتجی ؛ ملتمس ۔

suppliantly, adv. التجا یا عرض گزاری سے ۔

supplicant, n., a. عرض گزار ؛ عجز گو ؛ رحم طلب ۔

supplicatingly, adv. التجا سے ؛ عاجزی سے ۔

supplicate, v.t., v.i. عاجزانہ التجا کرنا ؛ گڑگڑا کر مانگنا (جیسے: to supplicate God) ؛ منّت سماجت سے آرزو کرنا (جیسے: to supplicate blessings) ؛ التماس کرنا ۔

supplication, n. عاجزی ؛ التجا ؛ تضرُّع ؛ زاری ۔

supplicatory, a. عاجزانہ ؛ ملتجیانہ ۔

supply, v.t., v.i. مہیّا کرنا ؛ پُورا کرنا (کسی ضرورت یا کمی کا ، جیسے: to supply an army) ؛ فراہم کرنا (بعد میں with لگا کر ، جیسے: to supply with money) ؛ بہم پہنچانا ؛ کسی کمی کو پورا کرنا ؛ معاوضہ دینا یا تلافی کرنا (کسی نقصان ، کمی یا فقدان کی) ؛ پوری کرنا (ضرورت،احتیاج یا طلب کا) ؛ پُر کرنا کسی خالی آسامی کو ؛ متبادل کے طور پر کام کرنا ؛ کسی ضرورت کو پورا کرنا ؛ کسی کی جگہ پُر کرنا یا کسی جگہ بطور متبادل ملازمت کرنا ۔ (اسم) رسدکاری ؛ مہیا کاری ؛ فراہم کاری ؛ تسکین دہی ؛ فراہم کردہ شے (مال) ؛ کسی چیز کی فراہم کردہ یا کی جانے والی مقدار جیسے استعمال کے لیے رسد یا ذخیرہ ۔ (عموماً جمع) لوازمات ؛ ذخیرہ ؛ خوراک کی مقدار یا دوسری اشیا جن کی گزر بسر کے لیے ضرورت ہو (جیسے: supplies for the army) ؛ قومی اسمبلی کی جانب سے حکومت کو اخراجات کی پابجائی کے لیے مہیا کی گئی رقم ؛ عوضی کام کرنے والا ؛ خالی اسامی پُر کرنے والا ؛ پادری کی جگہ اس کی غیر حاضری میں وقتی طور پر ذمہ داری نباہنے والا قسیّس۔ (سیاسی معاشیات) کسی جنس کی وہ مقدار جو بازار میں دستیاب اور فروخت کے لیے مقررہ قیمت پر موجودہ ہو ؛ رسد ۔

suppliable, a. قابلِ فراہمی ۔

supplier, n. مہیا کرنے والا ؛ قائم مقام کی حیثیت سے کام کرنے والا ۔

support, v.t. سہارا دینا ؛ چھوڑے بغیر برداشت یا مزاحمت کرنا ؛ صبرو تسلیم سے سہنا اور برداشت کرنا ؛ دماغ ، رُوح ، حوصلہ قائم رکھنا (مصیبت و ابتلا میں) اشیائے ؛ ضروریہ مہیا کرکے کسی خاندان یا ادارے کا سہارا بننا ؛ کفالت کرنا ؛ اپنے روپے سے کسی پالیسی یا مقصد کی پاسداری کرنا ؛ کسی نظریے وغیرہ کی وکالت و حمایت کرنا ؛ اتفاق کرنا ۔ (تھیٹر) کسی ہیرو کے ساتھ یا اُس کے نائب کے طور پر کام کرنا ؛ کسی ڈرامے میں مدد کرنا ۔ (اسم) حمایت ؛ پرورش ؛ سہارا ؛ کفالت ؛ کفیل ۔

supportable, a. قابلِ برداشت ؛ قابل تائید و امداد ۔

supportableness, n. قابل برداشت و امداد ہونے کی کیفیت ۔

supportably, adv. قابل برداشت حد تک ۔

supportive, a. سہارا دینے یا کفالت کرنے والا ، حمایتی ۔

supporter, n. حامی ؛ کفیل ؛ کسی کی مدافعت کرنے والا ؛ ساتھ دینے والا ؛ کسی بوجھ کو اٹھائے رکھنے والا جیسے ستون ؛ لباس کے کسی حصے کو اپنی جگہ پر رکھنے کے لیے لگائی/ باندھی جانے والی کوئی شے جیسے الاسٹک کی پٹی ۔ (نقابت) ڈھال پر دونوں جانب بنی ہوئی تصویریں جو یوں لگتی ہیں جیسے اسے سہارا دیے ہوئے ہوں ۔

supposal, n. فرض کرنے کا عمل ؛ مفروضہ ؛ خیال ؛ قیاس ؛ اندازہ ۔

suppose, v.t. فرض کرنا ؛ کسی دلیل یا وضاحت کی خاطر کسی بات کو بطور واقعہ قرار دے لینا یا سمجھ لینا (جیسے: suppose the shipment is delayed) ؛ تجویز کرنا (جیسے: Suppose we postpone our decision untill next week) ؛ اپنے طور پر سمجھ لینا یا فرض کر لینا (جیسے: I suppose he will go) ؛ خیال کرنا (جیسے: I suppose you want a definite answer) ؛ توقع کرنا یا مناسب سمجھنا (صورت مجہول میں) (جیسے: Aren't you supposed to be at work?) ؛ نتیجہ نکالنا یا پیش قیاسی کرنا (جیسے: Creation supposes a creator) ۔ (فعل لازم) خیال کرنا ۔

supposable, a. قابل قیاس ۔

supposably, adv. قیاس کرتے ہوئے ۔

supposed, a. مفروضہ ؛ قیاس کردہ ۔

supposedly, adv. قیاس کی رو سے ؛ قیاساً ۔

supposing, conj. بشرطیکہ ؛ بحالیکہ ۔

supposition, n. مفروضہ ؛ قیاس ؛ اندازہ ؛ فرض کرنے کا عمل ؛ فرضیت کے طور پر جو چیز قیاس کی گئی ہو ؛ گمان ۔

suppositional, a. مفروضی ؛ قیاسی ۔

suppositionally, adv. قیاس کے طور پر ۔

suppositive, a. جو قیاس پر دلالت کرے ۔

suppositively, a قیاس پر دلالت کرتے ہوئے ۔

supposititious, a. چال سے کسی اورکی جگہ رکھ دیا گیا ؛ اصل کی جگہ جعلی رکھا گیا ؛ قیاس نہاد مفروضے پر مبنی ؛ نقلی؛

جعلی ؛ فرضی ۔

supposititiously, adv. فرضی یا جعلی طور پر ۔

supposititiousness, n. مفروضیت ؛ جعلی پن ۔

suppository, n. (طِب) کسی مواد کی تیار کردہ عموماً اسطوانی یا مخروطی شکل کی شے جس کو مقعد ، رحم یا مجری البول میں داخل کیا جاتا ہے؛ شافہ ؛ شیاف ؛ بتی ۔

suppress, v.t. دبا دینا یا کچل دینا ؛ زیر کرنا ؛ فرو کر دینا (کسی ہنگامے، شورش یا بغاوت کو) ؛ بولنے نہ دینا ؛ اپنے اندر کی بات کو اندر ہی رہنے دینا ؛ کسی کو بتانے سے احتراز کرنا ؛ پوشیدہ رکھنا (جذبات ، خبریں وغیرہ) ۔

suppressible, a. فرو کرنے یا دبانے کے قابل ۔

suppressor, n. فرو کرنے یا دبانے والا ؛ کچل دینے والا ۔

suppression, n. دباؤ ؛ دبائے جانے کی حالت ؛ کسی بات ، اقدام ، داخلی تقاضے وغیرہ کو دانستہ خفیہ رکھنے کا عمل ؛ اخفا ؛ امتناع ؛ پردہ داری ۔

suppressive, a. دبی ہوئی یا کچلی ہوئی ؛ دبا ہوا یا کچلا ہوا ۔

suppurate, v.i. پیپ یا مواد پیدا ہو جانا یا بن کر بہنے لگنا ؛ پیپ یا مواد پڑ جانا ۔

suppuration, n. تقیح ؛ ریم ؛ پیپ پڑنے کا عمل ۔

suppurative, a., n. پیپ بھرا ؛ پیپ پیدا کرنے والی خرابی یا دوا ۔

supraliminal, a. (نفسیات) شعور کی حد سے اوپر ؛ فوق شعوری؛ subliminal کا متضاد ۔

supraliminally, adv. فوق الشعور لیے ہوئے ۔

supramolecular, a. (کیمیا) سالمے سے کہیں پیچیدہ تر ؛ سالموں کے اجتماع سے مرکب ۔

superanational, a. بالائے قومی ؛ ورائے قومی ؛ کسی ایک قوم یا قومی حکومت کے دائرۂ اختیار سے باہر (جیسے: -sup ranation cooperation) ۔

supraorbital, a. (تشریح الاعضا) حلقۂ چشم کے اوپر کا یا اُوپر واقع ؛ فوق حجاجی ۔

supraprotest, n. (قانون) قبول بعد رد ؛ موسوم الیہ کی جانب سے ہنڈی یا چیک وغیرہ کی عدمِ قبولی یا عدم ادائیگی کی بنا پر احتجاج کے بعد لکھنے یا جاری کرنے والے کی لاج رکھنے کی خاطر کسی تیسرے شخص کا اسے قبول کر لینے یا رقم ادا کر دینے کا اقدام ؛ بالاحتجاج قبولیت ۔

suprarenal, a. (تشریح الاعضا) گُردوں سے اوپر ؛ فوق کُلوی ؛

suprarenal gland, n. بَرگردہ ۔ (اسم) (تشریح الاعضا) برگردہ غدود ۔ دیکھیے: Ardenal gland ۔

supremacy, n. بالادستی ؛ فوقیت ؛تفوّق ؛ اعلیٰ ترین اقتدار قُوّت ۔

supremacist, n. برتر ، تفوق والا ۔

supreme, a. بالادست ؛ صاحب اقتدارِ عظیم ؛ اعلیٰ ترین درجے کا ؛ غالب ؛ عالی وصف ؛ حکومت میں مقتدر اعلیٰ ؛ انتہائی ؛ امکانی حد تک بڑا ؛ آخری ؛ مقصود آخر ۔

supremely, adv. نہایت ؛ بے حد ۔

supremeness, n. انتہائی بلندی والا ۔

Supreme Being, n. الاعلیٰ ؛ حاکم مطلق ؛ ہستئ برتر ؛ اللہ تعالیٰ ۔

Supreme Court, n. عدالتِ عُظمیٰ ؛ کسی مُلک کی سب سے بڑی (وفاقی) عدالت ؛ ریاست ہائے متحدہ امریکا کی بیشتر ریاستوں میں سب سے بڑی مرافعہ کی عدالت ؛ عدالتِ عالیہ ۔

sura, surah, n. [عربی] (اسلامیات) قرآن کی سورت ۔

surah, n. [سورت شہر (بمبئی) کے نام پر] ریشم یا ریان کا دھاری بافت کا نرم کپڑا ۔ (اسلامیات) سُورت ۔

surbase, n. (فن تعمیر) برپایہ ؛ کُرسی سے ذرا اوپر بنا ہوا حاشیہ ؛ کسی مجسمے یا ستون کے پایے وغیرہ کا کارنس یا آرایشی حاشیہ ۔

surbased, a. (فن تعمیر) حاشیہ دار (ستون وغیرہ) ؛ چپٹایا ہوا ؛ دبا ہوا ؛ پہنائی سے آدھی اُونچائی والی (جیسے قوس یا اس قسم کا گنبد) ۔

surcease, v.i. (قدیم) کسی آرزو یا عمل سے باز رہنا ؛ انجام پا جانا ۔ (فعل متعدی) (قدیم) چھوڑ دینا یا ختم کر دینا ؛ رک جانا ۔ (اسم) (قدیم) خاتمہ ؛ انجام ؛ اختتام ۔

surcharge, n. سربار ؛ سر محصول ؛ اضافی ٹیکس ، محصول یا قیمت ؛ زیادہ لگائی گئی قیمت ؛ زائد بوجھ ؛ ڈاک کے ٹکٹ پر مالیت بدلنے کے لیے لگایا گیا ٹھپّا یا سر چارج ؛ اضافی مطبوعہ عبارت ۔ (قانون) سرچارج کی اجازت دینے والا قانون ۔ (فعل متعدی) اضافی قیمت یا ٹیکس لگانا ؛ کسی سے زائد قیمت وصول کرنا ؛ دین کی رقم ظاہر کرنا ؛ ٹھپّا لگانا ؛ ٹھپّا لگا کر ٹکٹ کی مالیت بدلنا ؛ پہلے ادا کی گئی رقم کو محسوب کرنا ۔

surcingle, n. بالا تنگ ؛ گھوڑے کی زین کس پیٹی ؛ گھوڑے پر لدے سامان کو کس کر باندھنے والی پیٹی ؛ کوتل کش ؛ پادریوں کے جُبے کی پیٹی ۔

surcoat, n. برلبادہ ؛ عبا ؛ اوپر کا کوٹ یا کوئی اور لباس ؛ زرہ بکتر کے اوپر پہننے والا کھلا چوغہ جو عہدِ وُسطیٰ میں مروج تھا ۔

surculose, a. (نباتیات) زیر بچہ رکھنے والا (پودا) ؛ زمین ساقہ ۔ دیکھیے : sucker ۔

surd, a. (صوتیات) تنفس سے ادا کیا گیا نہ کہ آواز سے ؛ sonant کی ضد ؛ مختفی ۔ (ریاضی) غیر ناطق ؛ جسے ناطق اعداد میں ظاہر نہ کیا جا سکے ۔ (اسم) (صوتیات) ایک بے آواز یا تنفسی صدا ۔ (ریاضی) ایک مقدار جو محدود ارقام میں ظاہر نہ کی جا سکے ، جیسے ۲ کا جذر ۔

sure, a. یقینی ؛ پوری طرح پُراعتماد ؛ جانتا اور یقین رکھتا ہوا ؛ پُر یقین ؛ پُر وثوق ؛ پا لینے یا رکھ لینے کے بارے میں مطمئن ؛ قابلِ اعتماد ؛ تیر بہدف ؛ پختہ ؛ استوار ؛ محفوظ ؛ بے خطا ؛ ناگزیر ؛ مقدر شدہ ۔ (متعلق فعل) یقیناً ؛ بلاشبہ ۔

be sure, خیال رکھیے گا ؛ کرنا نہ بھولیے گا ۔

for sure, یقینی صورت ؛ یقیناً ۔

make sure, پکا کر لینا یا اطمینان کر لینا (کہ جو چاہا تھا وہی ہوا ہے) ؛ اچھی طرح دیکھ لینا ۔
sure enough, (بول چال) توقع کی جا سکتی تھی ؛ خیال کیا جا سکتا تھا ؛ جیسے کہ خیال تھا ۔
to be sure, بلاشبہ ؛ مسلمہ طور پر ؛ یقیناً ۔
surely, adv. یقین کے ساتھ ۔
sureness, n. تیقّن ؛ قابل اعتماد ہونے یا حکمی ہونے کی کیفیت ؛ یقین ؛ پر اعتمادی ۔
sure-fire, a. (بول چال) یقینی طور پر کامیاب ہونے والا یا توقعات پر پُورا اترنے والا ؛ قابل اعتماد ؛ دغا نہ دینے والا ۔
sure-footed, a. ثابت قدم ؛ غیر متزلزل ؛ جس کے غلطی کیے جانے کا امکان نہ ہو ؛ جس کے پائے استقلال کو لغزش نہ ہو ۔
sure-footedly, adv. ثابت قدمی کے ساتھ ۔
sure-footedness, n. ثابت قدمی ۔
surety, n. ضمانت ؛ ضامن ؛ جو کسی دوسرے کا ذمہ دار ہو اس کو دراصل مدیون کہا جاتا ہے اور یہی خاص طور پر ذمہ دار ہوتا ہے ؛ وہ جو کسی دوسرے کا ضامن بننے کی ذمہ داری قبول کرے؛ خسارہ ، نقصان یا عدم ادائی رقم کی ضمانت ؛ تحفظ ؛ بنائے ضمانت ؛ ضامنی ۔
suretyship, n. ضامن پن ۔
surety bond, n. ضمانت نامہ ؛ وہ تحریری بیان جو کسی معاہدے یا اقرار نامے کی تکمیل کی ضمانت دے ۔
surf, n. کف موج ؛ سمندر کے پانی کا اٹھ کر ساحل پر چٹانوں یا ریت سے ٹکرا کر ختم ہونے کا عمل ؛ کف بحر ؛ اُٹھتے پانی کی ساحل پر رہ جانے والی جھاگ ۔ (فعل لازم) چڑھتی لہروں کے درمیان تیر کر یا موج تختے پر سوار ہو کر ساحل کی طرف جانا ؛ موج تختے پر سوار ہونا ۔
surfy, a. متلاطم ۔
surface, n. سطح ؛ کسی چیز کا بیرونی یا بالائی پرت یا حدود جس میں طول و عرض ہو (جیسے : the surface of a solid or liquid) ؛ چیز کا سامنے کا رُخ (جیسے : the surface of the coin) ؛ بیرونی یا بالائی حدود تک کا سارا رقبہ ۔ (مجازاً) بیرونی یا ظاہری حالت (جیسے: Beneath the surface the company is in turmoil) ۔ (جیومیٹری) ابعاد ثلاثہ میں سے صرف طول و عرض لیے ہوئے (بغیر گہرائی کے) ۔ (طیرانیات) ورق ہوا ؛ کوئی ہوا پترا ۔ (صفت) خارجی یا بالائی (صورت) یعنی ظاہری ؛ خشکی یا پانی پر کی آمدورفت (بمقابلہ ہوائی یا زیر زمین) ۔ (فعل متعدی) کسی چیز پر کوئی پرت لگانا یا جڑنا ؛ کسی چیز کی سطح پر کام کرنا ؛ سطح پر یا تک لانا ، اٹھانا (کسی ڈوبی یا دھنسی ہوئی شے کو) ۔ (فعل لازم) سطح پر اُبھر آنا (جیسے: the diver surfaced far from shore) ۔ (کان کنی) سطح کے قریب یا اوپر کان کنی کرنا ۔
surfaceless, a. بلا سطح کے ۔
surfacer, n. سطح دار ؛ سطح پر کام کرنے والا ۔
surface active surfactant, n. (کیمیا) عامل سطح ؛ کسی مادے کا وصف جو کسی ایسے سیّال کے سطحی تناؤ کو کمزور کر دیتا ہے جس میں اسے حل کیا جائے یا دو متصل سیّالوں کے بین سطحی تناؤ کو کم کر دیتا ہے (جیسے : Detergent are surface active agents)
surface of revolution, n. (ریاضی) سطح گردش ؛ کسی مستوی منحنی کے ، اسی مستوی کے کسی خط کے گرد ، گھمانے سے پیدا ہونے والی مسطح ۔
surface plate, n. (مشین) سطح شناس ؛ ایک چپٹی پلیٹ جسے مکینک دوسری سطحوں کے چپٹے پن کو جانچنے کا اندازہ لگانے کے لیے استعمال کرتے ہیں ؛ مِسطح ۔
surface tension, n. سطحی تناؤ ؛ تماسک سطحی ؛ ایک قوّت جو سالموں کے مابین اپنا اظہار کرتے ہوئے کسی سیال مادے کی ہموار سطح میں سکڑاؤ پیدا کر دیتی ہے اور بایں سبب سیال کے اندرونی سالمے سطح پر کے سالموں کو اپنی طرف کھینچنے لگتے ہیں (پانی کے قطرے اسی سبب سے کُروی شکل اختیار کر لیتے ہیں) ؛ سطحی کھچاؤ ۔
surface-to-air missile, n. زمین تا فضا مار میزائل ؛ زمین سے فضا میں مار کرنے والا میزائل ۔
surfacing, n. سطح کاری ؛ تسطیح ؛ سطح بندی ؛ کسی چیز کو مُسطح بنانے یا کرنے کا طریقہ یا طریق کار (اس طریقے سے سڑکوں پر تہ جماتے ہیں) ؛ اس کام میں برتا جانے والا مسالا (سطح کار مسالا) ؛ سطح براری ؛ کسی دبی ، دھنسی ، ڈوبی ہوئی چیز کا اس چیز کی سطح پر یا سطح تک آ جانا جس میں وہ دبی ، دھنسی یا ڈوبی ہوئی ہو ۔ (کان کنی) سطح پر یا اُس کے قریب کان کنی ۔
surfactant, n. سطحی فعال عامل ۔
surfbird, n. ساحلی زقزاق ؛ ایک ساحل باش پرندہ جو بحرالکاہل کے ساحل پر بیشتر پایا جاتا ہے اور آبی بٹیر سے ملتا جلتا ہے ۔
surfboard, n. موج تختہ ؛ ایک بیضوی تختہ جس کے سہارے جانب ساحل آتی موجوں پر تیرا جاتا ہے ۔ (فعل لازم) موج تختے پر سوار ہونا ؛ موج سواری کرنا ۔
surfboarder, n. موج تختہ سوار ۔
surfboat, n. تلاطم کشتی ؛ ایک مضبوط ، ہلکی تراؤ کشتی جو تلاطم خیز پانیوں کے لیے بنائی جاتی ہے ۔
surf casting, n. ساحل پر سے بنسی کے ساتھ مچھلی شکار کرنے کا ایک طریقہ ۔
surf caster, n. ساحل پر بنسی سے شکار کھیلنے والا
surfeit, n. کسی فراہم کردہ شے کی زیادتی ؛ غیرمعتدل مے خواری یا پُرخوری ؛ زیادہ پی جانے یا کھا جانے سے پیدا ہونے والی گڑ بڑ ؛ بسیار خوری یا کثرت مے نوشی سے پیدا ہونے والا کراہیت آمیز ردّعمل ۔ (فعل متعدی) بہت زیادہ کھانا یا شراب پینا یا اس سے معدے میں گرانی پیدا ہونا ۔ (فعل لازم) کسی معاملے میں حد سے گزر جانا یا اس تجاوز کا خمیازہ بھگتنا ۔
surfeiter, n. بسیار خور یا مے نوش ۔
surffish, n. ساحلی مچھلی ؛ انڈوں کے بجائے بچے دینے والی مچھلی جو زیادہ تر بحرالکاہل کے اُتھلے پانیوں میں رہتی ہے ۔
surfriding, surfboarding, surfing, n. موج سواری یا موج تختہ کے ذریعے اچھلتی موجوں کے اوپر تیرنے کا مشغلہ ۔
surfrider surfer, n. موج تختے پر سواری کرنے والا ؛ موج سوار ۔
surge, n. تموّج ؛ موج زنی ؛ پانی کی تھپیڑ ؛

یک دم اور طاقت ور بہاؤ ؛ بڑی موج یا تھپیڑا ؛ پانی کی ایک ابھرتی ہوئی لہر ؛ اچھلتی ڈوبتی لہر ؛ ٹھاٹھیں مارتا ہوا پانی ۔ (برق) بجلی کی رو میں دفعۃً اضافہ یا اتار چڑھاؤ ۔ (فعل لازم) پانی کا موجوں کی طرح اوپر اٹھنا اور چڑھ آنا ؛ اچانک زور سے بہ نکلنا ؛ تھپیڑے مارنا ۔ (جہازرانی) جہاز کے لنگر کی چرخی پر سے رسّے کا اترنا/پھسلنا ۔ (فعل متعدی) (جہازرانی) لنگر چرخی کے رسّے کو ڈھیلا کرنا ۔

surgeon, n. جرّاح ؛ آپریشن کرنے کا ماہر ڈاکٹر (بمقابلہ عام معالج کے) ؛ سرجن ؛ سرجری کرنے والا ۔

surgeoncy, n. سرجنی ؛ سرجن کا عہدہ/منصب ۔

surgeon general, n. جرّاح اعلیٰ ؛ سرجن جنرل ؛ محکمہ صحت یا بری ، بحری ، فضائی افواج میں اعلیٰ ترین منصب کا طبّی افسر ؛ امریکا کی بحریہ میں بیورو آف میڈیسن اینڈ سرجری کا افسر اعلیٰ ۔

surgeon's knot, n. وہ گرہ جو جرّاح جوڑ پٹی یا ٹانکوں میں لگاتے ہیں ، خاص طور پر بادبانی گرہ (reef knot) کے مشابہ ہوتی ہے ۔

surgery, n. عمل جرّاحی ؛ سرجری ؛ وہ مہارت جس کے تحت انسانوں پر امراض یا جسمانی زخموں کے علاج کے سلسلے میں جرّاحی کی جاتی ہے ؛ طب کی وہ شاخ جو عملِ جرّاحی سے متعلق ہے ؛ جرّاحی کا کمرہ ؛ کسی معالج کا دفتر ۔

surgical, a. جرّاحی کا یا جرّاح سے متعلق ۔

surgically, adv. جرّاحی کے ذریعے سے ۔

suricate, n. بل کھود کر رہنے والا گوشت خور جانور ، یہ جنوبی افریقہ میں پایا جاتا ہے اور قُطبی بلّی یا بھورے یا سفید نیولے کی شکل کا ہوتا ہے ؛ افریقی نیولا ۔

surly, a. بہت ترش خو ؛ بد مزاج ؛ اکّھڑ ؛ اکھل کھرا ۔

surlily, adv. اکھڑ پن سے ۔

surliness, n. اکھڑ پن ؛ بد مزاجی ۔

surmise, n. اندازہ ؛ جائزہ ؛ خیال ، مفروضہ ، قیاس ، جس کی بنیاد معمولی ہو یا قطعاً نہ ہو ۔ (فعل متعدی) اندازہ لگانا ، قیاس کرنا ۔

surmount, v.t. چڑھنا یا اُوپر آنا ؛ فتح پانا ؛ سبقت لے جانا ؛ کسی چیز کی چوٹی پر یا اوپر رکھنا ؛ اوپر واقع ہونا ؛ اوپر یا چوٹی پر ہونا ۔

surmountable, a. قابل فتح ؛ قابل عبور ۔

surmullet, n. شاہ ماہی ؛ سرخ ماہی ؛ ایک قسم کی مچھلی جس کے گلے پر دو بڑی بڑی مونچھیں سی ہوتی ہیں ۔ دیکھیے : mullet ۔

surname, n. نام کا آخری جزو ؛ قبائلی یا خاندانی نام ؛ عیسائی نام کے ساتھ اضافہ کیا گیا نام ؛ وہ نام جو خاندان میں مشترک ہو ۔ (فعل متعدی) کسی کو خاندانی نام دینا ۔

surpass, v.t. آگے نکل جانا ؛ سبقت لے جانا ؛ بڑھ جانا (جیسے: to surpass exception) ؛ فضیلت حاصل کر لینا ، جیسے کسی پیشے میں ؛ آگے نکل جانا ، جیسے فاصلے ، حد ، درجے ،مقدار وغیرہ میں ۔

surpassable, a. برتری کے لائق ۔

surpassing, a. فائق ، برتر ۔

surpassingly, adv. فائقانہ ؛ برتر طور پر ۔

surplice, n. رومی کیتھولک عیسائی ارباب منصب کا امتیازی سفید چوغہ جسے وہ رسومات کے وقت عام لباس کے اوپر پہن لیتے ہیں ۔

surplus, n., a. فالتو ؛ زائد ؛ بقیہ ؛ زائد از ضرورت ۔

surplusage, n. توفیر ؛ بیشی ؛ فاضل مقدار ۔

surplus value, n. قدرِ زائد ؛ مارکسی اقتصادیات کے مطابق مزدوروں کی صَرف شدہ قُوّت کی مالیت جو اُجرتوں سے زیادہ ہوتی ہے اور جسے کارخانہ دار منافع کہتا ہے ۔

surprint, n. برطبع ؛ چھپائی پر چھپائی ؛ چھپائی میں لگایا گیا یا لگا ہوا کوئی اضافی چھاپہ ؛ نئی معلومات کی روشنی میں براہ راست مطبوعہ مواد ہی پر تبدیلی ۔

surprise, n. حیرت ؛ تعجب ؛ بے خبری میں اچانک یا بلاکسی تیاری کے آ لینے کا عمل ؛ کوئی جذبہ جو فوری اور غیر متوقع طور پر پیش آ جانے والے واقعے پر ظاہر ہو ۔ (فعل متعدی) اچانک کہیں آ جانا یا کسی کو آلینا ؛ سراسیمہ و پریشان کر دینا ؛ کسی کو حیرت میں ڈال دینا ؛ اچانک چڑھائی کر دینا ؛ بے خبری میں دھوکا دینا یا اچنبھے میں ڈال دینا ۔

surprisal, n. حیرانی ۔

surpriser, n. حیران کنندہ ؛ حیرت میں ڈال دینے والا ۔

surprising, a. حیرت انگیز ؛ عجیب ؛ حیرت زا ۔

surprisingly, adv. حیرت انگیز طریقے سے ؛ خلاف توقع ۔

surra, n. (بیطاری امراضیات) سُرا ؛ گھوڑوں ، کتوں ، اونٹوں اور ہاتھیوں کی ایک بیماری جو ایک طُفیلیے سے ، جو پرانی دنیا میں عام تھی ،لاحق ہو جاتی ہے اور گھوڑے مکھّی کے ذریعے دوسروں کو لگ جاتی ہے ، بخار اور جریان خون اس کی علامات ہیں ۔

surrealism, n. (بعض اوقات بڑے S سے) ورائے حقیقت پسندی ؛ فوقِ حقیقت ؛ بیسویں صدی کے آغاز کی ایک ادبی ، فنی تحریک جو غیر منطقی خیالات کے اظہار پر مبنی تھی اور ذہن کی تحت الشعوری سرگرمیوں کو پیش کرنے کی کوشش کرتی تھی (خیالات و تصورات کے اَن مل بے جوڑ اتصال و تقابل کے ذریعے) ؛ سرریئلزم

surrealist, n., a. ورائے حقیقت پسند ؛ سرریئلسٹ ۔

surrealistic, a. ورائے حقیقت پسندانہ ۔

surrealistically, adv. ورائے حقیقت پسندانہ طور پر ۔

surrebuttal, n. (قانون) جواب مزید ؛ مدعا علیہ کے جواب دعویٰ کے جواب میں مدعی کا پیش کردہ جواب مزید یا دلیل ۔

surrebutter, n. (قانون) جواب رد دعویٰ ؛ مدعاعلیہ کے تردیدی بیان کی تردید میں مدعی کا بیان ۔

surrejoinder, n. (قانون) جواب جوابِ دعویٰ ؛ مدعا علیہ کے بیانِ صفائی کے جواب میں مدعی کی حجت ۔

surrender, v.t. تسلیم کر لینا ؛ کسی کی قُوّت کے آگے جُھک جانا یا قبضے سے دست بردار ہو جانا ؛ اظہار بے تعلقی کرنا ؛ ہتھیار ڈال دینا ؛ مطالبے پر یا مجبور ہو کر دینا یا حوالے کر دینا (جیسے: to surrender stolen money) ؛ کسی کے حق میں مُستعفی ہو جانا ؛ ترک دعویٰ یا ترکِ استعمال کرنا؛کسی جذبے یا داخلی دباؤ کے آگے اپنے آپ کو جُھکا دینا ؛ حق ضائع کر لینا (جیسے: to surrender a game by default) ۔ (فعل لازم) کسی کی بالادستی یا قُوّت کے آگے جُھک جانا ؛

ہتھیار ڈال دینا ۔ (اسم) سپراندازی ؛ ترکِ دعویٰ ؛ بلاکسی چھوٹ کے دست برداری ، جیسے بیمہ پالیسی کی چند جزوی ادائیگیوں کے بعد اس پالیسی سے ۔

surreptitious, a. خُفیہ یا چوری چُھپے کیا ہوا یا حاصل شدہ ؛ ناجائز طور سے ہاتھ لگا ہوا یا قبضے میں کیا ہوا ؛ جعلی طور پر بنایا یا پیش کیا گیا ؛ پُراسرار یا درپردہ (اقدامات وغیرہ)۔

surreptitiously, adv. چُپکے چُپکے ؛ خفیہ طور پر ۔

surreptitiousness, n. چوری چُھپے حاصل کرنے کا عمل ۔

surrey, n. سُرے ؛ چار پہیوں کی دوسیٹوں ایک ہلکی چھت یا بلا چھت والی گاڑی جس میں چار افراد کے بیٹھنے کی گنجایش ہوتی ہے ۔

surrogate, n. قائم مقام ؛ عرض کار ؛ کسی کی جگہ کام کرنے والا ؛ نائب ؛ بعض امریکی ریاستوں میں عدالتِ وصایا کا عہدے دار ؛ کسی کلیسائی منصف کا نائب (عموماً بشپ یا چانسلر کا)۔

surrogate mother, n. متبادل ماں ؛ عورت جو کسی اور عورت کی خاطر مصنوعی تخم ریزی کے ذریعے نُطفہ قبول کرتی ہے ۔

surround, v.t. گھیرا ڈالنا یا چاروں طرف سے گھیرے میں لینا ؛ محیط ہو جانا یا محاصرہ کر لینا ، جیسے کسی شہر کا تاکہ فرار یا امداد کے سارے راستے مسدود ہو جائیں ۔

surrounder, n. گھیرے میں لینے والا ؛ محاصرہ کرنے والا ۔

surrounding, n. محیط ؛ محاصرہ ؛ گردا گرد ؛ گھیرے میں لینے کا عمل ۔ (عموماً جمع) ماحول ؛ گرد و پیش ۔

sur-royal, n. سینگ تاج ؛ بارہ سنگھے کا سب سے بالائی سینگ ۔ نیز : crown antler ۔

sursum corda, n. (کلیسیات) دعائے ربّانی کے آغاز سے پہلے جواباً ادا کیے جانے والا یہ بول ''اپنے دلوں کو بند کرو'' یعنی حضور قلب سے ؛ کوئی ابھارنے یا اکسانے والا نعرہ ؛ خدا یا کسی قوّت معنوی کی تمجید ۔

surtax, n. اضافی ٹیکس ؛ ایک بلند شرح یا اضافی محصول، عام محصولات کے علاوہ خصوصاً اسی آمدنی پر جو ایک مقررہ حد سے متجاوز ہو ۔ (فعل متعدی) اضافی ٹیکس لگانا یا وصول کرنا ؛ سر محصول لگانا ۔

surtout, n. لمبا سا اپنے ناپ کے مطابق سلوایا ہوا اوور کوٹ ۔

surveillance, n. نگرانی ؛ حراست ؛ پاسبانی ؛ چوکسی ؛ کسی شخص یا شے پر نگاہ رکھنے کا عمل خصوصاً جاسوسی یا حفاظت کے لیے ۔

surveillant, a., n. نگرانی کرنے والا ؛ نگران ۔

survey, v.t. نظر ڈالنا یا معائنہ کرنا ؛ کسی شے پر نگاہ ڈالنا ؛ جائزہ لینا ؛ کسی چیز کی حالت ، وضع یا مالیت کے حوالے سے جانچ کرنا ؛ کسی مقصد کے پیشِ نظر پڑتالنا ؛ کسی قطعۂ زمین کی حدود ، وسعت ،طبعی خدوخال کا تعین آلات پیمایش،علم ہندسہ اور علم مثلث کے اصولوں کے ذریعے کرنا ؛ سروے کرنا ؛ مساحت کرنا ۔ (فعل لازم) زمین کی مساحت کاری کا کام کرنا ۔ (اسم) مساحت ؛ عمومی جائزہ ؛ گہرا معائنہ ؛ اعداد و حقائق کی جزافی نمونہ بندی ؛ کسی قطعۂ ارض کے کسی حصے کی ابعادی اور جغرافیائی خصوصیات یا ان معلومات کا تیار کیا گیا نقشہ یا گوشوارہ ؛ سروے ۔

surveyor, n. مساحت کنندہ ؛ جائزہ لینے والا ؛ سرویئر ۔

surveying, n. عمل و فن مساحت ؛ سروے ؛ جائزہ ؛ زمین کے کسی حصے کی سطح کی پیمایش بذریعہ آلات و حسابات ۔

surveyor's level, n. تپائی پر نصب افق نما ، دور بین کے ساتھ جس سے اُفقی خط کا مشاہدہ کیا جاتا ہے ۔

surveyor's measure, n. مساحتی پیمانہ ؛ جریب ؛ گنٹرزنجیر ؛ طول ناپنے کا ایک پیمانہ جو گنٹر زنجیر پر مشتمل ہوتاہے ، اس میں سو کڑیاں ہوتی ہیں ؛ ہر کڑی ۷ء۹۲ انچ کے مساوی ہوتی ہے اس طرح زنجیر کی کل لمبائی ۶۶ فٹ ہو جاتی ہے ۔

survival, n. بقا ؛ زندہ رہنے یا بچے رہنے کی حالت ؛ کسی دوسرے شخص کی زندگی یا کسی واقعے کے بعد زندہ رہنے کی حالت ؛ یاد ماند (محض رواج کے بل پر رائج کوئی عادت ، رواج یا عقیدہ) ۔

survivalist, n. بقا پسند ؛ وُہ شخص جو دنیا میں متوقع ایٹمی تباہ کاری کے بعد اپنے وجود کو برقرار رکھنے کا ارادہ رکھتا ہے اور اس مقصد کے لیے خوراک اور اسلحے کا ذخیرہ جمع کرکے نیز سپہ گری کا فن اور بیرونِ در سرگرمیوں کی مہارت حاصل کرکے کسی دُور دراز مقام پر منتقل ہو جاتا ہے ۔

survival of the fittest, n. بقائے اصلح ؛انتخاب فطری یعنی یہ اصول کہ نباتات اور حیوانات میں سے باقی رہنا انہیں کا مقدر ہوتا ہے جو ماحول کے مطابق ڈھل جانے کی صلاحیت رکھتے یا پیدا کر لیتے ہیں ، جبکہ باقی فنا ہو جاتے ہیں ۔

survival value, n. حیاتیاتی نوعیت کے لحاظ سے جہدللحیات سے تعلق رکھنے والی قدر ۔

survive, v.t. زندہ بچ رہنا ؛ کسی کی زندگی کے بعد تک زندہ رہنا ؛ کسی سے زیادہ عرصے جیتے رہنا ؛ کسی چیز سے آگے زندہ رہنا ، جیسے باقی رہنا ۔ (فعل لازم) زندہ رہنا ؛ کسی اور یا کسی اور چیز کے بعد زندہ رہنا ۔

surviror n. جو بچ رہا ہو ؛ باقی ماندہ ؛ باز ماندہ یا پس ماندہ ۔

survivorship, n. پس ماندگی ؛ بازماندگی ؛ زندہ بچ رہنے کی کیفیت ۔

susceptibility, n. تأثر پذیری ؛ اثر پذیری ؛ اثر گیری ؛ حساسیت ؛ جذباتی برانگیختگی ۔ (برق) کسی مقناطیسی مادے کی مقنانے کی قوت اور اس قُوت کے مابین شرح شدت جو اس کو پیدا کرتی ہے ۔

susceptible, a. اثر پذیر ؛ اثر گیر ؛ تغیر قبول ؛ جذباتی ؛ زود حس؛ حسّاس ؛ سریع التاثر ۔

susceptiblenss, n. اثر پذیری ۔

susceptibly, adv. اثر پذیری کے ساتھ ؛ زُود حِسی سے ۔

susceptive, a. زود اثر ؛ تاثری ؛ آخذ ؛ جلدی اثر تلے آ جانے والا ؛ اثر قبول کرنے والا ۔

susceptiveness, susceptivity, n. تاثر پذیری ؛ زُود اثری ۔

sushi, n. سُوشی ؛ نیم پُختہ مچھلی کی جاپانی ڈِش جو قتلوں پر مشتمل ہوتی ہے ۔

suslik, souslik, n. زمین باش گلہری ، یہ مشرقی یورپ اور مغربی

ایشیا میں پائی جاتی ہے ؛ اس گلہری کی سمور۔

suspect, v.t. شبہ کرنا ؛ اندیشہ رکھنا (جیسے : to suspect danger) ؛ بدگمانی کرنا ؛ بلا ثبوت اور ذرا سے شبہ پر کسی کو قصور وار سمجھنے لگنا ؛ غیر یقینی خیال کرنا ؛ شک کرنا ؛ مشتبہ یا مشکوک سمجھنا۔ (فعل لازم) بعض شبہات رکھنا۔ (اسم ، صفت) مشتبہ ؛ مشکوک۔

suspend, v.t. معطل کرنا ؛ روک دینا ؛ لٹکانا ؛ کچھ دیر کے لیے ختم کر دینا ؛ وقتی طور پر روک دینا ؛ معلق رکھنا ؛ غیر واضح حالت میں رکھنا ؛ کسی قسم کی رعایت سے وقتی طور پر محروم کر دینا ؛ وقتی طور پر عہدے سے ہٹا دینا ؛ سردست بے اثر و عمل کر دینا ؛ ملتوی کرنا یا التوا میں ڈال دینا (جیسے سزا کا حکم)۔ (فعل لازم) ذمہ داری پوری کرنے سے رہ جانا؛ وقتی طور پر رُک جانا؛ معطل ہو جانا۔

suspended, a. معطّل ؛ معلّق ؛لٹکا ہوا ؛ آویزاں ۔

suspended animation, n. سکتہ ؛ جسمانی افعال میں وقتی طور پر تعطل،خصوصاً غشی کی بنا پر۔

suspender, n. معلّق یا معطّل کرنے والا ؛ لٹکائے رکھنے والا۔ (عموماً جمع)پتلون کے تسمے(اس سے وہ دو چمڑے یا الاسٹک کی پٹیاں مراد ہیں جو دائیں بائیں شانے کے پاس سے آگے پیچھے کو لٹک کر پتلون میں جا کر بٹن بند ہو جاتی ہیں) ؛ معلقہ۔ (برطانوی) گارٹر۔

suspender belt, n. (برطانوی) گارٹر یا گارٹر پیٹی ؛ عرفِ عام میں ''گیلس''۔

suspense, n. بے یقینی کی حالت ؛ حالت اُمید و بیم ؛ حیرت ؛عالم حیرت ؛ کسی قدر خدشے یا بے چینی کی حالت ؛ ایسی کیفیت پیدا کرنے والی صورتِ حال ؛ عدم تحفظ کا احساس ؛ تذبذب ؛ تأمُّل ؛ شش و پنج۔ (قانون) عارضی فکّ العمل ؛ تعطل ؛ التوا۔

suspenseful, a. پُر تذبذب ۔

suspense account, n. (کھاتہ داری) معلّق حساب ؛ وہ حساب (کھاتہ) جس میں نامعلوم لیکن ہر طرح سے مکمل لین دین اس وقت تک درج رکھا جاتا جب تک اس کے بارے میں پوری وضاحت نہیں ہو جاتی

suspension, n. تعطل ؛ التوا ؛ معطلی ؛ تعلیق ؛ معطل یا مُعلّق ہونے کا عمل؛ عارضی موقوفی ؛ خلل یا تاخیر؛ وقتی دراندازی یا رکاوٹ ؛ کسی سرگرمی کی معطلی ؛ بندش ؛ عارضی التوا ؛ کسی موٹر یا ریل گاڑی کے وہ حصے (پُرزے)جن کے ذریعے ان کا ڈھانچا ڈھرے سے یوں وابستہ ہوتا ہے کہ یہ ان کے حرکت میں آنے پر جھٹکے سہنے کا کام دیتے ہیں ؛ کسی سیّال وغیرہ میں غیر حل شدہ ذرّات کی معلق‌صورت۔(موسیقی) دو سُروں کا ملاپ جو طویل ہو کر کسی دوسرے سُر سے مل کر وقتی طور پر بے سُرے پن کی کیفیت پیدا کر دیتا ہے۔

suspension bridge, n. معلق پُل ؛ لرزاں پل ؛ جُھولا پُل ؛ وہ پُل جس کا راستہ ایسے رسّوں ، زنجیروں یا موٹے تاروں کے درمیان معلق ہوتا ہے جو دونوں طرف بھاری تعمیر یا فولادی ستونوں سے بندھے ہوتے ہیں ۔

suspension points, n. (طباعت) ترک نقطے ؛ وہ نقطے یا لکیریں جن سے اس بات کی غمازی ہوتی ہے کہ کمپوز کی گئی تحریر میں الفاظ چھوٹ گئے ہیں۔

suspensive, a. تعطّلی ؛ تشویشی ؛ حالت تعطّل میں ؛ معلق ؛ بے یقینی کی حالت میں ؛ گومگو کے عالَم میں؛ شک کی کیفیت میں ؛ عارضی طور پر رُکا ہوا ؛ غیر حل شدہ حالت میں ؛ شش و پنج میں۔

suspensively, adv. تعطل یا التوا کے طور پر۔

suspensiveness, n. تشویشی حالت ؛ تعطلی ۔

suspensoid, n. (طبیعی کیمیا) ایک چپکنا مواد جو بکھرتے ہی ٹھوس بن جاتا ہے ؛ معلقہ ؛ نپاش لسونت ۔

suspensor, n. معلق ساز ؛ معطّل ساز ۔ (نباتیات) وہ تارجس کے ساتھ بعض پودوں کا جنین بیج کے شگاف میں سے نکل کر معلق رہتا ہے ؛ معلاق۔

suspensory, a., n. لٹکی ہوئی شے ؛ معلقہ۔

suspensory ligament, n. (تشریح الاعضا) رباط تعلیقی ؛ وہ ریشے دار نسیجین جو جسم کے کسی عضو یا جزو کو تھامے رکھتی ہیں ، جیسے آنکھ کے عدسے کو تھامنے والا حلقۂ چشم ۔

suspicion, n. شبہ ؛ شک ؛ شک و شبہ کرنے والے کا احساس ؛ کسی ثبوت یا شہادت کے بغیر کہیں نہ کہیں امر واقع کا خیال یا تاثر ؛ بدگُمانی ؛ سوئے ظن ۔ (فعل متعدی) (غیر میعاری) شک و شبہ کرنا ۔

suspicious, a. مشکوک ؛ مشتبہ ؛ شک انگیز ؛ قابلِ اعتراض ؛ شکی(جیسے : a suspicious husband) ؛ شک آمیز (جیسے:suspicious glares) ۔

suspiciously, adv. شک کے ساتھ ؛ شک کے انداز میں ۔

suspiciousness, n. اشتباہ ؛ شک و شبہ ؛ شک آمیزی ۔

suspire, v.i. (ادب) لمبی گہری سانس لینا ؛ آہ بھرنا ؛ آہِ سرد بھرنا ۔

suspiration, n. آہ ؛ سرد آہ ؛ دمِ سرد ۔

sustain, v.t. سہارنا یا برداشت کرنا (اوپر کے بوجھ کو) ؛ مقاومت دکھانا : جی نہ چھوڑنا ؛ افسردگی میں نہ ڈوب جانا (جیسے:to sustain one's mind) ؛ پرورش کرنا یا کفیل بننا ؛ امداد کرنا یا برباد ہونے سے بچانا یا بچائے رکھنا ؛ ثبوت مہیا کرکے درست تسلیم کرانا یا قانوناً درست منوانا ؛ توثیق کرنا ؛ تصدیق کرنا۔

sustainable, a. قابلِ برداشت ؛ قابلِ ثبوت ۔

sustainer, n. پرورش کرنے والا ؛ کفیل ۔

sustainment, n. برداشت ؛ کفالت ۔

sustaining program, n. بے تعاون پیش کش ؛ بار دوش ٹی وی،ریڈیو پروگرام ؛ وُہ پروگرام جس کے اخراجات ریڈیو،ٹی وی والوں کو خود برداشت کرنے پڑتے ہوں ۔

sustenance, n. معاش ؛ نان نفقہ یا نان نفقہ مہیا کرنے کا عمل یا اس کے مہیا کیے جانے کی صورت ؛ گزارہ ۔

sustentacular, a. (تشریح الاعضا) آویزی ؛ وعائی ؛ سہارا دینے والا یا غذا فراہم کرنے والا ۔

sustentation, n. سہارا ؛ پرورش ؛ زندگی کا سہارا ؛ معاش ؛ کفاف ؛ روزی ؛ آزوقہ ۔

sustantative, sustentive, a. قُوت بخش ؛ حیات آور ؛ زندگی بخش۔

susurrus, n. نرم ،گُنگناتی ، سرسراتی سِی آواز ؛ سرگوشی ۔

susurrous, a. سرسراتی ؛ گنگناتی ہوئی ۔

susurration, n. سرسراہٹ ؛ گنگناہٹ وغیرہ ۔

sutler, n. لشکر کے پیچھے پیچھے جا کر ضروریات زندگی،

شراب وغیرہ فروخت کرنے والا ؛ لشکری بنیا ۔

sutra, n. [ہندی ، سنسکرت] سوترا ؛ ہندو مذہبی ادب میں اقوال حکمت و دانائی کا مجموعہ ؛ بُدھ مت کے پند ونصائح یا صحیفے ۔

suttee, sati, n. [ہندی ، سنسکرت] ستی ہونے والی ہندو عورت ؛ ستی کے رسم و عمل ؛ ہندو بیوہ جو شوہر کی چتا پر اپنے آپ کو نذر آتش کر لیتی ہے ۔

sutteism, n. ستی کی رسم ۔

suture, n. سلائی ؛ سیون ؛ دو چیزوں یا حصوں کا باہمی ملاپ والا حصہ ، کسی زخم یا شگاف کی کنارہ دوزی ۔ (تشریح الاعضا) سر کی کھوپڑی کی ہڈیوں کی سیون ۔ (نباتیات) کھلتی ہوئی بیج ڈوڈے کی سیون جہاں اس کے دونوں پیالے ملتے ہیں ۔ (فعل متعدی) آپس میں جوڑنا یا ملا کر سی دینا (کسی زخم وغیرہ کو) ۔

suzerain, n. بالادست ؛ حکم فرما ؛ ماضی میں جاگیردار یا نواب وغیرہ ؛ کسی مملکت کا وہ حکمران جو کسی ما تحت ریاست کے خارجی تعلقات پر اپنا سیاسی تسلط رکھتا ہو ۔

suzerainty, n. بالا دستی ؛ حکم فرمائی ۔

svelte, a. نازک اندام ؛ چھریرے بدن کا (کی) ؛ لوچ دار ؛ نستعلیق ۔

sveltely, adv. لوچ داری سے ۔

svelteness, n. لوچ ؛ ملائمت ۔

swab, n. جھاڑن ؛ جھاڑو (فرشوں ، جہازوں کے عرشوں وغیرہ کو صاف کرنے کے لیے) ؛ کسی چھوٹی سی ڈنڈی میں روئی یا کسی اور شے کا چھوٹا سا ٹکڑا جس سے صفائی کی جائے یا دوا لگائی جائے ؛ پھریری ؛ توپ کے دہانے کو صاف کرنے والا اسفنج؛ صافی ۔ (عوامی) بے ڈھنگا ؛ پھوہڑ ۔ (فعل متعدی) ٹانکی لگانا ؛ پوچا لگانا ؛ صافی سے جھاڑنا ۔

swabber, n. جہاز میں پوچا لگانے والا ۔

swabbie, swabby, n. (عوامی) ملّاح ؛ جہازراں۔

swaddle, v.t. مختلف قسم کے کپڑوں کی پٹیوں میں لپیٹنا یا پوتڑے میں باندھنا ، جیسے چھوٹے بچّے کو ؛ پٹی سے باندھنا۔ (اسم)، دھجی یا پٹی (کپڑے کی) یا بندھن ؛ پوتڑا۔

swaddling clothes, n. پوتڑے ؛ نوزاد کو لپٹنے والے کپڑے؛ ناپختگی، طفولیت کا دور یا وقت ؛ سخت بندشیں، تحدیدیں یا نگرانیاں (جن سے ناپختہ عُمروں کو واسطہ پڑتا ہے)۔

swag, n. پھولوں کا ہار ؛ پتوں کا گچھا۔ (عوامی) لوٹ کا مال ؛ مال غنیمت۔ (برطانوی بولی) جُھول جال؛ ڈگمگاتی حرکت ۔ (فعل متعدی و لازم) (عوامی) ڈگمگاتے چلنا ؛ ڈولنا ؛ ڈگمگانا ؛ ڈبونا ؛ اوپر نیچے جھولنا یا ہلنا ؛ ڈوب جانا ۔

swage, n. لوہار کا گرم لوہے کو کوٹ کر یا ڈھال کر مطلوبہ شکل دینے کے لیے استعمال ہونے والا ہتھوڑا ۔ (فعل متعدی) کوٹ کوٹ کر کوئی شکل دینا (ہتھوڑے کے ذریعے) ۔

swage block, n. لوہے کی بھاری نہائی جس میں مختلف سائزوں کے سوراخ اور جھریاں سی بنی ہوتی ہیں (جن کے ذریعے ان دھاتی اشیا کو ڈھالا،کوٹا جاتا ہے جو نہائی پر نہیں ڈھالی جا سکتیں ۔

swagger, v.i. اکڑ کر چلنا ، تن کر چلنا یا نخوت خرامی کرنا ؛ ڈینگیں مارنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ اکڑ فوں کرنا ۔ (فعل متعدی) اونچے بولوں سے رعب جمانے کی کوشش کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ اِس طرح بات منوانا ۔ (اسم) اکڑ چال ؛ نخوت خرامی ؛ طور طریق میں گستاخی یا بد تمیزی ۔

swaggerer, n. شیخی باز ؛ اکڑ باز ۔

swaggering, a. ڈینگیں مارنے والا ۔

swaggeringly, adv. رُعب جماتے ہوئے ۔

swagger stick, n. چھوٹی سی چھڑی یا بید کا ڈنڈا (عموماً) چمڑا چڑھا ہوا جو فوجی افسر یا سپاہی کے پاس ہوتا ہے ۔

Swahili, n. سواحلی ؛ عربی آمیز ایک بنتو بولی ، یہ مشرقی افریقہ کے کئی ملکوں کی زبان ہے ؛ جزیرہ زنجبار اور تانگانیکا ساحل کے وہ بنتو باشندے جو یہ بولی بولتے ہیں ۔

swain, n. (شاعری) عاشق ؛ دیہاتی نوجوان ؛ دہقانی ؛ گنوار ؛ دیہاتی سورما ۔

swainish, a. عشق جھاڑنے والا ۔

swainishness, n. دہقانیت ۔

swale, n. گڑھا ؛ دھنس ؛ عموماً وہ نشیبی جگہ جہاں ہر وقت نمی سی رہتی ہو اور آس پاس کی اونچی جگہ سے وہاں زیادہ روئیدگی ہو ۔

swallow, n. (طیوریات) ابابیل ؛ خطاف ؛چڑیا کی جنس کا کوئی پرندہ ، اس کی دُم مقراضی ہوتی ہے اور لمبے نازک پر ہوتے ہیں ، یہ بہت پھرتیلا اور نقلِ مکانی کاعادی ہوتا ہے ؛اس قسم کا کوئی اور پرندہ جیسے کوہی ابابیل ۔

swallow, v.t. نگلنا ؛ کھا جانا ؛ ہڑپ کر جانا (بعد میں عموماً up آتا ہے،جیسے: the stampede swallowed them up) ۔ (بول چال) سچ مان جانا (کسی غلط بات کو اپنی سادہ لوحی کے باعث)؛برداشت کرنا ؛ گوارا کرنا (جیسے : to swallow an affront) ؛ دوسروں کی رائے کو بآسانی قبول ، تسلیم یا منظور کر لینا ؛ برداشت کر لینا ، دبا جانا یا پی جانا (غصے وغیرہ کا) ؛ واپس لے لینا (اپنے الفاظ کو) ؛ بے ربط گوئی کرنا ؛ بُڑ بڑانا ۔ (فعل لازم) نگلنے کے عمل میں سے گزرنا ۔ (اسم) نگلنے کی گنجایش یا اُس کا عمل ؛ لقمہ ۔ (جہازرانی) جہاز کی بیرونی دیوار اور لنگر چرخی کے درمیانی بلاک میں وہ سوراخ جس میں سے رسّہ چلتا ہے ۔

swallower, n. نگل جانے والا (لقمے کا) یا پی جانے والا (غصے کا) ۔

swallowtail, n. ابابیل دُم ؛ ابابیل کی دُم یا اس شکل کا ؛ ایک قسم کی تتلی جس کے پر ابابیل کی دُم جیسے ہوتے ہیں ؛ اس طرز کا کوٹ ؛ دو باکھا کوٹ ؛ پس بریدہ کوٹ ؛ ٹیل کوٹ ۔

swallow-tailed, a. دوشاخی دُم والا ۔

swallowwort, n. شیر گیاہ ؛ ماميران ؛ ایک قسم کا پودا ، اس کے ڈوڈے مقراضی ہوتے ہیں ، جیسے اڑتی ابابیل ، جڑ قے آور ہوتی ہے اور کبھی اسے دافع زہر سمجھا جاتا تھا ؛ سلن ڈین (زرد پھول والا پودا) ۔

swami, swamy, n. [ہندی ، سنسکرت] سوامی ؛ ہندو گورو ؛ ہندوانہ لقب احترام ؛ جس کی رائے یا علم قابل احترام و تسلیم ہو ؛ پنڈت ۔

swamp, n. دلدلی جگہ ؛ دلدل ؛ دھنس ؛ کھبن ۔ (فعل متعدی) دلدل میں پھنسا دینا ؛ دھنسا دینا ؛ ڈبو دینا ؛ دشواریوں

کے جال میں پھنسا دینا ؛ زیر آب کر دینا ۔ (جہازرانی) کشتی کا پانی سے بھر جانا یا ڈوب جانا ۔ (فعل لازم) ڈوبنا یا غرق ہو جانا ؛ مغلوب ہو جانا ۔

swampy, a. دلدلی ۔

swampiness, n. دلدلی پن ۔

swamper, n. دلدلی علاقوں کا باسی یا وہاں کا رہنے والا ؛ دلدلی علاقے سے درخت کاٹنے والا (لکڑ ہارا) ؛ مزدور یا ہرکارہ ۔ (شہتیر سازی) کسی دلدلی رقبے سے پیڑ یا جھاڑیاں کاٹ یا اکھاڑ کر راستہ صاف کرنے یا بنانے والا تاکہ لٹھے پھسلا کر لے جائے جا سکیں ۔

swampland, n. دلدلی زمین کا علاقہ یا رقبہ ۔

swan, n. راج ہنس ۔ (مجازاً) اس کی خوبصورتی اور خوش خرامی کے حوالے سے کسی بھی حسین شے کو اس سے تشبیہہ دیتے ہیں ۔ (فلکیات) (بڑے S سے) ایک مجموعۂ کواکب ؛ کوکب دجاجہ ۔

swan, v.i. آوارہ خرامی کرنا
(جیسے: He swanned idly over the field) ۔

swan, v.i. (بولی) قسم کھانا
(جیسے: I swan this road is rough) ۔

swan dive, n. مرغابی غوطہ ؛ پیٹھ خمیدہ کرکے اور بازوؤں کو پھیلا کر پانی میں کودنے کا انداز ۔

swanherd, n. ہنس پال (راج ہنس پال) ؛ راج ہنسوں کو پالنے والا ۔

swank, v.i. اکڑتے یا لہراتے ہوئے چلنا ؛ اکڑ دکھانا ؛ دکھاوا کرنا ۔ (اسم) (بول چال) اکڑ ؛ طمطراق ؛ طراری ؛ اسلوب ؛ نمود ؛ نمایش ؛ شان ؛ تعلّی ؛ ڈینگ ۔ (صفت) (بول چال) اکڑ فوں ؛ طرّار ؛ فیشن ایبل ۔

swanker, n. اکڑ دکھانے والا ۔

swankily, adv. اکڑ دکھاتے ہوئے ۔

swankiness, n. نمایش ؛ اکڑ ۔

swanky, a. اکڑفوں والا ۔

swannery, n. ہنس پال ، ہنس گھر ؛ ہنس پالنے یا رکھنے کی جگہ ۔

swan's-down, swansdown, n. ہنس کے نرم نرم سے چھوٹے پر جو بڑے پروں کے نیچے اور بدن سے پیوست ہوتے ہیں ؛ فلالین ؛ موٹا سوتی کپڑا جس کے ایک جانب نرم روئیں ہوتے ہیں ۔

swanskin, n. ہنس کھال (پروں سمیت) ؛ ایک قسم کی ملائم فلالین جس کے ایک جانب روئیں ہوتے ہیں ۔

swan song, n. قُقنس راگ ؛ آخری کارنامہ (کسی شاعر، موسیقار، تہذیب یا تمدن کا) جو اس قدیم عقیدے پر مبنی ہے کہ ہنس مرتے وقت بڑا سریلا راگ چھیڑتا ہے ۔

swap, swop, v.t., v.i. چیز کے بدلے چیز لینے دینے کا کاروبار کرنا ؛ تبادلۂ اجناس کرنا ؛ مبادلہ یا بارٹر کرنا ؛ سودا کرنا ؛ بیوپار کرنا ۔ (اسم) مبادلہ ؛ تجارت ؛ کاروبار ؛ بیوپار ؛ سودا ؛ بارٹر ۔

swaraj, n. [ہندی] سوراج ؛ حکومتِ خوداختیاری ۔ (بڑے S سے) برصغیر کا سیاسی اصول کہ ہندوستان پر ہندوستانیوں کی حکومت ہونی چاہیے بطور سلطنت برطانیہ کے ایک حصے کے یا جیسے کہ بعد میں زور دیا جانے لگا، کہ اسے بالکل آزاد ہونا چاہیے ۔ (صفت) سوراج سے یا سوراج پارٹی کے متعلق ۔

swarajist, a., n. سوراجی ۔

sward, n. سبزہ زار ؛ دُوب تختہ ۔ (فعل متعدی) کسی جگہ کو سبزے سے بھر دینا ؛ گھاس کا فرش بچھا دینا ؛ دُوب لگا دینا ۔

swarf, n. لوہ چون ؛ سان سے اُڑ کر گرے ہوئے گیلے اور چمکتے ذرے جن میں لوہے اور فولاد کے ذرے شامل ہوتے ہیں ۔

swarm, n. شہد کی مکھیوں کا دَل یا لشکر جو پہلا چھتہ چھوڑ کر اپنی ملکہ کے ساتھ نیا گھر بنانے کو نکل پڑا ہو ؛ شہد مکھیوں کا پورا چھتہ یا ہجوم ؛ متحرک اشخاص یا اشیا کی بہت بڑی تعداد ؛ آزاد پیراک یا تیرتے ہوئے خلیوں یا نامیوں کا مجموعہ یا گروہ جیسے حیّ بذرے یا تخمک ؛ دَل بادل ۔ (فعل لازم) پورے چھتے کے ساتھ ایک چھتہ بنانے کے لیے ایک ساتھ نکل پڑنا ؛ ہجوم یا قافلے کی صورت میں چل نکلنا یا کہیں جمع ہو جانا ؛ جیسے مکھیوں کا انباروں یا تودوں کی شکل میں؛ کہیں کثیر تعداد میں جمع ہونا یا اکٹھا ہونا؛ کسی ایک علاقے یا جگہ میں کسی شے کا بہت بڑی تعداد میں یک جا ہونا؛ کسی جگہ کو پوری طرح بھر دینا (بعد میں with لگاتے ہیں) ؛ انبوہ یا جُھنڈ کی صورت میں حرکت میں آنا یا تیرنا ۔ (فعل متعدی) کہیں ہجوم بن کر آ جانا ؛ لپیٹ میں لے لینا یا کہیں پھیل جانا ؛ ہجوم کرنا ؛ دَل بادل بن کر چھا جانا یا ہجوم پیدا کر دینا ۔

swarm, v.t., v.i. بازوؤں اور ٹانگوں کے بل کسی جگہ پر چڑھنا ؛ اسی طریقے سے درخت یا دیوار پر چڑھنا ۔

swarmer, n. ہجوم کرکے آنے والوں میں سے ایک ہجوم کا کوئی فرد ۔ (حیاتیات) متحرک خلیوں میں سے کوئی ایک ۔

swarm spore, n. (حیاتیات) ان ننّھے ننّھے حرکت پذیر بذروں میں کوئی ایک جو بڑی تعداد میں پیدا ہو گئے ہوں ؛ حیّ بذرہ ؛ سوطی بذرہ ۔

swart, a. سیاہ ؛ سیاہ فام ۔

swartness, n. سیاہ فامی ۔

swarth, n. گھاس بھری جگہ ؛ سبزہ زار ۔

swarth, a. سیاہ رُو ۔

swarthy, swarty a. کالے رنگ کا ؛ سانولا ؛ سیاہ فام ۔

swarthiness, n. سیاہ فامی ؛ سانولا پن ؛ کالا پن ۔

swash, v.i. چھپکنا ؛ پانی میں ہاتھ پاؤں وغیرہ مار کر آواز پیدا کرنا ؛ زور کا ہاتھ یا کاری ضرب لگانا ۔ (فعل متعدی) بڑ ہانکنا ؛ بہت زور مارنا یا ضرب لگانا ۔ (اسم) چَھپ چَھپ کی آواز یا ایسی آواز پیدا کرنے والی حرکت ؛ زور کی ضرب یا اس کی آواز ؛ چھپاکا ؛ پانی کا ٹکراؤ یا چھینٹے اڑانا یا اس کی آواز ؛ وہ جگہ جہاں پانی بہتا ہو ۔ (طباعت) لمبی سجاوٹی کشش ۔ (صفت) کشش دار ترچھے حرفِ جلی کا یا اس سے متعلق ۔

swash buckler, n. بڑ ہانکنے والا ؛ رعب جمانے والا ؛ دھونسل ؛ اکڑفوں کرنے والا ؛ تنازع جُو ؛ خطرہ جُو ۔

swashbuckling, a. لڑنے مرنے پر تیار رہنے والا ۔

swastika, n. [سنسکرت:خوش قسمتی] سواستیکا ؛ ایک شکل جسے ایامِ قدیم سے دنیا میں علامت یا سجاوٹ کے طور پر استعمال کیا جاتا رہا ہے اور اس کی شکل یہ ہے نازی پارٹی کا یہ سرکاری نشان تھا ۔

swat, v.t. کراری یا زور دار ضرب لگانا ۔ (بیس بال) لمبی ضرب لگانا ۔ (اسم) کراری ضرب ۔ (بیس بال) لمبی ضرب ۔

swatter, n. کراری ضرب لگانے والا ۔

swatch, n. کپڑے یا کسی اور شے کا نمونہ ؛ نمونے کا کپڑا ؛ نمونے کے طور پر پیش کی جانے والی کوئی شے ۔

swatch, swathe, n. درانتی بھر ؛ وہ جگہ جو درانتی یا کٹائی مشین کی ایک کاٹ میں آئے ؛ اس سے کاٹا گیا رقبہ یا ٹکڑا ؛ گھاس یا غلّے کی ایک قطار یا کنارا جو درانتی یا کٹائی مشین سے کاٹ کر ایک جگہ رکھا گیا ہو ؛ کسی قسم کی لمبی اور کم چوڑی سی پٹی ؛ کمر بند ؛ پیٹی ۔

cut a swath, اپنی شان یا اپنے کمال کا مظاہرہ کرنا ۔

swathe, v.t. پٹی سے باندھنا یا لپیٹنا ؛ لپٹنا ؛ ملفوف کرنا ۔ (اسم) بند یا پٹی کترن ؛ عصّاب ؛ دھجی ۔

swather, n. پٹی کرنے والا ۔

sway, v.i. جھولنا ؛ لٹکنا ؛ وزن سے ایک طرف جُھکنا ؛ کسی ایک طرف رکھنا یا لٹکنا ؛ ایک طرف کو حرکت کرنا یا بڑھنا ؛ وزن یا اثر رکھنا ؛ حکومت کرنا ؛ حکم رانی کرنا ۔ (فعل متعدی) جُھلانا ؛ جانب داری دکھانا ؛ ایک طرف جھکا دینا ؛ حکم چلانا ؛ اثر ڈالنا ؛ حکومت کرنا یا ہدایات دینا ۔ (جہازرانی) جہاز میں اڑواڑ کھڑی کرنا ۔ (اسم) جھونٹا ؛ حکمرانی ؛ اثر و رسوخ ؛ وزن یا اقتدار جس کا ایک طرف جھکاؤ ہو ؛ جھولن یا جھونک ؛ حکومت کرنے میں قُوّت کا اظہار ۔

swayable, a. جھولنے یا ہلنے والا ۔

swayer, n. اثر و رسوخ استعمال کرنے والا ۔

sway-back, swayback, n (بیطاری امراضیات) مویشیوں کی (بالخصوص گھوڑے کی) ایک بیماری جس میں اس کی کمر پچک جاتی ہے ۔

sway-backed, a. (بیطاری امراضیات) کمر پچکا ۔

swear, v.i. قَسم کھانا ؛ خدا کو حاضر و ناظر جان کر سنجیدگی سے یہ اعلان کرنا کہ جو کچھ کہا جا رہا ہے وہ سچ ہے ؛ قسم کھا کر کوئی وعدہ کرنا یا کسی بات کے درست یا غلط ہونے کی گواہی دینا ؛ حلفی بیان دینا ، ملحدانہ زبان استعمال کرنا ؛ بے ادبی سے قَسم کھانا یا جھوٹی قَسم کھانا ۔ (فعل متعدی) خدا کی قَسم کھا کر کہنا ؛ سچے دل سے وعدہ کرنا ؛ حلف اٹھانا ؛ قسم دینا ؛ قسم کے ذریعے پابند کرنا ؛ بے ادبی کے کلمات منہ سے نکالنا ۔

swear by, حلفاً کہنا ؛ حلف اُٹھا کر کہنا ؛ اپنا گواہ ٹھہرانا.جیسے خدا کو ؛ کسی چیز پر یقین یا اعتقاد رکھنا ۔

swear in, حلف برداری کے ذریعے کسی عُہدے یا منصب پر فائز ہونا ۔

swear off, کسی چیز کو قسم کھا کر ترک کرنا یا اس سے پرہیز کرنا جیسے شراب سے ۔

swear out, قسم اٹھا کر کسی الزام کے سلسلے میں کسی کے ورانٹ گرفتاری جاری کرا دینا ۔

swearer, n. قسم کھانے والا ۔

swearword, n. قسم یا حلف میں گندی زبان کا استعمال ؛ فُحش گوئی ۔

sweat, v.i. پسینہ چھوٹنا (نکلنا) ؛ جلد کے مسامات سے پانی جیسا سیال باہر نکلنا ؛ پسینہ پسینہ ہونا ؛ نمی خارج کرنا ؛ عمل تکاثف کے باعث سطح پر نمی کا جمع ہو جانا ؛ سیال اشیا کا پسینے کی طرح رسنا یا بہ نکلنا ؛ تمیز ہونا ۔ (بول چال) محنت مشقت کرنا ؛ پسینہ بہانا ؛ مضطرب ہونا ؛ بے چین ہونا ؛ بے تاب ہونا ؛ سزا بھگتنا (جیسے: I will make him sweat for that) ۔ (فعـل متعـدی) جِلد کے مسامات سے پسینہ خارج کرنا ؛ قطرہ قطرہ برسانا ؛ پسینے کی طرح یا اس کے ساتھ بہا دینا (بعد میں off یا out لگاتے ہیں ، جیسے: sweat off pounds) ؛ پسینے سے شرابور یا عرق آلود کر دینا ؛ پسینہ پسینہ کر ڈالنا (کسی شخص ، گھوڑے وغیرہ کو) ۔ (بول چال) سخت محنت کرانا ؛ مزدور سے کم معاوضے پر زیادہ کام لینا ؛ زائد وقت کام لینا یا غیر خوش گوار ماحول میں کام کرانا ؛ طاقت یا دباؤ سے وصول کرنا ، جیسے رقم یا ادائیگی (استحصال بالجبر) ۔ (عوامی) سخت تفتیش کرنا یا اقبالِ جرم کی خاطر تشدد کرنا ۔ (فلزّیات) ملاوٹی دھاتوں کو اس قدر آنچ دینا کہ ان میں سے زُود سوز دھات یا اجزا جل کر ختم ہو جائیں ؛ پگھلنے کی حد تک آنچ پہنچانا (جیسے جوڑنے والے مسالے) ؛ پگھلے ہوئے مسالے کے ذریعے فلزی اجزا کو جوڑنا یا ملانا ؛ خمیر اٹھانا ، جیسے تمباکو کے پتوں کا ۔ (اسم) پسینہ ؛ وہ نمی جو جلدی مسامات سے خارج ہو ؛ عمل تکاثف سے کسی چیز کی سطح پر اُبھر آنے والی نمی ؛ عرق ریزی کی حالت یا مدت ؛ گھوڑے کی لگوائی گئی ورزشی دَوڑ ؛ مشقت ۔ (بول چال) سخت مشقت یا محنت ؛ بے چینی ، بے تابی یا بے سکونی کی حالت ۔

no sweat, a. (عوامی) بلا کسی شواری کے ؛ بہت آسان ۔

sweat blood, شدید پریشانی کے عالَم میں ہونا ؛ خون پسینہ ایک کر دینا ؛ بہت دماغی محنت کرنا ۔

sweat out, (عوامی) بے بسی سے سب کچھ تا اسہا سہتے جانا ؛ قہر درویش برجانِ درویش ۔

sweated, a. عرق آلودہ ۔

sweatily, adv. عرق ریزی سے ۔

sweatiness, n. عرق آلودگی ؛ عرق ریزی ۔

sweatless, a. بے محنت ۔

sweaty, a. پسینے میں تر ؛ عرق آلود ؛ تربتر ؛ پسینہ آور ۔

sweatband, n. پسینہ چوس ؛ ٹوپی وغیرہ کے اندر لگایا ہوا کپڑا (چمڑا) تاکہ وہ سر کے پسینے سے ٹوپی کو خراب ہونے سے بچائے رکھے ؛ کسی چیز کا کوئی ٹکڑا جس کو پیشانی اور سر پر باندھ لیا جائے تاکہ آنکھوں میں پسینہ بہ کر نہ آئے ؛ پسینہ پٹی ۔

sweatbox, n. عرقینہ ؛ کوئی اختراع جس میں کوئی چیز عرق آلود کرنے کے لیے رکھ دی جاتی ہے جیسے کھال یا پھل ؛ وہ صندوق نما شے یا کوٹھڑی جس میں قیدیوں کو بطور سزا پسینہ پسینہ کر دینے کی خاطر بند کر دیا جاتا ہے ۔

sweater, n. سوئیٹر ؛ اسے کھیل سے پسینہ پسینہ ہو جانے کے بعد کھلاڑی پہنتے ہیں تاکہ باہر کی ٹھنڈی ہوا سے نقصان نہ پہنچے ؛ پسینہ پسینہ یا عرق آلود شخص ؛ پسینہ لانے والی شے ؛ پسینہ آور ؛ ایک غیر معقول آجر جو اپنے اجیروں سے بہت زائد کام لیتا ہو ۔

sweater girl, n. (عوامی) بڑی اور اُبھری چھاتیوں والی لڑکی ، خصوصاً چست سویٹر پہننے والی لڑکی (تاکہ اس کی چھاتیاں خُوب نمایاں ہوں)۔

sweat gland, n. (تشریح الاعضا) پسینے والے غدود ؛ وہ مسام جس میں سے پسینہ خارج ہوتا ہے ؛ مسامِ عرقی ؛ غُدۂ عرقیہ ۔

sweating sickness, n. پسینہ زا وبا ؛ ایک وبائی بیماری ، یہ اکثر مہلک ہوتی ہے اور گھنٹوں میں کام تمام کر دیتی ہے ۔ پندرھویں اور سولھویں صدیوں میں یہ یورپ اور انگلستان میں پھوٹ پڑی تھی ، مسلسل پسینہ آنا اس کی نمایاں علامت ہے ۔

sweat pants, n. کھیل پاجامہ ؛ کسرتی جامہ ؛ ایک قسم کی ڈھیلی ڈھالی موٹے سوتی کپڑے کی پتلون ، اسے عموماً کھلاڑی پہنتے ہیں تاکہ پسینہ آنے پر خنکی محسوس نہ ہو ، اس کی موہریاں تنگ ہوتی ہیں اور کمر الاسٹکی ۔

sweat shirt, n. کھیل قمیص ؛ کسرتی قمیص ؛ ایک ڈھیلی ڈھالی موٹے سوتی کپڑے کی جرسی یا پل اوور جو کھلاڑی ورزش کے دوران پہنتے ہیں ۔

sweatshop, n. بیگار خانہ ؛ عموماً ایسا چھوٹا کارخانہ یا دکان جہاں کام کرنے والوں سے کم معاوضے پر زیادہ اور ناموافق حالات میں کام لیا جاتا ہو ۔

Swede, n. سویڈنی ؛ سویڈن کا رہنے والا ۔ (عموماً بڑے s) (برطانوی) سویڈنی شلغم جو زرد گودے والا ہوتا ہے ۔

Swedish, a. سویڈنی ؛ سویڈن سے متعلق ؛ وہاں کے لوگوں کی ثقافت اور زبان سے متعلق ۔

Swedish massage, n. سویڈی مساج ؛ ایک قسم کی مالش جو سویڈن سے مخصوص ہے ، اس میں بعض ورزشیں بھی شامل ہیں ۔ (دیکھیے : Swedish movements)

Swedish movements, n. سویڈی کسرتیں ؛ ورزشوں کا ایک سلسلہ جو سویڈن سے شروع ہوا ، صحت مندی اور شفاآوری کے لیے ان سے کام لیا جاتا ہے (بشمول سویڈنی مساج)۔

Swedish turnips, n. سویڈن کے شلغم جنھیں سویڈیا روٹا باگا بھی کہا جاتا ہے ۔

sweeny, n. (بیطاری امراضیات) گھوڑے کے شانوں کے عضلات کا سوکھا (بیماری)

sweep, v.t. جھاڑو دینا ؛ ہلانا ؛ تیزی سے چلانا یا لے جانا جیسے کسی گھری ہوئی سطح پر سے جھاڑو یا بُرش کا پھیرنا ؛ لانا ، ہلانا یا لے جانا جیسے کسی مضبوط دھکیلنے والی ضرب یا مسلسل طاقت ور عمل سے (جیسے: The waves swept the boat on the rocks) ؛ پھیرنا یا گزارنا کسی سطح پر یا اس کے ساتھ کسی مضبوط مسلسل ضرب یا حرکت سے ؛ دامن کا زمین پر گھسٹتے جانا ؛ گرد یا کوڑا کرکٹ کا کسی فرش پر سے صاف کرنا یا جھاڑو سے صفائی کرنا ؛ کسی جگہ سے پیڑ کاٹ کر راستہ بنانا ؛ کسی سطح کو اس پر یا اس کے اندر کی چیزوں سے صاف کرنا ؛ رُکاوٹ دورکرنا یا تلاش کرنا خصوصاً پانی کو آنکڑ چال سے کھنگالتے ہوئے (جیسے: to sweep a harbor of or for submarine mines) ؛ کسی چیز سے رگڑتے یا لگتے جانا (جیسے: the garments that sweep the ground) ؛ آنا اور گزر جانا ، جیسے ہوا کا ؛ کسی جگہ یا رقبے پر آنکھ سے نگاہ ڈالنا یا دُور بین سے پورے علاقے کو نظر میں رکھنا ؛ گولہ باری کا نشانہ بنانا ، مناسب جگہ جما کر کسی علاقے کو توپوں کی زد میں رکھنا ؛ ہاتھ ہلا کر یا بدن جُھکا کر اظہارِ تعظیم کرنا ۔ (موسیقی) سُر نکالنے کے لیے ساز پر انگلیاں چلانا ۔ (فعل لازم) کسی جگہ پر جھاڑو دینا یا جھاڑو کی طرح صاف کرنا ؛ پانی میں آبدوز سُرنگوں کا سراغ لگانے کے لیے جال پھیرنا ؛ تیزی سے اور زور کے ساتھ متواتر چلنا ، جھکڑیا سیلاب کی طرح بے روک گزر جانا ؛ جنازے کے موالیوں کی طرح بڑے وقار سے گزرنا ؛ دامن کشاں گزرنا ؛ چاروں طرف نگاہیں دوڑاتے رہنا (جیسے: His glance swept about the room) ؛ مسلسل یا گھماؤ کے ساتھ پھیلتے چلے جانا (جیسے سڑک) ۔ (اسم) جاروب کَشی ؛ صفائی یا سُتھرائی یا اس کا عمل خصوصاً جھاڑو کے ذریعے ہٹانا ، ہٹا دینا یا صاف کر دینا ، اکثر مجازاً استعمال ہوتا ہے (جیسے: to make clean sweep of incompetence) ؛ مستقل طور پر حرکت میں رہنے والی یا بلا روک ٹوک قوت اور تیزی سے آگے بڑھنے والی کوئی شے (جیسے: the sweep of the wind or waves) ؛ گھسٹنے کی حرکت جیسے زمین پر لباس کی ؛ ہاتھ یا ہتھیار کی لہراہٹ یا ضرب ؛ کسی متحرک شے کی رسائی ، زد یا وسعت ؛ سڑک کا بل کھاتا ہوا راستہ (جیسے: the sweep of a road) ؛ پھنائی ؛ وسعت یا پھیلاؤ (اکثر بل کھاتا ہوا) جیسے کسی سڑک ، ساحل یا آس پاس کے علاقے کا ؛ کوئی آہستہ آہستہ خم کھاتی ہوئی لکیر ، شکل یا تود ؛ جھاڑو دے کر ہٹایا یا جمع کیا ہوا مواد، خصوصاً کسی ایسی جگہ کا جہاں قیمتی دھاتوں پر کام ہوتا ہو ؛ جھاڑیا (خصوصاً چمنی صاف کرنے والا) ؛ جھاڑن یا کوچی ؛ چرخی (کنویں میں ڈول لے جانے اور واپس لانے والی) ؛ چھوٹے جہازوں میں بڑا پتوار رُخ بدلنے کے لیے اور تیز رفتاری کے لیے ۔ (بول چال) (برطانوی) خاک روب ۔ دیکھیے: sweepstakes ۔ (تاش) ترپ چال کی قسم کے ایک کھیل میں سارے دستی پتّوں کے ہاتھ بن جانا ؛ جُوا خانے میں ساتھی بن کر سبھی پتے ہتھیا لینا ۔

sweeper, n. جارُوب کَش ؛ جاروب کشی کی مشین ۔ (برطانوی) خاکروب ۔

sweepback, n. (طیرانیات) طیارے کے پروں ، افقی دُمچی یا کسی اور سطح کا پچھلی جانب جھکاؤ ؛ اگلے یا پچھلے کنارے کا ایسا جھکاؤ ؛ جھکاؤ کی مقدار ۔

sweeping, a. وسیع ڈھلان لیے ہوئے ، وسیع رقبے والا ؛ کسی ایک ہی عمل یا ادعا میں بہتوں کو محیط (جیسے: a sweepingaccusation) ۔ جامع ؛ عمومی ؛ چلتی ، ہوئی ۔(اسم ، جمع) روبید ؛ کوڑا کرکٹ ۔

sweepingly, adv. بے جا عمومیت کے ساتھ ؛ بے سوچے سمجھے ۔

sweepingness, n. بے جا تعمیم/عمومیت ۔

sweep-second, sweep hand, n. گھڑی کی وہ متحرک سوئی جو ایک منٹ میں پورا چکر کاٹتی ہے ؛ سیکنڈ کی سوئی ۔

sweep stakes, n. گھڑ دوڑ جوا ؛ قمار بازی کی کوئی صورت (لاٹری، گھوڑ دوڑ وغیرہ) جس میں کئی لوگ مل کر داؤ لگاتے ہیں یا فیس داخلہ دیتے ہیں اور کل رقم شرائط کے مطابق ایک کا یا ان میں سے کئی کا حصہ ٹھہرتی ہے ؛ کئی لگائے گئے داؤں کا مجموعی انعام ؛ ایسے انعام کے لیے مقابلہ یا دوڑ ۔

sweepy, a. فراٹے بھرتا ہوا ؛ سب کچھ اپنے آگے لے جاتے ہوئے ۔

sweet, a. میٹھا ؛ شیریں ؛ شہد گوں ؛ شکر یا شہد کی طرح

خوش گوار ذائقه یا مہک رکھنے والا ؛ تلخ کے برعکس ؛ حواس خمسه میں سے ہر حس کے لیے گوارا ؛ سُریلا ؛ پیارا ؛ دلکش ؛ نرم ؛ مہر خُو ؛ جو باسی اور ترش نہ ہو ؛ بے کُھار (جیسے:sweet soil) ؛ بے عفونت ؛ تازہ (جیسے:sweet milk) ؛ جو پھیکا نہ ہو (جیسے:sweet wine) ۔

sweet on, (بول چال) دل ہار ؛ کسی پر بہت ہی فدا ؛ عاشق ۔

sweetly, adv. شیریں آواز میں ؛ نرم لہجے میں ۔

sweatness, n. مٹھاس ؛ شیرینی ۔

sweet, n. میٹھے ذائقے والا ؛ میٹھی آواز ، مہک یا چاشنی والا ؛ مٹھاس، وہ جو میٹھا ہو ؛ شیرینی(عموماً جمع)بالخصوص برطانوی) کوئی سا میٹھا پکوان ؛ مٹھائی ؛ قندی ؛ خوش آیند ؛ خوش گوار ؛ خوشبودار ؛ مسرت بخش ؛ محبوب ؛ من جیت ؛ پیارا ۔

sweet alyssum, n. خوشبودار الوسن ؛ رائی کے خاندان کا ایک سدا بہار پودا ، اس کے پھول سفید یا ارغوانی ہوتے ہیں اور قد چھوٹا ، یہ بحیرۂ رُوم کے خطے میں عام پایا جاتا ہے ۔

sweet-and-sour, a. (طبّاخی) تُرش و شیریں ؛ کھٹ مٹھا پکوان ، اس میں لیموں رس یا سرکہ اور چینی ڈالی جاتی ہے یا پھر سِرکے ، چینی، آٹے یا میدے، سویا چٹنی ، کالی مرچ اور لہسن وغیرہ ملاتے ہیں ، یہ مشرقی پکوان ہے ۔

sweet bay, European bay, European laurel, n. ایک خوشبودار پودا جو بحیرۂ رُوم کے علاقے میں پایا جاتا ہے؛ میگنولیا ۔

sweet bread, n. بانقراس ؛ لبلبه یا تیموسیه : ان کو اکثر بطور غذا استعمال کیا جاتا ہے ۔دیکھیے: thymus, pancreas ۔

sweetbrier, sweet briar, n. نسترن ؛ بصرہ گلاب؛ یورپ کا ایک خود رو گلاب ، اس کے کانٹے مڑے ہوئے اور سخت ہوتے ہیں ، پہاڑی رنگ کے پھول تنہا تنہا سے لگتے ہیں ، نیز پتے خوشبودار ہوتے ہیں ۔

sweet cherry, n. شیریں چَیری؛ یوریشیا میں پایا جانے والا درخت جس کا دل کی شکل کا پھل ہوتا ہے؛ چَیری؛ گلاس ۔

sweet clover, n. سینجی ۔

sweet corn, sugar corn, n. ایک اناج جو مکئی کی ایک قسم ہے ، اس کے دانے نیم شفاف اور میٹھے ہوتے ہیں ؛دودھیا مکئی ۔

sweeten, v.t. میٹھا کرنا؛ ذہن یا حواس کے لیے گوارا بنانا ؛ عمدہ خصوصیات کو اجاگر کرنا؛ رسیلا اور زرخیز بنانا؛ نرم یا خوش خو بنانا؛ شیریں اور خوش ذائقه بنانا ؛ مصفیٰ کر دینا؛ بے آلود کرنا ۔ (فعل لازم) میٹھا ہونا ۔

sweetener, sweetening, n. مٹھاس؛ میٹھی چیز؛ میٹھا کرنے والا ۔

sweetfern, n شمالی امریکا کا خوشبودار پتوں والا فرن یا سرخس ۔

sweet flag, n. دلدلی جگہوں میں ہونے والا ایک پودا ، اس کا جڑوالا حصه دواؤں ، مٹھائیوں اور خوشبوؤں میں استعمال کیا جاتا ہے ۔

sweetheart, n. دِلرُبا؛ محبوب؛ عاشق؛ پیارا؛ جانی؛ پیار کا کلمه ۔

sweetie, n. محبوب ۔ (بول چال) میری جان ؛ جان من ؛ sweetheart کا اسم تصغیر۔ (برطانوی) مٹھائی؛ قندی یا کیک ۔

sweeting, n. سیب شیریں (سیب کی ایک قسم) ۔

sweetish, قدرے شیریں ۔

sweetishly, adv. قدرے مٹھاس لیے ہوئے ؛ نیم شیریں انداز میں ۔

sweet marjoram, n. مرزنگوش؛ ریحان؛ نازبو ۔

sweetmeat, n. کوئی میٹھی چیز جو شکر یا شہد سے تیار کی جائے ؛ مٹھائی ؛ قندی ؛ بیکری کی کوئی میٹھی شے ؛ میٹھی گولیاں،ٹکیاں وغیرہ یا وہ پھل اور گریاں جن پر شکر چڑھی ہو ۔

sweet oil, n. میٹھا تیل (کڑوے تیل کے برعکس) ؛ کھانے پکانے میں برتا جانے والا کوئی تیل (جس کا ذائقه تلخ نہ ہو) ؛ روغن زیتون ، روغن تل وغیرہ ۔

sweet pea, n. زیبایشی مٹر؛ باغ کی ایک موسمی بیل جو اپنے خوبصورت خوشبودار اور کئی رنگے پھولوں کے باعث بہت مقبول ہے ۔

sweet pepper, n. سُرخ مرچ ۔

sweet potato, n. شکرقند یا شکر قندی؛ منطقۂ حارّہ کا ایک پودا جو اپنی گومڑی دار جڑوں کی وجہ سے کاشت کیا جاتا ہے ، یہ جڑیں بطور ترکاری کھائی جاتی ہیں ۔ (بول چال) ایک قسم کا بیضوی باجا ۔

sweet shop, n. مٹھائی یا حلوائی کی دکان ؛ مٹھائی گھر ؛ شیریں کدہ ۔

sweetsop, sugar apple, n. ایک گودے دار میٹھا پھل جس کا چھلکا پرت دار ہوتا ہے، یہ سیب کی قسم کے ایک درخت یا جھاڑی پر لگتا ہے ، ہے ، امریکا کے گرم حصوں میں اُگتا ہے ؛ اس پھل کا درخت یا جھاڑی۔

sweet sorghum, n. دیکھیے: Sorgo ۔

sweet talk v.i,v.t. (بول چال) خوش آمد کرنا ؛ بہلاوے پھسلاوے والے الفاظ استعمال کرنا ؛ پُھسلانا ، بہلانا۔

sweet tooth, n. میٹھے کا رسیا ؛ میٹھے سے زبردست لگاؤ۔

sweet william, n. قدیم باغوں کا ایک پودا جس پر پھول گچھوں کی صورت میں لگتے ہیں ، چھوٹے چھوٹے اور کئی رنگوں کے ہوتے ہیں ، قرنفل شاعر ۔

swell, v.i. پُھول جانا ؛ سوج جانا ؛ وُسعت یا حجم میں پھیل جانا ؛ لہروں کی طرح متلاطم ہونا ؛ باہر کو ابھر آنا ؛ بادبانوں کا باہر کو نکل آنا ؛ کسی احساس کے زیراثر پھولے نہ سمانا ؛ بڑا بڑا لگنا ؛ ذہنی طور پر اپنے آپ کو خود بڑا لگنا ؛ مقدار میں بڑھ جانا ؛ شِدّت یا پہنائی میں بڑھ جانا (آواز کا) ۔ (فعل متعدی) حجم بڑھا دینا ؛ پھلا دینا ؛ شدت میں اضافه کر دینا ؛ بلند تر کر دینا ؛ خوب پھونک دینا ۔ (اسم) پُھلاؤ ؛ سوجن ؛ نفخ ؛ ورم ؛ تدریجی اضافه ؛ زمین کا ارتفاع ؛ غیر متموج ؛ ایک ہی سمت میں نہ ٹوٹنے والی طویل لہروں کا سلسله جیسے سیلاب کے بعد ؛ تھپیڑا ۔ (موسیقی) الاپ ؛سُر یا راگ کا تدریجی اتار چڑھاؤ ، آروہی امروہی ؛ ساز میں وہ اٹکل جس کے ذریعے آواز میں مرضی کے مطابق زیر و بم پیدا کیا جا سکتا ہے ۔ (صفت) (بول چال) خوش گو ؛ عُمدہ ، بہت اعلیٰ ؛ لُطف انگیز ؛ تعجب خیز۔

swell box, n. الاپ خانه ؛ ارغنون میں سُروں کو اونچا نیچا کرنے کا صندوق یا خانه جس میں ایک نلکی میں متعدد نلکیاں لگی ہوتی ہیں یا ہارمونیم میں پٹیاں جن میں متحرک جھلملیوں کا تختہ یا ڈھکنا ہوتا ہے جس کو پیڈل یا کلیدی لیور سے کھول یا بند کر کے آواز کم و بیش کی جا سکتی ہے ۔

swelled head, n. (بول چال) مغرور ؛ سر پُرغرور ؛ خود پسند ـ
swelled-headed, a. متکبر ؛ مغرور ـ
swelled-headedness, n. نخوت پسندی یا تکبُّر ـ
swellfish, n. فقهہ ماہی ؛ اپنے پیٹ کو پھلانے والی ایک قسم کی مچھلی ـ دیکھیے : globefish ـ
swell head, n. (بول چال) متکبّر اور مغرور شخص ـ
swellheaded, a. متکبّر ؛ گھمنڈی ـ
swellheadedness, n. گھمنڈ ؛ غرور ـ
swelling, n. سُوج ؛ سُوجن ؛ آماس ؛ پھولا ہونے کی حالت ؛ اُبھار ـ (امراضیات) نفخ ؛ ورم ؛ رسولی ؛ کوئی غیر معمولی ورم یا گومڑ ـ (صفت) جیسے گومڑ نکلے ہوئے ہوں ؛ متـورم ؛ پھـولا ہوا ؛ لفّاظ ؛ پُر نخوت ؛ گھمنڈی ؛ ذی شکوہ ـ
swelter, v.i. گرمی سے نڈھال اور بے ہوش ہو جانا ـ (فعل متعدی) گرمی سے بے حال کر دینا ـ (اسم) گرمی کی شِدّت ـ
sweltering, a. تپش دار ـ
swelteringly, adv. گرمی سے نڈھال ہوتے ہوئے ـ
swept, a. عقب آمادہ ؛ پیچھے کی جانب جھکا ہوا (کسی جٹ طیّارے کا بازو) ـ
sweptback, a. (جہاز کے) پروں یا موٹر کے گارڈوں کی طرح مائل بہ عقب ـ
swerve, v.i. مقررہ راہ سے ادھر ادھر ہو جانا (جیسے تیز رفتار کار) ؛ کسی اصول یا فرض سے منحرف ہو جانا ؛ اغماض برتنا ؛ ایک طرف مُڑ جانا ؛ جُھک جانا ؛ ڈگمگا جانا ـ (فعل متعدی) جھکا دینا ؛ منحرف کرانا وغیرہ ـ (اسم) انحراف ؛ اغماض ؛ جھکاؤ ؛ ایسا کام کرنے، کرانے والا ـ
swift, a. تیز رفتار ؛ تیز رو ؛ پھرتیلا ؛ مستعد ؛ فوراً یا بلا تاخیر آ جانے والا ؛ مختصر عرصہ تک رہنے والا ؛ زُود گزر ـ
swiftly, adv. تیزی سے ؛ سُرعت سے ـ
swiftness, n. تیزی ؛ سرعت ؛ پھُرتی ـ
swift, n. کوہی ابابیل ؛ غُوار ؛ سہامہ ؛ چڑیا کے خاندان کا ایک تیز رفتار چہکتا پرندہ جو عموماً چمنیوں میں گھونسلہ بناتا ہے اور اسی لیے اسے چمنیا کہا جاتا ہے ؛ مغربی ریاست ہائے متحدہ کی چھوٹی چھوٹی چھپکلیوں میں سے کوئی ایک ؛ اٹیرن ؛ روئی اور پٹ سن کو دُھنکنے والی مشین کا حصہ ـ
swig, n. (بول چال) شراب وغیرہ ایک بڑا گھونٹ ـ (فعل لازم و متعدی) تیزی سے گھونٹ بھرنا ؛ غٹاغٹ؛بے صبری سے بڑے بڑے گھونٹ بھر کر پی جانا ـ
swigger, n. بڑے بڑے گھونٹ پینے والا ؛ جلدی پینے والا ـ
swill, n. کھنگال ؛ آب آمیز خوراک یا تریرا ؛ مویشیوں کے لیے بالخصوص کھانے پینے کی بچی کھچی چیزوں کا ملغوبہ ؛ چھان بُورا ؛ بھوسی چوکر ؛ کوئی آب آمیختہ سا مواد ؛ شراب کا بڑا گھونٹ ؛ بہت پیے ہونے کی حالت ـ (فعل لازم) بہت زیادہ اور ندیدوں کی طرح پی جانا ـ (فعل متعدی) بے صبروں کی طرح پینا ؛ حد سے زیادہ پی جانا ؛ جانوروں کو چھان بورا کھلانا ـ (بالخصوص برطانوی بول چال) پانی کے زور سے صاف کرنا یا دھونا ـ

swiller, n. ندیدہ ؛ بے صبرا ـ
swim, v.i. تیرنا ؛ پانی میں ہاتھوں پاؤں یا مہیپروں کی حرکت سے حرکت کرنا ؛ پانی یا کسی اور سیال پر متحرک ہونا ؛ ڈولنا ؛ ہوا میں معلق یا متحرک ہونا ، جیسے پیرا شُوٹ ؛ ایک سی رفتارکے ساتھ بہتے چلے جانا (رواں ہونا) ؛ سیلاب زدہ ہو جانا یا پانی میں شرابور ہو جانا ؛ کناروں سے بہہ نکلنا ـ (مجازاً) خیرگی یا گراں سَری کے عالَم میں ہونا ؛ تیرتا ہوا یا چکراتا ہوا محسوس ہونا ـ (فعل متعدی) تیر کر پار جانا ؛ تیرنے کا کوئی ایک انداز اختیار کرنا ؛ تیرانا ؛ پیرانا ـ (اسم) تیرنے کا عمل ؛ پیراکی ؛ تیرنے کا عرصہ یا اس کی وسعت ؛ تیرتی ہوئی سی یکساں رفتار ـ (مجازاً) گراں سَری ؛ خیرہ‌حواسی ؛ اضطراب ـ
in the swim, (بول چال) معاشرے کی عام یا بڑی رَو میں یا سرگرمیوں وغیرہ‌میں شامل ـ
swimmable, a. تیرتا ہوا ؛ تیرنے کے لائق ـ
swimmer, n. پیراک ؛ تیراک ؛ شناور ـ
swim bladder, n. مچھلی کا پُھکنا ؛ غبارہ ؛ ہوا پھکنا ـ
swim fin, n. عوامہ ؛ پیراکہ ؛ ربڑ کے بنے ہوئے ہاتھوں یا پاؤں پر پہنے جانے والے عوامـوں کے جوڑے میں سے کوئی ایک ـ دیکھیے : fin, flipper ـ
swimmeret, swimmerette, n. (حیوانیات) شناپا ؛ موٹی کھال والے آبی جانوروں کے ان شکمی اضافوں میں سے کوئی ایک جن کے سہارے وہ تیرتے ہیں اور بوقت ضرورت انـڈے بھی اٹھائے پھرتے ہیں ؛ زائدہ پیراکے ـ نیز : pleopod ـ
swimming, n. تیراکی ؛ شناوری ؛ پیراکی ؛ پانی میں ٹھہرنے ، تیرنے یا آگے بڑھنے کا عمل یا فن ، بالخصوص کھیل میں ـ (مجازاً) گراں سَری ـ (صفت) تیرنے کا عادی یا تیر سکنے کے قابل ؛ جھلی دار یا پنکھ دار پاؤں والے (پرندے) ؛ تیرنے کے لیے یا اس میں کام آنے والا ؛ ڈوبی ہُوئی یا تربتر (جیسے آنسو بھری آنکھیں) ؛ پیراکا ـ (مجازاً) گراں سَری کا شکار ـ
swimmingly, adv. بلا مشکل یا رُکاوٹ ؛ آسانی کے ساتھ ؛ بڑی کامیابی کے ساتھ ؛ فارغ البالی کے ساتھ ـ
swimming hole, n. گہرا تالاب ، کھاڑی ، چشمہ وغیرہ جس میں تیرنا ممکن ہو ـ
swimming pool, n. حوضِ پیراکی ، تیرتال ؛ سوئمنگ پول ـ
swimming suit, bathing suit, n لباس تیراکی ـ
swindle, v.t. فریب دینا یا ٹھگ لینا ؛ دھوکا دینا ؛ چکمہ دینا ـ (فعل لازم) کسی کی املاک پر ہاتھ صاف کرنے کے لیے فریب کاری سے کام لینا ـ (اسم) فریب کاری کا کوئی منصوبہ ؛ ٹھگی ؛ لوگوں سے مال بٹورنے کے لیے کوئی اختراع یا چال ؛ دھوکا ؛ فریب ؛ چال ؛ جُل ـ
swindler, n. فریبی ؛ چال باز ؛ ٹھگ ـ
swine, n. سور ؛ خنزیر ؛ خوک ؛ کوئی بلا نوش میمل جانور جس کا بدن مضبوط اور تھوتھنی لمبی ہو ـ (مجازاً) اکھڑ ، حریص یا گنوار آدمی ؛ خُود غرض ؛ لالچی شخص ـ
swineherd, n. سورپال ؛ سوروں کا رکھوالا ـ
swing, v.t. جُھلانا ؛ فضا میں معلق کسی شے کو ایک جانب سے دوسری جانب چلانا ؛ کسی ایک جگہ کے گرد کسی

شے کو باری باری گھمانا (جیسے قبضوں پر دروازوں کے پٹ) ؛ مُکے یا کسی اور پکڑی ہوئی شے کو تیزی سے ادھر اُدھر چلانا یا گھمانا ؛ لہرانا (تلوار وغیرہ کا) ؛ کسی چیز کے ذریعے کسی چیز کو ایک جگہ سے اٹھا کر کسی اور جانب پھینکنا یا پہنچانا (جیسے: to swing a girder with a crane) ؛ کسی موڑ کے گرد گھمانا ، جیسے کسی مرکزی نقطے کے گرد قوس یا دائرے کی شکل میں (جیسے: to swing one's car around) ؛ فضا میں کُھلے بندوں ادھر اُدھر جانے یا جا سکنے کے لیے کسی شے کو لٹکانا ، جیسے جُھولن کٹھولا ۔ (بول چال) مرضی کے مطابق اثر انداز ہونا یا جھکاؤ پیدا کرنا (جیسے: to swing a district in an election) ؛ کامیابی حاصل کرنا کسی سودے وغیرہ میں (جیسے: to swing a business deal) ۔ (فعل لازم) گھڑی کے لٹکن کی طرح ایک طرف سے دُوسری طرف باری باری حرکت کرنا ؛ آزادانہ لٹکے ہُوئے ہونا ۔ (بول چال) معاصر اور ترقی پسند اخلاقی اور معاشرتی چلن کے اصولوں کو قبول کرنا اور ان کی پیروی کرنا ؛ نشاط دوست ہونا ؛ پھانسی پر لٹک کر مرنا ؛ جھولا جھولنا ؛ کسی ایک جگہ یا مقام سے متبادل سمتوں میں حرکت کرنا ، جیسے دروازے کا اس کے قبضوں پر ؛ کسی موڑ پر گُھومنا ، جیسے مرکزی مقام پر یا کسی کونے کے اردگرد ؛ ایک حالت سے دوسری حالت یا ایک رائے سے دُوسری رائے پر بدلتے رہنا ؛ مارچ کرتے سپاہیوں کی طرح پوری آزادی سے لپکتے ہوئے چلنا ؛ کسی ایک سہارے کو پکڑ کر یا ایک کے بعد دوسرے سہارے کو پکڑتے ہوئے آگے بڑھنا یا اپنے آپ کو آگے دھکیلنا ؛ ہاتھ کی ایک جنبش سے ضرب رسید کرنا ۔ (اسم) جھولنے کا عمل یا انداز ؛ باری باری سے ادھر ادھر آتے جاتے رہنے کی حرکت مسلسل ؛ کسی خاص سمت کو حرکت (کسی لٹکی ہوئی چیز کی) ؛ ایسی حرکت کی مقدار ؛ خم کھاتی حرکت یا راستہ ؛ ایک حال سے دوسرے حال اور ایک رائے سے دوسری رائے کی جانب اقدام ؛ کسی متغیّر صورتِ حال میں (مثلاً کاروبار میں) اتار چڑھاؤ ؛ تیزی سے چلتے وقت بدن یا اِس کے کسی حصے کی آگے پیچھے کو حرکت ؛ کسی شعر یا نغمے کا اتارچڑھاؤ یا اس کی روانی ؛ رقاصی؛ہُر آہنگ موسیقی (جس کے ساتھ ''جاز'' چل رہا ہو اور بینڈ بج رہے ہوں) ؛ ایسی موسیقی کا مخصوص آہنگ ؛ آزادیٔ عمل (جیسے: to have free swing in determining policy) ؛ جُھولتی یا جُھولنے والی کوئی شے خصوصاً وہ جھولتی نشست جس میں بیٹھ کر جھولتے رہنے کا لُطف لیا جا سکتا ہے ۔ (صفت) جھولے سے متعلق ؛ پورے عروج پر (کوئی نغمہ) ۔

in full swing, پورے زور شور سے جاری (کام وغیرہ) ۔

swingable, a. جھولنے یا گھومنے والا ۔

swinging, a. بلتا ہوا ؛ مُعلق ۔

swinger, n. رقّاص ۔

swinge, v.t. (قدیم) زور زور سے مارنا ؛ کوڑے مارنا ؛ سزا دینا ۔

swinger, n. زور سے مارنے والا ۔

swingeing, a. (بالخصوص برطانوی ، عوامی) بہت زور دار ؛ زناٹے دار ؛ زبردست (جیسے: a swingeing blow) ۔

swingeingly, adv. بڑے زور دار طریقے سے ۔

swinger, n. (عوامی) وُہ شخص جس کے کئی افراد سے جنسی تعلقات ہوں ؛ ہرجائی ؛ وُہ شخص جو جدید فیشن اور متعلقہ سرگرمیوں کا شائق ہو۔

swingletree, whiffletree, whippletree, n. جوا، پنجالی ؛ جُوت ؛ ایک لکڑی جو ٹانگے ، چھکڑے ، ہل وغیرہ میں عرضاً ہوتی ہے اور اس کے دونوں جانب ہُک لگے ہوتے ہیں جن سے راسیں باندھی جاتی ہیں ۔

swing shift, n. چار بجے دوپہر سے آدھی رات تک کام کرنے والی نفری ؛ دن اور رات کے درمیان کی باری ۔

swing-wing, n. جُھولا پر طیّارہ،جس میں باز گرداں پنکھوں کو رفتار کے مطابق کیا جاسکتا ہے ۔

swinish, a. سوروں جیسا ؛ خنزیری ؛ شہوانی ؛ وحشیانہ حد تک بے شرم ؛ وحشی ۔

swinishly, adv. بے غیرتی ؛ بے حیائی سے ۔

swinishness, n. بے غیرتی ؛ شہوانیت ۔

swipe, v.t., v.i. چلتی ہوئی ضرب لگانا ؛ زور کے ساتھ مارنا ؛ چھچھلتی ہوئی یا چُھوکر گزر جانے والی چوٹ یا ٹکر لگنا (کار وغیرہ کے کسی تصادم میں) ۔ (عوامی) چرا لینا ۔ (اسم) زبردست ، اُڑالے جانا والی یا اچٹتی سی ضرب ؛ اصطبل کا سائیس ۔

swipes, n. (برطانوی،بول چال) گھٹیا آب آمیز بیئر ؛ خراب شدہ بیئر ؛ شعیری ؛ ہلکی بیئر۔

swirl, v.i. بھنور پڑنا ؛ گردابی چکر میں آنا ؛ سر چکرانا ؛ سرکا گھومتا ہوا محسوس ہونا ۔ (فعل متعدی) بَل ڈالنا ؛ خم پیدا کرنا ۔ (اسم) بھنور ؛ گرداب ؛ چکّی ؛ گردش ؛ بل یا خم (لکڑی کی رَگ میں) ۔

swirlingly, adv. چکراتے ہوئے ۔

swirly, a. چکر دار ۔

swish, v.i. سرسراتی یا سنسناتی آواز نکالنا (جیسے نازک شاخ یا گولی یا پتلی چھڑی ہوا کوچیرتے ،گزرتے ہوئے پیدا کرتی ہے یا چھوٹی چھوٹی لہروں کا ساحل سے سرگوشیاں کرنا یا پانی کو چھوتے ہوئے کوئی شے گزر جانا) ؛ ریشم کی طرح سرسرانا ؛ شُوں کرنا ۔ (فعل متعدی) سنسانا ؛ سرسراہٹ کے ساتھ گزرنا یا چلنا ؛ ایسی رفتار یا آواز کے ساتھ لانا یا لینا (جیسے: to swish off the tops of the plants with a cane) ؛ کوڑے مارنا ؛ تازیانہ لگانا ۔ (اسم) سنسناتی ہوئی آواز یا حرکت ؛ تازیانہ ؛ کوڑا یا اس سے دی گئی سزا ۔ (صفت) سرسراتی ، سنسناتی آواز نکالتا ہوا ۔

swisher, n. لڑاکا ؛ ضرب لگانے والا ۔

swishingly, adv. سنسناتے ہوئے ۔

swishy, a. سنسناتی آواز والا ۔

Swiss, n. سوئٹیزر لینڈ کا رہنے والا ؛ وہاں کا بنا ہوا کپڑا جو ہلکا صاف اور کرڑا ہوتا ہے ؛ سوستانی ۔

Swiss cheese, ہلکے پیلے یا سفید رنگ کا جما ہوا پنیر جس میں بے شمار سوراخ ہوتے ہیں جو عموماً گائے کے دُودھ کا بنایا جاتا ہے ۔

swiss guard, پوپ کے محافظوں میں سے ایک ، (یہ سب سوئٹیزر لینڈ کے ہوتے ہیں) ۔

Swiss steak, n. گوشت کا دبیز گول قتلہ ،کوٹ کر آٹے میں لتھیڑا ہوا اور ٹماٹر پیاز اور مسالوں میں دم دیا ہوا ۔

switch, n. سوئچ ؛ کوئی نرم لچکیلی ٹہنی یا چھڑی

خاص طور سے جو مارنے کے کام آئے ؛ بید یا اس کی ایک ضرب ؛ ایک تیز لچک دار حرکت (جیسے : a switch of the tail) ؛ اچانک پیدا ہو جانے والی تبدیلی (جیسے: switch of opinion) ۔ (برق) برقی رو کو بند کرنے یا دوڑانے والا بٹن (سوئچ) ، کھٹکا یا کلید ۔ (ریلوے) قینچی پل ؛ ریل گاڑی کو ایک پٹڑی سے دوسری پٹڑی پر ڈالنے کا طریقہ ؛ کانٹا؛ بالوں کی لمبی لمبی لٹوں پر مشتمل ایک مصنوعی چوٹی ؛ دُم گُچھا (حیوانوں میں جیسے گائے یا شیر کا) ۔ (فعل متعدی) بید سے پٹائی کرنا ؛ تازیانہ لگانا ؛ ووٹ ، حمایت یا گفتگو کا رُخ بدل لینا ۔ (برق) سوئچ سے بجلی کو کسی جگہ جلانا،بند کرنا یا نئے سرکٹ میں ڈالنا ۔ (ریلوے) ریل گاڑی کی پٹڑی بدلنا یا دوسری پٹڑی پر ڈالنا یا کانٹا بدلنا ۔ (فعل لازم) دامن یا دُم ہلانا یا ادھر اُدھر مارنا ؛ رخ بدل لینا ؛ نئی راہ پر پڑنا ۔

switcher, n. قینچی گیر ، ریل کی پٹڑی بدلنے والا ؛ کانٹے والا ؛ گُچھے دار دُم والا ۔

switchback, n. بہت سے متبادل موڑوں والی ڈھلواں سڑک ، جیسا کہ پہاڑی علاقوں میں ہوتی ہے ؛ ریلوں کا پیچ دار راستہ (تیز ڈھال پہاڑیوں پر چڑھنے کے لیے) ۔ دیکھیے: roller coaster ۔

switchblade knife, n. کمانی دار جیبی چاقو ؛ بٹن دبانے سے کُھلنے،بند ہونے والا چاقو۔

switchboard, n. سوئچ بورڈ ؛ کلید تختہ ؛ وہ بورڈ جس پر بجلی کے مختلف رابطوں کے بند یا چالو کرنے کے بٹن لگے ہوتے ہیں ، جیسے کسی عمارت میں مختلف روشنیوں کے لیے یا مبادلہ گاہ ٹیلیفون میں مختلف ٹیلیفونوں کے لیے ۔

switch cane, n. ریاست ہائے متحدہ امریکا کے جنوبی علاقے کی ایک معمولی قسم کی گھاس ۔

switcheroo, n. (عوامی) متبادل (کسی ناول ،خیال، چیز، رویے یا عمل کا بلحاظ نُدرت یا تازگی) ۔

switch hitter, n. (بیس بال) پلیٹ کی دونوں جانب سے ضرب لگانے والا کھلاڑی ۔ دیکھیے : plate ۔ (عوامی) ایک سے زیادہ طریقوں سے کسی کام کو بخوبی کرسکنے والا ۔

switchman, n. کانٹے والا؛ ریل پٹڑیوں کے کانٹے بدلنے والا۔

switchyard, n. ریل گاڑیوں کو جوڑنے یا الگ کرنے کے لیے کانٹا بدلنے والا رقبہ ۔

swith, swithe, adv. (بولی) جلدی سے ؛ فی الفور؛ جھٹ پٹ ۔

swivel, n. چُول چھلاّ ؛ گُھمانی ؛ پھرکی ؛ ایک اٹکل یا آلہ جس کے ذریعے دو چیزوں کو یوں ایک دوسرے سے وابستہ کیا جاتا ہے کہ ایک دوسرے کو گھمائے بغیر دونوں گھوم جانے میں آزاد ہوں ؛ وہ گُھمانی جس کے ذریعے توپ کو افقی سمت میں ہر طرف گھمایا جا سکتا ہے ؛ ایسے سہارے پر چڑھائی ہوئی توپ ؛ گھمانی توپ ۔ نیز : swivel gun ۔ (فعل متعدی) چُول چھلّے پر گُھمانا ؛ یوں گھومنا جیسے چُول چھلا لگا ہوا ہو ؛ اس طرح کسی ایک کو دوسرے کے ساتھ وابستہ کرنا یا ایسی اٹکل مہیا کرنا ۔ (فعل لازم) کسی اٹکل پر گھومنا ۔

swivel chair, n. گھمانی کرسی ؛ چُول چھلّے پر اُفقاً گھوم جانے والی کرسی کی نشست ۔

swivet, n. (بولی) جذباتی برانگیختگی کا عالَم ؛ جلدي ؛ عُجلت ؛ ہیجان (پہلے عموماً in a لگاتے ہیں) ۔

swizzle, n. کوئی نشہ آور مشروب جس میں شراب بالخصوص رَم ڈالی گئی ہو بشمول لیموں رس ، چینی اور برف ۔ (فعل لازم) بہت پی جانا ؛ خوب-چڑھا جانا ۔ (فعل متعدی) کئی مشروبی اجزا کو باہم خُوب ہلانا یا ملانا (ڈنڈی کے ساتھ یا اُس جیسی کسی چیز کے ساتھ) ۔

swizzler, n. کئی شرابوں کا آمیزہ ؛ ایسا آمیزہ تیار کرنے والا ۔

swizzle stick, n. پلاسٹک یا شیشے کی بنی ہوئی ایک ڈنڈی جو مشروب آمیزی کے کام آتی ہے ؛ ہلانی ۔

swob, n. دیکھیے : Swab ۔

swoon, v.i. غش کھا جانا ؛ بے ہوشی کا دورہ پڑ جانا ؛ عالَمِ وارفتگی میں چلے جانا ؛ وفورِ لذت سے بے خود ہو جانا ؛ بے ہوش ہونا ؛ وارفتہ ہونا ۔ (اسم) از خود رفتگی ؛ غشی؛وارفتگی ؛ بے خودی ۔

swooner, n. غش آور۔

swooningly, adv. بیہوشی سے ؛ انتہائی خوشی سے ۔

swoop, v.i. بلندی سے شکار پر ٹوٹنا ؛ اچانک آ دبوچنا (فعل متعدی) ایک جھپٹ میں لے جانا (بعد میں off, up یا away لگاتے ہیں) ۔ (اسم) خطف ؛ جھپٹ ؛ دبوچ ؛ جھپٹ پڑنے اور شکاری پرندے کی طرح ایک دَم لے اڑنے کا عمل ۔

swooper, n. جھپٹّا مار ؛ خطیف ۔

swoosh, v.i. پرندوں کے جُھنڈ کا یک دم پروں کے شور کے ساتھ اُڑنا یا اُترنا ؛ اُبلنے یا اُچھلنے کی آواز نکلنا جیسے تیل کے کنویں سے ۔ (فعل متعدی) اس طرح کی آواز کے ساتھ چلانا یا ایسی پُرخروش آواز پیدا کرنا ۔ (اسم) کوئی سی اچانک پُر خروش حرکت یا آواز۔

swop, v.t., v.i. دیکھیے : Swap ۔

sword, n. تلوار ؛ شمشیر ؛ تیغ ؛ سیف ؛ ایک ہتھیار ؛ حربی ، عسکری قُوّت ، تعزیر و انصاف ، اقتدار ، منصب یا اعزاز کی علامت ؛ تباہی و موت کا باعث ؛ جنگ ، حرب یا قتل و غارت گری ۔

at sword's point, بزور شمشیر ؛ بنوک شمشیر ؛ مرنے مارنے پر آمادہ ۔

put to the sword, لقمۂ تیغ بنانا ۔

swordlike, a. مثل تلوار ؛ شمشیر نما ؛ تیغ صفت ۔

sword cane, n. گُپتی ؛ وہ لاٹھی جس میں تلوار چھپی ہوئی ہو ۔

sword dance, n. رقصِ شمشیر ؛ تلوار ناچ ؛ اسکاٹ لینڈ کے کوہستانیوں میں مروج ناچوں میں سے کوئی ایک،جس میں یا تو تلواروں کو لہراتے ہیں یا تلواروں کو زمین پر رکھ کر رقص کرنے کے لیے قدم بری کرتے ہیں ۔

sword dancer, n. شمشیری رقص کرنے والا ۔

sword fern, n. نوکیلا سرخس ؛ تلوار نما پتوں والا کوئی سرخس ۔

swordfish, n. سیاف یا ابو سیف ؛ ایک قسم کی مچھلی

جس کا بالائی جبڑا تلوار کا سا لمبوترا ہوتا ہے ؛ کٹار مچھلی ؛ خار ماہی کوسج ۔

sword grass, n. بروا گھاس ؛ تیغ نما پتوں والی کوئی گھاس ۔

sword knot, n. فیتے ، چمڑے یا رسی کا ایک سجاوٹی پھندنا جو تلوار کے قبضے سے بندھا ہوتا ہے (اصلاً اس کا مقصد یہ تھا کہ تیغ آزمائی میں یہ تلوار کو کھسکنے نہ دے)۔

sword play, n. شمشیر بازی ؛ تیغ آزمائی یا اس میں کمال کا مظاہرہ (خصوصاً کسی باہمی مقابلے میں) ؛ تیغ بازی ۔

swordplayer, n. تیغ آزما ؛ شمشیر آزما ۔

swordsman, swordman, n. شمشیر زنی کا ماہر ؛ سیف بردار ، مرد تیغ یا تیغ باز ؛ تیغ زن ؛ شمشیر زن ۔

swordsmanship, n. شمشیر زنی ؛ سیف برداری ؛ تیغ بازی ۔

swordtail, n. کٹار دم مچھلی ؛ منطقہ حارہ کی ایک بہت پسند کی جانے والی اور کئی رنگوں میں پائی جانے والی گھروں کی مقبول مچھلی ، اس کے نر کی دم میں ایک تیغ نما بڑھوتری سی ہوتی ہے ۔

swot, v.i. (برطانوی،عوامی) پڑھائی میں بہت جان مارنا (بہت مطالعہ کرنا) ۔ (اسم) پڑھاکو ؛ بہت پڑھائی کرنے والا ؛ اسکول میں دل سے کی گئی پڑھائی ؛ محنت ؛ مشقت ؛ پیسنا ۔

swotter, n. محنتی ؛ پڑھاکو۔

swung dash, n. چھپائی میں پہلے ہجے کیے ہوئے لفظ یا اس کے حصے کی نشان دہی کرنے کے لیے بنایا ہوا نشان یعنی : ~ ۔

sycamine, n. سیاہ توت ؛ کالا توت ۔

sycamore, n. جمیز ؛ میپل کی ایک قسم ؛ ایک سایہ دار درخت جو یورپ اور ایشیا میں بہت عام ہے ، اس کے پھول زرد اور آرایشی ہوتے ہیں ؛ مصر اور جنوب مغربی ایشیا کا ایک درخت جس میں انجیر کی طرح کا خوردنی پھل لگتا ہے ؛ مصری توت ؛ انجیر توت ۔

syce, sice, saice, n. اردو ، ہندی] برصغیر پاک و ہند میں کوئی ملازم خانہ یا سائیس۔

sycee, n. چین کی خالص چاندنی جس کی مختلف وزن کی ڈلیاں (سلاخیں)بنی ہوتی ہیں اور نقدی کے طور پر استعمال کی جاتی ہیں ۔

syconium, n. (نباتیات) انجیر یا انجیر کی طرح کا ایک گودے والا پھل ، انجیر ہی کی طرح اس کے بے شمار بیج پھلیلے سے گودے میں ہوتے ہیں اور اس پر پھول بھی بے شمار لگتے ہیں ۔

sycophancy, n. مطلب پرستی ؛ کاسہ لیسی ؛ خوشامد ؛ خوشامدی شخص کی روش ۔

sycophant, n. کاسہ لیس ؛ خوشامدی ؛ دوں فطرت؛طفیلی ۔

sycophantic, sycophantical, sycophantish, a. خوشامدانہ ؛ چاپلوسی کا ۔

sycophantically, sycophantishly, adv. خوشامدانہ انداز سے ۔

sycosis, n. جرب الحلق ؛ سر اور ڈاڑھی کے بالوں کو ہدف بنانے والی ایک قسم کی خارش ۔

syenite, n. سرخ سنگ خارا ؛ ایک قسم کی دانہ دار آتشی چٹان جو زیادہ تر فلسپار پر مشتمل ہوتی ہے ، اس میں کچھ سبز ابرق اور سینگیا بھی ہوتا ہے ؛ سائنائٹ ۔

syenitic, a. سرخ سنگ خارا سے متعلق ۔

syllabary, syllabarium, n. فہرست ارکان تہجی ؛ ایسے ارکان کا مجموعہ ؛ کسی زبان کے ارکان کو ظاہر کرنے والی تحریری علامات کا مجموعہ ۔

syllabic, a. ہجائی ؛ رکن یا ارکان سے متعلق ؛ رکنی ؛ ارکانی ؛ تلفظ رکن یا ارکان سے شناخت ہونے والا ؛ شاعری کا وہ اسلوب جس میں تعداد ارکان کو آہنگ یا تاکید پر فوقیت دی جاتی ہے ، جیسے ہائیکو ۔ (اسم) رکن کی آواز ؛ آواز ہجا ۔

syllabically, adv. رکن تہجی کے مطابق ؛ حسب ہجا ۔

syllabicate, v.t. رکن سازی کرنا ؛ ارکان بنانا ؛ ہجا میں تقسیم کرنا ۔

syllabication, n. تقسیم ارکان ؛ ہجا بندی ۔

syllable, n. ہجا ؛ صدا یا صداؤں کا وہ مجموعہ جو بیک وقت ادا ہوتا ہو یا جس کے لیے ایک ہی آواز نکالنا پڑتی ہو اور کسی لفظ یا جز و لفظ پر مشتمل ہو ؛ زبان یا خیال کا مختصر ترین صوتی پیکر ؛ حرف ؛ رکن تہجی ۔ (مجازاً) خفیف سا مشاہدہ ، اشارہ یا حصہ ۔ (فعل متعدی) واضح طور سے اظہار کرنا ؛ حرف حرف یا لفظ لفظ الگ بولنا (ادا کرنا) ؛ رکنوں میں تلفظ کرنا ۔ (فعل لازم)لفظ کا ایک ایک رکن الگ الگ ادا ہونا ۔

syllabub, n. دیکھیے :sillabub ۔

syllabus, n. خاکۂ نصاب ؛ سلیبس ؛ اظہار خیال ؛ قانونی کارروائی ؛ درجہ تدریس کے نصاب کا خلاصہ یا اہم نکات کا خاکہ ۔ (رومی کیتھولک کلیسا) کلیسائی ہیئت کے فیصلہ کردہ نکات کا خلاصہ ، ۱۸۶۴ میں پوپ کی جانب سے جاری کیا گیا اعلان نامہ جس میں متعدد عقائد ، اداروں اور اعمال پر خط تنسیخ کھینچا گیا تھا ، اسے اس لیے اعلانِ اغلاط بھی کہا جاتا ہے (Syllabus of Errors) ۔

syllepsis, n. (گرامر) مطابقہ معنوی ، رکن بدیع ، استخدام،فقرے میں ایک لفظ کا دو کی جگہ کسی موزونیت کے بغیر استعمال (جیسے : neither he nor we are willing میں are ضمیر اول کے ساتھ موزوں نہیں ہے) ؛ ایک لفظ کا دو حوالوں میں استعمال یا ایک لفظ سے ایک سے زیادہ معنی کا اظہار (جیسے : He fought with desperation and a stout club میں لفظ fought قابل غور ہے) ۔

sylleptic, a. استخدامی ۔

syllogism, n. (منطق) قیاس ؛ ایک طرز استدلال (قیاس منطقی) ، اس میں تین قضایا ہوتے ہیں جن میں سے پہلے دو مقدمات کہلاتے ہیں (کبریٰ اور صغریٰ) ، تیسرے کو نتیجہ کہتے ہیں جو پہلے دو کا ناگزیر حاصل ہوتا ہے (جیسے(۱) درخت چل پھر نہیں سکتا ۔ (۲) پیپل ایک درخت ہے ۔ (۳) لہذا پیپل چل پھر نہیں سکتا) ۔

syllogist, n. قیاس پسند ۔

syllogistic, syllogistical, a. قیاسی ۔

syllogize, v.t., v.i. قیاس اندازی کرنا ؛ قیاس سے کام لینا ۔

syllogizer, n. قیاس انداز ۔

sylph, n. سلف ؛ ہواپری ؛ پیراقلوس کے مطابق ہوا کی دیوی یا روح ؛ نازک اندام یا باوقار عورت ۔

sylphlike, a. پری کی طرح ؛ ہوا کی دیوی کی طرح ۔

sylphid, sylphidine, n. ہوا کی چھوٹی اور ننھی دیوی ؛ نازک اندام لڑکی ۔

sylva, n. دیکھیے : Silva ۔

sylvan, silvan, a. صحرائی ؛ جنگل باش ؛ جنگل سے متعلق ؛ جنگلوں یا درختوں سے بھرا ہوا یا ان پر مشتمل ۔ (اسم) جنگلی علاقے میں رہنے والا شخص ؛ جنگلوں کی افسانوی دیوی یا روح ۔

sylvanite, n. تلوریمی ؛ سونے اور چاندی کے اجزا والا معدن ، یہ اکثر قلمی صورت میں پایا جاتا ہے اور اس ترتیب سے کہ اس پر کسی تحریر کا گمان ہوتا ہے ۔

sylvatic, a. جنگلاتی ؛ جنگلی ؛ جنگلوں ، درختوں میں پایا جانے والا یا اس کا حوالہ لیے ہوئے ؛ جنگلی جانوروں پر اثر انداز ہونے والا یا ان کے ذریعے لے جایا جانے والا ۔

sylviculture, n. دیکھیے : silvyculture ۔

sylvite, sylvin, sylvine, n. پوٹاشیم کلورائیڈ ، یہ قلمی مرکب ہے اور پوٹاشیم کا بنیادی ماخذ ، مکعب یا ہشت پہلو صورت میں قلم پذیر ہوتا ہے ۔

symbiont, symbion, symbiot, symbiote, n. (حیاتیات) ہم زیست ۔

symbionic, symbionitic, a. ہمہ زیستی کے متعلق یا اس کا ۔

symbiosis, n. (حیاتیات) ہم زیستی ؛ دو نامیوں کا ایک دوسرے کے لیے مفید بن کر باہم زندہ رہنے کی صورت

symbiotic, a. ہم زیستانہ ۔

symbiotically, adv. ہم زیستانہ طور پر ۔

symbol, n. رمز ؛ نشان ؛ علامت ؛ اشارہ ؛ کسی مجرد کی مظہر کوئی مقید یا مقرون صورت ؛ کسی قید حواس میں نہ آ سکنے والی شے یا سوچ کے لیے وضع کی گئی محسوس علامت ؛ کوئی حرف یا نشان جسے رواجاً یا باہمی استعمال سے کسی اور کا نمائندہ مان لیا گیا ہو ، جیسے کسی کیمیائی عنصر کا نام ؛ کوئی نقش جس میں باہم متعلق مفاہیم کا جال سا بنا ہوا ہو یا جس سے جذبات کے کتنے ہی باہم متعلق تار جاگ اٹھتے ہوں ۔ (نفسیات) وہ نقش جو تحت الشعوری مرکب مفاہیم کی زبان بنتا ہے ، جیسے کوئی نقش خواب ۔ (تحلیل نفسی) کوئی عمل یا اثر جو کسی دبائی گئی آرزو کی تسکین یا کسی لاشعوری نزاع کی تحلیل کی جگہ لیتا ہے ۔ (بشریات ، عمرانیات) ثقافتی لحاظ سے اہم آوازیں ، اشیا یا ڈرامے جو انفرادی یا اجتماعی ایجاب کو پیدا کرتے ہیں ، خارجی وجود دیتے ہیں یا ان کی عقلی توجیہہ کرتے ہیں ۔ (فعل متعدی) اشاریت کا رنگ پیدا کرنا ۔

symbolic, symbolical, a. علامتی ؛ رمزی ؛ علاماتی ؛ اشاراتی ؛ نمائندہ ؛ مظہر ۔ (گرامر) کبھی اس سے الفاظ کا وہ گروہ مراد لیا جاتا تھا جو کسی تعلق کو ظاہر کرتا تھا جیسے ضمائر یا حروف جار ۔

symbolically, adv. رمزیہ ؛ علامتی انداز میں ؛ رمز کے طور پر ، اشاراتی طرز پر ۔

symbolic logic, n. علامتی منطق ؛ استدلال صوری کا جدید اسلوب جس میں رموز سے منطقی اجزا اور ان کے باہمی تعلقات کو پیش کرنے کا کام لیا جاتا ہے اور ان رموز کو بے کم و کاست ضوابط کے تحت استعمال کیا جاتا ہے ؛ رمزی منطق ۔ نیز : Mathematical logic ۔

symbolism, n. علامتیت ؛ رمزیت ؛ اشاریت ؛ کنائیت ؛ اشیا کو اشاراتی (رمزی) انداز میں پیش کرنے کا یا ان کو اشاراتی (رمزی) مفہوم پہنانے کا رواج ؛ رموز کا نظام یا طرز ؛ رمزی مفہوم یا کردار ؛ فنون لطیفہ یا ادبیات میں رموزیوں یا اشارات پرستوں کے اصول یا چلن ۔ (عموماً بڑے S سے) فرانسیسی اور بلجمی ادب اور آرٹ کی ایک تحریک جو انیسویں صدی کے اواخر میں ابھری تھی ۔

symbolist, n. علامت پسند ؛ رمزیت پرست ، رموزی ؛ اشارت پرست ؛ رموز و علامات کی توجیہوں ، تعبیروں میں ماہر ؛ ادب اور آرٹ میں وہ شخص جو خیالات یا جذبات ابھارنے ، پیدا کرنے کے لیے مرموز الفاظ ، آوازوں یا اشیا سے کام لیتا ہے یا رنگوں ، بافتوں اور اشیا کو بصری پیکروں میں پیش کرتا ہے ۔ (بڑے S سے) فرانس اور بلجیئم کی اس ادب یا آرٹ کی تحریک کا حامی جو انیسویں صدی کے اواخر میں وہاں ابھری تھی اور جس نے حقیقت پرستی سے انحراف کر کے رمزوں ، اشاروں میں اظہار ذات کو اپنایا تھا ۔ (الہیات) دین عیسوی میں مقدس عشائے ربانی کو رمزی یا علامتی ماننے والا ۔

symbolistic, a. علامت پسندانہ ؛ رمزیت یا اشاریت پر مبنی ۔

symbolize, v.t., v.i. علامت بند یا رمز بند کرنا ؛ کسی شے کی رمز یا علامت کا کام دینا ؛ رمز یا علامت کے ذریعے پیش کرنا ؛ رمزی یا علامتی جاننا یا سمجھنا ؛ رمز و اشارہ میں ظاہر کرنا ۔

symbolization, n. علامت بندی ؛ رمز بندی ۔

symbolizer, n. علامت کار ؛ رمز کار ۔

symbology, n. علامتیات ؛ رمزیات ؛ علم رموز ؛ رموز و اشارات وغیرہ کی تعبیر یا ان کا مطالعہ ؛ رموز و اشارات میں اظہار ذات کا فن یا اسلوب ۔

symmetalism, n. چند فلزیت ؛ ایک مالی نظام جس میں دو یا دو سے زیادہ دھاتوں کو معیار مبادلہ مانا جاتا ہے (مثلاً سونے اور چاندی کو مقررہ مقداروں کے تناسب) ۔

symmetrical, symmetric, a. تشاکلی ؛ متشاکل ؛ متناسب ؛ موزونیت لیے ہوئے یا اس کا اظہار کرتے ہوئے ؛ جسم کے اعضا یا کل اجزا میں باہم صحیح نسبت ؛ کسی سطح ، خط یا نقطے کے دوسری جانب ، حجم ، صورت ، ترتیب اعضا یا اجزا وغیرہ میں تناسب لیے ہوئے (ایک دوسرے کے جواب میں) ۔ (امراضیات) ایک سے اجزائے بدن کو بیک وقت متاثر کرنے والے ، جیسے بعض بیماریوں کی صورت میں ۔ (نباتیات) پھول کے ہر مرغولے یا گھیر میں ایک جتنے اجزا رکھنے والا ۔ (ریاضی) ایسے نقاط لیے ہوئے یا ان کو ظاہر کرتے ہوئے جو یوں جوڑا جوڑا ہوں کہ ہر جوڑے کو ملانے والے خطوط کو کوئی خط ناصف کاٹتا ہوا گزرتا ہے (جیسے : a curve symmetrical to the x-axis) ؛ یوں (ہونا) کہ متغیرات تو یکساں طور پر باہم تبدیل ہوں لیکن مقدار نما مجموعۂ علامات میں کوئی ریاضیاتی تبدیلی نہ ہو (جیسے : a symmetrical equation) ۔ (کیمیا) ساخت کا ہم آہنگ فارمولا لیے ہوئے ۔

symmetrically, adv. تناسب کے ساتھ ؛ تشاکل کے ساتھ ۔

symmetricalness, n. تشاکلی ؛ متشاکلیت ۔

symmetrize, v.t. تشاکل بنانا ؛ ہم آہنگ یا متوازن بنانا ۔

symmetrization, n. تشاکل سازی ؛ موزوں کاری ۔

symmetry, n. تشاکل ؛ میل ؛ تناسب (جسامت ، صورت ، ترتیب اجزا میں بایں انداز کہ کسی سطح ، خط یا نقطے کی دونوں جانب ایک سی صورت حال ہو) ؛ بدن یا کسی کل کے اجزا میں باہمی حوالے سے موزونیت ؛ متوازن ہونے کا وصف ؛ موزوں پیکری ؛ خوش اندامی و متوازن اعضائی ۔ (ریاضی) متناسب ہونے کی خاصیت یا وصف ۔

sympathectomy, n. (جراحی) ہم اثری نظام عصبی کے کسی حصے کی بندش یا قطع سازی/اقطاع ؛ عصب شگافی ۔

sympathetic, a. ہم درد ؛ ہمدردانہ ؛ ہمدردی کا اظہار کرنے یا پیدا کرنے والا ؛ دوسروں کے ساتھ ہمدردی یا شرکت احساس رکھنے والا ۔ (فعلیات) نظام عصبی کے اس حصے سے متعلق جو اضافی نظام عصبی کے ساتھ مل کر خودکار نظام عصبی بنتا ہے ؛ شارکی ۔

sympathetically, adv. ہمدردی سے ۔

sympathetic nervous system, n. (تشریح الاعضا) شارکی نظام اعصاب ؛ خودکار نظام عصبی کا وہ حصہ جو حرکت قلب کو تیز کرتا ہے ، پتلیوں کو پھیلاتا ہے ، نیز شارکی نظام اعصاب دموی نالیوں کو سکیڑتا ہے اور مجموعی طور پر شارکی نظام اعصاب کے ساتھ ساتھ چلتا ہے ۔

sympathetic strike, n. تائیدی ہڑتال ؛ کسی کی ہمدردی میں کی گئی ہڑتال ۔

sympathin, n. (حیاتی کیمیا) مشارکین ؛ ایڈرینالین سے ملتے جلتے اثرات والا ایک مواد جو شارکی نظام اعصاب کے عصبوں کے سروں پر پیدا ہو جاتا ہے ۔

sympathize, v.i. کسی کے ساتھ ہمدردی کرنا ؛ شریک احساس ہونا ؛ اظہار ہمدردی کرنا؛ بطور فرد کسی دوسرے کے جذبے یا جذبات میں اس سے ہم آہنگی پیدا کرنا؛ ان جذبات میں جو کسی کو متاثر کرتے ہوں؛ بالخصوص اس کی تکالیف یا مصائب میں غم خواری کرنا ؛ دردمندانہ ہم دردی کا اظہار کرنا (بعد میں with آتا ہے) ؛ کسی شخص یا جماعت یا نظریے کے ساتھ ہم خیال ہونا یا اظہار موافقت کرنا (with کے ساتھ) ؛ خصوصی طبعی ہم دردی ، تعلق یا لگاؤ رکھنا جیسی ایک چیز دوسری سے رکھتی ہے ؛ ایسی ہم خیالی کا اظہار کرنا جیسا کسی جوابی عمل سے پیدا ہوتا ہے (بعد میں with لگاتے ہیں) ؛ متفق ، مطابق یا ہم نوا ہونا ۔ (امراضیات) ہمدردی کے زیر اثر دوسرے کی بیماری اپنے اندر پیدا کر لینا ۔

sympathizer, n. ہم درد ؛ غم گسار ۔

sympathizingly, adv. ہم دردی کرتے ہوئے ؛ ہمدردانہ طور پر ۔

sympathy, n. دردمندی ؛ غم گساری ؛ غم خواری ؛ ہم دردی ؛ موافقت ؛ مشارکت ؛ شرکت احساس ؛ وہی محسوس کرنے کی کیفیت جو دوسرا کر رہا ہو ؛ ہم احساسی ؛ ہم اثری ؛ ترحم ؛ دوسروں کے دکھ سکھ میں شرکت ۔

sympathy strike, n. تائیدی ہڑتال ؛ کارکنوں کی جماعت کی طرف سے ایسی ہڑتال جو ان کے اپنے آجر کے خلاف کسی شکایت پر مبنی نہ ہو بلکہ اس کا مقصد ان دوسری جماعتوں کی حمایت ہو جو ہڑتال یا در بندی پر ہوں ۔ نیز : Sympathetic strike ۔

sympatric, a. (جینیات ، ماحولیات) ایک ہی خطے میں رہتے ہوئے باہمی تولید کے ذریعے جینی اصالت گم نہ کرنے والا ؛ ہم مکانی ۔

sympatrically, adv. ہم مکان ہوتے ہوئے ۔

sympatry, n. ہم مکانی ۔

sympetalous, a. (نباتیات) جڑی ہوئی پتیوں والا ؛ پیوستہ گلبرگہ ۔ نیز : Gamopetalous ۔

symphonic, a. (موسیقی) سمفونی سے متعلق یا اس کے سے انداز والا ؛ ملتی سروں والا ؛ سُرملا ؛ ہم آہنگ ؛ ہم صوت (لفظ وغیرہ) ۔

sympohnically, adv. سمفونی کا انداز لیے ہوئے ؛ ہم آہنگی سے ؛ ہم صوتی طور پر ۔

symphonic poem, n. سمفونی آرکسٹرا کی ایک قسم کی توسیعی صورت (کسی باتصویر یا ادبی موضوع پر مبنی لیکن سمفونی سے اپنی ہیئت کے حوالے سے زیادہ آزاد ، اس کو انیسویں صدی میں رواج دیا گیا تھا) ۔ نیز : tone poem ۔

symphonious, a. ہم آہنگ ؛ ملتی سروں والا ۔

symphoniously, adv. ہم آہنگی سے ۔

symphony, n. سمفونی ؛ پورے آرکسٹرا کے لیے تیار کیا گیا نغمہ ؛ اس میں سوناٹا کی طرح تین یا چار بظاہر مختلف لیکن باہم متعلق چلتوں سے کام لیا جاتا ہے ؛ سمفونی آرکسٹرا والا کنسرٹ ؛ ترانہ ؛ آوازوں کی موافقت یا ہم آہنگی ؛ ہم صوتی ؛ کوئی بھلی لگنے والی ہم آمیزی ۔

symphonist, n. سمفونی نغمے بنانے والا ۔

symphony orchestra, n. سمفونی آرکسٹرا ؛ متنوع سازوں کی خاصی بڑی سنگت جو سُر ملا کر نغمہ پرداز ہوتی ہے ۔

symphysis, n. (تشریح الاعضا ، حیوانیات) ہم نموئی ؛ ہڈیوں کا متحرک یا غیر متحرک پیوند (انسان کے نچلے جبڑے کے دو نصفوں کی طرح یا پھر پیٹ کے نچلے بیرونی مقام کی سرین کی دونوں ہڈیوں کی طرح) ؛ یوں بنے ہوئے دیگر اجزا کا خط اتصال یا خط حرکت ؛ ارتفاق ؛ ملتقی ۔ (نباتیات) اجزا کا ملاپ یا ہم نموئی ؛ وصل ؛ پیوستگی ۔

symphyseal, sympheysial, symphystic, a. پیوستگی رکھنے والا ۔

sympodium, pseudaxis, n. (نباتیات) کاذب محور ؛ وہ تنا جو بظاہر ایک ہو لیکن اصلاً جڑ سے پھوٹ کر بڑھنے والی کئی شاخوں کے ایک دوسرے کے ساتھ لپٹ جانے سے بنا ہو (جیسا کہ انگور یا بعض اور بیلوں میں دیکھا جاتا ہے) ۔ بمقابلہ : monopodium ۔

sympodial, a. پیوستہ ساقہ ۔

sympodially, adv. پیوستگی لیے ہوئے ۔

symposiarch, n. صدر ؛ ڈائریکٹر یا سرخیل (کسی سمپوزیم کا) ؛ کسی ضیافت کا مہمان خصوصی ۔

symposium, n. سمپوزیم ؛ مجلس مذاکرہ یا مباحثہ (کسی خاص موضوع کے حوالے سے) ؛ اس مجلس میں پڑھے گئے مقالات کا مجموعہ یا وہاں کی روداد ؛ یونان قدیم میں رات کے کھانے کے بعد پینے اور علمی باتیں کرنے کے لیے پُروقار تقریب ۔

symptom, n. علامت ؛ کوئی ایسی حالت یا کیفیت جس سے کسی اَن دیکھی صورت حال کا پتہ چل سکے ۔ (امراضیات) مرض کی کوئی ظاہر نشانی ، علامت وغیرہ جس سے اس مرض کی تشخیص ممکن

یا آسان ہو ۔

symptomatic, symptomatical, a. علامت سے متعلق ؛ علاماتی مظہر (بعد میں عموماً of آتا ہے ، جیسے : symptomatic of cancer) ؛ علامت یا علامات کے مطابق (جیسے : symptomatic diagnosis of disease) ۔

symptomatically, adv. از روئے علامات ۔

symptomatology, n. مبحث امراض ؛ علم علامات امراض ؛ علامات شناسی کی شاخ طب ۔

synaeresis, syneresis, n. ادغام علت ؛ دو حروف علت کے مل کر ایک آواز ہو جانے کی حالت ۔

synaesthesia, synesthesia, n. مشارکی احساس ؛ کسی ایک جگہ کی تحریک سے کسی دوسری جگہ پیدا ہونے والی سنسنی ؛ کسی ایک حس کو بیدار کرنے سے کسی اور حس ذہنی کی بیداری ، جیسے کسی مخصوص آواز کے ساتھ مخصوص رنگ کا سامنے آ جانا ۔

synagogue, synagog, n. صومعہ ؛ یہودیوں کا عبادتی اجتماع یا ان کی عبادت گاہ ؛ کنشت ؛ کنیسہ ۔

synagogal, synagogical, a. صومعاتی ۔

synaloepha, synalepha, synalephe, n. کسی حرف علت یا ان کے مرکب الصوت لفظ کے آخر میں سقوطِ صوتی (جیسے the میں e کو اکثر بولا نہیں جاتا ، مثلاً the infantry کی بجائے "th'' infantry) ۔

synapse, n. وہ رقبہ یا حلقہ جہاں رابطہ ہوتا ہے اور جہاں ایک عصبیہ دوسرے عصبیے کی جانب عصبی ہیجانات ارسال کرتا ہے ؛ معانقۂ عصبی ۔

synapsis, n. (حیاتیات) لونیہ جفتی ؛ خلیاتی مرکزوں کے تقسیمی عمل میں وہ مقام جہاں ہم کفو لونیے جوڑے بننے لگتے ہیں ۔

synaptic, a. لونیوی جوڑوں کے متعلق ۔

synarthrosis, synarthrodia, n. (تشریح الاعضا) دو ہڈیوں کا وہ پیوند جو دونوں کو حرکت نہ کرنے دے ؛ ثابت جوڑ ؛ بے حرکت صدا ۔

synarthrodial, a. ثابت جوڑ والا ۔

synarthrodially, adv. پیوندی حرکت نہ کرتے ہوئے ۔

sync, n. عین زمانی مطابقت ۔ (صفت) مطابقت داری ۔ (فعل لازم و متعدی) عین مطابقِ وقت ہونا یا کرنا ۔

syncarpous, a. (نباتیات) جس کے بقچے مل کر ایک ہو گئے ہوں ۔ دیکھیے : carpel ۔

syncarpy, n. (نباتیات) بقچوں کے جڑے ہونے کی حالت ؛ جڑے بقچوں والا ؛ وہ حالت جس میں کسی پھول کی بہت سے کٹوریاں یا بقچے جزوی طور پر مل گئے ہوں ۔

synchro, n. دیکھیے : Selsyn ۔

synchrocyclotron, n. (طبیعیات) وہ سائیکلوٹران جو باردار ذرات کی بڑھی ہوئی کمیت کی تعدیل کرتے ہیں جب وہ وولٹیج کو بڑھاتے ہوئے روشنی کی رفتار تک جا پہنچتے ہیں ۔

synchroflash, a. (عکاسی) بیک وقتی لشکارا ؛ فلیش لیمپ اور کیمرے کے شٹر کے بیک وقت عمل پیرا ہونے کی صورت ۔

synchromesh, n. خود کار گیئر ؛ کسی موٹر وغیرہ کی وہ برقی ترسیل جس کے ذریعے گیئر یوں وقت بستہ ہوتے ہیں کہ گیئر بدلنا آسان ہوتا ہے ۔ (صفت) ایسی میکانیت سے متعلق ؛ خود کار گیئر والا ۔

synchronic, synchronical, a. ہم وقت ؛ ہم زمان ؛ معاصر ۔ (لسانیات) زبان کے اس نظام یا امتیاز سے متعلق جو کسی مخصوص عرصے میں اس کے تاریخی منظر کو ذہن میں رکھے بغیر اس سے مخصوص تھا (یعنی کسی وقت کسی زبان کی جو مروج صورت تھی) diachronic سے ممیز ۔

synchronically, adv. ساتھ ساتھ یا ایک ہی وقت میں ؛ ہم وقتی یا ہم زمانی طور پر ۔

synchronism, n. ایک ہی وقت میں دو یا دو سے زائد واقعات یا حقیقتوں کے وقوع پذیر ہونے کی حالت ؛ ہم وقتی ؛ ہم عصریت ؛ اشخاص یا واقعات کی معاصرانہ حوالے سے ترتیب ۔ (فن) ایک ہی تصویر میں غیر معاصر واقعات اور اشخاص کو نقش بند کرنے کا عمل ۔ نیز : sync ۔

synchronistic, synchronistical, a. ہم عصری ؛ معاصرانہ ۔

synchronistically, adv. ساتھ ساتھ ؛ بیک وقت ۔

synchronization, n. ہم عصری انداز سے ترتیب دینے کا عمل ؛ ہم وقت سازی ؛ تطبیق وقت ؛ ہم وقت کاری ۔

syncronize, v.i. ہم وقت ہونا ؛ معاصر ہونا ؛ ایک ہی وقت اور رفتار سے چل پڑنا یا عمل پیرا ہونا ۔ (فعل متعدی) وقتی یا عصری یگانگت پیدا کرنا ؛ گھڑیوں کا وقت ملانا جیسے ایک گھڑی کا دوسری گھڑی سے ؛ تطبیق اوقات کرنا؛ ایک ہی رفتار سے چلانا یا ہم آہنگ کرنا (جیسے : to synchronize the movements of a dancer with music) ۔

synchronizer, n. ہم عصری یا ہم وقتی پیدا کرنے والا ؛ مطابقت پیدا کرنے والا ؛ ہم وقت کار ۔

synchronous, synchronal, a. ہم عصر ؛ معاصر ؛ ایک ہی وقت یا عہد میں یا ایک ہی شرح رفتار سے ہونے والے ؛ بیک وقت ۔ (طبیعیات) برقی لہروں کے دور اور تعدّد میں یکساں ۔

synchronously, adv. ساتھ ساتھ ؛ ایک وقت میں ۔

synchronousness, n. ہم وقتی ؛ ہم عصری ۔

synchronous motor, n. وہ برقی آلہ یا کل جس کی رفتار برقی رو کے تعدّد کے مطابق کم و بیش ہوتی رہتی ہے ۔

synchrony, n. ایک ہی وقت میں رونما ہونے والے واقعات یا اعمال ؛ اعمال و واقعات کے ایک سے انداز ۔

synchroscope, synchronoscope, n. (برق) ہم وقت بیں ؛ دو مشینوں میں یکسانیت کے مدارج کا اندازہ لگانے والا ایک برقی آلہ ۔

synchrotron, n. (طبیعیات) سنکروٹران ؛ بیٹا ٹران قسم کی ایک مشین جس سے ایٹمی ذرات کی رفتار تیز کی جاتی ہے ۔ دیکھیے : betatron ۔

synclinal, a. (ارضیات) ہم میلانی ؛ مخالف سمت میں نیچے کی جانب ڈھلتا ہوا جو ایک مشترکہ مقام یا خط پر مل جائے ؛ گہرائی میں جا کر مل جانے والی (جیسے : ynclinal strata) اس انداز میں گہرائی میں چلے گئے ہوئے طبقات کے متعلق یا ایسے پرتوں سے بنا ہوا (جیسے : synclinical axis)؛ anticlinal کی ضد ۔

syncline, n. (ارضیات) بالائی انداز سے پڑی ہوئی کوئی سلوٹ (کسی چٹان میں) ؛ کاسی لف ؛ ہم میلانی سلوٹ ؛ کاسی سلوٹ ۔

syncopate, v.t. (موسیقی) کسی غنائی ٹکڑے میں بایں صورت

تبدیلی لانا کہ تاکید کی تبدیلی سے آہنگی تضاد پیدا ہو جائے ۔ (گرامر) ترخیم میانی کرنا ؛ اختصار لفظی سے کام لینا ؛ کسی لفظ کے درمیانی حرف یا حروف یا رکن تہجی کو حذف کر جانا (جیسے : Gloucester سے Gloster) ؛ حذف میانی کرنا ۔

syncopated, a. مختصر ؛ مجمل ؛ چھوٹا کیا ہوا ؛ محذوف یا مُرخّم ۔

syncopation, n. (موسیقی) تاکید تال کا مبادلہ ؛ موسیقی میں تاکید کی تبدیلی خصوصاً جاز میں ۔ (گرامر) درمیانی لفظ کا حذف یا اختصار ؛ ترخیم میانی ؛ حذف میانی ۔

syncopative, a. حذف شدہ ۔

syncope, n. (گرامر) ترخیم ؛ عمل تحذیف (حروف یا ارکان کو حذف کر دینا (جیسے :never کا neer) ۔ (امراضیات) سکتہ ؛ غشی ؛ قلب کی رفتار کا عارضی طور پر مدھم یا بند ہو جانے کا عمل، غشی کی وجہ سے ۔

syncopal, syncopic, a. بے ہوشی ؛ غشی کی حالت ۔

syncretism, n. اجتماع نقیضین ؛ امتزاج ضدین ؛ کسی فلسفے، مذہب وغیرہ میں کثر، مخالف ، ان مِل اصولوں یا گروہوں کی آمیزش کی کوشش ۔ (گرامر) مختلف اقسام یا تصریفی صورتوں کو ملا کر ایک کر دینے کا عمل یا اس کی صورت ۔

syncretistic, syncretic, a. اجتماع نقیضین کا ۔

syncretist, n., a. اجتماع نقیضین کا حامی ۔

syncytium, n. (حیاتیات) کثیر نواتی خلیہ ؛ بہت سے مرکزوں والا وہ نخزمائی لوتھڑا جو ابھی پوری طرح خلیوں میں تبدیل نہ ہوا ہو ۔

syncytial, a. کثیر نواتی خلیے کا ۔

syndactyl, syndactyle, a. (تشریح الاعضا) ہاتھ یا پیر کی بعض انگلیاں جزوی یا مکمـل طور پر جڑی ہوئی رکھنے والا جیسے ماہی خور (رام چڑیا) ۔ (اسم) اس قسم کی انگلیوں والا جانور ؛ پیوستہ انگشت ۔

syndactylism, n. پیوستہ پائی ؛ پیوستہ انگشتی ۔

syndesis, n. دیکھیے : synapsis ۔

syndesmosis, n. (تشریح الاعضا) پیوند رباطی ؛ ہڈیوں کا رباطات یا جھلیوں کے ذریعے قائم شدہ تعلق (جوڑوں کے علاوہ) ؛ پیوند رباطی عظام ۔

sydesmotic, a. جھلیوں سے جڑا ہوا ۔

syndetic, a. روابطی ؛ باندھنے کا کام دینے والا ؛ بندھن؛ جوڑنے والا ، عطفیہ ؛ عاطفہ ؛ مباشرتی ۔

syndetically, adv. جوڑتے ہوئے ۔

syndic, n. باقاعدہ منتظم ؛ کسی ادارے ، یونیورسٹی وغیرہ کی جانب سے کاروباری اختیارات اور ذمہ داریوں والا شخص ؛ اس کام کے لیے نامزد فرد یا کمیٹی ؛ دیوانی مجسٹریٹ کے اختیارات والا افسر، مختلف ملکوں میں اس کے اختیارات میں تنوع ہوتا ہے ۔

syndical, a. انجمن کا ؛ کسی یونین سے متعلق اور اپنے مفادات کی حفاظت کے لیے ؛ سنڈیکل ۔

syndicalism, n. انجمن کاری ؛ ایک قسم کی مزدور یونین کی ترقی یافتہ شکل جو فرانس سے ابھری ، یہ نظام اولاً ذرائع پیداوار و تقسیم پر قبضہ کرنے کا حامی ہے اور بالآخر صنعتی کارکنوں (مزدوروں) کی باہم ملحق انجمنوں کے ذریعے پورے معاشرے اور حکومت پر قبضہ کر لینے کا ، اس مقصد کے لیے یہ عام ہڑتالوں ، تشدد کاریوں ، توڑ پھوڑ اور تخریب کاریوں سے اپنے مقاصد میں کامیابی کا خواہاں ہے ۔

syndicalist, n. سنڈیکل انجمن کار ۔

syndicalistic, a. سنڈیکلی انداز میں ؛ انجمن کارانہ ۔

syndicate, n. سنڈیکیٹ ؛ شرکت تجار ؛ بینکاروں یا سرمایہ داروں کی انجمن جس کا مقصد ایسے منصوبوں کو چلانا ہوتا ہے جن کے لیے کثیر سرمائے کی ضرورت ہوتی ہے جیسے اسٹاک یا بانڈس کی اجرائی کی ضمانت دہی ؛ افراد یا کمپنیوں وغیرہ کا اس قسم کا اتحاد ، بالخصوص مختلف مقامات پر اخبارات کے یا دیگر جرائد وغیرہ کے ناشروں کی انجمن (لوگوں سے مضامین وغیرہ خرید کر بیک وقت چھاپنے کے لیے) ؛ اس مقصد کے لیے مضامین مہیا کرنے والا کوئی ادارہ ؛ منظم جرائم کوشی میں مجـرمـوں کی تنـظیم ۔ (فعل متعدی) سنڈیکیٹ قائم کرنا یا اس کے ذریعے انصرام امور کرنا ؛ مختلف جگہوں پر مختلف اخبارات و جرائد میں خریدے گئے مضامین بیک وقت چھاپنا یا چھپوانا ۔

syndication, n. سنڈیکیٹ سازی شرکت تجار سازی ۔

syndicator, n. سنڈیکیٹ کا رکن ۔

syndrome, n. (امراضیات) کسی بیماری میں اجتماع علامات ؛ کئی علامتوں کا ایک ساتھ ظہور ؛ کسی خاص معاشرتی صورت حال کے لیے بعض مخصوص حالات کا اجتماع ؛ متعلق چیزوں یا واقعات وغیرہ کا سلسلہ یا مجموعہ ؛ علامت مرکب.روگ ۔

syndromic, a. اجتماع علامات کی کیفیت کا ۔

synecdoche, n. (عروض ، علم بیان) مجاز مرسل ؛ ایک قسم کا استعارہ جس میں جزو کل کو یا کل جزو کو پیش کرتا ہے ، اسی طرح خاص عام کو اور عام خاص کو (جیسے : a fleet of ten sails, for ships یا to eat of the tree, for fruits یا a croesus for a richman یا marble on its pedestal for a statue) ۔

synecdochic, synecdochical, a. مجاز مرسلی ۔

synecdochically, adv. مجاز مرسل کی صورت لیتے ہوئے یا اس کے انداز پر ۔

synecology, n. ہم نباتی ماحولیات : ماحولیات کی وہ شاخ جو کسی انفرادی نوع کی جگہ پورے گروہ سے واسطہ رکھتی ہے ؛ autecology کی ضد ۔

synecologic, synecological, a. ہم نباتی ماحولیات کا ۔

synecologically, adv. ہم نباتی ماحولیات کے واسطے ۔

syneresis, synaeresis, n. (گرامر) ادغام علتی ؛ دو ارکان یا حروف علت کا سمٹ کر ایک ہو جانے کا عمل خصوصاً حروف علت کا؛ادغام بجائی ۔ (کیمیا) جیلی یا پلپلی چیز کا سکڑ کر مائع چھوڑنا جیسے جمے ہوئے خون میں سے خون کا رسنا ؛ انفصال سرش ۔

synergetic, synergic, a. متعاون ؛ ایک دوسرے سے مل کر کام کرنے والے (جیسے : synergetic muscle) ۔

synergism, n. تعاون باہمی ؛ اتحاد عملی ؛ دو الگ الگ کارپردازوں کی متحدہ کوشش جو ان میں سے ہر ایک کی الگ الگ کی گئی کوشش کے ثمـر سے زیادہ ہو ، جیسے دو دواؤں کا اثـر ۔

(الٰہیات) مسیحی عقیدے کے مطابق یہ خیال کہ انسانی ارادہ روح القدس اور کلمۃ اللّٰہ (حضرت عیسیٰ) کے ساتھ کار نجات میں تعاون کرتا ہے ؛ عقیدہ تعاون باہمی ؛ عقیدہ ہم کاری ۔

synergist, n. عقیدہ ہم کاری کا حامی ۔

synergistic, a. ہم کاری کا ۔

synergistically, adv. از روئے تعاون باہمی ۔

synergy, n. تعاونی عمل ؛ متحدہ عمل ؛ ہم کاری ؛ بدن کے زیادہ اعضا کا باہمی تعاون ؛ مختلف ادویات کا باہمی تعامل ۔

synesis, n. (گرامر) نحو معنوی ؛ جملے کی ساخت بلحاظ مفہوم نہ کہ بلحاظ ساخت بلکہ اسلوب ساخت کو بعض اوقات بالائے طاق رکھتے ہوئے (جیسے : if anyone asks, tell them he is out) ۔

synesthesia, synaesthesia, n. مشارکی احساس ؛ انتقال درد ؛ جسم کے کسی ایک حصے پر کسی محرک کے استعمال کا احساس بدن کے دوسرے حصے پر محسوس کرنے کا عمل ؛ کسی ایک محرک سے پیدا ہونے والے احساس سے کسی ایسے ذہنی نقش کے ابھرنے کی کیفیت جو دوسرے کا جواب ہو مثلاً ایک مخصوص آواز سن کر ایک مخصوص رنگ کا تصور ۔

synesthetic, synaesthetic, a. مشارکی احساس والا ۔

synfuel, n. تالیفی ایندھن ۔

syngamy, n. (حیاتیات) گمٹہ ملاپ ؛ نر اور مادہ صنفی تخموں گمٹوں کا بار آوری کے دوران ملاپ ۔

syngenesis, n. (حیاتیات) تناسلی تولید ؛ پہلے یہ خیال کیا جاتا تھا کہ مجامعت سے بارور ہو جانے والے تولیدی خلیے (بیضے) میں،اس سے پیدا ہونے والی تمام نسلوں کے تولیدی خلیے موجود ہوتے ہیں ؛ تناسل جماعی؛ Epigenesis کی ضد ۔

syngenetic, a. تناسلی جماعی کا ۔

synizesis, synezisis, n. (گرامر) ادغام تلفظی ؛ مدغم نہ ہو سکنے والے دو حروف علت کا ایک رکن کی صورت میں اتحاد ؛ ایک حرف علت اور ایک مرکب صو ت کا اس قسم کا اتحاد ۔ (حیاتیات) خلیاتی عمل تقسیم کے اوائل میں مرکزے کے کروماٹین کے اکٹھا ہو جانے کا عمل ۔ (امراضیات) آنکھ کی پتلی کی بندش یا دھندلاہٹ ؛ مردم بستگی ۔

synod, n. مجلس کلیسا ؛ ان کلیسائیوں یا دیگر کلیسائی نمائندوں کا اجتماع جن کو باقاعدہ بلایا گیا ہو اور جو قانون کلیسا کے پابند ہوں اور بلانے کا مقصد یہ ہو کہ کلیسائی مسائل پر تبادلہ خیال کر کے کسی نتیجے پر پہنچا جا سکے ؛ کوئی کلیسائی مجلس مشاورت ؛ پریسبیٹیرین کلیساؤں کی عدالت جس کا مرتبہ ضلعی دینی جج سے بڑا ہوتا ہے اور وہ یا تو جنرل اسمبلی کے ماتحت ہوتی ہے یا خود کلیسا کی عدالت عالیہ کے اختیارات کی مالک ؛ کوئی سی اسمبلی یا کونسل ؛ سِناد ؛ سنودس ۔

synodal, a. مجلس کلیسا کا ۔

synodic, synodical, a. مجمعی ؛ اقترانی ؛سِنادکا ، اس سے متعلق ، اس کا کیا ہوا یا بنایا ہوا ، اس کے ذریعے سے جاری ہونے والا ؛ سنودسی ۔ (فلکیات) مقارنہ ؛ دو اجرام فلکی کے ایک ہی برج میں قران سے متعلق یا متواتر دو بار انھی اجرام کا قران ۔

synodically, adv. مجلسِ کلیسا کے طریقے سے یا اس کے ذریعے سے ؛ اقترانی انداز سے ۔

synoecious, synecious, synoicious, a. (نباتیات) ایک ہی گچھے میں نر اور مادہ پھول رکھنے والا ، جیسے بیشتر مخلوط پودوں میں ہوتے ہیں ؛ یک جائی نر مادی ؛ ایک ہی جوف میں انڈا اور تولیدی مادہ رکھنے والا ، جیسے کائی ۔

synoeciously, adv. نرمادی یک جائی لیے ہوئے ۔

synoeciousness, n. یک جا نر مادی پن ۔

synonym, n. مرادف ؛ مترادف ؛ مرادف یا قریب قریب ہم معنی جیسے happy, joy-full اور elated delighted ''glad'' کے مترادف ہیں ؛ ہم معنی لفظ (کسی اور لفظ کا) ۔ بمقابلہ:antonym ۔ وہ لفظ یا اظہار جس کو مرادف یا ہم معنی مان لیا گیا ہو یا قرار دے دیا گیا ہو (جیسے : arcadia has become synonym for pastoral simplicity and contentment) ۔ (حیاتیات) متبادل لیکن کم مسلمہ سائنسی نام (کسی نوع یا جنس کے لیے) ؛ مرادف ناقص ۔

synonymic, synonymical, a. مترادف ۔

synonymity, n. ترادف ؛ ہم معنی ہونے کی کیفیت ؛ ہم معنویت ۔

synonymize, v.t. نام یا لفظ کا مرادف بنانا یا مہیا کرنا ۔

synonymous, a. مترادف ؛ ہم معنی ؛ مرادفاتی انداز والا ۔

synonymously, adv. مترادف یا ہم معنی الفاظ کے طور پر ۔

synonymy, n. ہم معنی ہونے کا وصف ؛ ہم معنویت ؛ تحریر و تقریر میں مرادفات کی تکرار یا ان کا استعمال بغرض تاکید یا زور بلاغت ؛ مرادفات کا مطالعہ یا ان کی فہرست وغیرہ ۔ (حیاتیات) متبادل مگر کم مُسلّم سائنسی ناموں کی فہرست جو کسی نوع یا جنس وغیرہ کے بارے میں بولے یا لکھے جاتے ہوں یا مختلف انواع کے متعلق توضیحی اشارات کے ساتھ استعمال ہوتے ہوں ۔

synopsis, n. خاکہ ؛ کسی موضوع کے بارے میں اجمالیہ جیسے کسی ناول ، ڈرامے یا فلم کا ؛ عنوانوں یا چھوٹے پیراگرافوں کا یوں ترتیب دیا گیا مجموعہ کہ اس سے مجموعی صورت یا مواد کے اہم نکات سامنے آ جائیں ؛ خلاصہ ؛ ملخص ؛ اختصاریہ ۔

synopsize, v.t. اختصاریہ یا اجمالیہ لکھنا ؛ خاکہ تیار کرنا ۔

synoptic, synoptical, a. اختصار کے متعلق یا اس کو تشکیل دینے والا ؛ مجموعی صورت حال یا موضوع کے اہم نکات کا عمومی جائزہ پیش کرنے والا ؛ ہم نظر ۔ (اکثر بڑے S سے) پہلے تین صحیفوں (متی ، مرقس اور لوقا) کے اندر پائے جانے والے مطالب ، ترتیب اور بیانات کی مماثلت کے باعث یکساں رائے رکھنے والا ؛ ان تین اناجیل سے متعلق ۔ (اسم) (اکثر بڑے S سے)تینوں صحف میں سے یا ان کے مصنفوں میں سے کوئی ایک ؛ ہم نظر اناجیل ۔

synoptically, adv. اجمالیہ یا اختصاریہ کے طور پر ؛ خلاصے کی صورت میں ؛ ہم نظری طور پر ۔

synostosis, synosteosis, n. (تشریح الاعضا) جینی ہڈی یا ہڈی کے ذریعہ پیوستگی؛صلابت مفاصل ۔

synostotic, a. صلابت مفاصل کی صورت ۔

synovia, n. (فعلیات) ایک روغنی سیال مواد جو انڈے کی سفیدی کی طرح ہوتا ہے اور بعض جھلیوں میں سے رستا رہتا ہے (خصوصاً جوڑ کی جھلیوں سے) ؛ لعاب مفاصل ؛ زلال ۔

synovial, a. لعاب مفاصل کا ؛ زلالی ۔

synovitis, n. (امراضیات) غشائے لعابی کا ورم ؛ جوڑ جھلّیوں کا ورم ۔

synsepalous, a. (نباتیات) سبلہ‌پیوستہ، باہم جڑے ہوئے یا ملے ہوئے پھول کٹوری والا (پودا) ۔

syntactic, syntactical, a. (گرامر) نحوی ؛ جملے کی ساخت سے متعلق ؛ قواعد نحوی کے مطابق ۔

syntactically, adv. نحو کے اعتبار سے ؛ نحو کی رو سے ۔

syntactics, logical syntax, n. (منطق ، فلسفہ) علامتی ڈھانچوں اور نظاموں بالخصوص زبانوں کے ظاہری اوصاف کا مطالعہ ؛ علامات شناسی کی ایک شاخ بشمول معنی شناسی اور تحولات عملی ؛ نحویات ؛ علم النحو۔

snytax, n. (گرامر) نحو ؛ جملوں کی ساخت ؛ جملے میں ترتیب الفاظ کے مسلّمہ قواعد کے مطابق ان کا استعمال اور تعلق ۔ (لسانیات) ترتیب الفاظ سے واسطہ رکھنے والی زبان شناسی کی شاخ ؛ علم نحو ۔ (منطق) علم الاحصا یا زبانوں میں جملوں کی ساخت ، جیسے کمپیوٹرکی زبانوں میں ۔

synthesis, n. ترکیب ؛ تالیف ؛ اسلوب ترکیبی ؛ اجزا یا عناصر (جیسے مادی اشیا یا موضوعات فکر) کا ایک کثیر الاجزا کل میں امتزاج ؛ analysis کی ضد ؛ ایک سلسلہ استدلال جو اس پر مشتمل ہے کہ مسلمہ یا مفروضہ اصولوں اور ثابت شدہ قضیوں سے براہ راست نتیجے کی طرف بڑھا جائے ۔ (کیمیا) عناصر یا نسبتاً سادہ تر مرکبات یا اصلیوں کے ملاپ سے کسی مرکب یا مرکب المرکب شے کی تشکیل ۔

synthesist, n. مرکب بنانے والا ؛ ترکیب کا عمل کرنے والا ؛ ترکیب کار ۔

synthesize, synthetize, v.t. ترکیب دینا ؛ کثیر الاجزا کُل میں ڈھالنا ؛ طریق امتزاج سے کام لینا ؛ اجزا یا حصوں کو جوڑ کر کوئی ایک کُل بنانا ؛ مرکب سازی کرنا ۔

synthesizer, n. مرکب ساز ؛ تالیف کار ۔

synthesizer, n. (برقیات) تالیف کار آلہ ؛ ایک آلہ جوسادہ آواز یا سماعی عناصر تعدّدی کو مخلوط وجود بخشتا ہے ، مثلاً کمپیوٹر کا تالیف کار آلہ ۔

synthetic, a. ترکیبی ؛ مصنوعی ؛ امتزاج لیے ہوئے ، اس سے متعلق ، اس کے ساتھ (تحلیلی یا تجزیاتی طریقے کی ضد) ۔ (کیمیا) ان مرکبات سے متعلق یا ان کو سامنے رکھنے والا جو مصنوعی طور پر کیمیاوی تعامل سے کسی تجربہ گاہ میں بنائے گئے ہوں (بمقابلہ مرکبات طبعی یا فطری کے) ؛ تالیفی ۔ (لسانیات) الگ الگ لفظوں کے بجائے تصریفی یا گردانی لاحقوں سے کام لینے والا (کسی خیال کے معیاری وسائل اظہار کے طور پر جیسا کہ لاطینی ، یونانی ، روسی زبانوں میں ہے) ؛ غیر مستند یا غیر حقیقی ؛ ساختۂ انسان ۔ (اسم) امتزاج کا حاصل ؛ ترکیب ؛ مصنوعہ شے ؛ تالیف ۔

synthetical, a. کیمیاوی طریقے سے بنا ہوا ؛ مصنوعی ؛ تالیفی ۔

synthetically, adv. کیمیاوی طریق سے ؛ مصنوعی یا تالیفی انداز میں ۔

synthetic resin, n. کیمیاوی بروزہ یا لاکھ ؛ قدرتی بیروزہ جسے کیمیائی طور پر مرکب کیا گیا ہو ۔

synthetic rubber, n. تالیفی ربڑ ؛ مصنوعی ربڑ ؛ کیمیاوی مرکبات سے ساختہ ربڑ جو تجارتی طور پر ٹائر ، بجلی کا سامان ، جوتوں کے تلے وغیرہ بنانے کے کام آتا ہے ۔

synthetize, v.t. مرکب کرنا ؛ تالیف کرنا ۔

synthetizer, n. مرکب ساز ؛ تالیف کار ۔

syntonic, syntonous, a. (برق) ہم سُر ؛ کسی ایک ہی یا مخصوص تعدّد کے اہتزازات کے مطابق ۔ (طبِ نفسی) ماحول کی طرف جذباتی قبولیت کا اظہار کرنے والی شخصیت کے متعلق ؛ ہم سُرِ ماحول ۔

syntonically, adv. ہم سُر انداز سے ۔

syphilis, n. (امراضیات) آتشک ؛ گرمی ؛ آبلہ فرنگ ؛ ایک متعدی مجامعتی مرض جو ایک خاص قسم کے خردنامیے سے پیدا ہوتا ہے ، یہ مرض پیدایشی بھی ہوتا ہے اور لاحقی بھی ، اس کے تین مدارج ہوتے ہیں : پہلے درجے میں مرض مقام متاثرہ ہی کو ہدف بناتا ہے جہاں گھاؤ (آبلہ) پیدا ہو جاتا ہے ، دوسرے میں جلد اور نظام بدنی کو اور تیسرے درجے میں ہڈیوں ، عضلات اور دل ، دماغ اور جگر وغیرہ کو متاثر کرتا ہے ۔

syphilitic, a. آتشک کا یا اس سے متاثر ۔ (اسم) آتشک زدہ ، آتشک کا مریض ۔

syphilology, n. مطالعہ آتشک ؛ آتشک سے متعلق جملہ معلوماتِ علمی ۔

syphilologist, n. آتشک کے علم کا ماہر ۔

syphon, n., v.t., v.i. دیکھیے : Siphon ۔

Syrette, n. ٹیکہ لگانے کے لیے تلف پذیر پچکاری (انجکشن ٹیوب) ؛ تلف پذیر سرینج ۔ (تجارتی نشان) ۔

syringa, n. یاسان ؛ ایک آرایشی جھاڑی ، اس کے پھول سفید یا ہلکے بادامی رنگ کے اور بھینی بھینی خوشبو والے ہوتے ہیں ؛ اس جنس سے تعلق رکھنے والا گل یاس ؛ نقلی نارنگی ۔

syringe, n. پچکاری ؛ حقنہ انجکشن یا ٹیکہ لگانے والی پچکاری جس کے آگے سوئی لگی ہوتی ہے ؛ بن سوئی کی پچکاری جس میں پانی یا دوا ملا پانی بھر کر زخموں کو دھویا جاتا ہے ، کان صاف کیے جاتے ہیں ؛ پودوں کو اسپرے کرنے والا آلہ ؛ بادکش آلہ جس سے کسی بند ظرف میں سے ہوا خارج کی جاتی ہے ۔ (فعل متعدی) ٹیکہ لگانا ؛ پچکاری سے صاف کرنا یا دھونا ؛ انجکشن لگانا ۔

syringeal, a. (طیوریات) نرخرے یا آلۂ صوت کا یا اس سے متعلق ؛ نرخری ۔

syringomyelia, n. (امراضیات) ریڑھ کی ہڈی پر اثر کرنے والی ایک بیماری جس میں جوفوں میں عصبی ریشوں کی جگہ پانی جمع ہو جاتا ہے ، جس سے تشنج ، عضلات میں سکڑاؤ اور لاغری پیدا ہو جاتی ہے ؛ کیفیت نخاعی ۔

syringomyelic, کیفیت نخاعی سے متعلق ۔

syrinx, n. (طیوریات) پرندوں کا صوتی عضو یا

صوتی آلہ ؛ مجری الہوا ۔ (آثاریات) کسی چٹان میں کاٹی گئی نالی یا سرنگ (جیسی کہ قدیم مصر کے مقبروں میں ہیں) ؛ سرنگ چٹان ۔ (اساطیری) منہ سے بجانے والا باجا ؛ مُرلی ۔

syrphid, syrphid fly, syrphus fly, n. ڈانس ؛ ایک قسم کا دو بازوؤں والا کیڑا یا اس قسم کی مکھی ، پھول رس یا زرگل جس کی خوراک ہے ، اس کا لاروا پودوں کی جوؤں پر پلتا ہے اور اس طرح یہ پودوں کے حق میں مفید ہے ؛ بھونرا ؛ زنبور مکھی ۔ نیز : flower fly ۔

syrup, sirup, n. [عربی] شربت ، میٹھا سیال مادہ ؛ شیرہ ؛ راب ، پھول کے رس ، شیرے یا گلوکوز سے بنایا ہوا مشروب ۔ (علم الادویہ) امریکی فارمیسی کی متعین کردہ مقدار کے مطابق تیار کردہ نسخوں میں استعمال ہونے والا میٹھا آبی جزو ۔ نیز : simple syrup ۔ (فعل متعدی) میٹھا کرنا ؛ شیریں کرنا ؛ شربت سے بھر دینا ۔

syrupy, sirupy, a. شربت یا شیرے کا ؛ میٹھا اور گاڑھا ۔ (مجازاً) کچھ زیادہ ہی شیریں ؛ زیادہ ہی جذباتی ۔

syssarcosis, n. (تشریح الاعضا) پیوند عضلی ؛ ہڈیوں کا عضلات سے اتصال یا جوڑ ۔

systaltic, a. (فعلیات) انقباضی و انبساطی ؛ باری باری سکڑنے یا پھیلنے والا ، جیسے دل ؛ دھڑکتا ہوا ۔

system, n. نظام ؛ سلسلہ ؛ اشیا یا اجزا کا وہ مجموعہ جس نے کسی پیچیدہ مرکب یا وحدانی کل کی شکل اختیار کر لی ہو ؛ ایک سی چیزوں کا سلسلہ (جیسے : a mountain system or a system of rivers or canals.) ؛ طریقہ ؛ طرز ؛ بعض قدرتی قوانین کے مطابق مل کر محو عمل ، محو حرکت اجرام فلکی کا گروہ (جیسے : solar system) ؛ باہم متعلق اشیا کا مجموعہ یا دستہ (جیسے : a system of weights and measures) ؛ کسی میدان فکر و آگاہی میں حقیقتوں ، اصولوں اور نظریوں کا مربوط مجموعہ (جیسے : a system of philosophy) ؛ طریقوں کا باہم متعاون ادارہ یا کسی طریق کار کے مطابق کوئی مختلف الاجزا اسکیم یا تدبیر (جیسے : a system of government or taxation) ؛ طریق کار کا کوئی مخصوص ، باقاعدہ اور اچھی طرح تشکیل دیا ہوا انداز (جیسے : to system of numbering) ؛ حکومت ، کاروبار ، سیاست یا معاشرہ بحیثیت مجموعی (جیسے : He rebelled against the system) ؛ موزوں طریقہ یا باقاعدہ ترتیب یا طریق کار (جیسے : a work that shows system) ۔ (حیاتیات) ایک ہی قسم کے اجزا یا اعضا کا ایک ہی کام میں متحد گروہ (جیسے : nervous system) سارے کا سارا انسانی یا حیوانی وجود ایک فعلیاتی اکائی اور جسمانی کل کے طور پر (جیسے : to expel poison from the system) (ارضیات) طبقات بستہ ذخائر ارضی کی جماعت بندی میں کوئی ایک حصہ یا منقسمہ جس کا کسی خاص ارضیاتی دور سے تعلق ہو ۔ (کیمیا) کوئی مواد جو اپنے آس پاس کے ماحول سے الگ حیثیت رکھتا ہو ۔ (موسیقی) قانون کا سلسلہ جو کسی نغمے کی بنیاد ہو ؛ دو یا دو سے زیادہ متوازی خطوط کا دستہ جس کو اجتماعی سنگت کے لیے ترتیب دیا گیا ہو ۔ (فلکیات) اجرام فلکی کی ترتیب اور وضع کے بارے میں کوئی مفروضہ یا نظریہ جس کے مطابق ان کے مظاہر کی توجیہہ اور تعبیر کی جاتی ہو (جیسے : copernican system) ۔ (تاریخ فطرت) جماعت بندی کا کوئی طریقہ یا منصوبہ ۔ (قلمیات) قلمانے کے چھ معروف طریقوں میں سے کوئی ایک ۔

systemless, a. بے نظام ؛ بے اصول ؛ بے طریقہ ؛ بے ترتیب ۔

systematic, systematical, a. نظام ، طریق اور منصوبے کا حامل اور مظہر (جیسے : a systematic course of reading) ؛ کسی نظام یا طریقے یا اصول کار کے مطابق (جیسے : Systematic habits) ؛ باقاعدہ نظام میں ترتیب یافتہ یا اِس پر مشتمل (جیسے : a systematic theology) ؛ جماعت بندی کے نظام کے متعلق ، اُس پر مبنی یا اُس کے مطابق (جیسے : the systematic names of plants or animals) ؛ جماعت بندی میں باہمی رشتے سے متعلق (جیسے : systematic botony) ۔

systematically, adv. نظم و ترتیب کے ساتھ ۔

systematicness, n. نظمیت ؛ ترتیب ؛ نظام ۔

systematics, n. (جمع لیکن ترکیب میں واحد) نباتات و جمادات وغیرہ کی جماعت بندی یا ان کے نظاموں کا مطالعہ ۔ دیکھیے : taxonomy ۔

systematism, n. نظام بندی ؛ نظام سے مطابقت ۔

systematist, n. نظام ساز ؛ وہ جو کوئی نظام وضع کرتا ہے یا کسی اصول کے مطابق اس کی درجہ بندی کرتا ہے ؛ نظام پرست ؛ اصول پرست ۔

systematize, systemize, v.t. نظام آشنا کرنا ؛ پابند نظام کرنا ؛ منظم بنانا ؛ نظام سازی کرنا ۔

systematization, n. نظام آشنائی ؛ نظام سازی ۔

systematizer, n. نظام وضع کنندہ ؛ واضع نظام ؛ نظام ساز ۔

systemic, a. کسی نظام کا یا اس سے متعلق ۔ (فعلیات ، امراضیات) نظام جسمانی یا اس کے اجزا کے کسی مخصوص نظام سے متعلق ؛ سارے نظام جسمانی یا سارے جسم کو متاثر کرنے والا (جیسے : a systemic disease) ۔

systemically, adv. کل نظام جسمانی کے لحاظ سے ۔

systemize, v.t. نظام بنانا یا ترتیب دینا ؛ کسی نظام میں لانا ۔

systemization, n. نظامیت ۔

systemizer, n. نظام متاثر کنندہ ؛ نظام دہندہ ۔

systems analysis, systems engineering, systems design, n. تجزیہ سلاسل ؛ ایک طریق کار جس کے ماتحت علوم کی مختلف شاخوں سے معلومات حاصل کر کے اسے ریاضیاتی سانچوں میں ڈھالا جاتا ہے تاکہ کسی مسئلے کے بارے میں کوئی موزوں ترین حل معلوم کیا جا سکے ؛ کسی پیچیدہ مسئلے یا صورت حال کا اسی انداز سے کیا گیا تجزیہ تا کہ بعد میں برقیاتی کمپیوٹروں یا اعداد و شمار کی چھان بین کرنے والے آلات کے ذریعے ان کے بارے میں مزید عمل پیرائی ممکن ہو سکے ۔

systems analyst, نظاموں کا تجزیہ کار (خصوصاً پیشہ ور) ؛ ان مختلف سائنسوں یا نظاموں میں (جو کسی نظامی تجزیہ کاری میں شامل ہوتے ہوں) ہم آہنگی یا توافق پیدا کرنے والا ۔

systole, n. (فعلیات) انقباض قلب ؛ دل کی وہ باقاعدگی سے دہرائی جانے والی حالت انقباض جس کے باعث خون گردشی نظام میں پہنچتا رہتا ہے ؛ diastole کی ضد ؛ کسی بڑے رکن کو ضرورت شعری کی خاطر چھوٹا کرنے کا عمل (جیسا کہ کلاسیکی عروض میں ہوتا تھا) ؛ ترخیم ۔

systolic, a. انقباضی ۔